DAMAGE BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188515
188515
UNIVERSAL
LIBRARY

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۹۵۴۵۱۸ Accession No. ۱۴۲۹۵

Author کمال الدین صبحی ک۔ س

Title سوانحات سلاطین اودھ

This book should be returned on or before the date last marked below.

جلد اول

جسمیں مفصل حالات تاریخی وزراء و سلاطین اودھ بسلسلۂ اولاد و ازواج خاندان عالیشان

از عہد نواب سعادت خان برہان الملک تا زمان امجد علیشاہ

مسطور ہے

حسب ایماے حضار والاشان جناب ہنری ایلیٹ صاحب بہادر سکرٹر اعظم گورنر جنرل بہادر کشور ہند تالیف فرمایا تھا

مطبع نامی منشی نولکشور مقام لکھنؤ محلۂ حضرتگنج میں چھپی

کتاب خانہ

فہرست مضامین جلد اول تاریخ اودہ

CONTENTS OF THE FIRST VOLUME, HISTORY OF OUDH

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر
1		Table of the wives and generation of the Kings of Oudh.	جدول اولاد کرام و ازواج عالیمقام وزرا و سلاطین ممالک اودہ	
1		Do. generation of Nawab Burhan-ul-mulk.	اولاد میر محمد امین مخاطب بہ نواب سعادت خان برہان الملک بہادر	
1		Do. do. Nawab Shuja-ud-daulah.	اولاد نواب شجاع الدولہ عرف مرزا جلال الدین حیدر بہادر	
2		Do. of the sons from Khurd Mahal.	تفصیل صاحبزادگان خرد محل	
3		Do. daughters do.	تفصیل صاحبزادیون کی	
5		Do. Nawab Asif-ud-daulah.	نواب آصف الدولہ بہادر	
6		Do. of the wives and generation of Nawab Saadat Ali Khan.	اولاد و ازواج نواب یمین الدولہ سعادت علیخان بہادر	
7		Do. Princess from different Mahals.	مرشد زادے مختلف محلات نواب سعادت علیخان بہادر سے	
8		Do. Princesses do.	مرشد زادیان	
8		Do. of the wives and generation of Nawab Ghazi-ud-deen Haidar.	تفصیل ازواج یعنے محلات و بیگمات و اولاد ۔ ۔ علیشان نواب فلک جناب غازی الدین حیدر بہادر	
9		Ladies of Ghazi-ud-deen Haidar used to get Wasiqa.	صاحبات محل نواب غازی الدین حیدر بہادر جو اہل وثائق تھیں	
9		Do. of Nasir-ud-din Haidar's Mahals.	تفصیل محلات حضرت شاہ زمان ناصر الدین حیدر بہادر	
10		Do. of Mohamed Ali Shah's Mahals and generation.	محلات و اولاد حضرت خاقان زمان محمد علی شاہ باد شاہ اودہ	
11		Table of the Princes from Mohamed Ali Shah's Mahals.	شاہزادے صاحبات محل معلی حضرت محمد علی شاہ بادشاہ سے	
12		Do. Princesses do.	شاہزادیان و خویش صاحبات محل	
12		Do. Amjad Ali Shah's Mahals.	محلات حضرت امجد علی شاہ	
12		Nawab Malkagaity.	نواب عسو بیگم ملکہ گیتی	
12		Nawab Malka Ahad.	نواب ملکہ عہد تاج مخدرات نواب نفخفور محل صاحبہ	
13	1	Account of the pedigree of Nawab Saadat Khan Burhan-ul-mulk.	ذکر نسب ہمایون نواب فلک اقتدار سعادت خان برہان الملک بہادر عرف میر محمد امین	1
13	1	Time of the Wazirs, and reign of the Wazirs and Kings of Oudh.	مدت وزارت و سلطنت وزراء نامدار و سلاطین باوقار ممالک اودہ	1
13	1	Meer Muhamed Ameen Nawab Saadat Khan.	میر محمد امین نواب فلک اقتدار سعادت خان برہان الملک بہادر	1
13	1	Nawab Munsoor Ali Khan Safdar Jang.	نواب فلک جناب منصور علیخان صفدر جنگ بہادر	1
13	1	Nawab Shuja-ud-daulah.	نواب شجاع الدولہ بہادر وزیر	1
13	1	Nawab Asif-ud-daulah.	نواب آصف الدولہ بہادر وزیر	1
14		Mirza Wazir Ali Khan.	مرزا وزیر علیخان	

Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
	Nawab Imeen-ud-daulah Saadat Ali Khan.	نواب یمین الدولہ سعادت علیخان بہادر		۱۳
	Nawab Ghazi-ud-din Haidar.	نواب غازی الدین حیدر		۱۴
	Naseer-ud-din Haidar.	شاہ زمان نصیر الدین حیدر		۱۴
	Mirza Faridoon Bakht *alias* Munna Jan.	مرزا فریدون بخت بہادر عرف منا جان		۱۴
1	Mohamed Ali Shah.	محمد علی شاہ	۱	۱۴
1	Mohamed Amjad Ali Shah.	محمد امجد علی شاہ	۱	۱۴
	Wajid Ali Shah Sultan Alam.	واجد علی شاہ سلطان عالم		۱۵
	Mirza Birjis Qadar.	مرزا برجیس قدر بزرگوار مصنوعی جلوی		۱۵
2	Cause of compiling the book.	سبب تالیف کتاب	۲	۱۶
3	Methods adopted by Historians of the age.	باب دستور مورخین و وقائع طرازان اخبار و سوانح نگاران کوائف زمانہ نامنجار	۳	۱۷
	Brief account of the kingdom of Oudh.	خلاصہ احوال و کوائف سلطنت ملک اودھ		۱۸
4	Pedigree of the Wazirs, Kings and respectable Nobles.	نسب خاندان عالیشان وزرا و بادشاہان و امراے ذوالاحترام	۴	۲۹
5	Summary account of Nawab Najaf Khan, the deceased.	ذکر کیفیت اجمالی خان رفیع المکان یعنے نواب نجف خان بہادر مرحوم	۵	۳۱
6	Chapter 1st in the account of Saadat Khan Burhan-ul-mulk till the time of Amjad Ali Shah, King of Oudh.	پہلا باب ذکر احوال میر محمد امین نواب سعادتخان برہان الملک بہادر تازمان سلطنت حضرت جنت مکان محمد امجد علیشاہ بادشاہ اودھ انارالله برهانهم	۶	۳۲
7	Prosperity of the Shaikhs of Lucknow and downfall of Oudh.	ذکر عروج و ترقی شیوخ لکھنؤ اور انکی بناء سلطنت صوبہ اودھ	۷	۳۴
8	Nawab Abu-Almokarum Khan.	احوال نواب نامدار نوابین بلند مکان والا دور مان ابوالمکارم خان بہادر	۸	۳۵
9	Nawab Burhan-ul-mulk, Subadar Bahadur of Oudh.	نواب برہان الملک بہادر کا صوبہ دار ہوکر داخلہ صوبہ اودھ پر جد و کشی و تمردی زمینداران و رئیسان صوبہ اودھ	۹	۳۵
10	Coronation of Safdar Jang.	مسند نشینی ابوالمنصور خان صفدر جنگ بہادر	۱۰	۳۵
	Marriage of Nawab Shuja-ud-daulah.	ذکر شادی نواب عالیجناب والا پناہ نواب شجاع الدولہ بہادر	..	۳۶
11	Ahmad Shah Abdali, King of Cabul.	معرکہ احمد شاہ ابدالی شاہ کابل	۱۱	۳۶
12	Nawab Ahmad Khan Bungash of Farrukhabad.	معرکہ نواب عالیشان رفیع المکان نواب احمد خان بنگش رئیس فرخ آباد	۱۲	۳۷
13	Death of Nawab Safdar Jang.	حال انتقال نواب صفدر جنگ	۱۳	۵۰
14	Coronation of Nawab Shuja-ud-daulah.	مسند نشینی عالیجناب قمر رکاب نواب شجاع الدولہ بہادر	۱۴	۵۱
15	Murder of Nawab Mohamed Quli Khan.	قتل نواب محمد قلیخان و دیگر حالات سرداران مغلیہ وغیرہ	۱۵	۵۲
16	Meeting with Nawab Qasim Ali Khan, Nazim of Bengal.	ملاقات نواب قاسم علیخان عالیجاہ ناظم بنگالہ	۱۶	۵۳
17	Meeting with Sheikh Ali Hazin.	ملاقات جناب عالی شیخ حزین سے	۱۷	۵۶

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
56	18	Departure of H. H. to Nazims Dominions and his compulsory preparation to battle.	تشریف فرمائی جنابعالي ملک علیجاہ میں اور چار و ناچار عزم محاربہ	۱۸	۵۶
59	19	Brief account of the battle of Azimabad and Buxar.	خلاصہ جنگ عظیم آباد و بکسر و میدان کرزہ جہان آباد و موسي نگر	۱۹	۵۹
68	20	Miserable state of Nawab Qas'm Ali Khan.	پریشان حالي نواب قاسم علیخان مالیجاہ ناظم بنگالہ	۲۰	۶۸
70	21	Meeting of H. H. with English Officers.	ملاقات جنابعالي سرداران انگلشیہ سے	۲۱	۷۰
74	22	Copy of the treaty of his Highness.	نقل عہد نامہ جناب عالي یعني نواب شجاع الدولہ بہادر	۲۲	۷۴
79	23	Punishment of Raja Baini Bahadur.	سزاي راجہ بینی بہادر نائب جنابعالي	۲۳	۷۹
81	24	Marriage of Nawab Asif-ud daulah.	ذکر شادي نواب آصف الدولہ بہادر	۲۴	۸۱
82	24	Warren Hastings, Governor-General of India in Benares, and his Highness coming from Fyzabad.	عمادالملک نواب گورنر جنرل وارن ہیسٹنگ صاحب بہادر حسارت جنگ کا بنارس میں آنا اور جناب عالي یعني نواب شجاع الدولہ بہادر کا بھي فیض آباد سے بنارس میں تشریف لانا	۲۴	۸۲
85	26	His going to Farrukhabad and Itawa and war with the Rohillas.	جنابعالي کا فرخ آباد اور اٹاوہ جانا ومعرکہ روہیلہ وغیرہ	۲۶	۸۵
87	27	Asif-un-nisa Begam.	پرورش آصف النسا بیگم مشہور بہ بہو بیگم شجاع الدولہ	۲۷	۸۷
88	28	Death of Nawab Shuja-ud-daulah.	انتقال جنابعالي عین شباب جوانمیں یا حسرت ویاس	۲۸	۸۸
90	29	Routine of H. H.'s duties.	ذکر اوقات شبانہ روز جناب عالي	۲۹	۹۰
91	30	Coronation of Nawab Asif-ud-daulah.	مسند نشیني نواب آصف الدولہ بہادر	۳۰	۹۱
96	31	Murder of Nawab Mukhtar-ud-daulah.	قتل نواب مختار الدولہ	۳۱	۹۶
101	32	The post of Niyabut deputyship was offered to Nawab Amir-ud-daulah Haidar Beg Khan.	تفویض نیابت بنواب امیر الدولہ حیدر بیگ خان اور تجویز کار گذاري تین اشخاص مقدمین یعني مرزا ابوطالب خان دوسرے اسمعیل بیگ خان تیسرے مرزا جعفر سرخ	۳۲	۱۰۱
102	33	Nawab Amir-ud-daulah in Calcutta.	نواب امیر الدولہ کا کلکتہ جانا	۳۳	۱۰۲
106	34	Revolt of Raja Chait Singh of Benares.	ہنگامہ فساد راجہ چیت سنگھ بنارس باغواي کرنے انديشان ناقبہ	۳۴	۱۰۶
108	35	Rohilkhand War.	لڑائي روہیلکھنڈ	۳۵	۱۰۸
109	36	Mirza Jawanbakht in Lucknow and his residing in Benares.	مرزا جوان بخت شاہزادہ کا لکھنؤ میں آنا بنارس میں قیام فرمانا	۳۶	۱۰۹
112	37	Building of Imambara, marriage of Wazir Ali Khan, and canal of Najaf Ashraf.	تعمیر امام باڑہ وشادي یاد گار زمانہ مرزا وزیر علیخان وزہ ارض اقدس نجف اشرف سوا فرسخ دریاي فرات سے وجگہ حالات فروع وسط و جراحت وتبرکا امور یاد داشت بیانات	۳۷	۱۱۲
114	38	Expulsion of Raja Jhau Lall.	اخراج راجہ جھاؤلال بعہد حکومت شاہزمان شاہ بادشاہ کابل	۳۸	۱۱۴

PAGE.	ACCT.	SUBJECT.	مضمون	ذکر	صفحہ
116	39	Niyabat Surfraz-ud-daulah and Diwani Raja Tiket Ray.	برهمی نیابت سرفراز الدولہ دیوانی راجہ تکیت رای ومغضوبی افضل حسین خان	۳۹	۱۱۶
119	40	Death of Nawab Asif-ud-daulah.	انتقال جنابعالي نواب آصف الدولہ بهادر	۴۰	۱۱۹
122		Copy of the treaty between Asif-ud-daulah & the Governor-General.	نقل عهد نامہ نواب آصف الدولہ و نواب گورنر جنرل بهادر کشور هند		۱۲۲
129	41	Coronation of Mirza Wazir Ali Khan.	مسند نشيني مرزا وزير عليخان مستعار بے ثبات	۴۱	۱۲۹
130	42	Bad actions of Mirza Wazir Ali Khan and temporary revolt in the estate.	کردار ناهموار مرزا وزير علي خان خلاف داب و دستور رياست و برهمي رياست چند روزہ مستعار بے ثبات	۴۲	۱۳۰
		Imprisonment of Mirza Wazir Ali Khan.	گرفتاري مرزا وزير عليخان و تشريف لانا بجانب شهر صاحب گورنر جنرل بهادر کا	۴۳	۱۳۲
136	44	Revolt of Mirza Wazir Ali Khan in Benares, Col. Chairi's murder and Wazir Ali Khan's absconding.	فساد مرزا وزيرعليخان بهادر بغرائے مجرمان ناعاقبت انديش بنارس جيري صاحب رزيڈنٹ کا مارا جانا اور وزير عليخان کا بهاگنا	۴۴	۱۳۶
140	45	Wazir Ali Khan's imprisonment in Jaynagar.	گرفتار هونا وزيرعليخان کا جي نگر ميں اور اسباب وغيرہ ضبط سرکار هونا	۴۵	۱۴۰
141	46	Death of Wazir Ali Khan.	انتقال مرزا وزير عليخان	۴۶	۱۴۱
143	47	Nawab Qasim Ali Khan.	احوال نواب قاسم عليخان بهادر مالبجاہ ناظم بنگالہ	۴۷	۱۴۳
148	48	Coronation of N. Saadat Ali Khan.	مسند نشيني نواب سعادت عليخان بهادر	۴۸	۱۴۸
156	49	Treaty made between Governor-General and his Highness.	عهد نامہ فيما بين گورنر جنرل بهادر و جناب عالي	۴۹	۱۵۶
158	50	Treaty and correspondence between H. H. and the English.	عهد نامہ و جواب و سوال فيما بين سرکارين	۵۰	۱۵۸
169	51	Foundation of the Karbala of Talkatora.	بناي کربلاي تال کٹورہ مملوکہ محمد الماس عليخان	۵۱	۱۶۹
170	52	English Camp was removed and encamped at Mendhyaon.	برخاست چهاوني پلٹن انگريزي اوس طرف دريا سے اور متقياون ميں چهاوني هونا	۵۲	۱۷۰
173	53	Arrival of Mirza Ali Qadar from Benares.	ورود شاهزادہ عليقدر بنارس سے	۵۳	۱۷۳
176	55	Arrival of Mirza Jahangir, Prince of Delhi.	ورود مرزا جهانگير شاهزادہ دهلي	۵۵	۱۷۶
180	56	Nawab's trip to Dharahra, escape of Colonel Baili from lion claws, postponement of journey.	لشکر مقام دهره هرا جانا جناب عالي کا کرنيل بيلي صاحب کا پنجہ شير سے بچنا سفر کا موقوف هونا	۵۶	۱۸۰
181	57	H. Highness' opinion with respect to the State constitution.	مکنون خاطر جناب عالي درباب استحکام رياست	۵۷	۱۸۱
183	58	H. H. was particular of his times.	ضبط اوقات جناب عالي	۵۸	۱۸۳
185	59	Constitution of the countries occupied by him.	انتظام ممالک محروسہ جنابعالي	۵۹	۱۸۵
187	60	Foundation of the Wasiqa Bahu Begam Sahiba of Fyzabad.	بناي وثيقہ بهو بيگم صاحبہ فيض آباد	۶۰	۱۸۷

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
189	61	Copy of the Wasiqa Bahu Begam Sahiba of Fyzabad.	نقل وثیقہ بہو بیگم صاحبہ فیض آباد	٦١	١٨٩
199	62	Death of H. Highness.	انتقال جناب عالي متعالي	٦٢	١٩٩
202	63	Captain Fateh Ali Khan Bahadur.	حقیقت حال کپتان فتح علیخان بہادر	٦٣	٢٠٢
206	64	Coronation of Ghazi-ud-din Haidar Khan.	مسندنشیني نواب غازي الدین حیدر خان بہادر مرحوم زادہ آفاق	٦٤	٢٠٦
207	65	Mirza Haji and Mirza Jafar appointed to the post of Niyabat.	مقدمہ تفویض نیابت چندروزہ مرزا حاجي و مرزا جعفر	٦٥	٢٠٧
211	66	Post of Niyabat offered to Aghamir.	تفویض نیابت آغامیر	٦٦	٢١١
213	67	Correspondence with the Governor-General of India.	تحریر سوال وجواب جناب عالي ونواب گورنر جنرل بہادر	٦٧	٢١٣
214	67	List of questions enclosed in the letter of Governor-General of India.	بند ملفوفہ خط نواب گورنر جنرل بہادر	٦٧	٢١٤
216	67	Copy of the letter of the Governor-General of India.	نقل خط نواب گورنر جنرل بہادر	٦٧	٢١٦
217		Copy of the list, and reply to the letter.	نقل بند سوال و جواب خط		٢١٧
228	68	Imprisonment of N. Muatmid-ud-daulah and promotion of Mirza Haji and Afrin Ali Khan.	نواب معتمدالدولہ کا قید ہونا وترقي حاجي ناپائدار مرزا حاجي و آفرین علیخان وغیرہ وسوانح شہر	٦٨	٢٢٨
233	69	Death of Bahu Begam of Fyzabad.	انتقال بہو بیگم صاحبہ فیض آبادي	٦٩	٢٣٣
235	68	Account of H. H. till the time of his Wizarat.	ارقات فرودار جنابعالي تاصدت وزارت	٦٨	٢٣٥
238	69	Foundation of the building of Karbala of Mir Khuda Bakhsh.	بناي تعمیر کربلاي امیر خدا بخش	٦٩	٢٣٨
240	70	Nawab Muatmid-ud-daulah again made Naib, M. Afrin Ali Khan was suspended and Mir Khuda Bakhsh was taken prisoner.	نواب معتمدالدولہ کا پھر نائب ہونا ومعتمد آفرین علیخان کا معطل ہونا ومیر خدا بخش کا ماخوذ ہونا	٧٠	٢٤٠
243	71	Cause of becoming a kingdom.	سبب بادشاہ کے ہونے کا	٧١	٢٤٣
244	72	Accession of the Wazir.	حقیقت جلوس وزیر	٧٢	٢٤٤
246	73	Life of Nawab Wazir-ul-momalik.	سوانحات زمان آنواب وزیر الممالک بہادر	٧٣	٢٤٦
252	74	Mianisa made Nawab's sons prisoners and their banishment.	میان عیسي کا نواب کے بیٹوں کا پکڑنا اور اونکا اخراج	٧٤	٢٥٢
253	75	The good qualities of Nawab.	خوبي صفات نواب	٧٥	٢٥٣
254	76	Arrival of Lord Camier, Commander-in-Chief, and was received by Mirza Kiwanjah and Nawab Muatmid-ud-daulah.	ورود لارڈ کمیر صیر کمانڈر انچیف بہادر وزاور مرزا کوانجاہ بہادر کا معہ نواب معتمدالدولہ استقبال کو جانا	٧٦	٢٥٤
257	77	Marriage of Amin-ud-daulah Agha Ali Khan and Nawab Nizam-ud-daulah.	شادي امین الدولہ آغا علیخان و نواب نظام الدولہ	٧٧	٢٥٧
259	78	Through Nawab's administration an ambassador was appointed in Calcutta and Wasiqa was offered to the Mahals.	حسن تدبیر نواب سے تقرر سفیر شاہي کلکتہ میں اور وثیقہ صاحبات محل وغیرہ کا	٧٨	٢٥٩

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
261	78	List of the Wasiqa.	تفصیل وثیقہ	۷۸	۲۶۱
261	78	Copy of do.	نقل تحریر وثیقہ	۷۸	۲۶۱
265	79	Death of Hazrat Shahzaman.	انتقال حضرت شاہ زمن	۷۹	۲۶۵
266	80	Account of Nawab Shums-ud-daulah.	احوال نواب شمس الدولہ بہادر مرحوم زادہ جنت آرامگاہ	۸۰	۲۶۶
268	87	Departure of the Nawab towards Benares.	روانگی نواب سمت بنارس	۸۷	۲۶۸
269	82	Nawab's departure towards Calcutta for making holy pilgrimage but it was prohibited to by the order of the Governor-General.	روانگی نواب سمت کلکتہ بعزم زیارت و منع کرنا نواب گورنر جنرل کا	۸۲	۲۶۹
271	82	Death of Nawab Nazim-ud-daulah, Nawab Shums-ud-daulah and Mirza Abbas, and Begam Sahiba's departure to Benares.	انتقال نواب نظام الدولہ و نواب شمس الدولہ و مرزا عباس اور مراجعت بیگم صاحبہ بنارس کو	۸۲	۲۷۱
272	83	Begam Sahiba's coming to Lucknow and again going to Benares, her death.	بیگم صاحبہ کا لکھنؤ آنا پھر بنارس کو جانا انتقال کرنا اور سرکار شاہی سے ٹھکوارہ کا ہونا	۸۳	۲۷۲
273	84	Nawab Iqbal-ud-daulah in London. and Baghdad, summary of the account of Amin-ud-daulah and Mubariz-ud-daulah.	نواب اقبال الدولہ کا لندن جانا وہاں سے قیام بغداد اور بالا جمال احوال امین الدولہ و مبارز الدولہ	۸۴	۲۷۳
275	85	Mirza Suleman Shikoh, Prince of Delhi.	مرزا سلیمان شکوہ شہزادہ دہلی	۸۵	۲۷۵
285	86	Accession of Nasir-ud-din Haidar.	جلوس ناصر الدین حیدر بادشاہ غازی	۸۶	۲۸۵
287	87	The Prince became voluptuous and the Princesses exerted their influence over him.	تعیش حضرت شاہ زمان و عروج صاحبات محل و مزید منایہ بر نواب	۸۷	۲۸۷
291	88	Arrival of Lord Camier and the Nawab was imprisoned.	ورود لارڈ کمیر صاحب بہادر اور نواب کا قید ہونا و سوانحات شہر	۸۸	۲۹۱
294	89	Mir Fazal Ali Khan was made Naib and men who newly acquired riches began to prosper.	نیابت میر فضل علیخان اور ترقی جاہ امرای نو دولت	۸۹	۲۹۴
302	90	Present made to the Nawab consisting of horses by the King of England.	بھیجنا گھوڑیکا ہدیہ بادشاہ حضور شاہ لندن سے	۹۰	۳۰۲
304	91	Death of Nawab Itmad-ud-daulah and dismissal of General Iqbal-ud-daulah.	انتقال نواب اعتماد الدولہ معزولی جنرل اقبال الدولہ وغیرہ	۹۱	۳۰۴
307	92	Appointment of Nawab Muntazim-ud-daulah as Wazir and arrival of Mr. Medock and Muatmid-ud-daulah was exiled to Cawnpore with honour.	نواب منتظم الدولہ کا وزیر ہونا میڈاک صاحب کا آنا معتمد الدولہ کا بسلامت جانا	۹۲	۳۰۷
314	93	Wasiqa was allotted to the Mahals, the Government expenses became enormous.	وثائق صاحبات محل و کثرت مصارف شاہی وغیرہ	۹۳	۳۱۴

Page	Acct	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
316	94	Mr. Medock left Lucknow and General Low arrived here.	میڈاک صاحب کا لکھنؤ سے جانا جنرل لو صاحب کا آنا	۹۴	۳۱۶
317	95	Dismissal of Nawab Muntazim-ud-daulah who departed to Farrukhabad.	معزولی نواب منتظم‌الدولہ اور فرخ‌آباد جانا	۹۵	۳۱۷
322	96	Nawab Roshan-ud-daulah was appointed Naib and death of Nawab Kadsiya Mahal and the displeasure of the Badshah to his mother.	نیابت نواب روشن‌الدولہ و انتقال نواب قدسیہ معاصاحبہ و ناراضی بادشاہ از بادشاہ بیگم	۹۶	۳۲۲
329	97	Last marriage of Badshah.	عروسی آخری بادشاہ	۹۷	۳۲۹
332	98	Departure of Col. Debwa and Friel and Moulvi Mohammad Ismail was appointed as envoy to make present to King George IV of England.	جانا کرنل ڈیوا صاحب و فریل صاحب و مولوی محمد اسماعیل کا لندن کو بسفارت معہ ہدایا بحضور شاہ جارج چہارم	۹۸	۳۳۲
334	99	Vexations of Nawab and his death.	اذزولی حال خاطر بادشاہ و انتقال	۹۹	۳۳۴
337	100	List of Wasiqa-holders in the Mahals.	نقل وثیقہ صاحبات محل	۱۰۰	۳۳۷
339	101	Accession of Munnajan for two hours.	جلوس دو ساعت بحکومتی منا جان	۱۰۱	۳۳۹
347	102	Accession of Mohammad Ali Shah.	جلوس محمد علی شاہ بادشاہ مرشد زادہ جنت آرامگاہ	۱۰۲	۳۴۷
356	103	Realization of money from the late officers.	محاصل نذر جو اہلکار سابق اور مقربان خاص سے داخل خزانہ ہوا	۱۰۳	۳۵۶
360	104	Dismissal of Nawab Roshan-ud-daulah and appointment of Nawab Muntazim-ud-daulah and his death.	معزولی نواب روشن‌الدولہ و منصوبی نواب منتظم‌الدولہ اور اُنکا انتقال	۱۰۴	۳۶۰
363	105	Appointment of Nawab Zahir-ud-daulah as Wazir and his death.	منصوبی ظہیرالدولہ بعہدہ وزارت اور اُنکا انتقال	۱۰۵	۳۶۳
367	106	Death of Badshah.	انتقال حضرت ظل سبحانی	۱۰۶	۳۶۷
368	107	List of Wasiqa-holders in his Mahals.	نقل وثیقہ حضرت فردوس منزل	۱۰۷	۳۶۸
369	108	Accession of Amjad Ali Shah.	جلوس امجد علی شاہ بادشاہ غازی۔	۱۰۸	۳۶۹
372	109	Appointment of Nawab Amin-ud-daulah as Secretary and dismissal of Nawab Sharf-ud-daulah.	منصوبی نواب امین‌الدولہ بسرشتہ پیشدستی و موقوفی شرف‌الدولہ	۱۰۹	۳۷۲
374	110	Congratulations to General Knott.	استقبال جنرل ناٹ صاحب بہادر	۱۱۰	۳۷۴
376	111	Dismissal of Nawab Amin-ud-daulah and appointment of Nawab Moin-ud-daulah as Secretary.	معزولی نواب امین‌الدولہ و پیشدستی نواب معین‌الدولہ وغیرہ	۱۱۱	۳۷۶
378	112	Appointment of Nawab Munauwar-ud-daulah as Wazir and Nawab Moin-ud-daulah was vested with full powers.	منصوبی نواب منور‌الدولہ و بسط نام نواب معین‌الدولہ وغیرہ	۱۱۲	۳۷۸
380	113	Dismissal of Nawab Munauwar-ud-daulah and reappointment of Nawab Amin-ud-daulah as Wazir.	موقوفی نواب منور‌الدولہ اور پھر منصوب ہونا نواب امین‌الدولہ کا	۱۱۳	۳۸۰
385	114	Death of Amjad Ali Shah.	انتقال حضرت ظل سبحانی	۱۱۴	۳۸۵
388		Finish.	اخاتمۃ‌الطابع		۳۸۸

سید کمال الدین حیدر حسن الحسینی زائر

مصنف کتاب

Syed Kamaloodeen Hyder
author of the book

ہز ہائی نس دی آنریبل مہاراجہ دگبجے سنگھ بہادر

کے سی۔ ایس۔ آئی۔ بلرام پور و تلسی پور صوبۂ اودھ

His Highness The Honorable Sir
Maharajah Dhogbijoy Singh Bahadoor
KCSI Raja Balrampoor and
Tulsypore

تقریظ دلپذیر نتیجۂ طبع بلند و فکر آسمان پیوند عالیجناب گردون رکاب گیہان خدم کیوان حشم آنریبل مہاراجہ دگبجے سنگھ بہادر کے سی ایس آئی والی بلرامپور و تلسی پور وچردہ وغیرہ اضلاع متعددۂ اودھ دام اقبالہ

شہنشاہ اقالیم کائنات و حکمران متنوعۂ مکونات و موجودات کو شکر و عبادت بنہایت و منت بیحد و نہایت ہر دم و ہر ساعت فرض ہے جسنے انتظام مہام تمام ایجاد و تکوین و خلقت و آفرینش زمان و زمین سے اپنی شان ظہور کی بزرگی روشن و ہویدا فرمائی۔ اور شان حفظ و ربوبیت سے قدرت کاملہ دکھائی۔ عقول عشرہ کی ضیا بحکمت بالغہ عطا فرمائی اور ہدایات صالحہ و تہذیبات شائستہ کے لیے قوت توانائی اقتدار رفعا سے بندگان عاجز کو اپنے اعتراف عجز کی راہ بتائی شعر

فرمان روزگار بامضاے مہر مہر	پھرتا ہے سر پہ اپنے لیے قاصد سپہر

اضداد اربعہ عناصر کو بتبدید انتظام مالک الملکی ایسا باہم مخلوط و ممزوج فرمایا کہ لباس توحد اور یک جامہ پیکر مخلوقی مین یک جان و یک قالب ہوکر ٹھہایا نفس سرکش کو بحراست شحنۂ احکام عدالت نظام بیم و رجاے شرعی پاے بند سلسلۂ اعتدال و نیک روشی بنایا نظم

یہ سب پابند حکم کبریا ہین	مسلسل موج سے آب و ہوا ہین
زمین و کوہ کو دی خاکساری	کیا آتش سے باہم رسم جاری
دکھائے روز روشن آشکارا	شب یلدا کا چمکایا ستارا
گھٹایا پھر بڑھایا انکو دلخواہ	ید طولے دکھایا قصہ کوتاہ
نہین قدرت مین جاے دم زدن ہے	نہ اُسکے حکم مین جاے سخن ہے
وہی دانا ہے اپنی مصلحت کا	وہی ناظم ہے اپنی مملکت کا

وہی قدیر قادر و ہو رواد و ارہے وہی جاعل و فاعل گردش لیل و نہار ہے۔ اسی سے انہار روان اور جاری ہین۔ اسی سے جہان و جنان کی بنا اور قائم بہ پایداری ہین ہے

شہنشاہ ملک زمین و زمان — شہنشاہ کون و مکان لامکان
شہنشہ کہ حکمش بہر ہست و نیست — بہ امر و بہ نہی مشیت روان

سبعہ سیارہ کو تاثیر و خواص ہوا لیدر ثلاثہ کا نظم و نسق دیا رتق و فتق مہمات عالم کا اہتمام ادق عطا کیا اُسکے شحنۂ قہر سے بجز اُسی کے دامان رحمت کے کسی کو کہین پناہ ممکن نہین نکلجانا اُسکی مملکت سے اور بھاگنا اُسکے پنجۂ قدرت سے ناگاہ ممکن نہین اشعار

جہان مین جو قوی و قویا رہین — ضعیف افتادہ مثل خاک پا رہین
یہ سارا شش جہت کا وسعت آباد — اک ادنی اُسکی قدرت کا ہی ایجاد
جلیل الصنعت اُسکا ہے نمونہ — عیان ہی اُسکی قدرت گونہ گونہ
رموز لا نفد بے انتہا راز — نہ پائین جنکو عقل و سحر و اعجاز
کہین اقبال و ناز و شان و شوکت — کہین دام بلا عجز و مصیبت
جسے جس حال مین چاہے وہ کردے — گدا کو تاج شاہ تاجور دے
مکون لمعۂ تیغ قضا ہے — کہ جو چاہے کرے وہ کبریا ہے
بشر کو بھی دیا وہ جوہر عقل — کہ صناعی مین قدرت کی کرے نقل
مگر جب تک رجوع کبریا ہے — ترقی و قبولیت بقا ہے
کبھی دل مین انانیت نہ آئے — غضب ہے یہ ادہر نیت نہ آئے
بہ آہ گرم گرم استعانت — بہ گرم و سرد عالم زد اعانت

تمام صحن روے زمین ایک گلستان نزہت آباد اُسکا ہی کبھی کسی خیابان مین کبھی کسی چمن مین اُسکی رضا سے کبھی دور خزان ہے کبھی بہار کا دور ا ہے کسی وقت کسی چمنستان مین کوئی رنگ کے پھول شگفتہ ہین کبھی کوئی گل ٹوٹا ہی کبھی کسی طبیعت و طینت کا باغبان مقرر ہے کبھی کسی دوسرے کو اختیار ملکی و مالی سونپا ہے ۵

کسی کا کسی جا اجارا نہین — مشیت سے کچھ اُسکی چارا نہین
تماشاے جنگ و جدال و جہاد — یہ ہے نشۂ خمر کون و فساد

تغافل بھی آسنے کیا آشکار	کہ سونے مین دیکھے وہ انکی بہار
جو ہشیار ہے مرد ہشیار ہے	جو غافل ہے عاطل ہے بیکار ہے
عمل سب سے بدہین جفا و ستم	ہین عدل و ترحم جلیل الشیم
جو دیکھو تو ارباب ہو آشکار	کہ ہوتے ہوگئے کس قدر نامدار
بجز نام نیکو بقا کچھ نہین	بجز دستبرد قضا کچھ نہین
خیالات کو کیا ہے ترتیب دیا	زمین سے ہے تا عرش پہونچا دیا
تصور کو تصدیق ایسا کیا	کہ لاشئے کو موجود سمجھا دیا

غرض حمد خلاق ذوالمنن و آفریدگار زمن کرنا انسان کو ایسا ہی گویا صنوبر ضعیف الجثہ کو آسمان کا روکنا ہے یا مور ضعیف البنیان کو عرش معلی کا سر پر اٹھانا ہے شعر

وہ جسقدر قوی ہو یہ انسان ضعیف ہے	حمد اسکی ہو خیال محال و خفیف ہے

لہذا اب اُن اصول کی باتون سے فرع کی گفتگو کیجاتی ہے اور اس آغاز حقیقت انجام سے انجام کی حقیقت بتائی جاتی ہے کہ سید کمال الدین حیدر حسنی الحسینی علوی نہاد لکھنوی نژاد متوکل بمشیت رب قدیر عرف سید محمد میر شکی کربلاے خدا بخش والی کہ مولد و مسکن آبائی اُنکا خطہ بیخطاے لکھنؤ ہے اور دربار شاہی سے تعین عہدہ ہاے جلیلہ تزاید آبرو اور حکام حال مین بھی لحاظ عزت و توقیر بالگفتگو ہے اور بوفور لیاقت و قابلیت ذہن رسا کو ہمیشہ بدو ہن تمیز سے جستجوے کوائف روزگار مین صرف کیا اور مصروف تحریر و تکمیل تواریخ و سوانح و وقایع انقلابات سلطنت و حکومت ملک اودھ کہ عمدہ و متبرک مقام از اعاظم امکنہ ہندوستان جنت نشان جلیل الشان ہے بہ تحقیقات و تصدیقات رہے حتی کہ بملاحظہ بعض احباب صادق الولا از جرگہ حکام حال صدر لکھنؤ مین بھی اس کتاب مصنفہ اپنی کو گذرانا کہ صاحب محب دلی این اخلاص پسند نے تمہید اسکی بہ اشتیاق دلانی طبع لطف پسند فرمائی اور اُنکے ایما سے حضرت جامع این کتاب وقائع وقوعی نے بخلوت و جلوت ہنگام فراغ سنائی اور دکھائی چونکہ ایک یادگار آغاز و انجام دولت و حکومت شاہی

اودھ ہے اور آئینہ صورت نمائے سانحۂ غدر و بغاوت صاف صاف جیسا کہ چاہیے معائنہ ہوا اور متصور ہوا کہ غالباً پسند بطبائع صاحبان ذی شوق حکایات واقعات دیار و امصار مطبوع خواطر وقت پسند ان کشف غوامض اسرار و آثار وقایع روزگار ہو نظر بحصول مامول و قبول مسئول معقول ایماے جلد طبع این جلد اعلیٰ مطبع جنگ بہادر ہے موتوعۂ صدر ریاست الریاست اپنی کوکہ خاص بلرامپور مین ہے کیا گیا مرجو موثوق ہے کہ صاحبان تواریخ دوست و بالغ فنمان خبرت پژوہ اس بیان صاف و صادق سے حظ وافی و وافر اٹھائین اور تلذذ کافی و تمکا شرپائین اور عبارت بے کم و کاست و کیوائف بے جنبہ و صحیح کی صفت فرمائین ثرف نگہان صاحب تحقیق کو ایک نمونۂ عبرت تبلوّن حالات ماضی و حال ہر سخن پرستان افسانۂ دلفریب کو ایک سچّا صورت حال بے قیل و قال و طول و مقال ہے اور ازانجا کہ ہر کاتب بعلم خود جہان تک دریافت کر سکتا ہے اُسی کو مقرون صداقت سمجھتا ہے اور معرض تحریر مین لاتا ہو مگر یہ ضرور نہین کہ ہر کسی مقام پر وہ خود شریک شورہ رہا ہو یا اُسی کے شورہ پر کاربندی ہوئی ہو اس نظر سے اگر کہین کوئی صاحب نے نزدیک و دور دوسرے طور پر سُنا ہو تو جبتک اُسکی تصدیق کی وجہ ثبوت کافی اس سے زیادہ منہ زبان اعتراض کوتاہ رکھین گے دراز نہ فرمائینگے۔

راقم المخاطب بذیل ہر مہاراجہ دگبجے سنگھ بہادر کے سی ایس آئی والی بلرامپور تلسی پور وچردہ وغیرہ اضلاع متعددۂ ملک اودھ

جدول اولاد و ازواج سلاطین مملکت اودھ

نواب برہان الملک میر محمد امین

۱ صدر جہان بیگم خطاب بیگم و نواب عالیہ زوجہ نواب صفدر جنگ بہادر۔
۲ نور جہان بیگم عرف ہینگا بیگم زوجہ نصیر الدین حیدر خان۔
۳ ہما بیگم عرف بندی بیگم زوجہ نواب سیادت خان عرف سید محمد خان پدر میر محمد باقر عرف مرزا بندو۔
۴ محمدی بیگم زوجہ نواب محمد قلی خان۔
۵ آمنہ بیگم زوجہ سید محمد خان۔
ایک بیٹا تھا جو سن طفولیت مین مر گیا عارضہ چیچک سے۔
۱ نواب برہان الملک میر محمد یوسف کی بیٹی سے منسوب تھے۔

نواب صفدر جنگ منصور علیخان عرف مرزا محمد مقیم صدر جہان بیگم مذکورہ سے منسوب تھے۔

نواب شجاع الدولہ عرف مرزا جلال الدین حیدر

امتہ الزہرا بیگم خاص محل نواب خطاب جناب عالیہ بہو بیگم صاحبہ۔
یہ بیٹی موتمن الدولہ نواب محمد اسحاق خان بیٹے غلام علیخان پوتے مرزا حسن شوستری
مالک اشتر کی نسل سے۔

۱ نواب آصف الدولہ عرف مرزا امانی مرزا یحیی فقط بہو بیگم صاحبہ سے
خورد محل سے بیٹے ۲۵ بیٹیاں ۲۲ میزان کل ۴۷
کثرت ازواج جناب عالی ہزارون لیکن امین سے صاحب اولاد بہت کم۔

تفصیل صاحبزادون کی خورد محل سے

۱ نواب یمین الدولہ سعادت علیخان عرف مرزا منگلی۔
۲ نواب عضد الدولہ شہامت علی خان مرزا جھنگلی۔
۳ نواب امیر الدولہ عرف مرزا مینڈو۔
یہ دونون صاحبزادے عہد دولت نواب سعادت علیخان مین لکھنؤ سے بخصومت
نکالے گئے عظیم آباد مین مر گئے۔
۴ نواب نصیر الدین حیدر عرف مرزا چاپڑ۔
۵ نواب محمد علیخان۔ یہ دونون سگے بھائی تھے۔
۶ نواب رستم علیخان۔
۷ نواب معین الدولہ عرف مرزا عنایت علیخان۔
۸ نواب شمس الدین حیدر خان۔ یہ دونون سگے بھائی تھے۔
۹ نواب مرزا سیف علی خان۔
۱۰ نواب مرزا حیدر علی خان۔
۱۱ مرزا فخر الدین حیدر خان۔ انکے بڑے بھائی۔
۱۲ مرزا انجم الدین حیدر خان۔
۱۳ نواب مرزا کمال الدین حیدر عہد دولت جنت آرامگاہ صاحبات خورد محل کے ساتھ

فیض آباد سے لکھنؤ آئے صاحبات محل کے ساتھ امام باڑہ نواب آصف الدولہ میں اور تیسرے
ہر روز دربار وقت چاے پانی جایا کرتے تھے عطر کا بہت شوق تھا ایک دن حسب الفرمایش جناب
عالی بوتل عطر بہت تحفہ لیگئے جناب عالی نے ناپسند کیا بوتل کو انکے سامنے توڑ ڈالا اور کچھ
بیباکانہ کہکر چلے آئے پھر دربار نہ گئے پھر بخیال خوف خاکم وقت کہ مبادا کوئی صورت خلاف
پیش آئے باعث توہین ہوگا راہی عتبات عالیات کربلاے معلی ہوے بعد شرف زیارت
بصرے میں مہمان خانہ بالیوز ہوے کچھ بیمار ہوے انتقال کیا تابوت روانہ نجف اشرف ہوا

۱۴ نواب مرزا صفدر علیخان بڑے۔
۱۵ نواب مرزا صفدر علیخان چھوٹے۔
۱۶ نواب مرزا بندہ علی خان۔
۱۷ نواب مرزا صادق علیخان۔ باپ مجھجو بیگم صاحبہ کے۔
۱۸ نواب مرزا بہادر علیخان بڑے۔
۱۹ نواب مرزا بہادر علیخان چھوٹے۔
۲۰ نواب غضنفر علیخان۔
۲۱ نواب نجابت علیخان۔
۲۲ نواب سراج الدین حیدر خان۔
۲۳ نواب مرزا حسین علیخان۔
۲۴ نواب مرزا شجاعت علیخان۔

سولے شادی نواب آصف الدولہ اور کسی صاحبزادے کی شادی نہوئی بعد انتقال
جناب عالی ہر ایک نے اپنی خود پسندی سے ازواج کیے۔

تفصیل صاحبزادیون کی

۱ سنگین بیگم صاحبہ بڑی صاحبزادی میر محمد باقر عرف مرزا بندو نواسہ نواب
برہان الملک سے منکحہ ہوئیں بے اولاد رہیں مگر قدرت خدا سے سن پیری میں

میر محمد باقر کا بیٹا مسمی جعفر علیخان کسی اور محل سے پیدا ہوا۔

۲ مسیتی بیگم صاحبہ مرزا گھسیٹا مرزا بندو کے بے مات بھائی سے کتخدا ہوئین پشت شگین محل رہتی تھین انکی چار بیٹیان دو بیٹے۔

۳ جمنی بیگم صاحبہ صمصام الدولہ عرف مرزا مجو سے بیاہی گئین فیض آباد مین جھولے سے گر کر مر گئین اونکے آغا سید بیٹے معصومہ بیگم بیٹی۔

۴ عزت النسا بیگم کی شادی لکھنؤ مین بعد مرنے جمنی بیگم کے پھر مرزا مجو سے ہوئی عہد دولت نواب سعادت علیخان مین بے اولاد رہین اور موافقت بھی نہ تھی۔

۵ حسینی بیگم زینت النسا بیگم صبا بیگم صدر النسا بیگم حاجی بیگم بڑا بیگم وزیر النسا بیگم۔ اشرف النسا بیگم آمنہ بیگم ولایتی بیگم محمدی بیگم انجم النسا بیگم مشہور ہے کہ انکی شادی نواب نجف خان سے ٹھہری تھی اس عرصے مین جنابعالی کا انتقال ہو گیا اور ان نجف خان بھی مر گئے یہ صاحبزادی سلطنت حضرت سلطان عالم مین ۱۲۶۸ ہجری مطابق ۱۸۵۱ عیسوی روانہ عتبات عالیات ہوئین بادشاہ مع شاہزادہ ہا و آمر کربلای میر خدا بخش مین پہونچے آئے جب بندر بمبئی سے بسبب خبر رسی کسی قبلہ عرب پر سوار ہو روانہ ہوئین صدمہ جہاز سے اور بسبب سن پیری کے کہ ۹۶ برس کی ہو چکی تھین متحمل نہ ہوئین انتقال کیا لاکن جنازہ کو صاحب جہاز بطمع زر لیگیا شاید نجف اشرف مین دفن ہوئین۔

ان صاحبزادیون کے لیے جنت آرامگاہ کو منظور تھا کہ جو لوگ عالیخاندان اگرچہ غریب ہون اونسے شادی کردون چنانچہ آغا صادق خان اور آغا ابو الحسن خان اصفہانی اس خیال سے آئے تھے محمد آفرین علیخان کے مہمان ہوے اتفاق کتخدائی نہوا مگر ملازم سرکار رہے دو دو روپے ماہوار تنخواہ پاتے رہے دربار مین بوقت چاے پانی باریاب سلام ہوئے تھے مگر سوا عزت النسا بیگم کے اور سب نے اپنی سن رسیدگی کا عذر کیا کہ ہمسے اطاعت شوہر کی نہو سکیگی انکی جرأت و ہمت و نیت بخیر بنسبت صاحبزادون کے زیادہ تھی مردانہ وار رہین انکی تنخواہ ۱۰۰ روپے رکابی فیض آباد مین تھے حسب الطلب جنت آرامگاہ گیارہ صاحبزادیان لکھنؤ آئین پنج محلہ رہنے کو ملا جہان اور محل نواب صف الدولہ کے رہتے تھے جنابعالی نے ان سبکی

تنخواہ ازھائی سو روپے ماہواری مقرر کردیے نواب ناظر محمد تحسین علیخان ناظر رہے ایک دفعہ قلت تنخواہ اور اپنے کثرت اخراجات سے بگڑ کر محل سے باہر نکل پڑیں آہ شیخن دروازہ وحسن باغ کی بند کردی پنج محلہ میں کوٹھے سرکاری تھے بیباکانہ اپنے باپ کا مال سمجھکر ایک کوٹھے کا اسباب لوٹ لیا جناب عالی نے ازراہ سلسلہ رحمی سب کی تنخواہ فی پانصد روپے مقرر کردیے انھوں نے کچھ اسباب فضول اپنی لوٹ کا مسترد کردیا اور جناب عالی کو اکثر کہتی تھیں کہ جو تم ہو وہ ہم ہیں اگر انصاف کرو تو ہم واجب الرحم ہیں جناب عالی بھی اس خیال سے درگذر کرتے تھے۔

بعد انتقال جناب عالی انجم النسا بیگم زیب النسا بیگم جینا بیگم ازراہ اولوالعزمی بغیر خیال انجام کار نواب گورنر جنرل لارڈ مائرا بہادر کی آمد آمد سنکر بنارس تک گئیں ایکدن اپنی ولیعہد ہی قلت مشاہرہ سے کوٹھی لارڈ ھاسب پر تشریف لیگئیں عرض حال کیا جواب ملا کہ آپنے کیون اتنی تکلیف اٹھائی ہم بھی اب لکھنؤ جاتے ہیں جیسا مناسب ہوگا کیا جائیگا ناکام پھر آئیں۔

حضرت خلد مکان نے سب کے سات سات سو روپے مقرر فرمائے مگر وہ قوت وحکومت خود جو جنت مکان کے عہد دولت میں تھی نہ رہی خصوصاً عہد سلطنت حضرت خلد منزل میں ہر حساب رہین در اگر شاید ہوتی تو بادشاہ بیگم صاحبہ سے زیادہ صاحب تبہ نہ تھیں جو اونکا احوال گذرا باقی اور صاحبزادیان ہیں لفظولیت میں فیض آباد میں مرگئیں۔

نواب آصف الدولہ

شمس النسا بیگم سے بیاہے گئے خبکا خطاب نواب بہو بیگم صاحبہ تھا بیٹی نواب نظام الدولہ خان خانان پوتی نواب قمر الدین خان وزیر اعظم دہلی کی تھیں انکے سگے بھائی نواب امام الدین خان تھے قلۃ محبتی بھون میں ہتی تھیں لاولد رہیں کبھی موافقت بھی نہ ہی پر تا بمنج قریب ایکلنج انکی جاگیر ساٹھ ہزار روپے سال کی تھی اور سرکار جناب عالی سے ساٹھ روپے روز کا خاصہ مقرر تھا داروغہ سرکار سے معرفت رلے رتن چند مقرر رہتا تھا جب جناب عالی نے کچھ آمدنی بازار روپل پختہ گوستی ضبط کی خفا ہوکر اپنی جاگیر پر تشریف لیگئیں کرنیل بلی سے فہمائش ظاہری کو آئے نہ مانا خیال تھا کہ جناب عالی منانے کو تشریف لائینگے یہ خیال خام تھا

بعد ایک مہینے کے جاگیر سے تشریف فرمائے الہ آباد ہوئین چند ہین کئی مہینے کے بعد انتقال کیا حضرت خلد مکان کے عہد دولت مین انکی نعش لکھنؤ آئی بڑے امام باڑے مین برابر قبر نواب آصف الدولہ مرحوم کے قبر پر بھی موافق ضریح قبر نواب موصوف رکھوادی تھی مرزا بیصاحب وغیرہ مرحومہ کے متعلقین جملی محمد تحسین علی خان زیر وظیفہ ملی پنشن سرکار سے اونکے سب متعلقین کو ملتا ہو نسلاً بعد نسل ہے۔

نواب ناظر محمد تحسین علیخان کہتے تھے کہ فقط ایک بیٹا برادر علیخان نطفۂ نواب کسی محل سے ہوا تھا وہ بچپن طفولیت مین مرگیا باقی اور بیٹے و بیٹیان نام نامی نواب تھین از انجملہ مرزا وزیر علیخان بھی اسی زمرہ سے تھے جنکی شادی نبو بیگم بیٹی نواب شرف علیخان سے بڑی دھوم سے یادگار زمانہ ہوئی تیس لاکھ روپیہ خرچ ہوا تھا انکی پنشن تا دام حیات چھ سو روپے ماہواری سرکار انگریزی سے جاری رہی مگر بے اولاد رہین جب وزیر علیخان مقید ہوکر کلکتے گئے اونکی بی بی اور اولاد مونگیر مین بغیر پنشن سرکار رہی۔

اولاد و ازواج نواب یمین الدولہ سعادت علیخان

افضل بیگم خاص محل نواب بیٹی نواب ارالدولہ مرحوم کی بنارس مین مرگئین اونکا مقبرہ درگاکنڈ بنارس مین ہو مستورہ بیگم کے بطن سے تھین انکے دو بیٹے امیر مرزا خان امراؤ مرزا خان دونون ایک چیچک دوسرا مرض الموت سے بچپن طفولیت مین مرگئے چنانچہ جب حضرت جنت مکان نے بفرمایش مجتہد العصر اقربائے نواب ارالدولہ مرحوم کی کئی برس تک تنخواہ ندی سب خانہ کشی سے مرنے لگے حضرت سلطان عالم کی سفارش بھی کچھ مفید نہوئی ایکدن نواب مہدی علیخان نے جنرل کالفیلڈ رزیڈنٹ لکھنؤ سے تنگ ہوکر کہا کہ ہم آخرکار جب لکھنؤ سے باہر جانا قبول کرینگے سرکار مین اپنی بہن کا کاغذ مہر کئی کرو کہا پیش کرینگے صاحب نے جواب دیا ہم جانتے ہین اسقدر مبلغ خطیر کے لیے سلطنت بک جائیگی جب جنت مکان نے انتقال کیا اور زمانہ نواب ارالدولہ ثانی کا ہوا نواب مخدرۂ عظمی کے دباؤ سے سبکو تنخواہ ملی

مرشدزادے مختلف محلات سے

۱ نواب غازی الدین حیدر خان عرف بنے مرزا کی شادی بادشاہ بیگم صاحبہ بنی مشیر الدولہ منجھو بادشاہ دلی سے ۱۲۵۰ ہجری مطابق ۱۸۳۴ء بنارس میں ہوئی۔

۲ نواب احمد علیخان خطاب شمس الدولہ انکی شادی سماۃ حضرت بیگم نواب شوکت الدولہ عرف مرزا جمعہ کی بیٹی سے ہوئی۔

۳ نواب نصیر الدولہ مرزا محمد علیخان سماۃ کھتیو بیگم نواب امام الدین خان کی بیٹی سے کتخدا ہوئے۔

۴ نواب ضیاء الدولہ مرزا کاظم علیخان کی شادی لطف علیخان کی بیٹی سے ہوئی لیکن بے اولاد رہے اور کچھ جنون بھی تھا۔

۵ نواب اعتماد الدولہ امجاد الملک مرزا حسین علیخان حمایت جنگ شہامت علیخان عرف مرزا بھورا کی بیٹی سے منسوب تھے حضرت خلد منزل کے عہد دولت میں رخصت عروس ہوئی۔

۶ نواب عماد الدولہ معین الملک فرغام جنگ مرزا جعفر علیخان کا عقد شرعیہ سماۃ وزیر بیگم میر نصاب کی بیٹی پوتی میر نعیم خان سے ہوا۔

۷ نواب صادق علیخان کی شادی نواب نجف علیخان کی سگی بہن سے ہوئی ساکن سرنگ پٹن امرائے مندراج۔

۸ نواب جلال الدولہ مرزا مہدی علیخان فقط نواب خاص محل سے تھے جنکا خطاب بنارس میں ٹاٹ محل تھا کہتے ہیں انکے پاؤں میں پدم تھا ایک نجومی نے جناب عالی سے عرض کیا کہ انکا خاصہ یہ ہے کہ بادشاہ یا وزیر کی بی بی ہو مگر مجھے بہت تعجب ہوتا ہے جناب عالی نے اُسے عوام میں داخل خاص محل کیا اس مرشدزادے کو نہ رغبت خود شادی کی تھی نہ جناب عالی کو اسکا خیال آیا بنام نامی امرا فقط دو تین حرمین تھیں۔

۹ نواب اقتدار الدولہ مرزا کلب علیخان نواب خاص محل کے پاس رہتے تھے بعد انتقال جنت آرامگاہ حضرت خلد مکان نے چار ہزار روپیہ ماہہ مقرر فرمایا بہت قابل تھے نسبت اور بھائیوں کے انکے ازواج خود پسندی سے ہوئے۔

۱۰ نواب رکن الدولہ مرزا محمد حسن خان حضرت خلد مکان نے انکا عقد شرعیہ

نواب عباس علیخان کی بیٹی سے کیا تھا بے اولاد رہیں وفات بھی شوہر ہی سے پہلے ہوئی تھی شمس الدولہ آفتاب الدولہ دونوں بیٹے اور محل سے ہوئے۔

مرشد زادیاں

۱ خیر النسا بیگم بڑی مرشد زادی سگی بہن نواب غازی الدین حیدر کی شادی میر شاہ علی بیٹے نواب قاسم علیخان عالیجاہ بنگالے سے ہوئی بے اولاد رہیں مگر ایک لڑکی کو مثل اپنی اولاد کے پرورش کیا تھا اوسکی شادی مرزا نظام الدین حیدر نواب نجابت علیخان کی بیٹی سے عہد دولت حضرت غفران مکان میں کی تھی۔

۲ فاطمہ بیگم سگی بہن نواب نصیر الدولہ کی شادی مرزا ابو طالب خان سے ہوئی۔

۳ فخر النسا بیگم کی شادی نواب میر کلو نواب قاسم علیخان مذکور کے بیٹے سے ہوئی انکی ایک بیٹی مسماۃ وزیر بیگم کی شادی مرزا شاہ میر خان کے بیٹے سے ہوئی۔

۴ دلاتی بیگم کی شادی نواب حسین الدین خان حیدر آبادی حضرت سلطان عالم بیٹے نواب امام الدین خان مذکور سے ہوئی۔

۵ ننھی بیگم صاحبہ کی شادی نواب احمد علیخان بیٹے نواب محمد علیخان سے ہوئی۔

ازواج و اولاد نواب غازی الدین حیدر

۱ پوتی بیگم بیٹی بادشاہ بیگم خاص محل سے فقط نواب قرب الدولہ مہدی علی خان بیٹے نواب محمد علیخان سے منسوب تھیں جنت آرامگاہ کے عہد دولت میں انتقال کیا جھانکڑ باغ میں دفن ہوئیں اونکے بیٹے نواب محسن الدولہ انکی شادی نواب نصیر الدولہ کی بڑی بیٹی سے ہوئی دو بیٹیاں حاجی بیگم زہرہ بیگم حشمت الدولہ مرزا ابو تراب خان بیٹے مرزا ابو طالب خان سے حاجی بیگم کی شادی ہوئی زہرہ بیگم کی شادی مفخر الدولہ مرزا ابو القاسم خان بیٹے مرزا ابو طالب خان سے ہوئی ان سب نے انتقال کیا لیکن زہرہ بیگم بعد عتبات عالیات کربلائے معلی ہوئیں بعد شرف زیارت لکھنؤ پہونچکر انتقال کیا۔

۲ مرزا نصیر الدین حیدر عرف مرزا علی حیدر ۲۲ جمادی الاول ۱۲۱۵ ہجری مطابق ۱۸۰۰ء مسماۃ صبح دولت نواب ممتاز محل سے پیدا ہوئے جنکا مقبرہ جھانکڑ باغ میں بنا جب حضرت

شاہ زمان بادشاہ بیگم سے خفا ہوئے لیکن بیگم صاحبہ نے انکی پرورش زیادہ محبت مادری سے کی تھی اگرچہ فیض النسا اونکی ملازم واسطے پرورش کے تھیں۔

صاحبات محل اہل وثائق

۱	نواب مبارک محل بیٹی کرنل عیش۔	وفات
۲	نواب سلطان مریم بیگم بیٹی ڈاکٹر شارٹ بغداد۔	وفات
۳	نواب ممتاز محل۔	وفات
۴	نواب سرفراز محل۔	وفات

باقی اسامیان مگر سب بے اولاد رہین اور بادشاہ کو بھی کچھ خواہش اولاد نہ تھی۔

محلات حضرت شاہ زمان نصیر الدین حیدر

۱	نواب سلطان بہو صاحبہ خاص محل بیٹی مرزا سلیمان شاہزادے دہلی کی وبا سے اولاد رہین عملداری سرکار رہین۔ واقعہ کربلائے معلی ہوئین بعد مجاورت چند سال رہین انتقال کیا۔	
۲	نواب ملکہ زمانیہ۔	وفات
۳	نواب محترمہ عظمی بیٹی والٹر سوداگر۔	وفات
۴	نواب تاج محل جنکا خطاب پہلے خورشید محل تھا جمادی الاول ۱۲۹۷ ہجری مطابق ۱۸۸۰ء انتقال کیا کربلائے معلی مین بعد مجاورت چند سال۔	وفات
۵	نواب بادشاہ محل۔	وفات
۶	نواب قدسیہ محل۔	وفات از بہوت خود
۷	نواب صاحبہ محل۔	حیات
۸	نواب نور محل روانہ کربلائے معلی ہوئین رہین انتقال کیا۔	
۹	نواب ممتاز الدہر بادشاہ جہان بیگم بیٹی مرزا باقر علیخان پوتی مرزا حسین علیخان صوبہ اکثیر یہ کنخدائی آخری تھی۔	حیات

اور سب اسامیان عیش محل وغیرہ لیکن مرحوم اولاد سے رہین بادشاہ خود متمنی اولاد رہے

مرزا فریدون بخت عرف منّا جان افضل محل سے اسکا قصہ منشی عبد الاحد رزیڈنٹی نے تواریخ بادشاہ بیگم مین بہت تصریح تمام بحکم شکسپیر صاحب بہادر لکھا ہے۔

انکے تین بیٹے چنار گڈھ مین سردار محل سے تھے جلال الدین حیدر خوش محل سے غازی الدین حیدر اور نصیر الدین حیدر رہے یہ حبشن سے تھے یہ دونون نام جناب بیگم صاحبہ نے خود تبرکاً سمجھکر رکھے تھے۔

محلات واولاد محمد علی شاہ

۱ نواب بیگم آغا خان محمد رضا علی ممتاز الزمانی نواب جہان آرا بیگم عرف کنتو بیگم خاص محل حضرت فردوس منزل کی تھین وفات پائی۔

۱ محمد امجد علی شاہ بادشاہ۔

۲ نواب سلطان عالیہ بیگم بڑی شاہزادی منسوب بتھین نواب محسن الدولہ بہادر سے منسوب تھین قبل از فساد لکھنؤ انتقال کیا۔

۳ نواب وشن آرا بیگم چھوٹی شاہزادی منسوب نواب منیر الدولہ عرف مرزا امین بیٹے مرزا ابو طالب خان سے تھین بعد ہنگامۂ فساد لکھنؤ اونکے شوہر کلکتے گئے وہان سے روانہ کربلائے معلےٰ ہوے وہین انتقال کیا بعد اسکے شاہزادی بھی باجازت اونکی عتبات عالیات کو گئین بعد شرف زیارت جب بمبئی پہونچین انتقال کیا اونکی نعش روانہ عتبات ہوئی۔

۴ نواب ناصر الدولہ اصغر علیخان یہ بڑے بیٹے بادشاہ خانم سے تھے جنت آرامگاہ کے عہد دولت مین اہتمام الدولہ مظفر علیخان کی بڑی بیٹی سے بہت تکلف سے شادی ہوئی تھی کئی مہینے پیشتر جلوس سلطنت مرگ ناگہانی سے انتقال کیا سلطنت سے محروم رہے بعد اسکے اونکی بی بی نے بھی انتقال کیا۔

انکے بیٹے فریدون مرتبت نواب ممتاز الدولہ مرزا حسین علی بہادر خویش نواب ملکہ زمانیہ حضرت خلد منزل نے اونکی شادی کی۔

انکی تین بہنین فضل بیگم نواب شمس الدولہ سے سردار بیگم نواب امیر الدولہ سے منسوب ہوئین یہ دونون بیٹے نواب رکن الدولہ محمد حسن خان کے ہین۔

نواب ممتاز النسا بیگم عرف جنیا بیگم مظفر الدولہ ظفر جنگ محمد زکی علیخان عالی جنگ سے شادی ہوئی یہ بیٹے نواب احمد علیخان کے انکا بیٹا رشید الدولہ ناصر الملک محمد جعفر علیخان بہادر رستم جنگ

ولیہ الدولہ عرف مرزا حیدر کی بیٹی سے منسوب تھا اتفاقاً گھوڑے سے گر کر مر گیا۔
جینا بیگم کی دو بیٹیاں نواب شوکت بہو نواب عشت بہو۔

شاہزادے صاحبات محل سے

۱ مرزا خورم بخت بہادر نواب یحییٰ علیخان نواب امیر خانم صاحبہ سے
۲ مرزا عظیم الشان بہادر نواب محمد تقی علی بہادر نواب وزیر خانم صاحبہ سے
۳ مرزا رفیع الشان بہادر نواب محمد تقی علی بہادر نواب مُراد خانم صاحبہ سے
۴ مرزا فرخندہ بخت بہادر نواب محمد فدا علی بہادر وفات
نواب حضور خانم صاحبہ سے۔
۵ ابو المظفر سکندر قدر خورشید حشم صاحب عالم ہمایون بخت مرزا احمد علی بہادر نواب ملکہ جہان حمیدہ سلطان فخر الزمانی نواب تاج النسا بیگم صاحبہ سے۔ وفات
ایک شاہزادی بھی انسے ہوئی تھی نوابی میں سن بلوغیت میں گئی جنیا باغ میں دفن ہوئی بادشاہت میں اسی کا نام حسین آباد رکھا۔

شاہزادیاں وخویش صاحبات محل

۱ نواب سلطان بیگم عرف پھندنا بیگم زوجہ نواب معظم الدولہ رستم الملک با قر علیخان بہادر رستم جنگ بیٹے مرزا کمال الدین حیدر۔
۲ نواب زیب النسا بیگم عرف حاجی بیگم نواب وزیر خانم صاحبہ سے۔ زوجہ نواب اقتدار الدولہ محتشم الملک مہدی علیخان بہادر ضیغم جنگ عرف نواب دولہ بیٹے مرزا امام الدین حیدر۔
۳ نواب فخر النسا بیگم عرف منجھلی صاحبہ زوجہ نواب مجاہد الدولہ سیف الملک زین العابدین خان جلاوت جنگ بیٹے محمد رضا خان پوتے مرزا کمال الدین حیدر کے۔
۴ نواب گوہر آرا بیگم عرف وزیر بیگم وفات زوجہ نواب عضنفر الدولہ وفات ایک بیٹی دو بیٹے صارم الدولہ بہادر وحید رجنگ خاقان مرزا۔ وفات
سلیمان مرزا انکی شادی مرزا فرخندہ بخت کی بیٹی سے ہوئی ایک بیٹی مسعودی بیگم۔

۵ نواب زینت النسا بیگم عرف آمنہ بیگم وفات زوجۂ نواب جہاز الدولہ وفات نواب محسن الدولہ کے بے مات بھائی۔

محلات حضرت امجد علی شاہ

۱ خاتون معظمہ بادشاہ بہو نواب ملکہ کشور فخر الزمانی نواب تاج آرا بیگم خاص محل بیٹی نواب حسین الدین خان انتقال شہر پارس سلطنت فرنس۔

۱ خورشید حشمت مرزا محمد واجد علی بہادر خطاب بولیعہد منصور سکندر جاہ سلیمان حشم صاحب عالم ولیعہد مرزا محمد واجد علی بہادر نواب علی خان کی بیٹی سے بیاہے گئے پوتی نواب شریف الدولہ

۲ مرزا محمد جواد علی جنرل سکندر حشمت ارا مرتبت نواب منیر الدولہ کی بیٹی سے بیاہے گئے وفات شہر پارس۔

۳ اشرف النسا بیگم خطاب فخر بہو صاحبہ نواب سرفراز الدولہ مرحوم بیٹے نواب منیر الدولہ مرحوم سے کتخدا ہوئیں۔

نواب خسرو بیگم ملکہ گیتی سے

۱ مرزا محمد رضا علی بہادر والا سطوت سمات انجمن آرا بیگم بیٹی نواب معظم الدولہ سے کتخدا ہوئے ۱۲۷۸ھ ہجری مطابق ۱۸۶۱ء میں انتقال کیا دفن کربلائے میر خدا بخش ہوئیں۔

۲ مرزا محمد حسین علی بہادر سکندر قدر سمات افضل بیگم بھانجی نواب ممتاز الدولہ سے بیاہے گئے عارضۂ مرض سے انتقال کیا پھر اس صاحبزادی کی شادی حسب شرع مرزا حسن رضا ولیر الدولہ عرف مرزا حیدر کے بیٹے سے ہوئی۔

نواب ملکۂ عہد تاج مخدرات نواب مغفور محل صاحبہ

۱ مرزا سلیمان قدر بہادر مرزا رفیع الشان کی بیٹی سے کتخدا ہوئے۔

۲ کسری شکوہ مرزا محمد عباس بہادر ۲۴ شوال ۱۲۵۹ ہجری بادشاہت میں پیدا ہوئے ۱۲ ربیع الثانی ۱۲۶۰ ہجری انتقال۔

۳ بہرام صولت مرزا محمد مصطفےٰ علیخان بہادر خلف ارشد محل غیر سے جنکی قبر کربلائے نبوین ہے جسے اب نخورشید باغ کہتے ہیں۔

ذکر نسب ہمایون میر محمد امین نواب سعادت خان برہان الملک بہادر
امیر محمد امین ۲ میر محمد نصیر ۳ میر محمد امین ۴ میر محمد جعفر ۵ قاضی شمس الدین شہید مخفی
۶ سید محمد ۷ سید غیاث الدین محمد ۸ سید سراج الدین علی ۹ سید اسحاق ۱۰ سید محمد
۱۱ سید یحیی ۱۲ سید غیاث الدین محمد ۱۳ سید موسی ۱۴ سید قاسم ۱۵ سید علی ۱۶ سید جعفر
۱۷ سید حسین مخدوم ۱۸ سید عبدالحی ۱۹ سید عمر ۲۰ سید ارقم ۲۱ سید عبدالقادر ۲۲ سید تاج الدین
۲۳ سید محی الدین ۲۴ سید علی ۲۵ سید محمد زاہد یا شہید ابن الامام الہمام جناب
موسی کاظم علیہ وعلی آبائہ افضل الصلوۃ والسلام۔

مدت وزارت وسلطنت وزراء سلاطین اودھ
میر محمد امین نواب سعادت خان برہان الملک

منصوب ۱۱۳۲ھ ہجری ۱۷۲۰ء مدت ۱۹ سال انتقال ۱۱۵۱ھ ہجری ۱۷۳۹ء عارضہ
جسمانی وتپ ودر دسر مدفون دہلی۔

نواب منصور علیخان صفدر جنگ بہادر

مسند نشین وزارت ۱۱۵۱ھ ۲۲ ذیحجہ مدت ۱۷ سال انتقال مقام پاپر گھاٹ سلطان پور
۱۱۶۶ھ ہجری ۱۷۵۳ء اکتوبر ماہ کا تاریخ مدفون دل گلاب باڑی فیض آباد بعد اسکے
استخوان حکیم مرزا بھیجو کربلائے معلی لیگئے اور طاق پشت روضۂ مقدس مدفون عارضۂ دنبل۔

نواب شجاع الدولہ بہادر وزیر

مسند نشین ۱۱۶۶ھ ہجری ۱۷۵۳ء مدت ۲۳ سال انتقال شہر ذیقعدہ ۱۱۸۸ھ ہجری ۱۷۷۵ء
عارضہ خارک مدفون گلاب باڑی فیض آباد۔

نواب آصف الدولہ بہادر وزیر

مسند نشین ۱۱۸۸ھ ہجری ۱۷۷۵ء مدت ۲۳ سال ۴ ماہ ۲۴ یوم عارضہ استسقا اور انتقال
پنجشنبہ یکبیاس روز ماند ۲۸۰ ربیع الاول ۱۲۱۲ھ ہجری ۱۷۹۷ء ستمبر ماہ کوار
مدفون امام باڑۂ خود + دوہرہ ہندی ایکہزار آٹھ سو سمت کا پردان + سنہ بارہ سو بارہ ہجری
جانت سکل جہان + ربیع الاول ۲۸ - اور جمعرات مدہ دان + سدی پرپوا کوار کی آصف تجو پران +

مرزا وزیر علی خان

مسند نشین ربیع الاول ۱۲۱۲ھ ہجری ۱۷۹۸ء مدت ۴ شہر ۵ یوم وفات قاید کلکتہ ۱۲۱۳ھ ۱۸۱۲ء ماہ جون اسارہ مدفون کالنسی باغ کلکتہ تپ محرق۔

نواب یمین الدولہ سعادت علیخان

مسند نشین ۳ شعبان روز بسنت ۱۲۱۲ھ ۱۸۱۲ء مدت ۱۶ سال ۱۱ شہر ۲۱ یوم وفات ۲۹ رجب سہ شنبہ ۱۲۲۹ھ ۱۸۱۳ء ماہ جولائی ساون مرگ مفاجات وغیرہ مدفون خاص باغ مکان نواب غازی الدین حیدر۔

نواب غازی الدین حیدر

مسند نشین تاریخ و سنہ مذکورہ جلوس تخت سلطنت ۱۸ ذیحجہ ۱۲۲۹ھ ۱۸۱۴ء شاہ زمن مدت وزارت و بادشاہت ۱۳ سال ۸ شہر ۵ یوم وفات ۱۲۴۳ھ ۱۸۲۷ء ۱ اکتوبر ماہ کاتک فون امام باڑہ بخط تعمیر خود۔

شاہ زمان نصیر الدین حیدر

جلوس سلطنت تاریخ و شہر سنہ مذکورہ مدت ۱۰ سال ۵ یوم شب شنبہ ۳ ربیع الثانی ۱۲۵۳ھ ۱۸۳۷ء ماہ جولائی ساون عارضہ مادہ خارک نظاہر تپ وغیرہ مدفون کربلای نونعیر خود آنطرف دریاے گومتی۔

مرزا فریدون بخت عرف مناجان

مدت دو ساعت انتقال خپارگدہ مرض مرگ مفاجات محرم ۱۲۶۲ھ ۱۸۴۵ء جنوری ماگھ۔

محمد علی شاہ

جلوس ۵ ربیع الثانی سنہ و تاریخ مذکورہ مدت ۵ سال ۱۰ یوم عارضہ تپ محرق مدفون امام باڑہ حسین آباد نو تعمیر خود ماہ مئی ۱۲۵۸ھ ۱۸۴۲ء ماہ جیٹھ۔

محمد امجد علی شاہ

جلوس سنہ مذکورہ مدت ۴ سال ۱۰ شہر ۲۴ یوم مرض سرطان مدفون چھاؤنی میدو خان رسالہ دار ۲۶ صفر ۱۲۶۳ھ ۱۸۴۷ء فروری پھاگن۔

واجد علی شاہ سلطان عالم

جلوس سنہ مذکورہ مدت سلطنت ۹ سال ۱۱ شہر ۵ یوم روانہ کلکتہ قیام موچی کھولہ ۱۲۷۶ھ ۱۸۵۵ع ۵ - رجب شب جمعہ -

مرزا برجیس قدر وزارت آبائی مصنوعی جبری

مدت قیام مجموع ۹ شہر روانہ کوہ نینیتال وقیام آنجا -
مدت وزارت وزرائے اودھ مجموع ۳ ۱۴۳ سال ۳ شہر ۲۴ یوم مدت بادشاہت ۱۴۱ سال -

سبب تالیف کتاب

جب سر ہنری الیٹ صاحب سکرٹر اعظم گورنمنٹ رونق افروز لکھنؤ ہوے اونھین کتب تواریخ کا بڑا شوق تھا چنانچہ ہر شہر سے کتابین بہت تحفہ خط ولایت کیاب بلکہ نایاب خواہ بقیمت یا بہدیہ لیتے تھے اور ہر شخص بطیب خاطر یا موجب رسوخ یا چشمداشت موہوم سمجھکر دیتا تھا چنانچہ مرزا وصی علیخان جو لکھنؤ سے حسب دستور قدیم ہرکارہ وسیلۂ رسوخ جانکر کئی سو جلد تواریخ خط ولایت و ہند جو کتب خانۂ مرزا جعفر مرحوم سے حضور عالم کو اونکی اولاد سے بقیمت قلیل ہاتھ آئی تھین گذرانین وہ درحقیقت کتب خانۂ شاہی سے تحویلدارون نے باخفا بیچی تھین صاحب نے بہت مسرت دلی سے امرار اونکی قیمت کا کیا نہ لی اسی کو وسیلۂ رسوخ اپنا سمجھے چنانچہ اسکا ذکر اپنے مقام پر آئیگا۔

ایک دن کرنل لکاکس صاحب بہادر مہتمم رصدخانہ سلطانی نے اس ملازم مولف سے فرمایا کہ الیٹ صاحب مختص تواریخ مملکت اودھ کے بہت مشتاق ہین عرض کیا کتاب عماد السعادت مرزا محمد حسن قتیل اور بہادر خانی وغیرہ کتب ہند بین متفرق احوال ریاست کا بھی مندرج ہے فرمایا مختص اسی سلطنت کا احوال ابتدا سے آجتک کا چاہتے ہین عرض کیا مجھے کرنل جان بلی صاحب رزیڈنٹ کے وقت سے ہوش و خبر ہو جو حوادث و انقلاب سرکارین ہین گذرے ہین اور اس سے پیشتر کا حال بھی اکثر واقف کارون سے مفصل معلوم ہو لیکن بشرطیکہ آپ بھی اوسکی تصحیح و تحقیق پر متوجہ ہون غالب ہو کہ صاحب ممدوح بھی اوسے پسند کرینگے چنانچہ عنوان کتاب موافق دستور انگریزی کیا کسیکی خوشامد یا تعریف زائد نہین جیسا مورخین زمانہ کرتے ہین فقط حقیقت حال مثل اخبار اپنی رسائی تحقیق سے لکھا کرنل لکاکس صاحب ڈاکٹر ہیر نجر صاحب نے کئی باب مثل مشتے نمونہ سنے بلکہ الیٹ صاحب کو بھی بھیجی اونھون نے ازراہ قدرشناسی پسند کرکے تعریف لکھی مگر افسوس یہ ہو کہ اونکا کیپ مین جاکر مرجانا باعث ناکامی ہوا پھر گلنٹ صاحب مہتمم کالج جنرل مارٹن نے کئی باب سنے اور جنرل سلیمن صاحب رزیڈنٹ کو جہانتک اونکے زمانے مین احوال گذرا تھا لکھکر دیا اونکی چٹھیان میرے پاس موجود ہین جو ازراہ قدردانی اور جوہر شناسی کے مجھے عنایت فرمائی تھین۔

اب مختصر حال اپنی ناکامی کا یہ ہی کہ جب بلا انتقال کرنل لکاکس صاحب کے قطب الدولہ مقرب خاص نے حضرت سلطان عالم کی نظر انور سے گذرانی بعض مقامات مندرجہ اپنے عہد دولت کو ناگوار طبع اقدس سمجھکر ازراہ عتاب عاصی کو نوکری سے موقوف کیا۔

اب فضل خدا سے آجتک جو سوانحات اور حوادث عجیبہ انقلاب عظیمہ دور فلکی سے ہوے صاف صاف بلا رعایت لکھے گئے بہ نسبت اسوقت کے یہ کتاب اب سہ چند ہو گئی ہی ایک جلد فارسی دسری اردو تیسری ترجمہ انگریزی جنرل جیمز لین صاحب نے خود کئی باب ترجمہ کیے باقی پاٹر صاحب سے ترجمہ کرا کے مرتب کیے بشرطیکہ صاحبان انصاف حکام عادل بھی پسند کرین اور بعد طبع کے بطیب خاطر مول لین کرایسے بھی وقایع یادگار زمانہ ہوتے ہین چنانچہ اب جنرل جیمز لین صاحب بہادر ۱۵ اساہ مارچ روز جمعہ ۱۸۵۸ع مع الخیر روانہ ولایت لندن وطن مالوف ہوے ہین بعد مع الخیر پہونچنے منزل مقصود کے انشاء اللہ تعالی ولایت مین طبع کراوینگے اور وہان خاص عام وحکام کو یہ حال مملکت اودھ بخوبی منکشف ہوجائیگا اگرچہ کوئی امر پوشیدہ نہین رہا حق و باطل اہل انصاف کو کالشمس فی النہار کھل گیا ہی خدا غرباے شہر پر رحم کرے اور سب کو توفیق خیر دے۔

داب دستور مورخین اخبار و سوانح نگار زمانہ نا ہنجار

مورخین اخبار تین قسم کے ہوتے ہین

پہلے وہ فرقہ جو دشمن اقبال صاحبان اقبال اور اہل کمال بسبب اپنے حسد کے ہوتا ہے بغیر ظہور مغفرت جو محض عداوت اور اپنی بد باطنی سے دیدہ و دانستہ پردۂ غفلت آنکھ بے بصیرت پر رکھکر کسی کے عیب ذاتی وصفاتی کو اپنے ذہن مین ٹھہراکے لکھتا ہی اسواسطے کہ خلق عالم مین بدنامی ہو یا کھلکر اظہار عادات بد سے نسبت دیسکتا تو نیک کامون کو بطور کنایہ اور اشارہ بطریق مضحکہ لکھتا ہی جسے عقلمند خوب سمجھتے ہین۔

دوسرے وہ طائفہ جو دوست یا تابعدار کسیکا ہی کہ چاروناچار سواے تعریف کے کچھ اور نہین لکھ سکتا اور اپنے وضع دخل کیواسطے پچھلے حکام کے عیب کو اپنی دلیل عقلی سے ثابت کرتا ہی یا خوف آبرو و عزت حاکم وقت سے رکھتا ہی بہر صورت مجبور رہی۔

تیسرے وہ لوگ جو فقط بیان حقیقت حال کرتے ہین جس سے کسی طرح کی نفسانیت ظاہری و باطنی ثابت نہو لیکن طریق وطرز معقول سے جو شایان زبان شرفا و سنجیدہ ہو اور سچ کہنے مین کسی سے نہین ڈرتا اگرچہ یہ بات سب پر ناگوار خصوصًا حکام پر ہے الحق مرّ غرض عاصی پر معاصی سیّد کمال الدین حیدر حسنی الحسینی مشہدی طوس طلبسی المعروف محمد میر زائر نے جو ان اوراق کے لکھنے مین عرق ریزی کی ہے ہر صاحب فہم دریافت کرلیگا اگرچہ زمانہ پر آشوب اور قدردانی قدرشناسون کی ظاہر ہے۔

ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شے قدرا وہو المستعان وبہ نستعین

خلاصہ احوال سلطنت ملک اودھ

سنہ ۱۲۶۳ھ سنہ ۱۸۴۷ع

قطعۂ تاریخ

سلطان عالم شہ ذیشان وذی شکوہ ہے تاجدار مملکت صوبۂ اودھ
کیونکر نہ اسکے عہد مین کثرت ہو عیش کی ہے اس سے زیب و منزلت صوبۂ اودھ
ہو وہ مدار دولہ بہادر وزیر شاہ مسند نشین معدلت صوبۂ اودھ
سیّد کمال دین حسینی کی وجہ سے دیکھی سبھون نے مرتبت صوبۂ اودھ

ہاتف پکارا سال ہمایون کو اسطرح
تقویم حال سلطنت صوبۂ اودھ
سنہ ۱۲۶۳ھ سنہ ۱۸۴۷ع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نسب خاندان عالیشان وزرا و بادشاہان و امرای ذوی الاحترام

سیّد شمس الدین محمد حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے بیٹے کی اولاد ساکن نجف اشرف بہت صاحب علم تھے شاہ اسمٰعیل صفوی نے اونھین بلاکر قاضی القضات کیا اور نیشا پور مین بہت سی املاک وجاگیر دی اونکے کئی بیٹے تھے سب سے بڑا بیٹا سیّد محمد جعفر اونکے دو بیٹے ایک سیّد محمد امین دوسرے سیّد محمد سیّد محمد امین کے بیٹے کا نام میر محمد یوسف تھا میر محمد نصیر اور میر محمد یوسف دوسرے شاہ عباس ثانی کے زمانے مین تھے بادشاہان ایران کا قاعدہ تھا کہ سفر اور شکار مین کئی شخص آگے سواری کے چلتے تھے اور سارا لشکر پیچھے رہتا تھا اتفاقاً قریب جنگل سواری شاہ چلی جاتی تھی ایک شیر نے نکلکر بادشاہ پر حملہ کیا گھوڑے سے گرادیا میر محمد یوسف گھوڑا دوڑاکے کود پڑے اوس شیر کو پیش قبض سے مار ڈالا بادشاہ زرہ پہنے تھا کچھ صدمہ نہ پہونچا بادشاہ نے ایسے کارنمایان سے چاہا کہ اونھین اپنا وزیر کرین عرض کی مین سیّد ہون مجھسے سیاست نہوسکیگی اور بے اسکے انتظام ریاست غیر ممکن ہے مجھے معاف فرمائیے مگر میر محمد نصیر میرا چچازاد بھائی ہے ابھی تک کتخدا بھی نہین ہوا اوسکی شادی سمی رضا قلی بیگ وزیر کی بیٹی سے کیجیے وزیر قوم قزلباش سے تھا بادشاہ نے وزیر سے فرمایا میر محمد نصیر میرا بیٹا ہے مین نے تیری بیٹی سے کتخدا کیا تاکہ میری اور تیری قرابت ہو وزیر نے اس شرط پر قبول کیا کہ اگر بیٹی ہو تو میری قوم سے منسوب ہو اور یہ رسم ہمیشہ قائم رہے بادشاہ نے قبول کیا اور میر محمد یوسف کو نیشا پور مین بہت جاگیر دی اور املاک۔

میر محمد نصیر کے بیٹے سے دو بیٹے دو بیٹیان پیدا ہوئین بڑے بیٹے کا نام میر محمد باقر چھوٹے کا نام میر محمد امین جب میر محمد نصیر کی اولاد جوان ہوئی اونکی بی بی نے ایفاے وعدہ چاہا یعنی محمد علی خان بیگ میری ماں کا بھتیجا نسل بادشاہان ترکمان سے ہے یعنی سلطان

مرزا یوسف قزا اور شاہ بداغ سے ہوئے تیسرے بیٹے سے جسکا نام جعفر خان بیگ ہوا اپنی بڑی بیٹی کی شادی کردا دنھون نے قبول کیا اس شرط سے کہ محمد قلی خان بیگ اپنی بیٹی میر سے بڑے بیٹے میر محمد باقر سے منسوب کرے پس بعد منظوری کے یہ دونون شادیان ہوئین باقی رہا ایک بیٹا اور بیٹی بیٹی کو میر محمد یوسف کے بیٹے سے جسکا نام میر محمد شاہ میر تھا منسوب کیا اور میر محمد یوسف کی بیٹی سے اپنے چھوٹے بیٹے میر محمد امین کا بیاہ کیا میر محمد یوسف کی املاک بہت تھی اس جہت سے میر محمد امین کو خانہ داماد کیا۔

ایکدن میر محمد امین کی بی بی نے طعنہ دیا از بسکہ صاحب غیرت تھے وطن کو چھوڑ کر وارد ہندوستان ہوے وہ زمانہ فرخ سیر بادشاہ شاہجہان کا تھا یہان آکر نوکر اور داخل زمرۂ امرائے سلطنت ہوے نواب سعادت خان برہان الملک خطاب پایا بتدریج۔

بعض یہ کہتے ہین کہ میر محمد امین نے نیشاپور مین کچھ ٹھیکا لیا تھا خسارہ ہوا مرزا یوسف کو رکی کا زیور بیچکر اوسے ادا کیا اس غیرت وحجاب سے ہندوستان آئے نواب سربلند خان کے خیمہ نصب کرنے پر نوکر ہوے اتفاقاً ایکدن خیمہ مین نشیب مین نصب ہوا تھا مینھ برسا خیمے مین پانی گیا بیٹھنا مشکل پڑا نواب انپر خفا ہوے فرمایا تمھارے دماغ سے ہوے ہفت ہزاری پائی باقی ہزاروں نے روزگار چھوڑ دیا دلی آئے شاہزادون کی جاگیر کا ٹھیکا لینا شروع کیا اور اپنی نیک نہادی اور صفائی سے جو محاصل ہوتا تھا اوسمین سے بھی چہارم بنظر رسوخ شاہزادون کو دیا کرتے تھے جب اونکی دیانت امانت کارگزاری مشہور ہوئی شاہزادون سے نوبت حضور شاہی پہونچی خلاصہ جب یاوری اقبال ہوتی ہے بگڑی بنجاتی ہے جیسا اس زمانہ حال مین دیکھا خدا نے چند روز مین انھین منصب ہفت ہزاری دلھایا یہ فعل خداداد عجب وقت خاص سے ہوا تھا مگر یہ بھی مدت عمر تک اپنے اس معمول پر رہے جب راہ مین سواری نواب سربلند خان کی ملتی تھی رکاتھی سے اوترکر ازراہ آداب سلام کیا کرتے تھے فی الحقیقت وہ عجب نیک ساعت تھی۔

بعد اسکے میر محمد باقر انکے بڑے بھائی ہندوستان مین آئے مابین راہ قندھار اپنا بیاہ کیا ایک بیٹا پیدا ہوا اوسکا نام نثار محمد خان رکھا جب ہندوستان مین پہونچے

ملازمت فرخ سیر حاصل کی خطاب سیادت خان پایا بعد فرخ سیر جب سلطنت محمد شاہ ہوئی نواب سعادت خان کو صوبہ داری ملک اودھ اور اکبر آباد اور نواب برہان الملک خطاب ملا اور انکے بھتیجے نثار محمد خان کو خطاب نواب شیر جنگ ملا۔

نواب سعادت خان کی ہندوستان مین پانچ بیٹیان ہوئین بڑی صدر جہان بیگم دوسری نور جہان بیگم تیسری سہا بیگم عرف بندی بیگم چوتھی محمدی بیگم پانچوین آمنہ بیگم نواب برہان الملک کی بڑی بہن جو جعفر خان بیگ سے منسوب تھی اونکے دو بیٹے تھے بڑا بیٹا مرزا محسن چھوٹا مرزا محمد مقیم اور نواب کی چھوٹی بہن جو میر محمد شاہ میر سے منسوب تھی اونکے دو بیٹے دو بیٹیان بڑا بیٹا مرزا محمد یوسف چھوٹا نصیر الدین حیدر خان بیگ اور چھوٹا بھائی جعفر خان بیگ جسکا نام مرزا محمد شفیع اونکی چار بیٹیان تھین مرزا محمد مقیم چھ مہینے کے بڑے بھائی مرزا محسن چار برس کے تھے جب انکی ماں نے انتقال کیا تھا مرزا محمد مقیم کو اونکی خالہ نے اپنا دودھ پلا کر پالا تھا اور یہ دونون بھائی اپنی خالہ کے گھر مین جوان ہوے۔

جب برہان الملک کی بڑی بیٹی صدر جہان بیگم ۱۲ برس کی ہوئی اپنی بہن کو مع مرزا محمد مقیم نیشاپور سے بلا کر اپنی بیٹی سے شادی کردی مرزا محمد مقیم کو یاور ی اقبال سے خطاب نواب صفدر جنگ ملا۔

جب نواب کی دوسری بیٹی نور جہان بیگم عرف ہنیگا بیگم دس برس کی ہوئی پھر اپنی بہن کو نیشاپور سے اور نصیر الدین حیدر خان کو بلوا کر شادی کردی اور اپنی نیابت صفدر جنگ کو دی۔

دختران مرزا محمد شفیع چھوٹے بھائی جعفر خان بیگ ایک مرزا محمد محسن سے اور دو غیر قوم اشراف عالی خاندان سے منسوب ہوئین ازانجملہ ایک مرزا مسیح سے دوسری میر عبد اللہ سے کتخدا ہوئی اور سب سے چھوٹی مرزا یوسف سے۔

مرزا محسن کے دو بیٹے دو بیٹیان تھین بڑا بیٹا جعفر قلی خان مشہور مرزا بزرگ چھوٹا محمد قلی خان مشہور مرزا کوچک۔

وہ بیٹیان جو غیر قوم سے بیاہی گئین ایک مرزا مسیح سے انکے دو بیٹے ہوے

محمد علیخان دوسرا مرزا رحیم خان محمد علی خان کا بیٹا مرزا حسین خان نواب سالار جنگ کی بیٹی سے بیاہا گیا وہ بے اولاد مرگیا محمد علیخان کی بیٹی جو نواب سالار جنگ کے بیٹے سے منسوب ہوئی تھی اوس سے جو اولاد ہوئی طفولیت مین مرگئی مرزا رحیم خان سے ہندوستان مین ایک بیٹی ایک بیٹا ہوا بیٹی مرزا مینڈو نواب شجاع الدولہ کے بیٹے سے بیاہی گئی اور مرزا رحیم خان کے بیٹے کا نام بھی مرزا سمیع تھا جسکی پنشن سو روپے ماہواری کی سرکار کمپنی سے تھی اس جہت سے کہ کئی برس تک ضلع اکبرآباد مین تحصیلدار رہا موافقت کلکٹر صاحب سفارش ڈاکٹر سے یہ پنشن دام حیات مقرر ہوئی تھی اور سرکار شاہی سے بھی سو روپے ملتے تھے پیش از فساد لکھنؤ مرگئے انکے بیٹے کا بھی نام مرزا عبدالرحیم خان تھا بہت ہوشیار و کارگزار صاحب نصیب عہد دولت حضرت جنت مکان مین نواب مین الدولہ نے تحصیلدار علاقہ کیا تھا عین شباب مین مرگیا پنشن شاہی فقط تقسیم اولاد ہوئی۔

میر عبداللہ تین بیٹے ہوے مرزا عبدالمطلب خان مرزا حیدر علیخان مرزا علی اکبر یہ سب بے اولاد مرگئے مگر ایک بیٹی مرزا عبدالمطلب خان کی مرزا سمیع سے بیاہی گئی۔

مرزا محسن بڑے بھائی نواب صفدر جنگ کے دو بیٹے دو بیٹیان بڑی بیٹی بے اولاد مرگئی چھوٹی مرزا ابوطالب خان کے بیٹے مرزا ابوتراب خان سے منسوب ہوئی چھوٹی زاد نواب صفدر جنگ سادات حسینی تھے جنکا دادا مرزا فخرالدین محمد متولی روضہ حضرت امام رضا علیہ السلام مشہد مقدس مین تھا اونکے دو بیٹے بڑا بیٹا مرزا محمد ابراہیم خان عرف مرزا سید و چھوٹا مرزا ابوطالب خان داماد جنت آرامگاہ سگی بہن فردوس منزل سے بیاہا گیا۔

مرزا ابوطالب خان کے تین بیٹے مرزا ابوتراب خان مرزا ابوالقاسم مرزا ابوالحسن عرف مرزا امین مرزا ابوتراب خان کی شادی مسماۃ حاجی بیگم نواسی خلد مکان سے ہوئی۔

مرزا ابوالقاسم خان دوسری بہن مسماۃ زہرا بیگم سے متخذا ہوے یہ دونون سگی بہنین نواب محسن الدولہ کی تھین مرزا ابوالحسن فردوس منزل کی چھوٹی بیٹی سے بیاہے گئے۔

بڑا بیٹا مرزا محسن کا مشہور مرزا بزرگ میر شاہ میر کی چھوٹی بیٹی مشہور چھوٹی بی بی سے

بیاہا گیا اونسے ایک بیٹا مرزا محمد شفیع خان ہوا جب نیشاپور سے ہندوستان مین آیا نواب شجاع الدولہ نے اونھین رسالہ دار کیا اور آمنہ بیگم کی بیٹی سے عقد کر دیا پھر نواسی نواب برہان الملک سے لیکن رخصت عروس نہوئی تھی کہ نواب نے انتقال کیا مرزا محمد شفیع خان دلی گئے بعد مرنے نواب نجف خان کے امیر الامرا ہوے محمد بیگ خان ہمدانی نے دغا سے مار ڈالا۔

مشہور ہو کہ بعد نواب نجف خان مرحوم کے ان خودسر ناعاقبت اندیش اُمرا و سردار نے عجب ہنگامۂ فساد برپا کیا کسی نے آپسمین صلح و اتفاق نکیا ان سب کی جمعیت فوج کئی لاکھ کی تھی سب کے سب ایک سال کے عرصے مین آپسمین کٹ کر مر گئے جنکا نام و نشان نہ رہا

مختصر حال یہ ہو جب مرزا محمد شفیع خان امیر الامرا ہوے اونکی بدمزاجی سے جتنے سردار اور افسر فوج تھے ناراض بیدل و خائف آبرو ہو کر راہ عافیت ڈھونڈھنے لگے ازآنجملہ بعد از خرابی محمد بیگ خان ہمدانی سے جب بظاہر صلح و آشتی ٹھہری نواح اکبرآباد مین لشکر طرفین صفوف آراستہ ہو کر کھڑا ہوا ایک طرف سے مرزا محمد شفیع خان اجل گرفتہ دوسری جانب سے محمد بیگ خان ہاتھی پر سوار وسط میدان مین پہونچے محمد بیگ خان موٹا تھا مرزا صاحب دبلے محمد بیگ خان نے دست معانقہ بڑھا کر اپنی طرف کھینچا اسمیل بیگ خان انکا بھانجا خواصی مین تھا مرزا کے پیٹ مین کٹار مار کر تمام کر دیا انکے منہ سے فقط اتنی بات نکلی اوہ قرمساق آخر دغا کی تو نے محمد بیگ نے دونون ہاتھون سے بیت کی اپنی طرف کھینچ لیے محمد شفیع خان زمین پر گر پڑے انکی خواصی مین مرزا محمد امین خان باپ مرزا محمد تقی خان کے تھے جب محمد شفیع خان کی سواری کے ڈنکے کی آواز سنی جلد ہاتھی پر سوار حوضہ ہندوستانی مین اضطراب سے انکی پگڑی ڈھیلی ہو جھک کر گر پڑی لوگون نے کہا یہ شگون بد ہوا آپ نجائیے نمانا جب میدان و غا مین پہونچے چاہا کہ ہاتھی پر کھڑے ہو کر محمد بیگ کو تلوار مارین اونسے دفعتہً اپنے ہاتھی کو بٹھا دیا یہ جھونک مین تلوار کے گر پڑے محمد بیگ نے اپنے ہاتھی سے کچلوا دیا مشکل سے لاش ملی اکبرآباد مین دفن ہوے زبانی میر سید علی خان رسالدار۔

مرزا بزرگ کا دوسرا بیٹا جنسے بڑا بیٹا زین العابدین خان اور محل سے تھا نواب مجد قلیخان کی

بیٹی مسماۃ بڈھن صاحبہ سے بیاہا گیا جو نواب برہان الملک کی نواسی محمدی بیگم کے پیٹ سے تھا ایک بیٹی ایک بیٹا ہوا بیٹی بن بیاہی مرگئی بیٹا جسکا نام مرزا بزرگ تھا نواب شجاع الدولہ کی بیٹی سے منسوب ہوا وہ بھی بے اولاد مرگئی مرزا بزرگ کی دوسری بی بی سے ایک بیٹا ایک بیٹی ہوئی اور وہ خود حالت جنون مین مرگئے اونکا بیٹا قائم علیخان مرزا برہان الدین حیدر مرزا جنگلی کی پوتی سے بیاہا گیا اونکی بہن مرزا مذکور کے بیٹے نواب زا سے منسوب ہو کر مرگئی اوس سے تین بیٹے رہے۔

نواب محمد قلی خان مرزا محسن کا بیٹا جب ہندوستان مین آیا جسے آغا بابا کہتے تھے نواب صفدر جنگ نے صوبہ اراکبر آباد کیا وہ پہلے محمدی بیگم نواسی برہان الملک کی بیٹی سے منسوب ہوا اونسے ایک بیٹی بڈھن صاحبہ مذکورہ تھی بعد اونکے مرنے کے میر شاہ میر کی چھوٹی بیٹی مشہور بی بی کلان سے نکاح کیا جس سے نیشاپور مین پہلے منسوب ہو چکا تھا اوس سے ایک بیٹا مرزا جعفر ہوا اور محمد قلی خان کا ایک بیٹا دوسری بی بی سے محمد علیخان ہوا یہ مرزا جعفر سے دو برس بڑا تھا محمد علیخان کا بیاہ نہوا مگر بیبیان بہت تھین۔

محمد علیخان کے ۵ یا ۶ بیٹے چار پانچ بیٹیان تھین بڑا بیٹا مرزا احمد علیخان داماد جنت آرامگاہ دوسرا مقرب الدولہ مرزا مہدی علیخان مسماۃ پوتی بیگم حضرت خلد مکان جو بادشاہ بیگم کے پیٹ سے تھین منسوب ہوے وہ جنت آرامگاہ کے زمانے مین مرگئین ایک بیٹا دو بیٹیان چھوڑ کر۔

نواب محسن الدولہ داماد حضرت فردوس منزل حضرت خلد مکان کی سلطنت مین متخذ ہوے انکے کئی بیٹے طفولیت مین مرگئے ایک بیٹا مرزا عالی قدر ہے جسکی شادی حضور عالم کی بیٹی سے ہوئی دو بیٹیان حاجی بیگم و زہرا بیگم جنمین بادشاہ بیگم نے پرورش کیا تھا مرزا ابو تراب خان دوسرے مرزا ابو القاسم خان مرزا ابو طالب خان کے دونون بیٹون سے شادی ہوئی۔

مرزا اکبر علیخان محمد علیخان کے بیٹے کی شادی مرزا جعفر کی بیٹی سے ہوئی زمانہ ترقی مرزا حاجی مین جو مقرب خاص حضرت خلد مکان کے تھے۔

نواب برہان الملک نے اپنی بڑی بیٹی کی شادی اپنے بھانجے نواب صفدر جنگ سے کی

اور نواب کے جیتے جی اونکے نائب بھی تھے بعد مرنے نواب کے خلعت شاہی اونکے چھوٹے بیٹے کو ہوا قضارا وہ عارضۂ چیچک سے طفولیت مین مرگیا یا کسی عارضۂ دنیا سے واللہ اعلم جیسا اکثر جانتے ہین اوسوقت نواب صفدر جنگ کو اصالتاً خلعت ہوا صوبۂ اودھ اور صوبۂ اکبرآباد کا انھون نے نواب عمدۃ الملک امیر خان سے صوبۂ الہ آباد سے اکبرآباد کا معاوضہ کرلیا کہ قریب صوبۂ اودھ ہی۔

نواب صفدر جنگ کا اکلوتہ بیٹا مرزا جلال الدین حیدر لقب شجاع الدولہ نواب صفدر جنگ کو محمد شاہ بادشاہ سے پہلے دارد عگی تونچانہ دیکر میر آتش کیا تھا جب احمد شاہ درانی کابل لاہور تک پہونچا بادشاہ نے قمرالدین خان وزیر اعظم کو مع نواب صفدر جنگ اپنے بیٹے احمد شاہ کے ساتھ روانہ لاہور کیا اتفاقاً وزیر اعظم و ہان مارا گیا نواب نے درانی کو شکست دی دہلی سے خبر انتقال بادشاہ پہونچی احمد شاہ بادشاہ ہوے نواب صفدر جنگ اپنی حسن تدبیر و یاوری اقبال سے وزیر ہوے۔

اسکی تفصیل اکثر کتب تواریخ اور محققین کو معلوم ہی انکی قوم بیات قراقون لوقوم مغل ہی ہی بعض کہتے ہین قزلباش۔

مختصر یہ ہی قرایوسف قوم ترک جسوقت لڑائی مین مرزا شاہرخ بیٹے امیر تیمور کے قبل از معرکہ بسبب درد گردہ اور کثرت قے سے مرگئے اونکا بیٹا جہان شاہ والی ریاست تبریز ہوا بعد اونکے اونکا بھتیجا بداغ شاہ ہوا اوسکے بعد اونکا بیٹا حسین علی مرزا اسی طرح بتدریج تسلط ہوتا چلا آیا اونکا بیٹا نامر مرزا پھر اونکا بیٹا منصور مرزا حاکم ریاست ہوا اور انھین کے عہد دولت مین شاہ عباس اول کا ایران مین تسلط ہوا اوسنے سرکشان ترک کو زیر و زبر کیا تا انیکہ منصور مرزا بھی اسیر ہوا اور حکم بادشاہ یہ ہوا کہ اب سب ترک جتنے ہین نیشاپور مین جاکر رہین و ہان منصور مرزا کیواسطے جاگیر مقرر ہوئی جب یہ حاکم جاگیر ہوے بہت بخوبی بسر کی جب مرگئے محمد قلیخان بیگ اونکا بیٹا تجویز ترکان رئیس ہوا اسی طرح بعد اونکے اونکا بیٹا جعفر خان بیگ حاکم ہوا بعد اونکے محمد قلیخان بیگ اونکا بیٹا مسند ریاست پر بیٹھا انکے دو بیٹے تھے محمد شفیع خان بیگ اور جعفر خان بیگ محمد شفیع خان کے سوائے

پانچ بیٹیون کے کوئی بیٹا نہ تھا جعفر خان بیگ کے دو بیٹے تھے مرزا محسن بخطاب عزت الدولہ دوسرے مرزا محمد مقیم مخاطب منصور علیخان صفدر جنگ۔

میر شاہ میر کا بیٹا جو نواب برہان الملک کی بہن سے تھا انکا بڑا بیٹا مرزا یوسف بڑا زبردست تھا تمام ایران مین بزور طاقت اپنا مثل نہ رکھتا تھا اسی باعث سے نادر شاہ نے بدغا گرفتار کرکے اندھا کرڈالا تھا۔

انکا بڑا بیٹا سید محمد خان دوسرا شاہ میر خان تیسرا مرزا محمد امین خان یہ تینون مرزا محمد شفیع خان بھائی جعفر خان بیگ کی بیٹی سے تھے اور دو بیٹے مرزا جعفر اور مرزا غیاث الدین محمد خان مرزا محمد باقر کی بیٹی سے تھے جو داروغہ فراش خانۂ روضۂ حضرت امام رضا علیہ السلام کے تھے لیکن بڑا بیٹا سید محمد خان آمنہ بیگم سے بیاہا گیا جو چھوٹی بیٹی نواب برہان الملک کی تھی انسے ایک بیٹی شمس النسا بیگم مشہور توکل صاحبہ وہ مرزا جعفر نواب محمد قلیخان کے بیٹے سے بیاہی گئی جو نواب محمد خان کی پھوپھی کے پیٹ سے تھا اونسے اولاد نہوئی مگر سردار مرزا سید دو کے بیٹے کو وقت پیدائش بہمرعزیز و اقربا اپنی فرزندی مین لیا تھا کہ میرے بعد میرا وارث ہوگا جسنے تھوڑے دن ہوے انتقال کیا۔

مرزا جعفر کے چار بیٹے تین بیٹیان دوسری بی بی سے منجملہ بیٹا مرزا محمد یوسف کا شاہ میر خان اپنے چچا مرزا نصیر الدین حیدر خان کی بیٹی سے جو نواب برہان الملک کی بیٹی سے تھا بیاہا گیا اونکی بی بی بیٹا جنکر مرگئی اور آپ عالی گہر بادشاہ کے ساتھ نواب بخیف خان کی لڑائی مین مارا گیا چھوٹا بھائی مرزا محمد امین خان نصیر الدین خان کی چھوٹی بیٹی سے بیاہا گیا یعنے نواب برہان الملک کی نواسی انجم النسا بیگم مشہور کھیتو بیگم سے اونسے چار بیٹے دو بیٹیان ہوئین بڑا بیٹا مرزا محمد نصیر خان دوسرا مرزا محمد تقی خان انسے چھوٹی بہن قدسیہ بیگم اور چھوٹا بھائی مرزا علی نقی عرف مرزا جو اور سب سے چھوٹی بہن سات برس کی ہوکر مرگئی اور ان سب سے چھوٹا بھائی مرزا محمد یوسف عرف مرزا ابو تراب برس کے سن مین بسبب اپنی شہسواری کے گھوڑے سے گرکر مرگیا۔

مرزا محمد نصیر خان اور مرزا محمد تقی خان کو نواب آصف الدولہ نے خورد سالی مین مثل

فرزندون کے پرورش فرمایا تھا چنانچہ مرزا محمد نصیر خان کی شادی حسن علیخان کی بیٹی سے ہوئی جسے جناب عالیہ یعنے نواب شجاع الدولہ کی مان نے پرورش کیا تھا اور لطف النسا بیگم مشہور بہ بنت نواب شجاع الدولہ انھین جناب عالیہ نواب آصف الدولہ کی مان نے پالا تھا و مرزا محمد تقی خان سے بیاہی گئین انکی حقیقت پرورش سے اکثر معتمدین فیض آباد واقف ہین واللہ اعلم۔

مرزا محمد تقی خان کی بہن قدسیہ بیگم مرزا محمد ابراہیم عرف مرزا سید سے منحذا ہوئین مرزا علی نقی عرف مرزا جو جمنی بیگم صاحبہ نواب شجاع الدولہ کی بیٹی سے بیاہے گئے۔

مرزا محمد نصیر خان کا بیٹا مرزا شاہ میر خان فاطمہ بیگم صاحبہ مرزا محمد تقی خان کی بیٹی سے انکا بیٹا ولیہ الدولہ عرف مرزا حیدر مسماۃ مولا بیگم مرزا محمد نصیر خان کی بیٹی سے مرزا حیدر کے تین بیٹے نواب بہادر جسکی شادی دوسری نواب معتمد الدولہ کی چھوٹی بیٹی سے ہوئی جو خرد محل سے تھی وہ بھی مرگئی ایک بیٹی ایک بیٹا نور رشید مرزا چھوڑ کر نواب بہادر بھی مرگئے انکی بیٹی کی شادی نواب ولہ بھانجے نواب معتمد الدولہ کے بیٹے سے ہوئی جو قیم کانپور ہین نور رشید مرزا کی شادی نواب سعید الدولہ کی بیٹی سے ہوئی وہ قضا سے مرگئی مرزا والاجاہ عالیجاہ کی شادی نواب منور الدولہ کی بیٹیون سے ہوئی جو زمانہ وزارت نواب منتظم الدولہ تھا مرزا حیدر کی بیٹی کا عقد خلد مکان کے زمانے مین نواب حسین علیخان نواب جعفر علیخان کے بیٹے سے ہوا رسم رخصت عروس نہ ہوئی وہ بھی مرگئی صاحبزادے بھی بعد چند سال کے مرگئے انھین نواب مبارک محل نے باجازت حضرت خلد مکان اپنا بیٹا کیا تھا۔

مرزا شاہ میر خان کے تین بیٹے نواب مرزا نواب میر کلو کی بیٹی مسماۃ وزیر بیگم سے بیاہا گیا دو بیٹے دو بیٹیان چھوڑ کر مرگئی نادر مرزا مرزا غیاث الدین محمد خان کی بیٹی سے اور صاحب مرزا مرگیا۔

مرزا شاہ میر خان کی بیٹی مسماۃ نواب بی بی حضرت خلد مکان کے عہد دولت مین آغا علیخان نواب معتمد الدولہ کے بڑے بیٹے سے شادی ہوئی۔

آغا علیخان جب اپنی مان خورد محل کے ساتھ روانہ کربلا معلے ہوے کاظمین علیہم السلام مین

انتقال کیا نعش کو کربلائے معلےٰ مین لیجاکر دفن کیا رواق روضۂ مقدسہ مین انکی زوجہ اور اولاد کو سرکار سے وخیقہ حسب تقسیم شرعیہ ملتا ہی۔

مرزا سید کے چار بیٹے دو بیٹیان بڑا بیٹا سلطان مرزا معصومہ بیگم مرزا جعفر کی بیٹی سے کتخدا ہوا اونکے دو بیٹے دو بیٹیان۔

مرزا سید کی بیٹی نواب سید محمد خان سے بیاہی گئی وہ بیٹا مرزا غیاث الدین محمد خان کا پوتا مرزا یوسف خان کا جو نواب نجف خان کی بیٹی سے تھا۔

بہادر مرزا کی شادی انکے چچا مرزا ابو طالب خان کی بیٹی سے ہوئی انکا بیٹا شمس الدین محمد مرزا مرزا ابو تراب خان کی بیٹی سے بیاہا گیا اور دو بیٹیان ایک کی شادی مظفر مرزا نواب مظفر الدولہ کے بیٹے سے ہوئی دوسری بیٹی اولاد سعادت خان مین کسی سے بیاہی گئی۔

تیسرا بیٹا مرزا سید وکا سردار مرزا انکی پہلی شادی مسماۃ حضرت بیگم مرزا حیدر کی بیٹی سے ہوئی بعد اوسکے مرنے کے دوسری بیٹی مسماۃ مہدی بیگم سے ہوئی انسے ایک بیٹا مرزا محمد حسین خان ہوا جوانہ مرگ مرگیا انکی ماں بھی مرگئی۔

ایک اور بیٹا مرزا علی حسن کسی محل سے ہوا جسکی شادی نواسی مرزا حیدر نواب آفتاب علیخان کی بیٹی سے ہوئی۔

مرزا سید کا چھوٹا بیٹا شوکت الدولہ علی مرزا کی بنارس مین نواب شمس الدولہ کی چھوٹی بیٹی سے شادی ہوئی۔

سید محمد خان عرف مرزا سید و مرزا جعفر کا بیٹا جمنی بیگم صاحبہ سے غلام رضا خان مرزا حسن رضا خان کے سگے بھائی کی بیٹی سے کتخدا ہوا اور دو بیٹیان جنکا احوال گذرا مرزا سید کے دو بیٹے مرزا برہان الدین حیدر مرزا عصمام الدین حیدر مرزا برہان الدین حیدر باتہام شمول فساد مرزا جعفر جسمین قدر تباہ و پریشان ہوکر رئیس رامپور کے پاس نوکر ہوئے اور بعد کئی برس کے لکھنؤ آکر مرگئے انکا وثیقہ سرکار سے جاری ہوا۔

بعد انتقال جمنی بیگم پھر عزت النسا بیگم سے مرزا جعفر کا عقد شرعیہ ہوا مگر عزت النسا بیگم بے اولاد رہین مگر اور محل سے اولاد ہی۔

مرزا محمد یوسف کے دو بیٹے دوسری بی بی سے جیسا مذکور ہوا مرزا جعفر بڑا بیٹا

بائیس برس کا بن بیاہا مرگیا سبب یہ ہوا کہ نواب شجاع الدولہ کے لشکر مین ایک دفعہ آندھی آئی اس شدت سے کہ لشکر مین سب خیمے گر پڑے مرزا جعفر نے اپنے تینون بھائیون سے کہا تم ایک چوب خیمے کی تھامے رہو مین اکیلا دوسری چوب تھامے رہونگا پس ایسا زور و قوت کیا کہ آندھی سے چوب کو گرنے نہ دیا اسی زور سے اونکے دونون گردے پھٹ گئے ادھر ہوا کے موقوف ہونے سے چوب کو چھوڑا ادھر اونکی روح نے مفارقت کی۔

انکے بھائی غیاث الدین محمد خان ایک شخص لاتیی مشہور قاسم بیگ سبزواری کی بیٹی سے متولد ہوے اوس سے ایک بیٹا دو بیٹیان ہوئین مرزا حسام الدین حیدر خان دہلی مین نواب نجف خان کی بیٹی سے بیاہا گیا اونسے دو بیٹے ایک بیٹی ہوئی دوسری بی بی سے دو بیٹے ہوے بعد اوسکے غیاث الدین محمد خان نے نواب نجف خان کی بیٹی سے بیاہ کیا اونسے ایک بیٹا نواب سید محمد خان ہوا جسکا ذکر گذرا وہ بھی بے اولاد عارضہ جذام سے مرگیا قصد زیارت کربلاے معلے کیا تھا سنجا سکا شاعر ہندی بہت خوب تھا رند تخلص ہزار ہا روپیہ صرف کیا۔

تیسری بیٹی نواب برہان الملک کی مسماۃ بندی بیگم نواب کے بھتیجے سید محمد خان سے منسوب تھی جسکا خطاب سیادت خان تھا اونسے ایک بیٹا میر محمد باقر عرف مرزا بندہ ہوا وہ سنگی بیگم صاحبہ بڑی بیٹی نواب شجاع الدولہ سے بیاہا گیا اونسے اولاد نہوئی مگر قدرت خدا سے سن پیری اسی برس مین ایک بی بی سے جعفر علیخان پیدا ہوا دلیر الدولہ مرزا حیدر کی بیٹی سے متولد ہوا ایک بیٹی بھی ہوئی وہ ملفوظیت مین مرگئی۔

حضرت خلد مکان کے زمانہ مین مرزا بندہ نے فیض آباد مین انتقال کیا ۱۳ سو ماہواری کی تنخواہ تھی سرکار شاہی سے پوری تنخواہ جاری نہوئی اس جہت سے کہ جعفر علیخان صغر سن تھا حسب سررشتہ دو سو روپے ماہواری جاری ہوئی باقی تنخواہ خزانہ ظفر الدولہ مین بامانت رہی جب زمانۂ عدل انصاف حق داردن کا جنرل سلیمن صاحب بہادر کی رزیڈنسی مین مشتہر ہوا جعفر علیخان نے بھی پیش صاحبان خود غرض زمانہ دعوی تنخواہ سابق امانت سرکار کا کیا صاحب بہادر نے ازراہ انصاف پرچہ پیام امداد تنخواہ سائل کا سرکار شاہی مین بھیجا یہان

اہلکارون نے بلطائف الحیل چالیس ہزار روپیہ پیش کیے صاحب عادل نے بہت جد وجہد سے پوری تنخواہ ابتدا سے دلوادی شاید ستر ہزار روپیہ ہوا تھا اسمین ایک انگریز صاحب بھی شامل وکالت ہوگئے تھے چالیس ہزار لیکر وہ تو راہی لندن ہوے دو صاحب اور صاحبان لکھنؤ سے تھے اونھین چراغی ملی باقی قبنار رہا ہو جعفر علی خان کو ملا انکا سامان نوابی درست ہو گیا ۱۳ سو ماہوار ہی ملنے لگے دروازہ عیش وعشرت کھلا اور مرغ بازی کئی برس تک خوب رہی ۔

جب فساد لکھنؤ ہوا اور زمانہ بیقرو غ شاہ جی ہوا جعفر علیخان بھی لئے اور مجبوری پیالہ شاہ جی کا نوشجان کیا جب عملداری سرکار ہوئی معتوب ہوے بعد کئی برس کے دو اوڈھ نکلے عدالت سے پھر تنخواہ بدستور جاری ہوئی مگر نہ بسر اوقات فقط بی بی کی تنخواہ پر تھی انکے بیٹے نواب مہدی علیخان کی شادی نواب یحیی علیخان کی بیٹی سے ہوئی جسے نواب ممتاز محل حضرت خلد مکان نے مثل اپنی بیٹی کے پرورش کیا تھا جب بدستور تنخواہ جاری ہوئی چندے وہی صورت سابقہ ہونی شروع تھی کہ دفعتہً مادہ صرع سے شہر جمادی الثانی ۱۲۸۰ ہجری مطابق ۱۸۶۳ء انتقال کیا۔

نواب سیادت خان کی دوسری بی بی سے ایک بیٹا مرزا گھیسٹا اوسکی شادی ستی بیگم نواب شجاع الدولہ کی بیٹی سے ہوئی انکی دو بیٹیان ایک بیٹا منجھلے آغا کربلائے معلے جا کر زائر بھی ہوا۔

نواب سیادت خان کا بڑا بیٹا نواب ہان الملک کا بڑا بھائی نواب شیر جنگ اوسکی شادی نواب ذوالفقار کی بیٹی سے ہوئی وہ بیٹا نواب سعد خان وزیر عالمگیر بادشاہ کا تھا مگر اس سے اولاد نہوئی اور بی بی سے ہوئی وہ بھی مرگئی۔

نواب شیر جنگ کا پوتا مرزا سنگی حسن علیخان کی بڑی بیٹی سے بیاہا گیا اوس سے ایک بیٹی ہوئی وہ نواب علیخان کے بیٹے سے منسوب تھی وہ ایک بیٹی چھوڑ کر مرگئی جسکی شادی صاحب زادہ مرزا شاہ میر خان کے چھوٹے بیٹے سے ہوئی۔

ایک بیٹی نواب سیادت خان کی نواب موسی خان سے منسوب ہوئی جو نیشاپور کے امرا سے تھا اونکا بیٹا عباس قلیخان اسی برس کے سن مین بے اولاد مرگیا۔ والسلام

ذکر اجمالی نواب نجف خان مرحوم

ذوالفقار الدولہ نجفی الملوک نواب نجف خان کا نسب بادری صفویہ تک ہوا انکی بہن مسماۃ بیگم صاحبہ مرزا محسن نواب صفدر جنگ کے بھائی سے منسوب تھی جب مرزا محسن مر گئے نواب نجف خان نو برس کے تھے نواب محمد قلیخان نے انھیں مثل اپنے بیٹے کے پرورش کیا تھا بہت چاہتے تھے جب وہ ان کے سالدار کیا بعد مرنے نواب محمد قلیخان کے بادشاہ عالی گہر نے انھیں بتدریج مراتب امیرالامرا کیا از لبکہ جرات ذاتی رکھتے تھے اپنی یاوری اقبال و زبردست شمشیر تقریباً چار کرور کا ملک راج شاہجہان آباد مع قلعجات وغیرہ اپنی حکومت میں لائے مگر مدت حکومت ریاست میں بسبب بے انتظامی خودسری کے کبھی چین نہ پایا اور نہ انتظام جیسا چاہیے تھا کر سکے ہمیشہ گذران مثل عرب صحرائی بادیہ نشین کے رہی ولے انتظام خودسر فوج کا بھی ظاہر تھا اس بہت سے بنیاد ریاست کو قیام نہو سکا اونکے بعد دفعتہ ایک جھونکے ہوائے خلاف سے نشان بھی باقی نرہا مثل حباب آب یا ست ہی اہل لشکر ہر روز خون ناحق و ظلم بیجا پر کمر باندھے رہتے تھے کبھی انجام کار کو نہ سمجھے اپنے زعم ناقص میں ہر سردار و افسر اپنے تئیں نواب جانتا رہا اکثر ثقات جو شریک یا ملازم لشکر میں تھے حکایات ظلم و تعدی بیان کرتے ہیں یہی سبب نفور ملازمین تھا کہ ہر روز سو پچاس کسی تکرار بیجا سے مارے گئے اوسی قدر اور نوکر ہوئے اس تفصیل شرح فضول کو ایک کتاب چاہیے۔

غرض نواب نجف خان کی دو بیٹیاں بڑی مرزا غیاث الدین محمد خان سے چھوٹی مرزا محمود خان ابن محمد خان کے بیٹے سے منسوب تھی جو بھائی کفایت خان دیوان المیر شاہ کابل تھا لیکن سید موسوی جو انکی بی بی ایک بیٹی بیٹا چھوڑ کر مر گئی بیٹا نواب محمد علیخان عرف نواب مرزا الجنسی بہادر شاہ بیٹی عالیہ سلطان بیگم مظفر الدولہ مرزا حسام الدین خان کے بیٹے سے منسوب تھی جو نواب نجف قلیخان کی بیٹی سے تھا۔

قطعہ تاریخ وفات نواب نجف خان

ای چرخ کج نہاد کمان پشت برنہاد	کز ہم حادثات نسازد خطا ہدف	زد بر نشانہ اشرف سادات را کہ بود
نسل سیادت صفوی از ذوشرف	شائستہ میوہ شجر باغ ہشت و چار	پاکیزہ جوہر دو گہر درۂ صدف
نجفی الملوک میر نجف خان شیر دل	کشور کشای ہند تبائید لاتخف	آن شجعی کہ دست چو بر دند ذوالفقار
سلطان لاقتاش ستودنی ہی خلعت	زد کلک حی توام عالی بخاک او	تاریخ سال یافتم این بیت نجف

تمت ۱۱۸۶ھ ۱۷۷۳ء

پہلا باب

ذکر احوال میر محمد امین نواب سعادت خان برہان الملک بہادر تا زمان سلطنت حضرت جنت مکان محمد امجد علی شاہ بادشاہ اودھ

جاننا چاہیے کہ ابتدائے خاندان عالیشان فرمانروا بادشاہان مملکت صوبۂ اودھ ذات خاص میر محمد امین موسوی نیشاپوری سے ہے یہ رئیس ملک خراسان نیشاپور کے ہین خاندان عالیشان سے بہادر شاہ بادشاہ شاہجہان کی سلطنت مین میر محمد نصیر باپ میر محمد امین کے اپنے بڑے بیٹے میر محمد باقر کو لیکر از راہ جہاز بنگالے مین آکر عظیم آباد مین سے شجاع الدولہ ناظم بنگالہ انکا خبر گیران ہوتا تھا وہین مر گئے۔

میر محمد امین اون دنون ولایت مین تھے سنہ ۱۱۲۰ ہجری مطابق سنہ ۱۷۰۸ع مشتاق باپ اور بھائی کے ہوکر ہندوستان مین آئے جب عظیم آباد پہونچے اپنے باپ کے مرنے کا بڑا صدمہ اوٹھا کر وہان سے اپنے بڑے بھائی کے ساتھ شاہجہان آباد آئے بعد تھوڑے دن کے نواب مبارز الدولہ سربلند خان کے جو صوبہ دار گجرات تھے نوکر ہوے پھر وہان سے برخاستہ خاطر ہوکر بموافقت واسطہ رائے رتن چند دیوان قطب الملک وزیر اعظم نواب عبد اللہ خان سنہ ۱۱۲۹ ہجری مطابق سنہ ۱۷۱۶ع مین سندیلہ ڈول بیانہ ۸ لاکھ روپیہ تحصیل کے لیکر انتظام اوس علاقہ مین مشغول ہوے اونھین دنون نواب محمد تقی خان صوبہ دار اکبر آباد کی بیٹی سے عقد کیا اسکے پیشتر سید طالب محمد خان آصف جاہ کی بیٹی انکے عقد مین تھی اور اسکے بھی پیشتر ایک بیٹی خاندان عالیہ سے انکے عقد مین تھی وہ بے اولاد مر گئی اور اس حکومت مذکور مین نواب بیگم صاحبہ یعنے مان نواب شجاع الدولہ کی ۵ یا ۶ برس کی اپنے باپ کے ساتھ تھین انکی ولادت خانم صاحبہ سے ہوئی جنکا مقبرہ و باغ اعین آباد مین مشہور باغ پنڈا ہین ہے۔

مختصر حال ترقی جاہ نواب یہ ہے کہ جب محمد شاہ بادشاہ دہلی ہوے سادات بارہہ کا سلطنت مین تسلط تام تھا اور اختیار کلی جسے چاہتے تھے بادشاہ کر دیتے تھے پھر اوسے قتل کر کے سلاطین مین سے دوسرے کو تخت نشین کرتے تھے جس طرح قتل فرخ سیر بادشاہ وغیرہ مشہور ہے چنانچہ جب محمد شاہ کو تخت نشین کرنے لگے انکی مان راضی نہ تھی خلاصہ انکی سفاکی وظلم و تعدی سے

سبب ارکان دولت بھی خائف و ترساں رہتے تھے اس جہت سے بادشاہ نے اپنی حکمت عملی سے قطب الدولہ وزیر اعظم کو انتظام ملک کن کے واسطے سنہ ۱۱۳۰ھ مطابق ۱۷۱۸ء مین روانہ کیا اوسوقت دہلی مین یہ مثل مشہور ہوئی اب آجگ ٹوٹا پوٹو انخواہ ماری جائیگی۔

خلاصہ جب محمد امین خان کو کنی کو نواب حسین علیخان سگے بھائی قطب الملک سے عداوت قلبی ہوگئی اونھون نے ایک دن میر حیدر خان کاشغری کو جو اونکا رفیق خاص تھا اونکے قتل کو بھیجا اوسوقت نواب حسین علیخان جھالردار پالکی مین سوار دربار بادشاہ کو جاتے تھے انھون نے عرضی دی نواب اوسے پڑھنے لگے پر وہ موقع چھرا اونکے پیٹ مین مار کر تمام کردیا لیکن اوسی وقت نواب کے بیٹے نے بھی اونکا کام تمام کردیا مشہور ہے کہ حسین علی خان رات خواب دیکھ چکے تھے کہ جناب میر علیہ السلام نے فرمایا بلغ وعدک غلب عدوک اوسکی تعبیر صبح کو ظاہر ہوئی۔

جب خبر قتل قطب الملک کو پہونچی اپنی فوج لیکر دلی پھر آئے اور قبضے اونکے متوسلین نامور تھے اونکو خط قطب الملک نے لکھا کہ میرے شریک حال ہو چنانچہ نواب برہان الملک کو بھی خط اس مضمون کا بھیجا کسواسطے کہ انکی ترقی جاہ کا باعث اونکا دیوان ہوا تھا لیکن نواب نے بغور و تامل حقوق سلطانی اور اپنی نیکنامی دنیا کو مقدم سمجھا اور فرمان شاہی بھی طلب کا پہونچا تھا بموجب حکم شاہی ۱۴ ہزار سوار و پیادہ جرار لیکر اپنے علاقے سے روانہ ہو داخل شاہجہان آباد ہوے نواب حیدر قلیخان میر آتش نے بادشاہ سے اونکی بہت تعریف کی بادشاہ خدا سے ایسا شخص جرار چاہتے تھے کہ وہ عبداللہ خان کا استیصال کرے غرض انھین کے وسیلے سے حاضر حضور شاہی ہونے لگے آخر خطاب نواب سعادت خان برہان الملک پایا جب مقابلہ عبداللہ خان ہوا بعد قتال و جدال وہ نھین گرفتار کرلائے پس نواب کی ایسی جانفشانی اور کارنمایان سے بادشاہ بہت خوش ہوے سنہ ۱۱۳۳ ہجری مطابق ۱۷۲۱ء کو نظامت صوبہ اکبرآباد عنایت فرمائی یہ روانہ ہوے۔

ایسے حالات کی تفصیل اکثر کتب تواریخ ہند مین ہے کچھ احوال مرزا محمد حسن قتیل نے بھی لکھا ہے اور اس عاصی کو فقط احوال سلطنت خاص منظور ہے جو محض سرکارین ہین

گذرا ہی سلسلے تعمیم پارینہ سمجھکر چھوڑ دیا مگر بضرورت ہر مقام لکھا ہی اب پہلے احوال شیوخ لکھنؤ سنا چاہیے

ذکر عروج و ترقی شیوخ لکھنؤ اور انکی بنای تسلط صوبۂ اودھ

ایک شخص شیخ عبدالرحیم ساکن قصبۂ بجنور متصل شہر مراد آباد مفلس و محتاج اپنے گھر سے تلاش معاش نکلا اور اپنی یاوری قسمت سے رفتہ رفتہ ملازم محمد اکبر بادشاہ شاہجہان آباد کا ہوا ایک مدت تک جانفشانی کرکے ایسی عزت پیدا کی کہ زیر تخت شاہی منصب امرا مین کھڑا ہونے لگا بادشاہ کو احکام نجوم پر اعتماد تھا ایکدن سب نجومیون نے باتفاق بادشاہ سے عرض کیا کہ دو دن دس ساعت تک آپکو جلوس تخت سلطنت اچھا نہین اسواسطے صلاح دولت یہ ہو کہ اس مدت مجوزہ تک سلطنت ہندوستان کسی اور کے نام ہو جائے تو بہتر بادشاہ نے اس تجویز سے مشوش ہوکر شیخ عبدالرحیم خان کیطرف دیکھا اونھون نے اسے حکم حاکم مرگ مفاجات سمجھکر قبول کیا جب وقت مجوزہ مین فقط دو ساعت رہی بادشاہ نے پوشاک طلب فرمائی خواجہ سرا نے حاضر کی اتفاقاً تاج شاہی مین ایک سانپ تھا اوسنے خواجہ سرا کی اونگلی مین کاٹا دفعتہً زمین پر گرکر تصدق ہوا نجومیون نے عرض کی یہی آفت سماوی تھی جو اسپر گذری اب حضرت جلوس فرماوین۔

شیخ عبدالرحیم خان حسب الحکم تخت شاہی سے اترے بادشاہ نے جلوس فرمایا اور کمال مرحمت خسروانی سے سلطنت تین دن کی انھین عنایت فرمائی اور پرگنہ کوچ اور لکھنؤ جاگیر دی یہ علاقہ نظامت بہرائچ مین تھا شیخ بڑی دھوم دھام سے داخل لکھنؤ ہوے اور اطمینان بندوبست کیا پانچ محل اپنی پانچ جورؤن کیواسطے بنوائے جسے آجتک پنج محلہ کہتے ہین وہ اب داخل حصار قلعہ مچھی بھون ہوگیا ہی اور قلعہ مچھی بھون اپنے رہنے کو کنارہ دریاے گومتی بنوایا اوسکا مقبرہ قریب عیش باغ ہی جسے ندان محل کہتے ہین مشہور ہے کہ اس قلعہ مین ایک مکان کے ۲۶ دروازہ تھے ہر دروازے کیواسطے دو مچھلیان پتھر سے بنا دی تھین اس جہت سے اسے مچھی باون کہتے تھے اب کثرت استعمال سے مچھی بھون ہوگیا اسی طرح پشتیر کھمن ٹیلہ مشہور تھا جب شاہ پیر محمد اسپر مقیم ہوے اونکے نام سے مشہور رہوا

متعلقہ صفحہ ۳۵ جلد اول

مرزا محمد امین نواب سعادت خان برہان الملک بہادر

Saolut Khan Burhanoolmoolk.

غرض شیخ مذکور مدت تک بحکومت رہے جب مر گئے اونکی اولاد بترتیب ارث جاگیر رہی قصبہ اکبری داخل اکبرآباد نہین ہے۔

نواب ابوالمکارم خان کا احوال یہ ہے

شیخ ابوالمکارم بھی اسی قصبہ مذکور کے رہنے والے تھے یک چشم تھے مگر بڑے بہادر اور شجاعت پیشان حال عالمگیر بادشاہ کی سلطنت مین فدائی خان صوبہ دار ملک اودھ تھا اوسکے گھوڑون کا اصطبل اوس پار دریا کے تھا ایکدن سائیس گھوڑون کو نہلانے دریا لیے جاتے تھے شیخ صاحب اپنے دروازے پر سرراہ بیٹھے ہوے تھے گھوڑون کے سُم سے کیچڑ اوڑکر انپر گری بہت خفا ہوے سائیسون نے بھی جواب سخت دیا شیخ نے چھری ایک سائیس کو ماری کئی زخمی کیے مگر صوبہ دار کے ڈر سے آوارہ وطن ہوکر شاہجہان آباد پہونچے بہادر شاہ بادشاہ کے نوکر ہوے ایک مدت تک کارنمایان کرتے رہے آخر کو صوبہ دار اودھ ہوکر آئے اور سیکڑون کانون زمینداردن سے بجور و ظلم لیکر مبنائے اپنے نام کر لیے اور ظلم سے زمیندار سرکشون کے سر لوسے کی موگری سے کچلوا کر انتظام صوبہ کیا آخر مر گئے اونکا مقبرہ مکارم نگر مین صحن مسجد مین ہے اولاد شیخ احمد بخش داروغہ دیوانخانہ نواب امین الدولہ اور شیخ حیدر بخش انکے سگے بھائی جو کلکتے مین عزت تھے شیخ حفیظ الدین اس قوم مین بہت صاحب اعتبار تھے بلکہ اولاد محمود قلندر سے لوگ کہتے ہین یہ فقیر بنگالی باغ لکھنؤ مین بتا تھا اور حاکم بھی اوسی محلے کا تھا بعض علوی بعض نبائی میہ بھی کہتے ہین واللہ اعلم رئیس اس قوم کے راجہ میان اور شیخ شبراتی باپ شیخ احمد بخش کے اور شیخ فقیر اور عسکری احمد بھی تھے۔

نواب برہان الملک بہادر کا صوبہ دار ہوکر داخلہ صوبۂ اودھ

خلاصہ ۱۱۳۹ ہجری مین بسوءت سے انتظامی اور خرابی اور سرکشی زمینداران و رئیسان صوبہ اودھ کی متواتر بادشاہ تک پہونچی ارکان دولت شاہی جو نواب سے مخالفت مذہب اور انکی ترقی جاہ و مالیہ اور خدمت گذاریون سے حسد و رشک رکھتے تھے

وقت خاص پاکر بادشاہ سے عرض کیا کہ اس صوبہ کے بندوبست وانتظام کیواسطے کوئی شخص ایسا معلوم نہین ہوتا کہ ایسے سرکشون اور متمردون کو جا کر سزاے قرار واقعی دے بادشاہ نے بھی انھین سب طرح لائق سمجھکر حسب دستور زرکوں خاعت صوبجاری فرمان عنایت فرمایا منافقین جنکے دلون مین تخم نفاق تھا بہت خوش ہوے مگر یہ نہ جانتے تھے کہ انکی سرسبزی اور یاوری اقبال ہوگی بظاہر سبھون نے مبارکباد دی لیکن اس زمانہ مین جو آپنے انتظامی سلطنت تھی فقط حکم شاہی کافی ہوا کچھ فوج سے اعانت نہوئی۔

نواب الاشان بھی مخالفین کی کارپردازی سمجھے مگر محض اپنی جرأت مردانگی اور تہور سے نظر بخدا کمر ہمت باندھی پہلے ازسرے نو آل نذیش قوم منگلیہ کو جمع کیا جو ہزارون بیکار یا اکثر بالار مین مشغول ہر کسب تھے یہ نوشجنری لشکر جمع کیا نواب نے کہا تمنے میرے بھائیو ہمشہری اگر اسوقت کے سوکھے ٹکڑون پر قناعت کروگے خدا چاہے تو ایکدن اس غرق نعمتی حق خدمت سے سرہ اوٹھا کر پلاؤ بھی کھاؤگے سبھون نے بجان ودل قبول کرکے کمر ہمت مردانگی باندھی کہتے ہین کہ نواب کے ان سوکھے ٹکڑون پر کئی ہزار منگل مفلس پریشان حال جمع ہوگیا لنبی کالی ٹوپیان سر پر رکھ ولایتی تلوار کمر مین باندھ آغا صاحب بنگش بعد ایکے نواب جب اپنی قوم کی بھرتی سے فارغ ہوے اپنے توپخانے سے کچھ توپین چنکر ساتھ لین اور جو کچھ گھر مین قسم زیور وغیرہ تھا اوسے بیچکر بیل توپون کے مول لیے اور جمعیت کثیر سے اکبرآباد آئے وہان کے صوبہ دار نے چاہا تدبیر ضیافت کرے نواب نے صلاح وقت سمجھکر زر نقد لیکر اپنی فوج مفلوک پر تقسیم کیا فی الجملہ سب کا سامان سفر درست ہوگیا وہان سے کوچ کر بریلی آئے یہان بھی وہی صورت دعوت پیش آئی بعد اسکے داخل فرخ آباد ہوے وہان کے نواب نے بڑی عزت وخاطر کی باقی سامان بھی درست ہوگیا بہت سے گھوڑے یا بوٹ مول لیکر منگلیہ کو تقسیم کیے وہان کے نواب نے یہ صلاح نیک دی کہ حال سرکشی اور تمردی شیوخ لکھنو کا ظاہر ہے ایسا نہو کہ مثل اورون کے آپکا بھی وہی حال ہوجاے اس قوم کی رفتار وکردار واعمال سے ہم خوب واقف ہین کسواسطے کہ ہمارے ملک سے حدود صوبۂ اودھ قریب ہے پس مناسب یہ ہے کہ آب دریاے گنگ سے اوتر کر یکایک داخل لکھنو نہوجیے گا

اوسکے قریات قریبہ مین توقف کیجیے گا بعد تدبیر مناسب زراہ حکمت عملی داخل ہونا معتبر ہوگا وہ تدبیر یہ ہو کہ درمیان شیوخ شہر اوقعیات بیر و نجات صورت موافقت نہین بلکہ عداوت ہو اور کمزور اپنے بالادست کے ہاتھ سے ہمیشہ تنگ رہتے ہین غالب ہو کہ وہ لوگ آپ کی حکومت کو اپنا وسیلۂ نجات و عافیت سمجھکر رہبر منزل مقصود ہون اور صلاح نیک تباوین مثل مشہور ہو کہ گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے غرض جب اقبال یاور ہوتا ہو بگڑی بنجاتی ہو نواب کنار دریاے گنگ پہونچے موسم برسات تھا دریا خوب چڑھا ہوا تھا مع لشکر پار اوترے مشہور ہو ایک شگون نیک اس سلسلت مین یہ کہ جب کشتی سواری نواب بیچ دریا مین پہونچی ایک مچھلی دریا سے جست کرکے دامن نواب مین آپڑی نواب نے اوسے شگون نیک جانکر مثل حرز رکھ چھوڑا چنانچہ اوس مچھلی کے استخوان سالم بہت احتیاط سے سرکار شاہی مین رہے منقاح الدولہ بہادر نے اس عاصی کو بھی اوسے دکھایا تھا اوسے تبرکاً تیمناً سمجھکر خزانہ مین رکھا تھا اسی طرح ایک نقل خواب نواب کی بھی مشہور ہو جسکا ثمرہ وزارت سے پھر بادشاہت کی تعبیر تھی۔

خلاصہ نواب نے پہلے خیمہ نواح قصبۂ کاکوری مین برپا کیا وہان کے شیوخ وغیرہ خلاف شیوخ لکھنؤ تھے نواب کا آنا اپنا مزید اقبال سمجھے اور شریک صلاح نیک ہوے اور سب طرح کے نشیب و فراز سے آگاہ کردیا کہ آپ مع فوج داخل شہر نہون وہان کے پستی و بلندی ٹیلون اور بیڑے سے بسلامت گذرنا مشکل پڑیگا کسواسطے کہ ہر مقام کمین پر سپاہی مسلح بیٹھے رہتے ہین خواہ نخواہ برسر فساد ہونگے پہلے اپنے آنے سے اونھین آگاہ فرمایئے اور مقام فرودگاہ لشکر پوچھیے موافق دستور قدیم وہ اوس پار گومتی کے کہلا بھیجین گے اوس وقت لشکر کو حکم دیکر وہین اپنا خیمہ نصب کروائیے گا اور تھوڑی سی فوج بھی روانہ ہوتا کہ اونھین داخلہ شہر سے غفلت ہو جاے چنانچہ یہی صورت ہوئی کہ عبور لشکر گاؤگھاٹ سے ہوا نواب رات کو مع فوج جرار کئی توپین لیکر بسلامت شیخن دروازے سے گذرے پہلے اوس تلوار کو جو اوسکی سقف مین نمائش نخوت و غرور و دبدبہ کے واسطے لٹکا رکھی تھی کہ صوبہ دار اودھ اوسکے نیچے سے چلا آئے نواب ہاتھی پر سوار تھے اوسکو کاٹ کر زمین پر گرادیا بعد اسکے خیمۂ خاص

روبرو سے پھاٹک مچھی بھون جہان آجتک نقار خانہ قائم ہے نصب کیا اوسوقت اکابر شیوخ دست بستہ حاضر ہوے اور بمجبوری سر جھکایا سمجھے کہ یہ کام بیگانہ نہین بلکہ یگانہ ہے بعد گفتگوے معاملات وانفصال مقدمات نواب نے فرمایا کہ ہمارے رہنے کو قلعہ مچھی بھون خالی کردو اونھون نے مہلت مانگی کہ ہمارے لڑکے چیچک مین گرفتار ہین جبتک وہ نھین غسل سے فراغت ہو نواب نے قبول کیا بعد ہفتے عشرے کے جسقدر مال واسباب تھا لیکر اٹھ گئے نواب داخل قلعہ ہوے اور جسقدر اسباب رہ چلے جاسکے تھے وہ نصیب غازیان ہوا اور ابھی نواب خیمے سے نہ اوٹھے تھے کہ شیخ صدرالدین محمد خان مجدالدین احمد خان عرف شیخ بھن بزرگ نواب معزالدین خان وغیرہ قریب سات سو کے سب قرابت دار قریبہ اور اصحاب خاص شہر اور شیوخ بیرونجات بھی حاضر تھے بعد قیل وقال اہل شہر نے جلکر عرض کیا کہ نوابصاحب گر ہماری قوم آپکی سہیری نکرتی تو آپکو اسطرح آنا یہان تک مشکل ہوتا نواب نے بھی بدرشتی جواب دیا اسپر طرفین سے نوبت کشت وخون ہوئی مگر فوج مغلیہ اونپر غالب ہوئی آخر بیچ بچاؤ ہوگیا بعض ناقل ہین کشت وخون ہوا واللہ اعلم اسی جہت سے نواب نے اسی مقام کو بنیاد فتح وفیروزی سمجھکر نقار خانے کا حکم فرمایا تھا ۱۶ یا ۱۶ ہزار اسکی تعمیر مین صرف ہوے جب یہ عرضداشت بادشاہ کو پہونچی دستخط ہوے این حق غازیان بود نہ حق مزدوران مشہور ہے۔

بہرحال اوسدن سے قلعہ مچھی بھون دارالامارت مقرر ہوا نواب کا تدریج تمام صوبہ پر تسلط ہوگیا اور زمیندار راجہ کمزور یہ حال سنکر سرحساب ہوگئے دست بستہ حاضر ہوکر رجوع بمعاملات کی پھر کسی نے ایسا سر نہ اوٹھایا۔

نواب صفدر جنگ بہادر کے عہد دولت مین پانسو روپے کرایہ بابت زمین پنج محلہ شیخون کہ ملتا تھا نواب شجاع الدولہ بہادر کے وقت مین فقط دوسو رہ گئے تھے اس جہت سے کہ نواب معزالدین خان کو نخوت وغرور سبت ہوگیا تھا جب سے ناموس نواب کو فرخ آباد کے پٹھانون کے شر سے بچایا تھا اور نواب بھی اونکے اس امر مین احسانمند تھے اس سبب سے کبھی نواب کے دربار نہ جاتے تھے شاید وہ کرایہ نامہ مہر کی نواب ورثہ

شیخ فقیر کے پاس ہو نواب آصف الدولہ نے بعوض محلات شیخین دروازہ وغیرہ جو قریب حسن باغ تھے زمین وسیع مفتی غلام حضرت کو اور دوگانوا ان اورکنڈل اولاد نواب عبدالرحیم خان کو عنایت فرمائی اور کرایہ کو موقوف کرکے حکم فرمایا کہ شہر کی چوری کا ذمہ کریں کیونکہ زمیندار ہین حق زمینداری لیتے ہین شیخون نے قبول نہ کیا اوسوقت سے محصول فروخت مکانات داخل سرکار ہونے لگا شیخ برلے نام زمیندار رہے۔

الغرض نواب کے حسن انتظام سے آمدنی صوبۂ اودھ جو بہمہ وجوہ ستر لاکھ سال کی تھی پہلے سال انکے انتظام سے ایک کرور سات لاکھ تحصیل ہوے آخر کو بعد کئی برس کے مع جاگیرات اجارہ جو اُمرائے سلطنت کی تعیین اور بسبب سرکشی زمینداروں کے ہرسال نقصان ہوتا تھا نواب کی سپردگی مین تعیین اس جہت سے قریب دکرور کے تحصیل ہوے جتنے نادہندہ وسرکش تھے حساب سے ہوگئے بعد مرور ایام جب جاگیرات کا زیروزبر ہوا وہ اجارہ داخل تحصیل صوبہ ہوا زبردست ہروقت مین غالب رہتا ہی جسطرح اس زمانے مین اکثر تعلقداروں کا علاقہ بڑھ گیا ہی نالش نہری کا مقدور کسے ہی جو غاصبون سے ازروے عدالت اپنی حقیت لے سکے بہرحال نواب کے عدل وانصاف اور انتظام سے سب طرح امن وامان ہوگئی اور جیسی کارو ہم سرکار مین نواب کا رگزار وجانفشان ہوے سرانجام کو پہونچا چنانچہ مقدمہ لڑائی باجی راؤ بیٹے بالاجی پیشوا اور سنبھوناتھ پیشوے دکن کا جو مقابلہ کئی لاکھ فوج گذار سے ہوا نواب نے ۱۴ ہزار فوج جرار سے ۱۱۵۱ ہجری مین ۱۷۳۸ء اونھین بیت پاکردیا یہ امر بھی نوادر روزگار سے ہوا اسکا ذکر اکثر تواریخ ہند مین ہی۔

لیکن معرکہ مقدمۂ نادرشاہ جو ۱۱۵۱ ہجری ۱۷۳۸ء مین ہوا اول بسبب غفلت وناسمجھی بادشاہ کہ ہمیشہ سے عادی عیش وعشرت کے ہوے تھے اور گفتار وکردار اپنے بزرگون کی بھی بھول گئے تھے جسطرح اونکی غفلت کی حکایات مشہور ہین دوسرے اختلاف راے ارکین سلطنت اور حسد ورشک نفسانی اور بے انتظامی فوج پھر کیونکر صورت انجام اور اصلاح حال کی ہوتی وگرنہ عجب ہی کہ بادشاہ ۵ لاکھ کثرت فوج اور ۸ ہزار توپ سے یون شکست فاش کھائے اگرچہ فی الحقیقت جیسا چاہیے لڑائی نہین ہوئی فقط سعادی یا موافق تجویز

نواب برہان الملک رہتے کسواسطے کہ یہ اپنی ہمقوم کی لڑائی سے البتہ خوب واقف تھے نادرشاہ کو اسطرح پھر جانا مشکل ہوتا کہ مالامال ہوکر ولایت گئے فی الحقیقت لڑنے سے لڑوانا مشکل رہا اور یہ علم پر موقوف ہے فقط جرات ذاتی کام نہین آتی جیسا اس فساد لکھنؤ مین گذرا تلنگے خود کہتے تھے کہ ہمارے لڑنے والے نہین جنکی تعلیم سے ہمنے سارے ہندوستان کو سر کیا چنانچہ نواب نے مکرر عرض کیا تھا کہ دلاوران خود سر سبقت نکرینگے تو بہتر ہے اور اگر تلوار گھسیٹکر اوپر جا پڑینگے پھر کچھ نہو سکے گا چنانچہ وقت لڑائی کے یہی صورت ہوئی بلکہ اوس تصور سے زیادہ پیش آئی —

اب مختصر شمول احوال نواب لکھا جاتا ہے کہ ٹھیک دوپہر کو نواب آصف جاہ نظام الملک دکن مع فوج داخل لشکر ہوا چاہتے تھے کہ لشکر نادری کے سواران قراولی سے مقابلہ ہوگیا نواب برہان الملک از بسکہ بہت خصوصیت آصف جاہ سے رکھتے تھے اونکے شریک حال ہوے قریب تھا کہ سواران قراولی پس پا ہوجائین امیر الامرا میر بخشی نواب خانجی دوران بہادر خبر لڑائی کی سنکر بہت متاسف ہوے کہ میرے سامنے نام نامی برہان الملک کا ہوجاے تھوڑے سے سوار اور کنبل پوش خاص لیکر جا پڑے ہرچند نواب نے داد بیداد کی کہ خبردار ان سوارون سے الگ ہوجاؤ مین زیر چہرہ توپ نہین دیتا ہون کون سنتا تھا وہ مثل شیر و شکر مل گئے وہان فقط ایک باڑہ جزائر شتر کی چلی سب کے سب بھنکر خاک پر گر پڑے اور دو چار طناب خیمہ شاہی تک پہونچکر کام آئے انکا بڑا نام ہوا —

دوسرے برگشتگی اقبال یہ ہوئی کہ نواب اور نواب شیر جنگ اوس وقت ہاتھیون پر تھے اتفاقاً دونون ہاتھی مست ہوکر اپنی شرارت حیوانی سے میدان پاکر لڑتے لڑتے اسیر حلقہ سواران نادری ہوگئے اوسوقت ایک سوار روبرو نواب کے آکر کہنے لگا کہ اے میر محمد امین تجھے کیا ہوا ہے کس سے لڑتا ہے مگر جمیت جلایت جاتی رہی یہ کہکر اوس سوار نے اپنے گھوڑے کی باگ دور حوضے پر پھینک دی سے پکڑ کر خواصی مین جا بیٹھا اور اپنے لشکر مین لے آیا بس خاتمہ جنگ ہوگیا پھر اوسسے زیادہ کون ایسا بہادر تھا جو مقابلہ کرتا سب کے وضو ٹھنڈے ہوگئے خلاصہ بعد نماز مغرب مین یہ دونون امیر اسیر حاضر حضور شاہ ہوے حکم ہوا

کہ یہ عزیزین ولایت ہین انھین احترام سے رکھو۔

نواب نے شاہ سے گستاخانہ عرض کیا کہ تین برس کے عرصے مین شاہ عالم پناہ رونق افروز ہندوستان ہوے بائیس صوبہ دار صاحب فوج دسوار و پیادہ و توپخانہ ہین سوائے فوج شاہی کے حضور کو انسے بسلامت پھر کر جانا مشکل ہے یگانہ خیر یہان تک جس طرح سے ہو حضور خوب جانتے ہین اگر یہین سے تصفیہ برادرانہ ہوجاے تو کیا قباحت ہے کس واسطے کہ جنگ و سزا دہی غلام کی عقل ناقص مین مراجعت بہتر ہے شاہ نے بھی بغور و تامل اس صوابدید کو پسند کیا اور فی الحقیقت شاہ کو ہندوستان کا لینا بھی منظور نہ تھا ورنہ شاید دوسری صورت ہوتی خلاصہ مشہور یہ ہے کہ مجموع دو کرور پر تصفیہ ہوچکا تھا صبح کو آصف جاہ نظام الملک شرف ملازمت نادری کو آئے نواب نے اپنا دوست خالص جانکر بدست کندہ سب احوال بیان کیا کہ تم بادشاہ سے جاکر یہ عرض حال کرو انھون نے ازراہ طمع نفسانی اپنا رسوخ و جانفشانی سے ظاہر کرکے بادشاہ سے عرض کیا کہ غلام نے بڑی جدوجہد سے شاہ کو اسقدر روپے پر راضی کیا ہے کہ وہ یہین سے پھر جائینگے بادشاہ بہت خوش ہوے اور سمجھے کہ انھون نے محض ازراہ خیرخواہی یہ صورت ٹھہرائی ہے بے تامل اس جلد و خدمت مین بادشاہ نے امیرالامرائی پر سرفراز کیا حالانکہ نواب برہان الملک خود تمنی اس منصب جلیلہ کے تھے کسواسطے کہ حسب دستور وزیر اعظم مستحق اس منصب کا ہوتا ہے پس یہی امرانکی مایوسی اور ناگواری بلکہ بدنامی عوام کا باعث ہوا۔

الغرض جب صورت تصفیہ خلاف برخلاف ہوئی چار و ناچار محمد شاہ سوار رتھ ہاتھ مین بیراگی فقیر الیکر سوار ہوے مگر شاہ جہاں نے اپنے بیٹے کو حکم استقبال کیا اور خود لب فرش استقبال شاہانہ کرکے مسند نشین ہوے محمد شاہ کا کلمات یاس کہنا اور شاہ کا جواب معقول دینا مشہور ہوا اور یہ مقام کرنال ۶۰ کوس دلی سے ہوا۔

خلاصہ بعد داخلہ شاہ دلی مین جو خون ناحق ہوا وہ بھی ظاہر ہے ۳ ساعت تک قتل عام کئی محلون مین ہوا بہرصورت بربادی رعایا اور توہین سلطنت جو ہوئی تھی ہوئی بقول مرزا رفیع السودا ؎ دسوین کا تو احوال ہے آفاق مین مشہور ہے مشہور ہے کہ بائیس کرور نقد

خدا سے ڈر کر جناب عالی سے عرض کیا کہ ازراہ عطیہ عوض خدمت و انعام صاحبات محل نے یہ انگشتری سلیمانی عنایت فرمائی ہے جناب عالی دل مین کچھ سمجھ کے خاموش ہو رہے اور اوس محل کا دروازہ چنوا دیا حکیم صاحب اسپر بھی مطمین نہ ہوے بلکہ ہر روز خوف دہ یہ جناب عالی بڑھتا گیا کہ جب جناب عالی مجھے دیکھتے ہونگے ممکن نہین کہ یہ خیال خاطر اقدس مین نہ گذرتا ہو یہ حکیم باخدا تھے اگر اس زمانے کے ہوتے کیا کرتے جیسا حکماے عالی خاندان کا اکثر صاحبات سے کالشمس ظاہر ہوا آخر بعد چند روز کے عرض کیا کہ غلام نے صحت حضور کے واسطے نذر زیارت کربلاے معلےٰ کی تھی امیدوار رخصت ہون جناب عالی نے بخوبی رخصت فرمایا نواب بیگم صاحبہ نے اپنے باپ کی ہڈیان انکے سپرد کین کہ زمین ارض اقدس مین دفن کر دینا یہ زمانہ نہین تھا کہ لکھنؤ سے نعش بسلامت کربلا پہونچتی ہے یہ خوبی ریل و جہاز دخانی اور طمع دنیا ہے چنانچہ مدت عمر تک حکیم صاحب مجاور ارض اقدس رہے ایک اوطاق پہلوے ایوان روضۂ مقدسہ ہے اوسمین رہتے تھے جب زمان نواب آصف الدولہ مین بلوا داخل کربلا ہوے قتل عام کیا انھین بھی وہین ذبح کیا شاعر فارسی تھے یہ اونھین کا شعر ہے

در سایہ دیوار امام مقتول آسودہ بخواب
ذرہ کہ سعیت مقتول بھی تخلص تھا

متعلقہ صفحہ ۵۴ جلد اول

مرزا محمد مقیم ابو المنصور خان نواب صفدر جنگ بہادر

Sufdar Jung.

نمبر ۶

مسند نشینی ابو المنصور خان صفدر جنگ بہادر

جب نواب برہان الملک نے انتقال کیا محمد شاہ نے اونکے بیٹے صغیر السن کو عہدۂ جلیلہ آبائی پر بہ خلعت سرفراز کیا مگر کارفرمائی بدستور سابق محول مرزا محمد مقیم ابو المنصور خان نواب صفدر جنگ بہادر پر رہی قضا را انکی یاوری اقبال سے وہ صاحبزادہ بظاہر عارضۂ چیچک سے مرگیا یا کسی اور صورت سے جیسا کہ ثقات کہتے ہین واللہ اعلم یہ امور دنیاوی ہین نواب کو صاف تاخلعت ہوا کس واسطے کہ یہ بھانجے اور داماد نواب مرحوم کے تھے اور نواب شیر جنگ بھتیجے نواب مغفور کے تھے ازراہ اولوالعزمی معرفت طہماسپ خان کے عرضداشت اس مضمون سے حضور نادری مین بھیجی کہ غلام نواب سعادت خان کے بڑے بھائی کا بیٹا ہے اونکی جانشینی حق غلام ہے ابو المنصور خان بھانجے بھتیجے کے ہوتے بھانجے کو داخل انصاف نہین امیدوار ہے کہ حضور اپنے برادر محمد شاہ سے غلام کی سفارش فرمائین کہ سند صوبہ داری اودھ غلام کو مرحمت ہو جاوے —

راجہ لچھمی نراین وکیل نواب کو جب یہ خبر معلوم ہوئی معرفت عبد الباقی خان عرضداشت حضور نادری مین ارسال کی کہ نواب برہان الملک کو نواب شیر جنگ سے بسبب اونکے حرکات ناشائستہ و خلاف کے صفائے قلبی نہ تھی اگر ہوتی تو اپنے لخت جگر کو سپرد صفدر جنگ کیون کرتے اور در اصل یہ دونون مستحق نہین شاہ عالم پناہ مالک و مختار تاج بخشی ہین جسے مناسب ہو سرفراز فرمائین اور موافق حکم حضور اقدس اور مطابق شرع شریف بھی بیٹی کے ہوتے بھتیجا وارث نہین ہو سکتا اسکے سوا صفدر جنگ مرد متدین خدا ترس صاحب لیاقت کارفرما درست عہد ہے اور سپاہ بھی اوس سے راضی ہے اور دو کرور روپیہ نقد پیشکش حضور ہے فقط بلے ہ زر بر سر فولاد نمی نرم شود ہ اگر وہ دو کرور جمع ہوتے تو کیونکر یہ تدبیر بن پڑتی اسی طرح جنت آرامگاہ کے بھی ہوئے ہے اس زمانے مین اودھ سے بہتر صورت نکلتی افسوس کہ اجل نے امان ندی من کی من ہی مین رہی —

غرض بعد ملاحظہ دونون عرضداشت کے دو سو سوار و لاتی زر پیشکش کے لینے کو اودھ مین آکر لے گئے اور خلعت سرفرازی محمد شاہ معرفت اپنے فدویان خاص کے مرحمت فرمایا نواب بالاستقلال صوبہ داری صوبہ پر مامور ہوے پس اہل انصاف بنظر بصیرت دیکھین کہ صوبۂ اودھ مثل زمینداری مستمراری ہوگیا ازراہ خریدعطیہ شاہی کہان آجیسا اکثر حکام عالیشان کی زبان پر ہو کہ جب زور و قوت بادشاہ کی کم ہوگئی صوبہ دارون نے غصب کرکے اپنی حکمرانی کی اسی جہت سے آج تک استقلال رہا اور ایک برکت خداداد جسمین سب کی عقل حیران ہو۔

مشہور ہو کہ نواب مین بہت سی خوبیان تھین ازانجملہ ایک بات یہ ہو کہ باوجود اہل ولایت ہونے کے محض ازراہ جہاد نفسانی سوے نواب بیگم صاحبہ خاص محل کے کبھی کسی عورت پر ملتفت نہوے خلاف مرزا جلال الدین حیدر نواب شجاع الدولہ بہادر کے کہ جنکی کثرت ازدواج و اولاد ظاہر ہو۔

ذکر شادی نواب شجاع الدولہ بہادر

جب محمد شاہ کو منظور ہوا کہ فیمابین نواب صفدر جنگ اور نجم الدولہ محمد اسحاق خان کے قرابت ہو یہ امر بھی قدیم سے داخل ضروریات و لوازمات سلطنت تھا کہ بے اجازت بادشاہ خانہ زاد اور ملازمین شاہی کے آپسمین وصلت نہوتی تھی اسی جہت سے سب کے نسب داخل دفتر دیوانی بادشاہ رہتے تھے ارشاد کیا کہ یہ میری بیٹی ہو اوس وقت نواب نے باطاعت شاہی قبول کیا دگر نہ اپنے کفو قبیلہ مین کرتے۔

غرض ۱۱۵۵ھ ۱۷۴۲ء خطبۂ نکاح شرعیہ پڑھا گیا یہ شادی بھی شاہجہان آباد مین یادگار زمانہ ہوئی کہ بادشاہ خود مع ارکان دولت شریک محفل ہوے تھے لوگ اسکا افسانہ بیان کرتے ہین ۶ یم لاکھ روپیہ صرف ہوا تھا۔

معرکہ احمد شاہ ابدالی بادشاہ کابل

مشہور خاص و عام ہو کہ جو امور نواب کی محض جانفشانی اور سرفروشی سے بادشاہ کے سرانجام بخوبی ہوے اگرچہ ارکان اعظم سلطنت بھی شریک رہے ویسے

کسی سے نہوئی بعض خیر خواہ سرو مخالف نے چاہا کہ نواب کو اپنے جال مکر و فریب مین پھنسا کے معرکہ احمد شاہ سے الگ ہو جائین لیکن ہمت عالی و جوانمردی مقتضی اسکی نہوئی اور دشمنون کے بہکانے کو گوش ہوش سے نہ سنا چنانچہ جب معرکہ جنگ لاہور مین ہوا مخالفت پر عرصہ تنگ کر دیا طرفین مین ہزارہا کا خون ہوا قریب تھا کہ لڑائی بگڑ جائے اسی لڑائی مین اعتماد الدولہ نواب قمر الدین خان وزیر اعظم سلطنت اور نجم الدولہ محمد اسحاق خان کام آئے نواب نے فقط اپنی فوج مغلیہ سے بڑی جوانمردی سے معرکہ آرائی کی ابدالی کو شکست دی اسی لڑائی مین نواب کی بائین آنکھ مین ایک تیر لگا آنکھ جاتی رہی جب سے نواب حقہ چشم مین بلوری آنکھ رکھتے تھے بعد فتح فیروزی شاہزادہ احمد شاہ کے ساتھ شاہجہان آباد آتے تھے جب پانی پت مین پہونچے رات کو خبر وفات محمد شاہ عرضی بھیجی نواب وکیل سے مفصل معلوم ہوئی صبح کو حاضر حضور شاہزادہ ہو کر تہنیت تخت و تاج دی اور اپنے ہاتھ سے چتر جھالردار مروارید شاہی فرق مبارک پر پھرایا اوسی وقت بادشاہ نے افواہ کمال عطوفت فرمایا کہ ہمین سلطنت تمھین اسکی وزارت مبارک ہو نواب نے نذر دی آداب شکریہ بجا لائے پھر وہان سے کوچ کر کوچہ داخل شاہجہان آباد ہوئے ۔

معرکہ نواب احمد خان بنگش رئیس فرخ آباد

مختصر حال اس معرکہ کا یہ ہے کہ جب ملک فرخ آباد قبضۂ تصرف نواب مین آیا اوسنے سپرد راجہ نول رائے اپنے نائب کے کیا احمد خان نے رستم خان سے ملکر راجہ سے مقابلہ لڑائی کا کیا راجہ نے اپنی دلاوری سے لڑائی مین جلدی کی لڑائی بگڑ گئی آخر ٹھانون کے ہاتھ سے شکست کھائی کالی ندی پر مارا گیا جب نواب نے بڑی فوج سے مقابلہ کیا شکست کھائی شاہجہان آباد چلے گئے ملک دوآبہ مین عمل ٹھانون کا ہو گیا بادشاہ کو بھی مخالفون کے بہکانے سے نواب کی طرف سے کچھ ملال خاطر ہو گیا سخت متردد رہنے لگے اس عرصہ مین نواب کی یاوری اقبال سے اتفاقاً ٹھانون اور لکھنؤ کے شیخ زادون سے پہلے خانہ جنگی ہوئی آخر نوبت بصف جنگ پہونچی وہ نخوت و غرور و قوت حکومت جو ٹھانون کو ہوئی تھی جاتی رہی اوس وقت نواب معز الدین خان فتح الرئیس نے بدست عیال کی

ضائع کی نواب الاقدر نے عزم بالجزم روانگی کیا تھا مگر افسوس کہ مرض الموت مین گرفتار ہوچکے تھے آخر عرضداشت کی کہ اگر کچھ بھی فرصت مرض لاحقہ سے غلام کو ہوئی فروتر شرف ملازمت قدمبوسی حاصل کرکے انشاء اللہ اون نمک حرامون کو سزاے واقعی دونگا لیکن اجل فرصت نہ دیتی تھی ہرچند مرض الموت مین متواتر شقہ شاہی آیا کیے پس اس ہنگامۂ فساد مخالفین سے بھی ریاست صوبہ مین خلل آچکا تھا نواب کی صفائی طینت اور باخدا ہونے سے بگڑے کام بن گئے دشمن اگر قویست نگہبان قوی تر ست۔

انتقال نواب

خلاصہ یہی عارضۂ دنبل جو نواب برہان الملک مرحوم کو ہوا تھا نواب نے بھی اوسی عارضۂ وراثت مین مبتلا ہوکر ۱۲۶۶ھ ۱۸۵۰ء ماہ اکتوبر مقام پاپرگھاٹ نظامت سلطانپور مین انتقال فرمایا لیکن نواب بیگم صاحبہ جو ہر سفر و معرکہ مین ساتھ رہتی تھین ازبسکہ صاحب فہم و فراست تھین اسے چھپایا کہ مبادا استمرین زمینداران سرکش سے اس عالم غربت مین کوئی فتنہ خوابیدہ بیدار ہوجاے اوسکی صبح کو موافق معمول عماری ہاتھی مین نعش مرحوم لیکر سوار ہوئین اور اوسی دن داخل فیض آباد ہوئین بعد داخلہ محلسرا یہ سانحہ سب پر کھلا فی الحقیقۃ عجب صدمۂ جانکاہ سب کو ہوا + جنازے کو بڑی دھوم سے اوٹھایا گلاب باڑی فیض آباد مین دفن کیا پھر نعش کو روانۂ شاہجہان آباد سپرد مقام حضرت شاہ مردان کیا بعد اسکے حکیم مرزا بھو جد امجد سمیع الدولہ سفیر شاہی ٹہریان مرحوم کی کربلاے معلے لیگئے از راہ کابل جیسا آگے بیان ہوچکا ہے اس عہدہ دولت مین نائب نمک حلال سرکار فقط راجہ نول راے رہے جنکا نام نیک آجتک مشہور ہے نول گنج اور وہان کا پل کنارۂ گھاٹ گھاگرہ کو ٹھیان پل گومتی کی اونھین کی تعمیر ہین بڑی بہادری سے کالی ندی پر کام آئے ہرچند میلبان نے کہا کہ اگر حکم ہو آپ کو لیچلون نہ مانا ایک تیر لگا مر گئے بعد انکے گنج کے وزیر گنج ابراہیم گنج اور راجہ لکمیت راے نے بھی گنج ڈالا کوئی آباد نہوا۔

فوج سفلیہ افسران جلیل القدر بدستور منتظم ریاست ہے اور خود بھی سرگرم ہے کبھی غافل نہ ہے۔

ریاست ۱۷ سال

تاریخ ولادت نواب شجاع الدولہ بہادر

زدود تخمۂ نواب منصور — برآمد آفتاب از مطلع نور

۱۱ ۴۴ — ۱۱ ۴۴

مرزا جلال الدین حیدر نواب شجاع الدولہ بہادر

Shoojaood dowlah.

مسند نشینی نواب شجاع الدولہ بہادر اور کچھ احوال بعض نمکحرامونکا اور مقدمۂ قتل نواب محمد قلیخان شہید وغیرہ

نواب شجاع الدولہ بہادر ۱۱۶۱ھ مطابق ۱۷۵۲ع ۲۴ برس کے سن شباب مین فیض آباد مین مسند نشین وزارت ہوے موافق دستور سبون نے نذرین دین اطاعت پہ کمر باندھی لیکن اسمعیل بیگ خان کابلی نے بسبب اپنے تسلط کے چاہا کہ نواب کو مثل صاحبزادون کے بے اختیار رکھے افسران فوج کو اپنے سے موافق کرلیا تھا اور نواب سے خلاف کردیا تھا یعنی خود حکمران ہوکر رہے اور فرقۂ سپاہ نے بھی جیسا کہ حق اطاعت چاہیے نکی ہمیشہ دولتخواہ نواب محمد قلیخان کے رہے اور بدل منظور تھا کہ اونھین مسند نشین وزارت کرین اور نواب کے داسطے مع اونکے متعلقین کچھ وظیفہ مقرر کردین مگر غافل اس سے تھے کہ دشمن قوی سے نگہبان قوی تر ہوتا ہی دوسرا سبب یہ تھا کہ حضرات مغلیہ اپنی نخوت وغرور سے نواب سے منحرف تھے بلکہ سب اپنے تئین مثل عمو کے جانتے تھے۔

اتفاقاً بعد چندروز کے بعلت ایک عورت قوم کھتری کے جو معرفت ہمت بہادر کے خدمت نواب مین پہونچی تھی اوسکے وارثون نے راجہ رام نراین سے جاکر بیداد اپنی بیعزتی کی اور دس بارہ ہزار کھتری جمع ہوکر اسمعیل بیگ خان کے پاس فریاد کو گئے اوسنے اسی حیلے کو سمجھکر سرداران مغلیہ کو آگاہ کردیا اور تجویز کیا کہ اگر نواب اس امر سے ہاتھ نہ اوٹھائین تو نواب محمد قلیخان کو الہ آباد سے بلاکر مسند نشین کردیجیے اور بقدر ضرورت نواب کیواسطے کچھ مقرر کردیجیے ازبسکہ خان مذکور کا تسلط نواب مرحوم کے حین حیات سے جانتے تھے آخر نواب کو پیغام بھیجا کہ گشائین ہمت بہادر اور اوسکے بھائی کو بھیجدیجیے نواب والاجناب ہر شخص کے کنبۂ دیرینہ سے واقف ہوچکے تھے فرمایا کہ اس امر کی بازپرس مجھسے چاہیے نہ ہمت بہادر سے اسے یقین سمجھو کہ جبتک میرے دم مین دم ہے کسیکی مجال نہین کہ کوئی نظر بد سے ہمت بہادر کو دیکھ سکے اگر اس بات کی یہی صورت ہے تو مجھے بھی منظور نہین اس مسند سے بوریائے فقر بہتر ہے تم اگر اپنی کثرت جمعیت فوج پر

مغرور ہو تو مین اپنی جمعیت قلیل سے تمھارے مقابلے کو موجود ہون اسی عرصہ مین بعض سرداران فوج نے جو زیادہ تر سرفساد اوٹھائے ہوئے تھے نواب محمد قلیخان کو خط طلب بھیجدیا اور اپنی آمد و رفت دربار نواب سے موقوف کر دی۔

نواب عالیہ والدۂ ماجدہ نواب جب اس ماجرے سے واقف ہوئین راجہ رام نراین دیوان کو اپنے در دولت پر بلوا بھیجا اور خود پس پردہ بیٹھکر فرمایا آفرین صد آفرین شرفا کا کام یہی ہے کہ جس آقا اور آقا زادے کی بدولت لکھا روپیہ صرف کیا ہو اوس سے یہی سلوک حق خدمت اور نمک حلالی چاہیے صفدر جنگ نے تمھاری پرورش اسی لیے کی تھی کہ تم اوسکے بیٹے کے دشمنون کے شریک ہو یہ معلوم نہ تھا کہ اس گھر کی خرابی کے تمھین باعث ہوگے فرض کیا کہ محمد قلیخان نواب برہان الملک کا بھتیجا ہے لیکن بقاے نام کسیکا بیٹے سے ہوتا ہے نہ بھائی سے راجہ نے عرض کیا حضور اگر ہماری جان صاحبزادے کے کام آئے دریغ نہین لیکن حضور انصاف فرمائین کہ ایسی حرکت ناشائستہ سے شہر اور ریاستین برباد و خراب ہو جاتی ہین اور دوست دشمنی پر کمر باندھتے ہین اور تمام ہندوستان مین بدنام ہو جاتے ہین ہم فدویان نمکخوار کو محمد قلیخان سے کیا سروکار ہے مین نجانتا تھا کہ اس قدر محو کا اتنا طول ہوگا ورنہ ہندو ہو کر اپنے طور پر راضی کر دیتا اب صلاح دولت یہ ہے کہ جسطرح حضور نے غلام کو در دولت پر بلا کر فرمایا ہے اسمعیل بیگ خان کو اور سردار مغلیہ کو بھی طلب فرمائے کلمات الیام فرمائیے کسواسطے کہ وقت ہاتھ سے جاتا ہے بیگم صاحبہ نے تحسین و آفرین فرما کر راجہ کو رخصت کیا بعد اسکے اسمعیل بیگ خان اور بعض افسران مغلیہ کو بلوا کر کلمات مصلحت آمیز ارشاد فرما کے رخصت کیا غرض یہ بلاے ناگہانی بھی بے طور نازل ہوئی تھی خدا نے بچایا اور اون لوگون کو جو ملال ہوا تھا جاتا رہا بعض کو خلعت بعض کو پاندان عنایت ہوا اور نظر باحسانات نواب صفدر جنگ سب محجوب ہوے اور اپنے ارادۂ فاسد سے باز رہے اور جو مناسب وقت سمجھے نواب محمد قلیخان کو لکھ بھیجا۔

قتل نواب محمد قلیخان

نواب محمد قلیخان اجل گرفتہ بمجرد دیکھنے پہلے خط سرداران فوج کے عازم ہ طرف کے

ہو کر نصف راہ طے کر چکے تھے دو سے خط پر اپنا پھر جانا مناسب جانا کہ جناب عالی کو کچھ شک گذر یگا اسواسطے مشہور کیا کہ مین فقط بشرف ملازمت جاتا ہون غرض جناب عالی بھی ازراہ مصلحت سوار ہوے دو کوس سے استقبال کر کے بڑی عزت و توقیر سے لائے دعوت کی نواب محمد قلیخان نے اشرفیان نذر دین بظاہر اپنا تصفیہ بالمنی کیا لیکن جناب عالی اس دشمن آستین سے مطمئین نہوے اس عرصے مین اسمعیل بیگ خان جو بانی مبانی فساد ہوتا تھا مر گیا جناب عالی کو فی الجملہ اطمینان ہوا اگرچہ سرداران مغلیہ اپنی کثرت قوم پر مغرور رہے نواب نے بھی عمداً اونسے غفلت عاقلانہ اختیار کی آپ مشغول لہو و لعب کبوتر بازی وغیرہ ہوئے۔

جب ۱۱۶۹ھ شروع ہوے مطابق ۱۷۵۵ء جناب عالی لشکر عظیم لیکر راجہ بلونت سنگھ بنارس پر تشریف فرما ہوے راجہ خوف جناب عالی سے لطیف گڈھ چلا گیا وہان سے عرضی مع پیشکش نقد و جنس بھیجکر مہربان کیا اور عذر عدم حضوری لکھا جناب عالی نے بنارس سے مراجعت فرمائی۔

اس عرصے مین جناب عالی کو بہ چند اخبار سے معلوم ہوا کہ شاہزادۂ عالی گہر نواب عماد الملک کے خوف سے شاہجہان آباد سے تشریف لاتے ہین جناب عالی باریاب شرف ملازمت ہوے سات لاکھ روپیہ نقد اور بہت سی چیزین بیش قیمت نذر دین حاصل تحریر یہ ہو کہ باوصف ان سب خدمت گذاریون کے بادشاہ نے اپنی تلون مزاجی سے نواب محمد قلیخان کو امیدوار عہدہ وزارت کر کے اپنے ساتھ لیا تھا اور بڑی فوج سے ملک بنگالہ لینے کو چلے تھے نواب عماد الملک نے وقت پا کر ایک خط نواب کو لکھا کہ بھائی صاحب مشفق میرے شاہزادے کا حال تو کھل گیا اب تم از برائے خدا اسسے غافل نہونا محمد قلیخان تمہارا بھائی ہو مگر اوسکی دوستی کو دوستی سانپ کی سمجھنا جہان تک ہوسکے غافل نہ رہنا چنانچہ جب شاہزادۂ والاتبار الہ آباد پہونچے دہلی مین عالمگیر ثانی نے انتقال کیا محمد قلیخان نے تخت و چتر شاہی طیار کر کے انھین بادشاہ کیا بادشاہ نے ازراہ کمال عطوفت خسروانی انھین قلمدان عنایت فرمایا یعنے صاحب دستخط کیا اور فرمایا کہ تم بہ نیابت نواب شجاع الدولہ کا روبار وزارت کرو نواب نے کچھ دور کر حسب سرشتہ عرضی اس مضمون کی اور نذر خاص نواب شجاع الدولہ

ملاقات جناب عالی جناب شیخ علی خزین سے

زبانی مرزا کلب علی مرحوم کیفیت ملاقات جنابعالی اور جناب شیخ علی خزین کی یہ ہوا ایک جناب عالی مع اپنے نسبتی بھائیون نواب مرزا علیخان ونواب سالار جنگ کے جناب شیخ کے پاس گئے اور ہمیشہ صورت ملاقات جیسی چھوٹون کی بڑون کے ساتھ ہوتی ہو کہ جنابعالی حسب دستور ولایت عمو فرماتے تھے اور وہ مثل بیتیجے کے پیش آتے تھے قریب پہونچے آداب سلام بجالائے اشرفیان نذر کی گذرانین جناب شیخ نے موافق رسم ولایت پیشانی پر بوسہ دیا اور ہاتھ پکڑکر اپنے پاس چاندی کی پلنگڑی پر بٹھا لیا اور بعد تعارفات عجمی سبب عزیمت پوچھا عرض کیا قاسم علی خان اپنی کمک اور حمایت کو لیے جاتے ہین مجھسے عہد و پیمان لے لیا ہو اور انگریز اسپر اسرار کرتے ہین کہ تم شریک عالیجاہ ہو بلکہ ہمسے ملک عظیم آباد بھی لے لو کیا ضرور ہو عبث عبث اپنے تئین ہلاکت مین ڈالنا اس صورت مین مین بھی متردد ہون جناب شیخ نے فرمایا بہرحال صلح بہتر ہو اسمین خیر و برکت نسبت شر کے ہو نواب سالار جنگ نے ازراہ گستاخانہ عرض کیا کہ اونکی جمعیت قلیل ہمیان فوج قاہرہ کثیر خدا چاہے تو گھوڑون کی ٹاپون سے روندڈالین گے آپ فتح فیروزی کی دعا فرمایئے جناب شیخ نے تبسم فرمایا قلیل کو اکثر فتح کثیر پر ہوتے ہی نہ سنا ہوگا تمنے کہ یہ آتش فرنگ ہین انھین کم نجانا چاہیے بظاہر انکی بنیاد نظر نہین آتی مگر بالمن مین طبقۂ گاؤزمین سے گذری ہوئی ہو تم نہین جانتے کہ ہمارے پیغمبر نے عین حکمت سمجھکر اس فرقۂ خاص سے صلح کی تھی بعد اسکے ایک سو ایک اشرفی مثل فرزندون کے بطریق شیرینی دیکر رخصت کیا دوسرے دن جناب شیخ نے اپنے حاضرین سے بافسوس کہا کہ اس جماعت سے کچھ نہو سکے گا سوا اسکے کہ مسافت راہ طے کرکے ناکام پھرین جنگ حمقا بادانایان فرنگ۔

تشریف فرمائی جنابعالی ملک عالیجاہ مین اور چارونا چار عزم محاربہ

خلاصہ عالیجاہ نے پہلے میر سلیمان کو بسرشتۂ وکالت جناب عالی کے پاس بھیجا اور ان سید صاحب نے جسوقت کہ اسباب قلعۂ رہتاس سے نکلتا تھا جواہر بیش قیمت لاکھون کا چورا لیا تھا

مگر عالیجاہ نے ایسی حالت سراسیمگی مین دم نہ مارا کہ مجال مواخذہ نہ تھی اگرچہ سید نے اپنا نظاہر حال بدلکر استمالت ظاہری کی تھی اور باطن مین اسی رسوخ سے اکثر ارکان دولت جناب عالی کو بواسطہ مرزا شمس الدین مربی عالیجاہ اور واسطہ جواب وسوال گانٹھ لیا تھا اور خطوط استمالت بہت سے تشفی خاطر بھیجے تھے حاصل کلام قرار داد فیما بین جناب عالی و عالیجاہ یہ ٹھہرا کہ جبتک جناب عالی جنگ انگریزی مین شریک رہین لاکھ روپیہ کوچ اور پچاس ہزار مقامی لیا کرین اور بعد اختتام مہم اور تسلط تام بنگالہ تین کرور نقد اور صوبۂ عظیم آباد جمع نوے لاکھ کا صاحبزادے مرزا امانی یعنی نواب صف الدولہ کو دینگے ایک طرف پیام التیام صاحبان عالیشان معرفت رائے شتاب رائے بواسطہ راجہ بینی بہادر نائب جناب عالی متواتر جناب عالی کو پہونچتا تھا کہ ہمین ملازمان عالی سے اور آپ کو ہم سے ہرگز سرمو خاش و مخمار نہین ہے آپ نے انہی مسافت جو اپنے ملک سے یہانتک طے کی ہم جانتے ہین کہ محض باغوائے عالیجاہ ہوئی وہ بدباطن مردمجنون متلون المزاج محسن کش ہے پہلے میر محمد جعفر خان کے ساتھ کیا کیا جو بجاے باپ تھا اوسکی بدولت پایۂ امارت حکومت پر پہونچا بعد اسکے جسنے جو عہد و پیمان کیا تھا ایک قلم توڑ کر ہمارے بیگناہون کا خون ناحق کیا باوصف اسکے کہ نظامت بنگالہ فقط ہمارے زور و قوت دوستی اور موافقت سے پائی تھی چاہتا تھا کہ ہمارا نام و نشان باقی نہ رہے اب تھک کر آپسے رجوع کی اور آپ بمقتضاے اپنے مرتبۂ عالی جیسا کہ امرلے والاقدر و رئیس علیل الشان کو چاہیے پیش آئے غالب ہے کہ آپ پر بھی انکے بطون کا حال بخوبی کھل گیا ہوگا آخر کو آپ سے بھی یہ دغا کرینگے اوس وقت ہمارے کہنے کی صداقت ہو جائیگی۔

وجہ اسکی یہ تھی کہ عالیجاہ نے باخفا بادشاہ کو عرضداشت کی تھی کہ مین نے شجاع الدولہ کے افسران فوج کو موافق کر لیا ہے انکو مین گرفتار کرونگا امیدوار ہون عہدۂ وزارت پر غلام سرفراز ہو بعد فتح و رفع ہنگامۂ کارزار دو کرور سالانہ پیشکش حضور کیا کرونگا اور اپنا نائب نظامت بنگالہ مین مقرر کرکے خود حاضر حضور رہونگا اور عرضداشت کے ساتھ کچھ ہدیہ بھی بھیجا تھا اور یہ خبر مفصل جناب عالی کو معلوم ہو چکی تھی اور نواب منیر الدولہ نے اپنے رسوخ سے

صاحبان عالیشان تک پہونچائی تھی خلاصہ مطلب دل کا یہ ہے کہ اب ہم محض دولتخواہی سے گزارش کرتے ہین کہ آپ صوبہ عظیم آباد ہم سے لیجیے وہ کیا دینگے اور یہان سے بسلامت پھر جایئے اسکے بعد ہم امیدوار ہین کہ ہمارے اور آپ کے محبت و اتحاد اس استحکام سے رہے کہ ہمارا دوست آپکا دوست آپکا دشمن ہمارا دشمن رہے اسکے سوا جس طرف آپ کی فوج جاے بے تکلف مافی الضمیر سے آگاہ فرمایئے کہ ہم خدمت کو بجالائین فقط۔

دوسری جانب سے جواب سوال آشتی معاملہ میر جعفر علیخان کے حضور جناب عالی مین گذرتے تھے اور قطع نظر ان سب کے بالاتر سب سے یہ امر تھا کہ حال صفاے طینت بادشاہ اور اونکی متلون المزاجی کا حال مجوبی کھل گیا تھا کہ محض لطمع مال وزر عہدۂ وزارت کا عالیجاہ کو بھی امیدوار کیا تھا اور آپ خود مستعد و سرگرم اوس ملک مین جانے کے تھے پس اس صورت مین کیونکر ہوسکتا تھا کہ ایسا وزیر اعظم صاحب فوج و حکومت ہمراہی بادشاہ سے ہاتھ اوٹھاے شرارت و نمک پروردگی کے خلاف اور حسن تدبیر سے بھی بعید تھا اور نواب سالار جنگ اور مرزا علیخان و میر نعیم خان و نواب مدار الدولہ یہ صاحبان شورا تھے انکا حال تو ظاہر ہے کہ مدت عمر کوئی لڑائی اور ایسا معاملہ نہ دیکھا تھا فقط گمان غلط اپنی کثرت فوج پر رکھتے تھے اور قلت فوج انگریزی کو اپنی نظر مین حقیر جانتے تھے اسکے سوا اپنی نافہمی سے جناب عالی کو سمجھاتے تھے کہ آپ کا نائب انگریزون سے ملکر باتین بناتا ہے اس صلح سے البتہ بظاہر رفع شر اور آپ کی دولتخواہی اور باطن مین ساز و موافقت انگریزون سے لیے انجام کا منظور ہے حیف ہے کہ یہ فوج مغلیہ ہم قوم و ہم قبیلہ اور یہ توپخانہ آج کے دن معطل رہجاے پھر کس دن کام آئیگا جو ہاتھ اس لڑائی سے اوٹھائیگا یہ باتین عیش و عشرت کی ان صاحبون کی تھین لغویات ناچ و رنگ مین عمر بسر کی تھی پھر کیونکر مآل اندیشی کو سمجھتے ایک فقط راجہ اپنی دولتخواہی اور دلسوزی سے متواتر عرض کر رہا تھا کہ حضور جو صاحبان عالیشان کہتے ہین ہین مان لین اگر اس طریق سے آشتی صلح ہوجاے تو لڑائی سے بہتر ہے کسواسطے کہ جنگ دوسرا رد یہ جو مقربان خاص آپکو صلاح دے رہے ہین اسکا انجام بہت برا ہے اور خدانخواستہ بگڑی پھر انمین سے کوئی نظر نہ آویگا آگے ؎ رموز مملکت خویش خسروان دانند۔

کہتے ہین کہ جب وہ وقت آیا جیسا راجہ کہتا تھا نواب صاحبان ہاتھی پر سوار میدان مصاف سے چلے راجہ نے پکار کر کہا کہ حضور ساز عیش و عشرت سہین لیجاتا ہی پھر کون سنتا تھا۔

القصہ راجہ نے جب دیکھا کہ باتین خیر خواہی اور عاقبت اندیشی کی خلاف طبع جناب عالی ہوتی ہین آخر تنگ ہوکر وکیل صاحبان عالیشان کو جواب صاف دیدیا کہ مین اپنے حق نمک سے ادا ہوا اور سب نشیب و فراز سمجھا چکا اور یہ خوب جانتا ہون کہ مقربان خاص نے جناب عالی کو میری طرف سے منحرف کردیا ہی مین نمک پروردۂ قدیم ہون اب خدا کو اختیار ہی۔

جناب عالی بھی اس مقدمے مین ایسی اختلاف رائے ارکین سے پہلے متردد ہوے کہ آخر مین کیا کرون لیکن بہرحال تدبیر تقدیر سے مجبور ہی اب جو ہونا ہو سو ہو مین اپنے قول و اقرار سے باہر نہونگا بہرحال حمایت عالیجاہ کرنا چاہیے افوض امری الی اللہ کافی ہی۔

کہتے ہین کہ عالیجاہ کے ساتھ باوصف اخراجات لڑائی کے چھبیس کروڑ روپیہ صرف ہوا اس حالت سراسیمگی مین بھی ۳۸۰ ہاتھی خزانہ و جواہر و اشرفی کا ساتھ تھا اور نمک حرامون سے جو خورد و برد ہوا اور جسقدر جہان رہگیا یا تلف ہوا اوسکا حساب نہین۔

خلاصہ لڑائی عظیم آباد و بکسر میدان کوڑا جہان آباد و موسی نگر جو گذرا گذرا

القصہ کشتینو کا پل دریاے گنگ پر بندھا لشکر ظفر پیکر نے عبور شروع کیا راجہ بلونت سنگھ بنارس باعتماد اقوال راجہ بینی بہادر ہمراہ رکاب ظفر انتساب تھا اور سب سردار قوم افغان مثل نواب عنایت خان بیٹے حافظ رحمت خان کے اپنی جمعیت لشکر سے حاضر تھے اور انبوہ عوام لشکر مین ہنگامہ لوٹ اسقدر تھا جسکا حساب نہین اور درانی اپنی خوبی ضبط و ربط سے لشکر مین خانہ جنگی کرتے جاتے تھے اور انسرون کا کہنا نہ مانتے تھے ایک دوسرے کا مال چرا لیتے تھے کوئی مظلوم و غریبون کی داد بیداد کو نہ پہونچتا تھا اور وقت روانگی لشکر جو راہ سے پیچھے رہ جاتا تھا وہ قزاق اور

راہزنون کا شکار ہوتا تھا اور اگر کوئی مال سے جان کو عزیز سمجھتا تھا مارا جاتا تھا کثرت لشکر سے کوچ و مقام مین امتیاز نہ تھا اور جو چیز شاہجہان آباد مین مشکل سے ملتی تھی وہ لشکر مین بے منت ملتی تھی۔

راہ مین بعض دلتجواہون نے جناب عالی سے عرض کیا کہ انگریزون سے موافق ضابطہ متعارف ہندوستان لڑنا نہ چاہیے صلاح یہ ہو کہ اگر فوج مثلیہ صف بستہ دستہ بستہ ہو کر چلے کسواسطے کہ اگر رسالہ ہزار سوار کا ہوگا اسی طرح آراستہ ہو کر چلے گا اوپر دفعتاً پچاس ہزار نہ آسکیگا پس مناسب ہو کہ رسالہ جوانان خوش اسپہ اور سردار اور اونکے افسر جانفشان منتخب ہو کر ہمراہ رکاب ساتھ رہین اور مخدرات عصمت مع فوج زائد افسران معتمد کے ساتھ سرحد ملک سرکار پر رہین جناب عالی جریدہ مع فوج جرار انگریزون پر جا پڑین کسواسطے سُنتے ہین کہ انگریز مقام بکسر سے منزل ہو کر اوٹھے جاتے ہین اگر اول دم صبح تک کہ وہ مستعد و طیار ہون آپ وہان پہنچ جائیگا تو اس صورت مین اگر اونکی جمعیت متفرق و پریشان ہوگئی اور انتظام لڑائی کا برہم ہوگیا آپ کی فتح و نصرت ہو اور جو سامنے آکر مقابلہ کرے اوسے تلوار سے مارنا چاہیے اور اسباب جو پس ماندگان کا ہاتھ لگ جاے اوسے آگ لگانا چاہیے اور توپین بھاری جو ہاتھ لگین اونھین ناقص کرنا چاہیے کس واسطے کہ دفعتاً اونکا لیجانا مشکل پڑیگا لیکن افسوس ہو کہ باوصف اس اہتمام اور انتظام کے کسی سے کچھ نہو سکا ہرچند کہ جناب عالی خود بنفس نفیس متوجہ ہر انتظام پر ہوئے تھے مگر فوج ظفر موج جو پیشتر سے عادی و خوگر اپنی رفتار کی ہو رہی تھی کب سنتی تھی اور کب بنتی تھی جتنا سمجھاتے تھے اوسکے خلاف کرتی تھی راہ چھوڑ کسی گانون مین سے اپنی راہ پکڑتی تھی اوسے لوٹ کر آگ لگا دیتے تھے رعایاے گاؤن اپنے گاؤن سے جان بچا کر دوسرے گانون مین اپنے لٹنے کی خبر کر دیتی تھی وہ اور یہ دونون ملکر آگے جا کے بسیرا لیتے تھے اسی صورت سے ملک بھی دونون طرف راہ سے برابر ویران ہوتا چلا جاتا تھا ہر چہار طرف ہنگامہ و اودبیداد برپا ہو رہا تھا ظاہر ہو جب یہ صورت خود سری کی ہو فتح کہان خواہ شکست ظاہر ہو۔

باوصف ان سب کے نظر بکثرت فوج صاحبان عالیشان نے محض ازراہ دوراندیشی مع میر محمد جعفر خان عظیم آباد مین پہونچکر فوج جریدہ سے ارادۂ مزاحمت اردل سے آگے بڑہ کر کیا تھا اور اب تاب صدمات فوج قاہرہ نجانکر مقابلے سے منہ پھیرا تھا اور درانیون کے ہاتھ سے جو راہ مین ہر طرف لوٹتے پھرتے تھے بچکر قلعۂ شہر مذکور مین داخل ہوگئے تھے اور کئی توپین قلعے کے برجون پر چڑھا کر آپ بھیجا پہاڑی کیطرف سد آب جلہ جمیل پر ٹھہرے تھے اور ایک توپ کو پہاڑی کی چوٹی پر لگایا تھا اور میر محمد جعفر خان اور اونکی فوج کو سد آب جلہ پر مامور کیا تھا اور جانب جنوب شہر کو چھوڑ کر کئی کمپنی تلنگہ سے خود اوسکی حفاظت کو مستعد ہوے تھے یعنی میر محمد جعفر خان کو اپنے پشت سر کیا تھا۔

نواب وزیر الممالک مقام سید آباد سے بسبب طغیانی آب سیمی راہ عظیم آباد چھوڑکر دریاے سوہن کے کنارے اوترے تھے وہان سے کوچ کرکے عظیم آباد سے چار کوس پر پہونچے یہان باوصف کثرت کنوؤن کے پھر بھی لشکر مین پانی کی قلت ہوئی ہرچند اور بھی کنوئین کھودے تھے دوسرے دن جناب عالی مع فوج بحیساب سوار ہوے اور شارع عام سے آگے بڑھ گئے اور راجہ بینی بہادر مع راجہ بلونت سنگھ اور اور فوج دست راست جناب عالی قریب جاکر ٹھہری نواب عنایت خان دو تین ہزار سوار روہیلے سے اور گشائین ہمت بہادر پانچ چھ ہزار سوار سے اور عالیجاہ پانچ پلٹنین لیکر بسرکردگی سمرو انگریزی توپون کے اور پانچ چھ ہزار اور فوج دہنی طرف راجہ بینی بہادر کے دور تر مقابل فوج میر محمد جعفر خان اور پہاڑی کے جاکر جمے لیکن توپ کی زد سے دور رہکر۔

غرض جب اسی طرح صفوف جدال و قتال آراستہ ہوئین جناب عالی عمارات آبادی خارج شہر سے ہوکر آہستہ آہستہ قریب میدان علی باغ کے بڑھ آئے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہکر پہلے لڑائی باناور توپ سے شروع ہوئی جناب عالی مع فوج دلاوران ازراہ شجاعت و تہور قدم بقدم آگے بڑھنے لگے انگریزی فوج سے بھی توپ چلنے لگی اور سمرو کی بڑی توپ کا گولہ جو صفوف عالیجاہ سے دور تھا زیادہ کام کرتا تھا تلنگے اوسکی فوج کے زخمی ہونے لگے اور کبھی گولہ سد فوج سے گذر کر درمیان اوسکے اور عالیجاہ کے میدان مین

گرجتا تھا اور شعلۂ آتش شرربار دونون فوج کا فلک پر پہونچ رہا تھا اور تیق دود سیاہ مثل ابر سیاہ غلیظ محیط کرۂ بخاری کے ہو رہا تھا اس عرصے مین جناب عالی نے شتر سوار عالیجاہ کے پاس بھیجا کہ مین مقابل تمھارے دشمنون کے ڈٹا رہا ہون تم وہان کھڑے ہوے کیا کر رہے ہو اوس طرف سے تم بھی مثل میرے مقابل ہو کر یورش کرو کہ اوپر عرصۂ قتال تنگ ہو جاے اور اگر تم میرے پاس نہ آسکو سمرو کو مع توپ میرے پاس بھیجدو کہ میرے آگے سے توپین مارے اور سوار گرد و پیش سے جمع ہو کر حملہ کرین عالیجاہ نے اوس ہنگامۂ حشر و نشر مین کچھ نہ سنا جہان تھا وہان سے حرکت نہ کی اور سمرو بھی اپنے مقام سے نہ سرکا یہانتک کہ دوپہر ہو گئی مگر گسائین نے اپنے ناگون سے حملہ کیا لیکن آگے نہ بڑھ سکا کسواسطے کہ توپ کے چھرے گے آگے ٹھہرنا تو مشکل ہر پس وہ دن تو اسی طرح تمام ہوا۔

خلاصہ اسی طرح ہر روز دلاوران لشکر فکر یورش کرتے رہے کبھی ہو رچال میر محمد جعفر خان سے کبھی جانب شرق شہر سے اور یہ ارادہ ہر روز شہرت پاتا تھا اور کچھ نہو سکتا تھا جیسا فساد لکھنؤ مین بیلی گارد کا حال دیکھا کہ رام چاہے تو اسے کھڑے کھڑے لے لینگے اسپر مسلمان قرآن ہندو گنگا جل ہر روز اوٹھاتے تھے۔

اس عرصے مین ایکدن جناب عالی چند سوارون سے موافق ضابطۂ قدیم اطراف شہر اور ہو رچال پہ پھرتے تھے کہ ناگاہ کئی صاحب مع سید مہدی خان کئی پہرے تلنگون سے اطراف حصار قلعہ سے نکلکر لشکر جناب عالی پر آتے تھے راہ مین سامنا ہو گیا طرفین سے ازراہ دانستگی بسبب جوش تہور ربطہ قراولی رد و بدل نیزہ و تیر و شمشیر ہونے لگی جب بہت قریب ہوے میر مہدی خان نے جناب عالی کو پہچانکر ایک صاحب سے کہا کہ تم جانتے ہو وہ جوان خوشرو امین سے کون ہے وہی نواب ہے اگر اسوقت ہاتھ آجاے تو پھر لڑائی ختم ہو صاحب نے اپنی فوج سے کمک طلب کی اور جناب عالی کو اپنے لوگون سے اٹکایا جب سپاہی فوج انگریزی کے دور سے نظر آئے ایک شخص نے دوڑ کر لشکر مین خبر کی کہ جناب عالی فوج انگریزی مین گھر گئے ہین اس عرصے مین خود جناب عالی نے ازراہ دانائی گھوڑے کی باگ پھیری اور آہستہ آہستہ دور ہو کر اپنی سرحد لشکر پہ آپہونچے لیکن بجرد

سُنتے اس خبر کے لشکر مین تلاطم اور انقلاب عظیم برپا ہو گیا تھا عالیجاہ اپنے رفقاے خاص لیکر اندر خیمۂ جناب عالی اور سوقت سب کے سب مردانہ وار جا پڑے اور سجدات شکر خدا بجا لائے اور باتفاق داخل لشکر ہوے ع رسید دبود بلائے ولے بخیر گذشت۔

القصہ اسی صورت سے مہینے بھر تک یہی حال رہا مقابلہ اور مجادلہ انگریزون سے ہوا کیا اس عرصے مین موسم برسات آپہونچا لہذا جناب عالی اور تجویز رفقاے خاص یہ ہوئی کہ اب اس قدر نزدیک حصار جماعہ ٹھہرنا اچھا نہین مناسب وقت یہ ہے کہ بکسر مین چلکر چھاؤنی کیجیے کہ وہ ملحقات صوبہ عظیم آباد لب دریاے گنگ مقابل ملک جناب عالی قریب علاقۂ راجہ بلونت سنگھ ہے انشاء اللہ تعالے بعد برسات بخوبی تدارک لڑائی کا کرکے مقابلہ کرینگے پس لشکر مین حکم نقارہ کوچ ہوا۔

اس عرصہ مین بادشاہ کو بھی بواسطۂ تحریر خطوط بعض ہوا خواہان انگریزی نظر بہ اتحاد صاحبان عالیشان اور انکی ممنونی احسان کی منظور ہوا کہ باخفا سازد اتفاق صاحبان ممدوح سے کیجیے تو بہتر ہے اور نواب منیر الدولہ کا پانون بھی بساط استقلال سے لغزش مین آیا لیکن دانایان فرنگ نے اس صورت مین خلاف حکمت جانکر قبول نکیا کسواسطے کہ بادشاہ کو مستقل مزاج نجانتے تھے بلکہ تابع مرضی و فرمان پذیر ارکان دولت سمجھتے تھے۔

خلاصہ جب میدان مصاف مقابلے سے خالی ہوا عین شدت برسات مین سحر بمشورہ جو مقابلہ جناب عالی پر آمادہ تھے فرصت وقت غنیمت جانکر تھوڑیسی فوج موافق ضبط حساب غلہ و رسد وغیرہ ضروریات لیکر عظیم آباد سے چلے اور کہا کہ مین اسی فوج قلیل سے چند روز مین نواب پر ظفر پاکر پھر آتا ہون۔

ادھر جناب عالی موسم برسات جانکر چھاؤنی بکسر مین باطمینان خاطر مشغول لہو و لعب ہو رہے تھے کہ گویا اپنے ممالک محروسہ مین بطور سیر و شکار نکلے ہین بلکہ ایک بڑی توپ جو کچھ دنون کنارہ دریاے سوہن مقابل فوج انگریزی فقط بحفاظت پل چھوڑ آئے تھے اوسے بھی منگوا لیا تھا بہرکیف جو ہونا تھا وہ ہوا اب مختصر خاتمۂ محاربہ بیان ہوتا ہے۔

سنہ ۱۱۷۸ ہجری سنہ ۱۷۶۴ ع جناب عالی مع فوج مغلیہ اور شجاع قلیخان عرف میان صاحب

جنکی جمعیت فوج چھ سات ہزار سوار و پیادہ تھی سمرو مع موشیہ مدک فرنس پشت پر آٹھ ضرب توپ سے ٹھہرے اور راجہ بنی بہادر نے کنار دریاے گنگ قریب خرابہ ہاے آبادی قیام کیا اور یہ دونون صاحب توپین اور آٹھ ٹبالن لیکر جو بطریق انگریزی آراستہ تھین مقابل فوج انگریزی ہوے اور جناب عالی دہنی طرف سے بنی بہادر بائین جانب سے مستعد ہوے لڑائی شروع ہوئی اور طرفین سے توپ کا گولہ برسنے لگا اور سپاہ مجروح و مقتول ہونے لگی جنابعالی بکمال جسارت وتہور مع فوج مغلیہ فوج انگریزی پر یورش کرنے لگے اور غازیان رکاب ظفر انتساب داد مردانگی دینے لگے اور سمرو و موسرمدک کی توپون سے اور جناب عالی کے متواتر یورش سے فوج انگریزی عاجز آگئی اور مآل اندیشی سے بارسفر کشتیون پر کر چکے تھے صاحب کمان افسر نے جب یہ صورت دیکھی کہ اونکے آگے جھیل اور دلدل ہے یورش نکر سکینگے فوج کو کنار دریا بھیجا کہ تم بنی بہادر پر یورش کرو جو تمھارے قریب ہے چنانچہ فوج آہستہ آہستہ کنار دریا چلی اور ایک ایک سپاہی اون خرابہ شہر کے نزدیک جا پہونچا جہان فوج راجہ آڑ پکڑ کر بالیقین بیٹھی ہوئی تھی شیخ غلام قادر اور شیوخ لکھنؤ معتمدین راجہ بندوقین ہاتھ مین لیے گھوڑون سے اوتر خرابہ کے زیر دیوار آڑ پکڑے بیٹھے تھے تلنگے انکی نظر بچاکر تنگ گلیون سے ہو دفعتاً دیوارون پر چڑھکر پہلے بنی بہادر کے لوگون پر پتھر اینٹین ڈھیلے دیوارون سے نکالکر ستھراو کرنا شروع کیا اسواسطے کہ جب دیوار کی آڑ سے علیحدہ ہوجائینگے گولی کی زد پر آجائینگے شیخ غلام قادر اوسوقت خبردار ہوکر مع اپنے رفقا لڑنے پر اٹھ کھڑے ہوئے جبتک کہ سب شیخ جمع ہوجائین اس بلا کو سر سے دور کرین اب تلنگے جمع ہوکر اپنے افسر صف آراستہ ہوگئے طرفین سے گولی چلنے لگی بعد دو تین ہاڑہ کے شیخ غلام قادر وغیرہ حق نمک سے ادا ہوکر خاک پر گر پڑے باقی بیدل ست چھوڑکر میدان سے ہٹ گئے راجہ نے سراسیمہ ہوکر رفقا سے پوچھا کہ اسوقت کیا کرین اگر ثابت قدم رہین تو یہین جان دینا ہے اور اگر زندگی عزیز ہے تو یہان سے نکل جانا مناسب ہے بعض جان نثارون نے چاہا کہ گھوڑون سے اوتر پڑین لیکن تلنگے دفعتہ مثل باد مرصر آپہونچے راجہ نے خود اپنے گھوڑے کی باگ پھیر لی وسطرف سے

شجاع قلیخان میان عیسیٰ اور شیخ زادے تلنگون کی بندوقون کی آواز سنکر اس گمان سے کہ ہما وابنی بہادر سے زیادہ اپنی ناموری کرجاے حضور جناب عالی ہمین خجالت ہوگی مضطرب ہوکر بے دریافت حال پشت سر ہمرو سے نکلکر بڑھے لیکن انکے آگے جھیل اور دلدل تھا گھوڑے نکا اوسمین سے گذرنا مشکل پڑا علاوہ اسکے بائیں کے آگے ٹھہرنا آسان نہین اس عرصہ مین انکے جانے سے سمرو کی توپ جو فوج انگریزی پر گولہ برسا رہی تھی رک گئی کیونکہ میان عیسے دونون صف مین حائل ہوگئے تھے اب انگریزی گولی شدت سے برسنے لگی آخر میان عیسیٰ بہزار خرابی تھوڑے سوارون سے جھیل کے پار ہوکر نشانے گولیون کے ہوگئے اور لوگ جو بہادری سے میدان مین ٹوٹے رہگئے تھے اونکے بھی پانو نمین لغزش ہوگئی جس طرح موج دریا شدت ہوا سے تلاطم مین آجاتی ہے اور سب سے زیادہ آفت سماوی یہ ہوئی کہ جب لڑائی شروع ہوئی تھی ہوا موافق تھی اب موخہ پر کی ہوگئی طرفین سے دھوان جمع ہوکر مثل ابر سیاہ غلیظ چھاگیا اس عرصے مین تلنگے جو مقابل بنی بہادر تھے داخل لشکر ہوگئے اور سبکو زیر باڑہ رکھ لیا اس صورت مین کسیکا پانون نہ ٹھہر سکا ایک تزلزل عظیم لشکر مین پڑگیا ہر ایک کو اپنی جان کا بچانا مشکل پڑا پہلے حضرات مغلیہ جو ہمقوم و ہم قبیلہ تھے اور کرناٹکس اپنے تئین نواب جانتا تھا اور اپنی نخوت و غرور سے بکنومرد جانتے تھے یہ رنگ دیکھکر اپنے آقاے نامدار سے ہاتھ اوٹھاکر بھاگنے لگے کتے ہین کہ لڑائی مین خدانکرے کسیکا پانون اوٹھے دفعتہً سب کے پانون اوٹھ جاتے ہین آخر اپنے لشکر لوٹنے لگے جناب عالی یہ حال ہمین ویسا رد دیکھکر ایک ساعت تک متحیر رہے تماشاے قدرت خدا دیکھنے لگے پھر گھوڑے پر سوار نیزہ ہاتھ مین دہنے بائین دوڑتے پھرتے تھے اور ہر افسر کو پکارتے تھے کہ ای نامردو کہان بھاگ کرجاؤگے کچھ تمھین شرم وحیا اور خیال نمکخواری نہین وہ حمیت ہمقومی اور غرور کجکلاہی کیا ہوئی کوئی نہ سنتا تھا بلکہ سیدھی راہ کاٹ کے اپنی راہ لیتے تھے جناب عالی کیطرف نہ آتے تھے آخر جناب عالی تھک کر ایک درخت کے سایہ مین کھڑے ہوے تصویر اس حال کی سرکار شاہی مین بھی مؤلف کتاب نے بھی اوسے دیکھا تھا۔

غرض فوج انگریزی نے داخل خیام ہوکر نقد و جنس و جواہر جو پایا خاطر خواہ لوٹا جسکا حساب مین

بلکہ تکلف یہ ہوا کہ اس لوٹ مین ہزارون نکمے بھی شریک ہوگئے تھے اب ناظرین بچشم انصاف دیکھین کہ یہ فوج مورو ملخ کئی ٹبالن انگریزی سے کسوجہ سے بھاگی بنظر حسن تدبیر ظاہری نا اتفاقی و بے انتظامی و سرتابی و سرکشی دوسرے اقبال دادبار آقا اور اثر نیت خاص۔

الغرض یہ سب بھگیلے سراسیمہ پریشان حال درگاوتی ندی کے پار ہونے کو جمع ہوے فوج انگریزی پیچھے چلی آتی تھی اوسنے سبکو زیر بار رکھ لیا تھا اور دونون طرف کے لوگ اس پار اوس پار کے خاک مذلت پر گر رہے تھے اس جبت سے عجیب حال سب کا ہو گیا تھا کسی کے ہوش و حواس باقی نہ تھے ہزارون دریا مین ڈوب کر مرگئے تھوڑے سے عبادی الشکور بچے لشکر بادشاہ بھی اوس پار اوترا جناب عالی بھی پار اوترے آخر پرگیان عصمت کو روانۂ الہ آباد کیا۔

پادشاہ بھی جناب عالی سے صاف نہ تھے بلکہ کبیدہ خاطر ہو کر یا اتفاقات صاحبان عالیشان کے بہانے ڈھونڈھتے تھے اوسوقت جب صاحبان عالیشان نے پادشاہ کو بے پر و بال دیکھا اور اونکی عظمت و جلالت و شان و شوکت کی خوب قلعی کھل چکی اور اپنا بھی بدبہ قوت و زور دکھا چکے تھے راہ و رسم مراسلات اور درخواست اپنے پشت و پناہ ہونے اور اعانت کی ظاہر کی بہم و فراست دانایان فرنگ کو خدا نے عنایت کی ہو اور امر تقدیری جدا ہے۔

پس یہین سے ظاہر ہو کہ صاحبان عالیشان نے قناعت اسی زینۂ وزارت پر ٹھہر کر پیش قدمی خلاف عقل سمجھے والا تسخیر بلاد ہندوستان اوسی دن ہو چکا تھا شرق سے غرب تک کی حقیقت تو کھل چکی تھی شمال مین کوہستان جنوب مین سمندر وہان انسے زیادہ کون ایسا تھا لہذا اس نہج پر مستقل رہنا چاہیے پھر مدارج سلطنت پر جانا آسان ہو جائیگا اور یکایک کسی کے گھر مین چلے جانا نچاہیے اگرچہ اسمین ایک مدت گذر جاے ع آہستہ خرام بلکہ مخرام۔ اب یہ سب حقیقت حال اس زمانہ حال مین کھل گئی خوف اتفاق قوم سب کا جاتا رہا گویا سب چہ راغ ہندوستان بجھ گئے۔

القصہ جناب عالی بصلاح نواب عنایت خان بانس بریلی تشریف فرما ہوے وہان بھی

اپنا رہنا مناسب جانا بلکہ روہیلون سے مطمئن نہوے چنانچہ ایک وقعہ سپاہ سے کچھ فساد بھی ہوا حافظ رحمت خان نے دیکھا کہ اگر کوئی امر خلاف ہمارے ملک مین ہوا تو بڑی خجالت ہوگی عرض کیا کہ اگر حضور میرے ساتھ نواب احمد خان بنگش نواب فرخ آباد کے پاس تشریف لیچلین غالب ہو کہ آپ کے تشریف لیجانے سے بخارات دیرینہ نواب مرحوم کے وقت کے جاتے رہین گے اور آپ سے باطاعت پیش آئین گے اوسوقت بھی جمعیت لشکر جناب عالی کچھ کم نہ تھی اور انھین دنون احمد شاہ ابدالی بادشاہ کابل نے میدان خالی دیکھکر قصد اخلہ شاہجہان آباد کیا تھا پھر سوچکر راہ مین سرہند تک ٹھہر رہا تھا کہ تحصیل زر بخوبی کیجیے اسی جہت سے جناب عالی کو بھی منظور ہوا کہ شاہجہان آباد جاکر معرفت نواب نجیب الدولہ شاہ کو عرضی دیجیے اور دو کرور روپیہ کا وعدہ پیشکش کرکے اپنی کمک کو لے آئیے لیکن وہان سے یہ تدبیر بھی بن نہ پڑی۔

جب نواب دانہ فرخ آباد ہوے قریب شہر پہونچے نواب حافظ رحمت خان پہلے نواب احمد خان کے پاس گئے اور بخوبی اونھین سمجھا کر استقبال کو لائے بڑی تعظیم و تکریم سے داخل شہر ہوے اور طریق ضیافت و مہمانی فراخور حال بجا لائے۔

آخر جناب عالی بصلاح نواب عماد الملک راؤ ملہار راؤ ہولکر کو ۴۵ ہزار جمعیت فوج سے اپنا شریک کیا کہ چالیس ہزار کوچ بیس ہزار مقام دینگے پھر وہان سے جمع ہوکر نواب عماد الملک صاحبقران عالیشان سے لڑنے کو آئے چنانچہ یہ معرکۂ جنگ کوڑہ جہان آباد کے میدان مین قریب کانپور ہوا۔

جنرل کرٹک صاحب بہادر نے جب یہ خبر سنی تھوڑی فوج لیکر الہ آباد سے روانہ ہوے جب مقابلہ ہوا مرہٹون نے پہلے کچھ دہنے بائین ہاتھ پانون ہلاے جب چھرہ توپ کا اور باڑھ چلنے لگی سیدھے سرحد گوالیار پر پہونچے مگر فقط ملہار راؤ تن تنہا اپنی جوانمردی سے رہگیا اور چاہا کہ میدان سے نہ ہٹے جناب عالی اور نواب عماد الملک سمجھا کر اپنے ساتھ لے گئے کہ اسطرح جان دینے سے کیا فائدہ تمھاری بہادری مین کچھ شک نہین لڑائی مین فتح و شکست کا اختیار بخدا ہی۔

جب یہ فوج کنڈائی بھی بھاگی پھر فوج انگریزی نے لشکر کو لوٹا نواب عماد الملک کا بہت اسباب تلف ہوا نواب کنھ خان جو جناب عالی سے بیدل برخاستہ ہوئے تھے وہ بھی بندیل کھنڈ پہونچکر داخل رفاقت صاحبان عالیشان ہوئے فوج انگریزی جو لکھنؤ آئی تھی اسے شتاب رائے نے اوس سے انتظام ملک اودھ کیا اور جماعت افاغنہ جنسے وعدۂ حتمی رفاقت جناب عالی کا کیا تھا وہ مرہٹون کا بھی مقابلہ دیکھ چکے جنابعالی مضطر ہوکر پھر فرخ آباد آئے کہتے ہین کہ جنابعالی نے بعد قبض و تصرف اپنے ممالک محروسہ کے بدل چاہا کہ نواب عماد الملک کو ۵ لاکھ کا ملک علحدہ کرکے دیوین کسواسطے کہ وہ ہر حال مین شریک رہے تھے مگر اونھون نے اوسے قبول نہ کیا۔ خلاف اپنی ہمت کے سمجھے اور وہی راہ و رسم فیمابین رہا۔

پریشان حالی نواب قاسم علیخان عالیجاہ و رشاہجہان آباد پہونچکر بحسرت مرنا

مختصر احوال پریشانی نواب قاسم علیخان یہ ہے کہ بہت صاحب مروت و فیاض تھے اگرچہ قلیل المزاج خلقی تھے اور فی الحقیقت صاحبان عالیشان و میر محمد جعفر خان دونون انکے محسن تھے انسے اونھون نے سراسر خلاف کیا اہل تواریخ ممالک شرقیہ گرفتاری عالیجاہ بنسبت خلاف جناب عالی جانتے ہین اونکے حق بجانب اور وقایع نگار اہل وقائق اس مملکت کے از روے تحریرات مراسلات مخفی عالیجاہ سے جو در باب عزل و برہمی وزارت جنابعالی جو بادشاہ کو بھیجی تھی اونکی خطا جانتے ہین العلم عند اللہ ان امورات سلطنت کو کچھ حکام خوب جانتے ہین۔

خلاصہ شروع بگاڑ یہ ہوا کہ پہلے جناب عالی نے ۱۱ لاکھ روپیہ معینہ ماہ بماہ کو طلب کیا جو حاضرۂ عظیم آباد مین قرار پایا تھا عالیجاہ نے اس خیال سے کہ شدت تقاضاے جناب عالی سے نجات ملے یہ جواب دیا کہ اگر مین مرشد آباد کو رخصت ہوکر جاؤن اور انتظام انگریزی مین خلل ڈالون تو مضایقہ نہین بالفعل فوج انگریزی یہان کم ہے وہ نہایت متردد معلوم ہوتے ہین اگر مین وہان جاؤنگا تو کارسرکار بہولت انجام پائیگا جناب عالی نے فرمایا کہ اگر عالیجاہ پھر کرنا آئین تو کیا کروگے کا خلاصہ سبیصورت کے سوال و جواب فیمابین ہونے لگے عالیجاہ عذر بے بضاعتی کرتے رہے آخر ایک دن جناب عالی نے معرفت

علی ابراہیم خان کے کہلا بھیجا کہ بادشاہ بقایاے صوبۂ بنگالہ وغیرہ عالیجاہ سے طلب فرماتے ہین اور اسپر تحصیلدار مقرر کیا چاہتے ہین اسکا جواب مجھے عالیجاہ دین اونھون نے جواب دیا سبحان اللہ مین تو تمھارے بھروسے پر بیٹھا ہون جو مجھسے ممکن نہین سکا ہوا اسمین قصور نہین کیا اب مجھے مقدور کہان کہ ماہی مجبور ہون اور بادشاہ کا مجھپر تقاضا نچاہیے جنابعالی مبنی بہادر کو حکم فرمائین کہ وہ حساب سمجھ لے پھر جو باقی نکلے اوسکے ادا کرنے مین جسطرح کہ ممکن ہوگا قصور نکرون گا آگے آپ کو اختیار ہے۔

القصہ ایسی بے التفاتی کی باتون سے متضطر ہوکر ایکدن عالیجاہ نے بسبب تحریک مصاحبان سفاہت شعار بغیر تامل وفکر وتامل اندیشی لباس گیروا فقرا کا پہنکر بوریے پر بیٹھے اور رفقاے خاص بھی اسی صورت سے بنے انگشت نماے خاص وعام ہوے جناب عالی نے اپنی رفع بدنامی سمجھکر علی ابراہیم خان کو نواب عالیہ کیطرف سے کہلا بھیجا کہ مین نے بادشاہ کے حکم سے کہلا بھیجا تھا اوسکا جواب شافی دینا چاہیے تھا یا ترک لباس کرنا مجھے بدنام کرنا کیا ضرور ہے حاصل کلام بہت سے کلمات تشفی ودلجوئی کے کہلا بھیجے آخر خود تشریف لیگئے اور بہت سمجھا کر لباس فقیرانہ بدلوایا۔

دوسرے دن ہمرو ملازم عالیجاہ نے ازراہ نمک حلالی تنخواہ اپنی پٹالن اور توپخانہ کی بجبر لیکر جناب عالی کا نوکر ہوا اور اسلحہ چوب بندوق ہیگزین وغیرہ اپنی سرکار مین نہ دیا اور برسوخ جناب عالی سے عرض کیا کہ مجھے عالیجاہ نے حکم قطعی دیا تھا کہ بعد فتح انگریزون کے تم بے تامل لشکر جناب عالی کو لوٹ لینا جب جناب عالی نے یہ شکایت علی ابراہیم خان سے کی عرض کیا کہ اگر وہ اپنا رسوخ حضور سے یہ نکرتا تو آپ سپاہ دشمن کو کیونکر نوکر رکھتے اور اسی طرح سردار لشکر بھی وقت بد دیکھکر اور اپنی عاقبت سمجھکر حیلہ رزق جانکر لشکر جناب عالی مین چلے آئے۔

دوسرے دن صبح کو موشیر جنیل نے اپنی فوج لیکر خیمۂ عالیجاہ کا محاصرہ کر لیا اور اونھین ہاتھی پر سوار کر ایک افسر کو خواصی مین بٹھا لشکر جناب عالی کے مقام معینہ مین پہونچا دیا اور جتنا مال واسباب نقد وجنس تھا سب ضبط سرکار جناب عالی ہوا اور سوا

علی ابراہیم خان سب نقلے عالیجاہ نے روسائے لشکر جناب عالی سے موافقت دنیوی کر لی تھی غرض ایکدن پیشتر لڑائی بکسر کے عالیجاہ لنگڑی تہنی پر سوار ہو اپنے عیال لشکر جنابعالی سے روانہ الہ آباد ہوے اور بسجان احد قید جنابعالی سے نجات پائی علی ابراہیم خان نے اوسوقت بکسی مین بھی ازراہ دوستخواہی و نمک حلالی بمقتضاے شرافت ہزار روپیہ نقد اور گھوڑا اپنی سواری کا بھیجدیا لیکن عالیجاہ نے ازراہ غیرت قبول نہ کیا پھیر دیا بہزار خرابی افتان و خیزان الہ آباد پہونچے چھوٹے سے مکان کرایہ میں لیکر رہے پھر لکھنؤ ہو کر وہیلکھنڈ ملک فاغنہ مین گئے اور قید فرنگ سے محفوظ رہے ہر چند یہ مرحلہ جناب عالی اور صاحبان عالیشان سے پہلے طے ہو چکا تھا کہ ہم عالیجاہ کو گرفتار کر کے تمھین نہ دینگے۔

کہتے ہین کہ عالیجاہ کا خیمہ لکھنؤ مین کنار دریاے گومتی زیر قاعہ مچھی بھون برپا ہوا تھا اونکے سامنے ایک طرف وہ قرآن ضمانت فیما بین دوسری طرف زنار رہنود رکھے تھے کہ اگر فتح جنابعالی ہوئی زنار پہن لونگا اور اس قرآن سے بے ادبی کرونگا یہان تک کہ خبر شکست بکسر سنی۔

خلاصہ ملک فاغنہ مین بھی صورت قیام نہ ٹھہری بعد چند روز کے پریشان و خستہ حال ہو کر میانے مین سوار شاہجہان آباد پہونچے نواب نجف خان نے بڑے احترام سے اپنا مہمان کیا اور کہا کہ اب خیال ملک بنگالہ اور تصور عہدہ وزارت کو دل سے دھو کے حاضر حضور شاہی رہنا غنیمت سمجھیے بہرصورت آپکی خدمتگزاری اور کفالت کو حاضر ہون۔

عالیجاہ بھی اپنی عادت قدیم سے مجبور تھے چند روز رہکر ایک عرضی بادشاہ کو اس مضمون کی دی کہ اگر غلام کو بھیجدے نواب نجف خان حضور سرفراز فرمائین تو اونسے بہتر انتظام ممالک محروسہ کرونگا جب نواب کو یہ خبر معلوم ہوئی آمد و رفت موقوف کی مگر کفالت سے ہاتھ نہ اوٹھایا بعد چند روز کے سنہری منڈی مین انتقال کیا حضرت شاہ مردان مین دفن ہوے فاعتبروا یا اولے الابصار۔

ملاقات جناب عالی بسرداران انگلشیہ و بعد صلح فیض آباد کو آنا

خلاصہ جناب عالی بعد شکست بکسر سمت الہ آباد روانہ ہوے راہ مین مقام چھپرہ سے

جو قریب عظیم آباد ہو پہونچا گیا عصمت کو بحفاظت و حراست مظفر الدولہ نجشی الملک ابوالبرکات خان تہور جنگ ساکن قصبۂ کاکوری قریب لکھنؤ سپرد کیا وہ روانہ پیلی بھیت بریلی ہوے اور خود جناب عالی جریدہ بعزم ملاقات شاہی صاحبان عالیشان بریلی ہو کر نواب احمد خان بنگش رئیس فرخ آباد کے پاس گئے اس خیال سے کہ سرداران جنوبی اور بادشاہ درانی کو اپنی کمک کو لائین جسطرح بالاجمال مذکور ہو چکا لیکن کسی کے قول و فعل کو درست نہ پایا سبکی طرف سے دل ٹوٹ گیا کہ انمین کسی سے سوا مکر و فریب چرب زبانی کے کچھ نہو سکیگا۔

حقوق صاحبان روسلے قصبۂ کاکوری اس سلطنت مین انھین حسن خدمات کی جہت سے ہی چنانچہ جب جنت آرامگاہ نے مسند وزارت پر جلوس فرمایا ایک دن وقت صبح بر سبیل تفرج تشریف فرماے قصبۂ مذکور ہوے غلام صفدر خان غلام حیدر خان رفعت الدولہ خان کے بیٹون کو طلب فرمایا خلعت سے سرفراز کر کے دونون کا دو دو سو روپیہ مواجب مقرر فرمایا ازراہ قدردانی و قدامت اوکا سفط مراتب فرماتے رہے اور ابتک سرکار شاہی مین حافظ علیخان حفظ علیخان وصی علیخان مولوی نہال الدین خان مولوی محمد خلیل الدین خان وغیرہ ہمیشہ سے خدمات عالیہ پر مامور رہے ہے اب فرسلطنت مین مولوی محمد مسیح الدین خان بہادر میر منشی نواب گورنر جنرل بہادر جناب عالیہ ملکہ کشور و جنرل مرزا سکندر حشمت و ولیعہد بہادر کے ساتھ بسر شتۂ سفارت لندن گئے شاید انھون نے بھی کتاب سفر لندن اور حالات سرکارین لکھے ہین اگر طالب طبع پر پہونچین گے خاص و عام پر کھل جائیگا اور بالاجمال انکا ذکر بھی دوسری جلد مین اپنے سلسلۂ مقام پر آئیگا اور ہر ایک کا وظیفۂ شاہی کی جہت سے پنشن سرکار انگریزی سے ملتی ہے۔

خلاصہ آمدم برسطلب کتاب کہ نواب احمد خان بنگش کو اگرچہ غبار مقدمات دیرینہ جناب عالی کیطرف سے تھا مگر جب وہ انکے مہمان اس حال سے ہوے جس طرح مذکور ہوا وہ بخارات سبدل بخلوص کجہتی تہ دل سے ہوے جناب عالی کا پریشان حال و تردد اور کم ہمتی مردان کارزار کی دیکھکر اپنی نیک نہادی و عاقبت اندیشی سے عرض کیا کہ بلن بہر حال آپ کا شریک ہون نہ شل اورون کے اور ان سبکا احوال آپ پر منکشف ہو گیا

اب میری عقل ناقص مین صلاح دولت یہ ہو کہ آپ اس قوم سے صلح فرمائین تو بہتر ہو گذشتہ را صلوٰۃ جو ہونا تھا وہ سب ہو چکا اوسکی صورت یہ ہو کہ آپ بیوا سطہ تن تنہا اونکے پاس تشریف لیجائیے غالب ہو کہ صاحبان ممدوح ازراہ ہمت و جوانمردی اپنی آپکا بڑا احترام کرینگے اور کسی طرح کی دغا و فریب سے پیش نہ آئینگے کیواسطے کہ اونکا بھی یہی مرحلۂ اول ہو کسی امر مین جلدی نکرینگے بلکہ آپ کی صلح کو غنیمت جانینگے اور جو شخص آپ سے ادعاے محاربہ کرے اوسے اپنا دشمن جان و آبرو جانیگا جو حق دوستی و خیر خواہی و عاقبت اندیشی تھا عرض کیا آگے حضور کو اختیار ہے۔

دوسری صورت خداداد یہ ہوئی کہ کوڑہ جہان آباد کی لڑائی مین یا موسیٰ نگر مین اتفاقاً دو صاحب افسر جلیل القدر لشکر انگریزی سے بگھی پر سوار چلے جاتے تھے راہ مین میر باقر خان کے رسالے کے سوار گرفتار کر کے لے آئے بعض کوتہ اندیش نے چاہا کہ مثل گرفتاری عالیجاہ قتل کرین اون صاحبون کو بھی اپنا قتل یقین ہو گیا کہ دشمن کے ہاتھ سے جان کا بچنا مشکل ہوتا ہو لیکن جناب عالی نے ازراہ جوانمردی اونھین بڑی عزت و احترام سے علیحدہ خیمے مین رکھا تھا اپنا مہمان کیا اور لوازمۂ مہمانی میسا فرمایا اور قلبی چیزین جو ضروری تھین سبکو حکم فرمایا امر عجیب یہ کہ لشکر اسلام مین شراب غیر ممکن تھی بہزار تلاش وہ بھی میسر ہوئی اور جس چیز کی احتیاج ہوتی تھی میسا ہو جاتی تھی ایکدن وہ دونون صاحب جا فر حضور جناب عالی ہوے تھے اور ایکدفعہ خود بھی جناب عالی اونکے خیمے مین تشریف لیجا کر متواتر ارشاد فرماتے تھے کہ جب آپ کا جی چاہے بسلامت اپنے لشکر مین چلے جائیے وہ کہتے تھے ہمین یہ صحبت آپ کی بہت غنیمت ہے جسدن رخصت ہوے آٹھ گھوڑے خاصہ سواری کے چار راتھی کشتی جواہر بیش قیمت دو ہزار اشرفی عنایت فرمائی۔

جب یہ دونون صاحب جلیل الشان اپنے لشکر مین بسلامت باعزت داخل ہوے اپنے کمان افسر سے جناب عالی کی ہمت و جوانمردی و مہمانداری کی بہت تعریف کی اور صاحب بھی مشتاق ملاقات ہوے اور یہ صاحب بھی محرک اصلاح حال ہوے اقبال اسے کہتے ہین اور جب خدا چاہتا ہے بگڑے کام سب بنجاتے ہین بیلی گارد مین کسیکو

کچھ بن نہ پڑا ایسا نشۂ غفلت و خودسری سب کے سر میں سما گیا تھا۔

غرض صورت اصلاح حال و صلح یہ ہوئی کہ مہدی گھاٹ پر کنارہ دریائے گنگ لشکر جناب عالی اوس پار جانب شمال لشکر انگریزی تھا جناب عالی جریدہ بسواری پالکی چھالردار چند خواص اردلی سے کشتی پر سوار ہوا اوس پار تشریف فرما ہوے جرنل کرنگ صاحب کمانڈر کو جب یہ خبر پہونچی پہلے متعجب و متحیر ہوے جب قریب کشتی پہونچی مع افسران جلیل الشان خیمے سے نکل استقبال کیا لب فرش تک جلو سواری مین رہے جب پالکی سے اوترے معانقہ ہوا توپ سلامی کی چلی داخل خیمہ ہوے اور شامل ملازمین انتہائی تعظیم و تکریم سے پیش آئے پہلے جناب عالی نے کچھ کلمات یاس ارشاد فرمائے جرنل صاحب نے عرض کیا کہ ہمارا آپ سے ارادہ لڑائی کا نہ پیشتر تھا نہ اب ہر چند ہمنے آپ کی مردت و ہمت و جوانمردی کا شل نہ دیکھا اور نہ سنا لیکن ازبسکہ قاسم علیخان نے ہمسے نقض عہد و میثاق کیا اور بدلے ہماری نیکی کے بدی پیش آیا اور درپے ہمارے قتل و قمع کے ہوا اور ہمارے بیگناہون کا خون ناحق بہایا پہلے ہم بھی خائف تھے لیکن معلوم ہوا کہ زمانہ جوانمردون سے خالی نہین ہوتا اور مردوہ ہی جو بروقت غالب ہونے کے دشمن پر رحم و مردی سے پیش آئے جیسا آپنے اپنے مہمانون پر مہمان نوازی فرمائی ہم سب لوگ لشکر گزار رہیں اور آپ کے استقلال مین کسیکو تامل نہین اور یہ صورت خاص لڑائی کی فقط بیوفائی سپاہ سے ہوئی بہرحال مضی ما مضی اب ہم آپ کے دوست کو اپنا دوست سمجھین اور دشمن کو آپکے ہم سزا دین ہمارے دشمن کو آپ زیر تیغ لین جناب عالی کو پہلے جسقدر تشویش و خلجان خاطر تھا وہ سب رفع ہوکر شگفتگی و تسکین خاطر ہوئی اور ہر سوال کا جواب مناسب دیا اور باتفاق صاحبان عالیشان حاضری نوش فرمائی اور رفع اشتباہ کو اوسی خیمے مین استراحت بھی فرمائی یہی طریقہ مہمانی و ضیافت سرکار شاہی کا تا انتزاع سلطنت رہا اور طرفین سے استقبال و شایعت کی وہی صورت رہی۔

بعض کتاب کہنہ تواریخ انگریزی مین جو بعض کلمات عجز جناب عالی تحریر دیکھے وہ کسی ثقات سے نہین سنے۔

خلاصہ بعد ہفتہ عشرہ معرفت رائے شتاب رائے تصفیہ صلح سرکارین اس صورت سے ہوا

شرط ہفتم یہ تجویز قرار پائی کہ ملک بنارس اور جسقدر بلونت سنگھ مالگذاری مین دیتا ہے نواب وزیر کو دیا جاے گو بادشاہ نے وہ ملک کمپنی انگریزی کو دیا ہو لہذا یہ وعدہ کیا جاتا ہو کہ ملک مذکور حسب ذیل ادسے دیا جائیگا یعنی وہ سب ملک انگریزون کے پاس اوسوقت تک رہیگا جبتک میعاد عہدنامہ جو بلونت سنگھ اور کمپنی کے ساتھ ہوا ہے منقضی نہ ہو جاے اور تاریخ انقضا اوسکی ۲۷ - ماہ نومبر سنہ ہو بعد ازان نواب کو دخل دیا جائیگا مگر قلعہ چنارگڈھ پر دخل اونکا اوسوقت تک نہوگا جبتک شرط ششم عہدنامے کی بالکل تعمیل نہو جائیگی

شرط ہشتم نواب کمپنی انگریزی کو اجازت دیگا کہ وہ تجارت بلامحصول تمام ملک مین کیا کرین

شرط نہم تمام واسطہ داران اور رعایاے نواب جنسے کچھ بھی مدد یا اعانت جنگ گذشتہ مین کی ہوگی اوسکے قصور معاف ہونگے اور کسی طرح کی اونسے مزاحمت اس بارہ مین نہوگی -

شرط دہم جسوقت یہ عہدنامہ دستخط ہوگا اوسی وقت فوج انگریزی ملک نواب سے روانہ ہوگی صرف فوج قلعہ چنار کی باقی رہے گی اوسی قدر فوج قلعہ الہ آباد مین رہیگی جسقدر براسطے حفاظت بادشاہ کے ضرور متصور ہوگی بشرطیکہ بادشاہ ضرورت اوسکی بیان کرینگے -

شرط یازدہم نواب شجاع الدولہ نواب نجم الدولہ اور کمپنی انگریزی یہ اقرار کرتے ہین کہ وہ صدق نیت سے تمام شرائط مندرجہ و مقبولہ عہدنامہ ہذا کا لحاظ رکھین گے اور رعایت کرکے اور وہ حقیقۃً یا مراحۃً اپنی رعایا سے بھی شکستگی عہد روا اور جائز نہ رکھین گے اور فریقین معاہدہ ضامن ایک دوسرے کے ہوتے ہین کہ تمام شرائط عہدنامہ حال کے تعمیل ہونگے اسپر دستخط اور مہر اور قسم ہر ایک فریق معاہدہ نے بمقام الہ آباد تاریخ ۱۶ - ماہ اگست ۱۷۶۵ع روبرو ہمارے کی -

منشی اعتصام الدین لندنی اپنے رسالے مین لکھتے ہین کہ جب کرنل کلیو مخاطب

ثابت جنگ لارڈ لیک سے لارڈ ہو کر صوبہ بنگالہ کے بندوبست کو تشریف لائے جناب عالی سے ملاقات ہوئی اور طرفین سے عہد و میثاق کی یہ صورت ہوئی کہ صوبہ الہ آباد جسکا مداخل ۴۴ لاکھ روپے اور صوبہ کوڑہ جہانہ آباد ۴۸ لاکھ سال کا مجموع ۷۲ لاکھ خرچ بادشاہ کے واسطے حوالہ کیا جاوے باقی صوبہ اودھ جو ایک کرور پچاس لاکھ کا ہے اور پچاس لاکھ کا بنارس اور غازی پور ۱۵ لاکھ کا آیہ جناب عالی کے اختیار میں رہے اور پچاس لاکھ صرف سپاہ لشکر کشی جناب عالی سے لیا جاوے یہ دو قطعہ عہدنامہ تحریر ہوئے طرفین سے دستخط اور مہر ہوئی لارڈ صاحب نے اپنے ہاتھ سے انجیل جناب عالی کو دی اوسی طرح جناب عالی نے قرآن شریف دیا بعد اسکے معانقہ ہوا بعد ہفتے عشرے کے بادشاہ عالی گہر نے خلعت بحالی جناب عالی کو دیکر رخصت کیا روانہ فیض آباد ہوے۔

نواب گورنر جنرل بہادر نے سند نظامت صوبہ بنگالہ نجم الدولہ میر جعفر علیخان مرحوم کے بیٹے کو دی اور سند دیوانی بنام کمپنی انگریز بہادر اس قرار پر لی کہ ۲۴ لاکھ سالانہ خزانہ شاہی میں ارسال ہوا کریگا اور محاصل صوبہ بنگالہ بطریق تمغا نام کمپنی انگریز بہادر سند بادشاہ سے لکھوالی اور مقرر کیا کہ نواب نجم الدولہ ۱۰ لاکھ سالانہ اپنی ذات کیواسطے لیا کریں اور سب معاملات ملکی مالی اور نگاہداشت فوج اور تحصیل اس متعلق صاحبان عملہ کمپنی پر ہو تحریر تاریخ ۱۲- اگست ۱۸۶۵ء مطابق ۲۴- ماہ صفر ۱۲۷۵ھ اوسکے بعد نواب گورنر جنرل بہادر سمت کلکتہ تشریف فرما ہوے اور شاہ عالم عالی گہر کئی برس تک الہ آباد میں رہے کسواسطے کہ شاہجہان آباد سے اپنے ارکان دولت کے ساتھ سے تنگ ہو کر نکلے تھے یہ احوال تفصیل کتاب مفتاح التواریخ مسٹر تامس ولیم بیل محررہ ۱۸۴۰ء سے لکھا گیا۔

غرض جناب عالی چند روز تک الہ آباد میں رہے انصرام تدبیر رہ مقصودہ کیواسطے وہاں سے اپنے ارکان دولت جان نثاران خیر خواہان نمکخواران قدیم کو متواتر شقے بھیجے کہ ہر شخص بقدر مقدور مناسب ہو کہ مجھے روپیہ رسدی کر کے بھیجے جس سے میری آبرو رہجاے پردہ دری نہو خدا چاہے تو میں ہر ایک کا روپیہ جلد ادا کردونگا سبھوں نے پہلوتہی چشم پوشی کر کے عذرات بارد لکھے۔

ایک اہ سے یہ عذر سب کا سچ ہوسکتا ہو اوس زمانے مین اہلکار ایسے چور بھی نہ تھے جیسے
اس زمانے مین ہوے ۔

اوسوقت نواب مرزا علیخان اور نواب سالار جنگ نے بہو بیگم صاحبہ اپنی بہن کو
سمجھایا حیف ہو کہ تم ایسے وقت مین مال دنیا کو شجاع الدولہ سے عزیز کروانکی جان
آبرو پر بنی ہو جناب بیگم صاحبہ نے بطیب خاطر فرمایا جتنے میرے پاس قسم طلا و نقد و
جواہر ہو سب تصدق سر نواب ہو جناب عالی نے وہ زر مرسلہ وغیرہ صاحبان عالیشان کو
دیا کئی لاکھ جو باقی رہے اوسکے بدلے جواہر بیش قیمت امانت رکھوا دیا فیض آباد
تشریف لائے ۔

اوسدن سے سبب ثوق محبت بیگم صاحبہ زیادہ ہوا جسقدر اخراجات صوبہ سے بچتا
تھا سپرد بیگم صاحبہ ہوتا تھا یہ وہی روپیہ تھا جسکی بدولت بیگم صاحبہ نے اپنے اقربا ے قریبہ
اور متوسلین اور متعلقین کے واسطے سرکار انگریزی مین وکیل دائمی مقرر فرمایا ۔
اسی خزانے کا نام جورا بھورا مشہور تھا اور بعد انتقال جناب بیگم صاحبہ کے ۷۵ لاکھ
رکابی حضرت خلد منزل فیض آباد سے اپنے ساتھ لائے تھے اسکے سوا جو خورد برد ہوا ہو
واللہ اعلم ۔

خلاصہ بعد معرکہ بکسر اور مراجعت فیض آباد حال بطون حضرات مغلیہ اور اونکا فساد
طینت جناب عالی پر خوب کالشمس روشن ہو چکا تھا اور بعض کلمات یاوہ گوئی جو راہ مین
حفاظت کے واسطے ساتھ ہوے تھے جناب بیگم صاحبہ سے تصدیق ہو چکے تھے جنپر اعتماد ہمقوم
وہم قبیلہ کا تھا سبحان اللہ اس جہت سے سبکو برطرف کیا فوج مغلیہ غریق بحر ندامت ہو کر
فنا ہجہان آباد مین نواب نجف خان کی نوکر ہوئی اور اکثر محاربات مین کام آئی تعجب ہو کہ
نمک کس سرکار کا کھایا جان کہان دی مگر سرفروشی بھی بے انتظامی سے کی عادی قواعد و
انتظام و فرمانبری افسر کے نہ تھے اگر ہوتے تو شاید یہ صورت نہوتی جیسا اب شاہ ایران نے
انتظام قواعد سبکو درست کیا ہو ۔

جناب عالی نے فوج سوار سے بدیل ہو کر فوج پیادہ کی نگاہداشت شروع کی اوسکی

آراستگی اور یکیاری وقواعد مین ہمہ تن خود متوجہ ہوئے جسطرح دستور کمپنی انگریزی ہوتا ہی اونکے افسر اشخاص منتخب ومعتمدین ہندوستانی مقرر فرمائے اور اکثر افسر اپنے غلام وخواجہ سرا مقرر فرمائے مثل ہرنل نسبت علیخان عنبر علیخان محبوب علیخان لطافت علیخان موسی خنبیل موسی سوسون موسی ہروس قوم فرانسیس یہ صاحب قبل ازمعرکہ بکسر ملازم تھے شاید بسبب قوم فرانس کے داخل شرط ہوے تھے مگر گشائین بہت بہادر امراد گر گوپال اومرہٹہ سید جمیل الدین خان محمد سفر الدین خان شیوخ لکھنو یوسف خان گرجی علی بیگ خان مرتضی خان بڑیچ میر احمد افسر بائیسی وغیرہ حضرت سلطان عالم بہادر نے بھی اسی جہت سے اپنے خواجہ سراؤن کو افسر فوج کیا تھا انکا حال سب پر ظاہر ہی ویسا ہی ہر ایک کا انجام بھی ہوا۔

سزای راجہ بینی بہادر نائب جناب عالی

مثل مشہور ہی یاد نہ بد جنیف می ریزد راجہ بینی بہادر نے جتنی باتین اپنے نزدیک محض خیر خواہی نمک حلالی کی کہین جناب عالی اپنی فہم اور مشیران خاص کے کہنے سے خلاف سمجھے ع ای روشنی طبع تو بر من بلا شدی + میری نمک حرامی وخیر خواہی صاحبان عالیشان پر ثابت ہوئی اب اون لوگون کا کہنا سچ ہوا جو راجہ کے باب مین کہتے تھے اور یہ خدشہ ایسا خاطر مبارک مین متمکن ہو گیا کہ کسی صورت سے نہ گیا آخر در پی قصاص سزا ہوے غرض جب ۲۱ مہینے کا عرصہ معرکہ بکسر کو ہوا جناب عالی علاقہ محمدی سے سوار ہو دفعتہ داخل میدان منڈیانو ہوے وہان سے جریدہ داخل خیمہ راجہ ہوے راجہ نے خیمے سے نکل استقبال کیا راجہ سے فرمایا اس وقت شدت گرمی ہو مین چاہتا ہون تمھارے خیمے مین استراحت کرون بعد ظہر کے سوار ہو جاؤنگا گھر مین اسوقت بھوکا ہون جو کچھ سردست تمھاری رسوئین مین طیار ہو جلد لاؤ راجہ نے پکوان مٹھائی اور تر وخشک ترکاری اور جو بازار سے ملا حاضر کیا اور جلوس سواری کو بھی ماحضر سب کو پہونچا دیا بعد خاصہ کے جناب عالی نے کمال عطوفت وعنایت کی باتین فرمائین جب سہ پہر کو سوار ہونے لگے ارشاد کیا راجہ تم بھی اسوقت شکار کو چلو عرض کی غلام نے بدولت حضور بہت سے شکار دیکھے ہین اسوقت کچھ ضرور نہین متبسم ہو کر فرمایا آج کا شکار عجیب وغریب ہی ایسا کبھی نہ دیکھا ہوگا اور ہمین زیادہ غرض تمھارے دیکھنے سے ہے جو دم ہی

غنیمت ہو مین بعد فتحکار کے پھر محمدی چلا جاؤنگا غرض جناب عالی نے متواتر باصرار ارشاد کیا راجہ کو اپنی خواہی مین بٹھا کر سوار ہوے راہ مین اوس سے زیادہ مہربانی فرمائی جب قریب اپنے لشکر کے پہونچے جلوس سواری زیادہ ہوا دوسرے شخص سے فرمایا تم میری خواہی مین آبیٹھو راجہ سے فرمایا تم دوسرے ہاتھی کی عماری مین جا بیٹھو اوسوقت راجہ نے بفراست دریافت کیا کہ یہ مہربانی میرے واسطے دام گرفتاری ہو مگر اب کیا ہو سکتا ہو بمجبوری عماری مین جا کر بیٹھے بحر واسکے فیلبان کو ارشاد ہوا کہ پرے چھوڑدے یہ فرما کر خود تشریف فرما ے خیرآباد ہوے چوبدار کو حکم ہوا کہ ملازمین راجہ کو حکم پہونچاؤ کہ راجہ اپنی سزاے اعمال کو پہونچا تم سب ملازم سرکار رہو اپنی نوکری پر حاضر رہو جنہون نے حکم حاکم کی اطاعت کی بہت سے لوگ اسپر بھی راجہ سے خوش ہوے تھوڑے افسردہ دلگیر ہوے حضرات مغلیہ جو رفیق خاص راجہ تھے جنپر بڑا بھروسا اعتماد تھا ایسے بدحواس ہوے کہ سر پیر ہوا ہوے تہمیار گھوڑے اور اپنا اسباب چھوڑ کر راہ لی۔

بعد اسکے نقد و جنس راجہ ضبط سرکار ہوا ۱۳۰ سو گھوڑے ۱۸ ہاتھی تونچانہ وغیرہ وغیرہ جو کچھ مملوکہ راجہ تھا داخل سرکار ہوا کہتے ہین کسی خیرخواہ راجہ نے نواب گورنر جنرل بہادر کو عرضی اس دام گرفتاری راجہ کی بھیجی کہ آپ کی خیرخواہی سے راجہ کی یہ صورت ہوئی فرمایا کہ ایسے امور خفا کی جناب عالی مین ہمین کچھ دخل نہین جب محمد ایلچ خان نے جناب عالی سے مفصل یہ خبر عرض کی فرمایا مین نے اس برہمن بچے سے عہد کیا ہو کہ تجھے قتل نہ کرونگا اور بروقت منصوبی نیابت اس سے قسم جناب امیر علیہ السلام کی کھائی ہو اب حیران ہون کیا سزا دون اگر قتل نہین کرتا بہت سے فساد متصور ہین اور خلاف عہد بھی ہوتا ہو عرض کی اندھا کرنا ایسے کور نمک کا بہتر از قتل ہو فرمایا اچھا تمھین اختیار ہی جاؤ اوسے اندھا کر ڈالو چنانچہ حسب الحکم تعمیل ہوئی ہر چند راجہ نے الحاح وزاری کی مگر مثل ملک اموت حکم حاکم کو مقدم سمجھے دونون آنکھون مین نیل کی سلائیان پھروادین یہ صورت ۱۱۸۱ ہجری مطابق ۱۷۶۷ع اور تصفیہ صلح ۱۱۷۵ ہجری مطابق ۱۷۶۵ع بعد کورچشمی راجہ کاروبار نیابت محمد ایلچ خان کے سپرد ہوا فی الحقیقت بڑا نمک حلال و خیرخواہ سرکار تھا اگرچہ جاہل علم تھا۔

شادی نواب آصف الدولہ بہادر

جناب عالی نے ۱۱۸۱ھ مطابق ۱۷۶۷ء نواب آصف الدولہ بہادر کی شادی شمس النسا بیگم سے تجویز فرمائی جو بیٹی نواب خان خانان پوتی نواب ذیر الممالک قمر الدین خان بہادر وزیر اعظم بادشاہ دہلی کی تھیں اور اسکی صورت یہ ہوئی کہ پہلے جناب عالی نے خوش نظر علی خان کو شاہجہان آباد بھیجکر نواب امام الدین خان بیٹے نواب خان خانان کو فیض آباد بلوایا بعد اسکے علی بیگ خان لطافت علیخان خواجہ سرا کو کئی ہزار جمعیت فوج سے نواب سورپوری بیگم بی بی وزیر اعظم کو بڑی عزت و تکریم سے طلب فرمایا ۱۱۸۳ھ مطابق ۱۷۶۹ء فیض آباد مین بڑی دھوم دھام سے شادی ہوئی جسمین ۲۴ لاکھ روپیہ صرف ہوا اب اگر تکلفات شادی بیان کیے جائین تو مطلب کتاب جو منظور ہے رہ جائیگا فقط سلسلۂ احوال کے واسطے بیان کیا گیا۔

نواب گورنر جنرل بہادر نے دربار جناب عالی مین رزیڈنٹ پہلے یا مرتبہ دوم مفصل معلوم نہین ہارڈپر صاحب کو مقرر کیا جناب عالی سے اور انسے بہت خصوصیت ہوگئی تھی اس جہت سے ایکے اپنے صاحبزادے کا نام جو انھین دنون ہوا تھا بنام نامی صاحب مرزا حاپر نام رکھا ایک دفعہ شاہ عالم بادشاہ بھی الہ آباد سے فیض آباد مین تشریف لائے لال باغ مین رونق افروز ہوے جناب عالی نے بڑی دھوم دھام سے مہمانی کی اور بروقت روانگی ۱۱ لاکھ روپیکا نقدہ جنس پیشکش کیا اور ۱۱۸۳ھ مطابق ۱۷۶۹ء جناب عالی جب حاضر حضور بادشاہ الہ آباد مین ہوے اور آپ بندوبست صوبہ کو تشریف لائے مگر اپنی جگہ نواب یمین الدولہ سعادت علیخان بہادر کو چھوڑ آئے تھے یہ بھی بشکل جناب عالی حاضر حضور دربار شاہی رہتے تھے اوسوقت ۱۲ یا ۱۳ برس کا انکا سن تھا۔

ایک دن بادشاہ جب رونق افروز لال باغ تھے بر سبیل تفرج تخت پر سوار گلگشت کو نکلے جناب عالی حسب دستور پیادہ جلو سواری مین تھے بعد ہوا خوری جب تخت سے اوترنے لگے اتفاقاً بادشاہ کا چرن بردار پیچھے رہگیا تھا جناب عالی نے اپنا جوتہ حاضر کیا بادشاہ نے پہن لیا اور خود برہنہ پا ساتھ چلے جب چرن بردار حاضر ہوا بادشاہ نے جناب عالی کو

اوسکا اشارہ فرمایا انھون نے نذر دیکر آداب بجالائے اور تبغا خراج سے بجاے جیغہ باندھا ایکدن یہ بھی تھا منزلت بادشاہت کا۔

عماد الملک نواب گورنر جنرل وارن ہیسٹنگ صاحب بہادر جبارت جنگ کا بنارس آنا جناب عالی کا فیض آباد سے تشریف لیجانا

حاصل کلام اس سانحہ کا یہ ہو کہ نواب منیر الدولہ نواب عباس قلیخان کے باپنے اپنا رسوخ اور کمال خیر خواہی سمجھکر ایک خط جناب عالی کا جو حافظ رحمت خان سے کسی حکمت عملی سے انکے ہاتھ آیا تھا قبل از سمرکہ بکسر کا جو جناب عالی نے اپنی امداد و کمک کیواسطے سرداران افاغنہ کو لکھا تھا اوسکی تاریخ لفافہ سنہ ۱۱۷۹ھ کو ۱۱۸۰ھ ہجری سے بدلکر مطابق ۱۷۶۵ء جعل و فریب سے لکھکے مین نواب گورنر جنرل کو گذرانا نواب محتشم الیہ انپر اعتماد کرکے بغیر دریافت احوال مضمون خط دیکھکر نہایت برہم ہوے اور ایک محبت نامہ شکوہ و شکایت جناب عالی کو بھیجا اور آپ بھی جلد روانہ بنارس ہوے اور انتظار جواب بھی نہ کیا اسکے سوا خارج سے سن چکے تھے کہ جناب عالی نے ایک لاکھ بیس ہزار فوج سوار و پیادہ و توپخانہ طیار کیا ہو اور اوسکی آراستگی قواعد مین ہمہ تن مصروف رہتے ہین شاید پھر سر محاربہ خیال مین آیا ہو اسکا بھی بڑا کھکا ہو گیا تھا۔

غرض جناب عالی کو تحریر خط سے بہت تحیر ہوا پھر سمجھے کہ یہ کام کسی بڑے دشمن دیرینہ کے آگ لگانے کا ہو چارونا چار رفع خدشۂ خاطر نواب ممدوح اور اپنے اظہار خلوص باطنی کے لیے عین شدت برسات مین مع نواب بہو بیگم صاحبہ جریدہ بسواری بجیرہ داخل بنارس ہوے پہلے محمد ایلچی خان دریافت حقیقت حال کو مع جواب محبت نامہ حاضر حضور نواب محتشم الیہ ہوے مضمون جواب محبت نامہ یہ تھا کہ بعض مفسدان اور فتنہ پرداز بدنہاد نے اپنی عداوت دیرینہ سے ازراہ حسد و کینہ تاریخ خط سرنامہ اور سنہ ہجریہ کو جعل سے بدلکر محض اپنا رسوخ اور کارنمایان جانکر آپ سے گذارش کی ہو لوازمہ محبت و یکجہتی مقتضی اسکی ہو کہ اسکا مقابلہ مضمون خط سے فرمائیے غالب ہو کہ آپ چہ حقیقت حال بخوبی کھلجائیگی حاشا تم حاشا کبھی میرے وہم و خیال مین بھی ایسے ظنون فاسدہ و بے اصل خطور نہین کرتے

بجز اسکے کہ یوماً فیوماً روابط اتحاد و یکجہتی بصفای دلی طرفین سے بڑھتا جاے حیف ہزار حیف
حیرت کہ نواب محتشم الیہ با وجود ان سب فہم و فراست و عقل و دانش اہل غرض کے سخنان چرب زبانی
کو باور کرین اور میری طرف سے ایسا منظنۂ فاسد متمرکز خاطر فرمائین شرط انصاف یہ ہو کہ اگر کسی طرح کا
مجھے قصور ہوتا تو مین جریدہ مع عیال اس شدت برسات مین اسی طرح چلا آتا۔

غرض جب نواب گورنر جنرل اس تحریر و تقریر معقول محمد ایلچ خان اور سخنان
سنجیون سے خوب واقف ہوے اور اہل و قتنے بھی خوب غور و تامل سے مقابلہ تحریر خط سے
کیا سراسر حق بجانب جناب عالی ٹھہرا اور سکا جواب عدم و تفہیت بعد از لکھہ بھیجا دوسرے دن
نواب گورنر جنرل پہلے ملاقات جناب عالی کو آئے اور صفای دلی سے رفع خدشۂ خاطر کیا
جناب عالی نے ارشاد کیا کہ اگر آپ کو منظنہ نسبت سرداران فاغنہ میری طرف سے گذرا ہو اسکا حال
آپ پر جلد کھلجائیگا اور مین چاہتا ہون کہ آپکے دوکنپ فوج کی چھاؤنی ایک فرخ آباد دوسری
کانپور مین قریب میرے ممالک محروسہ کے رہے اور سکی تنخواہ محسوب ۶ انی ملک ہو کہ بروقت
سرکشی متمردین و لئیمین عالیشین کام آئین یہی پہلی بسم اللہ ہوئی جسکے انجام پر نصیف ملک ہوا
خلاصہ نواب محتشم الیہ نے اس امر جدید کو بہت بطیب خاطر منظور و قبول فرمایا بعد دو تین دن
کے طرفین سے رسم ضیافت معمولی ہوا اسکے بعد نواب گورنر جنرل سمت کلکتہ روانہ ہوئے
اور جناب عالی فیض آباد پھر آئے۔

جناب عالی کا فرخ آباد اور اٹاوہ جانا اور معرکۂ روہیلہ وغیرہ

خلاصہ بعد چند روز کے جناب عالی مع لشکر ظفر پیکر روانہ فرخ آباد ہوے نواب منظفر جنگ
رئیس فرخ آباد نے شرف ملازمت حاصل کیا خطاب غرزندی سے سرفراز ہوے پھر وہانسے
اٹاوے رونق افروز ہوے قلعہ شہر مذکور کو جو کنار دریاے جمن تھا ہری پنڈت سے بعلت
عدم رسی زر تحصیل جسے سابق باجی راؤ پیشوا نے لیا تھا لڑائی ہوئی اوسے فتح کیا اسکا
وقائع کار زار نشی لچھمی نراین ملازم جواہر علیخان ناظر نے خوب بعبارت رنگین اپنی کتاب
انشا مین لکھا ہے غرض جب سے ملک دآب جو عملداری مرہٹہ مین تھا حکومت جناب عالی مین

آیا پھر وہان سے جناب عالی استیصال افاغنہ کے واسطے تشریف فرما ہوے۔

حاصل کلام اس معرکہ کا یہ ہو کہ بعد تصفیۂ کینۂ دیرینہ جو سرداران افاغنہ کو نواب صفدر جنگ مرحوم سے تھا جناب عالی سے صورت محبت و اتحاد بہرتبہ ہوگئی تھی چنانچہ بروقت تسلط و غلبۂ مرہٹہ ہاے دکن انفصال معاملہ جناب عالی نے اپنے خزانے سے زر نقد چالیس لاکھ روپیہ نواب حافظ رحمت خان وغیرہ کیطرف سے دیکر اونکی کلو خلاصی اور نجات دلوائی تھی باوصف اس اتحاد و احسان عظیم کے حافظ رحمت خان نے خط جناب عالی قبل از معرکۂ بکسر کا نواب منیر الدولہ کو لکھ دیا تھا ہرچند یہ بھی خوب جانتے تھے کہ وہ جناب عالی کے دشمن جان ہین کچھ عجب نہ تھا کہ اسی خط سے کوئی صورت فساد عظیم کی نکلتی اور ریاست مین خلل ہوتا۔

دوسرا سبب یہ بھی ہوا کہ جب سے ملک دوآب پٹھانون سے مرہٹون کے ہاتھ آیا تھا اونسے جناب عالی نے بزور شمشیر لیا تھا یہ بھی سبب عناد کلی کا ہوا تھا وقوع ایسے اسباب سے صورت اتحاد مبدل بنفاق ہوگئی چنانچہ حافظ الملک نے ایک خط برادرانہ مشتمل شکایت نواب مظفر جنگ کو بھیجا کہ تم جناب عالی سے ملگئے حالانکہ اونھون نے ہماری قوم و قبیلہ کو برباد کردیا ہو نواب مظفر جنگ نے وہ خط ازراہ خلوص و اخلاص جناب عالی کو دکھلا دیا بمجرد ملاحظۂ خط پھر تاب تحمل نرہی ازراہ غضب لشکر کو حکم دیا کہ جلد اُنّاؤ سے سمت ملک افاغنہ کو جاوے۔

پہلے جناب عالی نے ازراہ اتمام حجت ایک شقہ حافظ الملک کو بھیجا کہ ہل جزاء الاحسان الا الاحسان یہی تھا جو تم ایسے حافظ قرآن سے ظاہر ہوا بہرحال اب مین اوس ۴۰ لاکھ کا طالب ہون جو مین نے تمہاری سب قوم کے بدلے مرہٹون کو دے کر اونکے ہاتھون سے تمہاری سب کی جان و آبرو بچائی حافظ الملک نے وہ خط طلب زر اپنے اقربا و شرکاے ریاست کو دکھلا کر سمجھایا کہ یہ زر واجب الادا ہی اور سراسر حق بجانب جناب عالی ہو چاہیے کہ ہر رئیس موافق اپنے حصہ رسدی ادا سے دین کرے وگرنہ فوج انگریزی سے ہم سب کی مفت آبرو جائیگی پھر کسی سے کچھ بن نہ پڑیگا سواے ذلت و بربادی کے سبھون نے جواب بے انصافی

تو بیجا بی کا دیا کہ ہم سپاہی ہین ہمارے پاس سوائے ڈھال تلوار کے اور کیا ہی ہمارے سد حاضر ہین پھر ازراہ خود سری وناہندی مستعد و آمادۂ کارزار ہوے حافظ الملک نے مجبور ہو کر جناب عالی کو جواب شقہ بھیجا کہ مین نے ہرچند ان سب نافہمون کو سمجھایا کسی نے میری بات نہ سُنی مین مجبور ہون اور اپنے حصۂ رسدی کو حاضر ہون آیندہ حضور کو اختیار ہے۔

القصّہ مابین کٹرۂ کمال زئی خان اور فرید پور میدان لاکھی کھیڑے مین مقابلہ لڑائی ہوا حافظ الملک وغیرہ سردار شش ہزار جمعیت لشکر سے اور جنرل جنکن صاحب کمان افسر کمپ انگریزی اور جناب عالی کی فوج بجدو بجیساب محیط لشکر افغانیان تھی ۱۱۸۸ ہجری مطابق ۱۷۷۴ع مین خاتمۂ جنگ ہوا کہ وقت محاربہ جب توپ چلی روہیلے موافق اپنی عادت قدیم کے دفعۃً دھاوا کر کے توپ پر آپڑے چھرّے سے ہزارون مثل دانۂ انگور جل بھنکر خاک پر گر پڑے اور تلوار بھی خوب چلی حافظ الملک نے ازراہ تہوری ایک نشان ہاتھ مین لیکر چلایا کہ اپنی جمعیت کے یارون سے دھاوا کر کے جناب عالی تک پہونچین اتفاقاً ایک گولہ آن کے جو لگا گھوڑے سے گر پڑے اپنی حسرت کو خاک مین ملا دیا امر عجیب یہ ہے جسے سب نے اپنی آنکھ سے دیکھا اوسوقت حافظ الملک جامۂ ہندوستانی قدیم پر متن قرآن شریف پہنے تھے وہ جامہ برکت قرآن شریف سے نہ جلا چھاتی مین ایک سیاہ دھبا گولے کی دھمک کا لگ گیا تھا جسکے صدمے سے فقط گر پڑے تھے مرتضےٰ خان بڑیچ رسالدار اذکا سر کاٹ کر جناب عالی کے پاس لائے جناب عالی ہاتھی سے اوتر کر سجدۂ شکر بجا لائے بعد اسکے سر حافظ سے مخاطب ہو کر فرمایا خدا شاہد حال ہے مین ایسا روز بد تمھارے لیے نہ چاہتا تھا۔

غرض لشکر مین ہر طرف غلغلۂ تہنیت و تبارکبا دبلند ہوا روہیلے مایوس ہوکر
فیض اللہ خان کو لیکر مقام لاڑک جو دامن کوہ مین واقع ہے گئے
چند روز مین جب مارے فاقون کے مرنے لگے کوئی صورت نجات اور براہ وقات
کی نہ دیکھی لاچار ہوکر بوسیلۂ ہملٹن صاحب رزیڈنٹ عرضی مشتملبر عفو جرائم
جناب عالی کو بھیجی جناب وزارت مآب نے ازراہ ہمت وجوانمردی اونپر رحم
کھاکر معرفت رزیڈنٹ اور اونکی سفارش سے بھی لاکھ روپے سالانہ عیال
حافظ الملک کے واسطے مقرر فرمایا اوسکی صورت یہ ہوئی کہ جب جناب عالی
حافظ الملک کے بڑے بیٹے نواب محبت خان کو اپنے ساتھ قید کرلائے
اور قلعۂ آباد مین بھیجدیا اوسکے نو مہینے بعد جناب عالی نے انتقال کیا نواب
آصف الدولہ نے چاہا کہ نواب محبت خان کے واسطے دس ہزار روپیہ ماہواری
مقرر فرمائین نہ مانا بلکہ جناب عالی سے خائف وترسان تھے آخر کسی حکمت سے
قیدخانے سے بھاگ کر کلکتے پہونچے نواب گورنر جنرل سے شرف ملازمت
حاصل کی عرض حال کیا نواب مجتشم الیہ نے بہت خاطر ودلجوئی فرمائی پانچ ہزار
روپے دعوت کے ایک گھوڑا عنایت فرماکر ارشاد فرمایا کہ ہم جناب عالی سے
تمھاری سفارش کرینگے چنانچہ جب امیرالدولہ حیدر بیگ خان کلکتے گئے اونسے
نواب محبت خان کی سفارش فرمائی اور جب خود نواب گورنر جنرل رونق افروز
لکھنؤ ہوے فرمایا نواب محبت خان کی تنخواہ خزانہ جناب عالی سے آکر ہمارے
خزانۂ رزیڈنسی سے ملاکرے اور اگر احیاناً سرکار سے کوئی عذر اوسکے دینے مین
ہوگا ہم دلوادیا کرینگے جب سے نواب محبت خان سرکار انگریزی کا توسل اور
اپنا حامی ودستگیر سمجھکر صاحب رزیڈنٹ کے دربار جایا کرتے تھے اور نواب
آصف الدولہ کے دربار مین بھی خلعت سرفرازی پاکر حاضر رہتے تھے وہی صورت
اونکی اولاد کے واسطے باقی رہی چنانچہ جب جنت آرامگاہ کے عہد دولت مین
تقسیم ممالک محروسہ ہوئی وہی لاکھ روپیہ سالانہ انکی بھی تنخواہ کا محسوب حساب

ہوا نواب علی اکبر خان بڑے بیٹے لکھنؤ مین رہے سر قبض و رہے باقی عیال حافظ الملک بریلی مین پاتے تھے۔

غرض بعد از فتح کے جناب عالی نے مراجعت فرمائی نواب نجف خان بہادر بھی مع اپنے لشکر شاہ آباد سے آکر بسولی مین شرف ملازمت حاصل کی بظاہر ملاقات تہنیت تھی باطن مین غرض حصہ برادرانہ ملک جدید سے کچھ ملجانے کی تھی مگر یہ صورت نہوئی صفائی ظاہری البتہ ہوگئی بلکہ جناب عالی کے مرکوز خاطر ہوا کہ مین نواب کے ساتھ اپنی کسی بیٹی کی شادی کردونگا لیکن دونون کو اجل نے فرصت ندی ادھر جناب عالی تشریف لائے کئی مہینے کے بعد انتقال کیا ادھر نواب نجف خان دلی جاکر مرگئے۔

خلاصہ جناب عالی نے وقت مراجعت نواب یمین الدولہ سعادت علی خان بہادر کو اپنا قائم مقام صوبہ کٹیہر مین چھوڑا محمد بشیر خان کو اونکا مہتمم کاروبار نیابت مقرر فرمایا اور محبوب علیخان صاحب کنپ مرتضےٰ خان بڑیچ وغیرہ رسالدار اور توپخانہ متعین فرمایا یہ صورت تقسیم بھی مثل بخشی نیشاہ عالمگیر تھی جو بہادر شاہ اعظم شاہ اپنے دونون بیٹون کے واسطے چاہتے تھے اگر نفسانیت کو دخل نہ ہوتا تو کیا عجب تھا ان خرابیون مابعد کی نسبت کوئی صورت اچھی ہوتی یہان بھی اسکے خاص برعکس نواب مختار الدولہ ہوے اور اگر صاحبان عالیشان نہوتے تو کشت وخون کا ہونا بھی کچھ دور نہ تھا۔

انتقال جناب عالی عین شباب جوانی مین باصد حسرت

الغرض جناب عالی ہر طرف کے فتنہ و فساد سے مطمئن ہوے اور جس سرکش نے تمردی سے سر بفساد اوٹھایا خاک مذلت پر گرا انتظام ممالک محروسہ و درستی و آراستگی فوج مین خود مستعد و مصروف اور کاغذ ملکی و مالی کو کمال بیدار مغزی سے ملاحظہ فرماتے رہے اور دوست دشمن کو سر حساب سمجھتے رہے اور دن رات اوقات خاص عیش و عشرت لہو و لعب دنیا مین بھی بسر کرتے رہے نہ کسی طرح سے

ذکر جھلسیون اور ستاسیون سنہ جلوس

کہ ازخود غافل ہوجائین اور اہلکارون کے اعتماد پر رکھدین اور بیاری فوج محض اپنی شان وشوکت کے واسطے کہ دوست دشمن خبردار رہے دوست اس واسطے کہ ہمارے بھی وقت ضرورت کام آئیگی جس طرح ڈیوڈسن صاحب رزیڈنٹ نے نواب امین الدولہ سے کہا تھا کہ تمھاری فوج ایسی درست ہو کہ وقت ضرورت ہمارے بھی آئے اور دشمن بھی ڈرتا رہے خلاصہ کسی طرح کا کوئی کھٹکا باقی نہ رہا تھا اس عرصے مین مادۂ فاسد فارک جو پیشتر سے کثرت عیش اور کثرت خون شباب سے طبیعت مین جمع ہورہا تھا بن ران مین دانہ ہوا ہر چند اطباے حاذق اور ڈاکٹران ہندی بدل وجان متوجہ ومصروف رہے لیکن کسی سے اندمال نہوا ایک مہینے تک اسی عارضۂ مہلکہ مین رہے آخر وقت شب ۲۴ شہر ذیقعدہ ۱۲۱۸ھ مطابق ۱۸۰۴ء ۲ بجے رات کو انتقال کیا عوام نے اس طرح اموت کی اور بھی روایت مشہور کی مگر بے اصل تھی۔

خلاصہ وہ رات ماتم کی خاص شہر فیض آباد مین شب عاشورہ سے کم نہ تھی ہر گھر سے رونے اور پیٹنے کی آواز بلند تھی معلوم ہوتا تھا کہ اسی گھر کا کوئی وارث مرگیا ہے اور محلات خرد محل اور محل خاص حسینی ہزار ہا خواصین تھین کس زبان سے بیان کیا جاے فی الحقیقۃ اس خاندان عالیہ مین کسیکا ایسا ماتم نہین سنا تین دن تک کسی نے اپنے گھر کے چولھے مین آگ نہین جلائی صبح کو جنازہ بڑے تجمل سے اوٹھا عزیز واقارب ارکان دولت فوج سپاہ سر برہنہ چاک گریبان گریان ونالان ساتھ تھے راہ مین ہر کوچہ وبام مین بھی یہی صورت گذری بعد تجہیز وتکفین گلاب باڑی مین دفن کیا جہان مقبرۂ عالیشان بنا ہے اوسکا سب خرچ سالانہ سرکار شاہی سے مقرر تھا بعد اسکے بڑیون کو میت کی شاہجہان آباد بھیجکر حضرت شاہ مردان مین دفن کیا اسواسطے کہ وہان اور بھی بزرگان ریاست دفن تھے سن شریف ۴۵ سال کا تھا حسن صورت وجاہت رعب ودبدبۂ ریاست اونکی تصویر سے ظاہر ہے اونسے کبھی کسی نے آنکھ نہین چار کی اسقدر رعب وہیبت بھی قوت وطاقت جسمانی ایسی ہی مشہور ہے کہ اکثر اشرفی نذر جبکی لیتے تھے

چکی سے مل ڈالتے تھے خلاصہ اکثر مقربان خاص ترک لباس کرکے چند روز قبر پر بیٹھے یہ بھی ایک دستور قدیم ہندوستان ہے کہ جب ایسا آقا مرجاے اوسکے خواص یہ صورت بناتے ہین جب تک بنی رہے۔

صاحبان رزیڈنٹ حارپر صاحب میجر پھلپر صاحب پالمر صاحب مارکم صاحب۔

نائب محمد اسمعیل بیگ خان راجہ بنی بہادر محمد بشیر خان محمد ایلچ خان سید مرتضی خان نواب مختار الدولہ بہادر۔

اس عہد دولت مین قبل از معرکہ بکسر مجموع ۲۸ ہزار سوائے پیدل جنکے رسالدار شیخ احسان مرتضے خان بریچ خواجہ اسد خان اُنکی یوسف خان عبدالرحمان خان قندھاری بی بصالحہ صاحبان عالیشان معرفت رائے شتاب رائے بندیل کھنڈ اور صوبہ الہ آباد بھی صوبہ اودھ سے شامل ہوگیا اوسکے حدود اٹاوے سے مرزاپور تک تھے۔

جب فوج مغلیہ بالکل برطرف ہوئی فوج نجیب تلنگہ جھلنگہ توپخانے کی جمعیت تایک لاکھ تیس ہزار ہوگئی تھی جنکے جنرل بسلبت علیخان عنبر علیخان لطافت علیخان مقبول علیخان وغیرہ خانہ زاد سرکار تھے۔

پہلے جمع محاصل صوبۂ اودھ ایک کرور ۱۵ لاکھ تھی جب ملک فرخ آباد دوآب وغیرہ بھی شامل ملک سرکار رہوا جمع دو کرور ستر لاکھ ہوگئی از انجملہ ترآسی لاکھ سالانہ تنخواہ کنپ انگریزی ملازم سرکار فرخ آباد و کانپور تھی باقی خرچ سرکار ہوتا تھا۔

اوقات شبانہ روز جناب عالی

جناب عالی اول دم صبح سوار ہوکر جا بجا چھاونیون مین سپاہ کی قواعد سوار و پیدل و توپخانہ کو ملاحظہ فرماکے ۹ بجے مراجعت کرکے دربار کرتے تھے

ارکان دولت وکلاے ہر ریاست ہندوستان حاضر ہوتے تھے کس واسطے کہ وزیر اعظم بادشاہ تھے دوپہر کو داخل خاص محل نواب بہو بیگم صاحبہ ہو کے خاصہ نوش فرما کر آرام کرتے تھے چنانچہ دونون وقت کا خاصہ اور استراحت یہین ہوتی تھی ۲ بجے برآمد ہو کر داخل خرد محل ہوتے تھے اسی واسطے اسکا نام چور محل مشہور تھا یعنے باخفاے بیگم صاحبہ اسے تہذیب کہتے ہین بعد ایک ساعت کے وہان سے برآمد ہو کر بسبیل تفرج طبع اقدس مشغول بازی لہو ولعب و شکار پرند باغیچہ او سوقت کے لوگ شکاری تھے حاضر ہوتے تھے جب چار بجے دستار مبارک سر پر رکھکر آینہ دیکھکر تیغا ہاتھ مین لیکر کو اغذ ملکی واخبار رہوتا تھا حاضرین شکار اور اہلکارون پر رعب مثل شیر غضبناک ہو جاتا تھا اور ایک بانات مونڈھا بلند او سپر رونق افروز ہو کر مثل سوار و پیادے کی ملاحظہ ہوتی تھی اور اگر اتفاقاً کسی رات کہین باہر آرام فرماتے تھے ۵ ہزار روپیہ بطریق جرمانہ بیگم صاحبہ کو بھیجتے تھے چنانچہ روز سوم بیگم صاحبہ نے حکم فرمایا کہ اولاد صاحبات خورد محل کو میرے سامنے لاؤ جب اطفال صغیر السن ذکور واناث اپنی دائی کھلائی کے ساتھ ایک کنبے کا کنبہ آئے بہت روئین کہ یہ بندی شجاع الدولہ کی ہے + مدت وزارت تقریباً ۲۳ سال۔

مسند نشینی نواب صف الدولہ بہادر

مرزا یحییٰ عرف مرزا امانی نواب صف الدولہ بہادر نے اپنے دونون ماموں نواب مرزا علیخان نواب سالار جنگ کو باصرار تمام تشییع جنازہ سے بلوا بھیجا اور اپنی مسند نشینی مین مشورہ کیا بعض ارکان دولت جو صاحب فہم تھے عرض کی آپ مالک ومختار ہین اسقدر جلدی مناسب حال نہ چاہیے آخر باستصواب وفہمایش امتیاز الدولہ افتخار الملک میجر پلیسر صاحب رزیڈنٹ بہادر اور کرنل گلس صاحب کمان افسر موافق قانون کہ نواب کبیر اولاد

متعلقہ صفحہ ۹۱ جلد اول

مرزا یحییٰ نواب آصف الدولہ بہادر

Nawab Asafoodoulah

نمبر ۸

عرش منزل ہین سوائے آپ کے کوئی اور مستحق وراثت نہین اور اکبر اولاد ہونا سب سے زیادہ تر موافق قانون قدیم ہی اسی جہت سے اوسی وقت مسند وزارت پر بٹھایا حسب سررشتہ حاضرین ارکان دولت نے نذرین دین ظاہرا سبب تعجل یہ معلوم ہوتا ہی کہ عرش منزل کے اور بیٹے بھی بحسب اپنی لیاقت کے سزاوار اسکے تھے دربار شاہی مین بھی حاضر رہ چکے تھے جناب عالی کو بھی مطمئن نظر اپنے حسب حال کے گذرا ہو کہ شاید لوگ یا فوج اتفاق کر کے صورت فساد نکالے کس واسطے کہ ہندوستان مین ایسے فساد کا ہونا کچھ تعجب نہ تھا بعض یہ کہتے ہین کہ روز سوم ۲۵ - ماہ ذیقعدہ ۱۱۸۸ھ مطابق ۱۷۷۴ع جلوس فرمایا سید مرتضیٰ خان چند روز سے ملازم اور رفیق جناب عالی ہوے تھے اونھین خلعت نیابت و خطاب نواب مختار الدولہ سید مرتضیٰ خان بہیبت جنگ عنایت ہوا اور اپنے ملازمین قدیم کو اور اہ پرورش رتبہ عالی دیا اور خدمات اعلے پر سرفراز فرمایا اور بعد قیام ۷ برس فیض آباد بصلاح نائب مناسب وقت سمجھکر لکھنؤ مین رہنا اختیار کیا دوسرا سبب اس حرکت قصری کا یہ بھی تھا کہ رہ برد دو بزرگون کے یعنے جدہ ماجدہ نواب بیگم صاحبہ والدۂ گرامی بہو بیگم صاحبہ کسی طرحکی کوئی حرکت خلاف شان و شوکت نہو سکتی وہ فہمایش و نصیحت سے کب قصور کرتین سوا اسکے نائب کی کب دال گلنے دیتین چنانچہ آخرکار یہی صورت پیش آئی مشہور ہی کہ جب عرش منزل نے انتقال کیا نواب عالیہ نے جناب عالی کو تہ دل سے سمجھایا کہ نواب آصف الدولہ تمھارا اکلوتا بیٹا وارستہ مزاج ہی لہو و لعب سے زیادہ رغبت رکھتا ہی اسے بنام مسند نشین رکھو مگر اہتمام و بندوبست ریاست مرزا سعادت علی پر محول کرو تو بہتر ہی اور اہلکارون کے اختیار سے ایسا نہو کسی طرح کی خرابی ریاست مین پڑ جاے اور جس عرق ریزی اور کاوش جان سے یہ گھر بنا ہی بگڑ جاے پھر کسی سے اسکی اصلاح نہو سکے گی آگے تمھین اختیار ہی جناب عالیہ نے کسی طرح نہ مانا اب اہل انصاف دیکھین

کیا خوب تجویز عاقلانہ تھی اگر یہ صورت اتحاد سے ہوتی تو کاہے کو ان خرابیون کی یہان تک نوبت پہونچتی ہندستان مین خودرائی خودپسندی نفسانیت انانیت سے یہ سب خرابیان ہوتی چلی آئی ہین اور نفاق آپس کا اور کنارہ مشورے سے۔

جناب عالی نے نواب مختار الدولہ کے بہکانے سے بہو بیگم صاحبہ اپنی مان سے دعوے ترکہ عرش منزل کیا چنانچہ یہ قصہ بھی مشہور خاص و عام ہی کہ بعد بہت سی قیل وقال کے اور ادعاے مال وخزانہ کے پچاس لاکھ پر تصفیہ پایا بیگم صاحبہ نے اپنا بیٹا وارث زیست موت سمجھکر دیا بعض ثقات یہ کہتے ہین کہ اسی طرح کئی مرتبہ دیا اور اسے تفصیل اوقات بیان کرتے ہین بعد اسکے جب والدہ ماجدہ سے لے چکے نواب عالیہ جدہ ماجدہ زوجہ نواب صفدر جنگ سے ارادہ کیا جناب موصوفہ نے جب یہ خبر سنی برہم ہوئین سمجھین کہ یہ سب مور آموختہ مختار الدولہ ہی مجھے یقین ہی کہ یہی ناعاقبت اندیش باعث خرابی و بربادی ہمارے گھر کا ہوگا اوسی وقت جتنے راجہ وزمیندار گرد و پیش کے تھے سب کو حکم ناطق بھیجا کہ کل صبح کو میرے در دولت پر حاضر ہو یہ ہی کمک پر کمر باندھو یہ ممالک محروسہ میرے باپ کا ہی آصف الدولہ کے باپ کا نہین ہی مختار الدولہ نے جب یہ خبر سنی پردہ شب مین سوار پالکی ہو راہ لکھنؤ کی لی اور سمجھے کہ یہ صورت بلوہ و فساد عظیم کی ہوگی اور صاحبان عالیشان کے نزدیک بھی ناسازو مفتری ٹھہرونگا چپکے چلے چلو اور پھر کبھی ایسا حرف زبان پر نہ لاے شرد و حا اس مقدمہ کی تصریح رد بکاری وارن ہیسٹینگ گورنر جنرل بہادر سے جو لندن مین ہوئی ظاہر ہی اور اکثر کتب تواریخ انگریزی مین مندرج ہی حاصل مطلب یہ ہی کہ نواب گورنر جنرل کیون نہ اس امر ضبطی کے مانع ہوے اسی رد بکاری وغیرہ مین جتنا روپیہ ہندوستان سے ذاتی لے گئے تھے وہ سب حقوق وکلاے عدالت مین صرف ہوا اسکا احوال اونھین کی کتاب سے خوب کھلے گا۔

غرض مختار الدولہ کا تسلط تام و اختیار کل سرکار جناب عالی مین ہوا تا انیکہ ارکان دولت اور خانہ زاد قدیم اور نمک حلال اس سرکار کے اپنے خوف و آبرو و جان سے مثل محمد ایلچ خان محمد بشیر خان وغیرہ بلطائف الحیل تلمرو ملک سرکار سے نکل گئے اور اپنی عافیت سمجھے مختار الدولہ نے اپنے بیٹے اقبال الدولہ کو بخشی اور جنرل فوج کیا اسی پیرائے مین فوج کے توڑنے کی تدبیر کی اور اپنے عزیز و اقربا کو خدمات فراخور حال وین فوج کو درہم و برہم کیا اکثر افسرون کو موقوف کیا جسکی آراستگی مین لکھا روپیہ صرف ہوا تھا اور دس برس تک خود عرش منزل نے محنت و مشقت فرمائی تھی یہ امر زیادہ تر وثوق و خیر خواہی گورنمنٹ کا ہوا کہ بے اونکے اشارے اس حصن حصین کو توڑ ڈالا جناب عالی نے بسبب اعتماد کے کچھ اسکا خیال بھی نہ کیا اور مطلب دلی اونکا نہ سمجھے اسی جہت سے آجتک ہزارہا روپیہ کی پنشن اونکی اولاد کو نسلاً بعد نسل گورنمنٹ سے جاری ہی ورنہ اونسے کونسی ایسی خدمت ہوئی تھی جسکا عوض یہ پرورش دائمی ہوتی ہی—

بعد چند روز کے دوسری آتش فروزی کے درپی ہوے میجر پھلپر صاحب رزیڈنٹ سے پیام جناب عالی پہونچایا کہ نواب یمین الدولہ سعادت علیخان بہادر صوبہ بریلی مین نہین ہے پاس رہا کرین مین بہ نسبت اور بھائیون کے اونکا حفظ مراتب اور کفالت زیادہ کرونگا اور یہ قدیم دستور ہی کہ بعد باپ کے بڑا بیٹا وارث و جانشین ہوتا ہی اور سب چھوٹے بھائی اوسکے تابع فرمان رہتے ہین صاحب نے جواب دیا کہ اونھین عرش منزل نے لائق اور سزاوار اوسکا سمجھکر صوبہ کٹیہر کا اپنے حین حیات مین مالک مختار کردیا ہی صاحب فوج بھی ہی ہم اسمین کیا دخل کرسکین ہمارے نزدیک وہان اونکی منصوبی مین آپ کیواسطے موجب نیکنامی کا ہی اور وہ آپ کے مرہون منت ہوکر مثل غیر صوبہ دار کے باطاعت رہینگے اور آجتک اونسے کوئی امر خلاف بھی نہین ہوا ہی پھر ایک شعلہ آتش جلایا کہ اگر یمین الدولہ منصوب رہینگے اور بھائیون کو بھی جو طمعی نفسانی اور خودسری سے حوصلہ خیر گی ہوگا اور جب ایک یا ست مین وہ حاکم ہوئین انتظام بخوبی نہو سکیگا بلکہ باعث تمردی و نادہندی رعایا کا ہوگا اور خرابی ملک کی اور اگر اونکو ملا ہی اور بھائیون نے کیا قصور کیا ہی چاہیے کہ علی قدر مراتب سب ممالک محروسہ اسی طرح قسمت ہوجاے اور اگر مجھے

مسند نشین کیا ہو تو چاہیے سب بھائی میرے سپرد ہون ہر ایک کے فراخور حال مین متکفل رہون اور اگر یہ صورت نہو تو میرے واسطے کچھ جاگیر ہو جاے دوسرے کو مسند نشین کر دیجیے اوسوقت صاحب نے جواب دیا کہ ہم تابع فرمان نواب گورنر جنرل ہین یہ سب احوال لکھتے ہین جیسا حکم ہوگا عمل کیا جائیگا۔

بس اب اہل انصاف دیکھین کہ اگر مداخلت صلاح و تجویز گورنمنٹ کی ہوتی تو یہ پوچھنا کس حساب سے تھا اپنی کمزوری و کم قوتی و بے اعتباری سے دوسری سرکار کو صاحب قوت سمجھکر اپنی حمایت و کمک چاہتے ہین جب وہ مانع مداخلت بیجا انکا ہوتا ہی انھین ناگوار گذرتا ہی اس سرکار مین اسی صورت سے ابتدا سے بھی ہوتا چلا آیا ہی چنانچہ گرفتاری غزل نواب معتمد الدولہ مین یہی گذرا نواب امین الدولہ کے واسطے بھی یہی صورت ہوئی واہ۔

خلاصہ بعد بہت سی گفتگو کے مختار الدولہ نے صاحب رزیڈنٹ کو راضی کر کے اس امر خاص کا اختیار جناب عالی کو دلوایا چنانچہ جب شقہ طلب نواب امین الدولہ پہونچا بمجرد ملاحظہ روانہ لکھنؤ ہوے اور ازراہ کمال فہم و فراست مصلحت وقت اور صبر و سکوت کو بہتر سمجھے کسواسطے کہ بواسطہ حمایت و استصواب گورنمنٹ ہوا تھا انجام کار پر نظر کی اور اگر اجیانا اپنی فوج کذائی پر بھروسا شامل نافہمون کے کرتے تو خواہ نخواہ مقابلہ گورنمنٹ سے ہو جاتا اور پھر اسکی اصلاح دشوار تھی یہی اطاعت موجب شوق صاحبان عالیشان ہوئی اور سبب استحقاق ریاست ہوا نواب گورنر جنرل بھی اس فرمانبری سے بہت راضی و خوشنود ہوے اور نظر بحسب لیاقت امیدوار وقت کا کیا اور ہمیشہ خاطر و دلجوئی ملحوظ خاطر رہی چنانچہ خطوط مراسلات نواب محتشم الیہ سے ظاہر ہی۔

الغرض جب نواب امین الدولہ نے شرف ملازمت حاصل کی بنیاد منزل قریب سعادت گنج اوترے وہین نواب غازی الدین حیدر پیدا ہوے وجہ اسکے نام کی یہی ہوئی لیکن بعد چند روز کے جب صحبت دربار اور مزاج جناب عالی اور ارکان دولت اور اہلکاران سرکار کی کیفیت خاص دیکھی برخاستہ خاطر ہو کر برضامندی جناب عالی و بواسطہ صاحب رزیڈنٹ تشریف فرماے بنارس ہوے درگاکنڈ کو آباد کیا ۳ لاکھ روپے سالانہ مقرر ہوا اوسی پر قناعت

قناعت فرمائی نسبت اور بھائیون کے البتہ انکے فراخور حال ہوا اکثرون کی پانسو روپیہ ماہواری تھی یہ بھی ثقات لوگ کہتے ہین کہ نواب آصف الدولہ کو بطیب خاطر منظور تھا کہ اگر یمین الدولہ نواب غازی الدین حیدر کو میری فرزندی مین لین اوسے مین اپنا جانشین کرونگا مگر انکو تو خیال دور دراز اپنا تھا قبول نہ کیا اور نہ صاف صاف کہہ سکے کہ مجھے اپنا نائب کاروبار کیجیے جبتک وہ جوان ہوا ور نہ کسی اہلکار سرکار سے صلاح نیک دی کسواسطے کہ انکا احوال خوب جانتے تھے کہ پھر ہم کہان اور ہمارا صرف اخراجات کہان ہوگا اگر یہ صورت ہوتی تو نوبت مرزا وزیر علیخان تک کاہے کو پہونچتی بلکہ اہلکاران سرکار نواب کا بنارس جانا اپنے واسطے اچھا سمجھے۔

نواب مختار الدولہ نے اپنے رسوخ و خیر خواہی سے جناب عالی کو بہت سا نشیب و فراز سمجھا کر عرض کیا کہ آپ کی مسند نشینی فقط صاحبان عالیشان کی جہت سے ہوئی ورنہ سر نواب یمین الدولہ سعادت علیخان بریلی سے بوسطہ انکے بسلامت چلے آئے وگرنہ لیاقت یمین الدولہ کا حال سب پر ظاہر ہے اگر اس جلدی سے حسن خدمت مین اہالیان سرکار انگریزی کو ملک بنارس جونپور غازی پور جمع سالانہ ۲۲ لاکھ کا ہے عنایت فرمائیے تو یہ عطیہ بہت سا ثمرہ دکھائیگا ضایع نجائیگا جناب عالی نے محض اپنی علو ہمت سے نہ کچھ مآل اندیشی کی راہ سے فقط انکے کہنے سے دے دیا یہ امر بھی باعث وثوق گورنمنٹ ہوا۔

بعد چند روز کے مختار الدولہ کی جہت سے اور انکی موافقت و اعتماد سے طرفہ ہنگامہ برپا ہوگیا تھا جناب عالی نے انھین مالک مختار سیاہ و سفید کردیا تھا آپ خود مشغول لہو و لعب رہتے تھے جو صاحب عزت نمک حلال خیر خواہ تھے اونھون نے جلاے وطن اختیار کیا تھا جو رہ گئے تھے خائف و ترسان رہتے تھے فی الحقیقۃ جب حاکم وقت غافل ہوجائیگا ایسی خرابیان ریاست مین پیدا ہونگی اور اگر خود بیدار مغزی سے ناظر اپنے اہلکاران مستمدین پر ہوگا تو صورت خلاف بہت کم ظاہر ہوگی اب بالاجمال امور عظیمہ جو اس مدت ریاست مین ہوے کچھ کچھ عبرت الناظرین کے واسطے بیان کیے جاتے ہین ہر چند بہت سے واقعہ کار ایسے مقدمات کے مرگئے بہت کم جیتے ہین جو صاحب فہم ہین

اونھین مقدمات ماضیہ جو اپنے بزرگون سے سُنے ہین یا دہین۔

قتل نواب مختار الدولہ

تفصیل اس اجمال کی یہ ہو کہ نواب مختار الدولہ سید مرتضیٰ خان صاحب رزیڈنٹ کے پاس اسطے جواب سوال جناب عالی مثل سفیر کے جایا کرتے تھے جیسا دستور قدیم نائب سرکار کا ہو اور اپنی خیرخواہی سے رسوخ و موافقت بہت حاصل کی تھی اس جہت سے نشۂ نخوت و غرور نا پایدار بہت ہو گیا تھا سیکونا چیز بے حقیقت سمجھتے تھے افسران فوج کو بذلت نکلوا دیا تھا تنخواہ فوج کی چڑھا کے دینے لگے جس سے فوج بیدل ہو جاے جتنے افسر قوم فرنس تھے بعد عہد و میثاق سرکار مین برطرف ہو گئے تھے جو صاحب عزت تھے خاک مین ملے اکثر رذیل تہیدست جو مقرب خاص جناب عالی خدمات عالیہ پر مامور ہوے تھے اونھون نے لاکھون پیدا کیے بعد صرف کے لاکھون کی املاک چھوڑ کر مر گئے ازانجملہ ایک راجہ مہراجکے گھر کی ضبطی دو کرور روپے کی عہد دولت جنت آرامگاہ مین ہوئی تھی وہی ضبطی امانت نواب شمس الدولہ کے پاس رہ گئی تھی جس سے اونھون نے لاکھون صرف کیے لاکھون کے نوٹ اپنی اولاد کے واسطے مول لیے اسی طرح فوجدار خان وغیرہ صاحب دولت دنیا ہو گئے تھے۔

قصہ مختصر جب جناب عالی فرخ آباد ہو کر اٹاوے مین تشریف لائے میر احمد افسر بائیسی ہزار پٹھان نجیب حسب الطلب مختار الدولہ تنخواہ لینے کو بجیلہ لشکر سے کوس بھر کے فاصلے پر اترے کہ صبح کو لشکر مین پہونچکر تنخواہ لین گے مختار الدولہ نے جناب عالی سے عرض کیا کہ میر احمد مع اپنی فوج و لشکر بہ سرفساد آتے ہین انکے روکنے کے واسطے فوج کو بھیجتا ہون غرض جب فوج کا مقابلہ ہوا لڑائی ہونے لگی صبح سے ظہر تک ہزارون مارے گئے عشرۂ محرم تھا ہر پٹھان مین نشان کھڑے ہوتے ہین تعزیہ لیتے ہین نجیبون نے تعزیہ پیش کیا فوج نے کچھ پاس ادب نکیا جو لوگ تعزیہ کے آگے ماتم کرتے تھے وہ بھی مارے گئے آخر نجیب سراسیمہ ہو کر پس پا ہوے دغا سمجھکر ہر طرف بھاگے میر احمد میر افضل علی اونکے بھتیجے تن تنہا رہ گئے مختار الدولہ نے عبد الرحمن خان رسالدار قندھاری کے

ہاتھ سے بلوا کر اُمیدوار بحالی کیا اونکا حصن حصین اس حکمت سے توڑدیا اس حرکت سے آجتک جو سپاہی قبر مختار الدولہ سے گذرتا ہی خواہ نخواہ ڈھیلے مارتا ہی یہ حال اس مولف کتاب نے خود بچشم دیکھا ہی جبکہ اون سپاہیون سے پوچھا جواب دیا برا کیکر اسنے تعزیہ کو گولے مارے ہین خلاصہ جب ایسے حرکات خودرائی و خودپسندی کے جمع ہوے اسباب قضا کے ہوگئے دہین وہ مارے گئے اوسکی صورت یہ ہوئی —

جب مختار الدولہ نے اپنے آقاے ولی نعمی سے حرکات شان وشوکت شروع کیے اور جان برسٹو صاحب رزیڈنٹ سے خلاف سرکار کہنا شروع کیا منتہاے غرور ونخوت ہوگیا اور اپنے زعم مین ع ہر کہ شمشیر زند سکہ بنامش زنند + سمایا جب یہ صورت ہوئی بعض ہواخواہون نے اپنی نمک حلالی سے جناب عالی سے عرض کرنا شروع کیا جناب عالی سُنکر تامل فرماتے تھے جب نواب سالار جنگ نے اپنی جوشش محبت سے سمجھایا کہ ایسا خواب غفلت نچاہیے اوسوقت یقین واثق ہوگیا بسنت علیخان جنرل کنپو باشارہ ارشاد فرمایا این کار از تو آید + اوراون دنون اہتمام دیوانخانہ انھین کے اختیار مین تھا اور مختار الدولہ نے کمال خصوصیت سے انھین اپنا بیٹا کیا تھا بسنت علیخان کو بھی یہ خبث سما گیا تھا کہ منیب نائب دونون کو تمام کردیجیے دوسرے کو مسند نشین کردیجیے اسکے سزاوار فقط نواب بمین الدولہ سعادت علیخان ہین یہ بھی لشکر مین جناب عالی کے ساتھ تھے خلاصہ ایک دن بسنت علیخان نے مختار الدولہ کی ضیافت کی موسم گرما تھا تہ خانے مین مختار الدولہ آکر بیٹھے مگر مخمور اور اپنے بیٹے کو خوب شراب پلائی جلائی کسبی اونکی آشنا اور کسبیان بھی بیٹھی ہوئی ہین سامنے سونا مکھن قوال گا رہے ہین عجب جلسۂ غفلت ہو رہا ہی پانچ شخص بصورت ملک الموت قتل پر کمر بندہ آئے اونمین سے تین دروازۂ تہ خانہ پر موکل رہے کہ کسیکو آنے نہ دین میر فضل علی و میر طالب علی داخل ہوے مختار الدولہ سمجھے کہ میرے قتل کو آئے ہین پلنگ سے اوٹھکر چاہتے تھے باہر نکل جائین میر فضل علی نے پستول کمر پیٹ مین مارا اور دونون بنگلگیر حوض مین گر پڑے میر طالب علی نے دو تین پیش قبض مار کر ٹھنڈا کردیا رندیان سونا مکھن باہر نکلکر بھاگے یہ کام بھی

سوائے سید کے دوسرے سے ایسا نہوا غرض دفعتہ لشکر مین غلغلۂ قتل بلند ہوا کہ یمین الدولہ کے نوکرون نے مختار الدولہ کو مار ڈالا افضل حسین خان نے دوڑکر یمین الدولہ سے خبر کی کہ اب اس لشکر مین آپکا ٹھہرنا مناسب نہین آپ سوقت جلد امراو گر کے پاس چلے جائیے۔

بسنت علیخان اہل گرفتہ نشہ مین از خود رفتہ تنگی تلوار ہاتھ مین مارے خوشی کے جناب عالی کے پاس چلا گیا اور چلّاکے کہا غلام نے حضور کے اقبال سے دشمن حضور کو مار ڈالا یہ تہنیت مبارکباد دیتا سامنے آیا جناب عالی اپنے فہم اقبال سے سمجھے کہ اگر مین اسوقت تامل کرتا ہون افشاء راز نہانی ہوجائیگا اور الزام دبدنامی مجھپر ہوگی غصے سے پنچہ مارا خالی گیا مگر بسنت زخمی ہوکر یا خوف سے لڑکھڑاکر زمین پر گر پڑا راجہ نوازسنگھ نے دوڑکر ایک تلوار ماری وہ دبلا پتلا تھا کام تمام ہوگیا خواجہ غلام محمد خان عرف بڑے مرزا نائب دیوانخانہ تھے اور بسنت انکا بھانجہ بھی تھا نیچہ مقتول کی کمر سے کھینچکر راجہ کو مارا اگر نیچا کمر مین نہ ہوتا دو ٹکڑے کیا تھا کسواسطے کہ زبردست کا ہاتھ پڑا تھا راجہ بھاگ کر جناب عالی کے پیچھے جا کھڑا ہوا غلام محمد خان کا سامنا ایک زرہ پوش نے کیا اوسپر بھی جھپٹکر تلوار ماری زخم اوچھا کھاکر وہ بھی بھاگا دو تین جگہ وہ اوجھکر گرا ایک اور تلوار پڑی اوسکا دامادمارے خوف کے کوٹھے سے ازخود گر پڑا پانون مین بہت چوٹ لگی اسکے سوا اور جتنے نامرد کھڑے تھے مطلع صاف کردیا جانی خان نے سپر شمشیر سے انکا سامنا کیا اور کہا بڑے مرزا خیر ہے اسقدر خیرگی ولی نعمی کے سامنے سے چلے جاؤ جناب عالی نے جب یہ حال دیکھا فرمایا اب کس ارادے پر کھڑے ہو عرض کی پاس نمک مانع ہوورنہ چراغ ہندوستان گل ہوجاتا فرمایا اس خیال خام کو اپنے سر سے دور کرو پھر عرض کی اب میرا اور میرے رفقا کا کوئی مانع نہو فرمایا قسم ہے مجھے جنت آرامگاہ کی کوئی تمسے مزاحمت نکریگا آداب بجالاکے رخصت ہوے تھوڑی دور جاکر پھر پھرے فرمایا اب کیون پھرے عرض کی میرا جوتہ بدل گیا ہے اوسے پہنکر چلا جاتا ہون حکم ہوا خبردار کوئی انکا مانع نہو بڑے مرزا باہر جلوخانہ مین آئے سرکاری چوکی کے گھوڑے پر سوار ہوکر مع رفقا باہر بسلامت نکلے فی الحقیقت بہادر یہ لوگ تھے اور جناب عالی کی تہور بنی سخاوت سب سے زیادہ تھی اور صاحب معرفت بھی تھے اسکے حکایات بھی بہت مشہور ہین یہ سانحہ

سنہ ۱۱۹۰ھ سنہ ۱۷۷۶ء مین ہوا۔

الغرض جناب عالی اوسی وقت اپنی رفع مدامی سمجھکر انور خواجہ سرا نائب مختار الدولہ کو اپنی خواہی مین بٹھا صاحب پریذیڈنٹ کے خیمے مین تشریف لے گئے اور اوسے خلعت نیابت سے سرفراز کیا پس جاننا چاہیے کہ یہ خلعت گورنمنٹ اس سرکار مین ہمیشہ سے ہوتی چلی آئی ہو بعد اسکے نقش بسنت علیخان کو دروازے پر بائیس خواجہ کے دفن کیا جہان چھاؤنی انگریزی ہوئی اور مختار الدولہ کو لشکر مین ایک چھوٹا چبوترہ وخصیرہ بے سقف بنوا دیا ہو۔

جناب عالی نے امراؤ گرسے بشکایت کہلا بھیجا کہ تمنے ہمارے دشمن کو اپنے خیمے مین بٹھا رکھا ہمارا پاس نمک کیا تمنے بہت تعجب ہو عرض کی غلام کا کیا مقدور جو مرتکب ایسی حرکت کا ہوتا جب لشکر مین قتل مختار الدولہ کا فعل ہوا نواب یمین الدولہ اندیشہ ناک ہو کر میرے خیمے مین چلے آئے مین نے آپکا بھائی سمجھکر اونھین پناہ دی البتہ اتنا قصور ہوا ہو فرمایا کچھ مضایقہ نہین سچ کہتا ہو مجھے بھی راجہ سے یہ توقع نہ تھی۔

جب اجہ نے یہ سنا نواب یمین الدولہ سے عرض کی اب حضور کا یہان رہنا مناسب نہین میری گھوڑی بہت چالاک و دوردم ہو سواری کو حاضر ہو اور جس چیز کی احتیاج ہو حاضر کرون یمین الدولہ کو پہلے یہ خیال گذرا کہ شاید راجہ مجھسے دغا کرے تو اسکا بھی کام تمام کیا چاہیے چنانچہ جب راجہ رفع احتیاج کو اوٹھنے لگا رفقاے خاص مانع ہوے کہ ہم تمسے اسوقت مطمئن نہین مبادا کچھ اور خیال کرو عرض کی مجھسے کبھی ایسی بے ادبی نہ ہوگی بعد اسکے یمین الدولہ اوسی گھوڑی پر سوار ہوے مع رفقاے خاص میر منظہر میر علی پناہ میر فضل علی خان میر طالب علی مرزا موسن بیگ وغیرہ دریاے جمن سے اوتر کر نواب نجف خان کے لشکر کو تشریف فرما ہوے۔

محمد ایلچ خان مختار الدولہ کی جبر و تعدی سے بلطائف الحیل حدود مملکت جناب عالی نکلکر مع مال و اسباب بقیم اکبر آباد ہوے تھے نواب یمین الدولہ کا احوال سراسیمگی سنکر محمد مکرم خان محمد اسحاق خان کو جو اونکے اہلکار تھے استقبال کو بھیجا اور خود بسبب پیری کے دروازے تک پیشوائی کرکے نذر دی اپنا مہمان کیا اور سامان امارت سب درست کر دیا۔

نواب نجف خان نے اونھین دنون علاقہ ڈیک کو فتح کیا تھا بعد ملاقات سپہ دیمین الدولہ کیا بعد چند روز کے نواب نجف خان نے نواب سے عرض کیا محمد ایلچ خان غلام سرکار ہی آپ کے باپ کی بہ دولت پچاس لاکھ روپیہ رکھتا ہی مرد پیر ہی مجھے خوف ہی کہ اگر مر جائیگا اسکا مال غیر مستحقین کے ہاتھ آئیگا یمین الدولہ نے ارشاد کیا دو سبب سے مجھے جرأت نہین پڑتی ایک یہ کہ اسنے کسقدر اپنا خون جگر کھا کر اوسے پیدا کیا ہوگا دوسرے میری ہمت کے بھی خلاف ہی کہ مین غلامون کے سرمایہ پر مترصد اونکے مرنے کا ہون نجف خان نے جواب دیا کہ اگر میرے باپ کی بدولت اوسے حاصل ہوا ہوتا اب تک خرچ غازیان کارزار مین آچکا ہوتا اب بہتر یہ ہی کہ آپ میرے ساتھ اکبرآباد تشریف لے چلیے دیکھیے مین کس حکمت سے لے لیتا ہون اوسمین سے جسقدر مجھے عنایت فرمائیگا لونگا باقی سب آپکا مال ہی یمین الدولہ نے یہ قبول کیا تھا۔

محمد ایلچ خان نے جب سے خبر قتل مختار الدولہ سنی تھی دونون آقاؤن سے کھٹکا پیدا ہوگیا تھا آخر اپنی مآل اندیشی سے جناب عالی کو عرضی کی کہ یہ غلام پیر مہان چند روزہ مشتاق قدمبوسی ہی کہان تک سرگردان مارا مارا پھرے مال دنیا جو کچھ غلام کے پاس ہی سب مال حضور ہی امیدوار ہون کہ زیر قدم مبارک حیات مستعار کو بسر کرون چاہیے عزت و حرمت دیجیے چاہیے قتل کیجیے جناب عالی بھی بعد مختار الدولہ کے انتظام ملک کیواسطے متردد تھے اسے بہت غنیمت سمجھے کہ ایسا نائب مہاجن کہان ملتا شقہ عامل شکوہ آباد کو روانہ ہوا کہ جب خان مذکور داخل عملداری سرکار ہو بہت احترام سے پیش آنا اور ہر طرحسے اونکی حفاظت کرنا اور دوسرا شقہ طلب خان مذکور کا گیا اتفاقاً جسدن خان مذکور سرحد ملک جناب عالی مین پہونچے اوسی دن نواب نجف خان مع نواب یمین الدولہ داخل اکبرآباد ہوے یہ شکار مفت دونون ہاتھون سے گیا۔

محمد ایلچ خان منزل بمنزل باطمینان تمام ضیافت و مہمانی کھاتے ہوے عمال سرکار کی ناکہ شہر پہونچے جناب عالی خود استقبال کو تشریف فرما ہوے اور پہلے نواب سرفراز الدولہ مرزا احسن رضا خان محض اپنی خوشی خاطر سے قدیم سرکار سمجھکر استقبال کو گئے تھے

فرزند ارشد الدولہ نواب حسن رضا خان بہادر

Hasan Raza Khan

نواب امیر الدولہ حیدر بیگ خان

Hyder Beg Khan

بعد اسکے اور اہلکار بھی جناب عالی اپنی خواہی مین ٹھہرا کر لائے بعد سرفرازی خلعت نیابت مہمات مالی وملکی انکے سپرد کیے خان موصوف ازبسکہ حالت ضعف وپیری مین بیمار ہوکر اکبر آباد سے چلے تھے بعد چند روز کے ازبسکہ محنت ومشقت کا روبار ازحد تھی مادۂ فالج گرا جان بحق تسلیم ہوے فی الحقیقت شخص بڑا منتظم ونیز خواہ ومتدین سرکار تھا اگرچہ امی محض مگر اسکے کارندے بہت اچھے تھے مثل شیخ شفیع اللہ پنڈت انند رام محمد مکرم خان محمد اسحاق خان وغیرہ۔

تفویض نیابت بنواب امیر الدولہ حیدر بیگ خان

خلاصہ بعد مرنے محمد ایلچ خان کے باب تقرر نیابت مین بڑا تردد ہوا کس واسطے کہ نواب سرفراز الدولہ مرزا حسن رضا خان سب طرح سے خیر خواہ ومعتمد جناب عالی تھے مگر امی محض جنکے پ اور شین کے نقطون کی نقل مشہور خاص وعام ہو کسی خوشنویس نے قطعہ لکھکر دیا تھا بڑے شین کو فرمایا خوب پ لکھی ہو جب یہ حال نائب سرکار کا ہو پھر کیونکر انتظام ملکی ومالی درست ہوسکے اسکے سوا اور اونمین بہت سے صفات تھے اس سے سرکار کو کیا فائدہ خلاصہ تین شخص متدین کارگزار حسب لیاقت تجویز ہوے مرزا ابو طالب خان لندنی دوسرے اسمعیل بیگ خان تاجر شورہ تیسرے مرزا جعفر سرخ لیکن چوتھے کی تقدیر سے کسیکو خبر نہ تھی مرزا حیدر بیگ خان اون نون بیکار پریشان حال متوقع روزگار فراخور حال میانہ مین سوار جان برسٹو صاحب رزیڈنٹ بہادر کے سلام کو جایا کرتے تھے اور باہر احاطہ کوٹھی کے پیپل کے درخت کے نیچے سلام کیا کرتے تھے جب صاحب ہوا کھا کر آتے تھے بعد چند روز کے صاحب نے انکا حال پوچھا اونکی لیاقت اور کارگزاری کا احوال سُنکے اجازت سلام کی کوٹھی مین دی اور انکا خیال رہا۔

مختصر حال انکا یہ ہو کہ مرزا نور بیگ حیدر بیگ امیر بیگ ایک اور چھوٹا بھائی اور دو بہنین تھین مرزا امیر بیگ اور چھوٹا بھائی دونون شباب جوانی مین مرگئے قوم مغل بعض کابلی کہتے ہین انکے بزرگ نواب صفدر جنگ کے زمانہ مین ولایت سے آکر فتح آباد مین مقیم کابل رہے بعد اسکے متوسل ومقرب خاص راجہ بنی بہادر نائب نواب شجاع الدولہ ہوے

اس جہت سے بواجب فی کس تین سو روپیہ ماہواری نوکر ہوے لیکن اپنی حسن رسائی اور سفارش راجہ سے اکثر علاقہ بھی لیکر اوسکا انتظام بخوبی بامانت کرتے تھے چنانچہ کبھی علاقہ اکبر پور دوست پور اعظم گڈھ کبھی گورکھپور وغیرہ میں مامور رہے بلکہ جنگ بکسر میں یہ عامل گورکھپور تھے جب سے کارسرکار بخوبی سرانجام ہونے لگا ۱۱۸۰ھ مطابق ۱۷۶۶ء سرکار سے دونون بھائیون کو خطاب خانی ملا اسکی سند آجتک اونکی اولاد کے پاس ہے بعد اسکے جب عرش منزل نے انکی چھوٹی بہن کی خواستگاری کی انھون نے بمقتضاے ہندوستان زائی انکار کیا اس جہت سے اپر عتاب ہوا بظاہر حیلۂ باقیات ملک ٹھہرا کر بہت سختی سے قید کیا جیسا دستور عمال ہندوستانی ہوتا ہے اور قید میں نمک طعام ہموزن ملنے لگا مرزا نوربیگ تیسرے بھائی اسی سختی عذاب سے مرگئے نواب علیہ نے انکے حال پر رحم کھاکر قید سے نجات دلوائی شادمان نے بھی جناب عالی سے انکی سفارش کی محمد ایلچ خان جب نائب ہوے انسے خصومت رکھتے تھے پھر بعلت باقی اور عمال کے ساتھ انھین بھی قید کیا جب ہزار خرابی قید سے چھوٹے متلاشی روزگار رہکر دوسرا گھر ڈھونڈھا اس جہت سے جان برسٹو صاحب رزیڈنٹ کے سلام کو جسطرح مذکور ہوا جایا کرتے تھے ۔

خلاصہ جب امرلے اراکین دولت اور صلاح وصوابدید صاحب رزیڈنٹ سے مرکوز خاطر جناب عالی یہ نیابت مرزا حسن رضا خان قرار پایا ۱۱۸۵ھ ہجری مطابق ۱۷۷۱ء خلعت نیابت وخطاب نواب امیر الدولہ مرزا حیدر بیگ خان بہادر انتظام الملک سے سرفراز ہوے مہاراجہ بکمیت رائے دیوان نواب سرفراز الدولہ مرزا حسن رضا خان نیابت ہوے انکو سرکار سے فقط ۸ لاکھ روپیہ سال ملتا تھا اپنی فضول خرچی اور سخاوت سے ہمیشہ تنگ رہتے تھے ہر صبح سلام جناب عالی کو دربار جاتے تھے باقی اپنے گھر میں مشغول صاحبان خاص یا مصروف امور دنیی عزاداری جناب سید الشہدا علیہ السلام رہا کرتے تھے باقی جتنے امور ریاست سیاہ وسفید دربار صاحب رزیڈنٹ سب متعلق نواب امیر الدولہ تھے مگر پہلے ہر صبح امیر الدولہ انکے پاس ہوکر دربار جناب عالی مین جاتے تھے ۔

نواب امیر الدولہ کا کلکتے جانا

بعد کئی برس کے نواب امیر الدولہ درستی بعض مقدمات سرکار کیواسطے روانۂ کلکتہ ہوے

اوسکی صورت یہ ہوئی کہ جب نواب امیر الدولہ کو جان برسٹو صاحب رزیڈنٹ سے بسبب عدم رسی اقساط گورنمنٹ اور چند در چند مقدمات کی جہت سے کمال بے لطفی حاصل ہوئی اور صاحب رزیڈنٹ انسے ہر امر مین سخت گیری اور مداخلت کرنے لگے سمجھے کہ یہ حاکم وقت ہین انسے عہدہ برائی نہوسکے گی بلکہ کیا عجب ہو کسی حیلے سے مین اس عہدے سے موقوف ہوجاؤن اب کچھ فکر کیا چاہیے چنانچہ جنرل مارٹن صاحب اپنی سرکار سے پنشن پاتے تھے مگر اسباب تجارت ولایت وغیرہ لکھا روپیہ کا جناب عالی کے ہاتھ بیچا کرتے تھے اور روپیہ کی دلائی نواب امیر الدولہ پر ہوتی تھی اس جہت سے اونسے کمال خصوصیت و موافقت ہوگئی تھی جنرل صاحب کو روابط صاحبان کونسل اور صاحبان خاص نواب گورنر جنرل بہادر سے بہت تھے نواب نے اونکی معرفت ایک عرضی باخفا در باب عزل صاحب رزیڈنٹ نواب محتشم الیہ کو بھیجی نواب معز الیہ نے موجب ناراضی جناب عالی اور برخلافی مدار المہام سمجھکر صاحب کو موقوف کرکے بلوا بھیجا اور اپنا سکریٹر اعظم کیا اتفاقاً چٹھی عزل رات کو پہونچی امیر الدولہ نے جناب عالی کو گذرانی اوسوقت مینہہ شدت سے برس رہا تھا حکم ہوا کہ صاحب ہمارے شہر سے ابھی چلے جائین نواب نے عرض کیا کل جائینگے نمانا آخر صاحب رزیڈنسی سے سوار ہو جنرل مارٹن صاحب کی کوٹھی مین رات کو رہے صبح کو روانہ کلکتہ ہوے جب ہان عہدۂ جلیلہ سکریٹری پر منصوب ہوے بسبب خصومت امیر الدولہ ہر امر مین سرکار کے تعویق اور جواب صواب مین تامل ہونے لگا ادھر جناب عالی کو افزونی ملال خاطر ہوئی کسواسطے کہ جب اونکے سالانہ روپیہ کے دینے مین اہلکارون سے کچھ تامل ہوجاتا تھا دفعۃً آتش غضب بھڑک جاتی تھی نائب بھی اونکے حکم نامے سے اپنی خوف آبرو سے ڈر جاتے تھے کسواسطے کہ خرچ ذاتی جناب عالی کا ساٹھ لاکھ روپے سالانہ سے کم نہ تھا اور چھپن لاکھ ستتر ہزار بابت اقساط سرکار کمپنی دیے جاتے تھے اور تنخواہ اقربا و امرا و فوج اور اخراجات ہر اہلکار کا علی قدر مراتب حساب سے باہر یہ سب اسباب دانگی امیر الدولہ کے ہوے ۔

خلاصہ اوس زمانے مین نواب گورنر جنرل مارکوئیس آف کارنوال منصب گورنری پر منصوب تھے نواب امیر الدولہ ۱۸۰۶ء مطابق ۱۲۲۱ھ ہجری بڑے تجمل و ردھوم و دھام سے روانہ کلکتہ ہوے ۱۸ لاکھ سرکار سے خرچ سفر عنایت ہوا اور کرور روپیہ تک صرف کی اجازت تھی اگر مصارف

تعظیم وضروری کی احتیاج ہو جب کلکتے پہونچے سکرٹر صاحب کی خصومت سے نواب گورنر جنرل کی ملاقات مین تویق ہوئی آجکل ہوتی رہی آخر نواب سے تنگ ہوکر عزم بالجزم لندن کا کیا اور حاجی کربلائی محمد خان کو حکم کرایہ جہاز دیا جب نواب گورنر جنرل نے مفصل یہ خبر سنی خود مہمان سمجھکر سبقت ملاقات کی نواب نے عذر علالت مزاج کیا کہ بسبب ہیضہ سفر علیل ہوگیا ہون انشاء اللہ تعالی بعد صحت حاضر حضور ہونگا لیکن لارڈ صاحب نے اپنی خوبی اخلاق سے نہ مانا پہلے آپ عیادت کی راہ سے تشریف لائے دو خواصون نے نواب کی بغلون مین ہاتھ دیکر پلنگ سے واسطے تعظیم کے اوٹھایا لارڈ صاحب نے باصرار تمام منع فرمایا کہ مریض کو معاف ہو بعد اسکے کیفیت مزاج پوچھی کلمات شوقیہ فرماکے مراجعت فرمائی بعد کئی دن کے نواب بڑے تجمل سواری سے دربار گئے نذر دی بعد استفسار احوال باعث تکدر و ملال خاطر جناب عالی پوچھا عرض کیا تکدر مزاج کئی سبب سے رہتا ہو ایک تو قلت مداخل کثرت مخارج مصارف امیرانہ لابدی تیسرے نقصان ۶ انی جسکا سالانہ قسط چھپن لاکھ ستتر ہزار ہوتا ہو ملک بنارس وغیرہ محاصل ۲۲ لاکھ ہدیہ دستانہ سرکار کمپنی کو دیا چوتھے لکھا صرف ضیافت وامان وشنی وتماشے ہولی بسنت وغیرہ محض بخاطر صاحبان عالیشان نوواردہوتا ہی تجار انگریز اسباب تجارت وغیرہ ولایت سے لاتے ہین اونپر محصول نہین چھٹتے تاجران ولایت جو رطب ویابس لاتے ہین عرض کرتے ہین ہم بڑی دور سے یہ اسباب تحفۂ ولایت فقط حضور کیواسطے لائے ہین ہندوستان مین سوائے حضور کے کون قدردان ہی جو ایسی اشیاے تحفہ وکمیاب کو مول لے جناب عالی اپنی بلند نامی کیواسطے ملاحظہ فرماکے سبال تر وخشک لے لیتے ہین اور جسقدر وہ قیمت لکھ بھیجتے ہین اوسکی دلائی ہمپر ہوتی ہو حکم حاکم سمجھکے بجالاتے ہین اور اس قضے کا سو ہمین دینا پڑتا ہی۔

نواب گورنر جنرل بہادر اس گفتگو سے معقول ہوے اور ازراہ علو ہمتی دو آنہ چھ آنہ سے موقوف فرماے استرداد ملک بنارس وغیرہ بھی منظور کیا اور حکم دیا کوئی تاجر بے صاحب رزیڈنٹ یا کوئی تازہ ولایت حاضر حضور جناب عالی نہوا کرے اور تجار پر حسب سرشتہ حکم محصول دیا پینے فیصدہ لیا جاے اور تمسک لڑائی بکسر جو بعد وصول زر

سینہ اقساط غفلت اہلکارون سے نہ پھیر لیا تھا لے لیا بعد اسکے نواب نے جواہرات بیش بہا نایاب زمانہ جسکی قیمت عرض بازار کرور روپیہ سے کم نہ تھی ایک کشتی مین گذرانا نواب محتشم الیہ نے تبسم فرمایا اسکے عوض ہم کو فسانہ ہ دوستانہ جنابعالی کو بھیج سکینگے اب تم یہ ہماری طرف سے حضور کو دینا ایک زمانہ مین یہ ہمت عالی گورنر جنرل بہادر کی تھی جسکا افسانہ آجتک ہی۔

القصہ بعد حصول مطالب نواب وسی شان و شوکت سے لکھنؤ آئے اور بڑی سخاوت کلکتے مین کی ایک مدت تک غربا رعایا کے چھپر کھپریلون سے اشرفی روپیہ خیرات سواری کا نکلتا رہا جناب عالی کمال مسرت دلی سے فتح گنج تک شہر کے باہر استقبال کو تشریف فرما ہوے اور حکم کیا نواب ہاتھی بٹھا کے مجھے سلام نکرین بنا ہاتھی سے ہاتھی کے برابر رکھین لیکن نواب نے ازراہ آداب اسے قبول نہ کیا بعد نذر کے خواصی مین بیٹھے مگس رانی کرتے فقرا و مساکین کو روپیہ لٹاتے داخل دلتخانہ ہوے واستان حرف بحرف عرض کی خلعت سے سرفراز ہوے جناب عالی نے اور احکام جاری کیے مگر استرداد نہارس بمقتضاے ہمت عالی قبول نہ فرمایا۔

غرض نواب میر الدولہ اپنے حق نمک سے ادا ہوے سولہ لاکھ کے خرچ اور اتنی مشقت سفر سے اتنے عمدہ امرطی کیے اودھین نون بازار کرہٹی جوابین چندن نگر فرانسس ڈانگہ اور شیورام پور ہوگلی کوس کلکتے سے اپنی زاموری کیواسطے تیس ہزار روپیہ کو خریدا اوسکا محصول آج تک اونکی اولاد کو ملتا ہی جناب عالی نے چاہا کہ نظر بخلوص خیر خواہی و نمک حلالی اصالتاً خلعت نیابت عنایت فرمائین کہ اب تم اس منصب جلیلہ کے مستحق ہو نواب سپہ فرازالدولہ مرزا حسن رضا خان کو بھی انکی طرف سے کچھ خدشہ گذرا لیکن نواب نے بمقتضاے شرافت اپنے عہدۂ قدیم پر قناعت کی اوسے قبول کیا مرزا کو زیادہ تر اسے صفائی قلبی حاصل ہوئی پس ارباب بصیرت بنظر انصاف دیکھین اوس عہد دولت مین اہلکار کس لیاقت و منزلت کے تھے اب کس شرافت و لیاقت کے ہین۔

مشہور ہی کہ نواب آصف الدولہ دم واپسین نواب میر الدولہ کے گھر تشریف لاے عرض کی غلام ایک وصیت عرض کرتا ہی جناب عالی کو خیال وصیت اونکے عیال و اولاد کا ہوا عرض کی جو کچھ غلام کے گھر مین ہی سب مال حضور ہی میری اولاد و عیال لونڈی غلام ہین لیکن وصیت

عمدہ یہ ہو کہ حضور پھر کسی نائب کو اتنا اختیار کلی نہ دیجیے گا ورنہ برابر بدنامی پردہ دری سرکار کی ہو جائیگی
غرض ۱۶ شہر شوال ۱۲۰۶ ہجری مطابق ۱۷۹۱ء کو انتقال کیا کشمیری محلہ اپنے باغ مین
دفن ہوے نواب سرفراز الدولہ اونکی اولاد کی حمایت کرتے رہے بمنزلہ اپنی اولاد کے سمجھتے تھے
اونکے گھر کی ضبطی نہونے دی ہر چند آتش افروزون نے شعلۂ آتش بھڑکانا چاہا مگر انکی جہت سے
جناب عالی بھی سمجھے۔

بعد چند روز کے وہی قول مرحوم صادق آیا کہ بعض درستی مقابات کو اونکے نہیں نواب
سرفراز الدولہ مرزا حسن رضا خان مہاراجہ بکمیت رائے دیوان ۱۲۰۶ھ مطابق ۱۷۹۱ء بڑی
دھوم دھام سے روانہ کلکتہ بدربار ہوے وہان پہونچکر دونون مین صورت نفاق ہوئی کہ جسدن وہ
دربار گورنر جنرل مین جاتے ہین یہ صاحب نہین جاتے بعد کئی مہینے کے دونون صاحب کام
پھر آئے عبث بحث زیرباری لکھا رو پڑی ہوئی جسطرح اونکا احوال کھلا تھا انکا مطلق نہ کھلا
کہ یہ کیا بنا لائے اور ان دونون کا نفاق نواب محتشم الیہ پر بھی منکشف ہو گیا تھا پھر کونسی
صورت سے بنتا آرے ؎ نہ ہر کہ خطبہ بخواند پیمبری داند ؎ نہ ہر کہ آینہ سازد سکندری داند ؎
تاریخ وفات نواب امیر الدولہ ؎ مرگیے پرز کی سیاہ کی خور ؎ ۱۲۰۶ھ قلت مداخل و کثرت اخراجات
جب اسی طرح پر ہو اور نائب کو پرورش سب کی منظور ہو تو سوا ے تخفیف کے اور کونسی صورت
تھی یہ وجہ ہوئی تخفیف تنخواہ فوج کی یا ہزارون برطرف کیے جاتے وہ کس سرکار مین جا کر
ملازم ہوتے۔

ہنگامۂ فساد راجہ چیت سنگھ بنارس

یہ سانحہ بنارس مین کوتاہ اندیشان نافہم سے عجیب و غریب گذرا مختصر یہ ہو کہ جب
نواب گورنر جنرل ہیسٹینگ صاحب بہادر نے راجہ چیت سنگھ بنارس کا حال سرکشی و تمردی اور
عدم رسانی زر سرکار و اجبی سنا اور ہندوستانی اہلکار معتمدین سرکار نے خوب نمک مرچ لگا کر
متواتر عرض حال کیا نواب محتشم الیہ بضرورت تشریف فرما ے بنارس ہوے مادھو داس کے
باغ مین رونق افروز ہوے راجہ کو اوسی باغ مین قید کیا قلعۂ چنارگڈھ مین بھیجا بعد کئی دن کے راجہ کسی

حکمت عملی سے بھاگ کر کشتی پر سوار ہوا پار دریا کے رام نگر مین اپنے مقام پر جا بیٹھا اوسکی صبح
گرد پیش کے راجہ زمیندار اور اہل شہر نے باتفاق بلوا کر دیا جا بجا تلنگہ سپاہی متوسل سرکار
یا انگریز جہان ملا قتل کیا چنانچہ ایک بجرے مین کئی بیبیان ولایتی اور صاحبان آباد سے کلکتے
جاتے تھے راجہ کے سپاہی کشتیون پر سوار پہونچے اور اون صاحبون کو مار ڈالا بیبیان غیرت سے
دریا مین ڈوب کر مر گئین چھ دن تک یہ ہنگامۂ طفلانہ گرم رہا مگر نواب گورنر جنرل اپنی شجاعت و
تہوری سے نقطہ پچاس تلنگہ گارد سے اوسی باتمین ہے آخر جانس صاحب رزیڈنٹ بنارس نے
عرض کیا کہ تمام رعایاے شہر دشمن سرکار ہو رہی ہے یہان بھی کوئی صورت خلاف پیش آئے
لہذا مناسب یہ ہے کہ راجہ چیت نراین خیر خواہ سرکار عالی ہے اوسکے سپاہی آج رات کو حاضر ہونگے
حضور اونکے ساتھ قلعۂ چنار گڈھ مین تشریف فرما ہون تو بہتر ہے نواب محتشم الیہ نے اونکی رائے
صواب دید پسند کی اوسی طرح پردۂ شب مین بسلامت کنار دریاے گنگ پہونچے سپاہ ہمراہ نے
باواز بلند اوس پار سے کشتی منگوائی نواب دولت افروز قلعہ ہوے توپ سلامی کی چلی صبح کو فوج
راجہ سے مقابلہ ہوا بڑا کھیت پڑا راجہ آتش خانۂ انگریزی کی تاب نہ لا سکا فوج ہر طرف بھاگی راجہ سیدھا
بھاگ کر گوالیار چلا گیا صاحبان عالیشان کو فتح و فیروزی حاصل ہوئی۔

اون دنون نواب بیمین الدولہ سعادت علیخان بہادر دار گاہ کنڈھ بنارس مین تشریف رکھتے تھے
راجہ نے متواتر پیام بھیجے کہ آپ بھی میرے شریک حال ہون بعد فتح یہان کے مالک مختار ہو جائینگے
ہم آپ کی رعیت ہو کر رہینگے بہادر موصوف نے کسی طرح نمانا انجام کار خوب سمجھے ہوے تھے
معرکہ بچشم آنکھ سے دیکھ چکے تھے اگر اس نائرۂ فساد مین ہوتے شاید راضی ہو جاتے۔

خلاصہ جب یہ خبر لکھنؤ مین جناب عالی نے سنی نواب امیر الدولہ کو پہلے روانہ کیا وہ جون پور
پہونچکر منتظر تشریف آوری جناب عالی رہے مرزا حسن رضا خان نے راہ مین جب خبر بلوے کی سنی جلد
جناب عالی کو لیکر داخل بنارس ہوے راجہ باغی نے متواتر عرضیان جناب عالی کو بھیجین مگر جناب عالی نے
قبول نکیا فرمایا ہمارے عہد پیمان کے خلاف ہے بعض نا عاقبت اندیش اور بیہودہ گوون نے کہا ہوگا
کہ شاید تم پر خرابی و بربادی اس خاندان کے ہوا چاہتے ہو۔

خلاصہ جب نواب گورنر جنرل اور جناب عالی سے ملاقات ہوئی جناب عالی نے پہلے عذر

اپنی دیرینہ سی کا کیا نواب محتشم الیہ اس خلوص بیجہتی حاضر و غائب سے وہ بہت شکر گزار ہوئے خارج سے جب حقیقت حال مفصل منکشف ہو چکی تھی اپنی کتاب وزنامچہ مین بہت سا تحریر فرمایا کہ وہ آجتک سب صاحبان عالیشان کی زبان پر ہی چنانچہ لارڈ ہیسٹنگ بہادر نے اول صحبت کانپور مین چاے پانی پر حضرت سلطان عالم سے وہی کلمات شکر گزاری قدیم ارشاد فرمائے تھے خلاصہ بعد اسکے جناب عالی لکھنؤ تشریف لائے صاحبان عالیشان مرزا حسن رضا خان کے بھی کلمۃ الخیر سمجھانے سے بہت ممنون ہوے تھے —

الغرض نواب گورنر جنرل نے بنظر خیر خواہی چیت نراین راجہ اودت نراین کے بڑے بھائی کو حاکم بنارس فرمایا پھر کلکتہ مین تشریف فرما ہوے بعد رفع ہنگامہ حکام کی یہ صلاح ہوئی کہ اون للاحون کو سزا دینا چاہیے جنکے بجرے مین خون ناحق ہوا تھا چنانچہ اونھین حکم ہوا اپنے چھپرون سے باہر نکل آؤ اور اپنا اسباب بھی باہر لاؤ بعد اسکے اون چھپرون کو جلا دیا اور نئے چھپر بنوا کر اونھین رہنے کا حکم دیا اور فرمایا اسی قدر سیاست کافی ہے کیون اہل انصاف ایک زمانے مین اسی قوم کے ایسے بھی حاکم منصف گذرے ہین ادنی انصاف نواب محتشم الیہ کا یہ ہے کہ پیچھر لاکھ کا اصل و سود اور سود در سود سرکار جناب عالی مین قرضہ سرکار کمپنی ہو گیا تھا اون تمسکات کو جبر صریح سمجھکر چاک کر ڈالا تھا ازین قبیل اونکی سخاوت و ہمت و انصاف کی بہت سی باتین ہندوستان مین مشہور ہین —

لڑائی روہیل کھنڈ

جب نواب فیض اللہ خان حاکم رامپور نے ۱۲۰۹ھ مطابق ۱۷۹۴ء مین قضا کی نواب محمد علیخان اونکا بیٹا مسند نشین ہوا غلام محمد خان نے بسبب خصومت مذہب تشیع اختیار کرنے سے کسواسطے کہ جب مرزا وزیر علیخان کی شادی مین لکھنؤ آئے تھے جناب عالی نے اونپر بہت عنایت فرما کر اپنا بیٹا فرمایا تھا اور ہدایت دین حق کی بھی فرمائی تھی جب یہ خبر قتل سنی فرمایا کہ ہماری محبت و ہدایت حق سے ایسا خون ناحق ہوا اسکی سزا ہمپر لازم ہے اور سر جان شور صاحب گورنر جنرل بھی اس امر سے بہت آشفتہ ہوے تھے چنانچہ کمانڈر انچیف ابلکرم بل صاحب کو حکم گرفتاری غلام محمد خان ہوا اون نون چیر یصاحب

رزیڈنٹ لکھنؤ تھے غرض جناب عالی مع لشکر اور کمپ انگریزی ملازم سرکار فیض آباد سے وانہ راسپور ہوے ۱۲۱۰ھ مطابق ۱۷۹۵ء فتح پیٹر کی ہوئی جناب عالی نے احمد علیخان نواب محمد علیخان کے بیٹے کو محل سے بلوا کر مسند نشین یاست فرمایا اگرچہ بہت صغیر السن تھے پہلے بیبیان خوف سے باہر نہین بیٹھتی تھین مگر جناب عالی کے حکم سے بھیجا بعد اسکے مراجعت فرمائی اس معرکہ کے احوال مفصل کی کچھ ضرورت نہ تھی مشہور و معروف ہے لوگ بھلی و سوقت کے جتنے ہین مقابلہ کس فوج کا کس فوج سے ہوا احمد علیخان جبتک جیتے رہے اس احسان کے مرہون منت رہے اونکے عرائض جنت آرامگاہ کے وقت تک آتے تھے فوج جناب عالی فقط صف آرا ہی ترک سوارون کی غلطی سے یہ نوبت اول پہونچی تھی دوسرے ٹپالن جو پشت ٹیلہ تھی اوسنے آکر کام تمام کردیا تھا کرنل پرسٹن صاحب جو اس معرکہ مین مارے گئے اونکی بی بی کو بتقریب تعزیت چار ہزار روپیہ خزانۂ جناب عالی سے ملا تھا۔

مرزا جوان بخت شاہزادہ کا لکھنؤ مین آنا بنارس مین رہنا

مرزا جہاندار شاہ عرف مرزا جوان بخت بہادر رفقاے خاص سے شاہجہان آباد سے سمت ممالک شرقیہ تشریف فرما ہوے باین خیال کہ اونکے باپ شاہ عالم بھی اپنے باپ کے حین حیات ترقی حشمت و جاہ سمجھکر اور ارکان دولت کے خوف سے جنھون نے نمک حرامی و بیوفائی پر کمر باندھی تھی کئی برس راج محل عظیم آباد مین رکھرالہ آباد مین آکر رہے تھے خلاصہ جب شاہزادے لکھنؤ کے ناکہ پر پہونچے اتفاقاً وارن ہیسٹنگ بہادر بھی مہمان جناب عالی تھے دونون سردار جلیل الشان بڑے تجمل سے استقبال کو گئے شہر کے چوک کو بہت تکلف سے آراستہ کیا تھا جب حضور شاہزادہ پہونچے دونون سردارون نے نذرین گذرانین جب ہاتھی پر سوار ہوے جناب عالی حسب دستور وزیر اعظم خواصی مین بیٹھے مور چھل ہاتھ مین لیا کہ یہ منصب قدیم اونکے آباے کرام کا تھا نواب گورنر جنرل گھوڑے پر سوار کرچ کھینچے جلو سواری مین ہوے شاہزادہ اول کوٹھی جنرل مارٹن مین داخل ہوے جسمین مرزا سلیمان شکوہ شاہزادے بھی پہلے آکر رہے تھے جناب عالی نے تین لاکھ کا نقد و جنس پیشکش نذر کیا ہر صبح جناب عالی اور نواب گورنر جنرل دربار شاہی سمجھکر حاضر ہوتے تھے اور جتنا سامان اور لوازمۂ مہانداری تھا

سب بتکلف سرانجام کردیا شاہزادہ دن رات عیش و عشرت ناچ رنگ مین مصروف رہتے تھے جناب عالی ہر روز تحائف تحفہ ہر قسم کے تبفاخر بھیجا کرتے تھے لیکن افسوس یہ ہی کہ اس مدت مہمانی مین بہت سی باتین شاہزادے کی زبان زد خلائق ہوئین جسکی تحریر مین ننگ کتاب معلوم ہوتا ہی صاحبان فہم اسے سمجھین گے کہ جب یہ صورت سلاطین عالیہ کی ہو تو پھر کیون نہ انجام کار ایسا ہو اصل جب مادے مین فساد ہو تو اصلاح مشکل ہی خلاصہ ہر شب طائفے ارباب نشاط کے حاضر ہوا کرتے تھے اتفاقاً اون گلرخون مین ایک کسبی مسماۃ بھگیہ بھی حاضر ہوئی اوس زمانہ مین ناچ مین بے مثل تھی بمطبوع طبع اقدس ہوئی اور مستفید خدمت بھی ہر روز اوسکا جذبہ عشق بڑھنے لگا جناب عالی کو اسکا پرچہ گذرا اوسکی ممانعت ہوئی ایک تو یہ کہ اوسکا ناچ خود جناب عالی کو بھی پسند تھا دوسرے ہمیشہ ممنون خاطر یہ رہتا تھا کہ کوئی کسبی کسی کے گھر مین نہ پڑنے پائے مبادا اگر یہ بھی داخل محل ہوئی تو میر الطف جاتا رہیگا چنانچہ اسی صورت سے مسماۃ سالار و کسبی خواجہ غلام محمد خان عرف بڑے مرزا کے گھر مین پڑی اور صاحب اولاد بھی ہو چکی جب جناب عالی کو یہ معلوم ہوا حکم ہوا کہ اونکے گھر سے نکال لاؤ بڑے مرزا سپاہی باغیرت تھے مستعد مرگ ہوئے مرزا حسن رضا خان کی شفاعت سے بچے کہ وہ صاحب اولاد ہو چکی ہے یہ شخص مارا جائیگا حضور کو بڑی بدنامی ہوگی غرض اس ممانعت سے شعلۂ عشق زیادہ تر شاہزادے کا مشتعل ہوا رات کو ڈولی مین سوار ہو کر جانے لگا اون نون چکلۂ ارباب نشاط دولت گنج قریب و لتخانہ تھا جب اسکا پرچہ لگا حکم ہوا ہرکارے دور دور انتظام کیا کرین مبادا کسی صورت سے کچھ خلاف واقع ہو جب شاہزادے نے یہ حال دیکھا اب طاقت صبر بھی طاق ہوئی مفارقت محبوبہ بہت شاق ہوئی عشق بہت بدبلا ہی از خود رفتہ ہوے چارہ اسکے سوا کوئی نہ دیکھا کہ اب نواب گورنر جنرل سے کہا چاہیے آخر ایک دن مضطر ہو کر فرمایا کہ مجھے تمسے کچھ کہنا ہی خلوت نواب گورنر جنرل نے عرض کی کہ کل حضور ارشاد فرمائین تو بہتر ہو۔

نواب محتشم الیہ سے بہت دور دراز سمجھے صاحبان کونسل سے مشورہ کیا بہ تنقیح تمام یہ تجویز ہوا کہ اگر شاہزادۂ عالم از راہ اولوالعزمی کسی ملک کے لینے کی کمک چاہے تو دو کمپ ہمراہ رکاب کرنا چاہیے اور اگر طلب روپیہ ہو تو اسقدر دینا چاہیے اور اگر اجازت گرفتاری نواب چاہے تو اسکا

جواب صاف دینا چاہیے خلاصہ دوسرے دن شاہزادہ بہادر نے فرمایا کہ مجھے نواب بھائی سے تم بھیگا کو دلوادو نواب گورنر جنرل آداب بجالائے رخصت ہوئے جنابعالی سے ارشاد کیا ہمین معلوم نہین وہ کیا چیز ہے جسکے لیے ہمسے کہلوایا ہے غالب ہے کہ آپ بھی نپاشاہزادہ سمجھکر دریغ نفرمائینگا جنابعالی یہ سنکر بمقتضاے تہذیب چپ رہے پھر فرمایا وہ ایک کسبی بازاری ہے جسپر حضور عاشق ہوے ہین مین نے پہلے اوسے منع کیا تھا اب وہ نہوں نے آپسے سفارش چاہی ہے بہت اچھا بس یہ سنتے ہی نواب گورنر جنرل نے حجاب سے سر جھکا لیا اور دلمین اونکی لیاقت پر بہت افسوس کیا رخصت ہوے۔

جنابعالی نے بپاس خاطر نواب گورنر جنرل بسواری پالکی بھگیا کو شاہزادے کے محل مین بھیجدیا شاہزادے نے اوسے خطاب نواب جہان آبادی یا اودھی سے مرزا عالی قدر شاہزادے پیدا ہوے یہ اپنی مان کی جہت سے شیعہ ہوے اوسکی صبح جناب عالی نے جاکر ازراہ آداب شاہی نذر بھجوائی بعد چند روز کے اسی مرقلین پر رخصت کرکے قیام بنارس اختیار کیا عزم بالجزم ممالک شرقیہ فسخ کیا اپنی عیش و عشرت مین رہنے لگے ۲۵ ہزار روپیہ ماہواری پیشکش سرکار جنابعالی سے مقرر ہوا معرفت صاحب رزیڈنٹ ملتے رہے چنانچہ بروقت تقسیم ممالک محروسہ پیشکش بھی مجرا ہوئی بعد کئی برس کے مرزا سلیمان شکوہ سے بھائی محمد اکبر شاہ کے دلی سے رونق افروز لکھنؤ ہوے لیکن جنابعالی بسبب جوابات سابقہ کے (بچے تو بچے چھوٹے سبحان اللہ) ہونگے بہت کمدر خاطر ہوے تھے اجازت داخلہ شہر کی ندی سی جہت سے شاہزادے ناکہ شہر یکہ بود علی شاہ کے قریب ایک یا تین کئی مہینے تک رہے بعد اسکے لارڈ کارنوالس بہادر تشریف لائے اونکی سفارش سے چھ ہزار ماہواری مقرر ہوئی داخل شہر ہوکر بنگلہ مرزا خلیل مین جو قریب کوٹھی رزیڈنسی تھا کنارہ دریا قیام کیا پھر ٹھٹھری کوٹھی جنرل مارٹن کی مول لی لیکن اس مین داخل نہ ہوا مدت عمر کمال عسرت سے بسر کرتے رہے بسبب کثرت ازواج و اولاد و اخراجات شاہانہ اور اپنی بے غفلت سے کہتے ہین کہ وارن ہیسٹنگ گورنر جنرل بہادر از بسکہ صاحب راے و العزم تھے مکنون خاطر یہ بھی ہوا تھا کہ اگر کوئی شاہزادہ بلکہ بادشاہ ہندوستان صاحب لیاقت ہاتھ آجاے جو مستحق سلطنت ہو تو شمول ولایت امریکا ہم اوسے سلطنت پر بٹھا کر وہی صورت کرین اور ہم مطیع و فرمانبردار ہوکر موافق قانون منضبطہ انتظام سلطنت کرین اور حکومت لندن سے علیحدہ ہو جائین جب یہ کیفیت و ماہیت خاص شاہزادون کی دیکھی اپنے خیال و تصور مین بہت تاسف کرتے تھے چنانچہ خبنار روپیہ ہندوستان سے لے گئے تھے سب عدالت شاہی کی روبکاری اور وکلا مین خرچ ہوا اسکا احوال تفصیل اکثر

کتب تواریخ انگریزی مین ہی اور اکثر صاحبان عالیشان سے بھی متواتر سنا ہی۔

پھر جناب عالی نے اعانت و امداد الیان سرکار کمپنی انگریز بہادر کی لڑائی مرہٹہ دکن وغیرہ مین کی فوج بھیجی جسکے افسر جنرل مارٹن عبدالرحمن خان قندھاری رسالدار وغیرہ تھے یہ سبب بھی زیادہ تر موجب وثوق اتحاد و دوستی دولتین عالیین ہوا۔

تعمیر امام باڑہ و شادی مرزا وزیر علیخان و نہر نجف اشرف وغیرہ

بناے تعمیر عمارات و دولتخانہ موافق مرضی جناب عالی بوضع ہندوستانی ہوئی اور اوس زمانے مین رواج بھی کوٹھی انگریزی کا نہ تھا یہ ترقی کوٹھی انگریزی جنت آرامگاہ کے عہد دولت مین ہوئی ورنہ پہلے کوئی مرک کے نام سے بھی واقف نہ تھا لیکن فقط امام باڑہ یادگار زمانہ مدت دس برس مین کفایت اللہ معمار شاہجہان آباد کی تجویز سے بنا اور مکان باولی وغیرہ جو بطریق تعمیر ہندوستان بنا جسمین پچاس لاکھ روپیہ صرف ہوا اس عمارت عالیشان کے صاحبان عالیشان بھی مشتاق ہوتے ہین خصوصاً مہندسین مگر افسوس یہ ہی کہ ایسی عمارت عالیشان نے مقام اچھا نہ پایا کاشکے مقام باولی والے مکان کی جگہ تعمیر پاتا کوئی سبب مع گاپل دریاے گومتی جسکی کوٹھیان دریا مین راجہ نولرائے نے بگلوائی تھین مگر بے اصول پار دریا کے چپہ بندھوائی تھی مقام دونون کنار چپہ کا باندھنا چاہیے تھا مکان باولی مین اکثر شاہزادے ولی بنارس کے فروکش ہوتے تھے اب امام باڑہ قلعۂ حصن حصین مکان باولی کا گدام میگزین سرکار ہوا یہ بھی ایک صورت انقلاب ہی سنہ ۱۱۹۹ھ مطابق ۱۷۸۵ء مین تعمیر ہوے۔

سنہ ۱۲۱۰ھ مطابق ۱۷۹۶ء شادی مرزا وزیر علیخان کی ہوئی جسمین تیس لاکھ روپیہ صرف ہوا جسنے صاحبان عالیشان اور امراے عالی قدر دور و نزدیک کے شریک ہوے تھے صحبت مجلس عیش بالغ و چار بالغ ہوئی اس خاندان مین اس تکلف کی کسیکی شادی نہین ہوئی اور نہ اسقدر روپیہ صرف ہوا اب اسکا احوال مثل کہانی خیالی کے ہی لوگ کہتے ہین کہ شاہجہان آباد مین بھی دو شادیان یادگار زمانہ ہوئین ایک نواب شجاع الدولہ بہادر کی دوسری جو گل کشور کی مرزا وزیر علیخان کی شادی کا شمہ یہ ہی کہ پانسو چوگھڑا فقط چاندی کا تھا حضرت خلد منزل نے فرح بخش مین شہر کے دونون طرف قصر فلک و قصر ملک بنوایا تھا

مجتہد العصر قبلہ وکعبہ مولوی سید دلدار علی

Syed Dildar Ali
High Priest

نمبر ۱۱

ظفر الدولہ نے کوٹھے سے بھی چاندی کے گھڑے لیے تھے۔

امر عجیب و غریب جو سراسر باعث حسنات اخروی کا ہوا وہ یہ ہے کہ ارض اقدس نجف اشرف مین ہمیشہ سے قحط آب رہتا تھا زائرین کو وقت زواری بڑی تکلیف ہوتی تھی ایک روپے کو مشک آب ملتی تھی ایک نہر ۱۶ فرسخ دریاے فرات سے جسکے ۳۲ کوس ہوتے ہین کوفہ سے خبکا چشمہ قبض آجتک جاری ہوگئی برس تک بند ہوگئی تھی کسی حاکم کو یہان کے خیال نہ آیا اکثر وہان کے مجتہدین نے لکھا یا مجتہد جواخذ زر دنیا کے واسطے یہان آئے اسکے واسطے بھی سرکار مین عرض حال کیا مگر کچھ موثر نہوا اس خیال سے بھی کہ خود کھا جائینگے اس امر خیر کے محرک نواب سرفراز الدولہ مرزا حسن رضا خان ہوے کہ معرفت عمدۃ التجار حاجی محمد طہرانی مشہور حاجی کربلائی تاجر نامی کلکتہ ۵ لاکھ روپیہ اور تحائف واسطے پاشاہ بغداد کے گئے اسکے بھی بہت سے معجزات ثقات نے بیان کیے ہین اب قدرت خدا سے بسبب بخشش دریاے فرات نہر از خود جاری شل دریا کے ہوگئی ہے زائرین مسجد کوفہ سے کشتی پر سوار ہوکر نجف اشرف سے ارض اقدس کربلا و پل ہفید تک باطمینان چلے جاتے ہین اسکا لطف زائرین کو ہوتا ہے کہ نصف شب تک جبتک در مقدسہ روضہ مامور رہوتے صحن مبارک مین پکاتے ہین یا باب الہدیہ یا باب الہدیہ یہ نقار خانہ آصفی قیام روضہ جاری رہیگا۔

دوسرا امر حسنات دینی یہ ہوا کہ لکھنؤ مین مومنین برائے نام شیعہ تھے اور اپنی عدم واقفیت سے اعمال عوام خلاف بھی کرتے تھے اسقدر ضروریات مذہب سے آگاہ نہ تھے اور بعض جو ازراہ علم واقف تھے طریقہ ہدایت پند وعظ و جماعت نماز علی رؤس الاشہاد نہ کہہ سکتے تھے ہرچند اپنے ایمان مین کامل تھے یہ ترقی شریعت محمدی کی فقط مرزا حسن رضا خان کی ہمت سے ہوئی اتفاقاً اوسی زمانے مین مرزا جوان بخت شاہزادے بھی مہمان جناب عالی تھے کس واسطے کہ وہ سنّی تھے پہلے نماز جمعہ جماعت مین جناب عالی بھی شریک ہوے جناب غفران مآب سید دلدار علی زیارت عتبات عالیات و تحصیل کتب فقہ امامیہ و اجازت جہاد جناب میر سید علی صاحب طباطبائی لیکر آئے تھے صالحین و مقدسین جو اوس زمانے مین صاحب احتیاط مشہور تھے اونکی صلاح و مشورے سے جناب غفران مآب کا

جانا بھی عتبات عالیات کا ہوا تھا نظر باحتیاط امامت نماز اپنی گوارا نہ کی انکے واسطے تجویز کی تھی وگرنہ جناب غفران مآب مرزا حسن رضا خان کے بیٹے کے معلم تھے غرض غفران مآب پیشوا و مقتدائے مومنین ہوے چنانچہ انکے فیضان صحبت سے بہت سے شیعہ نکلے بہت سے شاگرد رشید ہوے جنکی تعلیم و تلقین سے اکثر جاہل ناواقف اپنے اعمال خلاف سے باز رہے توفیق ہدایت پائی اور رواج درس تدریس و تصانیف ہونے لگا اور تنخواہ احکام مسائل اثنا عشریہ جاری ہوے بعد غفران مآب کے جناب رضوان مآب مسند نشین جمعہ جماعت ہوے جناب سید العلماء عرف میرن صاحب مرحوم درس و تدریس و تصنیف کتب مین سے زیادہ ناموری ہوے جناب میر سید علی مرحوم شرف زیارت عتبات عالیات مین مقیم ہوے وہین دفن ہوے سید مہدی مرحوم چوتھے بیٹے عین شباب مین مرگئے کامل تھے اب زمانہ بزرگان دین سے خالی ہوا صاحبزادہ ہاے جناب میرن صاحب مرحوم اور سید بندہ حسین جو مسند اجتہاد پر ہین بہرحال علمیت ہین اسکے بعد معلوم نہین کیا ہو صاحبان فرنگی محل جتنے بزرگ تھے کامل تھے درس و تدریس مین فریقین نے اونسے تعلیم پائی اب ہان بھی میدان خالی ہو گورنمنٹ سے آٹھ سو روپیہ ماہواری لوا حقان مجتہدین کو ملتا ہو آپس کے اتفاق کی صورت بھی ظاہر ہو۔

اخراج راجہ جھاؤ لال

بظاہر وہ امر عظیم جو باعث ہلاکت جنابعالی ہوا مقتضاے دور عیرت بنا چاری اختیار حکومت اخراج مہاراجہ جھاؤ لال جسے اپنا خیر خواہ نمک حلال دلی سب طرح سے جانتے تھے ۱۲۱۱ھ مطابق ۱۷۹۶ء بہلت خطوط طلب زمان شاہ بادشاہ کابل و سازش سیندھیہ پٹیل و نواب محمد علیخان حاکم آرکاٹ مہاراج و حکام راجپوتانہ وغیرہ سے ہوا اسکا اصل قصہ بھی بہت بڑا ہو کہ کون کون اسکا بانی تھا اور کیونکر یہ راز مخفی حکام عالیشان پر کھل گیا نواب شمس الدولہ ڈھاکہ بھی اس جرم سے گرفتار ہوے اور کئی اشخاص اسکی گواہی مین گئے مثل مرزا ابراہیم خان و مرزا لوا لقاسم خان وغیرہ خلاصہ بعد ثبوت اسناد خطوط مرسلہ لورو بکاری۔ اے بالک رام محرر خطوط صاحب رزیڈنٹ نے ازراہ مصلحت بزبان شیرین جنابعالی سے کہا کہ دشمن سرکار جنابعالی ہمارا دشمن و دوست حضور ہمارا دوست کسواسطے کہ ایسا

ابتدا سے داخل عہدنامہ سرکارین منضبط ہوچکا ہو جنابعالی نے اسکی تصدیق فرمائی عرض کی جھاؤلال رہے بالکل اُم نے چاہا کہ سراسر خیرخواہی سرکار جنابعالی کرین اور ہماری سراسر خیرخواہی جس سے ہماری بنیاد ریاست ہندوستان مین خلل پڑتا یہ خطوط اونکے شاہد حال ہین لہذا حضور ایسے شخص کو ہمارے سپرد کرین کہ وہ ہمارے ملک مین جاکر سے ہم باعزت کھینگے آیندہ اوروں کے واسطے موجب عبرت ہوگا جنابعالی نے معقول ہوکر اسے قبول فرمایا اور بظاہر کوئی پارہ وعلاج باقی نرہا تھا جسے فرماتے سراسر مجبور ہوے۔

خلاصہ مہاراجہ جھاؤلال بحکم سرکارین باعزت مع مال اسباب نقد وجنس اور عزیز واقارب متوسل ملازمین لکھنؤ سے روانہ ہوے اور بحکم گورنمنٹ مقیم عظیم آباد ہوے لیکن جب تک جیتے رہے حکام عالیشان بڑی عزت سے پیش آتے رہے جانتے تھے کہ بڑا خیرخواہ اور نمک حلال اپنے آقا کا تھا ہمسے صاف صاف جو گذرا تھا کہدیا کسی طرح کا فریب نہ کیا اوسدن بھی شہر مین بڑا تلاطم رہا تھا ہر محلے مین ایک ہنگامہ برپا تھا خصوصًا جس محلے سے ملازمین ساتھ جایا چاہتے تھے اور سبکو مقام تحیر بھی تھا کہ موجب بے بسی سرکار ہوا دوسرے ایسے خیرخواہ کا اس بدنامی سے جاتا تیسرے جنکے عزیز واقارب سے مفارقت ہوئی تھی انکا انتقال ۱۲۲۶ھ ہجری عہد دولت خلد مکان مین ہوا۔

غرض جنابعالی نے مہاراج کے جانے سے بمقتضاے غیرت وبے اختیاری ومجبوری ایسا غم وغصہ کھایا کہ عوارض روحانی مین مبتلا ہوے اور خود اسباب عارضہ مہلک کے اختیار کیے کہ جسمین اطباے حاذق مجبور ہوجائین مستقی ہوے چنانچہ ایک ان حکیم شفائی خان سے پوچھا وہ کونسا عارضہ خاص ہو جسمین حکیم لاعلاج ہوجاے عرض کی کھانا کھانے کے بعد نہانا اور اسکی مداومت کرنا جنابعالی نے ہر روز بعد خاصہ طعام کے نہانا دریا کا اختیار کیا اور یہ عبرت ہاتھ آوے یہی وجہ تھی اس پار نہایا کرتے تھے اوس پار دریا کے ہاتھی کی لڑائی ہوا کرتی تھی اور صحبت خاص مین اکثر فرماتے تھے مجھے جینا خود منظور نہین آخر مستقی ہوگئے حکیم شفائی خان تاسف کرتے تھے کہ جناب عالی خود یہ امر اختیار کرینگے۔

ذکر دیوانی راجہ ٹکیت رائے و نصوبی تفضل حسین خان علامہ

بعد نیابت نواب مختار الدولہ و محمد ایلچی خان اور پیشدستی نواب امیر الدولہ حیدر بیگ خان سرانجام کاروبار سرکار نا اہلون کے اختیار مین ہوا باعث خرابی سرکار ہوا اور مداخل خارج جزیات صاحبان عالیشان پر کھل گیا ابتدا اسکی یہ ہوئی کہ امیر کے تقرب خاص ہونے سے ملازم اپنی حد سے گذر جاتا ہی یہی باعث اوسکی خرابی کا ہوتا ہی اس سلطنت خاص مین ابتدا سے یونہین سب لکھتے آئے ہین تا آخر سلطنت بس مہاراجہ جھاؤلال کو بھی تقرب خاص جناب عالی سے ایسا غرور ہو گیا تھا کہ مرزا حسن رضا خان کے سلام کرنے مین بھی کراہت کرتے تھے یعنی ننگ سمجھتے تھے اور مہاراجہ ٹکیت رائے سے بھی عداوت قلبی اس راہ سے کہ یہ بدخواہ سرکار ہی اور خائن ہی انسے مرزا سے موافقت بہت تھی بعد چند روز کے ایسی صورت ہوئی کہ وہ موافقت مبدل بعداوت ہو گئی اسکا قصہ بھی چند در چند ہی خلاصہ ایک ٹن ٹکیت رائے نے فرد حساب پچھتر لاکھ روپی کی جناب عالی کو باقیات اقساط قرضۂ سرکار کمپنی مع سود صاحبان شہر گذرانی جناب عالی زمان نواب امیر الدولہ مین کہ اس سے روسری و دماغ سوزی حساب سے آشنا تھے بسبب خطیر کے ملاحظہ سے برہم ہو کے مہاراجہ جھاؤلال سے فرمایا تم اسے سمجھ لو اونھون نے تامل کیا کہ یہ امر متعلق دیوان سے ہی مجھے دخل نہ دینا چاہیے اسپر بہت خفا ہو کے فرمایا تمھین ہمارے نمک کا پاس نہین اوسوقت مہاراج نے وہ فرد حساب رائے بالک رام اور راجہ بچھراج کو دی اونھون نے صاحبون سے حساب کیا بعد تنقیح گیارہ لاکھ نکالے جب سکا ملاحظہ ہوا راجہ ٹکیت رائے کی خیانت اور مرزا کی غفلت اور مہاراجہ جھاؤلال کی امانت و دیانت و خیر خواہی ثابت ہوئی اور اپنی خود غفلت پر تاسف فرمایا کہ اس لاکھون کے غبن سے ہم خود اہلکاردن کے اعتماد پہ غافل رہے اور مہاراجہ کی نیابت منظور خاطر ہوئی راجہ ٹکیت رائے نے جب یہ حال دیکھا کہ میری آبرو زیری ہو جائیگی مرزا حسن رضا خان کے پاس اپنے عفو جرائم کیواسطے چلے آئے اتفاقاً مرزا اوسوقت بعد نماز کے امام باڑے مین روبرو مجمع ضریح زیارت پڑھ رہے تھے پانوٹن پر گر پڑے عرض کی

مہاراجہ ٹیکیت رائے

Maharajah Tikat Roy

نواب تفضل حسین خان علامہ

Nowab Tafuzzul Hussain Khan

اب میری عزت آپ کے اختیار مین ہو مرزا صاحب مومن کامل تھے رحم دلی پر کام فرمایا انجام کار خیانت سرکار کو نہ سمجھے کہ ایسے خائن سرکار کے ساتھ مین بھی شمول ہو جاؤنگا صریح کے سامنے ہاتھ اوٹھایا کہ اگر نیب مین رہونگا تم بدستور میرے نائب ہوگے خاطر جمع رکھو تمھارے سوا دوسرے کی نیابت قبول نکرونگا چنانچہ مرزا نے چیری صاحب رزیڈنٹ کو سمجھایا کہ آپ سمجھا کر جناب عالی سے خلعت دیوانی نکیت رائے اور بخشیگری فخر الدین احمد خان عرف مرزا جعفر کو دلوا دیجیے الفاقاً دفعتہً چٹھی سرجان شور صاحب گورنر جنرل رزیڈنٹ کے نام آئی کہ تم بنارس جاؤ لمسڈن صاحب بنارس سے تمھاری جگہ مامور ہوے یہ دونون ناکام رہے اسکے بعد ۱۲۱۱ھ مطابق ۱۷۹۶ء مین خود نواب گورنر جنرل دنق افروز لکھنو ہوے بعد ملاقات مقدمۂ نیابت پیش ہوا۔

ایکدن جناب عالی خود مرزا کے سمجھانے کو تشریف لائے اور کمال عطوفت سے فرمایا بھائی مرزا ہماری ایک بات کو مان بوجھاؤ لال کو اپنا نائب کر دیہ تمھاری اطاعت سے کبھی باہر نہوگا وگرنہ تمھین اختیار ہے اوسی وقت موقوف کر دینا مین ضامن ہوتا ہون مرزا کو معلوم نہین کیا خام خیال بد اقبالی سے سما گیا تھا عرض کی غلام نکیت رائے سے قسم کھا چکا ہے بس نام نکیت رائے سنتے ہی بنظر بے غضب فرمایا پرائے گھر پر اتنی حکومت یہ فرما کر سوار ہو گئے نیب نائب دونون معطل ہوے۔

اب مختصر احوال خان علامہ تفضل حسین خان کا یہ ہے کہ جب نواب امیر الدولہ کلکتے گئے تھے یہ جنرل پاٹر صاحب کے نوکر تھے اون دنون مولوی منشی کی اس زمانے کی بہ نسبت زیادہ قدر و منزلت تھی انھین سب طرح سے فہمیدہ کارگزار سمجھکر اپنے ساتھ لے آئے جناب عالی سے خطوط جرائم حاشیۂ اثاوہ کرکے بعہدۂ وکالت کلکتہ روانہ کیا تھا کہ سوا اسکے کہ یہ دستاد و اتالیق نواب امین الدولہ بہادر کے تھے اسی جہت سے نواب گورنر جنرل کے ساتھ آئے تھے مرزا جعفر نسبتی بھائی مرزا کے تھے اور خان علامہ کے شاگرد رشید اس سبب سے فی الحقیقت محرک نیابت مرزا ہوے تھے جب خان علامہ نے گورنر جنرل کی طرف سے مرزا کی نیابت کیواسطے عرض کیا فرمایا لاٹ صاحب سے کہو پہلے آپ کسی نیب کو تجویز کیجیے مین نے اونکے کہنے سے

اپنے ایسے خیر خواہ نمک حلال کو نکال یا اب انھین میری خوشی لازم ہی سنا اگر یہ امر میرے خلاف
ہوا مین کربلاے معلا چلا جاؤنگا لاٹ صاحب امور خانگی سمجھ کے خاموش ہوے خان علامہ
بھی سفارش سے باز رہے۔

اب اشخاص مشخصہ نیابت کو تجویز ہونے لگے پہلے تجویز الماس علیخان ہوئی جناب عالی بھی
راضی ہوے کہ خانہ زاد صاحب مقدور بہادر بھی ہی اتفاقاً لاٹ صاحب نے تحریر لاٹ
کارن وال کو دیکھا کہ الماس علیخان بڑا خائن ہی متدین نہین زنہار کبھی اسکے واسطے تجویز
نیابت نہولاٹ صاحب نے جناب عالی کو یہ تحریر بھیجدی جب کوئی اس عہدۂ جلیلہ پہ نہ ٹھہرا
جناب عالی نے لاٹ صاحب سے فرمایا سوائے تفضل حسین خان دوسرا امیر کے خیال مین نہین آتا
لاٹ صاحب نے جواب یاوہ مرد ملا ہی اپنے مطالب حکمت کتاب سلطنت اقلیم سے بہتر سمجھتا ہی
فرمایا آپ انکو میرے پاس بھیجدیجیے مرزا صاحب خبر نامنظور ہی الماس علیخان سنکر خوش تھے
کہ اب میرے سوا کوئی اور نہوگا خان علامہ کو طلب کیا ہی لاٹ صاحب میری سفارش کر چکے
ہین غالب ہی میری طلب ہو اپنے گھر مین مستعد ہو بیٹھے رفقاے خاص بھی شاداں فرحان حاضر
صحبت ہوے اہل شہر کو یہ نقشہ ہوا کہ اب خان علامہ جناب عالی کے پاس گئے ہین غالب ہی کہ
مرزا کے لینے کو آئین کوچہ و بازار و بام پر آکر بیٹھے خان علامہ حاضر ہوے جناب عالی نے
کمال شفقت سے ہاتھ انکی گردن مین ڈال کے فرمایا اب میری حرمت تمہارے ہاتھ ہی اگر
ہمارا پاس نمک ہی انکار نکرنا فرمایا خلعت لاؤ سرفراز ہوے خان علامہ ہاتھی پر سوار دولتخانہ
سے باہر برآمد ہوے مرزا جو منتظر اس مژدۂ غیبی کے مستعد بیٹھے ہوے تھے مستغرق
حیرت ہوے اہل شہر جو منتظر اس تماشے کے جا بجا بیٹھے ہوے تھے آپس مین طعنہ زن
ہوے کہ واہ خوب وکالت مرزا کی کرکے اپنا کام کیا ہر ایک اپنے الفاظ مصطلحات سے
گویا ہوا انکی زبان کو کون روکے اور اصل حقیقت حال سے ناواقف ہر طرف سے
طعن و تشنیع کا مینھہ برس رہا تھا اسی طرح بھیگتے اپنے گھر پہونچے اکرام اللہ خان انکے
چچا کے بیٹے مرزا کے پاس آکر عذر خواہی کرنے لگے کہ بھائی صاحب کسی طرح نہ مانتے تھے
جناب عالی نے بجبر سرفراز کیا حکم حاکم سمجھکر اسے قبول کیا مرزا نے غصے مین آکر نام کشمیری

وغیرہ سے موسوم کیا رفقاے خاص جو بانکے تھے اونھون نے آوازے کسنا شروع کیا اکرام اللہ خان کو صحن طے کرنا مشکل پڑا مرزا جعفر سے بھی مرزا کو بہت ناگوار گذرا کہ انھون نے رعایت اوستادی ادا کی حق صحبت رسمی سے ہاتھ اوٹھایا جب یہ حال دیکھا کہ اس حاشیہ سے اصل متن غنیمت ہے خان علامہ نے انھین بخشگیری فوج دی مدت نیابت مجموع تو مہینے رہی کوئی کام نیکنامی کا نہوا بلکہ بدنامی شور صاحب کا کہنا صادق آیا کہ وہ مرد ملا ہے اب دو ملا اور شریک ہوے ایک مرزا جعفر دوسرے مولوی علی کبیر دو ملا کی مثل مشہور ہے ایک اور بڑھا اسنے نزدیک بہت دیانت وامانت سے کارگزاری کی جب مرگئے نو لاکھ روپیہ کہان سے پیدا ہوا تھا اور جاگیر تو حق خدمت تھی اکرام اللہ خان نے تین لاکھ روپیہ مشرفی مین کہانسے پیدا کیا تھا بعد انتقال ۶ لاکھ تجمل حسین خان اونکے بیٹے تین لاکھ احتجاج النسا اونکی بیٹی کو ملے سبحان اللہ۔

جنرل سلیمن صاحب بہادر نے تنقیح جاگیر جب شرکاے حقدار خان علامہ جنکا وظیفہ داخل جاگیر تھا نا دہندی شروع کی انصاف سے ہر ایک کا حق دلوایا بیس ہزار روپیہ سال منجملہ جاگیر مقرر کردیا وہی خزانہ سرکار سے بحساب ماہواری ملتا ہے مگر تجمل حسین خان کا ایک حشام امیرانہ جاری رہا اب زمانہ اونکے لڑکون کا ہے۔

اخراجات اہلکاران جناب عالی ۳۶ لاکھ روپیہ سالانہ خرچ نواب میر الدولہ ۲۲ لاکھ ہمارا جہ ٹکیت رائے ۱۶ لاکھ مرزا حسن رضا خان اسپر اپنی فضول خرچی سے تنگ ہوتے تھے قصد کربلاے معلے کرتے تھے جناب عالی قرض ادا کرکے فرماتے تھے انشاء اللہ تعالی ہمارے ساتھ چلنا اور اکثر یہ بھی تنبیہ فرماتے تھے نواب میر الدولہ سے میری غفلت پہ نجانا اگر مین خود مداخل ومخارج پہ متوجہ ہونگا سب برسر حساب ہوجائینگے یہ بات اہلکارون کے اعتماد اور اپنی سیر چشمی وہمت عالی کی راہ سے تھی اور ہر ایک کے اہلکار کا خرچ ہزار روپیہ سالانہ کا تھا اور خرچ فوج سرکار علاوہ اسکے سوائے برکت کے کچھ عقل مین نہین آتا مگر اہلکار سابق بھی مقبول سرکار رہین تھے۔

انتقال جناب عالی

خلاصہ اوسی مرض الموت استسقا سے جناب عالی نے روز پنجشنبہ ۳ بجے دن کو ۲۸ شہر ربیع الاول ۱۲۱۲ھ مطابق ۱۷۹۷ء ماہ ستمبر بدی ماہ کوار سنہ ۱۲ بعد ۵۱ برس سن کے انتقال کیا پہر رات گئے اپنے امام باڑے مین دفن ہوے کفن مرزا حسن رضا خان کے گھر سے ملا کسواسطے کہ کوٹھے حسب دستور سب مقفل ہوگئے تھے ہر گھر سے صدائے شیون بلند تھی ایک نکتہ بیوفائی مال دنیا کا یہ ہو کہ ایسے حاکم کو گھر سے کفن نہ ملا جنازہ بڑی دھوم دھام تجمل سے اوٹھایا سب گریہ کنان ساتھ تھے اونکے رحم و سخاوت و حکم ناطق کو یاد کرتے تھے تفقات کربلاے معلے نقل کرتے ہین کہ اوسی شب جناب میر سید علی صاحب طباطبائی مجتہد نے خواب مین دیکھا کہ ایک جنازہ بڑے تجمل و روشنی سے داخل کربلا ہوا جب پوچھا کہا آصف الدولہ وزیر ہند صبح کو جناب سید نے حاضرین سے بیان کیا بعد ۴ مہینے کے خطوط سے احوال معلوم ہوا مطابق پایا فاعتبروا یا اولی الابصار ارشاد جناب میر علیہ السلام الایا ایہا المغرور تب من غیر تاخیر فان الموت قد یاتی ولا حسرت قارونا مادہ تاریخ (غریب) تاریخ ملا محمد خطامی شستری (ملہنا روح وریحان و جنات نعیم)

ایضاً تاریخ ہندی

ایک ہزار آٹھ سو سمت کا پرمان	سن بارہ سو بارہ ہجری جانت سکل جہان
ربیع الاول اٹھائیس اور جمعہ مدھیان	سدی پریوا کوار کی جب آصف تجو پرآن

صاحبان رزیڈنٹ میجر پھلیر صاحب جان برسٹو صاحب جو پہلے خصومت امیر الدولہ سے لکھنؤ سے موقوف ہوگئے تھے پھر آئے تھے مڈلٹن صاحب جان برسٹو صاحب جان چیری صاحب جنھون نے کوٹھی رزیڈنسی قدیم تعمیر کی تھی مسٹن صاحب۔

نائب نواب مختار الدولہ محمد ایلچی خان نواب سرفراز الدولہ تفضل حسین خان

اس عہد دولت مین فوج اسی ہزار تلنگہ و نجیب سوار تیس ہزار ہمواجب مختلف و غیر منضبط و اہل توپخانہ و شاگرد پیشہ وغیرہ ملازم سرکار و جمع ملک بدستور سوا لاکھ انتظام ہندوستان اب وہی ملک منقسم بریلی گورکھپور وغیرہ جو گورنمنٹ پاس ہے

نسبت زمان سابق فرق زمین و آسمان ہے۔

خرچ جیب خاص کچاس ہزار روپیہ ہوا ری باورچی خانہ ۱۷ سو روپیہ یومیہ کا جسمین ظروف کلی دو سو روپیہ کے آتے تھے قریب دو ہزار ہاتھی جسمین سے سات سو کشتی کے کئی ہزار گھوڑا اصطبل و اشتہائیہ یعنی گنج چارباغ ولایتی اور خنگل کے عربی اون دنون کمیاب تھے اور اسباب کوٹھون کا لکھا روپیہ کا اوس زمانے مین البتہ خرچ محلات کمیاب تھا نواب عالیہ و جناب عالیہ کا اخراجات اونکی جاگیر سے تھے وہ مقیم فیض آباد تھین۔

اوقات شبانہ روز جناب عالی دو ساعت رات رہے خواب سے بیدار ہوکر پہلے قرآن شریف دو رکوع پڑھتے تھے ملا محمد اوستاد سنتے تھے اوسکے بعد نماز صبح اور صحن مین خاک پر بیٹھکر سجدۂ شکر اور کلمات اپنی عاجزی و غربت کے درگاہ خدا مین بہت بخشوع و خضوع فرماتے تھے کہ اعضاے رئیسہ پر جو میرا جسم پائین ناقص ہے یہ رتبہ عنایت فرمایا اگر کسی غریب کے گھر پیدا ہوتا کونسی محنت و مشقت کرسکتا یہ سب معرفت تھی اوسکے بعد سوار ہوچہ یا پالکی جھالردار یا ہاتھی پر ہوتے تھے گھوڑے پر بہت کم چڑھتے تھے عیش باغ چار باغ ہوا خوری کا معمول رہا اور کوچہ و بازار شہر شغل فیل جنگی یا سیر کوبارہ دری چوک مین پتنگ بازی ۹ بجے دربار باقی اوقات لہو و لعب امیرانہ رہتا تھا آرام خاص باہر دولتخانہ مین نواب ہو صاحب سے کبھی مواجہت نہ ہی جیسا دستور زمانہ ہوتا ہر بنائے اخبار زبانی ہرکارہ ہاے خبر جو مینہ سے تھی تحریر پرچہ اور حکم تھا کہ ہم کسی حال مین ہون خبر کو تم بلا واسطہ چلے آیا کرو اس سے داروغہ اخبار کا البتہ فائدہ ہوتا تھا جیسا رلے رتن چندیا اور لوگون کو اخبار سے فائدہ ہوا اکثر تنخواہ عرضی سواری مین دیتے تھے بلا واسطہ از روے انصاف اوسی وقت حکم قطعی ہوتا تھا خصوصاً جب ہرکارہ کی داد خواہی کی پس و پیش اوسی وقت غضب نازل ہوتا تھا ایسے ہی حکم قطعی سے ہرکارہ کی جان قالب سے نکلجاتی تھی اور نہ کسیکی شفاعت سنی جاتی تھی چنانچہ ایسے ہزارون احکامات مشہور ہین۔

بعد انتقال جناب عالی کی قبر پر بھی بڑی رونق رہی ہر پنجشنبہ مجلس کا ہوتا ملا محمد سار وضہ خوان عشرۂ محرم مین بھی امام باڑہ مین بڑی طیاری رہتی تھی مگر نہ اوسقدر جو اونکے زمانے مین

۳ برس تک رہی خود شریک مجلس ہوتے تھے رومی دروازہ کے دوکانداصبح کو اپنی دکان
بے اونکے نام نامی کے نہین کھولتے تھے یا شادی مین اپنے بیٹی بیٹے کے پہلے نذر امام باڑہ مین قبر
پر نہ لائین اس فساد لکھنؤ مین امام باڑہ کیا قلعہ حصن حصین سرکار کے ہاتھ آیا کسی کی خونریزی نہ ہوئی
بلکہ اسی کے وسیلے سے شہدون نے قلعۂ معلی بھون کو لیا یہ بات اور کسی قبر پر نہوئی حسین آباد
امام باڑہ بخف مین ہے کہ لڑائی کا رہا عیان راچہ بیان۔

نقل عہد نامہ نواب آصف الدولہ و نواب گورنر جنرل بہادر

عہد نامجات فیما بین نواب صاحب الاجاہ چارلس ارل کارن والس صاحب بہادر سب
آف ڈی کارٹر مشیر خاص حضور سلطان انگلستان زبدہ نوئیان عظیم الشان گورنر جنرل سپاہ لارا فواج
و دشاہی کمپنی متعلقہ کشور ہند طرف مدار المہام عمدۃ التجار سرکار کمپنی انگریز بہادر اور وزیر الممالک
ہندوستان آصف جاہ نواب آصف الدولہ یحیی علیخان بہادر ہزبر جنگ۔

جب حضور نواب گورنر جنرل بہادر اور نواب وزیر الممالک بہادر عرضیان تاجران آمد و رفت
ممالک قلمرو سرکار کمپنی انگریز بہادر اور سرکار نواب وزیر الممالک بہادر کی متضمن نقصان اور
تکالیف جو باعث لوٹنے محصول اور سررشتہ تحصیل محصول مال سوداگری کے اونھین ہوتا تھا
متواتر گذرین لہذا واسطے رفع ظلمہاے مذکورہ اور رفاہ رعایا کے نواب گورنر جنرل نے سرکار
کمپنی انگریز بہادر کی طرف سے اور نواب وزیر الممالک بہادر نے دفعات ذیل کو منقح کیا جو ہمیشہ مطابق
اوسکے جانبین سے عمل مین آئیگا اور نسلاً بعد نسل قائم و مستحکم رہیگا۔

دفعہ اول نواب صاحب الاجاہ نواب گورنر جنرل بہادر اور نواب صاحب وزیر الممالک بہادر
متعہدین عہود کو آپ اور رعایا اور متوسلان یا اور اشخاص پر ہر قوم اور ملک سے ہو کسی
درخواست کو معاف نکرینگے۔

دفعہ دوم نواب وزیر الممالک بہادر اقرار کرتے ہین کہ بروقت روانگی اجناس اپنے ملک سے
سمت سرحد ملک کمپنی انگریز بہادر دستک پروانجات متضمن تفصیل اور تعداد نسخ اجناس پر
جسپر محصول رفتنی اپنے ملک کا لینا ہو مہر و دستخط اپنے اہلکارونسے دلوائین اور نواب
گورنر جنرل چارلس ارل کارن والس بہادر بھی اقرار کرتے ہین کہ بوقت اجناس ملک

سرکار کمپنی انگریز بہادر سے یعنی صوبجات بنگالہ بہار اور اُڑیسہ و ضلع بنارس سمت سرحد سرکار نواب وزیر الممالک بہادر سے جائیگا دستک پروانجات متضمن تفصیل و تعداد درج اجناس پر جسپر محصول فصلی اپنے ملک کا لیا ہو مہر و دستخط اہلکاردن اپنے کے دلوادینگے۔

دفعہ سوم نواب وزیر الممالک بہادر اقرار کرتے ہین کہ جو اجناس آمدنی اپنے سرحد ملک کی سمت سرحد ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر کی ہو وجہ محصول اوسکی بحساب نرخ مندرجہ دستک سوائہ سرکار کمپنی انگریز بہادر لیجائیگی اور نواب گورنر جنرل بہادر بھی اقرار کرتے ہین کہ جو اجناس آمدنی سرحد ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر کی سمت حد نواب وزیر الممالک سے ہوگی وجہ محصول اوسکی بحساب نرخ مندرجہ دستک سوائہ نواب وزیر الممالک کے لیجائیگی۔

درباب وانگی مال سوداگردن کے جو دریاے گومتی اور گھاگرہ اور راہ خشکی سے ہو۔

دفعہ چہارم جو مال سوداگری ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر سے سمت ملک سرکار نواب وزیر الممالک بہادر روانہ ہوگا محصول ایک مکانات مفصلۂ ذیل مین دیا جائیگا یعنی اگر راہ دریاے گنگ سے جائیگا اوسکا محصول پھول پور مین دیا جائیگا اور اگر راہ گومتی سے جائیگا اوسکا محصول گدھ مبارک پور مین دیا جائیگا اور اگر راہ گھاگرہ سے ہو دوہری گھاٹ دیا جائیگا اور اگر راہ خشکی سے جاے اوسکا محصول کیوری یا میدنی گنج یا چاند پرتاب پور مین یا مئو یا مہاراج گنج مین دیا جاویگا اور اگر راہ سرکار گورکھپور سے جاے محصول دریاے گنڈک یا مکور کپور یا مجھولی یا چلوتاری مین دیا جاے اور بیوپاری یا کوئی اور شخص جسکے مال سوداگری حوالہ ہو ان مقامات مرقوم الصدر مین سے محصول شرح درجات ذیل داخل کرکے دستک روانہ مہر کچہری تحصیلدار سے محصول پائیگا اوسے دستک روانہ مال مذکور بلا اخذ اور نواب کے یا کسی طرح کی مزاحمت حدود نواب وزیر الممالک بہادر مین کیجائیگی مال سوداگری پر جو ملک سرکار نواب وزیر الممالک بہادر سے سمت ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر جہاں راہ تری مواہ خشکی سے لیا جائیگا اوسکا محصول ایک چوکیات مقررہ سے ضلع بنارس مین اور صوبہ بہار مین لیا جائیگا اور دستک روانگی بمضمون مرقوم الصدر مین دیجائیگی اور نواب صاحبان مغفرانجا اس شرط پہ کہ نام چوکیات نواحداث کے ایک دوسرے کو اطلاع دین۔

دفعہ پنجم درباب اجناس بانات و آہن وغیرہ اور تانبا سیسا اور اجناس آہنی و مسی و سربی و طلائی و نقرئی اور ابریشم بھی اور تھانہائے ریشمی اور تھانہائے مخلوط ریشم و سوت رفتنی ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر سے سمت ملک نواب وزیر الممالک بہادر محصول فی صد اڑھائی روپیہ بموجب نرخ مندرجہ دستک روانگی سرکار کمپنی انگریز بہادر نواب وزیر الممالک بہادر کو دیا جائیگا۔

دفعہ ششم باب دستک روانگی نمک مین نمک رفتنی ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر سمت ملک نواب وزیر الممالک بہادر محصول فی صد پانچ روپیہ موافق نرخ دستک روانگی نوشتہ کے ایک چہ کہات مقرری مین ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر مین نواب وزیر الممالک کو دیا جائیگا۔

دفعہ ہفتم باب روئی مین روئی جالون یا حیدر نگر یا امراوتی یا ناگپور یا اور ملک متعلقہ دکھن سے اگر راہ ملک سرکار نواب وزیر الممالک سے ہو کر ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر مین جائیگی محصول بحساب فی صد حسب مقرری چھ روپیہ فی من کہ سیر ۸۲ روپیہ سکہ کا ہو سرکار نواب وزیر الممالک بہادر مین دیا جائیگا اور دستک روانگی عدم مزاحمت کی سرحد ملک نواب وزیر الممالک بہادر تک مقام تحصیل محصول سے دیا جائیگا اور جسوقت روئی مذکور سرحد ضلع بنارس مین پہونچے گی محصول بحساب فیصد اڑھائی روپیہ موافق قیمت مرقوم استعدر دینا ہوگا اور درصورتیکہ راہ عمل بنارس سے نجائیگی بروقت پہونچنے صوبہ بہار مین محصول بحساب فیصد حسب نرخ مذکور کے دیا جائیگا۔

دفعہ ہشتم تھانہائے سوتی ریشمی مخلوط ریشم و سوت رفتنی ملک نواب وزیر الممالک بہادر سے سمت ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر محصول بحساب فی صد اڑھائی روپیہ موافق نرخ مندرجہ دستک روانگی سرکار نواب وزیر الممالک بہادر کو دیا جائیگا اور جبکہ مال مذکور ضلع بنارس سے آئیگا محصول مذکور ایک مقامات مقرری ضلع مذکور مین لیا جائیگا اور بروقت پہونچنے صوبہ بہار مین اہلکاران تحصیل محصول دستک روانگی بلا محصول مشتملہ واگذاشت ہر چہار صوبجات جنگالہ بہار اڑیسہ دینگے اور درصورتیکہ مال مذکور ضلع بنارس سے

باہر ہو کر صوبجات مذکور مین آئیگا اوسکا محصول فیصد اڑھائی روپیہ فی قیمت مرقوم الصدر چونکی اول صوبہ بہار مین تحصیل کیا جائیگا۔

دفعہ نہم رقم مال سوداگری پر جو دفعات مرقوم الصدر مین مندرج نہین ہوا اگر ملک متعلقہ نواب صاحبان متہدان معزالیہما سے جائیگا محصول بحساب فیصدی موافق نرخ مرقومہ وستک دانگی ملک مفتضی دیا جائیگا یعنی اگر مال مذکور ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر سے ملک سرکار نواب زیرالممالک بہادر مین جائیگا اہلکاران نواب زیرالممالک بہادر محصول مسطور ایک مقامات مذکور دفعہ سوم مین لینگے اور اگر مال مذکور ملک سرکار نواب وزیرالممالک بہادر سے ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر مین جائیگا محصول بحساب فیصد اڑھائی روپیہ چونکی اول ضلع بنارس مین اور چونکی اول صوبہ بہار مین بھی اڑھائی روپیہ دیا جائیگا اور مال مذکور عمل ضلع بنارس سے باہر ہو کر صوبجات بہار یا بنگالہ یا اوڑیسہ مین آئیگا محصول فی صدی رچونکی اول بہار مین دیا جائیگا۔

دفعہ دہم مال جو صوبجات بنگالہ بہار یا اوڑیسہ سے اضلاع بنارس مین سمت ملک سرکار نواب زیرالممالک بہادر جاوے اور محصول آمدنی بموجب نرخ اور سررشتہ مندرجہ دفعات مرقوم الصدر سرکار نواب زیرالممالک بہادر مین دیکر اگر کسی گنجیات یا بازار متعلقہ سرکار نواب ذوالممالک بہادر بھیجا جائے محصول معمولی اوس گنج اور بازار کا اوسپر لیا جائیگا لیکن اگر خریدار مال مذکور نے اوس ارادے سے لیا ہو کہ نواب زیرالممالک بہادر کے ملک سے باہر لیجا کر بیچے اور ملک نواب زیرالممالک بہادر مین نہ بیچے کسی طرح محصول گنج اور بازار کا نہ لیا جائیگا کاریردازان اوس گنج کی پشت وستک دانگی پر دستخط اپنے کر کے جاری کرینگے اور حوالہ شتری کرینگے کہ مال مذکور سرحد ملک سرکار نواب وزیرالممالک بہادر سے بلا مواخذہ باہر لیجاوے اگر احیاناً اوس مال کو خریدار بعوض کیواسطے ملک سرکار نواب زیرالممالک بہادر مین کسی گنج یا بازار مین بیچے محصول فروخت موافق معمول اوس گنج یا بازار کے دیگا اور یہی طریق اوس مال کے واسطے ہوگا جو ملک سرکار نواب زیرالممالک سے سرکار کمپنی انگریز بہادر کے ملک مین جائیگا محصول آمدنی بموجب نرخ سررشتہ مندرجہ دفعات مرقوم الصدر سرکار کمپنی انگریز بہادر سے دیا جائیگا اور اگر کسی گنج یا بازار سے سرکار کمپنی انگریز بہادر مین

بھیجا جائیگا محصول اوس گنج کا اوس مال پر بموجب تفصیل شرائط مرقوم الصدر تحصیل کیا جائیگا اور حساب نرخ معمولی سے زیادہ نہ لیا جائیگا اور بدون استرضائے سرکار نرخ قدیم اضافہ نہ لیا جائیگا۔

دفعہ یازدہم اگر کوئی اجارہ دار یا زمیندار یا تحصیلدار مال یا جاگیردار یا اور اہل معافی زمین سے مال پر جو ملک سرکار مین جاے بموجب نرخ کے جو دفعات مرقوم الصدر مین لکھا ہو محصول دستک روانگی لے لیوے تو بجہت لینے محصول کے واسطے تقصیر اول کے فی روپیہ بیس دوپیہ جرمانہ لیا جائیگا اور سزا دوسری کیواسطے فی روپیہ چالیس دوپیہ لیا جائیگا اور تقصیر تیسری کے واسطے اگر وہ شخص اجارہ دار یا تحصیلدار مال ہو فیصد دس روپیہ لیکر عہدے سے موقوف کیا جائیگا اور فی روپیہ سو روپیہ جرمانہ بھی لیا جائیگا اور بصورتیکہ وہ جاگیردار یا زمیندار یا معافی دار زمین ہو زمین متعلقہ اوسکی ضبط ہوگی اور کوئی تحصیلدار محصول وجہ محصول کی مال مذکور پر نرخ دفعات مرقوم الصدر سے بڑھائیگا اوسکی سزاے تقصیر اول فی روپیہ دس روپیہ جرمانہ لیا جائیگا اور خدمت سے موقوف ہوگا اور مظلومون کی دو روپیہ زیادہ سررشتہ سے دیا ہو جرمانہ مذکور سے واپس ہو جائیگا اور شنوائی اوسکی جس قدر جرمانہ حق معاوضۂ مظلومون سے مناسب جانین دونون سرکار کو اختیار ہے۔

دفعہ دوازدہم اگر کوئی شخص بعد دینے محصول کے قصد کرے لہذا اقرار دیا کہ سودا گر جنسے محصول دیا اور دستک روانگی اور کسی مقام تحصیل سے قصد آگے جانیکا کرے محصول وچند اور دس سے لیا جائیگا اور نواب صاحبان متعہدان سفر ایسا اقرار کرتے ہین کہ حکمنامہ مشتمل تاکید پر دینے محصول کے اور لینے دستک اور پروانجات کے موافق مضمون تحصیل الصدر کے مقدمات سرحد سے چوکی مقرری پر بنام بیوپاریان ممالک قلمرو جاری کرینگے لیکن مضمون دفعہ ہذا محصول بازار و گنج جو بموجب تفصیل نرخ دفعہ دوسرین کے ہو بروقت پہونچنے اجناس کے گنج تحصیل لیا جائیگا۔

دفعہ سیزدہم باب مقرر محصول اوس جناس پر جو ایک کے ملک مین پیدا ہو کر اوسی ملک مین خرچ ہوتی ہو اور اجناس اپنے ملک کی رقتنی اور آمدنی پر بھی دوسرے ملک سے

جو عمل نواب صاحبان متعہدان معز الیہما مین نہوتی ہو سوا ارد ئی آمدنی دکسن وغیرہ کے اور رفتنی ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر کے جو نواب زیر الممالک بہادر اوسکا محصول بمضمون دفعہ سابقہ کے لینگے اوسکا اختیار دونون سرکار کو اپنے ملک مین ہو۔

دفعہ چہاردہم درصورت مناقشہ فیما بین تجار ملک طرفین مین از روے دستور العمل اور قوانین ملک سکن مدعا علیہ قضایا ے مذکور انفصال پائینگے اور درصورتیکہ مدعا علیہ سکنہ ملک کمپنی انگریز بہادر سے ہو تو اختیار مدعی کو ہو کہ اپنا دعوی معرفت وکیل نواب زیر الممالک بہادر جو حضور نواب گورنر بہادر مین حاضر رہتا ہو ظاہر کرے اور نواب گورنر جنرل بہادر واسطے تجویز اور انفصال دعوی مذکور کے عدالت دیوانی اوس ضلع مین جو مقام تنازع فیہ یا سکونت گاہ مدعا علیہ ہو سپرد کرین اور اس طریقے سے درصورتیکہ مدعا علیہ سکنائے ملک سرکار نواب وزیر الممالک بہادر سے ہو یا خبار مدعی کے ہو اپنا دعوی معرفت اوس صاحب کے جو نواب گورنر جنرل بہادر کیطرف سے نواب زیر الممالک کے حضور مین حاضر رہتا ہو اظہار کرے نواب وزیر الممالک بہادر کو اختیار ہو کہ مقدمہ مذکور اپنے اہلکارون مین سے کسی تعین کے تفویض کرین اور نواب صاحبان معز الیہما اقرار کرتے ہین کہ اگر عملہ سائر اور زمینداروں وغیرہ جو شخص کہ ممالک متعلقہ ایک دوسرے کے رہنے والون مین سے ہو اور کسی وجہ سے تاخیر اور بیوپاریون پر خلاف اس عہدنامے کے عمل کرے پس جس شخص نے تعدی کی ہوگی اختیار اوس شخص کو ہو کہ بموجب سرشتہ مرقوم المعدد احوال اپنا ظاہر کرے۔

دفعہ پانزدہم یہ عہدنامہ ملک ر بیلکھنڈ عرف کٹیہر سے کسی طرح تعلق نہین رکھتا اور نواب وزیر الممالک بہادر تحصیل محصول مین بموجب سرشتہ قدیم یا در باب اضافہ یا تخفیف در وجہ محصول علاقہ ملک اپنے مین حسب مزاج اختیار رکھتے ہین۔

دفعہ شانزدہم نواب وزیر الممالک نے واسطے شامل کرنے ضلع فرخ آباد کے اس عہدنامے سے نواب مظفر جنگ کو راضی کیا کہ اگر کچھ واسطے موقوف کرنے تحصیل محصول کے علیحدہ روئی آمدنی ملک دکسن وغیرہ ہر سمت ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر اور مال سوداگری آمدنی پر جو ملک سرکار کمپنی انگریز بہادر سے نقصان نواب مظفر جنگ بہادر کو

شامل عہدنامہ مذکور کیا جھی اوس علاقے کی اس عہدنامہ ملک نواب مظفر جنگ بہادر پر شمول ملک نواب وزیر الممالک بہادر منظور ہو۔

تاریخ یکم ستمبر ۱۷۸۸ء مطابق ۲۹ ذیحجہ ۱۲۰۲ ہجری قابل اسکے اگر متعاقدین و موکد طرفین یہ عہدنامہ جاری اور کام آئنگا دسوین شوال ۱۲۰۳ھ مطابق ۱۵ جولائی ۱۷۸۹ء۔

نواب میرزا وزیر علیخان

VAZEER ALI KHAN

نمبر ۱۴

مسند نشینی مرزا وزیر علیخان مستعار بی ثبات

حب جناب عالی نے نواب گورنر جنرل سرجان شور صاحب بہادر اور صاحب رزیڈنٹ سے مرزا وزیر علیخان کو اپنا نام نامی ارشاد فرمایا تھا بطیب خاطر قبول و منظور کیا تھا اگر کسی طرح کا دغدغہ ہوتا یا وسوسہ سماعی تو سکوت کرتے یا بالمشافہہ بیان کرتے مگر یہ کہ موقوف بر وقت رکھا جسطرح حضرت خلد منزل نے تبصریح جنرل لو صاحب سے فرمایا حضرت جنت مکان سے جنرل موصوف نے باب مصطفے علیخان مین پوچھا یہ بھی اکثر خواص کو معلوم ہو ورنہ اولاد اکبر وہی تھے خلاصہ تہنیت نامہ مبارکباد مسند نشینی نواب گورنر جنرل نے جو بھیجا سرکار شاہی مین موجود تھا۔

غرض بعد انتقال جناب عالی جب لمسڈن صاحب رزیڈنٹ واسطے انتظام کے مع بالن ولتخانے کو آتے تھے فوج سرکار دورویہ دولتخانے سے حسن باغ مچھی بھون تک کھڑی ہوئی تھی روکا فرمایا کہ ہم واسطے بندوبست کے جاتے ہین افسران فوج نے کہا مگر یہ فوج کسی غنیم کی ہے تفضل حسین خان نے عرض حال ہو بیگم صاحبہ سے کیا محرم علیخان اور جواہر علیخان نواب ناظر آئے اور صاحب رزیڈنٹ کو لیگئے جناب عالیہ نے پیام بھیجا کہ اسوقت میری نظر مین جہان تیرہ و تار ہے تم وارث اس ریاست کے ہو جسے مناسب سمجھو مسند نشین کرو مرزا جنگلی مرزا مینڈو وغیرہ کچھ سمجھکر با اسلحہ آئے تھے میر محمد علی وغیرہ حاضرین کہتے تھے کہ صاحب رزیڈنٹ نے پکار کے ارشاد کیا کون مسند نشین ہوگا سوا اوسکے جسے وہ خود کر گیا ہے یہ سنکے صاحبان ارادہ بجاے خود رہگئے۔

مرزا وزیر علیخان پنج محلہ مین اپنے مکتب سے حسب الطلب نواب ناظر محمد تحسین علیخان کے بوجے مین سوار پہلے آچکے تھے ننگے سر گریبان دریدہ پائین نعش مرحوم کھڑے رو رہے تھے جواہر علی خان نے اوسوقت حسب الحکم بیگم صاحبہ دوشالہ سبز جو پلنگ مرحوم پر پڑا تھا اوسے انکی گردن مین ڈالدیا باہر آئے حکم شلک توپ و منادی شہر ہوا حاضر الوقت عزیز و اقربا ملازمین نے نذر دی بھائی بقیے بامید سو ہوم خیالی صاحب رزیڈنٹ کے کلام سے مایوس ہوکر پھر گئے جناب عالیہ جو مالک مختار تھین کچھ امتیاز حق و باطل نکیا

محمول صاحب رزیڈنٹ پر رکھا یہ ریاست خداداد بر بنا شقاوت شخص غیر کو ہوگئی صاحبان انصاف نے مصلحت وقت سمجھکر سکوت کیا کچھ مداخلت نکی کسواسطے کہ غیر مستحق سے ریاست لے لینا دشوار ہے الزام وحیلہ سے ممکن ہوا اور مستحق کو غیر مستحق سے لیکر دینا وہ محکوم اور احسانمند ہوجاتا ہے اسکا احوال اپنے مقام پر آجائیگا غرض رسوم موافق معمول اہلکاران دولتخواہ سرکار بمراتب خلعت ہوے ۔

کردار ناہموار مرزا وزیر علیخان و برہمی ریاست چندروزہ

پانچ مہینے کئی دن کی مدت ریاست مین جو چلن مرزا وزیر علیخان نے اختیار کیا بالکل خلاف داب و دستور و روش ریاست تھا اونکے مصاحب خاص ہر ایک انتخاب زمانہ تھے اصل بدمعاش کوتاہ اندیش جمع ہوے تھے اگر ان سب کے حرکات ناشائستہ اور لغویات باطل کو لکھین تو فضول ہو محمد اکبر بادشاہ دہلی بارہ برس کے سن مین تخت نشین ہوا مگر ارکان دولت کو دیکھیے کون کون منتخب زمانہ تھا نواب خان خانان ابوالفضل فیضی بیربل ٹورل مل موجد حساب ٹیجر وغیرہ تھے ارکان دولت کی وجہ تسمیہ یہ ہو کہ جب کن مضبوط و مستقل ہو تو عمارت عالیشان بھی مستحکم ہوتی ہو اور جہان ایسے ارکان جمع ہون تو پھر قیام عمارت کہان سے ہو خلاصہ جب ارکان دولت نے یہ حال دیکھا ہر شخص اپنی آبرو اور مال سے خائف ہوگیا الاعوام سپاہ و جاہل انجام کار فقط شجاعت و سخاوت اور نام نامی جناب عالی جانکر گرویدہ تھے خصوصاً ارباب نشاط اور یہ سب کے سب غافل یفعل اللہ ما یشاء و یحکم ما یرید سے تھے اب فی الجملہ سنیے بعض حرکات ناشائستہ کو ایک دن چار اسامیان صاحبات محل سے جو بنام نامی جناب عالی تھین پسند کرکے اپنے تصرف مین لائے اور تصرف جناب عالی کا حال معلوم تھا اسکا چرچا زبان زد خلایق ہوا نواب ناظر اور بعض قدیم نمکخوار نے عرض کیا کون سنتا تھا پس مختصر یہ ہو کہ نواب ناظر محمد تحسین علیخان جو انکا محسن مسند نشینی کا ہوا تھا ایسے حرکات لاطائل اور ہر روز طلب اشیاے بیش قیمت اور کمیاب اور اوسکے نا اہل کے دینے سے اور طلب اسامی صاحبات محل سے بہت عاجز آیا تھا اور اوسکی عدم رسی کے سمجھانے سے اور بسبب خفا ہونے بے محل کے خوف اپنی آبرو کا

ہوگیا تھا ایک دن کسی بہت عمدہ چیز کو طلب کیا اونھوں نے اوسکے بھیجنے مین تامل کیا برہم ہوکر فرمایا پکڑ لاؤ مین یا دس نمکحرام کی آج تاک کاٹ ڈالونگا نواب ناظر خائف و ترسان ہوکر وقت ٹھیک دوپہر تھا سفر سوا اسکے کچھ خیال مین نہ آیا بسرعت تمام خان علامہ کے پاس چلے آئے پانوں پر گر پڑے کہ آج عزت و جان کسی صورت سے نہین بچتی خانصاحب نے اوسی وقت اپنی بارہ دری کے کوٹھے پر بھیجدیا مین منظر کمیدان اور کئی شخص معتمد حفاظت کو کردیے مرزا وزیر علیخان مثل درآتش غضب ہوکر لاٹھی کے پاٹھے پر سوار ہو خود ہولتے ہوے داخل خانہ خان ہوکر فرمایا اوس نمک حرام کو لاؤ عرض کی آپ کے سر کی قسم یہان نہین ہے جب ہرکارہ اخبار کا مقابلہ ہوا عرض کی تعجب ہے کہ حضور کو غلام کی قسم کا اعتبار نہین اس تین روپے کے پاجی کے کہنے کا اعتماد ہے یہ سنکے اوسی غصے مین پھر آئے خان علامہ اپنی عقل و حکمت عملی کے نزدیک ایسے طفل جاہل و نادان کی باعث فروغ و اختیار کلی سمجھے ہوے تھے مگر اس فتنۂ خوابیدہ سے غافل تھے۔

بعد اسکے خان علامہ نے نواب ناظر کو زنانے میانے مین سوار کر بمعیت محمد اسحاق خان منشی بخشی آر صاحب رزیڈنٹ کے پاس بھیجدیا صاحب موصوف نے بعد دریافت حقیقت حال مرزا خلیل کے بنگلے مین بھیجدیا ہرکارے نے جب یہ خبر پہونچائی مرزا وزیر علیخان نا عاقبت اندیش اوسی طرح پر غضب صاحب رزیڈنٹ کے پاس چلے گئے صاحب موصوف نے پہلے بہت بہ آشتی و دلجوئی سمجھایا کہ وہ خانہ زاد سرکار ہے کہان جائیگا آپ کے عتاب سے بخوف آبرو چھپ رہا ہے جب رفع ملال خاطر ہوگا حاضر ہوگا جب اسپر بھی بدرشتی اصرار کیا فرمایا یہ ہمارا گھر نہین بلکہ سرکار کمپنی کا گھر ہے اگر ہم پاس خاطر اوسے اسی وقت حوالہ کردین اور پھر ہماری سرکار سے اسکی بازپرس ہم سے ہو تو ہم کیا کرینگے یہ امانت حضور ہمارے پاس ہے جبتک حکم صدر نہین پہونچے یہ سنکر مایوس ہوکر چلے آئے اب فقاے خاص نے سبکو نمکحرام ٹھہرایا کہ وہ ہین وہ ہین خصوصاً جتنے اہلکار قدیم ہین سب بدخواہ حضور ہین اور خیرخواہ و متوسل انگریز بہادر ہر ایک نمکحرام کے نام پر چورنگ بھی تلوار کا ہونے لگا کہ مین اوس دب اکبر نمکحرام پر تلوار مارتا ہون۔

گرفتاری مرزا وزیر علی خان

القصہ جب سر جان شور صاحب گورنر جنرل کو یہ اخبار متوحش متواتر پہونچے تحریرات صاحب رزیڈنٹ اور غرائض خان علامہ سے سمجھے کہ مبادا کوئی فساد عظیم برپا نہو کسواسطے کہ سب فوج حاکم وقت سے موافق ہو اصلاح کرنا ضرور ہو کلکتے سے بنارس تک بدریا تشریف لائے وہان سے انداہ خشکی جونپور چاندیسے ہوکر داخل لکھنؤ ہوئے مرزا وزیر علیخان حسب دستور چاندہ و پرتاب گڈھ تک بڑی دھوم دھام سے استقبال کو گئے نواب گورنر جنرل کے ساتھ ایک کتب فوج تھی راہ مین رعایا زمیندار وغیرہ کو دعا گو ہو مرزا وزیر علیخان پایا اور اپنی سرکار کے خلاف اس جہت سے فوج کو راہ مین قدغن تھا کہ کسی زمیندار یا رعایا سے قصور بھی ہو جاے تو مال دینا بہاوا راہ مین فساد ہو جاے اور بالاتفاق سب طعن و تشنیع نمک حرامون اور خان علامہ پر کسی۔

غرض بعد تعارفات معمولی ارکان دولت جو بانی مبانی بیخ کنی اس ریاست مستعار کے ہوے تھے نواب گورنر جنرل سے سب نے مشروحاً عرض حال کیا فرمایا بظاہر یہ امر بہت دشوار ہو اور کیونکر ہیچ ثابت و متحقق ہو جاے کہ وزیر علیخان نطفۂ نواب سے نہین ہو کسواسطے کہ ہمسے خود جناب عالی نے اوسکے نبوت کا اقرار کیا ہو اور ہمارہی اجازت سے اوسی اپنا قائم مقام کیا ہو نواب ناظر نے عرض کیا اسکی تحقیق نواب بہو صاحبہ سے خاص محل جناب عالی سے ممکن ہو اور نواب ناظر نے خود اپنا اظہار دیا کہ فقط برادران علی خان نطفۂ نواب سے ہوا تھا وہ صغر سنی مین مر گیا باقی اور اولاد بنام نامی امارت اور نواب بہو صاحبہ نے پس چلمن سے خود کہا کہ کبھی تسلط نواب جیسا کہ شوہر دنیا کا ہوتا ہو نہین ہوا ان دو گواہون سے تحقیق ہو چکا بعد اسکے نواب گورنر جنرل نے اپنی رفع بدنامی کو ایک محضر استشہاد لکھا جسپر حسب ارکان دولت عزیز و اقربا دستخط و شریف مہر کرین کہ حجت و سند کامل ہو جاے۔

بعد اسکے نواب گورنر جنرل بحیلۂ تبدیل آب ہوا مع فوج کوٹھی بی بی پور مین تشریف لے گئے اس خیال سے کہ فوج سب موافق ہو اگر شہر مین صورت فساد ہوئی سب ادا

رعایاے بیگناہ کا خون ناحق ہو چلے غرض جب نواب محتشم الیہ مقیم خیام ہوے عوام مین یہ خبر مشہور ہوئی کہ نواب گورنر جنرل خفا ہو کر چلے گئے ہین چار و ناچار مرزا وزیر علی خان اور سب ارکان دولت مع نواب عالیہ و جناب عالیہ تشریف لے گئین ادھر بھی فوج کثیر جان نثاری پر موجود تھی اوس زمانے مین مردم سپاہ کو البتہ بہت تمیز تھی اپنے تئین جان نثاران ریاست سمجھتے تھے۔

نواب گورنر جنرل نے ازراہ مصلحت وقت و بخاطر مرزا وزیر علی خان خلعت نیابت نواب سرفراز الدولہ کو اور خلعت دیوانی مہاراجہ ٹکیت رائے کو دیا بظاہر دلجوئی نواب و رخان علامہ سے نیابت بھی موقوف کی بعد اسکے ان دونون سے فرمایا کہ تم نمک خوار و خیر خواہ قدیم اس ریاست کے ہو چاہیے کہ تم بھی غیر مستحق کو نہ چاہو گے کہ سرکار مین تمھارا موجب وثوق نیکنامی و خیر خواہی ہو گا دونون نے بدل منظور کیا اور عرض کی کہ ہم بہر صورت تابع فرمان ہین فی الحقیقت اس سرکار کے حافظ و حامی و حق شناس آپ ہین پھر محضر انھین لیا کہ سب وضیع و شریف شہر کی اسپر ابطال نبوت مرزا وزیر علیخان اور استحقاق مسند نشینی نواب یمین الدولہ سعادت علیخان بہادر مندرج ہو کسواسطے کہ یہ اولاد اکبر نواب شجاع الدولہ بہادر مستحق وزارت آبائی کے ہین۔

ایک دن نواب گورنر جنرل نے دربار عام کیا جتنے امراء اقربا ارکان دولت تھے حاضر ہوے حکیم میر احمد علیخان وغیرہ متوسلین مرزا جعفر و سرفراز الدولہ کے کہتے تھے کہ ہما راخیمہ سامنے دروازہ کوٹھی کے تھا دربار مین بڑا بندوبست تھا فوج گورا و ہندوستانی احاطہ کوٹھی مین و رویہ آراستہ کھڑی ہوئی تھی جو داخل دروازہ ہوتا تھا پھر دروازہ بند ہو جاتا تھا کہ ہجوم عام نہ آنے پائے نواب گورنر جنرل درجہ اول کوٹھی بالاخانہ پر تشریف رکھتے تھے درجہ دوم مین سب اہل دربار تھے صاحب سکرٹر اعظم نے وہ محضر پیش کیا کہ باتفاق سب سپر مہر کرین ہر ایک نے موافق اپنی منزلت کے عذر ہا روپیہ پیش کیا جب مہرین نواب عالیہ و جناب عالیہ اور نواب بہو صاحبہ نواب ناظر محمد تحسین علیخان و محمد آفرین علیخان و نواب شرف علیخان و خان علامہ کی دیکھین مجبور ہو کے سب نے مہر کی صبح سے ۳ بجے تک مرحلہ طے ہوا رخصت ہو کے

باہر نکلے ہر ایک سرگرمیان ہوکے اپنے خیمے کو چلا گیا۔

بعد اسکے وزیر علیخان کی طلب ہوئی بڑے تزک سواری سے داخل کمرہ ہوے صاحب سکرٹر نے وہ مخفر دکھا کر کہا کہ نواب گورنر جنرل فرماتے ہین کہ ہمارا تمھین کچھ قصور نہین لیکن ازبسکہ ہم حامی و حافظ اس ریاست کے ہین چاہتے ہین کہ جو مستحق ریاست کو ملے غیر مستحق نہو اور سوائے اس امر خاص کے آپ بہر حال ہمسے مطمئن ہین اس سے زیادہ آپ کا حفظ مراتب ملحوظ رکھینگے اور ہر حال مین آپ کے حامی و محافظ رہینگے اور جو مال و اسباب آپ کا ذاتی ہو اوسکا کوئی مانع نہوگا اور اب آپ کا اس شہر مین رہنا بھی مناسب نہین بنارس مین باطمینان فارغ البال ہوکر رہیے ۳ لاکھ روپیہ سالانہ بواسطہ صاحب رزیڈنٹ ملا کریگا مرزا وزیر علی خان یہ سنکر آبدیدہ ہو رخصت ہوے سیدھے بہو بیگم صاحبہ کے پاس چلے گئے عرض کی مجھے آپ سے فقط اتنی شکایت ہوکہ بالفرض مین نواب صف الدولہ کا بیٹا نہ تھا اونکا غلام تو تھا آپ کی اطاعت کوئی مجھسے زیادہ نکریگا جناب عالیہ ازبسکہ عاشق اپنے بیٹے کے نام کی تھین رونے لگین فرمایا کہ اگر فقط میری مُہر سے تمھین مسند نشینی ملے موجود ہو بعد اسکے وزیر علی خان اپنے خیمے مین آئے بیگم صاحبہ سے بھی سبب ناگواری یہ ہوا تھا کہ نواب ناظر جواہر علیخان نے انکی محل مین جانے کی ممانعت کردی تھی اسکی وجہ یہ تھی کہ وزیر علیخان کسی بوبو کی لے پالک کو اپنی خدمت مین لائے تھے بیگم صاحبہ کو بہت ناگوار گذرا تھا وزیر علیخان کی جھنجھلاہٹ کے نواب ناظر نے محل مین جانے کی ممانعت کردی تھی۔

نواب گورنر جنرل کو پھر خبر پہونچی کہ وزیر علیخان کے پاس ہزارہا جان نثار سرفروش جمع ہوے ہین ایسا نہو سوار ہوکر شہر مین چلے جائین پھر بہت مشکل پڑے گی اس جہت سے دوبارہ طلب فرمایا جب سوار ہوے ڈنکہ سواری کی خود ممانعت کی عبدالرحمن خان رسالدار قندھاری نے گستاخانہ عرض کیا ہم جان نثار حاضر ہین حضور اسوقت نہ جائین دغا ہو نواب اشرف علیخان نواب قاسم علیخان جو مقرب خاص تھے عرض کی بلکہ نہ جانے مین بنا کام بگڑ جائیگا رسالدار نے عرض کی ہم اپنے حق نمک سے ادا ہوگئے اوسی وقت سیدھے مع رسالہ خالصپور چلے گئے وزیر علیخان جب داخل کمرہ ہوے سکرٹر نے فرمایا اب حضور کا یہین تشریف رکھنا

مناسب ہی گورنر نے آکر پہرے مین کرلیا گارد ملنگہ نے جو باہر پھاٹک کے تھا اہتمام کرکے جلوس سواری کو ہٹا دیا دفعتہ لشکر مین خلل ہوا نواب قید ہوگئے ایک چوبدار نے پھاٹک پر آکے پکار کے کہا نواب صاحب کا پلنگ لاؤ بس اس صدائے صورسرافیلی سے لشکر مین ایک تلاطم ہوا اور انگریزی پہرے ناکہ شہر تک پھیل گئے نواب شرف علیخان نواب قاسم علیخان بظاہر صاحب وقت بدا اور وضعداری سے بھی حاضر رہے اور باطن مین گو بندۂ سرکار تھے سرکار بھی انسے مطمئن تھی اگر کسی طرح کا کھٹکا ہوتا تو کاہیکو رہ سکتے اسی خیرخواہی سرکار انگریزی سے اور نمکحرامی اپنی سرکار سے نواب گورنر جنرل نے بمضمون واحدان چارون یارغار یعنی نواب شرف علیخان نواب قاسم علیخان محمد تحسین علیخان محمد آفرین علیخان کو چٹھیان عنایت فرمائین کہ یہ چار اشخاص مشخصہ خیرخواہ کمپنی ہین حفاظت انکے جان و مال و عزت کی سرکار کو لازم ہی جب سے یہ لوگ خیرخواہ کمپنی کے نام سے مشہور ہوے انمین سے تین کا پنشن سرکار عالیہ سے جاری ہوا سوائے پنشن محمد آفرین علیخان کے خواہ ناموافقت اہلکاران شاہی یا نافہمی متوسلین خان موصوف سے رہ گیا۔

غرض وہ شب بھی عجب اضطراب پریشانی مین تمام لشکر پر گذری مگر نواب گورنر جنرل نے کس خوبی سے انتظام کیا کہ باوجود اس کثرت فوج اور موافق ہونے حاکم وقت سے کسی نے سر نہ ہلایا مرزا ابراہیم بیگ داروغہ توپخانہ اس ہنگامے مین سرفروشی پر موجود تھے عبدالرحمن خان قندھاری وغیرہ نے محضر پر مہر کی عذر کیا کہ ہم سپاہی ہین جو حاکم ریاست ہو ہم اوسکی اطاعت کرین ہماری مہر سے کیا کام نکلے گا انھین کے بھروسے پر مرزا جنگلی صاحبزادے نواب شجاع الدولہ نے امیدوار منصب زارت ہوکر بیگم صاحبہ کے پاس حاضر ہوکے اپنا مطلب عرض کیا تھا کہ آپ بھی شریک ہون تو میرے واسطے سند مستحکم ہوجاے مگر وہ راضی نہوئین یہ بھی اپنے ارادے سے باز رہے اسی وجہ سے نواب یمین الدولہ بہادر نے پہلے مرزا ابراہیم بیگ سے تو پنجانہ لیکر انتظام الدولہ مظفر علیخان کو دیا اور مقابل عبدالرحمن خان کے شیخ مسعود کو رسالدار کیا پندرہ سو سوار انکے ساتھ تھے کہ یہ نمکخوار قدیم معرکہ بکسر مین انکے بزرگ کام آئے ہین مگر یہ لیاقت و قابلیت اس عمدۂ جلیلہ کی

رکھتے تھے بڑے مسرف مال مردم خور خانہ جنگی انکے گھر پر ہوئی رسالہ نکل گیا مگر تین سو روپیہ ماہواری کی تنخواہ تاحین حیات سرکار سے ملا کی مرزا جنگلی اور مرزا مینڈو دونون بھائی اسی اولوالعزمی کی جہت سے لکھنؤ سے عظیم آباد جا کر رہے خلاصہ صبح ہوتے ہی لشکر سے جتنے ارکان دولت اہلکار تھے ناکہ تکیہ بود علی شاہ پر استقبال نواب یمین الدولہ کے لیے گئے فقط فوج انگریزی رہگئی۔

فساد مرزا وزیر علیخان بنارس مین چیریضا کا مارا جانا وزیر علیخان کا بھاگنا

بعد ہفتہ عشرے کے حسب الحکم نواب گورنر جنرل مرزا وزیر علی خان مع اپنے مال و اسباب وجواہر بیش قیمت اور ہاتھی گھوڑے اور رفقا و متوسلین و ملازمین لکھنؤ سے روانہ ہوے داخل بنارس ہوکر رگاگنڈ مین مقیم ہوے جسمین نواب یمین الدولہ بہادر رہتے تھے بڑی عزت و احتشام سے چند روز تک رہے بعد اسکے اپنے خیال خام سے چاہا کہ فتنہ خوابیدہ کو پھر بیدار کرین اور اپنی گوشہ نشینی عافیت و عزت و دولت خداداد کو غنیمت نہ سمجھے اور مخربان خاص بھی اوسی ناعاقبت اندیشی کے ساتھ تھے باخفا راجہ علی بہادر بندیل کھنڈ گسائین ہمت بہادر مہاراجہ سیندھیہ اور راجہ جو گرد و پیش تھے سب سے اپنی کمک کی درخواست کی اور ایک تاریخ ٹھہرائی کہ فلان تاریخ یہ ہنگامۂ فساد برپا ہو اور کئی ہزار گنوار سہ بندی بھی نوکر رکھا اور ایک عرضی شاہ زمان بادشاہ کابل کو بھیجی اسکی تحریر مین نواب شمس الدولہ ڈھاکہ اور بہت سے لوگ گرفتار ہوے پلٹن جو سکروری کی چھاؤنی مین تھی اوسے بھی موافق کرلیا اوسکے افسرون نے بھی اقرار کیا کہ ہم باڑھ آسمانی مار کے تمھارے شریک ہو جائینگے غرض اپنے نزدیک خوب گرم مصالحہ جمع کیا البتہ اگر سب طرف سے یہ عمارات باد آور جمع ہو جاتین تو ہنگامہ چند روزہ ہو جاتا۔

جب گورنر جنرل بہادر کو ایسے اخبار ہتوحش پہونچے کہ یہ ارادۂ فاسد اپنے خیال خام سے کیا چاہتے ہین اس ہمارے سمجھانے سے بھی بو وزارت دماغ سے نہین گئی جان چیری صاحب رزیڈنٹ کو حکم قطعی پہونچا کہ بہر صورت وزیر علیخان کو جلد روانہ کلکتہ کرو صاحب موصوف نے پہلے کمال عطوفت سے سمجھایا کہ حسب الحکم نواب گورنر جنرل جسطرح آپ لکھنؤ سے بنارس آئے

اب آپ کلکتے تشریف لیجائیے تو بہتر ہو ورنہ اسکے خلاف مین سراسر باعث خرابی کا ہوگا وزیر علیخان نے اپنے نامحرمون سے مشورہ کیا بالاتفاق سبھون نے جواب دیا کہ کلکتے مین قید فرنگ ہو یہ سامان نوابی رفیق و رفقا کوئی نہ پائینگے پھر اس قید سے مرجانا بہتر ہے ہم جان نثار تو شریک حال ہین —

اس محضر پر بھی وزیر علیخان کی تشفی نہوئی اگر خیال کرتے کہ ہیچ ہے حق ریاست نہین ہون نواب آصف الدولہ نے اپنی خوشی خاطر سے مجھے مسند نشین کیا تھا اگر کچھ ایمان سے لگاؤ ہوتا تو کیا عجب ہے کچھ سمجھتے اسپ جہالت پر سوار تھے کاہے کو فہم درست ہوتا خلاصہ ۴ — تاریخ فروری ۱۷۹۹ء مطابق ۱۲ شعبان ۱۲۱۳ھ چیری صاحب نے وزیر علیخان کو بلوا کر بہتیرا سمجھایا جب نہ مانا صاحب نے سخت جواب دیا انھون نے پر غضب ہوکے ولایتی تلوار کمر سے کھینچکر مارنی چاہی صاحب اوٹھ کھڑے ہوے چاہا کہ کوٹھی کے کوٹھے پر چلے جائین پیچھے کرسی رکھی تھی اوجھجک گرے دوسری تلوار پڑی کام تمام ہوگیا میم صاحبہ کوٹھے پر گھبین زینے کا دروازہ بند کرلیا جان سے بکیرن تلنگے سلامی کو باہر جمے ہوے تھے بھاگ کر جا بجا چھپ رہے وزیر علی خان کرنل برنٹ صاحب کی کوٹھی مین گئے اونکی میم کوٹھے پر چڑھ گئی صاحب نے زینہ کی جالی سے قلم سے کئی آدمیون کو زخمی کیا وزیر علیخان پھر وہان سے شہر کو چلے اس عرصہ مین شہر مین ایک ہنگامہ برپا ہوگیا دفعتہً منادی بھی ہوئی بدمعاشان نولازم شہر سب طرف سے دوڑ پڑے لوٹ شروع کردی مرزا مظفر بخت عرف مرزا صغیر منجھلے بیٹے مرزا جوان بخت شاہزادے کے اپنی ناخبری سے اپنے گھر سے ہاتھی پر سوار چلے آتے تھے مرزا وزیر علیخان کو اپنی خواہی مین پھنسا لیا یہ بمنزلت وزارت آبائی سورچھپل ہلانے لگے اور سرگرم مقابلہ قتال ہوے اس خیال خام سے کہ اگر بن پڑی تو ہم بادشاہ تم وزیر ہینے بنائے ہو غرض یہ ہنگامہ بازیچہ طفلان کئی ساعت رہا گویا رزمیداران کچھ رعایا سے شہر بطمع لوٹ شریک ہاے ہو رہی جبتک چھوٹے کلکتے فوج مع توپ خانہ آپہونچی زیر چھپرہ توپ سبکو رکھ لیا ادھر مقابلے مین ایک کمپنی تلنگون کی ایک تمن نجیب بایک چھوٹا گروہ توپ کا میدان سے مٹکر ایک باغ مین پناہ لی جب وہان بھی پانون نہ ٹھہرسکے سیدھی راہ اپنے گھر کی لی وزیر علیخان نے اپنی شجاعت ذاتی سے چاہا

اسی میدان مصاف مین ٹوٹ کر مرجائیے شاہزادۂ عالم پناہ نے دیکھا کہ میری جان مفت جائیگی سمجھایا کہ بھائی جان یہ لڑائی ہے بنتی بھی ہے بگڑ بھی جاتی ہے جوانی وجہالت پر کام نچاہیے گھر چلو وہان پہونچکر انتظام کرینگے سبحان اللہ ؎ تو کار زمین را نکو ساختی ✦ جب پھرے شاہزادۂ بہادر تو اپنے محل مین داخل ہوے ؎ رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت ✦ وزیر علیخان حالت سراسیمگی مین جو کچھ سر دست فقط جواہر و اشرفی لیکر گیا سہ جان نثارون سے جنمین مرزائی بیگ کالیے میر عزت بہادر علی وغیرہ تھے (یہ زبانی بہادر علی کے لکھا) سوار گھوڑہ و نیپر اعظم گڈھ آئے وہان کا راجہ نادر شاہ تھا اوسنے کتار گھاگرا دریا پہونچا کر پھر آیا پارا و ترے گورکھپور کے جنگل مین خائف و ترسان پھرتے رہے راجہ منتوب سرکار ہوا راہ مین دلدل مین پھنس گیا تھا بہزار خرابی رسّا پھینک کر نکالا اوس جنگل مین مینڈارون کی گوہار سے چند روز تک ہنگامہ برپا رہا۔

جب یہ میدان مصاف غازیان نامور سے صاف ہوا نواب علی اکبر خان بہادر متوسل گورنمنٹ اور مرزا پانچو کوتوال شہر نے ایک پلٹن اور دو توپون سے بندوبست شہر کیا چھڑے مارنا شروع کیے عوام خلقت جو ہر طرف سے جمع ہوگئی تھی کافور ہوگئی شہر مین امن و امان ہوئی بعد رفع ہنگامہ شاہزادۂ بہادر کو حکم سرکار ہوا حضور اپنے قدم مبارک سے فرخ آباد کو آباد کرین تو بہتر ہے وہ وہان گئے اب تحقیقات وزیر علیخان مین بہت سے دھرے جائینگے۔

وزیر علیخان صحرا نورد نے چاہا کہ ترائی نیپال مین خاک چھاننے سے کیا حاصل بٹول سے نیپال چلے جائیے لیکن نہ جاسکے اودھ کے جنگل اور ملک ترائی مین کئی برس تک پھرتے رہے لوٹ مار پر اوقات رہی زر نقد کہان تھا جواہرات کا خریدار کون ہوتا جسکی قسمت کا تھا اوسکے پاس رہا جب ہمراہی فاقہ مست مرنے لگے جمعیت پریشان ہوگئی فوج انگریزی اور جناب عالی نے پیچھا نہ چھوڑا قندھاری رسالے کے سوار کہتے تھے کہ ہمنے پاس نمک نواب آصف الدولہ کیا اکثر جنگل مین وزیر علیخان کو طرح دی اس ہنگامے سے زر تحصیل عمال ملک مین البتہ فتور رہا پامالی زراعت کی جہت سے جب صاحب رزیڈنٹ

متقاضی تخصیف ملک کے ہوتے تھے جناب عالی ہنگامہ وزیر علی کو پیش کرتے تھے۔

جب وزیر علیخان اس بلا دیہ پیمائی سے تھکے کچھ بن نہ پڑا اور نہ کہین پناہ ملی نہ کہین جاسکے ترک لباس کیا فقیر بنے تاکہ اس صورت سے کوئی پہچان نہ سکے فیض آباد آئے یونس کی سرائین اوترے شیخ بہادر علی نقل کرتا تھا کہ ایک رات جنگل مین ہم چلے جاتے تھے وزیر علیخان دلاسی گھوڑے مصاحب تمام پر سوار تھے اتفاقاً مینے دیکھا کہ گھوڑے کے پچھلے پانون مین ایک پتلی رسی لٹکتی جاتی ہے مینے عرض کیا باگ روک کر گھوڑے سے اوتر پڑے دیکھین گھوڑا بھی گر پڑا اور دیکھا کہ کسی شاخ درخت سے جہان گھوڑا بھڑک کے چلا ہے اوس شاخ سے گھوڑے کے پیٹ سے آنت نکلکر لٹکتی جاتی ہے وزیر علی خان نے کہا مصاحب تمنے بھی ہمین دغا دی وتین مرتبہ سر اوٹھا کر آخر سر ٹیک کر مر گیا دوسرے گھوڑے پر سوار ہوے جتنا اسباب تھا سب اوسی پر رہا۔

پھر وزیر علیخان لکھنؤ آئے چوک مین ہرن کی سرا مین اوترے ایکدن فقیر بیراگی بن بھبوت بدن مین ملے ایک ہاتھ مین لوٹی کا پنجرہ لیے قبر نواب صف الدولہ پر گئے مگر تعجب یہ ہے کہ اونکو کسی نے مطلق نہ پہچانا شاید اوس زمانے مین کوئی گو زندہ تھا کچھ سمجھ مین نہین آتا بعد اسکے بیٹری گھاٹ گوگتی اوتر بجنور ہو کر الہ آباد سے جمنا اوتر سیدھی چترکوٹ کی راہ لی اس خیال سے کہ شاہ کابل تک پہونچکر اونسے مدد لیجیے اور جوارون کے راجاؤن کو شریک کرکے پھر تقابا کیجیے مگر دام اجل سے غافل تھے۔

خانہ زاد خان ایک شخص دلی کے ذات شریفون مین سے تھے وہ مرزا سلیمان شکوہ شاہزادے کو دلی کے قلعہ سے اپنی حکمت عملی سے نکال لائے تھے جب وزیر علی خان کا یہ ہنگامہ برپا ہوا شاہزادے سے عرض کیا کہ غلام نے اپنی حسن رسائی سے ساری فوج جناب عالی کو موافق کر لیا ہے بسم اللہ حضور جلوس فرمائین آپکے آگے وزیر اعظم کا کیا مرتبہ ہے مگر شاہزادے نے اوسوقت عاقبت اندیشی کی نمانا خدا اس آفت سے بچایا خلاصہ سلطنت ہندوستان مین اکثر نافہمون اور نا عاقبت اندیشون سے ایسے فساد ہوتے رہے ہین اور پھر سنا کہ بھی پہونچے زمین۔

اسی عرصے مین ایک شخص مجہول الاحوال دوسرا وزیر علیخان پیدا ہوا ایک نشہ دو شدہ اُسنے بھی بمعاش اور گوہار جمع کرکے ممالک محروسہ مین لوٹ مار شروع کی سرکار سے اوسکا بھی قرار واقعی تدارک و استیصال کیا گیا۔

گرفتار ہونا وزیر علی خان کا جی نگر مین

منشی مرزا باقر پیرمنشی رزیڈنسی لکھنؤ جو کرنل کالنس صاحب اور جان سٹن صاحب کے تھے وہ کہتے تھے کہ مین کرنل کالنس صاحب کے ساتھ تھا انھین کی پلٹن وزیر علیخان کے تعاقب مین جاتی تھی خلاصہ کرنل صاحب نے راجہ کو بطمع زر سرخ راضی کیا راجہ نے پہلے وزیر علی خان کو فہمایش کی کہ اگر آپ کے خاطر خواہ ہمارے واسطے سے سرکار سے تصفیہ ہوجاے تو غالب ہی اس خاک چھاننے اور بیابان مرگ ہونے اور صحرا نوردی سے بہتر ہوا اور ایک گوشۂ عافیت مین بحفاظت سرکار بیٹھے رہیے تو کیا قباحت ہی اور انکے رفیقان سفر کو بھی نشیب و فراز سے سمجھایا کہ تم سب کے بال بچے مفت تباہ و برباد ہوے اور اگر کہین گرفتار ہوگئے تو مرتبۂ دارکشی حاصل ہوگا مین صاحب کے منشی کو بلواتا ہون تو آپ خود اونسے بالمشافہہ گفتگو کرلین وزیر علیخان اجل گرفتہ راضی ہوے رفقاے خاص نے بھی سمجھایا کہ راجہ کی صلاح نیک ہی۔

غرض ایکدن منشی مذکور باخفا کئی چپراسی اپنے ساتھ لیگئے تلنگون کو سمجھا دیا کہ تم کمین مین رہو جب میری آواز بلند ہو دفعۃً آکر اوسکو پکڑ لینا غرض وزیر علیخان تنہا چلے آئے خلوت ہوئی راجہ منشی کا مقابلہ کرکے آپ اوٹھ گیا وزیر علیخان پر غضب ہوکر چلّا چلّا کے شکایت سرکار کرنے لگے انکی کمر مین خود ایک قرولی تھی مگر منشی پر ایسا رعب شجاعت غالب تھا کہ بجز گفتگوے نرم گفتگوے سخت نکر سکے آخر اس چلّانے سے حلق خشک ہوگیا پانی پینے کو مانگا منشی نے مُراحی ہاتھ مین دیدی جب مُراحی مُنھ سے لگاکر پانی پینے لگے منشی برابر بیٹھے تھے جھپ قرولی کمر سے گھسیٹ لی تلنگے اسی تاک مین تھے دفعۃً دوڑ پڑے گرفتار کرلیا اوسی وقت فوج مین داخل کیا وہان سے منزل بمنزل کانپور آئے یہان سے بسواری بجرہ بڑی حفاظت سے کلکتے کے قلعہ مین پہونچا دیا اصحاب غار نے جب یہ حال دیکھا اپنی اپنی

جان لیکر ہر طرف بھاگے کہ بہادر اہم بھی گرفتار بلا ہو جائین اسباب جو کچھ وزیر علیخان کا تھا ضبط سرکار ہوا جب اوسکی تلاشی کی قلمدان مین کئی خط متوسلین سرکار کے پائے ازانجملہ ایک خط نواب شمس الدولہ چھوٹے بھائی ناظم جہانگیر نگر دھاکہ داماد نواب مبارک الدولہ ناظم بنگالہ کا نکلا اسی جہت سے وہ مدت تک کلکتے مین قید رہے سوپریم کورٹ مین وبکاری کو جایا کیے مرزا ابراہیم خان مرزا ابوالقاسم خان دونون بھائی لکھنؤ سے اونکی گواہی مین گئے کلکتے مین مقید رہے کئی مہینے مین نجات پائی نواب شمس الدولہ بھی بڑی مشکل سے اور صرف کثیر سے چھوٹے کئی شخص سے قید ہوئے اکثر پھانسی دیے گئے بہت سے دریا مین شور گئے نواب ناظم الدولہ بیٹے نواب عجاد الملک ہندوستان کے فقط دوستی شمس الدولہ مین مرے گئے یعنے اونکے کہنے سے عرضی شاہ کابل کو اپنے ہاتھ سے لکھی تھی انھین قید مین سات روپیہ خرچ باورچی خانہ ملا کرتے تھے اسکے سوا اور اخراجات ضروری بھی ملتا تھا آخر اسی قید مین مرگئے۔

بعد گرفتاری وزیر علیخان متقاے خاص بھاگے مفقود الخبر ہوے حضرت خلد مکان کے عہد دولت مین مرزا وارث علیخان تباہ و پریشان حال لکھنؤ آکر حضرت عباس علیہ السلام کی درگاہ مین بیٹھے لوگون نے پہچانا شہر مین شہرت ہوئی کرنل بلی صاحب نے جب یہ خبر سنی فرمایا قضا اوسکو یہان لے آئی ہے چیری صاحب کے خون کی روبکاری ہوئی حقیقت مین خون انپر ثابت نہوا نجات پائی مطلق العنان ہوے دو تلوارین فقط وزیر علیخان کی پڑی تھین اور کسی کی تلوار کی نوبت نہ آئی دوسرا انکا مقابل کون تھا اوس عہد دولت مین محمد آفرین علیخان کی نیابت و اختیار کلی سرکار مین تھا انسے قدیم سے بڑی دوستی تھی انکے احسانمند بھی تھے اوس جلد وہین کوتوال شہر کیا انھون نے اس جہت سے اس عہدے کو قبول کیا کہ مین جن مہامنون کے پاس وقت روانگی لکھنؤ جواہر امانت رکھوا گیا ہون اب وہ سے بزور حکومت ملجائیگا اون لوگون نے بالا بالا اہلکاران سرکار سے اپنا معاملہ کرلیا یہ چند روز مین موقوف ہوے محتاج ہوکر مرگئے۔

انتقال مرزا وزیر علیخان

مرزا وزیر علیخان تا حین حیات کلکتے کے قلعے مین رہے ایک بنگلہ مین رہتے تھے

جسکی غلام گردش مین سلاح آہنی تھین کوئی ہندوستانی نجانے پاتا تھا فقط ڈاکٹر صاحب جایا کرتے تھے کچھ کتابین تواریخ کی انیس تنہائی تھین مگدر ورزش کے رکھے رہتے تھے پوشاک حسب المرضی اور کھانا جیسا کہتے تھے پکتا تھا گورون کا ڈبل پہرہ رہتا تھا لارڈ ہسٹینگ صاحب نے شاید اجازت ہوا خوری کی بسواری کا ڈی دی تھی مگر اجل نے ۳۶ برس کے سن مین ماہ جون ۱۸۱۷ء مطابق ماہ شعبان ۱۲۳۲ھ عارضۂ تپ وغیرہ سے انتقال کیا کاسی باغ جہان ٹیپو سلطان کا بیٹا بھی دفن ہوے مدفون ہوے مقبرہ آجتک متقفل رہتا ہے جنازے کو اس تکلف سے اوٹھایا ایک کمپنی پلٹن آگے ایک پیچھے تابوت پر گورون کا پہرہ بلاکیر صاحب کوتوال شہر متہم تھے مرزا جعفر کربلائی بھیجے مرزا ابراہیم بنارسی کو ضروریات مذہب کے واسطے بلوا بھیجا تھا چند غربا ے مومنین شہر و زیر ہند سمجھکر ساتھ تھے کچھ شہر کی کسبیان اونکی سخاوت و بیکسی یاد کرکے اپنے اپنے دروازون پر کھڑی ہوکے روتی تھین وقت غسل گورے علیحدہ نہین ہوتے تھے مرزا جعفر نے کہا اب ہم گھر جاتے ہین صاحب نے حکم دیا گورے قنات کے باہر کھڑے رہین بعد دفن کے چند روز تک گارد رہا چھوڑا مقبرہ بنوادیا مدت نصوبی ۴ ماہ ۵ یوم اوس عہد مین صاحب رزیڈنٹ لکھنؤ مسٹر صاحب بنارس مین جان چیریٹی مقتول نواب تفضل حسین خان تھے

لوح قبر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وزیر ہند وزیر علی آصف جاہ
چو سوے خلد برین رفت زین سرای غرور
زدیم غوطہ بدریاے فکر تا ایم
بدست گوہر تاریخ فوت آن مغفور
بگوشم آمدہ ناگہ بشور و شیون و شین
نوای وای و ریغا زجن و انس و طیور
۱۲۳۲ھ ۱۸۱۷ء

از کتاب ایشیاٹک صاحب جنرل کلکتہ

اسم غفور واعظم بحق وزعمہا تنظم انت الاعز الاجل الاکرم

کل من علیہا فان ویبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام

احوال نواب قاسم علیخان

فی الحقیقت نواب قاسم علیخان نے بڑی وضعداری دایمان سے کام کیا اور اپنے اپنے ابناے روزگار مین نیکنام رہے کہ جب محضر ابطال ثبوت مرزا وزیر علیخان نواب گورنر جنرل نے اپنے رفع الزام سرکار کیواسطے ازراہ اتمام حجت امرا وارکان دولت سے پیش کیا جب نوبت مہر نواب قاسم علیخان پہونچی انھون نے عذر واجبی کیا کہ مین اپنی مہر نکرونگا کسواسطے کہ جب نواب صفدر الدولہ بہادر نے مجھسے ارشاد کیا کہ تم ہمارے عزیز بھتیجے وزیر علی خان پر اپنی مہر کرو پہلے مین نے اوسے عذر کیا لیکن جب مین نے اپنی پھوپھی یعنے اوسکی والدۂ ماجدہ سے عرض کیا فرمایا جسمین مرزا امانی کی خوشی ہو تم اپنی مہر کرو نواب دوسری مہر اوسکے ابطال پر کیونکر کرون اسی طرح عبد الرحمان خان رسالدار قندھاری محمد آفرین علی خان مرزا ابراہیم بیگ توپخانہ نے عذر کیا کہ ہم ملازم اس ریاست کے ہین جو وارث ہو اوسکی اطاعت کرین خلاصہ جب وزیر علیخان کوٹھی مین قید ہوے نواب قاسم علیخان شریک حال رہے اور پھر گھر نہ گئے جب اونکے ساتھ بنارس جانے لگے اپنے عیال کو وہین بلواکے رخصت کیا وزیر علیخان انھین صاحب لیاقت امیر معتمد جانکر چیریا صاحب کے پاس اپنا سفیر مقرر کرکے بھیجتے تھے اور انکا بہت حفظ مراتب کرتے تھے جب حکم نواب گورنر جنرل کلکتے جانے کا آیا وزیر علیخان نے عذرات بارد پیش کیے وجہ اسکی یہ تھی کہ اپنی نافہمی سے خیال خام رجعت ریاست کا رکھتے تھے اسی جہت سے موشگافی کرچکے تھے دوسرے انکے قرب ہونے سے نواب سعادت علیخان بہادر کو بھی انکی بیباکی سے بڑا اندیشہ رہتا تھا خلاصہ ایک دن چیریا صاحب نے نواب قاسم علیخان سے کہا کہ اگر وزیر علیخان پانچ رقم جواہر بیش بہا جو اونکے پاس ہے ہمین دین تو ہم سرکار سے اوسکی عوض خاطر خواہ پنشن مقرر کرادین وزیر علیخان نے نواب کے کہنے سے قبول کیا اور اوسی وقت ایک کشتی مین اون پانچ رقم جواہر مطلوبہ کو اپنے سامنے رکھا اور کہا مین اسے تمھارے ہاتھ صاحب کے پاس بھیجدونگا بشرطیکہ میرا جانا کلکتے نہو صاحب اسے موقوف کردین جب سفیر باتمیز نے صاحب سے درخواست شرطیہ کی جواب دیا کہ ہم حکم نواب گورنر جنرل کے خلاف نہین کرسکتے جب قاسم علیخان نے

تبلیغ رسالت کیا وزیر علی خان نے اوسی وقت اونکے سامنے ہاون دستے سے کچلوا ڈالا
قاسم علیخان یہ حال دیکھکے بہت افسردہ ہوے اور کہا اب ہم آپ سے رخصت ہوے
کبھی حاضر ہونگے اور آپ بہر حال اپنی نافہمی سے برباد و خراب ہوے اور اس سے زیادہ
ہو جایئگا اور اوسی وقت صاحب سے یہ ماجرا بیان کیا اور کہا ہم آپ سے ازراہ دولتخواہی
کہتے ہین کہ اس طفل نادان و خود غلط سے بہت ہوشیار رہیے گا لیکن واے برحال ہمارے
کہ ہم کسی طرف کے نرہے انکی رفاقت مین سخت برباد ہوے نہ لکھنؤ جانے کے نہ یہان
رہنے کے قابل رہے امیدوار ہون کہ آپ ایک چٹھی لمسڈن صاحب رزیڈنٹ لکھنؤ کو فقط
میری حفظ آبرو کیواسطے لکھدیجیے کہ اپنے گھر مین باعزت و بسلامت بیٹھا رہون صاحب نے
بہت دلجوئی و تشفی کی اور کہا آپ بہر صورت خاطر جمع رکھین ہم چٹھی بھی دیتے ہین اور سرکار
سے تمھین تین ہزار روپیہ ماہواری ملیگا انھون نے کہا کہ اگر میری پرورش سرکار
کو منظور ہو تو دو اور بھی خیر خواہ سرکار ہین اسی طرح اونکی بھی پرورش فرمایئے ایک نواب
اشرف علیخان دوسرے محمد آفرین علیخان بڑے صاحب نے ہزار روپیہ ماہواری محمد آفرین علیخان
کے مع میر خدا بخش اور دو ہزار ماہواری نواب اشرف علیخان کیواسطے لکھدیے جب نواب
قاسم علیخان لکھنؤ آئے لمسڈن صاحب سے ملاقات کی صاحب نے بڑی خاطر کی اور کہا آپ باطمینان
تمام اپنے گھر رہیے محمد آفرین علیخان نے وہ تنخواہ قبول نکی اور کہا مجھے جناب عالی سے بالکل
بگڑ جائیگی نواب نے کہا تم تو نہین مگر تمھارے میر خدا بخش کی مٹی خراب ہوگی چنانچہ نواب معتمد الدولہ
کی نیابت مین اونکی وہی صورت ہوئی نواب اشرف علیخان نے اوس تنخواہ کو قبول کیا بعد اونکے
مرنے کے تنخواہ اونکے بیٹون مرزا عباس اور روشن الدولہ پر جاری رہی جب روشن الدولہ
مصاحب حضرت خلد مکان کے ہوے اپنی نمایش خیر خواہی اور یکسو ہونے کو محض خوشنودی
بادشاہ سمجھکر اپنی تنخواہ ہزار روپیہ ماہواری خزانۂ بادشاہ سے لینے لگے یہی خرابی اونکی
تنخواہ مین ہوئی مگر مرزا عباس زیادہ دانشمندی خزانۂ رزیڈنٹی سے لیا کیے وہی پنشن بعد وفات
اونکی بی بی کو ملتی رہی۔

جب جناب عالی نے نواب قاسم علیخان کا احوال سنا یاد فرمایا بدستور قدیم نواب آصف الدولہ

مقرب خاص ہوے ایکدن جناب عالی صبح کو ہوا کھانے مقام چنپٹ سے گذرے نواب قاسم علیخان ہمراہ تھے فرمایا یہ چنپٹ بارہ ہزار روپیہ سال کی جاگیر ہمنے تمھاری مقرر کی اور اوسی وقت پنسل سے سند بدستخط خاص عنایت فرمائی نواب قاسم علیخان نے بڑے صاحب کو وہ تحریر دستخطی دکھائی اور بہت شکریہ ادا کیا اب انھین خدا کے فضل سے چار ہزار ماہواری ملنے لگے بڑے صاحب نے چٹھی چیری صاحب کی اور دستخط جناب عالی کے نواب گورنر جنرل کو روانہ کیے نواب قاسم علیخان نے پھر عرض کی کہ ہمارے آدمی کو خزانۂ جناب عالی سے تنخواہ لانے مین دقت پڑتی ہے امیدوار ہون آپکے خزانے سے ملا کرے صاحب نے یہ بھی منظور کیا چنانچہ پہلی تنخواہ انھین کے خزانۂ رزیڈنسی سے مقرر ہوئی اوسکے بعد نواب محبت خان کی تنخواہ کا سررشتہ نکلا۔

ایکدن نواب قاسم علیخان حاضر حضور جناب عالی تھے انشاءاللہ خان شاعر صاحب خاص مگر مضحک طبع جناب عالی تھے خوشنودی طبع جناب عالی سمجھکر بعض کلمات شوخی استہزا سے کہنے لگے انھون نے برہم ہوکر مردانہ وار جواب دیا کہ تم جسکے نوکر ہو ہم اوسکے عزیزین مین شامل و روا کے ہمارے نسبت ایسا کہنا نچاہیے اور ہمارا قدرشناس اور پہچاننے والا مرگیا یعنی نواب صفدر لدولہ یہ کہکر بگڑ کر چلے آئے پھر دربار نہ گئے جناب عالی نے بھی کچھ اسکی تلافی و دلجوئی نہ کی مگر دربار بڑے صاحب مین ہر ہفتہ جایا کرتے تھے۔

جب نواب بہو بیگم صاحبہ فیضآباد مین بیمار ہوئین نواب قاسم علیخان اپنی پھوپھی کی عیادت کو گئے جناب صوفہ نے فرمایا صلۂ رحمی سے جسطرح اکبر علیخان اصغر علیخان کو ہزار ہزار روپیہ ماہواری دونون کو دیا کرتی ہون تمھین بھی دیا کرونگی اب سب ملکے پانچہزار ماہواری ملنے لگے چند روز فیضآباد مین رہے ایکدن مرزا محمد تقی خان سے انسے کچھ بے لطفی ہوئی باجازت بیگم صاحبہ لکھنؤ چلے آئے کرنل بیلی صاحب سے عرض کیا دنیا مین حیات مستعار کا کچھ اعتبار نہین مین چاہتا ہون میری تنخواہ سے دو سو روپے ماہواری خرچ امام باڑہ علیحدہ ہوکے اوسکی تولیت میرے بڑے بیٹے مرزا حسین علیخان کے نام سے ہوکر اونکی نسل سے ملا کرے معرفت خواجہ محسن مرزا فسیق قدیم ہے بیلی صاحب نے اسے قبول کیا وہی تنخواہ خرچ امام باڑہ مرزا مہدی علیخان اونکے بڑے بیٹے کو آجتک ملتی ہے اب اسکا اونھین اختیار ہے۔

ایکدن مرغ کی پالی نواب فتح علیخان کے گھر مین تھی سب امرا شوقین تماشائی جمع تھے
اتفاقاً نواب فتح علیخان کا مرغ عین شرط بازی مین جسطرح یہ لوگ جاہل بے ادب کلمات نازیبا
بے معنی اپنی تیزی زبان سے کہہ بیٹھتے ہین کوئی کلمہ سخت نسبت نواب قاسم علیخان کے کہہ بیٹھا
میرن نامے انکا خاص ہردار کھڑا ہوا تھا اگوار سمجھ کے ازراہ نمک حلالی ایک چھری اوسے
دوڑکے ماری کام تمام کردیا اور خود بھاگ کر چلا عجب بازی درہم وبرہم ہوئی ایک ہنگامہ برپا
ہوا سرکار کی روندنے اوسکا پیچھا کیا جب وہ چھری کھینچے نواب قاسم علیخان کے دروازے پر
پہونچا انکے ملازم برج باسی اپنی لین مین تھے وہ اونکے پاس جاکر چھپا برج باسی سرکاری
روندسے مستعد جنگ ہوے کہ ہم اسے نہ دینگے جب جناب عالی کو یہ پرچہ اخبار گذرا حکم کیا
دو کمپنی پلٹن خاص پلٹن سے اور ایک توپ چلے خونی کو پکڑ لائے اگر کوئی مقابلہ کرے
اوڑا اور نواب قاسم علیخان مضطر ہوکر بیلی صاحب کے پاس گئے کہ آج ہم بعزت بھی ہوے
مارے بھی جائینگے یہ حقیقت گذری صاحب نے مرزا جعفر کو جناب عالی کے پاس بھیجا کہ آپ ہمارے
متوسل ہے انکی جداری کیا چاہتے ہین اگر یہ خطور ہے ہم بھی کمپنی و توپ چھاؤنی سے بلوائے ہین اور
قاسم علیخان کو بہت تشفی کرکے رخصت کیا بعد چند دقیقے کے خود جناب عالی تنہا گھوڑے پر
سوار بیلی صاحب کے پاس چلے آئے فرمایا یہ مقدمہ خون ہے آپ اسمین دخل نہ دیجیے انھون نے
خونی کو اپنے گھر بٹھا رکھا ہے صاحب نے کہا ہم آپکے خونی کو کل بھیجدینگے آج نہین جناب عالی
کبیدہ خاطر چلے آئے ایسے ہی امور خلاف قانون حمایت بیجا صاحب ڈیفنٹ کی خودرائی سے
ہوے جو باعث الزام و بدنامی گورنمنٹ کا ہوا صاحب نے اوسی وقت نواب قاسم علیخان کو
بلوا کے کہا اب اس خونی کو مع برجباسی ہ دولت پر بھیجدیجیے ورنہ ہم گرفتار کرکے سکو بھیجدینگے
دوسرے دن صبح کو ایک چپراسی رزیڈنٹی خونی کا ہاتھ باندھے پہلے رزیڈنٹی مین لے آیا
پھر دولت پر بھیجدیا جناب عالی نے مولوی مدن صاحب عدالت کے سپرد کیا کہ اسے
فتوے قتل قصاص بموجب شرع شریف کے ہو نواب قاسم علیخان نے خواجہ محسن اپنے رفیق کے
ہاتھ دس توڑے روپیہ کے جناب مولوی صاحب کو تواضع کیے کہ اسے قتل سے بچائینگا مولوی
صاحب نے ورق شریعت اولٹ کے وہی کہا کہ مجھپر گواہون اور خونی کے اظہار سے خون ثابت نہین ہوتا

ہر چند جناب عالی نے اونکے بھائی مولوی ہدن اپنے اوستاد سے کہا وہ دو ہزار روپیہ اجب پاتے تھے مگر کچھ نہوا ان جناب مولوی صاحب کی ازراہ احتیاط شک نماز بہت مشہور ہے جماعت اپنی نماز پڑھکر چلی گئی یہ ابھی تک نیت باندھتے رہگئے اسی طرح غسل دریا جس کنارے پر نہانے لگے وہ پانی نجس ہوا آگے بڑھے اسی طرح بڑھتے چلے گئے اس دوڑ میں حضرت کو کچھ شک گذرا۔

بعد کئی دن کے بیلی صاحب نے نواب قاسم علیخان سے کہا اب وہ توپ اور کمینی چھاؤنی کو چلی جاے اب تمہارے گھر کی حفاظت ہوچکی انھوں نے کہا میں چاہتا ہوں ایک توپ چار گولہ انداز میرے دروازے پر رہا کرے اونکی تنخواہ میں دیا کرونگا صاحب نے بپاس خاطر اوسے بھی قبول کیا یہ بھی سراسر خلاف حکم جناب عالی ہوا جب یہ ہنگامۂ فساد لکھنؤ میں ہوا اور انتظام شہر قبل از دخل حرامان سرکار ہونے لگا بیجا کارنیگی صاحب آئے اوس توپ کو لیگئے نواب کے بیٹوں نے کپتان ہنیر صاحب سے کہا فرمایا ہمارے حکم سے یہ صورت ہوئی ہے اس ہنگامے کی جہت سے منظور ہے کہ کمپنی آلات حرب نہ ہے بعد رفع ہنگامہ حکم مناسب دیا جائیگا۔

جب حضرت خلد مکان سریر آرائے سلطنت ہوے نواب قاسم علیخان بھی اکثر دربار شاہی میں جانے لگے مرزا حسین علیخان بڑے بیٹے اور مرزا محمد علیخان دوسرے بیٹے کی ملازمت کروائی ہزار روپیہ ماہواری دونوں کی مقرر چلے پانی پر کرسی نشینوں میں بیٹھتے تھے اسی سلطنت میں قاسم علیخان نے ۵۴ برس کے سن میں انتقال کیا گیارہ بیٹے سات بیٹیاں وارث شرعیہ ہیں کئی لاکھ روپیہ کا اسباب قسمہ تحفہ وکمبار تھا اس متروکہ کی جہت سے بھائیوں میں نا اتفاقی ہوئی ہر ایک نے سر خود ہوکے کوٹھے لوٹنے کا ارادہ کیا ہر ایک کے پاس شہر کے بدمعاش جمع ہوگئے خداوند کہنے لگے مرزا علیخان نے معرفت بڑے مرزا کے نواب معتمد الدولہ سے ملازمت کی اور کچھ اسباب تحفہ قسم رقم جواہر بھی جو بسرقہ ہاتھ آیا تھا دیا جب یہ لوٹ کا حال بیگم مرزا پناہ علی بیگ کیل بیگم صاحبہ مرحومہ نے سرکاری پہرہ سے کوٹھوں پر طالیقہ کردیا اور سب اسباب کا نیلام ہوا سوا بھائیوں کے کوئی غیر سے اور تقسیم تنخواہ کی یہ صورت ہوئی ہزار روپے بابت جاگیر جنیٹ معینہ جہت آرائش وہ مرزا علیخان پر مقرر ہوئی سوائے دو سو روپیہ ماہواری تولیت امام باڑہ چنانچہ جب حسین علیخان مرگئے وہی ہزار روپے اونکی تنخواہ کے اونکے دونوں بیٹوں مرزا مہدی علیخان مرزا فرخ علی خانصاحب

تقسیم ہوئی اور ذریعینہ امام باڑہ سے اب فقط اسّی روپیہ ماہواری سرکار سے بوجہ وضع ہوکر ایک سو بیس روپیہ مہدی علیخان کو ملتے ہیں امام باڑے مین مجلس کرتے ہین چار ہزار کی تقسیم حسب سہم شرعی بیٹون بیٹیون ازواج پر ہوئی بس چند روز کے عرصے مین سب متروکہ صاحبزادون نے اپنے ٹھاٹھ نوابی دکھاکر عیش وعشرت لغویات مین اڑادیا اب فقط اوقات تنخواہ پر رہگئی تھی الامر احسین علیخان نے تا حین حیات بہت سلیقے سے رکھا چیف کمشنر بہادر نے مرزا رضا علیخان کو از روے استحقاق بہو بیگم صاحبہ کے مقبرے کی داروغگی مین انھین مقرر کیا تھا بعد کئی برس کے لکھنؤ آکر مرگئے مرزا محمد تقی خان حضور عالم کے ساتھ روانہ عتبات عالیات ہوئے تھے راہ مین انتقال کیا نواب عتماد الدولہ نے مرزا علیخان کو نظر بحسن سلوک بادشاہ کے مصاحبان رابعہ مین داخل کیا تھا جب دربار سے موقوف ہوئے وہ ہزار روپے منہائی ہوگئے اولاد قاسم علیخان مرحوم نے بعد عملداری سرکار فرمان جاگیر چیف سرکار مین یکمرد دعوی ہزار روپیہ کا کیا تھا بسبب ہر دو ایام شنوائی نہوئی۔

بعد رفع ہنگامہ جب کپتان ہیٹ جنبل صاحب بہادر ریذیڈنسی کمشنر نے بموجب حکم سرکار تحقیقات ابتداے اجرائے وثیقہ وپنشن ہر ایک کا کیا نواب قاسم علیخان کے وثیقہ دینے مین تامل کیا تھا کہ اسے کرتے تنخواہ ونجانت اور امانت سے خارج ہوئی تھی اونکی اولاد نے قدیم لوگون سے دریافت کرکے اظہار کیا کہ ہماری تنخواہ کی سند چھپی چیز یعنی جب ریذیڈنٹ بنارس کی ہوجسے لمسڈن صاحب رزیڈنٹ لکھنؤ نے مع تحریر دستخط جنت آرامگاہ بابت جاگیر چیف روانہ صدر کیا تھا اسکی تحقیقات صدر کلکتہ سے ہوجاے چنانچہ کئی مہینے کسیکو تنخواہ نہ ملی جب صدر سے بملاحظہ تحریر حکم آیا سبکو بدستور ملنے لگی۔

سند نشینی جناب عالی متعالی اشرف الوزرا اعظم الامرا نواب یمین الدولہ سعادت علیخان بہادر ناظم الملک مبارز جنگ

خلاصہ جب جناب عالی وزیر الممالک بہادر صوبہ کٹیہر بریلی سے حسب الطلب نواب آصف الدولہ جسطرح مذکور ہوچکا لکھنؤ تشریف لائے نواب آصف الدولہ کو بہ نسبت اور بھائیون کے انکا بہت لحاظ وپاس خاطر رہا بلکہ جب نواب غازی الدین حیدر بنیاد منزل قریب سعادت گنج کے

مرزا سعادت علیخان نواب یمین الدولہ بہادر

Saadut ali Khan

پیدا ہوے بلیکہ خاطر دل منظور تھا کہ میری فرزندی مین دین تاکہ مین پرورش کرون اور اپنا جانشین کرون لیکن جناب عالی نے اپنے فہم و فراست سے تمانا بدل خود تمنی ہو رہے تھے عذرات بارد فرمائے انکے دربار کا حال اور اہلکارون کی شان و شوکت و ترقی جاہ و فضول خرچی اور غفلت اور عدم توجہی خود نواب کی دیکھکر کنارہ کش ہوکے قیام بنارس مین بہتر سمجھکر رخصت روانہ ہوے فی الحقیقت اگر یہ جانشین ہوتے تو نوبت بیستحق کی کیونکر ہوتی تدبیر و تقدیر دونون خلاف ہوئین عاقبت اندیشی سے سبکو غفلت ہوگئی تھی اہلکاران سرکار کو باعث مزید مسرت ہوا اونکا جانا اپنے واسطے بہت خوب سمجھے کہ اگر انکا اختیار ریاست مین ہوگا یہ ہمارے اخراجات کہان سے ہونگے ۔

خلاصہ جناب عالی کو نواب گورنر جنرل و ارن ہسٹینگ صاحب بہادر اور لارڈ کارن والس صاحب بہادر سے طریق رسل و رسائل سے تھا بلکہ بریلی سے جو نواب آصف الدولہ کی طلب اور صاحب رزیڈنٹ کی تحریر سے چلے آئے تھے اس حکم پذیری سے بہت خوش ہوے تھے جب کوئی امر اضطراری خاطر کا لکھتے تھے اوسکے جواب باصواب سے موجب تسکین خاطر مبارک ہوتا تھا چنانچہ جناب عالی اس مرحلۂ عظیم کیواسطے کلکتے تشریف فرما ہوے تھے مشروحاً مکنون خاطر باب ریاست مین بیان فرمایا تھا کہ گورنمنٹ محافظ اس ریاست کی ہو چاہیے کہ غیر مستحق اوسکا سزاوار نہو صاحبان کونسل نے جواب باصواب دعاے ریاست یہ دیا کہ تاحین حیات اپنے بھائی کے بدلہی تمام متوقع اپنی ریاست آبائی کے رہیے اور اسی مواجب معینہ پر قناعت فرمائیے انشاء اللہ تعالی بروقت مناسب جسقدر ممکن ہوگا حق حقدار کے دلوانے مین قصور نہ کیا جاویگا یہان نواب آصف الدولہ نے نبوت اپنی مرزا وزیر علیخان کا بالمشافہہ نواب گورنر جنرل سے بیان فرمایا تھا کیا امر مشکل تھا جیسا اظہار حضرت خلد منزل اور حضرت جنت مکان سے بابت مناجان اور مصطفے علیخان سنا تھا کیونکر خلاف سمجھتے حالانکہ دونون غلط معلوم ہوے بعد تحقیقات کے ۔

الغرض جبتک جناب عالی کلکتے مین رہے صاحبان عالیشان نے لوازمۂ مہمانداری بڑے تکلف سے کیا اور التزام سواری یہ رہا کہ کیسکی سواری انسے سبقت نہ کرے چنانچہ

جب کوئی صاحب دانستگی سے سبقت کر جاتا بے تکلف چابک کھاتا تھا انکے ملازمین شہر مین ہتیار باندھے پھرتے تھے انپر کسی طرحکی سماعت نالش نہوتی تھی اور مقدمہ بازی خندق دروازہ قلعہ کلکتہ سبکو معلوم ہو جب گھوڑا جناب عالی نے خود اپنی سواری سے خندق کو پھندایا جنرل قلعہ نے اپنی نادانی سے شرط قلعہ کی کی تھی جانتا تھا غیر ممکن ہو اوسوقت بہت سے صاحب جمع تھے جناب عالی نے دعوی قلعہ کیا بعد تنقیح جواب ملا کہ ملک غیر پر شرط ناجائز ہے مگر بخاطر جناب عالی یہ دروازہ ملک جناب عالی ہو کر متصل ہے چنانچہ حضرت خلد مکان نے بپاس خاطر لارڈ مایرا اس دروازے کو کھلوا دیا تھا دوسرے پاس خاطر جناب عالی عشرہ محرم مین شراب بازار کلکتہ مین نہین بکتی تھی غرض بعد اسکے جناب عالی باطمینان بنارس مین آئے اور منتظر امر تقدیری کے رہے۔

جب وزیر علیخان مسند نشینی ہوے جناب عالی کو اپنے باب ریاست مین کمال تحیر ہوا آخر اسی فکر سے شوش و تردد ہو کر سواری بجرہ پھر قصد کلکتہ کیا کہ نواب گورنر جنرل سے مطالبہ ایفاے وعدہ کیا چاہیے اس عرصہ مین جناب عالی کے یاوری اقبال سے بیان از خود ورق ریاست درہم و برہم ہو گیا فضل حسین خان اور وزیر علیخان سے بگڑی خان علامہ نے ایک خط دوستانہ مولوی سدن اوستاد جناب عالی کو لکھکر ڈاک مین روانہ کیا کسواسطے کہ مولوی صاحب دستاد و مشیر ہین اس مضمون کے حالات اور حالات جبلی سے خوب واقف ہون اگرچہ آموختہ و تعلیم یافتہ میرا ہو مگر میرا دستاد خود میدانم مین مطمئن نہین اگر تم کوئی صورت اطمینان بعہد و میثاق نکالو تو کیا عجب ہو رعیت ریاست اپنے حق مرکز پر قرار پا جائے۔

القصہ بجرہ جناب عالی کا لگان اوسدن مقام راج محل مین تھا کہ چار گھڑی رات گئے ہرکارہ ڈاک نے وہ خط مولوی سدن کو دیا مولوی صاحب اوسے مژدہ غیبی سمجھکر اوسی وقت شادان و فرحان جناب عالی کے بجرے مین گئے شاگرد و استاد مین مزاح بھی ہوتی تھی کمال خیر خواہی اور بہت اغماض سے وہ خط گذرانا جناب عالی مسرت دلی سے گلے لپٹ گئے اور بہت کچھ ارشاد فرمایا اوسکا جواب باصواب لکھکر بھجوایا اور صبح کو

بنارس پھرے جب بنارس مین چیریٹی صاحب سے ملاقات ہوئی اونھون نے جناب عالی سے جو نواب گورنر جنرل سرجان شور صاحب آپ سے عہد و میثاق امور جدید مین فرمائین گے اوسے قبول و منظور کرنا ہوگا چنانچہ اسی مضمون سے تحریر ہوئی جناب عالی نے دستخط فرمائے مجبور ہوکر اسکے سوا کوئی چارہ نہ دیکھا اگر انکار کرتے خیال اور بھائیون کا بھی تھا ایک مرزا بنگلی صاحب لکھنؤ مین موجود اس عرصے مین بہو بیگم صاحبہ کا بھی شقہ خاص پہونچا دوسری رات کو جناب عالی ڈاک مین روانہ کانپور ہوے جس شام کو کانپور پہونچے اوسی دن وزیر علیخان یہان گرفتار ہوے اوسکی صبح کو ناگہ شہر پہونچے۔

الغرض ۲۱ ماہ جنوری ۱۸۱۹ء مطابق ۳ شعبان روز شنبہ ۱۲۳۴ھ روز بسنت تولد حضرت امام حسین علیہ السلام پہلے کچھ رات رہے جتنے ارکان دولت عزیز و اقارب تھے مع جلوس سواری ناگہ تکیہ بودعلی شاہ تک استقبال کو گئے سبھون نے سلام کیا جناب عالی ہاتھی پر سوار سہرچوک بڑی دھوم دھام سے خیرات کرتے ہوے پہلے سہرے برج مین جناب عالیہ کی نذر کو گئے سورہ عنایات مادری ہوے قبای زرد بسنتی پہنے تھے خلعت مادری پہنے داخل دولتخانہ ہوے مسند نشین ہوے ارکان دولت نے نذرین دین شلک سلامی منادی شہر ہوئی بحساب اہل نجوم ساعت شمس مین جلوس فرمایا اوسدن سن شریف مابین ساٹھ سال تھا سال بھر تک عیش و عشرت مین رہے کسی کارخانہ والا کار و معاملہ منافق سے خبر نہوے مگر سبکو سمجھتے رہے اور اونکی فکر سے غافل رہے یہ جلسہ عیش و عشرت نشاط باغ مملوکہ راجہ بکمیت سنگھ مین اکثر ہوتا تھا صبح کو ہوا کھانے اوسی نواح مین تشریف لیجاتے تھے بلکہ پہلے مکنون خاطر شہر جدید کا آباد کرنا یہان منظور تھا مگر دریا کے نہونے سے تامل فرمایا یا نہر جدید کا لانا خیال مین نہ آیا۔

ثقات یہ کہتے ہین کہ جناب عالی نے بعد نذر جناب عالیہ سے عرض کیا کہ غلام سے ایک قصور ہوگیا ہے درباب تحریر عہد و میثاق جدید مگر فقط آپکی مداخلت سے وہ ہٹ سکتا ہے مجھے بمجبوری ہوا ہے آپکو یہ کہنا چاہیے کہ ریاست میرے خاوند اور میرے بیٹے کی ہے مجھے اسکی مسند نشینی کا اختیار ہے دوسرے کو نہین ہے جواہر علیخان نواب نظر نے بیگم صاحبہ کو سمجھایا کہ نواب گورنر جنرل سے آپ بگڑ جائینگی اور یہ مرزا سعادت علی ہین انکا حال آپ خوب جانتی ہین جناب عالی مجبور ہوے

خلاصہ بعد سال بھر کے متوجہ انتظام و دلتسرائے ہر کارخانے کے کاغذ کو ملاحظہ فرما کے جیسا مناسب حال سمجھے اوسی طرح جاری رکھا مگر بہت سلیقے سے جو شایان امارت تھا از بسکہ بسبب زیر علیخان سب کا حال بطون خیر خواہی و بدخواہی کا کھل چکا تھا ہر ایک کو حکمت عملی اور دوام عنایت سے سرانجام کیا۔

چنانچہ پہلے خان علامہ تفضل حسین خان اپنے اُستاد کامل کو بسر شتۂ سفارت قدیم روانہ کلکتہ فرمایا اور خط سند کو ارشاد کیا تسے پہلے معرفت صاحب رزیڈنٹ حضور نواب گورنر جنرل پہونچیگا کہ نسبت زمان سابق تسے بہت عزت و احترام سے پیش آئین گے خان علامہ اس مضمون ریاضی کو کچھ نہ سمجھے اور نہ کوئی عذر کر سکے مگر باطمینان و وثوق خیر خواہی صاحبان عالیشان پر نظر کر کے منزلت آخرت اختیار کی بعد قیام چند روزہ عدم رسی سند ناکام حالت یاس مین پھرے کہ فی الحقیقۃ میرا حق اوستادی ادا ہوا جیسا مین جانتا تھا حکام نے معقول کیا کہ خان صاحب آپ پہلے نہ سمجھے کہ یہ مقدمہ خانگی ہر ہم جناب عالی سے سفارش بھی نہین کر سکتے غرض ناکام وہان سے پھرے از بسکہ صاحب غیرت و صاحب فکر تھے غم و غصہ سے تپ محرق ہوئی جب ہزاری باغ مین پہونچے ۱۲۱۹ ہجری مطابق ۱۸۰۴ء مین انتقال کیا سلام اللہ خان چچا زاد بھائی ساتھ تھے وہین دفن کیا جب لکھنؤ مین پہونچے تجمل حسین خان اونکے بیٹے کو خلعت ماتم پرسی ملا دربار مین جایا کرتے تھے بعد کئی برس کے کرنل جان بیلی صاحب کی رزیڈنسی مین بعلت خط جعل کئی کمپنی تلنگہ نے انکا گھر گھیر لیا جا بجا پہرے بیٹھ گئے اکرام اللہ خان نے جا کر مرزا جعفر سے سب احوال کہا بہت منت سماجت کی کہ اب جناب عالی سے بسبب کدورت ماضیہ جان و مال عزت نہ بچیگی اب یہ عزت آپکے اختیار ہے مرزا جعفر نے حق اوستادی سمجھ کے اوسی وقت بیلی صاحب سے مشروحاً بیان کیا جناب عالی سے کچھ کہلا بھیجا پہرے اوٹھ گئے اوس دن سے ایک چپراسی رزیڈنسی انکے گھر پر رہنے لگا جاگیر چالیس ہزار روپیہ سال کی جاری رہی تجمل حسین خان دربار رزیڈنٹ مین فقط جایا کیے دربار جناب عالی موقوف ہو گیا مگر اونھون نے تا حین حیات بخوبی بسر اوقات کی۔

نواب سرفراز الدولہ مرزا حسن رضا خان پر بڑی عنایت فرمائی تقرب خاص بڑھا مگر تنبیہ

بالمنی شروع ہوگئی یہ سوتے بہت تھے جنابعالی زبردستی انکو اپنی خواصی مین بٹھانے لگے انکے اوس جسم کی گنجایش اوس تنگ خواصی انگریزی مین کب ہوتی تھی دوسرے ایک ہاتھ مین چھتری لیے ہیں اور ایک ہاتھ مین مورچھل ہلاوین پھر آپ کیونکر درست بیٹھ سکین اس حسن خدمت سے انکا دماغ ناک مین ہوگیا جب شور صاحب تشریف لائے انکی نیابت مین سفارش کی فرمایا پچیس ہزار روپیہ ماہواری انھین ملین گے بے شرط نیابت کسواسطے کہ یہ جاہل محض ہین آپ بھی انصاف کیجیے جب مدار المہام امی محض ہو تو امورات ملکی و مالی کیونکر انجام پائینگے نواب مغفرالیہ معقول ہوے مرزا صاحب نے اپنی نافہمی سے درماہہ گوارا نہ کیا گھر بیٹھے صاحب رزیڈنٹ کے دربار جایا کرتے تھے محمد الماس علیخان اپنی علوہمت سے ہزار روپیہ یومیہ مدد خرچ کو بھجوایا کرتے تھے یکمشت نہ دیتے تھے کہ فضول خرچ ہین فی الجملہ انکی فاقہ شکنی ہوجاتی تھی کئی سو روپیہ روز کا خرچ بادر چیخانہ تھا جتنے ملازمین تھے سب شریک دسترخوان ہوتے تھے جب بہت تنگ ہوے بڑے صاحب سے اپنی تنخواہ کو کہا جواب دیا کہ تمنے ہمارے کہنے کو پہلے نمانا اب جنابعالی فرماتے ہین آٹھ ہزار روپیہ ماہواری دونگا اور ہم جبریہ سفارش نہین کرسکتے مرزا یہ سنکر بہت رنجیدہ ہوے جی مین آیا اپنا حسن خدمت زبان ناصیہ کا بیان کرکے چلے آئے پھر جیتے جی دربار رزیڈنٹی نہ گئے آخر اسی تعطل و خانہ نشینی مین صدمات روحانی سے ۱۲۶۰ھ ۱۸۴۴ع مین مرگئے اپنے امام باڑے مین دفن ہوے اب بعد اس معرکہ لکھنؤ کے قبر کا نشان بھی نرہا داخل دھس قلعہ مچھی بھون سب میدان ہوگیا اور وہ مسجد رہی جسمین ستر اسی برس تک نماز جماعت مومنین پڑھی گئی جب مرزا کے قرضخواہون نے سرکارمین داد بیداد کی حکم نیلام متروکہ ہوا کئی لاکھ کے قرضدار تھے حصہ رسدی ملا۔

غلام رضا خان انکے سگے بھائی بہت پریشان حال تھے بسفارش کرنل بیلی صاحب کلکٹر گئے اڈمنسٹن صاحب سکرٹر اعظم تھے جو مری صاحب صوف کے تھے اونسے اپنا عرض حال کیا نواب گورنر جنرل نے لحاظ بقدامت و ناکامی مرزلے مرحوم کمال رحم دلی سے ہزار روپیہ ماہواری مقرر فرمائے جب وہ مرگئے احمد رضا خان اونکے بیٹے کو بڑی جدوجہد سے سرکار سے کچھ پنشن مقرر ہوگئی اب وہ بھی مرگئے بعد اس ہنگامہ فساد کے پنشن انکی مادام حیات

عیال کو کاہیکو ملیگی۔

دیوان مہاراجہ بکمیت رائے کا حال امانت و دیانت زمان آصفی سے کھل چکا تھا وہ مرزا سے پہلے مر چکے تھے بسبب قرضخواہوں کے اونکے ترکہ کا بھی نیلام ہوا یعنوانی دین اور یہی دین اونکے دو بھتیجے تھے نالایق محض بعد چند روز کے املاک شہر بھی ضبط سرکار ہوئی مہاراج نے اپنی شروت مین شرفا و نجبا رفیق پروری مین خیر و مبرات سے بڑا نام پیدا کیا تمام ممالک محروسہ مین کوئی مقام السا نہین جہان انھون نے امام باڑہ مسجد و بہرہ سرائے چاہ پل دریا نہ بنوایا ہو۔

نواب شرف علیخان خسر مرزا وزیر علیخان منجملہ خیر خواہان سرکار کمپنی تھے انھون نے جنابعالی کی بہت اطاعت کی ہمیشہ حاضر حضور رہے مقرب خاص تھے پچاس لاکھ روپے کا آنکا گھر تھا انکے بڑے بیٹے شرف الدولہ مرزا محمد عباس داماد نواب صف الدولہ کے چھوٹے مرزا محمد حسین خان عرف مرزا نتھو حضرت خلد مکان نے انکو خطاب نواب وشن الدولہ بہادر دیا تھا مرزا بہادر علیخان مرزا شرف الدین علیخان یہ بھی اونکے بیٹے مختلف البطن تھے یہ چار بھائی دربار جنت آرامگاہ و حضرت خلد مکان مین بڑی عزت سے رہے جنابعالی کے عہد دولت مین نواب شرف علیخان مر گئے آغا ابوطالب خان کے امام باڑے مین دفن ہوے چالیس لاکھ روپیہ کا سب نقد و جنس تھا اولاد و ازواج نے بجہت تقسیم ترکہ جنابعالی سے نالش کی ارشاد کیا موافق سہم شرعیہ تقسیم کیا جاے مرزا جعفر نے کرنل ہیلی صاحب کو سمجھا کر وہ تقسیم شرعیہ نہونے دی معرفت فضل علیخان کے اپنی خاطر جمع کرکے طیبہ بیگم خاص محل مرحوم کے مہر مین سب نقد و جنس مستغرق کر دیا اس عرصے مین جنت آرامگاہ نے بھی انتقال کیا وگرنہ اسی طرح اولاد و ازواج مرحوم کی محروم اپنے حق سے نہ رہتے جب طیبہ بیگم و بے ہیفہ سے حضرت خلد مکان کے عہد دولت مین مر گئین وہ سب ترکہ مرزا محمد عباس و مرزا محمد حسین نے آپسمین برابر تقسیم کر لیا۔ وشن الدولہ نے سب صرف کیا مگر مرزا عباس نے بہت سلیقہ و ہوشیاری و عیش سے صرف کیا۔

نواب قاسم علیخان جب بنارس سے آئے چند روز تک انکی بھی مصاحبت بہت گرم رہی

یہ مرزا حسن رضا خان سے بھی زیادہ موٹے تھے اکثر جناب عالی کی سواری مین بھی ساتھ ہوتے تھے جب جناب عالی گھوڑے پر سوار ہوتے تھے یہ کونسے گھوڑے پر اس جسامت سے سوار ہوتے اکثر جناب عالی پیادہ چلتے تھے انسے باتین کرتے ہوے انکو دو قدم چلنا دشوار ہوتا تھا آخر یہ بھی تنگ ہوکر گھر بیٹھے باقی احوال انکا مشروحاً گذر چکا ہی۔

نواب ناظر محمد تحسین علیخان کے جتنے کوٹھے پنج محلہ وغیرہ اور کارخانجات مع نظارت صاحبات محلات لکھنؤ و فیض آباد تھے سب بدستور رہے بعد مرور چند سال مفصل معلوم نہین کیا سبب مورد عتاب کے ہوے آخر رزیڈنٹی کرنل بیلی صاحب انکی حمایت کرنے سے موافق چٹھی شور صاحب کے اور انکی سرکشی اور مرزا جعفر کی پکڑ کشی کرنے سے خوب بگڑی کوٹھے پنج محلہ مین جتنے تھے سپرد اہتمام مرزا غازی الدین حیدر خلف اکبر کے ہوے نظارت محلات سپرد نواب شمس الدولہ ہوئی جب محمد تحسین علیخان مرگئے اونکا مترو کہ جسقدر دستیاب ہوسکا سرکار جناب عالی مین گیا تنخواہ وثیقہ وائی سوافق اونکی وصیت کے ۸ سو کئی روپیہ کئی آنہ ماہواری کا بحمایت رزیڈنٹ اونکے ملازمین متوسلین پر جاری ہی۔

محمد آفرین علیخان کی مصاحبت تا حین حیات جناب عالی بدستور رہی بلکہ بواسطہ نواب قاسم علیخان جیسا بیان ہوچکا سرکار کمپنی سے تنخواہ ملتی مگر خیر خواہ کے ہے وہی چٹھی شور صاحب کی انکے کام آئی نواب معتمد الدولہ کچھ نکرسکے باعزت گھر بیٹھے رہے ہان میر خدا بخش مرحوم پر جو کچھ ہونا تھا ہوا وجہ خصومت یہ ہوئی کہ جب معتمد الدولہ نیابت اول سے معزول ہوکے خانہ نشین و معتوب جناب عالی ہوے تھے قرضخواہون نے اپنے قرضے کی داد بیداد کی تھی میر خدا بخش نے وہ عرضیان سرکار مین دین حکم قرقی و نیلام کا ہوا میر خدا بخش شریک نیلام ہوے تھے یہ وجہ عداوت کی ہوگئی تھی بلکہ محمد آفرین علیخان نے کچھ سمجھکر انھین منع کیا تھا کہ تمھین کیا ضرور تھا شریک ہونا جب محمد آفرین علیخان نے انتقال کیا مترو کہ نقد و جنس کئی لاکھ کا ضبط سرکار ہوا بدوسرا جاگیر تھی میر خدا بخش نے بڑے صاحب سے عرض کی کہ ہماری تنخواہ وثیقہ بھی مثل محمد تحسین علیخان کے خزانہ رزیڈنٹی سے ملا کرے معتمد الدولہ نے چاہا خزانے جناب عالی سے ملا کرے اس تردد مین ادھر کے ہوئے نہ ادھر کے

بجے صاحب تو اب سے موافق تھے کچھ زیادہ تاکید نہ کی وگرنہ جاری ہو جاتی کئی برس تک میر خدا بخش دربار رزیڈنٹی کرتے رہے روز ڈالی بجے صاحب چھوٹے صاحب کیواسطے بھیجا کیے آخر مر گئے۔

خرچ باورچیخانہ اور دواب یومیہ کا کاغذ جب ملاحظہ فرمایا امور زاید و فضول و تصرفات خیانت کو سر حساب کھا دو باورچیخانے رہے ایک غلام علیخان کے پاس دوسرا محمد روشن کے اہتمام میں اور ایک خوانچہ اطمئہ خاص حسب معمول پہلے محمد تحسین علیخان کے متعلق رہا اور خرچ چلے پانی اسپر ایک انگریز ملازم تھا۔

تقسیم خدمات اہلکاران سرکار کی یہ صورت ہوئی نواب احمد علیخان شمس الدولہ بہادر مرشدزادہ آفاق دوم جرنل فوج و نیابت بشورۂ نواب گورنر جنرل نواب محمد علیخان نصیر الدولہ بہادر دیوان نواب جعفر علیخان عماد الدولہ بہادر کو اخبار ملکی بعد چند روز کے انسے جب درست نہوا دوسرا شخص ہوا رائے رتن چند کو اخبار ڈیوڑھیات اور کوٹ گشتی شہر پرگنہ کو اخبار خفیہ بعد انکے مرنے کے رائے صاحب رام اور رائے جیسکھ رائے کو سرشتہ و حساب باقی عمال رائے مجلس رائے کو بخشیگری تقسیم تنخواہ اشرف الدولہ رمضان علیخان کو دیوانخانہ انکی بہن داخل محلات تعین مرزا اشرف علی کو اہتمام سواری اوسکے بعد انتظام الدولہ مظفر علیخان کو اہتمام ہوا تھا خزانۂ عامرہ خاص و ملکی و مہر خاص سپرد ظفر الدولہ کپتان فتح علیخان معتمد داماد خاص سمجھکر جاگیر نواب گنج ایک لاکھ کئی ہزار کی فقط نواب خاص محل کیواسطے باقی ہر مرشدزادی کے پاس اوسکی مان رہتی تھی پانسو روپیہ ہواری اوسکی تنخواہ سے ملتا تھا سوائے دو تین کے جنکی اولاد نہ تھی۔

عہدنامہ فیمابین نواب گورنر جنرل بہادر و جناب عالی بتصنیف ممالک محروسہ وغیرہ

جب سرجان شور صاحب گورنر جنرل بہادر سے عہدنامہ جدید جناب عالی سے ہوا تصنیف ملک کی شرط تھی جب بعد مسند نشینی کے اسکا تقاضا ہوا عذر رفع سنگامۂ وزیر علی پیش کیا گیا چار برس اسپر بھی گذرے اسکی صورت یہ تھی کہ بعد معرکۂ بکسر فیمابین دولتین عالیین قرارداد یہ تھا کہ آمدنی ملک سے ۶- افی تنخواہ دو کمپنی کا نیز روفع آبادی بجاتی تھی انتظام ممالک محروسہ بمشورۂ صوابدید سرکارین کیواسطے کہ اگر منتظم و تجربہ کار رہونگے نقصان سرکارین ہوگا

پس اگر انصاف کیجیے تو امور جزئی وکلی مین مشارکت سرکار تھی ان وجوہات سے جناب عالی بمجبوری تنصیف ملک پر راضی ہوے گھر کے اتفاق کا حال ظاہر تھا سمجھے کہ بقیہ ملک بلا شرکت ہوگا وہ بھی سوا استدریج مداخلت بڑھتی گئی۔

خلاصہ سنہ ۱۸۰۱ء مطابق سنہ ۱۲۱۶ ہجری نواب گورنر جنرل لارڈ ولزلی صاحب بہادر رونق افروز لکھنؤ ہوے بعد تعارفات معمولی طرفین تنصیف ملک مین یہ رقومات مجرا لیگئی ۲۵ ہزار تنخواہ شاہزادہ ہاے بنارس لاکھ روپیہ سالانہ اولاد حافظ رحمت خان روہیلہ ۱۶ لاکھ سالانہ نواب نامدار جنگ اولاد نواب احمد خان بنگش رئیس فرخ آباد نو لاکھ معافی وار وجاگیردار و یومیہ دار ملک مفوضہ جنکو اتیک جاری ہی بعض کی ضبط سرکار بھی ہوگئی لاکھ روپیہ قصبۂ مچھریٹہ جاگیر نواب مدار الدولہ پچاس ہزار جاگیر الماس علیخان چالیس ہزار جاگیر تفضل حسین خان تنخواہ نواب اشرف علیخان وغیرہ اور تنخواہ دو کنپ مذکور یہ سب مجرا لیکر نصف ملک تقویض حکام انگلشیہ ہوا جسکی جمع ایک کروڑ پینتیس لاکھ روپے ہوتے ہین پس اس صورت مین سوا ے حکومت کے نقصان ایک حبہ کا سوا اکسوا سلے کہ ۶-انی ملک سے جاتی تھی اور سود اقساط اسکے سوا ہو جاتا تھا عوض نقدی کے ملک یا اور ۲ انی مین یہ رقومات مذکور یہ عقلا کے نزدیک قیمۃ اوسی قدر ملک ہی جو عہد دولت نواب آصف الدولہ مین تھا بلکہ جاگیر ہو بیگم صاحبہ گونڈہ و بھیم رات اب بڑھگئی اور علاقۂ کھیری گڈھ کرور روپے کے سود مین زیادہ ہوا عوام کو البتہ تاسف ہوتا ہی اور اصل حساب اور حرکت عقلی کو اکثر نہین پہونچتے اسپر بھی بلطائف الحیل چار برس تک ٹالا آخر جب کچھ نہو سکا مجبور ہوے چنانچہ ایک دن کرنل اسکاٹ صاحب رزیڈنٹ نے تنگ ہو کر مولوی سدن وکیل جناب عالی سے کہا اور اپنی کرسچ نکال کر میز پر رکھدی کہ اسکا جواب لاؤ مولوی نے کہا اسکا جواب بعد معرکہ یکسر ختم ہو چکا اب کسکی مجال جواب ثانی کی ہو مولوی نے جناب عالی سے مشروحاً عرض کیا حکم ہوا کہ عمال سے کاغذ ملک طلب کرکے صاحب رزیڈنٹ کو بھیجدو بعض اہلکاران کورنمنٹ نے شمل الماس علیخان بخوف حاکم سے حقیقت حال جمع خام کا کاغذ نہ دیا وگرنہ اس توفیر مین ملک توفیر پر جاتا نقصان بھی نہوتا مگر جنھون نے ازراہ نمک حلالی شمل مرزا مہدی علیخان ناظم بریلی وغیرہ نے جمع خام کھولدی وہ اسی سبب سے دھرے گئے قید مین مرگئے

حسین علیخان اونکے شریک حال تھے ٹاٹ والٹ دیا انکے پاس بھی دہ روپیہ نزد معلوم ہوا کیا ہوا کہان گیا۔

عہدنامہ جواب سوال فیمابین سرکارین

۱۵- فروری ۱۸۰۱ء مطابق ۱۵- شوال ۱۲۱۵ھ نواب وزیر الممالک نے فرد سوالات نواب مستطاب علی القاب اشرف الامرا مارکوئیس ولزلی صاحب بہادر کے پاس بھیجی اور طلب منظوری سوالات ہوے نواب مختشم الیہ نے بعد غور تامل ہر ایک دفعہ سوال کا جواب بھیجا پھر جنابعالی نے ۲۲ ماہ مذکور کو دوسری فرد متضمن تجویز کم وزیادہ اون جوابون کی بھیجی چنانچہ ۲۴- ماہ مسطور مطابق ۲- شوال عند الملاقات فیمابین نواب گورنر جنرل وجنابعالی باب سوالات اصلی اور اوسکی تجویز کم وزیادہ مین تفصیلاً گفتگو ہوئی آخر بنا یہ ٹھہری کہ بعض دفعات فرد سوالات مرقومہ سے بالکل قلم انداز کیجائین اور جواب دفعہ سوم حسب تجویز جناب عالی قرار پاوے اور یہ امر بھی طے ہوا کہ ایک شخص انصرام کاروبار کیواسطے مقرر ہووے چنانچہ مرشدزادہ دوم مرزا احمد علیخان نواب شمس الدولہ بہادر اس عہدۂ خاص پر بمنصب نائب مقرر ہوے اور نواب گورنر جنرل نے کیفیت اون اصول مناسب فیمابین دولتین اور قواعد اور ضوابط کی جو رقم نواب مختشم الیہ مین حسب حال دونون سرکارون کے تعمیل اور ترویج اسم ورویہ از روے عہدنامہ مورخۂ دسوین ماہ نومبر ۱۸۰۱ء مطابق ۱۲۱۶ھ منہج ومتفرع ہر بموجب اوسکی تعمیل مین آوے صلاحاً اظہار فرمایے لہذا نظر رفع اشتباہ مقدمات سوال و جواب جو از روے نوشت وخواند ومطارحات مذبور عمل مین آئے اور اقرار پا چکے تھے اور نواب گورنر نے کیفیت فیصلۂ مقدمات مذبور اس وثیقے مین قلمبند فرمائی اوسپر اپنی مہر اور دستخط کیے اور اڈمسٹن صاحب بہادر سکرٹر اعظم جو واسطے فہمایش فیمابین بموجب حکم نواب گورنر جنرل اس وثیقے پر اپنے دستخط کیے۔

سوال وصول زرہاے واجبی عمال وغیرہ سے بطور سابق کسی کی حمایت وطرفداری سے کوئی نکرے بلکہ ممد ومعاون سرکار ہو اگر دلمان کے صاحب کو کسی امر مین ممانعت حضور منظور ہو تو حضور مین اظہار کرین سوا سطے کہ غیر واجبی اصلا منظور حضور نہین یا اثبات حقیت

اپنی کرے سمجھا دیا جائیگا یا وہ حضور کو سمجھا دینگے اس صورت مین موافق اونکی مرضی کے کیا جائیگا اور کسی پہ اختلاف پیدا مین بھی ظاہر نہوگا۔

جواب یہ بات مستحسن و بجا ہی موافق مندرجہ عمل مین آئیگی حضور سے جسطرح اوسکا دریافت کرنا واسطے ثبوت حقیت کے ضرور ہی اسناد و دلائل سے ثبوت حقیت وغیرہ صاحب رزیڈنٹ سے اطلاع کرکے اثبات کیا جاویگا۔

سوال سررشتہ عدالت جسمین اصلا اپنی نفسانیت منظور نہین ہی فقط اجرائے احکام شرعی و ادائے حقوق و ضمانت نفس و احوال عباد کیواسطے مقرر کیے گئے لازم کہ سب جمع بعدالت کرین اور اگر کوئی رجوع عدالت سے انحراف کرے تو اہالی سرکار اوسکے ارجاع عدالت مین ممد و معاون رہین۔

جواب یہ بات مقتضیات دانائی سے بہت موقع و بجا ہی۔

سوال جناب والدہ صاحبہ قبلہ کو اپنا بزرگ جانتا ہون اونکا پاس و ادب عزت و احترام بہرصورت مجھے منظور ہی اونکی اصل و آمدنی جاگیر اور سب جاگیرداروں سے مجھے سروکار نہین ہی لیکن اجرائے احکام عدالت و انفصال قضایا و دادخواہی مظلوم و اقامت حدود و قصاص وغیرہ امور متعلقہ عدالت شہر لکھنؤ و فیض آباد اور سب جاگیرات بدستور تمامی ملک متعلق سرکار میری طرف سے ہوگا یہ امور رئیس سے متعلق ہین اسواسطے کہ بوجہ من الوجوہ ظلم و ستم نہ پہونچے اونکے اہلکار اصلا اوسمین دخل نکرین کہ شرکت حکومت مین نہوجائے اور یہ موجب اونکی بزرگی کا ہی جو منظور ہو مجھسے کہلا بھیجین اوسکا بخوبی سرانجام اپنے اہلکارون سے کرادونگا اور حال یہ گذرا کہ فیض آباد مین اونکی جاگیر مین اکثر کشت و خون ہوے اور جو سرکار سے لکھا اور کہا گیا اوسپر اصلا اعتناع نکی اور بھائی صاحب قبلہ کے عہد دولت مین انفصال قضایا ے جاگیرات متعلق سرکار تھا یہ مقدمات مؤثر ریاست ہین۔

جواب اجرائے احکام عدالت جاگیر جناب عالیہ مین چاہیے کہ اختیار جناب عالی مین ہو اور اہلکار جناب عالیہ کو بھی چاہیے کہ وہان کی عدالت مین رجوع کرین اور اقامت اور اجرائے اختیار محکمات عدالت مین اہالیان سرکار کیطرح ممد و معاون ہونگے۔

سوال از شفقت و محبت دار اب علیخان کو بلوا کر حکم دیدیجیے کہ سوا جاگیر کے املاک و اراضی بازار باغات وغیرہ املاک ہر الہکاران جناب موصوفہ نے جہت وسند چار برس سے قبض و تصرف کیے ہین اور اسپر اعتضاد دوستان گرامی قدر جان لسٹن صاحب بہادر اور اونکے منشی مولوی غلام قادر خان اور آدمی مثل الماس علیخان دار اب علیخان گواہ و شاہد مطلع و آگاہ ہین اور آگے جناب الدہ صاحبہ بھی اسپر اقرار کر چکی ہین اور سب ہلکا مثل جیسکہ رسالے وغیرہ جانتے ہین اور اونکا کاغذ موجود ہی اور یہ موجب نقصان کثیر سرکار ہوتا ہی اب سرکار کو تاب تحمل نقصان نہین رہی اوسے چھوڑین اور جو محاصل تحصیل لیا ہی پھیر دین تا رفع نقصان سرکار ہو یہ بات موافق اونکے قرارداد کے ہی۔

جواب گورنر جنرل بہادر کو منظور ہی کہ سب مقدمات روبکاری فیما بین جناب عالیہ غور و تامل سے سمجھکر تصفیہ امور فیما بین از روے آئین و انصاف بر سبیل دوام کرین۔

سوال از راہ شفقت چند احکام نواب صاحب مہربان مستظہار مخلصان آنریبل ہنری ولزلی صاحب بہادر لکھدین ایک یہ کہ قراری ملک سرکار کو اصلا اپنے پاس سے نہ دین اگر سرکار طلب کرے بھیجدین وگرنہ اپنے پاس سے نکال دین۔

جواب سب مجرم طرفین سے مفوض ہونگے لیکن رعایا دونون سرکار جو متہم جرائم مستوجب قتل و قصاص کے نہون اونھین اجازت ہو کہ بلا مزاحمت ایک دوسرے کے ملک مین جا دین و اگر چاہین ملک دوسرے مین رہین۔

سوال دوسرے یہ کہ ہر شخص متوسلان سرکار سے جو درخواست اجارہ لینے کی منجملہ جائداد کے کرے اوس سے لکھوا لیا جاے اگر با قیدار سرکار ہوگا کام نپائیگا اور اگر نہوگا پائیگا اور بعض عمال سرکار جنکی ملک جائداد بحال رہی ہی اور نذر سرکار اونکے ذمے باقی ہی اونکے تومہ کا روپیہ اپنے حساب مین مجرا لیجیے یا اونھین سپرد سرکار کیجیے کہ زر واقعی اونسے لیکر رخصت کر دیا جائیگا اور بعد قراغت سرکار سے ہر قسم کا معاملہ اونسے منظور ہو کیا جاے۔

جواب جو باقیات بالفعل ہین آیندہ واجب الطلب سرکار جناب عالی ہوا انفصال اوسکا جس میعاد مین طول نہ کھینچے عمل مین آئیگا قرارداد اوسکا باقیداروں سے لیا جاے اور عمل سرکار جناب عالی سے بالفعل کسیکے ملک مین جائداد علاقہ نہین رہی۔

تیسرے یہ کہ اکثر باغات املاک سرکار سے ملک مین جسکی جائداد مین فوج انگریزی کو دی گئی ہی واقع ہین اور تحصیل ملکی سے تعلق نہین چنانچہ بنارس مین اتبک املاک سرکار تصرف سرکار مین باقی ہی ازراہ شفقت حکم دیجیے کہ املاک سرکار کو جو جائداد ملک ہی چھوڑدین کہ تصرف سرکار مین رہے اور تفصیل املاک باغات جو جائداد مین ہین لکھکر دیجائیگی۔

جواب املاک وغیرہ از قبیل مندرجۂ اس فقرہ کے جواز آن سرکار جناب عالی ہین اور تصدیق اسکی کیفیت کی گورنر بہادر پر واضح ہوا لیتہ سپرد اہلکاران جناب عالی ہوگی۔

چوتھے یہ کہ معالات جائداد فوج انگریزی مین محض بپاس خاطر کہ نواب صاحب موصوف کے آنے سے فرور جانکر بتبعیت و مرضی و اتباع حکم سمجھکر دی گئی جتنے مساجد و مقابر و امام باڑے جائداد ملک مین ہین تاکید مزید حکم دیا جاے کہ کوئی اونھین مسمار و ویران و خراب نکرے۔

جواب بموجب مضمون اس فقرہ کے حکم دیا جائیگا۔

سوال سپونچانے مبلغ کا بابت گھاٹون الہ آباد کے سرکار مین اقرار تھا چار برس گذرے اور مکرر یہان کے صاحب سے کہا اور لکھا گیا اتبک نہین ملا موجب نقصان مبلغ خطیر سرکار ہوا حکم دیا جاے کہ موافق قرارداد کے ملے۔

جواب در باب سمجھا دینے حساب تحصیل گھاٹون الہ آباد کے حکم دیا جائیگا۔

سوال عہدنامہ وغیرہ کے بھیجنے کو فرمایا تھا اتبک نہین بھیجا یاد کرکے بھیجنا چاہیے۔

جواب عہدنامہ بھیجدیا جائیگا۔

سوال حضور نے تجویز کیا ہی کہ دوسرا بٹیا یعنے احمد علیخان بہادر عہدۂ اہلکاری مین واسطے اجراے امورات متعلقہ سرکار سے مقرر ہو۔

جواب یہ بات نواب گورنر جنرل بہادر کو منظور و مقبول ہو چکی ہی کہ نواب احمد علیخان بہادر اہلکار جناب عالی ہون۔

اب یہ مقام غور و فکر ہے کہ بڑے بیٹے نواب غازی الدین حیدر خان بہادر تھے وہ کیون نہ اہلکار و نائب بنائے پسر دوم کیون ہوئے اور سرکار نے بعد انتقال کیون انھین مسند نشین کیا انھین نہ کیا کس وجہ سے مناسب جانا بڑا بیٹا ہونا یہ کیا وہ نجانتے تھے بس اتنا کافی ہے کہ اونسے عملۂ سرکار ہندوستانی جو مشیر صاحب رزیڈنٹ تھا اور زبان صاحبزادگی سے چاشت خور ہو رہا تھا یہ وجہ ہوئی اور یہ مطمئن تھے کہ جسطرح حین حیات مین کارفرما ہون بعد بھی یونہین مستحق ریاست ہونگا دوسرے یہ کہ بتجویز نواب گورنر جنرل مقرر ہو چکا ہون اس جہت سے کیون اپنا نقصان جہت کرتے اور اونکو تردد و شک اپنے ہونے مین تھا اس جہت سے موافقت کی تھی کہ بروقت کام آئیگی۔

سوال اشفاق نواب گورنر جنرل سے توقع ہے کہ یہان کے رزیڈنٹ کو اپنے روبرو جمیع ان سب مراتب کو واسطے تعمیل کے سمجھا کے فرماوین اور تقید کیجاے کہ بعد آپ کی تشریف فرمائیکے جب وانگی حضور کو منظور کسی طرح سے حرج و توقف نہو اور مہیاے اسباب مین حضور کے ساتھ شریک رہین۔

جواب موافق استدعاے جناب عالی اس مقدمے مین ۲۴ - فروری ۱۸۰۲ء مطابق ۲۰ شہر شوال ۱۲۱۶ ہجری سب مراتب تاکیدات ضروری روبرو ے جناب عالی صاحب رزیڈنٹ کو نواب گورنر جنرل بہادر نے اپنی زبان سے سمجھا کر کہدیے ہین۔

اب تحریر اصول تناسب فیما بین دولتین اور قواعد و ضوابط کی تعمیل و ترویج رسم و رویہ دونون سرکار کی جو حسب حال ایک دوسرے کے بموجب اوسکے مرعی ہو بر سبیل اجمال بیان کیے جاتے ہین۔

از روے مضمون عہدنامہ فیما بین دونون سرکار کمپنی انگریز بہادر و سرکار جناب عالی معروضۂ دہم ماہ نومبر ۱۸۰۱ء چاہیے کہ حکومت سرکار جناب عالی درمیان ممالک مقبوضۂ معظم الیہ مقرر و مستقل ہو اور باہتمام اہلکار اور نوکران جناب عالی اجرا پاوے اسواسطے کہ اہل سرکار کمپنی انگریز بہادر نے کفالت استقرار و استعمال اختیار جناب عالی کی درمیان ممالک مذبور اپنے ذمے لی ہے چنانچہ نواب گورنر جنرل بہادر جادۂ تعمیل اس قرارداد سے

کبھی انحراف نہ کرینگے اور جناب عالی متعالی نے اقرار فرمایا ہو کہ بقیۂ ملک سرکار مین ایسا سرشتہ بندوبست جو موجب رفاہ خلائق اور حفاظت جان و مال سکنہ و رعایا اوس سے بخوبی ہو مقرر اور اجرا فرمائینگے و رویۂ و سرشتہ بندوبست باہتمام عملہ و فعلہ جناب عالی اور بذریعۂ اختیار جناب عالی مقرر و معین ہوگا اور جناب عالی نے ایسا اقرار فرمایا ہو کہ ہمیشہ اہالی سرکار کمپنی انگریز بہادر سے مستشیر ہوکر موافق صلاح اہالی سرکار موصوف ہمیشہ عمل مین آئیگا پس اقرار جناب عالی اس دستور پر ہو کہ جناب عالی تقریر سرشتہ مین ایسے بندوبست درمیان ممالک مقبوضہ اپنے بلکہ جمیع امور ریاست متعلقۂ ریاست واری مین اور اجرائے اختیار مستقلہ اپنے مین استصواب اہالی سرکار کمپنی بہادر سے ہوگا اور موافق صلاح اہالی سرکار موصوف کار فرما ہونگے اور اسکی صلاح اہالی سرکار موصوف کیطرف سے ہمیشہ بر سبیل دوستانہ موافق قواعد محرمیت و اتفاق و لوازم مراتب طرفین سے عمل مین آئیگا اور مقدمات عظیمہ جو اظہار مراتب مافی الضمیر نواب گورنر جنرل بہادر خدمت جناب عالی مین بلا واسطہ غیر ضرور و ممکن ہو نواب گورنر جنرل بہادر مدارج صوابدید و صلاح دہی سرکار انگریز بہادر کیطرف سے بلا واسطہ دوسرے کے خواہ بالمشافہہ خواہ بذریعہ اپنے مکاتبات کے اطلاع جناب عالی سے کرینگے لیکن واضح ہو کہ صاحب جانشین بلدۂ لکھنؤ اپنے عہدہ مین بمنزلۂ قائم مقام سرکار انگریز بہادر مقرر و معین ہین اور سب امور مین واسطہ سترہ سوال و جواب فیما بین دولتین متصور ہین اس صورت مین صاحب موصوف امور رسمیہ مین مراتب صلاح و صوابدید سرکار انگریز بہادر کو نواب گورنر جنرل کیطرف سے خدمت جناب عالی مین گزارش کرینگے اور جسوقت اور بروقت گزارش ایسے امور صلاح و صوابدید کا اتفاق پڑیگا جناب عالی اوسے بمنزلۂ کلام بروقت نواب گورنر جنرل تصور فرمائین اور جب نوبت صلاح دہی صاحب موصوف کا اتفاق ہو صاحب موصوف حتی الامکان مراتب صلاح و صوابدید کو از روے احکام کلکتہ یا ایماے محض نواب صاحب ممدوح کو بعرض اظہار کرین اور طریق صاحب موصوف جو لوازمۂ صلاح دہی ہو بکمال موافقت و یکدلی عمل مین لاوین حتی الوسع اسلوب کامون مین جناب عالی سے موافق و متفق رہین اور جو تدبیرین موافق صلاح و صوابدید سرکار انگریز بہادر سے

قرار پاوے تعمیل و ترویج مین اوسکی فقط از روے اختیار اور اہتمام اہلکاران جناب عالی بصدق باطن اور باتفاق جناب عالی مساعی جمیلہ کرین اور ادون مقدمات مین جو مستوجب اعانت سرکار انگریز بہادر یا کمک فوج انگریزی ہو امداد و اعانت حسب ضرورت وقت پر عمل مین آئینگے پس صاحب رزیڈنٹ کو چاہیے کہ سب حالات مین حفظ مراتب عزت و شان و شوکت و پاس خاطر و حسن سلوک نسبت جناب عالی بدرجۂ کمال لاوین اور سب مقدمات مین موافقت یکدل جناب عالی سے رہے اور صاحب موصوف کو نہ چاہیے کہ بے مشورۂ جناب عالی اہلکاران جناب عالی سے امور ممالک مقبوضۂ جناب عالی مین عمل کرین اور جس امر مین فیمابین جناب عالی و صاحب رزیڈنٹ کے اتفاق پڑے جبتک نقشۂ تدبیر قرار نہ پاوے صاحب موصوف کو نچاہیے کہ اصلاح سبقت اوسکے اصلاح کی دہی سے کرین بلحاظ قواعد مذکور اور نواب گورنر جنرل بہادر کو ترصد کلی ہو کہ جناب عالی مطابق اصلاح و گزارشہاے صاحب موصوف کے مجوز کارفرمائی کرینگے پس اب کوئی مقدمہ جو مشکل رکھتا ہو فیمابین دونون سرکار کے باقی نہین رہا نواب ممدوح کو جاے واثق ہو کہ آیندہ اجراے کاروبار مین کسی طرحکی رنجش ظہور مین نہ آئیگی۔

دفعۂ اول نواب وزیر الممالک نے منجملۂ ملک مقبوضۂ خود محالات مفصلۂ ذیل کو مع حق التحصیل بمجموع مبلغ ایک کرور پینتیس لاکھ روپیہ سکۂ حالی لکھنؤ کے وجہ اخراجات قدیم و جدید مین فوج سرکار کمپنی انگریز بہادر کے جو واسطے حفاظت ملک سرکار کے مقرر ہے اور وجوہات مصارف بیگمات اور مرشدزادہ ہاے مقام بنارس اور مشاہرہ ہاے متعلقۂ فرخ آباد بسبیل دوام و استقلال اہالی سرکار انگریز بہادر تفویض کیا گیا ہے

جمع ..... ایک کرور ۔۔۔ لاکھ ۔۔۔ روپیہ

تفصیل چکلۂ کوڑا و کٹرا و چکلۂ اٹاوہ ۔۔۔ لاکھ ۔۔۔ روپیہ

رسید وغیرہ ..... ۔۔۔ لاکھ ۔۔۔ روپیہ

فرخ آباد وغیرہ ..... ۔۔۔ لاکھ ۔۔۔ روپیہ

کھیری گڈھ وغیرہ ..... ۔۔۔ لاکھ ۔۔۔ روپیہ

اعظم گڈھ وغیرہ ..... سے لاکھ ... لما للاعہ ۷ ر
گورکھپور بٹول وغیرہ ..... ۵ لاکھ للاعہ ... لما للاعہ ۸ ر
گورکھپور ..... ۵ لاکھ للاعہ ... لما ... ہ
بٹول ..... للاعہ
صوبۂ الہ آباد وغیرہ ..... لاکھ للاعہ ... ما ... ہ ۱ ر
چکلۂ بریلی و آصف آباد کلوری ..... للاعہ لاکھ اما موصہ ۱ ر
نواب گنج بریلی وغیرہ ..... لاکھ لاعہ ... ما ر للاعہ
مائل وغیرہ سوائے تعلقۂ اول ..... لاکھ ... ما ... للاعہ

عہد و میثاق جو فیما بین دونون سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر و نواب وزیر الممالک ہندوستان یمین الدولہ نظم الملک نواب سعادت علیخان بہادر مبارز جنگ کے در باب تفویض بعض محالات ملک متعلقہ مین نواب وزیر الممالک موصوف نے بتصرف اہالی سرکار کمپنی انگریز بہادر بر سبیل دوام و استقلال مبادلۂ اقساط قدیم و حال جو ذمہ نواب وزیر الممالک بہادر واجب الادا ہین بتوثیق و استحکام تمام موثق و مستحکام کیا۔

اس شرح سے کہ بموجب عہدنامہ سابق جو فیما بین دونون سرکار بحفاظت ممالک محروسہ نواب وزیر الممالک بہادر تھا جمیع معاندین بیرونی و اندرونی سے اہالی سرکار کمپنی انگریز بہادر نے اپنے ذمے لیا ہے اور جناب وزیر الممالک بہادر نے واسطے عہدہ برائی اس ذمہ داری کے اہل ریاست کمپنی کے ساتھ مبلغ لاکھ روپیہ سالانہ وادنی مقرر کیے ہین اور ادائے اخراجات فوج بھی جو تعداد مشروحًا عہدنامۂ مذکورہ زائد ہو جو واسطے حفاظت ملک سرکار کے ضرور جانی گئی ہو نواب صاحب موصوف نے عہدنامۂ مرقومہ مین اپنے ذمے لیے ہین چنانچہ درینولا مستحسن و مناسب یہ ہوا کہ اخراجات مذکورہ اوس طور سے مقرر و معین ہون کہ من بعد حرف کم و بیشی درمیان نہ آوے اور سرکار کمپنی کو حصول زر اخراجات کی طرف سے بروقت بسبیل دوام و استقلال اطمینان کلی ہو لہذا از بدل منہری ولزلی صاحب بہادر

اور لفٹنٹ کرنل ولیم اسکاٹ صاحب بہادر نے نواب معلی القاب گورنر جنرل اشرف الاشراف مارکوئیس ولزلی صاحب بہادر بحسب اختیار دہی نواب معظم الیہ کیطرف سے اور نواب زیر المالک بہادر ہندوستان یمین الدولہ ناظم الملک سعادت علیخان بہادر مہاراز جنگ نے بذات خود اور اپنے وارثون کیطرف سے بھی نسلاً بعد نسل وبطناً بعد بطن اس عہدنامے کو متضمن تفویض بعضے محالات ملک متعلقۂ سرکار کو اہالی سرکار کمپنی انگریز بہادر کو بہ سبیل دوام واستقلال بمعاوضہ ومبادلہ اقساط قدیم مقدمہ اور جمیع اخراجات بابت محافظت ملک محالات مرقومہ جس وضع کہ لغایت سنہ ۱۲۰۵ فصلی متعہد عمال سرکار رہا ہے تفویض اہالی سرکار کمپنی انگریز بہادر کے کیا ثانی الحال مواخذہ وبیات وارضی جو پیشتر سالہا سال سے داخل یا خارج عملدرآمد چلے آئے مسموع ومقبول نہوگا۔

دفعۂ دوم اقساط قدیم بموجب دفعہ عہدنامہ سنہ ۱۷۹۸ء یکہزار ہفتصد نود وہشت سال سے ذمۂ نواب زیر المالک مقرر ومشروط حفاظت ملک پر ہے اب وسکی جائداد اور جائداد اخراجات جدید فوج سرکار سے دیے گئے کسی وجہ سے اخراجات فوج بابت حفاظت ملک وغیرہ ذمۂ نواب صاحب معظم الیہ متعلق نرہیگی اور واسطے محافظت ممالک محروسۂ اودھ وغیرہ خواہ مفوضۂ سرکار کمپنی انگریز بہادر خواہ تبقیۂ ملک مقبوضۂ جنابعالی متعالی مین اگر ضرورت فوج پڑے اوسکے اخراجات ذمۂ نواب صاحب ممدوح متعلق نرکھین گے۔

دفعہ سوم حفاظت بقیۂ ملک سرکار جمیع معاندان بیرونی واندرونی سے اہالی سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر نے اپنے ذمے لی ہے بشرطیکہ تعلق افواج کمپنی بقیہ ملک سرکار رہین جہان اہالی سرکار کمپنی مناسب جانین اختیار اہالی موصوف مین رہینگی اور نواب زیر المالک بہادر چار پلٹن پلٹنگا ایک پلٹن نجیب پیادے اور سواری کی اور دو ہزار سوار اور تین سو گولہ انداز نوکر رکھکر بقیہ فوج برطرف کردینگے مگر پیادے سہ بندی نجیب کے واسطے تحصیل کے اور تھوڑے سے سوار و نجیب ہمراہی عمال کیواسطے ضرورت پڑیگی نوکر رکھ لینگے۔

دفعہ چہارم فوج انگریزی بقدر ضرورت مع لوازمۂ توپخانہ خدمت جنابعالی متعالی مین حاضر رہیگی۔

دفعہ پنجم جبتک کہ مقصد اصلی و مطالب اقعی دفعہ اول و دوم و سوم و چہارم اس عہدنامے کا بوجہ احسن منکشف ہووے اور دقیقہ دقائق سے مہمل و مشتبہ نرہے بیان کیا جاتا ہے کہ تفویض اس ملک عوضی کی بالکل اقساط قدیم و جدید پر اخراجات حفاظت ملک جناب عالی کے ہر سن بعد کمپنی انگریزی بہادر خواہ بوجہ اجتماع فوج مین واسطے مقابلہ و مدافعہ دشمنان بیرونی کے خواہ بابت پہونچانے فوج کے واسطے تدارک ہنگامہ پردازان اندرون ملک نواب موصوف کے یا بوجہ اقامت فوج انگریزی تعیناتی حضور مین خواہ تبدیل چھاؤنی افواج انگریزی مین خواہ بابت کمی تحصیل محالات مقبوضہ بوقوع آفت سماوی ارضی یا بسبب رسد امداد جنگ وغیرہ اون محالات مین اور اور اخراجات بوجہ سن لوجوہ دعوی اور مطالبہ سرکار نواب زیدالممالک بہادر مین نکرینگے ۔

دفعہ ششم محالات جو بطبق مضمون اس عہدنامے کے تفویض کمپنی انگریز بہادر ہون بالکل اقتدار و اختیار سرکار کمپنی اور اہتمام اہالی سرکار موصوف مین رہینگے اور بعد تفویض جائداد کمپنی انگریز بہادر مین جسقدر ملک کہ سرکار مین باقی رہیگا اوسکی بقا بر سبیل دوام و استقلال سرکار جناب زیدالممالک بہادر مین نسلاً بعد نسل و بطناً بعد بطن ضمانت سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر مین اور اختیار جناب عالی متعالی اوس بقیہ ملک مین رہیگا جناب عالی متعالی اقرار کرتے ہین کہ بقیہ ملک اپنی سرکار مین سرشتہ بندوبست جو موجب رفاہ خلائق اور حفاظت جان و مال سکنا و رعایا ایسا بخوبی کیا جاے باہتمام عملہ و فعلہ اپنے مین مقرر اور جاری کرینگے اور جناب عالی بھی بقیہ ملک سرکار مین موافق صلاح و مشورہ دہی اہالی سرکار کمپنی انگریز بہادر ہمیشہ عمل مین لائینگے ۔

دفعہ ہفتم مکانات و محالات درجہ اول اس عہدنامے کے ابتداے سنہ ۱۲۱۳ فصلی مطابق ۲۲ ستمبر سنہ ۱۸۰۱ ع سپرد اہالی سرکار کمپنی انگریز بہادر ہونگے اور آمد خلت اہالی سرکار کمپنی محالات مقبوضہ جناب عالی متعالی مین موافق زر اقساط و اخراجات بابت فوج جدید سرکار سے پہونچائینگے اور اہالی سرکار کمپنی موصوف بعد مد خلت کے دعوی زر اقساط اخراجات فوج جدید سرکار جناب عالی سے نکرینگے ۔

دفعہ ہشتم دستور العمل اسطے اجرائے امور تجارت کے بصلاح ہمدیگر جو موجب مفید ممالک دونون سرکار ہوگا بلا تعرض جاری رہیگا یعنی کشتیان آمد و رفت دریائے گنگ یا اور دریا جو فیما بین سرحد دونون سرکار کے ہون مزاحمت بعلت محصول نہ ہوگی اور مواخذہ محصول کشتیون مرقومہ سے بوجہ لگان بے آنکہ مال کو بارادۂ فروخت کشتی سے اوتارین ظرفین مین نہ لیا جائیگا یا مقرر محصول اجناس نفتی اپنے ملک پیداور آمدنی ملک دوسرے مین اوسیقدر جو زیادہ محصول مروجہ حال سے نہو باختیار و اقتدار دونون سرکار کے ہوگا اور یہ بھی اقرار پایا ہے کہ درخواست معافی محصول اجناس خریدہ بقیہ ملک جناب عالی بابت مصارف افواج کمپنی انگریز بہادر متعلقہ ملک مقبوضہ بوجہ معمولات بعد سپرد گی ملک عمل مین نہ آئیگی۔

دفعہ نہم دفعات عہدنامہ سابق تبوسیق و استحکام بیانی محبت و اتحاد فیما بین دونون سرکار بحال و برقرار رہینگی اور دفعات اس عہدنامے کی بھی اوسکی مبطل نہین ہین بحال و برقرار رہینگے اور مرتسم و مضبوط دونون سرکار کے رہینگے۔

دفعہ دہم یہ عہدنامہ مختصر دس دفعہ کا دوسری شہر رجب ۱۲۱۶ھ بارہسو سولہ ہجری مطابق ماہ نومبر ۱۸۰۱ء عیسوی بلدۂ لکھنؤ مین لکھا گیا آنریبل ہنری ولزلی صاحب بہادر و لفٹنٹ کرنل ولیم اسکاٹ صاحب بہادر نے نقل اس عہدنامے بزبان انگریزی و فارسی مہر و دستخط اپنے سے حوالہ جناب عالی متعالی کی ہوا اور جناب عالی متعالی نے بھی اوسکی ایک نقل فارسی انگریزی مزین اپنی مہر و دستخط سے صاحبان موصوفین کے حوالہ کی اور صاحبان مرقومین اقرار کرتے ہین کہ شرائط اس عہدنامے کے ۳۰ دن کے عرصے مین مزین بدستخط و مہر نواب معلی القاب گورنر جنرل اشرف الاشراف مارکوئیس ولزلی صاحب بہادر حاصل کرکے حوالۂ جناب عالی متعالی کرینگے اور عہدنامۂ مہری اور دستخطی پھیر لینگے اور عہدنامہ مختصر دس دفعہ کا دوسوین ماہ نومبر ۱۸۰۱ء مطابق ۲۰ ماہ رجب ۱۲۱۶ھ بارہسو سولہ ہجری توسط آنریبل ہنری ولزلی صاحب و لفٹنٹ کرنل ولیم اسکاٹ صاحب بہادر بموجب اختیارنامے کے جو طرف نواب گورنر جنرل بہادر سے صاحبان موصوف کو دیا گیا نواب زیر الممالک بہادر سے بلدۂ لکھنؤ مین لکھا گیا۔

اگرچہ ضرورت تحریر ایسے عہدنامجات کی کتاب مین نہ تھی لیکن واسطے کہ ہر دفتر ضلع مین

موجود ہین لیکن بخیال عبرت الناظرین مشاہدۂ آغاز و انجام کے واسطے مندرج کتاب کیا۔

بنائے کربلای تال کٹورہ مملوکۂ محمد الماس علیخان حسب الحکم جناب عالی

ابتدلے جلوس مین کئی برس تک جناب عالی واسطے تفریح طبع کے نشاط باغ مملوکۂ راجہ ٹکیت رائے مین رونق افروز ہوکر عیش و عشرت فرمایا کرتے تھے اور اہل شہر تعزیہ و زعا شورہ کو تالاب سپہ پر یا مقام پداوسین دفن کیا کرتے تھے ایکدن وقت صبح سواری باغ انبہ تال کٹورہ سے گذری اوسوقت نسیم سحری کا چلنا طیور خوش آہنگ کا آسمین چہکنا ہر شاخ درخت پر فصل بہار مین سب کے مطبوع ہوا جناب عالی نے نواب قاسم علیخان سے فرمایا اگر ایسے مقام پر اہل شہر تعزیہ دفن کیا کرین تو بہتر اوس سے ہو یہان صحرائیت زیادہ ہو سبھون نے باتفاق عرض کیا سبحان اللہ حضور نے کیا خوب جگہ تجویز فرمائی ہو واقعی عجب مقام تفریح و دلچسپ ہو پس بموجب ارشاد کے پہلے نواب قاسم علیخان نے ایک چھوٹا حصار گرد جنگلہ چوبی کا بنوا کر وسط چبوترہ مین بہت سے تبرکات مشاہد مقدسہ دفن کیے چنانچہ ابتدا مین تعزیہ چہلم جو بہت کم اوٹھتے تھے اوسی کے صحن مین دفن ہوتے تھے اور اکثر نواب قاسم علیخان اپنی مجالس نذری وہین کرتے تھے خود مرثیہ پڑھتے تھے مومنین کو مجلس مین پلاؤ بھی تقسیم کرتے تھے دیہات قریب شہر کے عملداری محمد الماس علیخان مین تھے حسب الحکم جناب عالی پچاس بیگھہ پختہ زمین کا حصار کیا گیا ایک قبہ خاص علیحدہ کیا والان بہت بڑا دو درجہ شرق سے غرب تک شاید سو گز ہو بنوایا وسطوالان مین تعزیہ منبر واسطے مجلس کے اور پہلو کے درجۂ اول عورات کے واسطے دوسرا مردون کے واسطے بنا دیا حاجی مسیتا دارو غۂ عمارت تھے انکو حکم ہوا کہ تم بنواؤ انھون نے میان سے عرض کی کہ مین بھی تعزیہ دار ہون ایک احاطہ اسمین سے میرے واسطے عنایت ہو چنانچہ دوسرا احاطہ شامل احاطۂ اول کا اونھون نے بنوایا مٹی جو ایک جگہ سے لیکر گرد کی دیوار وغیرہ بنی وہ تالاب ہو گیا اوسکا نام تال کٹورہ رکھا میان حیدر بخش چلیہ میان نے کنارہ تالاب پر اکمرہ بنوایا اب نوچندی ہر مہینے کی ہونے لگی ہزارہا آدمی زن و مرد جمع ہونے لگے مجالس ہونے لگین و دفن مومنین بھی شروع ہوا حاجی مسیتا بھی پہلے مومنین للہ دفن کیا کرتے تھے جب زمانہ دوسرا ہوا اونکی اولاد کا وسیلۂ رزق ہو گیا پہلے نوچندی کالے پہاڑون پر کنارۂ شہر

اکبر بود علی شاہ پر ہوتی تھی مگر وہان بالکل کیفیت میلہ ہوتی تھی یہان کیفیت دین و دنیا دونون
ہونے لگی بنائے تعزیہ چہلم اس شہر مین نہ تھی عزاداری عشرۂ محرم تا سوم اوسکے بعد کچھ نہین
بندہ علیخان رفیق محمد آفرین علیخان تھے تربت اپنے گھر مین چہلم تک رکھتے تھے اوسکے بعد باخفا
دفن کر دیتے تھے جس سال جنابعالی مسند نشین ہوے خان مذکور نے میان سے کہا اگر آپ حضور سے
اجازت چہلم لے دیجیے تو مین چہلم کو تعزیہ علانیہ اوٹھاؤن جب دھونسے اجازت لی حکم ہوا چہلم کے
تعزیہ اوٹھانیکا دوسرے سال شیخ احسان نے تعزیہ اوٹھایا شہر مین اسکی بڑی دھوم ہوئی اوسکے
بعد بتدریج ترقی ہونے لگی پھر حضرت خلد منزل کے عہد دولت سے چہلم عشرے سے زیادہ آجتک
ہوتا جاتا ہے کئی برس تک نواب ممتاز الدولہ نے تعزیہ چہلم بڑے تکلف سے اوٹھایا اوسکے بعد
ترقی و احتشام تعزیہ کا بخشو کاغذی اور میر محمد زکی مرثیہ خوان پر خاتمہ ہوا۔

برخاست چھاؤنی پٹالن انگریزی اوسطرف دریا سے اور منڈیاؤن مین چھاؤنی ہونا اور بناے شہر جدید کوٹھی

آگے چھاؤنی پٹالن انگریزی کی پار دریا کے مقابل دولتخانہ تھی جہان خوجدار خان کی
املاک عالیشان بنی ہوئی تھی اور دریا پر پل کشتیون کا رہتا تھا ایکدن جنابعالی صبح کو ہوا کھانے
پار تشریف لیچلے اتفاقاً برگیڈیر صاحب کا بنگلہ کنار پل تھا وہ بہت بدمزاج مشہور تھا اکثر
راہرو جو پل سے جاتے تھے اذیت پاتے تھے تلنگہ جو پہرے پر تھا اوسنے سواری کے ڈنکے کو
منع کیا کہ صاحب کو دردسر ہے غل نہ مچاؤ جنابعالی ازراہ مصلحت ساکت و خاموش پھر آئے
داخل دولتخانہ ہوے اور ایک پرچہ پیام متضمن شکایت تو ہین جلوس سواری خلاف منزلت
بہت شد و مد سے صاحب رزیڈنٹ کو لکھا اور ایک محبت نامہ نواب گورنر جنرل بہادر کو اسی
مضمون خاص سے بھیجا اور چار کمپنی تلنگہ روز جلوس مسند نشینی سے خاص دولتخانے مین
کوٹھون پر متعین ہوے کہ آیا یہ میری بھی حفاظت کیواسطے ہین یا فقط کوٹھون پر حسب المرضی
جنابعالی جواب آیا صدر سے کہ فی الحقیقت قصور صاحب کمان افسر کا ہے ہماری فوج کے
قریب رہنے سے اگر حضور کو تکلیف ہوتی ہے دوسرا مقام چھاؤنی کو تجویز فرمادیجیے اور سپاہ جہان

بیٹھے ہین اوڈھ نہین سکتے کوٹھون کی حفاظت کو ہین نہ ات خاص کیواسطے نہین ہین۔

جب سے چھاؤنی قریب قصبہ منڈیاؤن مقرر ہوئی جہان نہ پانی کی نہ تھی سوائے ریگ دشت کے بعد اسکے وہ چھاؤنی سب سے زیادہ آباد ہوگئی بعد اس ہنگامہ فساد کے چھاؤنی کنپ محمد باغ ہین ہوئی جیسا مناسب سمجھے۔

غرض جناب عالی روزمرہ نشینی سے ۵ برس تک دولتخانے مین رہے اور اکثر جب جی گھبراتا تھا نشاط باغ یا پسند باغ مین تشریف لیجایا کرتے تھے کچھ مکان بوضع انگریزی بھی تعمیر فرمائے معرفت راجہ مہرا کوٹھی کلان کنار دریا ملحق بدولتخانہ تعمیر فرمائی دو منزلی بنے اور سرداب بھی بنوایا جسمین سات سو دروازہ لگایا تھا مگر تا تمام رہگئی بسبب قیام فوج بخش وغیرہ کے اور یہ کوٹھی آخر کو ٹھہ اسباب ہوگئی اب کھنڈر کریک کر خاک مین ملگئی اور حیف حالت بیخودی مین ہوتے تھے اکثر موسم گرما مین خاص مکان کے کوٹھے پر شبکو استراحت فرماتے تھے گرد مٹی خس رہتی تھی ایک شب خواب مین دیکھا کہ ایک شہید مرد خبکی قبر آخبک پر درخت املی ہی کہتے ہین کہ ہم تمھین شراب کو منع نہین کرتے اگر تم کسی اور مقام مین پیا کرو بہتر ہی کیواسطے کہ ہمین یہان کی آمد و رفت مین تکلیف ہوتی ہی صبح کو خود جناب عالی نے اپنے مقربون سے بیان فرمایا دوسری شب ویسی حالت بیخودی مین اوسے خواب خیال سمجھکر تھوڑی سی شراب بجاے گلاب اوسکی قبر پر بھی چھڑکوائی جب آرام کیا کسی نے پلنگ کو گز بھر زمین سے بلند کرکے اولٹ دیا جناب عالی اوسکے نیچے دب گئے اور چلاکے پکارنے لگے یا حضرت عباس مجھے بچائیے ترکسوار پہرے پر تھا اوز خواص دوڑے پلنگ کو سیدھا کیا جناب عالی نکلے بس اوسکی صبح سرطان پیدا ہوا اوسکی شدت سے نوبت بہلاکت پہونچی یہان تک کہ کئی مرتبہ کہ شہر مین خبر فلان مشہور ہوگئی جناب عالی اوسی حالت سے تامجان پر سوار باہر برآمد ہوے کہ باعث تشفی رعایا ہو بلے ؎ در بیشہ گمان مبر کہ خالیست ✦ شاید کہ پلنگ خفتہ باشد ✦ یہ اسرار خدا ہین عقل کو کیا دخل ہی خلاصہ پہلے علاج ڈاکٹر انگریزی سے بہت خائف تھے پھر ڈاکٹر لا صاحب اپنے ملازم کے شریک مزاجپرسی کو بھی فرمایا ڈاکٹر نے تبدیل آب و ہوا کیواسطے نقل مکان کو عرض کیا کوٹھی جنرل رئین جو کنار دریا تھی اوسمین دقت زفوز ہوے

بفضل خدا سے چند روز مین بہت بڑی کیل نکلی شفاے کلی حاصل ہوئی غسل صحت فرمایا
اس جہت سے کوٹھی کا نام فرح بخش رکھا جب وسکا نیلام ہوا پچپن ہزار کو مول لی بعد اسکے
دوسری کوٹھی جسے ٹیڑھی کوٹھی کہتے تھے اوسی مین مرزا سلیمان شکوہ شاہزادے رہتے تھے اوسے
بھی خریدا اور شاہزادے سے عرض کیا کہ آنا قرب قیام قدومی سے باعث ترک ادب ہے حضور
کو راوڈلی صاحب کی کوٹھی مین رونق افروز رہین تو بہتر ہے وہ بھی کنار دریا پہلو کوٹھی زنانی ہر
شاہزادے وہان جا کر رہے ہے۔

بعد غسل صحت بڑے جلوس سواری سے جناب عالی درگاہ حضرت عباس مین آئے حاضری
دستر خوان بڑے تکلف سے ہوا اوسی دن سے منیات سے اجتناب کلی فرمایا تا حین حیات مرتکب
نہوے اور ایک خلوص عقیدت حضرت عباس علیہ السلام سے تھا دم آخر بھی دفعین سے اعانت
چاہتے تھے مگر تقدیر الٰہی جاری ہو چکی تھی۔

خلاصہ اس خصوصیت سے طیاری درگاہ گنبد طلائی وغیرہ سے اور مکان دروازہ عالیشان
اور مکان اضلاع سے سب سامان درست ہوا جب سے پہرہ سرکار اور ایک داروغہ بھی سرکار سے
مقرر ہوا اور صندوق نقرہ و علمہاے طلا و نقرہ مع فرش و شیشہ آلات و بیشمار نقرہ رکھا گیا نذر نیاز بھی
زیادہ ہونے لگی مگر بانی مبانی درگاہ کو یہ سب نذر ملتی رہی مرزا محمد حسن قتیل نے مادہ تاریخ خوب
کہا ع این گنبد جدید بناے سعادت ست۔

جب فرح بخش کوٹھی مین رہنا منظور ہوا نواح اوسکا بہت پسند فرماکے اور کنار دریا ہونا بنا
مبارک منزل اور کوٹھی دلارام ہوئی اور آبادی شہر جدید منظور فرمائی مرشد زادون کو زمین
وسیع عنایت ہوئی کہ حسب الخواہ مکان بنالو اور ہر ایک کو تعمیر کا روپیہ بھی عنایت
فرمایا مرزا حسن خانخان کی بھی کوٹھی کنار دریا تھی داخل منہ وسیع ہو گئی پھر کوٹھی لکشا مقابل
کوٹھی جنرل مارٹین زمین بلند پہ بنوائی اوسکی بڑی طیاری کی اور محمد باغ کو زمین وسیع سے
کثیر کر رسنہ بنوایا اوسمین ہرن یا گھوڑیان خانہ زاد بچیرے چھوڑے اور جتنے رسالدار
امرا ملازمین خاص تھے حکم ہوا تم بھی اپنے حسب الخواہ مکان بنوا کر رہو اور بارہ دری سر راہ
مقابل فرح بخش بنوائی بہت یمن مبارک ہے جلوس شاہی بھی اوسی مین ہوا اور آجتک

دربار عام نواب گورنر جنرل وسمین ہوتا ہی پوسیدہ ہوگئی تھی سرکار سے پھر اوسکی مرمت ہوگئی خاص بار اور شرک پر آب پاشی دونون وقت کی مقرر ہوئی مگر نہ اس صورت انتظام سے آبادی ہوئی جیسا اب حکام عالیشان نے درستی آراستگی اور انتظام سے کی ہی یہ کام مہندس کا ذی علم سے تعلق رکھتا ہی اب سب عمارات عالیشان جو عہد دولت مین لاکھون روپیہ کی بہ تجویز و پسند خاطر خود موسی مانع سے بی بی پور تک عمارت نئی مگر ایسی کوٹھی وسیع نہ بنی جسمین پانسو آدمی یکجا بیٹھ سکتے جب نواب گورنر جنرل بہادر کا جہاز پانی ہوتا تھا کثرت صاحبان عالیشان سے نیز دوسرا دونون طرف کج لگایا جاتا تھا حضرت خلد مکان نے چاہا تھا کہ بہت بڑی وسعت کا ایک مکان بنے مگر فقط زیر تجویز رہا اب باقیات عالیجات عمارات سے کچھ کچھ باقی ہی باقی سب خاک ہوگیا۔

ورود شاہزادہ مرزا عالی قدر بہادر بنارس سے

مرزا عالی قدر شاہزادے بیٹے مرزا جوان بخت بہادر کے بنارس سے مع اپنی مادر گرامی نواب جہان آبادی جسکا ذکر نواب صف الدولہ کے احوال مین گذرا تقریب شادی صاحبزادی مرزا سلیمان شکوہ تشریف لائے سرکاری ایک کمپنی بھی ساتھ تھی مرزا جام بیگ صوبہ دار اسی کمپنی مین تھے بہت جوان کشیدہ قامت خوشرو تھے انکی تصویر لندن بھی گئی تھی جب جنابعالی نے انکا مقابلہ وجاہت اپنے مرزا باقر بیگ خان رسالدار سے کیا رسالدار کی شان و شوکت بسکی نظر مین زیادہ معلوم ہوئی تھی خلاصہ جنابعالی مع صاحب رزیڈنٹ استقبال کو گئے شاہزادے کو اور نواب جہان آبادی کو بھی نذر دی باولی کے مکان مین مہمان کیا بعد انفراغ بنارس کو پھر گئے اتفاقاً وہ صاحبزادے بعد چند روز کے مر گئے نواب جہان آبادی نے بھی انتقال کیا بعد کئی برس کے مرزا عالی قدر تنہا پھر لکھنؤ تشریف لائے مگر نسبت پہلے مرتبہ کے وہ تعظیم و تکریم نہوئی بلکہ بعض امور خلاف بھی ایسے ہوے آخر بسلامت پھر گئے کچھ جنابعالی نے زاد سفر پیشکش کیا انکا مذہب تشیع تھا مان کی جہت سے کہ وہ لکھنؤ کی تھین۔

محمد اکبر شاہ بادشاہ شاہجہان آباد تک سی قدر انتظام باقی رہا تھا کہ کوئی شاہزادہ سلاطین سے

قلعہ کے باہر نجا سکتا تھا مگر یہ کسی حیلے سے باخفا کسیکی جہت سے بھاگ کر نکلے چنانچہ مرزا
سکندر شکوہ شاہزادہ سگے بھائی محمد اکبر شاہ کے آغا شجاعت علیخان کے ساتھ باخفا
دلی سے لکھنؤ آئے باغ پڑاین کے پچھواڑے ایک کوٹھی و باغ کسی انگریز کا تھا اوسمین بکرایہ
اوترے گرد و خس گل ویرانہ محض فقط سڑک چار باغ تھی جسپر بڑے صاحب ہر روز ہوا
کھانے جاتے تھے مرزا سلیمان شکوہ نے دس روپیہ روز خاصہ کے بہانے سے مقرر کر دیے
مگر انکے ساتھ دلی سے اکثر صاحب فہم آئے تھے مرزا محمد حسن قتیل شاعر میر اکبر علی وکیل
آغا شجاعت علیخان وغیرہ وہ زمانہ رزیڈنسی کرنل جان بیلی صاحب ہی اور دوروہ مرزا جعفر
ہی مرزا قتیل سے مرزا جعفر اور مرزا حاجی انکے بیٹے سے دوستی بخصوصیت ہی انکی داد و دش
سے بعد کئی برس کے گورنمنٹ سے ہزار روپیہ ماہواری مقرر ہوے مرزا سلیمان شکوہ نے
جناب عالی سے اکثر ذکر اپنے بھائی کا کیا جناب عالی نے عرض کی کہ مجھے شرف ملازمت حضور
کیا کم ہی مگر جب مرزا عالی قدر کی شادی ہوئی مرزا سکندر شکوہ بجاے اپنے بھائی کے
رونق افروز محفل تھے کیونکہ موافق عرفیہ ہندوستان بیٹی کا باپ دیوتا ہوتا ہی
بسبب حجاب کے جب جناب عالی شریک محفل ہوے شاہزادہ موصوف اسراخلاق دنیا سے
پیش آئے اور راہ و رسم پیدا کیے کہ جناب عالی بہت خوش ہوے انکے بڑے بھائی کی عنایت کو
بھول گئے بلکہ چند روز مین ایسی موافقت بڑھی کہ مرزا سلیمان شکوہ نے بھائی کو تہدید لکھا
کہ وزرا و امرا سے اسطرح تعارفات کرنا باعث توہین ہمارے خاندان کا ہی اوسکا
جواب لکھا کہ مگر عزت و توقیر وزیر اعظم گورنر جنرل سے بھی کم ہی اسکا شاہد مدعا واقعات
مرزا قتیل ہین جو طبع ہوے ہین غرض ہزار روپیہ جناب عالی نے بھی اپنی مرضی سے مقرر
کیے مگر اوس دو ہزار روپیہ ماہواری سے اونکا سامان ضروری جیسا چاہیے سلیقے سے مرزا
شجاعت علیخان کے سبب درست ہوگیا جناب عالی بھی انکی سلامت روی اور کردار و رفتار
سے بہت خوش ہوے مرزا سلیمان شکوہ کو ۶ ہزار روپیہ ماہواری کا مدخل تھا مگر فضول خرچی
صرف اخراجات کارخانجات شاہی عدم توجہی خود سے ہمیشہ جان شہر کے قرضدار ہو جاتے تھے
جب نا دہندی ہوتی تھی جناب عالی سے فریاد کرتے تھے مرزا سکندر شکوہ نے اسی پیشکش سے

اس باغ کوٹھی کو خریدا امام باڑہ کوٹھی باہتمام مگلوڈ صاحب مہندس ملازم جناب عالی بنوائی اکثر بیچ کو جناب عالی بھی دیکھنے کو تشریف لاتے تھے باتفاق تعمیر کوٹھی ہوئی تھی اور اکثر روپیہ بھی اوسکی تعمیر کو بھیجتے تھے اکثر سفر مین انھین کو تکلیف دیتے تھے دس ہزار خرچ سفر کو بھیجتے تھے مرزا عباس شکوہ اپنے بیٹے کو دلی سے بلوا بھیجا اور جو کچھ سرکار شاہی سے مقرر تھا وہ جاری کرہ ایا تعزیہ داری بڑے تکلف سے امام باڑے مین ہوتی تھی حضرت خلد مکان کے زمانے مین انتقال کیا اپنے امام باڑے مین دفن ہوے گورنمنٹ سے چوہزار روپے مقرر تھے بعد وضع چہارم عائد سات سو مرزا عباس شکوہ کو ملنے لگے شاہزادہ شاہی کی یہ صورت ہوئی کہ مرزا عباس شکوہ جبتک قلعۂ دلی مین تھے مذہب تشیع تھا اکثر عشرۂ محرم مین اور شاہزادون سے خلاف مذہب کی نسبت سے قصہ ہو جاتا تھا لکھنؤ مین بعد انتقال پدر بزرگوار کے مذہب تسنن اختیار کیا بلکہ تصوف پر سیلان ہوا حافظ وارث علی کے مرید ہوے لباس فقر اپہنا اتفاقاً عشرۂ محرم مین ۸ تاریخ نواب مغفرت مآب کی مجلس مین تشریف لیگئے موافق معمول کے مجلس مین تبرا ہوا بہت ناگوار گذرا اٹھا ہوکر چلے آئے نواب کو تعجب ہوا کہ باپ ایسا تھا بیٹے ایسے لوگون نے حقیقت حال بیان کی نواب نے باستعجاب تمام بادشاہ سے عرض حال کیا وہ ہزار روپے سرکار شاہی سے موقوف ہوگئے۔

حضرت جنت مکان کے عہد دولت مین مرزا عباس شکوہ کی بی بی نے بسبب ناموافقت کے مرزا حیدر شکوہ نالش دعوی مہر کیا املاک مستغرق مہر ہوئی ۲۷ یا ۲۸ ہزار روپے کو نواب امین الدولہ نے اوسے مول لیا شاہزادے ٹیپو خان کے مکان مین اوٹھ گئے امین الدولہ نے کئی لاکھ صرف کرکے بازار وغیرہ بنوایا اور مکانا م امین آباد رکھا اونکے عہد وزارت مین بحکومت بھی آبادی نہوسکی اونکے بعد انتقال جیسے عملداری سرکار ہوئی مثل چوک شہر زیادہ آباد اور محاصل کرایۂ دوکان بہت بڑھ گیا ہے اونکی اولاد کو ملتا ہے قریب چھاؤنی اور صاحبان عالیشان کی کوٹھیون کے بننے سے باعث آبادی ہوا ہے۔

پھر جنابعالی کے عہد دولت مین ایک دفعہ مرزا جمعہ شاہزادے جنکا احوال مرزا وزیر علیخان کے احوال مین گذرا فرخ آباد سے تشریف لائے بادلی کے مکان مین چند روز تک مہمان رہکر پھر چلے گئے۔

مرزا مظفر نجبت شاہزادے بیٹے مرزا سلیمان شکوہ کے ایک دفعہ اپنی اولوالعزمی و طمع دنیا سمجھکر لکھنؤ سے باہر نکلے لکھنؤ کے جو لوگ پریشان حال و معطل تھے ساتھ ہوے قاضی اختر تخلص نواب معین الدولہ میر عنایت علی وغیرہ رجواڑے تک گئے کچھ حاصل ہوا نہ اوسقدر جتنا خیال واپس آجاؤن کو شاہزادون کے نام کا تھا جب ناکام لکھنؤ پھر آئے سیلی بیگم منجملہ بی بی ہاے جنرل مارٹن سے نکاح کیا اونھین کی نیشن مین بسر اوقات رہی بعد گوری بی بی کے مرنے کے اونھین کے مکان مین رہتے تھے۔

ورود مرزا جہانگیر شاہزادۂ دہلی

محمد اکبر شاہ بادشاہ دلی مرزا جہانگیر شاہزادہ کو بہت چاہتے تھے کہ محبت پدری سے حالت تعشق تھی اس جہت سے جو اونسے حرکت خلاف منزلت شاہی یا صحبت بد کی جہت سے سرزد ہوتی تھی اوسے ازراہ محبت عفو فرماکر دردلی سے سمجھاتے رہتے تھے جب تاثیر صحبت غیر جنس سے اونکے حرکات ناشایستہ بڑھے سیٹن صاحب رزیڈنٹ دربار شاہی مین ہر صبح حاضر ہوتے تھے اونکی نسبت بھی حرفہاے خلاف و نامعقول کہنے لگے اونکو دیکھ کے ملازم لولو ہی کہا کرتے تھے آخر تنگ ہوکر صاحب نے بادشاہ سے عرض کیا کہ شاہزادے سے حرکات خلاف منزلت شاہی سرزد ہوتے ہین مبادا انسے کوئی ایسا امر خلاف ہو جسکی اصلاح بہت دشوار و موجب توہین ہو لہذا اگر صاحب عالم بہادر چندے بطریق تفرج مثل حضرت جد اعلی عملداری مملکت شرقیہ مین رہین غالب ہو کہ اصلاح حال ہو جاے بادشاہ نے پھر اونھین سمجھایا اونکی مفارقت بہت شاق تھی چندے تامل فرمایا مگر لاڈلا بیٹا کب سنتا ہی خلاصہ انھین الفاظ رکیک بیمعنے لولو سنتے سنتے ایک دن شاہزادہ بہادر نقارخانے پر کھڑے تھے پنچہ ہاتھ مین تھا مار بیٹھے صاحب دربار سے باہر نکلتے تھے گولی کنارہ ٹوپی سے ہوکر نکل گئی اوسوقت صاحب ہین کھڑے ہوگئے توپ منگواکر

سر دروازہ نقارخانہ سے دیوان عام تک توپ پڑتے چلے گئے بادشاہ نے سب ملازمین کو حکم قطعی فرمایا کہ ہر شخص اپنے مقام پر شل تصویر کھڑا رہجاے جس طرح سے صاحب آتے ہین آنے دو صاحب عالم بہادر کشتی پر سوار ہو پار دریا کے بادشاہ کے پاس جاکر چپکے صاحب رزیڈنٹ تنہا کشتی پر سوار ہو حاضر حضور شاہی ہوے عرض کی آپ حضرت صاحب عالم کو ہمارے سپرد فرمائین بادشاہ نے شاہزادے کا ہاتھ انکے ہاتھ مین دے کر فرمایا انھین تعلیم و تربیت کے واسطے تمھارے سپرد کرتا ہون صاحب انھین اپنے ساتھ قلعہ کے باہر لیکر چلے آئے۔

اوسدن شاہزادہ باہر شہر کے رہا دو چار دن مین سامان ضروری شاہانہ درست کرکے روانہ عملداری سرکار ہوے ہزار آدمی کی جمعیت لشکر اور سامان ہاتھی گھوڑا وغیرہ سب درست ہوگیا ناگاہ خیال مین آیا کہ پہلے لکھنؤ مین وزیر اعظم کے پاس چلے اور وہان کا عیش و نشاط دیکھے جو مشہور آفاق ہے اہل محبت جو اس طریق کے جمع ہوگئے تھے وہ بھی غنیمت سمجھے کسواسطے کہ لکھنؤ پر سب زہر کھائے ہوئے تھے بادشاہ نے وقت دانگی کہلا بھیجا تھا کہ اگر لکھنؤ جانے کا اتفاق ہو تو وزیر اعظم کا بہت پاس خاطر رکھنا کسواسطے کہ ہمیشہ سے قرب منزلت اونکی اس سلطنت مین رہی ہے۔

غرض جناب عالی نے خبر آمد آمد شاہزادہ داخلہ لکھنؤ کی سنی بہت خوش ہوے اور مزید عزت و افتخار سمجھکر مع صاحب رزیڈنٹ کرنل جان بیلی صاحب مرزا سلیمان شکوہ مرزا اسکندر شکوہ شاہزادے بڑی دھوم دھام سے تاکہ شہر تک استقبال کو گئے اور شہر مین چوک کی بڑی طیاری کی کوچہ و بازار و بام تماشائیون سے بھر گیا جناب عالی نے ایک سو ایک اشرفی نذر گذرانی عرض کی آج حضور کی بدولت منصب نائی قدیم خواصی نشینی بعد ایکمدت العمر کے پھر حاصل ہوگئی شاہزادے نے ہاتھ پکڑ کر اپنے پہلو جانب چپ بٹھالیا بیچ سعادت مین قران السعدین ظاہر ہوا نظر خاص و عام مین بھی جلوہ افروزی ہوئی شہر مین اثیار نذر کرتے ہوے داخل فرح بخش ہوے شلک سلامی توپ ہوئی لباس شاہزادہ انگریزی سر پر لمبی کالی ٹوپی ترکمانی ولایتی زیب کمر پٹکا پیچوان حقہ فیلبان ہاتھی کے ماتھے پر رکھے اوسکا پیچ شاہزادے کے

واسطے ہر طرف ہجوم عام کو دیکھتے ہوئے بعد چاہے پانی کے کشتیان نذر کی دین چار گھوڑے کی گاڑی اونسی پر سوار ہوکر پسند باغ مین داخل ہوئے دوسو روپے کا خاصۂ طعام معین ہوا شیخ امام بخش وکیل الماس علیخان مرد سن صاحب لیاقت مہتمم بجا آوری خدمت مقرر ہوئے —

دوسرے دن جنابعالی سر صاحب رزیڈنٹ اور معززان شہر و امرا کے حاضر ہوے بعد چاے پانی کے سب کی نذرین بمراتب گذرین جب وقت خلعت آیا شیخ امام بخش نے ازراہ لعن طعن مرزا جعفر سے کہا وزیر اعظم کو خلعت معمولی وزارت ہوگا صاحب رزیڈنٹ کے واسطے آپنے کونسا خلعت تجویز کیا ہے یہ سنکر لاجواب ہوے جنابعالی کو پارچہ خلعت ہونے لگا ہر پارچہ پر جنابعالی آداب گاہ پر جاکر آداب بجا لاتے تھے نذر دیتے تھے افسوس ہے اودھ تک خاندان تیموریہ کا یہ مرتبہ تھا ظاہر حال سب آداب شاہی باقی رہا تھا صاحب رزیڈنٹ کا بھی خطاب دہلی سلطنت سے ملتا تھا عماد الدولہ افضل الملک میجر جان بیلی صاحب بہادر ارسلان جنگ نواب گورنر جنرل بہادر کو بھی خطاب زمان لارڈ بیرا سے سب موقوف ہوگیا غرض جب نوبت خلعت صاحب رزیڈنٹ پہونچی فقط دوشالہ و رومال کا حکم ہوا جنابعالی نے عرض کیا پانچ پارچہ عنایت فرمایئے صاحب نے از انتظامی سے چاہا کہ مثل وزیر اعظم مین بھی ہر پارچہ خلعت پر نذر دیکر آداب گاہ پر آداب بجا لاؤن خواص شاہی نے کہا کہ یہ مختص رتبہ وزیر اعظم کا ہے تمھارا یہ مرتبہ نہین ہے یہ سنتے ہی کیسا انفعال صاحب کو ہوا اور اپنے آج کے آنے پر بہت شرمندہ ہوے —

غرض جنابعالی ہر روز ہر قسم کے ہدایا و تحائف بطیب خاطر بھیجتے تھے اور ہمہ تن مصروف تھے اور بدل منظور تھا کہ انکی ایسی خدمت سر انجام کیجیے کہ باعث خوشی دلی بادشاہ ہو بلکہ رفع کدورتہاے ماضیہ ہو اور بادشاہ کے بھی متواتر شفقے شاہزادے کو آتے تھے کہ خبردار کوئی امر خلاف وزیر نکرنا شاہزادۂ عالم یہ کب ایسی بات سنتے تھے اشرف علیخان ایک شخص ستارخوب بجاتا تھا اوسے اپنا وزیر اعظم کیا تھا اوسے جنابعالی کی خبر کو بھیجتے تھے جنابعالی انکی آمد سنکر ٹہلتے تھے یہ سلام علیک ہمسری کہتے تھے

بہت ناگوار ہوتا تھا شاہزادے ہر صبح کو گھوڑے پر سوار گلی کوچون مین بے تحاشا دوڑاتے جاتے تھے اکثر عورتین مرد کچل جاتے تھے تحاس ہین ہونچکر ایکدن گھوڑا اچھلنے لگے دسترخوان پر عجیب صحبت ہوتی تھی ایک دن شیخ امام بخش نے انتظام کرکے عرض کیا بہت خوش ہوے ارباب نشاط حاضر رہتے تھے غرض ہر شب عید و صبح نوروز تھی جناب عالی کو پرچہ اخبار جب ایسے گذرتے تھے افسوس کرکر رہجاتے تھے قصہ مختصر شاہزادہ عالم ایک کسبی مسماۃ دامڑی جو ناچ مین بہت نامور تھی اوسپر عاشق ہوے اور اوسے داخل محل کیا اپنے عم نامدار مرزا جوان بخت کا ورثہ پایا جب یہ صورت ہوئی جناب عالی نے بڑے صاحب سے کہلا بھیجا کہ اطوار شاہزادے کے شاہجہان آباد سے بھی یہان زیادہ ہوتے ہین ہم پاس آداب شاہی سے مجبور رہین ایسا نہو انکی کسی حرکت سے عبث عبث باعث ندامت وحجاب بادشاہ سے ہو مناسب ہو کہ اب صاحب عالم بہادر مملکت سرکار مین سیر و سیاحت کرین تو بہتر ہو صاحب رزیڈنٹ پیشتر سے خار کھائے تھے حکم قطعی کہلا بھیجا اوسی دن پردہ شب مین سوار ہوکر الہ آباد چلے گئے سلطان خسرو کے باغ مین مقیم ہوے یہان کوئی خبر بھی نہوا بلکہ سبکو غنیمت ہوا عافیت سبکی تنگ ہوگئی تھی پانچہزار روپے ماہواری گورنمنٹ سے خرچ کو ملتے تھے ازبسکہ بادشاہ اور نواب ممتاز محل اونکی محبت پدری و مادری حد سے زیادہ تھی برضامندی صاحب رزیڈنٹ پھر دلی تشریف لے گئے بعد قیام چند روز کے اوس سے زیادہ حرکات خلاف شروع ہوے آخر مان باپ نے لاچار ہوکر پھر صاحب رزیڈنٹ سے کہا کہ انکے حرکات جنون اوس سے زیادہ بڑھتے جاتے ہین ہمارے واسطے موجب توہین ہو چکا ہو یہ کچھ متنبہ نہوے ہماوا پھر کوئی ایسی حرکت کرینگے لہذا مناسب حال آنکا رہنا تمھاری عملداری مین بہتر ہو بڑے صاحب نے عرض کی کہ سیشن صاحب کے اختیار سے صاحب کی مراجعت دلی کو ہوئی مگر اب اگر ہمارے حکم و تجویز سے جائینگے مراجعت نہوسکیگی اس جہت سے پھر الہ آباد آئے دائم الخمر رہتے تھے آخر اسی بیخودی مین ایکدن ہنستے ہنستے دنیا سے سفر کرگئے جنازہ روانہ دلی ہوا جب داخل شہر ہوا جلوس شاہی ساتھ ہوا ملازمین شاہی اور تمام مردم شہر وضیع و شریف ساتھ تھے شمنا نوازون نے

یہ شعر اپنے مضامین مین شروع کیا ؎ سر و سینا تو تنہا میری ٭ سخت بیمہری کہ بے مامیرزی ٭ اسپر جیو دیسی سب رو تے تھے کہ حسب حال تھا تین دن تک ان باپنے کھانا نہ کھایا حجرۂ خلوت سے باہر نہ نکلے آخر بیٹے صاحب نے آکر بہت سمجھایا اور کلمات صبر عرض کیے بدستور پھر دربار ہونے لگا ۔

لشکر دھورہر جانا جنابعالی کا کرنل بلی صاحب کا نچہ شیر سے بچنا سفر کا موقوف ہونا

نواب صف الدولہ بہادر ہر سال دو سفر شکار کیواسطے کیا کرتے تھے اور ہر ایک کے میلے مین بھی اکثر اتفاق ہوتا تھا فی الحقیقت عجب سیر و تماشے کا سفر ہوتا تھا ہر مقام منزل پر معلوم ہوتا تھا کہ ثانی لکھنؤ شہر پیدا ہوا ہے اور ہر شخص ایک سفر سے دو سفر کا دن گنا کرتا تھا ہزارہا مزدور اسی سفر پر قرض لیتے تھے دوکاندار اہل پیشہ اپنی فلاح سمجھتے تھے چنانچہ جب سفر منظور کیا نوسے کہار بوجھ سواری کو لاکھون ہاتھ لیگیا دہان کے راجہ نے استقبال کیا تحائف کو ہی گذرانے اوسے خلعت دیا فی کوٹ مین ایک بارہ دری بنوائی وہ اب تک یادگار ہے جہان جناب عالیہ و مرزا بر جیس قدر بعد فساد ہنگامہ باجازت راجہ مقیم ہوے اس سفر مین بھی صرف لکھا روپیہ کا ہوتا تھا اسی صورت سے جنابعالی بھی ایک دفعہ موسم بہار مین شکار کو تشریف فرما ہوتے تھے ازبسکہ بندوق لگانے مین قادر انداز تھے زیادہ شکار کا لطف اوٹھتا تھا اور انتظام لشکر بھی بہت خوب ہوتا تھا ہزارہا شہر کے خوش باش دبیفکرے بھی کسی حیلہ سے ہمراہ لشکر ہوتے تھے کچھ رات رہے سوار ہوتے تھے کئی سو فانوس کی روشنی جلو سواری مین لشکر مین جابجا اذان صبح کا ہونا وہ کم کم تارون کی روشنی آسمان پر جھوکے نسیم سحر کے چلنا دوسری طرف سے گشت شہنا نوازون کا غنائے سحرگاہی سے جانوران صحرائی کا چھپہ خوش الحانی سے کرنا باعث ولولہ ہر شخص ہوتا تھا خوانچہ والے موا کھاتا ہر قسم کے لیے ہوے پکاتے پھرتے تھے فی الحقیقت عجب لطف ہوتا تھا اور اس سفر سے زیادہ تر فائدہ سرکار یہ تھا کہ اکثر مظلوم رعایا جو عمال کے ظلم سے نالان و شاکی ہوتی تھی نبی ادکو پہونچتی تھی تعلقدار بھی حساب رہتے تھے اور ملک کی آبادی غیر آبادی و زمین کا بے کشت رہنے کا سبب معلوم ہوجاتا تھا میان عیشی شاعر نے قصیدۂ فارسی اسی سفر کا لکھا ہے مشتاقین نے دیکھا ہے

خلاصہ جسدن بعزم خیام مقام ہریہ مین تھے صبح کو شیر صحرائی اسیر حلقہ کمند ہاتھیون کے ہوگیا کئی سو کا حلقہ ہوتا تھا شیر گھبرا کے مقابل ہاتھی بڑے صاحب کے نکلا جست کرکے ہاتھی کی سونڈ سے لپٹا فیلبان نے جسارت سے گیا گ ماری ہاتھی نے ٹھوکر کھائی اوسکے جھونک سے صاحب انگریزی حوضے سے شیر کے سامنے گر پڑے چاہتا تھا دبا بیٹھے دفعۃً جنابعالی نے اس سبکی سے گولی ماری کہ شیر گر پڑا صاحب اٹھ کھڑے ہوے ہر طرف سے غلغلۂ واہ واہ بلند ہوا صاحب مع صاحبان عالیشان شکر گذار ہوے کہ حضور نے اسوقت بچایا نا خن شیر سے صاحب کی پتلون مین تھوڑا خراش ہوگیا تھا پالکی خس مین سوار ہوکے اپنے خیمے مین آئے سمجھے ع رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت ۔ آج مفت مین انپا شکار ہوگیا تھا اور اسمین جنابعالی بڑے ملزم ہوتے یہ احوال سفر کی رپورٹ گئی معلوم نہین کیا صورت ہوئی کہ پھر سوائے سفر آخرت کے سفر شکار نصیب نہوا۔

ایک سبب اور بھی مشہور ہے کہ ایکدن جنابعالی نے آٹھ شیر مارے نوین کی تلاش مین تھے دوپہر ہوگئی دھوپ اور گرمی کی شدت سے جنابعالی پھر آئے اتفاقاً گونیدے نے بیلی صاحب سے خبر کی اونھون نے بے اطلاع جنابعالی شاید انکے خیمے کے قریب نکلا تھا کسواسطے کہ صاحب کا خیمہ پلٹن لشکر سے تھوڑے فاصلے پر ہوتا تھا یا اور کوئی سبب ہو شیر کو مار لیا ورنہ نوشیروان کے نام سے مشہور ہوتے تیراسے گھاٹ پر خیمہ تھا پھر آئے شکار کو نہ گئے واللہ اعلم۔

مکنون خاطر جنابعالی در باب استحکام ریاست

ہر صاحب فہم جانتا ہے کہ عقلمند کا فعل حکمت سے خالی نہین ہوتا آگے اسباب ظاہری یا امور تقدیر سے بگڑ جائے اوسکا قصور تدبیر نہین جنابعالی سب کے نزدیک صاحب عقل و دانش تھے اوسکا فعل حکمت سے خالی نتھا اگرچہ بانحو اختیار ریاست نہ رکھتے مجبور تھے ملاح وصوابدید دوسری بھی تھی چنانچہ جب بنارس سے تشریف لائے مسند نشین ہوے پانچ یا چھ لاکھ خزانے مین بذات خود لاے تھے فقط اپنے حسن سلیقہ و انتظام خرچ سے جمع کیا تھا یہان خزانے مین نواب صفدر الدولہ و مرزا وزیر علیخان کی فضول خرچی سے کیا تھا بس اتنی مدت وزارت مین بجز صرف اخراجات معینہ سالانہ بارہ کرور روپیہ خزانے مین

جمع کیا تھا کسواسطے کہ نوے لاکھ روپے سال کا خرچ تھا ملک سے ایک کرور چودہ یا پندرہ لاکھ سے زیادہ
وصول نہین ہوا فی الحقیقۃ اپنی خوش سلیقگی سے آنا روپیہ جمع کیا تھا اسپر بھی تعمیر مکانات شہر جدید
اور ملازمین اور مرشدزادون کو جو تعمیر مکان کو عنایت فرمائے لاکھون خرچ ہوے کچھ عقل سے
باہر حساب خرچ ہی یا برکت خداداد کہیے اوس عہد دولت مین ملازم جدید کے واسطے کوئی جائداد
موقوفی تجویز نہین ہوتی تھی اگر ضبطی مال راجہ مہراو نواب شمس الدولہ بہادر یا نصیر الدولہ بہادر
میان الماس وغیرہ کی امانت نہ ہتی تو شاید کچھ زیادہ جمع ہوتا چنانچہ نواب غازی الدین حیدر نے
بعد مسند نشینی اسکا دعوی دونون بھائیون سے چاہا مگر نواب گورنر جنرل بہادر کی صلاح اور اپنی
سیر چشمی سے بازرہے اوسی کرور روپے کے نقد وجنس سے نواب شمس الدولہ نے بنارس و
کلکتہ مین جاکر صرف کیا ہر صاحب جزائے کو چھ لاکھ کے نوٹ خرید کر دیے جس سے آجتک اونکی
اولاد بنارس اور بغداد مین بسر اوقات کر رہی ہی اور اخراجات جنابعالی تنخواہ سب شہزادون کی
بیش قرار اور صاحبان عالیشان جو مصاحب تھے ہزارون روپے تھے اور جو صاحب کمال یا
اہل سپاہ وغیرہ دکن سے یا کوئی صاحب لیاقت یا عالی خاندان تباہ و پریشان ہوکر آیا اور
چندروز سلام کیا یا ازرہے پرچہ اخبار یا کسی کے وسیلے سے بعد دریافت حقیقت حال اوسکی
پرورش ہوجاتی تھی شہر سے ناکام نہین جاتا تھا سوائے نواب خاص محل کے کوئی دوسرا محل
ممتاز نتھا جسکا خرچ یا جاگیر ہوتی جسطرح آخر سلطنت مین حال ہوا اور غرض جنابعالی کی اس پر سے
یہ تھی کہ مین نوٹ گورنمنٹ مول لیکر سود لیا کرونگا یا کسیکا وثیقہ مقرر بواسطہ گورنمنٹ کرونگا
اور نہ اس سے لشکر کشی کا ارادہ تھا خلاصہ ثقات یا جو محرم راز تھے کہتے تھے کہ مجموع ممالک
مفوضہ ومقبوضہ ومفتوحہ جو متعلق تعہد سرکار کمپنی ہوا سکا تعہد سی سالہ سرکار شاہی سے لونگا
اور اقساط پیشگی داخل سرکار کرونگا اور فوج انگریزی اور صاحبان نظامت بدستور بحال رہین گے
اور امر جدید مشورہ اپنے اور نواب گورنر جنرل بہادر کے ہوا کریگا اور ایک سفیر صاحب لیاقت
مثل صاحب ریذیڈنٹ حاضر حضور نواب گورنر جنرل بہادر رہیگا اس شورہ خاص سے فقط
جنرل سکاٹ صاحب اکثر لاصاحب وغیرہ مصاحبان ہمراز واقف تھے یا بعض اہلکاران معتمدین
سرکار اور اب ایسا احوال سبکے نزدیک نئی بات مضمون خیالی ہی الغرض سب اولٹی ہوگئین سب

تدبیرین کچھ نہ دوا نے کام کیا۔ بلکہ رہا سہا سب کام تمام کیا۔

ضبط اوقات جناب عالی

جناب عالی قبل از طلوع آفتاب مجلس سے برآمد ہوتے تھے از بسکہ شہسوار یکتا تھے گھوڑے سے تعشق تھا دکن عرب اور جنگل کے تال میل سے گھر کے خانہ زاد گھوڑے گھوڑیان ایسی پیدا کین کہ اس صورت و سیرت و غربت کے مقام اصل مین بھی کسی نے نہ دیکھی ہونگی اوسوقت لباس انگریزی زیب کمر ولایتی ڈاب چرم سے ٹوپی مغلی سیاہ مخملی پہلے سلام مرشد زادون داماد یا امرائے خاص کا ہوتا تھا مگر نواب شمس الدولہ و نصیر الدولہ بہادر البکار تھے سلام کرکے اپنے گھر کا دربار کرتے تھے اکثر ہوا خوری تا دلکشا یا پار دریا یا موسی باغ تک بعد دو ساعت کے مراجعت فرما کے ہاتھی پر سوار ہوتے تھے جلوس سواری مع ڈنکہ سب آگے ہوتا تھا اور سب بھی اپنے اپنے ہاتھی پر سوار ہوتے تھے اور جب گھوڑے پر ہوتے تھے فقط دو خاص بردار یا دو چوبدار دہنے بائین تھوڑے فاصلے پر ہوتے تھے یا مرزا کریم بیگ یا محمد غلامی خانہ زادان حضوری پر سوار لباس انگریزی سے آگے ہوتے تھے یا چند کتے شکاری یا بازدار وغیرہ کچھ فاصلے سے پیشرو پہلو مین بھاجان خاص صاحب ہوتے تھے راہ مین اکثر مسافر یا دادخواہ عرضی استغاثہ دیتے تھے ایک دفعہ ایک سپاہی نے عرضی روزگار کی دی تھی اتفاقاً اوسنے تلوار اپنی کمر کے پٹکے مین رکھ لی تھی جب سلام کو جھکا تلوار میان سے نکل پڑی پکڑا گیا بیقصوری اوسکی ثابت ہوئی چھوڑ دیا جب سے بیس سوار و بیس چپراسی اہتمام سواری کو انتظام الدولہ مظفر علیخان کے سپرد ہوئے اشرف الدولہ رمضان علی خان مرزا اشرف علی بھی ہوتے تھے اکثر مسل نگاہداشت سواران جدید کی در دولت پر پہونچکر ملاحظہ فرماتے تھے یا نواب شمس الدولہ بہادر جنرل بھی کبھی نواب نصیر الدولہ بہادر بھی حسب الحکم تعمیل کرتے تھے ہر روز چوکی مین بائیس ۲۲ سو آدمی ہر فرقے کا حاضر رہتا تھا از انجملہ دو سو کئی سوار بھی ہوتے تھے بس دہ سواری صبح ہوچکا امرا یا معززین درد ولت سے رخصت ہوتے تھے نو بجے چاے پانی ہوتا تھا کرسی نشین امرائے مقربان خاص مثل صمصام الدولہ مرزا مجو اور مرزا محمد تقی خان شاعر ہندی بے مثل بیٹے نواب مرزا علیخان کے پہلو مین یا روبرو

صاحبان مقرب خاص اول بنگلو صاحب اکثر لاصاحب وغیرہ پس کرسی خاص میر انشاء اللہ خان طوطی ہزار داستان ہندوستان میر ابوالقاسم خان بخشی میر بدن سپہ سالار فوج کے نواب سراج الدولہ بنگالہ مجرئی معززین خواجہ سرا وغیرہ اوسوقت باریاب سلام ہوتے تھے سامنے عرض بیگی کھڑا رہکر سبکو بدفعات سلام کراتا تھا باہر برآمد ہیں باندانگریزی بجتا تھا جناب عالی جس سے مخاطب ہوے گفتگوے عاقلانہ باوقار ہوتی تھی ہر شنبہ کو صاحب رزیڈنٹ کی صحبت چاے پانی ہوتی تھی جتنے صاحب چھاؤنی کے ساتھ آتے تھے پالکی پر سوار زیر کوٹھی اوترتے تھے ہر ایک کا حقہ پیچوان بھی ہوتا تھا حقہ کی آواز سے کمرہ گونج جاتا تھا بعد چاے پانی خلوت خاص ایک کمرے مین ہوتی تھی وہان کوئی نہین ہوتا تھا سوا جناب عالی اور ٹیرے صاحب کے بالشافہہ طرفین سے جو گفتگو ہو شنبہ کو جناب عالی کا چاے پانی ٹیریصاحب کی کوٹھی یا خیمے مین ہوتا تھا کسواسطے کہ دوسری کوٹھی عنایت کی حضرت خلد مکان کے عہد دولت مین بنی اور ٹیرا پھاٹک بیلی گارد کا بنا اور راہ آمد ورفت جو مابین کوٹھی رزیڈنٹی بند ہو گئی تھی بعد دس بجے کے برخاست چاے پانی ہوتا تھا۔

تیسرا دربار وقت خاصہ مقربان یا اردلی خاص اور کبھی نواب جلال الدولہ مہدی علیخان بارکن الدولہ نواب محمد حسن خان صغیر السن تھے شریک خاصہ ہوتے تھے بعد گیارہ بجے کے برخاست ہوکر محلسرا مین تشریف لیجاکے کوچ پر استراحت فرماکر حقہ میل فرماتے تھے۔

چوتھا دربار ۱۲ بجے وقت ملاحظہ کاغذ ہوتا تھا نواب نصیر الدولہ بہادر لفافہ کاغذ بند میز پر رکھکر چلے آتے تھے نواب شمس الدولہ بہادر لفافہ رکھکر علیحدہ کمرے مین تا اختتام ملاحظہ کاغذ حاضر رہتے تھے نواب منتظم الدولہ مہدی علیخان راجہ دیا کرشن رائے رتن چند صاحب اخبار رائے صاحب ام اخبار نویس خفیہ منشی رونق علیخان منشی دانش علیخان اور معززین منشی اپنا اپنا لفافہ میز پر رکھکر ہر ایک اپنے مقام پر علیحدہ بیٹھتے تھے جسے بضرورت تحقیق طلب فرمایا حاضر ہوا جناب عالی نے جب لفافے کو ملاحظہ فرمایا دستخط کرکے میز پر یا پہلوے میز مین پھینک دیا سامنے کہار ناخواندہ حاضر رہتے تھے جس کاغذ کو طشت آب مین ڈال دیا کہار نے خوب ملکر کنارے رکھا اتفاقاً ایک شخص اسی کاغذ کے وقت نوکر ہوا عرض کیا

مین نا خواندہ ہون جناب عالی نے ایک فرد کا غذ پڑھکر پھینک دی اوس سے کہا اوٹھا لا
اوسنے فرد کو دیکھکر پیشانی سیدھی فرد دی تصور مند نوکری سے موقوف ہوا غرض ہر پھر کل
سب کو اغذات کو ملاحظہ فرماکر بے اعانت دوسرے کے دستخط فرماتے تھے جب برخاست ہوتی
تھی چار متصدی حاضر ہوکر سب کا غذ جمع کرکے جسکے نام دستخط ہوتے تھے جدا کرکے ہر دفتر
مین اوسی وقت بھجوا دیتے تھے اور اوسی دن دفتر اجرا سے سب احکام جاری ہوتے تھے
اسی ملاحظہ کا غذ کی جہت سے فتور بصارت ہوگیا تھا اور جاڑے کے موسم مین دن چھوٹا ہوتا ہے
جو کا غذ رہجاتا تھا رات کو ملاحظہ ہوتا تھا اور پرچہ اخبار بلا قید گذرتا تھا مہر خاص کیوقت ظفر الدولہ
کپتان فتح علیخان حاضر ہوکر سامنے حضور کے مہر کرکے پھر صندوقچہ مہر لیجاتے تھے پرچہ پیام یا
محبت نامہ بیگم صاحب کا پہلے مرزا جعفر حضور مین لایا کرتے تھے جب یکدن جناب عالی نے ازراہ عتاب فرمایا
کہ کرنل بیلی میرے سامنے بات نہین کرسکتا یہ جو کرتے ہو تم ہو پھر منشی میر حیدر بھانجے منشی علی نقی خان
کے اون دنون جوان خوشرو تھے بصلاح مرزا جعفر جایا کرتے تھے جواب تحریرات کا اوسی دن
جاتا تھا ادھر سے مولوی صدر الصدور اسطہ رسالت کرتے تھے یہان سے جواب بعد خوب تنقیح و تحقیق
و مشورہ جایا کرتا تھا۔

وقت شام جناب عالی بسواری گاڑی دو اسپہ کوچوان راس اپنے ہاتھ مین لیے جلوس
سواری ترک سوار ان سالہ راجہ بختاور سنگھ ارد لی خاص یا کبھی تامجان پر سوار ہوکر تشریف فرما
ہوتے تھے کبھی کسی گنج کی طرف جاکر نرخ غلہ خود پوچھتے تھے بخیال پرورش رعایا بالقبال بھی گھومتے
رہتے تھے سال بھر مین وضیافتین صاحب رزیڈنٹ کی کوٹھی مین ہوتی تھین سرکار کی طرف سے
ایک سالگرہ شاہ لندن دوسری بیگم صاحب کو اسمین ساٹھ ستر ہزار روپیہ صرف ہوتا تھا
اور کشتیان علی قدر حال مرشد زادون داماد کو ملتی تھین امرا کو ہارگوٹے کے اور عطر
لارڈ ہایر صاحب کے حکم سے یہ سب موقوف ہوا فقط آتشبازی روشنی سرکار شاہی سے ہوا
کرتی تھی۔

انتظام ممالک محروسہ جناب عالی

اکثر علاقجات سرکار سے عمال کو امانی دیے جاتے تھے کسیکو علاقہ چار پانچ لاکھ سے

زیادہ کا نہو تا تھا اس وجہ سے کہ صاحب قوت نہو جائین اور تھوڑے علاقے کا بندوبست ہندوستانیون سے ہوسکتا ہو اور زیادہ علاقہ دینے سے احتمال روپے کے رہجانے کا ہوتا ہی سوائے نظامت نواب منتظم الدولہ حکیم مہدی علیخان کے وہ سب طرح سے سرکار کے معتمد تھے اور اپنے محاصل ملک کو چھپاتے نہ تھے اسی جہت سے خیرخواہی اور اعتماد اونکا ثابت ہوا تھا اور اسکے سوا ملک کے امانی ہونے سے موجب خوشی سرکار کمپنی انگریز بہادر بھی تھا اور بندوبست بھی تھوڑے علاقے کا بخوبی ہوسکتا ہی خلاصہ بہت کم علاقہ اجارہ دیا جاتا تھا بہت شرط و مشروط پر کہ کسی طرح سے روپیہ سرکار کا علاقے مین رہ نجاے اور باعث بربادی نہو بلکہ عمال سے اقرارنامہ لیا جاتا تھا کہ جس حیثیت آبادی سے علاقہ دیا گیا ہی اگر بروقت چھوٹنے کے کچھ فرق ہوگا قید شدید ہوگی اور جرمانہ سنگین لیا جائیگا چنانچہ اکثر عمال متاجر قید مین مرگئے اونکا گھر ضبط ہوا۔

فوج کی یہ صورت تھی کہ جس علاقے مین بقدر ضرورت اور معمول قدیم متعین رہتی تھی عامل کو برطرفی وبحالی کا اختیار نہ تھا اور بروقت ضرورت جب کوئی تعلقدار ازراہ سرکشی لڑتا تھا اور فوج کمک کو جاتی تھی اور فوج انگریزی بھی حسب قانون شریک لڑائی ہوتی تھی اور عمال بغیر حکم سرکار کسی تعلقدار سے نہین لڑسکتے تھے کسواسطے کہ وہ مختار سب امور کے نہ تھے سرکار بیدار مغز تھی جب کسی تعلقدار اور عامل سے معاملہ فیصلۂ سال تمام مین کچھ تکرار ہوتی تھی اور تعلقدار فیصلہ مجوزہ عامل قبول نہین کرتا تھا عامل پہلے سرکار مین عرض حال کرتا تھا سرکار سے حکمنامہ جہت دریافت عدم قبول معاملۂ مشخصہ جاری ہوتا تھا اگر تعلقدار نے ازراہ رعیت گری معاملۂ مجوزہ عامل جو مقبول سرکار ہوچکا تھا قبول کیا بہتر وگرنہ درصورت سرتابی استیصال کیا جاتا تھا اور اگر عامل ازراہ نفسانیت ارادہ جبر صریح نسبت تعلقدار کے کرتا تھا بعد تنقیح ان سب امور کے عامل کو سرکار سے صاف ممانعت ہوتی تھی کہ ہرگز زیادہ طلبی نکرو بلکہ سرکار سے خود بموجب جمع سنواتی فیصلہ تجویز ہو جاتا تھا کہ عامل اور تعلقدار کو کوئی عذر باقی نہے خلاصہ ان سب امور کا اہل سرکار کو خیال رہتا تھا باعث آبادی ممالک محروسہ ہوتے تھے اور جتنے امور مالی وملکی اور فوجی اور رعایاے شہر

حتی الوسع آنکھ سے دیکھکر اور کان سے سنکر حکم مناسب دیا جاتا تھا اور اہلکاروں کے اطلاع جنابعالی کوئی امر بجا نہین لا سکتے تھے جیسا کہ حکام مابعد کے عہد دولت مین جو اہلکاروں کے اختیار کلی ہونے سے اور غفلت سرکار سے رفتہ رفتہ باعث خرابی و بدنامی و شکایت سرکار انگریز بہادر ہوگا —

بنائے وثیقہ بہو بیگم صاحبہ فیض آباد و حمایت و مداخلت صاحب رزیڈنٹ ہر امر مین جو باعث کمال ناگواری دلی جناب عالی ہوا

خلاصہ جنابعالی نے جو کچھ کہ اس مدت ریاست مین بذات خود کیا کیا عرق ریزی و جدوجہد کی ظاہر ہے خصوص اپنے بے اختیار ہونے مین حتنا کہ صاحب اختیار سے نہو سکا اگرچہ نواب گورنر جنرل نے اختیار سیاہ و سفید گھر کا دیا تھا اس عہد دولت مین سوال جواب سرکارین تحریر پر چہ پیام پر موقوف تھا مقدمات یا اظہار احوال مین اور محبت نامہ مخلص ہوتا تھا اور سرکارین کو حصول مقصود مطابق قوانین منضبطہ منظور و ملحوظ رہتا تھا اس جہت سے تحریر مین فی الجملہ ایک حجاب حفظ مراتب رہتا تھا اور اندیشہ خلاف قانون جانبین کو تھا لمسڈن صاحب کرنل اسکاٹ صاحب کرنل کالنس صاحب کرنل جان بیلی صاحب سے جیسا کہ چاہیے کہ موافقت کبھی نہ رہی ہمیشہ جلی کٹی چلی گئی بیلی صاحب کے مدت قیام نوبرس مین جو گذرا ظاہر ہے کہ ہر امر جزو کل مین بہت سے امور خلاف صاحب کی خودرائی سینہ زوری سے عمل مین آئے اس خلاف سے بہت تنگ و ناگوار طبع ہوئے تھے یہ سبب آتش افروزی گھر کے بھیدیون کا تھا تفصیل ان سب مقدمات کو ایک کتاب مخلص چاہیے تھی اگر سرکار شاہی مین کوئی بیدار مغز ہوتا طرفین کی تحریرات کو جمع کر لیتا مکمل جاتا چنانچہ بکنگھم صاحب صاحب اخبار کلکتہ نے اپنے کاغذ اوری انکل اب ڈرورمین ان سب خرابیون کا حال اور عملہ رزیڈنٹ و تحکم صاحب کا خوب لکھا ہے جنھون نے اوس کتاب کو دیکھا ہے جانتے ہین جس سے سراسر الزام کرنل وحق بجانب جنابعالی یہی وجہ تھی کہ اونکی حمایت سے بہت سے اصحاب یمین اصحاب شمال ہوگئے حق مرکز سے تجاوز کر گیا لوگون نے خط مستقیم سے راہ خط سخنی اختیار کی بنام نامی خیر خواہان کمپنی اپنا مزید تفاخر سمجھے مثل حمایت نواب ناظر محمد تحسین علیخان اگرچہ چھپی سفارش

شور صاحب تھی مگر گفتگو تو امرو اجی مین ہوا دنکے در پر ذلت کے نہ تھے یا حیدر بخش چیلہ
محمد الماس علیخان سے اپنے نقد و جنس پہرہ انگریزی لیکر کوٹرے اپنے وطن مین جا کر رہا
یا خانہ زاد خان مرزا جان متبنائے الماس علیخان اوسکے گھر پہ پہرہ انگریزی رہتا تھا
واصلات ملک سے بچا دیا خاتمہ وثیقہ بہو بیگم صاحبہ کا ہوتا اور بہت سے مقدمات گذرے جو
علی الرغم جناب عالی ہوے اور یہ سب موقوف بروقت ہوتے اگر قضا چھوڑتی چنانچہ اسکا شاہد
مدعا اشتماد اول اجلاس لارڈ مایرا صاحب بہادر ہے کہ کرنل صاحب نے دربار عام مین جب
تمو سلین و خیر خواہان کمپنی جمع ہوے عرض کی یہ سب خیر خواہان سرکار دولتمدار ہین عجب حرف
انصاف فرمایا کہ کس ذریعہ حسن خدمت اپنے سے آیا بروقت ضرورت سرکار کو روپیہ دیا ہے یا
بروقت لڑائی فوج سے کمک کی ہے یا باعث تصفیہ کسی مقدمۂ عظیم کے ہوے ہین ہمارے
نزدیک یہ سب امور جناب عالی سے ہماری سرکار کیواسطے ہوے ہین یہ لوگ اپنی حفاظت
جان و مال اور عزت بچانیکو ہماری سرکار کے ظل حمایت مین آئے ہین بلکہ باعث ہماری مداخلت
بیجا کے ہوتے ہین۔

الغرض بنائے وثیقہ بہو بیگم صاحبہ کی یہ صورت ہوئی کہ جب ارباب علیخان لکھنؤ مین آئے
مہمان مرزا جعفر ہوے بہت تکلف سے ضیافت کی اور بمشورۂ کرنل بہادر صورت معاملہ
وثیقہ ٹھہرا کر پہلے نواب قاسم علیخان کو فیض آباد بھیجا اونھون نے بیگم صاحبہ سے مشروحا
عرض کیا کہ اپنی کچھ بسر اوقات اور اپنے بال بچون و متوسلین و نمک پروردگان قدیم کی بھی کچھ
فکر کی ہے یا نواب سعادت علیخان سے آپ مطمئن ہین معلوم نہین ان سب کا کیا حال ہوگا اور
بعد آپ کے کسکے دروازے جائینگے اور کون ان سکی حمایت و سرپرستی کرکے روٹی دے گا
فرمایا مجھے بھی شب و روز انھین کی فکر رہتی ہے اب جیسی تمھاری صلاح وقت ہو عرض کیا
مناسب یہ ہے کہ آپ کرنل بلی صاحب کو بلوا کر اپنا وصی و ضامن و حامی یہ کیجیے اوس سرکار
سے زیادہ کون امین و معتمد ہے اور یہ سب اپنا نقد و جنس یکمشت اوسکے زر منافع سے وثیقہ
دائمی ان سب کیواسطے بحمایت و بضمانت کر جائیے چنانچہ حسب الطلب کرنل صاحب فیض آباد
گئے اور سب مدار وثیقے کے طے ہوے اسکے ہونے سے عملہ اور اہلکاران سرکار کا

بہت بھلا ہوا چنانچہ مرزا جعفر کی بیٹی کے بھی سورو پے مقرر ہوئے اور واراب علیخان نے نجوف جناب عالی باخفا ہندوبان مہاجنوں کی مول لیکر روپیہ روانہ کلکتہ کیا بعد اسکے احکام جناب عالی پہنچے کھلا۔

نقل وثیقہ بیگم صاحبہ فیض آباد

این وثیقہ ایست بطریق ودیعت نامہ از جناب حضور جناب عالیہ امۃ الزہرا بیگم عرف بہو بیگم صاحبہ بنت مؤتمن الدولہ نواب سحاق خان مرحوم زوجہ نواب شجاع الدولہ والدہ ماجدہ نواب آصف الدولہ بالمالی سرکار کمپنی انگریز بہادر کہ کفالت و حمایت و حفاظت مابدولت مع جمیع متعلقان و لواحقان بر ذمت ہمت المالیان موصوف ثابت و متحقق ست و ہمیشہ بعمل آمدہ و خواہد آمد برین وجہ کہ تا ایام حیات مابدولت بر جمیع علاقہ جاگیرات و مکانات و مال و اسباب خود قابض و متصرف بودہ نوعیکہ صلاح وقت اقتضا خواہد خود پرورش و پرداخت عزیزان و برادرزادگان و لواحقان و خواجہ سرایان و متبنیان و کنیزکان سرکار خواہم نمود لیکن چون بر جمیع مستعار اعتمادی نیست لہذا نظر بر عاقبت اندیشی و مآل کار و حالت صحت ذات و ثبات عقل و حواس خود تمام مال و اسباب اثاث البیت خود از نقد و جنس انچہ بالیقین در ملکیت انجا بہ است و مقدار آن رفرد علیحدہ مہری انجانب مفصل معلوم خواہد شد مع دیگر ہر چہ در ہر وقت لغایت وقت ارتحال از دار فانی بخزانہ سرکار جمع شدہ باشد بطریق ودیعت و امانت بالمالی سرکار کمپنی انگریز بہادر دادم و سپردم و اختیار کامل در باب تصرف دران بالمالی سرکار موصوف مفوض و مسلم فرمودیم بمد نظر و توقع آنکہ المالی سرکار موصوف نظر بر رابطہ اتحاد و اخلاص قدیم قسمیکہ کفالت و اعانت امور سرکار انجانب کردہ اند ہمان قسم بعد بابدولت نیز کفیل و حامی ہر مہمات غریبان و برادرزادگان و لواحقان و خواجہ سرایان و متبنیان بابدولت بودہ باشند چنانچہ بر ای مدد معاش غریبان و برادرزادگان و خواجہ سرایان و لواحقان و متبنیان بابدولت اہم باہم از رقم جاگیر و دیگر ہبہ نقدی منجملہ منفعت مال سرکار بموجب فرد علیحدہ مفصل مقرر فرمودیم نسلاً بعد نسل و بطناً بعد بطن خالداً و مخلداً ابحال برقرار دارند تا آنہا اوقات گذاری نمودہ محتاج نشوند و المالی سرکار موصوفہ ہمیشہ انہمنی منظور نظر دارند کہ کسی بر آنہا ظلم و تعدی نسازد و حویلیات و

دباغات وگنجیات و دکاکین و وجوہ محرقہ وغیرہ کہ درایام حیات مابدولت در تحت و تصرف آنہاست مدام در قبضۂ تصرف شان و واژمان شان نسلاً بعد نسل باشد و احدی مران بوجہی من الوجوہ تعرض ومزاحمت نکند و رفعت و نظامت پناہ عزیز القدر محمد داراب علیخان و دیگر اہلکاران و خواجہ سرایان و لواحقان و ملازمان مابدولت کہ باموروالی و ملکی و امور خدمات بوده اند چون ہریک حساب کتاب قرار واقع موافق رسم و آئین سرکار عالیہ بابدولت فہمانیده داده اند تا حین حیات خود خواہم فہمید ثانی الحال بعد مابدولت باحدے نمیرسد کہ مواخذۂ حساب و کتاب با آنہا کند اگر احیاناً کسے بوجہی من الوجوہ ازراہ تعرض و اذیت رسانی کند اہالی سرکار موصوف اورا بازدارند مگر بموجب حکم و ثیقۂ اینجانب ہر قدر مال و اسباب از نقد و جنس کہ در فرد علیحدہ مہری مندرج گردیده و دیگر ہر قدر مال و اسباب از نقد و جنس کہ ازین وقت ارتحال بخزانہ مابدولت جمع شده باشد باہالی سرکار موصوف نشان بدہند و نیز اہالی سرکار موصوف منجملۂ احوال سرکار عالیہ مبلغ سہ لک روپیہ سکہ برلے طیاری و تعمیر مقبرہ و یک لک روپیہ سکہ جہت نذر کربلاے معلی و نجف اشرف و دیگر ممالک شریفہ برآورده سعرفت محمد داراب علیخان ناظر کہ بحلیۂ امانت و دیانت آراستہ است بہردو جا صرف نمایند و بنابر اخراجات مقبرۂ مذکور بمجمع مبلغ ده ہزار روپیہ و یہات از پرگنۂ بیچپور راٹ مقرر نمایند کہ آمدنی آن بمصارف مساکین و مومنین و مقبرۂ مذکورہ ورآمده باشد و آنہا بآرام تمام و آسایش مانند تا موجب ثواب باشد و از تنخواہ ہمہ عزیزان و برادرزادگان و خواجہ سرایان و کنیزگان و متبنیان سرکار مقدسہ از محاصل جاگیر یا منافع مال سرکار عالیہ بمحمد داراب علیخان داده باشند تا موہی الیہ بہریک تقسیم کرده باشد و گفتہ و نوشتۂ خان موصوف در بارۂ آنہا پذیرا نمودہ باشند و بعد اجرلے جمیع وجوہ مرقوم الصدر ہرچہ مال و اسباب از نقد و جنس سرکار عالیہ باقی ماند اختیار کامل آن بدست اہالی سرکار موصوف فرمودیم کہ ہرچہ بخواہند و بہرکہ بخواہند بدہند و بکنند مگر چون بعضے اقربا و عزیزان بابدولت کہ آسامی آنہا در فرد علیحدہ مندرج است التماس و وجوہ تنخواہ از جای دیگر دارند و وجوہ تنخواہ مذکور بعد وفات کسان مذکور احتمال موقوفی یا کم و بیشی خلاف معمول سرکار اینجانب ست درین صورت

اعلی سرکار موصوف نظر بر بلند نامی خود و ابد دولت واجب ست کہ بعد از اجرائے وجہ برات مشاہرہ محمد دارا بعلیخان و غریبان و غیرہ سامی مندرجہ فرد علیحدہ دادن مبالغ طیاری مقبرہ و مندرکربلائے معلی و نجف اشرف از منافع مبالغ امانت مصدر الذکر کہ سال بسال حصول خواہد شد و دران اعلی سرکار موصوف بتصرف مختار خواہند بود کسانی را کہ از غریبان ما بدولت از طرف وجہ معاش پریشان حال ملاحظہ فرمایند وجہی فراخور حال آنہا مقرر سازند کہ اوقات خود را بسر برند تحریر فی التاریخ بست و ششم شہر رجب ۱۲۲۸ھ ہجری مطابق سنہ ۱۲۲۱ فصلی مطابق ۱۸۱۳ع امتہ الزہرا بیگم محمد دارا بعلیخان بوبو سدھ بچن

مونس الدولہ محمد اسحاق خان

بتفصیل دریں رسالہ غریبان و اقربا و خواجہ سرایان و متوسلان و ملازمان و متبنیان و غلامان سرکار جناب عالیہ امتہ الزہرا بیگم بنت محمد اسحاق خان مرحوم مع دیگر اخراجات ضروریہ کہ اجرائے آن نسلاً بعد نسل از اصل و منافع مال سرکار خود و مندرجہ وثیقہ بندوبستی مرقوم بست و ششم رجب ۱۲۲۸ھ ہجری حوالہ اعلی سرکار کمپنی انگریز بہادر مخلوط و مرکوز شدہ و علاوہ ہر انچہ از سرکار نواب وزیر الممالک بہادر شامل جاید اد تنخواہ خاص محل و تنخواہ ڈیوڑھیات نواب مرزا علیخان و نواب سالار جنگ مرحومان و مرزا قاسم علیخان و اکبر علیخان و اصغر علی خان از قدیم الایام معمول و مقرر ست واجب

بی اشرف النسا و غیرہ	مرزا حیدر		مولا بیگم
۴ نفر	۴	الف	الف
شارالیہا	مرزا محمد تقی خان	نواب مرزا	نواب بی بی
اعاره	اعاره	ماره	ماره
فاطمہ بیگم	مرزا شاہ میر خان	عباس مرزا	نادر مرزا
الف	اعاره	ماره	ماره
صاحب مرزا	حضرت بیگم	نواب بہادر	صغری بیگم
ماره	ماره	ماره	ماره

علیجاہ	میان جنو	مرزا قاسم علی خان وغیرہ
مادر	مادر	بعد فقر سماعت
مشار الیہ	مرزا اکبر علیخان	مرزا اصغر علیخان مرزا چوہڑ
الیہ	الیہ	الیہ مادر
مرزا مہتہ	مرزا عباس	مرزا سلطان علیخان جانی خانم صاحبہ
مادر	مادر	مادر مادر

مہدی بیگم زوجہ مرزا جعفر علیخان — محمد داب علی خان ناظر وغیرہ
نواسہ مرزا اکبر علیخان مادر — بعد الیہ

باسم مشار الیہ کہ از کمال اطاعت مابدولت را راضی داشتہ از ربیع پنجگنہ سلون در جاگیر مقرر شود تا چہار ہزار روپیہ باشد

درماہہ ماہ بماہ	للعہ	بوبو بیگن وغیرہ
مشار الیہا	بوبو الماس کنور	بوبو فیض النسا للہ نفر اجاف بی بی مبارک النسا
مادر	مادر	مادر
امیر النسا	بنو صاحبہ	میر محمد علی ولد احمد علی میان ترب
مادر	مادر	مادر
میان محبوب کلان	میان خود چشم	میان سعادت میان بشارت
ہ	ہ	ہ ہ
میان دلاور	میان دولت	میان مجبوب خرد میان پچتاور
ہ	ہ	ہ ہ
میان بکھدراج	میان نشاط	میان معقول میان یاقوت
ہ	ہ	ہ ہ
میان منظور	میان خورشید	میان نمایش میان الماس
ہ	ہ	ہ ہ

میان

میان ذوالفقار میان فرحت میان شوکت سیدی محبوب کلان

میان حسنو میان تسکین قنبر عقلمند میان عنبر

میان نسیم نیک روز بلال نظافت

سیدی محبوب خرد سلطان علیخان سلطان کلان مرجان کلان

خواصان مردمان چوکی پہرہ

۱۰ نفر ۱۰ نفر ۱۰ نفر

۱۰ نفر ۱۰ نفر مرجان خورد امام علی بندہ علی جعفر علی

۱۰ نفر ۱۰ نفر ہدایت علی بندہ علی سیدی حسن پناہ علی وکیل

منشی سبحان علی میر تراب بی بی خیر النسا خدیجۃ النسا مرزا کوچک حکیم۔

۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰

برائے طیاری مقبرہ منجملہ متروکہ باہتمام دارا ب علیخان سی لک

برائے نذر کربلائے معلی و نجف اشرف منجملہ متروکہ معرفت دارا ب علیخان یک لک

برائے اخراجات مقبرہ دیہات بجمع مبلغ دہ ہزار روپیہ از پرگنہ پچھم راٹ مقرر شوند تا آمدنی

آن سال بسال دارا ب علیخان گرفتہ بمصارف مومنین و مسافرین و قرآن خوان مقبرہ

دہ آوردہ باشد۔

تنخواہ مجلات برادر صاحبان نواب مرزا علیخان نواب سالار جنگ طور کیہ از نواب آصف الدولہ

مغفور تا این وقت جاری بودہ است و ہمیشہ یافتہ اند ہمانطور ہمیشہ یافتہ باشند و ہرگاہ از

حسن سعی صاحبان موصوف تنخواہ مذکور منسلاً بعد نسل جاری نمودہ الہی سرکار موصوف

بمضمون وثیقہ عمل نمایند یعنی دو جہ فراخور حال ہر یک از بقیہ منفعت مال سرکار موصل مقرر سازند

تنخواہ مرزا قاسم علیخان بہادر قسمیکہ در عہد بہ نوردار نواب آصف الدولہ بہادر مغفور تا انیوقت اجرا بودہ است ہمین طور ہمیشہ جاری بودہ بمرثلے مذبور رسیدہ باشد و الحال سرکار کمپنی انگریز بپاس خاطر مابدولت اعانت و امداد امورات بمرثلے مذکور نمودہ باشند انشاء یعنی باعث خوشی خاطر مابدولت خواہد بود ہرگاہ از حسن سعی و کفالت الحال سرکار موصوف وجہ تنخواہ مذکور نسلاً بعد نسل جاری شود الحال سرکار موصوف بمضمون وثیقہ عمل فرمایند یعنی وجہ فراخور حال ہریک از اولاد و احفاد مرزای مذکور محاصل جاگیر یا از بقیہ منفعت مال سرکار مقرر سازند۔

تنخواہ خاص محل از محاصل گونڈہ بموجب فرد تفصیل علیحدہ بدستور جاری باشد و بمرد م محل مذکور رسیدہ باشد و ہرگاہ تنخواہ لطف النساء بیگم و مرزا محمد تقی خان و مرزا نصیر مع فرزندان ایشان از جائداد محال مذکور نسلاً بعد نسل جاری بودہ الحال سرکار موصوف و ورثاء این سہ کس موافق بمضمون وثیقہ فرمایند یعنی تنخواہ ہر سہ کس مذبور از محاصل جاگیر یا از بقیہ منفعت مال سرکار مقرر و معین فرمایند۔

تنخواہ فرزندان و متعلقان مرزا جمعہ از سابق مقرر بودہ است بعد ما بدولت برہمان قسم برقرار و بحال باشد و اگر نباشد الحال سرکار موصوف بمضمون وثیقہ عمل فرمایند یعنی وجہ فراخور حال ہریک از محاصل جاگیر یا از بقیہ منفعت مال سرکار مقرر سازند۔

انچہ ظفر الدولہ عوض جاگیر خود در ماہہ می یابند ہمان قسم در ماہہ فرزندان و متعلقان مرقوم موصوف ہمیشہ یافتہ باشند و اگر نیابند الحال سرکار موصوف بمضمون وثیقہ عمل فرمایند و وجہ فراخور حال ہریک از محاصل جاگیر یا از بقیہ منفعت مال سرکار مقرر سازند۔

امۃ الزہرا بیگم تحریر فی التاریخ بست و ششم رجب ۱۲۲۸ ہجری امۃ الزہرا بیگم

تنخواہ خاص محل از علاقہ محال گونڈہ وثیقہ ضمانت کہ از سرکار شاہی بعرض وصول مے آید۔

بموجب وثیقہ یک لک روپیہ

محمد داراب علیخان بوبو سدھ بچن

آغا تقی خان لطف النساء بیگم آغا غیاث آغا نصیر لطف النساء بیگم مرزا حیدر مرزا عجو

خیر النسا مرزا جعفر حکیم لواحقان مرزا علی و مرزا جعفر بندی بیگم آمنہ بیگم

بیگمی صاحبہ توکل صاحبہ انجی خانم انجمن النسا ستارا خانم عمدہ بیگم

سیتی بیگم سنگی بیگم حبنی بیگم والدہ حسین علیخان لواحقان بی بی شاہ قبا ملان مرزا جعفر

بیگم صاحبہ و فاطمہ بیگم امامی بیگم فاطمہ بیگم حسن علیخان پسران حسن علیخان مرزا گھسیٹا

مرزا بندہ محمد علیخان مرزا ابو طالب آغا بزرگ و محمد حسین مرزا حسام الدین حیدر محرم علیخان

مرزا ابراہیم عباس علیخان بیان بسنت میان نوروز میان نکہت مرزا حیدر علی

مرزا ستار علی ہرسکہ رائے متصدی مرزا برہان علی موذن میر مرتضی حکیم

خواص پورہ امۃ الزہرا بیگم

عرف شہر بنت

ماجہ للعما الحالی موتمن الدولہ محمد اسحاق خان

نقل تعہد نامہ از طرف نواب مستطاب معلی القاب اشرف الامرا الاردمائر اگورنر جنرل بہادر دام اقبالہ موسومہ نواب بہو بیگم صاحبہ ظلہا مرقومہ بست و نہم ماہ اکتوبر سنہ ۱۸۱۳ء مطابق چہارم ذیقعدہ سنہ ۱۲۲۸ ہجری مقام فورٹ ولیم۔

چون نواب بہو بیگم صاحبہ معظمہ محترمہ والدہ ماجدہ نواب صفدر الدولہ مرحوم مبرور از روے وثیقہ مہری خود بگواہی گواہان معتمد ارادہ حوالہ نمودن ہمگی اموال منقولہ خود را بدست اجالی سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر جہت اینکہ اجالی ممدوح وجہ معاش اقارب و متوسلان بیگم صاحبہ مفلسہ تبعداد و عنوان مندرجہ کاغذ علیحدہ مہری موعی الیہا بگواہی گواہان مذبور مقرر نمایند و ہم بجائے

مصارف دیگر مندرجہ کو اغذ ذیور و اظہار خود ہا اند و نیز فرد تفصیلی مہری خود مشتمل بر تعداد و قدر مال از قبیل نقود و جواہر و نشان مکانات آن بدست شہامت مرتبت و عوالی مرتبت ابہت و عالی منزلت عماد الدولہ افضل الملک میجر جان بلی صاحب بہادر ارسلان جنگ صاحب جانشین مقام لکھنؤ فرمودہ اند درین صورت نواب مستطاب علی القاب شرف الامرا لارڈ ہایرا گورنر جنرل بہادر از تقسیم اموال مذکورہ را بطوریکہ در کاغذ ذیور مصدع است بحال و برقرار داشتہ بکفالت سرکار انگریز بہادر گرفتند اقرار مینماید کہ ہرگاہ مال مذکور بدست تصرف سرکار کمپنی انگریز بہادر خواہد آمد ایماء و اشارات بیگم صاحبہ معظمہ دربارہ اقرباء و متوسلان ایشان و دیگر امور مندرجہ کو اغذ مسطور ہر چہ بریں سرکار موقوف و منحصر ست ہمگی بر و دمی قرار و قعی بعمل خواہد آمد و نیز اقرار و اعتراف انمینماید کہ الحال این سرکار دربارہ مقرر گردانیدن چند موضع پرگنہ بھیم راٹ بقدر جمع بمبلغ دو ہزار روپیہ سالانہ بر سبیل دوام بنام محمد داراب علیخان بر وفق خواہش بیگم صاحبہ معظمہ از سرکار نواب وزیر الممالک بہادر مساعی جمیلہ خواہند نمود و علاوہ آن نواب صاحب ممدوح اقرار مینماید کہ الحال این سرکار دربارہ اقرباء و متوسلان سرکار بیگم صاحبہ معظمہ لازمہ حمایت و سرپرستی تقدیم خواہند رسانید و وجہ معاش آنہا بآنہا و اولاد احفاد آنہا نسلاً بعد نسل بطوریکہ تحریر بیگم صاحبہ شدہ است بحال و برقرار خواہد داشت ۲۹ ساہ اکتوبر ۱۸۱۳ عیسوی مطابق ۴ شہر ذیقعدہ ۱۲۲۸ ہجری مقام فورٹ ولیم تحریر یافت ۔

خلاصہ مطلب کتاب لکھنا چاہیے یہ احوال فقط سلسلہ کتاب کیواسطے مندرج ہوا جو لوگ کہ واقف محض ہیں جبتک کہ سرشتہ سلسلہ ہر احوال کا نہوگا کیونکر او نہیں جزو کل معلوم ہوگا ۔

غرض جنابعالی ایسی بہت سی حسرتیں دنیا سے لے گئے ۔ من درچہ خیالیم و فلک درچہ خیال ۔ مثل ضبطی مال بہو بیگم صاحبہ وغیرہ ۔

بموجب تحریر کتابچہ انگریزی طبع کلکتہ بنام ثبقہ بیگم صاحبہ ۱۸۰۸ء انتقال ۱۸۱۵ء متروکہ مرحومہ مجموع لعہ لک ۔۔۔ عاعہ وثیقہ انگریزی ۔۔۔ لعہ لک ۔۔۔ وثیقہ برای مرزا علیخان و سالار جنگ و برطے سہ پسران ماہواری و لطف النسا بیگم و مرزا محمد تقی خان و مرزا نصیر و اولاد شان ماہواری ۔۔۔ ۔۔۔

چنانچہ جناب عالی لشکر سلطانپور مین تشریف رکھتے تھے وہان پہنچے اخبار سے علالت مزاج جناب موصوفہ معلوم ہوئی اس خیال سے کہ بہت ضعیف ہو رہی ہین مبادا انتقال کر جائین بہت جلد داخل فیض آباد ہوے حاضر حضور ہو کر نذر گذرانی سات مرتبہ تصدق ہو کر اپنی آنکھین کف پا سے ملنے لگے کہ غلام کو انھین قدمون کے دیکھنے کی تمنا تھی اور بدل منظور تھا ورم پا دیکھتا تھا بیگم صاحبہ نے کچھ مطلب دلی سمجھکر خواص سے فرمایا دوشالہ میرے پانوٗن سے ہٹالے اُسکے بعد بلوس خاص خلعت عنایت فرمایا جناب عالی کے انتقال کے ایک برس بعد جناب موصوفہ نے انتقال کیا اسطرح جتنے امور خلاف قانون و خلاف مزاج کرنل بلی صاحب سے سرزد ہوے تھے ایک سوچودہ قصور بقید تاریخ و مقدمہ قلمبند فرمائے تھے اور یہ سب مسٹر الارڈ ہسٹینگ صاحب بہادر کی رونق افروزی پر تھا مگر تقدیر نے نہ چالا اجل نے فرصت نہ دی ع ہے بسا آرزو کہ خاک شدہ۔

خلاصہ جناب عالی کے شہر سے کوئی شخص بغیر چھپی لکھاسی کے شہر سے باہر نجا سکتا تھا منشی محمد بخش کو یہ خدمت تھی اور مسافر دس روپے سے زیادہ روپیہ نہ لیجا سکتا تھا بعض اہلکار نے اچار کے گھڑون مین اشرفیان بھر کر بیس بھنگی بھیجنے کا ارادہ کیا تھا تاکے پر پکڑی گئین جب کسیکی نہ ٹھہرین اور کسی نے خوف سے اظہار نہ کیا ضبط سرکار ہوئین رہے جن صاحب جنابنے مراد آباد اپنے گھر بھیجنے کا قصد کیا تھا فی الحقیقت اہل وثائق کے ہونے اور انکی حمایت سے سرکارین مین سبب فساد کے ہوے اگر حاکم اعلی منصف و کسیکا حق واجبی و واجبی تلف نکرتا تو کوئی ایسا نہ کرتا یہی سبب ہوا کہ آخر صاحبان کورٹ آف ڈائرکٹرس نے از روے انصاف اس سلسلۂ حمایت کو برہم کیا فقط طریقۂ قرض مؤبد جاری رکھا واقعی سلطنت نے اسے ہی غنیمت سمجھکر لاکھون دیے فی الحقیقت ایسی سرکار عالیشان کے مقابل دوسرا کون ایسا مہاجن تھا جسکے اعتماد پر روپیہ دیتے۔

غرض توضیح ان حکایات اور افسانون کی جو تو برس کی مدت رزیڈنسی مین ہوئی کہانتک بیان کیجاے ہر صاحب فہم کو ایک تحیر رہتا تھا کہ دیکھیے انجام کار ان سب مقدمات کا کیا ہوتا ہے اس عرصے مین یاوری اقبال جناب عالی سے گورنر جنرل صاحب

مقرب خاص جناب عالی ان سب مقدمات سرکارین سے خوبی طے ہو چکے تھے بخصوصت روانۂ ولایت ہوے اور بدل منظور یہ ہوا کہ ولایت سے درستی مقدمات جنابعالی ہو جاے تو باعث سرخروئی و نیکنامی و خیر خواہی کا ہوگا اوسکی صورت یہ نکالی کہ لارڈ مایرا صاحب رفیق خاص شاہ جم جاہ جاج چہارم ہین اور بسبب مقدمہ دھنی کے اپنی اسٹیٹ زمینداری وغیرہ سب رہن کر چکے ہین اگر ایسے بڑے وقت مین جنابعالی انپر بے منت ایک استحسان خاطر کرین غالب ہو کہ یہ جب منصب گورنری بنگالہ پر منصوب ہو کر جائینگے حصول مقصود جناب عالی خاطر خواہ ہوگا چنانچہ جب اس مضمون خاص کی چٹھی جناب عالی کو آئی اوسکا جواب باصواب بحیلہ طلب تحائف ولایت چھ لاکھ روپیہ بھیجے اور اوسی کے ضمانتین لاکھ روپیہ پیشگی آہنی کو بظاہر روانہ کیے لارڈ موصوف اس حرکت رشتہ سے بہت ہی سخت برہم ہوئے منت یار احسان ہوے اور گورادوذلی صاحب کے اظہار سے سب کیفیت اطوار صاحب رزیڈنٹ خوب ظاہر ہوئی مگر موقوف بروقت رکھا۔

القصہ جب جاج چہارم سریر آرای سلطنت ہوے لارڈ مایرا گورنر جنرل بہادر بنگالہ ہو کر روانہ کلکتہ ہوے مندراج سے محبت نامہ بکمال خلوص جناب عالی کو بھیجا حالانکہ دستور تہنیت نامہ بعد ورود کلکتہ کے تھا اوسمین تشفی مقدمات جنابعالی بکنایہ مندرج تھی جب حسب سرشتہ کرنل بیلی صاحب نے وہ محبت نامہ جنابعالی کو دیدیا پانی کمرۂ خلوت مین دیا جنابعالی نے اونمین دیکھا یا صاحب نے کلمات ظاہری قبال و تہنیت کے ادا کیے مگر جان قالب سے نکل گئی جنابعالی بھی باوجود حلم و بردباری کے متحمل اس مژدۂ غیبی و بار مسرت کے نہوسکے اور اپنی صحبت خاص مین اکثر کلمات پاداش نمک حرامان فرمانے لگے چنانچہ ایک دفعہ مرزا ابوطالب خان کی بی بی نے عرضی شکایت کی کہ مرزا جعفر کا میرا ہمسایہ ہوا انکے مزدوران عمارت سے ہر روز پردہ کرنے سے بڑی تکلیف ہوتی ہے فرمایا صبر کرو چند روز مین یہ مکان تمہارا ہو جائیگا۔

جب کرنل بیلی صاحب نے یہ کیفیت خاص مرزا جعفر سے بیان کی دونون کو یاس کلی اپنے کوس لمن الملکی مین ہوئے آخر خائف و ترسان اپنی جان و مال و عزت سے ہو کر

متجسس قضائے متعلق و مبرم ہوئے جسطرح زمان خلق خاص و عام سے جاری ہوا اسکے قرائن کالشمس فی النہار تھے مگر وارثان ریاست اپنا ہونا غنیمت سمجھے پھر کون بازخواست کرنے والا تھا۔

انتقال جنابعالی متعالی

کئی مہینے پیشتر سے بسبب کثرت ملاحظہ کو اغذ ملکی و مالی وغیرہ کے ضعف بصارت ہوگیا تھا اور خلل نزول پایا جاتا تھا اکثر کحال نامی شہر کے طلب ہوئے چنانچہ آغا میر کحال بہت مشہور تھے دوسو روپیہ درماہہ کے ملازم ہوئے سرمہ بھی ہر قسم کا تلاش کیا گیا مگر صورت اصلاح نزول نہوسکی لیکن کاروبار سلطانی بدستور رہا کیا ضبط تھا کسی پر ثابت نہ ہوا ظفر الدولہ کپتان فتح علیخان کہتے تھے کہ ایک دن فقط مجھپر ثابت ہوگیا تھا۔

خلاصہ ۲۳ تاریخ شہر رجب روز دوشنبہ ۱۲۳۹ھ مطابق ۱۱ جولائی ۱۸۲۴ء چار گھڑی رات سے موافق معمول بسواری تاجان خواص جریدہ سے برآمد ہوئے سڑک شہتوت تک جاکر خاص بازار سے بارہ دری سرراہ مین رونق افروز ہوئے مداری نامے گویئے کا لڑکا تھا اوسے خاص بازار سے لیتے آئے تھے گانے لگا پچاس روپیہ اوسے عنایت ہوا چار گھڑی رات گئے خاصہ طلب کیا پلنگ پر بیٹھے پالک کا ساگ خشکے کے ساتھ نوش فرمایا بعد اسکے کئی پیالے بھی نوش کیے بعد ایک ساعت کے معمول یخنی کا تھا اور خاصہ طعام ہمیشہ قلیہ غوریمین نوش فرمایا کرتے تھے مشہور ہے کہ غوریمین اثر زہر کا جلد ظاہر ہوجاتا ہے مگر اس جام اجل سے غافل تھے جواہر علیخان داروغہ آبدارخانہ بڈھن خان آبدار کے ہاتھ سے گلاس یخنی کا لیکر حضور کو دیا نوش فرمایا بڈھن خان جب لشکر تاج الدین حسین خان مین سلطانپور گیا بہت پریشان حال تھا احسان حسین خان سے کہنے لگا کہ مہینے کا لاگر گٹ اوس یخنی مین دیا تھا پانچہزار روپیہ ملا تھا مگر نہ وہ روپیہ رہا نہ آل نہ اولاد رہی ہم محتاج ہوکر دربدر پھرتے ہین اسکے سوا بعض اور زہر بیان کرتے ہین واللہ اعلم جب تحقیق از روے انصاف ہوتا تو کھلتا غرض بعد نوش فرمانے کے ایک ساعت تک پہلو کے تکیے زیر بغل رکھکر ساکت و خاموش رہے پھر چوکی پر رفع احتیاج کو گئے دیر تک بیٹھے رہے بخوبی ادرار

سنسوا پھر پلنگ پر آکر لیٹے حاضرین خواص کو ایسے حال کے دیکھنے سے تحیر ہوا بعد تھوڑی دیر کے
کھبرا کے اوٹھے پیٹ پر ہاتھ پھیر کے فرمانے لگے یا حضرت عباس علیہ السلام میری اسوقت
مین مدد کرو مجھے ابکی بچا لو بعد اوسکے چار سرہانے کے تکیون پر سر رکھین ایک خواص نے
اپنی گود مین سرلے لیا فرمایا تکمہ کرتے کا کھولدے وہ کھولنے لگا اتنے مین سر قابو سے
جاتا رہا بلغم غلیظ گلے مین اور منہ مین آکر اٹکا کچھ فرمایا مگر وہ الفاظ کسیکی سمجھ مین نہ آئے جواہر نے
اپنی دو انگلیان منہ مین ڈالکر لختہ بلغم کو نکالا دوبارہ جرأت نہ کرسکا پہلے انگلیان شکل سے
نکلی تھین پس روح نے اوج سعادت پر پرواز کیا خواص نے دھائی رضائی اوڑھادی حاضرین
کو سکتا ہوگیا اوسوقت ۹ بجے تھے نواب شرف الدولہ رمضان علیخان بڑے معتمد جنابعالی
تھے پیادہ دوڑ کر کرنل بیلی صاحب کو خبر دی یہی وجہ اونکی خیرخواہی سرکار کی ہوئی لارڈ مایرا
صاحب نے بہت سفارش کی تھی اسکے سوا کوئی اور خیرخواہی نہین کی اور نہ سنی اچھا غالب جنگ
یا محمد غلامی اردلی نے نواب غازی الدین حیدر سے خبر کی غرض سن شریف ۷۰ یا ۷۲ کا وقت
ارتحال تھا۔

القصہ روز سہ شنبہ قریب دوپہر دریا مین زیر فرح بخش غسلخانے مین غسل دیا کہتے ہین زبانی
غسال کے کہ میت کے منہ سے خون جاری رہا جنانچہ کو بڑی دھوم سے اوٹھایا مرشدزادے
داماد امرا اقربا ملازمین ساتھ تھے اکثر روتے تھے اور بکثرت خلائق سے سڑک پیہ بڑا کھرام تھا
مقام تحیر یہ تھا کہ اجل نے دفعۃً کام تمام کیا خاص بلندی مین پڑے مرشدزادے نواب
غازی الدین حیدر کے مکان مین دفن کیا وہان فقط ایک بنگلہ بنا ہوا تھا اور سب احاطہ وسیع معلوم
ہوا اسی خیال سے تعمیر کسی اور مکان کی نہ کی تھی بلکہ ایک دن جب نواب غازی الدین حیدر نے
باب تعمیر مکان مین عرض کیا فرمایا یہ سب تمھارے مکان ہین کسی اور کے نہین کئی لاکھ روپے
مین بخوبی طیار ہوا حضرت فردوس منزل کے زمانے مین تمام ہوا کلس طلائی بھی نصب ہوا
تاریخ وفات ۔ آہ شد گنج سعادت در زمین ✦ دستور جہان بجنت آمد ✦ ہاتف
بگفت آہ شدہ لکھنؤ خراب ۔

صاحبان رزیڈنٹ اول اسٹن صاحب دوم کرنل سکاٹ صاحب انکے وقت مین

تقسیم ملک ہوئی سوم کرنل کالنس صاحب جو ۱۸۱۸ء مین عارضۂ نقرس سے مرگئے انکی قبر لمحق باغ پڑاین ہی انکے سوا کوئی رزیڈنٹ لکھنؤ مین نہین مرا اور چہارم سوا کرنل بیلی صاحب کے نوبرس تک نہین رہا رزیڈنٹ ہوکر انکے ساتھ باندے سے حضرات لکھنؤ تشریف لائے جو حالت یاس مین آوارہ وطن ہوے تھے انکی جہت سے ریاست مین بھونچال رہا ۱۸۱۵ء مع روانۂ ولایت ہوے بہت سے تحائف ہندوستان اور کتب ہر قسم کی لے گئے عربی فارسی مین صاحب استعداد تھے گوری بی بی جو کرنل مارٹن نے ایک لڑکی مسماۃ عمدہ پالی تھی اوسے اپنے رسوخ سے کرنل صاحب کو دیا تھا بعد کئی برس کے وہ مرگئی اوسکا مقبرہ بھی کرنل صاحب نے عقب مقبرۂ کرنل کالنس صاحب کے بنوادیا تھا از سرکار سے باہتمام داروغہ مہتمم کا رزیڈنٹ سرکار کی طرف سے رہتا تھا اکثر جب چار باغ سے ہوا کھاکر پھرتے تھے جایا کرتے تھے اوسکے سر کی چوٹی بالون کی اپنے دو رمحبت سے کاٹ کر زنجیر اپنے گلے مین پہنے رہتے تھے انکے بعد اسٹریچی صاحب گوالیار سے آئے نائب و جانشین جناب نواب شمس الدولہ احمد علیخان بہادر اور جرنل فوج بھی تھے۔

نواب نصیر الدولہ محمد علیخان مالک دفتر دیوانی۔

اہلکاران معتمد سرکار نواب منتظم الدولہ حکیم مہدی علیخان۔

دفتر اصلباقی بعد بیسکہ راے کے راجہ دیا کرشن بہادر۔

راے رتن چند اخبار گوٹ گشتی وڈویژ رعیات وغیرہ۔

راے صاحب رام اخبار خفیہ۔

راے مجلس راے بخشی تقسیم تنخواہ نگاہداشت نو ملازم۔

اسی طرح جتنے اہلکار تھے سب منتخب معتمد سرکار تھے۔

بعد تخصیف ملک بقیۂ ممالک محروسہ ایک کرور ۳۵ لاکھ ۷۴ ہزار ۹ سو ۴

محاصل ملک ایک کرور ۱۵ سے زیادہ نہوا۔

فوج جو بعد برطرفی کے رہگئی ۳۲ پلٹن بنجیب و تلنگہ سوائے سہ بندی علاقجات ہر فصل ۵ ہزار سوار کئی ہزار شاگرد پیشہ دو سو ترک سوار خاص سواری راجہ بنجتا ور سنگھ کا رسالہ۔

جمع خزانۂ عامرہ درین مدت مسند نشینی چودہ کرور روپیہ بچنین زبانی غلط العوام اس نصف ملک کی تقسیم سے اس قدر خزانہ جمع ہوا تھا اگر دوسرا نصف بھی رہتا غالب ہی کہ اس سے زیادہ جمع ہوتا۔

مدت ریاست ۱۶ برس کامل ۱۱ شہر ۲۱ یوم

حقیقت حال ظفر الدولہ کپتان فتح علیخان بہادر کی یہ ہی

کہ ضلع بنارس مین مقیم تھے انکی پرورش نواب سعادت علی خان بہادر نے مثل اپنے فرزندون کے کی تھی اور تعلیم تربیت جس طرح چاہیے فرمائی تھی اور مالک ومختار جمیع کاروبار کا کیا تھا خصوصًا خزانۂ عامرہ سپرد کیا تھا اور انکی امانت اور دیانت سے بہت راضی اور مطمئن تھے جب جوان ہوے سنگی بیگم صاحبہ بڑی بہن جناب عالی نے ایک لڑکی قوم مغل یا کشمیری جسکی ماں مرگئی تھی باپ داروغہ تھا اوسکو اونھون نے پرورش کیا تھا کسواسطے کہ وہ بے اولاد تھین جناب عالی سے کہا مین چاہتی ہون اسکی شادی تمھارے بڑے بیٹے سے کرون فرمایا یہ نواب ہر جب دوسری بی بی کرے گا میرے تمھارے باعث رنجش ہوگا بہتر یہ ہو کہ تم فتح علی کے ساتھ کرو کہ یہ بھی بمنزلۂ میرے بیٹے کے ہر غرض انکی شادی بنارس مین ہوئی انکا اعتماد دن بدن بڑھنے لگا اور کارفرمائی بھی سپرد ہونے لگی خطاب خانی بھی ملا جب جناب عالی مسند نشین وزارت ہوے انکی بڑی بیٹی اوسی سال پیدا ہوئی اوسکا تولد مین سمجھے چنانچہ جب لکھنؤ مین مرزا آغا جان داروغۂ توپخانہ و فراشخانہ کے بیٹے مرزا محمد حسن کی

ظفر الدولہ منتظم الملک کپتان فتح علیخان بہادر سپہ جنگ

Captain Futteh Ali Khan

متعلقہ صفحہ ۲۰۴ جلد اول

مجد الدولہ بہادر

خلف کپتان فتح علیخان بہادر سہیت جنگ

Mujdoodoulah.

نمبر ۱۷

انکی بیٹی سے نسبت ٹھہری مرزا آغا جان کو اس نسبت مین تامل تھا جناب عالی نے فرمایا کہ وہ میری بیٹی ہو مرزا آغا جان اسی شادی کی حسرت مین مر گئے بعد اونکے مرنے کے نواب خاص محل نے حسب الحکم جناب عالی اپنے محل مین شادی کی اور سب رسوم محل مین ہوے مرزا محمد حسن کو اس وصلت کی جہت سے سو روپیہ ماہوار ی ملتا رہا جب حضرت خلد منزل ہوے پھر داروغگی تو پنجانہ آبائی ہوئی بہت چین سے بسر اوقات کی قدیم حویلی پدری سبحان علیخان کے ہاتھ بک گئی تھی اوسکے برابر کئی مکان لیکر اوس سے زیادہ املاک بنوائی اب وہ بھی مر گئے گھر کے مکان مین دفن کیا گئی برس پیشتر بی بی کو اوسی مکان مین دفن کیا تھا اب اونکا بیٹا صاحب اختیار ہو دوسری بی بی سے ۔

خلاصہ جب جناب بہو بیگم صاحبہ کا شقۂ طلب بہ تہنیت مسند نشینی جناب عالی کو پہونچا سوائے فتح علیخان کے کسی سے یہ راز مخفی ارشاد نہ کیا اور فرمایا ہم آج رات کو ڈاک مین روانہ لکھنؤ ہونگے مسند نشین وزارت ہونگے جب ہم تمھین بلوائین گے چلے آنا ہمارا اسباب ضروری سب پالکی مین درست کردو اونھون نے اپنے سلیقے سے کچھ روپے اشرفی پوشاک خاص ناشتہ سفری رکھدیا رات کو بحیلۂ خاصۂ طعام ایک مکان مین تشریف لائے وہان سے پالکی مین سوار ہو مروانہ منزل مقصود ہوے ہمراہ رکاب دو خواص اپنی قوت تیز روی سے ساتھ ہوے اتفاقاً قریب الرآباد بانس پالکی کا ٹوٹ گیا جناب عالی مضطر ہو کر ایک درخت کے نیچے بیٹھے خواص نے سبب پوچھا فرمایا یہ صورت ہوئی اوسنے عرض کی حضور یہ پالکی کسنے درست کی تھی فرمایا تجھ سے کیا کہانی کہون پھر اوسنے گستاخانہ پوچھا فرمایا فتح علی نے عرض کی غلام کا سبب تکرار یہی تھا غرض جب اوسنے پالکی مین تلاش کی ہر ضرورت کو دیکھا موجود ہو روپیہ لیکر دوڑا کسی گانون کی طرف آخر وہان سے ایک پالکی لے آیا ٹوٹی پالکی کو وہین چھوڑا جب ناکہ بود علی شاہ پر پہونچے

سپاہیون نے روکا جناب عالی لباس انگریزی پہنے تھے رات بھی تھی مثل صاحب لوگون کے ڈانٹے سپاہی نے عرض کی صاحب ہم تمھین نہ روکتے مگر حکم یہ ہے کہ جب سعادت علی خان کو دیکھنا گولی مارنا جب صبح ہوئی جلوس سواری پہونچا جناب عالی ہاتھی پر سوار ہوے داخل شہر ہوے۔

بعد اسکے فتح علی خان کو بنارس سے طلب فرمایا مع اسباب محمولہ کشتی کرکے دریاے گومتی سے دولتخانے پہونچے خلعت ملا ایک پٹالن منگدوے کر خطاب کپتانی پایا اور خزانۂ عامرہ دیا اور سوا انکے دو اور شخص بھی مقرر ہوے اور دستور خزانے کا یہ تھا کہ ایک چھوٹی بہی مدخل کی جناب عالی کے پاس رہتی تھی اور انھین ثالث بالخیر کی تحویل مین روپیہ داخل ہوا کرتا تھا اور کسی دفتر مین اسکا حساب نہ لکھا جاتا تھا اتفاقاً بعد مرور ایام وہ دونون آدمی خزانے کے مرگئے انھین کا اختیار رہا۔

جناب عالی کوٹھی موسی باغ مین تھے ایک پرچہ اخبار گذرا کہ خزانہ مین نقب معلوم ہوتی ہے بیدار اسکے سننے کے اضطراب سے پیچ حقہ پیچوان کا ہاتھ سے گرپڑا اوسی وقت سوار ہوکر نقب کو ملاحظہ فرماکر بند کردیا مگر اشرفی روپیہ کا حال نہ معلوم ہوا کہ کس قدر گیا اور کب سے جاتا تھا آخر معلوم ہوا کہ ایک سپاہی جو تحتین خزانہ تھا اوسنے حکمت سے سیندھ دی تھی اشرفی روپیہ اپنے لوٹے مین بھر کر بھیلۂ رفع حاجت باہر جایا کرتا تھا جب افشاے راز ہوا بھاگ کر بنارس پہونچا عیش وعشرت کرنے لگا اور مشہور کیا مین بیٹا نواب سعادت علی خان کا ہون خفا ہوکر چلا آیا ہون جب یہ خبر لکھنؤ پہونچی سرکار نے وہان کے صاحب کو لکھا

قید ہو کر لکھنؤ آیا بعد رد بکاری کے جب چوری ثابت ہوئی جیلخانے گیا وہین مر گیا۔

غرض زبانی کپتان مفتاح الدولہ بہادر ابتدائے حال ظفر الدولہ یہ تھا پھر اونکی ترقی جاہ وحشم مع اونکی اولاد کے ہر سلطنت مین زیادہ ہوئی مشہور ہی کہ انکے وہ تین بھائی انکی ثروت سنکر ایک دفعہ لکھنؤ آئے اُنسے ملاقات نہ کی کچھ دے کر رخصت کر دیا مگر انکی بہن بھی بنارس مین تھی او سکا اکثر باخفا آیا کرتا تھا یہ خرچ اودسے بھیجا کرتے تھے مگر یہ حال بھی کسی پر نہ کھلا مگر یہ سب خوبیان وصفات ذاتی اونھین تک رہین اولاد مین وہ صورت نہ رہی۔

مسند نشینی نواب غازی الدین حیدر خان بہادر مرشد زادۂ آفاق در سنہ ۱۲۲۹ھ مطابق سنہ ۱۸۱۴ع

خلاصۂ احوال مسند نشینی جناب عالی متعالی یہ ہی کہ جب جنت آرامگاہ نے قضاے مشہورہ سے انتقال کیا اشرف الدولہ رمضان علی خان جو بڑے معتمد تھے پیادہ پادوڑے رزیڈنسی مین کرنل بیلی صاحب کو اس مژدۂ غیبی سے آگاہ کیا صاحب نے ایک چٹھی صاحب کمان افسر چھاؤنی منڈیاؤن کو طلب پلٹن کی ستر سوار کو دی ایک چپراسی طلب مرزا جعفر کو بھیجا اور خود مع ڈاکٹر دلسن کپتان فارچن تیس تلنگے بیلی گارد کے جو ہر وقت طیار رہتے تھے لیکر داخل بارہ دری ہوے در دولت پر پہرہ کر دیا کہ کوئی بے ہماری اجازت داخل نہو یہ اہتمام فقط نواب شمس الدولہ کے واسطے تھا جنھین مستحق ریاست جانتے تھے چنانچہ نواب دروازے پر آکر ہاتھی پر کھڑے رہے محمد غلامی اردلی نے نواب

غازی الدین حیدر سے خبر کی نواب اوسی وقت لباس خاص سے شمشیر و اتھی زیب کمر نواب خاص محل کے چھتے سے داخل بارہ دری ہوے آغا میر ہاتھی پر چپڑہ کر بارہ دری مین آئے کرنل صاحب سرھانے پلنگ کے کھڑے ہوے ایک خواص سے رضائی کو منہ سے ہٹوا دیا ڈاکٹر صاحب نے پہلے نبض دیکھی اوسکے بعد گلے مین تسمہ باندھکر نشتر شقیقہ مین ایک طرف سے چبھا دوسری طرف سے ایک قطرہ خون نکلکر رہگیا یقین انتقال ہوا یہ بھی اعتراض صاحبان فہم ہی کہ جسے سکتا ہو تسمہ گلے مین باندھتے ہین کہ رہا سہا دم جو باقی بھی ہو نکلجاے واہ۔

کرنل صاحب نے ہٹ کر صاحبون سے نام نواب شمس الدولہ کا لیا آغا میر نے مضطرب ہوکر مرزا حاجی کی طرف اونھون نے مرزا جعفر کی طرف اشارہ کیا کہ ہی ہی اسی وقت کے واسطے ہمنے کشتکاری ایک مدت سے کی ہی وجہ اسکی یہ ہی کہ جب جنت آرامگاہ نے سب کو شے پنج محلہ کے اہتمام جناب عالی مین دیے اور خود اونکی طرف متوجہ ہونے لگے انھین بھی امید قوی اپنے واسطے پیدا ہوئی وگرنہ اسکے پیشتر انھین یقین اپنا نہ تھا اس جہت سے علی نقی خان میر منشی اور مرزا حاجی سے بہت خصوصیت پیدا کی تھی شب کو خلوت مین دونون جگہ جایا کرتے تھے اور تحائف لاتے تھے انکا بھی اوسمین حصہ تھا غرض مرزا جعفر نے کرنل بیلی صاحب سے کہا کہ مجھے کچھ عرض کرنا ہی صاحب نے کچھ اعتنا نہ کی پھر عرض کی جواب دیا ہم سمجھا جو آپ کا مطلب ہی وہ مرد مجنون ہی اوسوقت مرزا نے بدرشتی کہا کہ ایک بات سُن لیجیے آیندہ آپ کو اختیار ہی فی الحقیقت انکے حرکات صاحبزادگی مجنونانہ بہت مشہور ہین ہر کارہ اخبار جو انکی ڈیوڑھی پہ مقرر تھا اوسکو ایسا مارا کہ مرگیا جنت آرامگاہ نے عتاب کیا یہ خفا ہوکر امام باڑہ نواب آصف الدولہ مین جاکر کئی مہینے رہے محمد آفرین علیخان نے تقصیر معاف کروائی

متعلقہ صفحہ ۲۰۶ جلد اول

نواب غازی الدین حیدر بہادر سنہ ۱۲۳۵ ہجری سے حضرت شاہ زمن

Ghazioodin Hyder

سب بھائیون کے ساتھ درگاہ حضرت عباس گئے شراب خمر سے بھی توبہ کی مگر اوسکی عوض بنگ اختیار کی پھر نواب معتمد الدولہ نے اپنی نیابت مین انکی غفلت مین اپنا نفع سمجھکر پھر مرتکب کیا یعنے حضرت عباس علوی تھے مین نبی فاطمہ ہون اسکا مواخذہ نہ غلام ہو واہ سبحان اللہ۔

خلاصہ مرزا نے کہا کہ حسب قانون سرکارین اکبر اولاد میراث ریاست پاتا ہی اگر شرط جنون مقبول صدر نہو گی تو جس طرح سرکار کو منصوبی مین اختیار ہوا وسی طرح غزل مین یہ سنکے خاموش ہوے فرمایا ہم تھوڑا صبر کرکے اسکا جواب دینگے یہ کہکے مقام خلوت مین مع دونون صاحب کے گئے اور بعد شورہ کے جناب عالی سے مخاطب ہوکر فرمایا آپ کو مسند وزارت آبائی مبارک ہو جب صبح ہوئی کمرہ فوج بخش مین تخت بے سامان تھا جسپر جلوس کرکے نذر لی جاتی تھی مسند نشین ہوے سب بھائی جو زیر بارہ دری سڑک پر بیٹھے تھے اور امرا اندر کو بلائے گئے نواب شمس الدولہ سے کرنل صاحب نے کہا آپ کے بڑے بھائی ہین پہلے آپ کو نذر دینا مناسب ہو اس کہنے سے منظور ریاست کو اونسے دور کیا سبھون نے بمراتب نذر دی رخصت ہوے شلک چلی منادی شہر ہوئی پلٹن جو چھاؤنی سے آئی تھی جا بجا اوسکے پہرے ہو گئے صاحب رخصت ہوے جناب عالی محلسرا مین کمرہ ہنیگا بیگ مین تشریف لیگئے تبدل پوشاک کیا مرزا حاجی حاضر حضور رہے سن شریف تقریباً پچاس برس یا کچھ زیادہ تھا۔

مقدمہ تفویض نیابت و ترقی جاہ چندروزہ مرزا حاجی و مرزا جعفر

الغرض شہر مین ورود مرزا حاجی و مرزا جعفر ہوا ان صاحبون کو یقین واثق ہو گیا تھا کہ خلعت نیابت سوائے ہمارے کسیکو نہو گا کسواسطے کہ بعد انقلاب نیابت تفضل حسین خان جسطرح حالت یاس مین شہر سے باہر جاکر کامیاب ہوے اور پھر اوسے زیادہ صاحب اقبال ہوکر لکھنؤ آئے اور بانفاخلوص صاحب مسند سے بھی ہو گیا تھا

بہت نازان اپنی حسن تدبیر پر تھے کہ ہمنے قلابے زمین و آسمان کے اسی دن کیواسطے ملائے ہین اسکے سوا صاحب رزیڈنٹ پر ہمارا اعتماد کلی ہی اگر احیاناً جنابعالی کو کچھ تامل ہوگا صاحب رزیڈنٹ سمجھا دینگے مگر یہ خبر نہ تھی کہ جنکے بھروسے پر ہین اونھین اپنے راضی نامہ لینے کی مشکل پڑے گی دوسرے نواب گورنر جنرل کی خبر آمد آمد مشتہر ہو رہی تھی روسائے شہر نے اور بیکارون نے اور اہل تعارف نے ہجوم کیا اور مرزا جعفر و مرزا حاجی کے گھر پر دربار عام و خاص ہونے لگا اور مرزا حاجی صبح سے دربار جاتے تھے چار چھ گھڑی رات گئے گھر آتے تھے نصف شب تک گھر کے دربار سے فراغت ہوتی تھی اور نخوت و غرور حد سے زیادہ بڑھا بٹر نیصاحب کے وسیلے سے ہاتھ اوٹھایا اس خیال سے کہ جنابعالی کو میری طرف سے شک ہیگا یکسو ہونا بہتر ہی بس یہ سبب ہوا کہ کرنل صاحب کے یکسو ہونے سے برہم ہوے انکے واسطے کچھ نہ لکھ گئے ورنہ ظلم معتمد الدولہ سے اپنے گھر مین پانچ برس تک کیون قید اسطرح سے رہتے۔

خلاصہ جنابعالی نے انسے ارشاد کیا کہ مرزا حاجی تمھین نیابت دینے مین مجھے کچھ عذر نہین نظر بحسن خدمت سابق تمسے مطمئن ہون مگر تمھارے باپ کو ندونگا یہ سنکر مرزا حاجی تو مایوس ہوے اور سخت تردد ہوا کہ باپ میرے مدت سے اسی کے متمنی رہے ہین اگر مین خلعت نیابت لونگا وہ کب راضی ہونگے بلکہ عاق پدر ہو جاؤنگا دوسرے کو ہوگا وہ کب میری ترقی چاہے گا بلکہ میری حضوری اوسے ناگوار گذرے گی ادھر کرنل صاحب سے قطع امید ہو چکی ہی غرض ایسے تفکرات مین غلطان و پیچان رہے بظاہر اپنی مصاحبت مستعار کو غنیمت سمجھکر خاموش رہے اور منتظر تشریف آوری نواب گورنر جنرل ہوے مرزا جعفر اسی انقلاب و جولات تفکرات چند در چند سے بہت غم و غصہ کھاکر آخر بسبب سن شیخوخت کے مسلول و مدقوق ہوے اسی علالت مزاج سے کانپور کرنل صاحب کے ساتھ گئے حکیم آغا صاحب معالج تھے منع کیا کہ یہ سفر تمھارے واسطے مضر پیدا کریگا نہ جاؤ امید موہوم کب دل سے جاتی تھی جب وہان سے پھرے ایسے علیل ہوئے کہ بستر

بیماری سے اوٹھنا مشکل ہوا دربار رزیڈنٹی موقوف ہوگیا آخر ناکام جہان سے اوٹھ گئے —
اب تقدیر نے دوسرا رنگ کھایا منشی علی نقی خان میر منشی جو روبرو فروغ مرزا جعفر انکے
پر جلتے تھے انکی عدم حاضری دربار سے اونکی بن پڑی کسواسطے کہ سارے شہر کی رجوعات مرزا جعفر
و مرزا حاجی کے گھر تھی آغا میر انکے بھی پاس جایا کرتے تھے اس خیال سے ع شاید کہ ہمین مضبیہ
برآرد پر و بال ۔ مگر موافق اپنے حوصلۂ عزت کے متمنی خدمات داروغگی وغیرہ کے بتہنی نیابت
یہانتک سائی وہم وخیال کی بھی نہ تھی اودھر کرنل صاحب کو تردد اپنے حصول راضی نامہ
کا تھا جب سستی دربار مرزا حاجی دیکھی میر منشی سے گرویدہ ہوے وہ یہی سمجھے کہ انھین جنابعالی
کے مزاج مین مداخلت کلی ہوا دنکے محرم راز معتمد بھی ہین یہ مرحلہ بھی کیا عجب ہو کہ انھین سے
طے ہوجاے چنانچہ ایک دن انسے کہنے لگے میان لڑکے کس فکر مین رہتے ہو کہا آپ ہی
فضل وکرم کہنے لگے اگر تم راضی نامہ بڑے صاحب کو دلوادو اور ان چارون مصاحب خاص
کی صحبت برہم ہو تو کیا عجب ہو یہ عہدۂ جلیلہ نیابت اس حسن خدمت سے بجاے آغا میر اس
شروۂ غلبی سے شادی مرگ ہوگئے اور منشی جی سے ایسی خوشامد ورسوخ پیدا کیا کہ اونھین اپنا
باپ کیا اس عرصہ مین خبر آمد آمد نواب گورنر جنرل لارڈ مایرا صاحب بہادر داخلۂ کانپور کی
مشہور ہوئی کرنل بگلوڈ صاحب ڈاکٹر لا صاحب ڈوٹی تنگ صاحب وغیرہ چار مصاحبان خاص
و محرم راز جنت آرامگاہ نے بمقتضاے حق نمک حلالی ولی نعمی خلف الصدق جنت آرامگاہ
سمجھکر احوال زمان ماضیہ سب نشیب وفراز سے سمجھادیا تھا کہ اگر آپ کرنل بیلی صاحب کو راضی نامہ
نہ دینگے اور مستقل وثابت قدم رہینگے تو اب نواب گورنر جنرل بہادر اداہ کمال انصاف
تہ دل سے انکے حق بجانب سمجھکر سب معاملات درست کردینگے اور مبادلہ ماضیہ جنت آرامگاہ
بسہولت ہوجائیگا اور کرنل صاحب کی ایسی صورت ہوگی کہ پھر کوئی صاحب رزیڈنٹ ایسی
جرأت اور مداخلت بیجا نکریگا اور نمک حرامان سرکار کی سزا آپکے اختیار مین ہوگی آیندہ
پھر کوئی ایسی نمک حرامی کا مرتکب نہوگا چنانچہ اسی خصوصیت خلوص سے ان مصاحبان خاص
کی منزلت بڑھگئی تھی جنابعالی کے ساتھ شام کو اوسی گاڑی مین مقابل بیٹھتے تھے کرنل
صاحب کو بڑا کھٹکا اپنے باب مین ہوگیا تھا مضطرب تھے —

مختصر یہ ہو کہ آغا میر کو فی الحقیقت بسبب قدامت اور محرم راز ہونے جناب عالی کے مزاج
مین بڑی مداخلت تھی اور اپنے مژدۂ غیبی سے شادی مرگ ہوئے تھے ایکدن خلوت مین
جناب عالی کے قدمون پر گر کر رونے لگے کہ افسوس اس غلام نمکخوار کی سالہا سال کی محنت
جانفشانی سب خاک مین ملی جاتی ہو حضور ان مصاحبان خاص کے بھروسے پر غافل ہین مطمئن
ہین آپ کو بعلت جنون جو اول کلام کرنل بلی صاحب کا تھا وہی پیش آیا کہ اس ریاست آبائی
سے محروم کرکے نواب شمس الدولہ کو منصوب کردین کہ وہ پیشتر سے بموجب حکم وتجویز نواب گورنر
جنرل بموجب درخواست جنت آرامگاہ بعہدۂ نیابت مامور ہو چکے ہین اور اجراے کارو بار
ریاست سب وہین سے ہوتا رہا اور اگر جنت آرامگاہ آپ کیواسطے درخواست کرتے تو یہی
صورت ہوتی غلام اپنے حق نمک سے ادا ہوا آیندہ حضور کو اختیار ہو اور بعد اس تصفیہ خاص کے
جو تجویز ان صاحبون کے ہو رہا ہو پھر کوئی صاحب رزیڈنٹ آپ سے مطمئن نہوگا جناب عالی اوسکو
اپنا بڑا معتمد وخیرخواہ سمجھتے تھے اس خبر سے متزلزل ہوے اور جرأت حق کو دل سے دور کرکے
اُنسے صلاح پوچھنے لگے عرض کی کہ اگر صاحب رزیڈنٹ کے راضی نامہ دینے مین باغواے خیرخواہی
ان صاحبون کے تامل ہوگا بہت سی خرابیان اس ریاست مین درپیش ہوا کرینگی اور مطالبہ
مقدمات ماضیہ کا جیسا جنت آرامگاہ سے ہوتا ویسا آپ سے نہوسکیگا لہذا حضور اپنے عہد دولت
کو غنیمت سمجھین تو بہتر ہو۔

غرض جناب عالی نے اسیکو صلاح نیک سمجھکر وہ جو کچھ مصاحبون نے سمجھایا تھا اوس سے ہاتھ اُٹھایا
نواب گورنر جنرل بہادر جب داخل کانپور ہوے جناب عالی بڑی دھوم دھام وجمعیت لشکر
سے تشریف فرما ہوے جتنی فوج اور شاگرد پیشہ تھا سبکی وردی پر تکلف ملی کئی راجہ ممالک
محروسہ کے بھی اپنی فوج کدائی سے ساتھ تھے وہان گرانٹ صاحب کے بنگلے مین نواب
گورنر جنرل تھے حسب معمول چاے پانی وضیافت اور ایک دن گورنر جنرل نے خود سارے
کنپو کی بذات خود قواعد دکھائی کیواسطے کہ کمانڈر انچیف بھی خود تھے بعد ہفتہ عشرہ
کے مراجعت فرمائی اوسکے بعد نواب گورنر جنرل بعد چار مقام راہ کے داخل شہر ہوے
شہر کی آراستگی بہت ہوئی تھی سارا شہر کوچہ وبام بازارین بھرا ہوا تھا ایک ہفتہ تک

نواب معتمد دولہ آغا میر

Moutmoodoulah

یہان بھی طریق مہمانی وضیافت جیسا چاہیے ہوا بعد اسکے حسب سرشتہ کرنل صاحب کو راضی نامہ ملا نواب گورنر جنرل روانۂ بریلی راہ خیر آباد سے ہوے صاحبان مصاحبان خاص جو بانی مہانی مقدمات ماضیہ جنت آرامگاہ کے ہوے تھے حضور نواب گورنر جنرل جاکر انجیل اوٹھاکر برسی الذمہ ہوے اور بسلامت لکھنؤ سے چلے گئے اور ہر ایک عہدۂ گورنمنٹ پر مامور ہوا مگر نواب گورنر جنرل پر اونکی خیر خواہی و بے قصوری اور خوف جنابعالی کھل گیا اور کردار ورفتار کرنل بلی صاحب بخوبی منکشف ہوگیا جب بعد سیر و سیاحت ممالک غربی وغیرہ فرخ آباد مین مقیم ہوے ۱۸۱۵ع مطابق ۱۲۳۰ھ کرنل صاحب کو موقوف کیا اسٹریچی صاحب رزیڈنٹ گوالیار جو جنرل مارکم صاحب کے ساتھ کابل و ایران گئے تھے اونھین رزیڈنٹ کیا جب وہ داخل لکھنؤ ہوے کرنل صاحب بسواری بجرہ ہاے سرکاری دریاے گومتی سے روانہ کلکتہ ہوے وہان سے سیدھے ولایت چلے گئے بہت سا اسباب تحفۂ ہندوستان خصوصًا کتب قلمی خط ولایت وغیرہ لیگئے کہ صاحب استعداد عربی و فارسی تھے انسے پیشتر اڈمنسٹن صاحب میر اول کونسل مربی خاص ولایت جاچکے تھے اس جہت سے زیادہ موجب افسردگی خاطر تھا مثل مشہور ہے ؎ مربی بیار و مربا بجز + مگر صاحبان عالیشان پر بھی انکے کردار کھل گئے تھے ۔

لیکن باوصف دینے راضی نامہ کے نواب گورنر جنرل نے بہت سے امور ریاست کے خاطر خواہ درست کردیے یعنی امور خانگی مین اختیار کلی دیا اور جس امر کی درخواست کی اوسے بطیب خاطر قبول کیا اگرچہ بحسب ظاہر ثمرات جنت آرامگاہ کی بدولت ہوے تھے اور سب جانتے ہین کہ جیسا نواب گورنر جنرل لارڈ کارن والس اور لارڈ مایرا صاحب کو اس خاندان عالیشان کے خود مراتب و منزلت کا پاس و لحاظ رہا دوسرے نے نہین کیا اور وارن ہسٹنگ صاحب بہادر تو سارے ہندوستان کے شفیق تھے بشرطیکہ یہان بھی کوئی اوس بعاقبت کا ہوتا ۔

تفویض نیابت بآغا میر

خلاصہ باب نیابت مین مرزا حاجی اپنے باپ کی بدولت اس عہدۂ جلیلہ سے

محروم رہے چند روز تک گرمجوشی مصاحبت میں رہی جب آغا میر کو خلعت نیابت ہوا مایوس ہوکر خانہ نشین ہوے نواب منتظم الدولہ حکیم مہدی علیخان اگرچہ مخصوصین جنت آرامگاہ تھے یقین تھا کہ جب نواب شمس الدولہ ہونگے میں اونکا خواہ مخواہ نائب ہونگا اگر کچھ بھی دغدغہ ہوتا تو وہ بھی بہت سی خاکساری کرتے اور بہت کچھ خرچ بھی کرتے سلسلۂ عملۂ کلکتہ سے بھی تھا اور بخوف جناب عالی عملۂ رزیڈنسی سے موافقت نہ کی غرض ہر شخص اہلکار قدیم متمنی اسی عہدے کا تھا اور بعض اولاد نابان قدیم بھی مترصد اسی کے تھے لیکن جناب عالی کے اختیار کلی ہونے سے سب کے وضو ٹھنڈے ہوگئے اس راز نہانی سے کوئی واقف نہ تھا جب جناب عالی سے نواب گورنر جنرل سے باب نیابت میں گفتگو ہوئی فرمایا کہ اس امر میں اعتماد و حق قدامت کا ہونا مقدم ہے لہذا میرا معتمد خاص آغا میر سے زیادہ کوئی نہیں اور امور ریاست کے جب باب جمع ہوتے ہیں ناواقف واقف ہو جاتا ہے اور میں خود متوجہ رہونگا اور سب عملہ قدیم ہے نواب گورنر جنرل نے اسے قبول کیا۔

دوسرے دن جناب عالی نے خلعت نیابت آغا میر کو دیا خطاب نجف اب معتمد الدولہ مختار الملک سید محمد خان بہادر ضیغم جنگ ملاحسب سرشتہ اوسی وقت نواب گورنر جنرل کی نذر کو گئے وہاں سے بھی وہی خلعت ہاتھی پالکی عنایت ہوا پھر جناب عالی کے پاس نذر کو آئے یہ امر باعث ملال خاطر ہوا لیکن کیا فائدہ وقت ہاتھ سے جا چکا تھا سبحان اللہ سالہا سال ورانسے کون امیدوار تھا اور کسکو بے منت و بے مشقت ملگیا۔

بعد ہفتہ عشرہ کے نواب گورنر جنرل راہ خیرآباد سے بریلی تشریف لے گئے اور بظاہر درستی امور خانگی میں کچھ دخل نہیں دیا کسواسطے کہ جناب عالی اپنے ممالک محروسہ و امورات خانگی میں مختار ہیں مگر مقدمات عظیمہ میں صلاح و صوابدید صاحب رزیڈنٹ کی البتہ احتیاج ہے کسواسطے کہ یہ امر قدیم سے ہوتا چلا آیا ہے خزانہ جنت آرامگاہ سے دو کرور روپے گئے کرور روپیہ عوض تنخواہ متوسلین و خیر خواہان سرکار کمپنی انگریز بہادر اور کرور کے سود میں علاقہ کھیری گڈھ اور زمین ترائی ملک نیپال جو ممالک محروسہ کے ڈانڈے سے شامل ہے

اور علاقۂ ہنڈیہ جو مابین اوکانپور و الہ آباد تھا اور زمیندارونکی آمدورفت کشتیون مین بغلت محصول فساد کرتے تھے اوسکے عوض نواب گنج کنارہ دریاے گھاگرہ دیا۔

القصہ نواب معتمد الدولہ اپنی یاورمی اقبال سے اس عمدۂ جلیلہ پر منصوب ہوے مفلوک شہر جو حالت افلاس مین انسے کسی طرحکا تعارف رکھتے تھے مثل مور و ملخ ہجوم لاے نواب ازبسکہ عالی ہمت سیر چشم خلقی و دوست پرور تھے ہر شخص کو علی قدر حال خدمات عالیات پر مامور کیا چنانچہ عرائض ملکی میر آلہی بخش ابن عم کے تفویض کیے یہ پہلے نواب حسین الدین خان کے ملازم پندرہ روپیہ پاتے تھے اونکی خواصی مین بیٹھتے تھے میر اسد خاص محل کے بھانجے کو کوٹھے پنج محلہ کے اور بیجناتھ کو اپنا دیوان کیا میر اسد علی دوست قدیم کو داروغۂ عدالت اپیل دیوانی و فوجداری کیا پرچۂ اخبار مرزا غلام محمد خان کو دیا انسے تعارف بریلی سے ہوگیا تھا جب جنابعالی نے قبل از جلوس گیندے لینے کو بھیجا تھا راجہ دیا کرشن کو بھی اوسی دن خلعت دفتر و اصلباتی ہوا تھا ہاتھی پالکی سے انسے تعارف منشی علی نقی خان کے زمانے سے ہوگیا تھا بلکہ انسے کہتے تھے کہ مین نے خلعت نیابت فقط تمھارے بھروسے پر لیا ہے کیواسطے کہ مین کاروبار ملکی و مالی سے ناواقف ہون اور خود جناب عالی نے بھی اسی باب مین سفارش فرمائی تھی فقیر محمد خان نواب میر خان کے لشکر سے تازہ وارد تھے سپاہی سمجھکر تین سو روپے کی اسامی میر علی پناہ بنارسی کی دی رسالدار کیا تاج الدین حسین خان کا انکا ہمسایہ تھا اونھون نے اپنا گھر نذر کیا بعد اسکے رفتہ رفتہ انکا قرب و منزلت بڑھا سبحان علی خان اور یہ دونون مقرب خاص ہوے نواب منتظم الدولہ حکیم مہدی علیخان کو اپنا ہم پلہ و مدعی سمجھکر باجازت جنابعالی نظامت خیرآباد و محمدی پر روانہ کیا وہ بھی اسی خطۂ پاک کے تھے چلتے چلتے اپنی حکمت عملی سے ایک بیج بو گئے جنابعالی مناسب یہ ہے کہ نواب گورنر جنرل کے سامنے مرشدزادۂ آفاق نواب نصیر الدین حیدر خان کو اپنا نائب کیجیے دوسرا شخص غیر انکا نائب ہو چنانچہ یہی بنیاد اصل اصول ریاست کی ہوگئی۔

تحریر سوال و جواب جنابعالی و نواب گورنر جنرل بہادر

بند ملفوفہ خط نواب گورنر جنرل بہادر مرقومہ ۲۲-جون ۱۸۱۵ عیسوی مطابق ۱۳-رجب ۱۲۳۰ ہجری

سوال جنابعالی باوجود اسقدر دلیری و غاطرداری اور منظوری پرورش اور سلوک کے احوال نصیر الدولہ بہادر کا البتہ صاحب مہربان دستان عماد الدولہ افضل الملک میجر جان بلی صاحب بہادر ارسلان جنگ سے واضح رائے عالی ہوا ہوگا اور شہامت و عوالی مرتبت بسالت عوالی منزلت خان برخوردار معتمد الدولہ مختار الملک سید محمد خان بہادر ضیغم جنگ احوال برادر موصوف کا اور اورون کا مفصل گزارش کرینگے انکے واسطے ایک طریق قرار پاوے کہ اطاعت و فرمانبرداری مین اور خلاف مرضی کوئی امر سرزد نہو۔

جواب نواب گورنر جنرل مضمون مراتب انحراف و ترک ادب جنابعالی کے بھائیون کے طرف سے ناگزیر موجب سف و باعث کدورت و ناخوشی خاطر کا نسبت اونکے ہوگا یقین جانیے کہ وہ ہمیشہ کرنے سے ایسے سلوک کے بلاشک و شبہہ معرض زجر و عتاب مین نیازمند کے گرفتار ہونگے چنانچہ آگے بھی لکھا ہو کہ میرے نزدیک جنابعالی نسبت اپنے بھائیون کے اختیار کلی رکھتے ہین اور اب بھی لکھا جاتا ہو کہ جنابعالی یقین تصور فرماوین کہ اہالی اس سرکار کے نزدیک اختیار و اقتدار اس باب مین ہرآئنہ آداب جناب ممدوح تعلق رکھتا ہو بھائی اور اقربے جنابعالی جو راہ مستقیم اطاعت و رضاجوئی جناب ممدوح سے منحرف ہوکر راہ تمرد و عدول حکمی اختیار کرین احیاناً اگر جنابعالی لوازم تادیب و تفہیم جو اونکے جرم کیواسطے قرین مصلحت و سختی ہو عمل مین آوے اہالی اس سرکار کے اوسمین حرف و حکایات نکرینگے فی الحقیقۃ اہالی اس سرکار کے اور صاحب ریذیڈنسی لکھنؤ کو پہونچتا ہو کہ ایسے مقدمے مین ذکر و مذکور لاوین لیکن اوس حالت مین کہ غماز اور دراندازبارادۂ منغص و مکدر کرنے مزاج جنابعالی کے کسی بھائیون اور اہل خاندان کی طرف سے باتین بے اصل باظہارات فضول و مبالغہ عمل مین لائین ایسے حال مین البتہ خود جنابعالی مترصد اس امر کے ہونگے کہ صاحب جانشین موصوف اون باتون سے اطلاع و خبر آپکو کرین کہ وہ مکر و حیلۂ دراندازون پر پہونچکر تفحص و تحقیق حال کرین۔

سوال شمس الدولہ بہادر بنارس مین شکار وانی اور تدبیرون مین مشغول رہتے ہین سُنا باب اونکی تدبیرون کا ہوا اور خان بزرگوار موصوف اس خصوص مین مفصل گذارش کرینگے اور اس باب مین آپ ایسے کرم فرما سے دلجمعی اور اطمینان حاصل ہو۔

جواب نواب شمس الدولہ بہادر یعنی فکر و سازش یا اور حرکات ناشائستہ نسبت جناب عالی کرین گے اہالی سرکار ہرگز اوس باب مین حمایت و التفات نکرینگے بلکہ برعکس اوسکے اوس طریق سے جتنا کہ صاف و صریح پرہیز و امتناع کیا جائیگا غرضکہ جناب عالی اس باب مین اہالی سرکار ممدوح سے ہر آئینہ مین جمیع الوجوہ اطمینان و خاطر جمع رکھین۔

سوال مین وارث نقد و جنس اندوختہ والدی صاحبہ قبلہ و کعبہ مدظلہا کا ہون اور اونکے لواحقون کی خبرگیری منظور کی ہو لہذا الطاف و انصاف سے آپ کے امیدوار ہون کہ میری حق تلفی نہو اور جو کچھ کہ اونسے منظور ہوا ہو معلوم ہو اور اس مقدمہ مین مانند تحسین علیخان متوفی کے توجہات نہو۔

جواب البتہ جو قرارداد فیما بین اہالی اس سرکار کے اور جنابعالیہ بہو بیگم صاحبہ کے حین حیات نواب مغفرت مآب والد ماجد جنابعالی قبل از لینے عہدۂ ریاست ممالک محروسہ سرکار کمپنی انگریز بہادر مجھسے عمل مین آیا فرمایا د خاطر مبارک جناب ممدوح ہوگا اور مین اس لحاظ سے معناً کہ پیشتر سے وعدہ اس سرکار سے ہو چکا ہو اور اسکا بھی معین ہون کہ ایفاے مستلزمات راسخ القولی جنابعالیہ کے ساتھ ہو اور کسی طرح کا اخلال و نقصان حقوق رئیس ملک و دھ اوس سے متصور نہین اس صورت مین بائین اور ایفاے عہدنامہ مذکور اہالی اس سرکار پر واجب و محتم ہو لہذا جنابعالی کو اس باب مین اطمینان کلی ہے کہ بعد سہیل و سرانجام اوس وجہ کے واسطے تقدیم وصایاے معظم الیہا کے موافق مضمون عہدنامہ مزبور ضرور ہو جتنا نقد و جنس مملوکۂ جناب عالیہ باقی رہیگا بے کم و کاست خزانۂ جنابعالی مین داخل ہوگا اور خصوص جاگیرات جناب عالیہ مین کہ وہ البتہ موافق معمول بعد جناب معظم الیہا کے شمول ملک سرکار رئیس اودھ کے ہونگے اور کرار اسکے ذکر کی کچھ احتیاج نہین ہو کہ اس سرکار کی کسی طرح کی اوسمین مداخلت نہوگی۔

سوال ازبسکہ چھوٹون کو بزرگون سے ہر قسم کی چشمداشت ہوتی ہی بمقتضاے اوسکے جو کچھ کہ بات کھیر گیڈھ باخذ و نقصان زر منافع درخواست فرض کیا ہی یقین پذیرائی ہی اگر ملک نیپال سے کیا ہی اور متصل ہمارے ممالک محروسہ کے ہو عنایت فرمایئے بعید الطاف بزرگانہ سے نہوگا اور خان برخوردار موصوف اس خصوص مین التماس کرینگے۔

جواب خصوص خواہش خاطر جنابعالی مین نسبت کھیری گڈھ اور قریب ملک سرحد اودھ جو گورکھپور سے تصرف اولیاے اس دولت مین آیا نیازمند اوسکے واسطے بصدق دل خواہان اور متمنی ہی انشاء اللہ تعالی جسوقت نہگامہ و رشورش کھیر گیڈھ کا دفع ہوگا اور فیمابین گورکھپور اور اس سرکار کے تصفیہ اور مصالحہ ہوگا نیازمند بکمال طیب خاطر تامل و تدبیر مقدمۂ مذکورین کرونگا اور تمناے واثق اور یقین صادق ہی کہ ایسا بندوبست صورت استقرار پائیگا کہ وہ بجمیع وجوہ موجب خرسندی اور حسب خواہش آپکے ہوگا۔ تاریخ بست و دوم ماہ جون ۱۸۱۵ء مطابق ۱۳- رجب ۱۲۳۰ھ۔

نقل خط نواب گورنر جنرل بہادر

باسم مبارک رفعت الدولہ رفیع الملک مرزا غازی الدین حیدر خان بہادر شہامت جنگ ادام اقبالہ

مرقوم ۱۲- نومبر ۱۸۱۴ء عیسوی مطابق ۲۷- ماہ ذیقعدہ ۱۲۲۹ھ ہجری۔

نواب صاحب الالقاب عالیشان مصدر لطف و احسان قدرافزاے نیازمندان کرمفرماے بیکران دام اقبالہ بعد تقدیم مراسم نیازمندی و آرزوے اوراک گرامی موصلت کثیر الافادت ایضاح خاطر اطہر باد کہ الطاف نامہ تفقد شمامہ مشعر مراتب مسروری و اطمینان خاطر اشتیاق مظاہر مرجوعہ فرط محبت و اخلاص نیازمندی ہی بذات ستودہ صفات اور پہونچنا بند مطالب کا نیازمند کو دیکھکر اسکا جواب مہر اور اپنے دستخط سے آپ کی خدمت منزلت مین بھیجا ہوا اور مراتب شفقت و یکجہتی سے مسرور و مغتر اور مضمون مندرجہ سے مشروحا اطلاع ہوئی اور مطالب جو آپ کے الطاف نامہ مزبورین تھے نیازمند نے اونھین بغور و تامل دیکھا چنانچہ اوسکا جواب موافق ایماے اوس والاقدر کے اپنی مہر و دستخط سے اپنے خط مین آپکے ملاحظے کے واسطے بھیجا ہی پہونچے گا اور یقین ہی کہ ہر آئنہ موجب اطمینان و جمعیت خاطر توجہ ذخائر کا ہوگا اور چاہیے کہ نیازمند کو ہمیشہ متمنی دریافت مژدۂ صحت و سلامت مزاج و مزاج حامکرالطاف نامجات

توجہ آیات سے مسرور و معزز فرماتے رہیے۔ ایام بہجت و شادمانی بکام باد۔

نقل بند سوال و جواب خط

سوال چنانملک محروسہ بوقت انتقال والد مرحوم تک اونکے قبضے مین تھا بطور وراثت مسند نشینی آپکی مجھے پہونچا اوسمین اختیار و اقتدار موافق معمول والد مرحوم کے بحال برقرار رہے اور کوئی گانون اور پرگنہ اوسکا کسی تقریب و تبدل سے میرے قبضۂ اختیار سے خارج نہوا اور نسلاً بعد نسل اور بطناً بعد بطن برقرار رہے۔

جواب نیازمند کو سوائے اسکے کہ نواب وزیر الممالک کو حالت اور مرتبہ بہ نسبت اعلیٰ سرکار کمپنی انگریز بہادر کے بہم پہونچے بلاشک و ریب مقتضیات حق و انصاف سے ہو لہذا نصب العین اعلیٰ ممدوح ہی کوئی امر مرکوز اور منظور نہین بناؤ علیہ حاصل سب روپے سرکار کا اور تدبیرین نیازمند کی البتہ بھی ہونگے کہ حکومت و ریاست نوابصاحب ممدوح کو اعتبار و استحکام بہم پہونچے جو ہر آئنہ موجب اطمینان و دلجمعی آپ کے اس خصوص مین ہو۔

سوال نواب صاحب مشفق مہربان کرمفرماے مخلصان گورنر جنرل لارڈ منٹو صاحب بہادر نے نقشۂ انتظام ملک کیواسطے والد ماجد مرحوم کو لکھا تھا لیکن والد مغفور نے باوجود اقرار اس باب مین اپنے حین حیات جاری نہ کیا تھا مخلص بے ریا نے نظر بر اقرار نوابصاحب موصوف اور وعدۂ والد مغفور کا اوسکے اجرا کیواسطے اپنے عہد مین بصوابدید صاحب مہربان دوستان عماد الدولہ افضل الملک میجر جان بلی صاحب بہادر ارسلان جنگ جاری کرکے امناء پرگنات مامور کیے اور اوسکی منظوری اس نقشۂ امتحان سے اس صورت سے کی کہ ناکردہ کار رجے سلیقہ و نالائق جو ہین اونکے جگہ برادر مقرر ہووین اور سند تحصیلداری دیکر بصوابدید صاحب موصوف آخر سال تک امتحان کیا جائیگا اگر اس نقشہ سے رفاہ اور فلاح رعایا اور افزایش مال سرکار اور سہولت وصول زر اور امن خلائق اور بلندنامی سرکار ہوگی اسے گرہ بند اور مستمر کریگا والا بسمین درستی ان امور کی متصور نہوگی عمل کیا جاویگا۔

جواب ممکن نہین کہ تحریر و امتحان ایک سال سے یہ بات متحقق ہوجاے کہ نقشۂ انتظام

جو زرہ اہالی سرکار کمپنی انگریز بہادر مفید مقصود رہے یا نہین اس واسطے کہ مدار نقشہ مذکور کا
بندوبست سہ سالہ ہی جو بعد دریافت احوال ملک اونکے ازروے تحقیقات عمل مین آئیگا
بس نیازمند کے نزدیک انسب یہ ہی کہ نوابصاحب ممدوح نقشۂ مجوزۂ مذکور کو عمل مین منظور
کر معزی الیہ جسطرح سے جاری فرمایا ہی بخوبی جاری فرمائیے یا دوسرا نقشہ تجویز فرماکر میرے
پاس بلا توقف بھیجدیجیے اور بر تقدیر اول صاحب رزیڈنٹ بہادر واسطے گذارش تفصیل
نقشۂ مذکور اور تصریح جمیع جزئیات بلا توقف خدمت معزی الیہ ہین اور اہلکار جو بالفعل مقرر ہوے
ہین اور حاضر خدمت ہین اور بر تقدیر ثانی مکلف خدمت ہوتا ہی کہ اپنا نقشۂ مجوزہ
جسقدر کہ جلد ہو میرے پاس بھیجدیجیے کہ وقت بہ تھے جاتا ہی بہر صورت آرزو
اور تمناے دلی نیازمند یہی ہی کہ بندوبست واسطے بہترین مصالح امور ریاست
نواب صاحب ممدوح کے ایسا ضرور اور منظور ہی کہ باسترضاے کلی معزی الیہ اور مطابق
شرائط مندرجۂ عہدنامہ یعنے اہلکاران سرکار عالی کے ذریعے سے حسن تمشیت قبول کرے
اور ہرگز منظور نہین کہ اہالی سرکار کی نسبت باختیار نواب صاحب ممدوح اور تجویز مین امنا
وخیرہ کا پیرایہ ازان سرکار بحالی کی مداخلت کرین مگر عرض یہی حق اور اختیار ضروری
اونھین باقی رہیگا کہ جب عدم قابلیت کسی شخص معزز عہدہ کی نسبت بے سلیقگی یا اوسکی
خیانت کے متحقق ہو وجود عدم صلاح اوسکے تقرر کا آپ کی خدمت مین اظہار کرین یا وغرض
نیازمند کی یہ ہی کہ حکومت وریاست ممدوح شمول اعتبار واستحکام روے ایام پر آشکارا
اور جلوہ گر ہو جاے پس امر متعلق امناے محالات تجویز راے زرین نواب صاحب ممدوح کا
نظر خلائق مین کھل جائیگا اور ہرگز موجب غلط فہمی لوگونکا اس باب مین نہوگا اور فحواے کلام
نواب صاحب ممدوح سے معلوم ہوتا ہی کہ آپکی خواہش یہ ہی کہ تمامی ممالک محروسہ کو برخلاف
نقشۂ متاجری تعلق تحصیل مالی کرین اہالی اس سرکار کے اس باب مین اوس سے زیادہ
صلاح دہی عمل مین نہین آئی تھی کس واسطے کہ انھون نے تجویز اور استقرار جزئیات نقشہ
مجوزۂ اس سرکار کو موقوف راے نواب راے معظم الیہ پر باتفاق صاحب رزیڈنٹ بہادر
پر رکھا تھا اوس عنوان سے جو ہر آئینہ موجب رضا اور خوشنود ی آپ کی خاطر عاطر کا ہوگا

چنانچہ اوسکا ذکر مضامین خط نیازمندسے جو موسومہ والد ماجد مغفور نواب صاحب ممدوح محررہ ۲۵ ماہ مارچ سنہ ۱۸۱۴ع مطابق ۲ شہر ربیع الاول سنہ ۱۲۲۹ ہجری تھا بالتخصیص عمل مین آیا ہی اور جس وضع سے اصلاح جزئیات نقشہ تحصیل امانی قرار پاوے ہونا امنا کا ضرور اور ناگزیر ہی پس ہرگز یہ کسی کے وہم وخیال مین بھی نہ آسکیگا کہ تقرر امنا آپکی تجویز سے نہین ہوا اور مداخلت دوسرے کی ہوئی —

خط جنابعالی اب نقشۂ انتظام ملک موافق تجویز نواب صاحب ممدوح منظور رہا اور یہ اصلاح تمام ممالک محروسہ کی ہوئی پس ہر ضلع مین رہنا ضلعدار کا بمنزلہ کلکٹر کے ہو اس حیثیت اور حقیقت سے ہو کر عبرت اور اوسکی ہیبت سب زمینداردن پر گنات اوس ضلع پر ہو کر درصورت تمرد تنبیہ وتدارک انکا اپنی جمعیت ہمراہی سے کرے یا بروقت ہر پرگنے مین فوج انگریزی کی تکلیف لازم ہو اگر عہدہ برائی اپنی جمعیت ہمراہی سے نکرسکے تو ناگزیر فوج انگریزی استمداد کرے پس اس صورت مین اجازت ہو کہ انتظام ہر ضلع کیواسطے بقدر ضرورت فوج نوکر رکھکر سرکوبی متمردون کی کرے —

جواب تجربۂ ملک باصلاح ہر آئینہ نقشۂ مجوزہ اس سرکار کا جو خدمت والد مغفور نوابصاحب ممدوح نے لکھ بھیجا تھا موافق ہی لہذا سب طرف سے قبول اور مستحسن آپ کی رائے کے ہوا اور ہونا ضلعدارون کا اس حیثیت سے جو شایان اونکی قدر ومنزلت کے ہو بہت مناسب ہی لیکن نواب صاحب ممدوح کو ظاہر ہی کہ فوج جو سرکار عالی مین نوکر ہو مقدار اوسکی از روے عہدنامہ جو مقرر اور معین ہی یقین ہی کہ اوس سے بڑھ نجاے اور سربندی پیادون کی جس قدر کہ تحصیل مال کیواسطے مطلوب ہو البتہ ضلعداران مذکور نوکر رکھین گے اور فوج انگریزی ہمیشہ احکام واجبہ نواب صاحب ممدوح مین مستعد اور آمادہ رہیگی لیکن گفتگو جو بعض اوقات درباب ماموری فوج اس سرکار کی واسطے اعانت از تحصیل کے ہوئی بناوت اور سرکشی زمینداران متمرد سے نسبت اپنے رئیس پر یعنے نوابصاحب ممدوح مطلق تعلق نہین رکھے کسواسطے کہ جو لوگ جادۂ اطاعت سرکار سے پانون بڑھائین تنبیہ وتدارک فوج مذکور پر لازم ہی اور قید وشرط جو باب ماموری فوج مذکور مین ہوے امداد واعانت عامل مستاجری

جو دست ظلم اور زیادہ طلبی اونکی سے زمیندار اور رعایاے مظلوم جان سے تنگ ہوکر چارہ سوائے
مقابلہ کے تعلق تھے اور اعانت اور امداد اون ظالمون کی مشرف ظلم دست درازی مین اونکی
موجب بدنامی اور ہتک سرکار کی ہوتی اور ہمیشہ کمال شاق و ناگوار خاطر اہالی ممدوح کے
ہوتا اور جو لوگ مرتکب ایسے حرکات کے ہونگے اونکی حمایت اور کمک ریوا سرکار سے ممکن
نہین کہ عمل مین آئے لیکن جیسا ازروے تقرر اور اجراے نقشہ متحسان کو انتظار اسبات کا
اہالی ممدوح سے حاصل ہو کہ طلب فوج جہت تقویت اور تائید احکام عمال اور ستاجران ستم پیشہ کے
زیادہ طلب عمل مین آئیگی اور نواب صاحب ممدوح یقین تصور فرمائین کہ فوج مذکور واسطے تقویت
اور حفاظت حقوق اور ریاست واجبیہ موحی الیہ کیواسطے بلاتوقف تقدیم اعانت واقعی مین حاضر
ومستعد ہوگی۔

سوال عدالت مین مقرر کیا گیا کہ ہر ضلع مین ایک فاضل عملہ ضروری سے ضلعداران ضلع کے
پاس ہیگا تا قضایاے ضلع اوسی جا موافق شرع شریف کے فیصل ہوا کرین اور کسیکو متخاصمین سے شک
ہوگا رجوع عدالت لکھنؤ مین کرے کہ اپیل ہوگا اور اگر پھر شک ہوگا وہ فاضل تنقیح جو حاضر حضور ہونگے
وہان رجوع کرے کہ بمنزلہ صدر اپیل ہوگا۔

جواب ارادہ نواب صاحب ممدوح کا اب مقرر کرنے نقشہ عدالت مین حسب سرشتہ معینہ
اور قانون کے بہت مستحسن اور بجا متصور ہوا اور ازبسکہ یہ امر بہت نازک اور پوشیدہ ہے
ممکن نہین کہ نیازمند اوس تفصیل اور تصریح مراتب اپنی راے پر اس خصوص مین بالفعل کرے
لیکن جسوقت نواب صاحب ممدوح جزئیات نقشہ مجوزہ اپنے سے صاحب رزیڈنٹ بہادر کو
مفصلاً اطلاع دینگے اور یقین ہو کہ یہ بات آپکو بھی بدل منظور ہوگی اوسوقت البتہ فائدے
نقشہ مذکور کے قیاس و تصور مین آسکینگے اور یہ مقدمہ وہ ہو کہ غالبًا نواب صاحب ممدوح اس
باب مین خواہان استصلاح اور استصواب کے نیازمند سے ہونگے اور خیر اندیش بلا تکلف
اور بکمال صفاے باطن موافق اظہار اپنی راے کے کریگا اور یقین ہو کہ نواب صاحب ممدوح اظہار
مزبور کو بذریعہ صاحب رزیڈنٹ بہادر جو حسن دلائل سے مصروف ہو اور تعلق خاطر نیازمند کو
بہبود سرکار عالی مین تصور فرمائین گے اور یہ امر مزبور مقدمہ پولس سے بھی متعلق ہو

نیازمند چاہتا ہو کہ اس تقریب سے اطلاع دہی اسبات کی بھی کرے کہ توجہ و استقامت معظم الیہ کا تجویز فرمانے اوسکے نقشے مین جو مفید و موثر ہو ممالک محروسہ مین آپ کے مصروف ہونیکا صاحب موصوف اسباب مین گزارش جزئیات اوسکی عالی خدمت مین متعدد و آمادہ ہونگے اور اس ضمن مین نیازمند ذکر صورت نقشہ حالیہ پولس مین متعلقہ محالات اس سرکار کے جو سرکار سامی سے ملحق ہین رجوع کرتا ہو کہ باوجود عمل مین لانے اوس بندوبست کے جو باتفاق اہالی اس سرکار اور والد مغفور نواب صاحب ممدوح کے قرار پایا تھا چور اور غارتگر ملک سرکار اگر محالات مذبور مین چوری غارتگری کی اور مال مسروقہ پھر ملک سرکار عالی مین پناہ لیگئے نیازمند اس باب مین صاحب ممدوح کو ایما کریگا کہ خدمت عالی مین گزارش کریں و سپہ متوجہ و مصروف ہون۔

سوال اگر کوئی شخص اقربا اور متوسلین یا ملازمین یا رعایا مخلص سے آپکی حضور مین کلمۂ نالش کرے اوس صورت مین تھوڑے سے بھی التفات اور شنوائی نالش سے موجب تخفیف اور سبکی مخلص کا ہو اور باعث حوصلہ اور نکا اور تصدیع آپ کی امید کہ بمجرد اوسکے سننے کے بھی جواب ہو کر اپنے ملک مین جا کر رجوع کرے اور درصورت اصرار بدرشتی بدر کیے جائین تا بوجہ وقار مخلص کا بحال رہے اور ابواب فساد بند ہو جائین کہ یہان تین درجے عدالت کے مقرر ہوے ہین باوجود اسکے یہان سے جانا دلیل خواہش بے واجبی ہو۔

جواب نیازمند اقبال و منظوری مین اسکے کچھ عذر و تامل نہ کریگا مگر صرف حق مین اون لوگون کے جو کفالت سرکار مین ہین اور ایفاے قول و اقرار انکا لازم ہو۔

سوال ازانجا کہ خیرات و مبرات موجب برکت اور سرسبزی ریاست اور رضاے خالق اور نیکنامی خلق اللہ ہے منظور ہوا جو عہد عمو صاحب قبلۂ مرحوم مین معافی ہوتی تھی اور عہد والد مغفور مین سنون سے مسدود ہے اوسمین تحقیقات کرکے جو قابل گذاشت ہو معاف کیجاے بلکہ اپنی طرف سے خیرگیری مسکینون اور محتاجون اور ارباب علم و فضل و زہد و تقوی کیواسطے بقدر کفاف معین ہوگا تا فارغ البال ہوکر ازدیاد عمر و دولت کے بقا مین مشغول ہون آپ سے اطلاع کی گئی۔

جواب اس خصوص مین مجملے کلام نواب صاحب ممدوح سے مفہوم ہوتا ہے ہر آینہ مقصد آپکا

مقتضیات انصاف پروری و والا ہمتی معظم الیہ سے متصور و حقیقت حال نیازمندان ایسا معلوم ہوتا ہی کہ نواب آصف الدولہ مرحوم نے اراضی واسطے مصارف بعضے لوگون کے تاخیرات و مبرات مین دی تھی اور جب نواب صاحب مرحوم نے یہ کہا تھا یقین ہی کہ اوس مرحوم کو حق خارج کرنے اراضی مذکور کا تھا بس ضبط ہونا وجہ معاش روزینہ دارون کا البتہ جاے شکایت ہی اس صورت مین واگذاشت اور بحال فرمانا نواب صاحب ممدوح کا سد رمق اونکی معاش کیواسطے موجب کمال نیکنامی اور حق پروری جناب ممدوح کا ہوگا اور یہ امر کہ خبر گیری و رعایت مسکینون اور محتاجون وغیرہ ارباب استحقاق کی منظور نظر فیض مظہر ہی باعث ثواب و حسنات اور زیادتی نام و نشان آپ کا ہوگا۔

سوال جناب عمو صاحب اور والد ماجد مرحوم واسطے سیر و شکار کے جب منظور ہوتا تھا تشریف لیجاتے تھے مخلص بھی بدستور معمول بزرگان کے ارادہ کریگا اطلاعاً لکھا گیا کہ ناگوار خاطر شریف اور موافق معمول فوج سرکاری بقدر احتیاج ساتھ ہو۔

جواب اس باب مین نواب صاحب ممدوح کو سب طرح سے اختیار ہی اور فوج اس سرکار کی البتہ بطور معمول آپکے ہمراہ حاضر رہیگی۔

سوال جب نیازمند نے جواب مرقومۃ الصدر کے جو تعین خاطر تھے اونسے اطمینان اور دلجمعی نواب صاحب ممدوح کی ہوئی ہوگی عمل مین لایا اب تذکرہ بعض امور کا جسکا اظہار مافی الضمیر اپنے آپکی خدمت مین منظور ہی کرتا ہون خصوص حکیم مہدی علیخان مین گمان نیازمندین جو ناگزیر رویہ اور رفتار اور آداب خان مشار الیہ سے کیا از روے حالات سابق اور کیا واردات اور واقعات سے جو بالفعل ظاہر ہوے آپ پر واضح ہین اگر چہ کیفیت وجوہ قویہ بھی بنظر صلاح و خیر خواہی سرکار مین مقتضی صلاح دہی اوسکی ہوئی کہ نواب صاحب ممدوح نے جانا خان مشار الیہ کا دربار عالی سے اور روانہ ہونا ضلع علاقہ مین اونکی اور کبھی لکھنؤ کو نہ پھرین حکم فرمایا عالی خدمت سے مخفی نہین ہی اور جسوقت نواب صاحب ممدوح بصلاح دہی الہامی اس سرکار کے کماحقہ متوجہ اور مصروف ہوکر بامضاے صدق محبت اور یکرنگی امر بورین حق مشار الیہ مقرون اجابت فرمائیے تو نیازمند کو سوے اظہار

اپنے اطمینان کے البتہ نواب صاحب ممدوح کو کسی طرح کا عذر و حیلہ مشارالیہ کا توقف و تاخیر بجا آوری حکم مذبور مین جائز و مسموع نہوگا کوئی اور امر باقی نرہا۔

جواب مرزا رمضان علیخان نے وقت جلوس نوابصاحب ممدوح مسند ریاست پر نیک خدمت نسبت ذات ستودہ صفات معظم الیہ کے بلکہ اس سرکار کے بھی اوسی طرح سے کی کہ مبالغہ اوسکی تشریح و اثبات کے درجے کا اور انکے استحقاق کا بدل تفضل و عنایات جناب معزی الیہ مین احتیاج نہین ہے معہذا نیازمند نے حال مشارالیہ کو زمرۂ اون لوگون مین محسوب کیا جنھون نے خدمت نبرگ نسبت سرکارین کی تھی اور شب ہم ماہ نومبر سنہ حال مین سفارش مشارالیہ کی عالی خدمت مین کی تھی یقین خاطر عاطر نوابصاحب ممدوح ہوگا کہ کسی طرحکی توقع خان مشارالیہ کو جو غیر واجبی اور دور از قیاس ہو اہالی اس سرکار کو متصور نہوگا اور استدعا جو نیازمند نے علاقہ شفقت اور عطوفت نوابصاحب ممدوح پر عہدہ ہاے خان مشارالیہ مین بوقت مسند نشینی آپکی جسپر وہ مامور تھے چاہیے احیانا اگر کسی اور کو اونکی خدمت پر مامور فرمائیگا تو وجہ مشاہرہ بالفعل جو خان مشارالیہ پاتے ہین اور بدلے اون محاصل کے جو عہدہ ہاے مذبور مین پاتے تھے بحال و برقرار رہے اور نیازمند خان مشارالیہ کو مستحق بذل انصاف اور فیاضی جناب ممدوح کا اوس اندازے پر جو مذکور ہوا تصور کرتا ہو چنانچہ اسی واسطے دربارۂ مشارالیہ اعتماد کلی اسبات کا متصدع اوقات خجستہ صفات ہوتا ہو کہ نیازمند جسطرح سے بصدق و خلوص سفارش خان مشارالیہ کرتا ہو آپ بھی اسی طرح تصور فرماکے مقرون اجابت فرمائینگے۔

درباب تقرر اون اشخاص کے جو نوابصاحب ممدوح نے واسطے تمشیت امور مستمرہ اپنی سرکار کے صاحبزادۂ بلند اقبال نواب نصیر الدین حیدر خان بہادر کی طرف سے اپنی نیابت مین معین فرمائے ہین جناب ممدوح بذریعہ استقرار اس نقشے کے البتہ محبت سے متوجہ جزئیات ہوئے ہونگے تو سبکدوش ہونگے اور سوال و جواب بھی جمیع مقدمات متعلقہ صلاح و دونون سرکارون کے صاحب رزیڈنٹ بہادر سے مرتبہ سہولت اور آسانی اور بر سبیل صفائی و بے حجابی عمل مین آئیگی پس رجاے واثق ہو کہ اس نقشے سے راحت و آسایش ذات بابرکات نواب صاحب ممدوح کی اور سرور خیر و خوبی رونق و سرسبزی سرکار عالی زیادہ ہوگی اور جتبک

یہ لوگ بزیور تقدیم لوازم دیانت و امانت ہین اور خیرخواہی اپنے رئیس مین معروف ہونگے
سود و بہبود واقعی سرکار معظم الیہ کے ملحوظ اور نصب العین ہوگی اور ہر آینہ الہی اس سرکار کے
اونھین مستحق توجہ تفقد و احسان اور اعانت جانکر اوسکے ابدال ہین ہرگز نصیب کسی رعایا اور
ملازمان سرکار نواب صاحب ممدوح سے جنکا رویہ و رفتار نوع دیگر ہو نہوسکے گا اور نوابصاحب
ممدوح نے جو ملاقات کانپور مین اپنا کاغذ مطالب نیازمند کو دیکر پھیر لیا اوسے دو
نکرین گے لیکن بعض مقدمات جو اوسمین مندرج ہین آپکے مافی الضمیر کا دریافت کرنا موجب
اطمینان خاطر جناب ممدوح ہوگا لہذا عند الملاحظہ کاغذ مذکور بعض مراتب جو خاطر نیازمند
مین گذرے اور وہ کلمات جو باعث تسلی جناب معظم الیہ متصور ہین بالفعل قلم نیاز سے لکھا ہو اور
امید قوی رکھتا ہو کہ اوسکے دریافت سے نوابصاحب ممدوح کو وجہ تازہ اطمینان اور
دلجمعی کی صرف معروفیت اس سرکار کے اہالی کی جہت انعماے عزت و حرمت اور خیرخواہی
معظم الیہ و متوجہی دل نہادی اس نیازمند کی بذات خود اور زیادتی اوس حاصل اور واصل کی
ہوگی اور نیازمند بقلم لکھتی لکھتا ہو کہ شک و شبہہ نہین اون مضامین عہدنامہ سرکار مین
جو شرائط از راہ حق و انصاف عرض بیان مین آئے تھے مقصود ہو کہ اختیار و قدرت
نواب وزیر الممالک بہادر کا در میان ملک مقبوضہ کے استقلال سے ہوگا اور قرارداد
جو امر مداخلت اس سرکار کے بصلاح و مشورہ رہے نوابصاحب ممدوح کو بے واسطہ صاحب
رزیڈنٹ بہادر کے استقرار پائے اوسمے ہرگز بنظر انصاف نہین ہوتا کہ دخل در آمد سرکار موصوف
کا امور خانگی جناب معظم الیہ عمل مین آئیگا بس بہت دور ہو کہ حق نوکرون اور ملازمون اوس سرکار
کے جسوقت کہ وہ اپنی رئیس سے تخالف اور انحراف کرین اور اپنے آقا کے مجبور کرنے مین
امور معمل اور رسمیہ مین دم مارین حمایت اور اعانت صریحہ اس سرکار سے ظاہر ہو حاشا و کلا
اس قسم کی مداخلت کبھی کسی صورت سے منظور اہالی اس سرکار کے نہوگی اور نیازمند نے
قبل اسکے صاف و صریح خدمت عالی مین کہلا بھیجا تھا کہ نیازمند بدل خواہان اسکا ہو کہ آپکو
عزل و نصب ملازمان شاگرد پیشہ اپنی سرکار کا سب طرح سے اختیار ہو بلکہ نیازمند کو
خوشی و مسرت اسکے دریافت سے ہوگی کہ جن لوگون کی طرف سے جناب ممدوح کو کسی وجہ سے

انقباض خاطر بہم پہونچے اونکو جواب دے دونگا چنانچہ نیازمند نے اس بات کا اعادہ کرکے
بالفعل بندوبست کیا ہے اور خصوص بھائی اور اقربے جناب ممدوحین صورت حال اونکی سوائے
اوس حالت کے کہ جسمین کفالت وحمایت الہی اس سرکار کی ہو صورت یہ ہے کہ سوائے رائے
صواب آرائے معظم الیہ کے دخل وتصرف کسی اور کا نہوگا اس باب مین نواب گورنر جنرل بہادر ہرگز
صاحب رزیڈنٹ بہادر سے ازروے اپنے عہدے کے کوئی حرف وحکایت نکرین گے مگر اون دونون
حال مین جو صاحب موصوف سے بتخصیص یا اوس باب مین ہوا ہے یا آپ جناب عالی ترغیب خاطر سے
اقدام کرکے صاحب موصوف سے محرک سلسلہ جنبانی ہون اور مراتب اطاعت اور انقیاد جو رئیس
بر وفق ضوابط وقواعد معمولۂ رؤساے اسلام پر اپنے اہل خاندان کی طرف سے استحقاق اوسکا
رکھے البتہ ظہور اوسکا برادران اور اقربے نواب صاحب ممدوح سے نسبت بذات جناب معظم الیہ
لازم وواجب ہے اور امکان نہین رکھتا کہ اہل اس سرکار کے ازروے حق واجبی حمایت کسی کی
اونمین سے درباب عدول حکمی نسبت اونکے عمل مین لائین جناب عالی باوصف دعولے واجبیہ اور
اختیار کم وبیش کرنے درمایہ اپنے بھائیون کے جو لکھتے ہین کہ اونکا درمایہ کم نکرونگا ہر آئینہ یہ بات
شایان مروت اور علو ہمتی جناب ممدوح کی متصور ہے اور درباب سکوت ورلے شمس الدولہ بہادر
کے مقام بنارس مین جو بندوبست اوسکا حسن تکمیل سے ہوا ہے موجب شنوونی خرسندی خاطر نیازمائر
کے ہوا جو بسبیل ادائے باقیات مشاہیر سابق نواب صاحب موصوف مین سوال ہو عند الملاقات
نیازمند جناب ممدوح سے بالمشافہہ تجویز پایا یعنے باقیات مزبور خزانۂ سرکار کمپنی سے بالفعل
دی جاتی ہے بعد اسکے جناب عالی اوس روپے کو سرکار موصوف مین عائد فرمائینگے اسپر باعث
خوشی کا ہوگا۔

خصوص مطالبۂ روپے مین جو نواب مغفرت مآب الداماد سے جناب عالی کے نواب شمس الدولہ
نواب نصیر الدولہ کو پہونچا تھا اگر جناب عالی صلاح وانصاف اور استصواب استصلاح اوسکی فرمائین
تو نیازمند بالراے اپنی اس باب مین گذارش کریگا لیکن ایسے امر مین اپنی طرف سے ہرگز
سبقت رہنمائی مناسب نہین جانتا کسواسطے کہ یہ مقدمۂ امور خانگی سرکار جناب عالی سے ہے اور
بادی النظر مین ظاہر ہے کہ اسکی تحقیقات کمال دشوار ہوگی کہ نواب مغفرت مآب نے

نواب صاحبون کو کونسا روپیہ وجہ مصارف سرکارین اور کونسا روپیہ بر سبیل امداد دیا تھا اور میرے تصور مین یہ آتا ہی کہ بالفرض تعداد اور مقدار روپی کی بھی تحقیق ہو لیکن دستاویز جس سے امتیاز ان دونون کا ثابت ہو سکے موجود نہوگی اور درصورت صدق تصور نیازمند کے سوائے اپنے اقرار نواب صاحبون کے کوئی دلیل امکان نہین پس اگر جناب عالی اسطرح کہ کسی طرح کی سختی اور درشتی سمجھی نجاے اور نواب صاحبان موصوف مشیہ جناب ممدوح اپنے حق مین اوس سے تصور نہ کرین صرف فرد حساب سے طلب فرمائین شاید یہی انسب ہو لیکن نیازمند جو اس باب مین کہتا ہی یہ موقوف صحت احتمال پر ہی یعنے موجود نہونا دستاویزات کا سرشتہ مین اور شاید قیاس نیازمند کا اوسمین نفس الامر نہو اور جناب عالی نے جو بذریعہ صاحب رزیڈنٹ بہادر ارادہ اپنا باب عدم مطالبہ مبالغ مذبورہ نواب شمس الدولہ بہادر سے اظہار کیا یہ بات بمقتضاے حال اور وقت میرے نزدیک بجا و تحسین ہی پس اغلب کہ جناب عالی یہ سلوک مروت دربارہ نواب نصیر الدولہ بہادر بھی بیشتر لازم و ضرور تصور فرمائین گے فقط ۔

درباب ملاقات بھائیون وغیرہ اہل خاندان نواب زیدہ الممالک بہادر کے اگر رسم و آئین اوس خاندان عالیشان عظمت نشان کا یہی ہی کہ کوئی شخص اونمین سے بدون اشتہار رضا اور خوشی نواب زیدہ الممالک بہادر کے نواب گورنر جنرل بہادر سے ملاقات نہ کرے نواب گورنر جنرل بہادر بھی ہرگز تخلف اس امر سے متصور نہ کرینگے ۔

درخصوص بحال رکھنے ملازمان نواب مغفور بدستور بشرط حاضر باشی اور دولتخواہی کے اونکے اس سے زیادہ بالاتر مرتبہ مستلزمات علو ہمتی و الامروتی سے متصور نہین ہی ۔

اور درباب تعداد اور اونکی صنف کے خود جناب عالی کو اختیار ہی چنانچہ نیازمند اس خصوص مین اقرار اسبات کا کہ آگے بھی ذکر ہو چکا ہے کہ کسی طرح کی مداخلت امور خانہ ملازمان اور شاگرد پیشہ کی اہالی اس سرکار کے طرف سے عمل مین نہ آئیگی اور خصوص چوکی اور پہرے فوج انگریزی کے جو بالفعل دولتسرا اور خزانہ وغیرہ پہ مامور ہی یہ امر مرضی مبارک جناب عالی پر موقوف ہی جسوقت چاہین حکم فرمائین کہ لوگ سرکار عالی کے اونکی جگہ معین ہون ۔

امور متعلقہ محلات اہل خاندان جناب عالی کہ بندوبست سے بیشتر کفالت وحمایت اس سرکار
مین آئے ہین یہان تک کہ خارج از مسند نشینی ہو اور سوائے اسکے اونکے حق مین مداخلت الہامی سرکار ممدوح سے
متصور ہوگی اور جو کچھ کہ موجب ازدیاد عزت اور مرتبت اور رفاہ اور فلاح جناب عالی کے ہو
نیازمند کو بدل منظور اور خواہان ہو اور اگر مساعی نیازمند اس باب مین مشکور نہو تو اس جہت سے ہوگی
کہ نیازمند اسپر اطلاع اور آگاہی حاصل نکر سکیگا کہ کونسے امر مین ناخوشی اور انقباض خاطر مبارک ہو اور
کس امر مین موجب بیکلی اپنی کا تصور فرماتے ہین۔

باب ملاقات صاحب ریذیڈنٹ بہادر مین ازبسکہ اوائل مسند نشینی جناب ممدوح مین ہجوم اور
رجوع سرکار عالی مین زیادہ تھا البتہ عرض گزارش صاحب موصوف اوسوقت بہ نسبت اوراوقات
کے ضرور اور ناگزیر تھی اور بالفعل کہ وہ ضرورت باقی نہین رسم ملاقات اور آمد و شد صاحب موصوف
کی البتہ بدستور سابق جاری ہوگی یعنی جسوقت صاحب موصوف کو احتیاج گزارش ہوگی آپ سے
کہلا بھیجین گے کہ جہت شرفیابی تعین وقت سے اطلاع دین اوجسوقت جناب عالی کو منظور ہوگا
بالمشافہ صاحب موصوف سے اطلاع فرمائینگے اور ملاقات اہلکاران جناب عالی کی صاحب موصوف
سے البتہ اکثر اوقات ضرور ہوگی اور رسم و طریق اونکا بہر طور کہ اجرائے امور آگے بسہولت اور انتظام
اور بلا تکلف اور تضیع اوقات طرفین ہوتا تھا قرار پائیگا اور الہامی سرکار عالی کو سب طرح سے
یہ بات منظور ہے کہ مسند نشینی ملک اودھ اولاد نرینہ صاحب ممدوح کی بر سبیل وزارت لاکلام بحال و
برقرار رہے اور درصورتیکہ جناب عالی سررشتہ جانشینی سے جسطرح شرع شریف اور رسم و قاعدہ
مروجہ ملک بھی ہو نیازمند کو اطلاع دینگے البتہ الہامی اس سرکار کے تکفل سلسلہ جانشینی مذکورین
مستعد اور حاضر ہونگے۔

الغرض نیازمند کر جناب ممدوح مین یہی التماس رکھتا ہو کہ جناب عالی طرف حق پرستی و
وفاشعاری وصدق محبت اور دوستی الہامی اس سرکار سے اوراونکا معروف ہونا سود و سبب بود
وخیر و خوبی واقعی سرکار عالی مین سب طرح سے مبین رہین اور یہ بھی ملتمس ہوتا ہے کہ
اسی طرح شہامت وعوالی مرتبت عماد الدولہ افضل الملک میجر جان بیلی صاحب بہادر ارسلان جنگ
سے بھی اعتماد و اطمینان رکھین اس واسطے کہ صاحب ممدوح من کل الوجوہ محل اعتماد نیازمند ہو

اور جب کام اوکا موافق ضوابط مرقوم الصدر کے جاری ہوگا امید ہو کہ جناب عالی بھی صاحب صوف کو دوست و آشنا جانین گے اور یقین کلی ہو کہ صاحب صوف سے کبھی دولتخواہی اور خیر اندیشی کے کوئی حرف خلاف صلاح عمل مین نہ آئیگا اور سب مہمات اور امور مشکلہ مین سے اصلاح اور استمداد صاحب صوف سے فرمائینگے ۱۲- نومبر ۱۸۱۴ع مطابق ۲۸- ذیقعدہ ۱۲۲۹ھ ہجری لکھا گیا۔

معلوم ہونا ناظرین کتاب کو کہ نظر بآشوب انقلاب زمانہ جو اس سلطنت مین ہوے محض عبرت الناظرین سمجھکر عہدنامجات وغیرہ مندرج کتاب ہوے کہ عاقل کو ایک اشارہ کافی ہو دگرنہ ع امور مملکت خویش خسروان دانند + یہ بھی سچ ہو۔

نواب معتمد الدولہ کا قید ہونا یعنی خانہ نشین ہونا پھر ترقی جاہ ناپائدار مرزا حاجی اور محمد آفرین علیخان وغیرہ اور سوانح شہر

نواب معتمد الدولہ بہادر ۱۲۳۰ھ ہجری نو مہینے تک امور نیابت اپنے طور پر کرتے رہے اس عرصے مین جب نواب گورنر جنرل لارڈ ہسٹینگ بہادر انتظام کلی مہمات دکن و اضلاع غربی سے اطمینان کلی بکمال نیکنامی سے مراجعت فرمائی فرخ آباد مین نزول اجلال فرمایا اور منتظر آمد برسات رہے کیونکہ اون دنون آمد و رفت کلکتہ موقوف بسواری بجرہ و پنیس و کشتی تھی تین مہینے کے عرصے مین ورود کانپور ہوتا تھا لکھا روپیہ کرایہ کا صرف ہوتا تھا درستی ریل نہوئی تھی اور کس خوبی سے انتظام دکن ہوا کہ سب شکر گذار ہوے ایک کا خون ناحق نہوا چنانچہ نواب امیر خان جو مدت عمر تک ہندوستان کی خاک چھانتے پھرتے رہے ایک دن چین سے نہ سوئے ۳۲ لاکھ کا ملک تونک عنایت فرمایا کہ اب آرام تمام بیٹھکر آپ دکھایا کرو ہولکر کو اوجین ملک دسی قدردیا کریم خان پنڈاری وغیرہ کو گورکھپور مین شاید ۱۲ ہزار روپیہ سال کی جاگیر جو دیہ پیاے ہندوستان تھا اور رعایاے ملک غربی و دکن کے سب شکر گذار سرکار ہوے۔

جناب عالی نے بھی بکمال خصوصیت بوجوہ چند اپنا جانا مناسب نہ جانا مرشدزادہ آفاق مرزا نصیر الدین خان بہادر کو بیچ نواب معتمد الدولہ بہادر اور ارکان دولت وغیرہ جلوس احتشام سے روانہ فرخ آباد کیا نواب گورنر جنرل بہادر نے نوازئہ مہماندار ہی بمقتضاے محبت و کمال شفقت کی سے فرمائی

مرزا حاجی صاحب

Mirza Haji sahib

مرزا جعفر صاحب
MIRZA JAFFER SAHIB

اس عرصے مین حریف و خلاف جو منتظر ایسے وقت کے اپنی گھات مین بیٹھے تھے نوا بکا کام تمام کیا یعنی معروضات جا و بیجا گوش گذار خاطر جناب عالی کرنا شروع کیا چنانچہ منشی محمد بخش صاحب صاحب اخبار جو سراسر خلاف نواب تھا متواتر پرچہ اخبار حضور مین گذرانے جنمین کسی طرح کا شک باقی نرہا اور بادشاہ بیگم صاحبۂ خاص نے حال ہر شدزادہ آفاق جو میان راہ بے اعتنائی و عدم توجہی نواب از راہ حماقت و نا عاقبت اندیشی مقربان و ملازمان خاص نواب سے سرزد ہوئی جناب عالی سے تصریح تمام شکایت کی قصہ کوتاہ جب نواب شرفیاب ملازمت ہوے اشد عتاب سے اپنے گھر مین قید ہوے حسن علی کپتان کی کمپنی تلنگہ متعین ہوئین شہر مین دفعتہ نہنگامہ صاجن اور قرضخواہان کا گرم ہوا متواتر عرائض نالش و استغاثہ و ظلم و تعدی نواب کی اور انکے متوسلین کی حضور مین گذرانی اور بہت سے عرائض معرفت میر خدا بخش کارندہ محمد آفرین علیخان کی گذرے اور جو لوگ سراسر خلاف نواب سے ہوگئے تھے خوب تیز و تند دون مرچین لگا کر بھڑکا دیا مزین و تخطا خاص ہوے کہ اسباب نواب کا ضبط کر کے نیلام کرو جس جس کا قرضہ ہو ادا کرو اس منظلے اور نیلام مین میر خدا بخش شریک ہوے محمد آفرین علیخان نے اپنی فہم و فراست سے انھین منع کیا تھا کہ تمھین ایسے مقدمے مین شریک ہونا نچاہیے تھا مبادا پھر اونکے واسطے ثروت ہو بڑے آدمیون کے مزاج کا کچھ اعتبار ہی چنانچہ یہی کلام میان کا دوبارہ شروع نواب مین ظاہر ہوا بہر صورت دربار جناب عالی مین نواب محمد آفرین علیخان اور قمر الدین احمد خان عرف مرزا حاجی کا پھر دورہ لایعنی ہوا۔

جب فخر الدین احمد خان عرف مرزا جعفر کمال حسرت و ناکامی دنیا سے مرگئے جناب عالی نے مرزا حاجی کو طلب فرمایا اور خاطر مبارک مین ابھی تک کچھ اثر حقوق حسن خدمت و قدامت باقی تھا بالکل محو نہو گیا تھا از راہ رحم دلی و کمال شفقت و عطوفت سے خلعت ماتم پرسی عنایت کیا اور فرمایا مین تمھارا باپ تو جیتا ہون دوشالہ رومال حسب معمول ملا پھر وہی مصاحبت خاص حاصل ہوئی صبح کو چار گھڑی دن چڑھے جاتے تھے چار گھڑی رات گئے گھر آتے تھے تلاشی اور بیکار روزگار والون نے ہر طرف سے ہجوم کیا۔

چند روز تک فیما بین مرزا حاجی و محمد آفرین علی خان جیسا چاہیے صفائی نہ ہوئی بعد عہد و میثاق جیسا دستور امرا اور اہل دنیا کا ہے موافقت کلی ہوگئی اور دونون معروف

مہمات ملکی وقتالی ہوے ممالک محروسہ کے دو ٹکڑے کیے سوائے نظامت خیرآباد منتظم الدولہ حکیم مہدی علیخان جسمیں انکا دخل وتصرف نہوسکا مگر بیرحسن سیح بطور وکالت مرزا حاجی کے پاس بخلوت آیا کرتے تھے اونھون نے بھی اپنی حکمت عملی سے موافقت ظاہری کی تھی کہ واشتہ آید بکار کھکر صاحب فہم تھے راجہ دیاکرشن دیوان تھے بسبب موافقت نواب معتمد الدولہ کے اپنے عہدیسے موقوف ہوکر اپنے گھرمین متعید ہوے بجاے اونکے امید رائے دیوان ہوے بھوانی پرشاد بجاے رائے مجلس دائے بخشی مقرر ہوے ۔

منشی الملوک راجہ رتن سنگھ ناظم نظامت بیسوارہ ہوے تھے اس جہت سے کہ داماد راجہ دیاکرشن کے تھے مرزا کاظم بھائی مرزا حاجی کے اوس نظامت مین منصوب ہوے میر غلام حسین چکلہ دار نظامت سلطانپور جیت خونچہ مرگئے مرزا محسن دوسرے بھائی مرزا حاجی کے وہان منصوب ہوے اور علاقہ سلون کا نعمت مرزا محمد بڑے بیٹے مرزا حاجی کو ملا جنابعالی نے بمسترد لی یہ نظامتین انھین عنایت فرمائین ہرچند مرزا حاجی کو پہلے تامل تھا کہ اسکا فائدہ نفع جو کچھ ہوگا بھائیون کو ہوگا اوسے نہ مین ہروت سے اونسے لونگا اور نہ وہ ازخود مجھے دینگے مگر البتہ اوسکے مواخذے مین دھرا جاؤنگا اور وہ روپیہ بھی مجھے گھر سے دینا پڑیگا بلکہ احتمال اس خوف کا ہے کہ مزاج جناب عالی اس حال عنایت پر نرہے اودھر بھائیون نے تنگ کیا تھا البتہ کہ اگر اس قرب منزلت حضوری پر ہمارے کام نہ آئیگا تو پھر کب کام آئیگا اودھر جنابعالی کے اصرار سے مطمئن تھے خلاصہ آخر انجام کار وہی ہوا جو خود سمجھے تھے ۔

اس عرصے مین اسباب امارت جیسا چاہیے سب طے جمع ہوگئے مرزا حسن رضا خان انکے ماموں کا اصطبل بابین انکے امام باڑہ نو تعمیر اور حویلی کے تھا اوسے باجازت سرکار لیکر محلسرائے عالیشان موافق اپنی امارت کے بنوائی بائیس ہاتھی دوسو گھوڑے بہت خوب ہوگئے ایکدن جنابعالی کی ضیافت اپنے گھرمین کی جنابعالی تشریف لائے باہر امام باڑے کے بڑے کمرے پر چلے پانی ہوا اوسکے بعد اپنے گھرمین لے گئے سب بیبیان اور بہوؤن نے نذر دی خلعت پائے پھر ایکدن اپنے باغ جو قریب کربلا تھا اوسمین ضیافت کی اوسدن جناب عالی نے بکمال سرپرستی مندیل اپنے سر مبارک کی جو تازہ ایجاد فرمائی تھی عنایت فرمائی اوسے سر پر تبفاخر

سے کھے سرچوک عام وخاص کو اپنا قرب منزلت دکھاتے ہوے گھر آئے باغ کے واسطے زمین وسیع جانب جنوب باجازت حضور بڑھائی نسبت زمان سابق دوچند وسعت ہوگئی اور اوسے بہت آراستہ کیا کہ لوگ اوسکے دیکھنے کے مشتاق ہوتے تھے مگر مرزا حاجی نے سواے اوسدن کے پھر کبھی مندیل سر پر نہ رکھی تبرک سمجھا جس طرح اس زمانے مین وہ مندیل مخصوص وردی وزیر اعظم ہوگئی۔

جب جنابعالی کانپور واسطے ملاقات نواب گورنر جنرل لارڈ ہسٹینگ صاحب بہادر کے تشریف فرما ہوے تھے نواب مبارک محل صاحبہ جو بیٹی کرنل عیش صاحب کی تھین لے آئے تھے دوسرا محل خاص مقابل بادشاہ بیگم صاحبہ کیا تھا انکا اہتمام بھی مرزا حاجی کے سپرد فرمایا تھا پہلے خطاب رنگ محل و دہزاری روپیہ کا دربار ہمہ مقرر تھا اور بہت سی اسامیان انھین کے ماتحت کردی تھین اور انداہ وفور تعشق اکثر بجرے مین یا گاڑی مین جنابعالی کے ہم پہلو ہوتی تھین۔

غرض بہرحال زمانۂ مستعار مین دونون رکن کین ریاست سے بہت موافق ہوا نخوت و غرور بیجا اس خاندان کا ازحد بڑھا سب جانتے ہین مصنف نے اپنی خودرائی سے نہین لکھا ع نہد شاخ پرمیوہ سر پر زمین ۔ لے بھی سب جانتے ہین اکثر متوسلین ومشیران خاص نواب معتمد الدولہ نے اپنے خوت عزت وجان سے بجبوری صنعت منافقی اختیار کی محمد آفرین علیخان کی مدار المہامی جمیع کاروبار محول و اختیار سیر خدابخش ساکن اودھ کے تھے کسواسطے کہ بجاے فرزندون کے میان نے پرورش کیا تھا انھین اپنے مذہب تشیع کا ازراہ جہالت کمال غلو ہوا اکثر اسور ابداعی اپنی ثروت مین کیے جو صاحبان فہم اور علماے دین بھی اوسے اچھا نہ سمجھے بلکہ نامناسب شریعت غراے احمدی جانا۔

میر حسن علی لندنی بیٹے میر حاجی شاہ ملازم و پیش نماز محمد الماس علیخان کے پریشان ہوکر لندن گئے تھے بارہ برس تک وہان رہے صاحبون کو پڑھایا کرتے تھے اتفاقاً ایک بی بی ولایتی کو اپنی بی بی کر لائے تھے جناب عالی ازراہ قدرشناسی مشتاق ایسے سیاح اور صاحب کمال تازہ وارد کے رہتے تھے اسی بی بی کی بہت بسفارش صاحب رزیڈنٹ ملازم ہوے تین سو روپیہ درماہہ مقرر ہوا اون دنون کسی کا لندن

جانا اور پھر وہان سے جیتا پھرنا بہت تعجب تھا انکی بی بی بادشاہ بیگم صاحبہ کے محل مین بھی جاتی تھی وہان سے بھی بہت کچھ حاصل ہوتا تھا فاربس صاحب جو اسکول لکھنؤ مین ہوے تھے کہتے تھے انکا عقد عیسوی میرے سامنے گرجۂ لندن مین ہوا تھا اور اُس بی بی کو یہ معلوم تھا کہ میر صاحب مجرد ہین بی بی نہین رکھتے جب لکھنؤ مین آئی بعد کئی مہینے کے اوپر کھلا کہ انکی بی بی بھی ہیں برخاستہ ہوکر کیش صاحب رزیڈنٹ کی بی بی کے ساتھ ولایت گئی وہان اسکول کیا کتاب احوال رسمیات وغیرہ حالات لکھنؤ کی لکھکر دو جلد طبع ہوکر مشہور خاص وعام ہوئی میر صاحب کو بھی تاحین حیات سورو پے کا پنشن ملتا رہا کئی صوبہ دار وغیرہ رزیڈنٹی ہوے پھر حضرت جنت مکان کے عہد دولت مین سفیر شاہی بھی ہوے آخر مرض فالج سے شہر شوال ۱۲۷۵ ہجری مطابق ۱۸۶۳ع انتقال کیا بی بی نے ولایت مین انتقال کیا۔

مرزا غلام حسین خان کربلائی چالیس برس تک عتبات عالیات مین مجاور رہے ہندوستان مین آئے فرمی میسن ہوے انکے بھائی مرزا محمد تقی خان مشہور باپ نواب خورد محل کے نواب معتمد الدولہ کی شروت سنکر دونون بھائی مرشد آباد سے آئے نواب بہت عزت سے پیش آئے اور چاہا کہ خدمت عالیہ پر مامور کرین مگر مرزا محمد تقی خان بمقتضاے غیرت ہندوستان زالی پھر کر مرشد آباد چلے گئے مرزا غلام حسین خان رہگئے مقرب خاص جنابعالی کے ہوے عدالت دیوانی فوجداری پر مامور ہوے اس جہت سے کہ مرشد آباد مین بھی عدالت نظامت نواب پر مقرر تھے نواب محمد ناصر خان جو کئی برس سے داروغہ عدالت تھے موقوف ہوے مرزا غلام حسین خان تصویر بھی خوب کھینچتے تھے۔

مفتی محمد خلیل الدین خان ساکن قصبۂ کاکوری فن عدالت کا پورے تھے جنابعالی نے قدرشناسی سے صاحب کمال عالی خاندان ذی عزت سمجھکر اپنا ملازم کیا تھا اور نوکری سرکار سے استعفا دلوادیا تھا حاضر حضور رہتے تھے۔

اشرف الدولہ رمضان علیخان کو چند روز تک خدمت دیوانخانہ بدستور رہی بسفارش نواب گورنر جنرل و کرنل بیلی صاحب نظامت بیسواڑہ بھی اونھین دی جب بیلی صاحب

روانہ ولایت ہوے خدمت دیوانخانہ سے موقوف ہوے اور انتظام الدولہ منظفر علی خان مامور ہوے۔

میر ابوالقاسم خان بیٹے میر مدن سپہ سالار فوج نواب سراج الدولہ ناظم بنگالہ مصاحب و مقرب جنت آرامگاہ کا تقرب زیادہ ہوا کسواسطے کہ انکی طرف سے کسیطرح کا شبہہ کسیکو نہوا تھا۔

بہت سے اہل ولایت غل سعرفت رمضان علیخان ملازم ہوے تھے اگرچہ بکسر کا احوال اظہر من الشمس تھا بعد چندروز کے انھین ملازم فرقۂ جدید سے ایک مثل نے اپنی جورو کو مار ڈالا اور اوسی طرح دست بشمشیر درد ولت پر بیوقت دربار حاضر ہوا چاہتا تھا کہ روبرو جنابعالی کے چلا جاؤن دربان نے روکا خبر ہوئی جنابعالی نے برہم ہوکر سبکو برطرف کردیا فقط مرزا محمد خان نصیبی شاعر ساکن کرمان شاہ مان بدستور ملازم رہے اونھون نے جنت مکان کے عہد سلطنت مین انتقال کیا اپنی ولایت مین کسیکا خون کرکے آئے تھے اس جہت سے پھر نہ جاسکے یہان ہندوستانی بی بی کی تھی اولاد بھی اوس سے ہوئی تھی۔

قطع نظر اور تعیش عیش دنیا کے جنابعالی نے تماشاے بسنت کہ اسکے پیشتر اس تکلف اور انتظام خاص سے نہوا تھا بنائے تعمیر موتی محل و شاہ منزل خاص کمرہ کنار دریا اور بہت سی عمارات پسندیدہ جسکی تعمیر مین لکھا روپیہ صرف ہوا اسیم انجن اور نہر بیان کوٹھی فرح بخش اور بارہ دری اوسی سے پانی نہر مین آتا تھا اور باغ مین جاتا تھا سولہ گھوڑے کی قوت اس انجن مین تھی۔

انتقال بہو بیگم صاحبہ فیض آبادی

۲۵۔ محرم روز پنجشنبہ وقت زوال شمسی ۱۲۱۳ھ مطابق ۱۸۱۳ء نواب بہو بیگم صاحبہ فیض آبادی مادر گرامی نواب آصف الدولہ بہادر نے انتقال کیا موافق اونکی وصیت کے ہر امر کی تعمیل ہوئی جس طرح تصریح اسکا بیان ہو چکا ہے جناب عالی نے ضبطی مال متروکہ کے واسطے مرشدزادۂ آفاق مرزا نصیر الدین حیدر خان کو مع نواب دشن الدولہ اور راجہ بختاور سنگھ روانہ کیا چنانچہ ایک کرور روپیہ رکابی فی ۱۴ ربیع ۲ صندوقچہ جواہرات رسمی حریفون سے بچ رہے تھے اور باقی اسباب بارظاہری ہاتھ آیا اور جس خزانے کا

خاص عام کو شبہہ تھا اوسمین سے کچھ نہ ملا فقط دھوکا تھا جناب عالی اسی قدر کو غنیمت سمجھے کسواسطے کہ سب مقدمات پیشتر اسکے طے ہو چکے تھے اور کسی سے پرخاش بھی کسی حیلے سے منظور نہ تھی ہان اگر جنت آرامگاہ گاذیالدین ہوتا تو غالب ہر سب کو لینے کے دینے پڑتے میر کلو مرحوم کہتے تھے کہ ایک سیاہی ملازم قدیم ایک گڑھیا سے مٹی کھودنے گیا تھا ایک چبوترہ نکلا اوسمین سے کئی لاکھ روپیہ نکلا تھا اوسکو ہزار روپیہ انعام دیا اور بیس روپے کا درماہہ مقرر کر دیا تھا۔

بعد اسکے مرزا محمد تقی خان مرزا حیدر مع اپنے صاحبزادون کے مرزا محمد نصیر خان نواب صغیر علیخان اور جتنے اُمرا و اقربے جناب مرحومہ تھے دل مین سب متمنی لکھنؤ آنے کے اور رہنے کے تھے سب آئے شرف ملازمت حاصل کیا ہر صبح وقت دربار چاے پانی آتے تھے زُمرۂ کرسی نشینان مین تھے نواب ناظر محمد داراب علیخان نے مرزا محمد تقی خان سے بمنت اور نہ دل سے عرض کیا کہ اگر آپ سب صاحب یہان تشریف رکھینگے مین سبکی غلامی مین حاضر رہونگا اور سرکار مرحومہ بھی بنی رہیگی اور آپ کا مرتبہ نوابی بھی یہان باعزت رہیگا کسی نے نہ سُنا اور نما نا لکھنؤ مین آکر لہو و لعب مُرغ بازی بٹیر بازی کبوتر بازی پتنگ بازی مین مشغول ہوے لکھا روپیہ شرط و شروط مین صرف کیا البتہ بظاہر موجب مزید آبادی لکھنؤ ہو گیا آخر انجام کو نواب معتمد الدولہ کی جہت سے جو پیش آیا سب جانتے ہین ملک پچمہراٹ و سلون ۱۵ لاکھ کا جو جاگیر مرحومہ تھی محسوب مالک محروسہ جناب عالی ہوا گونڈہ وغیرہ جسمین تنخواہ ضمانت خاص محل اقربا و متوسلین مرحومہ تھی بدستور و بحال ہے۔

کئی برس کے بعد داراب علیخان نے انتقال کیا اونکی ضبطی تھوڑی بہت داخل سرکار ہوئی مگر اونھون نے اپنے حین حیات اپنے رفقاے قدیم پر اپنا متروکہ تقسیم کر دیا تھا چنانچہ میر اکبر علی مقبل شاعر کو جنکے پاس اونکا توشخانہ تھا تین لاکھ روپیہ دے دیا تھا وہ حین حیات تک گھر سے باہر نکلے مطمئن تھے اور اسی طرح ہر ایک کو دیا کوڑہ جو رہگیا تھا سرکار مین آیا جب داراب علی خان لکھنؤ آئے تھے وقت دربار چاے پانی آتے تھے جناب عالی اونکے آنے کی خبر سُنکر برخاست کر دیتے تھے۔

اکبر علیخان بڑے بیٹے نواب امیر الدولہ کے اپنے بھائی حسین علیخان کے نفاق سے بعلت محاسبہ ترکۂ پدری ایک مدت سے دولتخانہ مین قید تھے شرفیاب ملازمت ہوکر دربار مین درجۂ دوم کرسی نشینون مین آتے تھے یعنے اول وہ مخصوص تھے جو بلا قید حاضر ہوکر کرسی نشین ہوتے تھے بعد اسکے یہ درجۂ دوم کے لوگ جاکر بیٹھتے تھے حسین علیخان بھی دربار مین آتے تھے چند روز تک اپنی فضول خرچی اور اسراف بیجا سے پریشان حال رہتے تھے باپ کی املاک بارہ دری وغیرہ کی امینین بیجکر بسراوقات کرتے رہے تھے منشی علی نقی خان میر منشی اور کرنل بیلی صاحب کی بڑی دادودش سے سرکار جناب عالی سے دوہزار روپیہ ماہہ مقرر ہوا پانسو امینین سے اور اولاد ازدواج امیر الدولہ کیواسطے پندرہ سو انکی ذات خاص کیواسطے سوائے اکبر علیخان کے مقرر ہوے پھر سرکار سے انکے واسطے بھی مواجب مقرر ہوا اگرچہ گمان تھا کہ پدری کا سبکو تھا اور فی الحقیقۃ انھین کے قبضہ و تصرف مین رہا مگر نہ خود صرف کیا امین تھے طریق امانت رکھا اور پھر جہان بامانت رکھوایا نشان نہ ملا کسکی قسمت کا تھا اہل دربار و خود جناب عالی کو بہت اعتماد اپنپر رہا کہ کس باپ کے بیٹے ہین بڑے منتظم و خود رائے صاحب فہم ہونگے اسی خیال سے ہر سلطنت مین پوچھے گئے مگر بے نصیب ہے سبکو معلوم ہوا کہ یہ عالم بے عمل ہین اور بے نصیب مگر پابند شرع و ثقہ تھے وہ اپنے واسطے تھا چنانچہ عہد دولت حضرت جنت مکان مین پیشدست نواب امین الدولہ ہوے پہلی نیابت مین اونکے بعد کئی مہینے کے محلسرائے وزارت مین انتقال کیا باقر علیخان اصغر علیخان وغیرہ اونکے بیٹے تھے انمین سے کوئی نامور نہوا اب سب نے انتقال کیا۔

اوقات دربار جناب عالی تا مدت وزارت

کئی برس تک جب تک وزارت رہی ضبط اوقات و انتظام دربار اس صورت سے رہا کہ موافق معمول جنت آرامگاہ ہر صبح جناب عالی سوار ہوتے تھے مرشد زادۂ آفاق مرزا نصیر الدین حیدر خان نواب محسن الدولہ نواسے نواب کن الدولہ محمد حسن خان چھوٹے بھائی جناب عالی کے کہ یہ تینون ہم سن تھے اور چار پانچ صاحبان عالیشان صاحب

مثل کیورس صاحب ہوم صاحب صورڈاکٹر مگلوڈ صاحب وغیرہ جنکی تنخواہ تین ہزار اور دو ہزار سے کم نہ تھی اور کوئیان سرکاری رہنے کو اور شرف الدولہ مرزا محمد عباس بڑے بھائی نواب روشن الدولہ کے اور اردلی محمد غلامی کریم بیگ اجہ بنجادر سنگھ راجہ شیو دین سنگھ تا دلکشا یا اکثر پا رودیا کے گاڑی یا ہاتھی پر سوار ہوتے تھے گھوڑے پر بہت کم بعد دو ساعت کے مراجعت کرکے داخل کمرۂ فرح بخش ہوتے تھے کنار رہتا نذانگریزی کی سلامی ہوتی تھی جب بیٹھ چکتے تھے پہلے تینون صاحبزادے مذکور پھر بھائی نواب نصیر الدولہ کاظم علیخان جعفر علی خان حسین علی خان مہدی علی خان کلب علیخان وغیرہ اپنی کرسی کے پاس کھڑے ہوے جب اشارۂ ابرو ہوا سلام کرکے اپنی کرسی پر بیٹھ گئے صاحبان عالیشان پیش رو اوسکے بعد امرا حاضر ہوکر سلام کرکے جانب چپ بیٹھ جاتے تھے پشت پر حقہ پیچوان اور دو چنور بردار مورچھل لاتے تھے پہلوے چپ مین ڈاکٹر مگلوڈ صاحب جنسے فارسی مین گفتگو ہوتی تھی ایک گوشہ کمرہ مین ایک انگریز تپائی پر بیٹھکر مشک زیر بغل ہاتھ مین لے لیکر بجاتا تھا یہ آواز بھی قابل سننے کے ہوتی تھی اور کبھی اوسی گوشے مین رجب علی نصل علی قوال خیال گاتے تھے اور کبھی سہڑ دہائی جو دکن سے آکر پانسو روپیہ ماہواری کی ملازم ہوئی تھی صبح کے وقت نسیم سحر کے ساتھ اوسکا گانا + ای نسیم سحر آرام گہ یار کجاست + بسکو حالت محویت ہوجاتی تھی روبرو جناب عالی ایک آئینہ وسط میز پر رکھا جاتا تھا اوسپر ایک جھاڑ جسکے ہر پیالے مین مسالہ دھنیا الایچی وغیرہ خوشنمائی کے واسطے رکھا جاتا تھا اور اوس آئینہ دور میز کے کھانے پینے آپسمین بات کرنے کا احوال جناب عالی سب کا ملاحظہ فرماتے تھے گلدستہ بوقلمون میز پر لگائے جاتے تھے اطعمۂ لذیذۂ ہندوستانی انگریزی ہر قسم کے رکھے جاتے تھے باہر بارہ دری مین باندانگریزی بجتا تھا بعد اسکے مجرئی جو باہر لال پردے کے زین پوش پر اپنے بیٹھے تھے طلب ہوئے دو دو ایک ایک باری باری سامنے جاکر سلام کرتا تھا جناب عالی کبھی ہاتھ سے کبھی مہتال حقہ سے سلام لیتے تھے کبھی انتظام الدولہ کبھی انجم الدولہ یا راے امرت لال عرض بیگی یا شیخ فتح علی یہ بھی عرض بیگی تھے سلام کراتے تھے دس بجے یہ دربار برخاست ہوتا تھا جناب عالی داخل محلسرا ہوے یہ سب رخصت ہوکر

اپنے گھر آئے نواب صغر علیخان برابر انگریزون کے روبرو بیٹھتے تھے اور کبھی نواب قاسم علیخان پہلوے جناب عالی مین بیٹھتے اور یہ دونون صاحب باری باری کچھ ذکر اس خوش زبانی سے کرتے تھے کہ آدمی بے اختیار ہوجاتا تھا دریا مین دونون کنارے بجرے پنس چھوٹے بڑے اپنی اپنی آراستگی سے نشان سرخ سنہری روپہلی کھلے ہوے ماتھی ہر ایک پر وردی بانات پہنے طیار رہتے تھے اور آراستگی خاص کمرے کی گرد تصاویر گورنران سابق و حال و صاحبان کونسل جنکے فریم طلا و مرصع کار تھے نصب اور جھاڑ سفید الماس تراش اپنے مقام موزون پر نصب ہوتے تھے خلاصہ یہ سب کیفیت دربار مشاہدہ ہوچکی ہے نہ مضمون خیالی ہے کسواسطے کہ یہ مؤلف کتاب بھی قبل از زوالگی عنایات عالیات ۳ برس تک ملازم ہوکر زمرۂ مجرائیون مین حاضر ہوتا تھا روز شنبہ صاحب رزیڈنٹ جھالردار پالکی پر سوار اور باقی صاحبان اپنی اپنی پالکی پر سوار آتے تھے جلوس سواری مین کچھ تلنگے بلم بردار نقرہ اور چوبدار نقیب بولتا ہوا ساتھ ہوتا تھا بڑھاؤ عمر و دولت یا شیران بہادر زیر کو بھی فرح بخش سواری سے اوترتے تھے جناب عالی لب فرش آتے تھے بغلگیر ہوکر ہاتھ مین ہاتھ دیکر کرسی پر بیٹھتے تھے بڑے صاحب کا حقہ اور سب صاحبون کا حقہ پیجوان ہوتا تھا اوسدن کرسی نشین خاص رہجاتے تھے بسبب عدم گنجایش کمرے کے اور مجرئی بھی باریاب سلام ہوتے تھے سہ شنبہ کو جناب عالی بڑے صاحب کی کوٹھی جاتے تھے یہی صورت ملاقات دہان بھی ہوتی تھی بعد چاے پانی کے کمرے مین علیحدہ خلوت ہوتی تھی جو بالمشافہہ کہنا ہوا بیان کیا جاتا تھا جب بادشاہ ہوے فقط بڑے صاحب کا حقہ رہا کسواسطے کہ بمنزلۂ نواب گورنر جنرل بہادر تھے اور سب کا حقہ موقوف ہوا وقت رخصت جناب عالی اپنے ہاتھ سے عطر دیتے تھے بڑے صاحب بھی اوسی صورت سے جناب عالی جب تشریف لیجاتے تھے بسواری بوجہ وقت مراجعت گاڑی چہار اسپہ جس شب بڑا کھانا ہوتا تھا روشنی آتشبازی بہت تکلف سے ہوتی تھی اوسدن گوٹے کا ہار سب کو ملتا تھا علی قدر جب جلسۂ شراب بعد کھانے کے ہوتا تھا حسب دستور بڑے صاحب تعظیماً اوٹھکر شراب ہر ایک کی سلامتی کی پیتے تھے بعد سلامتی بادشاہ لندن بادشاہ کی بھی سلامتی کی پی جاتی تھی سب کے سامنے ایک ایک بوتل اور چھوٹا گلاس رکھا جاتا تھا۔

بعد اسکے جناب عالی داخل مجلس ہوکر تبدیل پوشاک کرتے تھے اوسوقت اشخاص خاص مثل مرزا حاجی نواب روشن الدولہ شرف الدولہ مرزا محمد عباس مرزا علیخان علی محمد خان میر ابوالقاسم خان کنار دریا زیر دیوار کرسی پر آپ بیٹھتے تھے شطرنجی پر یہ سب مصاحب وقت خاصۂ طعام بھی خواص ہوتے تھے مگر ہر پنجشنبہ کو دسترخوان بارہ دری مین ہوا کرتا تھا اوسمین سب کرسی نشین ہوتے تھے سوائے انگریزون کے اور اکثر دسترخوان درگاہ حضرت عباس علیہ السلام مین ہوتا تھا اور اکثر خود بھی زیارت کو جاتے تھے آرائشگی بھی بہت خوب کی تھی جلو خانہ بہت وسیع بنوایا منظور رہا کہ اولاد نواب محبت خان جو پہلوے درگاہ رہتے ہین یہ سب وزیر باغ جو قریب ہے اوسمین جاکر رہین اور اکثر محرم مین فساد ہوا کرتا ہے جاتا ہوجاتا ہے اور اس جگہ عباس گنج آباد کیا جاے اولاد نواب محبت خان نے نواب معتمد الدولہ سے عرض حال کیا نواب نے جناب عالی کو کچھ سمجھا کر اس تجویز کو برہم کر دیا۔

خلاصہ یہ ضبط انتظام دربار اور ملاحظہ کا غذو غیرہ لوازمات ریاست کئی برس تک بڑی شان وشوکت سے رہا جب نواب معتمد الدولہ کا تسلط تمام سب طرف سے ہوا اور جناب عالی مرتکب شرب بنسیات ہوے فقط انکی فہمایش سے کہ آپنے قسم حضرت عباسؑ کی کھائی ہے غلام نبی خاطمہ ہے اسکا مظلمہ غلام کے ذمہ ہوگا نوشجان فرمایا کیجیے بس جناب عالی بھی انکے کہنے سے غافل ہوگئے انجام کار کو نہ سمجھے اسکے بعد تغیر مزاج ایسا ہوگیا تھا کہ لوگ سلام کرنے سے خائف ہوتے تھے اور جس معتوب کو نواب نے داخل سوات عرض کردیا جناب عالی نے کبھی آہ مین اوسے دیکھا کہ پھانکر بلایا اور نواب سے کہا کہ یہ تو جیتا ہے تم کہتے تھے مرگیا عرض کی کہ حضور ہم اپنی چشم بشری سے نہین دیکھ سکتے حضور کی چشم مبارک البتہ عالم ارواح کو دیکھ سکتی ہے حاضرین بھی انکے خوف سے یہی عرض کرتے تھے اس غفلت سے انکا تسلط واختیار یوماً فیوماً ترقی پر ہوتا تھا۔

بنائے تعمیر کربلاے میر خدا بخش

میر خدا بخش رفیق قدیم محمد آفرین علیخان بندۂ اونکے بیٹے کے مشہور تھے انھین تعصب خلوند مذہب اثنا عشریہ ازحد تھا مگر اوسکا رفتار وچلن اس ثروت دنیا مین بھی اس سلامت روی سے رہا

لباس دربار ہندوستانی بوضع قدیم جامہ پہنتے تھے سفید پوشش کے میانے مین سوار ہوتے تھے سواری مین فقط ایک یا دو میواتی ساتھ ہوتے تھے مگر انکے گھر کا دربار شل وزرا کے تھا جتنے اہلکار سرکار اور متوسلین معتمد الدولہ تھے سب حاضر ہوتے تھے چنانچہ سبحان علیخان تاج الدین حسین خان وغیرہ کا اول نمبر ہوتا تھا مگر میر صاحب سے اور نواب معتمد الدولہ سے بسبب نیلام خانہ وعرائض دینے مستغیثان شہر کے عداوت قلبی ہوگئی تھی محرم مین تعزیہ داری بہت زور وشور سے نہ بمقابلہ الفاظ جہال سے کی تھی روز عشرۂ محرم قریب کربلا کشت وخون بھی ہوا تھا اسی جہت سے ایک پلٹن بخیب بحکم سرکار نوکر رکھی تھی جسمین سب شیعہ مذہب بھرتی ہوے تھے محمد الماس علیخان کی کربلاے قدیم مین ایک انکی بیٹی خرد سال دفن ہوئی تھی اوسکے صحن مین بہت چھوٹی مسجد قناتی بنوادی تھی عشرے مین وہین نماز واعمال عاشورہ کیا کرتے تھے ایسے اعمال کے بڑھنے مین انھین خیال آیا کہ لکھنؤ مین کربلائین کئی برائے نام ہین کسی نے شبیہ اصل کربلا کے مطابق نہین بنوائی مین اگر بنواؤن تو بہت خوب ہی اگر اسی کربلا مین بنواؤن تو مال ملک غیر ہی اگر اسکے آگے میدان وسیع مین بنا ہوا اچھا نہین اسی سوچ اور تصور مین باہر دروازے تک آئے قریب دروازہ ایک باغ دیکھا اوسے پسند کیا لوگون نے کہا یہ چھاؤنی پلٹن حسن علی کپتان ہی جب دربار مین کپتان آئے اونسے زمین اس مقام خاص کیواسطے طلب کی وہ بھی خدائے نام امام حسین علیہ السلام تھے عرض کی حاضر ہی غرض تیسرے روز بخیہ کپتان سے میر صاحب نے لی اور ۱۳ شہر رجب ۱۲۳۲ھ سے معرفت میر صادق علی نائب بناے تعمیر شروع ہوئی محرم تک سب طیار ہوگئی شبیہ عجیب اور تعمیر جدید ایمانی سمجھکر خلقت شہر جمع ہونے لگی اور نذر نیاز مجالس شروع ہوئی اکثر امرا اور شاہزادے مع عیال آکر رہے شب جمعہ و روز جمعہ کو خاص مجالس ہونے لگین میر صاحب کو منظور ہوا کہ جناب عالی سے اسکے مصارف کیواسطے کئی گانون معاف کروا لیجیے اور حسینی پلٹن کی چھاؤنی بھی اسی کے قریب ہو پس اسی تصورات مین اونکی ثروت کا خاتمہ ہوا نیز اقبال نواب معتمد الدولہ جو منکسف اعمال ہوگیا تھا افق حسی سے پھر طالع ہوکر درجۂ کمال پہ آیا مگر یہ روضۂ مقدسہ الحمد للہ کہ آج تک مقبول خاص وعام ہی ہر چند اسکے

مٹانے کی بہت سی تدبیریں ہوئیں مگر کچھ نہوا اور زائرین خاص کو اسکی قدر و منزلت زیادہ ہی۔

نواب معتمد الدولہ کا پھر نائب ہونا محمد آفرین علیخان کا معطل ہو کر خانہ نشین ہونا میر خدا بخش کا دھرا جانا

نواب معتمد الدولہ معتوب جناب عالی ایک برس کئی مہینے تک اپنے گھر مین قید رہے اس عرصہ مین شعلۂ عتاب طبع اقدس سے فی الجملہ گھٹا اور نواب نے اپنی جودو ہمت سے خانہ نشینی مین بہت سے طریق رہائی کے نکالے اہلکار دربار انکے دینے لینے سے بہت خوش تھے اور جہانگیر صہ کی کم ہمتی اور جزرسی سے دلتنگ نیش عقرب حریف جو غنا دکلی و مخالفت رکھتے تھے آپسمین کہتے تھے کہ یہ فتنہ خوابیدہ ہی ایکدن یہ جب خواب غفلت سے چونکے گا پھر اسکا سلانا مشکل پڑیگا بس اسے مار آستین سمجھنا چاہیے لہذا بہتر یہ ہی کہ اسے مع عیال قلعۂ جلال آباد مین بھجوانا چاہیے بظاہر دور رکھنا اچھا ہی اگرچہ گوشۂ خاطر جناب عالی سے قریب ہو چنانچہ کئی مہینے تک گاڑی چھکڑے بار برداری کے نواب کے دوانے پر رہے اور حکم بھی متواتر قلعہ جانے کا پہونچا اسی مدت خانہ نشینی مین آغا علیخان بڑے بیٹے کا فتنہ بھی کیا درگاہ مین بڑی دھوم سے بھیجا مگر لطائف الحیل مین رہے اوسوقت کے اہلکاران کو کانپور بھیجنے کا خیال نہ آیا کہ اہل ملک سرکار سے ملک غیر مین چلے جاتے یہ امر معتمد الدولہ پر منحصر تھا خلاصہ ایکدن بحکم سرکار حسن علی کپتان نواب کے پاس آئے تبلیغ حکم سرکار کیا نواب خورد محل کے دروازے پر آکر کھڑے ہوے حکم سرکار سنکر کہا کہ جناب عالی سے عرض کرکہ میرا جانا مع عیال کبھی نہوگا جبتک کہ طوق و زنجیر سادات مجوسین کے واسطے اور کئی اونٹ بے کجاوہ و محمل عورات پردہ نشین کیواسطے نہ آئین گے شام تک میرا جانا اور اگر یہ پیام نہ پہونچایا تو یہ تلوار مجھسے لو میرا سر کاٹ کر لیجاؤ مجھے یہی بڑا خلعت ملے گا کپتان یہ تقریر سنکر لرزہ باندام ہوا اور جناب عالی سے مشروحاً جا کر عرض کیا فرمایا کسنے اخراج بلد کا حکم دیا ہی اوسی وقت داروغہ غلام حسین کو حکم ہوا تم جاؤ اور اپنی آنکھ سے اونکا احوال دیکھکر مجھسے بیان کرو غلام حسین نواب سے بہت موافق تھا نواب کے پاس ہو کر خوب مون مرچین لگا تیز و تند کرکے عرض حال کیا بس اسی حسن خدمت سے غلام حسین کی ترقی

جاہ دنیا ہوئی اودھر نواب نے فیض النسا خلافی اور علیمہ بادشاہ بیگم صاحبہ کو اپنا مادر مہربان قرار دیا تھا بیگم صاحب نے جنابعالی سے کہا کہ یہ قید سادات کیواسطے نہ چاہیے کچھ خوف اونکے جد امجد کا نہیں ہے اور بالفرض اگر وہ تمھارا معتوب ہو نائب مرشدزادہ ہو منیب کا تو وہ معتوب نہیں ہے لہذا اوسے حکم ہو کہ وہ اپنے منیب پاس آکر حاضر ہو غرض باجازت نواب حاضر دولت جناب بیگم صاحبہ ہوے مرشدزادے نے خلعت دوشالہ رومال دیا ہر روز جانے لگے شہر میں غلغلہ ہوا وہ چھوٹے وہ چھوٹے اب مخالفین مقرب جنابعالی کو خوف ہوا اور ہوشیار ہوگئے اور یقین اونکی نیابت کا ہوگیا اور اپنے اوپر آفت آنیکا اور بیگم صاحبہ کو بسبب نواب مبارک محل کے مرزا حاجی سے صورت خلاف ہوگئی مگر تعجب نواب کے فہم و فراست سے ہوتا ہے کہ اونھوں نے اپنی محسنہ سے حق خدمت کیا خوب ادا کیا فاتمام آیا۔

جنابعالی نے نواب گورنر جنرل بہادر کو لکھا کہ میں نے چند روز کیواسطے ازراہ چشم نمائی نواب کو نظر بند کیا تھا اب میں اوسے بلوا کر پھر نیابت پر بحال کرتا ہوں کہ وہ میرا رفیق قدیم مزاج دان ہے حسب المقصود جواب آیا کہ آپ کو ان امور میں اختیار ہے مگر کئی مہینے میں یہ مرحلہ بھی طے ہوا۔

خلاصہ بعد اسکے نواب حاضر حضور ہوے بدستور خلعت نیابت پایا محمد آفرین علی خان و مرزا حاجی کی مصاحبت ٹھنڈی ہوئی یہ دونوں پایۂ معاسبہ میں دھرے گئے راجہ دیا کرشن بھی قید سے چھوٹے اپنے سرشتے پر بحال ہوے ان دونوں صاحبوں پر لاکھوں روپے جوڑ کر نکالے محمد آفرین علیخان کی ساری آفت اودۂ ضعیف میر خدا بخش پر آئی اشد مصائب سے قید ہوے میاں صاحب شور صاحب کی چٹھی سے باعزت اپنے گھر میں ہے انکا وکیل صاحب رزیڈنٹ کے پاس حاضر ہونے لگا بعد کئی مہینے کے میاں نے انتقال کیا کربلاے میر خدا بخش کے رواق میں دفن ہوے ضبطی اسباب خانہ ہوئی آٹھ لاکھ روپیہ نقد باقی اسباب خانہ جاگیر بڈو سرا ضبط سرکار ہوئی مرزا محمد تقی خان بسبب ملاقات قدیم باجازت جنابعالی ہر روز خانہ نشینی میں بھی جاتے تھے اور تشیع جنازہ میں ساتھ تھے تا وقت دفن اور جبتک نواب معتمد الدولہ کے پاس اپنی وضعداری سے نہ گئے۔

راجہ بختاور سنگھ بھی جنازے کے ساتھ بحکم سرکار آئے تھے بعد دفن اہلکاران مرحوم کو مع میر خدا بخش اپنے ساتھ لیگئے میر خدا بخش کو دلکشا مقید کرکے بھیجا کئی دن تک کچھ خبر نہ پائی نمک عداوت سے دی افیون کھاتے تھے فرق کیا آخر بہزار خرابی بحمایت صاحب رزیڈنٹ قید سے نجات ملی صاحب کے دربار میں اکثر حاضر ہوتے تھے ڈالی میوہ تر و خشک کی ہر روز بڑے صاحب اور چھوٹے صاحب کو بھیجا کرتے تھے کئی برس تک یہ صورت رہی عملۂ رزیڈنسی کو بھی موافق کرلیا تھا لیکن شمس محمد تحسین علیخان انکا وثیقہ خزانہ رزیڈنسی سے جاری نہوا فقط تنخواہ خزانۂ جنابعالی سے ہوئی تھی اوسے بے ثبات سمجھکر قبول نہ کیا اپنا نقصان کیا اور جن صاحبون کے پاس روپیہ امانت تھا کچھ ملا باقی نہ ملا اور نہ یہ اوسکی نالش کرسکے جب اعتماد الدولہ نائب ہوے اونھین اپنا نائب کرنا منظور تھا جس صبح کو خلعت نیابت کی امید تھی رات کو انتقال کیا میان کے پہلو اپنی کربلا مین دفن ہوے حکایت مرزا حاجی اپنے مقام پر آئیگی۔

خلاصہ نواب معتمد الدولہ کا تسلط تمام ہوا انکا نیر اعظم اوج شرف پر طالع ہوا اہلکاران سرکار نے جسنے ستراہی کی یا انھین کسی طرح کا اوس سے شبہہ ہوا درک اسفل کو گیا کانپور یا فرخ آباد بھیجا گیا چنانچہ کلکتے مین اخبار مین چھپا کہ یہ دونون مقام رشک نیکوان عمے اور جنسے مطمئن تھے خدمات عالیات دی حاضر حضور رکھا شمس نواب وشن الدولہ صمصام الدولہ مرزا حجو مرزا علیخان علی محمد خان مرزا شاہ میر خان مفتی محمد خلیل الدین خان میر ابو القاسم خان انکے سوا سب طرف سے رخنہ بندی انجار کی سبحان علیخان تاج الدین حسین خان مہران کو نسل ہوے فقیر محمد خان مینڈو خان سالدارون کو سوا ے رسالہ کے نظامت ملک بھی دی جب سب طرف سے مطمئن ہوے اب فکرہاے دور دراز کے خیال مین پڑے انتظام الدولہ مظفر علیخان سے بوجوہ عداوت قلبی ہوگئی تھی اہتمام دیوانخانہ سے موقوف ہوکر خانہ نشین ہوے بلکہ ایک دفعہ کسی رنڈی کی جہت سے فقط نواب کی سرزنش سے سیتی بیگم صاحبزادی نواب شجاع الدولہ نے چند سپاہیون سے انکا گھر گھیر لیا اور چاہتی تھین اوس عورت کو انکے گھر سے نکال لیجائین یہ مع اپنے رفقا کے مستعد بمرگ ہوے آخر کو خدا نے انکی عزت رکھی وہ خجل ہوکر چلی گئین داروغہ دیوانخانہ راے امرت لال عرض بیگی ہوے اوس سے نواب مطمئن تھے وہ بھی سب سے قابلیت رکھتا تھا مرزا قتیل کا شاگرد رشید تھا

متعلقہ صفحہ ۳۴ جلد اول

راجہ لعرت لال عرض بیگی



سبب بادشاہت کے ہونے کا

اگر سب احوال بادشاہ ہونے کا لکھا جاے جو صاحبان صدر سے اس باب خاص مین ہتو آتے تحریر فرمین سے ہوئی بہت طول وفضول ہو مگر مختصر حال یہ ہے کہ جب نواب گورنر جنرل لارڈ مایرا صاحب بہادر شاہجہان آباد تشریف لیگئے منظور خاطر یہ ہوا کہ جب دربار محمد اکبر شاہ مین بادشاہ مجھے کرسی عنایت فرمائین مین اس جلد دمین کچھ بادشاہ کی خدمت کرون اون نون بادشاہ کا مہتمم کاروبار ایک شخص کوڑا شاہ نامے تھا اوسنے اور اور اشخاص سے بادشاہ کو رضامند کیا تھا مگر جب بادشاہ کی مان نے بہت طعن وتشنیع کی قبول نہ کیا نواب گورنر جنرل نے کنارہ دریا جمنے مین دربار عام کیا جتنے امرا راجہ صاحب جاگیر تھے حاضر ہوے نذروی نواب گورنر جنرل فرخ آباد آئے مگر بہت ملال خاطر ہوا کہ باوجود اس ہمارے تسلط تام ہندوستان کے کہ ہم تاج بخش ہین جسے چاہین تخت سلطنت پر بٹھادین بادشاہ نے محض اپنے نخوت کو بہم خود غلط سے نہ مانا۔

الغرض نواب گورنر جنرل کو یہ فکر ہوئی کہ جو ریئس ہو روئی ہندوستان مین عالیخاندان ہو اوسے اپنی قوت حکومت سے بادشاہ اوسکے ملک کا کردیجیے کہ موجب عبرت بادشاہ ہو اور یہ امر جدید نہین جونپور قنوج وغیرہ مین اکثر بادشاہ ملک قلیل مین گذرے ہین پس میزان عقل مین کوئی خاندان عالیشان حسبًا و نسبًا سواے وزراے اودھ کے نہ ٹھہرا یعنے انکے بزرگ ولایت ایران مین بزور شمشیر بادشاہ ہو چکے ہین کہ اولاد شاہ بداغ ترکمان سے ہین ہر طرحسے فوقیت ہو مگر از خود محرک ہونا بدنامی ظاہری ہو چنانچہ پہلے نواب گورنر جنرل نے ازراہ کمال خلوص محبت ایک تمغا دوشیر ہاتھون مین نشان لیے بھیجا کہ مثل دستور ہماری ولایت کے آپ بھی اس تمغے کو پسند کرکے اپنی ہر چیز پر نصب کیجیے جنابعالی نے اسے بطیب خاطر قبول کیا اور اصل تمغاے خاندانی مچھلی کو اوسکے وسط مین کیا اور پھر اجازت فہوائی چاہی کہ ہم اس تمغے کو چاہتے ہین کہ اپنے شہر کے روپلی پر بھی مسکوک کرین اسکا جواب باصواب آیا کہ آپکو اپنے ممالک محروسہ مین من جمیع الوجوہ اختیار ہو ہماری سرکار کو کسی طرح اوسمین مداخلت منظور نہین پس یہ اول بناے بادشاہت ہوئی

نواب معتمد الدولہ اور مقربان خاص اس اصرار و مرضی دلی صاحبان صدر سے بموجب تحریر سفیر سرکار یعنے مولوی محمد خلیل الدین خان واقف ہو چکے تھے متمنی بادشاہت ہوے کہ اگر جنا بعالی بادشاہ ہوے تو وزیر اعظم خواہ نخواہ نواب ہین اسی باب مین نواب گورنر جنرل نے صاحبان کورٹ آف ڈائرکٹرس کو لکھا کہ جنا بعالی خطاب بادشاہت کے متمنی ہین اور اپنا سکہ تمغا اپنے ممالک محروسہ مین جاری کرین وہان سے بھی حسب المطلوب جواب آیا کہ سرکار کمپنی انگریز بہادر کو کسی طرح مداخلت منظور نہین اور نہین اپنے ملک مین اختیار ہے اور ہندوستان مین آگے بھی بہت بادشاہ اپنے اپنے ملک مین ہوے ہین کچھ مقام استعجاب نہین بعد اسکے سرکار وہ التماس نے اپنی رفع بدنامی کیواسطے ایک اشتہار چھپوا کر مشہور خاص و عام کیا۔

ایکدن جنا بعالی نے ازراہ مشورت ظفر الدولہ کپتان فتح علیخان سے باب بادشاہت مین پوچھا کہ تمھارے نزدیک یہ امر کیسا ہے پہلے انھون نے عذر کیا جب اصرار زیادہ فرمایا عرض کی کہ اس خاندان کیواسطے شاہجہان آباد مین جیسا مشہور ہے حضور خوب جانتے ہین اور زیادہ مشہور ہوگا فرمایا مین تمھین صاحب فہم جانتا تھا مگر تم سنو میرے اور بھائی بھی ہین اگر وہ اس سے کمتر پر گورنمنٹ سے راضی ہو جائین تو یہ وزارت بھی مجھسے جاتی رہیگی اس جہت سے مجھے چار و ناچار قبول کرنا پڑا اور جو تم کہتے ہو ظاہر ہے مین بھی جانتا ہون۔

حقیقت جلوس وزیر

از روے نوشتہ لکھنؤ پنجشنبہ ۲۱۔ ماہ اکتوبر ۱۸۱۹ء از چند ماہ شہرت داشت کہ وزیر را آرزوے خطاب بادشاہت ست درصورتیکہ اجازت وحکم صاحبان عالیشان وہیچ ممانعت درین امر نشود و این ارادہ ایشان محض از تلون مزاج و تکبر و ناعاقبت اندیشی و تصور خوائد خود و متعلقان و جانشین خود کہ پائداری و قیام خواہد بود دیگر آنکہ از قلم و خود سوے ایشان دیگری مداخلت امر و نہی نبودہ باشد چنانچہ صاحبان عالیشان اجازت دادند کہ نواب وزیر الممالک مالک مختار ملک خود ست ہر چہ خواستہ باشد کند ما را مزاحمت نیست۔

خلاصہ جان منٹن صاحب رزیڈنٹ بہادر لکھنؤ مین تھے ۱۸ تاریخ ماہ ذیحجہ ۱۲۳۵ھ روز شنبہ مطابق ۱۸۱۸ء یوم عید غدیر مذہب اثنا عشریہ جنا بعالی نواب وزیر الممالک پایہ وزارت

آبائے کرام سے تخت نشین بادشاہت ہوے خطاب شاہی ابوالمظفر معزالدین شاہ زمن غازی الدین حیدر بادشاہ غازی مشہور ہوا کرور روپیہ خزانۂ اندوختہ جنت آرامگاہ سے طیار رہی تخت وسامان شاہی واسباب جلوس مین صرف ہوا سب عزیز واقربا ارکان دولت اہلکار ان رزیڈنسی نے خلعت فاخرہ وبیش قیمت پائے نواب معتمد الدولہ نے خطاب وزیر اعظم پایا سبحان علیخان نے سکۂ شاہی گذرانا پانچہزار روپیہ انعام ملا سکہ زد بسیم وزر از فضل رب دالمنن ۔ غازی الدین حیدر عالی نسب شاہ زمن ۔ روز جلوس صاحب رزیڈنٹ بڑے جلوس سے لباس ہندوستانی جامہ پہنے جوڑیدار پگڑی سر پر مغرق جیغہ سرپیچ گوشوارے جمالدار پالکی مین سوار اور مصاحبان خاص بھی لباس ہندوستانی پر تکلف سے آئے ۔

غرض یوما فیوما بخت ہمایون فال وزیر اعظم دستور معظم اوج شرف اقبال پر طالع ہوا اور خس و خاشاک اپنے دشمنون سے دربار صاف کیا اور اپنے رفیق ورفقاء خیر خواہ پر مزید لطف وعنایات ازحد کی اور نواب کی سیر چشمی وبلند ہمت سے تمام عملۂ رزیڈنسی اور عملہ صدر کلکتہ بھی مالامال ہوگیا اور باطن مین نواب کی رفتار بد کو نسبت اپنے آقا کے خوب سمجھے ہوے تھے ۔

بعد جلوس ایکدن میر منشی باقر علیخان حسب الحکم صاحب رزیڈنٹ مرزا سلیمان شکوہ شاہزادے کے پاس گئے عرض کی آپکو حکم صاحب رزیڈنٹ یہ ہے کہ نواب غازی الدین حیدر بحکم صاحبان صدر بادشاہ ہوے لہذا آپکو مناسب یہ ہے کہ اونسے ملاقات برادرانہ کیجیے وہ خود پہلے آپ کے گھر آوینگے پہلے سبقت سلام آپ سے وہ کرینگے آپ اونکا استقبال کیجیے گا کشتیان حسب دستور بھیجے گا یہ سنکر فرمایا بہت اچھا جب اونسے ملاقات کرونگا اسی طرح پیش آونگا جب یہ پیام صاحب رزیڈنٹ نے سنا پھر اوسی وقت میر منشی آئے عرض کی صاحب کہتے ہین کہ آپ کے اس کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ کبھی از خود آپ ملاقات نکرینگے وکل ضرور آوینگے مناسب ہے کہ آپ اپنے باغ سے دولتسرا مین تشریف لیجایئے غرض چاروناچار عزیمت باغ نمود ۔ شہزادے کو اس امر سے منتہاے صدمہ ہوا مرزا کام بخش انکے بیٹے بہت ہوشیار تھے باپکو سمجھا کر ایک صورت نکالی کہ دوسرے دن حضرت شاہی مع صاحب رزیڈنٹ وارکان دولت بڑے تجمل سے تشریف لائے شہزادے کے مکان خلوت کے آگے دورویہ انکے ملازمین

صف بستہ کھڑے ہوے تھے بمجرد سواری سے اوترنے کے شہزادے مکان خلوت سے برآمد ہوے باہتمام شاہی موافق معمول کے چلمن اٹھی بادشاہ نے بسعادت سلام کی شاہزادے نے ایک ہاتھ اٹھایا دوسرا صاحب رزیڈنٹ کا اپنے ہاتھ مین لیکر اور داخل کمرہ ہوکر دنگل پر بیٹھے صاحب رزیڈنٹ کرسی پر بیٹھے شاہزادے نے صاحب سے فرمایا بس ہمنے سرکار کمپنی کی خوشی کردی لیکن اب مین بہت متفکر ہون کہ محل مین ایک بی بی کی بسبب اسقاط حمل نوبت ہلاکت پہونچی ہے غالب ہوکہ تمام ہوگئی ہو یہ فرماکر اوٹھ کھڑے ہوے کشتیان سامنے آئین بادشاہ نے ایک دوشالی اپنے ہاتھ سے اوٹھالیا صحبت برخاست ہوئی اوسی اہتمام سے داخل مقام خاص ہوے مگر یہ کیفیت ملاقات بے لطفی کی سبب پر کھل گئی لیکن جب شادی حضرت خلد منزل سے شاہزادے کی بیٹی سے ہوئی پھر ملاقات برادرانہ بہت خصوصیت سے ہوئی زمانی مرزا حیدر شکوہ شاہزادہ اسیر بلی گارد تک ۔

بعد تخت نشینی کے کئی مہینے تک صاحب رزیڈنٹ سے ملاقات معمولی نہوئی فقط وزیر اعظم نواب معتمد الدولہ بضرورت جایا کرتے تھے اور منظور تھا کہ مثل دستور دربار بادشاہ دہلی طریق صاحب رزیڈنٹ قائم مقام جانشین نواب گورنر جنرل بہادر ہوا کرے ہر ایک طرفین سے اسی باب مین تحریر رہی آخر بعد گفت وشنید بنا یہ ٹھہری کہ بروقت جلوس تخت فقط صاحب رزیڈنٹ زیر تخت کرسی نشین رہینگے باقی اور صاحبان مع ملازمین انگریز اور میم صاحبات جو اوسوقت آئینگے تعظیماً ازراہ آداب کھڑے رہینگے اور وقت چاے پانی اور بٹے کھانے مین حقہ پیچوان صاحب رزیڈنٹ فقط رہیگا اور کوئی صاحب حقہ نہ پیے گا اکل و شرب مین بدستور رہینگے مصاحبان انگریز نذر بھی دینگے خلعت بھی پہنینگے ۔

سوانحات نواب وزیر الممالک بہادر

دستور معظم وزیر الممالک نواب معتمد الدولہ نے اپنی حسن تدبیر سے بعد رخنہ بندی اندرونی و بیرونی تسلط تام مزاج اقدس پر ہوا ہر چند بادشاہ اکثر اپنے مصاحبان کے آگے نواب سے ارشاد کیا کرتے تھے کہ خداوند امین ہرگز گوارا کسیکا ظلم نہین کرتا یہ شخص بنی فاطمہ ہے اسے اخت یا رویا ہے اگر کوئی امر خلاف عدل و انصاف سرزد ہوا وسکا مشغول الذمہ یہ ہے

نواب عرض کرتے تھے غلام بھی کسی پر ظلم نہین چاہتا یہ جواب معلوم نہین کس دل سے بیان کرتے تھے بادشاہ نے فقط انکے اعتماد پر امور سلطنت کو محول کیا تھا اور بسبب کثرت استعمال منیات کے غلبۂ غفلت زیادہ ہوگیا تھا جب عقل زائل ہوجائیگی انسان مجبور ہوجائیگا ضبط ہر شی کا بہتر ہوتا ہی اب شہر مین بھی کثرت جعل و فریب و بٹور بندی نمامی صورت نفاق کھلکر ہونے لگی اور ہر چھوٹی سرکارین بھی یہ صورت ہونے لگی چنانچہ پہلے بناے فساد و آتش افروزی جناب بادشاہ بیگم صاحبہ سے شروع ہوئی جو انکی محسنہ اور بانی مبانی طلب ہوئی تھین میر فضل علی جنھین بھائی جانتے تھے عداوت برادران یوسف پیدا ہوئی فیض النسا مغلانی بیگم صاحبہ جسے مادر مہربان کہتے تھے اوس سے دشمنی از حد ہوئی صاحب عالم مرشد زادۂ آفاق مرزا نصیر الدین حیدر دربار شاہی سے محروم ہوے جاگیر سلون بیگم صاحبہ جو باتصواب نواب گورنر جنرل بفرمان دی گئی تھی ضبط ہوئی سادات وہان کے جو کسی ظلم و تعدی سے سرکارین آکر مستغیث ہوے اونکی شنوائی نہوئی مرزا لفو کا جوان بٹیا یعنے بھتیجا بیگم صاحبہ کا فساد محرم سے کربلا مین مارا گیا اوسکا تدارک کچھ نہوا نواب مبارک محل کی سواری مین ڈنکا ماہی مراتب جلوس سواری کا حکم دیا دس ہزار روپیہ ماہیہ مقرر کردیا اکثر ملازم بیگم صاحبہ و صاحب عالم کسی حیلہ فریب و جعل سے قید ہوے مارے گئے یا شہر سے نکالے گئے تیسرا محل و لاتیں محل ڈاکٹر شارٹ کی بیٹی کا ہوا چوتھا ممتاز محل سرفراز محل اور بہت سی اسامیان ہموا جب بیس قرار سپر دمحل نواب مبارک محل ولاتیں محل ہوئین پس جسقدر ترقی عیش و عشرت ہونے لگی غفلت بڑھی نواب کی بن پڑی مرزا فرید دن بخت عرف منّا جان جب پیدا ہوے افضل محل اسامی سے اوسے بچۂ گاذرنی مشہور کردیا اسکا قصہ منشی عبد الاحد رڈینٹی نے تواریخ بادشاہ بیگم مین بحکم کپتان شکسپیر صاحب کے لکھا ہی۔

ایک امر تازہ یہ طرفہ تر ہوا کہ نواب محسن الدولہ بہادر نواسے دل و جان بیگم صاحبہ تھے جب مسماۃ پوتی بیگم صاحبہ نے انتقال کیا دونون نواسیان اور ایک نواسہ کہ بہت صغیر سن تھے بعد ایام چہلم اپنے گھر لاکر پرورش کیا بہ ازاد مہربان تھین انکو جدا کردیا اوسکی صورت یہ ہوئی کہ شیخ امام بخش ناسخ شاعر ہندی بڑے مقرب ہوگئے تھے اور اکثر مقدمات کو انکو

کامل العقل و صاحب فنون سمجھکر کہلا بھیجتے تھے کہ این کار از تو آید و انور علی بیگ آخون نواب محسن الدولہ کو انسے خصوصیت تام تھی انکو بہ انگیختہ کیا نواب محسن الدولہ داروغہ میر فضل علی کی اکثر شکایت نادہندی انعام اور اشیاے خرید کی کیا کرتے تھے یہ سمجھاتے تھے کہ آپ اپنے نانا سے کہکر علیحدہ ہو جایئے نواب کی تکلیف مصارف سب جاتی رہی نواب معتمد الدولہ جب نواب محسن الدولہ کی خدم التفات بیگم صاحبہ بنسبت انکے بادشاہ سے عرض کرتے تھے بہت استجاب ہوتا تھا آخر ایکدن نواب محسن الدولہ نے بادشاہ سے عرض کیا کہ مجھے محل مین رہنے سے تکلیف ہوتی ہے امیدوار ہون حضور کے زیر قدم رہا کرون یہ سنکر صداقت کلام کا ذہن مرتکز خاطر مبارک ہوئی نوابصاحب سے فرمایا تم انھین رکھو نواب نے نیلم والی کوٹھی قریب بیلی گارد دی جلوس سواری اور سارا سامان لوازمہ خاطر خواہ درست کر دیا بیگم صاحبہ کو انکی مفارقت کا بڑا صدمہ ہوا مجبور تھین دشمن کے ہاتھ سے ایکدن نواب محسن الدولہ نے کسی سے سات روپے کے کبوتر مول لیے تھے داروغہ میر فضل علی سے دلوائے انھون نے دو تین دن ندیے اوس شخص نے پھر تقاضا کیا نواب نے داروغہ سے کہا انھون نے جواب تلخ دیا نواب نے آخون صاحب سے یہ احوال کہا اونھون نے کہا ہم آپکو اسلیے سمجھاتے ہین کہ آپ کیون اتنی تکلیف اوٹھاتے ہین اپنے نانا سے عرض کیجیے کہ یہ ساری تکلیف جاتی رہیگی یہ احوال زبانی میر فضل مرحوم لکھا جو شیخ صاحب کے بڑے دوست تھے خلاصہ نواب نے چاہا اس جلدوے حسن خدمت مین شیخ صاحب سے سلوک کیجیے انھون نے اپنے استغنا سے کہا مین مرد فقیر ہون کچھ مجھے طمع دنیا نہین مگر مرزائی صاحب کو بجاے میرے جو مناسب ہو سلوک فرمایئے اس جہت سے نواب نے داروغہ نواب محسن الدولہ کیا دو سو روپے ماہوار مقرر ہوا شیخ صاحب کو سو روپے خانہ نشینی مین ملتے تھے دربار ظاہری جانیکا عذر کیا تھا مگر اور حکم احکام جب ایسے مالا ینحل آتے تھے اوسکی بجا آوری تہ دل سے کرتے تھے دربار سے انکار کیا ایک وجہ خاص یہ تھی کہ کل مین مقرب مرزا حاجی تھا بنظر خلائق انکے دربار جانے سے کیا ٹھہرونگا مطلب لی تو ہر صورت سے بلکہ فی الجملہ ایک وقار سے حاصل رہے۔

آخون صاحب اس حسن خدمت اور اپنی کارسازی آتش افروزی سے شادی مرگ ہو گئے تھے ایکدن نواب محسن الدولہ کی خواصی مین چلے جاتے تھے اتفاقاً نواب معتمد الدولہ بڑیلیصاحب کی

کوٹھی سے نکلتے تھے آخون نے کھڑے ہوکر کس شباشت سے نواب کو سلام کیا ہاتھی چل نکلا اوسکی جھونک سے پشت زمین سر کے بھل ہونے عش آ گیا گھر مین آئے تین دن تک جیتے رہے اپنے ہاتھ سے ایک سر کی ٹپی کو نوچ ڈالا تھا اسی کرب سے تمام ہوے شیخ صاحب اونکی بازدید کو گئے تھے مرزا اغل سے کہنے لگے یہ بیچارہ دلال تھا دیکھیے ہمارا مکافات عمل کیا ہوتا ہی۔

دوسرا امر صاحب عالم کیواسطے یہ کیا کہ پہلے نسبت نواب نصیر الدولہ کی بڑی صاحبزادی سے ٹھہری تھی اوسے بادشاہ کو کچھ سمجھا کر چھڑوادیا نواب محسن الدولہ سے شادی ٹھہرائی اور بجاے بیگم صاحبہ نواب مبارک محل کو اسکا اہتمام دیا دوسری نسبت نواب حسین الدین خان کی بیٹی سے یعنے نواب ملکۂ کشور سے اوسے برہم کیا کہ یہ صاحبزادی بڑی بدنصیب ہی اپنے ماں باپ کو کھا چکی ہی بادشاہ کو بھی انکے کہنے سے وہم غالب ہوا اور اکثر ایسا ہوا ہے کسی برہمن نے انسے کہا یہ دیوالی اسپر بھاری ہی انھون نے بادشاہ سے عرض کی آپ پر بھاری ہی شہر مین ۲۷ کی ۲۸ کی دیوالی ہوگئی اودھر نواب نصیر الدولہ سے بیس ہزار روپے لیکر حضرت جنت مکان سے شادی کروادی دوسری محرم کو عقد کرکے لیگئے پھر شادی صاحب عالم کی مرزا سلیمان شکوہ کی شہزادی سے ٹھہری یہ سب پر فوق ہوئی چنانچہ حسن باغ مین محفل شادی تھی صبح کو بادشاہ مع صاحبان عالیشان رونق افروز ہوئے شربت پلائی دی جب اس شادی کو برہم نکرسکے صاحب عالم کی سالی کی شادی نواب وشن الدولہ کے بیٹے جنرل محمد حسین خان سے مقرر کی ہم زلف صاحب عالم کیا ہر چند مرزا سلیمان شکوہ کو یہ کتخدائی کسی طرح منظور نہ تھی مگر نوازش محل اور میر گلزار علی داروغہ کے سمجھانے سے صولت و جبروت معتمد الدولہ سے کچھ بس نہ چلا۔

سب سے بالاتر ایک ورامر ہوا کہ ایک دفعہ صاحب عالم بہادر نواب کی موشگافی سے بیگم صاحبہ سے خفا ہوکر مہمان خانۂ نواب مغفور نواب شیر جنگ کے باغ مین کوٹھی بنی تھی اوسمین اوترے لوازمات عیش و عشرت مہمانی جیسا چاہیے بجالائے صاحب عالم بہادر بہت خوش خرم ہوے دن رات ناچ رنگ رہتا تھا جن ارباب نشاط کے فقط مشتاق رہتے تھے وہ سب بے منت حاضر تھین جب نواب کو کیفیت مزاج صاحب عالم بہادر کھلی اپنے اعزا میجا

قید خانہ بندی پر بہت تاسف کرتے تھے کہ انکا بھلا ناشل اطفال ناوان کے بہت سہل تھا بعد اسکے باجازت بادشاہ چند روز حسن باغ مین جا کر رہے پھر کچھ خود بخود متنبہ ہو کر بیگم صاحبہ کے پاس چلے گئے جناب موصوفہ از بسکہ انپر دالہ و شیفتہ تھین گذشتہ پر جلوہ پھیکر چکی ہو رہین سمجھین کہ میرے دشمنون کے بہکانے سے یہ ہوا تھا۔

عاشورۂ محرم مین ایک شب صاحب عالم موافق معمول نواب صف الدولہ کے امام باڑے مین زیارت کو جاتے تھے نواب نے چاہا کہ اسی حیلہ کثرت ازدحام خلائق سے کچھ چشم زخم صاحب عالم پر چلجاے کہ یہ سب بکھیڑا مٹ جاے اور مین بھی حق نمک کی نعمی سے بری ہو جاؤن مرزا آغا جان داروغہ امام باڑہ بڑے دوست میر فضل علی کے تھے کچھ قرائن سے اشخاص غیر کو دیکھکر میر فضل علی سے کہکر جلد صاحب عالم کو سوار کروا دیا اسی خصوصیت سے اور میر فضل علی کا دوست سمجھکر مرزا آغا جان کو موقوف کر کے جیلخانہ بھیجدیا۔

الغرض ہر شخص پر عافیت تنگ ہو گئی تھی بادشاہ کے بھائیون کی جب کئی برس تک تنخواہ نہ ملی بعض نے بمجبوری مفلسی سے چلے وطن اختیار کیا نواب کے بعض سرداران کوتاہ اندیش نے کمال نخوت و غرور سے مظلومان شہر پر ظلم و تعدی سے کمر باندھی تھی جس محلے مین جس متوسل کا مکان تھا اوسنے حق ہمسایہ ادا کیا تھا جسکا چاہا مکان لے لیا بطریق خیرات کچھ دیدیا جسنے بڑے صاحب سے نالش کی اوسپر زیادہ آتش فرنگ برسائی اگر کسی ملازمین نے بادشاہ کو عرضی عدم وصول تنخواہ کی دی اوسکا قبض الوصول دکھلا دیا جس تاجر کا کلکتے سے مال تجارت آیا جو پسند کیا لے لیا جب بادشاہ کو کسی مغل نے اسباب تجارت دیا پس اوسکا روپیہ برسون مین مشکل سے ملا ہر چند کہ اوسکے پاس چٹھی سفارش صاحب رزیڈنٹ بھی تھی مثل آغا حسن اصفہانی ریش دوانہ آخر گولا گنج مین وہ مارا بھی گیا اسی جہت سے اور خوف سے میر باقر سوداگر نے توسل حضرات کنبوہ اور اعظم علیخان سے پیدا کیا تھا عدالت العالیت کے مہتمم اعظم علیخان اونھون نے داروغہ مہتمم سنگی خان کو کر دیا تھا اوسنے شہر کو رشوت سے لوٹ لیا تھا جس سے ند نقد لیا نصف اوسکا راہ خدا مین اوسی وقت دیدیا نصف اپنی شراب خواری عیاشی مین صرف کیا صحبت نواب مین جسنے سخرگی اختیار کی اکثرون کا

موافق قسمت کے فائدہ ہوا بعض کو اوسقدر جسقدر میر بندہ علی مسخرے کو ہر تو سل نواب سے ملا غرض
ان حکایات ظلم و تعدی کی کہانتک تصریح کیجاے بہت سے ظالم اوسوقت کے اپنے سزاے اعمال
کو پہونچے اخراج بلد ہوے شمہ یہ ہے کہ نواب نے عمارات عالیشان مین کرور روپیہ سے کم خرچ نہ کیا
تھا وہ سب اونکے حین حیات مین اونکی خوشی سے محسوب رہکر سرکار ہوئی اور اقربا اور متوسلین کی ضبط
سرکار ہوئی بارہ دری کی طیاری فقط عشرۂ محرم مین ہو جاتی تھی چربی روغن چراغ باہر عمل سے آتا تھا
شیشہ آلات وغیرہ سرکار شاہی سے کچھ انکا ذاتی بھی ہوتا تھا پھر کسی نے بارہ دری مین چراغ بھی جلتے
نہ دیکھا بعد انتقال نواب جواولاد یا خاص محل لکھنؤ مین آئین مکان کرایہ نصیب ہوا خلاصہ اس
زمانہ مین صاحبان فہم کا یہ قول ہے باستعجاب کہتے ہین کہ کاشکے یہ عملداری سرکار دولتمدار اوسوقت
ہو جاتی تو بہتر تھا ۔

پھر نواب معتمد الدولہ نے ارادہ کیا کہ میر فضل علی داروغہ کو کسی اتہام سے راہ مین گرفتار
کرکے قید کر لیجیے جب بیگم صاحبہ کو یہ شبہہ گذرا حکم کیا تم گھر نجاؤ ڈیوڑھی پر رہا کرو نواب نے
بادشاہ سے عرض کی کہ فقط داروغہ باعث فتنہ و فساد و آتش افروزی ہوتا ہے بہتر یہ ہے کہ
بیگم صاحبہ کو حکم قطعی انکی موقوفی کا ہو جاے جناب موصوفہ نے اپنا قدیم نمکخوار خیر خواہ سمجھکر
انکار کیا دوسرے دن فوج شاہی سے محلسرا ے بیگم صاحبہ کو گھیر لیا توپین دروازے پر لگا دین
ادھر بیگم صاحبہ کے سپاہی مستعد جنگ ہوے اتفاقاً صاحب عالم بہادر یہ ہنگامہ دیکھنے کو برآمدے پر آکر
کھڑے ہوے بڑے مرزا مرزا بھورا کے بیٹے نے اسی غول ہنگامہ مین بندوق چھڑائی میر فضل علی اور
ایک خواص نے جلد سامنے سے ہٹا لیا خدا نے بچا لیا ایسے نمکخوار سرکار خیر خواہ نواب ہوے تھے
غرض قریب تھا کہ کشت و خون بخوبی ہو جاے آخر صاحب رزیڈنٹ جو نواب سے بہت موافق تھے
اونکے سمجھانے سے ۲۴ تاریخ شہر ذیقعدہ ۱۲۳۶ھ روز سہ شنبہ مطابق ۱۳ اگست ۱۸۲۱ء
کپتان پیر صاحب قائم مقام اور میر منشی باقر علیخان و کپتان ٹلنگہ سیکرٹری ہوم صاحب واسطے تقدیر
و تفہیم بیگم صاحبہ آئے مرزا سلیمان جاہ و صاحب عالم اور بیگم صاحبہ کو سمجھا کر میر فضل علی اور اونکی
پھوپھی فیض النسا مغلانی کو اپنی حفاظت و حمایت مین لے آئے ۱۹ محرم ۱۲۳۸ھ مطابق
۱۶ اکتوبر سنہ الیہ مین روانۂ شاہجہان آباد کیا میر فضل علیخان پھر بنارس مین آکر رہا ن

مرزا ابراہیم ہوے اس خیال سے کہ شاید کوئی صورت دادخواہی کی اسٹرلنگ صاحب کے وسیلے سے نکلے کئی لاکھ کا گھر لٹ گیا ہے آخر بعد کئی مہینے کے یاوس ہو کر فرخ آباد مین مقیم ہوے نواب منتظم الدولہ بہت خلوص محبت دنیاداری سے پیش آئے اور اپنے ساتھ امیدوار وقت خاص کا رکھا اب فرخ آباد کثرت صاحبان اخراج سے بھر گیا جو لکھنؤ سے نکلا سیدھا وہین پہونچا ایک مہینے تک کمپنی انگریزی ڈیوڑھی پر رہی بعد اسکے باجازت بادشاہ برخاست کر گئی۔

میر فضل علیخان نے خصوصیت نواب سے ہمسایہ مین دولت پورہ کے کئی لاکھ کی عمارت عالیشان بہت استحکام سے بنوائی تھی جسدن یہ ہنگامۂ حشر برپا ہوا فوج سرکار اور رعایاے شہر نے ملکر سارا گھر لوٹ لیا ۶ لاکھ روپے کا نقد و جنس تھا سولے عمارت کے اوسکو بھی وسی ون مسمار کر دیا فقط ایک مسجد کو کچھ خدا کے ڈر سے چھوڑا اوسکے واسطے برسات کے پانی کا ڈھال کر دیا کہ خود آپ سے گر جاے مگر اوسی نے اپنا گھر بچایا۔

میان عیسی کا نواب کے بیٹون کا پکڑنا اور اونکا شہر سے نکالا جانا

میر عیسی پوتے شاہ معصوم پیرزادے بریلی کے مرد سپاہی جاہل وحشی مزاج بعد خرابی دربہمی لشکر نواب امیر خان تباہ و پریشان حال جب لکھنؤ آئے معرفت فقیر محمد خان سالدار اور آخون زادہ رامپور ملازمت نواب حاصل کی ہزار روپیہ ماہانہ مقرر ہوا داخل زمرۂ مصاحبان خاص ہوے بسبب تعیش اور دوارستہ افعال شباب جوانی مسماۃ بیباجان کسبی مملوکہ محبوبن کسبی مگر کربلائی کو نوکر رکھا ازبسکہ کسبیان شہر کی صاحب ریش سے خار کھاتی ہین اپنے رخسار نازک پر کھٹکتے نہین دو تین ازراہ کرشمہ و ناز بہت سی شوخیان ازراہ بدمزاجی کرتی رہین آخر میان عاشق و معشوق صحبت خلاف گذرنے لگی کئی مرتبہ خفا ہو کر اپنے گھر بیٹھ رہی میر عیسی نے بجبر بلوالیا نواب نے بھی ازراہ رفیق پروری اوسے ضد مندی بلوادیا ہر چند لوگون نے سمجھایا کہ یہ پریان اس شہر کی ہین عمل جنات سے بری ہین انکی پاسداری کرنا بہتر ہے قصبات کی نہین ہین اپر پیرون کا سایہ تھا یہ کب سنتے تھے ایکدن دو تنگ ہو کر نواب خاص محل کے محل مین اپنی جان بچانے کو چھپ رہی جب دو چار دن کا عرصہ گذرا انکی آتش بلہوسی کا شعلہ تیز ہو کر مشتاق وصال آخری ہوا میر عیسی خوکردہ اپنی عادات قدیم پر سرکشی

کرتے تھے ایسے حرکات ناشائستہ سے نواب امیر خان سے بھی جدا ہوے تھے اونھون نے بلحاظ
پیرزادگی اپنا ہم مذہب سمجھکر درگذر کیا تھا یہان بھی اوسی خیرہ سری سے ارادۂ فاسد کیا تھا کہ
نواب کو جاکر پکڑلین روز جمعہ ایکدن مع رفقا فونخوار جرار مسلح ہوکر چلے اتفاقاً نواب اوسدن
نوربخش کوٹھی مین تھے نواب نے برآمدے سے انکے تیور بدو دیکھکر حیلہ علالت مزاج سے ملاقات
کو نہ بلایا سمجھے کہ اوسی اپنی معشوقہ کیواسطے آئے ہونگے میر عیسی اپنے ارادۂ فاسد سے مایوس ہوکر پھرے راہ
مین شیطان نے بہکایا کہ جاتے کہان ہو یک نشد دو شد وہان اکیلے نواب تھے یہان دولت
پورہ مین اونکے دو قورہ الیعین ہین وہان تک تو چلو ہمت نامردی نہ رہا یہ سوچکر مکتب خانے مین
آئے جہان آغا علیخان سید علیخان دونون صاحبزادے مولوی کرامت علی آخون سے پڑھتے
تھے ہر ایک کا ہاتھ پکڑکر قرادیان دونون کے پیٹ پر رکھدین اور رفیق دونون دروازون پر
بندوقین لیکر کھڑے ہوگئے راہ آمد و شد بند کی محل مین دفعۃً شور قیامت برپا ہوگیا شہر مین ہر طرف
دھوم مچی رفیق ملازمین اقربا مسلح ہوکر پہونچے ہر امیر نے دور سے سماجت و منت کرنی شروع کی
بیباجان بھی محل سے نکلکر دور سے منتین کرنے لگی کون سنتا تھا نواب بھی نوربخش سے بارہ دری مین
آئے جھنجلاکر حکم کیا انکو مع دونون بیٹون کے توپ سے اوڑادو بادشاہ نے منع کیا دوپہر تک یہ ہنگامہ
برپا رہا آخر کپتان ریپر صاحب اسسٹنٹ رزیڈنٹ کمپنی لیکر آئے اپنی حمایت مین بیلی گارد اپنے
ساتھ لیگئے بیس ہزار روپیہ ماہوار کی تنخواہ کے نواب نے بھیجے اوسمین سے ہزار روپیہ اپنی معشوقہ کو دیکر
معتمد کی پھر چھاؤنی متدیاؤن سے بحفاظت پہرۂ انگریزی کانپور گئے بعد ایک مہینے کے موافق
پروٹوکول رزیڈنٹ بحکم نواب گورنر جنرل قید ہوکر قلعۂ الہ آباد مین رہے جب نواب گورنر جنرل کلکتے سے
قلعۂ الہ آباد مین آئے انکی بھی نظر ثانی ہوئی انھون نے عرض کی تمھارا عیسی معصوم دو تین برس سے
قید ہے بعد استفسار حال قید سے نجات پائی روانۂ حج خانۂ کعبہ ہوے جب پھر کر آئے مدفون خاک
ہندوستان ہوے۔

خوبی صفات نواب

مورخ کو چاہیے کہ ہر شخص کے صفات جمیلہ اور خصائل رذیلہ بغیر نفسانیت کے لکھے

کسواسطے کہ عصمت صغیرہ وکبیرہ خاصۂ گزیدگان پختہ ہوئی اور اس جامۂ بشری اور تعلقات امور دنیوی مین جسقدر جرات جس سے ہوسکے تنقیت ہے از آنجملہ نواب معتمد الدولہ کی علو نسبی رہی شرافت سیادت وحسن لیاقت اور مروت خاص اور جود وہمت خاص اور سپہ گری اور رفقا پروری بہت غنیمت تھی اور سخاوت جسمین ہرعیب پوش ہوتی ہے السخی حبیب اللہ آیا ہے۔

ورود لارڈ کبرمیر کمنڈر انچیف بہادر یعنی سپہ سالار فوج اور مرزا کیوان جاہ بہادر کا مع نواب معتمد الدولہ بہادر استقبال کو جانا

جب خبر آمد آمد لارڈ کبرمیر بہادر یعنی کمنڈر انچیف ہوے شاہ عالم پناہ نے حسب دستور قدیم واسطے استقبال کے مرزا کیوان جاہ بہادر اپنے ولیعہد کو بہت عظمت شان سے جیسا کہ چاہیے مع ارکان دولت اور وزیر اعظم نواب معتمد الدولہ بہادر کو انکے ساتھ کیا چنانچہ حسب دستور رحمت گنج تک تشریف فرما ہوے لارڈ صاحب بہادر نے ملاقات اونسے اوسی عزت وتوقیر سے کی جیسا ولیعہد کیواسطے ہوتا ہے پیش آئے اوسی تقریب یا ضیہ سے آجتک اولاد بہادر موصوف زمرۂ شاہزادون مین شمار کیجاتی ہے چیف کمشنر بہادر یا جب دربار نواب گورنر جنرل بہادر ہوتا ہے اونکی اولاد بھی مثل اور شاہزادون کے جو خاندان شاہی مین ہین طلب ہوتے ہین اور شمار کیے جاتے ہین اور لارڈ صاحب بہادر بھی مثل شاہزادون کے بہمہ وجوہ پیش آتے ہین اگرچہ صلب سے بادشاہ نصیر الدین حیدر کے نہین ہین مگر اس سلطنت مین امور سلطنت بمنظوری سرکار ہمیشہ مرضی اور تجویز حاکم وقت پر منحصر رہی ہے جسے جو قرب ومنزلت سرکار شاہی سے ہوئی اوسی طرح گورنمنٹ عالیجاہ نے بھی جاری رکھا اور ایسا امر نواب آصف الدولہ بہادر کے بھی عہد دولت مین ہوا ہے کہ جب نواب نے سرجان شور صاحب گورنر جنرل بہادر سے مرزا وزیر علیخان کو اپنا بیٹا قرار دیا اونھون نے ارشاد نواب کو صدق سمجھکر بطیب خاطر قبول منظور کیا تھا اگر کچھ شک ہوتا اور نواب کے ارشاد کو خلاف سمجھتے تو البتہ ازراہ فہمایش مداخلت کرتے کہ ہماری سرکار متکفل وضمین سلالۂ خاندان سرکار زمان نواب شجاع الدولہ سے رہی ہے یہ کیونکر ہوسکتا ہے کہ یہ ریاست آبائی غیر محل مین ہم گوارا کرینگے چنانچہ بعد انتقال نواب آصف الدولہ بہادر مسٹر ڈنٹ صاحب رزیڈنٹ تشریف لائے مرزا جنگلی صاحبزادۂ نواب

مرزا کیوان جاہ بہادر

Kayvan Jah

نواب وزیر مرزا بہادر

Nawab VazerMirza

شجاع الدولہ بہادر کے بخیال حق مسند نشینی آبائی تشریف لائے تھے نواب بہو بیگم صاحبہ نے نواب ناظر محمد جواہر علیخان سے صاحب کو کہلا بھیجا کہ اسوقت میری آنکھون مین جہان تاریک ہورہا ہی جیسے تم مناسب سمجھو مسند نشین کرو صاحب بہادر نے سب حاضرین کے سامنے آواز بلند ارشاد کیا کہ جیسے وہ مقرر کر گیا ہی وہی ہوگا اوسوقت جناب موصوف نے جواب صواب سنکر نواب ناظر سے فرمایا کہ دوشالہ جو نواب مرحوم کے پلنگ پر رکھا ہی مرزا وزیر علیخان کو اوڑھا دو پس شلک سلامی توپ ہوئی ارکان دولت نے نذرین دین مرزا جنگلی مایوس ہوکے اپنے گھر آئے بعد اسکے جب مرزا وزیر علیخان سے حرکات خلاف واب ریاست ہوے اور ارکان دولت خائف و ترسان ہوے بنا بے خلاف مسند نشینی ہوئی جب مرجان شور صاحب لکھنؤ تشریف لائے اور یہ حال سب ارکان دولت سے سنا فرمایا کہ ابطال نبوت مرزا وزیر علیخان کا ہمین کیونکر یقین ہو آخر نواب بہو صاحبہ اور نواب ناظر محمد تحسین علیخان سے اسکی تحقیق اور تصدیق اور استشہاد جمیع ارکان دولت کو ٹھی بی بی پور مین ہو چکا مسند نشینی سے خارج کیا اور حق بحقدار پہونچا اسکی تصریح اپنے مقام پر آویگی خلاصہ نواب معتمد الدولہ بہادر مع مرزا کیوان جاہ بہادر داخل لکھنؤ ہوے اور بادشاہ سے سب احوال ملاقات عرض کیا اگلی تحریر دفتر شاہی مین موجود ہی۔

خلاصہ جب لاٹ صاحب سے ملاقات ہوئی نواب نے ازراہ آداب اپنے ہاتھی کو پیچھے رکھا لاٹ صاحب نے ازراہ عطوفت فرمایا ہمارے ہاتھی کے برابر ہو فقرا و مساکین نے ہر طرف سے ہجوم کیا نواب نے دونون طرف کمیشت روپیہ پھینکنا شروع کیا لاٹ صاحب نے منع کیا تامل ہوا اتفاقاً بعد چند قدم کے دو لڑا موتیون کا جو نواب کے گلے مین تھا ٹوٹ کر اوسکے موتی نواب کے دامن مین گرے نواب نے اون موتیون کو فقرا پر پھینکا لاٹ صاحب نے چاہا کہ تھوڑا ٹھہر جائین تاکہ لوگ زمین سے اونکو چن لین نواب نے عرض کی یہ موتی از خود راہ خدا مین انکی قسمت سے گرے جانے دیجیے اس سے غرض نمایش اپنی جود و سخت کی تھی۔

یہ بھی معمول تھا جب باغ جاتے تھے گھوڑے پر جو ملازم ساتھ باغ تک پہونچا اوسے اشرفی ملتی تھی موسم برسات مین اکثر صاحبات محل باغ مین کئی دن تک رہتے تھے دونون وقت

سبکو کھانا بے تکلف ملتا تھا بازار کو بھی حکم ہوتا تھا جسکی دوکان یا خوانچہ مین جو شے ماکول رہجاتی تھی خرید نواب ہو جاتی تھی ایک زمانہ یہ بھی گذرا کہ مہمان دوتسرے شاہی مین تین دن سے زیادہ نہین رہنے پاتا تھا تیسرے دن سوار ہو جاتا تھا طعام مہمانداری باجارہ ہوتا تھا۔

میر بندہ علی دلی کے رہنے والے انکے بزرگ عالیخاندان تھے مفلس پریشان حال ہو کر لکھنؤ آئے ناصوری بزرگون کی دھری رہی نواب کی جود و ہمت سے طریقہ مسخرگی اختیار کیا خود کہتے تھے کہ مین نے گیارہ برس کے عرصے مین خود نواب کے ہاتھ سے چودہ لاکھ روپیہ پایا جسے کچھ شک ہوا اوسکا حساب خرچ میرے پاس ہے اور جو اونکے متوسلین سے پایا اوسکا حساب نہین انکا مصرف عیش و تعیش و ازواج و عمارت مین کیا کچھ غربائے مومنین کو بھی دیا آخر ازواج اورون کے پاس گئی مکان تیمنی گنج مین وسعت سے تھا مرزا عالیجاہ والاجاہ نے مول لیا آخر مر گئے۔

پشمینہ عمدہ جو حضرت خلد مکان کے عہد دولت مین کشمیر سے آیا پھر اوس قیمت کا نپایا سہ گزہ رومال دوشالے پانچہزار کی قیمت کے چنانچہ نواب نے بھی بہت سے خریدے ایکدن اوسمین کا دوشالہ اوڑھے اصلاح بنواتے تھے خاص تماش بہت غور سے دیکھنے لگا نواب نے کہا تو کیا دیکھتا ہے عرض کی حضور کی بدولت غلام کو دوشالے نصیب ہوے مگر ایسا ہے کہ آدمی اسے دیکھا کرے دوشالہ اوسی کو عنایت کیا۔

ایکدن اوسکے ساتھ کے دوشالے کو اوڑھکر گھوڑے پر سوار ہوے گھوڑا تیزی کرنے لگا دوشالہ نواب سے سنبھل نسکا چھوٹے خان چابک سوار ملازم کھڑا تھا اوسے پھینک دیا اوسنے توشہ خانہ مین سپرد کیا دوسرے دن نواب نے دوشالہ اوڑھنے کو مانگا خواص نے دیدی دوشالہ دیا فرمایا کہ یہ اوسی کے ساتھ کا ہے عرض کی وہی کل کا چھوٹے خان سے ملا ہے فرمایا مین نے اوسے دیا تھا یاد رکھنے کو دیا تھا پھر اوسے عنایت ہوا آخر زمانے مین ایک وزیر اعظم نے اپنے رفیق محرم راز سے کہا دوشالے ٹپکے کر کے میرے ہین ایک تم لو دوسرا میرے واسطے رہنے دو اوسنے بعد استعمال کے تیس روپیہ پر بضرورت بیچا نواب کا دوشالہ بعد استعمال کے بارہ سو روپے کو ایک مہاجن نے مول لیا فکر ہر کس بقدر ہمت اوست

اسی طرح کلو خدمتگار کی بیٹی کی شادی کو اعظم علیخان سے لاکھ روپیہ دلوائے اونھون نے اوسکے دینے مین کچھ تامل کیا منتظر حکم ثانی سے پھر فرمایا اوسکے سوا کچھ تم بھی اپنے پاس سے دو اونھون نے بھی دس ہزار اپنے پاس سے دیے۔

پہلی نیابت نو مہینے کی مدت مین محمد خان خدمتگار کے پاس چالیس ہزار روپیہ جیب خاص کا تھا اوسنے عرض کی ایک پیکلہ دار علاقہ قید ہے کہتا ہے اگر مین قید سے نجات پاؤن تو پانچ ہزار روپیہ دونگا فرمایا جو تمھارے پاس ہے اوسے پہلے لے لو پھر اوس سے لے لینا۔

کسر نفسی اپنی ایکدن یہ دکھائی تامجان پر سوار میر اسد کے مکان سے گذرے اور سب پیادہ تھے میر اسد نے کہا حضور رینگہ جی اپنی دوکان مجھے نہین دیتا دیوار میرے مکان کی کج ہوتی ہے فرمایا سنگھ جی تم اپنی دوکان کی قیمت ہمسے خاطر خواہ لو اوسنے عرض کی حضور تھوڑا توقف فرمائین تو مین عرض کرون یہ کہکر وہ دوکان سے ایک دیگچی مسی ٹوٹی کنارے کی لاکر عرض کی یہ امانت چودہ ٹکے پر میرے پاس موجود ہے فرمایا سچ ہے اور دیگچی کو لیکر تامجان پر رکھ لیا دوکان نذر نواب کی ایک پیسہ نہ لیا اوٹھ گیا۔

منشی مسعود بخشیگری مین تھے منشی ظہور الدین اپنے بیٹے کی شادی کی عرضی کی فرمایا تو فیر کا ستر ہزار روپیہ تمھارے پاس ہے لو باقی لاکھ پھر لینا۔

اسی طرح میر نیاز حسین داروغہ دیوانخانے کے بیٹے کی شادی مین لاکھ روپیہ دیا۔

شادی امیر الدولہ آغا علیخان و سید علیخان نظام الدولہ

نواب امین الدولہ آغا علیخان بڑے بیٹے نواب کی نسبت مرزا شاہ میر خان کی بیٹی مسماۃ نواب بی بی سے ٹھہری اونھون نے بلبیب خاطر قبول بنظر کیا نواب نے اپنا عزیز سمجھکر بمقرب خاص بادشاہ کیا کئی برس تک نسبت رہی بہت سے رسومات ہندوستانی مین نواب نے اپنی علو ہمت سے لکھا روپیہ صرف کیا مرزا شاہ میر خان کو طمع نفسانی زیادہ ہوئی مینے مثل نواب رزیشن الدولہ نظامت کسی چکلے کی لیکر خوب گلچھرے اوڑائیے اور جسقدر زر تحصیل کیا جائے چاہیے کہ نواب کے وسیلے سے معاف ہوجائیگا نواب نے دوستانہ سمجھایا کہ آپ کے کارندے روپیہ سرکار کا کھا جائینگے آپ سے مین مروت کرونگا نقصان سرکار مین سیدھی

بدنامی ہوگی یہ نہ سمجھے بلکہ خفا ہوے چاہا کہ بیٹی کی نسبت چھڑا لین اسی خیال مین اپنی سراسیمگی سے کنوئین مین گرادیا نواب کی بازو بد کو گئے نواب صمصام الدولہ نے بہت سمجھایا کچھ خیال مین نہ لائے ایک دن باخفا سے اپنی بی بی فاطمہ بیگم اور دوسری بی بی سماۃ آبادی کو لیکر کانپور گئے وہان سے کلکتے پہونچے بادشاہ نے انکی بیٹی کو بلوا کر نواب مبارک محل کے سپرد کیا فرمایا تم اسے اپنی بیٹی سمجھکر بیاہ کردو۔

مرزا شاہ میر خان نے نواب گورنر جنرل سے شکایت نسبت کی کی صاحب رزیڈنٹ کی تحریر سے حقیقت حال معلوم ہوچکی تھی شنوائی نہوئی مرزا شاہ میر خان اوسی اپنی وحشت مزاج سے چار ہزار روپیہ کرایۂ جہاز دیکر روانۂ لندن ہوے وہانسے بھی ناکام ہوکر مصر مین رہے بعد کئی مہینے کے مرگئے وہین مدفون ہوے وہ ممتوعہ آبادی بھی وہین مرگئی اوس سے ایک بیٹی کسی ترک کے ساتھ اونکے بیٹون کے پاس آئی اوسکا بھی سرکار سے وثیقہ ہوگیا۔

جب فاطمہ بیگم صاحبہ نے یہ حال دیکھا اپنے باپ مرزا محمد تقی خان کو خط لکھا کہ اب انکا قصد لندن کا ہے مین نے بہت اطاعت کی اب خدا کیواسطے مجھے آکر لیجایئے نواب معتمد الدولہ نے بیس ہزار روپے خرچ کو دیے اور بادشاہ نے خط نواب گورنر جنرل کو لکھا نواب موصوف نے بہت خاطر کی اپنی بیٹی کے پاس لے گئے اونھین لے آئے مرزا شاہ میر خان اودھر روانہ ہوے۔

نواب مبارک محل نے حسن باغ مین بہت دھوم دھام سے شادی کی لیکن مرزا شاہ میر خان کے ناگوار خاطر سے جیسا چاہیے ویسی شیخی خاطر سے نواب نے نکی اگرچہ بہت کچھ صرف ہوا۔

دوسری شادی نظام الدولہ سید علیخان کی نواب وشن الدولہ کی بیٹی سے ہوئی فی الحقیقت اوس سے زیادہ بیتکلف تمام ہوئی کس واسطے کہ طرفین سے مقابلہ جود و ہمت کا تھا آغا علیخان کی شادی مین کثرت معانی محلات معلے و اُمرا کھانا بروقت نہ پہونچا اور اسکا اہتمام بھی مشکل پڑا اس جہت سے نقد توڑہ بندی ہوئی اقل قلیل ساٹھ روپے سے ایک سو اکاون روپیہ تک تقسیم ہوے سوا لے کشتی مصالحہ پان ڈلی الاچی تماکو کے اور وقت رخصت محلات شاہی

اور اُمرا کو کشتیان لباس سرما و گرما دین ادنی خرچ یہ ہو کہ حقہ مدار یہ جو ایک پیسے کو بکتا ہو پندرہ ہزار روپیہ کا صرف ہوا اور مصالحہ وغیرہ کا انبار لکڑی کے جن بیبیون ملازمین محل کے ہاتھ سے فقط ارباب نشاط کو جو روپیہ تقسیم ہوا بجانے خناہاتھ کالے ہوگئے تھے اور روشنی ٹھاٹھر بندی اور تکلف نقارخانہ اور اوسکی روشنی قابل تماشا تھی صبح کو براتی ساتھ سب لباس سرخ پہنے ہوے تھے راہ مین چوک مین فقرا و مساکین کو سوا نواب کے میر روشن علی وغیرہ بھی روپیہ دونون طرف پھینکتے تھے۔

اب ایک امر جو دو ہمت کا یہ ہو کہ روز برات شادی آغا علیخان نواب روشن الدولہ نے شربت پلائی حسب دستور کی جب نوبت شربت نواب تک آئی نواب نے اپنی جیب سے اشرفیان بکالین نواب روشن الدولہ نے عرض کی آج ہم شربت پلائی مین امتحان جود و ہمت وزیر اعظم کرتے ہین نواب نے فرمایا ہمنے سولہ لاکھ روپے جو تمھاری نظامت مین باقی ہین ہمنے اس شربت پلائی مین دیے نواب روشن الدولہ آداب بجالائے جیب بادشاہ نے ازروے پرچہ اخبار نواب سے پوچھا عرض کی حضور روشن الدولہ نے اسی پر قناعت کی اگر کچھ تامل کرتے مین زر تحصیل دوسرے سال کا بھی دیدیتا بس اب تاثیر وقت اس زمانے کو دیکھیے کہ جب وزیر اعظم نے عرض کی اسقدر غلام نے حضور کی بدولت ۷ لاکھ کمائے ہین حاضر ہین فرمایا ایک لاکھ اسمین سے اپنی تعمیر عمارات کو لے لو باقی داخل خزانہ کرو۔

حسن تدبیر نواب سے تقرر سفیر شاہی کلکتہ مین اور وثیقہ صاحبات محل وغیرہ

نواب نے اپنی مدت مین جو تدبیر کی یاور می اقبال سے بن پڑی ہر چند بعض مقربان خاص اپنی حسن رسائی اور دور اندیشی پر نازان تھے لیکن نواب کو ملکہ راسخہ ہو گیا تھا اور خوش نیتی سے اونکی زر تحصیل ممالک محروسہ کسی وزیر اعظم کے عہد دولت مین نہ آیا تھا فی الحقیقت یہ امر تعلق بہ نیت حاکم ہوتا ہے از انجملہ بعد تفضل حسین خان عہدۂ سفارت کلکتہ سے موقوف ہو گیا تھا چنانچہ نواب نے پہلے دیوان ولی بیگ کو ہزار روپے ماہے پر مقرر کرکے بحیلۂ خرید فرمایشات کلکتہ بھیجا اور دو ہزار روپے ڈالی میوۂ تر و خشک کے یومیہ مقرر کیے کہ صاحبان خاص کو بھیجا کرین انھون نے بموافقت عملۂ سرکار ایک مرتبہ دربار معینہ نواب گورنر جنرل مین ملازمت بھی حاصل کی

کر یہ شاہ اودھ کیواسطے خرید فرمائشات کو آئے ہین خلعت پانچ پارچہ بنجاطر بادشاہ ملا گر یہ ایسے عیبی تھے کہ دہان تماشا بینی وشراب خواری مین سب بھول گئے اشرف علیخان جو وزیر اعظم مرزا جہانگیر شاہزادہ کا ہوا تھا ستار خوب بجاتا تھا وہ انکا مقرب خاص ہوا تھا غرض کئی مہینے رہکر ناکام پھر آئے۔

بعد اسکے نواب کی یاوری اقبال سے صاحبان صدر نے باستصواب سرکارین بطیب خاطر سفارت سفیر شاہی قبول کی جس سے مزید اتحاد و دولتین ظاہر ہوا چنانچہ خطوط صدر سے اسکا احوال معلوم ہوا اسکا قصہ تحریرات کا بہت طول ہے مختصر یہ ہے کہ چیت آرا مگاہ چاہتے تھے کہ منشی مرزا جعفر کے بھائی میر منشی مرزا باقر رزیڈنٹی کو بسرشتہ سفارت روانہ کلکتہ کرین لیکن یہ سب امور درستی ریاست محول تشریف آوری نواب گورنر جنرل تھی اس جہت سے تامل کیا گیا تھا فی الحقیقت سفیر کے بھیجنے سے مطلب برآری مقدمات سرکار کی بسہولت متصور تھی اسکے نہونے سے سرکار کی جرسی کرنے سے اور عدم معتمدی بہت سی خرابیان ہوئین خلاصہ مفتی محمد خلیل الدین خان جو پشتینہ سے ملازم سرکار تھے بموافقت نواب معتمد الدولہ بلکہ اونکے دوست وخیر خواہ تھے مقبول سرکار انگریزی بیس ہزار روپیہ دیکر روانہ کلکتہ فرمایا جب صاحبان صدر سے بخوبی راہ ورسم ہوا خلعت سفارت سے سرفراز کیا کلکتے مین جھالردار پالکی ہندوستانی بردوان کے راجہ سے منگوا کر دی اور بپاس خاطر بادشاہ قبل انکے بھیجنے خط سفارت کے خلعت دیا اور یہ بھی تحریر کیا کہ ہمنے محض نظر بحسن لیاقت اور عزت خاندانی کے منتظر خط کے تمہے خلعت دیدیا۔

سفیر شاہی کے واسطے تین سو روپیہ کرایہ بابت کوٹھی کے گورنمنٹ سے مقرر ہوا اور پانچہزار ماہواری سرکار شاہی سے اور بر وقت ضرورکار جسقدر چاہین ساہ جی کی کوٹھی سے اجازت تھی اونھون نے بہت سے کام سرکارین کے اپنی خیر خواہی سے کیے ازآنجملہ جب لڑائی پنیگو کی درپیش ہوئی گورنمنٹ کو ضرورت روپیہ کی ہوئی بادشاہ سے عرض حال کرکے ایک کرور روپیہ بطریق قرض مؤبد دلوایا رزیڈنٹی سے روپیہ کشتیون پر بار ہوکر کلکتے گیا صاحبان عالیشان رزیڈنٹی مین اوسکے جمع بسلخ خطیر کے دیکھنے کو آتے تھے دس لاکھ بحساب دو یک انھین ملے بہو بیگم صاحبہ کا زر تو فیر بائیس لاکھ گورنمنٹ مین جمع تھا

نواب گورنر جنرل نے رزیڈنٹ کو لکھا کہ یہ مال بادشاہ ہی کا ہے دیدو صاحب نے اوسکے دینے مین تامل کیا کہ خلاف تحریر وثیقہ ہوتا ہی پھر حکم آیا کہ مطابق ہمارے حکم کے عمل مین لاؤ چنانچہ وہ روپیہ داخل خزانۂ شاہی ہوا۔

اسی پر بناے ثقیہ ہوئی کہ بحساب فیصد پانچ روپیہ ملیگا اور موافق اسی نرخ کے رہیگا تغیر نہوگا اور وثیقہ مفصلاً بلگا بعد نسل و بطناً بعد بطن بحفاظت وحمایت سرکار جاری رہے گا بظاہر بعد وثیقہ بہو بیگم صاحبہ یہ وثیقہ بھی رخنہ ثانی ہوا بلکہ ہر سلطنت مین اسی سنت سنیہ کی ترقی ہوتی گئی اور صاحبان صدر نے بسبب ضرورت درپیش لڑائی اسے بلا اکراہ قبول کیا لیکن خوبی فہم شیران خاص سے دو ثلث وثیقہ بعد وفات صاحبات محلات معلی بوسطہ بالیوز بغداد جو مجاورین اور زائرین نجف اشرف و کربلاے معلی مقرر ہوا اوسکی تقسیم مین وہان بہت سی خرابیان پڑین کہ علماے دین کے اختیار سے ثبتا ہوا اگر مثل وثیقہ حضرت فردوس منزل بقید لکھنؤ ہوتا تو شاید اس سے بہتر ہوتا یا اوس روپیہ سے لکھنؤ سے زائرین و حجاج کا زاد سفر ہوا کرتا جب بھی امین کا ہونا لازم تھا۔

تفصیل وثیقہ

لہ للعباد ۸ پائی

نواب مبارک محل صاحبہ ماہواری عہ نواب ممتاز محل صاحبہ الف سلطان مریم بیگم صاحبہ اعہ نواب سرفراز محل اعہ ملازمان او متعلقان مع اسامیہاے سرفراز محل بمالہ امام باڑۂ نجف اشرف الف ۸ پائی نواب بیگم خاص محل نواب معتمد الدولہ اعہ عالیہ بیگم دختر نواب الف نواب معتمد الدولہ عہ نواب امین الدولہ آغا علیخان اعہ

نقل تحریر وثیقہ

یہ وثیقہ عہد اقرارنامہ فیمابین سرکار عظمت آثار ظلسبحانی ابو المظفر معز الدین شاہ زمن غازی الدین حیدر بادشاہ اودھ اور سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر خلد اللہ ملکہما و رباب اوس مبلغ کے جو جناب بادشاہ ذیجاہ ممدوح نے بطریق قرض سرکار کمپنی انگریز بہادر کے

سپرد کیا ہو اپنے ہاتھ سے جناب بادشاہ والاجاہ معظم الیہ نے معرفت مارڈنٹ کرٹس صاحب بہادر جانشین دربار معلی جناب محتشم الیہ نے سرکار کمپنی انگریز بہادر کیطرف سے بموجب دستاویز اختیار کے جو جانب سنی الجواب نواب مستطاب معلی القاب زبدۂ نوئیان عظیم الشان مشیر خاص حضور فیض معمور بادشاہ کیوان بارگاہ انگلستان اشرف الامرا ولیم لارڈ امہرسٹ گورنر جنرل بہادر ناظم اعظم ممالک محروسۂ سرکار کمپنی انگریز بہادر متعلقہ کشور ہند سے معزی الیہ کو اجلاس کونسل میں مفوض ہو زیب توشیق پایا گیا۔

دفعۂ اول جناب بادشاہ نے مبلغ ایک کرور روپیہ بطریق قرض مؤبد سرکار شوکت دثار کمپنی انگریز بہادر کو دیا ہو نفع اوسکا پانچ لاکھ روپے سالانہ ہوتا ہو تاریخ غرۂ محرم ۱۲۴۱ھ مطابق ۱۷ اگست ۱۸۲۵ع سے اشخاص مرقومۃ الذیل کو بہ سبیل ماہواری دیا جائیگا اور اگر سرکار کمپنی انگریز بہادر میں شرح منافع فیصد پانچ روپے سے کم یا زیادہ ہو جائے منافع اوس روپیہ کا سہ صد سالانہ پانچ روپے سے کم و بیش نہوگا۔

دفعۂ دوم یہ روپیہ واسطے ہمیشہ کے قرض ہو کسی صورت سے والیان سلطنت اودھ اختیار ہستردار مبلغ مذکور نہیں رکھتے اور نہ کسی طرح کی مداخلت اوس منافع میں رکھینگے۔

دفعۂ سوم سرکار کمپنی انگریز بہادر نے اپنے ذمے لیا ہو کہ زر منافع مزبور کا ماہ بماہ اشخاص مسطور الاسمین کو بعنوان مفصلۂ ذیل ابدًا مؤبدًا نسلًا بعد نسل جہاں رہین وہاں کے سکۂ مروجہ سے بے کم و کاست ملا کریگا۔

دفعۂ چہارم سرکار انگریز ممدوح ہمیشہ کفیل عزت و آبرو سے مشاہرہ داروں کے اس منافع کے اور حافظ اموال قبیل مکانات اور باغات بخشیدۂ یادشاہ ذیجاہ دام ملکہ کے یا خریدہ اوراونکے تعمیر کے ہونگے ہاتھ سے حکام اور متعینان سے رہیگی اور اشخاص مزبور جس شہر و دیار میں ہونگے اونھیں وہیں مشاہرہ پہنچا جائیگا۔

دفعۂ پنجم یہ قرارداد جناب بادشاہ اودھ نے اپنی طرف سے اور مارڈنٹ کرٹس صاحب بہادر نے سرکار کمپنی انگریز بہادر کی طرف سے لکھکر صاحب ریذیڈنٹ موصوف نے اوسکی ایک نقل انگریزی و فارسی میں اپنے مہر و دستخط سے حوالۂ بادشاہ معظم الیہ کی اور مطابق اوسکے

ایک نقل مزین بمہر بادشاہ ممدوح نے اور صاحب ممدوح اقرار کرتے ہین کہ بموجب اوسکے وثیقہ مزین بمہر و دستخط نواب مستطاب معلی القاب اشرف الامرا ریٹ آنریبل ولیم پٹ لارڈ امہرسٹ گورنر جنرل بہادر اجلاس کونسل مین حاصل کرکے حوالہ شاہ اودھ کرینگے اور وثیقہ دستخطی و مہری اپنا پھیر لینگے ۔ عہ شہر لللہ بہا ۹ پانی ۲ = انگریزی ۔

درباب خادمان امام باڑہ نجف اشرف بموجب تفصیل علیحدہ الباب ۹ پانی ۲ ابدالابد یہ مشاہرہ بوساطت اوس شخص کے جسے تولیت امام باڑہ مذکور حضور بادشاہ ذیجاہ تفویض کرینگے دیا جائیگا اور تغیر و تبدل اسامی عملہ مذکور بموجب کہنے صاحب تولیت کے منظور ہوگا ۔

نواب عفت مآب مبارک محل صاحبہ عہ ماہوار ہی حین حیات تک رہنے کو جناب عفت مآب کو پہونچیگا اور بعد کیواسطے ہر شخص اور ہر امیر کیواسطے جو وصیت کرینگی بقدر ایک ثلث مشاہرہ تک قبول کیا جائیگا اور دو ثلث مابقی مشاہرہ دیا نسبت کی مقدار وصیت ایک ثلث سے زیادہ دونون ثلث رہین یا وصیت نکرین اور سب مشاہرہ باقی رہے نصف نجف اشرف اور نصف کربلاے معلی مجتہد اور مجاور آستان کو ابداً موبداً پہونچایا جائیگا کہ اوسکا ثواب عائد حال فرخندہ مآل جناب بادشاہ ہو ۔

سلطان مریم بیگم بموجب عنوان بفصلہ ذیل مشاہرہ نواب مبارک محل صاحبہ کا اور مشاہرہ سلطان مریم بیگم صاحبہ کا بھی حین حیات تک پہونچا کریگا اور ما بعد کے واسطے اوسی طریق سے عمل مین آئیگا ۔

مختار محل صاحبہ سرفراز محل صاحبہ بشرح صدر ملازمان اور اسامی سرفراز محل بموجب تفصیل علیحدہ نسلاً بعد نسل دیا جائیگا اور مشاہرہ فوتی لاوارث شامل نجف اشرف اور کربلاے معلے کیا جائیگا ۔

نواب معتمد الدولہ بہادر یہ مشاہرہ ہمیشہ نواب موصوف کو نسلاً بعد نسل جاری رہے گا اور ما بعد کیواسطے جو نواب موصوف بیٹے اور بیٹیون اور جورؤن اور اپنے متوسل کیواسطے وصیت کرینگے بموجب سہم بموجب وصیت کے نسلاً بعد نسل دیا جائیگا اور اگر اتفاق وصیت نہو مشاہرہ ورثہ شرعی کو اونکے حسب تقسیم میراث بموجب مذہب اثنا عشریہ نسلاً بعد نسل

دیا جائیگا اور درماہہ جو واسطے بی بی اور ایک بیٹی کے اونکی حسب تفصیل ذیل پر بابت منافع اوس روپے کے جو مقرر کیا نسلاً بعد نسل وہ بھی جدا جاری رہیگا اور آئمہ نواب صوف اونکے واسطے مشاہرہ سے وصیت کرنے والون کو جدا نسلاً بعد نسل دیا جائیگا اور اسیطرح اگر اتفاق وصیت نہ پڑے ان تینون شخصون کو بھی موافق حصہ شرعی میراث اس مشاہرہ نواب بورسے بھی حصہ نسلاً بعد نسل دیا جائیگا۔

نواب بیگم اہلخانہ نواب معتمد الدولہ بہادر اے ۔ ماہواری حین حیات تک ادا کیا جائیگا اور بعد انتقال کے ورثہ شرعی کو اونکے بموجب تقسیم میراث حسب مذہب اثنا عشریہ نسلاً بعد نسل بھیجا جائیگا نواب عالیہ بیگم بیٹی نواب موصوف الے ۔ ماہواری بشرح صدر امین الدولہ بیٹے بیٹے نواب موصوف اے ۔ ماہواری بشرح صدر تحریر غرہ محرم ۱۲۴۱ ہجری مطابق ۱۷- اگست ۱۸۲۵ع۔

زبن نوئیان عظیم الشان مشیر خاص معمور بادشاہ کیوان بارگاہ انگلستان اشرف الامرا لارڈ امہرست گورنر جنرل بہادر ناظم اعظم ممالک محروسہ سرکار کمپنی انگریز بہادر متعلقہ کشور ہند ۱۸۲۵ع

اس وثیقہ پر یارون کا حاشیہ بھی بعض سرکارین لگایا گیا مثل وثیقہ نواب مبارک محل یعنے وصیت نامہ مہری بیگم صاحبہ کلکتہ سے آیا صاحب رزیڈنٹ کے پاس چنانچہ رکنس صاحب نے خلاف سرشتہ سمجھکر چاہا کہ بعد تحقیقات بیگم صاحبہ سے دریافت کرکے جاری کرین کہ اپنی معرفت ہماری روانہ صدر کیون نہ کیا مہندر زراین خزانچی صاحب بڑا معتمد تھا اوسنے بموافقت اپنے کہ پیشتر سے موافق ہوچکا تھا اوسنے صاحب کو سمجھایا کہ آپ بموجب حکم صدر کے تعمیل کیجیے اس تحقیقات سے آپکو کیا حاصل ہوگا سوائے دردسر کے معتمدین بیگم صاحبہ یہ کہتے ہین کہ وصیت نامہ مصنوعی سے اکثر حقدارون کے حق تلف ہوگئے بیگم صاحبہ لاعلم رہین مولوی علی حسن بلگرامی جو موجد اس تحریر مصنوعی کے ہوے تھے اونکی تنخواہ سو روپیہ کی اسی ثلث وصیت سے بموافقت عملہ گورنمنٹ علحدہ ہوگئی واللہ اعلم۔

مولوی خلیل الدین خان سفیر کلکتہ کو بادشاہ نے چھ ہزار روپیہ سال کی جاگیر مع فرمان عنایت کی تھی جب اعتماد الدولہ نائب ہوے ضبط سرکار ہوئی حضرت فردوس منزل نے انھین مہتمم عدالت کیا تھا شرف الدولہ کی ناموافقت سے خانہ نشین ہوے پھر حضرت جنت مکان نے پانسو روپیہ وماہہ کیا صدر امانت دی پھر اخبار ملکی ملا حضور عالم کے عہد دولت مین تخفیف مین آئے جب عملداری سرکار ہوئی چیف کمشنر نے سب کا احوال حسن خدمت کا لکھا نواب گورنر جنرل نے بعد دریافت حقیقت حال سو روپیہ کا پنشن تا دام حیات اور بعد انتقال ایک پشت تک برقرار رہیگا چنانچہ مولوی صاحب نے بعد چہتر یا پچھتر برس کی عمر مین ۲۴- اکتوبر ۱۸۶۴ء مطابق بست و یکم جمادی الاول ۱۲۸۱ھ روز دوشنبہ انتقال کیا۔

انتقال حضرت شاہ زمن

حضرت شاہ زمن جواد و کریم النفس و صاحب معرفت نسبت بخدا رکھتے تھے یہ صفات ذاتی نواب آصف الدولہ مرحوم کو یا اس خاندان مین انپر ختم تھے جبتک اپنے ہوش و عقل مین رہے لیکن ازبسکہ متحمل مشقت انتظام سلطنت کے نہوسکے رتق و فتق مہمات سلطنت کو اعتماد کلی سمجھکر اور نبی فاطمہ جانکر سپرد نواب کیا تھا اور تقریبًا نصف اندوختہ جمع خزانہ جنت آرامگاہ تعمیر موتی محل شاہ منزل نہر بابین فرح بخش و بارہ دری امام باڑہ نجف اشرف و تماشائے بسنت و جلوس شاہی وغیرہ مین صرف کیا سوائے آمدنی ممالک محروسہ یا جسقدر تھوڑا بہت آپ بھی جمع کیا تھا یہ سب صرف ہوا نواب نے اپنی کاربرآری سمجھکر عمدًا بادشاہ کو غافل کردیا تھا حالانکہ بادشاہ کے ظاہری قویٰ بہت زبردست تھے جوان کشیدہ قامت پانچ چار برس کے عرصہ مین کثرت مشروبات بیجا سے ضعیف و نحیف ہوگئے تھے اسی غفلت سے جتنے داب و دستور قدیم تھے سب درہم برہم ہوگئے تھے بادشاہ ایجاد ہر امر مین اور خوش سلیقگی اور آراستگی کو ٹھی انگریزی مین بہشیل تھے بدپرہیز تھے حکیم ملازمین کیا کرین آخر مبتلائے مرض اسہال ہوئے بادشاہ بیگم مع اپنی نواسیون کے دیکھنے کو تشریف لیگئین کوئی بات نہ کی دوشالہ اپنے موتھ پر لیلیا آخر کمرۂ خاص موتی محل مین پچھلے پہر شب شنبہ ۲۷- ربیع الاول ۱۲۷۳ھ روز دیوالی مطابق ۱۸- اکتوبر ۱۸۵۶ء روح پرفتوح ریاض جنت کو گئی پیدایش ۱۲۱۸ھ اس حساب سے ۵۶ برس سے زیادہ نہ تھے اور کئی مہینے پیشتر سے مشروبات

سنیات سے اجتناب کلی کیا تھا وقت عصر امام باڑۂ نجف اشرف میں دفن ہوے جنازہ بڑے جلوس سے اوٹھا فوج ارکان دولت عزیز و اقربا ساتھ تھے منٹ گن یعنے بعد دقیقہ کے توپ انگریزی معافق دستور انگریزی متعدد سن چلتی رہی۔

صاحبان رزیڈنٹ ۱ کرنل جان بلی صاحب بہادر ۲ سٹریچی صاحب بہادر ۳ جنرل بیپر صاحب بہادر ۴ جان منٹن صاحب بہادر ۵ مارڈنٹ رکٹس صاحب بہادر

نائب و وزیر اعظم نواب معتمد الدولہ **دیوان** راجہ دیا کرشن مہاراجہ نول کرشن افتخار الدولہ بیوا رام جو مسلمان ہو کر روانہ کربلاے معلے ہوے بعد مجاورت چند سال ماہ ربیع الاول ۱۲۸۴ ہجری مطابق ۱۸۶۷ء انتقال کیا۔

اہلیان مستعار قمر الدین احمد خان عرف مرزا حاجی نواب ناظر محمد آفرین علیخان۔

تقسیم ممالک محروسہ حضرت خلد مکان اہلکاران مجموع ۱۱ لاکھ ایک کروڑ متعلق مرزا حاجی ۱۰ لاکھ متعلق محمد آفرین علیخان ۱۰ لاکھ متعلق نظامت منتظم الدولہ ۱۰ لاکھ ظفر الدولہ کپتان فتح علیخان ۱۰ لاکھ محمود آباد ۱۰ لاکھ دیہات لکھنؤ وغیرہ ۱۰ لاکھ۔

سوائے محصول پرمٹ و سایر گنجیات و چھاپہ و عدالت و چبوترہ و جرمانہ وغیرہ۔

تعداد فوج سات ہزار سوار مع ترکسوار جلوس سواری اکتالیس پلٹن تلنگہ و عجیب سوائے ہرسہ توپخانہ آمدنی ممالک محروسہ بسبب افزایش ایک کروڑ اسی لاکھ جب جاگیر بیگم صاحبہ محسود مملک محروسہ ہوئی۔ مدت سلطنت مع وزارت ۱۳ سال ۸ مہینے ۵ دن۔

احوال نواب شمس الدولہ بہادر مرشدزادہ جنت آرامگاہ

نواب شمس الدولہ مرزا احمد علیخان مرشدزادہ جنت آرامگاہ مرتبہ دینداری و ورع و تقوی و صلاحیت مزاج میں بیرکت صحبت حکیم مرزا ظفر علیخان بہتر اپنے بھائیون سے تھے بسبب ثقاہت کبھی انگریزی پوشاک مثل بھائیون کے نہین پہنی اور مکان قدیم حسن باغ بوضع ہندوستانی رہا کوئی کمرہ انگریزی بھی نہ بنوایا اور مرجعیت ملکی و مالی تا حین حیات جنت آرامگاہ انھین پاس رہی و انصرام کاروبار نیابت باجازت و تجویز نواب گورنر جنرل بہادر بموجب درخواست جنت آرامگاہ کرتے رہے کسواسطے کہ نیابت انکی نواب

مقتشم ایسہ نے بطیب خاطر بلا اکراہ قبول کی تھی اس سبب سے نواب کو یقین واثق تھا کہ بروقت خاص مین مسند نشین وزارت ہونگا اس جہت سے تدبیر ظاہری دنیا سازی کے موافقت عملۂ رزیڈنسی سے نکی جیسا پیشتر اسکے بیان کیا گیا اور اس مرگ ناگہانی سے تحیر تھا اور جتنے امور ریاست تھے محول نواب گورنر جنرل کے آنے پر تھے در دولت پر جب آئے داخل بارہ دری نہوسکے کرنل بلی صاحب نے پہرے کو حکم دیا تھا کہ بغیر ہمارے حکم کے کوئی نہ آنے پائے چنانچہ جب مسند نشین ہوچکے سب بھائیون کو طلب کیا انسے پہلے نذر دلوائی نواب بدر دانع ہوکر دلیسترا مین آئے فخر الدین احمد خان مرزا جعفر نے کس بشاشت سے تہنیت مبارکباد سے نذر دی یعنے فقط ہمارے عرق ریزی سے اور شقت دراز سے حق بحقدار قائم ہوا اور دلمین اپنے بہت خوش تھے کہ خلعت نیابت ہمارا منتظر ہو تقدیر پرستی تھی کہ تمھارا خلعت آخرت موجود ہو اسی تمنا مین دنیا سے ناکام گئے۔

غرض جب خبر داخلۂ لارڈ مایرا صاحب کانپور سے آچکی جناب عالی بڑے جلوس سواری سے بعد نماز جمعہ سوار ہوے اوسکے بعد نواب شمس الدولہ بکمال تکلف جلوس سواری سے سوار ہوے جب کانپور سے مراجعت کی جناب عالی نے باب نیابت مین فرمایا کہ جس طرح حین حیات جنت آرامگاہ مین مصروف و متوجہ انصرام کاروبار ریاست رہتے تھے اوسی طرح اپنے عہدۂ قدیم پر قائم رہین مجھے بطیب خاطر منظور ہو ایسا قوت بازو شریک حق ریاست دوسرا اتنے زیادہ کون ہوگا اور مین بہرحال انکی پاسداری و رعایت ملحوظ خاطر رکھونگا نواب گورنر جنرل نے بھی اسے بہت مستحسن جانا تھا بلکہ دوستانہ بھی سمجھایا تھا مگر نواب کو وسوسہ ہاے تازہ مضمون خیالی ایسے ذہن نشین ہوے تھے نہ مانا عذرات بار دیان کیے اور یہ امر بھی بغیر تالیف کے نہوا تھا مگر بیوقت آخر مایوس ہوکر مثل جنت آرامگاہ قیام بنارس اپنے واسطے بہتر سمجھا اور قیام لکھنؤ نامناسب جانا جب تسلط تام نواب معتمد الدولہ اور غفلت رئیس کی سنتے تھے اپنی صحبت مین فرماتے تھے اپنی غلط فہمی کو اور تاسف کرتے تھے کہ مین یہ نجانتا تھا ہرچند اس امید موہوم مین بھی اپنی خود رائی سے بہت کچھ صرف کیا دلا لون کا فائدہ ہوا ہندوستان اسی نفسانیت و طمع خام دنیا سے خراب ہوتا چلا آیا ہے۔

روانگی نواب سمت بنارس

غرض جبدن نواب وانہ بنارس ہوے پہلے حاضر حضور جنابعالی ہوے نذر دی خلعت فاخرہ رخصت ملا وہان سے قبر جنّت آرامگاہ پر فاتحہ پڑھکر سوار ہوے کثرت لشکر و ملازمین ہمراہ رکاب تھے پانچ کمپنی انگریزی حفاظت راہ کو ساتھ تھی اور اس جانے مین بھی ۷ لاکھ روپیہ صرف کیا تھا جب اجازت جنابعالی سے ملی تھی کسواسطے اور بھائی مثل نواب جلال الدولہ مہدی علیخان حسین علیخان باخفا لکھنؤ سے نکلے ہین چنانچہ ایک دفعہ کلب علیخان تبدیل لباس کرکے نکلے تھے گنگا کے گھاٹ سے بذلت پکڑ آئے تھے اور دو کرور روپیہ کے نقد وجنس سے روانہ ہوے تھے اوسمین ضبطی مال راجہ مہرہ بھی انھین کے پاس تھی جبا وسکے واسطے عرض کرتے تھے جنّت آرامگاہ فرماتے تھے اپنے پاس رہنے دو یہ نہ فرمایا کہ تم لے لو جنابعالی نے اپنی سیر چشمی اور نواب گورنر جنرل بہادر کے سمجھانے سے اوسکے دعوے سے ہاتھ اوٹھایا تھا اس سفر مین نقصان بہت ہوا بائیس کشتی بارا سباب کی مرزا محب علی داروغہ دریاے گومتی سے روانہ ہوئی تھی لوگون نے پردون مین تھیلی اشرفیون کی بجاے روپے کے پائی تھی۔

غرض جب افضل بنارس ہوے رئیس اور رعایاے شہر انکا جاہ وحشم دیکھکر بہت خوش ہوے کہ ایسے رئیس نامدار صاحب معتدد کے رہنے سے باعث مزید آبادی شہر ہوگا اور فی الجملہ رفاہ غرباے شہر بھی متصور ہے لیکن نواب نے ازراہ تخفیف جتنے ملازمین خاص عام مع شاگرد پیشہ یعنے جو لکھنؤ کے تھے برطرف کردیا سوا ے حکیم مرزا ظفر علیخان اور حاجی مرزا بہادر علی کے سمجھے کہ ان سب کا اپنے پاس رکھنا گویا ہر شخص اخبار نویس لکھنؤ ہے اور مصارف لابدیات مین بھی جزرسی کی الاضیافت و مہمانی صاحبان عالیشان آیندہ و روندہ مین یا اونکی خرید اسباب مین بہت اپنا نقصان کیا ناموری سے بھی اور بحیثیت مقوہوم بھی سرکار جنابعالی سے اپنی تنخواہ کے پچیس ہزار مہواری کے طالب تھے جو جنّت آرامگاہ قیام بنارس مین پاتے تھے مگر ساڑھے سترہ ہزار معمولی برقرار رہے۔

بعد قیام کئی برس کے عظیم آباد تشریف لیگئے نواب مبارک الدولہ نواب خجگلی کے بیٹے سے اپنی بیٹی مسماۃ مغل صاحبہ کی شادی کی دوسری بیٹی برلانی بیگم کی شادی شوکت الدولہ

مرزا سید وصاحب کے بیٹے سے بنارس مین کی ہر مہینے مین ہزار روپے سادات ومومنین کو معرفت حکیم مرزا ظفر علیخان کے تقسیم کرتے تھے پھر ایسا اتفاق ہوا کہ گسٹس بروگ صاحب بہادر رزیڈنٹ سے کچھ صورت خلاف ہوئی قصد روانگی کلکتہ کیا کئی مہینے تک کرایہ بجرے اور کشتیون کا دیا خود بھی کئی دن تک بجرے مین جا کر رہے آخر منشی غلام قادر خان ملازم قدیم گورنمنٹ اکثر امور عظیمہ مین انفصال کو جایا کرتے تھے صاحب رزیڈنٹ کیطرح سے سمجھانے کو گئے بعد بہت سے نشیب وفراز فہمایش کے سفر سے باز رکھا بہت زیر باری ہوئی ۔

روانگی نواب سمت کلکتہ بعزم زیارت اور منع کرنا نواب گورنر جنرل کا

کئی برس تک نواب بعزم بالجزم عتبات عالیات کربلائے معلےٰ نواب گورنر جنرل سے طالب رخصت ہوے آخر اجازت بہر صورت ہوئی بنارس سے مع صاحبزادہا اور جناب بیگم صاحبہ ملازمین اور متوسلین کمال شان وشوکت سے بسواری پنس وبجرہ وکشتی روانہ کلکتہ ہوے اور اسباب جو فضول تھا اوسکا نیلام کئی مہینے پیشتر سے کردیا تھا نواب گورنر جنرل نے ابتدے روانگی بنارس سے تا ورود کلکتہ جتنا لوازمہ مہمانی اس خاندان عالیشان کا تھا بحفظ مراتب کیا تھا اور جا بجا شہر مین حکام کو حکم رسد رسانی وحفاظت راہ کا پہونچایا تھا اور ہر شہر اور چھاؤنی مین گیارہ توپ سلامی کی چلتی تھی اور صبح وشام نواب کی بھی توپ چلتی تھی مگر زیر چند رنگر فراش انکا لگان ہوا سارجن آکر منع کر گیا توپ کو جب مرشد آباد مین لگان ہوا تھا وہان کے بندگان عالی متمنی ملاقات ہوے تھے مگر بندر ونگا نواب نے جواب دیا سبحان اللہ نواب مبارک الدولہ نے نواب امیر الدولہ بہادر نائب کے نائب کو نذر دی تھی کسوجہ سے اب عذر ہے اس جہت سے ملاقات نہوئی ۔

جب ہوگلی مین لگان ہوا اشترلنگ صاحب بہادر سکرٹر اعظم مع کئی مصاحبان نواب گورنر جنرل بہادر کے استقبال کو آئے بہت عزت واحترام سے داخل کلکتہ ہوے منادی شہر مین ہوئی کہ نواب مہمان سرکار کمپنی انگریز بہادر کے ہین انکے ملازمین حکم عدالت اور احکام قوانین سے بری ہین صاحب پولس انکے سپاہیون سے مزاحمت اسلحہ نکرے کئی کوٹھیان کرایہ کی لین ہو بازار مین اونمین اوترے ۔

دوسرے دن نواب مع صاحبزادہ ناظم الدولہ اقبال الدولہ امین الدولہ مبارز الدولہ بہادر
نواب گورنر جنرل کی ملاقات کو گئے حسب دستور نواب کو کشتیان لباس فاخرہ وعمدہ کی دین
ناظم الدولہ کو تلوار دلایتی باقی صاحبزادون کو الماس کی انگوٹھی اور ساعت طلائی اور بپاس خاطر بادشاہ
اودھ نے رخصت کیا اور عتبات کے جانے مین فرمایا ملک عراق مین سلطنت غیر ہے ہماری سرکار کو چندان
مداخلت نہین اور آپکا ارادہ وہان جانے کا ہے ہمین خوف یہ ہے کہ مبادا وہان کوئی امر خلاف آپ کے
سرزد ہو اور ہمسے اوسکی حمایت نہوسکے اس صورت مین ہمارے واسطے سراسر بدنامی اور موجب
سبکی کا ہوگا اگر ملازمین اپنا نائب الزیارت کسیکو بھیجین تو غالب ہے خلاف مذہب ملت کے
بھی آپ کے نہوگا۔

ظاہر اسبب تاکید نواب معظم الیہ کا مزاحمت سفر مین یہ تھا کہ حضرت خلد مکان نے نواب
معتمد الدولہ کے سمجھانے سے محبت نامہ اس باب خاص مین بھیجا تھا کہ نواب شمس الدولہ کا کلکتہ جانا اور
وہان رہنا اور عتبات جانا بے اجازت و مرضی ہمارے ہوا ہے یہ باعث برہمی اور بے اعتنائی
ہماری سلطنت اور موجب توحش رعایا متصور ہے اگر آپ برادر عزیز کو جلد رخصت فرمائیے تو باعث
اطمینان اور مزید اتحاد و خلوص محبت ہوگا ہم نہین چاہتے کہ وہ ملک غیر مین جاکر بود و باش
اختیار کرین۔

نواب گورنر جنرل نے اوسکا جواب بھیجا کہ نواب شمس الدولہ آپکے بھائی ہمارے مہمان ہوے
اس جہت سے بہر حال تعارفات ظاہری اہالی سرکار کو منظور رہے لیکن محض بپاس خاطر آپکے ہمنے
اوسی دن سمجھا کر رخصت کیا۔

حضرت بیگم صاحبہ خاص محل اور مرزا عباس اونکے بھائی کو جو مشیر و صلاح کار تھے بہت ناگوار
ہوا کہ ہمنے لکہا روپیہ اپنا برباد کیا نہ دین کے ہوے نہ دنیا کے اگر بعد چند روز قیام اس شہر کے
جاتے تو مضایقہ نہ تھا بہر حال اب فکر یہان کے قیام کے موافق قانون نکالا چاہیے بی بی کالون
تاجر کی ہندوستانی بیگم صاحبہ کے پاس آتی تھی اوسنے اپنے صاحب سے یہ ماجرا بیان کیا وہ اوسی وقت
جرنیلی ڈاکٹر قلعہ کو نواب کے پاس لے آیا ڈاکٹر نے مغل اور زبان نواب کی دیکھکر جیسی اس
مضمون کی لکھکر دی کہ ہمنے احوال مزاج نواب کا دریافت کیا لہذا ہماری تشخیص مین یہ ہے کہ

اگر نواب جلد مراجعت یہانسے کرجائینگے کچھ عجب نہین کہ کسی مرض مزمنہ مہلکہ مین بسبب ضعف قوے گرفتار ہوجائین اور باعث انکی ہلاکت کا ہو نواب نے وہ سارٹیفکٹ ڈاکٹر کا بلف اپنے مجبت نامہ صاحب سکرٹر کے پاس بھیجدیا اور یہ بھی مندرج کیا کہ اگر ہمارا قیام نواب گورنر جنرل کو حصار کلکتہ مین منظور نہو ہم بیرون احاطہ چندروز کے واسطے مکان لیکر رہینگے انشاء اللہ بعد رفع خستگی راہ ہم روانہ بنارس ہوجائینگے ۔

خلاصہ دو گھنٹے کے عرصہ مین حسب تکلف قانون مروجہ یہ سب مرحلہ طی ہوا بیس ہزار روپیہ اسمین صرف ہوا سکرٹر صاحب نے نواب گورنر جنرل کو سمجھا دیا چنانچہ ایک بڑی کوٹھی موچی کھولے مین پہلے بکرایہ لی پھر اوسے ستر ہزار کو مول لیا کلکتہ خوب مقام تجارت ہر شی کا ہے ۔

انتقال نواب ناظم الدولہ و نواب شمس الدولہ و مرزا عباس اور مراجعت بیگم صاحبہ بنارس کو

کئی مہینے کے بعد نواب ناظم الدولہ بڑے بیٹے نواب کے بہت صاحب حسن و جمال فیاض سب سے زیادہ رفیق پرور تھے بسبب تعیش شباب جوانی و امارت عارضہ جوانی مین گرفتار تھے کلکتے مین پرستان سمجھکر پریون سے ہمکنار ہوتے تھے اس جہت سے مادہ فاسد نے عود کیا تھا اور فساد غذا سے بیوقت بھی اکثر ہوتا تھا دفعتہ درد گردہ مین مبتلا ہوے ڈاکٹر صاحب نے تکمید بوتل کو کہا لیکن کچھ فائدہ نہوا فصد کھولنا مناسب جانا آخر اسی شدت مرض سے انتقال کیا ماں باپ پر اس مرگ ناگہانی سے بڑا صدمہ عظیم ہوا جہان نظر مین تیرہ و تار ہوگیا دوسری کوٹھی جو اوسی کوٹھی کے برابر تھی دفن کیا اوسے بھی مول لیا تھا ۔

اوسی سال نواب شمس الدولہ بھی متحمل درد جگر نہوسکے مستسقی ہوکر انتقال کیا اوسی کوٹھی مین پہلے اپنے صاحبزادے کے دفن ہوے بیگم صاحبہ کو عجب صدمہ روحانی ہوا نواب نے اپنی حیات مین اقبال الدولہ کی شادی ٹیپو سلطان کی پوتی سے کی تھی جب صاحب سکرٹر سے گفتگو بابت تنخواہ کامل کے ہوئی جواب پایا کہ اب کچھ کم ہوکر ملیگی بیگم صاحبہ نے قبول کیا ہر چند صاحب سکرٹر نے سمجھایا نہ مانا اس بہمی کے باعث فقط مرزا عباس ہوے اس مدت قیام مین لکھا روپیہ صرف ہوا دلالون کا بھلا ہوگیا ۔

اتفاقاً بعد کئی مہینے کے عارضہ دنبل سے مرزا عباس بھی مرگئے سیر و خاک کلکتہ ہوے

مالک زمین نے جھگڑا کیا آخر قبر سے نکالکر دوسری جگہ دفن کیا آخر بعد ان سب مصیبت اور خرابیون کے بیگم صاحبہ پریشان ہوکر بنارس پھر آئین حکیم مرزا ظفر علیخان مرزا عباس سے برہم ہوکر نواب کے حین حیات مین لکھنؤ چلے آئے تھے ۔

بیگم صاحبہ کا لکھنؤ آنا پھر جانا بنارس کو انتقال کرنا کار شاہی سے تنخواہ کا ہونا

جب حضرت شاہ زمان نصیر الدین حیدر بادشاہ ہوے بادشاہ بیگم صاحبہ کو عزیز و اقربا کی بدل پرورش اور پاس خاطر ملحوظ رہتا تھا اس خیال سے کہ نواب معتمد الدولہ کے تسلط سے اقربائے شاہی کے واسطے بہت سی صورت خلاف ہوئی تھی اوسکے عوض سب سے حق صلۂ رحمی بجالائین از آنجملہ حضرت بیگم صاحبہ نے جب عرضی تہنیت جلوس و نذر بھیجی شفقہ خاص کمال محبت بھیجکر بلوایا بیگم صاحبہ مع اپنے صاحبزادون کے تشریف لائین حسن باغ مکان قدیم مین اوترین اور بادشاہ اور بیگم صاحبہ نے بہت انکی پاسداری کی صاحبزادے بھی وقت دربار جایا کرتے تھے اور بعد انتقال نواب معتمد الدولہ کا کئی مہینے تک یہ معمول رہا کہ جتنے اقربائے قریبہ تھے جنسے بیگم صاحبہ کو پردہ نہ تھا ہر صبح پہلے محل مین بیگم صاحبہ کے سلام کو جاتے تھے اتفاقاً اونھین دنون راجہ اودت نراین بنارس بھی شہر مین آئے تھے پہلے زمان نواب معتمد الدولہ مین بھی آئے تھے انکی نذر دینے مین تامل کیا تھا حالانکہ اونکے بزرگ مہاراجہ ٹکیت رائے دیوان وقت وزارت کے نذر دیچکے تھے اور اس زمانہ مین نواب معتمد الدولہ وزیر اعظم تھے اس سبب سے بادشاہ سے ملازمت نہوئی پھر گئے تھے اب زمانہ نواب اعتماد الدولہ کا ہوا شرفیاب ملازمت ہوے خلعت فاخرہ پایا خلاصہ بسفارش اعتماد الدولہ بموجب درخواست راجہ بادشاہ نے بیگم صاحبہ یعنے اپنی چچی سے فرمایا آپ اپنے قدیم مکان حسن باغ مین تشریف رکھیے بنارس مین رہنا بیکار ہے اور وہان کی سب املاک مجھے دیجیے آپکا شاہرہ بھی ہوجائیگا بیگم صاحبہ نے قبول نکیا کسواسطے کہ وہانکی املاک مین صرف کثیر ہوا تھا اور زمین رہن وغیرہ سے محاصل بھی تھا آخر بدل مانع ہوکر مع صاحبزادون کے پھر گئین بعد کئی مہینے کے انتقال کیا ۔

بعد اسکے بیٹون نے ترکۂ مادری آپسمین تقسیم کرلیا اور نواب شمس الدولہ نے کلکتے مین ہر بیٹے کو چھ لاکھ روپے کے نوٹ سرکاری خرید کردیے تھے وہی آج تک اونکی بقاے بسر اوقات

امارت ہی اگرچہ بعضل ولادتہا محتاج نان شبینہ ہی کچھ لکھنؤ مین خیرات جو سرکار سے مقرر ہوئی ہی کچھ اونکو بھی برعایت سفارش ملتا ہی اور سرکار شاہی سے فقط تینون صاحبزادون کے واسطے دو ہزار چار سو روپیہ کا مواجب ملتا ہی معرفت صاحب رزیڈنٹ اب شاید گورنمنٹ سے ملتا ہو۔

نواب قبال الدولہ کا لندن جانا وہان سے قیام بغداد اور بالاجمال احوال امین الدولہ ومبارز الدولہ

بعد انتقال حضرت خلد منزل جب مقدمۂ منا جان وبادشاہ بیگم صاحبہ تمام ہوا اور سلطان الزمان محمد علی شاہ تخت نشین ہوے نواب قبال الدولہ تیسرے بیٹے نواب شمس الدولہ کے پاس چھ یا سات لاکھ روپیہ مجموع تھا بڑی کفایت وخبردرسی سے جمع کیا تھا محض بخیال امید موہوم بے سمجھے اپنی اولوالعزمی سے ارادہ لندن کا کیا ایک میجر صاحب بھی شریک شورا ہوگئے تھے اونکو اپنے وطن جانا انکی معیت سے مفید ہوا کچھ سبز باغ دکھایا کہ آپ پارلیمنٹ مین ادعاے ریاست پیش کیجیے مستحق ریاست آپ ہین کہ آپکا باپ تاج وتخت کاروبار ریاست تھا خلاصہ اس تمناے دلی سے پہلے کلکتے گئے نواب گورنر جنرل سے ملاقات ہوئی اقبال فرنگ ایک کتاب تصنیف کی تھی جسمین تعریف گورنر جنرل اور ممبران کونسل اور خوبی انتظام ممالک محروسۂ سرکار کمپنی لکھی تھی چھپوا کر کلکتے مین نواب گورنر جنرل کو دی اوسمین دو سو صفحہ مین ترجمۂ انگریزی بھی تھا روانہ لندن ہوے۔

اخبار انگریزی سے معلوم ہوا کہ نواب قبال الدولہ مع اصحاب قلیل لندن پہونچے اکثر صاحبان جلیل الشان سے ملاقات ہوئی ایک عرضی درباب سلطنت صاحبان کورٹ آف ڈائرکٹرس کو دی کہ میرے باپ نواب شمس الدولہ تھے مین اونکا بڑا بیٹا ہون از روے استحقاق اور آپکے انصاف سے مین سزاوار ریاست اودھ ہون بعد تنقیح جواب شافی یہ ملا کہ تمھارا بڑا بھائی امین الدولہ بنارس مین ہی پہلی بسم اللہ غلط اور باب ریاست مین جیسا سمجھنے مناسب وقت سمجھا کیا یہ احوال اخبار کلکتہ مین بھی چھپا۔

غرض نواب قبال الدولہ بعد ہمراہ بیجا وسیر وسیاحت لندن شہر پارس ملک فرانس ہوکر

مصر سے مشرف بخانۂ کعبہ ہوے دنیا کو وہین چھوڑا راہ دین اختیار کی بغداد مین آکر مقیم ہوے کنار دریا عمارت عالیشان بنوائی ہے اکثر پنجشنبہ کو زیارت کاظمینؑ کو جاتے ہین اکثر اقربا و روسا سے لکھنؤ وہان جاتے ہین مہمان اونکے ہوتے ہین پاشا بغداد بالیوز کمال عزت و احترام سے پیش آتا ہے حکومت وہان رہتے ہین بنارس سے بی بی کو بلوا بھیجا تھا ایک حکیم کو دار و غہ کرکے چھوڑ گئے تھے بوشہر سے بی بی کو آکر لے گئے بصرے مین کنار فرات حکیم جی کا بندوق سے باتہام شکار کیا مرزا جلال الدین حیدر انکا بیٹا بہت صاحب لیاقت تھا عارضۂ چیچک سے مرگیا بڑے تجمل سے جنازے کو اوٹھایا پاشا اور بالیوز اور اُمرا تشییع جنازہ مین تھے نواب تبدیل ہوا کو حمام علی کو گئے ہوے تھے شہر حلب مین چار منزل بغداد سے ہے اس حادثۂ جانکاہ سے بڑا صدمۂ روحانی ہوا کہ نام و نشان مٹ گیا بعد اسکے خاص محل نے بھی انتقال کیا پھر آج تک کوئی اولاد نہین سُنی نقد و جنس جتنا تھا اوسے گورنمنٹ کو لکھدیا وصیت کا احوال نہین سُنا بعد اس انقلاب ہندوستان کے پھر تشریف فرماے لندن ہوے سُنتے ہین کہ سرکار سے دو ہزار پانسو ماہواری مقرر ہوگیا ہے مخبر سرکار ہین اور تقسیم دو ثلث نواب مبارک محل وغیرہ کی انھین کے اختیار سے ہوتی ہے البتہ نسبت اور ونکے اونکے بہت سے صفات ہوگئے ہین مگر کیا فائدہ یہان سے تو بنیاد سلطنت بیخ و بن سے جاتی رہی۔

نواب امین الدولہ انکے بڑے بھائی مع اولاد ناظم الدولہ مقیم بنارس ہین جب انھون نے نامنظوری سرکار کا احوال نسبت اقبال الدولہ سنا اپنے نجانے پر افسوس کرتے تھے ایا انھون نے بھی انتقال کیا۔

نواب مبارز الدولہ عرف آغا صاحب چھوٹے بھائی بعد انتقال اپنی مان کے لکھنؤ آئے کچھ لکھنؤ کے ذات شریف ملازم تھے ایک کوٹھی جنرل مارٹن کی کوٹھی کے قریب کنار نہر مول لی کچھ درتعیش کھولا لاکھ روپے کا ایک نوٹ تقدق سد کیا جسکے بیچنے سے کچھ نفع ملازمین کو بھی ہوا بعد اسکے متنبہ ہوکر اپنی خبرداری کی اور سوے گاہ گاہ ملاقات صاحب رزیڈنٹ کے سب سے ملاقات ترک کی اس ہنگامۂ فساد لکھنؤ مین خدا نے بچایا روانہ

کلکتہ مجھے وہانسے مشرف بزیارت عتبات عالیات ہوے جب مراجعت کرکے بمبئی پہونچے انتقال کیا ایک بی بی خاص محل نواب احمد علیخان کی بیٹی نواسی حضرت آرامگاہ کی لکھنؤ مین تھی اونکے پاس اونکا بیٹا مختلف البطن تھا ایک بی بی غیر طبعی ساتھ تھی اوسنے دعوی مہر سرکار مین کیا اونکے نوٹ گورنمنٹ اودھ سے ملے ہو جب وصیت مرحوم جب یہ بی بی داخل بنارس ہوئی ایک اور رنڈی منظور کی تھی اوسے زہر دیا ولیم صاحب بی بی کے سگے بھائی نے لطمع دنیا اپنی بہن کو زہر دیا نقد و جنس کئی لاکھ روپیہ عدالت دیوانی مین ثابت ہوا بی بی نے دعوی مہر کیا ہے دیکھا چاہیے کیسے نتیجہ ہو وہ بھی لکھنؤ مین مر گئین پھر نہین سنا گیا ہوا روپیہ کے امین تھے اپنے حین حیات مین کیون نہ کیا وگرنہ اسی دولت سے برباد غیر مستحق کو پہونچتا ہے۔

مرزا سلیمان شکوہ شاہزادہ

مختصر احوال مرزا محمد سلیمان شکوہ بہادر شاہزادہ دوئمی حضرت شاہ عالم بادشاہ دہلی یہ ہے کہ یہ اپنے باپ کے زمان سلطنت مین بروقت یورش لشکر کشی اکثر سپہ سالار لشکر ہوکر جایا کرتے تھے چنانچہ مرزا محمد شفیع خان نے بھی اپنی امیر الامرائی مین بعد رحلت نواب نجف خان کے اسی شاہزادے کو سپہ سالار لشکر کیا تھا جب محمد بیگ خان ہمدانی سے مقابلہ کیا تھا اور غلام قادر روہیلے نے بھی پہلے اسی شاہزادے کو سپہ سالار لشکر کرکے ہاتھی پر سوار کیا اور خود حامل امیر الامرائی لیکر اونکی خواہی مین بیٹھکر اپنے گھر لاکر قید کیا۔

حقیقت حال غلام قادر یہ ہے کہ پہلے اسنے منظور علیخان نواب ناظر کو موافق کرکے شرف ملازمت بادشاہ اور بندوبست قلعۂ مبارک چاہا بادشاہ نے نواب ناظر سے ارشاد کیا کہ مین نے اسکے باپ کو مارڈالا ہے اسکا اس طرح آنا اچھا نہین عرض کی حضور مطمئن رہین کیا اوسکی مجال ہے جو نظر بد سے حضرت کو دیکھ سکے غرض جب وہ داخل قلعہ ہوا اپنا بندوبست اور انتظام بخوبی کرکے حاضر حضور بادشاہ ہوا اور گستاخانہ کہا کہ اب تم تخت شاہی سے اوٹھو بادشاہ نے بچشم پر غضب فرمایا اے ملعون تو مجھے نہین اوٹھا سکتا ہان مگر کوئی میرا ہم چشم آوے تو کیا مضایقہ غرض یہ جاکر بیدار بخت احمد شاہ بادشاہ کے بیٹے کو لایا اور اوٹھا بیٹھا

تخت پر بٹھادیا بادشاہ تخت سے اوتر کر مسند پر بیٹھے بعد اسکے اوسنے قید کرکے نو محلے بھیجدیا اوسکے بعد اوسنے حسب الحکم بیدار بخت اکثر شاہزادون کی آنکھ مین سلائی نمد سے گرم کرکے پھروادی جب نوبت بادشاہ پہونچی پہلے انکی ایک آنکھ چھری سے نکال ڈالی بادشاہ نے اوسے مان کی گالی دی اوسنے دوسری آنکھ بھی نکال لی کہتے ہین کہ بعد جلوس تخت نشینی کسی کمال نے بادشاہ کے حدقہ چشم کو اس تکلف وخوبی سے بنایا تھا کہ غیر شخص کو امتیاز مطلق چشم کور کا نہوتا تھا۔

الغرض مرزا سلیمان شکوہ نے اوسی قید مین اپنے خواص شکرو کو عامل فریدآباد کے پاس بھیجا وہ مہاجی سیندھیہ کیطرف سے وہان کا عامل تھا کہ وہ مشروحا احوال کورنمکی غلام قادر اور خرابی سلطنت مہاراج کو لکھے عامل نے عذر کیا کہ اگر شاہزادہ شقۂ خاص اس باب مین عنایت کرین تو مین البتہ وہ شقہ مہاراج کو بھیج سکتا ہون اور بے سند مین نہین لکھ سکتا شاہزادے نے جب یہ سنا محمد مراد جو غلام قادر کیطرف سے انپر متعین تھا اوسے موافق کرکے کاغذ و دوات وقلم طلب فرمایا وہ مردِ بہشتی اپنی مشک مین چھپا کرلے آیا شاہزادے نے شقۂ خاص دستخطی مہاجی سیندھیہ کہ متضمن ظلم وستم لکھکر اوسی خواص کو مع شقہ عامل کے پاس بھیجا جب شقہ مہاجی کے پاس پہونچا اوسی وقت ملہار راؤ راجہ ہمت بہادر راجہ علی بہادر کو مع فوج قاہرہ تسخیر شاہجہان آباد اور استیصال غلام قادر کو یلغار روانہ کیا۔

جب فوج پہونچی محاصرہ قلعہ کیا طرفین سے توپ چلنے لگی فوج غلام قادر نے ایک کوٹھ بارود اور گولہ کا کھولکر چھاپا ہر لیجائے اتفاقاً کسی سپاہی کی بندوق کے توڑیکا گل وہان گرا کوٹھ ہوائے آسمانی ہوگیا پتھر اور آدمی جو قریب تھے مثل پتنگون کے آسمان مین اوڑتے رہے یہ پہلا شگون بداقبالی ہوا آخر بعد کئی دن کے محاصرے کے غلام قادر قلعہ سے بھاگ کر پار دریا جاکر مع لشکر ملا اور مرزا اکبر شاہ اور مرزا محمد سلیمان شکوہ اور کئی شاہزادون کو مقید اپنے ساتھ لیگیا۔

فوج جسنے محاصرہ قلعہ کیا تھا بجاے خود متحیر تھی کہ کیونکر داخل قلعہ ہو ہر طرف سے دروازے بند تھے عورات محل نے گھبراکر مرزا کام بخش پنجسالہ چھوٹے بیٹے مرزا محمد سلیمان شکوہ کو

فصیل چڑھا کر فوج کو پکارا کہ قلعہ مین کوئی نہین ہو تم چلے آؤ فوج نے گولہ کٹھری کی پھاٹک پر مارا داخل قلعہ ہوئی محلات مین ہر طرف شور قیامت برپا تھا ہر طرف سے صدائے داد و بیداد و دہائی بلند تھی اُمرائے مرہٹہ اور افسران فوج نے پہلے تجسس کیا کہ اگر کوئی شاہزادہ اولاد شاہ عالم سے ملے تو ہم اوسے اپنا سپہ سالار لشکر مقرر کرین چنانچہ اسی شاہزادے کو اپنا سپہ سالار لشکر اور نو محلہ مین بادشاہ کے پاس بھیجا جہان نابینا کیا تھا اوسوقت تک وہین آب طعام کچھ نہ دیا تھا بیہوش غش مین پڑے تھے فقط قوت بادشاہت سے جیتے رہے تھے اور اتنی طاقت اونمین نہ تھی کہ زبان سے پانی پینے کو مانگ سکین لوگ اشارے سے سمجھکے کپڑا پانی سے تر اونکے حلق مین قطرے پانی کے نچوڑے زبان تر ہوئی فی الجملہ حرکت بات کی ہوئی فرمایا مرزا اکبر شاہ کو بادشاہ کردو لیکن اُمرائے مرہٹہ اسپر راضی نہوے بادشاہ کو اوسی حال سے جس پلنگ پر تھے دیوان خاص مین اوٹھا لائے اور تخت پر بٹھایا توپ سلامی کی چلی سب آداب لوازمات سلطنت بدستور جاری ہوے گویا از سر نو سلطنت قائم ہوئی اور اسی جلوس سے ہندو وزارت اور خطاب عالیجاہ مہاجی سیندھیہ کو عنایت فرمایا چنانچہ خود فرماتے ہین ؎ مادھوجی سیندھیہ فرزند جگر بند من است + آصف الدولہ دانگر نزیکہ دلسوز من اند + چہ عجب گر بنمایند مددگاری ما + غرض تا حین حیات بادشاہ مرزا محمد اکبر بادشاہ کا رفرما و لیعہدی و صاحب دستخط رہے تعجب ہے کہ اس شدت سختی و مصیبت بے کھانے اور پانی کے جیتے رہے ۔

الغرض سب اُمرائے مرہٹہ شاہ عالم کو تخت پر بٹھا کر رخصت ہوے بادشاہ محمد اکبر شاہ سے فرمایا تم جا کر بیدار بخت کا سر لاؤ جب یہ نو محلے مین گئے دیکھا کہ وہ قرآن پڑھ رہے ہین حکم دیا اُنکا سر کاٹ لو پھر اونکے دوسرے بھائی کا بھی سر کاٹ کر دونون سر بادشاہ کے سامنے لائے فرمایا دہین نو محلے مین گڑوا دو بعد اسکے فوج قاہرہ پار دریا کے اُتری اور طرفین سے توپ چلنے لگی کسواسطے کہ غلام قادر مع فوج پار دریا کے پڑا ہوا تھا آخر ہر طرف سے فوج کو گھیر لیا رسد غلّہ بند کی بعد کئی دن کے جب فوج فاقہ سے مرنے لگی میرٹ کو بھاگی فوج نے تعاقب کیا نائرہ جدال و قتال گرم ہوا لیکن اُمرائے مرہٹہ کو فکر شاہزادون کے لینے کی پڑی کہ قبضۂ دشمن سے کسی حکمت سے نکالین کسواسطے کہ وقت رخصت بادشاہ نے

تھا کید فرمایا تھا کہ خبردار لڑائی مین مرزا محمد اکبر شاہ کو کسی طرح کا آسیب پہونچنے پائے اسواسطے غلام قادر سے بحیلہ صلح وعفو جرائم کے اقرار سے شاہزادون کو لے لینا اوسکے بعد معرکہ آرائی شروع کرنا غلام قادر نے بامید موہوم عفو جرائم سب شاہزادون کو حوالہ کیا لا محمد سلیمان شکوہ کو نہ چھوڑا چنانچہ جب محمد اکبر شاہ داخل فوج مرہٹہ ہونیکے طرفین سے پھر توپ چلنے لگی آخر فوج روہیلہ کو شکست ہوئی سپاہ ہر طرف بھاگی غلام قادر بھی بھاگا اتفاقاً اسکے گھوڑے کے پیٹ مین گولا لگا گھوڑا ولایتی تھا چار قدم جھلکر گرپڑا غلام قادر پیادہ ہوکر بھاگا لاکن اصل اصول یعنی جواہرات عمدہ تھا اوسکی کمر مین تھا جب کسی بستی مین پہونچا اتفاقاً ایک سقہ اودھر سے چلا آتا تھا اسکا پرسان حال ہوا اُسنے سب اپنی کیفیت بیان کی اوسنے کہا حضور میرا گھر حاضر ہی بہت حفاظت سے آپ رہین گے یہ اُسکے گھر گیا اوسنے ایک کوٹھری مین بٹھا کر قفل کردیا سپاہ مرہٹہ اسکی تلاش مین ہر طرف پھر رہی تھی اوسنے کہا اگر مین پتا بتادون کیا دوگے سبھون نے بہت کچھ دینے کا اقرار کیا آخر وہ بہشتی فوج کو اپنے گھر لیگیا قفل کھولکر غلام قادر کو دکھادیا اور کہا یہ وہی حرامزادہ ہی جسنے میرے باپ کو بیگناہ مارڈالا ہی فوج نے اوسے لوہے کی لاٹھون کے پنجرے مین بند کیا چھکڑے پر رکھکر بادشاہ کے سامنے لے آئے کہ یہ نمک حرام حاضر ہی فرمایا تمھین اختیار ہی فوج ہر روز اسکا ایک بند اعضا کاٹ کر تشہیر کیا کرتی تھی جب خود ایک مضغہ رہگیا تھا تھی کے پانون مین رسّی مین باندھکر تشہیر کیا جہنم واصل ہوا ایسا بھی انتقام دنیا مین بہت جلد کم ہوتا ہی۔

جب فوج روہیلہ بھاگی مرزا محمد سلیمان شکوہ تن تنہا میدان قتال مین تماشائے قدرت کاملہ خدا کو تحیر دیکھ رہے تھے کہ دفعۃً راجہ ہرت بہادر مثل ہمائے اقبال پہونچے انھین پالکی پر سوار کرکے لائے مرزا محمد اکبر شاہ کے ہاتھی پر سوار کردیا اور بعد فتح داخل قلعہ مبارک ہوے۔

بعد اس معرکہ اور سانحہ عجیب کے دوسرے برس مرزا محمد سلیمان شکوہ کو ازبسکہ تکلیف بلا بیات ازحد ہونے لگی اور بعد اس برہمی دغا تنگری کے سلطنت بھی برائے نام باقی رہی خانہ زاد وداروغہ وخواصان بادشاہی شاہزادون سے سوا تھے دلبرداشتہ ہوے اور ارادہ وہان سے

ہجرت کا کیا چنانچہ اونھون نے کئی گوجر نوکر رکھے اور ایک گھوڑا سواری کا اُنکے ساتھ کرکے پار دیا
کے آار دیا شاہزادے شب ۱۱ مین کمندڈال کے اُس فصیل بلند قلعہ سے اوترے ایک گوجر
کی پیٹھ پر سوپار دریا کے آئے اور اُس گھوڑے پر سوار ہو تیس کوس تک یلغار چلے آئے
پہلے داخل راجپور ہوے فیض اللہ خان رئیس راجپور نے سُنکر استقبال کیا بعد شرف ملازمت
خیمہ مین اُتارا اور موافق اپنے مقدور کے پیشکش کیا جس سے فی الجملہ سامان بے سامانی شاہزادہ
درست ہوگیا بعد اسکے مراد آباد ہوکر بعد طی منازل داخل صوبہ اودھ ہوکر فتح گنج لکھنؤ سے
تین کوس پر خیمہ کیا جب نواب آصف الدولہ کو خبر پہونچی اپنے حاضر ہونے کا عذر کیا اس جہت
سے کہ مرزا جوان بخت بڑے بیٹے شاہ عالم کے لکھنؤ مین بعض حرکات خلاف سے اُنکا قیام شہر مین
مصلحت نجانا تھا آخر بصلاح نواب گورنر جنرل وارن ہیسٹینگ صاحب بہادر قیام بنارس جاکر کیا تھا
نواب نے بسبب اپنی ناراضگی کے چاہا کہ وجہ معینہ شاہزادہ موصوف کو موقوف کردین لیکن نواب
معظم الیہ جو وقت داخلہ لکھنؤ شریک استقبال اور معین ہوے تھے ہرچند نواب نے عذر کیا
کہ وجہ معینہ بشرط قیام لکھنؤ تھی وگرنہ اسی طرح شاہزادے دلی سے آیا کرین گے
ہر ایک کے پیشکش مین یہ تمام میرا محاصل ممالک محروسہ دعوت و پیشکش مین صرف
صرف ہوجائیگا نواب محتشم الیہ نے سمجھایا کہ اُنکا آپ کے شہر مین آنا اور یہان سے جانا
میری صلاح سے ہوا ہو مناسب حال نہین اور خلاف آپ کی ہمت کے ہو آیندہ جب ایسا
اتفاق ہو آپ سمجھ لیجیے گا اس جہت سے نواب کو رونق افروزی مرزا محمد سلیمان شکوہ مین
تامل ہوگیا تھا۔

غرض تین مہینے تک فتح گنج مین بجمعیت پانچہزار سوار و پیدل شاگرد پیشہ وغیرہ مقیم خیام رہے
اور نواب یہی عذر کرتے رہے کہ فدوی خلاف عہدنامہ جو سرکار انگریزی سے ہوا ہو بے صلاح
نواب گورنر جنرل حاضر حضور نہین ہوسکتا آخر اکرام اللہ خان بھائی تفضل حسین خان نائب کے
جو شریک مصلحت شاہزادہ ممدوح تھے اونھون نے خان موصوف کو موافق کرکے نواب گورنر
جنرل کا من وال صاحب بہادر سے سمجھاکر اجازت ملاقات دلوائی نواب نے فتح گنج جاکر
استقبال کیا شاہزادے ہاتھی پر سوار ہوے نواب حسب دستور وزیر اعظم خود ہی مین بیٹھکر

سوچھیل ہلاتے ہوے بڑے تجمل سے داخل شہر ہوے ٹیڑھی کوٹھی نو تعمیر جنرل ارٹن میں اُترے
چھ ہزار روپیہ ماہواری معرف باورچیخانہ سرکار رجا بعالی سے مقرر ہوے جب نواب
سعادت علیخان مسند نشین ہوے اور دولتخانۂ قدیم کو چھوڑکر فرح بخش جنرل موصوف کو مول لیکر
رہنا اختیار کیا اور منظور آبادی شہر جدید ہوئی ہمسایہ شاہزادے کو خلاف واب شاہی سمجھکر
کوٹھی بخشی اہل صاحب کنار دریا ہمسایہ رزیڈنٹی بمعاوضۂ ٹیڑھی کوٹھی شاہزادے کے
رہنے کو دی۔

خلاصہ شاہزادۂ ممدوح ۱۲۱۵ ہجری مطابق ۱۷۹۰ء عہد دولت نواب آصف الدولہ
سے کہ وہ زمان گورنری لارڈ کارن وال بہادر تھا تا سنہ جلوس نصیر الدین حیدر شاہ زمان کمال
اعزاز و احترام سے لکھنؤ مین رہے نواب سعادت علیخان و نواب غازی الدین حیدر خان بہادر
۱۲۳۳ ہجری تک بطریق وزارت حسب دستور وزیر اعظم قدیم پیش آیا کیے شاہزادے کو نذر دیتے
تھے خلعت پہنتے تھے جب غازی الدین حیدر خان بہادر باتصواب حکم صاحبان صدر الاقدر تخت نشین
ہوکے بادشاہ ہوے شاہزادۂ ممدوح سے طالب ملاقات مساوی برادرانہ ہوے شاہزادے نے
منظور نکیا آخر بحکم صدر جان منٹن صاحب رزیڈنٹ نے میر منشی باقر علیخان کو شاہزادے سے کہلا بھیجا کہ
کہ سابق ازین والیان اودھ وزیر تھے باداب وزارت حضور مین حاضر ہوکر نذر دیتے تھے خلعت
پہنتے تھے اب بحکم صدر بادشاہ ہوے حضور اونسے ملاقات مساوی فرمائین اور تواضع و تکریم طرفین
سے مساوی عمل مین آئے شاہزادے نے جواب دیا بہت اچھا اگر مین ملاقات کرونگا اوسی طریق
سے پیش آؤنگا منشی نے تبلیغ رسالت کیا اور پھر آکر عرض کی فدوی کو حکم قطعی صدر سے آیا ہے
کل شاہ اودھ اور فدوی ملاقات حضور کو آئینگے اور حضور کے ارشاد سے معلوم ہوا کہ کبھی ملاقات
نہ ہوگی۔

غرض شاہزادے کو یہ امر ناگزیر بہت ناگوار خاطر ہوا افسردہ ہوے باغ مین تھے اوسی دن
دولتسرا آئے صبح کو شاہ اودھ مع رزیڈنٹ بڑے احتشام سے آئے مرزا کامبخش انکے
بیٹے بہت ہوشیار و صاحب فہم تھے شاہزادے کو ایک کمرہ سراہ مین بٹھا چلمن چھوڑ دی
باہر دروہ ملازمین دست بستہ کھڑے ہوے جب شاہ اودھ تاج شاہی سر پر لباس شاہی

پہنچے مع امرا و ارکان دولت روبرو مکان خاص تشریف لائے یکبار نواب نظر نے چلمن اوٹھائی حسب دستور شاہی پکارا اہل دربار خبردار ہو جاؤ حضور برآمد ہوتے ہین شاہ اودھ نے موافق اپنی عادت قدیم ایک ذرا خم ہو کے سلام کیا وہ ہاتھ خود اوٹھا اودھر چوبدار اپنے دستور سے پکارا کہ صاحب عالم و عالم پناہ سلامت شاہزادے نے جواب سلام شاہ اودھ کو مثل طریقۂ اسلام دیا فقط یہ کیا کہ دہنے ہاتھ مین شاہ اودھ کا ہاتھ بائین مین رزیڈنٹ کا ہاتھ لیکر اپنے مکان دیوان خاص مین ایک مخمل پر شاہ اودھ کو اپنے پہلو بٹھا کر صاحب رزیڈنٹ سے فرمایا کہ جو خوشی سرکار کمپنی کی تھی پہنچنے کی اب مختار محل قریب مرگ ہو رہی ہے مین اوسے حالت سکرات مین چھوڑ کر آیا ہون اسوقت دنیا میری نظر مین تیرہ و تار رہا اس جہت سے فرصت نہین انشاء اللہ پھر ملاقات ہوگی یہ کہکر اوٹھ کھڑے ہوے کشتیان سنگوائین شاہ اودھ نے ایک رومال شالی کشتی سے اوٹھا کر اپنے کاندھے پر ڈال لیا پھر اوسی طرح اوسی مکان خاص تک آکر رخصت کیا خود اوسی طریق شاہی سے داخل ہوے ۔

شاہ اودھ اس طریق ملاقات سے بہت کبیدہ خاطر ہوے کہ میرے طور پر نہ ہوئی فقط نذر و خلعت مین فرق ہوا باقی سب طریق شاہی قدیم بدستور رہا پھر اوس دن سے نصیر الدین حیدر کی شادی تک صورت ملاقات نہوئی جب شاہ اودھ کے مکنون خاطر یہ ہوا کہ اب مین بادشاہ ہوا ہون چاہیے کہ میرے بیٹے کی شادی خاندان طہموریہ مین قرار پاوے جناب اب معتمد الدولہ کو حکم دیا کہ بہر صورت مرزا محمد سلیمان شکوہ کو راضی کیا چاہیے کہ وہ اپنی بیٹی کی شادی میرے بیٹے سے کرین نواب معتمد الدولہ نے رفیق الدولہ میر گلزار علیخان مختار کار شاہزادہ کو بہ طمع دنیا راضی کیا مختار نے توازش محل خاص محل شاہزادہ کو موافق کیا جسے مداخلت مزاج بہت تھی اوسنے شاہزادے کو بہر صورت راضی کیا چنانچہ اس حسن سعی بیرونی و اندرونی سے شادی قرار پائی بڑی دھوم اور تکلف شاہانہ بہرا مرین ہوا کہ موجب کمال مسرت و خوشی شاہ اودھ کا ہوا سات ہزار ہاہواری ہزار بروقت شادی اور پانچہزار ہنگام ملاقات مساوی اضافہ ہوگئے مجموع بارہ ہزار پیشکش شاہزادے کو مقرر ہوے جب نصیر الدین حیدر بادشاہ ہوے اسی سال جلوس مین شاہزادے سے ناموافقت ہوئی اسکا سبب یہ ہوا کہ سرفراز محل شاہزادہ موصوف نے

ایک لڑکی ماخان کلانوت کی لیکے اپنی فرزندی مین مثل بیٹی کے پرورش کی تھی جب وہ جوان ہوئی ہم مرتبہ بیگمات ہوکے مشہور صاحبزادی شاہزادہ ہوئی اوسکا نام قمر چہرہ تھا جب نصیر الدین حیدر نے شہرہ اوسکے حسن و جمال کا سنا اوسکی خواستگاری کو اعتماد الدولہ میر فضل علیخان کو شاہزادے کے پاس بھیجا کہ اگر حضور اوسکا نکاح مجھسے کرین تو مین پانچہزار ماہواری سوائے وجہ معینہ سابق پیشکش کرونگا شاہزادے نے موجب بدنامی سمجھکر قبول نہ کیا بادشاہ کو بہت ناگوار گذرا آخر ایک دن شاہزادے کے محلات اپنے باغ جاتے تھے ایک کٹنی کو محل مین کسی حیلہ سے بھیجدیا تھا عین سواری مین وہ کٹنی اوس لڑکی کو پینس مین سوار کرکے نواب سلطان محل خاص محل بادشاہ کے محل مین لے گئی جب شاہزادے کو یہ خبر ہوئی اوسیوقت رزیڈنٹ سے یہ ماجرا کہلا بھیجا صاحب نے بادشاہ سے اطلاع کی کہ یہ امر سراسر موجب بدنامی و فساد کا ہے اوس سامی کو ابھی سوار کرکے بھجوادیجیے بادشاہ سے کچھ بن نہ پڑا اوسی وقت اوسے سوار کروادیا اور صاحب سے کہلا بھیجا کہ یہ مجھپر اتہام ہے وہ سلطان بہو کی ملاقات کو محل مین آئی تھی شاہزادے نے موجب ایماے صاحب خواجہ سرا اور سپاہی بھیجکر اوسے بلوالیا اور پاقوں مین بیڑی ڈالکر قید کیا۔

الغرض اس امر سے شاہزادے کو لکھنؤ مین رہنا بہت شاق و ناگوار گذرا آخر کرنل کارن صاحب ریذیڈنٹ کاس گنج کو ہوا بھیجا کسواسطے کہ اونکی پوتی شاہزادے کے بیٹے سے منسوب تھی اونکی صلاح و مشورے سے اونھین ساتھ لیکر کاس گنج جاکر رہے کہ عملداری سرکار رہے اب وہ پانچہزار ماہواری شاہزادے نے عوض ملاقات مساوی مقرر کیے تھے موقوف ہوکے سات ہزار ماہواری بیچ ہزار توسط انگریزی قدیم ہزار روپے جو ہر وقت داخل عہدنامہ تھے خزانہ سرکار سے ملنے لگے۔

سزش وہ قمر چہرہ جو قید تھی کرنل صاحب کے بیٹے کے ساتھ بھاگ کر الور پہونچی شاہزادے کو یہ امر اوس سے بھی زیادہ ناگوار گذرا کاس گنج سے اکبرآباد مین رہنا اختیار کیا تادم حیات وہین رہے آخر شہر ذیقعدہ ۱۲۵۳ ہجری یوم سلخ روز یکشنبہ مطابق فروری ۱۸۳۷ء انتقال کیا مقام سکندرہ مین بمقبرہ محمد جلال الدین حیدر اکبر بادشاہ کے جو شہر سے تین کوس ہے دفن ہوے کل اس جلیلہ خان

شاہزادے کے بیٹیون مین بڑے مرزا مظفر بہادر تھے ایک مرتبہ اپنی اولوالعزمی سے لکھنؤ سے ملک اجپوتانہ مین گئے قاضی محمد صادق خان تخلص اختر نواب معین الدولہ میر عنایت علی وغیرہ اکثر شرفاے لکھنؤ بھی ساتھ تھے بہت سے ہاتھ پانون مارے کچھ کچھ ہر راجہ سے پیشکش لی اب کئی برس کے سرگردان ہو کر پھر آئے رفقاے سفر اپنی تلاش معاش کو ہر طرف چلے گئے آخر مرزا محمد سلیمان شکوہ نے سورہ پی مواجب اونکے واسطے مقرر کر دیا خانہ نشین ہوے جوان خوشرو تھے سیلی بیگم منجملہ ازواج جنرل مارٹن سے عقد شرعیہ کیا بعد انتقال گوری بی بی جنرل اوسی مکان مین تا حین حیات رہے جب دونون مر گئے مکان زمین بلند پر تھا کسی وکیل نے نیلام مین مول لیا۔

دوسرے بیٹے شاہزادے کے مرزا کام بخش مدت عمر تک مہتمم کاروبار اپنے باپ کے رہے شاہزادے فقط اپنی عیش و عشرت و کثرت ازواج مین رہتے تھے سیاہ و سفید کے یہ مالک تھے جب مر گئے امام باڑۂ آغا باقر خان مرحوم مین دفن ہوے انکے بیٹے چار تھے مرزا حیدر شکوہ مرزا ہمایون شکوہ دو اور تھے یہ دونون مشرف بزیارت کربلاے معلی ہوے طہران مین شاہ ایران کے پاس رہے مرزا حیدر شکوہ بھی صاحب عزم تھے جب بعد انتقال مرزا محمد سلیمان شکوہ اکبرآباد سے لکھنؤ آئے بسفارش جنرل لو صاحب میر منشی التفات حسین خان مجموع ہزار روپے ماہواری متعلقان مرحوم کو سرکار حضرت فردوس منزل سے مقرر ہوئی اوسمین سے چھ سو مرزا حیدر شکوہ لیتے تھے چار سو اور سب پر تقسیم کرتے تھے اس چھ سو مین انکی بھی بعسرت گذرتی تھی انھون نے زمین امام باڑۂ آغا باقر خان کو سرکار سے لے لیا تھا کس واسطے کہ وہ کھدکر داخل حصار قلعۂ مچھی بھون ہو گیا تھا اس جہت سے کہ اونکے باپ وہان دفن تھے پھر اپنی بی بی کو حوض امام باڑہ مین دفن کیا کہ وہی جگہ قبور سے خالی تھی اس امام باڑے مین غاصبون نے اپنی بےنفسی سے پرانی قبور کو خالص کر کے اوسپر حسب مرضی اپنی لیکر دفن کرتے تھے وجہ غصبی کی یہ ہے کہ آغا باقر خان عمو آغا اسمعیل دلاور جنگ کے تھے نواب شجاع الدولہ کے عہد دولت مین سالدار پانچہزار سوار کے تھے مگر عبدالرحمان خان قندھاری بھی پہلے انھین کے رسالے مین تھے اس جہت سے کہ وہ ولایت اصفہان کے تھے یہ قندھار کے

آغا باقر خان آغا اسمٰعیل کے کارفرما تھے انکی شادی مرزا حسن علی کی بیٹی سے ہوئی تھی جنکی املاک وسیع خاص فرنگی محل مین تھی آغا اسمٰعیل نے عموسے کہا تم قریب مسافر خانہ ایک امام باڑہ بنواؤ میان چوڑی والیان رہتی تھین اونسے بہت سے مکان لیکر امام باڑہ بنا اوس زمانہ مین سوائے آغا ابو طالب خان کے امام باڑہ کے دوسرا امام باڑہ شہر مین نہ تھا آغا اسمٰعیل کو نواب شجاع الدولہ نے کالپی کا عامل کیا تھا اس بہدسے کہ یہ صاحب سامان ہین سرکش انسے دبین گے آغا باقر خان جب لکھنؤ سے گئے وہان تپریدی مین انھین زہر دیا دہین قریب سرائے کالپی دفن ہین آغا محمد شریف اونکے بیٹے صغر سن تھے اشرف النسا خانم انکی مان خائف ہوکر گھر سے باہر نہین جانے دیتی تھین آغا باقر خان جبتک جیتے رہے انھین اپنا زادہ سمجھا کیے مجلس بطور اہل ایران امام باڑہ مین ہوتی تھی سب معاملہ جمع ہوتے تھے آغا محمد شریف کو بھی اپنی نمود کیواسطے مجلس مین اپنے ساتھ لاتے تھے نذر نیاز امام باڑہ کی جمعہ کو اشرف النسا خانم کو آتی تھی مومنین بڑے آدمی امام باڑہ سمجھکر دفن ہونے لگے صاحب مقدور تھے اپنی حیات تک کچھ بابت دفن نہ لیا جب وہ مرگئے آغا فتح علی اونکے بیٹے مفلس بھی ہوگئے بہت کچھ قبر پر لینے لگے اونکے دو بیٹے ہوے پھر تو دروازہ لینے کا کھل گیا اور حرمت و احترام امام باڑہ کا جاتا لگا آخر انجام یہ ہوا کہ داخل حصار قلعہ ہوا مرزا حیدر شکوہ نے اپنی تجویز سے ایک بنگلہ ٹین کا بنوا کر نصب کردیا اور اونکے باپ ماں دفن تھے اس جہت سے لیا مرزا حیدر شکوہ اس ہنگامۂ فساد مین بیلی گارد مین بحفاظت سرکار رہے جب نجات پائی گورنمنٹ مین اپنی عسرت حال اور اطاعت حکم سرکار مع خطوط لارڈ کارن وال بہادر سرکار مین پیش کیا چیف کمشنر نے ولایت بھیجا وہانسے پانسو روپے اور اضافہ ہوے وہ سب پیسہ اوس ہزار روپے قدیم تقسیم ہوا مرزا حیدر شکوہ عازم عتبات عالیات ہوے بعد اسکے روانہ مشہد مقدس ہوے آخر ماہ صفر ۱۲۹۰ھ مطابق ۱۸۷۳ع انتقال کیا ایک صاحبزادہ پہلے عتبات گیا تھا دوسرا اور ایک صاحبزادی بھی اونکے پیچھے روانہ کربلا ہوئی بڑے صاحبزادے جو اونکے مرزا ولیعہد مشہور تھے داماد سراج الدولہ ہین قرضدار بہت تھے معاش کے بڑے تھے وہ زمین امام باڑہ بھی اور مکان جو مثل خرابہ قریب مفتی گنج تھا صاحبزادے کے قرضہ مین نیلام ہوگیا اب وہ سراج الدولہ کی حویلی مین رہتے ہین اس تقسیم رسد ہی مین اونھین بھی

شاہ زمان نصیر الدین حیدر بہادر

Nuseeroodeen Hyder

ملتا ہی مرزا حیدر شکوہ جیتے ہوتے صاحب اختیار رہوتے اب سبکو سرکار سے بحساب ملتا ہی
مرزا ہمایون شکوہ بھی مرگئے یہ احوال امام باڑہ جو اس مولف نے لکھا جسقدر اپنے بزرگون سے
سنا مندرج کیا بغیر نفسانیت جو اوسوقت کا قدیم ہوگا اُسے یہ سب حقیقت معلوم ہوگی یہی وجہ
اسکے مقبول ہونے کی ہوئی کہ خون ناحق ہوا اب اسکا ثواب مقتول کے واسطے عذاب
جس طرف ہو۔

آغا محمد شریف بیٹے آغا محمد اسمٰعیل کے ناخلف ہوے تماش بین تھے املاک فرنگی محل مین بائیس
حویلی ساٹھ دوکان ایک محلسرا اور بارہ دری میراثہ تھی ان سبکا کرایہ بہت کچھ آتا تھا چلن سے چلتے
بخوبی بسر اوقات ہوتی مان جبتک جیتی رہی مطیع رہے وہ اگلے زمانے کی بیبیون مین تھی آغا قرخان نے
خواستگاری کی کہ تم جوان بیوہ ہوئی ہو ہرگز قبول نہ کیا بہت باعزت و باعصمت بسر کی بھائی اور
بہنین مختلف البطن اور بھی تھین سبکو رضامند رکھا جب مرگئین اپنے بھائی مرزا حیدر علی یک چشم کے
امام باڑے مین اپنے باپ کے پہلو مین دفن ہوئین آغا محمد شریف نے اپنی مان کے مہر مین سب املاک
اپنے نانا کی از روے عدالت لی باقی سب اولاد کو محروم کیا آخر بعد سب حویلیون کے محلسرا اور بارہ دری
کو مرزا جعفر کے ہاتھ بیچا محتاج ہوکر مرگئے اوسی امام باڑے مین دفن ہوے اب وہ سب املاک
داخل شرک شارع عام ہوگئی ہی ہے نام اللہ کا۔

جلوس ابو النصر قطب الدین سلیمان جاہ سلطان عادل نوشیروان زمان حضرت شاہ زمان نصیر الدین حیدر بادشاہ غازی

آمدم برسطلب کتاب الغرض جب حضرت خلد مکان نے موتی محل جواب ملک ملکہ راجہ
وگجے سنگھ صاحب بہادر کی سی ایس آئی ستارہ ہند ممبر کونسل گورنری ہوا اوسکے خاص کمرہ لب
دریا مین شب کو انتقال کیا نواب معتمد الدولہ مارڈنٹ رکس رزیڈنٹ میجر آمیل پیچ برگیڈیر میجر
کچھ تلنگے بیلی گارد سے لیکے آئے اپنے دروازے پہ پہرہ کیا کہ کوئی بے اجازت داخل
نہو صبح کو ۷ بجے بادشاہ بیگم صاحبہ مع صاحب عالم بہادر پنس مین سوار رسالے کے شیر دروازے
سے داخل ہوئین اسکے پیشتر بھی دو مرتبہ حالت بیماری مین عیادت کو آئی تھین

بیہوش تھے خواجہ سرا نے پکار کر عرض کی حضور بیگم صاحبہ تشریف لائی ہین آنکھ کھولکر فرمایا دوشالہ مونھ پر ڈالدو پھر اونھنے عرض کی حضور کی دونون نواسیان بھی آئی ہین اونھین بنظر حسرت دیکھکر پھر کسی سے بات نہ کی بیہوش ہوگئے۔

اوسوقت دربار مین اشخاص مشخصہ اور اہلکار حاضر تھے موافق دستور قدیم رزیڈنٹ نے چاہا کہ عہدنامہ قدیم پچھے حاشیہ اور ہو مگر نواب معتمد الدولہ نے میر میدان ہوکر اس امر خاص مین بہت گفتگو کی کہ خلاف اس عہدنامہ قدیم کے ایک حرف کم و زیادہ نہ کیا جائیگا سبب یہ تھا کہ بادشاہ پر میری خیرخواہی دلسوزی نمک حلالی ثابت ہوکر شاید رفع ملال ہوجاے دوسرا سبب یہ تھا کہ مولوی محمد خلیل الدین خان سفیر شاہی کلکتہ مین حاضر حضور نواب گورنر جنرل تھے اونھون نے بروقت اپنی روانگی کے نواب کو سمجھا دیا تھا کہ اگر ایسا اتفاق ہو تو آپ عہدنامہ قدیم پر مستقل رہیے گا کوئی امر جدید نہونے دیجیے گا مین اسکی گفتگو گورنر جنرل سے بخوبی کرونگا پس کیا عجب تھا کہ اگر نواب سکوت کرتے تو مدات ششم عہدنامہ فردوس منزل کی اوسی وقت پیش کی جاتی فردوس منزل بھی سکوت کرتے امر جدید کا تو کچھ عجب تھا مگر اونھین تو خوف یہ تھا کہ اگر مین انکار کرونگا جعفر علیخان میرے بھائی موجود ہین اسی نفسانیت نے سب کو خراب کیا اگر اتفاق ہوتا امر جدید کب ہوتا۔

خلاصہ صاحب رزیڈنٹ نے حاضرین سے ارشاد کیا بادشاہ نے انتقال کیا اور صاحب عالم بہادر اپنے حق وراثت آبائی پر جلوس فرماتے ہین لہذا تم سب کو لازم ہے کہ اونکی اطاعت و فرمانبرداری اور نمک حلالی مین بدل مصروف رہو اور جناب بیگم صاحبہ کے پس پردہ آکر فرمایا اسوقت جو آپ فرمائین ہم اوسکی تعمیل کرسکتے ہین بعد ایک ساعت جلوس کے ہمارے اختیار سے باہر ہوجائیگا جواب دیا کہ مرزا کو اختیار ہے یعنے بادشاہ کو پس اگر اوسوقت بیگم صاحبہ باب جاگیر سلون مین کہتین بہت استحکام سے اوسکی صورت ہوتی اور یہ خرابیان جو پیش آئین کاہیکو ہوتین خلاصہ جب صاحب رزیڈنٹ صاحب عالم کا ہاتھ پکڑکر بوچہ حضرت خلد مکان مین سوار کرنے لگے اوسے بنظر حسرت دیکھکر چیخ مارکر روئے صاحب رزیڈنٹ نے فرمایا کہ یہ امر ہمیشہ سے یونہین ہوتا چلا آیا ہے اسوقت کچھ آپ اور خیال نہ فرمائیے وہان سے بارہ دری مین

رسنہ سے تشریف لائے جہان تخت شاہی تھا اور صاحب مع میجر صاحب کبھی پہ چینی بازار ہو کر آئے
پٹالن انگریزی جو چھاؤنی سے بندوبست کو آئی تھی دروازے پر کھڑی رہی اوسکے بعد فوج بخش
مین آکر جا بجا پہرے ہو گئے بادشاہ نے حسب دستور خیمۂ سبز مین دو رکعت نماز پڑھی پھر وہان سے
عبائے خاص بر دوش تخت شاہی پر جلوس فرمایا صاحب رزیڈنٹ نے تاج اپنے ہاتھ سے دوسرا
ہاتھ مجتہد العصر نے تبرکاً لگا کر زیب فرق مبارک کیا ۹ ساعت ۵ دقیقہ نصف شب سے گذرے
تھے ساعت مریخ روز شنبہ ۲۷- ربیع الاول ۱۲۴۳ ہجری مطابق ۱۸- اکتوبر ۱۸۲۷ع تھی ایک
شخص نے قبلہ رو کھڑے ہو کر اذان دی اقربائے شاہی ارکان دولت نے بمراتب نذر دی تو پ سلامی
کی چلی سامنے شادی مبارک کی دھوم مچی منادی شہر ہوئی تیسرے دن جو پلٹن بندوبست کو
حسب دستور آئی تھی انعام پاکر رخصت ہوئی-

تیسرے دن جب سیوم ہو چکا حسب دستور نواب معتمد الدولہ مہاراجہ بیوہ رام اور بعض اہلکار خاص
کو خلعت بحالی ہوا ممالک محروسہ مین فرمان شاہی جاری ہوے پنجشنبہ کو موافق معمول بڑی دھوم
دھام جلوس شاہی سے حضرت عباس کی درگاہ مین آئے چوک کو بہت آراستہ دکانون کو رنگین کیا تھا
کوٹھون پر جا بجا نوبت اور کسبیان نلج کو بیٹھی تھین فقرا و مساکین کو ہر طرف روپیہ پھینکا راہ مین جسنے
عرضی دی لی نواب معتمد الدولہ خواصی مین تھے درگاہ مین حاضری دستر خوان نذر تبکلف ہوا پھر
دربار مین داخل فوج بخش ہوے سامان عیش و عشرت ہر طرح سے آراستہ کیا بادشاہ کا باپ جو مرجا ہے اسی ہی
خوشی چاہیے غریب کا باپ مرجائیگا رونا پٹینا ہوگا + سکہ شاہی بدہر سکۂ شاہی زدہ زلطف
الہ + سپہر مرتبہ شاہ جہان سلیمان جاہ + دوسرا سکہ ازراہ غلو مذہب اثنا عشریہ نائب مہدی
نصیر الدین حیدر بادشاہ-

تعیش حضرت شاہ زمان اور عروج صاحبات محلات معلی و مزید عنایت بر نواب

حضرت شاہ زمان پچیس ۲۵ برس کے سن شباب عالم جوانی مین سریر آرائے سلطنت ہوے پھر
کیونکر مصروف و مشغول عیش و عشرت زندگی نہوتے کسواسطے کہ حضرت خلد مکان کے ضبط اور
خوف نواب معتمد الدولہ سے ہمیشہ نظر بند رہتے تھے اب سیان بھئے کتوال اب ڈر کاہے کا

اور مشیر خاص اور اہلکار ایسے انتخاب زمانہ جمع ہوے خلاصہ ایک سوکئی طائفے ارباب نشاط جو سرآمد چکلہ تھے ملازم ہوے نواب ملکہ زمانیہ کا سوافق عہد و میثاق ولیعہدی وورود ہوا مرزا کیوان جاہ محمد علیخان بہادر بیٹے نواب ملکہ زمانیہ کے بنام نامی بادشاہ مشہور ہوے اور نواب سلطان عالیہ خبکا دودھ مرزا فریدون بخت شاہجان نے پیا تھا بادشاہ کے بیٹے مشہور ہوے انکی شادی نواب ناصر الدولہ اصغر علیخان کے بیٹے نواب ممتاز الدولہ بہادر سے ہوئی عنایت باغ مکان محمد آفرین علیخان رہنے کو ملا نواب ملکہ زمانیہ کی جاگیر ہر سہ پرگہ اچھے لاکھ روپیہ کی عنایت ہوئی نواب فتح علیخان وارث علیخان دونون بھائی بنارس سے پریشان ہوکر آئے تھے نواب موصوفہ کے بھائی مشہور ہوے اونکی نظامت جاگیر کی دی چار برس تک یہ دونون ناظم رہے لاکھون روپیہ زر تحصیل سے اپنی عیش وعشرت دنیا مین صرف کیا کچھ ہاتھ اوٹھا کر سرکار موصوفہ مین بھی بھیجدیا قاسم خان سگے بھائی رستم کے داروغہ ڈیوڑھی ہوے پانسو روپیہ در ماہہ ہوا ماہیاری فیلبانی جسنے نواب سلطان عالیہ کو حالت شیرخواری مین پرورش کیا تھا وہ خاص محلدار ہوئی اوسکا بھی ایک زمانہ ہوا ایکدن سب اقربائے قریبۂ شاہی بادشاہ کے حکم سے نواب ملکہ زمانیہ کو نذر دینے آئے سبھون نے طوعاً وکرہاً نذر دی مگر جب نواب نصیر الدولہ کی نوبت آئی نواب ناظر میمنت علیخان کہتے تھے کہ انکی دونون آنکھون سے مسلسل اشک جاری تھے قدرت خدا کو دیکھتے تھے پھر اوسی خدا نے ایکدن یہ دکھایا کہ جب خود بادشاہ ہوے نواب ملکہ زمانیہ کو اپنی سمدھن سمجھکر متواتر بلایا تا کار سمجھکر یہ بھی گئین ہمیشہ عذر علالت کہلا بھیجا تنزل من نشاء فی الحقیقت نواب ملکہ زمانیہ نے اپنی جود و سخا سے سبکو نہال کردیا اونکی سیہ چشمی و خوش نیتی سب بیگمات پر خوق کر گئی مگر تا حین حیات متمنی اولاد بادشاہ سے رہین اسی نیت سے ہر نوچندی پنجشنبہ ماہ کو درگاہ جاتی تھین دس ہزار روپیہ ستر خوان نذر و نیاز و انعام جلوس مین صرف ہوتا تھا۔

دوسرا محل معرفت بخش علیخان والئر کی چھوٹی بیٹی کا ہوا اوسے خطاب مخدرۂ علیا ملا سیان گنج رسول آباد اونائو چھے لاکھ کی جاگیر ملی بخش علیخان انکے باپ مشہور ہوے خلعت فاخرۂ نواب ہوے ناظم جاگیر و داروغۂ ڈیوڑھی ہوے اپنی عالی ظرفی سے بڑا جاہ و حشم دیکھا

تیسرا محل نواب خورشید محل ساکن حسن پور بندھوا صاحبات محل ہوا پھر اونھین ایک دن اپنا تاج شاہی فرق مبارک سے اونکے سر پر رکھدیا خطاب نواب تاج محل عنایت ہوا مرزا حسین بیگ سوارون مین نوکر تھے انکے باپ مشہور ہوے انکی ماں کی سفارش سے نواب گنج اوسیقدر انکی بھی جاگیر ہوئی داروغہ ڈیوڑھی ہوئے انکی نئی امارت سپاہگری کے ساتھ ہوئی۔

جناب بیگم صاحبہ کی جاگیر سلون نو لاکھ کی جو معتمد الدولہ نے ضبط سرکار کی تھی اپنی عداوت سے پھر بدستور سابق جاری ہوئی۔

چوتھا محل نواب بادشاہ محل ہوا اسکا ذکر بعد اسکے بیان ہوگا مگر بے جاگیر۔

پھر نور محل صاحبہ نواب صاحبہ محل ہوئین فقط مواجب بیش قرار۔

لالہ رام پرشاد رفیق خاص افتخار الدولہ نے کئی اسامیان جا حسب حسن و جمال ستبرار باب نشاط سے ہزار روپیہ خرچ کرکے جمع کی تھین اون سبکو طلب کرکے داخل محل کیا عیش محل خطاب دیا اسکے سوا اکرم بخش کسبی وغیرہ جو نمود کی تھین داخل محل ہوئین اسکی تفصیل کیا بیان کیجاے گھوئے میان وغیرہ جو رفیق خاص معتمد الدولہ تھے جبتک وہ قید ہوے صاحب بادشاہ رہے۔

خلاصہ ہر صاحبات محل کے اقربا و متوسلین نو دولت سے جو نان شبینہ کو محتاج تھے جنھین سفید کپڑے چٹر کی جوتی میسر تھی ہر محلہ مین جسمین ہر ایک ایک جھوپڑے کچی حویلی مین رہتا تھا ایک قیامت برپا ہوئی تھی پہلے ہر ایک نے اپنا حق ہمسایہ ادا کیا تھا مکان لیکر موافق اپنے مقدور کے عمارات عالیشان بنوانی شروع کی تھی اہلکار و ارکان دولت اپنی آبرو کو اونسے ڈرنے لگے اور ہر محکمۂ عدالت مین اگر کوئی متوسل کسی محل کا دھرا گیا سفارش سے بسلامت اپنے گھر پہونچا جناب بیگم صاحبہ کے عزیز و اقارب ملازم جو قہر معتمد الدولہ سے کسیطرح محفوظ رہے تھے ہر ایک فراخور پر مامور ہوا۔

فیض النسا سفلانی مقرب خاص بیگم صاحبہ اور میر فضل علیخان داروغہ جو خوف نواب سے مبشر الدولہ مرزا فدا حسین خان کی فقط حکمت عملی سے زمانہ منصوبی نواب مین کئی مہینے پیشتر سے

داخل محل ہو چکی تھیں ہر چند نواب نے اونکی گرفتاری کی بہت سی تدبیریں کین مگر کوئی بن نہ پڑی اور اونکی حفاظت کے بانی مبانی فقط مرزا موصوف ہوے کسواسطے کہ نواب کو انپر اعتماد تھا حالانکہ یہ بھتیجے بیگم صاحبہ کے تھے اسی طرح میر فضل علیخان بھی رات کے وقت چھاؤنی منڈیانوں سے پکے پل سے ہوسواروں کے ساتھ جو صاحب لوگوں کو ناکہ سے چھاؤنی بحفاظت پہونچاتے تھے اس دھوکے سے داخل ڈیوڑھی بیگم صاحبہ نے حبشیوں کا پہرہ اونکی حفاظت کیواسطے کردیا پس ان دونوں کا اقبال اور اوبار معتمد الدولہ ظاہر ہوا شہرین خبر عام ہوگئی جب بادشاہ کے تعیش کی یہ صورت صاحب رزیڈنٹ نے دیکھی ایکدن محض ازراہ دولتخواہی و دلسوزی بادشاہ کو خلوت مین تردل سے سمجھایا کہ یہ اسباب تعیش جو ممکنون خاطر ہوے ہین انکا انجام اچھا نہین بلکہ سراسر خرابی اور بربہی اور موجب بدنامی سلطنت ہونگے اور پ سے ضبط شرب منہیات کا نہوسکے گا جب سرکارین غفلت ہوگی اہلکارون سے امانت و دیانت و بجاآوری احکام بصداقت نہوگی ہمارے فرقہ کو جواز راہ حکمت یا موافق عادت قدیم استعمال مشروبات و تعیش کا ہوتا ہو ایک ضبط ربط اور خوف حاکم بالا سے رہتا ہو اور اگر مطلق العنان ہوجائین تو پھر کسی کام کے نرہین پس جو شخص پابند ایسے انتظام کا نہو اوسے مشکل ہو فرمایا جب تمسا ہمارا ایسا دوست ہو اور خیر خواہ تو کیا باک ہو—

خلاصہ بظاہر نواب معتمد الدولہ پر ایسی عنایت فرمائی کہ انھین بیخبر کی ہوشیاری عیاری بھول گئی بلکہ ہوس دنیا زیادہ بڑی پردہ غفلت کا پڑتا چلا اور بیگم صاحبہ کی بھی عنایت ہوئی تقریبًا ستر لاکھ روپے کا جواہر ہر قسم کا عنایت فرمایا اور الماس باغ بھی مملوکہ محمد الماس علی خان عنایت فرمایا اور مخاطب بخطاب نواب بھائی ہوے ایکدن جناب خان پیر نے نواب سے خلوت مین عرض کیا کہ ایسے وفور عنایت شاہی سے مقام خوف کا بھی احتمال ہوسکتا ہو اور دنیا دام فریب ہو ہر چند صافی نامہ حضرت خلد مکان کا ہو لیکن مواخذہ حال البتہ باقی ہو آل اندیشی ضرور ہو فرمایا تمھاری فہم و فراست سے ایسا تصور بعید ہو اگر مزید عنایت فی الحقیقت ہو تو دیدہ و دانستہ اپنے نفع کو چھوڑنا نہ چاہیے اور اگر ازراہ فریب ہو تو اسی سے انکا مقابلہ آسان ہوجائیگا—

ایکدن صاحب رزیڈنٹ نے جو حقیقت مین دوست نواب کے تھے کمال دلسوزی سے سمجھایا کہ ہمارے نزدیک تمھارا کنارہ کش ہونا بہتر معلوم ہوتا ہی اور یہ سب عنایت شاہی کو دام فریب سمجھو نواب نے اونکی موافقت پر بھروسا کیا اپنی طمع نفسانی سے ہاتھ نہ اوٹھایا کرور روپیہ کی جسکی املاک شہر مین جو دو کرور روپیہ کا نقد و جنس کا گھر پچیس ہزار ماہواری حفاظت گورنمنٹ واہ پھر دنیا کو نہ چھوڑے —

لارڈ کمبرمیر صاحب بہادر کا آنا نواب کا قید ہونا اور سوانحات شہر

الغرض جب لارڈ کمبرمیر کانپور سے عازم لکھنؤ ہوے حسب دستور نواب معتمد الدولہ مرزا کیوان جاہ بہادر مع ارکان دولت رحمت گنج تک استقبال کو تشریف فرما ہوے ناکہ تک جاکر بادشاہ نے استقبال کیا طرفین سے حسب دستور معمول ضیافت ہوئی ایکدن نواب نے محض دریافت استمزاج بادشاہ باب نیابت مین صاحب بہادر سے بے صاحب رزیڈنٹ تخلیہ کروادیا بادشاہ نے مشورہ خاص عزل نواب مین اور خوف حمایت نواب صاحب رزیڈنٹ سے فرمایا کہ اگر مین گرفتار کرونگا احتمال اپنی سبکی و توہین کا ہی مبادا کوئی صورت خلاف پیش آئے کس واسطے کہ افسران فوج اونسے موافق ہین جنرل بہادر نے فرمایا کمال لجوئی سے کہ آپ کو بہر صورت اختیار ہی ہم رزیڈنٹ کو سمجھا دینگے کہ میرے بعد جانے کے جو بادشاہ تمسے کہین اوسکی تعمیل کرنا —

جب لارڈ صاحب وانہ ہم قلعہ بھر تیور ہوے روز شنبہ پہلے صحبت چاے پانی ہوئی اسکے بعد تخلیہ مین بادشاہ نے صاحب رزیڈنٹ سے کہا کہ مین نواب کو موقوف کیا چاہتا ہون اس نمکحرام سے بہت تنگ ہون اور میر فضل علی کو نائب کہ یہ بیگم صاحبہ کا ملازم قدیم اور معتمد ہی صاحب نے کہا وہ آپکا نوکر ہی بہر حال آپکو اختیار ہی اور اگر ہم گرفتار کرینگے اونکی کفالت و حمایت و حفاظت ہمپر لازم ہوجائیگی کہ اہل وثیقہ ہی پھر فرمایا افسران فوج موافق ہین احتمال کشت خون کا ہی مبادا مجھے بدنامی ہو لہذا مناسب ہی کہ تم اوسے گرفتار کرو اور میری غرض یہ ہی کہ عہدے سے موقوف ہوکر میرے شہر سے نکلجاے + جواب دیا بعد ہمارے جانے کے کسی حیلہ پیام سے ہمارے پاس بھیدیجیے گا صاحب رزیڈنٹ نے میجر اسمعیل پیچ کو حکم دیا

کہ دو کمپنی بدلی جو آج آئی ہین اونھین زیر کوٹھی ضیافت طیار رکھنا چند روز اسکے پیشتر بادشاہ بیگم صاحبہ و ظفر الدولہ سے تخلیہ ہوتا تھا کچھ راز نہانی کھلتا نہ تھا مگر قرینے سے سب جانتے تھے کہ یہ کونسل خاص عزل نواب مین ہوتی ہی خلاصہ وسدن فور عنایت کا خاتمہ تھا بعد اسکے جب مجلس اراین تشریف لیگئے ارشاد کیا نواب بھائی تم ابھی صاحب رزیڈنٹ کے پاس جاکر کہو جو ہمنے کہا تھا اوسکا جواب لگا ہی خصت ہوے چند قدم چلے تھے پھر یاد فرماکر ایک گلوری پان کی اپنے ہاتھ سے عنایت فرمائی نواب نے اشرفیان نذر کی گذرانین آداب بجالائے اوسوقت تک نواب کو کسی طرحکا کھٹکا نتھا جب باہر جلوخانے مین سوار ہونے لگے سبحان علی خان وغیرہ خیر خواہون نے احوال انتظام رزیڈنسی بیان کیا یہ سنکر کچھ پلتفت نہوئے جب قریب بیلی گارد پہونچے ہرکارہ اخبار جو رزیڈنسی مین خبر کو رہتے تھے عرض کیا کوٹھی ضیافت کے نیچے خلاف معمول وکمپنی بدلی کی طیار کھڑی ہین اونھین بچشم غضب دیکھا جانتے تھے کہ اگر کوئی امر خلاف ہوتا صاحب مجھسے کہدیتے سچ ہی لوگون کا یہ خیال خام تھا اگر قلعۂ آہنی مین ہوتے نہ بچتے اور بظاہر نواب نے اپنی عافیت کیواسطے افسران فوج وغیرہ کو اپنا کر رکھا تھا کہ انسے دشمن کو خوف تو ہوگا یہ دغدغہ البتہ ہوا باقی کیا مجال تھی خلاف حکم رزیڈنٹ کرسکتے چنانچہ صاحب نے پیشتر قید کرنے کے منشی سید غلام حسین کو فقیر محمد خان رسالدار کے پاس بھیجا کہ ہم نواب کو قید کرتے ہین اگر کسی سوار نے تمھارے گھوڑے پر زین باندھا مجرم سرکار تم ہوگے فقیر محمد خان اوسوقت مرغ کی بازیکی جوڑ دیکھ رہے تھے چپکے گھر مین چلے گئے اسیطرح میدو خان سالدار کو حکم نافذ پہونچا چپراسی نے کوتوال کو بھی یہی حکم پہونچایا کہ خبردار انتظام شہر سے اگر کسی طرحکا فساد ہوا مجرم سرکار ہوگے۔

خلاصہ جب نواب بڑے کمرے مین جاکر بیٹھے بڑے صاحب دوسرے کمرے سے آئے فرمایا تمھین بادشاہ نے عہدۂ نیابت سے سوقوف کیا عرض کی میرا کیا قصور فرمایا نوکری آقا کی خوشی و مرضی پر موقوف ہی عرض بسماجت کی کہ میرا وسیلہ سوائے دامن دولت کے نہین ہی بہرصورت مین آپ کا تابع فرمان ہون فرمایا اگر تم ساکت و خاموش رہوگے

البتہ ہماری سرکار تمھاری حمایت کریگی اور اگر کسی طرح کا فساد برپا کروگے ہرگز نکرے گی یہ کہکر اوٹھ کھڑے ہوے میجر صاحب مع گارد داخل کمرہ ہوے نواب سے ولایتی کمر اور انگوٹھیان ہاتھ سے لیکر باہر آکر جلوس سواری کو احاطہ سے باہر نکالکر ہاتھی سواری کو مانگا نواب کو پہلو مین بٹھا کر چلے ایک کمپنی اہتمام آگے ایک پیچھے تھی فتنہ شہر مین غلغلہ برپا ہوا ہزار دس کوچہ و بازار کو ٹھے بھر گئے اور زبان طعن و تشنیع ہر ایک سے جاری ہوئی خواہ بالفاظ ذلت خواہ بالفاظ زبان شرفا۔

اوسوقت بادشاہ اپنے خلجان خاطر سے بخوف اسکے کیا خبر آتی ہو بارہ دری سر راہ مین ٹہلنے لگے حکیم مرزا علیخان نے گستاخانہ عرض کیا ایک متنفس خانہ زاد کے واسطے اس قدر تردد فرمایا میرا کوئی نہین اس عرصے مین ہرکارہ رزیڈنسی نے مثل باد صرصر حاضر ہوکر عرض کیا تمکو احترام قید ہوگیا یہ سنکر محل مین تشریف لے گئے محل مین ہر طرف تہنیت مبارکباد کی دھوم مچی اور در دولت پر مبارکباد کی نوبت ایک طرف شہنا نواز نے غل مچانا شروع کیا نذر نیاز محل مین ہونے لگی۔

خلاصہ جب نواب بیلی گارد کے پھاٹک سے نکلے چپ راست سے بوچھار خلقت شہر سے پڑ رہی تھی دولت پورے تک پہونچنا مشکل ہوا تھا نواب سر جھکائے بیٹھے ہوے تھے میر سیف علی رفیق خاص فقط ہاتھی کے نیچے جھول پکڑے چلے جاتے تھے کہ حضور وہ نمک حرام حق فراموش اسوقت کہان ہین جنھون نے حضور کی بدولت لکھا نوشجان کیے نواب انگشت شہادت سے منع کرتے تھے غرض کئی گھنٹے مین یہ مسافت راہ طے ہوئی داخل اپنی بارہ دری مین ہوے خود کھڑے ہوکر جابجا انگریزی پہرے مقرر کردیے میجر صاحب افسران کمپنی کو چھوڑ کر چھاؤنی چلے گئے چار کمپنی بادشاہ کی متعین ہوئین سارے گھر کو اندر باہر ہر طرف سے گھیر لیا رات کو پچاس سوار کی روند گرد اطراف کے پھرتی تھی ناکجات شہر پر بڑا نظم و نسق و تلاشی و تحقیقات مسافران آیند و روند پر ہونے لگی ایام بسنت اور ہولی کے تھے تلنگے کبیر کہہ کہکر غل مچاتے تھے فحش نسبت ناموس نواب بکتے تھے نواب بالاخانہ کے کمرہ سر راہ مین رہتے تھے سنتے سنتے ناک مین دم آگیا تھا شربت کے گھونٹ کیطرح پیکر رہجاتے تھے بعد کئی دن کے

صاحب کمان افسر سے کہا یہ پہرہ جو زیر کمرہ ہی اسکے غل وغش سے بہت تنگ آیا ہون صاحب نے تاکید اوسے غل مچانے سے منع کیا۔

شہر کے قرضخواہون نے بلوۂ عام دروازہ پر کیا اور اپنی قیمت اسباب اور اُجرت مزدوری سالہا سال کی دادخواہ ہوے کہ اہلکاران ظالم اور ہرکارخانے کے داروغہ نے کسی کو ایک کوڑی ندی تھی اور نواب سے لیکر آپ کھاگئے تھے اور بعض اقربا نے اسطرح جسکا مال چاہا لے لیا تھا مگر نواب نے سب کو ادا کیا کسواسطے کہ اکثرون نے بُرے صاحب کو بھی عرضیان دی تھین اس خوف بدنامی سے ہر ایک کو ادا کیا شہر مین بہت سے رئیس ہر محلے مین بعلت امانت نواب دھرے گئے خاکروب کے ٹوکرون مین کمیسۂ زر سفید و سُرخ پکڑے گئے اکثر تو دولت وسفارش محلات سے بچ بھی گئے۔

راجہ امرت لال داروغہ دیوانخانہ نے جب نواب کی خبر قید سُنی گھبراکر باہر نکلے کہ بسلامت اپنے گھر پہونچ جاؤن ظفرالدولہ کپتان فتح علیخان نے دیکھکر کہا جلد اسے گرفتار کرلو راجہ غالب جنگ کے حوالہ ہوے اوسنے اپنے مجلس مین بہزار سختی رکھا راجہ کا گھر ضبط ہوکر سب نقد وجنس داخل سرکار ہوا اوسکے دو بیٹون کو قید کیا اور ہر روز تقاضا نقد روپے کا ہوتا تھا کہ لاؤ آخر اوسنے تنگ ہوکر کہا مجھے گھر تک جانے دو تو جسقدر ہو سب حاضر کرون غرض اس حیلے سے مقید گھر آئے ایک حجرے مین جاکر گنگا جل اپنے اوپر چھڑک کر بمقتضاے غیرت یہ امر بہت مشکل ہی کہ تلوار سے اپنے ہاتھ سے اپنا گلا کاٹ کر مرگیا شہر مین ایک غلغلہ ہوا خلاصہ اس عہد دولت مین عجیب وغریب صورتیں انقلاب ہوئی جو فقیر محتاج تھے امیر اور جو امیر تھے فقیر سے بدتر ہوگئے راجہ امرت لال کے مرجانے سے باقی اور رونپر تخفیف عذاب ہوگئی کئی مہینے تک شہر مین ایک زلزلہ انقلاب سا عملۂ شاہی جو نئے برپا ہوے تھے اوسکا بہت بھلا ہوا۔

نیابت میر فضل علیخان اور ترقی جاہ اُمراے نو دولت

میر فضل علی جب پہلے دلی سے لکھنؤ آئے مرزا سلیمان شکوہ شاہزادے کے ہاتھی پر نوکر ہوے یہ انکا عہدۂ آبائی تھا کسواسطے کہ بادشاہ کا فیلبان صاحب منصب ہوتا ہی اور سوا سے سیّد کے اور قوم فیلبانی نہین کرسکتا ناسخ شاعر ہندی نے اسی لحن سے انکی تاریخ وفات مین بری بری مہت دھت داخل کیا ہی ؎

بعد کئی برس کے بسفارش پھوپھی اپنی سماۃ فیض النسا سفلانی کے ملازم سرکار جناب بیگم صاحبہ ہوے پھر رفتہ رفتہ داروغۂ ڈیوڑھی ہوے ثروت و دنیا و عزت بخوبی حاصل ہوئی بعد اسکے جب شہر سے نکالے گئے مقیم فرخ آباد ہوے نواب منتظم الدولہ حکیم مہدی علیخان کے پاس یہ سب جمع ہوتے گئے تھے نواب سے بہت سی خصوصیت و محبتی دنیا ہوگئی تھی میر فضل علی جب باتفاق داخل لکھنؤ ہوے وہ بوکالت نیابت منتظم الدولہ اپنی خصوصیت کی جہت سے آئے تھے آپنا اونھین خیال بھی نہ تھا مگر تقدیر نے اور رنگ دکھایا نواب منتظم الدولہ بھی انسے مطمئن تھے فرخ آباد سے کانپور مین مرزا حاجی کے بنگلے مین آترے اور منتظم طلب شقہ شاہی ہوے یہان میر فضل علی نائب ہوگئے بادشاہ ہرامر مین مطیع جناب بیگم صاحبہ تھے اونکے سمجھانے سے راضی ہوے بڑے صاحب سے فرما چکے تھے جسوقت معتمد الدولہ قید ہوے انھین خلعت وزارت عنایت فرمایا نواب اعتماد الدولہ بہادر خطاب ہوا حسب دستور بڑے صاحب کو نذر دینے کو گئے۔

اون دنون ظفر الدولہ کپتان فتح علیخان کا بادشاہ اور بیگم صاحبہ سے بڑا تقرب تھا بلکہ جناب موصوفہ کو منظور تھا کہ شخص غیر کی نیابت سے ہمین بہت تکلیف و سبخ ہوتا ہی سب سے بہتر یہ ہی کہ ظفر الدولہ کو اس عہدے پر مامور کرین انسے زیادہ کون ہمارا خیر خواہ اور معتمد ہوگا یہ بنبرلۂ فرزند سلطنت ہین اور آجتک انسے کسی طرح کا خدشہ نہین گذرا بلکہ یہ نیکنام سے ہین لیکن جب زیڈنٹ سے اسمین استشارہ کیا نظر بخانہ زادی قبول نہ کیا حالانکہ اس سرکار مین ایسے نائب گذرے ہین مثل محمد ایلچ خان وغیرہ اس جہت سے اعتماد الدولہ کی قسمت نے یاوری کی۔

ظفر الدولہ کے تقرب خاص سے انکے تینون بیٹے تینون داماد حاضر حضور رہتے تھے ایکدن بادشاہ نے ارشاد کیا تم اپنی اولاد کو خطاب اور خدمات عالیہ سے کیون ممتاز نہین کرتے یہ مرد جہان دیدہ عاقبت اندیش تربیت یافتہ جنت آرامگاہ تھے عرض کی انکو مرتبۂ خانہ زادگی کیا کم ہے ایسا نہو کہ دور عنایت سے یہ اپنے احاطۂ غلامی سے باہر ہو جائین اوسوقت ابن پیر غلام و نمکپروردۂ قدیم کو باعث حجاب شرمساری ہوگا آیندہ حضور کو اختیار ہے اونھون نے

باعتبار دنیا اپنے نزدیک محبت سے اپنے تئین بری کیا بعد چند روز کے وہی ہوا جو عرض کیا تھا۔

غرض بادشاہ نے بیٹے بیٹی کو خطاب قبال الدولہ و خلعت جرنیلی فوج اور تقرب خاص حضوری دوسرے کو مجد الدولہ صاحب سالہ کیا تیسرے کو مکرم الدولہ پالن بائیسی میر افضل علی و میر احمد مرحوم بڑے داماد آغا حسن عرف مرزا حسنو کو توپخانہ جو اونکے باپ زا آغا جان مرحوم تھا دوسرے محمد میر موافق اونکی درخواست کے عدالت دیوانی و فوجداری پیل تیسرے میر علی اکبر میر علی شیر کے بیٹے کو رسالہ اور پلٹن نجیب کی۔

منشی غلام مرتضی روضہ خوان جنت آرامگاہ کے مقبرے مین سر و پیہ قرآن خوانی مین پاتے تھے ازبسکہ ظریف الطبع اور پیشۂ مصاحبت اُمرائے زمانہ مین مشاق تھے اپنے تعارف روضہ خوانی سے داخل صحبت اقبال الدولہ ہوے پھر اپنی چرب زبانی سے اور نمایش اپنی غفلت سے خدمت نیابت جرنیلی دی آپ عیش شباب جوانی مین پڑے شراب پینے لگے منشی جی کا عروج ہوا خوب شہر کو صاف کیا مالا مال ہو گئے رستم نگر مین عمارت عالیشان بنوائی پس چند روز مین کچھ نزلہ آپ بھی مر گئے اب اس عہد دولت مین ہلکارہ منتخب روزگار جمع ہوتے تھے۔

جب ظفر الدولہ نے دیکھا کہ میری نیابت صاحب ریذیڈنٹ منظور نہین کرتے اپنے نزدیک متدین امین دیندار وضعدار صاحب لیاقت بنام نامی نواب امیر الدولہ حیدر بیگ خان کا بیٹا سمجھکر اکبر علیخان کو داخل کاروبار سلطنت کیا اور یہ بھی جانا کہ مثل اورون کے سرکار انگریزی سے بری ہین مگر خان موصوف سستی تقدیر کم گوئی کم رفتاری جز رسی ذاتی سے اکثر سلطنت مین پوچھے گئے سرسبز نہوے شگفتہ مُردہ سُوکھ کر رہ گئے بادشاہ کے نزدیک بھی مجہول مطلق ٹھہرے جو مجرک انکی جوہر شناسی کے ہوے تھے اونکے نزدیک بھی عالم بے عمل ہوے اکثر صورت توہین خلاف شان بھی ہوئی خصوصًا آغا مرزا کو کلتاش شاہی کی جہت سے زکالا حلم و بُردباری مانع ہوئی اوسکی سفاکی و مردم آزاری سے سارا شہر عاجز تھا اوسکی فریاد کوئی نہ سنتا تھا حتی کہ نواب منتظم الدولہ بھی

مجبور تھے کئی مہینے تک اکبر علیخان کچھ کچھ کارفرمائی کرتے رہے بلکہ انکی بھی خبر نیابت مشہور ہوئی تھی مثل برغلیظ کہ بظاہر خوبی سیگا پھر ایک ہولے کے جھونکے سے جاتا رہا جب نواب منتظم الدولہ آئے یہ خانہ نشین ہوے۔

بادشاہ کو نواب معتمد الدولہ کا استیصال منظور تھا کہ کسی نائب کی جہت سے جیسا منظور ہو جاے یہ غیر ممکن تھا سب اہلکار ناکردہ کار ناواقف اسپر غافل اپنی عیش وعشرت مین سرشار یا ہوشیار رہین تو اخذ زر جسطرح سے ہاتھ لگے پھر کونسی صورت نکلے بادشاہ نے رزیڈنٹ سے کہا مین فقط اتنا چاہتا ہون پھر اسکے خلاف بہت کچھ چاہنے لگے پہلے خود صاحب اختیار تھے پھر کیون از خود بے اختیاری اختیار کی واہ خلاصہ بعض مشیران سلطنت کی تجویز یہ ہوئی کہ مولوی محمد خلیل الدین خان سفیر متعینۂ کلکتہ جو دوست خاص اور ساختہ و پرداختہ معتمد الدولہ ہین اونھین شقہ سے طلب کیا جاے وہ بے شبہہ گورنمنٹ ہین اونکے مقدمے سے غافل نہونگے چنانچہ بموجب شقہ شاہی خان موصوف آئے خلعت سرفرازی پایا فرمایا کہ اب تم ہماری طرف سے پھر اپنے عہدے پر جاؤ یہ سمجھے کہ سرکار کو استیصال نواب منظور ہے اور حکم کورٹ آف ڈائرکٹرس سن چکا ہون کہ نواب کو عملداری سرکار مین بسلامت پہونچا دو پھر کیا ضرور ہے مین عبث بدنام ہون عرض کی ابھی اسقدر بعد مسافت سے آیا ہون ابھی پھر جاؤن باعث ہلاکت ہوگا انشاء اللہ چند روز توقف کرکے یہ عذر کرکے بیٹھ رہے۔

بادشاہ نے چند روز تک مثل بازی اطفال عدالت نوشیروانی بھی دکھائی خود اجلاس فرما کے روبکاری سنکر حکم فرماتے تھے پھر بے بنیاد ہو کر اسکا نشان نہ لا جیسے منتخب مقرب خاص ہندوستانی جمع ہوے تھے ویسے انگریز کئی لڑکے انگریزون کے لباس تکلف انگریزی مثل پیج لندن شاہی یعنی خواص رئیسٹ نامی قوم فرنچ حجام مقرب خاص لاکھون روپے کے اسباب کی خرید اوسکی معرفت ہوئی کئی برس مین پانچ یا چھ لاکھ کما کر سیدھا اپنی ولایت چلا گیا کئی ولایتی بیبیان ملازم ہوئین محل مین بھی جاتی تھین بال بناتی تھین خلاصہ صاحبان صدر بھی ایسے اخبار موحش نامناسب سنتے سنتے تنگ آ گئے تھے جانتے تھے کہ یہ سلطنت بازیچۂ طفلان ہے

اس عرصے مین راجہ رامدیال بچہ مبنی رام مشہور سپیاری والہ کو تقرب خاص ہوا خلاصہ جسے جلد تقرب ہوا جلد ستیاناس ہوا پھر رفتہ رفتہ سفیر تبلیغ رسالت شاہی صاحب زیڈنٹ کے ہوے انکا بھی ایک زمانہ مثل خواب پریشان ہوا دربار مثل وزیر اعظم ہونے لگا اور جتنے شہر کے مفتری جعلساز چاشت خور تھے سب جمع ہوے راجہ صاحب کے حکایات دربار صاحب زیڈنٹ جو حالت اضطرار اور بے اختیاری سے سرزد ہوے خاص و عام پر کھلے یہ سب حالات رکن رکین سلطنت صاحب زیڈنٹ حسب سرشتہ صاحبان صدر کو تحریر کرتے تھے جب ایسے بازاری ناکردہ کار غیر لیاقت داخل محیط شورۂ سلطنت ہوں ور ہر ایک اپنی منفعت کو مقدم سمجھے اور دیرینہ تذلیل دوسرے کے ہو اور نازاں اور مغرور اپنے تقرب استعار پر ہو اور عیش دنیا سے بھی خالی نہو بہتر کس دانائے روزگار سے اصلاح سلطنت ہوسکے اور کون صورت انتظام معتد الدولہ کس طریق سے نکالے پس چند روز مین راجہ صاحب کا بھی جہاجنی ٹاٹ اولٹا اپنے گھر مین مقید ہوے انکے حواشی بھی بہت جلد اپنی حالت اصلی پر آگئے حکیم ظفر علیخان کلکتے مین نواب چیت پور کے وکیل تھے دو سو روپیہ ماہہ ملتا تھا وکالت سے صاحبان فرنگستان سے تعارف تھا بعد سفارت منشی عاشق علیخان راجہ صاحب نے فقط نام سنکر مامور بسفارت شاہی کیا تھا خلاصہ بعد سفارت مولوی خلیل الدین خان جو صاحب بسفارش مامور ہوے نہ وہ عزت گورنمنٹ سے پائی نہ کوئی کام سرکار کے حسب الخواہ کیا حکیم صاحب کی جب تنخواہ چڑھ گئی تھی ناکام رہکر لکھنؤ آئے یہان راجہ صاحب قید ہو چکے تھے بعد چند روز کے سپرد خاک لکھنؤ ہوے —

اس سلطنت کی اودھیڑبن مین کرنل لاکٹ صاحب بہادر بہرت پور سے قائم مقام رکٹس صاحب تشریف لائے یکایک رکٹس صاحب کو بھی ایکدن پیشتر احوال تشریف آوری معلوم ہوا بادشاہ سے اوسی دن ملاقات رخصتی کی جو گزارش کرنا تھا کر دیا اور خود دریاے گومتی سے روانۂ کلکتہ ہوے صندر نراین جو خزانچی اور انکا صاحب از تھا اوسے استعفا دلوا کر لے گئے فقط میر منشی سید غلام حسین جائسی اجل گرفتہ رہگئے جنرل صاحب داماد رکٹس صاحب کمان افسر چھاؤنی منڈیاؤن تھے کئی لاکھ روپیہ اسباب یا بائیس گھوڑے ولایتی

جو سواری اور گاڑی کے تھے بادشاہ کی نذر کیے نیلام نہ کیا جو اسباب فضول تھا اوسکا اونکے بعد نیلام ہوا اور اکثر اپنے اہل دربار خصوصاً میر بندہ علیخان برادر فری میسن بیکار تھے فقط ملاقات کو اکثر آتے تھے اونکے ساتھ سلوک کیا ہیر صاحب جو سر دفتر تھے اونھین دیا اور اکثر کو تھوڑا بہت دیا اہلکار سرکار کرنل صاحب کے تشریف لانے سے بہت خوش ہوے کہ انکی برخاست لکھنؤ سے جب اسسٹنٹ تھے کدورت معتمد الدولہ سے ہوئی تھی رکٹس صاحب معتمد الدولہ سے بہت موافق تھے اب ایسی کوئی صورت استیصال کی نکلیگی معتمد الدولہ کو بھی البتہ صاحب کیطرف سے بخیال غبار سابق کچھ کھٹکا ہوا تھا مگر اقبال نے یاوری کی بادشاہ کے خلاف مزاج انسے موافقت ہوگئی کرنل صاحب نے میر منشی کو تحقیقات بعض امور کو طلب کیا یہ برخصت اپنے وطن مین تھے حالت اضطرار مین معلوم نہین کس اظہار کا خوف غالب ہوا کچھ بن نہ پڑا سوا اسکے کہ تپنچہ مارکے مرگئے آسمین انکی پردہ دری نہوئی وگرنہ افشاء حال سے البتہ سرکار تک خرابی پہونچتی اور بہت سے صاحبان ماخوذ ہو جاتے کرنل صاحب آشنائے زبان عربی بھی تھے شاگرد شیخ احمد عرب یمنی صاحب کی سفارش سے مقرب بادشاہ ہوے تھے اونھون نے مطبع سلطانی بھی کیا تھا اکثر کتب طبع ہوئے نواب معتمد الدولہ نے صاحب کا دوست اپنے خلاف سمجھکر روزگار سے موقوف کرکے کانپور نکال دیا تھا۔

کرنل صاحب کئی دن تک بہت موافق رہے گاڑی بادشاہ نے سواری کو متعین کر دی تھی جب رنگ دربار سلطانی کا یہ دیکھا اونا اہلکار ایسے صاحب لیاقت دیکھے بہت افسوس کیا اور خفا ہوکر گاڑی کو مسترد کیا کوچوان کو ایک اشرفی انعام دیا اور گھوڑے سواری کو صبح و شام سرکار سے آتے تھے اونھین بھی موقوف کر دیا اب طرفین سے امور ناگواری شروع ہوے۔

نواب احتماد الدولہ میر فضل علیخان اس عہدۂ جلیلہ پر منصوب ہوے انکی غربت سلیم الطبع مروت رفیق پروری مین کچھ شبہہ نہین شکر خدا بجا لائے اور اپنی حالت غربت کو نہ بھولے ہر ایک اپنے دوست آشنا کو جہانتک ہو سکا خدمت کی بعض کو افسران پلٹن نجیب کیا چنانچہ مرزا آغا خان داروغہ کورخانہ شاہی فقط انکی دوستی کی جہت سے بظلم معتمد الدولہ چھ برس قید رہے پہلے کالے جہلخانے مین رہے کئی برس قلعۂ بجنور مین قید رہے جسدن انھین خلعت نیابت ہوا

اوسی دن جلوس سواری بھیجکر بلوایا بادشاہ نے خلعت سرفرازی و بحالی روزگار قدیم ہوئے اور زر نقد درگاہ حضرت عباس علیہ السلام ہوئی کسواسطے کہ بڑا امام باڑہ بھی انھین کے اختیار و اہتمام مین تھا۔

سبحان علیخان جو میر کونسل معتمد الدولہ بہرا مقرب خاص تھے کسی طریق دنیا سے انکے بھی پاس پہونچے داخل شورہ ہوے اقبال الدولہ اور مقربان بادشاہ جوانکے خلاف تھے بادشاہ سے عرض کرنا شروع کیا نواب کے پاس بھی وہی سب اصحاب غار رفتنہ پرداز زمانہ جو معتمد الدولہ کے پاس تھے جمع ہوے ہین فی الحقیقت خان پیرنے جو صلاح نیک کے ہادی تھے صدر سے بادشاہ کو جواب باصواب باب استقلال نیابت مین آیا۔

میر حسن علی لندنی معتمد الدولہ کی جہت سے نکالے گئے تھے مقیم فرخ آباد ہوے تھے نواب سے وہان انسے خصوصیت ہوگئی تھی مسافر لندن زوج بی بی ولایتی انگریزی ان سمجھکر بلوایا دارو غگی کارفرمائی رزیڈنسی دی انکی بی بی میر صاحب سے برہم ہوکر رکٹس صاحب کے ساتھ راہی لندن ہوئی تھی وجہ برہمی کی یہ تھی کہ بی بی کو میر صاحب کے عالم تجرید کا یقین تھا حالانکہ لکھنؤ مین انکی بی بی پہلی تھی۔

نواب نے منشی عاشق علیخان کو معاملہ فہم مقدمات انگریزی سمجھکر بسفارت کلکتہ بجاے مولوی محمد خلیل الدین خان چھ لاکھ روپے استیصال معتمد الدولہ کیواسطے دیکر روانہ کلکتہ کیا نواب منتظم الدولہ سے بھی انھین توسل قدیم تھا وہ بھی انسے کام لیا کرتے تھے سبحان علیخان بھی انسے خوب واقف تھے بلکہ انکے بھیجوانے کے زیادہ تر محرک ہوے تھے اسواسطے کہ انسے صورت منفعت بھی متصور تھی نواب منتظم الدولہ نے پہلے دوستانہ اعتماد الدولہ کو سمجھایا تھا کہ اگر تم سفیر سابق محمد خلیل الدین خان کو موقوف کرکے انھین بھجواؤگے دیکھو بڑی خرابیان پڑینگی بلکہ تمھارے مقدمات ابتر ہوجائینگے کسواسطے کہ صاحبان صدر کے نزدیک انکا اعتماد کلی اور وثوق امانت و دیانت ثابت ہے مجھے اسکا احوال خوب معلوم ہے کہ نواب معتمد الدولہ نے در باب امانت جو اونکے اختیار مین تھی لکھا مگر اونھون نے بسبب اپنی صداقت و ایمان کے نمانا آگے تمھین اختیار رہے۔

غرض نواب نے نما ۴ ۲ - جنوری ۱۸۱۳ء مطابق ۱۲۴۳ھ بارہ پارچہ کا خلعت دیکر روانہ کلکتہ کیا ۱۲ - فروری کو وہان پونچے منشی جی کے ساتھ عطاء اللہ خان کشمیری اور کئی اشخاص مشخصہ انہا نفع سمجھکر گئے تھے محمد خلیل الدین خان کو فرمان عزل کا انھون نے کچھ کم تین لاکھ روپیہ امانت سرکار جو واسطے ضروریات کے انکے پاس جمع تھا دیکر اسکی رسید انسے لی -

منشی نے فرمان منصوبی گورنمنٹ مین پیش کیا حسب سرشتہ منظور ہوا مگر دوامر صاحب سکرٹر نے انسے کہے ایک تو تحریر سرکار مثل دستور سابق بواسطہ صاحب رزیڈنٹ ہوگی دوسرے خلعت مین پالکی جھالردار کلکتے مین نہین ہوتہ ملیگی حالانکہ سفیر اول کے واسطے راجہ بردوان سے منگوا کر دی تھی -

بہرحال کئی مہینے تک متواتر احکام شاہی جہاز اب مین گئے ایکا سرانجام نہوا اور نہ صاحبان مدرس صورت اعتماد نکلی جب یوس ہوے وہان کے قانون دانون سے رجوع کی انھون نے حسب سرشتہ دو لاکھ کا تمسک انسے لکھوالیا اور مقدمہ کولیت ولعل مین رکھا جب منشی تنگ ہوکر متقاضی اپنے انفصال مقدمہ کے ہوے انھون نے زرتمسک انسے طلب کیا اور مستعد نالش سوپریم کورٹ ہوے اسوقت منشی نے گھبراکر محمد خلیل الدین خان ہم وطن سے رجوع کی بہزار خرابی نصف زرتمسک پر تصفیہ پایا عطاء اللہ خان نے اپنے حق السعی مین پچاس ہزار لیے بیش ازدہ سطہ لکھنؤ دیکر آئے تھے اس عرصے مین سرکار شاہی سے انکی نارسائی اور عدم حصول مطلب کی متواتر شکایت سرکار مین گئی اور منظور ہوا کہ انپر بعلت زر امانت سرکار سوپریم کورٹ مین نالش ہوجائے جب منشی جی کو یہ خبر پہونچی مضطر ہوکر مع بقیہ زر امانت سرکار عظیم آباد چلے آئے نالش دگرفتاری عدالت سے بچے مگر پردہ دری بہت ہوگئی لطیفہ یہ ہوکہ بادشاہ نے محبت نامہ نواب گورنر جنرل کو انکی گرفتاری کا بھیجا جواب آیا کہ ہمین بہت تعجب ہوتا ہی تحریر حال ایسے امور سے اور بہت بعید ہی کہ ہم ایلچی شاہی کو گرفتار کرین یہ امر ابتدا سے مفہوم ہوا ہی جب ایسے اہلکار ہونگے ایسا ہی ہوگا -

نواب منتظم الدولہ کانپور مین منتظر طلب شقہ شاہی تھے پہلے یہ خیال تھا کہ اعتماد الدولہ میری وکالت کرینگے یہ خبر نہ تھی کہ خود ہوجائینگے بہرکیف شقہ طلب بھیجا لکھنؤ آئے

شرف ملازمت حاصل ہوئی رنگ اہلکاران راکین سلطنت اور ترقی صاحبات محلات سفلی اور ہر ایک کا ہر ایک سے خلاف ہونا اور غفلت دیکھکر بہت حیران ہوکہ ع من در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال ۔ اور اپنے دشمنون کا تقرب نواب سے دیکھکر چارہ کچھ نہ دیکھا سوا اسکے کہ پھر مراجعت کر جائین وگرنہ ان سب کے ساتھ میری بات و اعتماد جو گورنمنٹ مین ہو جاتا رہیگا اور یہ سب مثل حباب بر آب بہت جلد ہو جائینگے ہر چند نواب نے بسماجت کہا کہ امر نیابت بحکم بیگم صاحبہ و بادشاہ ہو گیا مین اسکا عذر کیا کرون مگر میری نیابت مین کار فرمائی کیجیے اور مجھے اسی طرح سمجھیے منتظم الدولہ کب قبول کرتے تھے اور یہ دماغ تھا کہ اُنکے نائب ہوکر رہتے صاحب رزیڈنٹ سے ملاقات کرکے فرخ آباد پھر چلے گئے اور خدا پر توکل کرکے بامید انشاء اللہ رہے ۔

خلاصہ مجموع یہ اس اساس رجعت یاوری اقبال معتمد الدولہ ہوئی جاگتے اور ہوشیار رہتے اور سوتے مین بڑا فرق ہے سنی و جرس سے بڑا تفاوت ہے پہلے معتمد الدولہ بازپرس شاہی سے خائف ہوکر بدل متمنی تھے کہ فقط اپنی جان و عزت سے اس شہر سے چلا جاؤن جو اہلکاران کا یہ حال دیکھا وہ روپیہ جواہر جو عطیۂ شاہی ہوا تھا اُسے اپنا سپر جان و مال کیا ہر طرح سے راہ نجات از خود پیدا ہوتی چلی چنانچہ انکی سخاوت ارکان دولت کی تنگ چشمی ان سب کے دشمن جانی اُنکے دوست نہانی ہو گئے ع زر بر سر فولاد نہی نرم شود ۔ یہی کام آیا ۔

بھیجنا گھوڑے کا بہدیہ بادشاہ حضور شاہ جمجاہ لندن سے

سبب اس ہدیہ کے آنے کا یہ ہوا کہ مولوی خلیل الدین خان سفیر نے اپنی سفارت مین بہت سے کارنمایان خیر خواہی سرکار مین کیے جو موجب سوغ خیر خواہی سرکار شاہی ہوا از انجملہ حضرت خلد مکان کو باخفا لکھا کہ اگر آپ سے اور شاہ جمجاہ لندن سے راہ و رسم ارسال ہدایا اور تحریر محبت نامہ ہو جائے غالب ہو کہ بہت سی مطلب براری دلی بے منت اور بسہولت متصور ہو سکے گی اور حکام کو بھی اس سیلے سے لحاظ و پاس آپکا رہیگا مگر اس ہدیہ کے ساتھ ایک فرمان اس مضمون کا بنام فدوی آوے کہ زنہار اسکا افشا کسی سے نہو

والا مجرم ہوگے چنانچہ خلد مکان نے اسے مستحسن سمجھکر ایک مہری طلائی بہت پر تکلف اور لکھنؤ کی مغرق گرگابی اور ایک تلوار ولایتی جسے نواب آصف الدولہ مرحوم نے پچاس ہزار روپیہ کو خریدا تھا اسکا قبضہ مرصع کارڈاب کمر بہت بھاری اور متفرق اسباب تحفہ اور پیٹی تلوار کی جسمین ہزارہا کا جواہر نصب کیا تھا مع محبت نامۂ شاہی باخفا کلکتہ بھیجا وہان سے باخفا معرفت تاجران نامی کلکتہ روانۂ ولایت ہوا بسلامت بادشاہ تک گذرا اوسے ہدیۂ بے تکلف و بے منت سمجھکر قبول کیا اور جواب محبت نامہ بکمال تہذیب از آداب و القاب عبارت شوقیہ عنایت ہوا اور آخر مضمون یہ تھا کہ تم سب سے اپنے ممالک محروسہ مین مالک مختار رہو اور ایک گھوڑا ولایتی خانہ زاد ان شاہی سے جسکی قیمت ولایت مین کئی ہزار روپیہ کی تھی مع زین طلائی دامنی مغرق جوڑی تیار پنچہ قبور کار طلا اور کئی بندوق ساز طلا اور کئی گھڑیان مع زنجیر جواہر نگار مجموع مالیت سب لاکھ روپے کی معرفت نواب گورنر جنرل بہادر کلکتے سے پہونچا اسوقت حسب الحکم نواب مغفرت مآب الیہ ہارن ٹن صاحب بہادر ممبر اول سوپریم کونسل نے محمد خلیل الدین خان سفیر شاہی سے کہا یہ کام فقط تمہارا ہی خان موصوف نے اپنے بچاؤ کیواسطے وہ شقۂ شاہی دکھایا کہ مین اس تحریر اخفا سے آپ سے عرض نہ کرسکتا بعد اسکے حکم ہوا کہ یہ ہدیہ معرفت رزیڈنٹ بادشاہ کو پہونچے گا تم بھی اسکے استقلال اور سلامی کو لکھنؤ جاؤ اور سرکار سے بھی تحریر جائیگی۔

اتفاقاً ہدیۂ عالی اسوقت پہونچا کہ حضرت خلد مکان انتقال کر چکے تھے معتمد الدولہ مقید معتمد الدولہ منصوب تھے نواب گورنر جنرل نے پھر اس ہدیہ کے واسطے ولایت لکھا حکم آیا اسکے جانشین کو بھیجدو چنانچہ رکنس صاحب گھوڑا مع ہدیہ بڑے تکلف سے لائے سلامی توپ کی ہوئی میر منشی غلام حسین فرمان شاہی کشتی نقرہ مین سر پر رکھے لائے ارکان دولت نے نذر دی بادشاہ اپنا مزید اقبال و احترام سمجھکر بہت خوش ہوے اور اصلی حقیقت جو تھی اس سے ناواقف تھے کہتے ہین کہ ایک دفعہ نواب آصف الدولہ نے معلوم نہین کیا تھا ایک عرضی بھیجی تھی اسکا فقط جواب حسب منزلت و نہایت آیا تھا بس ارکان دولت نے اپنی نافہمی سے تجویز کیا کہ یہان سے بھی ہدیہ بھیجنا چاہیے اسکا ذکر اپنے مقام پر آئیگا۔

انتقال نواب عتماد الدولہ اور معزولی جنرل اقبال الدولہ وغیرہ

جب محبت نامۂ منظوری نیابت نواب عتماد الدولہ نواب گورنر جنرل نے ۱۵ مئی ۱۸۲۹ء مطابق سی ام شہر شوال ۱۲۴۴ ہجری آیا موجب کمال قوت اور انکے دشمنون کے باعث تنزل اور ادبار کا ہوا فی الحقیقۃ نواب فقط اپنی یاوری اقبال سے ایسے آشوب اجتماع ارکان دولت مین مخالف پایۂ وزارت پر قائم رہے انکی کریم النفسی حلیم الطبعی صاف باطنی رفیق پروری قدر شناسی مین کچھ شبہہ نہین ہر چند نواب معتمد الدولہ کی عداوت سے بہت سا بخارات دیرینہ جمع ہوا تھا مگر اتنی حکومت و اختیار مین انھین دل سے بھلا نا بہتر سمجھے اور مقربان خاص جو خلاف تھے متواتر بادشاہ سے عرض کی کہ یہ نمکحرام سے ملگئے ہین نواب معتمد الدولہ نے جب انکی نیک نہادی دیکھی چاہا کہ چھ لاکھ روپے انکی خانہ بربادی و غارتگری کا دون مگر انھون نے اپنی علو ہمت سے قبول نہ کیا دونون نے ہمت پر کام فرمایا وہ زمانہ بھی سخاوت کا تھا زمان آخر نہ تھا ایک شب اعظم علیخان معتمد الدولہ سے چھپکر اپنے بچاؤ کیواسطے معرفت شیخ خیراتی زرد وز معتمد نواب کے حاضر ہوے نذر وی تمنی رفاقت ہوے مگر نواب نے قبول نہ کیا کہ تمھارے خلاف اور باعث بدنامی اور میرے واسطے بھی نامناسب ہو دنیا سے نہ تمھین مین ملیگا اور نہ مجھے اور بہرحال مجھ سے مطمئین رہو اور رخصت کیا ۔

اس مدت قلیل وزارت مین باوجود بیدخلی اور معطلی کے دشمنون کے ہاتھ سے نواب کو کرور روپیہ کا محاصل ہوا چنانچہ پچیس لاکھ روپیہ معرفت اپنے منشی کے روانہ دلی کیا اور جب بائیس لاکھ توفیر وثیقہ بہو بیگم صاحبہ بادشاہ کو از روے حقیقت تجویز نواب گورنر جنرل ملا وہ نواب کو عنایت کیا اس حساب سے گیارہ لاکھ تم لو ۹ لاکھ متصال معتمد الدولہ ایک اور صاحب معلوم کو مرحمت فرمایئے چنانچہ اسی شخص معلوم نے بادشاہ سے کہا کہ جبتک محمد خلیل الدین خان کلکتے سے لکھنؤ نہ آئینگے میری تلوار نہ کاٹ سکیگی اسی جہت سے انھین طلب فرمایا تاج الدین حسین خان کنبو نے اپنے بچاؤ کیواسطے لاکھ روپئے نواب کو دیے اور بادشاہ سے بھی عرض کیا کہ نواب نے اسقدر روپیہ جمع کیا ہے بادشاہ نے نواب سے پوچھا عرض کی غلام نے یہ سب بتصدق حضرت سے پیدا کیا بادشاہ اس صداقت سے

بہت خوش ہوے اور اپنی علو ہمت شاہی اور بسبب فیض سے پھر کبھی اسکا ذکر بھی نہ کیا برخلاف دوسری سلطنت کے نواب کا دیوان خاص اشرف آباد مین رہتا تھا سات لاکھ اُسے حاصل ہوا تھا اب اُسکے گھر کا بھی نام و نشان نہ ملا معلوم نہین وہ روپیہ کہان گیا اور کیا ہوا۔

جب اغیار کے کہنے سُننے سے نواب کیطرف سے بادشاہ کو تکدر خاطر اقدس ہوا موجب رفاہ اغیار ہوا خوب ملائی چکھی چنانچہ ایکدن نواب وقت عصر حاضر حضور بادشاہ تھے شاہ منزل مین سب ارکان دولت بھی حاضر تھے اتفاقاً ڈرسٹ انگریز قوم حجام مقرب بادشاہ مخمور نشۂ شراب سے حرکات مسخرگی اپنی بیجا دیدی سے بادشاہ کے سامنے کر رہا تھا بادشاہ نے اقبال الدولہ انجم الدولہ سے ارشاد کیا تم بھی ہنسو عرض کی یہ بیجا دیدی سے ہے ہمین گالی دے بیٹھے گا پھر نواب سے ارشاد کیا انھون نے کچھ اُسے چھیڑا یہ بھی جواب سخت دے بیٹھا بعد اسکے بادشاہ کنار دریا سوار ہونے کو تشریف لے چلے مقربان خاص بھی چلے ڈرسٹ نے پہلے دست درازی انجم الدولہ اقبال الدولہ کے شملے پر کی دونون نے گھڑکا بعد اسکے اُسنے نواب کی پگڑی پر ہاتھ بڑھایا نواب نے سر اپنا پیچھے ہٹایا اس سرکے تکان سے پگڑی گر پڑی خدمتگار نے چاہا کہ انتظام الدولہ سے تلوار لیکر اُسے مارے اُنھون نے اُسے ڈانٹا اور آپ بڑھکر بادشاہ سے یہ کیفیت عرض کی بادشاہ ہاتھی پر سوار ہو چکے تھے نواب سامنے آئے گستاخانہ عرض کیا خدا تمھارے دربار مین کسی مرد آدمی کو نہ لائے یہ لونڈون کا دربار ہو گیا ہے بادشاہ نے باکراہ منھ پھیر کر فیلبان سے اشارہ کیا داخل فوج بخش ہوے نظر بہ احتیاط انجم الدولہ کو بڑے صاحب کے پاس بھیجکر یہ احوال کہلا بھیجا میر حسن علی لندنی سفیر تھے انسے نہ فرمایا کہ یہ بسفارش نواب ہین نواب رہم و برہم جناب بیگم صاحبہ کی ڈیوڑھی پر حاضر ہو کر یہ حال تو ہمین عرض کرکے مرزا سلیمان شکوہ شاہزادے کے مکان مین رہتے تھے چلے آئے اور بدل عہدۂ وزارت سے ہاتھ اوٹھایا صبح کو بادشاہ نے راجہ رامدیال کو بھیجکر طلب فرمایا نہ گئے پھر انتظام الدولہ کو بھیجا نہ آئے بعد اسکے آپ تشریف لائے ہاتھی پر سوار دروازے پر کھڑے رہے انتظام الدولہ پھر گئے نواب کو سمجھا کر لے آئے سلام کیا

بادشاہ نے اپنی خواہی نہی مین بٹھا فرخ بخش مین لائے خلعت کو حکم ہوا عرض کی کوئی امر خیر خواہی نہین ہوا جسکے صلے مین مستحق سرفرازی ہوتا مگر بدلے اس حرکت ناشائستہ کے منظور خاطر اقدس ہی غلام کو روزگار منظور نہین یہ عرض کرکے چلے آئے صبر کرکے بیٹھ رہے بیگم صاحبہ کی بھی ڈیوڑھی سے آمد و رفت بہت کم کردی اس توہین و خانہ نشینی نواب سے چندے اہلکاران جرنیلی خوب چمکے راجہ رام دیال کا بھی ٹاٹ مہاجنی الٹ گیا۔

جب یہ کیفیت دربار شاہی کی ہوئی بڑے صاحب نے کمال دلسوزی سے بادشاہ کو دوستانہ سمجھایا کہ ایسی توہین و بیدخلی وزیر منصوب سے خرابی سراسر آپ کی سلطنت کی ہوتی ہی مناسب ہی کہ جسکا کام ہو اسی سے لینا بہتر ہی اور مداخلت ناکردہ کارون کی اچھی نہین اور صدر سے بھی یہی تحریر آئی کہ تمھارے کام تمھارے ہاتھ سے خراب ہوے جاتے ہین بادشاہ بھی کچھ متنبہ ہوے مگر کیا فائدہ پیمانہ وزارت لبریز ہو چکا تھا آخر اسی لام و حانی سے نواب نے ۱۹ تاریخ ماہ شوال ۱۲۴۵ھ مطابق ۱۸۲۹ء انتقال کیا غیرت دار کی جب روح پر صدمۂ عظیم لاعلاج پہونچتا ہی پھر نہین بچتا بموجب اپنی وصیت کے ایوان کربلاے میر خدا بخش مرحوم مین دفن ہوے انکا ترکہ تینون بیٹیون پر تقسیم ہوا دو بیٹیان دلی مین تھین مسماۃ امراؤ بیگم حاجی بیگم ایک چھوٹی بیٹی مختلف البطن مسماۃ جعفری بیگم مقیم شمس آباد مین ہی لکھنؤ مین انکی شادی میر محمد علی کے ساتھ ہوئی دیہات زمینداری دکوٹھی نیل تجارت ہی ایک سرکار ہی ان کے کارندے بڑے ایماندار ہین اور اُن دونون بیٹیون پر بڑی مصیبت پڑی اس فساد مین لکھا روپیہ کا گھر لٹ گیا بلکہ اب جعفری بیگم کے محتاج ہوگئے ہین باپ کی قبر پر بھی فی الجملہ ایک صورت ہی۔

بعد کئی مہینے کے ایسی باد صرصر چلی کہ ورق جرنیلی بھی باد ہوائی ہو کر اوڑ گیا بادشاہ کو جرنیل بہادر سے ایک سوءظن ہوا بیچ ہی نزدیکان را بیشتر بود حیرانی دریا سے کنارے رہنے مین صورت نجات و عافیت ہی دربار سے موقوف ہوے بہت سی باتین صورت توہین کی ہوئین اُنکا لکھنا فضول ہی اب وہ قول ظفر الدولہ بہادر جو بادشاہ سے عرض کیا صادق آیا خلاصہ اسی طرح رفتہ رفتہ یہ جتنا کوڑا دربار مین جمع ہو گیا تھا

نواب منتظم الدولہ حکیم مہدعلیخان

Hakim Mehdi Ali Khan.

سب باد صرصر اڑ گیا مجموع سلطنت مدت دس برس مین پانچ برس برابر نواب وشن الدولہ سے باقی پانچ برس مین یہ رنگا رنگ زمانہ صبح سے شام تک نہ تھے اور شام سے صبح تک نشان نتھا جتنا جلد برپا ہوے اتنے جلد مٹ گئے ۔

نواب منتظم الدولہ کا وزیر ہونا میڈک صاحب کا آنا معتمد الدولہ کا بسلامت جانا

نواب منتظم الدولہ حکیم مہدی علیخان عجب صاحب اقبال صاحب فہم و فراست دیندار تھے ہندوستانی امرا اس سلطنت مین دوسرا نہین ہوا جسکی تعریف حکام عالیشان بھی کرتے ہین بس انھین تک آنکے گھر کا خاتمہ بھی ہوا ابتداے خاندان تو معلوم ہو خلاصہ عداوت نواب معتمد الدولہ سے اتنی نظامت خیرآباد سے قبل از پہونچنے دوسرے ناظم کے کس حسن تدبیر سے ممالک محروسۂ شاہی سے شاہ جہانپور عملداری سرکار مین اسباب فقاد ملازمین بسلامت پہونچے فوج شاہی کی گرفتاری سے بچے وگرنہ کیا عجب تھا بعلت تنخواہ فوج یا اور کسی حیلہ سے قید ہوجاتے اسکے سوا اپنی عاقبت اندیشی سے کئی مہینے پیشتر سے جتنا اسباب تھا سب عملداری سرکار مین بھیج چکے تھے اخبار نویس سرکار کو موافق کرلیا تھا اور جب نواب گورنر جنرل لارڈ مایرا صاحب بہادر لکھنؤ سے شیر کے شکار کو بہرائچ تشریف لائے منتظم الدولہ بعد مارڈالنے امر سنگھ قانون گو کے اس نظامت پر بھی مامور ہوے تھے مشہور ہو کہ اسی کا زخطیر انکے ہاتھ آیا تھا اخبار نویس کو موافق کرکے اسمین سے ایک کوڑی بھی سرکار مین نہ آئی اسباب فضول اگر نیلام ہوا تھا غرض شقہ خاص رباب صدر سانی اور انتظام و ارتمام نواب محتشم الیہ کو پہونچا نواب معتمد الدولہ نے چاہا کہ انسے کسی طرح کا سامان نہو سکیگا نارسا ہونگے شکایت نواب گورنر جنرل آئینگی اسوقت انکا معزول کرنا سہل ہوگا محاسبہ مین دھرے جائینگے مگر منتظم الدولہ بھی قوم تھے دلی کو دلی پہچانتا ہی اسی اندیشۂ خیال سے تین لاکھ روپیہ کا اسباب عمدہ جسقدر لکھنؤ مین مل سکا منگوا کر بازار اپنے لشکر کا آراستہ کردیا اور کہا جسقدر نہ بکیگا مین لے لونگا اور فوج سوار و پیادہ تو پخانہ کو وردی سے آراستہ کیا اور مدت شکار تک ہمراہ رکاب سے صاحبان عالیشان اور جملہ متعلقہ کو خوب مواخق ہر طرح سے کرلیا اور بے منت اپنا غرض حال بھی کیا کہ مین حالت ضیق و بے ثباتی مین ہون منصوب کے ہاتھ سے نواب محتشم الیہ نے کمال

قدرشناسی و شفقت سے انھین تقویت و حفاظت جان و مال کی عنایت فرمائی اور محبت نامہ بادشاہ کو انکی حسن خدمت کا بھیجا ع عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد۔

جب منتظم الدولہ شاہجہانپور پہونچے ایک مہینے تک محلسرا سے باہر نہ آئے جبتک جواب عرضی مرسلۂ نواب گورنر جنرل کلکتے سے نہ آیا اُسکے بعد بڑے تزک سواری سے حکام کی ملاقات کو اور باعزت باطمینان رہنے لگے عشرۂ محرم مین سیاہ پوشی موافق مذہب کے برپا کی مجالس کیے بہت تکلف سے وہان کے رئیسون سے خلاف صورت فساد ہوئی اس جہت سے برخاستہ خاطر ہوکر فرخ آباد مین دو کوٹھی خریدین وہان جاکر رہے بڑی عزت وحشمت سے کہ موجب شک بنے روزگار تھا عملداری سرکار مین انکی توپ سلامی چلتی تھی گھر پہ نوبت بجتی تھی جو صاحب عالیشان اُدھر سے اضلاع مغرب یا کوہ پر جاتا تھا خواہ نخواہ انکا مہمان ہوتا تھا کربلائی محمد مردو لاتیی انکا متوسل تھا ۲۲ لاکھ روپیہ دیکر کلکتے مین تجارت کو بھیجا انکی بدولت وہ فخر التجار ہوے شاہ نے خطاب دیا فتح علی شاہ قاچار کو انکی معرفت کچھ ہدیہ تحفہ بھیجوایا تھا شاہ نے ایک گھوڑا اشہور نسل کہلا وغیرہ مع شقہ خاص بھیجا پھر انھون نے اپنی ناموری سمجھکر ایران مین کسی جگہ پل بنوا دیا بس لیاقت ناموری کس وزیر اودھ نے پیدا کی تھی لیکن باوصف اس ثروت و اقتدار و عزت دنیا کے روز و شب بامید وزارت لکھنؤ رہتے تھے اور ہر طرح فکر و جستجو سے غافل نہ تھے ہزار ہا روپیہ کا صرف اسمین بجا نہ سمجھے تھے کئی شخص لکھنؤ مین انکے اخبار نویس تھے خصوصاً مرزا دھی علیخان کہ ہر روز اخبار دربار و کرداری ہلکارہ لکھتے تھے انکے معتمدین خانہ کہتے تھے کہ مدت امیدمین انھون نے کئی لاکھ روپیہ فکر حضور وزارت مین صرف کیا تھا جب ہلکارون کی نافہمی خورد و برد سنتے تھے تاسف کرکے رہجاتے تھے کہ افسوس ان ناکردہ کارون کی جہت سے کیسی خرابی اُس گھر کی ہورہی ہے انکے بڑے بھائی مرزا ہادی علیخان باپ نواب سنور الدولہ کے انمین صفات ذاتی انسے بہت زیادہ تھے اکثر سمجھاتے تھے کہ تمھین اب اس خیال خام لکھنؤ سے کیا فائدہ شکر خدا کرو اپنے گوشۂ عافیت مین بحمایت سرکار کس عزت سے بیٹھے ہوے ہو انکا جواب دیتے تھے کہ جس گھر کی بدولت ہمارا ایسا گھر بنا ہے وہ گھر اب بگڑا جاتا ہے۔

خلاصہ جب بادشاہ اپنے خودکردہ اہلکارون سے تنگ ہوے جانا کہ انسے کسی طرح مقابلہ معتمد الدولہ و درستی اصلاح مقدمات سلطنت نہوسکیگی اپنا نفع اور عیش دنیا مقدم سمجھتے ہین آپ نواب منتظم الدولہ کو انتقام معاندین سلطنت کیواسطے بلانا چاہیے کہ انتظام ملکی و مالی کرین اسکی یہ صورت ہوئی کہ بیان رجب علی قوال صاحب کمال خیال علم موسیقی مقرب بادشاہ تھے انھون نے عرضی نواب اپنے پردہ قانون سے خلوت مین گذرانی مزین بدستخط خاص ہوئی نظر باصلاح سلطنت کہ مرد سن جہاندیدہ مستغنی تعلیم یافتہ جنت آرامگاہ مقبول سرکارین انسے بہتر کون ہو فرمان شاہی روانہ ہوا نواب ۱۷- جمادی الثانی ۱۲۴۳ھ ہجری مطابق ۴- نومبر ۱۸۲۷ء داخل لکھنؤ ہوے شرف ملازمت خلعت وزارت پایا خطاب حضور جنت آرامگاہ عنایت ہوا جو کسی وزیر کو نہ ملا تھا منور الدولہ احمد علیخان کو خلعت جزیلی ٹیڑھی کوٹھی کچہری وزارت تھے دوسری کوٹھی اس سے ملحق باہتمام راجہ نجتاور سنگھ بائیس دن مین بخوبی طیار ہوکر آراستہ ہوئی نواب میان رجب علی کی اس دستکاری سے بہت خوش ہوے اکثر اپنے دربار مین کہتے تھے مین اس شخص کا احسانمند ہون لیکن سوائے شیرین زبانی کے زر نقد سے وعدہ وفا نہوا بذل مقصود ہے بلکہ چند روز مین یہ انسے مخالف ہونے لگے تھے بموجب حکم نواب پہلے انکے پاس حاضر ہوکر پھر باریاب سلطانی ہوتے تھے بلے ہل جزاء الاحسان الا الاحسان نواب معتمد الدولہ یہ کہتے تھے اگر رجب علی میری یہ خدمت کرتا مین لاکھ روپیہ دیتا سچ ہے انکی ہمت سے کچھ دور نہ تھا وجہ اسکی یہ تھی کہ نواب نے جتنے مقرب بادشاہ تھے مثل ممن محمد بخش خواص وغیرہ ان سبکو اپنی قوت جبروتی سے بہزار ذلت دربار سے نکلوا دیا تھا رجب علی کو نشہ تقرب حد سے تھا اس حیث سے کھٹکا رہتا تھا۔

غرض نواب متوجہ انتظام سلطنت ہوے اور حکم صاحبان صدر دربار ہائی معتمد الدولہ اور بحفاظت بسلامت سرکار عملداری سرکارین جانا معلوم ہوچکا تھا بادشاہ سے پہلے عرض کیا تھا کہ یہ بنیاد ابتدا سے بگڑی ہوئی ہے اسکی اصلاح اور انکا استیصال جیسا منظور ہو اب مشکل ہے مگر جتنا ممکن ہوگا قصور نہوگا اپنے حسن تدبیر سے۔

نواب کو خصومت معتمد الدولہ سے مہاراج افتخار الدولہ دیوان سے موافقت ہوئی اگرچہ

انھوں نے نواب کو نذر دی چندے بدستور رہے آخر معطل ہو کر خانہ نشین ہوے گھر پر پڑے گئے اپنے آٹھ لاکھ کا محاسبہ نکالا اور مہاراجہ بالکرشن کو دیوان کیا انسے بہت راضی رہے تاج الدین حسین خان کو فرقۂ خاص سے منتخب کر کے اپنا مقرب و محرم راز بنا کر سفارت رزیڈنسی پر مامور کیا انھوں نے خواجہ امامی خان اپنے رفیق قدیم کو اپنا پیشدست کیا۔

پہلے نوابان کامون پر متوجہ ہوے جو باعث نیکنامی اور موجب خوشنودی حکام صدر تھے چنانچہ اپنی حکمت عملی سے بنائے دارالشفاء انگریزی و ہندوستانی کی ڈاکٹر اسٹیون سن کو اختیار انگریزی مرزا علی اکبر بیگ حاجی غوغائی کو ہندوستانی۔

دوسرا چھاپہ خانہ سلطانی لیتھوگرافیک یعنی پتھر کا ارچرصاحب کو دیا پانسو روپیہ ماہوار کر کے۔

تیسرے لوہے کی پل کی تیاری کی جو زمان جنت آرامگاہ سے رمنہ میں پڑا ہوا تھا سنکلیر صاحب کے اہتمام میں دیا جنھیں معتمد الدولہ نے حضرت فردوس منزل کی موافقت کی وجہ سے نکلوا دیا تھا مگر نہ بنا کچھ نقصان سرکار ہو کر رہگیا وجہ یہ تھی کہ یہ کام مہندس یعنی انجنیر کا ہے نواب کیا جانتے تھے۔

چوتھے نہر جدید کا اہتمام گنگا سے لانا اٹھائیس کوس کے فاصلے سے راجہ تجاور سنگھ کو دیا ٹرکٹ صاحب نجار زادہ نشنگی سے اسکے کھدوانے پر مامور ہوے ہ کار بوزنیہ نیست نجاری ۔ وہ کیا جانیں کام مہندس کا کسواسطے کہ زمین لکھنؤ گنگا سے ۳ فٹ بلند ہے پستی سے بلندی پر پانی کا جاری کرنا مشکل ہے دوسرے چاہیے کہ کنارے دونون طرف کے ماہی پشت ہون تاکہ نہر کا پانی صاف معلوم ہو اور پانی شکل کردی ہے اس طرح کے کنارون کو نہ کاٹیگا انھون نے کنارے سیدھے رکھے پانی خواہ نخواہ کاٹیگا یہ وجہ اسکے نقص کی ہوئی دوسرے چھ لاکھ روپیہ راجہ کا اسپر صرف ہوا نواب صاحب نے مجرا نہ دیا راجہ نے کہا میں نے موافق اپنے اعتقاد کے گنگا جی کے نذر کیا اٹھائیس ہزار بیگہ زمین زراعت گئی اور مقام بناہ دزد اور دزدون کے ہوگئے جب میجر ڈیڈسن صاحب آئے انھون نے بڑا افسوس کیا اسکے نقص پر بادشاہ کو بھی منظور تھا کہ اسکی تکمیل ہو جاے مگر نہوئی کئی برس تک انھین تنخواہ ملی سرکار کا نقصان ہوا۔

ایک غریب خانہ خوانا جسمین پانچ لولے لنگڑے اندھے زن و مرد رہا کرین سرکار سے پرورش رہے بلکہ اس خرچ کا نوٹ ہزار روپے ماہواری کا بضمانت رزیڈنٹ کر دیا۔

اسکون

افتخار الدولہ مہاراجہ میوارام

Maharajah Mava Ram

اسکول انگریزی طلبا اور شتاق زبان انگریزی کے واسطے باہتمام رزیڈنٹ کیا۔
سب سے امر عمدہ یہ کیا کہ رمنہ موتی محل مین سد خانہ سلطانی بنوایا کپتان ہربرٹ صاحب اُسکے مہتمم ہوے مولوی اسمٰعیل سرگروہ طلبا ہوے ہندوستان مین ایسا رسد خانہ کہان تھا۔
اس عرصہ مین خبر آمد میڈک صاحب بعہدۂ رزیڈنٹی گرم ہوئی یہ صاحب از بسکہ عالی دماغ صاحب منش تھے کانپور سے بڑے جلوس اہتمام سے داخل ہوے بیس مقام کانپور مین کیے شاگرد پیشہ کی وردی طیاری وغیرہ سامان مین کانپور سے لکھنؤ تک چار جگہ خیمہ و سامان ضروری پر تکلف سرکار شاہی سے ہوا جب کانپور سے سوار ہوے حکم شلک سلامی توپ دیا اپنے جلوس سواری مین دو ترپ ترک سوارون کے لائے التفات حسین کو بسفارش لیتے آئے میر منشی کیا مرزا احسن علی بیگ کو عہدۂ نظارت دیا انھین مرزا سلیمان شکوہ سے لیا کہ جو شخص آداب دربار شاہی سے واقف ہو۔
خلاصہ نواب منتظم الدولہ نے رحمت گنج تک استقبال کیا بادشاہ نے شہر کے ناکہ تک سی دھوم سے داخل شہر ہوے طرفین سے طریق ضیافت شب و روز ہوا صاحب بہادر شامل تھے اس محبت سے زرد کوٹھی ڈاکٹر صاحب کو عیش منزل قرار دیا اسی خدمت عیش سے اکثرون کا رسوخ و فائدہ بھی ہوا سواری دربار شاہی مین بڑے جلوس سے جاتی تھی۔
کرنل گارڈن صاحب مستوفی سرکار کمپنی صاحب بہادر کے درہم باپ تھے قبل از داخلۂ صاحب ممدوح لکھنؤ آئے تھے نواب نے اُنسے بڑا رسوخ پیدا کیا تھا اُنکے ملازمین رسالۂ قدیم کو علاقہ دیا تھا اُنکی بی بی بیگم صاحبہ بیٹی کسی نواب گجرات کی تھی حسن باغ رہنے کو دیا مومنہ تھی بڑی دھوم سے تعزیہ داری عشرۂ محرم مین کی تاج الدین حسین خان مہتمم مجلس ہوے پختہ طعام بہت تکلف سے مرثیہ خوانون کو خلعت دوشالے روپے فراخور حال دیے مگر ان سب خصوصیات حسن خدمات پر منتظم الدولہ اور صاحب سے موافقت نہوئی یہان تک کہ ممانعت صاحب سے نواب کا حقہ پیچوان احاطۂ کوٹھی مین نہ آئے سواری مین چھاتہ نہ لگا دین نواب نے صاحب سے کہا آپ رزیڈنٹ ہین مین نے حقہ لارڈ کمبرمیر صاحب کے سامنے پیا ہے کہا حاکم وقت کو اپنے وقت کا اختیار ہے اسی طرح سے امور خلاف ہوتے چلے گئے اس حقہ کی تلافی نواب نے

کانپور مین کی کہ جب میڈک صاحب لارڈ نیپئر صاحب کی طرف سے بادشاہ کے لینے کو آئے اتفاقاً اُسوقت بادشاہ خواب راحت مین تھے نواب سر پر ٹوپی دیے حقہ پیچوان مُنہ سے لگے تھے اہتمام کرتے تھے اُسی صورت سے صاحب سے ملاقات کی اُنھین بھی اپنے ساتھ پھرانے لگے جب بادشاہ پاس جانے لگے مندیل سر پر رکھی حقہ ہاتھ سے چھوڑا اپنی شان و شوکت دکھائی مگر یہ سب مزید اقبال معتمد الدولہ ہوے ۔

خلاصہ بعد کئی مہینے کے مقدمہ معتمد الدولہ کی یہ صورت ہوئی کہ بائیس لاکھ روپیہ جو بابت ضمانت تنخواہ وغیرہ خزانۂ رزیڈنسی مین جمع تھا اور مجموع املاک جسکی تعمیر مین ایک کرور سے زیادہ صرف ہوا تھا دس لاکھ کے محسوب کرکے مجموع تیس لاکھ پر فیصلہ ہوا باقی دعوی ستر لاکھ کا خارج ہوا کسواسطے کہ دو مہینے تیرہ دن کا محاسبہ اخذہ چاہیے تھا باقی پیشتر کا راضی نامہ حضرت خلد مکان کا انکے پاس تھا پادشاہ کا بڑے صاحب سے خلاف ہونا معتمد الدولہ سے موافق ہونا کام آیا معتمد الدولہ نے اسکے سوا بہت کچھ خرچ کیا اپنی جان و مال کو بچایا باقی املاک متوسلین و اقربائے نواب خالصہ سرکار ہوئی مثل املاک اعظم علیخان میر اسد وغیرہ ۔

بہرحال نواب معتمد الدولہ اپنی یاوری اقبال سے لاکھون خرچ کرکے باعزت بسلامت بحفاظت فوج سرکار مع نقد و جنس و کرور روپیہ مع عیال اقربا متوسلین ملازمین لکھنؤ سے روانہ کانپور ہوے بعد سب کے خود روانہ ہوے جو ہی کے میدان مین چند روز خیمہ مین رہے بعد اُسکے گرانٹ صاحب کا بنگلہ بائیس ہزار کو نیلام مین خریدا تھا اُٹھ گئے پھر بہت سے بنگلے گرد و پیش کے مول لیے متوسلین نے بنگلے لیے ایک شہر جدید انکی جہت سے آباد ہو گیا جب تک جیتے رہے ماہواری پچاس ہزار روپیہ کا خرچ رہا میر اسد خود کہتے تھے کہ چھبیس ہزار ماہواری کی تنخواہ میرے ہاتھ سے تقسیم ہوتی تھی جتنے صاحب کمپ تھے سب سے ملاقات و مہمانی ہوا کرتی تھی حکام کے پاس آپ بھی اکثر جایا کرتے تھے جو صاحب ہوا کھانے پہاڑ پر جایا کرتا تھا خیمہ ہاتھی چھکڑے ساتھ جایا کرتے تھے خوراک انکی سرکار نواب سے ہوتی تھی خلاصہ انکے رہنے سے آبادی کانپور کی زیادہ ہو گئی لوگ اپنی نادانی و بیخبری سے کہتے تھے کہ جناب خانصاحب سر کلید عقل نواب تھے فقط محرم راز نواب تھے البتہ چنانچہ جب خانصاحب متوسل نواب

اعتماد الدولہ ہوے نواب نے آیام قید مین ایک خط بہت طول عبارت کا جو انھین لکھا جن صاحبون کی نظر سے گذرا ہی خوب جانتے ہین ابتدا سے انتہا تک جو عمل مین آیا آسے کس الزام واجبی سے تحریر کیا ایسی تحریر کا داخل کتاب کرنا خلاف تہذیب تھا لہذا ان صاحبون کے اقبال مین کچھ شک نہین اور فی الحقیقۃ خوبی صفات ذاتی خان مین کچھ شک نہین مگر رفتار و کردار موافق طینت نواب کے بمجبوری اختیار کیے تھے ہزار ہا روپیہ خرچ ذاتی تھا دوسرا کون دیتا پہلے نواب منتظم الدولہ کے مقرب خاص تھے پھر نواب کے خاتمہ نواب روشن الدولہ پہ ہوا۔

نواب منتظم الدولہ نے چاہا کہ اپنی حکمت عملی سے راہ مین عملداری شاہی مین نہ بیدار قافلۂ نواب کو لوٹ لین اتفاقاً یہ خبر رزیڈنٹ کو پہونچی نواب سے کہا بکمال خشم و غیظ کہ جبتک عیال نواب کانپور پہونچین تم ہمارے پاس حاضر رہو جواب دیا مجھپر کسی نے اتہام کیا ہو اگر ایسا گمان ہو مجھے اجازت دیجیے کہ مین اسکا جا کر بندوبست کرون اور آپکے الزام سے بچون جب یہ عرض کیا رخصت ہوے اسکا سد باب کیا مگر وار خالی گیا۔

غرض جس صبح کو عیال نواب دانہ کانپور ہوے ساری خلقت شہر کوچہ و بام پہ سر راہ جمع تھی بظاہر فرق آتا تھا کہ جنکو نواب نے شہر سے نکالا انکے ساتھ پہرے سرکاری تھے انکے ساتھ پہرہ انگریزی صاحب معرفت کے نزدیک صورت انتقام دنیا ایک اللہ عزیز ذو انتقام۔

بعد اسکے نواب بعد نصف شب محل سے برآمد ہو کر اپنی عمارات عالیشان کو کس نظر حسرت سے دیکھکر ہر چہار طرف اپنی ثروت امارت متعار حکومت دنیاے دون کو یاد کر کے کہنے لگے حقا کہ تو ہی منتقم حقیقی دنیا و آخرت ہی معلوم نہین مین نے اپنی حکومت مین کس دل دردمند کو دکھایا کہ اسوقت سارا شہر سوتا ہی چین سے اپنے گھر مین اور مین اپنے وطن مالوف سے آوارہ وطن ہوتا ہون فاعتبروا یا اولو الابصار یہ کہکر پنس مین سوار ہوے پہرے انگریزی ساتھ ہوے جب کانپور گورا بارک سے گذرے ہاتھی پر سوار تھے بارک سے گورے بچے بیبیان نکلکر مثل فقرا ٹوپی اتار کر سوال کرنے لگے نواب نے دونون طرف اشرفیان پھینکین لطیفہ یہ ہی

کہ اگر نواب فعتہ نہ مرجاتے پھر بادشاہ سے عہد پیمان منصوبی وزارت طے ہوچکا تھا خواہ نخواہ پھر لکھنؤ میں آتے یہ زبانی ثقات ہے خبر بازار نہیں واہ واہ ۔

وثائق صاحبات محل اور کثرت مصارف شاہی وغیرہ

حضرت شاہ زمان اپنے عہد سلطنت میں حرکات و افعال شباب جوانی سے کبھی فارغ نہ ہوئے سال بھر کے عرصے میں ہر نئے محل کو دوسرے پر فوق ہوتا تھا اور ان مصارف عیش و عشرت اور نذر و رائمہ معصومین اور رسومات نواحداث ابداعی و عزاداری محرم و ایام چہلم و بیماری امام بارہ بارہ امام علیہ السلام اور ان سبکی آراستگی اور پوشاک ہندوستانی و انگریزی اور فرمایشات شاہی اور اخراجات محلات معلی میں جسقدر زر اندوختہ جنت آرامگاہ کس سلیقہ اور حسن انتظام سے جمع کیا تھا اور جو مصارف حضرت خلد مکان سے بچ رہا تھا سو آمدنی ممالک محروسہ وہ سب صرف ہوچکا تھا یہان تک کہ گمان دفینہ خزانۂ عامرہ میں جاروب کشی بھی ہوئی پس مقابل ان اخراجات لاطائل کے اگر گنج قارون بھی ہوتا تمام ہوجاتا جب قلت روپے کی ہوئی ظفر الدولہ سے طلب خزانۂ دفینہ کیا گیا اور اسکا یقین تھا کہ ہمارے مصارف بیجا سمجھکر بہادر موصوف نے کمین دفینہ کردیا ہوگا ازراہ خیرخواہی ہمسے دریغ کرتے ہین کسواسطے کہ فقط بادشاہ کا خرچ ذاتی کرور روپیہ سے کم نہ تھا اور کرور روپیہ کا خرچ سلطنت اور ایک کرور کئی لاکھ کا ملک پس یہ حساب تو عقل سے باہر ہے متواتر طلب فرمانے ایک دن جب بہت تنگ ہوئے درست حجام انگریز کو بھیجکر کہلا بھیجا کہ مین بہت بری طرح سے پیش آؤنگا بہادر موصوف اس کلام نامناسب کے کب عادی تھے بمجبوری مستعد مرگ پر ہوکر جواب دیا کہ یہ سلوک اس شخص سے کیجیے گا جسے کل آپ جیتا پائیگا یہ کہکر اپنے گھر مین گئے سودۂ الماس یا انگوٹھی اسی کی اپنے پاس رکھ لی کہ بروقت اسے کھاجاؤنگا مگر قضا نہ تھی اور صداقت نمک حلالی سینہ سپر ہوئی بادشاہ نے بھی تامل کیا فقط دھمکی تھی چنانچہ جب ظفر الدولہ کا انتقال ہوا حضرت جنت مکان اور ملکہ آفاق کو بھی ایسا خیال خام دفینہ کا تھا اس خیال سے کہ حضرت فردوس منزل کوٹھی کوٹھی سے کچھ کم پچاس لاکھ بچا بچا یا دیا تھا اس جہت سے یقین تھا کہ کمین بوتشیہ کیا ہوگا پس چاہا کہ انکا گھر ضبط کرین پہرے پہلے بھیج چکے تھے بہادر موصوف نے

اپنے فہم سے مجد الدولہ اپنے دوسرے بیٹے کو کہا تھا کہ تم دربار مین رہنا مین جانتا ہون کہ میرے گھر پر پہرے آئینگے کسواسطے کہ اگر تم گھر مین ہوگے بادشاہ تک نہ پہونچ سکوگے اتفاقاً جنرل کانفیلڈ صاحب بالاخانہ رزیڈنسی پر وقت صبح ٹہل رہے تھے انکے گھر پر شور وغل دیکھکر چپراسی سے پوچھا عرض کی ظفر الدولہ مرگئے انکے گھر پر پہرے بادشاہ نے بھیجے ہین اسی وقت بادشاہ سے کہلا بھیجا کہ جو تمھارے گھر کا قدیم خیرخواہ نمک حلال ہو اسکے عیال کی سزا یہی ہے یہ سنکر کہلا بھیجا ہمنے انکے گھر کے انتظام کو پہرے بھیجے ہین بس اس خوف سے انکا گھر ضبط ہونے سے بچ گیا حالانکہ مدت عمر تک یہ کبھی صاحب رزیڈنٹ سے واقف نہوے تھے مگر انکو سب احوال انکا معلوم تھا کہ اس سلطنت مین یہ رکنا ہے۔

غرض پہلے وثیقہ نواب ملکہ زمانیہ کا موافق عہد و میثاق ولیعہدی چودہ ہزاری ہوا دوسرا نواب تاج محل صاحبہ نواب مغفرہ علیا فی چھ ہزاری ہوا سی کا سوا سے جاگیرات اسکا بیان فرد تفصیل مین آئیگا چوتھے بادشاہ محل کے بانی مبانی محض اپنے رسوخ کیواسطے نواب منتظم الدولہ ہوے انھین اپنی بیٹی کیا آقا محمد انکی مان کے آشنا کو اپنا مقرب کیا وہ اس محل کے بھی صنوعی ہوے انکا بھی چند روز شہر مین فروغ بے اصل ہوگیا چار لاکھ کے نوٹ اس محل کو وثیقہ کے واسطے عنایت ہوے باقی اور نہ ملنے پائے تھے کہ رغبت شاہی کم ہوگئی دوسرے محل کا ستارہ چمکا جب بادشاہ کا انتقال ہوا حضرت فردوس منزل نے آشتی وہ نوٹ لیکر دو ہزار ماہواری کی تنخواہ مقرر کردی تھی بعد چند روز کے جب وہ مرگئین تنخواہ ضبط سرکار ہوئی انکی مادر گرامی تباہ و پریشان رہی والد ماجد راہی کربلاے معلی ہوے کئی برس کی مجاورت کے بعد وہین انتقال کیا۔

جواہرات بیش بہا اسباب تحفہ جو ہر محل کو عنایت ہوا اسکا حساب نہین ظفر الدولہ اکثر اپنی صحبت مین کہتے تھے کہ اگر نواب معتمد الدولہ وزیر اعظم اور نواب قدسیہ محل جنبی رہتین ان دونون کے اخراجات سے غالب ہے کہ سلطنت اودھ ہپ جاتی فضلنا بعضکم علی بعض بسم اللہ بیگم زن غریب نواب بادشاہ محل کی پیش خدمتون مین نوکر تھی فقہ سیل کلی شاہی اس جانب ہوا انکی نرمی جاہ و حشمت سب سے بڑھکر ہوئی اور انھین پر خاتمہ محلات بھی ہوا

انکا خطاب مخدرۂ زبان مہد عظمی ملقبین وران ملکۂ آفاق قدسیہ سلطان بانو بیگم صاحبہ ۱۱ اس سرکار عالیہ مین شرفا و نجبای شہر مرد و زن بہت ہوا جب فراخور حال نوکر ہوے ہر ایک کو ہر سلسلے سے موافق اپنی قسمت کے حد سے زیادہ ہوا آتو جی جوبی بی چند روز مان سنگہ سیدری کی تعیین بہت ہوشیار و جہاندیدہ محل مین اسکا اختیار کلی ہوا قادر علیخان اسکا چیلہ تھا داروغہ توپخانہ ہوا مرزا حسین بیگ جسطرح پہلے نواب تاج محل کے باپ مشہور ہوے تھے اس زمانہ مین انکے باپ بابا جان مشہور ہوے نواب مظفر الدولہ خطاب ملا انکے غرور و نخوت اور بانکپن کی کچھ انتہا نتھی بہادر علیخان نواب ناظر ہوے جب تاج الدین حسین خان اور انسے فساد ہوا یا قوت علیخان ہوے ان سب کے متوسلین اور اہلکارون کا بڑا زور و شور ہوا اگران سبکی سرگذشت و حقیقت حال لکھی جاے ایک کتاب ہوجاے بیگم صاحبہ کے سرکار خانہ مین لوٹیرے جمع ہوے تھے خوب لوٹتے تھے مگر جسطرح ہر ایک کا نشو و نما ہوا اسی طرح ایک ہو ایک جھونکے سے جڑ پیڑ سے اکھڑ کر جاتے رہے فی الحقیقت بادشاہ کو محل موصوفہ سے ایک حالت تشویش و بیخوبی ہوگئی تھی انکا وثیقہ بھی سب سے زیادہ منظور تھا چنانچہ بیس لاکھ داخل خزانہ رئیڈنٹی ہوچکے تھے اور بیس ہزار ماہواری کا وثیقہ منظور تھا اس عرصہ مین اصل و امان ندی وہ روپیہ سرکار مین پھر آیا کچھ کم چار برس کے عرصہ مین چار کرور روپیے سے زیادہ خرچ ہوا تھا۔

میڈک صاحب کا لکھنؤ سے جانا جنرل لو صاحب کا آنا

القصہ جب صحبت نواب منتظم الدولہ صاحب رئیڈنٹ بہت بے لطفی سے گذری اور دربار تخریب و گرفت ایک دوسرے کے ہوے اس عرصہ مین نواب گورنر جنرل لارڈ ولیم ہشٹنگ بہادر رونق افروز لکھنؤ ہوے نواب نے اپنی حسن سائی سے موافقت دنیا کپتان بنس صاحب وغیرہ مصاحبان نواب محتشم الیہ سے پیدا کی اور حقیقت حال اور عدم التفات صاحب رئیڈنٹ اور نفسانیت انکی نسبت نواب بخوبی کھل گئی مناسب وقت سمجھکر تبدیلی صاحب ممدوح مکنون خاطر ہوئی صاحب موصوف بھی بہت عالیدماغ نازک مزاج ایام شباب مین تھے اپنا رہنا خلاف مزاج سمجھکر شدت گرمی مین جس کی نسبت مین آہ خیر آباد سے ڈاک مین روانہ ہوے شملے پہونچے نواب گورنر جنرل مقدمات لکھنؤ اور اصل حقیقت سے واقف ہوچکے تھے صاحب کو

رزیڈنسی نیپال پر تعین کیا چنانچہ بعد برسات صاحب بہادر کانپور سے سیدھے نیپال تشریف لے گئے بعد کئی مہینے کے برخاستہ خاطر ہو چکے تھے بعد زنا موافقت آپ ہوا روانہ کیپ ہوئے جب وہان سے پھر کر آئے دوسرے گورنر جنرل صاحب بہادر کے سکرٹر اعظم ہوئے۔

کرنل جان لو صاحب بہادر رزیڈنٹ گوالیار تھے حسب الحکم نواب گورنر جنرل لکھنؤ تشریف لائے پہلے کوٹھی دلکشا میں اترے اسکی صبح بادشاہ نے استقبال موافق معمول کیا تعارف قدیم طرفین سے تھے صاحب ممدوح مرد سپاہی تھے تکلفات ظاہری جسطرح میڈک صاحب نے اپنی نمایش شان و شوکت کو کیا تھا انھوں نے اسے موقوف کر کے قبل از ورود لکھنؤ اس باب خاص میں ممانعت کر دی تھی بعد اسکے یہی دستور معینہ ہر صاحب رزیڈنٹ کے داخلہ کار رہا۔

معزولی نواب منتظم الدولہ اور فرخ آباد جانا

نواب منتظم الدولہ اگرچہ گرم و سرد زمانہ شکیب فراز زمانہ حالت غربت اور امارت دونوں دیکھ چکے تھے اور اس مدت قلیل اپنی منصوبی میں بہت سے امور سلطنت کے اصلاح اور رونق اور بلندنامی کچھ خزانہ بھی جمع کر دیا تھا لیکن از بسکہ سن شیخوخت سے حرارت طبعی و رطوبت اعتدال سے بڑھ گئی تھی اپنے غرور حشمت و جاہ اور بیباکی سے الفاظ نامناسب نسبت صاحبات محلات سطلے اور جناب بادشاہ بیگم صاحبہ زبان سے جاری ہونے لگے بنظا ہر خصومت اعتماد الدولہ ہو گئی تھی اور اپنے غرور ثروت سے کسی سے آشتی و موافقت بھی نہ ہوئی اور نہ کی اور سب سے زیادہ نواب ملکہ زمانیہ سے ناموافقت ہوئی خصوصاً رفتار و کردار وارث علی خان اور فتح علی خان سے سوائے بادشاہ محل سے کہ انھیں خود برپا کیا تھا اس جہت سے سب کے سب درپے تخریب ہوئے کسواسطے کہ ہر ایک کی جاگیر بادشاہ کو سمجھا کر ضبط کی تھی پس جب ایسے امور نسبت صاحبات محلات سرزد ہوئے نواب گورنر جنرل کو بھی باعث استعجاب ہوا چنانچہ صاحب رزیڈنٹ کو بہت تصریح سے تحریر فرمایا تھا کہ نواب نے صاحبات محل کو کیون اس قدر ناراض کیا اور سب سے امر عمدہ یہ تخیلہ میں آیا اور اپنی قدر و منزلت پر قناعت نہ کر کے امور عالیہ سلطنت انکے دماغ میں سما گئی اسکی صورت یہ ہوئی کہ بادشاہ نے فقط انکی تحریک سے بالمشافہہ جنرل لو صاحب سے بیان کیا ابطال نبوت مرزا فریدون بخت عرف مثنا جان کو

ہر چند جنرل صاحب نے اسمین بہت سی جرح کی اور باطن مین فہمایش دوستانہ تھی بادشاہ نے
بادشاہ بیگم صاحبہ اور انکے دیوٹ سے اپنا سکوت کیا پس حسب سررشتہ بتحقیق و تصدیق خود
بادشاہ صدر رپورٹ ہوا اسکا جواب صافی بھی آچکا اس سے غرض باطنی نواب تھی کہ جسطرح
نواب صف الدولہ مرحوم نے بیٹا مرزا وزیر علیخان کو اپنے نام نامی سے اظہار کیا تھا اور
صاحبان صدر نے منظور و مقبول کیا تھا اگر استصواب سرکارین عالیین سے متبنای علی احمد خان
پسر محمد علیخان میرے پوتے کی بھی قبول ہو جاے تو بطریق سہل بے منت انتقال سلطنت میرے
خاندان مین ممکن ہوگا دوسری درخواست متاجری تمام ممالک محروسہ کی بست سالہ صدر رین
کی تھی صاحبان صدر نے منظور نہ کیا یہ ارادہ جنت آرامگاہ متاجری ممالک محروسہ سرکار کمپنی کا تھا
وہ نہوا انھون نے اسی ارادے سے ازراہ قناعت درخواست خود ملک اودھ کی کی تھی اس تہ سخن
کو جو لوگ جانتے ہین جانتے ہین چنانچہ بعد معزولی نواب منتظم الدولہ بادشاہ نے عزل نواب
مین بہت سی شکایت نواب گورنر جنرل کو لکھی جنھین اس امر کی بہت شکر گزاری مندرج فرمائی
تھی کہ مین نان عدم منظوری متاجری ممالک محروسہ کا اپنے ہون و گرنہ انکی حکمت عملی سے
یہ ملک قلیل بھی میرے قبضۂ اختیار سے جا چکا ہوتا خلاصہ صاحبان دلوالغرم سے وقوع ایسے امور کا
مقام تعجب نہین ہے ایسے بہت سے انقلاب شاہجہان آباد مین ہوے ہین اگر واسطہ صاحبان
عالیشان نہوتا تو اس سے زیادہ یہان ہوتا ۔

غرض جو لوگ اپنی گھات مین منتظر ایسے وقت کے ہوے تھے اور نواب کے محرم راز
اس تہ کار سے خوب واقف تھے بادشاہ کو انکے اسرار نہانی سے آگاہ کیا اور اپنی خیر خواہی
ظاہر کی ان اسباب سے مسند وزارت جھٹ پٹ الٹ گئی پہلے بادشاہ نے اپنے روپوشی
اختیار کی اور احکام خلاف نواب شروع کیے از انجملہ ایک دن نقالان بیباک نے باشارہ
بادشاہ اکثر نقلین بطور مضحکہ و مسخرگی روبرو بادشاہ شروع کین ایک دن بادشاہ نے
بہت خوشی سے دوشالے کا حکم نقالون کے دینے کا نواب سے فرمایا انھون نے بہت کم
قیمت دیا انھون نے جھلا کے اس دوشالے کو بادشاہ کے سامنے رکھکر آپس مین کہنے
لگے کہ یہ ترک ہے اس جہت سے اسپر کلمہ لا الہ الا اللہ لکھا ہوا ہے دوسرے نے کہا

مگر محمد رسول اللہ نہین لکھا جواب پایا کہ یہ حضرت کے زمانے سے پیشتر کا ہی بادشاہ بہت خوش خوش ہوے اور اُسے بدلکر نواب سے بہت بھاری وشالہ دلوایا خلاصہ ایسے امور سے نواب کی موجب شکستہ دلی کا ہونے لگا اور معتمدین نواب جو تھے اُنھون نے صفت منافقی و نمامی اختیار کی تھی چنانچہ ایک دن چاے پانی دلکشا مین تھا بعد انقراغ بادشاہ صاحب زیدنت ایک گاڑی مین مثل قران السعدین برج شرف مین طالع ہوکر چلے اُسوقت تخلیہ مین انشا فہ جو کچھ عزل نواب مین منظور خاطر تھا بیان فرمایا گویا اجازت فہوائی بخیال اُنکی سفارش جنرل لو صاحب بھی باطن مین اُنکی سخت گوئی سے تنگ رہتے تھے ۔

دوسرے دن رات کو نواب ٹیڑھی کوٹھی مین دفعتہً محصور سپاہ سلطانی ہوگئے اُسی وقت دلون خواہین سبحان علیخان و تاج الدین حسین خان حاضر حضور خاقانی ہوکر دو لتخواہ نمک حلالی اپنی شیرین زبانی سے عرض کرنے لگے مطابق اُسکے احکام سلطانی جاری ہونے لگے ۔

اصل حقیقت اسکی یہ ہی کہ جب دبار آتا ہی پہلے عقل زائل ہوجاتی ہی جب اکثر امور بادشاہ سے خلاف طریق شاہی و عدل گستری و غفلت و نامہی سے سرزد ہونے لگے جنرل لو صاحب نے اخبار موحش سنکر معرفت تاج الدین حسین خان سفیر شاہی ایک پرچہ لکھکر بھیجا جسمین بہت سے کلمات سوء ادب نسبت بادشاہ خلاف قانون مندرج تھے کہ ہمین تمھاری اس فہم و فراست و عقل و دانش سے بہت تعجب ہوتا ہی کہ تمسا قبیل و فہیم و مقرب و مدار المہام بادشاہ ہو اور بادشاہ کو ایسے امور ناشایستہ سے سمجھا کر باز نرکھے شاید تم اسکے مآل کار و انجام کو نہین جانتے اگر یہی صورت رہی تو تم مفت بدنام ہو جاؤگے ہم ازراہ دوستی تمھین سمجھاتے ہین جب یہ تحریر نواب کو آئی اُسی وقت ایک قطعہ اپنے دستخط خاص سے صاحب کو لکھا کہ آپ کا ارشاد سراسر بجا ہی مگر مین ہر طرح سے مجبور ہون ہر طرح کے نشیب و فراز دنیا سے بادشاہ کو سمجھایا اور امورات نامناسب کا انسداد چاہا بادشاہ اپنے کردار ناشائستہ سے ہرگز باز نہین آتے مین کیا کرون فی الحقیقۃ ایسا شخص قابل سلطنت کے نہین ہوتا یہ لکھکر جناب خان کو اپنا محرم راز سمجھکر دیا کہ اسے صاحب کو دکھا کر پھر میرے پاس لے آؤ

خان والاشان ایسا وقت سند کامل خدا سے چاہتے تھے اُسی وقت اپنے گھر سے ایک دُولی
زنانہ مین سوار ہوکر حاضر حضور شاہی وہ رقعۂ خاص دکھایا اور اپنا رسوخ و خیرخواہی ثابت
کی پس یہ صورت غضب سلطانی کی نواب کے واسطے ہوئی خان والاشان اس کو کہنی
اور عرق ریزی کو اپنا وسیلہ عمدۂ وزارت سمجھے تھے اُسکی صورت یہ ہوئی کہ بادشاہ
نے اُس تحریر جنرل لوصاحب کو اور کلمات سوء ادب نسبت اپنے دیکھکر لوگون کے سمجھانے
سے اپنے پاس رکھ چھوڑا تھا کہ مین اسے روانہ صدر کرونگا صاحب نے خان سے کہا کہ
ہماری تحریر کو کسی حیلے سے ہمارے پاس لے آؤ جب بادشاہ سے خان نے طلب کی فرمایا کہ
لیجاؤ پھر لے آنا خبردار جب صاحب کے پاس تحریر آئی پھاڑ ڈالی الّا خان نے بادشاہ سے
عرض حال کیا بس یہ سنتے ہی آتش غضب سلطانی مشتعل ہوئی کلمات سخت ارشاد فرمائے پھر
بہادر علیخان ناظر نواب قدسیہ محل سے خاص ردولت پر بہت کچھ ہوا آنیکہ پگڑی سر سے
اتاری گئی آخر کو حکم شہر بدری کا ہوا کانپور گئے اس صورت سے دونون طرف سے گئے
انکے سوا دونون خانین مین جیسی موافقت تھی بعض اسباب سے اُس سے ناموافقت ہوگئی
خان بزرگ نے بادشاہ سے عرض کردیا تھا کہ ہماری خاص قوم کو حضرت کبھی ارادہ ایسے
عہدۂ جلیلہ کا نفرمایئے گا۔

نواب نورالدولہ جنرل تھے ہر وقت حاضر حضور رہتے تھے اکثر اُنسے فرماتے تھے کہ
تمہارے باپ نے میرا ناک مین دم کردیا ہے نورالدولہ جب منتظم الدولہ سے کہتے تھے کہ آپکی
طرف سے بادشاہ بہت بدگمان ہوگئے ہین خدا خیر کرے آپ غافل نرہنا چاہیے اسکا جواب
دیتے تھے کہ تم لڑکے ہو اگر بادشاہ مجھے وزارت سے موقوف کردینگے اُنکی سلطنت بھی مٹ جائیگی
بس انھین باتون سے بادشاہ کا انتقال سلطنت ثابت ہوتا ہے مگر اجل نے بادشاہ کی جلد
پردہ پوشی کردی وگرنہ انجام کار کی پہلے سے تدبیر ہوچکی تھی۔

خلاصہ وہ صبح روز زوال نواب عجیب و غریب تھی کہ بنگلہ خصخانہ مین نواب تن تنہا
ولایتی آگے رکھے سنہ پر بیٹھے تھے اور ہر گھونٹ پیچوان سے آہ سوزان درد جگر سے
نکال رہے تھے بہادر الدولہ مرزا ابو طالب خان اپنی شوش و متوحش منورالدولہ مسلح

اوپچی بنے بیٹھے تھے زنتا خاص بردار اپنے مقام پر مسلح صاحبات محل محلسرا مین سد آہیمہ پریشان حال گویا بند ندان مین تھے چوبدار سلطانی دمبدم احکام بادشاہ لاتے تھے نواب بآواز بلند بغضب جواب دیتے تھے بس سبکو یقین ہوگیا تھا کہ بے کشت وخون یہان سے صورت نجات نہین معلوم ہوتی اس عرصے مین نواب منور الدولہ نے آکر عرض کی کہ آپ کیون یہان بیٹھے غم وغصہ کھا رہے ہین زنانی سواریان جاتی ہین آپ بھی پردۂ عصمت مین سوار ہوجائیے اسی صورت سے نواب بسلامت اپنے دولتخانہ پر چلے آئے بہت تعجب ہے نواب کے فہم وفراست سے کہ بادشاہ سے ایسے مطمئن ہوگئے تھے کہ اپنا گھر چھوڑ کر انکا گھر آباد کیا تھا۔

نواب کے گھر پر مفسدون کے بہکانے سے ازراہ تذلیل شہر کے مہاجن قرضخواہ وغیرہ نے ہجوم کیا اور جانتے تھے کہ بعلت زر قرضہ نسبت خلاف پیش آئین اور الفاظ رکیک و فحش اپنی زبان سے غل وشور مچا کر کہہ رہے تھے لیکن اگر دشمن قوی ہو تو نگہبان اس سے زیادہ قوی ہوتا ہے جب بادشاہ کو یہ خبر پہونچی کہ نواب بسلامت اپنے گھر پہونچے ان سب خشرات الارض نے در دولت پر ازراہ دادخواہی ہجوم کیا اسوقت رزیڈنٹ نے بادشاہ سے کہلا بھیجا کہ نواب خیر خواہ اور متوسل سرکار ہین اور نمکخوار قدیم سرکار عالی اور صاحب عزت وقدر ومنزلت ہے اور سرکار کا مطالبہ واجبی ہوا اسکا ذمہ نیازمند کا ہے عوام اہل بازار کو ممانعت ہوجاے کہ اسطرح کے تقاضاے سخت سے ہاتھ اٹھالین غرض بعد از خرابی بصرہ جو کچھ برا بھلا سننا تھا سنکر نجات ملی اسپر بھی مفسدین حاسدین منافقین نے نواب سے تین لاکھ روپیے بعل وچرب زبانی سے دھمکا کر لیے اور آپسمین سدی تقسیم کیے جب صورت نجات پائی لیکن جب نواب فرخ آباد جانے لگے کہتے گئے خدا چاہے تو ہم بھی دو چند اسکا لینگے چنانچہ جب پھر آئے دو چند سب سے لیا۔

بعد ایک مہینے کے فرخ آباد پہونچے مگر باوصف ان سب خرابی اور زلتون کے دنیاے دون سے ہاتھ نہ اٹھایا پھر مترصد وزارت ہے اور بدستور سابق صرف اخراجات ہر طرح سے کرنے لگے چنانچہ ایک عجیب نقل بمحل حسب حال طمع دنیا رہے نواب گذری کئی برس تک

فرخ آباد مین جو حاجی یار خاں داروغہ کربلاے معلی ہوتا تھا خواہ نخواہ وہان ہوجانا تھا اسلئے سے نواب بلوا کر ہر ایک کو بقدر حال دیا کرتے تھے اتفاقاً حکیم سید یوسف کی بی بی کے ساتھ ایک ضعیفہ بھی گئی تھی اُسے بھی زر دار اپنے ساتھ نواب کے گھر لے گئے سبکو نواب اپنے ہاتھ سے جو کچھ دینے لگے اس ضعیفہ کو بھی پچاس روپیہ دینے لگے کہنے لگی مین کیا کرونگی جب لکھنؤ سے چلی تھی پانچ ٹکے پیسے میرے آنچل مین بندھے تھے وہ اب تک یکمو بندھے ہین جس خدا نے یہانتک پہونچایا ہے کیا کربلا تک نہ پہونچائیگا نواب متنبہ ہوکر اپنا منہ اُس سے پھیر کر رفقا سے کہا آفرین ہمت پر اس ن پیر کی وائے ہمارے حال پر کیا نفس امارہ شوم ہمارا ہے۔

نیابت نواب وشن الدولہ و انتقال نواب قدسیہ محل و بادشاہ بیگم صاحبہ سے بادشاہ کا ناراض ہونا

نواب وشن الدولہ محمد حسین خان بہادر عرف مرزا تھوبیئے نواب شرف علیخان کے بعد انتقال حضرت خلد مکان اپنی فضول خرچی اور فی الجملہ جود و ہمت سے پریشان حال خانہ نشین تھے اور بعسرت بسر کرتے تھے اور دربار شاہی مین بسبب خصومت معتمد الدولہ اور اُنکے خیر خواہ و قرابتی کے ہونے سے نجاتے تھے ہر چند راجہ بختاور سنگھ اپنی ہمت سے کچھ خدمت کرتا تھا اور بادشاہ سے کسی کی جرأت انکے واسطے نہوسکتی تھی ہر چند انھون نے بھی معتمد الدولہ سے اکثر سمجھا کر کہا تھا کہ اسقدر بے اعتنائی صاحب عالم سے مناسب حال نہین اسکا انجام کیا آپ نہین جانتے وہ کہتے تھے کہ وہ مجھ سے کبھی بدل صاف نہ ہونگے جب نواب منتظم الدولہ وزیر ہوے اپنی علو ہمت و نیکنامی سمجھکر انھین بلوا بھیجا اور پانسو روپیے دربارہ مقرر کردیا کہ تم میرے پاس آیا کرو بلکہ بدل منظور تھا کہ بادشاہ سے اُنکی صفائی کروا کر بدستور سابق بطریق مصاحبت مثل منور الدولہ یہ بھی حاضر رہا کرین مجھے انتظام کاروبار سے فرصت ملجائیگی البتہ یہ پیشۂ مصاحبت مین منور الدولہ سے زیادہ تھے غرض ان کی مساعدت تقدیر سے جب منتظم الدولہ موقوف ہوے بادشاہ نے خان پیر سے باب وزارت مین پوچھا عرض کی کہ غلام کے نزدیک اس پایۂ عظیم وزارت کا کوئی متحمل نہوسکیگا

نواب روشن الدولہ بہادر

Roushu noodowlah

سوائے روشن الدولہ کے اسکا سبب ظاہر تھا کہ بانی مبانی عزل منتظم الدولہ اخوی مقامی ہوے تھے جسطرح بیان کیا گیا روشن الدولہ کا جیسا حال ہی ہم خوب جانتے ہین بس ہمارے سوا دوسرا کون انکے کاروبار کرسکے گا اسکے سوا دوسری تحریک پردۂ عصمت سے ہوئی جناب بادشاہ بیگم صاحبہ نے معرفت امامی بیگم مادر گرامی حسین علیخان اور نواب قدسیہ محل صاحبہ نے بسبب سفارش آتو جی مختار اور عقل کل محل ہوصوفہ نے چنانچہ پہلے اتہجاً مزاج بادشاہ کیوا سطے یک عرضی روشن الدولہ کی وقت شب خلوت مین بادشاہ کو گذرانی بعد ملاحظہ بادشاہ نے اپنے ہاتھ سے روشنی شمع مین جلادیا یہ سمجھین کہ خاموشی نیم رضا ہی بعد اسکے خلوت مین بسواری زنانہ حاضر حضور رہوے یہ زمانہ آخر منتظم الدولہ ہی روشن الدولہ بھی خائف وترسان حاضر ہوے تھے۔

خلاصہ جب اسطرحسے اسباب جمع ہوے اور اقبال نے بھی یاوری کی روشن الدولہ نے اپنی جود وہمت سے اندرون وبیرونی کو راضی اور موافق کرلیا حاضر ہوے فقط خلعت سرفرازی پایا تلافی غبارات دیرینہ کی ہوئی کئی مہینے تک احکام عظام بجالاتے رہے آخر ۴ شہر جمادی الثانی ۱۲۴۸ھ مطابق نومبر ۱۸۳۲ء خلعت سرفرازی سے بوزارت سرفراز ہوے حسب دستور جنرل لوصاحب کے پاس نذر کو گئے کمال دردول سے فرمایا ہمین بہت تعجب ہی کہ تمنے وزراے ماضیہ کا حال بخوبی دیکھا ہی اور پھر دیدہ ودانستہ اس عہدۂ مستعار کو اختیار کیا ہی عرض کی مرتا کیا نہ کرتا اب میرا حال خانہ نشینی مین حد سے گذر چکا تھا نہ سرکار سے کچھ مقرر تھا نہ مال دنیا میرے پاس رہا تھا اور نہ کسی سے قرض مل سکتا تھا بہرصورت سامنا موت کا تھا مین نے اس خیال سے اختیار کیا کہ اب نواب وزیر اعظم مشہور ہوکر مرینگے تو بہتر ہی۔

غرض رفتہ رفتہ نواب کا اختیار کلی ہوا اور خوانین صغیر وکبیر کنبوہ محیط دائرہ وزارت ہوے اور دربار شاہی کی وہی صورت ہوئی جو زمان معتمد الدولہ مین تھی اور حضرات کنبوہ کا گھر مرجع صحبت خاص وعام ہوا اور ان سب کے اخراجات خیر وخیرات ورفیق پروری وعیش وتنکی بھی رہے نواب محمد کردہ اور تعلیم یافتہ عادی اپنے امورات ماضیہ کے تھے وہی فتار وکردار سب ہونے لگے۔

تاج الدین حسین خان لکھنؤ سے چار لاکھ روپیہ نقد کا پور لائے اپنی املاک مین رہے اور بسکہ اُنکے بھی دماغ مین بوے وزارت کا کچھ اثر خام ہو چلا تھا اکثر صاحبان عالیشان سے ملاقات بھی تھی وہ سب و پیہ مہمانی دعوت و فرمایشات حکّام عظّام انداہ خوشامد باُمید موہوم اور صرف عزاداری جناب سیّد الشہداؑ مین بھی تمام ہوا اور پھر فرخ آباد جاکر نواب منتظم الدولہ سے اپنی صفائی کرکے خلعت سرفرازی لیکر چلے آئے یہ کام انھین صاحبون سے بن پڑا ہے۔

سبب انتقال نواب قدسیہ محل صاحبہ مختصر یہ ہے کہ حضرت شاہ زمان کو باوجود حالت تشنج و بیخودی کے اُنکی عیّاری و کید عظیم سے موافق قرآن کے راجہ غالب جنگ مہتمم دیوان عام کے کہنے سُننے سے کچھ کچھ مظنّۂ فاسد مرتکز خاطر اقدس ہونے لگا اور مقدمۂ حمل مصنوعی قرین صدق ہوگیا اور بہت سی پردہ دری ہونے لگی اس جہت سے بے اعتنائی ظاہری شروع ہوئی چنانچہ بعد انقضاے ایّام چہلم امّام بیگم صاحبہ نبابر تفریح طبع موسم برسات مین کوٹھی دلکشا مین تشریف لے گئین اُسکے بعد قضا نے بادشاہ باغ مین اپنا مہمان کیا چار دن تک دلون بھی افسردگی رہی لمرفین کا غنچۂ دل نہ کھلا ایک رات بادشاہ ازراہ چشم نمائی باہر بارہ دری مین خواب احت فرما کے صبح کو بیگم صاحبہ کے پاس تشریف لائے زبان ہزار شکوہ شکایت سے کھلی کہ میری شرط اول محکمات سے بجاے بائے بسم اللہ یہی تھی جسے حضرت نے منسوخ کیا مین نے عرض کیا تھا کہ اگر اسکے خلاف ہوگا یہ صورت مصحف ہستی سے مٹ جائیگی معلوم ہوا کہ حضرت کی خوشی اسی مین ہے فرمایا ہمنے ایسا کسیکو ثابت قدم نہین دیکھا عرض کی اب حضرت دیکھ لینگے غرض ان باتون سے کبیدہ خاطر ہوکر بادشاہ باہر تشریف لائے بیگم صاحبہ از بسکہ سخن پرور و غیور نازک مزاج تھین پسی ہوئی سنکھیا جو کئی مہینے پیشتر سے اپنے روز بد کے واسطے زیب حویلی کرکے رکھا تھا نوشجان فرمایا اُسپر آب شورۂ لیمون کا شربت مرگ سمجھکر پیا اُسکے بعد چند دانہ بھونے چنے کے کھائے دفعتہً قے خونی آئی اور سمین کئی ٹکڑے کلیجے کے تھے بجرد اُسکے ایک قیامت برپا ہوئی بادشاہ گھبرا کے تشریف لائے بمجرد دیکھنے بادشاہ کے بیگم صاحبہ نے اشک حسرت و یاس کے برسائے بادشاہ نے فرمایا

ای بانوے بادنا آخر تسنے اپنا کام تمام کیا غرض کی جو کہتی تھی وہی دکھایا یہ کہکر رونے لگین حضرت زیادہ بیقرار ہوے آخر گھبرا کر بے صبری سے چکروالی کوٹھی چنیٹ تشریف لے گئے اسی وقت لباس سیاہ پہنا اور ترک لذات وراحت وآرام کیا سب ارکان دولت بھی سیاہ پوش ہوے دوسرا محرم مصنوعی ہوا۔

نواب دبیر الدولہ حکیم مرزا علیخان اور امیاے حاذق جمع ہوے ہزارون تدبیرین کین مگر جان نہ بچی ۱۵- ربیع الثانی ۱۲۵۲ھ روز چہارشنبہ مطابق ۲۱- اگست ۱۸۳۶ء چوبیس برس کے سن مین انتقال کیا رات کو جنازہ بڑی دھوم وجلوس شاہی سے اٹھا ارکان دولت اقربا ے شاہی سب سیاہ پوش تھے ملازمین سب خاک بسر تھے باغ جو نمونہ بہشت تھا ماتم سرا ہوگیا تھا کربلاے نو تعمیر مین برابر مقام سائر شہدا دفن کیا چہلم تک سب سیاہ پوش رہے روز سوم بادشاہ مع جنرل لوصاحب بخاطر بادشاہ کربلا تشریف لے گئے مگر صاحب باہر رواق مین رہے اندر حرم مین فرخ کے پاس گئے پھر روز چہلم فقط بادشاہ تشریف لے گئے قبر پر فاتحہ پڑھکر بہت رویا کیے باہر خیمہ مین آکر تبدیل لباس فرماکر مجلس اوسری مین جو پہلوے بارہ دری تھی تشریف لائے جتنا کارخانجات وعملہ تھا سب بدستور رہا جب صبح کو بادشاہ بیدار ہوکر بیٹھتے تھے عورات ملازمین مرحومہ حاضر ہوتی تھین آنوجی کچھ باتین ان سے بہلانے کی کرتی تھین بادشاہ اپنی صحبت ہمدمی یاد کرکے دم بخود رہکر باہر تشریف لاتے تھے غرض صدمہ عظیم لاحق ہوگیا تھا۔

جناب بادشاہ بیگم صاحبہ کا احوال بالاجمال یہ ہے کہ جب بیقراری اور لباس سیاہ کا حال بمقتضاے جوش محبت مادری بیتاب ہوکر بے لباس سیاہ تشریف لے گئین کلمات تشفی وماتم پرسی کے ارشاد فرمائے کہ خدا تجھ دولہ کو سلامت رکھے ایسی سو عروس نو تیری خدمت مین آئینگی بادشاہ ان باتون سے نمک برجراحت ہوے اور شکایت عدم سیاہ پوشی کی فرمائی کہ اگر آپ کو مجھ سے محبت دلی ہوتی میری شریک ماتم ہوتین مگر آپ کو وفات میر فضل علی کا صدمہ کم ہوا تھا اسکا جواب دیا کہ مین لباس ماتم فقط عزاداری جناب سید الشہدا علیہ السلام کو پہنتی ہون نہ غیر کے واسطے مین خوب جانتی ہون کہ معاندین سلطنت نے

تمھین مجھسے منحرف کردیا ہو ان باتون سے بیگم صاحبہ کبیدہ خاطر چلی آئین پس شروع بنائے خلاف یہ ہوئی حریف اور مخربون نے اسپر بھی لون مرچین لگاکر تیز کرنا شروع کیا آخر حکم قطعی شاہی ہوا کہ بیگم صاحبہ مکان ملحق بیت السلطنت سے الماس باغ مین جاکر رہین بیگم صاحبہ نے جواب دیا کہ یہ عطیہ میرے شوہر کا ہی تمھارا عطیہ ہوتا تو مین خالی کردیتی پھر بادشاہ نے کہلا بھیجا کہ پچیس ہزار درماہہ لیجیے اور جس مکان کو پسند کیجیے وہان جاکر رہیے اسکا جواب دیا کہ جاگیر سلون میرے شوہر کی دی ہوئی ہو وہ مجھے ملے مین اٹھ جاؤن آخر بادشاہ نے جرنل لوصاحب کو واسطہ تصفیہ کیا کہ بیگم صاحبہ مع نقد وجنس یہان سے اٹھ جائین اور تنخواہ انکے واسطے آپ تجویز کرین مین مقرر کردون صاحب نے جواب دیا یہ امر خانگی ہی ہمین سوائے امور سلطنت کے حکم مداخلت کا نہین۔

بعد اسکے حکم شاہی سے مزدور رنڈی مرد جتنے عمارت کے تھے کوٹھے پر چڑھکر کلمات فحش باواز بلند نسبت جناب موصوفہ کہنے لگے جناب نے سبکو حکم دیا کہ زنہار کوئی ادھر سے جواب نہ دے اسکے بعد ہڈیان پراز کساقت محل مین پھینکنی شروع کین بیگم صاحبہ بمجبوری رگاہ بارہ امام مین جاکر رہین اور دن رات تلاوت قرآن وعبادت خدا مین مشغول رہتی تھین لونڈیان کشاقت کو پانی سے دھوڈالتی تھین بعد اسکے حسب الحکم شاہی غلام یحیی خان ظفر الدولہ سمجھانے کو آئے کہ پچیس ہزار درماہہ لیجیے اٹھ جائیے فرمایا مجھے تمھارے کہنے پہ اعتبار نہین اگر صاحب رزیڈنٹ اسکے واسطہ ہون اور میری جاگیر مجھے ملے تو البتہ اٹھ جاؤن جب یہ صورت ہوئی اور زبان طعن وتشنیع خلائق حد سے گذری کہ بادشاہ نے خوب حق مادری ادا کیا بادشاہ برہم ہوکر دولتخانہ قدیم مین تشریف لے گئے کہ جبتک بیگم صاحبہ نجائینگی مین فرخ بخش مین نہ آؤن گا۔

اتفاقاً جنرل لوصاحب بضرورت ملاقات لارڈ کوئڈش نبٹک کو کلکتے جانے لگے بادشاہ نے اسی باب خاص مین مجمت نامہ صاحب جانشین کو دیا کہ حسب مرضی میرے تصفیہ ہوجاے واہان سے بھی وہی جواب آیا عدم مداخلت کا جو صاحب نے کہا تھا بعد اسکے بادشاہ نے تنگ ہوکر غالب جنگ وشیودین سنگھ کو حکم قطعی دیا کہ بہر صورت تم کسی طرح کا لحاظ نہ کرنا

ہمارے حکم کو مقدم سمجھکر مکان خالی کروادو پہلے انھون نے گیارہ ملازمین بیگم صاحبہ کو مع کشن چند مودی کے قید کرکے ٹیڑھی کوٹھی بھیجدیا۔

۲۰۔ ذیحجہ ۱۲۵۰ھ مطابق ۱۵۔ اپریل ۱۸۳۵ء سپاہ شاہی نے مکان بیگم صاحبہ کو گھیر لیا پانی بند کیا بیگم صاحبہ نے ڈیوڑھی کے خاص برداروں کو حکم طیاری دیا اور دو پٹالن نجیب جنکی تنخواہ محترم و محتشم دونون خواجہ سرا تنخواہ لیکر نمکحرامی سے کھایا کرتے تھے اسکا نشان بھی نہ تھا سپاہ شاہ نے سیڑھیان دیوار باغ متصل محل بیگم صاحبہ لگاکر بلیداردن سے محل کا کھدوانا شروع کیا اسوقت لونڈیون اور عورات محل نے باہر نکل ڈھیلے پتھر مارنا شروع کیے سپاہ ٹھہر نہ سکی بھاگی راجہ اور امام علی چیلہ سلطانی مجروح ہوا بیگم صاحبہ باہر سے پھر داخل محل ہوئین پھر راجہ نے سپاہ کو حکم دیا کہ اب تم سب بیباکانہ محلسرا مین چلے جاؤ اتفاقاً کسی نے ڈیوڑھی سے بندوق ماری بس دفعتہً طرفین سے گولی چلنے لگی چار حبشنین بیگم صاحبہ کی اپنے حق نمک سے ادا ہوئین ظالم سنگھ صوبہ دار اور ایک سپاہی فوج شاہی سے اور ایک مسافر راہ مین مارا گیا اور جو لوگ محل پر چڑھ گئے تھے مجروح ہوے اور کئی آدمی اور لونڈیان بیگم صاحبہ کی ماری گئین اس جنگ خانگی سے شہر مین ایک تلاطم ہوگیا بازارین دکانین بند ہوگئین ایک توپ بھی ڈیوڑھی پر لگائی گئی تھی بیگم صاحبہ بھو کی پیاسی نصرت باغ کی طرف سے درگاہ بارہ امام مین آئین راجہ سے امان چاہی ملازمین شاہی نے نعش مقتولین کو دریا مین بہا دیا نواب وشن الدولہ نے بادشاہ سے عرض کی بیگم صاحبہ امان لیکر الماس باغ جایا چاہتی ہین چنانچہ سیانے گاڑی رتھ ڈولی پنس حسب الحکم روانہ ہوے کوتوال شہر کو حکم ہوا کہ الماس باغ رسد پہونچاؤ بیگم صاحبہ ۳ بجے دن کو مع منّا جان اور خواصین ملازمین سے سوار ہوکر باغ مین تشریف لے گئین عورات زخمی بھی ساتھ تھین مادھو سنگھ مع سوار اور دو کمپنی پلٹنگ اور دلجیت سنگھ ہمراہ سواری تھے عورات پیاس سے بیتاب ہوکر راہ مین پانی مانگتی تھین دو ساعت گئے رات کو باغ مین سب قافلہ پہونچا وہان نہ روشنی نہ فرش سالہا سال سے جسمین چراغ نہ جلا ہو مثل خرابۂ زندان ہو رہا تھا بیگم صاحبہ مع منّا جان بے آب و طعام تمام رات تکھپال مین رہین اور سب عورات کو اسی حال سے صبح ہوئی بعد بیگم صاحب کے تشریف لیجانے کے

حسب الحکم خفر الدولہ نے جاکر جتنے کوٹھے تھے سب مقفل کردیے پھر چھکڑون پر بار کرکے جتنا نقد و جنس تھا ہمراہ ملازمین بیگم صاحبہ باغ مین پہونچا دیا اس اسباب کے لیجانے مین بہت سا گھر والون کے ہاتھ سے بھی تلف ہوا۔

جناب بیگم صاحبہ موافق عادت و رسوم قدیم کے اپنے رسومات بداعی مین مشغول ہوئین اور باغ جو مثل خرابے کے ویران مطلق پڑا تھا ہر طرف گلزار ہوگیا غرباے مرثیہ خوان ذاکرین نے نجوم ہر وسیلے سے نوکر ہونے کا کیا قریب آٹھ نو ہزار کے سپاہی نوکر ہوے انھین درمیان ملعین صبح و شام قواعد ہونے لگی جنرل فوج میان امام بخش سقے ہوے نواب ناظر سیمنٹ علیخان تھے انکے رفقا اور دسترخوان بہت وسیع تھا باغ کے باہر دکانون سے بازار آباد ہوگیا تھا۔

غرض جب یہ خبر فوج اور سامان وغیرہ کی بادشاہ کو پہونچی کہلا بھیجا کہ فوج کو برطرف کردو بیگم صاحبہ نے جواب دیا مین اس جنگل مین رہتی ہون اگر سپاہ حفاظت نہوگی لٹ جاؤن گی پھر شہر مین منادی ہوئی کہ جو بیگم صاحبہ کی نوکری کو جائیگا مجرم سرکار ہوگا اور فوج شاہی بھی جاکر مقابل باغ پڑی بیگم صاحبہ کی بھی فوج نے نالے پر انکے مقابل اپنے مورچے لگائے جب خبر موحش جنرل لوصاحب نے سنی خود مع جمیس پاٹن صاحب میر منشی سید التفات حسین خان صدق و کذب خبر فوج کو تشریف لے گئے جب کثرت فوج بچشم دیکھی چارونا چار مداخلت کرنی پڑی میر منشی کو نمایش کے واسطے بھیجا کہ آپ فوج کو برطرف کیجیے بقدر ضرورت رکھ لیجیے اور جو صاحب رزیڈنٹ روپیہ مقرر فرمائین اسے قبول فرمائیے اور اگر نہ مانیے گا دو کمپنی انگریزی آکر بندوبست کرینگی پھر آپ کے عذر کی بھی شنوائی نہوگی بیگم صاحبہ نے رو رو کر اپنا سارا دکھڑا بیان کیا کہ مخزبان سلطنت میرے درپے تذلیل ہوے اور بادشاہ نے دیکھو کیا خوب حق پرورش میرا ادا کیا مجھے ابتدا سے اپنا تصفیہ بواسطہ صاحب رزیڈنٹ منظور تھا اب لاکھ روپیہ ہو تو تنخواہ فوج کو دیکر برطرف کردون اور میری جاگیر سلون عطیہ میرے شوہر کی مجھے ملجاے وہان جاکر رہون خلاصہ بعد قیل و قال صاحب رزیڈنٹ نے بحکم صدر لاکھ روپیہ برطرفی فوج کے خزانۂ شاہی سے بھجوائے اور

پندرہ ہزار روپیہ مہینا مقرر کیا اور پانسو سپاہی چوکی پہرے کی اجازت دی چنانچہ امداد علی اور خدا بخش چوبدار رزیڈنٹی بر طرفی فوج پر مامور ہوے بیگم صاحب نے بظاہر سب کی تنخواہ دیکر سمجھا دیا کہ تم سب میرے نوکر ہو اپنے گھر بیٹھے رہو تنخواہ پہونچے جائیگی یہ تجویز محض اس خیال سے کہ روز بد میرے کام آئین گے اور صاحب رزیڈنٹ نے ملازمین شاہی کو حکم قطعی دیا کہ کوئی ملازم بیگم صاحبہ کا مزاحم حال نہو پھر بیگم صاحبہ نے معرفت مرزا علیخان اپنے وکیل صاحب سے کہلا بھیجا دو لاکھ روپیہ مجھے ادا بھجوا دو صاحب نے طوعاً و کرہاً لاکھ روپیہ بھیجنے کا اقرار کیا کہ کل صبح کو لیجانا اُسی رات بادشاہ کا انتقال ہوگیا انا للہ۔

بادشاہ اس مدت قیام باغ مین بیگم صاحبہ کے پاس حالت بیخودی مین پہر رات رہے کشریف لے گئے بیگم صاحبہ نے دبان شکوہ و شکایت کی کھولی بادشاہ تھوڑی دیر ٹھہر کر پھر آئے مفسدون نے دیکھا کہ اگر بادشاہ اور بیگم صاحبہ سے پھر موافقت ہوئی ہمارا کام تمام ہو جائیگا لاچار ہو کر بعض خواص محل سے بطمع زر موافقت پیدا کی کہ مفصل خبر محل کی سنکر بادشاہ سے عرض کیا کرین۔

عروسی آخری بادشاہ

حضرت شاہ زمان کا حال بعد انتقال نواب قدسیہ محل عجب طرح کا ہوگیا تھا کہ ہر وقت پریشان اور تصور مین اُس یوسف جہان گذشتہ کے رہتے تھے اور چاہتے تھے کاشکے کوئی ہم شبیہ اُسکی ملجاے اور مشابہ اُسی شکل و شمائل کے ہو مگر غیر ممکن تھا البتہ فی الجملہ تسکین خاطر ہو جاتی اور یہ شعلۂ فراق کچھ بجھ جاتا جتنے زن و مرد خواص تھے اپنے رسوخ کے واسطے شہرین خاک اُڑانے لگے۔

پہلے بادشاہ کے خیال مین آیا کہ اگر چھوٹی بہن مرحومہ کی جو نواب دولہ کی جورو ہیں راضی ہو تو اُسمین کہان تک عادت و خواص سگی بہن کے نہونگے اس امر مین بہت سے دلالون نے ہاتھ پانون مارے مگر اُس زن باوفا نے ہرگز مفارقت اپنے شوہر کی قبول نہ کی یہان تک کہ اُسکے شوہر کو از راہ تنبیہ شہر سے نکال دیا میان گنج بھیجا فتح الدولہ مرزا محمد رضا برق اُسکی حفاظت و سمجھانے کو ساتھ ہوے کہ کہین بھاگ نجائین بعد کئی مہینے کے

جناب میر سید علی صاحب مرحوم سگے بھائی مجتہد العصر کے نواب کی طرف سے سمجھانے کو تشریف لے گئے ہزار جدوجہد اجتہاد نواب دولہ سے خلع دلوایا اس عرق ریزی دینی سے جناب سید مورد عنایات خاقانی ہوے نواب نے بادشاہ سے عرض کیا اس عقدۂ لاینحل کا کھولنا انھین کا کام تھا وہ زن باوفا بندندان رہی مگر راضی نہوئی بعد اسکے اپنی خوش نیتی اور ثابت قدمی سے بھاگ کر کانپور مین اپنے شوہر سے جا ملی۔

اس عرصہ مین صاحب حسن و جمال نظر اقدس سے گذرے انمین بعض عزیز مصر سے بھی تھے انکی بھی خریداری نہوئی آخر بہزار تجسس و تلاش نواب دشمن الدولہ نے بحرفہ خارین اپنی خواصی سے در شہوار نکالا یعنی سراج الدولہ مٹیا باقر علیخان کا جو انکی سگی بہن کے انکا داماد بھی تھا بادشاہ کو بھی پردۂ عصمت سے دکھایا جنرل کی مان نواب کی بی بی کی بڑی صاحب بادشاہ ہوئی انھین بہن فرماتے تھے۔

جب چار مہینے کئی دن گذرے یہ مدت عدت شرطیہ اسطے عورت کے سنتے تھے شاید یہ وعدۂ معینہ شاہی ہو عملۂ بیگم صاحبہ مرحومہ کو حکم برطرفی ہوا تنخواہ سب کو ملگئی مگر آتوجی قادر علیخان داروغہ وغیرہ صاحب پول تھے لے دیکر نواب کی حمایت سے بچ رہے ہین بیگم صاحبہ کی میرن صاحب بڑے بیٹے مرحومہ کو لیکر اپنے مکان مملوکہ داروغہ غلام حسین مین گئین یہ مٹیا مرحومہ کا یادگار شوہر قدیم سے میر حیدر کا تھا اور دوسرا چھوٹا مٹیا جو طفولیت مین مرحومہ کی مان کے پاس رہتا تھا عین خروج مین مر گیا میر خدا بخش مرحوم کی کربلا مین واقع جانب جنوب روضۂ مقدسہ مین دفن ہوا وہ بہت صاحب نصیب تھا اسکے بعد یہ سب آفتین سماوی آنے لگین۔

خلاصہ نواب نے سب سامان نوعروسی شاہی ملیا کیا نواب مبارک محل بجاے بیگم صاحبہ بندہ رضا خان کے سمجھانے سے مہمان محل نواب ہوئین رسم خانبندی موافق رسم زمانہ ہوا جب روز تولد جناب امیر علیہ السلام ۱۳ - رجب ۱۲۵۰ھ مطابق ۱۸۳۵ء برات ہوئی محفل شاہانہ آراستہ ہوئی اقربا ے شاہی ارکان دولت سب حاضر تھے جنرل لو صاحب مع صاحبان عالیشان و خوانین معظمۂ انگلشیہ شریک محفل تھین صاحب بہادر نے کمال خصوصیت سے بہ نیت

خالص فرق مبارک پر سونے کا اور پھولون کا سہرا باندھا حضرت نے اپنے دست مبارک سے ایک گلوری پان سغرق بورق پلیٹ مین رکھکر عنایت فرمائی صاحب نے بہت سبالغے سے لیکر نوشجان فرمائی خلاصہ یہ صحبت بھی یادگار پیر و جوان ہوئی بعد اسکے بادشاہ سہرا باندھے داخل مجلس ہوے دلھن کے پاس بیٹھے جتنے رسوم عرفیہ شادی کے ہین بفضل خدا سے سب ادا ہوے بلکہ اس خصوصیت سے پہلی شادی مین نہوے ہون بعد رسومات مع عروس اخل دولتخانۂ قدیم لوا بصف الدولہ ہوے توپ سلامی کی چلی خطاب عروس نواب بادشاہ جہان ممتاز الدہر ہوا۔

بعد چند روز کے یہ بساط عیش مستعار بھی برہم ہوئی کسواسطے کہ بادشاہ شوخ و شنگ عاشقانہ معشوقانہ دلربا بانو کے عادی اور طالب تھے وہ گھریلو شرفا کی صاحبزادیون مین نایاب اور مرحومہ اسکی نسبت جہاندیدۂ زمانہ یہ نادیدہ پھر کیونکر رغبت ہوتی اسکے سوا مادر عروس کی دنانت و تنگ چشمی امور رکیک عادی اپنے سمدھیانۂ عرفیہ کی یہ سب موجب انتشار و توحش خاطر ہمایون کا ہوا انکو سراسر خلاف شان شوکت شاہی سمجھے غرض بہر صورت یہ شگوفۂ نخچۂ تازہ کھل کر تھہر کر رہگیا مختصر سبب کراہت و ناگواری و عدم عروج ترقی کا یہ ہوا کہ بادشاہ نے کئی لاکھ روپیے اور بیتالیس بدریان دوشالہ و رومال و جامہ وار اور تھانہاے لباس گرانبہا وغیرہ اپنی ناموری سمجھکر بیگم صاحبہ کو عنایت فرمائین کہ تم بادشاہ کی بی بی ہوئی ہو اپنے عزیز و اقربا متوسلین و اہل محلہ کو تقسیم کرو وہ بھی کیا یاد کرینگے دلھن نرمی صاحبزادی تھی ماں کو اختیار تھا انھون نے اپنی دنانت طبع سے صرف بیجا سمجھکر بدستور رہنے دیا کسیکو تقسیم نہ کیا صبح کو جب بادشاہ بیدار ہوے اسکی تقسیم کو پوچھا بیگم صاحبہ کی ماں نے اپنی گرستی سے جواب دیا کہ ہم تمھارا گھر بنانے کو آئے ہین یا مثل اورون کے لٹانے کو بس یہ سنتے ہی نعل در آتش ہوے اٹھکر چلے عروس نے دامن بادشاہ پکڑا فرمایا تو کنگلی ہو کیا کسیکو دیگی باہر تشریف لائے راجہ غالب جنگ مہتمم دیوان عام سے فرمایا راجہ جنے اس نئی محل کا خطاب کنگلا محل دیا راجہ نے اسی خطاب سے باواز بلند ایک چوبدار سے کہا جاؤ کنگلے محل سے حضرت کا تاج لے آؤ جب سے مشہور خاص و عام یہ خطاب ہے چند روز وہ عروس رہین

اب وہ خود عبادت خدا مین رہتی ہین اور متمنی زیارت کربلاے معلی مین رہتی ہین ہر کارے پندرہ سو روپیہ مہینا ملتا ہو سراج الدولہ بھائی ہین انھین سب طرح کا اختیار ہو۔

جانا کرنل بواصاحب و فرنل صاحب و مولوی محمد اسمعیل کا لندن کو بسفارت مع ہدایاے شاہ جمجاہ جارج چہارم

فرنل صاحب

اصل بنا ے ہدایاے شاہی کی یہ ہوئی کہ حضرت خلد مکان کو بعض دلتخواہ عاقبت اندیش مقبول و معتمد سرکار ین نے صلاح نیک یہ عرض کی کہ اگر کچھ ہدیہ شاہ جمجاہ جارج چہارم کو معرفت تجار نامی کلکتہ باخفا لندن جاے اور ایک کوٹھی سلطانی بطریق تجارت معرفت انھین تجار کے مقرر ہو جسمین پچاس لاکھ روپیہ سرکار کا جمع رہے اور دو جہاز بنام شاہی خرید ہو کر فقط آمد و رفت ولایت کیا کرین اور ہر قسم کا اسباب انگریزی اور فرمایشات معرف سرکار لایا کرین بعد معرف سرکار باقی اسباب کا نیلام ہو جایا کرے پس اس صورت سے چندے کاروبار شہرت پائیگا صاحبان تجار بھی مطمئن ہو جائینگے اور باعث وثوق اعتماد بھی ہوگا اس پردے مین جو غرض باطنی ہوگی کسی پر نہ کھلے گی کسواسطے جو صاحب عمدۂ جلیلہ پر ہندوستان مین آتا ہو محتاج اپنی ٹرنی یعنی گماشتہ کا ہوتا ہو اس سبب سے اکثر امور سرکار بسہولت ہو جایا کرینگے چنانچہ یہ امر بہت مطبوع خاطر اقدس ہوا اس جہت سے کچھ تحائف جسطرح پیشتر بیان کیا گیا باخفا معرفت تجار ولایت حضور شاہ جمجاہ لندن گذرے اسکے عوض ایک گھوڑا خانہ زاد ان شاہی سے جوڑی تیز پنچہ قبور کا رطلائی بند و قین بحکم شاہ کلکتے پہونچین یہان حضرت شاہ زمان سریر آراے سلطنت ہو چکے تھے بس اسی بنا ے خاص پر مشیران خاص کی صلاح یہ ہوئی کہ اب یہان سے بھی سفیر انگریزی و ہندوستانی مع ہدایاے گران بہا جو فرا خور شاہان ہو جاے برا نام ہوگا اور پھر یہی صورت قائم رہیگی تو حصول مطالب بھی غالب ہو بآسانی ظہور مین آئیگی مگر اصل تہ کار نہ سمجھے اور ایک قرینے سے کیا بلکہ مشیران سابق نے ازراہ دلتخواہی یہ بھی عرض کیا تھا کہ سفیر قوم فرنس سے نہ بھیجیے گا اور نہ اسقدر ہدیہ گران بہا بظاہر بار منت ہو جائیگا کسواسطے کہ پہلے ہدیہ کا بھیجنا باخفا نواب گورنر جنرل کے ناگوار خاطر ہو چکا ہو مگر مشیران حال سے قول سیت کا کالمیت سمجھے آخر وہی ہوا۔

بہر حال تقریباً تیس لاکھ روپئے کا سب طرح کا اسباب تحفہ نایاب بلکہ کمیاب زنانہ و مردانہ ہندوستانی تیار ہوکر پہلے کوٹھی فرح بخش مین آراستہ ہوکر رکھا گیا اُسکے دیکھنے کو جنرل لو صاحب مع صاحبان عالیشان و خواتین معظمہ آئین بعد اسکے کرنل ڈبو اصاحب فرص صاحبان خاص سے فرنچ صاحب مولوی اسمٰعیل صاحب سفیر ہندوستانی تجویز ہوے مولویصاحب کو خطاب علماے عالم ملا اور فرمایشات ظاہری ایک معتمم کالج جس سے ترقی رصدخانہ سلطانی اور عمل علم ہیئت کا ہندوستان مین رواج پائے اور کتب علمی اوردوگھوڑے خانہ زادان شاہی سے دو ہاتھی کے پاٹھے یہ تجویز جنرل لو صاحب کسواسطے کہ بڑا ہاتھی ولایت مین تھا اور دو گینڈے ان سب کی جو لین مغرق بتکلف تھیین اور سائیس اور فیلبان کی بھی وردی بہت بھاری مغرق ایک گینڈا کلکتے مین جہاز پر چڑھنے مین پانی مین گر کر مر گیا پھر دوسرا پندرہ ہزار روپیہ کا مول لیا مع الخیر روانہ ہوا۔

نواب گورنر جنرل بموجب تحریر رزیڈنٹ صاحبان کورٹ آف ڈیرکٹس کو مشروحا لکھ چکے تھے کہ یہ ہدیۂ گران بہا مع سفیران شاہی بے استصواب بہاے روانۂ ولایت ہوا ہی پس یہ لکھنا بے اعتنائی سے نواب مخشم الیہ کا خلاف مطلوب ہوا چنانچہ راہ کیپ گوڈ ہوپ راہ قدیم لندن سے پہونچا پہلے بجہت محصول پیٹ مین دکا گیا جب اُن سے نجات پائی سرکار مین اطلاع ہوئی ممبران کورٹ مذکور نے کہا کہ ہدیۂ دوستانہ کم قیمت ہوا اور درحقیقت راہ جنرل خلاص بیش بہا چاہیے اسقدر تحایف لینا بارسنت ہی احتمال اسکے تلافی کا بھی ہی لہذا اسکا استرداد مناسب ہی لیکن جب سفیر شاہی نے وزیر اعظم سلطنت سے بمنت عرض کیا بعد نصف شب جب آمد و رفت گاڑیون کی کم ہوئی سفیر شاہی بوساطت وزیر اعظم مع ہدیۂ حیوانات حضور شاہ ہوے وردی سب کی دیکھکر بہت خوش ہوے اور التماس سفیر شاہی در باب پھیرلے جانے حیوانات کے بجہت مسافت دور و دراز و سفر دریا منظور ہوئی حکم ہوا انھین لے لو اور سفیر شاہی بے خلعت رخصت ہوے عبث عبث نقصان لکھوکا اور موجب توہین ہوا اسکے سوا آپس مین سفیرون مین خوب جوتی چلی اور بعض امور سفیر ہندوستانی سے جو انکی بی بی ڈف صاحب کو اپنے ساتھ لے گئے تھے ایسے خلاف سرزد ہوے کہ باعث مضحکہ ولایت ہوا صاحبان اخبار نے بہت رنگین کرکے چھاپا۔

خلاصہ کرنل ڈیوا صاحب تو سیدھے اپنی ولایت پہونچے بی بی ڈون پیئر خاک لندن ہوئی فریل صاحب مع ڈاکٹر اوشاتیر صاحب معتمم کالج کچھ کتب علمی لیکر سفیر باتمیر روانہ ہندوستان ہوئے منجملہ ہدایے لندن مولوی صاحب ایک بی بی صاحب حسن و جمال تبفاخر لیتے آئے کسواسطے کہ ایسے تحایف بازاری وملان لمسکتے ہین معلوم نہین لکھنؤ پہونچکر نذر حضرت سے گذرتا اسکی کیا صورت ہوئی کسواسطے کہ اکثر بی بی ولایت ملازم بادشاہ تھین غرض جب مولوی صاحب بمبئی پہونچے ہنوز وصلت محبوبہ جدیدہ سے آغوش گرم نہوئی تھی کہ خاک بمبئی مین چین سے پانون پھیلا کر سو رہے میم صاحبہ ولایت کو پھر گئین ڈاکٹر کلکتہ پہونچے اتفاقاً یہان بادشاہ نے انتقال کیا محمد علی شاہ سریر آرائے سلطنت ہوے جب جنرل لو صاحب نے بادشاہ سے عرض حال کیا حکم ہوا ڈاکٹر صاحب کو سولے تنخواہ دو ہزار روپیہ زاد راہ دیکر رخصت کیجیے کتب کا کلکتے مین نیلام ہوا اسباب جبلپور آباد پہونچا کرم الدولہ جاکرلے آئے ع ہمن دربچہ چیالیم و فلک دربچہ خیال + وہ تنبو خیال خام ہوے تھے سب ہٹ گئے ۔

افزودنی ملال خاطر بادشاہ و انتقال

حضرت شاہ زمان کثرت مخارج و قلت مداخل و رکن رکین سلطنت وزیر اعظم سے بوجوہات چند در چند کبیدہ خاطر رہنے لگے یہان تک تنگ ہوے کہ در پے انتقام ہوے اور اکثر ارشاد کلام بادشاہ سے نتیجے بہت خلاف پائے جاتے تھے اور خاطر مبارک مین بہت سے وسوسے خطور کر گئے تھے جسطرح اکثر امرا کو خدشہ گذرتا ہے اس جہت سے کئی مہینے سے آب و طعام غیر معتمدین کے ہاتھ سے نوش نہ فرماتے تھے بلکہ احتیاطاً خاصہ روبرو پکتا تھا کسواسطے کہ مقدمۂ جنت آرامگاہ جیسا مشہور ہے بگوش ہوش یاد تھا اور بعد وفات ناگہانی نواب قدسیہ محل عیش و آرام دنیا جیسا جی چاہتا تھا جاتا رہا تھا اور اس شادی منحوسہ کو اپنے واسطے بہت بہ یمن سمجھتے تھے ادھر صاحبان عزت اپنے حفظ جان و مال کے واسطے اپنی گھات سے غافل نہ تھے اور ان سب توہمات پر شروبات اور آب خاصہ محول نواب پر تھا وہ بھی جانتے تھے جب ہماری عزت پر بنجائیگی ہم بھی قصور نکر سکینگے اکثر متقربان محل عرض کرتے تھے کہ حضرت کیون اسقدر تکلیف اٹھاتے ہین گویا ہمارے زعم مین آپ پر منکشف

ہو چکا ہے یہ خدمت کسی معتمد کے سپرد فرمائیے ارشاد کرتے تھے دشمن کو اپنے سے اطمینان کرنا بہتر ہوتا کہ حجت باقی نہ رہے۔

سبب ظاہری علالت مزاج ضعف قوت سقوط اشتہا عارضۂ شباب جوانی تھا اکثر الفاظ گویا الہام غیبی سے ارشاد فرماتے تھے سامعین حاضرین کو باعث تحیر ہوتا تھا کہ لوگ ورپی ہماری ہلاکت کے ہوسے ہیں اتاجی دایہ مہربان دونوں مہربان دھنیا اور ڈلوسی یہ خدمتگزار تھیں ایک رفیق احسان حسین خان کہتے تھے کہ ایک رات چار گھڑی رات گئے بادشاہ پیادہ فیروزہ گھوڑے کی باگ ہاتھ میں لیے نواب کی کوٹھی میں چلے آئے پہلے آمد آمد سے جتنے حاضر تھے سب جا بجا چھپ گئے تھے میں بھی کنوئیں کی پیڑی میں چھپ گیا نواب نے دروازے پر جا کر ندر دکھائی فرمایا میں نہیں جانتا میں نے کیا کیا کیا ہے جس سے لوگ میرے درپے ہلاکت ہوئے ہیں ہر چند نواب خائف و ترسان کلمات تشفی عرض کرتے جاتے تھے بادشاہ وہی کلمات مکرر فرماتے جاتے تھے اسے سب حاضرین سن رہے تھے اسی حال سے مع گھوڑے زینے سے کوٹھی میں تشریف لے گئے وہاں سامان عیش آراستہ تھا مندر کسبی اروغہ ارباب نشاط حاضر ہوئی بادشاہ کو بہلا لیا۔

اسی طرح ۲۴-۲۳ ذیحجہ کو جس رات خاتمہ صحبت نہ معمولی ہوتا تھا اور پھر بعد طعام چہلم صحبت شروع ہوتی تھی اور اس مدت ایام مصائب میں حضرت جمیع منہیات اپنی تائبی سے باز رہتے تھے یہ بھی ایک عجیب امر ہے غرض جب طلب زمین و لاتیی بیبیوں کو رخصت کیا فرمایا اب نہ میرہوگا اور نہ تم ہمکو دیکھو گی بیبیاں رونے لگیں مگر متعجب و متحیر تھیں فارسی صاحب نے جب اس عاصی سے بیان کیا میں نے کہا یہ گویا ایک نداے غیبی ہے اکثر مومنین کی زبان پر جاری ہو جاتا ہے چنانچہ جب وزیر وفات صاحب سے ملاقات ہوئی کہنے لگے وہی ہوا جو تم کہتے تھے۔

غرض کئی مہینے سے دربار عام بھی موقوف تھا فقط صاحب رزیڈنٹ سے بضرورت ملاقات ہوتی تھی مشروبات منہیات بالکل ترک کر دیے تھے ہر چند نواب نے اطباے حاذق نے جو نواب سے موافق تھے متواتر عرض کیا حیلہ ہاے شرعی بھی بیان کیے مگر بادشاہ نے اپنے اعتقاد صحیحہ سے جواب صاف دیا کہ لاشفانی الحرام ہے یہ بھی چال معتمد الدولہ کی چلتے تھے مگر دل چلی

خلاصۂ روز جمعہ کو پوشاک بدلی بظاہر اُن سب طرحسے اچھے تھے شام کو افضل النسا خانم نواب کے گھر سے کنگھی چوٹی آپ تر بز لائی اُسے خوش فرمایا بعد اُسکے کریلے دایہ مہربان لائی تھین اُسے بھی کھایا کچھ رات گئے آرام کیا بعد اسکے بیدار ہوے فرمایا مجھے قشعریرہ معلوم ہوتا ہے رضائی اُڑھادی نواب وحکیم مرزا علیخان دیکھکر پہلے چلے گئے تھے بعد دو ساعت کے حالت بیہوشی رہی بس روح نے مفارقت کی پہلے حاضرین ساکت رہے شبہے سے اُسکے بعد مہری نے نواب سے خبر کی وہ جرنل لوصاحب کو لیکر محل مین آئی بادشاہ کو دیکھا جب یقین ہوا باہر آئے محل مین شور قیامت برپا ہوا۔ ۳ تاریخ ربیع الثانی ۱۲۵۳ھ روز جمعہ مطابق ۲۰ جولائی ۱۸۳۷ء چار گھڑی رات گئے انتقال کیا ۴ تاریخ ربیع الثانی روز شنبہ بعد دوپہر اپنی کربلے نو تعمیر مین دفن ہوے پہلے تجویز امام باڑہ نجف پہلوے حضرت خلد مکان ہوئی حاضرین نے عرض کیا کہ جین حیات اپنے باپ سے کب موافقت تھی اس حجت سے کربلا تجویز ہوئی راجہ نجتاور سنگھ نے چاہا کہ مقام ضریح مین قبر کھودین مگر مرزا محمد علی داروغۂ کربلا وقعیت تھے اُنھون نے موافق اصل نقشہ کے رکھی تھی راجہ سے کہا پہلے میرا سر کاٹ لو جب قبر کھودنا اُسکے بعد راجہ نے لپشت ضریح کہ وہ مسجد ہے وہان قبر کھودی اور بدتر ہوا کہ مقام ضریح پر جگہ حضرت امام حسینؑ ہے وہ خانۂ خدا واہ کسی نے اسکا خیال نہ کیا اقربا ملازمین ارکان دولت تشییع جنازہ مین تھے۔

صاحبان صدر بادشاہ کے حکمات ماننا سب سے سنتے سنتے تنگ آ گئے تھے صاحب پریذیڈنٹ نے دوستانہ اکثر سمجھایا دن بدن خرابی بڑھتی چلی گئی اُدھر ارکان دولت اسی طرح کے جمع ہوے اصلاح پر کون لاتا انھین اسباب سے کچھ عجب نہ تھا کہ جین حیات بادشاہ مین انتقال سلطنت کسی پر ہوجاتا اس عرصہ مین اجل نے پردہ پوشی کردی اور خود بادشاہ کو بھی یہ توہم ہوگیا تھا افسوس یہ ہے کہ شباب جوانی اور سپہ سلطنت و ریاست حال بادشاہ پچیس برس کے سن مین تخت نشین ہوے پینتیس برس مین انتقال فرمایا بظاہر اہل دربار قضاے معلق و قضاے مبرم مین کچھ کچھ کہتے ہین العلم عند اللہ اسکا ثابت کرنیوالا کون ما بعد اُسے اپنا ہونا غنیمت ہوتا ہے واہ۔

صاحبان رزیڈنٹ مارڈنٹ رکمس صاحب طامس میڈک صاحب جرنل لوصاحب بہادر

نائب نواب معتمد الدولہ ۲ شہر ۱۳ یوم منتظم الدولہ اعتماد الدولہ بغیرہ چندروز نواب وشن الدولہ ۵ سال - فوج برطرفی ۴ ہزار سوار ۲۷ پٹالن تامنگہ وبنجیب تو پخانہ باقی شاگرد پیشہ تاریخ وفات از فتح الدولہ مرزا محمد رضا برق - دہ سال پنجروز حکومت نمودہ شاہ -

نقل وثیقہ صاحبات محل

وثیقہ عہد ومیثاق جو فیما بین حضور اقدس اعلی جناب بادشاہ اودھ اور سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر خلد اللہ ملکہما معرفت مارڈنٹ رئیس صاحب بہادر لکھنؤ کے باب مین اس مبلغ کے جو بادشاہ ممدوح نے بطریق قرض سپرد کیا ہی - ۸ دفعین -

دفعہ پہلی مبلغ باسٹھ لاکھ چالیس ہزار روپیہ سکہ لکھنؤ جو جناب بادشاہ ممدوح نے بطریق قرض دیے ہین جناب مستطاب معلی القاب اشرف الامرا نواب گورنر جنرل بہادر نے سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر کی طرف سے لیے ہین -

دفعہ دوسری زر اصل مزبور بہ منافع بشرح فیصد پانچ روپیہ بموجب اقساط ماہی ماہنا انگریزی خزانہ رزیڈنسی دار السلطنت لکھنؤ سے ملا کریگا -

دفعہ تیسری جمع منافع زر اصل مزبور تین لاکھ بارہ ہزار روپیہ سالانہ ہوتا ہی یہ مبلغ منافع چار قسط مساوی حسب مقدار معینہ ہر پہر ایک یکسان بفصلہ ذیل تا دام حیات سال بسال وجہ مین دیکر رسید مہری اُنسے لیجاویگی -

عہ سے لاکھ

نواب ملکہ زمانیہ نواب تاج محل نواب مخدرہ علیا سلطانعالیہ بمشیرہ صاحب عالم بہادر

عہ ماہواری سمہ ماہواری للعہ ماہواری

سالانہ لکھ عہ عہ عہ للعہ

دفعہ چوتھی جب کوئی مشاہرہ داران مذکور سے وارث یا ورثہ چھوڑ کر مرجاے سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر کو اختیار ہی کہ وجہ مشاہرہ متوفی مذبور ورثہ مذکور کو بدستور دیا کرین یا زر اصل اُسکے وجہ مشاہرہ سے موافق شرح مذکور الصدر کے دیا جاے -

دفعہ پانچوین اگر احیانا کوئی شخص مشاہرہ داردن سے یا مابعد اُسکے اُسکا فرزند رو برو

جناب بادشاہ ممدوح لاوارث مرجاے اُس حالت مین وجہ مشاہرہ مذبور اختیار جناب شاہ اودھ ہوگی —

دفعہ چھٹی اگر کوئی شخص مشاہرہ دار دربے قلمرو سرکار کمپنی انگریز بہادر مین رہے تو صاحب رزیڈنٹ لکھنؤ کو اُسکا مشاہرہ معینہ وہین پہونچا دین —

دفعہ ساتوین مشاہرہ داران مذکور اور بعد اُنکی اولاد جو پہلی بعد اُنکے مرنے کے مشاہرہ پائیگی ہمیشہ مستحق تلطف و محبت خاص کیجانب سرکار کمپنی انگریز بہادر رہیگی اور صاحب رزیڈنٹ اُس عصر کے لازم ہوگا کہ ہمیشہ نسبت اُنکے شرائط تکریم و تعظیم اور جس امر کی ضرورت پڑے لوازم سعی و امداد اُنکے بارہ مین مرعی رکھین —

دفعہ آٹھوین صاحب رزیڈنٹ بجناب مستطاب معلی القاب اشرف الامرا گورنر جنرل بہادر خلد اللہ ملکہ اور ارباب ولی الالباب کونسل کو درخواست عنایت وثیقہ بمضمون مذکور الصدر مزین مہر و دستخط سے جناب ممدوح کے کرکے اور وثیقۂ مذبورہ لیکر بجناب بادشاہ اودھ حوالہ کرینگے تحریر فی التاریخ غرۂ مارچ ۱۸۲۵ء مطابق ۲۴ شعبان المعظم ۱۲۴۰ھ —

زبدۂ نومیدان بارگاہ عظیم الشان شیر خاص
حضور فیض گنجور بادشاہ کیوان بارگاہ انگلستان
اشرف الامرا الارد ولیم کونڈش نٹنگ گورنر جنرل
بہادر ناظم اعظم ممالک محروسہ سرکار کمپنی
انگریز بہادر متعلق کشور ہند ۱۸۱۳ عیسوی

جلوس و ساعت نجومی مرزا رفیع الدین فریدون بخت عرف محمد مہدی مُنّا جان

جب حضرت خلد منزل نے حین حیات مین ابطال نبوت مرزا رفیع الدین فریدون بخت عرف محمد مہدی مُنّا جان بالمشافہہ جنرل لوصاحب سے فرمایا اور جس طرحسے سوال کیا اُسکا جواب دیا صاحب نے حسب سرشتہ صدر کو رپورٹ کردیا اور جب حال علالت مزاج اقدس صدسے افزون دیکھا اُسکا حال لکھا کہ اگر قضاے الٰہی سے ایسا اتفاق ہو ہم متردّد ہین کسے مستحق وراثت سمجھکر تخت نشین کرین جواب آیا کہ اکبر اولاد نواب سعادت علیخان کو تخت نشین کردینا اس جہت سے صاحب کے نزدیک سواے مرشدزادۂ آفاق نواب نصیر الدولہ بہادر کوئی اور میزان فہم مین نہ جچا اگرچہ بظاہر ازروے وراثت جدّی نواب محسن الدولہ بہادر بھی اسکے سزاوار تھے شاید مناسب وقت نہ سمجھے اگر اس کیفیت کو صدر لکھتے تو کیا عجب تھا ازروے انصاف استحقاق وراثت ممکن تھا بلکہ ایک صاحب جلیل القدر نے رزیڈنٹ سے اسی امر خاص مین پوچھا کہ تم شاخ غریب کو چھوڑ کر بعید پر کیون گئے جواب دیا کہ ایک عالم شباب نصیر الدین حیدر رہا مگر دوسری کو کیا کم ہوا تھا کہ دوسرے اہل شباب کو تجویز کرتے اس جہت سے بہتے دیدہ و دانستہ مرد سن گرم و سرد جہان دیدہ کو تجویز کیا یہ امور سلطنت ہین موروثی کو اسمین چون وچرا نچاہیے چنانچہ ایکدن جنرل لوصاحب بملاقات حضرت خلد منزل سے پھرے ظفر الدولہ کے حجرے مین چلے آئے آدمیون کی بھیڑ کو ہٹا دیا فرمایا ہمین صدر سے حکم آیا ہے کہ باب راثت مین تم قدیم جو لوگ ہین اُنسے بھی پوچھو ہمارے نزدیک تمسے زیادہ قدیم اور خیرخواہ سرکار کون ہے انھون نے عرض کی کہ میرے نزدیک اولاد نواب سعادت علیخان مین سب طرحسے ترجیح نواب نصیر الدولہ کو ہے کسواسطے کہ وہ اپنے باپ کے بھی وقت مین کاروبار ریاست کرچکے ہین اسی وجہ سے ظفر الدولہ نے وقت جلوس مُنّا جان اپنے حجرے سے باہر قدم نہین رکھا تھا محمد علی شاہ بھی انھین ایسا ہی سمجھتے تھے انکی ساری اولاد کے چودہ ہزار ماہواری کی تنخواہ کردی تھی ازانجملہ مفتاح الدولہ کی بھی پانسو کی تنخواہ تھی جواب وہ نان شبینہ کو محتاج ہوگئے ہین اور لطف یہ ہے کہ سرکار سے اپنے حق سے محروم رہے۔

الغرض نواب وشن الدولہ جنرل لوڈاکٹر اسٹیون سن جمیس پائن صاحب اسسٹنٹ

اول کے پہرے بیلی گارد سے لیکر داخل سرا ہوے پہلے نعش پر گئے ڈاکٹر صاحب نے رفع شک کو نشتر بھی دیا یقین مرگ ہوا اسوقت اناجی نواب وشن الدولہ کا نام لیکر حالت بیخودی مین پیٹنے رونے لگی کہ تمھارے آب تہ بزمین شربت مرگ تھا انھون نے جواب دیا کہ تمھارے کہنے مین کچھ تھا اسی عداوت سے انکا گھر ضبط سرکار ہوا بعد اسکے نواب اور ظفر الدولہ کو حفاظت وحراست کوٹھون شاہی کی فرما کر اور جا بجا پہرے بٹھا کر جمیس پاٹن صاحب کو دروازۂ نقار خانہ پر چھوڑ کر رزیڈنسی مین پھر آئے اور بہت تاکید سے فرمایا کہ بے ہمارے اجازت کوئی داخل فرح بخش نہو اور چھٹی پلٹن کے واسطے چھاؤنی مین لکھا اور خدا بخش صعدار کو الماس باغ بیگم صاحبہ کے پاس بھیجا کہ بادشاہ نے انتقال کیا آپ کسی طرح اپنے مقام سے حرکت نہ کیجیے گا جیسا مناسب ہوگا ہمین عمل مین لاوینگے اور شکسپیر صاحب اسسٹنٹ دوم کو مع میر منشی سید التفات حسین خان مع قطعہ تحریر عہدنامہ جدید واسطے مہر کے نواب نصیر الدولہ فارس الملک محمد علیخان بہادر سپہدار جنگ کے پاس بھیجا ــــ

دس بجے رات کو پہلے علیجان داماد شیخ شبن وکیل تحسین علیخان جنمین خطاب قمر الدولہ ملا تھا ظہیر الدولہ مولوی غلام یحییٰ خان سفیر شاہی سے حقیقت حال سنکر پیادہ پا مثل بادصرصر حاضر دربار دولت ہوے اور عظیم اللہ خان کو خواب غفلت سے جگا کر یہ مژدۂ جاوید سنایا کہ شکسپیر صاحب مع میر منشی نواب کے استقبال کو آتے ہین پھر یہ خبر ہوئی کہ احسان حسین خان بیٹے سبحان علیخان کے آتے ہین انکے دبدبہ سے علیجان دوسرے کمرے مین چھپ رہے فرزند رشید خان نے نذر تہنیت نواب کی طرف سے گذرانی اور اپنی چرب زبانی سے عرض کی کہ یہ سلطنت حضرت کو مبارک ہو بشرطیکہ وزارت نواب اور کارفرمائی ہمسے دولتخواہون کی قبول ہو تامل رشاد کیا انشاء اللہ پھر وہ رخصت ہوکر گئے ــــ

جب کپتان موصوف اور میر منشی نے تہنیت تخت نشینی عرض کی وہ عہدنامہ جدید مہر کو گذرانا خاص محل سے مہر طلب ہوئی بطیب خاطر بلا اکراہ بے اندیشہ ہوکر بلکہ غنیمت سمجھکر مہر ثبت کی مع فرزند ارجمند مرزا امجد علیخان بہادر دونون انکے صاحبزادے اور عظیم اللہ خان میر امام علی پیر بخش کو کلتاش صاحب کے ساتھ کمرۂ فرح بخش مین آکر بیٹھے جنرل لو صاحب زینے تک

استقبال

استقبال کرکے لیگئے کلمات تہنیت فرمانے لگے پھر فرمایا آپ دوسرے کمرے مین استراحت فرمائیے جبتک ہم جاکر تخت کو آراستہ کرین۔

اس عرصہ مین خدابخش جمعدار نے صاحب سے عرض کی کہ بیگم صاحبہ کا قصد مصمم چلے آنے کا ہو چکا ہے مرزا علیخان وکیل بیگم صاحبہ حاضر تھے فرمایا تم جلد جاکر بیگم صاحبہ کو منع کردو کہ آپ ایسا ارادہ نہ کیجیے اور نواب سے فرمایا تم اسکا انتظام کرو عرض کی مین نے انتظام الدولہ مظفر علیخان اور راجہ بختاور سنگھ کو اسی بندوبست کو بھیجا ہے شاید وہ دوسری راہ سے گئے ہون مرزا علیخان نے بیگم صاحبہ سے عرض کی بتاکید تمام صاحب نے فرمایا ہے آپکا جانا مناسب نہین اور اگر یہی منظور ہے تو آپ صاحب کی کوٹھی مین چلیے اسوقت سواری مرزا سلیمان شکوہ شاہزادے کے مکان کے برابر آپہونچی تھی امام بخش سقہ پہلوے سواری مین تھا عرض کی یہ وکیل ہین انھین کا یہ تخم بویا ہوا ہے وکیل بیچارہ بھی مضطر ہوکر پھر آیا۔

فی الحقیقت بیگم صاحبہ کسی طرح راضی نہ تھین کہ مین خلاف حکم صاحب کرون لیکن امام بخش سقہ کے بہکانے اور ننّا جان کی ضد سے مجبور ہوئین اسکی حقیقت یہ ہے کہ جب جمعدار نے حکم بڑے صاحب کا سنایا بیگم صاحبہ بارہ امام کی درگاہ مین بیٹھی ہوئی تھین یہ خبر سنکر چپکی ہو رہین کہ دفعتہً ننّا جان نے آکر عرض کی بسم اللہ جناب سوار ہون فرمایا آغا خیر ہے یہ حرکت طفلانہ اچھی نہین بڑے صاحب نے کس تاکید سے مجھے منع کیا مین اسکے خلاف کرون سراسر میری خرابی ہوگی عرض کی بس آپ خود نہین چار تین کہ در شہ باپ کا مین پاؤن بہت تجب ہے باہر سے سقہ نے پکار کر عرض کی حضور یہ ممانعت لفظی ہے جب حضور چلکر تخت پر بیٹھا دینگی کوئی دم نہ مارے گا اب تامل نہ فرمائیے بیگم صاحبہ نے گھبراکر استخارہ دیکھا تین بار منع آیا فرمایا آغا اب کسی طرح میرا جانا اچھا نہین اسنے گستاخی سے ہاتھ پکڑ کر اٹھایا کہ ایسے کارخیر اور حق مین استخارہ کیا ہے خدا پر توکل کرکے چلیے مجبور ہوئین دروازے تک لاتے لاتے متواتر شگون بد پیش آئے بیگم صاحبہ منع کرتی گئین نہ مانا۔

خلاصہ قریب پہر رات رہے یہ قافلہ تقریباً دو ہزار سپاہی شاگرد پیشہ ملازمین ملیا ہوکر مع موہن سنگھ ولاتا پرشاد افسر راجپوت جلوس سواری سے بڑی دھوم دھام

راہ مین شور و غل مچاتے ہوے چلے راہ مین جس باغ سے نواب سلطان بیگم کو بھی اپنے ساتھ لیا جب اس ہنگامہ سے غل مچاتے در دولت پر آئے پھاٹک آہنی بند تھا جیمس پاٹن صاحب کئی پہرہ دن سے موجود تھے منع کیا پھر صاحب نے خدا بخش جمعدار کو بھیجکر کہلا بھیجا کہ آپ پھر جایئے الماس باغ کو بیگم صاحبہ نے اسوقت بھی ارادۂ مراجعت کیا مگر مسمّا جان اور سقّہ خدا سے پھرا ہوا تھا کب مانتا تھا ماتھی سے پھاٹک کو گرا کر اسی طوم طراق سے داخل ہوے پہرے کے تلنگون نے سامنا کیا یورش کی طرفین سے بندوق کے کندے خوب چلے سربُدون سنگھ چپراسی اور ماکھن سنگھ سردار دونون پاٹن صاحب کی پہر ہو گئے اور صاحب بھی ستون کے آثر مین ہو جاتے تھے یہ دونون بیہوش ہو گئے صاحب کے کچھ زخم آنکھ پر آیا اگر یہ دونون نہوتے تو البتہ ساری آفت انھین پر آتی اتنے مین سواری بیگم صاحبہ کی پہلے محلسرا مین گئی ٹمان روپیٹ کے جلد بارہ دری مین زیر تخت پالکی رکھی گئی قریب صبح صادق مسمّا جان تخت پر بیٹھے سامنے نچ ہونے لگا انگریزی باجون نے مبارکباد شروع کی شہنا نوازنے دھوم مچائی گرد تخت کے کچھ راہ گیر تماشا بین راہ سے ساتھ ہو لیے تھے کچھ ارکان دولت کا اپنی ناواقفیت سے ہجوم ہو گیا تھا بعض نے نذر بھی دی تھی ظفر الدولہ اپنے حجرے سے بیٹھے یہ تماشا دیکھ رہے تھے ایک دالان مین دسترخوان آراستہ تھا فاقہ کش ہمراہی کھانے پر گرے ہوے تھے امام بخش سقّہ حکمرانی کر رہا تھا جا بجا پہرے بھیج رہا تھا۔

جرنل لو صاحب نے جب یہ ہنگامہ دیکھا شہر پر زیر درخت آکر کھڑے ہوے نواب وشن الدولہ سے فرمایا کہ تم وزیر اعظم ہو جاکر بیگم صاحبہ کو سمجھاؤ جب نواب زیر بارہ دری آئے بیباکون نے پگڑ لیا نسبت خلاف پیش آئے شملہ فرق مبارک سے سبک سمجھکر اتار لیا کمر سے کسی نے گھڑی نکال لی الفاظ نامناسب کہنے لگے مگر اس گرفتاری مین بھی نواب مستقل رہے اپنے تجرکرتے جاتے تھے ایک نے چاہا بندوق سے مار ڈالین قادر بخش جمعدار نے بچایا اور کہا ای نامرد کوئی سردار کو مارتا ہی نواب نے پھر اسے تمندار کیا سبحان علی خان اپنی غیرت جبلی سے اس ہجوم عام مین پگڑی سر سے پھینک کسیکا شملہ رکھ جلد باہر نکلے پنس بند کرکے دعا ذی کی برکت سے گھر بسلامت پہونچے مظفر حسین خان کچھ رفقا سے بڑے صاحب کے

سرداروں

سوار دن کی لین سے چلے جاتے تھے جنرل صاحب قلعہ سپاہ مین گھرے ہوے تھے شہزادے گھڑی کمرے سے لی تھی ایک طرف افضل النسا خانم مہری کا سر مُنڈ رہا تھا ادھر کمرے مین نواب نصیر الدولہ بہادر اور ہمراہ رکاب کا سامنا ملک الموت سے ہو رہا تھا کمرے کے شیشے کے دروازے ہر طرف سے بند تھے حبشی اور سپاہی تلوارین کھینچے باہر کھڑے چاہتے تھے دروازے توڑ کر داخل ہون اور نشان سعادت کو مٹا دین ہر دم ارادہ خام کر کے رہجاتے تھے ادھر حالت یاس مین اسیر گھبرا رہے تھے کچھ بن نہ پڑتا تھا اور کلمات یاس سے اپنے آنے پر تاسف کر رہے تھے ہر ایک منھ کو نظر حسرت سے دیکھ رہا تھا غلام یحییٰ خان وکیل سلطنت بھاگ کر فرح بخش کے برآمدے سے نیچے کودے دونون پاؤن مین خوب چوٹ لگی ہزار خرابی بیچارہ سرکار مین جا کر چھپے۔

اس عرصے مین بیگم صاحبہ نے مرزا علیخان وکیل کو بڑے صاحب کے پاس بھیجا کہ میرے پاس لے آؤ صاحب موصوف میر منشی تن تنہا چوب دستی ہاتھ مین لیے بیگم صاحبہ کے پاس آ کر سمجھایا بہت کچھ کہ آپ کا پھر جانا مناسب ہے میر منشی نے جب یہ ہنگامہ دیکھا صاحب سے کہا بس فہمایش ہو چکی اب یہ وقت یہان ٹھہرنے کا نہین جلد صاحب اتر آئے اور وکیل کو اپنے ساتھ لے آئے بعض بیباک الفاظ رکیک سنانے لگے آخر ایک نے گولی ماری صاحب کے گوش ہوش سے چلی گئی ایک شخص نے تلوار اٹھائی وکیل نے منع کیا اگر صاحب تمام ہو جاتے تو پھر نہ بارہ دری نہ فرح بخش کا نشان زمین پر رہتا معلوم نہین پھر کونسی صورت ہوتی ہزار خرابی وہان سے نکلکر پھر نہر زیر بارہ دری آ کر کھڑے ہوے اور کپتان ہیگنس ملازم شاہی کمپنی تلنگہ دو ضرب توپ سے زیر بارہ دری آ کر جمے اتفاقاً مصطفےٰ خان رسالدار قندھاری سامنے سے آتے تھے جنرل صاحب نے بلا کر کہا تم جا کر بیگم صاحبہ سے کہو ۱۵ منٹ کی مہلت دی آپ ہمارے پاس چلی آئیے ورنہ توپ کا نشانہ سمجھیے رسالدار وکیل گئے عرض کی بیگم صاحبہ راضی ہوئین اور مصطفےٰ خان نے پکار کر کہا کہ صاحب نے ۱۵ منٹ کی مہلت دی ہے ایک شخص نے پہلوے سخت سے پکار کر کہا خانصاحب وہ مدت غالب ہے قریب تمامی کے ہے آپ پھر جایئے زیادہ مہلت لے آیئے اور بڑے صاحب کو اپنے ساتھ یہان لے آیئے بس یہ کہتے تھے کہ دفعتہ کپتان ہیگنس نے

بموجب حکم صاحب رزیڈنٹ توپ ماری رسالدار نے دفعتہً منّا جان کو اپنی گودی مین لیکر تخت سے اُتار لیا اور خود اجل گرفتہ وہین کھڑے رہے اور قبل از فیر توپ جب حقاے بارہ دری نے دیکھا آپسمین کہنے لگے یہ تو پین شلک سلامی کو آئی ہین منّا جان کمر مین لاتی لگائے چھوٹی بندوق لیے ہر طرف پُر غضب دیکھ رہا تھا حکم کیا بارہ دری کے پردے جو پائین باغ کی طرف ہین اونچا باندھو یا ۶ چھرّے توپ کے چلے کہ بارہ دری رشک چاند ماری ہوئی اور دھوان سمٹ کر اندھیرا ہو گیا تلنگے باہر سے سیڑھیان لگا کر چڑھ آئے سبکو زیر بار دھر لیا پھر تو مجروح مقتول پر مجروح مقتول ہر طرف گر رہا تھا مصطفےٰ خان زیر تخت حق نمک ادا کر گئے موہن سنگھ لالتا پرشاد راجپوت بیگم صاحبہ کے کام آئے دولہ نورا بھانڈ کا بیٹا سامنے ناچ رہا تھا نشانۂ اجل ہوا بہت سے سپاہی بیگم صاحبہ کے جان سے گئے بارہ دری کے دونون طرف زینون سے سیل خون جاری تھا سرکار کے دو تلنگے زخمی ہوے ایک مارا گیا بیگم صاحبہ اسوقت پنیس سے نکل آئین برگیڈیر جانسن صاحب کے حوالہ کرنے اپنی کمر کے جال سے منّا جان کا بازو باندھ لیا کسی نے سر سے تاج لے لیا ہزار دولت کشان کشان ہجوم خلائق سے پیادہ تلنگون کے بیچ مین اہتمام کرتے ہوے چلے راجہ بختاور سنگھ نے اسی کشاکش مین محض اپنی نمایش رسوخ اور خیر خواہی سے منّا جان کے سر مین ایک دھول ماری یہ حرکت ناشائستہ بے محل سب پر ناگوار گذری میر منشی کہتے تھے مین جب اجہ کو دیکھتا ہون وہ وقت مجھے یاد آتا ہے اشراف سے ایسی حرکت نہین ہوتی حالانکہ راجہ بھی اشراف تھا غرض پیچھے منّا جان کے پنیس بیگم صاحبہ کی احاطہ رزیڈنٹی زرد کوٹھی ڈاکٹر صاحب مین اُتاری گرد پھرے ہوئے زیور جواہر وغیرہ جو بیگم صاحبہ کی پٹاری مین پنیس مین تھا جاتا رہا سلطان بہو بیگم صاحبہ گھبرا کر پنیس سے باہر نکل پڑی تھین بارہ دری کے پردے سے شل گیند کے نیچے چلی آئین ایک شخص نے اپنی گودی مین اُتار لیا پھر پنیس مین سوار ہوئین بموجب حکم صاحب بسلامت اپنے حسن باغ مین چلی آئین تخت شاہی کے گنینہ جواہر چاندی کے تلنگون نے شنگین سے توڑ کر توسدان بھر لے جتنا شیشہ آلات بارہ دری مین تھا چھرّون سے چور ہو کر فرش ہو گیا زخمی مقتول کی نعش کو کھینچکر دریا مین بہا دیا اہل اخبار انگریزی نے خصوصاً آگرہ اخبار مین شل ماندی اڈیٹر نے مفصل احوال سکا لکھا ہے

تلنگون نے چاندی کے تخت کے پتر توڑ کر اکثر کمیت میں گاڑ دیے تھے جب آپس میں جھگڑا کرنے لگے ضبط سرکار ہوا۔

جب بارہ دری میں یہ ہنگامۂ محشر برپا ہوا سپاہی جو محیط کمرۂ فرح بخش تھے چاہا کہ دروازہ توڑ کر داخل ہو کر نیرین سلطنت کو خون شہادت میں غروب کریں دور سے جرنل لو صاحب دوڑ کر آئے فرمایا یہ حکم ابھی تک باقی ہیں توپ جلد لاؤ یہ سنتے ہی سب بھاگے جرنل صاحب نے بادشاہ کے پاس جا کر تہنیت سلطنت فرمائی کہ یہ سلطنت خداداد حضور کو مبارک ہو کانٹا جو گلشن سلطنت میں اٹکا تھا ہم دولتخواہوں کے تردد سے جڑ سے اکھاڑ ڈالا گیا اب یہ دونوں لونڈی غلام حاضر ہیں جو انکے حق میں ارشاد ہو فرمایا تمھاری حفاظت میں رہیں۔

انتظام الدولہ مظفر علیخان کو اسی وقت حکم ہوا الماس باغ جا کر طالیقہ بیگم صاحبہ کریم مظفر حسین خان بھی ساتھ گئے وہاں سب کوٹھوں کو مقفل کر دیا جب باہر آئے سیمنت علیخان نواب ناظر کو قید کر کے لیچلے مظفر حسین خان نے اپنے ہاتھی پر بٹھا لیا پھر انھیں کی قید میں رہے بارام شاید جنت مکان کے عہد دولت میں قید سے چھوٹے محتاج ہو کر مر گئے مظفر حسین خان نے اپنے حق دوستی سے قصور نہ کیا بیگم صاحبہ کے وقت میں انکا بھی دسترخوان وسیع تھا مرغ اور گھوڑے کا شوق بہت تھا۔

الغرض جب بیگم صاحبہ منّا جان اس فرقت سے داخل کوٹھی ہوئے منّا جان کے بازو میں دیدۂ جھاڑ لگا تھا زخمی ہو کر خون آستین میں بھر گیا تھا ہر شخص تماشائے قدرت کاملہ کر رہا تھا پانی پینے کو مانگا سقّہ حاضر ہوا انھوں نے اپنے کف دست سے پیا بیگم صاحبہ بھی بہت پیاسی ہوئیں منو خان چپراسی پانی کوزے آبخورے میں لایا دیا رکھنے لگا بیگم صاحبہ نے جانا بھائے حال پر دیتا ہے انگوٹھی الماس کی اپنے ہاتھ سے آبخورے میں ڈال کر دی وہ کہتا تھا میں نے پانسو روپیے کو اسے بیچا۔

جب دو دن اس حال سے گذرے اور فرج کانپور سے ہر پانچ کوس پر ٹھہری بعد نصف شب بیگم صاحبہ افضل محل منّا جان اور بواجی خواص و پنیس میں سوار ہوئیں دو کمپنی تلنگہ آگے اور پیچھے اور ترک سوار اور افسر جرنل لو صاحب افسروں کو تاکید سمجھاتے ہوئے لے گئے

اکر شہر سے پہونچا کر پھر آئے اسی شام ڈاک مین کانپور پہونچے کوٹھی پر مٹ مین اتارا سب طرف سے دروازے بند فقط ایک دروازہ کھلا ہوا کھانیکو آٹا دال مٹی کے باسن دیے بیگم صاحبہ نے کئی دن سے کچھ کھایا نہ تھا ایک سپاہی حسب الحکم جناب قبلہ گوشت میتھی کا ساگ لایا اور بہت سا عذر کیا بیگم صاحبہ نے اسے بھی کچھ دیا۔

دو ہفتہ تک یہی صورت رہی بعد اسکے جنرل صاحب نے کئی لونڈیان بعض خواص ملازمین کچھ اسباب ضروری سرکار شاہی سے لیکر بھیجا وہان سے پانچ کمپنی پلٹنگہ ساتھ ہوئین قلعۂ چنارگڈھ مین پہونچا یا رات کو یہ قافلہ پار دریا کے داخل قلعہ ہوا اس وقت سب نے رو پیٹ کر شور مچایا کہ سواری سے اترا پیٹنے لگا چار گھڑی تک یہی حشر رہا بعد اسکے صاحب قلعہ آئے بیگم صاحبہ کو بہت سے کلمات تشفی کے اور سبکو دلاسا دیکر خاموش کیا اور کہا اکثر بادشاہون پر ایسی مصیبت گذری ہے بہر حال صبر بہتر ہے۔

جب نواب گورنر جنرل کلکتہ سے قلعہ مین تشریف لائے بیگم صاحبہ نے پیام بھیجا کہ ہم اس موسم گرما مین حرارت فصل اور حرارت قلعۂ سنگی سے بیحال مرتے ہین اگر تمھارے مجرم ہین ہمین قتل کر ڈالو تو اس سے قید سے بہتر سمجھین نواب محتشم الیہ نے ازراہ رحم دلی فرمایا باہر قلعہ سے چھاؤنی مین رہا کرین پہرہ سرکاری رہیگا بعد اسکے سرکار شاہی سے معرفت رزیڈنٹ سو لہ سو ماہواری بیگم صاحبہ کے واسطے آٹھ سو ماہواری منا جان کے مقرر ہوے فی الجملہ اس سے سامان ما یحتاج کچھ درست ہوگیا اس عرصے مین بعض ملازمین خاص اور اقربا بے تربیہ بھی شریک نان خشک ہوے انمین سے بعض فہمیدہ تھے انھون نے چاہا کہ فرمان جاگیر سلون جو بتوسط نواب گورنر جنرل ہر پیش کرین مگر بیگم صاحبہ کے مزاج کی کیفیت متلون رہی اور صلاح کار بھی ویسے ہی جمع ہوگئے کچھ نہ بن پڑا اور ہرگز کبھی نہوتا فقیر کے مارے کو کون بھلا سکتا ہے۔

منا جان کے وہی حرکات مثل وال ماجد شروع ہوے مرتکب شرب منہیات ہوے آخر الامر تاریخ شہر محرم سنہ ۱۲۶۲ھ مطابق جنوری سنہ ۱۸۴۶ء دفعۃً سرگ مفاجات سے مرگئے وہین مدفون ہوے۔

حضرت سلطان زمان محمد علی شاہ

Mohommed Ali Shah

بعد اسکے جناب بیگم صاحبہ ایسے مصائب اور آلام روحانی اُٹھا کر ۳ صفر ۱۲۶۳ ہجری مطابق ۱۸۴۷ء اس دار حسرت و محن سے گذرین و ہمین مدفون ہوئین اب فقط سرکار شاہی سے تین سو روپیہ ماہواری ملتا ہی تین بیٹے مناجان کے ایک افضل محل آنکی مان ہین بڑا بیٹا جلال الدین حیدر سردار محل سے شاہدہ سیدہ ہی بیگم صاحبہ کے ساتھ گئی تھی دوسرا محل خوش محل جو لکھنؤ سے بموجب اجازت جنرل لو صاحب لونڈیون کے شامل گئی تھی اُس سے دو بیٹے غازی الدین حیدر و نصیر الدین حیدر تجویز بیگم صاحبہ سے یہ نام رکھے تھے جلال الدین حیدر نے اپنی مان پر بڑا نظم و نسق کیا میر جان داروغہ کو برخاست ہو کر نکال دیا۔

جب بیگم صاحبہ کا انتقال ہوا حضرت جنت مکان نے مولوی شمال الدین خان وکیل کو ضبطی مال بیگم صاحبہ کو بھیجا کہ مالتی کو مع نقد و جنس دم دلاسا دیکر لاؤ افضل محل نہ مانتی پھر امین کے سمجھانے سے روانہ ہوئی جب ناکہ شہر پر پہونچی حضرت سلطان عالم کا حکم پہونچا کہ عیال مناجان کو پھر چنار گڈھ پہونچا دو اتبک ہین سب رہتے ہین نقد و جنس خاک تھا جو ملتا بلکہ اکثر مقام الماس بلغ مین بھی کھودے گئے خاک نکلی فاعتبروا یا اولی الابصار اس معرکہ خاص مین فیض النسا سلطانی بیگم صاحبہ مقرب خاص اتفاقاً بضرورت رخصت لیکر جا چکی تھین خدا نے بچایا بہرحال شریک مصیبت ہوتین جب لکھنؤ آئین لاکھ روپیے اُنسے بھی حضرت فردوس منزل نے لیے جب جان بچی پچاس ہزار روپیے حضرت خلد مکان کے اہلکار لے چکے تھے شامل بحیت سنگھ اور غالب جنگ پسر انھین یقین ہوا کہ اگر لکھنؤ مین رہونگی جان انسے نہ بچیگی ہر سال گویا مجھے سالگرہ دینی پڑیگی اس جہت سے وہ شمس آباد مین جاکر رہین ہین انتقال کیا حضرت جنت مکان کے عہد دولت مین انکی نعش لکھنؤ آئی کربلائے میر خدا بخش مرحوم مین بموجب اپنی وصیت کے ایوان روضۂ مقدسہ مین ہم پہلوے اعتماد الدولہ دفن ہوئین۔

جلوس ابوالفتح معین الدین سلطان الزمان نوشیروان عادل محمد علی شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ مرشد زادۂ جنت آرامگاہ کے متعلق عہد نامۂ جدید بوفیما بین شاہ اودھ محمد علی شاہ اور سرکار کمپنی انگریز بہادر

۱۲۵۴ھ مطابق ۱۸۳۸ء عہد و میثاق جو ابتک فیما بین سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر اور جناب بادشاہ اودھ واقع ہی بموجب اُس کے اہالی سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر نے حفاظت ملک اودھ کی سب معاندان درونی و بیرونی کی اپنے ذمہ لی ہی اور جناب بادشاہ اودھ اقرار کرتے ہین کہ فوج بتعداد معینہ تھوڑی بہت ملازم رکھین اور ابتک اہالی سرکار موصوف نے صداقت و بے شعاری سے کلیہ ایفاے عہد کیا ہی لیکن جناب بادشاہ اودھ سے ہمیشہ فسخ اقرار ہوا سواسطے کہ ابتک فوج کثیر خرچ بہت سے سرکار موصوف مین ملازم ہی اور از روے امتحان ظاہر ہوا کہ عمل آوری جمیع مراتب مندرجۂ عہدنامہ موثقہ بدشواری تمام ہوتی ہی اس جہت سے واجب و لازم متحتم ہوا کہ اب عہدنامہ جدید مرتب ہو کہ فیما بین مشترک عہدنامہ سابق بحال رہے اور سرسبزی اور انتفاع سرکارین اُس سے سہلا حاصل ہو اسی واسطے مستحسن و مناسب تصور ہوتا ہی کہ عہدنامہ سابق جو در باب جمعیت فوج سرکار اودھ کے واسطے مقرر ہی تھوڑا سہل کیا جاے بشرطیکہ فوج بتعداد مناسب بکمی اخراجات تحت تعلیم اور انتظام انگریزی مین نوکر رکھی جاے جسکی جہت سے فوائد سلطنت ہندوستان عموماً اور حفاظت احترام بادشاہ خصوصاً ظاہر ہوا اور فوج مستعد و ہوشیار رہو اور بموجب دفعۂ چھٹی عہدنامہ موزخہ ۱۱ ۱۲۵۰ھ کے ضرور و متحتم ہی کہ جناب بادشاہ اودھ ہمارہ موافق صلاح و مشورہ ہی اہالی سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر اپنے بقیہ ملک مین ایسا سررشتہ بندوبست باہتمام اپنے عملہ اور فعلہ کے اجرا اور مقرر فرماویں کہ موجب رفاہ خلائق و حفاظت جان و مال سکنہ رعایا کی اُس سے بخوبی ہو لیکن کسی طرح کی تدبیر در صورت غفلت و سہل انکاری سے اقرار واثق و مستحکم سے اُسمین مندرج نہین ہی سواسطے کہ فسخ ایسے اقرار سنگین اور ظہور غفلت سے امر خاص سے جو والی ملک اودھ کو زنہار نہین پہونچتا ہی جانب والیان پیشین اودھ متواتر ہوئی جو شہرت پذیر ہی یہان تک کہ اہالی سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر کو بھی اُسکی بدنامی پہونچتی ہی کہ وعدہ اپنا بنا بر رفاہ اور حفاظت خاندان رعایاے سکنۂ ملک اودھ کے واسطے وفا نہ کیا اسی واسطے واجب و لازم ہوا کہ جو ستم دفعۂ ششم عہدنامہ مذکور مین تھے درست کیے ہین لہذا کرنل جان لو صاحب رزیڈنٹ دار السلطنت لکھنؤ نے

نواب علی القاب شرف الامرا ریٹ آنریبل لارڈ آکلنڈ گورنر جنرل بہادر کشور ہندوستان کی طرف سے باجلاس کونسل اور جناب ابوالفتح معین الدین سلطان الزمان نوشیروان عادل محمد علی شاہ بادشاہ اودھ نے بذات خود بشرائط مفصلہ الذیل کو مضبوط و موثق کیا۔

دفعہ اول اب دفعہ سوم کے مرقومۂ عہدنامہ مرقوم دہم نومبر ۱۸۰۱ء منسوخ ہوئی جناب بادشاہ اودھ کو اختیار ہو کہ فوج بقدر ضرورت واسطے انتظام اپنے ملک کے نوکر رکھیں لیکن جناب ممدوح اقرار فرماتے ہیں کہ جبوقت اہالی سرکار انگریزیہ کو دریافت ہو کہ بسبب مصارف سنگین نسبت مداخل ملک اودھ کے یا کسی اور وجہ سے فوج زیادہ حد سے ہو اسوقت تخفیف اس فوج کی بقدر مناسب عمل میں آوے۔

دفعہ دوم سرکار کمپنی انگریزیہ بہادر مثل سابق حفاظت ملک اودھ کا جملہ دشمنان اندرونی کا اقرار کرتی ہو لیکن جناب بادشاہ اودھ کو واجب و لازم ہوگا کہ جملہ فوج مذکور سے تھوڑی واسطے انضباط حکومت کے اپنی قلمرو ملک میں منتظم و مترتب رکھیں۔

دفعہ سوم جناب بادشاہ اودھ اقرار کرتے ہیں کہ وہ فوج جو بموجب دفعہ دوم عہدنامہ کے ابتک مرتب و منتظم ہوگی دو رجمنٹ سوار اور پانچ رجمنٹ سپاہی اور دو کمپنی انگریز بہادر اور کتنے گولہ اندازوں سے کم نہوگی اور تنخواہ کسی کی واسطے بروقت بندوبست شائستہ عمل میں آئیگی اور اقرار بھیجے افسران انگریزی کا جناب بادشاہ اودھ اقرار آنکے نوکر رکھنے کا بتعداد کافی واسطے انتظام اور ترتیب آنکے دوام کے واسطے کرتے ہیں۔

دفعہ چہارم اہالی فوج کمکی کی چھاؤنی واقع ملک اودھ میں جہاں مناسب وقت معلوم ہوگا مامور متعین ہوگی اور جناب بادشاہ اودھ بالتصواب صاحب رزیڈنٹ بہادر جسوقت ضرورت فوج ہوگی کام لینگے لیکن بخوبی معلوم ہوتا ہو کہ یہ فوج واسطے کار معمولی تحصیل ملک کے مامور نہ ہوگی۔

دفعہ پنجم واسطے ترمیم ششم عہدنامہ مورخہ ۱۸۰۱ء کے مقرر ہوتا ہو کہ جناب بادشاہ اودھ فوراً باشتراک صاحب رزیڈنٹ بہادر واسطے درستی بمنجملہ امور پولس اور انضباط کے مرتشہ عدالت اور تخلل قلمرو اودھ کے واسطے دل سے مصروف ہونگے اور خدانخواستہ اگر

اصلاح دہی سرکار کمپنی انگریز بہادر صاحب رزیڈنٹ بہادر کے ساتھ عمل نہ کرینگے اور بدانتظامی اور ظلم فاحش جسوقت کہ تلمر اودھ مین علی الترتیب ہوگا جسمین مخاطرہ برکمال دغا ہو تو سرکار کمپنی انگریز بہادر کو اختیار رہوگا واسطے بندوبست تمام ملک کے یا تھوڑے سے ملک اودھ سے اہالی سرکار اپنے تئین تھوڑے سے کہ جو مناسب اور ضرورت جانین مامور معین کرین اس قصور مین بعد مجرائی تمامی مصارف کے جو کچھ روپیہ باقی رہیگا داخل خزانہ بادشاہ ہوگا ۔

دفعہ ششم یہ بھی اقرار کیا جاتا ہے کہ اگر نواب مستطاب گورنر جنرل بہادر خلد اللہ ملکہ درصورت تعمیل شرائط مندرجہ دفعہ ششم اس عہدنامہ کے جس ملک کو لینا ہو واسطے بحال درستی قوانین اور دستورات ملک اودھ کے جسقدر ممکن ہوگا ساعی رہین گے انتظام استرداد ملک مذکور جناب بادشاہ اودھ مین جیسا مناسب معلوم ہو تو بسہولت ہووے ۔

دفعہ ہفتم سب شرائط و میثاق جو عہدنامجات سابق مین فیمابین سرکارین لکھے گئے خلاف مضامین اس عہدنامہ کے ہین باستحکام تمام قائم و برقرار رہین گے فقط ۔

اس تحریر عہدنامۂ جدید سرکار دولتمدار کو بعض نمک حلال و خیرخواہ قدیم سلطنت نے چاہا کہ اسے سونے دین عہدنامۂ قدیم تعمیل کو کیا کم ہے اور نواب روشن الدولہ کو محض اپنی دلسوزی سے انجام کار سمجھکر سمجھایا بلکہ بالمشافہہ بادشاہ سے بھی عرض کیا کہ ہم از رہے قانون منضبطہ سے اسے برہم کر سکتے ہین بشرطیکہ حضور مستقل رہین اور اسے اشتباہاً اپنی بدنامی سمجھکے قبول نہ کرین مگر بادشاہ کو اپنا ہونا غنیمت ہوا تھا لطف یہ ہوکہ اپنی صفائے خاطر سے جنرل لو صاحب سے بھی فرما دیا تھا اور تا حین حیات انکے احسانمند رہے تھے واہ ۔

یہ عہدنامے فقط تزئین کتاب کو لکھے گئے عہدنامہ وہ ہے جسمین طرفین سے خلاف نہو اگر ایک طرف سے بھی خلاف ہوگا ۔

وہ عہدنامہ کہان مگر وفی بعہدہ ہی وفی بعہدکم ہم اپنے عہد کو وفا کرین تم اپنے عہد کو ۔

الغرض آمدم برمطلب کتاب جب جنرل لو صاحب اس عہدنامۂ طغلانہ سے مطمئین ہوے حکم صفائی بارہ دری دیا لاشین بشکل خس و خاشاک دریا مین بہائی گئین جنکے وارث جا پہونچے اپنے گھر لے جاکر دفن کیا اسوقت ظفر الدولہ اپنے حجرے سے اٹھکر کشتی شاہانہ

مع تاج شاہی لے آئے اُسے زیب فرق فرما کے فوج بخش سے تخت روان پر سوار ہو داخل بارہ دری ہوے آگے روشن چوکی بجتی جاتی تھی ارکان دولت جلوے سواری مین پیادہ جنرل لوصاحب نے اپنے ہاتھ سے تاج شاہی فرق مبارک پر رکھا ۸ بجے تخت شاہی پر جلوس فرمایا ساعت مشتری وزشنبہ ۴ ربیع الثانی ۱۲۵۳ھ مطابق ۱۸۳۷ عیسوی جنرل لوصاحب اور جانسن صاحب برگیڈیر زیر تخت کرسی پر بیٹھے شاہزادے بھائی ارکان دولت زیر تخت نذر دینے لگے نواب روشن الدولہ اُٹھا لیتے تھے سامنے ناچ ہونے لگا شلک سلامی چلی منادی شہر ہوئی مبارکباد کی دھوم مچی صاحبان عالیشان وخواتین انگلشیہ ہم پہلوے تخت دوسرے دالان مین کھڑے رہے بعد ایک ساعت کے تخت روان پر سوار ہو داخل محلسرا ہوے نواب روشن الدولہ بدستور مدار المہامی مین مصروف ہوے فرمان جلوس عمال واعیان فوج کو گئے دبیر الدولہ منشی الملوک راجہ رتن سنگھ بہادر ہوشیار جنگ امیر الانشاے سرکار شاہی نے سکۂ جلوس گذرانا ؎ بجود وکرم سکہ زد در جہان ۔ محمد علی بادشاہ زمان ۔ شعرا کے نزدیک دو لفظ تجنیسی ہین کوئی نہ سمجھا واہ بعد اسکے جناب خلافت مآب نے مرزا امجد علیخان بہادر خلف ارشد کو خطاب ثریا جاہ بعد منظوری ولیعہدی صدر عنایت فرمایا چنانچہ ۴ جمادی الثانی سنہ الیہ ۱۵ اکتوبر سنہ الیہ خلعت عہدۂ جلیلہ سے سرفراز ہوے بیٹون اور دامادون کو خطاب شاہی ملے ۲۱ ربیع الثانی مطابق ۲۵ جولائی منظور جلوس سریہ آرائی بادشاہ متضمن تحسین وآفرین انتظام صاحب ریذیڈنٹ بہادر بھی پیشگاہ نواب گورنر جنرل بہادر سے آئی سلامی توپ ہوئی استقلال واستقرار سلطنت ذات اقدس اور اولاد سے اطمینان ہوا وقت جلوس سن شریف حضرت ۶۰ برس سے سوا تھا ۔

خلاصہ حضرت شاہی ازبسکہ گرم وسرد زمانہ بہت سے دیکھ چکے تھے اور مصائب آلام روحانی معتمد الدولہ کے عہد نیابت اور حضرت خلد منزل سے اُٹھا چکے تھے اور حافظ حقیقی نے ہر طرح اپنے حفظ حمایت مین رکھا تھا ایسے طریق ورفتار سلیم سے رعایا اور غربا اور مساکین عزیز اقربا لواحقین متوسلین ملازمین قدیم سے پیش آئے کہ سب کی صورت عافیت و رفاہ ہو گئی ہر طرح کے آشوب فتنہ وفساد سے بچے مشہور ہے کہ جب حضرت خلد منزل سے

حقیقت حال سنا جان مشروحاً رزیڈنٹ سے بیان فرمائی بعد موقوفی منتظم الدولہ اپنے خود کردہ پر تاسف فرماتے تھے اور یقین واثق ہوگیا تھا کہ میرے بعد سوائے میرے غم نامدار کے اور کوئی اکبر اولاد جنت آرامگاہ نہین ہے اور ایسے لیاقت کا ہے خواہ نخواہ یہی ہونگے پھر اگر یہ سمجھتے تھے باتفاق صلاح کیون نہ فرمائی چنانچہ ایک دن اپنی حالت بیخودی مین باشمشیر برہنہ مجلسرائے عم مین چلے آئے اور اپنے الہام غیبی سے کلمات سخت باب سلطنت مین فرمانے لگے کہ تمھیں ادعائے سلطنت ہے قتل کرڈالون انھون نے بہت نرمی وعاجزی سے عرض کی خدا آپکو سلطنت پر قائم رکھے میری کیا طاقت ومقدور ہے جناب ملکۂ آفاق نے حالت اضطرار مین بہت سی باتین خوشامد کی کین غرض اسی حال مین پھر آئے بادشاہ نے بھی اپنی سلطنت مین غبارات دیرینہ کی تلافی فرمائی۔

غرض باوجود امراض مزمنہ لاحقہ جو بسبب بے اعتدالی شباب جوانی مین کی تھی اس جہت سے اعضاے رئیسہ دوست وپاے مبارک قابو اور اختیار مین نہ تھے اور اس امر کو خود بادشاہ ظفر الدولہ سے فرماتے تھے کہ یہ ہمارا قصور ہے جو فتور واقع ہوا ہے بہرحال اس ضعف ونقاہت پر کس بیدار مغزی ہوشیاری معدلت پروری تجسس اہل کمال قدرشناسی مین گذرا ناکسوا سطے کہ بعد ایسی خرابی وبے انتظامی اور اخراجات حرف بیجا جو سلطنت مین گذرے اسکا سنبھالنا اور پھر ایسی کجروی سالہاسال کا راہ راست پر لانا مشکل تھا اور زیادہ تر اعمال حسنہ اور امورات خیر ومبرات پر بدل متوجہ ہوے جو باعث مزید آخرت اور نیکنامی دنیا بھی ہوئی کئی لاکھ روپیہ عتبات عالیات کربلاے معلی نجف مقدسہ حضرت عباسؑ کو جو مدت سے مرمت طلب ہورہا تھا اور درستی نہر روضۂ حضرت حرحصار سرمن رائے گنبد طلائی عسکرین حجاج مکۂ معظمہ معرفت حاجی مرزا جعفر علی فصیح شاعر ہندی مرثیہ گو اور خود انھین بھی اور یہ سب روپیہ معرفت آغا محمد سوداگر اصفہانی روانہ ہوا یہ اسباب تجارت خرید کر کے بھیجتے تھے جو وہ بک جاتا تھا اس صورت مین انھین بھی بہت نفع ہوا تھا اسکی رسید سرکار مین پہونچا دیتے تھے پھر لکھنؤ سے جاکر کاظمین مین رہے تجار بن گئے تھے اس رسال مین یہان بھی بعض مقرر ہین بادشاہ کا فی الجملہ فائدہ ہوتا تھا اسکے سوا ہزار روپیہ ماہواری مجاورین مختص اہل لکھنؤ کے واسطے مقرر فرمائے

کہ فی کس پانچسو روپیہ ماہواری ملاکریں معرفت بالیوز بغداد ہمبست وار روغہ ہندی ہر چند اب نواب محسن الدولہ کے اہلکاروں کی جہت سے بعد سالہا سال کے روپیہ یہاں سے جاتا ہے بلکہ واسطہ بالیوز کا ہے اسے کوئی تلف نہیں کرسکتا انتظام ممالک محروسہ بھی ایک طریق سے راہ پر کیا صاحبان صدر بھی اس سلامت روی سے بہت مطمئن ہوے اور جس امر کی درخواست کی منظور ہوئی صاحب رزیڈنٹ بھی بہت راضی ہوے چنانچہ ایک مرتبہ جرنل لو صاحب سے نے ایک پرچہ پیام درباب بے انتظامی ممالک محروسہ بھیجا تھا اسکا جواب شافی دیا کہ یہ الزام آپ کی موجب توہین کا ہوگا کہ ایسے بیدست وپا کو کیوں منصوب کیا میرا حال تو ظاہر تھا اور ابھی کہ دن گذرے جو بعد ایسی بے انتظامیوں کے اس چند روز میں اصلاح حال کردوں جرنل صاحب بعد ملاحظہ تحریر کے خود بادشاہ کے پاس آئے اور بہت حاعذر کیا اور اپنی شکر گزاری ادا کی اور عمدہ امریہ ہوا کہ سولہ لاکھ جو بابت فوج کنٹنجنٹ یعنے فوج کمکی سوائے عہد و میثاق سابق و جدید تجویز نواب گورنر جنرل مقرر ہوے تھے اُسے صاحبان ہوس آف کامنز نے منظور نہ کیا ہو جب تحریر جرنل لو صاحب جبر صریح بھکو خلاف قانون کے موقوف کیا فی الحقیقت صبر و سکون بادشاہ نے اپنا ثمرہ دکھایا اسے بھی بمجبوری قبول کیا تھا جب ایسے امور بے منت حسب مرضی ہوے محض بپاس خاطر و ثیقہ حمایت شاہزادوں اور صاحبات محل اور متوسلین کا مقبول ہوا اسکی تفصیل یہ ہے۔

نواب ملکہ جہان فخر الزمانی سلطان آرا بیگم ماہواری صہ

ایضاً اسم اسامی فی کس ماہ	نواب حضور خانم	نواب امیر خانم	نواب اُمراؤ خانم

نواب وزیر خانم نواب نوروزی خانم

شاہزادے مع اُنکے خاص محل فی اسم

مرزا خورم بخت بہادر	نواب اُمراو بیو صاحبہ ماہواری	اسکا
مرزا عظیم الشان بہادر	نواب امیر بیو صاحبہ	اسکا
مرزا فرخندہ بخت بہادر		اسکا
مرزا رفیع الشان بہادر		اسکا

مرزا ہمایون بخت بہادر ماہ
نواب وزیر بیگم صاحبہ ماہ

شاہزادیان سات اسم

نواب سلطان عالیہ بیگم صاحبہ زوجۂ نواب محسن الدولہ اماہ
نواب سلطان دوشن آرا بیگم صاحبہ زوجۂ نواب مُنیر الدولہ اماہ
نواب زیب النسا بیگم عرف آمنہ بیگم صاحبہ زوجۂ نواب سراج الدولہ ماہ
نواب گوہر آرا بیگم عرف وزیر بیگم صاحبہ زوجۂ نواب غضنفر الدولہ ماہ
نواب سلطان بیگم عرف پھوندنا بیگم صاحبہ زوجۂ معظم الدولہ باقر علیخان
نواب فخر النسا بیگم عرف بنّی صاحبہ زوجۂ نواب مجاہد الدولہ بہادر ماہ
نواب زیب النسا بیگم عرف حاجی بیگم زوجۂ نواب اقتدار الدولہ بہادر ماہ

اسمائے متفصلۂ ذیل سے اسم

نوباقی خانم ماہواری للعہ وفاقی خانم للعہ
نوبہار للعہ گلچہرہ للعہ
حمیدہ خانم للعہ شرف الدولہ محمد ابراہیم خان مالعہ
پیاری خانم للعہ عظیم اللہ خان مالعہ ۱۰/۸ پائی

یہ وثیقہ ۱۰ لکھا ہوا

ایضاً کو اغذات نوٹ امام باڑۂ حسین آباد متعلق شرف الدولہ محمد ابراہیم خان اعظم الدولہ عظیم اللہ خان رفیق الدولہ میر امام علی ۱۰ لک منافع ماہواری للعہ ۱۰

بعد اسکے بادشاہ نے اپنے قدیم جنیابا غ مین بنائے امام باڑہ حسین آباد بوضع امام باڑہ آغا باقر خان مرحوم فرمائی جو اب اصل دھس قلعہ مچھی بھون ہوکر ہموار ہوگیا ہے۔

سبب تعمیر امام باڑہ یہ ہوا کہ نواب ملکہ جہان سے ایک صاحبزادی قبل از جلوس ایام طفولیت مین مرگئی اسی باغ مین دفن ہوئی تھی اور در دولت سے کنار دریا تا حسین آباد شرک بنی ہزار ہا رعایاے ملک دکن جو قحط سے شہر مین آئی تھی انھین مزدوری ملی بعد

گئی برس کے وہ میان سے مالا مال ہوکر اپنے ملک کو گئی اس تعمیر عمارت عالیشان مین تقریباً
بیس لاکھ صرف ہوا اہلکاران سرکار کا بھی بھلا ہوگیا دوسرا امام باڑہ مثل امام باڑہ
نواب آصف الدولہ کے کچھ بنکر رہ گیا وہ پشت حسین آباد ہوا تھا بنائے مسجد جامع طول
ایک سو دس گز میر نعیم خان کی نگرانی لیکر ہوئی اس تیاری مین دس لاکھ روپیہ نواب ملکہ
جہان کو بطور امانت دیے تھے بعد انتقال بادشاہ اس امانت کو اپنا مال سمجھکر تعمیر کو ملتوی
رکھا جب حضرت جنت مکان نے اپنی حرارت ایمانی سے تحریک کی وزراے سلطنت سے کچھ
اپنا معاملہ کرلیا پھر اس سے خبر نہ ہوے آخر جب سرکار سے تاکید شدید ہوئی کئی برس مین تیار
ہوئی مگر استحکام نہیں اب نماز جمعہ جماعت عیدین مجتہدون پڑھواتے ہین امام باڑہ کی
خوب تیاری ہوئی شیشہ آلات اسباب نقرہ و طلا بہت تکلف سے رکھا گیا سواے ان
تین اشخاص مذکورہ کے سرکار شاہی کی مداخلت نہ تھی مگر جنرل سلیمن صاحب نے ازراہ انصاف
امین شاہی بھی مقرر کروادیا اقبال الدولہ امین مامور ہوے پھر بادشاہ کو وشیقہ امام باڑہ
مع تنخواہ متوسلین و رفقاے خاص منظور ہوا صاحبان کورٹ آف ڈائرکٹرس نے منظور نہ کیا
اسکے وجوہات عدم منظوری کے لکھے لیکن پاس خاطر بادشاہ فقط کاغذ نوٹ قرضہ سو بہ
منظور کیے اور اگر پہلے وشیقہ کے ساتھ درخواست ہوتی تو البتہ منظور ہوتی اور در اصل بناے
وشیقہ کا سبب یہ ہوا کہ حضرت خلد منزل نے سواے ہدایاے گران بہا کے در لقد
بھی بطور رشوت خرچ موے لک معرفت سفیر بھیجے تھے جب وہ وزیر تقدیم ہوے پھر آیا زمان
جلوس حضرت فردوس منزل بادشاہ نے بصلاح خیر اندیشان سلطنت اس روپیہ کے پھیر لینے
مین تامل کیا اور صاحب جانشین نواب گورنر جنرل سے فرمایا کہ سرکار دولتمدار نے محض اپنی انصاف
عدالت سے مجھ ایسے مضمحل گوشت و پشت استخوان کو اس منزلت اعلاے تخت سلطنت
پر بٹھایا ہے اسکے خلاف اور دون ہمتی ہوا اس زر قلیل پیشکش کا پھیر لینا اسکا جواب صاف
سے یہ آیا کہ تم اس سرکار عالیجاہ سے بخطاب فرزند سلطنت مستاز ہوچکے ہو اسکا استرداد
نہ کرنا خلاف شان سرکار دولتمدار ہوگا مگر اسکے سوا اگر تم اور کسی امر کی درخواست
کروگے تو حسب مطلوب تمہارے منظور و مقبول ہوگی اس جہت سے اس زر مسترده کی

درخواست بنام وثیقہ اول ہوئی اور منظور و مقبول سرکار ہوئی پھر جب درخواست دوسرے وثیقہ امام باڑہ کی صاحب جانشین نے بخیال مقبولی اول وثیقہ صدر کو رپورٹ کیا منظور نہ ہوا مگر بموجب اقرار صاحب جانشین اور بپاس خاطر بادشاہ اسی قرضہ موہنجسوب کیا کس واسطے کہ اقرار صاحب جانشین بمنزلہ اقرار نواب گورنر جنرل ہے بعد اسکے وثیقہ کی ممانعت ہوئی کہ اسمین سرکار کو سراسر تکالیف شاقہ ہوتی تھی چنانچہ وثیقہ اول معہ لک کا ہو وہی زر مرسلہ لندن پھر قرضہ موہنجسین آباد معہ لک کا ہو۔

محاصل در جوا اہلکار سابق اور مقربان خاص سے داخل خزانہ نہ ہوا

بادشاہ کے اقبال سے وہ مبلغ خطیر جو از راہ خورد و برد ناہل اور غیر مستحق اہلکارون کے ہاتھ لگا تھا مثل جذر آب دریاے شور پھر اپنے مرکز مبدا فیاض مین جا ملا اور مظلمہ آنکی گردن پر چھوڑا چنانچہ پہلے نقد و جنس کئی لاکھ کا حضرت خلد منزل کی دایہ مہربان کے گھر سے ضبط ہو کر داخل خزانہ عامرہ ہوا اور متبنی اہلاک وسیع رستم نگر مین دونون طرف تھی ضبط ہوئی جس ظلم و جبر سے آغا مرزا پسر اناجی اور میر نوروز علی داماد نے غربا اور رئیسان قدیم سے لیا تھا اسی طرح انکے بھی ہاتھ سے گیا اور وجہ ضبطی نواب روشن الدولہ کا خلاف ہونا کہ جب بر سر تمکن خلد منزل نواب محلسرا مین آئے تھے اناجی نے حالت بیقراری مین اپنی جوشش حق شیری سے بہت سے کلام نافرجام ملعون فاسد کے کہے تھے واللہ اعلم اگر صبر کرتین شاید کوئی صورت نجات کی نکلتی آغا مرزا کے حرکات نالایق سے سارا شہر تنگ آگیا تھا پھر اسی شہر مین کس حال مین دیکھا خدا محفوظ رکھے ایسا ہی حال قدیم مرزا مخدوم بخش داماد نواب امیر الدولہ کا بیان نخوت و غرور کرتے ہین انکو بھی سب نے بنظر عبرت دیکھا بعد اس خانہ بربادی کے اناجی تباہ ہو کر چنار گڈھ بیگم صاحبہ کے پاس پہونچین مر گئین۔

راجہ لالجی بخشی فوج نائب جنرل صاحب اپنے آلفت سے انکے بیٹے کو قید کیا از روے محاسبہ لاکھ روپیہ لیے بخشی پر چند بیٹے مجلس اے بخشی قدیم جنت آرامگاہ بخشی رحمت قیام الدولہ خطاب ملا افضل النسا خانم دھنیا مہری سے بہت کچھ لیا وہ خلاص ہو کر کانپور گئین وہان کئی گانون نیلامی لیے تھے اپنی بسر اوقات کرتی تھین اور ڈولی چھوٹی بہن وہ مرزا وصی علی خان

کی خدمت میں آئی تھی بعد اُنکے مرنے کے اُنکا نقد و جنس اسے ملا ارباب نشاط مثل گوہر بائی سفتہ وغیر سفتہ جو داخل محل حضرت خلد منزل ہوے تھے عیش محل میں رہتی تھیں اُنکی تاکاؤں نے معرفت شرف الدولہ غلام رضا خان کے زلیخا دارغبش حسن کی خرید کی اور پھر عموماً انھیں بزغ بازار پر رکھا اکثر لڑکیاں سادات کی جو سراسر واجب الرحم تھیں مان باپ نے سرکار میں اپنی فلاح کے واسطے دیا تھا وہ نامزد رحم حضرت صاحب تھیں اُنکو اُنکے باپ کے گھر بھیجدیا اس قید مصیبت سے نکلیں اور سنت سنیہ مذہب عقد نکاح شرعیہ سے دستکار ہوئیں انمیں سے بعض اہلکار جدید نے ازراہ غنیمت خود لے لیا وہ بھی صاحب اولاد ہوئیں اسمیں بہت سی جلسے والیان بھی تھیں۔

نواب وشن الدولہ سے از روے حساب بائیس لاکھ لیے اور معرفت صاحب رزیڈنٹ انھیں فارغخطی بھی ملی بادشاہ نے حضرات کنبوہ سے بعد قید شدید سات لاکھ روپے لیے راہی کانپور ہوے صورت قیام لکھنؤ ہوئی کسواسطے کہ اہلکار انکے ماتھوں سے جلے ہوے تھے صاحب رزیڈنٹ بھی ایسے اشخاص کا دربار میں رہنا بدستور زمان سابق نچاہتے تھے انکی حسن رسائی تحریر سب ظاہر تھی دوسرے انکے مقابل خطۂ پاک صاحبان کشمیر تھے وہ کیونکر انکا قیام چاہتے غرض یہ وہی دو چند ہوا جو منتظم الدولہ نے اپنے وقت روانگی کہا تھا کہ خدا چاہے ہم اسکا دو چند لینگے۔

قریب اسی طرح تخمیناً ایک کروڑ کے محاصل سرکار ہوا اسی روپئے سے پہلے تنخواہ اُنکو ملی جو کئی برس سے نہ ملی تھی ملازمین شاہی جبکی نوبت فاقہ کشی سے بھی گذر گئی تھی کوئی اُنکی فریاد کرنہ پہونچتا تھا اور اگر ہزار اڑابی و سفارش کسی عامل پہ دلائی ہوئی کئی مہینے دوڑا کر فی صد بیس روپیہ لیکر باقی برس رکئی مہینے میں دیتا تھا اور جنسے یہ صورت ممکن نہ تھی بن اجل مرتے تھے بعد اسکے بادشاہ نے موافق اصول شرعیہ اداے دین مہر قسمہ قرطاس معلات سلطے خاص کا ادا کیا چنانچہ چھ ۶ لاکھ نواب ملکۂ آفاق خاص محل کو عنایت ہوے پھر شاہزادے شاہزادیان داماد کو ہر ایک کے فراخور حال عنایت فرمائے جس سے ہر ایک نے سامان امارت درست کر لیا اور سب کی تنخواہ بقید ضبط خرچ مقرر فرمائی کہ اسقدر خرچ کرو

باقی جو ہے بعد سال کے اسکا نوٹ گورنمنٹ خرید نا کہ تمھارے کام آئیگا سب کی رخصتیں
کی تخفیف کرکے بقدر ضرورت رکھ لیا خرچ سلطنت کی یہ صورت کی کہ نو لاکھ روپیہ ماہواری کا
خرچ رکھا ساڑھے چار کی تنخواہ خزانۂ عامرہ سے باقی بخشیگری سے پچاس ہزار ماہواری اپنی
جیب خاص کیے یہ خرچ مسافرین تازہ وارد زائرین حجاج دختران ناکتخدا انعام شعرا
اعانت گوشہ نشینان وغیرہ تھا اس تقسیم خیرات سے جس مقرب خاص کے واسطے
سے جسے ملتے تھے کچھ اسکا بھی بھلا ہوتا جاتا تھا میر امام علی رفیق قدیم کو خطاب رفیق الدولہ ملا
سند یل بھی عنایت ہوئی جو داخل خلعت وزارت تھی انکو اگر صاحب لیاقت سمجھتے عہدہ وزارت
بھی ممکن تھا ملتا ہرچند وہ خود کہتے تھے میں نے قبول نہ کی یہ فقط کہنے کو تھا اکثر سخنان
سنجی سے بادشاہ کو خوش کرتے تھے بہت سا سلوک کیا ساری پوشاک سراوگرا جو پیشتر
جلوس کے تھی سب انھیں عنایت فرمائی تھی اور اکثر فرماتے تھے جسقدر میرا دل سلوک
چاہتا ہے میرے ہاتھ نہیں دینے دیتے بضرورت احکام شاہی شاہزادون شاہزادیون کے
بھی پہونچاتے تھے خلعت ملتا تھا عتبات عالیات یا خانۂ کعبہ جتنا روپیہ جاتا تھا انھیں کے
واسطے سے معرفت مجتہد العصر جاتا تھا مگر باوجود اس ثروت ناپائدار مستعار سے اس مدت میں
انسے کیسکو فائدہ ہوا جو مزرعۂ آخرت ہوتا آخر عہد دولت حضرت سلطان عالم میں انتقال ہوا
بیٹا تھا وہ بھی مرگیا اب اسکی اولاد وغیرہ ہڑا ملاک بھی بکرایہ جاتی ہے زمان جیسی میں بدمعاشون
نے انسے بھی روپیہ دھمکا کے لاکھ روپیہ لیا انھون نے بمجبوری کاغذ نوٹ تو فیر امام باڑہ
بیچکر دیا نواب گورنر جنرل نے اسی خیانت سے اہتمام حسین آباد نواب محسن الدولہ و نواب
ممتاز الدولہ کو از روے استحقاق دیا نواب محسن الدولہ نے چھتیس لاکھ روپیہ کا دعوی
اسباب امام باڑہ جو بدمعاشان سرکار نے غارت کرکے لیا تھا پیش کیا اور سولہ ہزار پشمینہ آلات
وغیرہ کا نیلام کارنیگی صاحب سے کیا تھا وہ جگت سیٹھ نے لیکر اپنے معبد میں چڑھایا سرکار
سے کچھ شنوائی نہ ہوئی۔

حمید الدولہ میان پیرنجش کو کلتاش بادشاہ عطاء اللہ خان علیجان داماد شیخ شبن کو
خطاب قمر الدولہ ملا اسی طرح کے لوگ مقرب خاص حاضر باش بادشاہ ہوے عظیم اللہ خان کو

خطاب اعظم الدولہ بہادر ملا اہتمام دیوان عام انھون نے داروغہ دیوان خانہ عاشق علیخان کو کیا اپنا پیشدست کئی لاکھ روپیہ انھون نے حاصل کیا تمام عمر اپنے چلن سے بسر اوقات کی اعظم الدولہ اپنی عیش دنیا لباس اور کھانا اور آراستگی مکان محض اپنی تن پروری مین ہے مگر بیخ مرنجان کسی کو کچھ فائدہ بھی آنسے سوا کوئی رفیق خاص بھی نہ تھا شبیہ مشہد مقدس و منہ امام رضا علیہ السلام بنوایا تھا کربلاے الماس علیخان مین دفعۃً مرگ سفاجات سے مرگئے اور وہین دفن بھی ہوے اس سلطنت سے جتنے امور خیر کثیر کے علی العموم تھے مع اخراجات سلطانی خاص اور کارخانجات سب بحساب تخفیف ہوگئے تھے یہ سیر حبشی معتمد الدولہ یا حضرت خلد منزل فی الجملہ نواب دشن الدولہ پر بھی ختم ہوئی صورت دربار یہ تھی کہ آٹھ بجے بادشاہ پلنگڑی پر اجلاس فرماتے تھے شاہزادے اُمرا اور اہل دربار باریاب سلام ہوتے تھے نواب محسن الدولہ بالادست قبل از ولیعہدی بیٹھتے تھے پھر از راہ آداب پہلوے ولیعہد مین بیٹھے وجہ اسکی یہ تھی کہ انکی بی بی سے بہت محبت دلی تھی تنخواہ اور جلوس سواری بھی زیادہ کردیا تھا اور نواب صمصام الدولہ امیر علیخان کی بی بی نواب ممتاز الدولہ کی ماں کو بیوہ سمجھکر بڑی خاطر کرتے تھے انھون نے بھی بعد انتقال شوہر کے لذات دنیا کو ترک کردیا تھا ہر چند بادشاہ نے متواتر فرمایا کہ تم لباس فاخرہ پہنو عرض کی اب میری عزت سفید پوشی مین ہے تعزیہ چہلم مین ہزارہا روپیہ صرف کرتی تھین سارا شہر جمع ہوتا تھا اس صرف اور تکلف سے کسی کا تعزیہ نہین اٹھا اور اپنی عبادت خدا مین بسر کرکے مرگئین ہر چند نواب ممتاز الدولہ بھی تا چہلم عزا برپا رکھتے ہین تعزیہ بھی اٹھاتے ہین مگر وہ مقدور کہان۔

۹ بجے دربار برخاست ہوجاتا تھا بادشاہ متوجہ سماعت کاغذ ہوتے تھے دوپہر تک یہ صحبت رہتی تھی بعد اسکے خاصہ نوشجان فرماتے تھے رفیق الدولہ کھلاتے تھے ہاتھ بے قابو تھا پھر آرام فرماکر اخبار وغیرہ کا کاغذ ہوتا تھا جب رزیڈنٹ آتے تھے اُن کی کرسی برابر پلنگڑی کے ہوتی تھی چاے پانی یا بڑے کھانیکی صحبت مین یا صاحب رزیڈنٹ کی کوٹھی مین بدستور سابق مرزا ولیعہد بہادر شاہزادے اُمرا جاتے تھے بادشاہ مین یہ طاقت کہان تھی پانچ برس کی مدت مین دو دفعہ شہر اور حسین آباد کی تعمیر دیکھنے کو باہر سوار ہوکر تا مچان پر

برآمد ہوے ہین قریب شام تا مجان پر سوار ہوکر نواب ملکۂ جہان کے محل مین تشریف لیجاتے تھے وہ نواب مبارک محل کے مکان مین کنار دریا رہتی تھین ۸ بجے وہان سے برآمد ہوکر گلستان ارم مین داخل ہوتے تھے مقربان خاص سب پیادہ ساتھ ہوتے تھے پھر خاصہ نوش فرماکے استراحت ہوتی تھی داستان گو بھی حاضر ہوتا تھا اکثر نیند کم آتی تھی پھر شغل اخبار سننے کا ہوتا تھا دست وبا کے عارضہ کے واسطے ہرچند البلاے حاذق نے بہت سی کوشش کی تجربے بھی بہت ہوے کچھ مفید نہوا اسی طرح رہے۔

معزولی نواب وشن الدولہ ومنصوبی نواب منتظم الدولہ ورانکا انتقال وغیرہ

بادشاہ کو بصلاح رزیڈنٹ نواب وشن الدولہ کا بدستور سرکار رکھنا منظور تھا نظر بمجلم وغربت مزاج وعلو منزلت خاندان بشرطیکہ خوانین کنبوہ کو اپنے دربار مین نہ آنے دین اور انکی رفتار وکردار آموختہ کو چھوڑ دین لیکن ازبسکہ نواب عادی اور چاشت لذات ماضیہ کے ہورہے تھے ازراہ مروت اور خود نکما سمجھکر گوارا کیا جانتے تھے کہ بے انکی مدد کے مجھسے کچھ نہوسکیگا اور شخص غیر سے نہ مین مطمئن ہونگا جیسا انسے ہورہا ہون اور نہ اُس سے بھی ہوسکے گا بس نارسا ہوجاؤنگا دوسرے صاحبان کشمیر مع ہین مجھسے موافقت نہ ہوگی ایسے عذرات بار دے بازرہے چنانچہ جنرل لوصاحب نے باشارۂ بادشاہ بکمال خشم دوستانہ لفظ درشت سے سمجھایا کہ روشن الدولہ سبحان علی تمھارا باپ ہے جو تم اُسکی مفارقت گوارا نہین کرتے کہ تم کیون خراب برباد ہوتے ہو ہمارا دل تمھارے واسطے جلتا ہے اور افسوس کرتا ہے جو ہم کہتے ہین بس اب ہمین خوب یقین ہوا کہ تم چندروزمین فقیر ہوجاؤگے اسکے سوا جنرل صاحب آنکے بیٹے اور بی بی نے بھی سمجھایا کہ ہمین کیون برباد کرتے ہو انسے سلوک کرنے کا اختیار ہے مگر کار سرکار مین مداخلت نہ کرنے دو کسواسطے کہ دونون سرکار کی خوشی اسی مین ہے اور اپنی بنی کو کیون بگاڑتے ہو مگر نواب نے کسی طرح نہ مانا کئی لاکھ عملۂ سرکار کو دیکر کانپور گئے وہان بیٹے نے دس لاکھ لیکر انسے جدا ہوگیا رسد خان راجہ کا علاقہ تین لاکھ کا لیا تھا وہ سب گیا پھر علاقہ مانڈو لال صاحب کا لیا تھا

وہ بھی گیا کئی برس تک خرچ کیا جو داروغہ معرفت کنبوہ کیا تھا اُسنے نوشجان کیا غرض حالت فقر میں مرگئے جنرل صاحب کا کہنا صادق آیا جنرل صاحب اپنے چلن سے رہا اب تک اچھا ہے۔

غرض جب عرضداشت تہنیت نواب منتظم الدولہ مع نذر جلوس گذری تزین بتخط خاص ہوئی حاضر ہو نواب فرخ آباد سے روز دوشنبہ پہلے اپنے وزیر باغ میں آترے صبح سہ شنبہ ۲۳ رجب ۱۲۵۳ھ مطابق ۱۸۳۷ء شرفیاب ملازمت ہوے اسوقت خلعت وزارت سرفراز ہوے نواب وشن الدولہ اسی دن خانہ نشین ہوے نواب منور الدولہ کو خلعت جرنیلی ملا ملہور بخش کو ٹھی کچہری وزارت ہوئی نواب بود خلعت صاحب رزیڈنٹ کے پاس گئے نذر دی بڑی دیر تک تذکرہ تکلم وتحزبان سلطنت کا بے تکلف رہا وہاں سے پھر کر اہلکاروں سے نذر لی متوجہ انتظام سلطنت ہوے۔

ازانجملہ نواب حضرات خواتین کنبوہ سے جلے ہوے تھے اور متواتر انکے چکے کھا چکے تھے پہلے پاداش اسی فرقۂ خاص پر آمادہ ہوا اور جہانتک فرصت وتوہین منظور خاطر تھی خوب دل کھولکے وہی چنانچہ پہلے تحقیقات قضاے مبرم ومعلق حضرت خلد منزل پر ہوے تھے جسطرح مشہور خاص وعام ہو چکا تھا اُسکے گواہ بھی گھریلو پیدا کیے تھے مگر بعض خیر اندیشوں نے سمجھایا کہ آپ جن گواہوں کے بھروسے پر ہیں اگر بروقت رو بکاری منکر ہو جائیں گے تو اُسوقت کونسی صورت شہادت نکالیے گا اس جہت سے تامل کیا تھا۔

خلاصہ مذکور خواتین جداگانہ ہر ایک قید تھا قرآن وادعیہ پڑھنے کا تیغن تھا اور کئی لاکھ کا حساب ابتدا سے نکالا تھا پیارے صاحب پوتے خانصاحب کو جو اپنے عم نامدار سے بعض ممانعت کی جہت سے آزردہ خاطر اور بہت تنگ آ گئے تھے آئے بلا کر گھر کا بھید ہی سمجھکر اپنا مقرب کیا تھا ایک دن مظفر حسین خان کو پاپجولان نشیمر شہر کیا تھا پوک کی کوتوالی چپوترے تک اسی حال سے آئے تھے ناظرین العیاذ باللہ کہتے دم بخود تھے اور انقلاب فلکی کو دیکھتے تھے اہل بصیرت کا عجب حال تھا کہ کل کفش انکی خاصیت ہمارکھتی تھی آج یہ صورت ہوئی مگر انکی صورت نجات ایسے آفات ناگہانی سے محض انکی عورات مستجاب الدعوات کی

جہت سے ہوئی آخر سات لاکھ سرکار مین سے کچھ اہلکارون کو دیا اور محافظین زندان کو سب سے زیادہ دیا کانپور گئے جنرل لو صاحب نے نواب سے فرمایا کہ صاحب عزت کو ایسی ذلت نہ چاہیے تھی عرض کی مگر انکی عزت ناموس شاہ سے زیادہ تھی جو سلوک کیا۔

اس عرصے مین خبر آمد آمد نواب گورنر جنرل بہادر داخلہ کانپور کی ہوئی مرزا سعید بہادر اور مہاراج مع سفیر شاہی اور شاہزادے ارکان دولت روانہ کانپور ہوے بادشاہ بسبب ناسازی مزاج معذور تھے اسی جہت سے نواب محتشم الیہ بھی رونق افروز لکھنؤ نہوے بعد ملاقات مرزا سعید ملک مغرب کو تشریف فرما ہوے نواب منتظم الدولہ کو اپنے رسوخ اور اعتماد سرکار سے یقین واثق ہوگیا تھا کہ جب نواب گورنر جنرل سے ملاقات کرکے پھرونگا ایسے طریق سے ضبط و انتظام سلطنت کرونگا جسمین کبھی کسی طرح کی لغزش اور بے ثباتی نہوگی اور بہت ریشے اور خار جو اس گلشن سلطنت مین باد مخالف سے لگ جاتے ہین محض غفلت اور نالایقی اہلکارون سے وہ سب جڑ سے اکھڑ جائینگے اور میرے بھی حقوق نمکخواری و خیرخواہی کا ایک نام رہجائیگا اور عہدۂ وزارت میری نسل مین آل تمغا ہوجائیگا لیکن افسوس یہ ہے کہ مثل جنت آرامگاہ کے انکو بھی اجل نے امان ندی جو کہتے تھے وہی ہوتا نظر باسباب ظاہر ۶ امی بسا آرزو کہ خاک شدہ۔

اب مختصر احوال انتقال نواب یہ ہے کہ اس دو مہینے کئی دن کے عرصے مین آٹھ پہر محنت و مشقت سے خالی نہ رہتے تھے اور بسبب سن شیخوخت کے مزاج مین غصہ زیادہ ہوگیا تھا الفاظ رکیک بھی غصے سے زبان پر جاری ہوتے ناظرین کو اس حال سے بہت تعجب ہوتا تھا اتفاقاً فقیر محمد خان رسالدار نے مرغ کے چوزے پر درد بھیجے تھے اکثر نوش کرتے تھے وہ سب بھی نوش کیے جسکی صبح کو روانہ کانپور ہوتے اس سے حرارت خفیف معلوم ہوئی احتیاج غسل تھی حمام کیا تپ محرق ہوگئی حکیم مرزا محمد علی میر محمد آنکے شاگرد ملازم تھے قضا آپہونچی بعد ہفتہ عشرے کے وہ آخر ماہ مبارک رمضان ۱۲۵۳ھ مطابق ۲۵ - دسمبر ۱۸۳۷ء روز تولد حضرت عیسیٰ علیہ السلام انتقال کیا فی الحقیقت سارے شہر کو افسوس ہوا کئی سبب سے

متعلقہ صفحہ ۳۹۳ جلد اول

ظہیر الدولہ نواب مولوی غلام یحییٰ خان

Gulam Yahya Khan

نمبر ۲۹

کہ شیخص گویا اقبال سلطنت تھا اب کہ سلطنت کی ٹوٹ گئی فی الحقیقت ایسا ہندوستانیون مین کون صاحب عزت صاحب مقدور کردہ کار باخدا انتظم مقبول گورنمنٹ تھا کس امارت وعزت سے عملداری سرکارمین بسر کی گھر پر نوبت بجتی رہی جس شہر مین گئے شلک سلامی توپ ہوتی تھی جتنے کارخانہ اور اسباب امارت کے تھے سب تبکلف تھے وزارت لکھنؤ کے مدت سے متمنی تھے نہ ازراہ خدزر بلکہ اصلاح حال سلطنت مدنظر تھا کئی دفعہ ہوئی آخر انجام بھی اسی وزارت مین ہوا اور اُنکے گھر کا بھی آنخصین تک خاتمہ ہوا خلاصہ جنازہ بڑی دھوم سے اُٹھا اُمرا عزیز اقارب جلوس شاہی سادات کشمیر تابوت اُٹھائے ہوے غسلخانہ دریا تک ہجوم مومنین ورابل شہر کا تھا وقت عصر نہر مقام مقبرہ مجوزہ مین دفن ہوے اپنے حین حیات مین کاغذ نوٹ خرچ مقبرہ لے لیا تھا بعد انتقال کے نواب منور الدولہ تک کچھ صورت گھر کی بدستور رہی انکے بعد آنحصین فساد ہوا نوبت بعدالت پہونچی وہ کواغذات داخل ترکہ واثمان ہوے مگر اولاد منور الدولہ کو اختیار تقسیم روپیہ رد مظالم رہا اب آنحصین مستحق اور غیر مستحق کا اختیار رہا اب محمد علیخان بیٹے نواب منور الدولہ کے بھی مر گئے اب اُنکے دونون بیٹون کا اختیار رہا۔

منصوبی ظہیر الدولہ بعہدۂ جلیلہ وزارت اور اُنکا انتقال

مختصر احوال مولوی غلام یحیی عرف میان کلن کا یہ ہے کہ لکھنؤ کے تین محلون مین صاحبان کشمیر آباد تھے سرائے سالیخان جہان کلن رہتے تھے دوسرے چھتہ حاجی مسیتا تیسرے احاطہ کاظم علیخان مشہور خانسامان میان کلن نواب مرزا خانجلی کے نوکر تھے پندرہ روپیے ماہوار کے کسواسطے کہ انکی املاک نواز گنج مین تھی ودیعتہ خواہ بھی عظیم آباد لکھنؤ خزانہ رزیڈنسی سے جاتی تھی مگر غریب باعزت رزیڈنسی مین میر منشی سید التفات حسین خان سے بھی تعارف تھا میجر بائن صاحب اسسٹنٹ اول کو شوق ترجمہ رسالہاے انگریزی نصائح و پند تھا اکثر ترجمہ اپنے آپ بیان انگریزی سے کرتے تھے یہ ترجمہ کرتے تھے اس سے رسوخ تعارف زیادہ ہو گیا تھا چند روز مین جب تاج الدین حسین خان عہدۂ سفارت سے اور خواجہ امام الدین خان انکے نائب دارونگی کوتھی رزیڈنسی سے موقوف ہوے

نظر بحلم و غربت مولوی صاحب میجر صاحب نے درپردہ اور میر منشی نے اپنا معتمد و خدمتگزار سمجھکر
نواب سے سفارش دارونگی کی کی نواب نے پہلے میر سید محمد خان میر زین العابدین خان کے
بیٹے کو داروغگی پر تجویز کیا تھا مگر اس سفارش سے چپ ہوئے سبحان علیخان بھی رزیڈنٹی کے
دباؤ سے کچھ نہ کہہ سکے جانتے تھے کہ یہ سنی ہین اور کشمیری بھی سو روپے ماہوار ہوا داروغہ
امارت بچاے خواجہ صاحب ہوے بعد چند روز کے اپنی حسن رسائی دربار اور موافقت عملۂ
رزیڈنٹی سے عہدۂ سفارت پر ہوے ہزار روپیہ تنخواہ اور ظہیر الدولہ خطاب ملا سامان
ظاہری بہت درست ہوگیا انکے بھانجے محمد ابراہیم خان لکھنؤ سے سراسیمہ ہوکر کسی رنڈی
سمیت چپلا کے ساتھ حیدرآباد دکن گئے وہان مہاراجہ چندولال کے نوکر ہوگئے تھے انکو خط
بھیجکر بلوایا اور اپنی داروغگی پر انھین مامور کیا اور یہ دونون اپنی سلامت روی سے رنج
مرنجان رفتار کرنے لگے جب منتظم الدولہ نے انتقال کیا ظہیر الدولہ مرزا ولیعہد کے ساتھ
گئے تھے اُسی صبح کو انتقال نواب میجر پاٹن صاحب حاضر ہوکر ظہیر الدولہ کی نیابت کو
عرض کیا کہ آپ جنرل لو صاحب کو سمجھا دیجیے تو بعید پرورش سے نہوگا اور ہم آپکے پروردہ
اور ساختہ ہین جو ہم اطاعت کرینگے دوسرا نہ کریگا جنرل صاحب صلاح بمشورۂ میجر صاحب
ہر امر کو کرتے تھے جب اس باب مین سمجھایا کہ اگر بادشاہ شخص غیر کو منصوب کرے گا معلوم
نہین کیا ہو اس شخص سے ہم راضی رہین یا نہ اور کوئی امر خلاف بھی اس سے سرزد نہین ہوا
میر منشی نے بھی جنرل لو صاحب کو سمجھایا غرض جنرل صاحب نے بروقت تجویز وزارت
بادشاہ سے فرمایا کہ ہمارے نزدیک صلاح دولت اسی شخص کے واسطے مناسب ہے آیندہ
آپکو اختیار ہے یہ امور خانگی ہوا سکے سوا اور سب برادر بھی سرکارین جمع ہوئے تھے اعظم الدولہ
نے قمر الدولہ کی سفارش سے بادشاہ سے عرض کیا غرض سب اجماع امت انھین پر ہوا سب
ہمزبان ہوگئے کوئی خلاف نہ بولا بادشاہ کو مذہب و ملت کا کچھ خیال نہوا وہ جو امرین تجویز
صاحب رزیڈنٹ کو مقدم سمجھتے تھے۔

خلاصہ جب ظہیر الدولہ کانپور سے آئے اصحاب غار نے کھچڑی پکا رکھی تھی انھین کے
آنے کی دیر تھی خلعت وزارت سے سرفراز ہوے شرف الدولہ محمد ابراہیم خان کو خلعت

سفارت

سفارت ملا مظفر علیخان کو عہدہ داروغگی قدیم کوتھی نیگل گلاس کچہری وزارت ہوئی نواب منور الدولہ کو بعد خلعت ماتم پرسی خلعت جریبی عنایت ہوا بستور بحال رہے اور بادشاہ کو عہدہ وزارت انھین کو دینا منظور تھا مگر جب سب طرف سے آندھی انھین کے واسطے برپا ہوئی بادشاہ بھی کچھ نہ کہہ سکے چپکے ہو رہے نواب منور الدولہ کو بھی یقین اپنے واسطے تھا کہ بادشاہ کی نظر عنایت میرے حال پر پیشتر سے زیادہ ہے غالب ہے کہ خود بادشاہ سوائے میرے دوسرے کو تجویز نفرمائین گے مگر مد خلعت صاحب رزیڈنٹ سے وہ بھی نم کھا رہے صبر کسا نظر بخدا رہے کہ اگر میرا حق اور ہم مزاد اراسکے ہین البتہ محروم نہ رہین گے ۔

فی الحقیقت دو مہینے کئی دن تک ظہیر الدولہ بہت نیکنام رہے سب اہل دربار اور رعایا شہر سب طرح راضی رہی اور وہ بھی شکر اس نعمت غیر مترقبہ کا بجالاکر خود رفتہ نمودے عوام شہر انکے تعصب اور مخالفت مذہبی سے خائف تھے کسواسطے کہ سرکار شاہی مین کوئی اس مذہب کا کبھی نہین ہوا تھا اس عرصہ مین قبل از محرم اجل نے آکر سلام کیا آخر وہ ماہ ذیحجہ ۱۲۵۴ھ ہجری مطابق ۱۸۳۸ عیسوی دفعۃً ہیضہ وبائی سے انتقال کیا انکے دونون بیٹون کو خلعت ماتم پرسی ملا دو ہزار روپیہ وار ہہ مقرر ہوا شرف الدولہ محمد ابراہیم خان اپنے عہدہ سفارت پر مامور رہے ۔

بعد انتقال ظہیر الدولہ بادشاہ نے محض اپنے حسن ملک و صواب دید سے نظر بحقوق خدمت منتظم الدولہ منور الدولہ بہادر کو خلعت وزارت سے سرفراز کیا اور یہ بھی خیال مین نگذرا کہ بہادر پھر صاحب رزیڈنٹ بصلاحدید کین تو پھر مجبور ہونا پڑیگا فی الحقیقت شفقت و عنایت بادشاہ انکے حال پر مرزا ولیعہد بہادر سے کم نہ تھی لیکن از بسکہ نواب کی طبیعت مزاج ابتدا سے آشنا بے جا کاشی و بیدار مغزی کی جیسا کہ چاہیے نہ تھی اور نہ کوئی کارفرما ایسا تھا منتظم الدولہ خود محتاج کسی کارفرما کے نہ تھے کسواسطے کہ تقریبت سے امامت تک سب نشیب و فراز دیکھ چکے تھے دوسرے جنت آرامگاہ کے عہد دولت سے سب دیکھ چکے خود کر چکے تھے یہ برخلاف اسکے سیر و شکار لہو و لعب مثل امرائے زمانہ کے عادی تھے

لیکن امانت و دیانت مین بسبب استغنا کے کہ محتاج نہ تھے بڈاتہ اچھے تھے انکے کاروبار پر مرزا وصی علیخان فقط رہے انسے اہل دربار سے خلاف انسے بھی کبھی موافقت نہوئی وہ سب اپنے تقرب پر مغرور رہتے تھے بلکہ درپے تخریب کاروبار اور انکا رہنا شاق سمجھتے تھے کئی مہینے تک کچھ کاروبار چلا آخر تنگ ہوکر دنیا سے ہاتھ اٹھا کر بادشاہ سے رخصت حج و زیارت کی طلب کی کہ غلام نے حج و زیارت کو واجب کیا ہے انشاء اللہ اگر حیات مستعار باقی ہے پھر شرف قدمبوسی حاصل کرونگا اور مزید عمر و دولت کی امکن ہشدفہ مین دعا کرونگا بادشاہ نے محض ازراہ وفور شفقت منع کیا نواب نے نمانا رخصت ہوے مع عیال و رفقا و ملازمین روانہ منزل مقصود ہوے مرزا وصی علیخان اپنی طمع دنیا سے نہ گئے آخر اجماع امت سے بتحریک صاحب رزیڈنٹ شہر سے نکالے گئے کانپور آباد کیا اہلکارون کا میدان خالی ہوا۔

اس عرصے مین جرنل لو صاحب علالت مزاج سے دو برس کی رخصت لیکر کیپ گئے جرنل کالفیلڈ صاحب تشریف لائے مرشد آباد مین قائم مقام تھے سیان بھی قائم مقام ہوے شرف الدولہ سے سب مقربان خاص موافق تھے بادشاہ بھی انکی سلامت روی سے خوش تھے عہدہ وزارت نہ دیا مگر بپیشدستی مرزا ولیعہد بہادر یعنی ڈپٹی مقرر فرمایا دس ہزار ماہواری مقرر ہوئی انھون نے بہت ہوشیاری اور انضباط سے انتظام سلطنت کیا آمدنی ملک کو بھی بڑھایا ایک کرور بادن لاکھ آئے اور کچھ تغیر و تبدل ارکان دولت کیا یعنی مہاراج بالکرشن بہادر دیوان کو بسبب اپنے خلاف ہونے کے غیر متدین جانکر موقوف کیا منشی الملوک راجہ بتن سنگھ کو نظر بحسن لیاقت مامور کیا لیکن مرزا ولیعہد بہادر سے بسبب تعصب مذہب کے طرفین سے نہ بنی اور انسے بھی اطاعت انکی نہ ہوسکی بلکہ ہر امر مین انسے خلاف کرتے تھے انکی فہم سے اس امر مین سب کو تعجب ہوتا تھا مرزا ولیعہد بہادر باپ کے خوف سے صبر کرکے رہجاتے تھے موقوف بروقت جانتے تھے انکو شاید گمان یہ ہوگا کہ انتقال سلطنت اپنے نہ ہوگا۔

انتقال

انتقال حضرت ظل سبحانی

غرض برکات اعمال حسنات وخیر وبرات سے بادشاہ نے باوجود علالت وکسل مزاج اور عوارض مہلکہ ومزمنہ اعضائے رئیسہ کے بہت طریق معقول اور سلامت روی سے انتظام سلطنت کیا الحاصل حاذق بدل متوجہ دفعہ امراض رہے لیکن کچھ فائدہ نہ ہوا اور علاج ڈاکٹری سے خائف تھے ہرچند انھون نے اپنے طریق کے علاج عرض کیے اور فساد غذا سے اکثر خلل تخمہ ہوا کرتا تھا اور حسبقدر نوشجان فرماتے تھے خوشامد سے کھلانے والے عرض کرتے تھے کچھ نہین نوش فرمایا دوسرے کھانے کی تحلیل کے واسطے مشی و حرکت لازم ہر وہ نہ تھی کاشکے گاڑی پر سوار ہوا کرتے آخر اسی تخمہ سے تپ محرق ہوئی ۵ تاریخ ربیع الثانی ۱۲۵۸ھ شب سہ شنبہ مطابق ۱۸۴۲ء فردوس بین کو نہضت فرمائی ہن شریف ستر برس کے قریب ہوچکا تھا اس عرصہ مین جنرل لو صاحب بھی کیپ سے پھر آئے تھے موافق معمول نعش پر آکر روئے بہت تاسف سے انکی تعریف بیان کی دوپہر کو احتشام شاہی سے جنازہ اٹھا زیر سنہری بیج دریا مین غسل دیا حسین آباد کے چبوترے پر مجتہدین نے نماز پڑھی جنرل لو صاحب میجر پاٹن صاحب کرنل ویکاکس بیچی صاحب صف جماعت مین کھڑے ہوگئے تھے امام باڑے کے والان مین لائے قبر مین اتارا جناب سید العلمائے تلقین مین پڑھایا محمد مہدی ابن سعادت علی ہل انت آخر یہ تھا پہلوے قبر والد گرامی دفن ہوے وہ برس دن پیشتر انتقال کرچکی تھین ۲۲ تاریخ شہر جمادی الثانی ۱۲۵۷ ہجری مین۔

صاحبان رزیڈنٹ جنرل لو صاحب جنرل کالفیلڈ صاحب پھر جنرل لو صاحب جب کیپ سے آئے ہین نائب نواب وشن الدولہ نواب منتظم الدولہ ظہیر الدولہ نواب منور الدولہ ڈپٹی نواب شرف الدولہ تحصیل آمدنی ممالک محروسہ از روے داخلہ خزانۂ شاہی ایک کرور پچاس لاکھ سوائے خورد وبرد اہلکاران سرکار وناظمان ملک وراجہ وتعلقداران وغیرہ اس حساب سے تقریباً چار کرور ہر مدت سلطنت ۵ سال ۱۰ یوم۔

تاریخ فتح الدولہ مرزا محمد رضا برق ۔ دہ روز پنج سال حکومت نمودہ شد ۔

۱۲ ۵۸ھ

نقل وثیقہ حضرت فردوس منزل

عہد و میثاق فیمابین سرکار عظمت آثار ابوالفتح معین الدین سلطان الزمان نوشیروان عادل محمد علی شاہ بادشاہ اودھ و سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر خلد اللہ ملکہ معرفت کرنل صاحب بہادر رزیڈنٹ بیت السلطنت لکھنؤ در باب خدیکہ بادشاہ ممدوح بطریق قرض بصاحب موصوف مشتمل بر ہشت دفعہ۔

دفعہ اول مبلغ ہفتاد لک روپیہ سکہ لکھنؤ جناب بادشاہ ممدوح بطریق قرض موید داده اند و جناب معلی القاب اشرف الامرا نواب گورنر جنرل بہادر از طرف سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر گرفتہ اند۔

دفعہ دوم جمیع منافع برزر اصل قرضہ موید کہ شصت و ہشت ہزار سالانہ میشود این مبلغ منافع بچہار قسط مساوی حسب مقدار معینہ اسماً بمعینہ فسلاً بعد نسل و بطناً بعد بطن در وجہ مشاہرہ آنہا داده رسید آنہا گرفتہ خواہد شد۔

دفعہ سوم — آنہم صاحب [illegible] در ماہہ [illegible] شہر سالانہ [illegible]

دفعہ چہارم اگر احیاناً احدے از مشاہرہ داران مذکور یا بعد او فرزندانش لاوارث بمیرد درین صورت وجہ معینہ مشاہرہ متوفی مزبور باختیار بادشاہ اودھ خواہد ماند۔

دفعہ پنجم اگر احدے از مشاہرہ داران مذکور یا ورثہ آنہا بقلمرو سرکار کمپنی انگریز بہادر حکومت درزد صاحب رزیڈنٹ آن عمر مشاہرہ معینہ او بہانجا خواہد رسانید۔

دفعہ ششم مشاہرہ داران مذکور یا بعد آنہا اولاد و فرزندانش کہ یکے بعد از ارتحال دیگرے مشاہرہ خواہد یافت ہمیشہ مستحق لطف و مرحمت خاص از جانب سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر خواہند بود و صاحب رزیڈنٹ آن عصر را واجب و لازم خواہد شد کہ ہموارہ نسبت آنہا بشرائط تعظیم و تکریم و در امرے کہ ضرورت افتد لوازم سعی و امداد و اعانت در بارہ آنہا مرعی دارند۔

دفعہ ہفتم از انجاکہ شرف الدولہ مظفر الملک محمد ابراہیم خان بہادر مستقیم جنگ و عظیم اللہ خان بہادر معتمد و خانہ زاد قدیم بادشاہ ذیجاہ ممدوح اند بادشاہ ذیجاہ معظم الیہ

حضرت خاقان زمان امجد علی شاہ

Amjad Ali Shah,

نظر بینکہ متوسط آنہا انصرام انہیمہ امور بخوبی خواہد شد وزنہا رفتوری دران راہ نخواہد یافت شرف الدولہ بعہدہ وکالت جہت عرض حال وعروض جملہ مشاہرہ دران وگرفتن زر تنخواہ آنہا از خزانہ رزیڈنسی وتعظیم اللہ بہادر برائے تقسیم ورسانیدن زر تنخواہ مشاہرہ داران مذکور دست بدست مقرر وما مور نمودند لہذا زر تنخواہ مشاہرہ داران مندرجہ وثیقہ ہذا سعرفت شرف الدولہ بہادر از خزانہ رزیڈنسی دادہ خواہد شد وہمہ مشاہرہ داران را لازم خواہد بود کہ بتوسط اشخاص مذکور الصدر اظہار حال ووصول زر تنخواہ خود ہا مینمودہ باشند۔

وفقہ ہشتم صاحب رزیڈنٹ بہادر جناب مستطاب معلے القاب شرف الامرا نواب گورنر جنرل بہادر خلد اللہ ملکہ وارباب الوالالباب کونسل درخواست وثیقہ عہدنامہ بمضمون مرقوم الصدر مزین بمہر ودستخط جناب ممدوح نمودہ وثیقہ مزبورہ حاصل کردہ بجناب بادشاہ اودھ خلد اللہ ملکہ حوالہ خواہند ساخت۔

قرضہ سوبد امام باڑہ حسین آباد تعلق شرف الدولہ اعظم الدولہ رفیق الدولہ بہادر = لکھا ہواری لاکھ = خرچ امام باڑہ وتنخواہ داران وغیرہ فقط۔

جلوس ابوالفتح مصلح الدین شریاجاہ سلطان عادل خاقان زمان محمد امجد علی شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ

حضرت ظل سبحانی خلف ارشد حضرت فردوس منزل نے اپنی وراثت آبائے کرام پر ۶ ربیع الثانی ۱۲۵۸ھ روز سہ شنبہ مطابق ۱۸۴۲ء ۴۳ برس ۶ مہینے ۲۰ دن سن شریف مین تخت سلطنت پر جلوس فرمایا۔

جب خبر انتقال حضرت فردوس منزل پہونچی حسب دستور دولتخانہ قدیم مین منتظر طلب صاحب رزیڈنٹ سے کپتان شکسپیر صاحب استقبال کو آئے انکے ساتھ بارہ دری مین تشریف لائے جلوس فرمایا شاہزادے اقربا امرا ارکان دولت نے نذر دی ثلاث سلامی توپ منادی شہر ہوئی ساعتے تخت کے مبارکباد ارباب نشاط وغیرہ کی دھوم مچی روز سوم ابداد حسین خان جو کئی برس سے پہلے شاہزادون کی تعلیم کو نوکر ہوے تھے جب حکیم مرزا مہدی

اپنے باپ کے ساتھ روانہ کربلائے معلےٰ ہوے تھے بعد اسکے بتدریج رفیق خاص و محرم راز ہوکر داروغۂ کارو بار ہوے تا زمان ولیعہدی تنخواہ بھی بتدریج بڑھتی گئی عزت بھی بڑھی صاحب سواری بھی ہوے انھین خطاب امین الدولہ امداد حسین خان بہادر ذوالفقار جنگ خلعت ہاتھی پالکی جھالردار شمشیر ولایتی سے سرفراز فرمایا انکے مقابل اسی طرح کا دوسرا خلعت میر عنایت علی مشہور بہ موے حضرت جو داروغہ نواب ملکۂ آفاق صاحبہ تھے ابتداے سلطنت حضرت فردوس منزل سے پیشتر اسکے کابل مین نواب نصیر الدولہ کے نوکر کئی برس سے تھے وہان بھی قرابت تھی لکھنؤ سے پریشان ہوکر گئے تھے لیکن بادشاہ سے اور انسے صفاے باطن جیسا چاہیے نہ تھی مگر ہان کی خاطر سے انکا پاس کرتے تھے دوسرے امین الدولہ اور انسے ہمیشہ خلاف رہتا تھا انھین خطاب معین الدولہ بہادر عنایت ہوا اور ان دونون کو اجازت کرسی نشینی بروقت چاے پانی وغیرہ ملی اور زمرۂ امرا مین شریک ہار و عطر رخصتی ہوے ۔

بادشاہ نے ایک مہینے کئی دن کے بعد اعظم الدولہ اور داروغہ عاشق علی خان اور انکے پیشدست کو بسبب کدورت غبار ہاے زمان ماضیہ اور شکوہ ہاے درونی جو موقوف بروقت خاص سے کھے تھے موقوف کیا داروغگی اہتمام دیوان عام سے وہ موافق تحریر وثیقہ کے اسی دن دربار صاحب ریذیڈنٹ مین جاکر حاضر ہوے انکے عوض اعتبار الدولہ عطا حسین خان بڑے بھائی امین الدولہ کو خلعت دیگر مقرر فرمایا اہتمام الدولہ حیدر حسین خان جو زمان ولیعہدی سے حاضر رہتے تھے انکو انکا پیشدست کیا منشی عبد اللطیف ملازم قدیم نواب ملکۂ آفاق کو خطاب دبیر الدولہ خدمت تقسیم خزانۂ عامرہ منشی جوالا پرشاد ملازم اعتماد الدولہ کو خطاب مدبر الدولہ دستخط عرضداشت وغیرہ انکے سپرد ہوے حکیم مرزا مہدی جو پہلے جنرل مرزا سکندر حشمت کی تعلیم کو نوکر تھے نظر بقدامت خطاب حکمت الدولہ ملا اس جہت سے کہ انکے باپ یہ بھی خود طبیب تھے اور شاہزادے وغیرہ جنکی تنخواہ ہزار روپے تھی تخفیف سے چہارم سب کی کم کردی ہر چند عرض کی مقرون اجابت نہوئی ۔

طریق دربار یہ تھا کہ صبح کو بادشاہ سوار ہوتے تھے ہوا کھانیکو جب تراجت کرتے تھے

بھرتی حاضر ہوکر رخصت ہوتے تھے بعد ۹ بجے کے ۱۲ بجے تک صحبت کو اغذ ملکی و مالی وغیرہ رہتی تھی اسکے بعد داخل محلسرا ہوتے تھے وقت سہ پہر پھر مدبر الدولہ محلسرا مین حاضر ہوتے تھے اکثر امور مجوزہ انکی تجویز یا ملحظ وغیرہ سے ہوتے تھے شام کو پھر بادشاہ سوار ہوتے تھے گھوڑے پر بہت کم سوار ہوتے تھے اور نہ ایسا شوق سواری تھا فی الحقیقۃ بادشاہ امور دینداری خدا پرستی مقید صوم وصلوٰۃ من حیث الاسلام آبائے کرام سے زیادہ تھے اور بمقدمات معدلت رسانی بمقتضائے حسن عقیدت وخلوص نیت سلطان العلماء و سید العلماء دونون مجتہدین پر محول رکھے تھے مرافع شرعیہ بمقرر فرمایا اور سید با تمر بڑے بیٹے سلطان العلماء کو خطاب منصف الدولہ مہتمم عدالت دیوانی فوجداری دی تھی اور ہر سال زکوٰۃ شرعیہ جمع خزانۂ عامرہ سے مقرر فرمائی اسکی تقسیم تجویز مجتہدین رہی اگر فقط مستحقین کو ملتا تو سب سے بہتر ہوتا مگر جتنے اہلکاران ومقربان صاحب مقدور مع وزیر اعظم سب پہلے اپنا حقوق لے لیتے تھے بادشاہ اپنے عقیدۂ خاص سے مجتہدین پر اعتماد رکھے ہوے تھے پھر کہنے والا کون ایسا صاحب ایمان تھا بلکہ ایک گستاخ نے حسبۃً للہ نواب مین الدولہ سے کھلکر بتصریح کہا جواب یا مجتہدین جانین تین مرتبہ اس سلطنت مین تقریباً تین لاکھ موافق حساب نسا ور دو مرتبہ حضرت سلطان عالم کو سلطنت آخر مین آسمین سے پہلے ہی جو مقربان بادشاہ تھے انھون نے اپنا حق پہلے لے لیا جب جاری ہونے دیا پس اس صورت مین اسے کون سی زکوٰۃ کہیے آخر کو مفتاح الدولہ کہتے تھے کہ جب حضرت سلطان عالم کلکتے تشریف فرما ہونے لگے بعد خرچ اخراجات کے ۲۳ لاکھ خزانہ مین رہ گئے تھے فرمایا اس مسکوک کو مٹا کے خشت طلائی بنا کے رکھو چنانچہ وہ بھی اس سفر مین تمام ہوئین بعد اسکے بنائے مدرسہ سلطانی ہوئی یہ تجویز واختیار مجتہدین اس صورت خاص سے دو سو طلبا اور تیس مدرس خلاف دستور مدرسہ وکالج انگریزی جیسا مناسب جانتے ہین مگر میان کارخانہ بسفارش اور ہر ضلع ناظم کے پاس ایک مفتی اثنا عشری رہا کرے اسکا حال بھی سب جانتے ہین کہ وہ مفتی کس کام کے تھے اور ضلع پر کونسا کام کرتے تھے دوسرے امر عمدہ یہ ہوا کہ تکمیل رصدخانہ سلطانی ہوئی دس برس کامل مین کرنل ولکاکس صاحب مہتمم نے کاہش جان سے کتب مشاہدات کواکب حسب سررشتہ طیار

کیے چاہتے تھے الہ آباد کے مطبع مین چھپ کر مشہور ہر ولایت مین جا کر ہون سات ہزار روپیہ بھی خزانۂ شاہی سے اُنکے طبع کو ملا تھا اس عرصے مین صاحب نے انتقال کیا کرنل رچمنڈ صاحب رزیڈنٹ نے اُسکے نیک و بد و صرف سالہا سال کا خیال نہ کیا میجر بڈ صاحب کو صاحب سے سوا مزاجی ہوگئی تھی حضرت سلطان عالم کے عہد دولت مین پایہ تخفیف مین آگیا عملہ برطرف ہوگیا اٹھارہ یا اُنیس برس کا مل لکھا روپیہ صرف ہوکر نام و نشان مٹ گیا ہوا نہوا دونون برابر ہوگیا اسیطرح مدرسۂ سلطانی کا حال ہوا حضرت خلد منزل کے عہد دولت مین ہزار لڑکا داخل مدرسہ ہوا تھا فی پانچ روپے تنخواہ اور بیس لڑکون مین ایک مدرس تھا سالہا سال کے بعد وہ بھی مٹ گیا ایک طالب العلم کو نسا کہ فضیلت مآب ہوکر نکلا ہو اور جسپر اتنے تکمیل عہد دولت مین ہوئی اسکی طلب لندن سے جنت آرامگاہ نے کی تھی ہر سلطنت مین ایسے بھی نا واقفیت سے برباد کی لکھا روپیہ کی ہوئی آخر کپتان فریزر صاحب نے اتمام کو پہونچایا دو لاکھ پچاس ہزار اسکی طیاری مین صرف ہوے جگنا تھ بعلت گرفتاری خوف علاقہ و اصلباقی سرکار کہ تقریباً نو نے سہزار تھے مسلمان ہوے غلام رضا خان نام خطاب شرف الدولہ مقابل اول ثانی ہوے اس پردہ اسلام سے زر باقیات پر پانی پھر گیا اور کاروبار خدمات سلطانی مع علاقۂ حضور تحصیل وغیرہ بظاہر امانی و درحقیقت اجارہ عنایت ہوا اسکے بعد شرف الدولہ محمد ابراہیم خان کے موقوف کرنے کی فکر ہوئی ایک تو تعصب مذہب دوسرے بڑے صاحب کے خوف صلاح صوابدید اور بہادر موصوف نے بھی بادشاہ سے کسی طرح صفائی دنیاداری بھی نباہی تھی۔

متصوبی نواب امین الدولہ بسبب شہرت پیشدستی یعنی ڈپٹی اور موقوف ہونا شرف الدولہ کا

الغرض جب دو مہینے کئی دن شرف الدولہ محمد ابراہیم خان کو اسی شش و پنج مین گذرے اور یقین اپنے موقوف ہونے کا تھا اور یہ بھی جانتے تھے کہ صاحب رزیڈنٹ امر خانگی جانکر تحریک صوابدید نکرینگے جب صاحب رزیڈنٹ کو یہ خیال آیا کہ بادشاہ انکو خواہ نخواہ موقوف کرتے مگر خیال میرے صواب دید کے تامل کرتے ہین اسکو کھول دینا چاہیے اس جہت سے ایک مرتبہ گیند خانۂ حسین آباد مین دوسرے دلکشا مین کسی حیلۂ ظاہری سے عمداً ملاقات کی

متعلقہ صفحہ ۳۷ جلد اول

نواب امین الدولہ

Ameenoodoulah

نمبر ۳۱

اور بالمشافہہ فرمایا کہ یہ امر خاص محول بخوشی بادشاہ ہی ہم اسمین کبھی مداخلت نکرینگے جب آپ مزاج صاحب معلوم ہوچکا اسکے بعد یازدہم شہر رجب روز پنجشنبہ دوپہر کو بعد برخاست کا غسل نواب امین الدولہ کو خلعت پیشدستی عنایت ہوا شرف الدولہ اس سے پیشتر سمجھکر رخصت ہوکر گھر چلے گئے تھے اور خطاب کامل یہ ہر رکن رکین خلافت وجانداری اعتضاد سلطنت و شہریاری زبدۃ الامرا مدار المہام وزیر الممالک امین الدولہ عمدۃ الملک ابدا دحسین خان بہادر ذوالفقار جنگ یار وفادار سپہ سالار فدوی خاص جان نثار محمد امجد علی شاہ بادشاہ خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ ان کے پیشدست دُپٹی نواب اکبر علیخان بیٹے نواب میر ولہ حیدر بیگ خان مرحوم محض تجویز خاص بادشاہ ہوے اور عہدۂ دیوانی مشیر الدولہ مؤید الملک مہاراجہ بالکرشن بہادر حسارت جنگ کو گھر سے طلب فرماکر خلعت سے سرفراز کیا اور منشی الملوک اجیرتن سنگھ کو بسبب ساخت وپرداخت شرف الدولہ کے موقوف کیا نواب امین الدولہ کے واسطے نواب ملکہ آفاق کے مکنون خاطر یہ تھا کہ اگر وزارت انھین نہو تو کاشکے سفارت رزیڈنٹ ملجاے جس سے دابو وزارت پر ہوجاتا ہی بلکہ یہ اول زینہ وزارت ہی مثل مہیر الدولہ لیکن بادشاہ نے انھین فقط بشورۂ مہمات سلطنت پر رکھا نظامت خیرآباد ایک رسالہ سوارون کا اور ایک پلٹن نجیب آنکے بیٹون کو دی اسی باعث سے ان دونون رکن سلطنت مین صفاے قلبی بلکہ ظاہری بھی نہوئی ہمیشہ چوٹ چلتی رہی اسکے سوا نواب امین الدولہ بڑے صاحب نصیب تھے ایک میر احمد علی بیٹے میر حیدر علی پہلے نواب اور انمین دوستی از صد ہوئی برادر حقیقی سے زیادہ وہ ولیعہدی مین داروغۂ دیوانخانہ ہوے تھے بادشاہ سے اور انسے ایسی موافقت ہوئی کہ نواب صاحب آنسے خار کھانے لگے اب موافقت شروع ہوئی جڑ طرفین سے چلنے لگا نواب صاحب کی افسردگی ومایوسی اپنے واسطے بڑھنے لگی آخر ایک جڑ کا مل ایسا پڑا کہ معلوم نہین کس طریق سے کہ میر احمد علی شہری ہوگئے دربار سے نکالے گئے چند روز کے بعد ایسا انھین خوف غالب ہوا نواب کی طرف سے کہ ایک دن ننگی تلوار لیکر کنوین مین کود پڑے اور وہان تلوار اپنے ہاتھ سے پیٹ مین مار کر مرگئے پس اگر وہ جیتے ہوتے کچھ تعجب نہ تھا کہ بادشاہ انھین کو وزیر کرتے یہی دنیا کا انقلاب ہی۔

دستور معظم نے مرزا وصی علی خان جنھین شرف الدولہ نے بتحریک بٹے صاحب مرحوم کانپور کیا تھا وہ پوشیدہ شہر مین آکر نواب صاحب کو اپنا سبز باغ دکھا چکے تھے نواب صاحب نے بھی مرد کارگزار زمان نواب مغفور الدولہ جانکر بانشاء اللہ امیدوار کیا تھا انھین خدمت دیوانخانہ وزارت دی بعد اسکے نواب نے اپنے عزیز اقربا دوست قدیم کو پالن نجیب دین آئین بھی صورت فائدہ سب طرحسے ہوتی تھی دگرنہ کمیدانی کا مواجب سو روپیہ تھا پھر نواب نے محمد خلیل الدین خان کو جو کاکوری مین خانہ نشین تھے شرف الدولہ نے انھین بھی صاحب ارادہ سمجھکر دربار سے موقوف کردیا تھا فقط سو روپیہ کا پنشن سرکار سے ملتا تھا بادشاہ سے عرض کرکے پانسو روپیہ کا نوکر رکھوایا بادشاہ نے پہلے داروغہ صدر امانت کیا اور اخبار ملکی آنکے بڑے بیٹے رشید الدین خان کو دی میر حسن علی لندنی کو فقط برکت سفر لندن اور پیر کہن سال سمجھکر عہدۂ سفارت رزیڈنٹ پر مامور کیا وہ کانپور سے داک مین چلے آئے فقط ایک متصدی سرکار کی سفارش سے کہ لندن ہو آئے ہین زبان انگریزی جانتے ہین اسکے پیشتر نواب سے کچھ تعارف نہ تھا بادشاہ بھی اسقدر واقف نہ تھے غرض کئی مہینے کے عرصے مین یہ سب کاروبار سلطنت حسب تجویز بادشاہ درست ہوے ۔

استقبال ہز اکسلنسی جنرل ناٹ صاحب بہادر

جب جنرل لو صاحب والۂ ولایت ہوے کپتان شکسپیر صاحب انکے برادر نسبتی قائم مقام ہوے نواب گورنر جنرل بہادر نے ہز اکسلنسی جنرل ناٹ صاحب بہادر کو رزیڈنٹ لکھنؤ مقرر فرمایا جب وہ فتح قلعۂ قندھار اور غزنی سے پھرے تھے اس جلدو مین مامور ہوے حسب الحکم شاہی نواب امین الدولہ مہاراجہ بالکرشن بہادر وغیرہ اعزاے ملازمین شاہی بہت تکلف جلوس سواری سے سڑک جدید سے رحمت گنج تک استقبال کو گئے ۔

نواب امین الدولہ ایک دن پیشتر داخل لشکر ہوے اسکی صبح کو جنرل بہادر پہلے اپنے

خیمے مین اُترے اور اپنے استقبال کو لشکر سے بڑھکر منع کر دیا تھا توپ سلامی کی چلی بعد ایک ساعت کے ۹ بجے اُسی لباس سفر سے خیمۂ نواب مین تشریف لائے ایک بٹیا دو بٹیالان ناکتخدا ساتھ تھین کپتان ہالنگس صاحب بحکم رزیڈنٹ رہبری کے واسطے گئے تھے حاجیان خاص سے کپتان فرزیر صاحب بحکم بادشاہ گئے تھے دستور معظم نے لب فرش سے استقبال کیا بعد معانقہ کے خیمے مین تشریف لائے فقط چاے پانی ہوا سامنے ناچ ہونے لگا جنرل صاحب کے حقۂ پیچوان کے برابر نواب صاحب کا بھی حقہ لگا ہندوستانیون مین مہاراج مولوی خلیل الدین خان محفوظ علیخان گرسیون پر میر حسن علی نواب وجنرل کے پیچھے بیٹھے راجہ غالب جنگ دو تین اور اشخاص پیچھے نواب کے کھڑے ہوے اور ایک یہ بندۂ مولف کتاب نواب صاحب اپنے ساتھ لے گئے تھے پہلوے میز مین کھڑا تھا مرزا دصی علیخان اہتمام کرتے تھے باتین تعارفات کی جنرل صاحب کرتے رہے میر حسن علی اُسکا جواب انگریزی مین دیتے تھے بعد ایک ساعت کے یہ صحبت برخاست ہوئی لب فرش تک مشایعت کی عطر لارگوشہ دیا توپ سلامی کی چلی۔

بعد اسکے نواب گاڑی پر سوار ہو دو کوس لشکر مقابل رحمت گنج جاکر نوابگنج کی بنیاد ڈالی کپتان فرزیر صاحب ساتھ تھے بندہ کو سید وزوار سمجھکر تھوڑی سی زمین کھدوا کر پانچ روپے رکھکر پانچ اینٹین رکھدین وہان سے پھر آئے نصف شب تک صحبت ناچ رہی اسکی صبح کو نی مین آئے بعد زوال شمسی روانہ لکھنؤ ہوے پہلے حاضر حضور ہو کر داستان سفر عرض کی دوشالہ رومال کا خلعت ہوا۔

جنرل صاحب بہادر گاڑی چار اسپہ شاہی پر سوار داخل دلکشا ہوے صبح کو بادشاہ نے استقبال کیا نصف راہ مین ملاقات ہوئی شاہ منزل مین چاے پانی ہوا پار رمنہ مین فیل جنگی ہوئی دس بجے رخصت ہوے داخل کوٹھی رزیڈنٹی ہوے بعد اسکے دو دن اور دو رات طرفین سے بدستور سابق ملاقات ہوئی بعد کئی مہینے کے جنرل صاحب نے دوسری شادی کرنل ولکاکس صاحب کی بی بی کی سگی بھانجی سے کی۔

معزول ہونا نواب امین الدولہ کا پیشدست نواب معین الدولہ وغیرہ

دستور معظم سرگرم مہمات سلطنت تھے نواب اکبر علیخان ڈپٹی اور انکے بیٹے اصغر علی خان رنج مرسنجان افغان وغیران سب اہلکارون سے دبے ہوئے کاروبار کیے جاتے تھے کہتے تھے کہ ہمنے ایک کرور بائیس لاکھ نقد داخل خزانہ کیے تھے مگر کوئی اہلکار انکا دباؤ نہ مانتا تھا آخر اکبر علیخان کچہری مجلسرائے وزارت مین دفعۃً مرگ مفاجات سے مرگئے چندروز تک اصغر علیخان بدستور بحال رہے کچھ کام کیے جاتے تھے لیکن آہستہ خرام بلکہ محرام اس مدت مین بہت دیانت سے کام کیا کچھ فائدہ نہین ہوا اور درونی اور بیرونی چاشت خوردن کو کہان سے فائدہ ہوتا آخر ان وجوہات سے موقوف ہوے ـــ

نواب نے سید قطب الدین حسین خان کو مرد سن گرم وسرد زمانہ دیدہ جانکر ڈپٹی کیا انکے واسطے بھی وہی صورت پیش آئی اس عرصے مین کچھ رسوخ واعتماد باغ سبز نواب معین الدولہ کا نظر اقدس مین اثر کرگیا اور جناب عالیہ نواب ملکۂ آفاق نے بھی بہت سمجھایا کہ وسوسۂ خاطر جو انکی طرف سے تھا کچھ کم ہوا امین الدولہ کی طرف سے مظنۂ خیالی بڑھنے لگا اور بادشاہ کے روبرو دہرامرمین مکابرہ ومناظرہ ہونے لگا اور مقربان محل بھی جو امین الدولہ سے چلے ہوے تھے لگانا بجھانا شروع کیا جب بادشاہ معہ ملاحظہ کاغذ داخل مجلسرا ہوتے تھے یہ دونون وردولت پر جناب عالیہ سے ساری کیفیت دربار رپورٹ کیا کرتے تھے اور صاحبات محل کا بھی ہرامر مین رسفارش کھلا ہوا تھا اور طمع ہر ایک کو اخذ زر کی تھی اب نواب اندر اور باہر کے دام پیچ مین پھنس گئے اور کسی طرح اپنی عافیت نجات نہ دیکھی لاچار ہوکر نواب معین الدولہ کو ڈپٹی کیا اس خیال سے کہ کسی طرح یہ آتش افروزی کم ہوجاے بظاہر دونون مومنین صادقین مین عہد ومیثاق ہوا جسطرح اہل دنیا اپنی غرض پر کرتے ہین چندروز یہ بھی صورت مثل جاب رہی آخر وہ موافقت مبدل بہ نفاق ہوئی نواب سے کچھ نہ بن پڑا سوا اسکے کہ تنگ ہوکر مستوفی ہوجائین چنانچہ ایک دن استیفا لکھکر معین الدولہ کو دیا انھون نے خوب لون مرچین لگاکر بادشاہ کو گذرانا منظور ہوا جب میدان خالی ہوا معین الدولہ اور مقربان محل کی بن پڑی مرزا وصی علیخان نے اپنی رسائی سے معین الدولہ سے موافقت دنیا پیدا کی ان کے

بدار المہام ہوگئے گویا انھین کے ہمیشہ سے متوسل تھے احکام دیوانخانہ جاری کرنے لگے ۔

صبح روز سہ شنبہ یازدہم شہر ذیقعدہ ۱۲۵۹ھ نواب امین الدولہ نے اپنی بیگمی سے پوشاک دربار طلب کی باہر اہل دربار بجرئی سب حاضر تھے دفعتہ مرزا وصی علی خان نے آکر عرض کی کہ رات کو حکم بادشاہ پہونچا معین الدولہ کو کہ امین الدولہ بے اجازت سوار نہون مین نے عرض کیا کہ رات کو انھین کا ہیکو خواب راحت کا خلل انداز ہون صبح کو تبلیغ رسالت ہو جائیگی اسکے بعد عرض کیا مین آپ کی رفاقت مین حاضر ہون فرمایا تمہیر عافیت تنگ ہو جائیگی مناسب وقت یہی ہے کہ تم معین الدولہ کے پاس ہو اور میرا اسباب ذاتی کچہری وزارت سے بھیجدو غرض جب مرزا صاحب سوار ہو کر درد ولت پر چلے اتفاقاً بندہ بھی ملاقات نواب کو گیا تھا مین بھی مرزا صاحب کے پیچھے پنہیں کے تھا سبکو معلوم ہوا کہ نواب صاحب خانہ نشین ہوے فقرا و مساکین جو تحسین گنج سے در دولت تک آس لگا کر بیٹھتے تھے اتنی دور مین پانچ روپے خیرات ہوتے تھے وہ سب بیچارے مایوس ہو کر اٹھ گئے ۔

دوسرے دن چوبدار سلطانی خزانۂ عامرہ سے تنخواہ نواب لاکر دیگیا تیسرے دن بادشاہ کو پرچۂ اخبار گذرا کہ نواب نے مفارقت قدم مبارک سے کھانا نہین کھایا ہے بادشاہ نے خوان اولش اور ایک پرچہ پر ایک سطر سے دستخط فقط مرقوم بیاورمرا بخورید اور ایک چاری مربا بھی عنایت فرمائی اور فرمایا کہ منصوبی و معزولی ہماری مرضی پر موقوف ہے تم باطمینان اپنے گھر مین بیٹھے رہو نواب نے اسکا ادلے شکر کیا اور جانا کہ بادشاہ کو میرا اتنا خیال ہر گز خاطر ہے اب جان میری دشمنون سے بچے گی پھر نواب نے عرضداشت اپنے قیام و داب کے واسطے بھیجی کہ اب خانہ نشینی مین اسکا خرچ مجھپر بار ہے امیدوار ہون یہ سب فضل و داب سرکار ہو ارشاد کیا کیا تم پھر سوار ہوگے اس ارشاد سے زیادہ تقویت ہوئی کہ انشاء اللہ پھر میری طلب ہوگی مگر اپنے گھر سے باہر نہ آتے تھے اور نہ کسی سے ملاقات کرتے تھے الا اس مؤلف کتاب سے تحریر رہتی تھی یا ہر مہینے کی تیرھوین کو مجلس امام باڑہ راجہ جھاؤ لال مین شب کو ملاقات ہوتی تھی اور کبھی بعد نماز صبح عمارت امین آباد کی دیکھنے کو آتے تھے بادشاہ کو چھ لاکھ روپے قبل از خانہ نشینی گذرانے کہ یہ حضور کی بدولت حاصل ہوا ہے یہ مال سرکار ہے اپنی دیانت اور امانت

ظاہر کی حالانکہ تین لاکھ علیحدہ رکھ لیے تھے آسمین سے بادشاہ نے لاکھ روپیہ تعمیر عمارت کو عنایت فرمائے نواب نے معرفت مرزا حمید شکوہ شاہزادے کے تائیس ہزار روپے کو ساری املاک مرزا سکندر شکوہ شاہزادۂ مرحوم کی خریدی اُسپر کئی لاکھ اپنے خرچ کرکے دکانین اور محلسرا بنوائی معرفت منشی ظہیر الدین کے تعمیر ہوئی جب بادشاہ نے دیانت امین الدولہ کا ذکر صاحب رزیڈنٹ سے کیا جواب پایا کہ اگر وہ مال سرکار کو بڑھاتے تو اس سے زیادہ امانت ثابت ہوتی مگر اس دینے مین احتمال شق ثانی بھی ہی۔

منصوبی نواب منور الدولہ و تسلط تام نواب معین الدولہ وغیرہ

جب میدان اغیار سے صاف ہوا چند روز تک نواب معین الدولہ باطمینان بلا شرکت غیر بقبال ہوکر کارفرما رہے لیکن بذات خود جرأت اختیار وزارت نکر سکے اس جہت سے دوسرے مالدار دنیا کو تاکا اور اگر خود صاحب ارادہ و قوت ہوتے تو دوسرے کی احتیاج نہوتی آپ خود اسکا مصالحہ جمع کرلیتے۔

نواب منور الدولہ جو حضرت فردوس منزل سے اور بظاہر ہاتھ سے ابناے دنیاے دون سے رخصت حصول عافیت کو بزخصت گئے تھے چار برس کے بعد بہت کچھ مال دنیا صرف کرکے پھرے آگرے مین نواب گورنر جنرل سے شرف ملازمت حاصل کرکے بہت خوشی اور باطمینان فرمان فردوس منزل کانپور سے بے طلب شقہ خاص بادشاہ رحمت گنج مین مقام کیا لیکن بیخبر تھے اپنے نمک پروردۂ قدیم سے کہ وہ پیشتر انکے داخلہ سے احرام پر کمر بندہ چکے تھے نواب امین الدولہ کو کچھ نشیب و فراز سمجھا کر ایک شتر سوار سریع فرمان شاہی بھیجا کہ تم بے اجازت حضور قصد داخلہ لکھنؤ نہ کرنا پھر جاؤ بجز دیہو پہنچنے حکم قضا شیم کے جیسے سب حجاج خوش تھے کہ بعد اس مدت کے ہم اپنے عیال سے ملین گے مایوس ہوکر پھر کانپور گئے نواب اُسی وقت رات کو سوار ہوگئے۔

بادشاہ نے اُسی دن نواب امین الدولہ کو سررشتۂ پیشدستی سے خلعت وزارت اور صاحب دستخط کردیا نواب سے اہل دربار عاقبت اندیش نے دولتخواہی اور امر دینی سمجھکر

نواب منور الدوله

Monuv e roodo vlu h.

عرض کیا کہ آپ نے مغویون کے بھگانے سے قافلہ حجاج کو حالت یاس مین پھیر دیا اسکا آل اچھا نہ ہوگا اگرچہ نواب منور الدولہ کو بھی لازم تھا کہ ایک خط دوستانہ تہنیت وزارت کا آپ کو لکھتے تو غالب ہے آپ بھی کچھ نفسانیت نفرماتے جواب طلب کا لکھتے اس سے رفع توہمات طرفین سے ہوجاتے انھون نے بھروسا اپنی قدامت اور فرمان اور ملاقات نواب گورنر جنرل کیا۔

محجاج صالحین نے جب بحضور قلب عاکی منعم حقیقی نے بلبیک اجابت فرمائی اور زمانہ مستعار نواب معین الدولہ سے موافق ہوا یہ سمجھے کہ منور الدولہ بذات خود بے طمع ہین اور بہت مالدار ہین ایسا قوت بازو کہان ملیگا بادشاہ سے انکی دیانت وامانت اور مقدور اور مقبول گورنمنٹ عرض کیا بہرصورت سمجھا کر فرمان طلب بھجوایا چنانچہ روز جمعہ عید موسنین ہر منور الدولہ نواب معین الدولہ مع میر باقر تاجر پہلے عنایت باغ مین آئے انسے بھی عہد و میثاق مثل اہل دنیا ہوا بعد اسکے اپنے ساتھ بحضور بادشاہ دیلگئے کھچڑی یا مصالحہ پک چکی تھی خلعت وزارت سے سرافراز ہوے دونون انحوی مقامی ہوے جنرل پالک صاحب کے پاس دونون باہم گئے نذر دی معین الدولہ ڈپٹی ہوکر کارفرما رہے بہت زور شور سے متوجہ کار ہوے اب زیڈنٹ کے پاس باتفاق جانے لگے کہ پردہ حجاب مغائرت فیما بین نرہے۔

مرزا وصی علیخان نے جب اتحاد انحوی مقامی دیکھا خائف ہوکر معین الدولہ سے رخصت لیکر کانپور چلے گئے ہرچند معین الدولہ نے رفع شک کیا تشفی خاطر کی نمانا اپنی خوف آبرو سے چلے گئے سمجھے کہ اب صورت حاصل بھی نہوگی مبادا دشمن کمین مین ہو شاید کوئی افتاد ایسی پڑجاے کسواسطے منور الدولہ کے سب کئے بھوکے ہین انسے لقمہ رفاہ کب بچیگا غرض سپاہی معین الدولہ ساتھ لیکر گئے منور الدولہ نے علی حسین خان رفیق قدیم کو اپنے دیوانخانہ کا داروغہ کیا۔

جب منور الدولہ کے اہلکاران مفلس نے دیکھا کہ اس موافقت انحوین کنعانی سے ہمین کا ہیکو فائدہ دنیا حاصل ہوگا اب جگ کو توڑنا چاہیے چنانچہ رفتہ رفتہ رشتہ اتحاد عہد و میثاق کو جو بہت چست ہورہا تھا ڈھیلا کرنا شروع کیا تاکہ الجھکر اسمین گتھی ریشم کی پڑجاے اسکی صورت یہ ہوئی کہ جنرل پالک صاحب نے منور الدولہ کے سمجھانے سے بادشاہ سے

معین الدولہ کی کارفرمائی خیرخواہی کی بہت تعریف کی بادشاہ کو یقین ہوگیا اپنے فہم سے کہ یہ رزیڈنٹ سے موافق ہوگئے ہین پس یہ نقش کالحجر ہوگیا ہفتہ عشرہ نہ گذرا تھا کہ انھین معطل و خانہ نشین کیا اور عتاب سلطانی ہوا پھر صاحب رزیڈنٹ کیونکر سفارش کر سکتے بظاہر حیلہ محاسبۂ نظامت خیرآباد مین گرفتار ہوے گھر پہ پہرے آگئے اب مون صاحب کو بجاے مار سمجھے۔

جب منورالدولہ کا جگ ٹوٹا کاندون کے پو بارہ ہوے بلاشرکت غیرے کارفرما ہوے مرزا ابوتراب خان اپنے داماد کو ڈپٹی کیا منشی میر باقر علی کچہری وزارت کے منشی سرزا بندہ علی بیگ منصرم حکیم میر محمد و میر علی دونون بشیر خاص طرفہ یہ ہوکہ ان سب مین آپس مین ناموافقت مگر نوابصاحب یہ نہ سمجھے کہ جب جگ ٹوٹ کر پو اکیلی رہجاتی ہرا سکا مانا بہت آسان ہوجاتا ہو کئی مہینے تک احتمان و خیزان کچھ کام چلا مقربان اندرونی خاقانی جنھین ایک کوڑی کا فائدہ نہوا کہنے لگے انکی نسبت امین الدولہ کیا بُرے تھے اسکی وجہ یہ تھی کہ جو شخص خود نہ کھائیگا وہ کسیکو کاہیکو کھانے دیگا اسی خوف سے کاندون کے ہاتھ بھی واجبی لگا جب یہ صورت خلاف پیدا ہوئی بعض عاقبت اندیشون نے نواب کو تہ دل سے سمجھایا کہ جو لوگ اندر باہر کے چاشت خور لقمۂ حرام کے ہو رہے ہین لقمۂ دہن سگ سمجھکر دینا مناسب ہو آپ تکیہ خود جرنل پالک صاحب پر رکھتے ہین یہ تکیہ کچھ کام نہ آئیگا نوابصاحب اپنی دیانت اور امانت پر رہے کہ مجھسا کارندہ مفت جسنے تنخواہ تک نہین لی بڑے صاحب حامی و مددگار ہین میرے موقوف کرنے مین بادشاہ سے صاحب سے بگڑ جائیگی فی الحقیقت صاحب نے حمایت چاہی مگر کچھ نہوا۔

موقوفی نواب منورالدولہ اور پھر منصوبی نواب امین الدولہ وغیرہ

القصہ بادشاہ کو بے نواب امین الدولہ کے ایک دقیقہ برابر ایک سال کے گذرتا تھا کسواسطے کہ چودہ برس کی حق قدامت رکھتے تھا اور سبز باغ جو نواب معین الدولہ نے دکھایا تھا اسکی سیر سے بھی دل بھر چکا تھا بلکہ بے ثمر پایا تھا آخر روز پنجشنبہ دہ آخر جمادی الثانی وقت عصر باہتمام الدولہ حیدر حسین خان کو بھیجکر نواب امین الدولہ کو یاد فرمایا اور اُسی وقت خلعت

وزارت سے سرفراز فرمایا اور اس سے پہلے اہتمام الدولہ کو بھیجکر نواب منور الدولہ سے سکۂ مہر وزارت منگوا بھیجا تھا اسی وقت نواب منور الدولہ نے گھبراکر جنرل پالک صاحب سے عرض حال کیا کہ بادشاہ نے امین الدولہ کو بلوایا ہو غالب ہو کہ خلعت وزارت دین صاحب نے انکی بہت تسلی کی کہ بے ہماری صلاح بادشاہ نہ کرینگے آپ خاطر جمع رکھیں ادھر بادشاہ نے میر حسن علی سفیر سے صاحب کو کہلا بھیجا کہ ہنے امین الدولہ کو بلوایا ہو خلعت وزارت دینگو صاحب نے فرمایا کہ ہم ہفتہ کو حضور میں آئینگے جیسا مناسب وقت ہوگا بالمشافہہ عرض کرینگے بادشاہ نے اسکا جواب کہلا بھیجا کہ مجھے آج کے خلعت دینے کو استخارہ خوب آیا ہے اسواسطے خلعت میں تامل نہیں ہوسکتا کہ یہ موافق ہمارے عقیدے کے کونسل خدا ہی صاحب بھی امور خانگی سمجھکر چپکے ہورہے ادھر منور الدولہ کا کام تمام ہوگیا وہ سب توقع و بھروسا خواب پریشان ہوگیا۔

مدبر الدولہ مشیر خاص نے پہلے اصالۃ چشمداشت وزارت میر حامد علیخان داماد اعتماد الدولہ کے واسطے تجویز کی تھی اور وہ اسی امید پر شاہجہان آباد سے لکھنؤ مشیتر سے آچکے تھے چنانچہ ایک دن باریاب شرف ملازمت بھی ہوے انکی وضع ظاہری چرب زبانی مطبوع خاطر اقدس نہوئی اس جہت سے انھیں اس منصب جلیلہ سے محروم فرمایا مگر مدبر الدولہ کے سمجھانے سے جسدن نواب امین الدولہ کو خلعت وزارت ہوا میر حامد علیخان کو خلعت پیشدستی عنایت فرمایا یہ امر پہلے طے ہوچکا تھا ورنہ کیا عجب تھا کوئی اور امین الدولہ کے تجویز ذہنی ہو جاتا مگر نواب کو اپنا ہونا غنیمت ہوا دوسرے کی فکر کون کرتا اس جہت سے چپ ہورہے کہ آگے وقت اپنے تسلط کے سمجھ لینگے۔

جب کپتان شکسپیر صاحب لکھنؤ سے تشریف فرما ہوے مرزا وصی علیخان کانپور سے لکھنؤ آئے کسواسطے کہ جنرل و صاحب نے انھین بہت بُرا سمجھکے حضرت فردوس منزل سے کہکر شہر سے نکلوا دیا تھا پھر نواب منور الدولہ کے خوف سے از خود گئے تھے مگر شہر مین پوشیدہ رہتے تھے جب دوبارہ نواب امین الدولہ کو خلعت وزارت ہوا روز جمعہ بے طلب امیدوار عہدۂ قدیم مجلس اے کچہری وزارت مین چلے آئے نواب نے اپنے سامنے نہ بلایا

بلکہ محلسرا سے نکلوا دیا کئی مہینے تک مرزا صاحب ارکان دولت کی موافقت کے تجسس مین سرگردان رہے آخر معرفت حفیظ الدولہ مولوی میر باقر علی اُستاد نواب وسفیر شاہی اپنی صفائی کرکے پھر دربار مین آنے لگے پھر ایک سیر باغ دکھا کر خدمت دستکات و اصلباقی عمال پر مامور ہوے دو سو روپیہ دراہ ہوا۔

شیخ احمد بخش رئیس شیخ زادہ لکھنؤ نواب کی پہلی نیابت مین ناکام بلکہ زیر بار رہو کر رہے تھے نواب نے اُنھین داروغۂ دیوانخانہ کیا شیخ اکبر علی اپنے داماد کو اُنھون نے اپنا پیشدست کیا شیخ صاحب نے بمقتضاے اپنی شرافت و نجابت کے تاحین حیات نواب کی رفاقت سے ہاتھ نہ اُٹھایا ہر چند نواب علی نقی خان نے اپنی وزارت مین بلوایا مگر یہ اپنی وضعداری سے نہ گئے عذر کیا کہ پھر آپ کو ہمسے کیا توقع ہوگی دُنیا چند روزہ ہے لیکن نواب نے اپنی قدرشناسی سے اُنپر یہ احسان کیا کہ اکثر لوگون نے انکے دیہات زمینداری پر درخواست اضافہ کی دی مگر قبول نہ کیا نواب امین الدولہ بعد اپنی معزولی خانہ نشینی مین کچھ اعانت خرچ کی کرتے رہے آخر انھین کی رفاقت مین مر گئے اور خدمت دیوان خانہ مین نسبت مرزا وصی علیخان کے بہت نیکنام رہے۔

لیکن باوجود اسقدر اہتمام و انتظام کے امور سلطنت اور تغیر وزرا بادشاہ کے خاطر خواہ صورت اصلاح دوام باستقلال کسی سے نہ نکلی اور ہر وزیر سے کھٹکا بھی رہا اسی واسطے آمدنی ممالک محروسہ کو ہر تیرھوین ماہ کو بحساب پورنماشی ہندی قسط تیرہ لاکھ روپیہ کی ذمہ وزیر کے مقرر فرمائی کہ عمال سے وصول کرکے داخل خزانہ کیا کرین وگرنہ نارسا ہو کر موقوف ہو جائین گے چنانچہ سال کی دس قسط ہوتی ہین جسکی جمع ایک کرور تیس لاکھ ہوئی مگر اس تاکید شدید پر بھی کبھی خزانہ مین ایک کرور بائیس لاکھ سے زیادہ داخل نہ ہوے باقی منجملہ تقاوی رسیدات وغیرہ لی جاتی تھی لیکن یہ صورت بھی زیادہ ایک سال سے نہ چلی ہر چند نواب امین الدولہ اپنی سرخروئی کے لیے اکثر محلات بادشاہ سے قرض لیکر قسط کو پورا کر دیتے تھے بادشاہ کی آخر ہر مہینے تاکید ۱۳ کی شروع ہوتی تھی وجہ اسکی یہ تھی نذرانے سب کے موقوف ہوتے تو توفیر مال سرکار ہوتی چھوٹے بڑے کا نذرانہ تھا

اسکا علاج کیونکر ہوتا۔

اس عرصے مین سعید الدولہ علی محمد خان بہادر بیٹے میر بندہ علیخان فرمی سن نواسے اکرام اللہ خان جنکو خدمت اخبار ملکی اور صدر امانت تھی انکی خواہر محترمہ مقرب بادشاہ تھی انکی سفارش سے پیشدستی نواب ملی ہرچند نواب سے شکسپیر صاحب نے بصلاح فرمایا کہ ہم بسفارش میر حامد علیخان نہین کہتے مگر آپنا ہم جانتے ہین کہ یہ مرد چالاک وغیرہ متدین ہو اپنی منفعت کو مقدم سمجھے گا اور تمسے بھی نہ بنیگی اس جزئیات مین تمھین اختیار ہی آخر وہی صورت پیش آئی اور نواب صاحب کھلکر سفارش مقربان محل کیا کرتے کہ مین نے بمجبوری انھین کیا ہی۔

فی الحقیقۃ اس شخص کی معاملہ فہمی کارگذاری شفقت کشی جودت طبیعت تھوڑیسی ہمت مین کچھ شک نہ تھا لیکن عجلت اخذ منفعت خود اور بیباکی اور بیمروتی سے بناکام بگڑ جاتا تھا اسی جہت سے مردم آزاری زیادہ کی دعاے غربا سے مومنین جلد مستجاب ہوئی کئی مہینے تک اپنا باغ سبز دکھایا آخر لوگ تنگ آئے کچھ معاملات سے فائدہ دنیا ہوا پھر نواب سے بگڑی اور خواہر محترمہ سے بھی نہ بنی قید ہوے بعد اسکے نواب فارغ البالی سے کام کرنے لگے نواب نے ارکان دولت بیرون سے آشتی و موافقت چاہی کسی سے صفائی نہوئی سب سے زیادہ مہاراجہ بالکرشن بہادر تھے انسے بظاہر صفائی رہی اور خوف بھی لگا رہتا تھا کہ یہ کلید حساب ہین اور کسی کو انکے مقابل امور نہین کر سکتے تھے کہ میری بھی قلعی کھلجائیگی مگر جانکر طرح دیتے تھے۔

اس عرصے مین ڈیوڈسن صاحب بہادر رزیڈنٹ ہوے انکی نازک مزاجی اور تیزی مزاج سے ہر شخص خائف رہنے لگا چنانچہ طامس میر جو سر دفتر تھا اُسے بوجوہ معطل کرکے فلپ کو اکبرآباد سے بلا کر امور کیا لیکن اتفاقاً نواب سے موافقت ہوگئی تھی اسکا سبکو استعجاب تھا چنانچہ جب صاحب لکھنؤ سے جانے لگے گاڑی چاہا۔ اسپہ اور ظروف نقرہ میز وغیرہ تقریباً سات ہزار روپے کو نواب نے لیے اور جب نواب نے بادشاہ سے خرید کو عرض کیا تھا نہ لیا سمجھے کہ رزیڈنٹ اگر رہتے تو مضایقہ نہ تھا جس طرح جنرل ناٹ صاحب کے سالے کی گاڑی وغیرہ مول لی تھی انھین قیام ہوا تھا کسی گوینده نے صاحب سے بھی اسے

تصریح کہدیا تھا چنانچہ صاحب نے بطور شکایت نواب سے بھی یہ فرمایا تھا مگر ان کے ممنون و شکور رہے۔

خلاصہ جب عشرۂ محرم مین خبر فتح لاہور آئی صاحب نے میر حسن علی سفیر سے فرمایا کہ توپ کی سلامی ہوا سے تبلیغ رسالت مین کچھ خلاف مزاج صاحب سرزد ہوا برہم ہوکر کہا انھین عہدۂ سفارت سے موقوف کرو اور پھر تاکید تمام سلامی توپ کو کہلا بھیجا عذر عشرۂ محرم نہ مانا ہر چند کہ یہ امر خلاف حکم شاہی تھا رات کو توپ سلامی کی چلی جب میر صاحب موقوف ہوے ہر شخص مقرب کو حوصلہ اس عہدۂ جلیلہ کا ہوا مگر نواب نے مولوی میر باقر علی کو اپنا استاد مرد مسن سمجھکر مامور کیا حفیظ الدولہ خطاب ملا چند روز مین خود نواب صاحب از راہ شکایت فرماتے تھے کہ یہ مثل دیوار کہنہ ہین مین اصلاح کاہ گل انپر کیا کرتا ہون کہ واسطے کہ مدت عمر سے مولوی رہے معاشرت صاحبان عالیشان کب نصیب ہوئی قوانین سے بالکل ناواقف کوئی پوچھے آپ نے پہلے کیا سمجھکر مقرر کیا تھا صاحب انکی نافہمی سے بہت گھبراتے تھے۔

جب کئی سو ضرب توپ ضبط لاہور کانپور پہونچی کلکتہ کو راہ خشکی سے جاتی تھی محض نمایش حکام ہندوستانی کے واسطے بادشاہ نے نواب و مہاراجہ کو بنظر صاحب رزیڈنٹ روانہ کانپور فرمایا کنار گنگ لشکر اترا دوسرے دن پار اتر کر بخش علیخان کے بنگلے مین گئے انکے داخلہ کی توپ سلامی کی چلی اہل لشکر کے واسطے منادی شہر ہوئی کہ انکے اسلحہ سے کوئی مانع نہو کہ یہ مہمان ہین۔

روز سہ شنبہ صبح کو سب فوج کنپ پریڈ پر آراستہ ہوکر کھڑی ہوئی گرد توپون کے دور دور احاطہ کرکے سپاہی اہتمام پر کھڑے ہوے پھر جنرل فوج کپتان فریزر صاحب رزیڈنٹ نواب وزیر الممالک شرف الدولہ صاحبزادۂ نواب صوبہ دار پیشوا اے بھور احاطہ مین اس سرے سے دوسرے تک توپون کو دیکھتے چلے گئے پھر جنرل صاحب نے کوچ کھینچکر نواب کی سلامی لی رخصت ہوکر نواب کے بنگلے مین آئے شب کو کھانے کی صحبت مین شریک ہوے اسکے بعد نواب اس پار اپنے لشکر مین آئے صبح کو صحبت چاے

پانی ہوئی بہت سے صاحبان فوج وحکام نظامت آئے سلامی توپ ہوئی وقت رخصت ہار اور عطر دیا گیا جب نواب لکھنؤ آئے بادشاہ سے سب کیفیت لشکر بیان کی اس عرصے مین کپتان برڈ صاحب اسسٹنٹ رزیڈنٹ ہوے انکا مزاج سب سے زیادہ تیز وتند تھا اور انکو گھوڑدوڑ کا شوق تھا سوداگران بمبئی سے عربی اچھے لے لیتے تھے باقی وثیقہ داروں کو لگا دیتے تھے جو قیمت کہلا بھیجتے تھے وہ بھجوا دیتے تھے دو گھوڑے جنرل صاحب کانپور نے نواب کو دیے جو قیمت آنھون نے کہلا بھیجی انھون نے بھیجدی۔

جب ڈیوڈسن صاحب رہائہ ناگپور ہوے کرنل رچمنڈ صاحب تشریف لائے نواب گورنر جنرل بہادر نے پہلے ناٹ صاحب پھر جنرل پالک صاحب پھر کرنل رچمنڈ صاحب کو بتدریج رزیڈنٹ لکھنؤ کیا بعوض حسن خدمت فتح پنجاب وقندھار صاحب موصوف کسی رزیڈنسی پر کہین مامور نہین تھے ہر امر مین بہت احتیاط کرتے تھے اسی جہت سے برڈ صاحب کو واقفکار سمجھکر اختیار کلی دیدیا تھا وہ بہت بیدار مغزی سے کارفرما رہے۔

انتقال حضرت ظل سبحانی

حضرت شاہی دموی مزاج تھے اور ابتدا سے عارضۂ جوانی مین مبتلا ہو چکے تھے اس جہت سے جبتک حکیم مرزا محمد علی جیتے رہے ہر ہفتہ مین تنقیۂ خاص وعام کرتے رہے بلکہ اکثر بادشاہ اور جناب عالیہ سے عرض کیا کرتے تھے کہ اگر کوئی طبیب اخراج خون مین تامل کریگا پھر مزاج قابل اصلاح نہ ہوگا چنانچہ یہی صورت ہوئی کہ جب مرزا محمد علی مر گئے سیع الدولہ مرزا علی حسن وغیرہ نے اکثر اوقات فصد مین تامل کیا بادشاہ کی خاطر پر رکھا اس جہت سے کثرت خون فاسد سے تحریک عارضۂ مزمنہ ہوکر عارضۂ سرطان پیدا ہوا ہر چند فصد بھی متواتر لی گئی ہفتہ عشرہ مین حال غیر ہو گیا سرطان نے بالمن کی طرف رجوع کی آخر ۲۶ تاریخ ۱۰ صفر ۱۲۶۳ھ روز شنبہ چار بجے دن کو مطابق ۱۸۴۷ء انتقال فرمایا دن شریف اثنا لیس بس پانچ مہینے بارہ دن کا تھا عین شباب تھا اور صاحب حسن تھے لیکن اس عارضۂ لاحقہ سے وہ حسن مرا تھا تن توش بڑھ گیا تھا حضرت خلد مکان کے زمانہ

تک جوان رعنا ہے دربار مین کوئی صاحبزادہ انکے مقابل نہ تھا حضرت خلد مکان بھی بہت چاہتے تھے ۲۷۔ روز یکشنبہ زیر سوتی محل کنار دریا مجھے مین غسل دیا اور میدان متہ مین مجتہدین نے بجماعت کثیر نماز پڑھی خود پیادہ ساتھ ہوے جلوس شاہانہ کثرت خلائق از حد تھی چھاؤنی میدو خان رسالہ دار مین خیمہ نصب تھا وہین دفن کیا صاحب رزیڈنٹ اور صاحبان ملازمین شریک دفن تھے نعش کو سادات نے لحد قبر مین اتارا کسواسطے کہ جسیم تھے بعد فاتحہ سب رخصت ہوے۔

حضرت سلطان عالم نے قبل از جلوس تخت نشینی گلستان ارم مین باتنظار برگیدیر جانسن صاحب رونق افروز تھے دس لاکھ روپیہ کا ارشاد ہوا کہ جمع خزانۂ عامرہ سے سات لاکھ مین تعمیر مقبرہ سبطین آباد حضرت جنت مکان اور تین لاکھ روپیہ کا نوٹ گورنمنٹ مصارف مقبرہ کے لوچنانچہ کئی برس مین تعمیر مقبرہ باہتمام خواجہ سرایان وغیرہ اتمام کو پہونچی اور نوٹ کا روپیہ اپنے مصرف عیش مین لائے اسی جہت سے مقبرہ باختیار شاہزادی ہر اگر ون صورت ہوتی تو البتہ ایک رونق مقبرہ رہتی اب کچھ نہین حالانکہ کرایہ گردی دکانون وغیرہ کا کچھ کم نہین ہے۔

الحق کہ ایسا بادشاہ دیندار خداپرست مقید صوم وصلوٰۃ بعد شاہ صفی کے کوئی اس خاندان عالیشان مین نہین گذرا نماز روزہ حج وزیارت کا اگر سرکار سے کبھی اتفاق ہوتا تھا ایسے مستحق تجویز مجتہد العصر تھے آئندہ انھین اختیار تھا۔

حضرت جنت مکان نے صاحبات محلات معلی اور اپنے متوسلین کے واسطے ۔۔۔ لاکھ کے کو اغذ نوٹ بطریق قرضۂ موبد فیصد سہ رسمی دیے لاکھ پھر ۔۔۔ لاکھ جمع کل ۔۔۔ لاکھ

تفصیل صاحبان نمبر نوٹ

نواب قمقمہ محل صاحبہ ملکۂ کشور ہواری ۔۔۔ لاکھ

نواب خسرو بیگم ۔۔۔ لاکھ

مرزا محمد جواد جنرل سکندر حشمت بہادر ۔۔۔ لاکھ

نواب امین الدولہ ۔۔۔ لاکھ

سلطان العلما مولوی سید محمد صاحب مجتہد العصر

Syed Mohommed

نواب معین الدولہ	ماہ
افسر بہو صاحبہ	ماہ ۵
نواب تاجدار بہو صاحبہ	ماہ ۵
بھیجو بیگم استانی جی	ماہ
سید محمد میر شمشیر الدولہ	۵
حسن علیخان چیلہ	۵

دفعہ تقسیم نوٹ سے لک

نواب تاج آرا بیگم	۱۰ لاکھ روپیہ
جناب عالیہ مریم مکانی	۱۰ لاکھ روپیہ
نواب مغفور محل صاحبہ	۱۰ لاکھ روپیہ

دفعہ کو اغذ نوٹ برائے ملکہ گیتی و ملکہ عہد صاحبہ وغیرہ متعلقان ۴۰ لک

صاحبان رزیڈنٹ

جنرل لو صاحب	ہنر کلنسی جنرل ناٹ صاحب	جنرل پالک صاحب
شکسپیر صاحب	طامس ڈیوڈیوسن صاحب	کرنل رچمنڈ صاحب
پیشدست وڈوپی	نواب شرف الدولہ محمد ابراہیم خان	نواب امین الدولہ
نواب سنور الدولہ	پھر نواب امین الدولہ	

اس عہد دولت مین تین ہزار سوار ۲۸ ہزار پیادہ پالن نجیب و تلنگہ سوائے چند پلٹن باہتمام انگریزی داخلہ خزانہ عامرہ ایک کرور ۴۰ لک نقد سوائے رسیدات وغیرہ۔

نواب امین الدولہ بہادر صاحب ورع و تقوی و مطیع احکام شرعیہ مقلد خاص مجتہدین جب خانہ نشین ہوے بعض خواص کے سمجھانے سے نواب سنور الدولہ نواب معین الدولہ سے بھی صفائی ہوگئی مگر اگر وقت منصوبی مین ہوتی یہ صفائی تو البتہ بہتر تھا جب دونون کی قطع امید ہوگئی پھر کیا اور صاحبان رزیڈنٹ بھی سب انسے راضی رہے الا فقط کپتان شکسپیر صاحب انسے خوش نہ تھے یہ سبب شرف الدولہ محمد ابراہیم خان کا تھا وہ بسبب

اپنی عداوت کے کتنے سنتے رہتے تھے اس سلطنت مین کوئی انقلاب یا حادثہ زمانہ یا اور کوئی امر عظیم ہوا جو باعث تحریر ہوتا فقط ضروری جو گذرا ضبط تحریر ہوا نسبت انقلاب سلطنت حضرت سلطان عالم کے جو دوسری جلد مین ہو۔

از تحریر کتاب جنرل سلیمن صاحب تحویل خزانہ عامرہ لکھنؤ لاکھ روپیہ ایک لاکھ چوبیس ہزار اشرفی چوبیس لاکھ امانت گورنمنٹ۔

خاتمۃ الطبع

شکر شہنشاہ حقیقی کا کہ جسکے فضل و کرم سے **جلد اول** کتاب نادر الدہر موسوم بہ **سوانح سلاطین اودھ** جسمین مسلسل حالات جزو کل اولاد و احفاد و صاحبات محلات و خاندان مملکت اودھ کا مع احوال عمائد و اراکین ریاست اودھ از عہد دولت میر محمد امین المخاطب بہ نواب برہان الملک سعادت خان جنت نشان تا زمان حضرت امجد علی شاہ مذکور ہوا اور ہر ایک کی تصویر ہر ایک کے احوال کے ساتھ نصب ہو ایسی نادر تاریخ آجتک نہین ہوئی جو سالہا سال کی شقت مین مستجمع کمالات صوری و معنوی **سید کمال الدین حیدر صاحب الحسنی الحسینی المشہدی طوں طبسی المعروف بہ سید محمد میرزا ئر صاحب** نے حسب ایماے صاحب الاشان ہنری الیٹ صاحب بہادر سکرٹری اعظم گورنر جنرل کشور ہند کے بڑی تحقیقات سے تالیف و تدوین فرمائی چنانچہ سابق یہ کتاب موصوف بصحیح حضرت مصنف حسب ارشاد فیض بنیاد گردون قباب جناب ہز اکسلنسی **مہاراجہ دیبی سنگھ صاحب بہادر** کے سی ایس آئی والی ریاست بلرامپور تلسی پور وغیرہ بمطبع ہذا مین چھپکر زینت شایقین ہو چکی ہو اور اس سے پہلے یہ کتاب ہر دلعزیز اور کمیاب دو بار بمطبع **منشی نول کشور** لکھنؤ مین طبع ہوئی اور اب حسب الارشاد شایقین بمطبع **منشی نول کشور** واقع کانپور مین بسرپرستی عالیجناب معلی القاب منشی **پیارے لال** صاحب بھارگو مالک مطبع دام اقبالہ بار سوم کہ حقیقت مین بار اول ہو بماہ نومبر ۱۸۷۶ء حلیہ طبع سے آراستہ ہوئی

جسمین مفصل حال تاریخی عہد سلطنت حضرت سلطانعالم

واجد علی شاہ بادشاہ اودھ سے تا زمانۂ وزارت مصنوعی وجبری

مرزا برجیس قدر و حالات زمانۂ غدر

مسطور ہین

حسب ایماے حضار والاشان جناب منسری الیٹ صاحب بہادر سکرٹر اعظم گورنر جنرل بہادر کشور ہند تالیف فرمایا

مطبع نامی منشی نولکشور مقام لکھنؤ محلۂ حضرت گنج مین چھپی

کتاب خانہ

CONTENTS OF THE HISTORY OF OUDH, VOLUME II.

فہرست مضامین وذکرہاے تواریخ اودہ جلد دوم

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
		Chapter II.-History of Oudh.	باب دوسرا تاریخ اودہ کا		
1	1	Accession of Sultan Alam Wajid Ali Shah.	جلوس حضرت سلطان عالم واجد علیشاہ	۱	۱
5	2	Accession on the 3rd day.	جلوس روز سوم	۲	۵
6	3	Book containing the astronomical events at the time of H. H.'s birth and its results on H. H.'s future life.	زائچہ مولود شاہی	۳	۶
17	4	Dismissal of Nawab Amin-ud-dowlah and appointment of Ali Naqi Khan.	معزولی نواب امین الدولہ و منصوبی نواب مدارالدولہ	۴	۱۷
23	5	Dismissal of Muslah-us-sultan and appointment of Nawab Mohammed Khan as Envoy. Departure of H. H. to receive H. E. the Governor-General.	مصلح السلطان کا سفارت سے موقوف ہونا نواب محمد خان کا سفیر مقرر ہونا بادشاہ کا کانپور تشریف لیجانا واسطے استقبال گورنر جنرل کے	۵	۲۳
26	6	Arrival of H. H. at Cawnpore and return to Lucknow.	بادشاہ کا کانپور پہونچنا اور مراجعت لکھنؤ	۶	۲۶
37	7	Arrival of H. E. the Governor-General in Calcutta.	ورود نواب گورنر جنرل کا کلکتہ میں	۷	۳۷
38	8	Appointment of a Mahaldar for each Wasiqa-holder by order of the Resident.	بحکم صاحب ریذیڈنٹ ہر اہل وثائق پر محلدار مقرر ہونا	۸	۳۸
39	9	Lalji dishonored and Resident enraged.	ہتک لال جی اخبار نویس وبرہمی بزیصاحب	۹	۳۹
40	10	H. E. the Governor-General's departure from Cawnpore to Calcutta.	نواب گورنر جنرل کا کانپور سے کلکتہ جانا	۱۰	۴۰
40	11	Death of Colonel Wilcocks and dismissal of Meteorological officer.	انتقال کرنیل ولکاکس صاحب و برطرفی عملہ رصد خانہ	۱۱	۴۰
45	12	Nawab Mohammed Khan, Ambassador, went to receive Mr. Soloman and Meteorological officers were re-appointed.	نواب محمد خان سفیر شاہی کا واسطے استقبال سلیمن صاحب کے جانا رصدخانہ کا بدستور قائم رہنا	۱۲	۴۵
46	13	Arrival of Resident to see the Badshah during illness and dismissal of Wasi Ali Khan.	بزیصاحب کا واسطے عیادت بادشاہ کے آنا ومعطلی مرزا وصی علیخان	۱۳	۴۶
48	14	Death of Wali-Ahad.	انتقال مرزا ولیعہد بہادر	۱۴	۴۸
49	15	Departure of Mirza Wasi Ali Khan to Fyzabad and his return.	مرزا وصی علیخان کا فیض آباد جانا اور سلامت پھر آنا	۱۵	۴۹
51	16	Nawab Wazeer's increase of titles.	ترقی خطاب نواب وزیرالملک	۱۶	۵۱

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
54	17	Deaths of Sultan Mariam Begam and Nawab Mubarak Mahal.	انتقال سلطان مریم بیگم ونواب مبارک محل صاحبہ	۱۷	۵۴
56	18	Friendly letter of the Bishop to Resident, Mirza Kiwan Qadar was appointed as heir-apparent and Mirza Faridoon Qadar as General.	مطبعہ نامہ سبک صاحب بنام صاحب رزیڈنٹ اور مرزا کیوان قدر کو خلعت ولیعہدی اور مرزا فریدون قدر کو خلعت جرنیلی ملنا	۱۸	۵۶
57	19	Disagreement between the Nawab and Mr. Soloman.	ملال سلیمن صاحب ونواب صاحب	۱۹	۵۷
61	20	Change of author's life and dismissal of the whole musical officers.	برگشتگی تقدیر مصنف کتاب ومعزولی عمدہ رصد خانہ سلطانی	۲۰	۶۱
63	21	Short account of Nawab Jalal-ud-dowlah Mehdi Ali Khan about Naseer-ud-dowlah's pay.	احوال نواب جلال الدولہ مہدی علیخان بالا جمال بابت تنخواہ نصیر الدولہ	۲۱	۶۳
65	23	Nawab Jalal-ud-dowla went disguised on pilgrimage through Calcutta and was imprisoned at Turkman.	نواب جلال الدولہ کا باختا لکھنؤ سے نکلکتہ ہوکر کربلا جانا اور ترکمان میں قید ہونا	۲۳	۶۵
67	24	Return of Nawab Jalal-ud-dowla to Lucknow and his death.	نواب جلال الدولہ کا لکھنؤ آنا اور انتقال	۲۴	۶۷
68	25	Account of Qamar-ud-deen Ahmad Khan *alias* Mirza Hajee.	احوال قمر الدین احمد خان عرف مرزا ساجی	۲۵	۶۸
73	26	Arrival of Mirza Hajee at Lucknow and his return to Cawnpore.	مرزا حاجی کا لکھنؤ آنا اور پھر کانپور جانا	۲۶	۷۳
75	27	His return to Lucknow and death.	مرزا حاجی کا لکھنؤ آنا اور انتقال کرنا	۲۷	۷۵
76	28	The Resident went to survey the province. Showkat-ud-dowlah was dismissed from Ambassadorship and Masih-ud-dowlah was posted in his place.	صاحب رزیڈنٹ کا مساحت ملک کے لئے جانا شوکت الدولہ کی سفارت سے موقوفی اور مسیح الدولہ کی تقرری	۲۸	۷۶
78	29	Account of Ganga Bakhsh, zamindar of Bhettai.	گنگا بخش زمیندار تعلقہ بھٹائی	۲۹	۷۸
81	30	Death of Mariam Mokani.	انتقال حضرت مریم مکانی	۳۰	۸۱
82	31	Abolition of Ambassadorship at Resident's court and its restoration.	عہدہ سفارت رزیڈنٹی کا موقوف ہونا پھر بحال رہنا	۳۱	۸۲
83	32	Marriage of the Nawab's daughter.	شادی صاحبزادی حضور عالم بہادر	۳۲	۸۳
84	33	Marriage of the Badshah and of the daughter of Jannat Makan.	شادی بادشاہ وشادی شہزادی جنت مکان	۳۳	۸۴
85	34	Exile of Razi-ud-dowlah and Qutub-ud-dowlah.	اخراج بلد رضی الدولہ وقطب الدولہ	۳۴	۸۵
86	35	Marriage of Mirza Nawsherwan Qadar, eldest son of the Badshah.	شادی مرزا نوشیروان قدر خلف ارشد بادشاہ	۳۵	۸۶
87	36	Marriage of Nawab Enait-ud-dowlah.	شادی نواب عنایت الدولہ	۳۶	۸۷

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
87	37	Banishment of Moulvi Ali Hasan Bilgrami.	اخراج مولوي علي حسن بلگرامي	۳۷	۸۷
88	38	Marriage of Sultan Alam.	شادی حضرت سلطان‌عالم	۳۸	۸۸
89	39	Marriage of Mirza Wali-Ahad Bahadur.	شادي مرزا وليعهد بهادر	۳۹	۸۹
89	40	Marriage of the General.	شادي جنرل صاحب بهادر	۴۰	۸۹
89	41	Death of Nawab Jafar Ali Khan.	انتقال نواب جعفر علیخان	۴۱	۸۹
90	42	Death of Nawab Motamid-ud-dowlah's Mahals.	انتقال خاص محل نواب معتمدالدولہ	۴۲	۹۰
91	43	Departure of the Resident to pay his respect to H. E. the Viceroy.	روانگي رزيڈنٹ واسطے ملاقات نواب گورنر جنرل بهادر	۴۳	۹۱
93	44	Account of Nawab Roshan-ud-dowlah and his death.	احوال نواب روشن‌الدولہ و انتقال	۴۴	۹۳
96	45	Meeting of the Nawab and Resident and their reconciliation.	روبکاري خاص بادشاہ رفع مظنہ رزیڈنٹ	۴۵	۹۶
97	46	Friendly letter of H. E. the Viceroy.	مکتوب نامہ نواب گورنر جنرل	۴۶	۹۷
98	47	Banishment of Mirza Wasi Ali Khan by order of the Resident.	اخراج مرزا وصي علیخان بحکم رزیڈنٹ	۴۷	۹۸
98	48	Banishment of Shurf-ud-dowlah by order of king and his residing at Mundyaon.	شرف‌الدولہ کا نکلنا بحکم بادشاہ اور منڈیاون میں رہنا	۴۸	۹۸
100	49	Snatching of umbrella with a policeman of the Resident and his anger.	چھتري چوبين لينا پيلي کارد کے سپاہي سے اور بڑے صاحب کا خفا ہونا	۴۹	۱۰۰
100	50	Entering of Zareeha Mubarak from Karbala.	ورود ضريح مبارک کربلائے معلے	۵۰	۱۰۰
101	51	Banishment of Sheikh Qutub-ud-deen.	اخراج شیخ قطب‌الدین	۵۱	۱۰۱
102	52	Departure of General Soloman.	رخصت جنرل سلیمن صاحب	۵۲	۱۰۲
103	53	Entering of Mirza Wasi Ali Khan in Lucknow from Kakori.	مرزا وصي علیخان کا کاکوري سے پھر شہر میں آنا	۵۳	۱۰۳
103	54	General Outram at Lucknow.	تشریف آوري جنرل اوٹرم صاحب	۵۴	۱۰۳
104	55	Leaving the city of Taj-ud-deen Husain Khan, Ehsan Husain Khan and Tasadduq Husain Khan.	تاج‌الدین حسین خان احسان حسین خان کا مع تصدق حسین شہر سے جانا	۵۵	۱۰۴
105	56	Orders of king of Huzoor Alam and Muslah-us-sultan.	احکام‌عظام بنام حضور عالم و مصلح‌السلطان	۵۶	۱۰۵
106	57	Entering of Maharajah Daleep Singh and Maharajah Jayaji Rao Scindhia.	ورود مہاراجہ دلیپ سنگھہ و مہاراجہ جیاجي راؤ سیندھیا	۵۷	۱۰۶
106	58	Establishment of Mir Munsheeship of Residency.	منصوبي میر منشي رزیڈنٹي	۵۸	۱۰۶
108	59	Kingly fair of Qaisarbagh.	میلہ قیصر باغ شاہي	۵۹	۱۰۸
108	60	Accident of murder of Moulvi Ameer Ali Shaheed.	سانحہ حیرت افزاے سید امیر علي شہید	۶۰	۱۰۸
120	61	Quarrel of Moulvi Ameer Ali Shaheed.	سانحہ یادگار معرکۂ سید امیر علي شہید	۶۱	۱۲۰

PAGE.	ACCT.	SUBJECT.	مضمون	ذکر	صفحہ
129	62	Entering of General Outram at Lucknow from Calcutta and dispossession of district.	جنرل اوٹرم صاحب کا کلکتہ سے آنا انتزاع ملک کا ہونا	۶۲	۱۲۹
137		Government Notice, appendix of British officers of district of Oudh.	اشتہار گورنمنٹ		۱۳۷
141		Order of king of Oudh by his own court.	تفصیل حکام صاحبان عالیشان ممالک اودھ		۱۴۱
144		Copy of order of the Chief Commissioner.	حکمنامہ مہر کچہری خاص سلطان عالم		۱۴۴
149		Submission of a list of the lands held by the Ex-king of Oudh to H. H. the Chief Commissioner by Raja Balkishan.	نقل حکم نامہ دستخطی چیف کمشنر نقل بند تفصیل علاقہ جات اودھ گذرانیدہ مہاراج بالکشن بحضور چیف کمشنر بہادر		۱۴۹
150		Notice issued by the Chief Commissioner, 20 rules of the Governor-General.	اشتہار محکمہ صاحب چیف کمشنر بہادر تفصیل مدات بستگانہ حضور نواب گورنر جنرل		۱۵۰
152	63	The unanimous opinions of the Oudh Nobles in favor of the Ex-king's tour to Calcutta and London.	اتفاق راے جمہور واسطے سفر کلکتہ ولندن	۶۳	۱۵۲
160	64	Departure of the Ex-king towards Cawnpore.	تشریف فرمائی بادشاہ سمت کانپور	۶۴	۱۶۰
161		Arrival of H. E. the Governor-General in Calcutta.	ورود نواب گورنر جنرل بہادر کلکتہ میں		۱۶۱
166	65	Ex-king's stay at Cawnpore and his departure.	حالات قیام کانپور وسوانحات لکھنؤ وروانگی کانپور سے	۶۵	۱۶۶
170	66	Sale by auction of the Ex-king's animals and abolition of his military department.	نیلام دواب شاہی وبرطرفی فوج شاہی	۶۶	۱۷۰
175	67	Account of Prince Mustapha Ali Khan.	شاہزادہ مصطفی علیخان	۶۷	۱۷۵
176	68	Departure of General Outram from Calcutta to Lucknow.	روانگی جنرل اوٹرم سمت لندن کلکتہ سے	۶۸	۱۷۶
176	69	Departure of the Ex-king from Benares towards Calcutta.	بادشاہ کا بنارس سے کلکتہ جانا وغیرہ	۶۹	۱۷۶
177	70	Arrival of the new Chief Commissioner at Lucknow, &c.	چیف کمشنر جدید کا داخل لکھنؤ و بعض سوانحات	۷۰	۱۷۷
182	71	Departure of Ex-king's mother and son to Lucknow.	جنابعالیہ و جنرل و مرزا ولیعہد کا لندن جانا	۷۱	۱۸۲
184	72	Miscellaneous account of Lucknow and its visit of several persons of rank.	بعض سوانحات لکھنؤ و آمد و رفت اشخاص مشخصہ	۷۲	۱۸۴
187	73	Arrival of Lord Dalhousie in London.	لارڈ ڈلہوزی صاحب کا لندن پہونچنا	۷۳	۱۸۷
188	74	Departure of Nawab Ali Naqi Khan to Calcutta and return of Nawab Munawar-ud-dowlah.	روانگی حضور عالم لکھنؤ سے سمت کلکتہ و معاودت نواب منورالدولہ	۷۴	۱۸۸

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
		CHAPTER III.	باب تیسرا تواریخ اودھ کا		
193	75	Account of the Sepoy Mutiny in India and especially in Lucknow.	ہنگامہ فساد عظیم بارائے ہندوستان وانتظام خاص لکھنؤ و ریاست ناپائیدار مرزا برجیس قدر	۷۵	۱۹۳
195	76	Attack of Mundyaon Cantonment.	فساد چھاؤنی منڈیاؤں	۷۶	۱۹۵
200	77	Do. of Shahjohanpore.	فساد شاھجہانپور	۷۷	۲۰۰
205	77	Murder of Captains Hayes and Pheare.	کپتان ھیز صاحب و کپتان فیر صاحب کا مارا جانا	۷۷	۲۰۵
206	78	Munshi Rasool Bakhsh was hanged.	منشی رسول بخش کا پھانسی پانا	۷۸	۲۰۶
208	79	Mutiny at Cawnpore.	فساد کانپور	۷۹	۲۰۸
209	80	Do. do. Lucknow.	فساد خاص لکھنؤ	۸۰	۲۰۹
210	81	Furnitures of the Chief Commissioner's were removed from Kaisarbagh.	چیف کمشنر کا قیصر باغ سے اسباب شاھی لانا	۸۱	۲۱۰
211	82	Battles of Chinhut and Lucknow.	معرکہ چنہٹ و خاص لکھنؤ	۸۲	۲۱۱
223	83	Accession of Mirza Birjis Qadar on the Throne.	مسند نشینی مرزا برجیس قدر	۸۳	۲۲۳
228	84	Appointment of Naib Diwan and other Officers.	تجویز نایب دیوان وتقسیم خدمات	۸۴	۲۲۸
230	85	Bailey Guard entrenchment.	بیلی گارد کے مورچے	۸۵	۲۳۰
231	86	Death of Chief Commissioner.	انتقال چیف کمشنر بہادر	۸۶	۲۳۱
231	87	Attack on Bailey Guard.	دھاوہ بیلی گارد وغیرہ سوانحات	۸۷	۲۳۱
234	88	Arrival of the Taluqdars and Zamindars for offering assistance.	تعلقداروں اور زمیندارون کا کمک کو آنا	۸۸	۲۳۴
234	89	Muftah-ud-dowlah was called for to pay the balance in his treasury.	طلب خزانہ مفتاح الدولہ سے	۸۹	۲۳۴
236	90	Account of those Taluqdars and Zamindars, who arrived here, with troops to offer assistance.	زمینداران و تعلقداران ممالک مھروسہ مع فوج جو کمک کو آئے	۹۰	۲۳۶
238	91	Taluqdars of Sandia were called for here.	حکمنامہ طلبی تعلقداران سانڈیا	۹۱	۲۳۸
239	92	Bahadur Shah's order and arrangement of the committee.	بھیجنا فرمان بہادر شاہ دھلی سے و انتظام کمیٹی	۹۲	۲۳۹
240	93	Departure of Birjis Qadar's ambassador to Delhi and his return.	روانگی سفیر سرکاری سمت دھلی و مراجعت لکھنؤ	۹۳	۲۴۰
242	94	Imprisonment of Nawab Monouwar-ud-dowlah and his release.	قید ہونا نواب منورالدولہ کا اور رھائی	۹۴	۲۴۲
245	95	Mirza Mohammed Taqee Khan, Joseph, &c., were seized.	گرفتاری مرزا محمد تقی خان و جوزف وغیرہ	۹۵	۲۴۵
247	96	Account of Mirza Haidar.	احوال ولیدالدولہ مرزا حیدر	۹۶	۲۴۷
247	97	Account of Nawab Mumtaz-ud-dowlah Bahadur.	احوال نواب ممتازالدولہ بہادر	۹۷	۲۴۷
248	98	Arrival of British troops from Allahabad and defeat of Nana Rao.	فوج انگریزی الہ آباد سے پہونچنا و نانا راو کا شکست پانا	۹۸	۲۴۸

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
251	99	Wonderful story.	نقل عجیب	۹۹	۲۵۱
252	100	Accounts of the children of the Nawab Motmid-ud-dowlah.	اولاد نواب معتمدالدولہ	۱۰۰	۲۵۲
253	101	Report of Nana Rao's defeat.	خبر شکست نانا راو وغیرہ	۱۰۱	۲۵۳
257	102	Arrival of Nana Rao's Vakil with letter.	نانا راو کے وکیل کا مع خط آنا	۱۰۲	۲۵۷
257	103	Report of the arrival of British troops from Cawnpore.	خبر آمد فوج انگریزی کانپور سے	۱۰۳	۲۵۷
265	104	Murder of the Christian prisoners and Mahmood Khan, Kotwal.	قتل اسیران عیسائی و محمود خان کوتوال وغیرہ	۱۰۴	۲۶۵
266	105	Battle of Alumbagh and arrival of British troops in the city.	محاربہ عالم باغ و داخلہ فوج انگریزی شہر میں	۱۰۵	۲۶۶
276	106	Children of General Mirza Sikundur Hushmat were seized.	گرفتاری صاحبزادہ ہاے جرنیل مرزا سکندر حشمت	۱۰۶	۲۷۶
277	107	General Hisam-ud-dowlah and Nawab Moien-ud-dowlah were called for.	جرنیل حسام الدولہ و طلب نواب معین الدولہ	۱۰۷	۲۷۷
279	108	Arrival of the Commander-in-Chief from Cawnpore.	پہونچنا کمنڈر انچیف کا کانپور سے	۱۰۸	۲۷۹
281	109	Battles of Alumbagh, &c.	محاربہ عالم باغ وغیرہ	۱۰۹	۲۸۱
283	110	Consultations to release the English prisoners and their subsequent murder.	مشورہ بچانے اسیران فرنگ کا پھر اونکا قتل	۱۱۰	۲۸۳
285	111	Battles of the palaces.	محاربات مکانات شاہی	۱۱۱	۲۸۵
290	112	Bailey Guard was emptied.	بیلی گارد کا خالی ہونا	۱۱۲	۲۹۰
296	113	Wonders of the city.	نقل عجیب سانحہ خاص شہر	۱۱۳	۲۹۶
297	114	Departure of General Outram with family to Cawnpore.	جنرل اوٹرم صاحب کا بیبیوں کے ساتھہ کانپور جانا	۱۱۴	۲۹۷
301	115	Appointments of Tahsildars and Amirs in Farrukhabad.	مقرر تحصیلدار و عمال فرخ آباد پر	۱۱۵	۳۰۱
302	116	Mirza Mohammed Hasan Khan was appointed Nazim of Gorakhpore and his temporary arrangement.	تعلق مستعار میر محمد حسنخان ناظم صوبہ گورکھپور	۱۱۶	۳۰۲
308	117	Attack of Alumbagh.	دھاوہ عالم باغ	۱۱۷	۳۰۸
311	118	Attack of General Outram from Alumbagh.	دھاوہ جنرل اوٹرم صاحب عالم باغ سے	۱۱۸	۳۱۱
313	119	Orders were issued to the Zamindars living in the vicinity of Alumbagh.	ابلاغ حکم واسطے زمیندار اطراف عالم باغ	۱۱۹	۳۱۳
313	120	Arrival of Prince Feroze Shah.	پہونچنا شاہزادہ فیروز شاہ	۱۲۰	۳۱۳
314	121	Accounts of the General officers of Birjis Qadar.	احوال متفرق اہلکار و امیران دربار برجیسی	۱۲۱	۳۱۴
316	122	General Outram was informed of the murder of the English prisoners.	جنرل اوٹرم صاحب کو قتل اسیران فرنگ کا حال معلوم ہونا	۱۲۲	۳۱۶
319	123	Birth-day of Mirza Birjis Qadar.	سالگرہ مرزا برجیس قدر	۱۲۳	۳۱۹

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
320	124	Report of Mir Mehdi Husan Khan's and others rout.	خبر شکست میر مہدی حسنخاں وغیرہ	۱۲۴	۳۲۰
321	125	Reports of the defeat at Farrukhabad and Bareilly.	خبر شکست فرخ آباد و بریلي	۱۲۵	۳۲۱
322	126	Account of Captain Hardinge.	حکایت کپتان ہیرڈنگ صاحب	۱۲۶	۳۲۲
323	127	Account of General Lawrence.	حکایت جنرل لارنس صاحب	۱۲۷	۳۲۳
324	128	Battle of Alumbagh.	معرکہ عالم باغ	۱۲۸	۳۲۴
327	129	Wonders among the rebels.	سانحہ حیرت افزاے فوج باغي	۱۲۹	۳۲۷
328	130	Death of Maharaja Balkishen and appointment of Raja Behari Lal as Diwan.	مہاراجہ بالکشن دیوان کا مرنا و راجہ بہاري لال کا دیوان ہونا	۱۳۰	۳۲۸
329	131	British forces crossed the river and war was put to an end. List of the English forces.	فوج انگریزي کا دریا کے پار جانا اور ہنگامہ قتل برطرف ہونا و تفصیل فوج انگریزي	۱۳۱	۳۲۹
332	132	Entering of the English army in Kaisarbagh and banishment of Begam.	قیصر باغ میں داخلہ فوج انگریزی و جناب عالیہ کا نکلنا	۱۳۲	۳۳۲
334	133	The message of General Outram to Begam.	پیام جنرل اوٹرم صاحب جناب عالیہ کو	۱۳۳	۳۳۴
336	134	The arrival of Begam at Boondi.	جنابعالیہ کا شہر سے نکلنا بوندي میں پہونچنا	۱۳۴	۳۳۶
338	135	Management of the protected states and the battles of some places.	انتظام ممالک محروسہ و محار بات اکثر مقام	۱۳۵	۳۳۸
339	136	Notice of protection for subject by Her Majesty the Queen.	اشتہار امان جناب ملکہ معظمہ براے خاص و عام	۱۳۶	۳۳۹
340	137	The arrival of Commander-in-Chief and flying of Begam.	کمانڈر انچیف کا پہونچنا و جنابعالیہ کا بھاگنا	۱۳۷	۳۴۰
342	138	Account of Munshi Meer Qurban Ali and Major Carnegy.	احوالي حال منشي میر قربان علي و میجر کارنیگي صاحب	۱۳۸	۳۴۲
343	139	Entering of Commander-in-Chief at Lucknow.	مراجعت کمانڈر انچیف لکھنؤ میں	۱۳۹	۳۴۳
343	140	Entering of the English army in the city and banishment of its inhabitants.	داخلہ فوج انگریزي شہر میں بہ تملط اور رعایا کا شہر سے بھاگنا	۱۴۰	۳۴۳
346	141	The conquest by the English.	فتح و فیروزي صاحبان عالیشان بااقبال	۱۴۱	۳۴۶
347	142	Midway description of Kakori.	خاص بیان راہ قصبہ کاکوری	۱۴۲	۳۴۷
348	143	The destruction of Kakori.	معرکہ غارتگري خاص قصبہ مذکور	۱۴۳	۳۴۸
350	144	The entering of the inhabitants in city again.	امان سر کار واسطے خاص و عام اور رعایا کا شہر میں آنا	۱۴۴	۳۵۰
352	145	Establishment of British Government and banishment of Company.	مرتوني صیغہ جاري سرکار کمپني و عملداري سلطانیہ آراستگي شہر	۱۴۵	۳۵۲
353	146	Decoration of the city.	آراستگي شہر	۱۴۶	۳۵۳
355	147	Murder of Nawab Shurf-ud-dowlah Mohammed Ebrahim Khan.	قتل نواب عرف الدولہ محمد ابراهیم خان	۱۴۷	۳۵۵
358	148	Different account after the battle of Lucknow.	مختلف احوال بعد معرکہ لکھنؤ	۱۴۸	۳۵۸

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
360	149	The putting of Raja Jay Lal to the gallows.	راجہ جے لال سنگھہ کا پھانسي پانا	۱۴۹	۳۶۰
361	150	Entering of Governor-General and Commander-in-Chief.	دوڑق افروزي نواب گورنر جنرل	۱۵۰	۳۶۱
363	151	Particular Durbar of Governor General.	دربار خاص نواب گورنر جنرل بہادر	۱۵۱	۳۶۳
365	152	Common Durbar of the Governor-General.	دربار عام نواب معظم الیہ	۱۵۲	۳۶۵
366	153	Capture of Ali Mohammed Khan famous by the name of Mummoo Khan.	گرفتاري علي محمد خان عرف ممو خاں	۱۵۳	۳۶۶
368	154	Some account of the Begam and Mirza Birjis Qadar.	احوالي جنابعالیہ و مرزا برجیس قدر	۱۵۴	۳۶۸
369	155	Capture of Nawab Khan Bahadur, the Khan of Bareilly.	گرفتاري نواب خان بہادر خان بریلی	۱۵۵	۳۶۹
370	156	Protection of British prisoners and the honour of Meer Wajid Ali.	اسیران فرنگ کا بچنا اور رسوخ میر واجد علي	۱۵۶	۳۷۰
373	157	Battle of Raja Baini Madho Bakhsh and Muftah-ud-dowlah.	معرکہ راجہ بیني مادھو بخش و مفتاح الدولہ	۱۵۷	۳۷۳
375	158	A poem by the King in the honour of Governor-General.	قصیدہ نواب سلطان عالم در مدح نواب گورنر جنرل بہادر	۱۵۸	۳۷۵
		CHAPTER IV.	باب چوتھا تواریخ اودہ کا		
378	159	A caravan starting to London from Calcutta, till the retirement of Mirza Wali Ahed Bahadur.	قافلہ سیلاني راہي لنڈن ابتداے روانگي کلکتہ تامرا جعت مرزا ولیعہد	۱۵۹	۳۷۸
380	160	Sheikh Mohammed Ali, the priest.	شیخ محمد علي ذاکر و ہم واعظ	۱۶۰	۳۸۰
382	161	Arrival of the Begam at Southhampton.	داخلہ جنابعالیہ سوتھمپٹن میں	۱۶۱	۳۸۲
384	162	Description of Major Bird.	بیان میجر برڈ صاحب	۱۶۲	۳۸۴
388	163	Arrival of the Begam at London.	جنابعالیہ کا سوتھمپٹن سے لنڈن پہونچنا	۱۶۳	۳۸۸
389	164	Some accounts of Calcutta and London.	بعض حالات کلکتہ و لنڈن بطریق اجمال	۱۶۴	۳۸۹
391	165	Orders of the King of London.	فرمان و حکمنامجات بادشاہ لنڈن کے	۱۶۵	۳۹۱
395	166	Arrival of Haji Tavakkul at Calcutta from London and lovely letter of the Governor-General.	حاجي توکل کا لنڈن سے کلکتہ آنا اور محبت نامہ نواب گورنر جنرل بہادر	۱۶۶	۳۹۵
396	167	The meeting of Mukhtar by King and two Princes to Court of Directors, and acquaintance from the Newspapers and Letters of London.	مختارشاہي کا صاحبان کورٹ آف ڈائرکٹرس کے پاس حاضر ہونا اور ملاقات دونوں شاہزادوں کي اخبار لنڈن میل و خطوط لنڈن سے جو معلوم ہوا	۱۶۷	۳۹۶
404	168	The arrival of Wajid Ali Shah in the Fort of Calcutta.	بادشاہ و حضور عالم کا قلعہ کلکتہ میں جانا	۱۶۸	۴۰۴

Page.	Acct.	Subject.	مضمون	ذکر	صفحہ
413	169	Meeting between Begam and Queen Victoria.	ملاقات جنابعالیہ ملکہ معظمہ سے	۱۶۹	۴۱۳
415	170	Death of Begam and General of Persia.	انتقال جنابعالیہ و جنرل صاحب شہر پارس میں	۱۷۰	۴۱۵
417	171	The approach of the ex-king in Mochi-khola from fort.	روانگی افروزی بادشاہ ظلہ سے کوٹھی موچی کھولہ میں	۱۷۱	۴۱۷
420	172	Arrival of Mirza Wali Ahed at Calcutta.	داخلہ مرزا ولیعہد بہادر کلکتہ میں	۱۷۲	۴۲۰
421	173	Brief account of Indian Government.	خلاصہ احوال سلطنت ہندوستان	۱۷۳	۴۲۱
427	173	Table of the kings of Shahjahanabad.	جدول بادشاہان شاہجہان آباد	۱۷۳	۴۲۷
		CHAPTER V.	پانچوان باب تواریخ اردہ کا		
432	174	The great mutiny of Shahjahanabad and arrival of Bahadur Shah at Rangoon and his death.	فساد عظیم بلوائے عام شاہجہان آباد تا خاتمہ اور بہادر شاہ کا رنگون جانا اور انتقال	۱۷۴	۴۳۲
447	175	The arrival of an ambassador by Mirza Birjis Qadar Bahadur.	سفیر مرزا برجیس قدر تا آنا اور اکھنڑ پور جانا	۱۷۵	۴۴۷
449	176	The end of the battles of Delhi, Oudh and other things.	اختتام معرکہ دھلی و فتح اولیائے دولت و سیاست و انتظام اھل شہر وغیرہ	۱۷۶	۴۴۹
455	177	Accounts of Jagirdars of Delhi.	احوال جاگیر داران متعلقہ دھلی	۱۷۷	۴۵۵
457	178	New and old Noblemen of Delhi.	امرائے قدیم و جدید شاہی دھلی	۱۷۸	۴۵۷
460	179	Noblemen of Delhi.	روساء شہر دھلی	۱۷۹	۴۶۰
465	180	Account of Firoze Shah.	احوال فیروز شاہ شاہزادہ	۱۸۰	۴۶۵

—:o:—

—:o:—

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب دوسرا جلوس حضرت سلطان عالم واجد علی شاہ کے بیان

الغرض جب نواب امین الدولہ کے حسب دستور کرنل رچمنڈ صاحب رزیڈنٹ بہادر کو خبر
انتقال جنت مکان پہونچائی تب صاحب موصوف مع ڈاکٹر لوگن صاحب نواب کے
ساتھہ داخل محلسرا ہوے بادشاہ کی نعش پر نور روز علی خان نے دوشالہ منہ پر سے اوٹھا دیا تھا
لیکن سیطرحکا تھپہ ڈاکٹر صاحب کو نہوا صاحبات محل مین شور قیامت برپا تھا صاحب نے تاسف
نور روز علیخان سے فرمایا کہ جناب عالیہ سے عرض کرو کہ یہ وقت مقام صبر ہے پھر دیان سے
گلستان ارم مین آکر بیٹھے جب حضرت سلطان عالم کو یہ خبر وحشت اثر پہونچی سنتے ہی عجب
حالت بے قراری سے برآمد ہوے دونون طرف خواص بازو تھامے ہوے متصل فرش
چشم حق بین سے جاری تھے بے قراری و سیدم بڑھتی جاتی تھی اسی حال سے زردکوٹھی
مین آکر بیٹھے بعد صاحبان خاص دست بستہ حاضر تھے ہرچند قطب الدولہ نے چاہا کہ کسیطرح
صورت اتفاق گریہ و بکا ہوجاے لیکن رعب و دبدبے سے جرات عرض نہوسکی اس عرصہ مین

امیرالدولہ میر مہدی علی خان نے عرض کیا کہ حسب دستور کپتان بالنگس صاحب استقبال کو آتے ہین ملازمین ہر طرف اپنے مقام پر کمربستہ جلو رسواری حاضر ہوے۔

حسب اتفاق دسدن یہ مؤلف کتاب بھی نیلام چھاؤنی سندیا وہین گیا تھا بجرد سننے اس خبر کے دبانے جسلد چلا تاکہ تصدیق و تکذیب خبر معلوم ہو جاے جسوقت لوہے کے پل پر پہونچا دیکھا کہ جابجا لوگ باامن کرتے ہے ہین جب قریب مکان ظفرالدولہ کے پہونچا اور ریلی گارد سے گذرا جو دہانے شہر اور جابجا امرا اور اہل دربار کی سواریان خالی کھڑی دیکھین اوس وقت مجھے یقین ہوا اور ارادہ کیا کہ دربار عظیم کے پاس جاکر صورت جلوس شاہی دیکھنا چاہیے جب بارہ دری کی پھاٹک پر آیا پھاٹک بند دیکھا اور باہر دو رویہ سوار اردلی بڑے حاضب کے کھڑے ہوے پاے اس عرصے مین اوسی ہجوم عام مین سے ایک شخص نے مجھے منوسل انگریز جان کر کہا کہ ہمارے نواب صاحب نے فرمایا ہے کہ صاحب رزیڈنٹ سے عرض کیجیے مین سب طرح سے حاضر ہون اگر آپ مجھے مستحق و رافت جانتے ہین تو مجھے میرے حق سے اسوقت محروم نہ رکھیے اوجہان تک صورت معاملہ ٹھہرے تم قبول کر لینا یعنے اوس سے کہا کون سے نواب نے یہ پیام بھیجا ہے اور مین کون سون جو واسطہ دار اسے امر عظیم کا ہون اس عرصے مین سوار دون کے گھوڑے بھڑکے لوگ ادھر کے ادھر ہو گئے مین بھی لوار سے چمٹ کر کھڑا ہو رہا اور وہ شخص کافور ہو گیا مین سمجھا عالب ہے کہ دہی مستحق ہونگے مگر سبحان اللہ باوصف اس انتظام صاحبان عالیشان کے صاحب اولوالعزم اپنی جلو خام سے ہاتھ نہین اوٹھاتے فی الحقیقت اگر خوف حکام عالیشان نہ ہوتا تو مثل مقدمات ساہجہان آباد یہان بھی مستحق اور غیر مستحق دو لون قصور نہ کرتے۔

القصہ مین دروازے سے ناامید ہو کر دوسرے پھاٹک شرقی پر گیا وہ بھی پھاٹک بند تھا ایک چپراسی دیوان عام نے مجھسے کہا کہ آپ کو مین بحکم نواب لوہے کے پل تک دھونڈھ آیا پھر اوسے دربان کو پکارا جب بھی پھاٹک نہ کھلا اس عرصے مین مہاراج بالمکرشن کی سواری آئی تب پھاٹک کھلا مین بھی داخل ہوا روش پر تو ابصاحب محمد مرزا ولیعہد کے پاس سے آتے تھے بارہ دری کی کھڑکی پر کھڑے ہوے مجھے اور مہ الدولہ و میر غایت علی رسالدار کو اپنے ساتھ لیا

اور پھر کھڑکی کو بند کروا دیا کہ کوئی نہ آئے جب گلستان ارم مین گیا دیکھا کہ کرنل رچنڈ صاحب اور ڈاکٹر کو
دکرنل ولکاکس صاحب ایک اور صاحب بھی جہان رزیڈنٹ کھڑے ہین مہاراجہ بالکرشن سودھ
فرمان جلوس بڑے صاحب کو سنا رہے ہین یعنی مابدولت واقبال نے باعانت وامداد آنریبل
سرکار کمپنی انگریز بہادر وراثت آبائی پر تخت سلطنت کے جلوس کیا دوسرا طرف مصلح السلطنت
اہتمام الدولہ حیدر حسین خان شرف الدولہ غلام رضا خان دوسری جانب مرزا وصی علی خان
حفیظ الدولہ سولوی میر باقر علی سفیر شاہی کھڑے ہین بعد چند دقیقہ کے آمد آمد سواری بادشاہ
کی دھوم ہوئی اور دور باش سواری کا بہت غل وشور ہوا بڑے صاحب نے فرمایا کیون
اتنا غل مچایا چپراسی سے دلاتی تلوار لے کر داب کمر سے لگائی اور صاحب بھی قرینے سے
کھڑے ہو گئے جب بوچہ سواری زینے سے چڑھنے لگا کثرت ہمراہیون سے جنگلہ آہنی
زینہ ٹوٹ کر گر پڑا کپتان ہالنگس صاحب پہلوے بوچہ تھے قریب تھا کہ گر پڑین جب بادشاہ
داخل کمرہ ہوے بڑے صاحب سے معانقہ ہوا اور کمرہ وسطی مین جا کر بیٹھے اور دو دو رو برو
بند کرسی کھڑے ہوے ایک صاحب کے ہاتھ مین خاصدان بھی تھا ڈاکٹر صاحب نے صورت غیر ملکی
سمجھکر مجھسے پوچھا یہ دونون غلام زنگی کون ہین مین نے کہا انھین پہچان رکھیے یہ سربان خاص
شاہی عالم عمل علم موسیقی ہین امیر الدولہ میر مہدی علی خان داخل کمرہ خلوت ہوے پھر نواب
علی نقی خان تسبیح در دست وظیفہ پڑھتے ہوے کمرے مین چلے گئے باہر سیف الدولہ علی جنیدخان
داروغہ دیوان خانہ ولیعہدی۔ نواب امین الدولہ نے اوسوقت نہایت کرم واشتن خیال
کرکے مجھسے فرمایا کہ مین نے میر مخلص حسین کو بھیجکر نواب معین الدولہ کو بلوایا ہے مین نے عرض کیا
اب یہ وقت عام ہے جسے چاہیے بلوائیے وہ وقت خاص گذر چکا پھر نواب نے مولوی محمد
خلیل الدین خان کو معمار کے ساتھ واسطے تجویز قطعہ شہ نشین مقام قبر
احاطہ رسالہ چھاؤنی سواران مینڈو خان مین بھیجا بعد ایک ساعت کے جانس
صاحب بہ گیدیہ چھاؤنی منشی یاون لشکر لیف لائے فقط اونھین کے آنے ہی کا
انتظار تھا بڑے صاحب کمرے سے باہر آئے اور انھین بھی کمرے مین لے گئے
بعد اسکے بادشاہ تخت روان پر سوار سوداخل بارہ دری ہوے پہلے

کرہ خاص مین جاکر موافق معمول دو رکعت نماز شکرانہ پڑھی عبائے خاص بر دوش زینے سے نیچے
پر کھڑے ہوے بڑے صاحب بھی برابر کھڑے ہوے مجد الدولہ چھوٹی کشتی مین تاج شاہی
لائے بڑے صاحب نے اپنے ہاتھ تاج فرق مبارک پر رکھکر فرمایا بزبان انگریزی کہ اب
واجد علی شاہ بادشاہ اودھ ہوے بعد اسکے بادشاہ نے جا نماز الوہ کے تخت جیسا کہ
بھی ہوتا ہے جلوس فرمایا پہلے نواب نے نذر دی اُسکے بعد سبکی نذرین نواب نے اُٹھائین
بڑے صاحب زیر تخت کرسی پر بیٹھے اور سب صاحبان عالیشان کھڑے رہے جو ملازم تھے
انھون نے نذر دی بادشاہ نے بانچ اسم سادات حسنی دستخط فرمائے سامنے مبارکباد
کا غل ہوا تاج ہونے لگا بائنڈہ انگریزی بجنے لگا شلک سلامی سر ہوئی شہر مین منادی
ہوئی اوسوقت گھڑی مین دیکھا تو ۲ ساعت ۵۳ دقیقہ گذرے تھے بعد ایکساعت کے تخت
سے اترے ایک طرف بڑے صاحب دوسری طرف بر گیڈیر تخت روان تک لاکر رخصت ہوے
بادشاہ سوار ہوے روشن چوکی بجتی ہوئی داخل محلسرا ہے پہلوے بارہ دری ہوے۔
صاحب رزیڈنٹ نے بر گیڈیر میجر کپتان لام صاحب کو حکم حفاظت پہرہ انگریزی
دیگر نواب امین الدولہ رخصت ہوکر سوار ہوگئے چھاؤنی سے پانچ کمپنیان جو واسطے بندوبست کے
آئی تھین اونکو روز سوم انعام دیکر رخصت کیا بدستور پہرہ انگریز بکارنل جان بلی صاحب کیوقت سے چلا آتا ہے
قریب دو پہر رات کے نواب امین الدولہ دیوڑھی عصمت سرا خاص پر گئے مقربان جنت مکان
سے سرگذشت بیان کرکے پھر حاضر حضور بادشاہ ہوے راہ مین قمبر علی خان نے خاصہ
طعام کو عرض کیا بندوبست اور سیخ اکبر علی مہتمم دیوانخانہ محلسرا کے دروازے پر کھڑے رہے جب
مرد اسکندر حشمت بھائی کو نذر دیکر بہت شدت سے رو دیے جاتے تھے اونکی بے قراری سے
معلوم ہوتا تھا کہ انھین کا باپ مرگیا ہے اونکے پیچھے حکمت الدولہ اور اوفکا بیٹا تھا اوسوقت
بموجب ملازمین خاص و عام دلیسری سے ایک ہنگامہ شور و غل کا برپا تھا نواب رخصت ہوکر محلسرا
قدرت مین آئے بینماز مغرب اوسوقت نصیب اوسکے دولت ہوئی امیر الدولہ دو جوان اولش لیکر
آئے اوسوقت قریب دو ساعت کے رات گذری ہوگی بندہ راہی کربلا سے سرا میں جا اترا اوس
کو ابر غنظ ہر طرف سے گھیرے ہوا تھا اور کچھ ترشح بھی ہوتا تھا در دولت سے تا کہ سجار باغ تک عجب

کمرہ خاص مین جاکر موافق معمول دو رکعت نماز شکرانہ پڑھی عبائے خاص بر دوش زینے سے تخت
پر کھڑے ہوے بڑے صاحب بھی برابر کھڑے ہوے مجدالدولہ چھوٹی کشتی مین تاج شاہی
لائے بڑے صاحب نے اپنے ہاتھ تاج فرق مبارک پر رکھکر فرمایا بزبان انگریزی کہ آپ
واجد علی شاہ بادشاہ اودھ ہوے بعد اسکے بادشاہ نے جارزالو ہوکے تخت جیسا فرشا میا
بھی ہوتا ہے جلوس فرمایا پہلے نواب نے نذر دی اُسکے بعد سبکی نذرین نواب نے اُٹھا ین
بڑے صاحب زیر تخت کرسی پر بیٹھے اور سب صاحبان عالیشان کھڑے رہے جو ملازم تھے
انھون نے نذر دی بادشاہ نے پانچ اسم سادات حسنی دستخط فرمائے سامنے مبارکباد
کا غل ہوا ناچ ہونے لگا بائنڈ انگریزی بجنے لگا شلک سلامی سر ہوتی شہر مین منادی
ہوئی اوسوقت گھڑی مین دیکھا تو ۹ ساعت ۳۵ دقیقہ گذرے تھے بعد ایکساعت کے تخت
سے اترے ایک طرف بڑے صاحب دوسری طرف بر گیڈیر تخت روان تک لاکر رخصت
بادشاہ سوار ہوے روشن چوکی بجتی ہوئی داخل محلسرائے پہلوے بارہ دری ہوے۔
صاحب رزیڈنٹ نے بر گیڈیر میجر کپتان لام صاحب کو حکم حفاظت پہرہ انگریزی
دیگر نواب امین الدولہ رخصت ہوکر سوار ہوگئے چھاؤنی سے پانچ کمپنیان جو واسطے بندوبست کے
آئی تھین اونکو روز سوم انعام دیکر رخصت کیا یہ دستور پہرہ انگریز بکا کرنل جان بیلی صاحب کیوقت سے چلا آتا ہے
قریب دو پہر رات کے نواب امین الدولہ دیوڑھی عصمت سرا خاص پر گئے مقربان جنت مکان
سے سرگذشت بیان کرکے پھر حاضر حضور بادشاہ ہوے راہ مین قمبر علی خان نے خاصہ
طعام کو عرض کیا بندہ اور سیج اکبر علی مہتمم دیوانخانہ محلسرا کے دروازے پر کھڑے رہے جو نکل
مرد اسکندر حشمت بھائی کو نذر دیکر بہت شدت سے روتے جاتے تھے اونکی بے قراری سے
معلوم ہوتا تھا کہ انھین کا باپ مرگیا ہے اُنکے پیچھے حکمت الدولہ اور اونکا بیٹا تھا اوسوقت
بحوم ملازمین خاص و عام دلیعہدی سے ایک ہنگامہ شور و غل کا برپا تھا نواب رخصت ہوکر محلسرائے
قدرت بیگم آئے یہ نماز مغرب اوسوقت نصیب اوکنا دولت ہوئی امیر الدولہ دو جوان اردلی لیکر
آئے اوسوقت قریب دو ساعت کے رات گذری ہوگی بندہ راہی کربلا معلی خدا بخش ہوا اوس شب
کو ابر غیظ ہر طرف سے گھر ہوا تھا اور کچھ ترشح بھی ہوتا تھا در دولت سے تا کہ سچار باغ تک عجب

زائچہ مولود شاہی موافق استخراج اہل نجوم

تولد بادشاہ دہم شہر ذیقعدہ روز سہ شنبہ یکپاس روز برآمدہ ۱۲۳۷ ہجری مطابق ۱۸۲۱ء و ۱۲۲۹ ف طالع وقت سنبلہ کوکب عطارد ۱۸۷ اساون سدی ۱۲ روز منگل ۵۸ گھڑی ۲۹ پل چھاکچھتر ۲ - گھڑی ۲۳ پل اندر جوگ



طالع وقت سنبلہ برج خاکی جنوبی ذوجسدین اوسکا کوکب عطارد برج دلو مین ۶ - خانہ محل وبال آفتاب اوسمین زہرہ زحل جمع ہے منسوبات ۶ - خانہ دشمن وجنگ وخوف و نفع وغلبۂ اعدا برد لو برج مذکر بادی ۹ خانہ ثابت اوسکا کوکب زحل اپنے گھر پر کمال قوت سے زحل قوت دشمن وافسونگری وحیلہ جوئی ودروغگوئی ومکاری اوسکی زحل آفتاب سے دشمن ہے نصارا اوشاد اتالیق بادشاہ ہی اوسکی دلیل یہ ہی کہ بادشاہ سے خصومت ہوا یک دوسرے کی مشارکت سے زہرہ کو زحل سے دوستی ہے عطارد کو آفتاب سے یہ چار دن کوکب ۶ خانے مین سخت ہوتے ہین دوسرے خانہ مین راس دلیل نقصان مالی مریخ ۴ خانہ مین اچھا نہین ذنب ۸ خانہ مین اچھا نہین قمر ۵ خانہ جدی مین خانہ دشمن وخانہ ہبوط قمر مشتری خوب ہے اگرچہ خانہ دشمن مین ہے واللہ اعلم یہ بڑا علم ہے مگر اس سے استخراج مشکل ہے یعنی اصل حقیقت نحوست وسعادت۔

اکثر بلاد مین قدیم جدید کو خطاب شاہی ملا مقربان خاص صاحب تشخیص ہوے آئندہ امیدوار فضل وکرم سے

شاہان چہ عجب گر بنوازند گدارا۔

الغرض ۱۵ دن تک طریق ملاحظہ کاغذ اور صورت دربار شاہی آ دستور زمان سابق رہی
بعد اسکے شہنشاہ منزل مین تشریف رکھنا فرخ بخش بیت السلطنت قدیم کو بہتر سمجھکر
چھوڑنا منظور خاطر اقدس ہوا کسواسطے کہ دہان صحن وسیع اور لطافت ہوا زیادہ ہزبر لیصاحب
نے دوستانہ سمجھایا کہ اگر بدستور آبائے کرام کے نہین تشریف رکھیے تو بہتر ہے اوسوقت بادشاہ
نے فرمایا مجھے یہان کی ہوا ناموافق مزاج ہے اور یہ امر کچھ آپ کے خلاف بھی نہین۔ بعد اسکے
اہل دربار اور شاہزادگان و امرا کو حکم ہوا کہ ہر اتوار کو صبح کے وقت دربار سب کو بھی فرخ
بخش مین حاضر ہوا کرین مین بھی وقت خاص پر آیا کرونگا۔

خلاصہ یہ کہ ۹ بجے نواب امین الدولہ مہاراج مدبر الدولہ دبیر الدولہ اور اہل دفتر خاص در دولت
پر دولتخانہ قدیم مین حاضر ہونے لگے وقت ملاحظہ کاغذ ہر ایک حاضر ہوتا تھا بعد دوپہر کے جب
نوبت زوال شمسی بجتی تھی برخاست ہوتی تھی اسکے بعد صحبت خاص مقربان قدیم ہوتی تھی کئی
دن تک سواری مین دو ترک سوار آگے صندوقچے لیکر چلتے تھے راہ مین جو مستغیث عرضی دیتا تھا
صندوقچے مین داخل کر دیتے تھے وقت ملاحظہ کاغذ اونپر حکم نوشیروانی مزین بدستخط خاص ہوتا تھا
اسکا نام مشغلۂ نوشیروانی رکھا تھا اہلکارون کو اس سے خوف اور رعایا کو باعث ازدیاد
تقویت ہوتا تھا فی الحقیقت بہت خوب مشغلہ تھا اگر اسے قیام رہتا۔

دوسرے ہفتہ کو روز سہ شنبہ کوٹھی رزیڈنسی مین صحبت چاے پانی ہوئی موافق معمول کے نواب
علی نقی خان امیر الدولہ سیر مہدی علیخان داخل زمرۂ کرسی نشینان ہوے وقت رخصت بڑے
صاحب نے حسب دستور شتہ ان دونون صاحبون کو ہار گونہ اور عطر دیا

تفصیل اولاد و محلات بادشاہ

نواب خاص محل مخدرہ علیہ سے

۱۔ خسرو مرتبت دارا شوکت نوشیروان قدر مرزا محمد علی حیدر بہادر معذور معروع۔

۲۔ ابو الحسن غفور جاہ خاقان حشم صاحب عالم مرزا محمد جاوید علی بہادر۔

۳۔ ابو النصر کیوان قدر صاحب عالم مرزا ولیعہد محمد حامد علی بہادر۔

۴ - قمر قدر مرزا عابد علی بہادر -
۵ - آسمان جاہ مرزا کاظم علی بہادر نواب رشک عالم صاحبہ سے -
۶ - صاحب عالم مرزا علی مرزا خوش بخت بہادر - اختر محل
۷ - جنرل فریدون قدر محمد ہزبر علی بہادر -
۸ - محمد علی - معشوق محل
۹ - مرزا برجیس قدر - نواب حضرت محل
۱۰ - قمر احسن مرزا - مہدی بیگم صاحبہ
۱۱ - قمر قدر مرزا -
۱۲ - محمد عابد علی بہادر - فخر محل
۱۳ - مرزا آسمان جاہ - رشک محل
۱۴ - قمر احسن مرزا واجد محل
۱۵ - قمر احمد مرزا جمجاہ علی بہادر - معشوق محل
۱۶ - مرزا محمد جوگی بہادر - جہان پناہ محل
۱۷ - مرزا محمد جلال بہادر - صدر محل
۱۸ - قمر احسین مرزا بابر بہادر - اکلیل محل
۱۹ - بلند جاہ مرزا محمد عسکری بہادر - عیش محل
۲۰ - مرزا کام بخش بہادر - الفت محل
۲۱ - روشن گہر مرزا قائم علی بہادر - حور محل
۲۲ - مرزا مسعود علی بہادر - شاہ نواز محل
۲۳ جہان پرور مرزا محمد کاظم علی بہادر - دل افروز محل
۲۴ فرخ مرزا ابو تراب بہادر - نو نہال محل
۲۵ - مبارک مرزا علی بہادر - ہمایون محل
۲۶ - اقبال جاہ مرزا محمد ہادی بہادر - تابان محل

۲۷- سیف الملوک مرزا خادم حسین بہادر	سنبھا محل
۲۸- تاج الملوک مرزا کاظم حسین بہادر	محبت محل
۲۹- سلطان مرزا محمد رضا علی بہادر	بے نظیر محل
۳۰- مسرور مرزا حسین علی بہادر	تابان محل
۳۱- بہادر جاہ مرزا محمد اکبر بہادر	شہزاد محل
۳۲- ہمایون جاہ مرزا محمد اصغر بہادر	پیارا محل
۳۳- محمد علی مرزا بہادر	عالم افروز محل
۳۴- عوالی مرتبت مرزا محمد ابراہیم علی بہادر	دل نما محل
۳۵- دلاور جاہ مرزا محمد علی نقی بہادر	نبگالہ محل
۳۶- خورشید مرزا محمد کاظم حسین بہادر	دلاتی محل
۳۷- کامیاب مرزا محمد باقر حسین بہادر-	دلاویز محل
۳۸- دارا جاہ مرزا ابوالعلی بہادر	مبارک محل
۳۹- بلند اختر مرزا محمد محتشم بہادر	شباب محل
۴۰- مرزا اختر جاہ	صغیر محل

تفصیل شاہزادی ہای عصمت مآب

۱- شہر آرا نواب کبریٰ بیگم	سلیمان محل
۲- صغرا بیگم	عزت محل
۳- جہان آرا بیگم	حور محل
۴- سریرارا نواب زینب بیگم	خاقان محل
۵- تخت آرا نواب شہر بانو بیگم	نواب بیگم
۶- کیمین آرا نواب رقیہ بانو بیگم	شبیدا محل
۷- دہیم آرا نواب نبت السلطان بیگم	ملکۂ سروسہی

۸	نواب سریر آرا بیگم	خاقان محل
۹	بنت الملک نواب صغرا بیگم	معشوق محل
۱۰	تاج آرا نواب صبیہ سلطان بیگم	شہزادہ محل
۱۱	مرتبہ آرا نواب سکینہ بیگم	سلطان محل
۱۲	حکم آرا نواب شہر بانو بیگم	جہاں پناہ محل
۱۳	نزاکت آرا نواب محمدی بیگم	سرفراز محل
۱۴	محفل آرا نواب معصومہ بیگم	صنوبر محل
۱۵	محل آرا نواب کستر صادق	صدر محل
۱۶	منزلت آرا نواب رقیہ بیگم	محبوب محل
۱۷	عفت آرا نواب طیبہ بیگم	کجسم محل
۱۸	حسن آرا نواب فاطمہ بیگم	عیش محل
۱۹	ملک آرا نواب عابدہ بیگم	عمدہ محل
۲۰	بہار آرا نواب کنیز حسن بیگم	بوٹہ محل
۲۱	بزم آرا نواب سکینہ بیگم	منصور محل
۲۲	رزم آرا نواب خدیجہ بیگم	منصور محل
۲۳	مشرف آرا نواب کنیز فاطمہ	حسن محل
۲۴	مروت آرا نواب مہدی بیگم	ملکۂ سیمتن
۲۵	شکوہ آرا نواب شہیدا بیگم	اعلے محل
۲۶	گوہر آرا نواب نیکبخت بیگم	حسن محل
۲۷	سیما آرا نواب کنیز جعفری بیگم	حضرت محل
۲۸	بدر آرا نواب اکبر بیگم	خوشحال محل
۲۹	شہر یار آرا نواب معنی بیگم	مبارک محل
۳۰	سلطان آرا نواب پوتی بیگم	صاحبزادی جرنیل صاحب

۳۱ - بادشاہ آرا نواب بادی بیگم -	بادی محل
۳۲ - تاجدار نیک نہاد بیگم	مرغوب محل
۳۳ - زکیہ بانو بیگم	بارگاہ محل

شاہزادے - للعہ - شاہزادیان ہیں - جملہ ہیں

یہ تفصیل کئی برس پیشتر کی ایک دوست نے کلکتہ سے بھیجی تھی غالب ہے اس مدت میں اور ہوتی ہوں حضرت عرش منزل کی محلات اس کثرت خداداد سے نہ تھے۔ مگر حضرت سلطان عالم کو اپنے مبدء جود و فیض سے عنایت ہوئے - اللھم زد ولا تنقص -

تمنوی ساختہ نواب امین الدولہ من کلام منشی احمد

بیا اے خامہ تا رسم فسانہ — رقم سازم ز آشوب زمانہ
برائے بندگان خاص داور — رسد آلام روحانی مقرر
غم و رنجے کہ در عالم عیان است — پے مومن برائے امتحان است
نمائم شرح این اجمال اکنون — بر نگ مثنوی و طرز موزون
بعہد بادشاہان اکثر اوقات — بملک ہند شد ز نیگونہ آفات
پس از فرخ سیر از دست دشمن — بہر یک حال سادات ہست روشن
مگر بود آنہمہ از فتنہ زدان — مکافاتے ز خون بادشاہان
بعہد آصفی مختار دولہ — شدہ مقتول خنجر در اٹاوہ
بود اسباب قتل او نمودار — بظاہر جرم و بدخواہی سرکار
شدہ ہنگامۂ اکثر امیران — بدہلی ہمچنین بعد از نجف خان
بہر یک بود دعوائے ریاست — باین اسباب شد بغض و عداوت
ازین ہنگامہ از بہر ہر یک — ثبوت وجہ وحقے بود بے شک
مگر در لکھنؤ از جور گردون — نباشد فتنہ بے وجہ اکنون
کہ از نیرنگ گردون دون آہ — عجائب سانحہ رو داد ناگاہ

امین الدولہ دستور معظم — وزیر باکرم ثانی رستم
بحسب عادت خود صبحگاہان — روان شد از پے مجرای سلطان
بدو رکابیش ہنگام رفتار — شدہ ہمراہ معدودے جلودار
بظاہر پنج شش کس از سواران — بجز سید ہمہ زنہاے میدان
یکے نامرد صیلے لنگ پا بود — بخفت نام شریر و بے حیا بود
دگر در مذہب خود بودہ ارشد — خلافت مسلک آل محمد
سوم مشہور ہر بر نا و پیر است — جوان خوب نامش شاہ میر است
چہارم بود سید میر میدان — شہید و عاشق شاہ شہیدان
علی اورا ہمیشہ در امان داشت — چو فرزندان خود مانند جان داشت
پیادہ چند کس از خاص بردار — بدست ہر یکے برق شرر بار
یکے سر کردۂ آنہا برہمن — ہولاس اسم بدل مانند بہمن
غرض بگھی بیامد در روانے — بزیر مسجد سلکہ زمانے
ہمانجا چار کس از بہر معاشان — بباطن کافر و ظاہر مسلمان
یکے فضل علی و دیگر اکبر — دو کس دیگر تفضل نام و حیدر
بہم ہر چار کس کردند قرار — کہ بر ما بیکسان گردید بیداد
ستم از مردمان راج پلیٹن — کمیدان بے سبب گردیدہ دشمن
مرا دانستہ از جنس پیادہ — ز تنخواہم بما دامے ندادہ
شنید این نالہ چون نواب ذیجاہ — ازین فریاد ہر یک گشتہ آگاہ
بہ فرط رحم و عدل و بذل و اشفاق — عنانے در کشید از زدی اخلاق
کہ ناگہ چون سگ آن سگہا دویدند — ہمہ تا زنیۂ بگھی رسیدند
ہولاس آن چاکر بگھی بیک بار — زدہ یک ریسمان بر آن سیہ کار
چو این جرأت نمودہ آن دلاور — دگر شمشیر زد بر دست چاکر
یکے زان چار کس بندوق سر داد — ہر فتہ گلہ بندوق بر باد

دگر سگ چون سگِ دیوانه بیتاب
پگھی رفت بہر قتل نواب

دران ہنگامہ دستورِ معظم
کہ در جرأت بود ثانی رستم

بزد دستے بر آن نامرد ناپاک
کہ او از صدمہ اش افتاد بر خاک

بہ ہمراہش باقبال خدا داد
بر دے سینہ اش نواب افتاد

بسان این ملجسم دیگرے آہ
بزد ضربت بہ دی پشت ناگاہ

یکے دانست کان نواب ضرغام
رسانده کار افتاده باتمام

ہلاس آن وجہت کار شیر نرکرد
کہ بر نواب خود خود را سپر کرد

تو اینک دگر یک بار سر داد
کہ آن بر سینۂ آن شیر افتاد

بضرب گلہ فوراً گشت بیجان
زجرأت لیکن او مانند شیران

شده بر قاتل خود حمله آور
زده یک زخم شمشیر آن دلاور

پس انگہ بر زمین از پا در افتاد
تصدق گشت بر نواب جان داد

سوارانے کہ اول گشت مذکور
زخوف جان خود گشتند مفرور

شنیدم شاہ سیر آن دم مکرر
ز بیم جانِ آقا گشته مضطر

باین الفاظ مے کرد آہ و نالہ
کہ از جان مے رود نواب والہ

یکے بر دست آن مرد فراری
زده شمشیر بہر یادگاری

دران ہنگامہ لیکن سید پاک
بسان شیر نر بوده عضنباک

ز بس شمشیر بیش نوکرش بود
تلاش نوکر و شمشیر بنمود

بہ لاچاری بباید از سر زین
نموده حمله آن مرد خوش آئین

دو کس را چند با مشت و لگد زد
پس انگہ دفعتہً در یادش آمد

کہ دارم کار دزیب کمر ہم
کشیده نوکر نو ہمان دم

بدشمن می زد آن کار دچو شیران
شده خم کار دآن مرد میدان

بخط حربہ چون باشد سپر دست
رسیده چار زخم تیغ بر دست

دران شد شل دریا خون سید
شده خم قامت موزونِ سید

مبل چون بے سلامے نقش بر بست — تزوج تکیہ بہ دیوارے دبر بست
چو شد نواب بے یار مددگار — نمودہ آن سگان او را گرفتار
ولیکن از زبان بہ شقاوت — سہے کردند اقرار جماعت
کہ اے نواب مثل دلاور — ندیدم در جہان از لشکر اکبر
ترا اصلا خیال ظلم من نیست — ز جرات بر جبین تو شکنی نیست
ز انسخالت وزیر از دوستی جرات — چنین فرمود با اہل سفاہت
اگر دارید قصد کشتن من — نمودم صبر نیک تیغ و گردن
نمامد لیک در امدک زمانے — بہ عالم از شما ہر گز نشانے
اگر باشد طلب دیگر شما را — کنید از راہ خود آگاہ ما را
رسانم تا کہ آن مطلب بانجام — ازین شورش بنا شد ہیچ فرجام
چو از کردار خود شرمندہ بودند — بہ پاسخ از خجالت لب کشودند
کہ اے بحر کرم را بے مبادر — بہ عالم نیست مثل تو مبادر
چنین کس را اگر سازیم بیجان — نباشم از گروہ مرد میدان
ز تو خواہیم اے نواب والا — امان جانہاے خویشتن را
پس انگہ گفت آن نواب ذیجاہ — مناسب نیست شورش در گذرگاہ
ازین ہنگام جاے بردہ ما را — ز من عاجز بدہ اطمینان خود را
پس آن سگہا ز راہ پاس آداب — فشانیدند دزدوکان تعجب
وزیر انگہ ہر یک این صدا ازد — کہ ہیچم ہیچ کس اکنون نیاید
خبر وحشت اثر را چون شنیدند — امیر الدولہ ہم غوغا آمد سیدند
یکدم در جہان ہنگام شدت — یکجا ہر یک از ارکان دولت
فراہم شد چو ہر سو فوج سرکار — شدہ ہنگامہ محشر نمودار
بجانبازی ہمہ بودند موجود — ولے با ہر یکے نواب نمود
اگر حفظ من اول خستہ خواہید — بہ چنین ما کنون ہر گز نیائید

امیر الدوله چون بود در بتاب — نظر کرده بحضرت سوی نواب
به گفتا با یکے زان بد معاشان — شما هستید آخر اهل ایمان
امیر اهل ایمان است نواب — ز ایذای جراحت هست بیتاب
ز راه رحم او را وا رهانید — بجایش پیش خود نا را نشانید
کلام من اگر ساز ید باور — دهم پنجاه تا از صد تومان زر
هم از روی حلف سازم ضمانت — که تا جان شما باشد سلامت
به گفتا آن همه اهل شقاوت — اگر صاحب کلان سازد ضمانت
نماید از زبان خود چو اقرار — شوم زین فعل بیجا دست بردار
همانم صاحب و الا مناقب — ز شفقت آمد و با چند صاحب
دگر گون قصد دشمن را چو دیدند — همه از روی دانش پا کشیدند
اجازت خواستند زنها رزیدنٹ — برفتند اول آ تنها رزیدنٹ
پس انگه صاحبان را هم طلب کرد — ز دشمن پرسش وجه السبب کرد
بگفت اول ز درد زخم نواب — نهایت مضطر است و سخت بیتاب
برای حاکم این شدت نباید — چنین کس را چنین ایذا نشاید
برای بخیه گر باشد اجازت — نباشد دور ازین شرافت
بگفته آن همه بسیار بهتر — همان دم آمده از لطف داور
یکے بخیه زنے از توپ خانه — که بود آن شخص اوستاد زمانه
زده چون بخیه ها در زخم نواب — شده نواب را بس خواهش آب
دو سه بار آب خاصه نیز طلبید — بجوش تشنگی نواب نوشید
به انگریزی جوابش داد صاحب — نباشد اینچنین سرعت مناسب
به انگریزی به گفتا داکٹر هم — یک کار دگر گشتن مے توانم
رزیڈنٹ آن زمان کرده ضمانت — بگفتا با همه اهل شقاوت
که انیک ضامن جان شما ام — بدولتخانه خود مے نشانم

زر مقبولہ ہم محمول فیلان — طلب کرد است نواب فلک شان
شوید اکنون سوار فیل بازر — بجا آرید از دل شکر داور
عرض نواب را صاحب رہا نید — بہ پشت فیل اعدا را فشانید
ع زر تا رزمد نئے ببرد ہ — بسر ہنگان انگر نیہی سپرد ہ
سوار پالکی خس گشتہ نواب — روان شد مثل خورشید جہانتاب
بدولتخانہ از اقبال شاہی — بیامد از عنایات الٰہی
پس از دو روز گشتہ روبکاری — بجمعہ امر کہ از تائید باری
بجرم آن سیہ کاران نظر کرد — ز کوتھی صاحب آنہا رہا کرد
شدہ آن جملہ بیرون گشتہ محبوس — ز جانِ خویشتن بودند مایوس
مگر جرم ہمہ نواب ذیجاہ — ز راہ مرحمت بخشید فتحر
ولیکن پیشتر زان با فی شہر — شدہ زین گونہ چون احوال اکثر
ز خونِ دلرشان خویش و ناگاہ — نمود اکثر رعیت نالہ و آہ
بجرم سابقہ در بند زندان — شدند از حکم شاہی با بہ جولان
بہر یک جرم شان گردید ظاہر — ولیکن روبکاری ہست دایر
وزیر اعظم از راہ عنایت — بہ آنہا مے کند اتمام حجت
ز راہ رحم و با الطاف بسیار — طعام خاصۂ خود مے فرستد
خدا نواب را دارد سلامت — برائے بندگان ست آب رحمت
بافضال خدا نواب و+ لا — رہا گردید چون از شر اعدا
ز پس از تیغ کین مجروح بودہ — علاجش داکٹر صاحب نمودہ
شدہ در عرصۂ یک ماہ کامل — شفا از جملہ مکروہات حاصل
بہر یک خلعت وزر شد عنایت — برسم تہنیت شد جشن عشرت
بروز پنجشنبہ بعد یک ماہ — چو آمد بہر بوسِ شہنشاہ
عطا خلعت شاہانہ پرزر — بہ فیل و پالکی و لعل و گوہر

نواب مدار الدولہ علی نقی خان

ALINAQUI KHAN

ز کشر شریف وزارت گشت افزود ۔۔۔ ز رخت ریشی اشیائے معدود
ز ره خود و کمان و داستانه ۔۔۔ دگر چار آئینہ ہم پرستانه
شہنشہ اینچنین کردہ عنایت ۔۔۔ نمودہ جملہ مختار ریاست
بحمد اللہ کہ بر نواب ذیجاہ ۔۔۔ شدہ زینگونہ الطاف شہنشاہ
بدورش کشتہ شد این احمد پیر ۔۔۔ کہ دارد شہرتے در فن تحریر
بہ پیری بر طرف گردید ناگاہ ۔۔۔ کند ہر روز و ہر شب نالہ و آہ
گدائی نیست ہرگز عادت او ۔۔۔ بہ پیری شد پریشان حالت او
سعید الدولہ او را پیش ازین آہ ۔۔۔ نمودہ از ستم چون قتل ناگاہ
شہ جنت مکان از روی اعجاز ۔۔۔ نمودش زندہ ہم کردش سرافراز
کنون از رحمت نواب عالی ۔۔۔ شدہ شامل بامید بحالی

برائے چاردہ معصوم او را
دوبارہ زندہ کن نواب والا

مغفور نواب امین الدولہ و منصوبی سید علی نقی خان بہادر

خلاصہ باوجود اسقدر تفصیلات ظاہری شاہی صحبت نواب اہلکار و مقربان محفل عیش و نشاط سلطانی سے نہ تھی بلکہ ہر روز بگڑتی چلی گئی اور خاطر ہمایون مین غبار زمان ماضیہ کی بہر نو پیدا ہوئی چند روز امیر الدولہ کی جہت سے گذری نواب نے حسب فہمایش و صلاح وی اپنے خیر اندیشون کے اتمام حجت سمجھ کر بعد جلوس بادشاہ اوسکے دوسرے دن میرے صاحب سے عرض کیا کہ میری مدت عمر وزارت بعد وفات جنت مکان کے تمام ہوچکی اب میرے واسطے کنارہ کشی بہتر ہے کسواسطے مثل مشہور ہے کہ باپ کا نوکر کبھی بیٹے کے کام کا نہین ہوتا چار دن کے بعد اگر کسی اتہام یا الزام سے موقوف ہوجاؤنگا باعث میری سبکی اور نارسائی کا ہوگا بلکہ کیا عجب ہے کہ حسن خدمت و خیر خواہی زبان ماضیہ کی مثل جاے اب بادشاہ جس شخص کو چاہین مین اوسے بخوشی اور اپنی رضامندی سے

خلعت وزارت پہناوون آئیدہ اگر حسن خدمت سمجھین تو جو کچھہ مناسب ہو میرے واسطے مقرر فرمائین مین اوسپر قناعت کرکے دعاے دولت دیا کرونگا اور خوب سمجھتا ہے کہ بادشاہ بدل مجھسے صاف نہین اور نہ کبھی ہونگے دوسرے اونکے مقربان خاص سے نہ نیکی بُرے صاحب نے جواب دیا کہ اگر ایسی اتہدا وقت مین تم کنارہ کش ہوجاؤگے ہمارے نزدیک خلاف تمھاری قدامت وخیرخواہی زمان ماضیہ کے ہوگا کسواسطے کہ جتنا بادشاہ کو تمھارا پاس و حفظ مراتب وشنوائی نیک وبد صلاح کا ہوگا دوسرے کا نہوگا مگر تم ازراہ تامل اندیشی عذر کرتے ہو ہم بھی بادشاہ سے اس باب خاص مین استمزاج لینگے اور دوستانہ صلاح نیک دیکر سمجھائینگے چنانچہ بُرے صاحب نے بادشاہ سے مشروحاً سب گزرے نشیب وفراز سے سمجھایا بادشاہ نے فرمایا مجھے اونکی نمک خواری وخیرخواہی سے تعجب ہے کہ مجھسے اسوقت مین کنارہ کش ہوتے ہین مین اونکے حقوق کو حضرت جنت مکان سے کم نہین سمجھتا جب بُرے صاحب نے ایسے کلام سنے مطمین ہوے اور نواب کی بہرصورت خاطر جمع کردی پھر نواب نے نواب ملکہ آفاق اور نواب ملکۂ کشور سے بھی عذر کنارہ کشی عرض کیا اونھون نے بھی وہی جواب دیا کہ سبحان اللہ تم چاہتے ہو قدامت اور نمک حلالی کو اپنے ہاتھ سے مٹاکر دوسری صورت کیا چاہتے ہو پھر ایسا نمک حلال خیرخواہ کون ہوگا بعد اسکے نواب نے بادشاہ سے بھی عرض حال کیا بادشاہ نے وفور عنایت سے اپنے گلے لگالیا اور فرمایا مین تمھین بجاے حضرت جنت مکان سمجھتا ہون تم مجھے ایسے وقت مین چھوڑتے ہو نواب مطمین ہوے مگر یہ سب باتین ظاہر دنیاداری کی تھین باطن مین بے اصل اور نہ اسکا خیال ہوا کہ ہم آج جو یہ کہ رہے ہین کل جو انھین موقوف کرینگے تو بُرے صاحب سے کیا صورت ہوگی اونپر کذب وصدق ہماری منزلت کے خلاف نہ گزریگا اور وہ نہ کہینگے کہ آپ نے ہمارے کہنے سے کیون نہ موقوف کیا یہی فہمایش سبحان علیخان نے بعد حضرت خلدمکان نواب معتمد الدولہ سے کی تھی بلکہ رکس صاحب رزیڈنٹ نے بھی نواب کو دوستانہ سمجھایا تھا اونھون نے اپنے طمع نفسانی سے نمانا تھا اوسکا نتیجہ بھی دیکھا جب خود رائی وخودپسندی ہوگی البتہ یہی صورت ہوگی۔

خلاصہ بعد چند روز کے ایکدن بُرے صاحب نے بے انتظامی ممالک محروسہ کو بادشاہ سے کہا

نواب نے کہا کہ ابھی کے دن جاوس بادشاہ کو گذرے ہین انشاء اللہ جیسا آپ کے مکنون خاطر ہے ویسا طرح عمل مین آئیگا اس بیان سے بادشاہ کے خیال اقدس مین یہ آیا کہ تاکید شدید جو بڑے صاحب کر رہے ہین اس دھمکانے کے محرک فقط نواب ہوے مگر در پردہ اس تصور سے امور خلاف وناگوار خاطر ہونے لگے اور تجویز فرمایا کہ انھین سوقوف کرکے امیر الدولہ میر مہدی وزیر کیجیے انکے دماغ مین بوے کبر و نخوت سما گئی تھی چنانچہ ایک دن بادشاہ نے کمال وقورمتانت سے فرمایا کہ تم یہ مندیل وزارت سر پر رکھکر بار وزارت کو اوٹھاؤ اونھون نے بمقتضاے شرافت کے ہنوز پورا خلعت وزارت بھی نہوا تھا کہ اول کارروائی یہ کی کہ ایک معبد ہنود جو اونکے مکان کے قریب راستہ مین تھا تیسرے روز بانے مندیل وزارت کے کھدوا ڈالا کہ ہندوون کا سبب ناراضی ہوا اور دوکانین شہر مین بند ہوگئین ایک بلوہ سا ہوگیا اور لوگ مستغیث در دولت بادشاہ و زریڈنٹ پر پہونچے صاحب رزیڈنٹ بھی سوار ہوکر بادشاہ کے پاس آئے اور حسکم نظر بندی میرن مذکور جو موسوم بہ میر مہدی اور مخاطب بہ امیر الدولہ و قائم بوزارت ہوے تھے صادر ہوا اوس روز سے اپنے گھر پر مقید رہے بعد اسکے نواب علی نقی خان کو تجویز فرمایا انکی یاوری اقبال سے بہت سے اسباب بیرونی و اندرونی جمع ہوے حالانکہ روبرو امیر الدولہ کی بہ پایہ اعتبار مین نہ تھی ہر چند انھین از راہ عاجزی و بے اختیاری بدل اسمے صفائی منظور تھی لیکن امیر الدولہ نے اپنی خوبی فہم اور پندار غلط سے بی حقیقت سمجھکر نمانا اسقدر نخوت و تکبر ہوگیا تھا بلکہ واسطے کو جواب نامناسب دیا کہ صفائی اپنے ہمرے چاہیے سو دوسو کا درماہہ تمھارے واسطے ہوجائیگا تقدیر اوسپر ہنستی تھی کہ علی نقی خان کے ہاتھ سے یہی تمھارا ہوجائیگا چنانچہ وہی ہوا نواب علی نقی خان نبرمان حضرت خلد مکان ایکدن نواب امین الدولہ کی ملاقات کو آئے ایک دوستنے اونکا احوال پوچھا جو اونہوا کہ اب ہم بحکم بادشاہ مرزا سلیمان بہادر کے پیرہوی ہین اونھونے کہا بس تم سمجھ شکر بجالاؤ اسکا انجام ہم جانتے ہین تم نہین جانتے دیکھو تو خدا کیا اپنی قدرت دکھاتا ہے بعد اسکے جب راہ مین ملاقات اسسے ہوتی تھی پوچھتے تھے وہ انکو جواب دیتے تھے ابھی صبر کرنا بہتر ہے چنانچہ وہی صورت پیش آئی جیسا اونکو خیال گذرا تھا خدا کو بناتے کچھ دیر نہین لگتی لاتقنطوا من رحمۃ اللہ۔

غرض نواب امین الدولہ سے روز بروز بے لطفی بڑھتی چلی گئی اور اونھین بھی اپنی مغروری کا یقین

ہوگیا اور امن جستجوی قیام وزارت مین لوگون کے کہنے سننے سے کچھ روپیہ بھی صرف کیا لیکن بیفائدہ اور بے محل کیا بلکہ ایک مقربان محل خاص سے جسدن او سے کچھ ملا او سی رات کو وہ مرگئی خود نواب او سکے دینے پر افسوس کرتے تھے آخر ۱۹ شہر رجب ۱۲۶۳ھ روز شنبہ ۹ بجے مطابق ۹ جولائی ۱۸۴۷ء اگرچہ کیفیت شدنی سے باخبر ہو چکے تھے کہ آج مین خانہ نشین اور اپنے عہدے سے موقوف ہوجاؤنگا لیکن چار و نا چار موافق معمول در دولت پر حاضر ہوے مشیر الدولہ مہاراج بالکرشن بہادر اور اہل دفتر بھی سب حاضر تھے مصاحب الدولہ نے آکر کہا کہ بادشاہ نے مہاراج اور راجہ کندن لال میر منشی کو یاد فرمایا ہے پہلے اونھون کے جانے مین کچھ مکث کیا دوبارہ پھر طلب ہوی نواب نے فرمایا تم کیون نہین جاتے عرض کی آج خلاف معمول ہوتا ہے کسواسطے کہ ہر روز آپ کے ساتھ جاتے تھے اس عرصے مین ایک خواص نے نواب سے کہا کہ آپکو حکم برخاست ہوا ہے نواب یہ سنتے ہی سوار ہوکر اپنے گھر چلے آئے بعد دوپہر کے ایک چوبدار سلطانی نے شیخ اکبر علی داروغہ دیوانخانہ نواب سے کہا کہ حکم بادشاہ یہ ہے کہ نواب سوار نہ ہون۔

بادشاہ نے اوسیوقت مصلح السلطان انجم الدولہ کو بڑے صاحب کے پاس بھیجکر کہلا بھیجا کہ ہمنے امین الدولہ کو موقوف کیا خلعت وزارت علی نقی خان کو دیتے ہین صاحب نے جواب دیا کہ مشورہ ہمارا نہ مغربی قدیم اور نہ منصوبی جدید مین ہی مین خود بادشاہ کے پاس آتا ہون جب تشریف لائے فرمایا کہ نواب گورنر جنرل عنقریب تشریف لایا چاہتے ہین اگر جب تک کسی امر جدید خصوصاً اس عہدہ جلیلہ وزارت مین توقف ہو تو بہتر ہے اس جہت سے اوسیدن کے خلعت مین تامل ہوا مگر صاحب کو نہایت ناگوار خاطر ہوا کہ ہمسے بادشاہ نے کہا کچھ اور کیا کچھ اگر ہماری فہمایش پر یہ امر ہوتا تو ہمکو ناگوار نہوتا بلکہ نواب امین الدولہ سے باعث حجاب ہوا کہ ہمارے سمجھانے سے اونھون نے اپنی کنارہ کشی مین تامل کیا فی الحقیقت یہی فرمانبری نواب کے کام آئی کہ بڑے صاحب کو انکی حمایت امور داخلیہ مین لازم ہوئی نواب معتمد الدولہ نے لاکھون صرف کرکے حمایت سرکار کی تھی انھین بیمنت سبب الاسبابی سے حاصل ہوئی بے دام اور درم صرف کیے۔ فی الحقیقت صاحبان عالیشان خلاف کو بہت برا سمجھتے ہین اور راست گوئی اور صداقت کو اچھا۔ بلکہ خدا بھی یہی سمجھتا ہے۔

غرض نواب علی نقی خان بحکم حضرت احکام عظام جاری کرنے لگے اور مصروف کاروبار ہوے پھر

یہ بھی تجویز ہوئی - کہ مثل زمان حضرت خلد مکان مرزا وسیع بہادر کو خلعت ہوا و نکی پیشدستی کا انھین خلعت دیجیے - پھر اسمین بھی تامل ہوا -

قبل ازمعزولی نواب ایک امر جدید یہ ہوا کہ کسی محلے مین اہل اسلام و ہنود و سلگیون سے بحیث ایک دہرہ جدید فساد ہوا جب پرچہ اخبار گذرا ثابت الدولہ وہاج الدولہ کو حکم ناطق ہوا کہ ابھی جاکر اوس دہرہ کو جو سراوگیون نے بنایا ہے کھدوا ڈالو اس حکم ناطق سے بعض نادان اہل اسلام نے اپنی جرأت اور حماقت سے کئی شوالون کو کھودوا لا قریب تھا کہ صورت بلوے عظیم تمام شہر مین ہوجاے یہ دہرہ جوہریون کا تھا بہت سے جوہری جمع ہوکر بڑے صاحب کے پاس فریاد کو چھاؤنی سنڈیاؤن مین گئے بادشاہ کو بہت ناگوار گذرا اس حبت سے گلاب رائے جوہری کارفرماے نواب تھا بڑیصاحب نے اسمین کچھ دخل نہ دیا مگر صدر مین رپورٹ کردی یہ شعلہ جدید بھی تھوڑا سا سلگ کر رہگیا -

بعد ایک مہینے کے جب رزیڈنٹ کو جواب رپورٹ باب وزارت مین حسب امر نئی بادشاہ آیا بڑیصاحب اور کپتان برڈ صاحب بادشاہ کے پاس آئے اوسکا جواب باصواب کیگئے کہ یہ امر خانگی ہے بادشاہ کی خوشی پر موقوف ہے روز چہارشنبہ بادشاہ نے پرچہ پیام منصوبی وزارت مین بھیجا مصلح السلطان انجم الدولہ زبانی بھی بڑیصاحب سے عرض کیا روز پنجشنبہ ۱۲ بجے ۲۲ شہر شعبان ۱۲۲۳ مطابق ۵ اگست ۱۸۰۸ء ۲۹ پارچہ کا خلعت وزارت نواب علی نقی خان کو اس خطاب سے الملک در رکن رکین خلافت وجہانداری اعتضاد سلطنت وشہریاری امیر الامرا مدار المہام وزیر معتمد الخاقان تلمیذ السلطان سیف مسلول بازوی شاہنشاہی رمح معقول معرکۂ دشمن گاہی صاحب مصاحد یکرنگی وصفا ناہج منابع صداقت ودوفا مرید مرشد پرست اخلاص گزین خانہ زاد عقیدت سرشت صفوت آئین مختار دی اقتدار یار وفادار سپہ سالار رستم ہند مدار المہام دولت منتظم الملک علی نقی خان بہادر سہراب جنگ فدوی خاص جان نثار ابو المنصور ناصر الدین سکندر جاہ بادشاہ عادل قیصر زمان سلطان عالم واجد علی شاہ بادشاہ اودھ خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ

یہ خطاب نامی جدامجد نواب کو تبرکاً اور تیمناً ہوا کہ قطع نظر مرتبہ جدی کے عمل موافق اوسکے زبردی ہو مگر بنوئی مصلح السلطان انجم الدولہ بہادر کو سفارت رزیڈنٹ حشمۃ الدولہ مرحوم میرزا

موقوف اہتمام الدولہ حیدر حسین خان کو اہتمام دیوان عام میر یوسف علی خان برادر نسبتی اہتمام الدولہ کو خدمت اہتمام الدولہ امیر الدولہ خانہ نشین سیف الدولہ علی حسین خان خدمت قدم دیوانخانے سے موقوف خانہ نشین ہوئے مشیر الدولہ مہاراجہ بالکرشن سیاہ کو خدمت دیوانی راجہ بہاری لال کو خدمت داصلباتی بدستور بحال رہی اور کسی عہدہ کو تغیر و تبدل نہوا بشیر الدولہ کامین الدولہ۔ دیانت الدولہ۔ احسن الدولہ۔ فیروز الدولہ کو نظارت محلات معلی اور خدمات عالیہ اور حاجی شریف ان سب خواجہ سرا کو خدمتین عنایت ہوئین حاجی شریف کو رسالہ ترکسواران خاص اور کئی ہزار تلنگہ مابین اسیطرح ثابت الدولہ۔ وہاج الدولہ۔ رضی الدولہ۔ نجیب الدولہ۔ قطب الدولہ۔ انیس الدولہ۔ مصاحب الدولہ۔ ان سب ارباب نشاط کو خدمات عالیہ مابین قطب الدولہ کو کچھ علم تھا اس جہت سے وہ تحظاعرضداشت وغیرہ مین داخل تھا اور ان دونون فرقہ خاص کے احکام فوق احکام وزیر اعظم ہوتے تھے اور ان سب کا دماغ فلک مشتہی ہوگیا تھا مصاحب الدولہ بسبب اپنی صلاحیت مزاج کے فی الجملہ نیکنام رہے اور مقید صوم و صلوٰۃ بھی تھے۔

فی الحقیقت اگر بہ نظر انصاف دیکھئے تو امر وزارت بڑا بار عظیم ہے ہر شخص مین مشکل سے قابلیت بار عظیم سلطنت کے اوٹھانے کی ہوتی ہے اگر کتب تواریخ مین دیکھئے تو اس امر خاص کو دانشمند حکیم تجویز کرتے تھے یا وہ لوگ جو جبلتاً و نسباً خصوصاً من حیث العمل اچھے ہوتے تھے اور اپنے حق خدمت کو جانتے تھے اور مناصب لیاقت صاحب علم خدا پرست سزاوار امانت و دیانت ہوتے تھے نہ یہ کہ شخص جاہل ہو کر اس سلطنت مین ہمیشہ سے یہ عہدہ جلیلہ رفامندی اور خوشنودی حاکم وقت پر اسی بات سے اصل ہندوستان سے رفتہ رفتہ یہ سب قیدین جاتی رہین بالفرض اگر ایک شخص لیاقت کا ہوا اور سرانجام ہوتا اور بڑی خطایہ ہے کہ ایک شخص پر محمول ہوتا ہے اگر بناے کار شورہ و مشورہ پر ہوا کرے تو بہتر ہے اسکی مانع نفسانیت ہے لہذا ہمین اتنا کہنا کافی ہے کہ امور مملکت خویش خسرواں دانند

نواب وزیر الممالک مثل امرای ہند زندگی بسر کرتے رہے سب جانتے ہین پہلے اہلکار سلطنت انگریز سے خالف تھے کہ دیکھئے اس انقلاب وزارت مین کون منسوب اور کون منزول ہوتا ہے لیکن نواب کی رحمدلی اور [illegible] اخلاق اور فروتنی مین کچھ شبہ نہین یہ صفات ذاتی کیونکر نہوتین جبلتاً و نسباً و بعلم مراتب [illegible] اور [illegible] خال بادشاہ فردوس مکان شاہ عالم

بادشاہ دلی اور انکے اسلاف کرام اقربائے قریبہ سلاطین تیموریہ سے ہین اور راس سلطنت ہین بھی قرابت قریبہ ہے جدامجد خسر جنت آرامگاہ نواب مغفرۃ عظمی انکے بھتیجے اوسکے بعد یہ خسر حضرت سلطان عالم پس اگر انصاف شرافت کی راہ سے کیجئے تو وزارت کو فخر ہوا ورنہ اور دنکو وزارت سے فخر ہوا کسواسطے کہ وزیر داخل زمرۂ خواص بادشاہ ہوتا ہے خدا توفیقات عمل خیر عنایت فرمائے کہ رعایا اور برایا سے ازروی انصاف پیش آئین جو موجب ترقی اور بقای مرتبت وحقوق دلی نعمتی بہ نیکی دخیرخواہی ادا ہون اور انجام بخیر ہو اور شیران بد سے محفوظ رہین۔

مصلح السلطان کا سفارت سے موقوف ہونا نواب محمد خان کا ہونا بادشاہ کا کانپور تشریف لیجانا واسطے استقبال نواب گورنر جنرل بہادر کے

الغرض نجم سعادت مصلح السلطان مطلع شہرتی سے اوج شرف رفعت سرکارین پر چمکا اور انصرام مہمات بجا آوری احکام عہدہ جلیلہ سفارت پر بجانفشانی دخیرخواہی سرگرم دمستعد ہوی آپ سفارت خاقانی بواسطۂ وزیر اعظم بالمشافہہ بادشاہ سے عرض کرتے رہے یہ بھی جسا ویسا کچھ کم نتھے نواب سرافراز الدولہ مرزا حسن رضا خان کے عزیزون مین تھے فی الحقیقت آدمی کی ہوا دنیا عالم سفلی سے طالب جاہ عالم علوی کی ہوتی ہے نفس قناعت نہین کرتا مطمینہ مشکل خاصہ ازبسکہ بہادر موصوف دستور صحبت صاحبان عالیشان اور تبلیغ رسالت صداقت سے بہ سبب بادشاہ عادی نتھے خوشی خاطر اقدس کو بخوف اپنے عہدۂ قدیم مقدم سمجھکر نقض احکام رسالت ہوا جو باعث ناگواری خاطر صاحب رزیڈنٹ ہوا کسواسطے کہ سرکارین کو بصداقت وصفائی راضی رکھنے مین خود الزام سے بری ہونا ہوتا ہے جب متواتر یہ صورت ہونے لگی صاحب رزیڈنٹ تنگ ہوی آخر ایک پیام صاحب نے جو بادشاہ کو بھیجا تھا اوسکی عدم تبلیغ سے موقوف ہوی ۱۲ ذیقعدہ روز شنبہ سنہ ۱۲۶۳ھ صاحب رزیڈنٹ مع کپتان برڈ صاحب تشریف لائے اور طالب جواب پیام کے ہوی بادشاہ نے فرمایا ہم تک نہین پہونچا زیادہ تر موجب برہمی مزاج ہوا اور بہت عتاب سے کلمات نامناسب فرمائے اور اپنے پاس کے آنیکی ممانعت فرمائی بہادر موصوف نے چار و ناچار یہ عتاب سبب حضور بادشاہ قبول کیا اس جہت سے اپنے عہدۂ قدیم پر بدستور رہے ورنہ دونو نظر سے جاتے رہتے

اس سلطنت مین جب سے غلام یحییٰ خان ظہیر الدولہ رتبہ سفارت سے بوزارت نامور ہوے ہر صاحب دربار کو حوصلہ اولوالعزمی ہوا یہ نہین سمجھے کہ لیاقت اور اسباب جمع ہوتے ہین تو سفارش بھی اپنا کام کرتی ہے فی الحقیقت شرف الدولہ محمد ابراہیم خان سے سفارت بھی بن پڑی اور وزارت بھی بانجام ہوجاتی مگر بادشاہ نے اپنے خلاف ہونے سے موقوف کیا تاج الدین حسین خان نے بھی اسی سفارت سے قلابے زمین و آسمان کے ملائے تھے مگر بوجوہ ناکام رہے۔

اس عرصے مین ثابت الدولہ وہاج الدولہ نثار علیخان برادران عینی مقربان خاص نظر بسبب مخالفت خواجہ سرایان سرکار جو نسبت حیدر علی خان ہوئی پایہ اعتبار سے آئے دربار سے موقوف ہوے لیکن وظیفہ شاہی بدستور رہا اور وزیر اعظم مین جاتے تھے۔

خلاصہ باب سفارت مین مشورۂ رکن رکین سلطنت ہوا نواب نے بہ نظر حسن خدمت زمان سابق جو میر علیصاحب مرثیہ خوان کی سفارش سے حالت بیکاری مین نواب کو کچھ دیتے تھے اس جہت سے اپنے محسن سابق افتخار الدولہ مہاراجہ میوہ رام بہادر کو تجویز کیا کہ مین انکے بار احسان سے سبکدوش ہوجاؤن وہ بھی مجبور سے کئی مہینے سے لکھنؤ مین آئے تھے نواب کے پاس آتے تھے لیکن جب صاحب رزیڈنٹ سے استمزاج سفیر کا لیا فرمایا وہ شخص ہو جو معاشرت صاحبان اور طریق رفتار و صدق گفتار مین قابلیت رکھتا ہو ورنہ ہماری موجب تکلیف کا ہوگا چنانچہ اس استمزاج کی فرد اسم نویسی سفیران محوزۂ مشیر الدولہ مہاراج بالکرشن بہادر جسارت جنگ دیوان اور راجہ کندن لال بہادر میر منشی منظوری صاحب رزیڈنٹ بھیجی پہلے نام افتخار الدولہ مہاراجہ میوہ رام بہادر صلابت جنگ دوسرا مفتی محمد خلیل الدین خان سفیر زمان حضرت خلد مکان مقبول سرکارین تیسرا مولوی فضل حق خیر آبادی مندرج کیا راجہ کندن لال نے عرض کیا اگر نام چہارم بھی محمد خان کلکٹر کا لکھا جائے تو چہار یار پورے ہوجائین مہاراج نے کہا وہی تینون پہلے کے کافی ہین غرض بعد سیالغ چوتھا نام بھی داخل کیا گیا صاحب نے بعد استفسار حال محمد خان کا نام منظور کیا کپتان ہالکس صاحب کی سفارش سے کہ وہ اوسوقت موجود تھے کہ یہ نسبت اونکے یہان سے رشتہ سے واقف ہین بظاہر عالیخاندان ہین اور نواب سفدر الدولہ کی پیشدست بھی رہے ہین

بعد اس منظوری کے اہلکار سرکار نے ازراہ معاملہ سنجی خلعت دینے مین تامل کیا مگر یہ اپنی پامی اقبال سے روز جمعہ ۱۸ شہر ذیقعدہ سنہ ۱۲۶۲ ہجری خلعت وزارت سے سرافراز ہوے اس عرصہ مین الیٹ صاحب بہادر سکرٹر اعظم نواب گورنر جنرل دانک مین یکم ماہ نومبر سنہ ۱۸۴۶ع مطابق ۱۲ شہر ذیقعدہ سنہ الیہ داخل شہر ہوے اور باتفاق صاحب رزیدنٹ بادشاہ کی ملاقات کو آئے آثار معمولی ہوا بعد ایک ہفتہ کے شہر کو دیکھکر اور انتخاب کتب تواریخ وغیرہ کتب خانہ سلطانی سے کرکے پھر کانپور گئے یہ صاحب جس شہر مین گئے ہین بہت سی کتب تواریخ ہر طرح کی خواہ بہ یہ لوگون نے خوشامد سے نذر کین یا بہ قیمت چنانچہ چار جلد کتاب متوسط احوال ہندوستان کی لکھین وہ طبع ہوکر مشہور ہوئین اور اپنی علالت مزاج سے برخصت کیپ گئے ہین

جب خبر داخلہ نواب گورنر جنرل لارڈ ہیرڈنگ صاحب بہادر کانپور مین آئی بادشاہ نے حکم تیاری لشکر فرمایا ارکان دولت امرا سے جسقدر سامان سفر درست ہوسکا ارادہ ہمراہی بادشاہ کیا کسواسطے کہ تنخواہ ہر ایک کی سرکار مین بہت چڑھ گئی تھی ہر شخص پریشان حال تھا بہر صورت روز سہ شنبہ ۲۱ شہر ذیقعدہ سنہ الیہ مجموع لشکر روانہ کانپور ہوا و مہی علی خان پیشتر سے جا پانی لیکر روانہ ہوگئے وقت پہونچنے کے ۱۱ بارجہ کا خلعت ملا تھا بادشاہ چار گھڑی دن رہے سواری باد بہاری موسی بلغ مین از راہ پاتراب رونق افروز ہوے روز چہارشنبہ ۲۲ کو نواب گورنر جنرل کے داخلہ کانپور کی خبر آئی بادشاہ ۲۶ روز شنبہ صبح کو سرک قدیم نولکھا درحمت گنج سے تشریف فرما ہوے انتظام شہر افسرون کے سپرد ہوا الحق کہ امن و امان بالکل مین سے ہوتا ہے تمام شہر کے کوچہ و بازار مین خصوصاً در دولت پر ایک دہشت برستی تھی۔

فی الحقیقت لشکر ظفر پیکر قابل دید تھا دریا کا کنارہ ہر طرف سبزہ زار کوسون کا میدان سبز خوشگوار خوبی لطافت دریا خوبی عمارات کتب آنطرف دریا خصوصاً خبر بارگاہ سلطانی کو راجہ بلوشن سنگھ بہادر غالب جنگ نے اپنے سلیقہ سے گرد چمن اور دوب بلکہ درخت میوجات سب تمرداری کئی ہزار کو خرید کرکے آراستہ کیا تھا اور سڑک پر سرخی پڑی ہوی یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ مصنوعی نہین ہے ہمیشہ سے یون ہی ازخود آراستہ تھا۔

ورود کوکب ہمایون نبدگان اقدس لشکر مین اور مراجعت لکھنؤ اور داخلہ نواب گورنر جنرل کا لکھنؤ مین

روز شنبہ ایک بجے دن کو عین شدت باران رحمت مین بادشاہ سلیمان بارگاہ بلیوری بادسہاری مانند رحمت خدا رونق افروز لشکر ہوی بانچہ طلسم کارد یکھکر بہت خوش ہوی صاحبان عالیشان نے بھی اسے بہت پسند کیا تھا کہ گویا یہ باغ اصلی ہی بعد چند دقیقہ کے حکم تاج اور رنگ ہوا نصف شب تک یہ صحبت عیش رہی روز یکشنبہ کو بھی آفتاب بی پردہ رحمت سی منہ باہر نہ نکالا دوشنبہ تک وہی صورت رہی جب ایکساعت دن باقی رہا بادشاہ خیمہ سے برآمد ہوی سر برہنہ رو بقبلہ کھڑی ہو کر کمال خشوع وخضوع سی درگاہ قاضی الحاجات مین سکون بارش کی دعا کی برکت دعا سے مطلع شرقی صاف ہوا بندگان خدا تہلکۂ طوفان سے بچے۔

صبح سہ شنبہ جنرل جواد علیخان مرزا سکندر حشمت نواب سرفراز الدولہ نواب وزیر الممالک کپتان برڈ صاحب کرنیل ولکاکس صاحب بیچی صاحب مصاحبان خاص بادشاہ واسطے اجازت ملاقات شاہنشاہ جاہ حضور نواب گورنر جنرل بہادر کے برجلوس سواری سی تشریف فرما ہوی رسم ملاقات حسب دستور قدیم ہوئی عطر ہار گوشملے بعد اسکے رخصت ہوی وقت عصر الیٹ صاحب سکرٹر اعظم مع صاحبزادہ کے نواب گورنر جنرل بہادر اور ایک صاحب مصاحبان خاص نواب محتشم الیہ واسطے تقرر ملاقات بادشاہ روز چارشنبہ تشریف لائے اوسی طریق سے رخصت ہوی۔

صبح چہارشنبہ کو پہلے جنرل صاحب اور مرزا خورم بخت نواب وزیر الممالک بہادر بحضور نواب گورنر جنرل بہادر کے برجلوس سواری سی تشریف فرما ہوی بعد نصف ساعت بادشاہ شان وشوکت سلیمانی سے نانکی طلا کار پر سوار ہوی اوسوقت حسب تجویز صاحب رزیڈنٹ مصلح السلطان نے ٹکٹ نبردار ہر عمارت اور اقربای شاہی کے ہاتھ مین دیے یہ سب ۱۹ صاحب کرسی نشین تھے اور ٹکٹ خواص عمدہ دار کو ملے یہ امر جدید کبھی پیشتر نہوا تھا اگرچہ نواب دستور انگلستان کے خلاف نہین ہی لیکن دستور ہر ولایت کا یہی ہی کہ بے طلب ٹکٹ کوئی مہمان بھی کسیکے گھر نہین جاتا چنانچہ شاہجہان آباد مین ابھی آجتک دستور ٹکٹ جاری ہی کہ جو شخص اپنے گھر مجلس عزا کرتا ہی ٹکٹ طلب بعید وقت ہر شخص کو

بھیجدیا ہی لوگ سب آتے ہین اور بغیر ٹکٹ کے کوئی مجلس مین نہین جاتا سوائے لکھنؤ کے کہ یہان بغیر طلب لوگ سنکر مجلس مین جمع ہوجاتے ہین خلاصہ جب بادشاہ کنارہ دریا پل کشتی سے اُسپار پہونچکر ہاتھی پر سوار ہوے روپیہ بانٹنا شروع ہوا فقرا و مساکین نے ہاتھی کو گھیر لیا تین ہزار چار سو پینسٹھ روپیہ سب نے پایا کہ دفعتہً لوگیان شہر کے ہجوم کیا اور خوف جانسے مذر ہوکر ہاتھیون کے حلقہ مین آگئے ایک شخص کچل بھی گیا جب گورہ بارک کے پاس پہونچے گورے اپنی بارک سے نکلکر اخذ زر مین مشغول ہوے شہد دو سے اور اونسے خوب کشتی ہوئی آخر کو گورے تھک کر اپنی بارک مین چلے گئے رزیڈنٹ نے بادشاہ کو شاہ سے روکا کہ مبادا دو چار کا خون ہوجاے وہان سے سواری آہستہ آہستہ چلی جب سراچہ خیمہ پر پہونچی نواب گورنر خبرل ہاتھی پر سوار ہوکر آئے طرفین سے برسم قدیم سلام ہوا نواب محتشم الیہ نے بادشاہ کو اپنے پہلو مین بٹھالیا اور داخل خیمہ ہوے مجمع امرا ے انگلش یافتہ نے درسراچہ پر ہجوم کیا ٹکٹ دیکر داخل خیمہ ہوے اوسوقت مع بادشاہ سب کرسی نشین ۲۶ تھے اور ۱۲ خواص یعنی بشیر الدولہ مصلح السلطان اہتمام الدولہ اقبال الدولہ مجید الدولہ مفتاح الدولہ وغیرہ تھے مرزا وصی علی خان اہتمام چاربانی کر رہے تھے ایکساعت تک صحبت چاربانی رہی پہلے صاحب سکرٹر نے بادشاہ سے کہا کہ نواب گورنر خبرل فرماتے ہین کہ کچھ نمکین ڈنمک نوش فرمائیے یہ سنکر دربار دل سے درجہ دوم مین تشریف لیگئے جہان میز آراستہ تھا۔

نواب گورنر خبرل نے اول جلسۂ صحبت مین بادشاہ سے کلمات ازراہ مزید محبت اور دوستانہ ہی ارشاد فرمائے جو کہ اوس صحبت خاص کے حاضرین کی زبانی سنے گئے کہ ہم بہت مشتاق ملاقات تھے بہت خوش ہوے آپ کے اسلاف کرام کے حقوق جو نسبت ہماری سرکار کے ہوے بیان سے باہر ہین ہی امور باعث قیام و سرسبزی سلطنت ہوے اونکا کہنا اور تفہیم ہمپر لازم ہی اور صاحب رزیڈنٹ قایم مقام ہمارے ہمنے ہماری زبان سے ہین جو امور مناسب وقت اور اصلاح سلطنت کے ہونگے اونکا مشورہ نیک آپکو دینگے کہ باعث سرور و مسرت آپکا ہو اور آپ بہر صورت مالک و مختار اپنی سلطنت کے ہین فقط وقت رخصت نواب گورنر خبرل نے مالہ مروارید بیش بہا اپنے ہاتھ سے زیب گلوے بادشاہ کیا اور اکاون کشتیان اگھنہ اور پشمینہ بیش قیمت بادشاہ کو اور تین مرزا و سعید مبادر کو چھبیس مرزا سکندر حشمت کو دین اور ۴ ہاتھی ۲ عماری پر زر ۲ ہودج نقرہ ۶ گھوڑے ۲ سین سے ۲ دلائی ساز طلا قبری پشمینہ ۲ دکھنی مع ساز و قبری زردوزی ایک خیمہ پشمینہ مع چوب نقرہ دونالکی ایک تام جان

ایک کشتی جواہرات کی جسمین طرۂ الماس بیش بہا اور جیغہ گلابی تھا باقی امرا و اقربا کو عطرا و ہار گوٹہ وغیرہ کے ملے۔ نواب وزیر الممالک مہاراجہ شوکت الدولہ سفیر کو خلعت مع ہاتھی و پالکی ملا۔

ایک امیر حضرت خلد مکان کی ضیافت کا پنور کی منفل کرتے تھے کہ جب خلد مکان نواب گورنر جنرل لارڈ امہرسٹ بہادر کے خیمہ مین داخل ہوے تین سو کرسی گرد میز کے تھی بادشاہ نے نظر بہ قلت تعداد کرسی کہ مبادا وفا نہ کرے نواب محتشم الیہ سے ارشاد کیا کہ ہم اور ہمارے اقربا مہمان ہین اگر تعدیم اپنے مہمانون کی ہوگی ہم بھی اسی صورت سے پیش آئینگے نواب مغفرالیہ نے بطیب خاطر قبول کیا چنانچہ وہی صورت صاحبان عالیشان کے واسطے لکھنؤ مین ہوئی امرا دوسرے کمرے مین میز پر بیٹھے خلاصہ خفظ مراتب اس خاندان عالیشان کا جیسا چاہیے لارڈ مشنگ صاحب کیا ظاہر ہے اور نظر بخلوص نیت آرامگاہ خلد مکان القاب عموصاحب لکھتے تھے تحریر خطوط طرفین سے یہ سب امور ظاہر ہین ارباب سیر و تواریخ کو فقط ایسے اشارات کافی ہین نواب گورنر جنرل کا خانسامان جو خالی کشتیان لینے آیا تھا اوسے خلعت، پارچہ کا اور ایکہزار روپے عنایت ہوے۔

روز پنجشنبہ وقت صبح جنرل مرزا سکندر حشمت۔ مرزا خرم بخت بہادر۔ نواب وزیر الممالک صاحب رزیڈنٹ۔ کرنل لکاکس صاحب وغیرہ واسطے استقبال نواب گورنر جنرل بہادر کے گئے ۹ بجے نواب محتشم الیہ پل پر پہونچے اوسیطرح بادشاہ ہاتھی پر اپنے پہلو مین بٹھا کر داخل خیمہ ہوے بعد ایکساعت کے رخصت ہوے بادشاہ نے مراجعت خیمہ تک مشایعت کی وقت رخصت مالاے مرصع و دیگر زیب گلو نواب محتشم الیہ کیا اونکے صاحبزادون کو اور ہمراہ خواتین خلیل القدر کو بھی مالے دیے گئے باقی اور ہمراہیون کو ہار گوٹہ و عطر دیا گیا اور وہ کشتیان بلبوس کی پیشکش ہوئین خانسامان سبکو ایک گھڑی مین باندھکر لیگیا۔ اقبال الدولہ معتمم کشتی نے نظر بحسن سلوک محمد کاظم اتے ملازم کو بحیلہ متعابلہ اسباب بھیجا خلعت ۵ پارچہ ہزار روپے پالے اوسنے چھپایا۔ آقا مرزا دارو غہ شاگرد پیشہ کشتیون کے ساتھ جایا کرتا تھا مجد الدولہ سے شکایت کی وہ خلعت انھین ملگیا۔

شب جمعہ بخش علیخان ناظم رسول آباد کے واسطے خوشنودی مزاج اقدس انپر رسوخ کیہ واسطے

کنارۂ دریا اور دریا مین بیڑے روشنی کے لشکر سلطانی تک چھوڑے بہت سی آتشبازی چھوٹی دریا مین ایک باغ تازہ گلہاے گوناگون کا نظر آتا تھا۔ بادشاہ بہت خوش ہوے صاحبان عالیشان و خواتین محلہ بھی دریا کے کنارے اس تماشے کے دیکھنے کو آئی تھین،

صبح روز جمعہ بادشاہ سواری باد بہاری ڈاک مین پہلے داخل موسی باغ ہوے وہان سے درگاہ بارہ امام مین زیارت کرکے رونق افروز شہنشاہ منزل ہوے صاحب رزیڈنٹ بھی داخل کوٹھی ہوے۔ تو پین سلامی کی سر ہوئین۔

روز شنبہ نواب گورنر جنرل بہادر داخل خیام انام ہوے لشکر مین قلت رسد ہوئی راجہ غالب جنگ ستم لشکر نے داتا رام عامل رسول آباد کو بہت تنبیہ کرکے بے غرت کیا اور بازار مین تشہیر کیا چوتھے دن چہار شنبہ کو نواب گورنر جنرل بہادر رونق افروز لکھنؤ ہوے برسم قدیم چار امرا نواب وزیر الممالک پہلے استقبال کو گئے بعد اسکے بادشاہ صاحب رزیڈنٹ بادبار پر سوار ہوکر تا کنار شہر تک تشریف فرما ہوے وہان سے ہاتھی پر سوار نواب محتشم الیہ اور صاحب رزیڈنٹ ہم پہلو ہوکر شہر مین ہوتے ہوے خاصہ منزل مین داخل ہوے چار پانی فیل جنگی کا نواب مغالیہ بمقتضاے سن پیری و خستگی راہ بہت جلد رخصت ہوے۔ بروز چہار شنبہ چاہی پانی کوٹھی رزیڈنٹی مین ہوا وہان اشخاص متفرقہ کرسی نشین تھے رسم ہدایا کشتی ملبوس وغیرہ طرفین سے لکھنؤ مین سنوتی کسواسطے کہ کانپور مین ہوچکی تھی اور طریق طعام شب و روشنی وغیرہ یعنی ٹرا کھانا خلد منزل کے وقت سے موقوف ہوگیا ہے۔

روز جمعہ جب دستور المعظم صاحب رزیڈنٹ کے پاس گئے فرمایا کہ نواب گورنر جنرل کا یہ حکم ہے کہ ہمارے دربار مین امین الدولہ باجازت بادشاہ آوین عرض کیا کہ وہ معتوب شاہی ہین فرمایا اونکا آنا محض بمشاہدہ لیاقت ہے جیسے نواب منور الدولہ مغفور بھی آوینگے تو اونکے آنے مین کیا قباحت ہے نواب اور سفیر شاہی کے بادشاہ سے عرض کیا فرمایا اگر نواب گورنر جنرل کی خوشی ہے تو ہمنے بھی اجازت دی یہ پاسداری اور حمایت فقط صاحب رزیڈنٹ کی بدولت ہوئی جو بادشاہ نے اپنے ارشاد سے خلاف کیا تھا وگرنہ گورنمنٹ مین انکا کونسا حق تھا اونہون کے واسطے وسیلہ آبائی تھا اوسمین حمایت حدید کی احتیاج نہ تھی۔

خلاصہ صاحب رزیڈنٹ نے سعادت خان جمعدار کو بھیجکر نواب امین الدولہ کو بلوایا دوپہر کو سوار ہوکر چلے راہ مین دوسرے چوبدار نے آکر کہا کہ صاحب کا حکم یہ ہے کہ آپ کل دو بجے السر لائیے گا۔

دوسرے دن شنبہ کو پہلے نواب گورنر جنرل شاہ منزل مین واسطے ملاقات بادشاہ کے تشریف لاتے۔ ہاتھی گینڈے کی لڑائی دیکھی ۱۱ بجے رخصت ہوے دوپہر کو اہل دربار صاحبان وتائق نیرخواہان سرکار کمپنی کوٹھی ضیافت مین جمع ہوے نواب امین الدولہ شرف الدولہ اعظم الدولہ نواب ممتاز الدولہ پہلے کوٹھی ضیافت مین علیحدہ بیٹھے پھر ہر شخص کو نمبروار ٹکٹ ملا۔ موافق اوسکے کرسی نشین ہوے یہ سب اکتالیس صاحب تھے۔

پہلے کپتان برڈ صاحب تشریف لائے اور نواب امین الدولہ سے کچھ سرگوشی کی اوسکے بعد نواب گورنر جنرل رونق افروز ہوے۔ کرسی نشینون نے کھڑے ہوکر سلام کیا پھر کرسی پر بیٹھے بعد اوسکے پھر ہر ایک نے ترتیب وار جاکر حضور محتشم الیہ کو سلام کیا اور اپنی اپنی کرسی پر آکر بیٹھے نواب امین الدولہ نے کلمات شکریہ ادا کیے رزیڈنٹ صاحب نے اوسکا ترجمہ کیا بعد اسکے ہر ایک شخص کو عطر ہار عنایت ہوا۔ پھر ہر شخص نے جاکر سلام رخصتی کیا جب دربار برخاست ہوا نواب امین الدولہ نے صاحب رزیڈنٹ سے عرض کیا ہر شخص کے پانوڈن مین فرش پر جراب نیز کفش تھی۔

نقشہ دربار

کرنل رچمنڈ صاحب۔ نواب گورنر جنرل بہادر والیٹ۔ صاحب سکرٹر۔ کپتان برڈ صاحب

۱۔ نواب مبارک الدولہ
۲۔ نواب ممتاز الدولہ
۳۔ نواب وزیر الدولہ
۴۔ نواب سعید الدولہ
۵۔ نواب منور الدولہ۔

صاحبزادے نواب محتشم الیہ

صاحبان خاص ۳۲ ۴۳ ۵۶ ۸۷

۶- نواب امین الدولہ
۷- نواب شرف الدولہ
۸- سلطان مرزا شاہزادہ صفوی
۹- دلیر الدولہ-
۱۰- نواب بہادر-

۱۱- نادر مرزا-
۱۲- مرزا عباس-
۱۳- رضا علیخان-
۱۴- مرزا علی خان-
۱۵- مرتضیٰ حسین خان
۱۶ مرزا محمد حسین-
۱۷- مرزا فضل علیخان
۱۸- مرزا علی عسکری
۱۹- مرزا مہدی پسر حسین علیخان
۲۰- مرزا فدا علی پسر حسین علیخان
۲۱- جعفر علی خان
۲۲- امیر مرزا
۲۳- محمد عطا خان-
۲۴- سید محمد خان مخدوم
۲۵- جلال الدین حیدر
۲۶- مظفر الدولہ-

۲۷- محمد علی خان-
۲۸- میر نظیر علی خان-
۲۹- مرزا محمد تقی خان پسر حسین علی خان-
۳۰- احمد حسین خان-
۳۱- نواب حیدر علی خان
۳۲- نواب مہدی علیخان ابن نواب مدار الدولہ
۳۳ میر نواب ابن مرزائی صاحب-
۳۴ ڈاکٹر میر عنایت حسین-
۳۵ منشی عبد الکریم منشی گورنمنٹ
۳۶- اعظم الدولہ
۳۷- رفیق الدولہ-
۳۸- مولوی ذاکر علی-
۳۹- مظفر حسین خان کمبوہ
۴۰- منشی جانکی پرشاد-
۴۱- احمد رضا خان-

صاحبان خلعت

۱- منشی جانکی پرشاد میر منشی رزیڈنٹی ۷ پارچہ ۵ رقم جواہر-

۲ - بابو بھیرون چند خزانچی رزیڈنسی	۹ پارچہ	ایک رقم جواہر
۳ - اخبار نویس لال جی رزیڈنسی	۵ پارچہ	
۴ - مظفر حسین خان کمبوہ	۴ پارچہ	
۵ - مرزا مہدی علیخان مہتمم چاربانی	۴ پارچہ	۴ رقم جواہر - ایک قرولی
۶ - نانک چند مہاجن -	۵ پارچہ	

نواب امین الدولہ کا دربار مین جانا لوگ خلاف سمجھتے ہین کہ یہ داخل اہل وثایق تھے اور اولاد نواب فخار الدولہ - سرفراز الدولہ - امیر الدولہ کب اہل وثایق سے تھے وظیفہ شاہی بواسطہ صاحب رزیڈنٹ ملتا ہے نظر بجن خدمت کہ سرکارین مین باعث فتنہ وفساد کے ہوے بلکہ موافقت سرکارین مین پیروی کرتے رہے نواب امین الدولہ بھی اسیطرح نیکنام رہے تحریر صاحبان رزیڈنٹ سے ظاہر ہے مقام استعجاب بیجا اور حمایت رزیڈنٹ بھی ظاہر ہے جسکا ذکر کیا گیا بلکہ خود سرکار سے انکی حمایت پیدا ہوئی -

مظفر حسین خان کمبوہ اپنی خوش رفتاری سے آلہ آباد سے بموافقت لارڈ صاحب کمشنر لکھنؤ آئے فی الحقیقت یہ خلعت ملٹی ولایت حسین خان کیواسطے تجویز ہوا تھا مگر بموافقت عملہ سرکار اور اپنی حسن تدبیر سے اور لارڈ صاحب کی محبت سے انھین ملا چنانچہ جب کپتان ٹرڈ صاحب کو اصل حقیقت معلوم ہوئی یہ اوسوقت حکیم نبدہ رضا خان کے پاس بیٹھے گرمجوشی سے اختلاط کی باتین کر رہے تھے کہ دفعتہ چپراسی رزیڈنٹ نے حکم اخراج شہر پہونچایا اوسیوقت سیدھے کانپور چلے گئے اسیطرح ایلچی نیابت نواب امین الدولہ کے زمانے مین شہر مین آئے اور مہاراج جھاؤلال کے مکان مین اوترے لکھنؤ کے اہل غرض عروج ثانی انکا سمجھکر آنے لگے نواب سے بھی ملازمت کے امیدوار اپنی کارفرمائی کے تھے جب کپتان سکیپیر صاحب نے انکے باب مین بہت کچھ نواب سے کہا نواب نے کہا کہ ایسے لوگ بہت سے لکھنؤ مین آتے جاتے ہین مجھے اونسے کیا کام ہے غرض غدر کیا ورنہ کیا عجب تھا کہ انکو بھی کچھ کام کا سمجھکر اپنے دربار مین آنے دیتے جیسے بعض اونکے دارونغہ کو کارفرما سمجھکر دارونغہ اپنے کاروبار کا کیا تھا غرض یہ مایوس اور ناکام ہوکر پھر کانپور چلے گئے -

الغرض روز دوشنبہ ۳ تاریخ ماہ نومبر کو چند خواتین انگلشیہ مہمان صاحبات محل ہوئین ہر ایک کو

گوئے کے ہار کے بدلے مالائے مروارید دیا اوسی دن بادشاہ ۳ بجے واسطے رخصت نواب گورنر جنرل کے تشریف فرما ہوے دو ساعت تک تخلیہ خاص رہا نواب محتشم الیہ نے فرمایش صرف ہمت والا انتظام ممالک محروسہ و رفاہ و فلاح رعایا مین اوس طریقے سے جو لازمۂ محبت و یکجہتی ہے سمجھایا شاہ عالم پناہ نے کلمات تازہ دوستانہ بہرحال خوشنودی خاطر نواب معظم الیہ کو متقدم رکھکر کمال بے تکلفی سے دامن نواب کا ہاتھ مین لیکر فرمایا کہ لارڈ ہیسٹنگ صاحب بہادر نے جو سلوک جنت آرامگاہ کے بعد کیے ظاہر ہین اور لارڈ آکلنڈ صاحب نے فردوس منزل کو صاحب تخت و تاج کیا ہمیشہ اون کے معین و مددگار رہے لہذا آپ بھی نسبت حقوق میرے اسلاف کرام کے میرے واسطے امر جدید جو باعث مزید محبت ہو تجویز فرمائیے تو آپ سے کچھ بعید نہوگا اور جبتک اقرار نہ فرمائیے گا اپنا ہاتھ آپ کے دامن محبت سے نہ اوٹھاؤنگا نواب موصوف نے اس جوش محبت بادشاہ سے وہ کلمات کمال شفقت سے فرمائے جو موجب تسکین خاطر ہمایون ہوے اور بہت خوش ہوے ایک انگوٹھی الماس اور شمشیر دلایق حسب دستور وقت رخصت دی نواب محتشم الیہ نے ایک قلمدان جواہر نگار اور ایک ہاتھی عماریدار نقرہ دیا اور شادان و فرحان رخصت ہوے۔

اوسیدن رات کو نواب گورنر جنرل بہادر واسطے ملاحظۂ روشنی حسین آباد تشریف لائے اوسکی صورت یہ ہوئی کہ شرف الدولہ محمد ابراہیم خان نے ازراہ فراست عرض کیا کہ حضرت فردوس منزل کو اہالیان سرکار دولتمدار سے بہت محبت روحانی تھی اور صاحبان صدر کو بھی خصوصیت وجدانی ہے پس محبت فیمابین مستلزم اسکی ہے کہ حضور مع صاحبان عالیشان و خواتین معظم حسین آباد مین رونق افروز ہون اور تماشاے روشنی و آتشبازی ملاحظہ فرمائین کہ یہ مہمانی حضرت فردوس منزل ہے اور باعث خوشنودی روح حضرت۔ اس جہت سے نواب محتشم الیہ تشریف لائے دو ساعت تک بارہ دری تالاب پر بعد زیارت امام بارہ کے رونق افروز رہے۔

صورت روشنی تہ بتکلف یہ تھی کہ رومی دروازے حسین آباد تک دو رویہ ٹھاٹھ روشنی کے تھے اور ترپولیا تجلد تھا اور سب پر چراغ روشن تھے اور گرد تالاب کے ابر کی خانو سین اور گولی نصب کیے تھے اور بارہ دری مین روشنی شیشہ آلات اور حسین آباد مین در و دیوار پر گلاس روشن

تھے اور بڑا انتظام کیا تھا کہ سوا متوسطین سرکار کوئی تماشہ بین شہر مین نہین جانے پاتا تھا اور دالان بارہ دری مین میز پر فواکہات وسیوہ جات ترو خشک آراستہ تھے۔

غرض ۱۲ بجے نواب گورنر جنرل بہادر کوٹھی رزیڈنسی مین داخل ہوے مرزا وصی علیخان جو میسو کے بنگلے مین جہان اپنی چالاکی سے از راہ رودخ کانپور سے تین کرایکی ڈاک مین چار پانی اور سامان ضروری لیکے گئے تھے صاحبزادہ نواب گورنر جنرل نے وعدہ اپنے گھر جانے کا کیا تھا بموجب ایفاے وعدہ از راہ ناوافقیت دستور مع چند صاحب باغ مین دریا کے اوسپار تشریف لیگئے مرزا نے موافق اپنے حوصلے کے بہت تکلیف سے باغ آراستہ کیا تھا اور کئی طایفے ارباب نشاط صاحب حسن وجمال بھی اپنا باغ سبز دکھانے کو بلوائے تھے بعد دو ساعت کے یہ تماشا بھی دیکھکر رخصت ہوے سوے انکا موجب رسوخ وتفاخر ہمچشمون مین ہوگیا جب کپتان برڈ صاحب نے سکرٹر کو اس مہمانی بصد کی چھٹی شکایتی لکھی کہ موجب تفاخر میزبان اور خلاف شان مہمان کے یہ امر ہوا ایسا کبھی پیشیر یہان نہین ہوا کہ سوا بادشاہ کے کسی اور کے گھر مین صورت مہمانی ہوئی ہو اسکا جواب یہ دیا کہ مینے اپنی چٹھی مین حامل چار پانی کو مرد ذی غرت لکھا ہے۔ پس اگر ایسے شخص کے گھر جانے کا اتفاق ہوا تو کیا قباحت ہے۔

روز سہ شنبہ چہارم ماہ ذیحجہ ۱۲۶۳ھ مطابق ۱۲ نومبر ۱۸۴۷ء صبحکو نواب گورنر جنرل بہادر ڈاک مین سٹرک چار باغ سے روانہ کانپور ہوے نواب ذخیر الممالک اور رزیڈنٹ تا کہ شہر تک شایستگی کو گئے صاحب سکرٹر بھی اوسی رات کو روانہ ہوے۔

مشہور ہے کہ نواب گورنر جنرل بہادر نے بعد انکشاف حقیقت حال بادشاہ اور ارکان دولت حسب قانون صاحب رزیڈنٹ کو احکام مجوزہ مناسب وقت تحریر رپورٹ فرمائی جسکا متعہدین سرکار نے یہ قراین سمجھکر یون بیان کیا۔

حال بادشاہ اودھ اور برخلافت راے باصواب رزیڈنٹ ہوتا اور راستغانہ رعایای شہر نسبت وقوع امر جدید از روی اخبار و تحریر صاحب رزیڈنٹ سے دریافت ہوا مصلحتاً صاحب رزیڈنٹ کو اجازت دی کہ شاہ اودھ کے ایسے امور مین مداخلت نہ کرین کسواسطے کہ بعد ورود لکھنؤ ہم خود سمجھ لینگے کسواسطے کہ آبا و اجداد سلطنت اودھ سے اور ہماری سرکار دولتمدار سے ہمیشہ سے سلسلہ اتحاد

حضرت سلطان عالم واجد علی شاہ بہادر

Vajid ali shah

وہ یک جہتی چلا آیا ہے بہرحال پاسداری اور رعایت امور مرجوعہ لازم ہے ہمنے تحانیہ مین بہت سے مراتب تفہیم بادشاہ سے کیے اونھون نے ہر امر کو تسلیم کیا اسلیے ہمنے بھی اونکی خوشی خاطر مقدم سمجھی پس نظر بحقوق اسلاف سلطنت اصلاح حال سلطنت اہالیان سرکار پر لازم ہے اور ہمین کسیطرحکی مداخلت اونکے گھر مین منظور نہین لہذا چاہیے کہ اصلاح سلطنت اور رفع ظلم اور بدعت اور اتلاف مال شاہی مین مبذل معروف رہین اور کوشش کرین اگرچہ وہ درستی خلاف مزاج بادشاہ ہو اور بھی ارکان دولت کے ہو اور درستی فوج بھی بائین شائستہ عمل مین آوے کہ تیس ہزار سوار و پیدل و توپخانہ جنگی اسی طرح سے آراستہ اور پیراستہ ہو کر بروقت ضرورت سرکار کمپنی کے بھی کام آسکے اور سرکوبی متمردین بھی بروقت سرکشی کر سکے۔

خلاصہ رتق فتق مہمات سلطنت بتجویز و صلاح وہی صاحب رزیڈنٹ قرار پائی چنانچہ واسطے دادرسی ستغیثان سپاہ فوج سرکار کمپنی سکنہ ملک اودھ جنکا مقدمہ زمینداری محکمجات شاہی مین انفصال ہوتا تھا اور سجل بھی ملجاتی تھی اور غفلت یا طمع عمال سے سرکشی تعلقدار سے اپنے حق کو نہ پہنچکر ہمیشہ داد و بیداد کرتے تھے اسکے واسطے ایک کچہری تحصیل حضور مقرر ہوئی اور انفصال فیصلہ مقدمات پر تاکید ہوئی اور امر خیابت بھی محول بصاحب رزیدنٹ ہوا اور واسطے عدم رسانی زر سرکار عمال سے تنقیح کا حکم ہوا کہ اگر خمانت عمال سے ہو اوسکا تدارک کیا جاے اور اگر سرکشی رعایا سے بغیر حجت ظلم دریافت ہو اونکی سرکوبی اعانت فوج انگریزی سے ہو کر انتظام کامل عمل مین آوے اور اگر متدین کارگزار ذکا ملنا جو سب طرح کی لیاقت رکھتے ہون دشوار ہے۔ لہذا اس ملک مین ایسا قانون جاری ہو کہ کسیطرحکا فتور انتظام مین نہو اور ازروی قانون کوئی شخص خیانت نہ کر سکے اور اجراے کار سرکار حسب لیاقت ظاہری رہے۔

غرض نواب گورنر جنرل بہادر عجب سردار سیر چشم حاتم زمانہ تھے عملہ شاہی سے جسے خلعت عنایت کیا پشمینہ بیش قیمت اور شے تحفہ تھی چنانچہ خلعت سفیر شاہی نو ہزار روپیہ کی تھی ارزبازار اور خلعت نواب وزیر الممالک و مہاراج کا بہت بیش قیمت اور عمدہ کا تھا اور جسے خلعت دیا بیش قیمت اور بادشاہ کو پانچ ہاتھی عماری دار ہودج نقرہ و جھول کارچوبی دونالکی ایک تامجان ۲ گھوڑی ساز طلا و نقرہ ایک مسہری نقرہ خیمہ پشمینہ اکاون کشتی ملبوس خاص سرا و گرکشتی جو

وظروف نقرہ وسٹ ظروف چینی کارطلائی شیشہ الماس تراش کے سامان آراستگی
بیش بہا تاج بطور
سرپیچ قدیم مالہ سرپیچ دولڑا مروارید انگوٹھی الماس دست بند وغیرہ دیا اسیطرح کی گورنر
جنرل بہادر نے نہین دیا کیواسطے کہ لارڈ ولیم بنٹنگ صاحب عموماً لکھے جاتے تھے انھون نے
اسقدر تحفہ نہین دیا تھا سب جانتے ہین بلکہ دو کروڑ روپیہ نقد اس سرکار سے لے گئے تھے یہ امر
سب پر آشکارا ہے کتب تواریخ انگریزی مین بھی مندرج ہی سرکار شاہی سے بھی بہت تحفہ
اسباب دیا گیا ایک گاڑی نقرہ جو معرفت کپتان برڈ صاحب کے لندن سے بہ فرمایش
آئی تھی دی گئی۔

وقت روانگی نواب گورنر جنرل ذی صاحب رزیڈنٹ کو بادشاہ کیواسطے ایک محبت نامہ چند روز
کا دیا تھا جسکا حاصل مطلب یہ ہی کہ ممالک محروسہ امانی کئی برس کی مدت کا دیا جاوے جس مدت مین
عہدشکنی نہو پرگنون پر تھانجات مقرر ہون تاکہ رعایا پر ظلم نہو اور زر تحصیل بسہولت حاصل ہو کہ
موجب آبادی ملک اور افزایش فروعات ہو لہذا تفہیم ان صاحب کی محض بمقتضائے محبت و دولتخواہی
سرکار شاہی منظور ہی اسواسطے کہ فیمابین دولتین عالیتین محبت و اتحاد قدیم مستلزم اصلاح مفاسد ہی
پس مکرر و متواتر مدارج تفہیم مین کوئی امر نہین رہا اگر شاہ اودھ اس نمایش مذکور پر جو موجب افزایش
مال و نیکنامی سلطنت ہی حکم کی تعمیل نہ فرمائینگے تو آیندہ بطور اپنے نبدوبست کرکے بعد انتظام
کلی ممالک محروسہ اودھ قبضۂ اہالیان شاہ اودھ مین مناسب وقت سمجھکر دیا جائیگا فقط۔ یہی
مضمون مشتمل عہدنامۂ فردوس منزل ہی۔

بعد روانگی نواب گورنر جنرل روز سہ شنبہ کو صاحب رزیڈنٹ شاہ عالم پناہ کے پاس
آئے وہ محبت نامہ جو حقیقت مین مثل حکمنامہ تھا دیا اور پھر سب طرح سے کمال خلوص و دلخواہی
سے نمایش کرکے رخصت ہوئے جسکا نتیجہ یہ ہوا جو سب نے دیکھا بادشاہ نے اقرار تعمیل نہ کیا کہ انشاء
اللہ تعالیٰ بموجب مکنون خاطر عمل مین آئیگا چنانچہ کچہری حضور تحصیل متعلقان انگریزی سے
مقرر ہوئی اور کے منتظم مولوی فضل حق خیرآبادی مقرر ہوے اور بظاہر ممالک محروسہ امانی قرار
نہ پایا مگر اوسمین شرط اجارے کی تھی۔

ورود نواب گورنر جنرل لارڈ ڈالہوزی صاحب کا کلکتہ مین اور محبت نامہ لارڈ ہیرڈنگ صاحب کا بادشاہ کیواسطے

۳- ماہ جنوری سنہ ۱۸۴۸ء مطابق سنہ ۱۲۶۴ھ رایٹ آنریبل جیمس انڈرواریل آف ڈالہوزی گورنر جنرل بہادر ریت السلطنت کلکتہ مین رونق افروز ہوے حسن اتفاق سے دونون صاحبان عالیشان منصوب و مغرولین مین رسم ملاقات مہمانداری بہ تکلف ہوئی اور ایک دوسرے کو رخصت کرکے روانہ ولایت ہوے لارڈ ہیرڈنگ صاحب بہادر نے مناسب وقت سمجھکر بموجب ارشاد بادشاہ وقت رخصتی محبت نامہ بھیجا چنانچہ ۲۰- شہر ربیع الاول سنہ مذکور ۱۱ بجے صاحب رزیڈنٹ تنہا بادشاہ کے پاس آئے وہ محبت نامہ دیا سبب تنہائی یہ تھا کہ کپتان برڈ صاحب کانپور گئے تھے حاصل مضمون یہ تھا کہ ہمنے نواب گورنر جنرل بہادر منصوب سے مہمات رتق و فتق سلطنت مشروحًا بیان کیے نواب محتشم الیہ نے ہماری راے صوابدید کو مستحسن سمجھا لہذا اگر شاہ مجماہ تعمیل امورات مرجوعہ سلطنت مین متوجہ ہونگے اور ارکان دولت کمال جانفشانی و دردولتخواہی سے بجا لائینگے باعث مزید اتحاد دولتین عالیین کا ہوگا اور باعث نفع کثیر و موجب نیکنامی سرکار فقط۔

یہ بھی وہی مضمون مرشتم کا ہے ورنہ اسقدر تاکید شدید سے نتیجہ کیا۔ ہمنے کردی ہے خبر تمکو خبردار رہو ورنہ انتزاع ملک ہوجائیگا۔

بادشاہ نے حسب دستور حکم سلامی اتوار کا دیا اور بعد رخصت صاحب رزیڈنٹ سواری تاجمحان فرح بخش تشریف لائے ارکان دولت مع وزیر اعظم ہمراہ رکاب تھی از راہ آداب پیادے جلوے سواری مین تھے پھر توپخانہ کو ملاحظہ فرماکر مراجعت فرمائی بادشاہ نے جو نواب گورنر جنرل بہادر سے فرمایا تھا کہ گورنران سابق نے میرے اسلاف سے یہ کچھ کیا آپ بھی میرے واسطے ایسا کیجیے کہ یہ بھی موجب یادگار ہوگا۔ پس غرض اس ہدایت سے انتظام ملک نہ تھی یہ بھی رموز مملکت ہین جو حکام ہی جانتے ہین اصل بنیاد دوسرا کیا جان سکے۔

بحکم صاحب رزیڈنٹ ہر صاحب وثائق پر محلدار کا ہونا اور باہر داروغہ کا اور بحکم شاہی پھر موقوف ہونا

صاحبات محل اہل وثایق مثل نواب مبارک محل ولایتی محل ممتاز محل سرفراز محل تاج محل نواب ملکہ جہان صاحبہ وغیرہ موافق تجویز ضمانت وحمایت مختار افعال وکردار خود وپسند فارغ البال رہتی تھیں اور ظل حمایت صاحب رزیڈنٹ مین باستراحت تمام خواب راحت مین آرام کرتی تھیں ہر چند بسبب فتون فاسد جو خلاف شان شاہی تھی ہوتے تھے اور متواتر مداخلت بجمیل اغیار سے اکثر وزرا سلطنت سے ممانعت ظاہری ہوئی کسواسطے کہ حفظ ناموس اسلاف کرام حاکم وقت پر لازم ہے چنانچہ نواب منتظم الدولہ نے بہت تاکید اس انتظام مین بحکومت چاہی اور میر منشی مناسب رزیڈنٹ لبنفارش بجمیلہ وثیقہ چاہتے تھے کہ مداخلت بیجا کرین نواب نے روبرو صاحب رزیڈنٹ معقول کیا اور بعض وزرا نے دھمکا کر اپنی صورت نفع نکالی اور پھر اسکا انتظام قرار واقعی کیا اونھون نے بھی اپنی عادات قدیمہ سے ہاتھ نہ اوٹھایا آخر رفتہ رفتہ نوبت یہانتک پہونچی کہ بکلیت حسین بیٹے جناب میر سید علی مرحوم خاندان عالیہ جناب مجتہد العصر اسی بلای لاحقہ مرتبہ مین گرفتار ہوے اسکا شور وغل ہر گلی وکوچہ شہر مین پہونچا نواب ناظر محلات شاہی نے اپر بہت چشم نمائی کی جو سراسر انکے خلاف شان خاندان تھی پس بعد از حرابی بصرہ کہ ایک پھلی سارے جل کو کثتہ کرتی ہے حضرت زندت فی نظرہا جناب حفظہ مراتبہ موسی اسلاف کرام شاہی اور اپنی رفع بدنامی کیلیے ایک حکمنامہ صاحب وثائق بھیجا کہ ہمنے واسطے خبر رسانی محلات کا ایک داروغہ مقرر کیا ہے وہ بعد پنجدن کے احوال سے خبر پہونچا کریگا اوسکی تنخواہ صاحبات محل کے ذمہ ہوگی اور ایک باہر کا داروغہ سرکار شاہی سے مقرر ہوا کہ وہ بھی اندرونی وبیرونی خبر مفصل پہونچایا کرے بہت خوب انتظام کیا تھا اور بہت سی رخنہ بندی کی تدبیر کی تھی اگر اسے قیام ہوتا یہ امر بعید جو اس تاکید شدید مکرر سے ہوا سب کے حواس گم ہوے اور ہر طرف گھوڑی چاندی سونے کے دوڑنے لگے چنانچہ پہلے ہر یک نے خیالی مضمون بنا بنا کر صاحب سے عرض حال کیا مگر مطلق شنوائی نہ کی حکیم نبدہ رضا خان جو مدت سے ملازم خاص سرکار نواب مبارک محل کے تھے بظاہر پیشہ طبابت مگر جناب موصوفہ کے دفتر غیابت سے اختیار کلی اندر اور باہر کا رکھتے تھے اور اسی منطقہ مادہ فاسد سے

کئی بار وزارت مین قید بھی ہو چکے تھی اس حکم ناطق سے قیام شبانہ روز ڈیوڑھی کا موقوف کرکے خود وقت صبح وقت مناضی اطبا اختیار کیا تھا آخر بعد چند روز کے ہر ایک نے اپنا عرض حال کپتان بُرڈ صاحب سے کیا جنکے تعلق صاحبات محل تھے اور کرنل رچمنڈ صاحب سے بسبب اپنی ناواقفیت کے جتنے امور تھے انھین کی تجویز پر محول رکھی تھی انکا حال جو کچھ ان صاحب کی رزیڈنسی کے عہد مین گذرا صاحبان عالیشان بھی خوب جانتے ہین اس حکومت جدید نے ہر ایک سے موقوف کر دیا پھر سب فارغ البال بدستور سابق ہو گئے نواب منتظم الدولہ نے جب احوال صاحبات کا روانہ صدر کیا وہان سے قطعی حکم آیا کہ باب عدالت مین صاحبات محل کے اور حفاظت ناموس اسلاف مین بادشاہ کو اختیار ہے چنانچہ حضرت فردوس منزل کے عہد دولت مین نواب تاج محل نے اپنے بھائی کے قید ہونیکی شکایت جنرل کالیفسلڈ صاحب سے کی کہ ہم اہل وثیقہ ہین صاحب نے ناواقفیت سے بادشاہ کو پرچہ پیام لکھا مولوی خلیل الدین نے تحریر حکم صدر سے معقول کیا صاحب نے بھی جب کتاب مین تحریر دیکھی خاموش ہوے

ہتک لال جی اخبار نویس درمیان راہ چھاؤنی کے اور بُرڈ صاحب کا برہم ہونا

کپتان بُرڈ صاحب اسسٹنٹ اول رزیڈنٹ بہ سبب ناموافقت آب و ہوا ے شہر اکثر چھاؤنی منڈیاؤن محلہ کہ شاہی مین رہا کرتے تھے لال جی اخبار نویس رزیڈنسی ہر روز اخبار سنانے کو اونکے پاس جایا کرتے تھے ایکدن نواب عزت محل منجملہ اور محلات معلی راجہ جیالال کے باغ مین جو واقع سر راہ چھاؤنی ہے تشریف لیگئی تھین بشیر الدولہ ناظر سپاہی سڑک پر آیندہ روندہ آدمیون کا اہتمام کر رہے تھی منشی کپتان موصوف ہاتھی پر سوار شہر سے صاحب کے پاس جاتے تھے سپاہیون نے منع کیا وہ ہاتھی سے اوتر کر صدر باغ تک پیدل ہو کر چلے گئے راہ مین لال جی سے اپنی کیفیت بیان کی اونھون نے کہا تم بلند سواری پر تھے اس جہت سے منع کیا تھا مین جاتا ہون مجھ کو کوئی منع کریگا زیر باغ پہونچے سپاہیون نے پھر ممانعت کی اونھون نے عذر سواری میانہ کیا مگر سپاہیون نے نمانا آخر صدر باغ تک یہ بھی پیادہ گئے کسواسطے کہ درجۂ سڑاہ کوٹھی پر چلمنین پڑی ہوئی تھین لال جی نے جنرل سلیمن صاحب سے اپنی ہتک کی شکایت کی صاحب بہت خفا ہوے نواب کو بلوا کر رو بکاری کی۔ بشیر الدولہ سے ہزار روپیہ جرمانہ لیکر لال جی کو دلوایا۔

ذکر نواب

نواب گورنر جنرل کا کانپور سے ملک مغرب جانا جاے پانی کا الہ آباد سے پھر آنا کرنل رمپنڈ صاحب کا ولایت جانا

جب خبر تشریف آمد نواب گورنر جنرل بہادر کانپور سے ممالک مغربی جانے کی مشہور ہوئی حسب دستور قدیم جہاز پانی وغیرہ کا سامان سرکار شاہی سے الہ آباد روانہ ہوا مرزا وصی علیخان کو بھیجکر سچ سمجھکر گئے اپنی طرف سے دارو غہ کو تجویز کرکے بھیجدیا چند روز کے بعد وہ سب سامان بھرآیا نواب گورنر جنرل نے عذر جانے ملک مغرب کا کیا دگرنہ معمول قدیم یہ تھا کہ الہ آباد سے کانپور تک عملداری سرکار تھی اس جہت سے معمول تھا دشمندان اہلکاران سرکار کو اسی سے ایک تجملہ پیدا ہوا خلاصہ نواب محتشم الیہ ڈاک مین ۱۵ ماہ نومبر ۱۸۳۵ء داخل کانپور ہوئے - بعد توقف ایکساعت روانہ اکبرآباد ہوے وہاں سے انبالہ کو روانہ ہوے اس عرصہ مین خبرل لوصاحب راجپوتانہ اجمیر کے رزیڈنٹ ہوکر کلکتے سے کانپور کو جاتے تھے کپتان ہالکس صاحب دوست قدیم تھے صاحب کی ملاقات کو گئے کرنل ولکاکس صاحب مہتمم رصدخانہ سلطانی کا حال انتقال سنکر بہت تاسف کیا کسواسطے کہ یہ دونون صاحب ایک دوسرے کی اولاد کے دھرم باپ تھے

۲۹ ماہ نومبر سنہ ایکہزار آٹھسو پینتیس کو کرنل رمپنڈ صاحب رزیڈنٹ دربار شاہی سے بسبب علالت مزاج روانہ ولایت ہوے اوسیاکے کاروبار اور رنگ دربار اور مزاج بادشاہ سے بہت تنگ ہوکر اپنا جانا بہتر سمجھا اور جانتے تھے کہ یہاں کا رنگ جمنا نظر نہین آتا کرنل ہنری سلیمن صاحب بہادر متسی رزیڈنٹی تھے بندلکھنڈ سے تشریف لائے وہان بہت عمدہ عمدہ کارکنا تھے کہ تمیں نہرا رکھنگ اور راہ نرنو کو گرفتار دپھانسی دیکر راہ دکھن خوب صاف کردی تھی - کپتان ڈھنا صاحب انتظار وشرف آوری صاحبین قایم مقام رہے جب بشی صاحب کلکتے سے اونکے مقام پر پہونچے تب صاحب مذکورہ بالا لکھنؤ آئے،

ذکر کرنل ولکاکس

انتقال کرنل ولکاکس صاحب و گفتگوی قیام رصدخانہ کا اس عاصی مؤلف کتاب سے نواب وزیر الممالک سے ولیس صاحب کا کلام کرنا اور برطرف ہونا عملۂ رصدخانہ کا

اب سنیے بنای رصدخانہ سلطانی کو حضرت خلد منزل کی سلطنت مین حسب الحکم نواب گورنر جنرل بہادر لارڈ ولیم بنٹنک بسفارش وتجویز صاحبان کورٹ آف ڈیرکٹرس ہنی نواب منتظم الدولہ حکیم مہدی علیخان وزیر اعظم تھا اپنا رسوخ ونیکنامی سمجھکر بانی مبانی ہوے چنانچہ کپتان ہربرٹ صاحب نواب گورنر جنرل

نے تجویز کرکے بھیجا اور مہتمم ہوی سترہ سو روپیہ ماہواری کی تنخواہ ہوئی مولوی محمد اسمٰعیل مع چند
ہندوستانی اکتساب علم و عمل ہیات کیواسطے مقرر ہوی رمنۂ سلطانی مین بنای رصدخانہ تجویز ہوئی
قریب کوٹھی خورشید منزل جسکی بنا جنرل مکلوڈ صاحب مہندس مصاحب خاص جنت آرامگاہ نے
کی تھی بعد دو برس کے ناتمام ہوکر رہ گئی اتفاقاً کپتان ہربرٹ صاحب فعتہً مرگئے جنرل لو صاحب نے
صدر مین رپورٹ کی نواب گورنر جنرل نے کرنل ولکاکس صاحب کو جو المہری پہاڑ کی مساحت پر تھے
اونھین مقرر کرکے بھیجا اور وہ ۱۸۳۵ء اپریل کے مہینے مین داخل لکھنؤ ہوی معرفت صاحب رزیڈنٹ
شرف ملازمت بادشاہ حاصل ہوئی ۱۴ پارچہ کا خلعت ہوا کاروبار رصدخانہ پر متوجہ ہوے
جب مولوی اسمٰعیل بسفارت زمانہ لندن ہوی اور اونکے چھوٹے بھائی اونکے قایم مقام ہوے جب
حضرت فردوس منزل تخت نشین ہوے خرچ فضول و بیکار سمجھکر تخفیف کیا جسطرح اکثر کارخانونکو
بیفائدہ جانکر موقوف کیا تھا صاحب کو تنخواہ تمام و کمال دیکر مع دو ہزار روپیہ زاد راہ کے دیکر واپس
لندن کیا جب جنرل لو صاحب کہ کلید سلطنت تھی بادشاہ سے سب حقیقت حال بیان کی اور کہا کہ آپکی
سلطنت یا تمام ہندوستان مین کوئی امر عجیب من حیث العلم ہے جسکے ہماری ولایت کے کاملین
مشتاق ہون اور ہر ولایت مین رصدخانہ ہی جس سے کاملین کو فایدہ حاصل ہوتا ہی اور اسکی
بنا بحکم صاحبان ولایت اور نواب گورنر جنرل کے ہوئی ہی بہت تعجب ہی کہ آپ ایسے قدرشناس اسے
صرف بیجا سمجھکر داخل تخفیف کرین ولایت مین آپکی موجب نیکنامی اور قدردانی اسکے جاری رہنے
سے ہوگی اور ۵ رصدخانے مجموع ولایت مین ہین ہندوستان مین کبھی اسکی بنا نہین ہوئی
یہسنکر بادشاہ نے اسے منظور کیا اور حکم اجرای رصدخانہ کا دیا چنانچہ معرفت راجہ بختاور سنگھ تجویز
صاحب موصوف ساڑھے چار لاکھ روپے اسکی تعمیر مین صرف ہوی پچاس ہزار کے پتھر و روپیہ
کے نصب کرنیکو بنارس مرزاپور سے آئے اور لاکھ روپے کے آلات رصدیہ موافق رصدخانہ گرین وچ لندن
سے آئے اسکے بعد حکمنامۂ شاہی کہ مہتمم رصدخانہ تا تکمیل رصدخانہ دوسو روپیہ تنخواہ مین سے
کم ہونگے اور عملہ کو موقوف کرو لیکن ایک مختص عملے سے جو تمھاری کام کا ہو رکھلو چنانچہ مولوی عبدالرحیم
کنبوہ کو صاحب نے اپنے واسطے رکھ لیا جب رصدخانہ بن چکا صاحب نے عرضداشت نگاہداشت عملا
کی کہ طلبۂ زبان انگریزی سے واقف ہون اور بسفارش نوکر نہون ورنہ موجب ابتری کارسرکار رہوگا

چنانچہ حسب الغرض صاحب قرین بدستخط خاص ہوئی اور پہلے یہ عاصی مؤلف کتاب بسر شتہ منشی و ترجمہ کتب علم ہیات وغیرہ ملازم ہوا اور تا حیات صاحب مسروح ۱۹ رسالے کتب علمیہ وغیرہ بمقابلہ و تصحیح صاحب موصوف اردو مین موافق فہم و عوام ترجمہ ہوی - صاحبان اسکول بک سوسیٹی کلکتہ اور اگرہ اور دہلی مین طبع ہو کر مشہور خاص و عام ہوی اور صاحبان کمیٹی ڈاکٹرنکا انعام اور چھپی نکیتامی وی بعض مطبع سلطانی مین چھپے اور کئی رسالے مقابلہ صاحب مین نہ آئے

تفصیل کتب ترجمہ عاصی

۱ - علم ہیات -

۲ - آلات آب وغیرہ

۳ - ہوا -

۴ - علم مناظر — غیر طبع

۵ - قصہ راسلس ڈاکٹر جانسن صاحب — طبع آگرہ

۶ - مقاصد علوم لارڈ بروہم صدر الصاور لندن طبع کلکتہ و مطبع شاہی -

۷ - رسالۂ حرارت

۸ - رسالۂ ہوا

۹ - رسالۂ آب

۱۰ - رسالۂ آب - یہ چارون رسالے کتاب طبیعات سے ہین - غیر طبع

۱۱ - رسالۂ سیات ڈاکٹر برنکلی - طبع مطبع سلطانی -

۱۲ - رسالۂ علم ہیات ڈاکٹر ونس صاحب — طبع مطبع سلطانی ناتمام

۱۳ معرفت طبیعی - پیلی صاحب — طبع مطبع دہلی -

۱۴ رسالۂ مقناطیسی — " " "

۱۵ رسالۂ آلات رصدیہ سمسن صاحب — " " "

۱۶ - رسالۂ علم کیمیا ہی پارکس صاحب — غیر طبع

۱۷ - رسالہ علم مناظرہ کتاب طبعات سے -	غیر طبع
۱۸ - قوانین دستور العمل انگلشیہ اردو و فارسی	،،
۱۹ - تواریخ ممالک اودھ اردو	زیر طبع
۲۰ ایضاً فارسی	غیر طبع
۲۱ ایضاً ترجمہ انگریزی	،،

عملہ ہندو و بنگالی انگریزی دان مشاہدات رصدخانہ کو بسفارش صاحبان آگرہ والہ آباد
آکر ہوی بعد چند روز کے دوسرا رصدخانہ متنا طیسی بحکم نواب گورنر جنرل بہادر تیار ہوا اور صاحب
موصوف دونون رصدخانون کا مشاہدات و انتظام کرتے تھے اور انکی تعلیم بھی کرتے تھے حضرت جنت مقیم
نے وہ دو سو روپیہ تنخواہ کے بدستور جاری کیے جو صاحبان عالیشان وارد ہوتے تھے مشاہدہ
رصدخانہ سے بہت خوش ہوتے تھے اکثر امرای بیرونی جو شہر مین آتے تھے مشتاق ہوتے تھے -
ایکدن حضرت جناب سلطان العلما و سید العلما بھی تشریف لائے صاحب نے مشاہدات کواکب کیے
ایکدن حضرت جنت مکان مع صاحبات محل تشریف لائے صاحب اور میمصاحبہ اور اس عاصی کو خلعتہا و
عملہ کو انعام عنایت فرمایا پھر بموجب درخواست صاحب موصوف کو چھ ہزار روپے سرکار سے طبع
مشاہدات کو ملے خلاصہ اس کئی برس کی مدت مشاہدات مین صاحب نے ہر روز بڑی مشقت اختیار
کی تھی ہر چند بابو وغیرہ دس آدمی تھے مگر سب کی تصحیح مین خود محنت کرتے تھے اتفاقاً ۲ اپریل
روز سہ شنبہ سنہ ۱۸۴۷ء میم صاحب تین دن کے عرصے مین ڈاکٹر لوگن صاحب کے علاج سے مرگئین
اسی مہینے کی ۱۸ تاریخ کو سنہ ۱۸۴۷ء غازی پور مین میم صاحبہ پیدا ہوئی تھین بعد اس واقعہ کے
صاحب دسمبر کے مہینے مین تین اطفال خرد سال اپنے لیکر کلکتہ کو روانہ ہوے اور وہانسے اون لڑکونکو
اپنے باپ کے پاس روانہ ولایت کیا اور کلکتہ سے آکے پھر وہی مشقت کرنے لگے آخر کو جگر مین
ورم ہوگیا اور بعض امور سرکار شاہی سے بھی خلاف طبع اور موجب ناگواری ہونے لگی وجہ ظاہری
یہ ہوئی کہ کپتان ہاتگس صاحب ڈاکٹر لوگن صاحب بادری کیشور صاحب یہ سب صاحب کے دوست
صادق تھے صاحب رزیڈنٹ اور کپتان برڈ صاحب سے وہ صورت اتحاد و یکجہتی نرہی جو جنرل
لوصاحب اور جنرل کا یفلنڈ صاحب سے تھی دربار شاہی کی یہ صورت تھی کہ جو ملازم شاہی مرجاتا تھا اوسکے

عیال واطفال کو خلعت ماتم پرسی ملتا تھا اور زر نقد بھی اس امر خاص مین سرکار سے ملتا تھا۔ ہرچند اس عاصی نے حضور عالم سے عرض کیا کہ ولیسن صاحب سالے صاحب کے اسباب وغیرہ نیلام کرنیکو آئے ہین اونھین اور اونکی اولاد کو خلعت دینا مناسب ہی اسمین آپکی بڑی نیکنامی ولایت تک ہوگی حضور نے قبول فرمایا پھر معلوم نہین کیا صورت ہوئی کہ ولیسن صاحب سے ملاقات تک نہ کی آخر وہ انتظار کرکے راکٹو مہ بجو ڈاک مین سوار ہوکر چلے گئے اور کپتان برڈ صاحب نے بھی قیام رصدخانہ مین سرکار سے کچھ تحریک نہ کی جیسا جنرل صاحب نے اظہار حال کیا تھا معلوم ہوا انھین ایسے ذی عزت صاحب کا یہان رہنا ناگوار تھا عملے سے یہ کیا بلکہ رپورٹ اسکی سرکار مین بھی کی کہ اس رصدخانہ کا فائدہ اہل ولایت کو ہے اہل ہند کیواسطے کچھ فایدہ نہین ہی لہذا یہ امر موقوف خوشی اور قدرشناسی بادشاہ پر ہے پس یہ وجہ اسکے قیام کی نسوقی حالانکہ ۹ لاکھ روپیہ جو دس برس کے عرصہ مین سرکار کا خرچ ہوا اور نو دس برس تک محنت شاقہ مشاہدات اور درستی حساب مین صاحب نے کی تھی اوسکا نتیجہ کچھ حاصل نہوا۔ بلکہ وہ روپیہ جو سرکار سے طبع مشاہدات کے واسطے ملا تھا وہ بھی پھیر لیا گیا۔

غرض ان وجوہات لاحقہ سے صاحب کا قصد مصمم ہوچکا تھا کہ بعد طبع مشاہدات رصدخانہ کے مین ولایت چلا جاؤنگا جب عوارض جسمانی و روحانی کو طول ہوا ڈاکٹر لوگن صاحب اپنے بنگلے منڈیاؤن مین لیگئے پھر ڈاکٹر صاحب روانہ کانپور ہونے لگے صاحب کو بھی اپنے ساتھ کانپور تک لیگئے وہان ڈاکٹر میکی نن کے سپرد کرکے روانہ لاہور ہوے صاحب کو عمل طاری اس کثرت سے ہوے کہ جان بلب ہوگئے آخر ۲۵ اکتوبر ۱۸۳۱ء وقت شب انتقال کیا اتفاقاً صاحب کے چھوٹے بھائی کی بیوی انکی پرستار یکو آگئی تھین انکے شوہر معہ لاہور کو پالن کے ساتھ گئے تھے چنانچہ اونھون نے تاکید تمام پادری صاحب و ڈاکٹر صاحب کو بلوایا صاحب نے ولیسن صاحب اپنے برادر نسبتی کو اپنا وصی کیا شام کو جنازہ اوٹھا جتنے صاحبان کمپ تھے سب تشیع جنازہ مین شریک تھے۔ فوج گورہ بھی ساتھ تھی۔

جب لکھنو مین خبر آئی بڑیصاحب نے نواب سے کہلا بھیجا اونھون نے کپتان بارلو صاحب کو واسطے حفاظت اسباب کے بھیجدیا بعد اسکے غازی پور سے ولیسن صاحب آئے اور اسباب نیلام کرکے چلے گئے اس نیلام کی یہ صورت ہوئی کہ ہزارون کتب علمیہ تھین غالب ہی کہ اوسکی خرید مین ہزاردن روپیہ صرف

کیے ہونگے تیرہ سو پر نیلام ہوئین بہت سی ڈاکٹر اسپرنگر صاحب و ولیسن صاحب نے کپتان ہالکس صاحب کا مال مال دوست سمجھکر لے لین اسیطرح سارے گھر کا نیلام ہوا - مال مردہ پس مردہ -

اس عرصہ مین ایک انگریز نے اہلکاران سرکار کو غافل جانکر درخواست اس عہدہ جلیلہ کی کی - جب یہ صورت ہوئی بندے حضور عالم سے مشروحا عرض حال ابتدا و انتہا کا کیا کہ اگر از راہ فروغ علم کچھ اسکی قدر و منزلت اور اپنی نیکنامی سمجھیے تو وہ صورت کیجیے جو بعد کپتان ہربرٹ صاحب کے صاحب متوفی مامور ہوے اور اگر کچھ تخفیف منظور ہے تو کلمنٹ صاحب مہتمم کالج جو جرنل مارٹن صاحب کے دوست ہین اور متوفی صاحب کے عمل سے بھی واقف ہین اونھین مقرر فرمائیے اور وہ کچھ کم مشاہرہ پر بھی راضی ہوجائینگے اور اگر یہ سفارش کسی انگریز ملازم سرکار کو جو محض جاہل اور ناواقف اس کوچہ سے ہو مقرر کیا گیا تو محض نقصان سرکار ہے آیندہ اختیار ہے اسے کون سنتا تھا بلکہ ایسی حالت کا خالی متقربان خاص اپنے واسطے فتوح غیبی سمجھے -

خلاصہ کئی دن کے بعد نواب صاحب نے اسی عاصی سے فرمایا کہ بادشاہ نے کوٹھی رصدخانہ مجھے عنایت فرمائی اور رصدخانہ کا قایم رکھنا منظور خاطر اقدس نہین کتب خانہ رصد داخل محل مجدالدولہ ہوا اور عملہ رصدخانہ برطرف چنانچہ ۲۰ جنوری ۱۸۴۳ء تک تنخواہ عملہ دیکر رخصت کیا اور اس عاصی کو نظر بہ عنایات تعارف دوستانہ قدیم بدستور بحال رکھا رصدخانے سے توپ زوال شمسی چلتی تھی اہل شہر کو خبر ہوجاتی تھی یا بورشک موہن بنگالی گھڑی ساز مقرر ہوے -

نواب محمد خان سفیر شاہی کا واسطے استقبال سلیمن صاحب کے جانا رصدخانہ کا بدستور قایم رہنا

۶ - جنوری روز شنبہ نواب محمد خان سفیر شاہی بذریعہ ڈاک روانہ کانپور ہوے روز چہارشنبہ ۳ بجے رات کو کرنل سلیمن صاحب بہادر داخل کوٹھی دلکشا ہوی مجھکو نواب وزیر الممالک ملاقات کو گئے اور بادشاہ بسبب ناسازی مزاج مغدور تھی روز پنجشنبہ ۱۱ - ماہ مذکور مرزا ولیعہد بہادر مع شاہزادی و امرا استقبال کو گئے ۴ بجے صاحب ممدوح داخل شاہ منزل ہوے حسب دستور فیل خبگی وغیرہ ہوئی بعد حاضری کھانے کے صاحب رزیڈنٹ واسطے ملاقات باز دید بادشاہ تشریف لائے تعارف معمولی ہوا - ۱۱ بجے صاحب ممدوح داخل کوٹھی رزیڈنٹی ہوے نواب سلامی سر ہوئین -

نواب صاحب نے اس عاصی سے ارشاد کیا کہ حضرت نے کوٹھی رصدخانہ مجھے عنایت فرمائی مناسب ہے کہ عملۂ رصدخانہ برطرف کو بھی بدستور بحال کردو چنانچہ بیس دن کی تنخواہ دینے کو بھی حکم خزانہ عامرہ مین پہونچا بدستور قدیم نبگالی وغیرہ مددگار علم مشاہدات مین مصروف ہوے اور توپ بھی ۱۲ بجے کی حکم رصدخانے سے بدستور چلنے لگی۔

بڑے صاحب کا واسطے عیادت بادشاہ کے آنا مرزا وصی علیخان کا معطل ہونا

روز شنبہ ۲۴ - فروری سنہ الیہ صاحب رزیڈنٹ رفع خلجان اخبار موحش طبیعت شاہ ساز مزاج اقدس سنکر تشریف لائے کہ براء العین تصدیق و رفع اشتباہ حال مزاج اقدس کرین چنانچہ محلسرائے شہنشاہ منزل مین بالمشافہہ بادشاہ سے باتین کین جس سے تسلی تخیلات اخبار سماعی کی ہوئی۔ شنیدہ کے بود مانند دیدہ - سواے عارضہ خفقان و مراق اور کوئی عارضہ متحقق نہوا ورنہ کیا عجب تھا صورت ایجنسی کی ہوجاتی یعنی تاصحت مزاج کوئی اور دیتی ہوجاتا - خارج سے معلوم ہوا کہ بادشاہ کو بھی ایسا توہم ہوا تھا چنانچہ مرزا محمد رمنافق سے بھی ارشاد کیا تھا خلاصہ پرستاری بادشاہ محول بجناب عالیہ تھی اور سوا اطبای ملازمین سرکار عالی ڈاکٹری منظور نہین چنانچہ صاحب نے کیفیت مزاج جو خود مشاہدہ کی اوسکی رپورٹ صدر مین کردی مگر خدا نے رحم کیا۔

مرزا وصی علیخان نے اپنی رفتار کردار سے ہر طرح باغ سبز دکھا کر نواب سے رسوخ حاصل کیا اور پھر خدمت و اصلباتی جو نواب امین الدولہ نے دی تھی اوسی پر مامور ہوے اور مشیر خاص صلاح دہی اکثر امور مین ہوتے تھے اتفاقاً انسے اور نواب محمد خان سفیر شاہی سے بوجوہ بگڑی اب دو دشمن انکے لگانیوالے آگ کے خود پیدا ہوے اول شرف الدولہ محمد ابراہیم ثانی نواب محمد خان - مولوی ذاکر علی کہتے تھے کہ مین نے محمد خان سے کہا کہ انکے مقابلے کو بڑی قوت چاہیئے ایسا ستو تم بھی کس طرح ان کے پھندے مین آجاؤ آخر کو وہی ہوا غرض ان دونون نے باتفاق بڑے صاحب سے دل کھولکر لگانا شروع کیا اور صفات کردار بیان کرنی شروع کیے اور بڑے صاحب عادی بخبران کے تھے اگر ایسے نہ تھے تو ہزارون ٹھگونکو کیونکر پھانسی دیتے

اور اس شہر مین بھی بہت سے مخبر پھرا کرتے تھے جب صاحب کو احوال اخراج زمان ماضیہ جنرل لوصاحب وجنرل کالفیلڈ صاحب نسبت انکے اور کردار زمان حال وقوم وفرقہ کہ یہ ایسے ہین پرچہ پیام ارسال شاہی ہوا کہ ایسا شخص جسکا اخراج اسصورت سے ہوا ہو پھر وہی مدار المہام جمیع امور جو سرکار ہو یہ امر باعث بدنامی سرکار ہین ہی لہذا نیازمند کے نزدیک مناسب وقت یہ ہی کہ حکم محکم اسکے اخراج کا شہر سے ہو فقط یہ پہلی بسم اللہ اخراج شہر کی شروع ہوئی دیکھا چاہیے کون کون صاحب کا اخراج ہوتا ہی روز سہ شنبہ نواب صاحب ممدوح کے پاس واسطے رفع توہمات نسبت مرزا مذکور تشریف لیگئے اور پرچہ پیام بھی بہت بنا بناکر اور سمجھکر لکھا کہ قصور مرزا مذکور سرکار شاہی مین ثابت نہین کسواسطے کہ زمان حبت مکان مین انکی روبکاری ہوچکی ہی بعد عدم ثبوت قصور نواب امین الدولہ نے مہتمم کاروبار وزارت کیا تھا اور میرے عہد دولت مین کوئی اور شخص من جمیع الوجوہ ایسی لیاقت وغرت کا نہتا اسواسطے انھین نواب گورنر جنرل کے چاے پانی کے ساتھ بھجوایا تھا اور نواب محتشم الیہ نے نظر بحسن خدمت وقدرشناسی کمال وفور عنایت سے بنگلہ سیورڈاک مین اپنے دستخط خاص سے چٹھی حسن خدمت کی عنایت کی ہے اور لکھنؤ مین خلعت فاخرہ دیا اور صاحبزادہ نواب ممدوح مع صاحبان عالیشان مہمان انکے باغ مین ہوے ہین دعوت کے طور پر چنانچہ جب کپتان برڈ صاحب نے شکایت انکے باپ مین کی تھی اسکا جواب یہ گیا تھا کہ تمنے پہلی چٹھی مین مردذی غرت لکھا تھا ان وجوہات سے نظر بہ حسن خدمات سابقہ مرد کارگزار سمجھکر منصرم کاروبار کیا۔ بس کیا قباحت ہے فقط۔

خلاصہ نواب صاحب نے بھی بمقتضاے حسن خدمت جسقدر مرکوز خاطر تھا کوئی دقیقہ فروگذاشت نکیا صاحب نے پھر اسکی تحقیقات نواب منور الدولہ نواب امین الدولہ سے کی انھون نے بمقتضاے وقت سمجھکر گول گول جواب دیا بخیال ناراضی وبرحال اسکے بعد دوسرا پرچہ پیام آیا کہ نیازمند کو تحقیقات کی کچھ احتیاج نہین ہی لہذا مناسب ہی کہ اپکو مداخلت کاروبار سے معطل کیجئے۔ چنانچہ دہ دہم تاریخ ربیع الثانی روز سہ شنبہ مرزا مذکور حکم حاکم سے محبوس ہوکر مستوفی ہوے لیکن دوسو روپے تنخواہ کے بدستور رہی خدمت اطلاق ووا صلباتی سپرد مہاراج وشرف الدولہ غلام رضا خان کے ہوئی اور مقدمہ وصی علی خان شروع نفاق صاحب رزیڈنٹ اور وزیر اعظم ہوا۔ آگے اسکا انجام دیکھا چاہیے کیا ہوتا ہے۔

انتقال مرزا ولیعہد بہادر

مرزا ولیعہد بہادر شاہزادۂ دوئمی بادشاہ کئی مہینے سے تبلای تپ دق و سرفہ مبتلا ہورہے تھے آخر مستسقے بھی ہوگئے اطبا و ملازمین نے بلطایف الحیل بچاؤ انپی بدنامی کا سمجھکر علاج سے ہاتھ کھینچا آخرکار محول بڈاکٹران کیا چنانچہ ایک دن حسب الحکم ڈاکٹر اسپرنگر صاحب معہ ڈاکٹر چھاؤنی شہزادے کو دیکھنے کو آئے اونھون نے انپی کیفیت مزاج بزبان شیرین بیان کی کچھ تجویز کرکے چلے آئے لیکن کچھ مفید نہوا کسواسطے کہ وقت ہاتھ سے جاچکا تھا حکیم اپنا الزام ہمکو دیا چاہتے ہین آخر کو پیچک نکلی اوسکی شدت سے زیادہ موجب ہلاکت ہوا دوسری تاریخ رجب روز شنبہ قریب شام سنہ ۱۲۶۵ ہجری مطابق ۲۶ مئی سنہ ۱۸۴۹ع شاہ منزل مین نقل مکان کیا تھا اوسکے ۹ دن کے بعد انتقال کیا ۴ بجے صبح پہلوے حضرت جنت مکان مین دفن ہوے اس خبر متوحش کو مصلحتاً بہ خیال ناسازی مزاج اقدس مقربان خاص نے چھپایا لیکن جوش خون پدری در دجگر کب چھپا سکتا ہے اودین بادشاہ بہ نسبت اور دنون کے بہت افسردہ اور مضطرالحال رہے وقت طعام خاصہ خود ارشاد فرمایا کہ آج نوالہ میرے حلق سے نہین اوترتا اور دل خود بخود بھرا آتا ہے اسکا کیا باعث ہے حاضرین نے ہاتھون مین لگا لیا آخرکار رات کو جناب عالیہ نے کہ وہ روز سوم تھا اظہار کیا کلمات صبر و شکیبائی ارشاد فرمائے اوسوقت بہت بیتاب ہوے سچ ہے کہ اس خاندان مین ابتداے عروج ریاست سے جسے اکسو کئی برس گذرے کسیکا جانشین نہین مراس امر کو بھی اکثر لوگ شگون بدسمجھے۔ لیکن بمصلحت خدا ہین کسیکو کیا دخل ہے انجام کار کو دیکھنا چاہیے روز سوم کپتان بسک صاحب قایم مقام رزیڈنٹ تقریب تعزیت مین نواب کے پاس آئے بادشاہ کے پاس ناسازی مزاج کیوجہ سے نہ لیگئے سن شریف مرحوم کا دس برس پانچ مہینے کا تھا

قطعہ تاریخ وفات از نتیجۂ فکر منشی احمد صاحب

رفت از دنیا ولیعہد شہنشاہِ جہان — از جوہر تیغ خلافت تہ نشین شدہای ہای
شد بزیر خاک نہان وارثِ تاج نگین — خاتمِ دستِ سلیمان بی نگین شدہای ہای
زیبِ دامانِ جنابِ حضرتِ خاقان ہند — زینتِ آغوشِ پاکِ حورعین شدہای ہای

گفت ہاتف مصرعۂ سالِ وفات او ہمین ماہ اوج سلطنت زیر زمین شد باے ہاے	

مرزا وصی علی خان کا فیض آباد جانا اور بہ سلامت پھر آنا

خلاصہ نواب وزیر الممالک کے بہت صبر و جہد مرزا وصی علیخان کے قیام کیواسطے لکھنؤ مین کیا اور عدم ثبوت تصور بریلیصاحب سے بیان کیا لیکن ہر صاحب رزیڈنٹ کو اختیار اپنے حکم کا ہوتا ہی اور جمیع امور علیٰہ سلطنت حسن آرا ہوا بدیا اور مصلحت وقت صاحب رزیڈنٹ پر موقوف ہین بادشاہ نے بموجب حکم و خوشنودی ناظر صاحب ممدوح سمجھکر حکمنامہ بنام وزیر الممالک مزین بدستخط خاص فرمایا کہ بفصل اخراج وصی علیخان موجب خوشنودی خاطر ہمایون بھی ہے اور صاحب ممدوح کو اخفیہ کیواسطے نارانض کرنا مناسب حال نہین کہ تازہ وارد ہین۔

الحاصل چارونا چار مرزا وصی علی خان کا فیض آباد جانا تجویز ہوا کہ عملداری سرکار مین رہین کانپور کا جانا عذر نا موافقت آب و ہوا کیا گیا اور حسب دستور لحاظ صاحب ممدوح تاکید روانگی کو چوبدار بھی متعین ہوا۔ چنانچہ ۱۵ شہر رجب روز سہ شنبہ سنہ ۱۲۶۵ ہجری مطابق ۱۲ جون ۱۸۴۹ع مرزا مذکور مع متعلق و اسباب بجہت سیاہ حفاظت راہ اور سپاہ راجہ مان سنگھ بہادر تعاقب بالطمینان تمام روانہ فیض آباد ہوے بعض احباب اہل دنیا و اہل غرض اپنے رسوخ سے ناگہ شہر میں پہونچا آئے اب خدا بقیات صالحات کو ایسے حوادث غیر مترقبہ سے بچائے اور توفیق اعمال سکون و قیام کی دے نہ یہ کہ محرک غیر صالح ہو جائین دیکھا چاہیے اس اخراج کے بانی مبانی کیونکر بچتے ہین فی الحقیقت مرزا مذکور کی کارگزاری مین کچھ شبہ نہین کہ واسطے تعلیم و تربیت یافتہ منتظم الدولہ تھے مگر ایسے دستور صداقت شعار صاحبان ہندوستان سے کم واقف تھے اپنی جودت و نفع ذاتی کو مقدم سمجھتے تھے محل و غیر محل جرأت کرتے تھے انجام کار کا خیال نہین کرتے تھے یہ باعث انکی ناکامی بلکہ بدنامی کا ہوتا تھا چنانچہ ایک دن ایک دوست نے درد دل سے سمجھایا کہ مرزا صاحب ایسی داد و دش اچھی نہین صاحب رزیڈنٹ کو ناراض کرنا اور دونکے حکم کے خلاف ہونا اور مقابلہ کرنا اسکا کیا سمجھے ہین اگر آپ کا باہیرون شہر رہنا اور تجویز بالواسطہ بوالیصاحب سے صلاح وہی کیا کیجیے

اسمین کچھ فائدہ نہوگا مگر کب سنتے تھے اپنی تدبیر پر نازان تھے غرض اوسی دن نواب صاحب نے بھی بڑے صاحب سے اونکے اخراج کی اطلاع کی۔

مرزا مذکور بعد چار مہینے کے فیض آباد سے قصبۂ کاکوری مین چلے آئے مولوی سید الدین میر منشی مغفور لی گورنمنٹ کے مہمان ہوے اپنا دوست خالص سمجھکر انکا عزل بھی انھین کی جہت سے ہوا تھا اکثر لوگ جانتے تھے خلاصہ اپنی حسن رسائی اور یاوری تقدیر سے سرکار سے اجازت قیام قصبۂ مذکور قریب شہر کے لی تھی اسکا سبب یہ ہوا کہ ایلیٹ صاحب سکریٹر اعظم گورنر جنرل سے بسبب کتب تعارف بہت حاصل ہوچکا تھا گویا تخم باہم بو چکے تھے شاید کہ ہمین بیضہ برآرد پرد بال کسواسطے کہ صاحب کو کتب تواریخ خط ولایت کمیاب ونایاب زمانہ کا بڑا شوق تھا جس شہر مین گئے جو یاے کتب ہوے مرزا نے برسوخ عرض کیا کہ میرے پاس کچھ کتب بزرگون کی نشانی رکھی ہین ہمین دنیا سے فرصت اسقدر کہان کہ اونپر متوجہ ہون اگر پسند ہون ملاحظہ فرمائیے اور وہ کتب دراصل کتب خانہ سرکار شاہی کی قلعہ مچھی بھون مین رہتی تھین زمان جنت آرامگاہ مین تحویلدارون نے صندوق کے تختہ پائین کو اوکھاڑکر چوراہی تھین قفل ومہر بدستور قایم رہی تھی باخفا مرزا محمد جعفر ملا محمد اکرام اللہ خان کے ہاتھ بیچی تھین اور کسی ناواقف کو نہین دکھائی تھین کہ شاید افشای راز ہوجاے بعد مرزا جعفر نزاہن اونکے بیٹے کے پاس رہین جب یہ معتمد الدولہ کی زمانے مین قید ہوے بہت سی کتابین تلف ہوگئین جب مرزا محسن مرگئے مرزا محمد اونکے بھتیجے سے نواب علی نقی خان نے کئی ہزار روپے دیکر مول لین وہ روپیہ صرف لغویات تینگ وغیرہ مین بادہوائی ہوا مرزا صاحب نے ایلیٹ صاحب کے نام سے نواب کو دم دیکر لے لین اور سمجھا کہ دیکھیے انکو دیکر مین کیسا کام اپنا نکالتا ہون صاحب اون کتابونکو دیکھکر بہت خوش ہوے کہ یہ کتابین اب حکم عنقا رکھتی ہین قیمت کو انسے کہا عرض کیا مین تاجر نہین میرے پاس بیکار ہین چند روز مین کیڑون کی غذا ہوتین اب اسکے قدردان ہین اگر آپ کے پاس رہینگی تو بہتر ہے اور مجھ کچھ غرض نہین کہ اس حیلے سے آپ کو دون ایسی بناوٹ سے باتین کین کہ صاحب نے لین یہ مطمین ہوے کہ میرا ہدیہ انشاء اللہ میرے کام آیگا چنانچہ اسی امید پر خیال کرکے فیض آباد سے اپنے وکیل معتمد کو روانہ کلکتہ کیا اور ایک عرضی صاحب کو لکھی کہ میرے دشمنون کے بہکانے سے

میری طرف سے رزیڈنٹ کو ایسا وسوسہ ہوا کہ مین بحکم بادشاہ اپنے شہر سے نکالا گیا امیدوار ہون کہ اپنے گھر کے گوشہ عافیت مین بیٹھا رہون اور اپنے گھر کا دروازہ بند کرکے اور امورات شاہی مین کسیطرح کی مداخلت نہ کرون جسکا شبہہ صاحب رزیڈنٹ کو ہے صاحب سکرٹر نے نظر بہ حسن سلوک کتب پچھی دوستانہ رزیڈنٹ کو لکھی کہ اگر یہ شخص کسیطرح حکما تمھارا ہارج ہنوا در مثل رعایا کے شہر کے اپنے گھر مین بیٹھا رہے تو کیا قباحت ہے جب مرزا کو تحریر صاحب سکرٹر معلوم ہوئی احتیاطاً رفع منظنہ کے لیے صاحب رزیڈنٹ کو ایک عرضی اسی مضمون واحد کی بھیجی صاحب مطلب سے خوب واقف ہو چکے تھے بپاس خاطر صاحب سکرٹر دستخط کیا کہ اگر اسطرح شہر مین رہنا منظور ہے تو کیا مضائقہ ۔ اسکے سوا سرکار شاہی سے اجازت رہنے کی پائی تھی نواب صاحب کی رعایت سے یہ سبب انکی رجعت تحقیری کا ہوا ۔ جب گھر مین آئے خوب مجالس عزا کین مگر اپنی خوے بد سے باز نہ رہے رات کو چھپکر بیداری زنانہ نواب صاحب کے پاس جانے لگے یہ اخبار ہر روز صاحب رزیڈنٹ کو پہونچنے لگے ۔ اس عرصہ مین الیٹ صاحب روانہ کیپ ہوے ۔

ترقی خطاب نواب وزیر الممالک

اس شہر مین ہزارون بیکار و معطل خانہ نشین ہین ان سب کی تلاش معاش بھی مختلف ہے بہت بڑا وہ شہر ہے جہان کسی پیشے یا تجارت کی قدر ہو یا وہان کے لوگ کسی کسب یا پیشے کو خلاف اپنی شان کے سمجھین جسطرح دستور ہر ولایت کا ہے کہ ہندوستان مین بھی قلیل و کثیر پر تجارت تھی جسطرح علی آباد کا سلم سب ولایت مین جاکر بکتا تھا تاجران لکھنؤ کو دو چند سہ چند نفع ہوتا تھا اسیطرح جنکے پاس بضاعت قلیل تھی اسی تجارت سے صاحب مال چند روز مین ہو گئے تھے وہ تجارت بھی یکقلم موقوف ہو گئی ولایتی کپڑے کے آنے سے باقی تجارت خاص اشیاء جزئیات کی رہ گئی اوسکی بھی کثرت سے قدر قیمت جاتی پھر تلاش معاش منحصر فقط نوکری پر رہگئی وہ بھی اس زمانے مین جاتی رہی اگرچہ اوسمین ہر شخص ملازم نکما ہو جاتا تھا کسی کام کا نہ رہتا تھا تربیت و تعلیم و کسب پیشہ نہین رہی اب اس زمانے مین فقط تعلیم زبان انگریزی کی رہ گئی وہ بھی چند روز مین بسبب کثرت بہت سستی ہو جاویگی اور اردے حساب جغرافیہ مملکت تمام

ذکر تخت طاؤس

اودھ مین تین ملین نی ۱۰ لاکھ آدمی تھے حضرت خلد منزل کے عہد دولت مین خبرل لوصاحب فرماتے تھے کہ دس لاکھ فقط اس شہر مین ہین اونمین غالب ہے اب تین لاکھ سے زیادہ نہون ہزارون مرگئے ہزارون آوارہ وطن ہوے ہزارون جو بمجبوری رہگئے ہین محتاج نان شبینہ کے ہین علاوہ اسکے ہزارون نے شغل بیکاری سے استعمال افیون اختیار کیا ہے اس سے بدتر اور دو تین چیزین اختیار کی ہین کہ وہ آدمی کہ سعطل اور اخود رفتہ کردیتی ہین اب فقط فی السمار رزقکم پر توکل ہے اور اپنی صحت مین اپنی فہم اور بے لیاقتی سے افسانہای بے اصل و بے سود بیان کرکے مشہور خاص وعام کرتے ہین اور اسکے بیان کی خلقت طبعت دار ہے مضمون خیالی خوب تراشتے ہین اور اوسکے کذب وصدق مین آپسمین مناظرہ بھی کرتے ہین خصوصاً وہ منصوب کے باب مین وزیر معزول کے پھر منصوب ہونیکی خبر اڑاتے ہین اپنے توسل کی جہت سے چنانچہ عالمگیر کی نقل زبان عوام کے مشہور ہے اوسوقت دہلی کے تمام شہر مین چند بیکار ومعطل نکلے نوکر ہوگئے اور جہان سارا شہر بیکار اور معطل ہو۔ غرض اس بیان سے یہ ہے کہ ایکدن بادشاہ نے ازراہ بیدار مغزی استفسار آمدنی ممالک محروسہ فرمایا دستور معظم نے اوسکا جواب مناسب عرض کیا اور چند روز مشتہر ہے شہر مین مشہور ہوگیا تھا کہ حضور والا تمام ایام برسات مین باغ گاؤگھاٹ مین دریا کے کنارے رہینگے اتفاقاً اوسیدن تمام اسباب پھر دولتخانہ قدیم تحسین گنج مین پھر آیا اسی تردد سے حضور والا شام کو حاضر حضور شاہی ہوے اسی جہت سے بعض نافہمون نے مضمون غرل تراشا اور اصل حقیقت زبانی دربار یہ ہے کہ بادشاہ نی الحقیقت کچھ رنجیدہ خاطر انسے ہوکر کوٹھی دلکشا مین رونق افروز ہوے اور حکم قطعی یہ دیا کہ کوئی شخص ہمارے پاس نہ آئے بجز بندہ علیخان کوجوان کے کہ واسطے کہ اہتمام اندرونی وبیرونی انکے اختیار مین تھا فقط گھوڑیان گاڑی کی باہر سے جایا کرتی تھین اور اندرون احاطہ سے کوئی باہر نہ آتا تھا یہ حال برہمی بادشاہ ودستور معظم پر خوب منکشف ہوگیا تھا اور اس افواہ عوام سے خود بھی متنفر ہورہے تھے اور بیحد متحیر تھے آخر محمد خان داروغہ اور بندہ علی خان کو اپنے احوال سے آگاہ کیا اور مترصد احوال بادشاہ سے اپنے باب مین ہوے محمد خان کو بندہ علیخان سے کمال موافقت تھی ایکدن یہ خیمۂ بندہ علیخان مین پہونچے ایک سائیس کو روپیہ دیکر اپنی خبر کی۔ جواب پایا

کہ کل ۳ بجے مجھ سے ملاقات ہوگی جب بادشاہ استراحت مین ہونگے غرض جب ملاقات ہوئی نواب کا احوال بیان کیا اوضعون نے اوسکی تصدیق کی کہ فی الحقیقت بادشاہ زر پوشی فقط نواب کے لیے اختیار کی ہے اب تدبیر یہ ہے کہ مین کل گاڑی اسی سڑک پر لے آؤنگا نواب کا سلام ہو جاے گا خلاصہ جب گاڑی ادھر سے نکلی نواب نے سلام کیا قسمہ سر جھکایا بادشاہ نے بچشم غضب دیکھا جب گاڑی سے اترے بندہ علی کو بہت خفا ہوے اوسنے قسم کھاکر اپنے تئین بری کیا اور اوسی دن بادشاہ نے دیکھا کہ سپاہی بندوق کے توڑے چڑھائے پھر رہے ہین حالانکہ وہ سپاہی روند کے ملازم تھے واسطے حفاظت کے پھرتے تھے بندہ علی سے پوچھا کہ یہ کون لوگ تھے عرض کی حضور یہ جنگلی ہے زمیندار تھے رو شب کو گرد رمنہ کے پھرتے رہتے ہین یہ سنکر خلیف ہوے چاہا کہ اوسیوقت سوار ہوکر قیصر باغ مین تشریف لائین بندہ علی مانع ہوا اور نواب سے کہلا بھیجا کہ کل مین بادشاہ کو لے آونگا آپ اوسیوقت مستعد رہیے گا غرض بعد ملاحظہ کاغذ بادشاہ گاڑی مین سوار ہوے قریب دروازہ قیصر باغ کے گاڑی کے پہیے کو کہین چڑھا دیا گاڑی رک گئی نواب وہان کھڑے ہوے تھے بادشاہ سے عرض کیا کہ حضور یہین اوترین اور سلام کیا بادشاہ گاڑی سے اوترکے داخل مسجد ہوے نواب نے قرآن شریف ہاتھ مین لیکر بادشاہ کے روبرو بہت قسمین کہائین اور اپنی صفائی حاصل کی - بادشاہ نے بندہ علی سے فرمایا کہ نواب کے واسطے خلعت منگواؤ نواب نے عرض کی غلام کی شہر مین بڑی بدہوائی ہو رہی ہے امیدوار ہون کہ میرے خطاب کو تبدیل فرمائیے چنانچہ خلعت بھی عنایت ہوا اور حضور عالم بہادر کا خطاب فرمایا اپنے خطاب سلطان عالم سے مشتق فرمایا کہ نظر خلایق مین صورت واحد جلوہ افروز ہووے یہ خطاب کسی ذریعہ اعظم کو نہ ملا تھا اگرچہ خلد منزل نے منتظم الدولہ کو خطاب حضور جنت آرامگاہ کا تھا دیا تھا بہرحال صبحکو سبھون نے اسکی نذرین دین بندہ علی خان کا بڑا حق رسوخ ثابت ہوا۔

انتقال سلطان مریم بیگم صاحبہ ونواب مبارک محل صاحبہ

سلطان مریم بیگم صاحبہ قوم ارمنی ساکن بغداد مذہب عیسائی بیٹی ڈاکٹر سارٹ ہالیوز بغداد کے ساتھ تھی انکی ابتدای شان نزول داخل زمرہ محل معلی حضرت خلد مکان یہ ہوئی کہ بیسویں سال جلوس مسند نشینی تھا کہ انکی ماں انھین کانپور سے لیکر حیدر آباد دریا کے اوس پار کرایہ کے مکان مین آکر رہین سال بھر تک لباس انگریزی پہنے سڑک پر کھڑے ہوکر جناب عالی کو سلام کرتی رہین جب قسمت نے یاوری کی ایک شب جناب عالی نے بعد نصف شب سیر کلو خواص کو مع میانہ سواری اور مشعلچی بھیجکر بلوایا انکی ماں سیر کلو سے کہنے لگین کہ ہم مایوس ہوکر کانپور جایا چاہتے تھے منتظر خرچ کے تھے غرض بن سنور کر داخل کمرہ ملازمان خاص بخش ہوئین حکم ہوا کہ بیڑہ پر سے ایک قطعی تین لاکھ روپیہ کے زیور جواہر کی لیجاو اوسے سنکر ہمارے پاس آوین خلاصہ جب مشرف بسعادت ابدی ہوچکین پانچہزار روپے دیکر رخصت فرمایا اوسوقت انکی ماں کی خوشی شادی مرگ ہونے کی بیان سے باہر ہے صحن خانہ مین جگہ جگہ سجدہ شکر بجالاتی تھی بعد کئی دن کے پہر رات کو طلب فرمایا دوسری قطعی زیور جواہر کی اور دو ہزار روپے اور ہزار اشرفی اور تین بدری ہر قسم کے پارچے کی عنایت ہوے بعد کئی دن کے بلاکر حاضری عباس علیہ السلام اپنے ہاتھ سے کھلا کر مذہب اسلام تلقین فرمایا بیگم صاحبہ نے بطیب خاطر کلمہ شہادتین پڑھا اگرچہ ظاہر مین حب دنیا کیواسطے کیا ہوا اور فرمایا کہ ہم نے تمھین بیگم کیا اونھون نے نذر دی پھر ایک دن ایک چوڑی جڑاؤ ہاتھون کی ایک لاکھ روپیہ کی جسمین الماس کے نگینے سفید و گلابی جڑے تھے اور ایک نتھ لاکھ روپے کی عنایت عنایت فرمائی پانچہزار روپے ماہواری مقرر ہوی پہلو بارہ دری محلسرا عنایت ہوئی اور اہتمام دیوڑھی اور لوازمہ اسباب ضروری کو حکم ظفر الدولہ کپتان فتح علیخان کو ہوا سکھپال سواری کو ملا بہرحال ہم پلہ نواب مبارک محل کیا اب اس زمانہ مین جو اس قسم کے زیور وجواہر دینے کو بیان کرے افسانہ ہے خلاصہ آمدم برسر مطلب دو برس سے کھانسی اور تپ دق مین گرفتار تھین [illegible] مرض الموت جانکر اور بخوف حاکم وقت کہ مردہ بدست زندہ ہوجاؤن یک وصیت نامہ لکھوا صاحب

رزیڈنٹ کے پاس بھیجدیا یعنی مین اپنے اصلی مذہب عیسائی پر تھی اور ہون میری مان لے محض لطمع زر دنیا مجھے اہل اسلام کو دیا مین بھی اپنی نافہمی سے مجبور تھی ہر چند بادشاہ نے مجھے اپنے مذہب کی تلقین و تعلیم کی مگر باطن مین مین اپنے مذہب عیسائی پر مستقل رہی لہذا میری تجہیز و تکفین موافق مذہب عیسائی کے ہو اور ایک ثلث میری تنخواہ مین میری وصیت جاری ہو بعد اسکے حسن علی کپتان کے مکان متصل امام باڑہ آغا با فرخان بکرایہ جا کر رہین آخر ۷ - اپریل ۹ بجے رات کو ۱۸۴۹ء مین مرگئین اور موافق وصیت کے قریب ٹیلہ شاہ پیر جلیل گورستان رومن کیتھلک مین دفن ہوئین حسب الحکم شاہی مجد الدولہ نے تعلیقہ کر کے پیرے بٹھائے جب صدر سے جواب رپورٹ صاحب رزیڈنٹ آیا متروکہ اونکا جوزف شارٹ کو ملا ہر چند برچہ پیام پھر اس باب گیا کہ اس صورت مین ساری تنخواہ وثیقہ کربلای معلی جاوے لیکن کچھ نہوا بعد حضرت خلد مکان کے ایک حکیم کا وہان بھی بڑا اختیار کلی تھا جسطرح حکیم بندہ رضا خان مبارک محل مین تھے واللہ اعلم۔

نواب مبارک محل صاحبہ کا احوال جنکا بیان حضرت خلد مکان کے احوال مین ہو چکا ہے بیٹی کرنل عیش صاحب کی مسماۃ چمپا کے پیٹ سے جنکا بنگلہ کانپور مین اسی نام سے تھا جب صاحب ولایت جا چکے یہ پیدا ہوئین اسکول مین لڑکیونکے ساتھ پڑھنے کو جایا کرتی تھین بلکہ طامس سیر صاحب کے باپ نے بھی انھین پڑھایا تھا نصرانی تھین جب حضرت خلد مکان نے تعلیم و تلقین فرمایا صدق دلسے ایمان لائین فی الحقیقت بہت صاحب حسن و جمال تھین صاحب تمکان کئی ہزار آدمی انکی بدولت پرورش پاتا ہے اور سیر چشم تھین اختیار سیاہ سفید سب حکیم بندہ رضا خان کے اختیار مین رہا اکثر اوجاع باطنی ہو جاتا تھا حکیم صاحب کے دست شفا سے رفع ہو جاتا تھا پھر چند روز سے آلام روحانی مین تبلا ہوئین خلاصہ باغ سے ڈالی انبہ کی آئی تھی اوس مین سے کئی آنبہ رات کو نوش کیے رات کو فراغ کچھ برہم ہوا حکیم صاحب کے موافق معمول کچھ دوا بھی اوسے نوش کیا پھر شاید استفراغ کیا آخر شب ہشتم ماہ شعبان روز شنبہ ۱۲۶۵ھ مطابق ۳۰ جون ۱۸۴۹ء انتقال کیا محل مین شور قیامت برپا ہو گیا قریب دو پہر دن کے حضور عالم بہادر کو خبر ہو نچی اوسیوقت بادشاہ نے عرض حال کیا پہر رات گئے جنازہ کیواوٹھایا بعد غسل و ریا حکم بادشاہ سے موافق رائے حضور عالم امام باڑہ مین

ہم پہلو سے حضرت خلد مکان دفن ہوئین یکشنبہ وقت صبح حسب دستور مجد الدولہ نے تعلیقہ کیا پھرے بٹھائے بظاہر بعد اسکے جو کچھ دستیاب ہوا داخل سرکار رہوا - دیانت الدولہ کے سپرد بادشاہ نے مال مردہ سمجھ کر کچھ خیال نہ کیا جسکی قسمت مین تھا او سے ملا مجد الدولہ متصرف ہو کر رہ گئے اگر انسے مقابلہ اسباب کا کیا جاتا البتہ سب کا احوال کھل جاتا پشمینہ و جواہر انکے پاس کا مشہور تھا پھر ادسکا پتہ نہ لگا کہ کیا ہوا -

بیگم صاحبہ مرحومہ ۶ برس پیشتر اپنے انتقال کے اپنے ثلث وثیقہ مین وصیت حسب دلخواہ بمشورہ حکیم صاحب بواسطہ میر منشی نواب گورنر جنرل جداگانہ صاحب رزیڈنٹ صدر کلکتہ مین بھیج چکی تھین اونکے ملازمین جو اپنے حق ملازمی سے محروم رہے خلاف کہتے ہین - واللہ علم موافقت اہلکارون سے بہت سی کاربرآری ہوجاتی ہے جب صدر سے تحریر آئی کرکٹس صاحب رزیڈنٹ نے کچھ تامل کیا تھا مہندرزاین خزانچی نے اونھین سمجھا کر جاری کردیا

دوشنبہ کو تقریب سوم ہوئی خلعت ماتم پرسی حکیم صاحب اور اونکے بیٹے مرزا بندہ مہدی خان کو اور پنڈت دیوان کو حضور عالم نے دیا اور محل مین فقط بواجی کو جو صف ماتم پر بیٹھی تھین -

بسک صاحب کا محبت نامہ صاحب رزیڈنٹ کے نام اور مرزا کیوانقدر کو خلعت ولیعہدی اور مرزا فریدون قدر کو خلعت جرنیلی ملنا

روز سہ شنبہ ۲ جولائی ۱۸۳۹ء کو صاحب رزیڈنٹ نے محبت نامہ مشتمل عرض مدالمہام سلطنت چند بات کا بھیجا پہلے جو اسی مصلح السلطان کے پاس لایا کہ جلد نظر اقدس مین گذرانین دھوسنے چاہا کہ پہلے حضور عالم کے پاس بھیجین پھر کچھ احتیاط سے بادشاہ کے پاس بھیجا بادشاہ نے بعد ملاحظہ کے حضور عالم کو دیا کہ اسکا جواب مناسب لکھکر بھیجو دمشیران خاص نے بہت بنا بناکر اوسکا جواب لکھا کہ اہلکار خاص بہ سبب علالت مزاج اقدس پرستاری مین رہے اس جہت سے مہمات مالی وملکی مین توجہ کامل نہوئی اب نی الجملہ تخفیف علالت ہوئی ہے انشاء اللہ حسب تجویز آپ کے عمل مین آئیگا اور حضور عالم بہادر کو قطع نظر عہدہ وزارت کے منزلت قرابت خاص بھی حاصل ہے اور ہر حال مین یہ خیرخواہ سرکار ہین متصور ہین انکا حفظ مراتب بہر صورت

مکنون خاطر ہمایون رہتا ہے غالب کہ نظر باتحاد سرکارین آپ کی بھی نظر عطوفت ہر حال مین
اپنر رہے انشاء اللہ تمام امور ملکی و مالی مین اپنے پیش نہاد رکھینگے۔

ملال سلیمن صاحب نواب صاحب اور وہانکے طرز دیکھکر آبزیبل سر مہاراجہ
دنبجے سنگھ صاحب بہادر کے سی ایس آئی والی بلرام پور و تلسی پور وغیرہ کا
گیرنا اور ان دونون صاحبون کے درمیان رفع ملال کا باعث ہونا

۱۸۵۹ء مین سلیمن صاحب بہادر اور وزیر اعظم سے بدانتظامی ملک کے سبب سے رنج ہو گیا
اونکو اپنی رزیڈنسی پر ناز۔ انکو اپنی وزارت کا دعوی۔ نواب صاحب کی آمد و رفت موقوف ہوئی
اونکے متوسط کی بھی اپنے پاس آنیکی صاحب نے ممانعت کی نواب صاحب کو نہایت تشویش ہوئی
اسی فکر مین سرنزانو ہوئے ایک روز مہاراجہ صاحب بہادر سے کہا کہ تمپر سلیمن صاحب از بس مہربان
ہین اگر ہو سکے تو کوئی صورت رفع ملال کی نکالو اس کوہ غم کو ٹالو مہاراج حسب الحکم نواب صاحب
سلیمن صاحب کے پاس گئے بعد گفتگوی بسیار مطلب کی چھیڑ چھاڑ کی نواب صاحب سے بگاڑ کی وجہ
پوچھی صاحب نے جواب دیا کہ ہمارے لوگ سب سے صاف دل ہو کے ملتے ہین دل مین زور نہین
ہمکو یہ ریاست منانا کسیطرح منظور نہین بلکہ یہ چاہتے ہین کہ روز بروز یہ ملک سرسبز و شاداب ہو
رعایا آرام پائے اور یہ اضطراب دور ہو لیکن بدانتظامی اور سہل انگاری بادشاہ کی دیکھکے
طبیعت مایوس ہے اسکا بڑا رنج و افسوس ہے جو ہدایت ہم کرتے ہین اوسپر قایم نہین رہتے کسی
بات کا ماسکہ نہین ہوتا اسکے جلسا رعایا زچار پانچ ایسے سرکاری ہین کہ وہ اور بھی اونکو خراب
کرتے ہین مہاراج نے عرض کی کہ جو آپ فرماتے ہین بجا ہے مگر از راہ خاوندی ارشاد فرمایئے
کہ آپ نے کیا تجویز فرمایا ہے جس سے یہ بکھیڑا پاک ہو غافلونکو قوت ادراک ہو صاحب نے بعد تامل
فرمایا کہ بس یہی اسکا علاج ہے ہماری رائے مین تو یون آیا ہے کہ چار پانچ شخص مثل دھنی علی خان
اور دیوان ہنومی سہائے اور برنڈن وغیرہ جو مثل ارباب عناصر و حواس خمسہ نواب صاحب کے
ہمدم و مشیر ہین نکالدیے جائین کسی معاملے مین دخل نہ دینے پائین نواب علی نقی خان جو بالفعل

وزیر ہین مین جانتا ہون کہ وہ پوتون کے امیر ہین انتظام ملک مین انکا دخل نہین گوانپے نزدیک ہوشیاری و مستعدی کرتے ہین برسر کد ہین مگر اس کوچہ سے محض نابلد ہین بادشاہ اونکو بہت چاہتے ہین اپنے کیے کو نباہتے ہین وزیر اعظم اونھین کو رہنے دین آنکی پیشدستی کا کام شرف الدولہ ابراہیم علیخان سے لین کہ اوسکو انتظام ملک مین دخل تام ہے وہ لایق عہدۂ وزارت ہے کلام ہے اگر یہ بات شاہ اور وزیر دونون گوارا کرین تو ہماری دلجمعی ہو پھر شاید اس ریاست کو ترقی ہو مہاراج کو بھی صاحب کی یہ بات پسند آئی اور واقعی بہ نظر انصاف دیکھیے تو سوائے بہتری کے اسمین کوئی برائی نہ تھی غرض مہاراج بہت بشاش ہوکے صاحب سے رخصت ہوے بارہ بجے کے قریب گھر پہونچے اوسوقت حضور عالم بہادر دولت سرا مین تھے حضور سے آنے کی اطلاع کی نواب صاحب نے اندر طلب کیا مہاراج نے جو صاحب سے سنا تھا حرف بہ حرف سب بیان کیا مہاراج کی گفتگو سے وہ صدمہ نواب صاحب کے دل پر ہوا کہ رنگ چہرے کا متغیر ہوگیا مہاراج نے رفع ملال کے لیے کہا کہ اسمین کچھ حضور کا نقصان نہین شرف الدولہ کے بلوانے مین کچھ کسر شان نہین اور جن لوگون کو صاحب نے دربار مین حاضر ہونے کو منع کیا ہے۔ بظاہر دربار مین یہ امر مخفی حضور کو اختیار رہے بلوائین جسطرح صاحب نے کہا ہے چندے اسپر عمل کیجیے حجت تمام کرنیکو یہ بھی دیکھ لیجیے بظاہر تو سلیمن صاحب دوست معلوم ہوتے ہین فقط اتنی بات کی تکرار ہے یہ بھی کرگذریے مین بہ نظر خیر خواہی عرض کرتا ہون آیندہ آپ کو اختیار رہے یہ کہکے رخصت ہوے وہان سے دل کبیدہ آئے خوش گئے تھے رنجیدہ آئے۔ مہاراج کا کہنا نواب کے دل پر موثر ہوا کلمات نصیحت پسند آئے چار دن بعد دو چار دن پانچون آدمی نظر بند ہوے دوسرے روز نواب صاحب نے مہاراج سے کہا اب جاکے سلیمن صاحب سے اطلاع کردو کہ ہمنے اون آدمیون کو نکلوا دیا اب جیسا حکم ہو مہاراج نے جاکے سلیمن صاحب سے کہا اونھون نے جواب دیا اچھا تمہارے کہنے سے ہمکو یقین ہوا مگر شرف الدولہ ابھی پیشدست نہین ہوا مہاراج نے کہا اتنا تو ہوا ہے اب آپ نواب صاحب کو بیان آنے دیجیے بہتر یہ ہے کہ اسکی گفتگو تخلیے مین ہو تو خود بھی فہمایش کیجیے اتنی بات دور اندیشی کی

تھی کہکے اپنی برأت کرلی صاحب نے فرمایا اچھا جاؤ آج تیسرے پہر کو نواب صاحب کو لے آؤ مہاراج نے آکے نواب صاحب سے یہی کہدیا وہ اپنی طلب سن کے بہت خوش ہوئے سہ پہر کو سوار ہوکر اور مہاراج کو بھی اپنے ہمراہ لیا صاحب کے پاس پہونچے وہ بہت لطف سے پیش آئے کلمات بشاشت آمیز درمیان میں لائے مہاراج تو صاحب کو سلام کرکے علیحدہ ہوگئے جانبین میں صفائیان منظور تعین تین گھنٹے تک سلیمن صاحب اور نواب صاحب کے خلوت میں باتین ہوا کین بعدا سکے نواب صاحب رخصت ہوئے مہاراج نے اوسی حضور عالم بہادر کو بہت بشاش پایا خود بھی مورد عنایت ہوئے چند روز لکھنؤ میں رہکر بہت بات بنائی مگر ان دونون حاکمون کی رائے ہرگز مطابق نہائی ناچار ہوکے مہاراج نے سلیمن صاحب سے عرض کی کہ مجھکو دربار شاہی کا رنگ بیرنگ معلوم ہوتا ہے اب آپکی صلاح کیا ہے مجھسے تو یکجا نہین جاتا کہان تک روز صدمے اوٹھاؤن اگر ارشاد ہو تو مین اپنے گھر جاؤن اونھون نے کہا تمھاری اور مقربان شاہی کی طبیعت مین بہت فرق ہے اصل مین ریاست کا درخت بے اصل ہے اور جیدرخت کی جڑ نہ مضبوط ہوئی وہ باد مخالف سے ایک دن ضرور منہ کے بل زمین پر آئے گا جو اوسکے سایہ مین ہین اونکو بیشک گزند پہونچائے گا اگر اپنا بچاؤ منظور ہے تو ابھی سوچے ہو پہلے جاؤ یہی بہتر ہے اندیشہ تو تھا ہی یہ سنکے اور بکھرائے دہان سے پھرکے سیدھے نواب صاحب کے پاس مہاراج چلے آئے سوگند پاکے رخصت کی درخواست کی حضور عالم نے بخوشی گھر جانیکی اجازت دی کہ ضابطہ تم بھی جانتے ہو جو کچھ مال تمھارے ذمہ ہے مناسب ہے کہ اوسکی مال ضامنی کسی سے لکھوا دو مہاراج نے رائے سربھن لال کی ضمانت لکھوا دی چلتے وقت نواب صاحب نے ایک نقارہ دیا اور ایک ضرب توپ عنایت کی مہاراج دونون چیزین اپنے ساتھ بلرام پور لیگئے۔

روز چارشنبہ صاحب رزیڈنٹ کو پیام شاہی پہونچا کہ آپ بہر صورت بسبب علالت مزاج کے کرسی یا تامجان پر بیٹھکے میرے پاس آئیے یا صاحب تا مجھکو میرے پاس بھیجدیجئے اسکا سبب یہ ہوا کہ کئی دن پیشتر صاحب موصوف بار رمنہ شاہی مین گھوڑے سے گرپڑے تھے پاؤن مین خوب چوٹ لگی تھی دو آدمی سے صاحب راکھ کے چلنگے چھانتے پہ

لیٹ کر کوٹھی بن آئے تھے ہرچند پھر تا مجان بھی بادشاہ نے بھیجا تھا مگر بہ سبب شدت درد کے
اوسپر سوار نہو سکے کئی مہینے تک پانون درست نہوا۔ پانون لنگ رہا لکڑی کے سہارے سے
چلتے تھے اس حیثیت سے پنجشنبہ کو بیک صاحب آئے خلوت ہوئی جرنل صاحب مرزا کیوان قدر
کو خلعت ولیعہدی مرزا فریدون قدر کو خلعت جرنیلی بصلاح صاحب موصوف عنایت ہوا
اوسکے بعد شرف الدولہ رائے جگناتھ عرف غلام رضا خان کو خلعت بیبا قی علاقہ حضور
تحصیل نواب محمد خان سفیر شاہی کو خلعت معمولی۔ شیخ مصاحب علی اونکے خدمتگار کو دوشالہ
رومال مرحمت ہوا۔

ظاہر ہے کہ عمدہ جرنیلی درستی عبارت وآراستگی فوج ہے یہ تعلق علم ہندسہ سے ہے
بسطرح صاحبان عالیشان کو حاصل ہے چنانچہ مثل مشہور ہے کہ بونا پارٹ شہنشاہ فرانس کو
اس علم مین مداخلت کلی حاصل تھی اسکے سوا چاہیے کہ فوج مین اشراف قوم جس قوم کے
ہون بھرتی ہون اسیواسطے سپاہ پیادہ کو نجیب کہتے ہین اور مدارج سپاہ تبدیج بجا نفشانی کا
سرکار بڑھتے جائین اور سرکار سے اونکے حقوق اونکے مادام حیات ضایع نہون کہ اور دنکو قطع
امید ہوجائے اسکی تفصیل صدر اعلی سرکار نے درباب فساد بد معاشان سرکار اپنے رسالہ طبع
حکم سرکار سے خوب لکھی ہے غرض اس سلطنت مین یہ منصب جلیلہ جنت آرامگاہ نے مرشد زادہ
آفاق نواب شمس الدولہ بہادر کو دیا تھا اور خود جناب عالی مثل نگاہداشت سوار و پیادہ ملاحظہ
فرماتے تھے یا کبھی جرنل صاحب یا نواب نصیر الدولہ کو حکم ہوجاتا تھا حضرت خلد مکان نے اختیار
بخشی فوج کو دیا اب کم کم سفارش اور عملہ کا فائدہ شروع ہونے لگا خاص رسالہ کی اسامیان
معرفت میر مدو بکنے لگین حضرت خلد منزل نے اقبال الدولہ ظفر الدولہ کے بڑے بیٹے کو جرنیل
کیا انھون نے غلام مرتضی روضہ خوان کو اختیار دیا خود عیش و شراب خواری مین مشغول
ہوے اس عہد دولت مین اہلکارون کی خوب بن بڑی انتظام اچھے اور بڑے کا جاتا رہا
افسران فوج علاقون سے روپیہ ضروریات کا خاطر خواہ سرکار سے آپس مین رسدی
تقسیم کر لیتے تھے اخبار نویس جو ہر علاقہ نظامت پر رہتے تھے اونکا درماہہ پندرہ سے کم تین
بیس سے زیادہ نہوتا تھا ساہوکار صاحب اخبار داروغہ سے ہوکر جاتے تھے چنانچہ بہ اجارہ

لاکھ روپیہ سالانہ تک پہونچا تھا اور خود ہر اخبار نویس ہزار بارہ سو سے کم ماہواری نہ لیتا تھا بلکہ اس سے زیادہ نواب منور الدولہ اپنے بھتیجے کو اور نواب روشن الدولہ نے اپنے بیٹے کو حضرت فردوس منزل نے مرزا ہمایون بخت کو حضرت جنت مکان نے مرزا سکندر حشمت کو حضرت سلطان عالم نے مرزا فریدون قدر کو۔ مگر دفتر جزئیلی خاص داخل تخفیف ہوگیا تھا پس جب ایسی خرابیان فوج مین ہون پھر اصلاح اور درستی و آراستگی کہان ایک پلٹن نجیب کی تیس ہزار روپے اجارے پر تھی ان سب کے سوا سعارش اندرونی و بیرونی ہوتی تھی چنانچہ ڈیوڈسن صاحب رزیڈنٹ نے نواب امین الدولہ سے فرمایا کہ بھاری فوج سے عملۂ سرکار کو بڑا فائدہ ہے اس جہت سے وقت ضرورت سرکار ہرج کار سرکار ہوتا ہے چاہیے کہ فوج اسطرح آراستہ و پیراستہ رہے کہ بروقت ضرورت ہماری سرکار کے بھی کام آئے اسی جہت سے جب ہر رسالے سے سوار منتخب ہوکے مہم لاہو کو جانے لگے تھے تو بڑی مشکل پڑی تھی سوارون نے اپنی عادات قدیم سے بڑی ذلتین اوٹھائی تھین اگر ہمیشہ سے حاضر باش اور نوکری چوررہتے کا ہیکو یہ صورت ہوتی غرض ہر سلطنت مین بربادی و خرابی و نقصان سرکار ہوتے ہوتے آخر یہ نوبت پہونچی جو سب نے دیکھی مہاراجہ گوالیار یا راجہ بہرت پور نے خود متوجہ ہوکر کیسی فوج آراستہ و تیار کی ہے اور سرکار کا انتظام تو ظاہر ہے

برگشتگی تقدیر ایں عاصی پر معاصی اور موقوفی عملۂ رصدخانۂ سلطانی

جب اس عاصی پر معاصی نے حسب الحکم ہنری الیٹ صاحب بہادر سکریٹر اعظم گورنمنٹ اور تصحیح و مقابلہ کرنل ڈکاکس صاحب بہادر یہ تواریخ اودھ موافق دستور انگریزی لکھی جسمین جو شاباش اور تعریف زائد جانب داری کیسکی نہین مطبوع طبع اکثر صاحبان عالیشان مصنف و قدرشناس ہوئی چنانچہ جرنل سلیمن صاحب بہادر رزیڈنٹ اور کلنٹ صاحب مہتمم کالج جرنل رائن ڈاکٹر اسپرنگر صاحب نے بہ نظر اصلاح دیکھا اتفاقاً قطب الدولہ مقرب خاص بادشاہ نے اسکا ذکر بادشاہ سے اس خیال سے کیا کہ از راہ قدرشناسی کچھ بھلا ہوجائے مگر خوبی قسمت سے اپنے یہ بالعکس صورت ہوئی ؎ ای روشنی طبع تو بر من بلا شدی ۔ صادق آیا یا القرآن حق

بنررید صاحب متوفی وبسفارش جنرل کاپسلڈ صاحب رزیڈنٹ بے منت مومنین دربار مقرر ہوا تھا ازراہ قدرشناسی سلطان عادل موقوف ہوا وجہ یہ ہے کہ قطب الدولہ نے جب تواریخ مجھ سے منگوا بھیجی بادشاہ نے حضرت جنت مکان کا احوال دیکھا بہت خوش ہوے اور تعریف کی جب اپنے احوال پر آئے بعض مقام جو حقیقت مین سچ تھے دیکھے اور خفا ہوکر برطرف کیا ہر چند مین نے واسطے دلایا کہ اگر مین خود پڑھکر ان مقامات کو سناتا اور خفا ہوتے جواب شافی دیتا مگر مجھے وہ نہ لے گئے - یہان کچھ طمع نہ تھی کہ امیدوار ہوتا صبر کیا بسر اوقات مع عیال اطفال ۱۸ برس تک توکل پر رہی مگر شکر ہے کہ کسی امیر شہر کے دروازے پر نہ گیا حضور عالم البتہ سال بھر کے بعد کچھ اعانت کرتے تھے موافق اپنے عقیدے کے مگر دولت کربلا قاسم رزق کا تھا باغرت و بے منت رفع احتیاج ہوئی جب عملداری گورنمنٹ ہوئی متواتر عرض حال کیا کسینے نہ سنا - صبر کیا - جب عملۂ رصدخانہ برطرف ہوا بنگالی وغیرہ جو بسفارش اکبر آباد الہ آباد سے آئے تھے جنرل سلیمن صاحب سے درخواست پنشن کی کی بادشاہ نے فرمایا پنشن دستور سرکار نہین اور اس مصنف تواریخ سے ہمین رنج ہوا ہے بعد اسکے بخاطر جنرل صاحب تہائی حصہ پنشن کو عملے کے لیے اجازت ہوئی سوائے اس مقدور کے بہرحال صبر کرنا چاہیئے - جب جنرل بیرو صاحب کو چودہ رسالے علمی مع تواریخ اودھ ڈپٹی مرزا عباس بیگ نے دکھائے کہ یہ شخص محروم حق پنشن سے رہے رپورٹ صدر کو کیا نصف تنخواہ معینہ یعنی پچاس روپیہ ماہواری مقرر ہوئی مگر الحمدللہ کہ وہ کتاب جو ملاحظہ بادشاہ مین آئی تھی ۱۸ یا ۱۹ - جز تھے ۱۰۷ یا ۱۰۸ جز کے تقریبا کتاب مبسوط تیار ہے ایک جلد فارسی اردو اور انگریزی جنرل جیمز لین صاحب نے خود اور پادری صاحب سے ترجمہ کروایا ہے کئی سے روپیہ اوسکی طبع مین صرف ہوا اور غالب ہے کہ نفع بھی ہو مگر سرکار خود طبع نہین کرسکتی ہے مجھے اختیار ہے یا جو شخص ازراہ قدردانی طبع کرائے - جب اسکے قدر شناس دیکھینگے البتہ مجھ بہ نیکی یاد کرینگے - آیندہ اختیار بخدا - وہ کسی کی محنت برباد نہین کرتا ضرور اوسکا اجر دیتا ہے فقط -

احوال نواب جلال الدولہ مہدی علیخان بہادر

بعد انتقال جنت آرامگاہ نواب خاص محل مادر گرامی نواب جلال الدولہ مہدی علی خان بہادر محلسرائے خاص فرح بخش سے بادلی کے مکان مین تشریف لائین یہ بھی عمارت عالیہ نواب آصف الدولہ نے قابل رہنے سلاطین کے بنوائی تھی اگرچہ وضع ہندوستانی ہے نواب جلال الدولہ کو اپنی مان سے چندان موافقت نہ تھی اس جہت سے نشاط باغ مین آکر رہے اور اپنے طور پر خوب آراستہ کیا اور سامان عیش و نشاط شاہانہ شروع کیا اکثر ملازم تیر انداز وغیرہ نوکر ہوے تیر اندازی اور بندوق لگانے مین وہ بھی خود کامل تھے جنت آرامگاہ نے سب صاحبزادونکو جیسا چاہیے سب طرحسے تعلیم فرمایا تھا انکے شریک جلسۂ صحبت عیش فقط نواب حسین الدین خان ہوتے تھے جد مادری حضرت سلطان عالم تھے۔

کئی برس کے عرصے مین یہ مصارف کثیر بہ سبب قلت مداخل کے تمام ہوے اور بہ سبب فضول خرچی اور صرف بیجا کے مان نے اعانت موقوف کردی تھی اس جہت سے صحبت عیش درہم برہم ہوئی اور ملازمین نے اپنی راہ لی لالہ ماہولال داروغۂ بیگم صاحبہ اور کارگزار بیگم صاحبہ نے اپنے بچاؤ کیواسطے نواب معتمد الدولہ اور خوانین کمبوہ سے موافقت پیدا کی تھی انسے ناموافقت کلی دربار شاہی مین اکثر جاتے تھے مگر انکی تنخواہ مثل اور بھائیون کے نہ ملتی تھی آخر تنگ ہوکر دربار کا جانا موقوف کردیا تھا اتفاقاً انکو ہیضہ وبائی ہوا نوبت بہ ہلاکت پہونچی نواب خاص محل خوشش محبت مادری سے باغ مین تشریف لائین نواب کی پرستاری کی حکیم میر ابو ملازم بیگم صاحب معالج ہوے خدا نے شفا دی فی الجملہ تشفی اخراجات ہوئین نواب بھی بہ مجبوری اطاعت کرنے لگے۔

اجمالی تنخواہ مرشدزادہای جنت آرامگاہ

بہ حضرت خلد مکان کی سلطنت مین جب کثرت مصارف سرکار شاہی بڑھی تو نواب معتمد الدولہ کو اقربائے شاہی سے کیسطرح سے موافقت نہ تھی بلکہ ہر ایک کے درپے تخریب رہتے تھے

چاہتے تھے کہ ان سب کے مواجب معینہ بہت کم ہوجائین چنانچہ نواب گورنر جنرل لارڈ مائرا صاحب کو ایک محبت نامہ لکھا کہ بھائیون کی تنخواہ ہزارون روپے کی ہے اور بہ سبب کثرت مصارف انکی تنخواہ دینے مین وقت دیر ہوتی ہے اُنکی باعث شکایت کا ہوتا ہے لہذا منظور ہے کہ ہر ایک کی تنخواہ نصف ہوجاے اور اولاد ازواج نواب آصف الدولہ مرحوم میرے عم نامدار فقط بنام نامی اونکے ہین غیر مستحق سمجھکر آزاد کردیے جائین اسکا سبب یہ تھا کہ معتمد الدولہ اُن سب کو غیر مستحق و بیگانہ سلطنت جان کر تنخواہ بہت دقت اور مہینون چڑھا کر دیتے تھے یہ سب بیبیان پنج محلہ وغیرہ مین رہتی تھین جب فاقون سے مرتی تھین بعد نصف شب کے کوٹھونپر محرم کا بانا جاکر غل مچا کر معتمد الدولہ کو کوستی تھین اسوجہ سے نواب کو عداوت ہوگئی تھی اور اونکے نکالنے کی یہ تدبیر کی تھی لیکن وہان سے یہ جواب آیا کہ مقدمۂ خانگی مین آپ کو بہمہ وجوہ اختیار ہے مگر اولاد ازواج نواب آصف الدولہ کے واسطے ہمین یقین واثق ہے کہ یہ آپ کے عم نامدار کے بنام نامی مشہور ہو چکے ہین غالب ہے کہ ہمین خلاف ہمت عالی سمجھکر گوارا نہ کرینگے کہ موجب بدنامی ہوگا اور بھائیون کی تنخواہ مین اختیار ہے ایک زمانہ یہ گذرا کہ حضرت سلطان عالم کے عہد دولت مین حضور عالم نے انھین ازواج و اولاد کو محل سے نکلوا دیا کسینے نہ سنا۔

خلاصہ جب بھائیون کی تنخواہ نصف کر چکے اسکے دینے مین برسون ہوجاتے تھے اس بہت سے اکثر مرشد زادونکی نوبت فاقہ کشی کی پہونچی بہ سبب قلت مداخل اور عدم وصول سے مثل نواب بہار الدولہ حسین علی خان یہ فیاض بہت تھے اور بادشاہ بھی انکی طرف سے غافل ہوگئے آخر ایک دن تنگ ہوکر باتفاق نواب نصیر الدولہ مع سب بھائیون کے دادخواہی کیواسطے چھاؤنی سنڈیا نون مین رکٹس صاحب رزیڈنٹ کے پاس گئے اپنا اظہار حال کیا جواب مناسب وقت پایا وہان سے مایوس ہوکر پھرے نواب نصیر الدولہ سب سے بڑے تھے فوج شاہی نے انکے دولتخانے کو گھیر لیا ہر طرف توپین لگا دین جابجا پہرے بٹھا دیے آمد رفت بند کی گئی دن تک یہ ہنگامہ صلہ رحمی گرم رہا آخر سعرفت اعظم علی خان عظیم اللہ خان نے کچھ دیکر تصفیہ کیا نے الجملہ صورت غائبت پیدا ہوئی جب سے عظیم اللہ خان دربار نواب مین قابض

ہونے لگے اور ہر طرح سے خوشامد کرتے رہے بہاء الدولہ نواب حسین علیخان بھی نصور سپاہ شاہی تھی بیس سوار اور پیادے متعین تھے انکے پاس دینے کو ایک کوڑی نہ تھی آب فاقہ کرتے تھے جب اس قید بیجا سے بہت تنگ ہوے ایک شب گھبرا کے گھر سے نکلے بہزار خرابی بنین معلوم کیونکر کانپور پہونچے وہانسے فرخ آباد کو چلے کہ نواب منتظم الدولہ کے پاس جاؤں، چوبے پور کی سرا مین اترے تھے مرزا علی حسن مرزا حاجی کے بیٹے کانپور سے انکی رہبری کو ساتھ ہوے تھے بیس سوار خیکے پہرے سے نکلے تھے انکے تعاقب مین چلے آتے تھے سرا کو گھیر لیا چاہا کہ نواب کو پکڑ لیجائین تہتک ہوا تھانہ دار آیا اونھین باز رکھا یہ مایوس ہوکر پھرے نواب نے سی تصور سے برطرف کردیا جب نواب فرخ آباد پہونچے وہان بھی صورت خلاف دیکھکر کلکتہ گئے وہان بھی کوئی صورت دادرسی کی نہ نکلی عدم استطاعت و بیسامانی سے اسباب دنیا کیونکر حاصل ہون جب حضرت خلد منزل سریر آرائے سلطنت ہوے حسب الطلب شاہی لکھنو آئے انکی زر تنخواہ تمام و کمال ملی - بادشاہ بیگم صاحبہ نے از راہ کمال ترحم و صلہ رحمی شہامت علیخان کی بیٹی جوان نامراد تھی عقد شرعیہ کردیا نواب نے مہاجنون کا قرض بالکل ادا کردیا بعد کئی برس کے انتقال کیا -

نواب جلال الدولہ کا باخفا لکھنؤ سے نکلنا کلکتہ سے کربلا کو جانا

نواب خاص محل نے حکومت نواب معتمد الدولہ مین انتقال کیا نواب جلال الدولہ متروکہ مادری و جاگیر نواب گنج سے محروم رہے جواہر و اسباب تحفہ ماہولال نے اپنے خوف جان و مال سے نواب و خوانین کو دیا اونھون نے اپنی امانت و دیانت ظاہر کرنیکو اوسے کوڑے بھی لگائے چند روز کے بعد چھوٹ گیا نواب جلال الدولہ بامید موہوم طلب انصاف کو چند روز تک دربار جایا کیے جب شنوائی نہوئی مایوس ہوکر خانہ نشین ہوے باہر نکلنا بالکل موقوف کردیا جب اس تکلیف سے تنگ آئے ایک شب کو منا سنگھ زمیندار کے گھوڑے پر باخفا سوار ہوکر کانپور پہونچے وہان سے ڈاک مین کلکتہ روانہ ہوے کئی دن کے بعد ہرکارون نے سرکار مین خبر کی کسی کے کان پر جون بھی نرینگی -

جب نواب شمس الدولہ سے ملاقات ہوئی بہت خوش ہوے کمال محبت سے پیش آئے فرمایا انشاء اللہ ہم تم باہم عتبات عالیات کو چلینگے اس عرصہ مین نواب شمش الدولہ نے انتقال کیا اور جاہتے تھے کہ اپنے حین حیات مین چار لاکھ روپیکے نوٹ گورنمنٹ نواب کو خرید کردین حضرت بیگم صاحبہ اکیدن باتون مین کچھ طعنہ زن ہوئین نواب جلال الدولہ نے جواب شافی دیا کہ مین کلکتہ مین رہنے کو نہین آیا کہ کسیکا محتاج ہونگا میرا زاد راہ تین سو اشرفی موجود ہین اور کچھ جواہر بھی ہے

نواب جلال الدولہ بدل متمنی عتبات عالیات تھے انکا کوئی روکنے والا بھی نتھا چند ملازمین خاص سے جہاز پر سوار ہو بصرے پہونچے حاکم بوشہر تسلم یعنی ناظم بصرہ بالیوز بغداد نے ہر مقام پر انکا احترام کیا طریق ضیافت و مہمانی موافق دستور ولایت پیش آئے کئی سوار و رجاؤش اونکے ساتھ کردیے جس شہر یا قلعے کے نزدیک پہونچتے تھے سلامی توپ کی ہوتی تھی جب دورے کی زیارت سے فارغ ہوے راہی مشہد مقدس ہوے ناگہان مکافات ایام نا فرجام سے منزل مابین عباس آباد و میامی جو مختص رہزنی ترکمان ہے نواب نماز صبح زیر درخت چنار پڑھ رہے تھے کہ دفعۃً ترکمان پہاڑ کی چوٹی سے اوتر کر قافلے کو لوٹنے لگے اوسمین کچھ ہندی بھی تھے بعض نواب کا نام لیکر فریاد کرنے لگے نواب نے از راہ حیارت اوپر رخ کیا بعض نے نواب کو منع کیا کہ یہ ہندوستان نہین ہے آپ خاموش رہیے۔

اس عرصے مین نواب نے تپنچہ مارا۔ دونون خالی گئے حالانکہ نواب اس فن کے بڑے قادرانداز تھے ناگاہ ایک ترکمان دوڑکر نواب سے لپٹ گیا گھوڑے سے گرادیا اور قید کرکے پشت پہاڑ پر جہان رہتے تھے لے گئے اور کئی من تبریز کی بیڑیان پاؤن مین ڈالدین اور ہر روز عداوت سے اشد مصائب اور آلام روحانی دینے لگے اور بہت خوش تھا کہ میرے حصہ مین نواب ہندی اور شاہزادہ ہاتھ آیا ہے نواب اوسے سمجھاتے تھے کہ تیرا گمان غلط ہے مین جلالیہ فقیر ہندوستان ہون وہ کہتا تھا ہر صورت تم مجھے پانچہزار روپے دو چھوڑ دونگا یہ کہتے تھے اگر گرہی منظور ہے میرا خط بالیوز بغداد یا مہران کے پاس لیجاؤ وہ روپے تمین دیدینگے وہ کہتا تھا ہمارا آدمی وہان جاکر گرفتار ہوجائیگا۔ غرض اوس قافلے سے زن و مرد

چھ آدمی اسیر ہو گئے تھے اور نواب ۶ - آدمیون کے حصے مین تھے ایکدن نواب نے تنگ ہو کر اوس ترکمان کے آٹھ برس کے بیٹے کو مار ڈالا اس حبت سے کہ وہ حرامزادہ سب سے زیادہ آزار دیتا تھا کبھی اپر موت دیتا تھا کبھی منہ پر تھوکتا تھا کبھی گالیان دیتا تھا اوسکا باپ نواب کی اس حرکت سے بہت خوش ہوا اور کہا کہ تمنے اس عورت کو کیون نہ مار ڈالا کہ میرا حصہ بڑھجاتا یعنی جتنے آدمی ۶ سے کم ہونے اسکا حصہ بڑھجاتا دوسرے دن اسکا بھائی جو شریک حصہ تھا خفا ہو کہنے لگا مین آج نواب کو مارے ڈالتا ہون اور اپنے پاے چکہ دار سے نواب کی پنڈلی پر کھڑا ہو گیا صاحب خانہ نے کہا پہلے تو میرا حصہ دے دے پھر تجھے اختیار ہے ایکدن نواب پلکی پہنے جاتے تھے اور اپنی بیکسی پر رو رہے تھے اوس ترکمان کی جورو نے رحم کیا اور ایک کرتہ اور تنگی نواب کو دیدی اور اپنے خاوند سے سفارش بھی کی کہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص خاندان سے ہے اسکے رونے پر مجھے رحم آیا یہ اگر نہ اور تنگی مین نے اوسے دی خلاصہ نواب عجیب مصیبت ناگہانی اور بلا بین گرفتار ہوے کہ خدا کسیکو نصیب نکرے غرض اسیری نواب کی خبر مشہور ہوئی شاہ جم جاہ فتحعلی شاہ نے فرمان فرماے مشہد مقدس کو لکھا کہ کوئی صورت انکی رہائی کی ہو تو باعث نیک نامی ہے اور مزید حسنات اخروی لکھنؤ مین حضرت خلد منزل مین یہ خبر آئی زایرین نے بھی مفصل احوال بیان کیا نواب روشن الدولہ نائب تھے یہان کو سنتا تھا جب شہزادہ مشہد مقدس نے حکم مازندران کو لکھا اوسنے پانچہزار روپیہ دیکر نواب کو چھوڑایا وہان سے طہران مین آکر مہمان خانہ بالبوز ہوے شاہ کو یہ امر خلاف گذرا اور نہ احترام اول لوازم مہمانی زیادہ ہوتا بلکہ کیا عجب تھا کسی شاہزادی سے شادی ہو جاتی وہان سے متبات عالیات آئے پھر بصرے سے جہاز پر سوار ہو کلکتہ ہوتے ہوے کانپور مین ڈوہان صاحب کے بنگلے مین اترے وہی انکا متکفل آخر اجات ہوا وہ تاجر جنسے پانچہزار روپیہ دیا تھا انکی ساتھ یا

نواب کا لکھنؤ آنا اور انتقال کرنا

جب حضرت فردوس منزل سریر آرائے سلطنت ہوے انکا حال سنکر ازراہ صلہ جمی خفیہ طلب

بھیجکر بلوایا تاکہ شہر پر جلوس سواری بھیجا جب شرف ملازمت حاصل ہوئی خلعت دیا اور کوٹھی اسمعیل گنج مملوکہ اعظم علیخان رہنے کو دی اپنے حین حیات تک محبت کرتے رہے تنخواہ بھی بشل اور بھائیون کے مقرر فرمائی بہرحال اوسپر قناعت کی ایکدن کمال خصوصیت سے عرض کیا تصویر خاص مرحمت ہو کہ مین اوسے اپنا حرز جان سمجھکر ہر وقت شرف ملازمت حاصل کرتا رہون بادشاہ نے اپنی تصویر بڑے جلوس سے بھجوائی امراسب پیادہ ساتھ تھے نواب ہر صبح اوسکے سامنے آداب جاکر بیٹھا کرتے تھے کہ موجب خوشنودی خاطر بادشاہ ہو۔

جب حضرت جنت مکان ہوے سب کی تنخواہ کم ہوئی انکے بھی پندرہ سو روپیہ ماہواری رہے یہ اوسے بھی غنیمت سمجھے ازبسکہ صدمات روحانی اوٹھا چکے تھے کوئی حسرت دنیا باقی نرہی تھی پیر نوے سالہ گھل کر ہوگئے تھے وہ حسن وہ جوانی شباب سب جاتا رہا تھا کتب تواریخ کا بہت شوق تھا دیکھا کرتے تھے غذا ایک وقت کی رہ گئی تھی دو گھنٹے کے بعد اوسی بھی قے کرکے نکالڈالتے تھے ابتدا مین بہت موٹے تھے انگریزی حوضہ بھر جاتا تھا ڈاکٹر صاحب کی تجویز سے مشی کرنے لگے اور قے اختیار کی تھی اس سے بہت دبلے ہوگئے تھے نواب امین الدولہ سے برار ربط تھا اس جہت سے کہ امام بخش خان انکے باپ تیراندازی مین نوکر تھے اس خصوصیت سے ایک شب مجلس محرم مین بھی آئے تھے۔

حضرت سلطان عالم کے عہد دولت مین اور بھی تنخواہ کم ہوگئی تھی اوسپر بھی شکر خدا کرتے رہے اکثر علیل بھی رہتے تھے آخر عوارض فرمنہ سے ۱۲۶۵ھ مطابق ۱۸۴۹ء عیسوی انتقال کیا حکم بادشاہ سے کربلاے نو تعمیر حضرت خلد منزل مین دفن ہوے اسباب ضبط سرکار ہوکر نیلام ہوا ازواج واولاد نہ تھی اور نہ اسکا مدت عمر تک شوق ورغبت تھی۔

احوال قمر الدین احمد خان عرف مرزا حاجی

یہ دونون احوال نواب جلال الدولہ وقمر الدین احمد خان عرف مرزا حاجی اسواسطے لکھے کہ انکا خاتمہ اسی سلطنت مین ہوا خلاصہ مرزا حاجی مقرب خاص حضرت خلد مکان سے پانچہزار روپے پاتے تھے اور منتہاے عنایت انپر تھی کہ غیر از چند ساعت خواب راحت بادشاہ

بادشاہ کو انسے مفارقت ناگوار تھی اسی رسوخ سے نظامت سلطان پور۔ بسوارہ سلون
انھوں نے بھائیوں کو بڑے بیٹے مرزا محمد کو دی تھی ہر چند یہ کام خالی خوف و دغدغہ سے نتھا کسواسطے
کہ خود انجام اور دشمن قوی نواب معتمد الدولہ تھا ہر چند کئی برس پیشتر سلطنت سے انسے
کمال خصوصیت تھی کہ واسطہ جواب و سوال با امید سلطنت بھی تھی شب کو باخفا آیا کرتے
تھے اور تحفہ تحایف بھی لایا کرتے تھے آخر وہ اتفاق اہل دنیا مبدل بہ نفاق ہوا۔ جب
نواب معتمد الدولہ نائب ہوئے مرزا فو مہینے تک خانہ نشین ہوئے نواب کو معرفت دیوان
بینجا بھہ بعہد و میثاق صفائی باطنی منظور تھی لیکن مرزا محسن نے باوجود اس عقل
و دانش اپنے پر سے بھائی کے کلیہ عقل تھے برہم کر دیا جب دوبارہ عروج نواب ارفع مدارج
پر ہوا مرزا فی الجملہ بادشاہ ٹھنڈھی ہوئی خانہ نشین ہو کر پایۂ محاسبہ میں آئے بابت
نظامت چکلہ بابت مذکور مرزا نے باعتبار رخود ۵ یا ۶ لاکھ روپیہ گھر سے دیکر مہاجنان بازار سے
کاوخلاصی کی اس خیال سے کہ اگر یہ قرضخواہ سرکار میں نالش کر دینگے تو معتمد الدولہ کی
بن پڑیگی اور قریب تین لاکھ روپیہ کے بابت فرمایشات کے انکار روپیہ سرکار میں رہگیا
پانچ برس تک اپنے گھر میں مع اپنے بھائیوں کے قید رہے کوئی صورت نجات کی نہ نکلی
اور گورنمنٹ سے زمان کرنل جان بیلی صاحب رزیڈنٹ سے قطع امید ہو چکی تھی اور ہر
اسپر نازان اور مطمئن تھے کہ ہمارا ایکسو ہو جانا بادشاہ کے موجب صفائی کا ہو جائیگا معتمد الدولہ
انکے خراب کرنے سے کبھی غافل نہ تھے آخر نواب نے شیخ محمد ناسخ شاعر ہندی جو مرزا کے محرم
راز و مقرب خاص تھے اور انکا فروغ و رشد سارا شہر جانتا ہے کہ انکے گھر سے انمین حاصل ہوا
تھا بطمع دنیا اپنے کو موافق و متوسل کیا انھوں نے بھی اپنی قدامت سے ہاتھ اوٹھایا اور بظاہر
حیلۂ آبرو ریزی حاکم وقت سے جان کر آمد و رفت بالکل مرزا کے پاس آبنکی ترک کی اسکے
سوا اپنا رسوخ سمجھکر درپے تخریب اپنے دلی نعمی ہوئے اور نواب سے عرض کی کہ میں فقیر
ہوں دربار میں حاضر ہونا میرے واسطے موجب مضمحکہ ہوگا بروقت ضرورت حاضر ہونگا مگر
بکلاہ بغیر لباس اہل دربار یعنی پگڑی میں نے کبھی نہیں رکھی اور جو بجا آوری احکام ہوگی گھر
سے بجا لاؤنگا نواب نے سب قبول کیا تھا۔

غرض جب ایسے گھر کے بھیدی اور محرم راز جمع ہو چکے ایک سپاہی مغلوک اور پریشان حال کو دم دیکر سکھا کر واسطے قتل نواب کے وقت شب بارہ دری مین بلایا کہ تو ننگی تلوار ہاتھ مین لیے چلا آنا جسے ہم کہینگے تلوار مارنا تجھے بہت کچھ ملیگا مرتا کیا نہ کرتا اوس بیچارہ نے قبول کیا خلاصہ جب وہ رہبری جاسوس سے قریب نواب پہونچا اوسکے انتظار مین نواب پیشتر سے باہر نکلکر بیٹھے تھے اور اصحاب یار غار بھی اوچی بنے مسلح حلقہ باندھے بیٹھے تھے اوسے دیکھکر کہنے لگے وہ آتا ہے وہ آتا ہے ایک شخص نے پکارکر اوس سے کہا ارے مار تلوار نواب کو چاہتا تھا کہ تلوار لگائے اصحاب نے ملکر اوسکا کچومر کر دیا بیچارہ اوسے نواب کے پاس لائے کہنے لگا مجھے دغا کی یہ کہکر مرگیا حاضرین نے کہا یہ ہزیان بکتا ہے اسکے حواس درست نہین خلاصہ صبحکو اوسکے پانون مین رسی باندھ ہاتھی سے کھچوا کر بازار مین تشہیر کیا لیکن سب پر اس چور کی اصل حقیقت کھل گئی مگر خوف حاکم وقت سے دم بخود تھے اور ایک ٹیپ ہندی تحریر صاحبی اوسکے بازو سے کھول کر مشہور کیا تھا کہ مرزا حاجی نے اس سپاہی کو واسطے قتل نواب کے بھیجا تھا بادشاہ کو پرچۂ اخبار گذرا حالانکہ اوس ٹیپ کی پشت پر حساب مٹھائی کا لکھا ہوا تھا دوسری طرف انعام قتل۔ شیخ ناسخ اسکی صداقت کو دربار دولت پر حاضر ہوے بادشاہ کے سامنے درباری کو گئے میر غلام علی رسالدار جو مقرب مرزا تھے وہ بھی حاضر ہوے بادشاہ نے صمصام الدولہ مرزا جو کو حکم کیا تم گواہون سے تحقیق کراؤ یہ بہرصورت خیرخواہ دوست حقیقی نواب تھے انھون نے پہلے شیخ ناسخ سے تصدیق چاہی کہ یہ ٹیپ کیسی تھی انھون نے مناسب وقت سمجھکر جواب شاعرانہ دیا مرزا جو نے بادشاہ سے عرض کیا کہ سو صادق ایکطرف اور شیخ ناسخ ایکطرف ہے انکو حکم ہوا اپنے گھر جائیے دوسری گواہی میر غلام علی کی ہوئی یہ سید بنی فاطمہ تھے کب جھوٹ بولنے کہا حاشا ثم حاشا یہ سب محض افترا اور دجال ہے مجھے مطلق اس حال سے خبر نہین حکم ہوا انھین احاطۂ راجہ درشن سنگھ مین لیجاؤ وہان طوق زنجیر مین مسلسل ہوے بعد کئی مہینے کے عشرۂ محرم مین اسی زندان شام مین مرگئے اور اپنے آبائے کرام سے ملحق ہوے یہ ادنی اشعبدہ اس زمانہ کا تھا۔

اب شیخصاحب کا حال مفصل یہ ہے کہ مرزا حاجی کے قید مین ہر وقت حاضر رہتے تھے جب انتہاے

خوف نواب ہوا کہ مبادا راہ سے پکڑ جائین گھر مین بیٹھ رہے جب یہ جوڑ بندھا پہلے چوبدار سلطا
انکی طلب کو آیا انھون نے کہا تم ٹھہرو جب تک مین تدبیر سواری کرون پگڑی بندھواؤن ۔
اوسنے کہا مین خواجہ محمود کو توال کے پاس جاکر ایک ڈولی تمھارے واسطے لے آؤن اوسوقت
شیخ جی سمجھے کہ رنگ بے طور نظر آتا ہے سامان بے آبروئی ظاہر ہے چوبدار ڈولی لینے گیا
شیخ جی گھر کے دروازہ پر زنجیر لگاکر سر اسیمہ چادر اور مصے باہر نکلے اور اپنا دوست و شاگرد خاص
جانکر آغا تو کل کے پاس گئے کہ مجھے دو تین دن تک اپنے گھر مین چھپا رکھو جب تک کہ شہر سے
باہر نہ نکل جاؤن انھون نے خوف حاکم وقت سے ڈر کر کہا کہ میرا گھر مفت برباد ہو جائیگا ۔ ظالم نواب
ظاہر ہے تب شیخ جی نے کہا کہ ایک حجام بلاؤ مین داڑھی مونچھ منڈوا کر بہرا گی بنکر شہر سے نکل
جاؤن آغا نے کہا اگر حجام سرکار مین کہدے تو بھی مجھپر آفت آئیگی اب شیخ جی ثابت ہوا کہ خود
اپنا رسوخ ثابت کرنے کو کہدین تو کیا عجب ہے اس عرصہ مین چوبدار آیا یہ حال دیکھکر سرکار
مین خبر کی میر اسد سرکار کے حکم سے گھر پر آیا کہنے لگے کہ ہر صورت شیخ جی کو لانا ہے
مگر اس حلیے مین جسنے اپنے گھر مین چھپایا ہوگا وہ البتہ ذلیل و خوار ہوگا یہ منادی کرکے
پھر آئے شیخ جی گھبرا کر ٹھیک دوپہر کو میر اسد کے دروازے پر پہنچے سپاہی سے کہا کہدو ناسخ
حاضر ہے میر اسد باہر نہ آئے اور بہت احترام سے اندر لیجاکر اپنی مسند پر بٹھایا آغا تو کل نے
اپنا بیٹا اونکے ساتھ کردیا تھا کہ مبادا شہر کے باہر چلے جاوین میر صاحب سے اوسنے کہا کہ ہم
امانت سرکار کو پہونچا چلے میر صاحب نے اوسنے کہا کہ آپ کی غرت کے ساتھ میرا سر حاضر ہے
اور نواب سے جاکر کہا ۔ فرمایا اپنے پاس رکھو دو تین دن مین بیکاری نذکور ہو چکی اپنے گھر بسلامت
آئے سو روپیہ روزانہ نواب نے مقرر کیا ۔ بس اکا رسوخ و اعتبار دن بدن بڑھنے لگا جو مقدمہ
جعل و فریب کا پیش آتا تھا اونسے کہلا بھیجتے تھے یہ اوسے اپنی ندرتی شاعری سے سوزون کردیتے
تھے انکے پاس اسیطرح اکثر شاعر لکھنؤ بھی حاضر رہتے تھے ۔

دوسرا احوال شیخ جی کا یہ ہے کہ جب نواب منتظم الدولہ وزیر ہوے شیخ جی نے محض خوشنودی
مزاج نواب کے لیے غزل کہی تھی بقافیہ گرنجہ یعنی (کاشوبر آپنتن شلجم گرنجہ) اور پھر اونکی غزل
کی تاریخ بازگرنجہ) کہکر مشہور کی تھی محمد خان قوال اوس غزل کو نواب کے سامنے گایا تھا

ہزار روپے انعام کے ملے تب حضرت نواب نے بہت خوش ہوکر اسپر مضحکہ اور تعریف
کی تھی منتظم الدولہ نے ایک چوبدار انکی طلب کو بھیجا اور سے انھوں نے پندرہ روپیہ دیکر رخصت
رخصت بلایا اور نہ پیر سواری اور پگڑی کی فکر میں ٹہلنے لگے وہ مرد پیر تھا سرد شربت پیکر
اور بازار کی مٹھائی کھاکر صورت نشہ کی اوسے پیدا ہوگئی سو گیا شیخ جی نے عصا سے پیر کو
کوٹھری میں رکھکر باہر نکلے سیدھے نقیر محمد خان رسالدار کے پاس پہونچے خانصاحب نے منشی
گنجہاری کے میانے میں بطریق سواری زنانہ سوار کے کول ہار بھیجدیا وہان سے کانپور
ہوتے ہوے الہ آباد میں شاہ ابوالمعالی کے مہمان ہوے پھر وہان سے برخاستہ خاطر
ہوکے کانپور میں مرزا علی محمد کے مہمان ہوے جب منتظم الدولہ معزول ہوکر فرخ آباد گئے
شیخ جی پھر بسلامت لکھنؤ آئے مرزا علی محمد کے مہمان ہوے مرزا حاجی جب
وزارت اعتماد الدولہ میں لکھنؤ آئے شیخ جی کو نسبت اپنے انتقام منتقم حقیقی پر رکھا۔

جب حضرت فردوس منزل ہوے شیخ جی کو سو روپے ملنے لگے اور ہر سال قطعۂ سال جلوس پر
خلعت بھی عنایت ہوتا تھا اور اعظم الدولہ کی سفارش مرزائی صاحب دوست قدیم شیخ جی کو
دو سو روپیہ ماہواری کا نوکر رکھوادیا تھا حضرت جنت مکان کے عہد دولت میں ازراہ تفنن
برطرف ہوے مگر صاحب سلیقہ تھے جسقدر سرکار نواب محسن الدولہ سے کمایا صرف بجا نہیں
تھا بیٹوں کی تعلیم میں قصور نہیں کیا تھا حکیم زین العابدین انکا بیٹا شاگرد حکیم مرزا محمد علی
طبابت کرتا ہے چلن سے چلتا ہے بعد کئی برس کے شیخ جی نے انتقال کیا بموجب
اپنی وصیت کے جس گھر میں رہتے تھے اوسمیں دفن ہوے فی الحقیقت فن شاعری
اور تحقیق و تصحیح الفاظ میں اونکا نظیر نہ تھا بہت سے شاگرد رشید اس شہر میں ہیں غرض یہ
سب دیباچہ احوال شیخصاحب کا تھا بسبیل مذکور جسقدر آنکھوں سے دیکھا نہ یہ کہ ازراہ
نفسانیت بیان کیا ہوگئی برس تک مرزا حاجی کے دربار میں نبدے کا اور اونکا
ساتھ رہا ہے خلاصہ نواب معتمد الدولہ کئی برس تک مرزا حاجی کے اخراج شہر کی
فکر میں رہے جب بادشاہ سے اونکے اخراج کو عرض کرتے تھے بادشاہ فرماتے تھے اپنے
گھر میں رہتا ہے تمہارا کیا نقصان کرتا ہے ایکدن نواب نے قسم میں مرزا کو

ارسلہ میرابراہیم وزیر شاہ علی رتہ نام حجت بھیجا کہ اگر مجھ سے تحریر رقعہ مزا لکھو ہن اس مضمون کا کہ آپ کے بانی مبارک محمد امین علی خان تھے ہن نہ تھا اب ہن تمہاری اطاعت سے باز نہونگا۔ تب عہد میثاق نیابت ہن ہو جائیگا پانچہزار کا سوا جیر سرکار شاہی سے مقرر کرا دونگا اور ایسا کاریہ بہت بھی آپ سے ہونگا بعد غور و تامل جواب صاف دیا کہ مجھ سے کسیطرح اطاعت تمہاری نہ ہو سکیگی اور ہن صاف ہو جاؤنگا کسواسطے کہ یہ مطلب دل سے نہ بھاویگا پھر تو یہ بہت مجبور ہوئے۔ آخرکار سوا سے بادشاہ سے ہر صورت اجازت فہوائی لیکر دسویں تاریخ ربیع الثانی روز چہارشنبہ سنہ ۱۲۲۲ ہجری مطابق سنہ ۱۸۲۲ء راجہ نہماد سنگہ راجہ شیودین سنگہ غیرہ اردلی بادشاہ سے بار مرداری گاڑی بھلکڑے۔ کہار۔ اسباب۔ ضروریات اور سپاہی لیکر آئے کئی دن تک اپنے محل سے کوئی عذر نہ سنا اور بادشاہ سے جاکر اوسکا عذر واجبی عرض کرے خلاصہ چار و ناچار پیادہ پا اپنے گھر سے نکلے سوار ہونے سارا شہر جابجا جمع ہو کر قدرت خدا کا تماشا دیکھنے کے لیے کھڑا تھا اور معتمد الدولہ کو اپنی زبانی مناسب وقت کہہ رہا تھا انکے گرد حلقہ سپاہ تھا اسوقت ان اسیران ظلم اور اجتماع خلائق سے کیفیت ازدحام شفق ظاہر تھی جوک میں کسی سپاہی سے تکرار ہوئی ایک ہنگامہ ہو گیا تھا راجہ نے بہت دشمنت ان سبکو سوار کرکے شہر کے باہر کر دیا قریب شام یہ قافلہ بکندہ بود علی شاہ پر پہونچکر رات وہین بسر کی صبحدم روانہ کانپور ہوے پہلے کانپور مین کرائے کے مکان مین رہے اوسکے بعد ایک بنگلہ پر ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار پر مول لیکر رہے نواب نے اپنے مکانات سب معتمد الدولہ کو دیدیے کہ اگر انکی رعیت شہر مین ہوئی تو انسے کوئی نہ لے سکیگا چنانچہ آجتک وہین کے قبضے مین ہین نسبت اوس زمانہ کے اب شارع عام سڑک پر ہو گئے ہین۔

مرزا حاجی کا لکھنؤ آنا اور پھر کانپور جانا

نواب منتظم الدولہ عجب صاحب ہمت تھا اور ہمیشہ متعجب اپنی نام آوری کے رہتے تھے ہر چند زمان سابق کے جہت مرزا مین اور اونمین صورت ناموافقت جیسا اہل دنیا کو طبع دنیا سے

ہوتی ہی تھی لیکن اپنے دل سے گذشتہ را صلواۃ پڑھکے مرزا کو بلوا بھیجا و دوسو روپیہ ورنا نہ کردیا اور اپنا توت بازو سمجھ کر ہم پیالہ ہم نوالہ بنایا اور اس زمانہ مین جتنے شہر بدر ہوے تھے سبھون نے اپنی عافیت سمجھ کر اور یا مید یہی کہ اگر وزیر ہو جائینگے ہمارا بھی بھلا ہوگا اور منتظم الدولہ بقدر حال ہر ایک کی اعانت بھی کرتے تھے چنانچہ صاحب اخبار کلکتہ نے چھپوایا کہ معتمد الدولہ کی حبت سے فرخ آباد و کانپور رشک جزیرۂ نیکولن ہوگیا ہے غرض یہ سب تا فانیشب منتظر نائید غیبی رہتا تھا اور منتظم الدولہ کیواسطے سامان امارت جیسا چاہیے حاصل تھا مگر وزارت لکھنؤ کے مترصد رہتے تھے اور جب بیان کی بے انتظامی اور نکمرامی سنتے تھے افسوس کرتے تھے مرزا ہادی علی خان انکے بڑے بھائی کہتے تھے بیتمن کیا اگر وہ گھر برباد ہوتا ہے یہ کہتے تھے جس گھر لی بدولت ہمارا گھر بنا ہے وہ بگڑا جاتا ہے ہمین کیونکر افسوس نہو خلاصہ جب حضرت خلد منزل نے نواب کو بلوایا مرزا حاجی بھی قافلہ اونکے ساتھ آئے عیال اور بھائی بھی اونکے ساتھ آئے منتظم الدولہ کی صورت قیام اعتماد الدولہ کی حبت سے ہوئی مرزا حاجی اونسے علیحدہ ہوکر بہ موافقت اعتماد الدولہ لکھنؤ مین رہے املاک پدری جو فرنگی محل مین تھی بحکم سرکار ملی اور وہی دوسو روپے کا مواجب جو منتظم الدولہ دیتے تھے سرکار سے مقرر ہوا اور املاک ذاتی اونکی جو گھر بار کی مین تھی نواب محسن الدولہ کے حبت سے نہ ملی مرزا دربار مین وقت جاے جاتے تھے سلام کرکے چلے آتے تھے ہرچند منتظم الدولہ کو اونکی وضعداری سے خلاف گذرا لیکن ایسا جانتے تھے کہ میری رفاقت سے ہاتھ اوٹھائینگے مگر اہل دنیا اپنی غرض کو مقدم سمجھتے ہین انکو شہر کا رہنا غنیمت ہوا۔

جب نوبت وزارت بہ نواب روشن الدولہ پہونچی مرزا بہت خوش ہوے کہ الحمد للہ ہمارے خویش بہت خوش ہوے کہان تک حقوق صلہ رحمی سے پیش نہ آئینگے اور کیا عجب ہے کہ صورت فلاح بھی نکلے۔ نواب روشن الدولہ ایک دن انکی ماں کے پاس آئے یعنی خانم صاحبہ کو جنہون نے مذہبی کی سیطرح کا دغدغہ نہ رہا وہان تسلط صاحبان کمپوہ تھا وہ محرک انکے اخراج بلد کے ہوے سیطرح کی رعایت برادری نہ کی بلکہ قطع صلہ رحم کیا

چوبدار سلطانی اخراج کو متعین کیا مرزا مع مرزا علی حسن اپنے بیٹے کے کانپور پہونچے دوسرے دن نواب نے اپنی رفع ندامت کو مرزا الحسد بڑے بیٹے و مرزا مبارک علی کو خلعت و شال و رومال دیا مرزا علی حسن سے ایک طریق خاص سے چشمک تھی اور دو ہزار سالانہ مرزا کے واسطے مقرر کر دیا وہی دو سے روپے کے حساب سے گویا تمازی کا لگا تھا۔

مرزا کا پھر لکھنؤ آنا اور انتقال کرنا

القصہ مرزا صاحب حالت تعطلی و خانہ نشینی مین رامپور گئے نواب سعید خان بہت احترام سے پیش آئے اس جہت سے کہ کرنل جان بیلی صاحب کی رزیڈنسی مین یہ بہت اونکے کام آئے تھے لیکن اپنے پاس انکو نوکر رکھا مرزا علی حسن اونکے بیٹے کو اخبار و افسری پلٹن دی مرزا رامپور سے پھر کانپور آئے اوسی دو ہزار مین اپنی بسر کرتے رہے۔

جب نواب امین الدولہ کانپور اور لاہور کی توپین دیکھنے گئے مرزا نے ملاقات کی نذر دی کربلا کے قریب جو باغ تھا انھین نذر دیا نواب نے سات ہزار روپے انھین دیے حالانکہ اس باغ کے کچھ کنوئین مین سترہ ہزار روپے صرف ہوے تھے اسکا قصہ بھی چند در چند ہے بنگلہ کانپور کا رہین تھا اوسے چھوڑایا نواب سے صورت آشتی پیدا ہوئی بلکہ نواب کو منظور تھا کہ انھین اپنا پیشدست کرین لیکن اہلکاروں نے نہونے دیا حالانکہ یہ اونکا گمان فاسد تھا انسے بھی ہو سکتا گو کہ نام مردہ از مرد تھا۔

خلاصہ حضرت سلطان عالم کا زمانہ علی نقی خان حضور عالم ہوے یہ بھی انکے پشتہ تھے نواب اکرام الدولہ بیٹے نواب شریف الدولہ احمد علیخان نے نظر باتحاد قدیم و قرابت دور مرزا محمد بڑے بیٹے کے کانپور سے بلوایا وہی دو ہزار روپے سالانہ ملتے تھے بلکہ لکھنؤ مین بھی اکرام الدولہ حضور تقبیل تھے اوسمین سے دیتے تھے بعد چند روز کے عرضداشت کی اجازت قیام لکھنؤ ملی چنانچہ ۸ تاریخ ماہ مبارک رمضان ۱۲۶۵ھ مطابق ماہ فروری ۱۸۴۹ء پہلے کربلاے میر خدا بخش مین آئے اکرام الدولہ انکے لینے کو آئے ربردے فتح مبارک جا کر ان سے عہد و پیمان لیا کہ اگر احیاناً بادشاہ سے اور تم سے مشکل

زمان سابق کسی طرح کا رسوخ نکلے تو حضور عالم سے نہ بگاڑنا پھر اہلکا ر دکن نے چاہا کہ یہ کانپور مین پھر جا بین اکرام الدولہ سینہ سپر ہوے کہ انکے ساتھ مین بھی کانپور چلا جاؤنگا جب نواب مجبور ہوے اکرام الدولہ اپنے ساتھ نواب کے پاس لیگئے خلعت دیا املاک پڑی مین آکر رہے مجالس محرم یا اور کسی تقریب مین حضور عالم کے پاس جاتے تھے مرزا حیدر صاحب سے موافقت قدیمی اکثر اوقات ملاقات رہتی تھی لوگونکا گمان غلط تھا انکی طرف سے وہ زمانہ حضرت خلد مکان کا تھا عیش و سیر اور خدمت گزاری سے انکا تقرب ہوا تھا یہ سوے مصاحبت کے کسیکام کے نہ تھے آخر ۱۲۷۵ھ مطابق ۱۸۵۸ء انتقال کیا سیلوے باپ مین دفن ہوے سوا ے چند قبر کے جتنی املاک انکے باپ کی تھی جسپر کمپنی ہزار روپیہ صرف ہوا تھا اور کسی غریب کا مکان جبر حکومت نہین لیا تھا داخل سڑک شارع عام ہوئی امید اسلئے گھر مین قبر کرنا اچھا نہین۔

جنرل سلیمن صاحب بہادر کا سیاحت و مساحت ممالک محروسہ کا جانا

شوکت الدولہ سفیر شاہی کا سفارت سے موقوف ہونا مسیح الدولہ کا ہونا

ذکر اخلاق نسوان

۱۴ محرم روز چہارشنبہ مطابق ۲۹ نومبر ۱۸۵۸ء جنرل سلیمن صاحب بہادر مع کپتان برڈ صاحب واسطے سیر و سیاحت ممالک محروسہ بادشاہ کے پاس آئے روز شنبہ یکم دسمبر مع عملہ دفتر فارسی و انگریزی روانہ بسمت بہرائچ ہوے یعنی برائے تعین ممالک محروسہ تقاضات طلب و خبگل معمورہ و غیر معمورہ و حال رعایا راجہ تعلقدار سرکش و متمرد کا و تعین اسکے سوا جو باطن مین مکنون خاطر تھا جسکا نتیجہ بعد اسکے ظاہر ہوا فعل عبث نہ تھا۔ رزیدنٹ ہمیشہ حاکم وقت کے ساتھ ہوتا تھا شوکت الدولہ نواب محمد خان سفیر شاہی راجہ بنجا و رسنگھ مہتمم لشکر رسد رسانی وغیرہ ساتھ ہوے حضور عالم جھٹ تک مشایعت کو گئے صاحب بہادر نے ابتدا و انتہا ہر ضلع کا سفر کیا اور نہ مین ممالک محروسہ اور پیدایش اور محاصل بیگیہ کا تخمینہ کیا۔ تعلقدار ناصم حاضر ہوتے تھے معرفت سفیر شاہی حاضر ہوتے تھے جو اون سے پوچھا اوسکا جواب پایا جب علاقہ بسواڑے مین نواب گنج امین الدولہ مین۔

مین آئے حضور عالم بھی شریف لے گئے بعد ملاقات کے شکار کھیل کر چلے آئے۔ اور صاحب موصوف اس دورے مین راجہ دگبجے سنگھ رئیس مدروتی راج بلرامپور سے بہت محظوظ رہے اور ساتھ لائے اور بعد ازین وقت روانگی ولایت یہ چھٹی یادگار بہ دستخط و قلم خود لکھکر دی۔

(ترجمہ چھٹی جنرل سلیمن صاحب بہادر رزیڈنٹ لکھنؤ)

مین دگبجے سنگھ راجہ بلرامپور کو دو برس سے جانتا ہون آدمی خوش چلن و ذی لیاقت نہایت ہوشیار ہین اور شاہ اودھ کی رعایا خوش کردار ہین نہایت نیکنام ہین مجکو یقین ہے کہ یہ شخص بہت ایماندار ہے اور جو ہمیشہ جو کچھ مناسب ہے اوسکا شوق رکھتے ہین اضین لڑکپن ہی مین یتیم ہو جانے کے باعث عمال ضلع بہرائچ کی بدطینتی سے اپنے علاقے کے بندوبست مین بڑی بڑی مصیبتین جھیلنا پڑین فقط۔

دستخط۔ ڈبلیو۔ ایچ۔ سلیمن۔

مقام لکھنؤ۔ ۲۵۔ مارچ ۱۸۵۲ء

غرض ایدمرور ایام صاحب موصوف ۱۴۔ ربیع الثانی روز چہارشنبہ سنہ الیہ مطابق ۲۷۔ فروری ۱۸۵۲ء وقت شام پہلے شاہ منزل مین تشریف لائے اس جہت سے کہ مرزا ولیعہد استقبال کو گئے تھے اور بادشاہ تفریحاً کمین تشریف لے گئے تھے اوسدن ملاقات نہوئی ہار و عطر لیکر رخصت ہوے۔ ۶۔ مارچ قریب شام بادشاہ رزیڈنٹی مین تشریف لے گئے تعارفات معمولی کے بعد کچھ احوال سیر و سیاحت ملک راجہ و تعلقداردن کا مذکور رہوا۔ بعد ازان مراجعت فرمائی۔

شوکت الدولہ سفیر شاہی ۱۵ مارچ مطابق ۲۰۔ ربیع الثانی عہدہ سفارت سے دوچوف ہوے وہ جو مولوی ذاکر علی نے انسے کہا تھا کہ ذرا سمجھکر مرزا وصی علیخان سے مقابلے کا ارادہ کرنا وہ صادق آیا عجب اتفاق ہوا کہ لشکر مین سفیر کی لونڈی انکی بی بی کے جور و ظلم سے بھاگ کر رزیڈنٹ کے ہیجے پہنچکر فریاد کی اور صاحب سے بالمشافہہ سب احوال جور و ظلم کا بیان کیا صاحب نے کمال انصاف سے احوال خانگی سنکر اپنے دربار سے منع کیا

اور مقدمہ کنیز سپرد مرافعۂ شرعیہ جناب مجتہد العصر کیا۔ غرض چاہ کندہ را چاہ در پیش ہوتا ہے مرزا وسی علی خان کو جناب مجتہد سے خصوصیت تقلیدی تھی بعد رد بکای فتوی امین بر مستحظ خاص ہوا کہ ایسا ظالم قابل ایسی خدمت جلیلہ کے نہوتا۔ پس اس عہدۂ خارجہ سے سفیر موقوف ہوے سے بہین تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا۔

روز سہ شنبہ ۲۷۔ ربیع الثانی مطابق ۱۲ مارچ خلعت سفارت محض بہ تجویز خاص بادشاہ مسیح الدولہ حکیم مرزا علی حسن خان بہادر معالج خاص بادشاہ کو عنایت ہوا محمد خان مع عیال و اطفال روانہ فرخ آباد ہوے انکے بڑے بھائی مختار خانہ رئیس فرخ آباد کے تھے،

گنگا بخش زمیندار تعلقہ بہٹائی ممالک محروسہ

گنگا بخش زمیندار تعلقہ بہٹائی بہ سبب تمردی اور سرکشی زر واجبی سرکار مین نا دہندی کرتا تھا فوج شاہی اوسکے استیصال کو گئی اور کیپتن صاحب رزیڈنٹ چھاؤنی سے ایک کمپنی مع توپ اور افسر انگریز موافق دستور قدیم جہت آرامگاہ بھی گئی تھی اوسکی گڑھی کو گھیر لیا ایکدن صاحب افسر نے دلیرانہ حملہ کیا گڑھی کو ناچیز و بے حقیقت سمجھکر اور فوج سرکار پر طعنہ زن ہوا افسرون نے کہا کہ زمیندارون کی لڑائی کا ڈھنگ اور ہوتا ہے آپ اتنی جلدی نہ کیجیے اسمین اکثر خطا دیکھی ہے صاحب نے نمانا دفعتہً یورش کی زمیندار گھبراکر پھاٹک کھول کر باہر نکلے ایک باڑھ ماری قضارا گولی صاحب کے لگی کام آئے اونکی نعش چھاؤنی منڈیاون مین لائے دفن کیا زمیندار خوف جانسے بھاگا فوج سرکار تعاقب مین رہی۔

جب سر چارلس نیپیر صاحب کمانڈر انچیف نے یہ ماجرا سنا بہت ناگوار گذرا اور خلاف رائے نواب گورنر خبرل بھی ہوا کئی مہینے تک اسکی تحریر صاحب رزیڈنٹ سے رہی۔ زمیندار ہر طرف کئی مہینے تک بھاگتا پھرا جب موسم برسات آیا بہت گھبرایا کہین مقام روپوشی و پناہ نپایا اکثر اسکے نوکر بھی بہ مجبوری عملہ شاہی سے سازش کرنے لگے اور عورات جو اسکے ساتھ پھرا کرتی تھین وہ بھی اپنی جان سے تنگ آگئی تھین کہ اس سرگردانی سے کوئی ہمین مار ڈالے تو بہتر ہے چنانچہ نواب منور الدولہ تمکار کو جانے تھے گنگا بخش حاضر ہوا

ذکر زمینداران

عرض کی کہ اگر آپ میرا جرم صاحب سے معاف کروا دیجیے تو میری جان بچیگی اور آپ کی نیکنامی ہوگی نواب نے اوسکو اطمینان کیا کہ جب لکھنؤ پھر آؤنگا جہان تک ہو سکے گا صاحب سے کہونگا اس امید پر اوسکا وکیل نواب کے پاس کے پاس حاضر رہتا تھا اس عرصے مین مرزا وصی علی خان معتوب رزیڈنٹ متوقع رسوخ صاحب اس کارسازی کے وسیلے سے ہوے اور اسے اپنے حق مین ثمردۂ غیبی سمجھکر کمر ہمت باندھی کہ اگر یہ مجرم سرکار مین میرے ہاتھ آجاویگا تو غالب ہے کہ موجب رفع ملال خاطر صاحب ہوگا اور سرکار شاہی مین زیادہ موجب وثوق ونیک نامی ہوگی اوسکی صورت یہ کی کہ شیخ قطب الدین شیخ زادہای لکھنؤ خویش شیخ احمد بخش داروغہ دیوانخانہ نواب امین الدولہ انکا علاقہ دیہات زمینداری اسی زمیندار کے علاقے کے قریب تھا زمیندار زمیندار سے مطمئن ہوتا ہے مرزا وصی علیخان سے انسے بھی خصوصیت تھی آپسمین تصفیہ کرکے شیخ نے دم دیکر اور اپنے رسوخ اور اعتماد سے زمیندار کو راضی کیا کہ ہم تمہارا تصفیہ بخوبی کرا دینگے اور نواب منور الدولہ سے تمہارا تصفیہ بخوبی ہو جاویگا اس اجل گرفتہ کو اسکا یقین ہوا چنانچہ پہلے ایک خط مہری احمد علیخان لاکر اوسے دیا کہ یہ خاص اونکی قدیم مہر ہے اور قرآن شریف بھی بضمانت دیا وہ بہت صاف اور خوش ہوا نہ سمجھا کہ ایسے نام کی مہر بہت ہوتی ہے - مرزا وصی علی خان نے اپنے رفع الزام کو بڑا پیام اس باب خاص مین سرکار شاہی سے رزیڈنٹ کو بھیجا اجازت کلی لے لی خلاصہ زمیندار اوسی خط مہری اور شیخ کے اطمینان سے غافل خط لقدر جریدہ میانے مین سوار ہو مع اپنے بیٹے کے مقام معینہ پر آیا اور اپنے ہمراہیونکو جداگانہ چھوڑا شیخ جی کے ساتھ لکھنو کو چلا مرزا وصی علی خان کو اپنا استقبال استیصال تصور کیا مرزا صاحب نے مع اپنے معتمدین دجان نثار کے کمر ہمت باندھی ۵ شوال روز پنجشنبہ ۱۲۶۶ھ مطابق ۲۵ - اگست ۱۸۵۰ع مع ایک جاسوس اور چوبدار سلطانی وفرمان شاہی در باب اطاعت فوج سرکار لیکر چلے اس خیال سے کہ مبادا افسران فوج وقت دستیابی اپنی ناموری سمجھکر اسیر کو چھین لین تو میرا سارا کھیل بگڑ جاے گا - غرض جب گگرال ندی سے ٹپے شام ہوگئی تھی اودھر سے

واجل گرفتہ آتا تھا دفعتہ جب نزدیک پہونچا ایک دفعہ باد ہوائی نہ دو تین رعیت واسطے
مارنے اوسوقت وہ دام بلا خواب مرگ سے چونکا بیا نمسے کود پڑا اسپاہی ہر طرف سے
دوڑ پڑے جھٹ پکڑ کر مشکین باندھ مرزا کی قنس مین ڈالدیا دروازے بند کردیے اسی
طرح اوسکے بیٹے کو بھی پکڑلیا تھوڑی دور تک مرزا اوسکی جلوے سواری مین چلے پھر
باطمینان ایک چوکی پر ٹھہرے اس عرصے مین فوج شاہی بھی اپنی سرخروئی کو آپہونچی
چوبدارنے فرمان شاہی دکھادیا سرحساب ہو گئے قریب نصف شب در دولت پر پہونچے
اتفاقاً اوس شب بادشاہ رونق افروز خورشید باغ نواب مخدرۂ عظمی واقع پل راہ
کربلای تال کٹورہ تھے جب خبر اسیر پہونچی حکم ہوا راجہ ٹھاکر سنگھ ترہدی کپتان کے سپرد کرو
اوس پنجشنبہ کو نوچندی تھی بادشاہ وقت عصر کربلای میر خدا بخش مین بھی زیارت کو
آئے تھے خلقت شہر کا بڑا ہجوم تھا صبح روز جمعہ مرزا کے حضور عالم سے ساری کہانی
بیان کی ہر طرف سے صدا آئی این کار از تو آید و مردان چنین کنند۔ کی دھوم تھی روز پنجشنبہ
خلعت ۱۷۔ پارچہ مع ہاتھی پالکی ملا شیخ قطب الدین جنھون نے حق بہیات
زمینداری ادا کیا تھا فقط دوشالہ رومال دوسرے دن مرزا کی سفارش
سے دس ہزار روپے سرفروشی کو انعام ملے ۲۶۔ ماہ اگست کو صاحب
رزیڈنٹ بہ تقریب تہنیت عید بادشاہ کے پاس آئے اطلاع اس سانحہ کی
اور نتائج حسن خدمت مرزا کے گوش گزار صاحب کردیے کہ اکنون حاجت مشاطہ نیست
روے دلارام را ایک دوست مرزا سے کہا اب آپ کے باب مین صاحب سے احتیاج
کسی کی گواہی کی نہ رہی فی الحقیقت آپ ایسے ہین مگر صاحب رزیڈنٹ آپ سے
کبھی صاف نہونگے جس رستم کو چاہیے آپ پکڑ لائیے۔

خلاصہ اسکی رد بکاری صاحب رزیڈنٹ سے ہوئی بعد تحقیقات وبموجب فتوی قتل مجتہد العصر
سلطان العلما دسوین تاریخ شہر ذیقعدہ روز چارشنبہ ۱۲۶۱ھ مطابق ۱۸ ماہ ستمبر ۱۸۴۵ء
مرزا کنجش اولاد کے بیٹے کو وقت صبح زیر اکبری دروازہ مسلخ قصاص مین باہتمام لائی گردن
مارنے کو لیکن تا دم قتل مقتولین کو تجرعنمانت قرآن شریف پر تھا یعنی واللہ عزیز

دوانتقام ہے چنانچہ نہین دن پیشتر اسکے یہ باپ بیٹے سپرد کوتوالی ہوی تھے آب و دانہ چھوڑدیا تھا کوتوال نے سمجھایا کہ چودھری اب غم و غصہ کھانے کا وقت نہین ہی جو ہونا تھا ہوا تم کچھ کھاؤ پیو ہی خاطر سے اوسنے چند منگھاڑے بازار کے کھاتے اور کہا کہ اب ہم گنگا نہین جانتے مگر قرآن شریف کو جانتے ہین اوسوقت حاضرین کے آنسو نکل پڑے کوتوال نے کہا مین حکم حاکم سے مجبور ہون اب تمھارا انتقام قرآن شریف پر ہے تو اسکی عدالت بھی دیکھوگے وہی صورت ہوئی۔

دنیا عجیب مقام عبرت اور انتقام بہ عدالت ہے مرزا اس کارفرمائی سے بہت نازان تھے مگر سوے بدنامی کے اسکا ثمرہ کچھ نہ ہوا بہت تعجب ہے کہ ایسا مومن نمازگزار دیندار مجالس مین ہزارہا روپیہ صرف کرنیوالا مرتکب ایسے قصاص بے محل کا ہوا اور پھر اوسکا حاصل بھی خود دیکھ لیا امام سے کیسی خصوصیت ہو مگر وہان بھی عدالت ہے قید کسی مذہب کی نہین خلاصہ اسپر چند روز نہ گذرے تھے کہ مرزا ایک خاص مرض لاعلاج مین گرفتار ہوئے مگر نسبت بسکے اسمین بھی ممتاز ہوے یعنی حلق سے کوئی چیز نہین اترتی تھی اور روز بروز بلکہ ساعت بساعت منھی اور سوکھتے جاتے تھے ہر اطباے حاذق اور علماے مانوره اور نذر و نیاز ہر اماکن متبرکہ مین بہت خشوع و خضوع کرتے رہے بلکہ عوام کے کہنے سے بطریق ہندو ہوم بھی کیا صاحب عامل ہوم سے زمیندار نے کہا کہ مین اسکی چھاتی سے نہ اتروںگا آخر مرزا کا مقولہ یہ تھا کہ میری املاک اور سب مال و دولت دنیا کوئی لیلیوے اور مجھے ایک دوکان رہنے کو دے اور کچھ سد رمق کھانیکو دی مگر اجل اور انتقام نے چھوڑا مرگئے اسمین گنج کی حویلی اپنی مین تھی اب وہ سارا محلہ داخل شرک ہوگیا ہے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

انتقال حضرت مریم مکانی

۱۲۔ تاریخ شہر ذیحجہ روز یکشنبہ سنہ ۱۲۶۶ھ مطابق ۲۰۔ اکتوبر سنہ ۱۸۵۰ء قریب شام حضرت مریم مکانی نواب ملکہ آفاق عرف کشور بیگم صاحبہ خاص محل فردوس منزل بیٹی نواب امام الدین خان کی ہیضہ وبائی سے انتقال کیا بعد حضرت جنت مکان جب بادشاہ دولتخانہ قدیم اور

[illegible] مین رنج لگی اور فرح بخش کو بدین سمجھکر چھوڑ دیا حالانکہ وزارت سے بحث نشینی اسی مقام
سے ہوئی تب ہر چند صاحب رزیڈنٹ نے سمجھایا فرمایا مجھے یہان کی آب و ہوا موافق نہین
اور آپ بھی تو رعایت ہوا کرتے ہین مگر جو کہا کہا ہو مین دن جو روز دربار عام مقرر کیا
ہے سب حاضر ہوا کرین بعد چند روز کے یہ صورت بھی نرہی ۔ غرض حضرت مریم مکانی
حسن باغ مین جا کر رہین اور روز دوستنہ بشیعہ امام بارہ عسکریین تعمیر خود جسے مثل
حسین آباد معرفت حاجی مرزا محمد علی تیار کیا تھا ۔ فون ہو مین فی الحقیقت صاحب اوقات
تھین روز و شب عبادت خدا مین بسر کرتی تھین اور مصائب نامس آل عبا مین مصروف
رہتی تھین اور از راہ مال اندیشی چھ لاکھ روپیہ مہر جو حضرت فردوس منزل نے معرفت
نواب امین الدولہ بھیجے تھے اور باقی اپنے پاس سے تیرہ لاکھ روپے کے نوٹ اپنے
نواسے مرزا عالیقدر کے نام لیکر بقید وصیت دیے تھے جسکا نفع چھ ہزار روپے ماہواری
ہوتا ہے ۔ بطریق قرضہ موید گورنمنٹ سے معرفت نواب سنہ الدولہ تھے اس معرفت سے
امام باڑے مین رونق رہتی تھی اور متروکہ والدہ مرحوم مشار الیہا کا ایک حصہ تھا
دولت یعنی بادشاہ دوسرا خطاب عالیہ نواب ملکہ کشور بدعوی متروکہ بیگم نواب حسین الدین
خان مرحوم تیسرا حصہ بڑی شاہزادی زوجہ نواب محسن الدولہ تھا چھوٹی شاہزادی زوجہ
نواب منیر الدولہ کا ہوا چنانچہ فی کس پانچ لاکھ روپے سوائے جواہر و اسباب کے ملا اور تنخواہ
دار ملازمین قدیم زن و مرد کے واسطے داخل وصیت تھا کئی برس تک یہ انتظام رہا اب سنتے
ہین کہ وہ سب نوٹ گورنمنٹ سے نواب حسن الدولہ لیکر اپنے خرچ مین لائے فقط

سفارت شاہی کا رزیڈنٹی سے موقوف ہونا پھر بحال رہنا

یکم ماہ ستمبر سنہ ۱۸۵۹ء مطابق ۲۶ محرم سنہ ۱۲۷۶ھ روز یکشنبہ از روی پرچۂ اخبار مرسلہ صاحب رزیڈنٹ
عہدۂ سفارت شاہی رزیڈنٹی سے موقوف ہوا اس جہت سے کہ سفیر ہندوستانی ہر سرکار
کے بموجب حکم و تجویز کونسل نواب گورنر جنرل موقوف ہوئے اور منظور ہوا کہ ہر مہینے مین

رفین سے دو مرتبہ بادشاہ رزیڈنٹ کے پاس اور دو مرتبہ صاحب بادشاہ کے پاس
موافق دستور قدیم جہت آرامگاہ اور خلد مکان آیا کرتے اسکے سوا جب ضرورت ہو صاحب
اسسٹنٹ مظفر حضور بادشاہ ہوا کرتے لیکن بادشاہ کا پرچہ پیام بہ تصریح تمام کیا اور اوسکے
ہونے کا سبب معقول لکھا یہ تجویز ملتوی رہی کسواسطے کہ نسبت اور سرکاروں کے
اور اس سرکار سے سفیر بین ترقی زمین و آسمان ہے لیکن صرف اکثر مصارف رزیڈنسی
مثل خرچ عمارت باغ وغیرہ جسمین داروغہ تعینہ کا بھلا ہوتا تھا وہ سرحساب ہوگیا سچ ہے
ایک مرزا زمان بیگ باپ مرزا فخائی خواصی کے فقط داروغہ عمارت تھے بہت کچھ حاصل
کیا تھا فرنگی محل مین بہت سی حویلیان بنا لی تھین وہ بکرایہ جاتی تھین یہ امر فیض دولتخواہی
جنرل سلیمن صاحب کی بدولت ہوا ورنہ کسی رزیڈنٹ کو اسکا خیال ہوا تھا کہ جز رسی سرکار کرتا
چنانچہ بعد انتقال جہت آرامگاہ دوسری کوٹھی ضیافت رزیدنٹ مین بنی وگرنہ پیشتر اسکے
جسمین چاے پانی اور ضیافت ہوا کرتی تھی رکنس صاحب نے چھاؤنی منڈیاؤن مین بنگلا
وسیع اور ایک بڑی باولی بنوائی تھی بعد اونکے جانے کے سب بائیس ہزار روپیہ کا شاہی
مین خرید ہوے جنرل وصاحب نے تجانہ وغیرہ ملحق کوٹھی قدیم جنرل صاحب بنوایا چار پانچ
لاکھ روپیہ کے طرون لنڈن ضیافت کے رہتے تھے سال مین دو ضیافت بادشاہ ہوتی
تھی ایک سالگرہ شاہ لندن دوسری پیدایش حضرت عیسیٰ علیہ السلام یہ سب گورنمنٹ
سے موقوف ہوئی۔

شادی صاحب زادی حضور عالم بہادر

۲۲۔ شہر جمادی الاول سنہ ۱۲۶۶ھ مطابق اپریل سنہ ۱۸۵۰ء شادی بڑی بیٹی حضور عالم
کی نواب باقر علیخان اقربائے قریبہ سے بڑی دھوم سے ہوئی طرفین کا اخراجات کیا
نواب وزیر الممالک سے ہوا باغ گاؤ گھاٹ مین بادشاہ مع صاحبات محلات رونق افروز
تھے اور میدان وسیع دولت خانہ قدیم کنارہ دریا خیام سلطانی نصب تھے اہتمام مشغل مفتش شاہزادوں
اور اکابر سلطنت متعلق مرزا وصی علیخان تھا اور نخبت طعام معانی مین کئی تفنن تھے اور

تین دن کی روشنی ٹھاٹھ بندی وغیرہ باغ سے تحسین گنج تک متعلق شہر الدولہ تھا دونون طرف کنار دریا روشنی بڑے لطف سے تھی آتشبازی متقابل اوس پار باغ کے تھی ہجوم کثرت تماشاے اہل شہر از حد تھی بادشاہ رات کو ملاحظہ روشنی کو سوار ہوے اور رسومات عروسی سب محل مین روبرو ے بادشاہ ہوے۔

کتخدائی خود بادشاہ اور ایک شہزادی جنت مکان

۴۔ رجب روز جمعہ سنہ الیہ مطابق ۱۱ مئی سنہ الیہ مین شادیان ہوئین ایک جنت مکان کی شاہزادی کی اور دو بادشاہ کی شاہزادیون کی اتفاقاً روز دوشنبہ، ماہ مذکور وہ شاہزادی جو مرزا عالیقدر نواب محسن الدولہ کے بیٹے سے منسوب تھی برتارون کی غفلت وغیرہ سے ادسے ہیضہ مجتمع ہوا انتقال کیا نواب ممدوح کو اس سانحہ ناگزیر سے صدمۂ روحانی ہوا حضرت جنت مکان کی شاہزادی مسماۃ سلطنت آرا بیگم مغفرالدولہ محمد تقی خان عرف منجھلے آغا دوسری بیٹی مرزا ابوالقاسم خان سے یعنی بھانجے نواب محسن الدولہ سے کتخدا ہوئی حضرت سلطان عالم کی شاہزادی سپہر آرا بیگم جو نواب سلیمان محل سے عظمت الدولہ عرف محمد رضا خان چھوٹے بیٹے مرزا ابوالقاسم سے کتخدا ہوئی اس شادی کی نسبت سے مرزا ابوالقاسم خفا ہوکر بادشاہ سے رخصت ہو روانہ عتبات عالیات ہوے۔ نہد رمبئی تک ڈاک مین گئے وجہ اسکی یہ تھی کہ اودھین اپنے بیٹون کی شادی اپنے اقربا مین منظور تھی انکی بی بی نے اکاکنا نہ مانا اس حجت سے توفیق خیری رادنیک اختیار کی الحمدللہ کہ کئی برس تک مجاور رہے زیارت مشہد مقدس حاصل کی مصیبت تکلیف خرچ بھی بہت اودھائی آخر پنشن سرکاری وہان پہونچی تھی اودھین بسر اوقات خود فقیرانہ کرتے تھے سب صرف مجاورین ومحتاجین مسافرین ہندوغیرہ اور کئی مکان خرید رکھے تھے اودھین زائرین قیام کرتے تھے جب تک جیتے رہے اسی زہد وتقوی سے بسر کیا کیے زایرین بالاتفاق انکے شکرگزار آتے تھے اور نواب مظہر علیخان مندراجی بھی انسے زیادہ بڑھے ہوے تھے اور کئی ہزار کی تنخواہ بھی انکی آتی تھی مجاورت ایسے ارض اقدس کی اس صورت سے اختیار کرے تو

سبحان اللہ خوشا حالے دگرنہ اہل لکھنؤ کا حال ظاہر ہے خدا ہدایت کرے آخر دونون صاحبون نے وہین انتقال کیا۔

اخراج بلدرضی الدولہ و قطب الدولہ مقربان بادشاہ

روز جمعہ ۱۵۔ رجب سنہ الیہ مطابق ۲۴۔ مئی سنہ الیہ صاحب رزیڈنٹ بادشاہ کے پاس آئے بعد خلوت جب تشریف لے گئے حضور عالم کو خلعت ملبوس خاص اور گاڑی چار اسپہ عنایت ہوئی مصاحبان خاص و مقربان خاص جبکا پیالۂ ثروت و دنیای ناپائدار لبریز ہوچکا تھا گنجایش ظرف ذاتی مین نرہی اور جوشش بادنخوت سے نہ نکلا اور فہمایش صاحب رزیڈنٹ مترکز خاطر اقدس ہوئی اور حضور عالم کی یاوری اقبال سے رضی الدولہ نجیب الدولہ قطب الدولہ و تاج الدولہ نثار علی خان وغیرہ دفعۃً گرفتار قہر سلطانی ہوے اصطبل سلاح آہنی مین قید ہوے انکی سب خدمتین خواجہ سراؤنکو ملین ہرچند ثابت الدولہ و تاج الدولہ وغیرہ کو برس سے معتوب شاہ تھے مگر وظیفہ شاہی ملتا تھا معرفت حضور عالم وہ دربار مین حاضر رہتے تھے بعض رکن اعظم سلطنت جو ردیف و ارحریف کمین تھے فرصت وقت پاکر انکو بھی داخل زمرۂ خارجیہ کردیا یعنی مہاراج بہادر مدت سے دانت پیس رہے تھے۔

خلاصہ ۲۰۔ رجب روز یکشنبہ مطابق ۴۔ جون سنہ الیہ محبوسین خاص مع حیدر اطفال گاڑیونپر سوار بلنگہ خاص پر دارگرد گھیرے ہوے میر محمد اکبر کمیدان افسر مامور قطعین ساتھ روانہ کانپور ہوے اور دو روز قبل از اخراج منادی شہر ہوتی تھی کہ جو شخص قرضخواہ ہو یا جسکا کچھ مطلب ہو سرکار مین نالش کرے چنانچہ انمین سے وحید الدولہ رضی الدولہ بہ علت مجاسہ دواب وغیرہ کئی دن کیواسطے رہگئے اور سب روانہ ہوے عنایت اللہ خان رسالدار ترکسوار بضرورت رضی الدولہ سے رخصت لیکر راسپور اپنے گھر گیا تھا وہ اگر شریک حال ہوا اور رفاقت سے ہاتھ نہ اوٹھایا صد آفرین اس سپاہی کی ہمت پر اس زمانے مین ایسی بات بہت کم ہے بلکہ مستعجاب ہوتا ہے اور اب وہ سرکار تربیل سرمراجہ دنگجے سنگھ بہادر کے سی ایس آئی ستارہ ہند والی بڑا سپوار و تلسی پور و چردہ وغیرہ مین ملازم ہے نجیب الدولہ قطب الدولہ وقت

روانگی ایک گاڑی مین سوار ہوئے نشیب و فراز راہ سے گاڑی الٹ گئی دونون کے چوٹ خوب لگی راہ مین میر محمد اکبر بہت سختی سے پیش آئے بامید طمع زر کے انسے کچھ ہاتھ آوے ثابت الدولہ کے ہاتھ مین کئی انگوٹھیان تھین لیکین اور کچھ نہ تھا پانی نہین تھا تھے بیاس سے تڑپتے تھے ہزار خرابی دریا کے پار اترے جہان بنی ایک مکان کرایہ کا لیکر رہے پھر ہر ایک اپنی تلاش معاش کو ہر طرف گیا ۱۱ - ماہ رمضان روز دوشنبہ مطابق ۲۲ - ہولائی فخر الدولہ وحید الدولہ پہلے در دولت پر حاضر ہوے جب حکم ہوا برمن صاحب کی گاڑی ڈاک مین داخل ہوے برمن صاحب انھین کا سا فقہ بردافتہ تھا کانپور تک پہونچا آیا انسے حق احسان سے ادا ہوا رضی الدولہ ان سب مین صاحب ثروت تھا وہ رامپور رہ پڑا اتفاقاً قطب صاحب کے میلے مین بہادر شاہ موافق معمول آئے تھے یہی رہ گیا لوگون نے بادشاہ کے سامنے بیجا کرایا اسپر مضحکہ ہوا کسواسطے کہ اسے علم موسیقی سے بہرہ تھا قطب الدولہ فن ستار مین کامل تھا صاحب علم بھی تھا نواب محمد علیخان کا چند روز تک نوکر رہا نواب نے ایکدن ثابت الدولہ وہاج الدولہ کو بڑی خواہش سے بلایا پہلے یہ اپنی نخوت سے نہ گئے آخر قطب الدولہ کے سمجھانے سے گئے کچھ گائے دوشالہ رومال ملا نواب محل مین چلے گئے خدمتگار دونون نے انسے کہا تمنے ندر خلعت کیون نہ کیا تمھارے دماغ سے ہوے تقرب شاہی تین گنی تعظیم بڑھی پھاٹک بند کرکے خوب پیٹا دیوار پھاندکر بہزار خرابی سڑک پر نکلے کپڑے پھٹ گئے گھر پہونچ کر مرنے جینے جھگڑنے کا ارادہ نالش کا کیا وکیلون نے کہا ایسا نہ ہو الٹا جرمانہ تمپر ہو جاے صبر کرکے بعد چند روز کے مر گئے قطب الدولہ عملداری سرکار مین لکھنو چند روز تک نواب ممتاز الدولہ نے نوکر رکھا پھر رام پور جاکر نوکر ہوے - رضی الدولہ کاکستہ گئے مگر ناکام رہے صاحب الدولہ رئیس الدولہ ملازم بادشاہ ہین -

شادی مرزا نوشیروان قدر خلف ارشد بادشاہ

نوشیروان قدر

۲۶ - ربیع الثانی روز جمعہ ۱۲۶۷ھ مطابق ۲۸ - فروری ۱۸۵۱ء شادی مرزا نوشیروان قدر بہادر

بڑے بیٹے مغفور حضرت سلطان عالم جنہیں تکلیف بشری نہ تھی نواب اکرام الدولہ مرزا حسینخان کی بیٹی سے حضور عالم کی فرمایش سے ہوئی حسب دستور سلطنت تکلفات شادی محض خوشنودی والدین کے واسطے ہوئی

شادی نواب عنایت الدولہ سجاد علیخان خلف ارشد حضور عالم

شہر رجب ۱۲۶۷ھ مطابق مئی ۱۸۵۱ء شادی نواب عنایت الدولہ سجاد علیخان بہادر سگی بھانجی حضور عالم سے ہوئی اس شادی مین نسبت سالگذشتہ سب طرح کا سامان اور تکلف تھا بادشاہ مع صاحبات محل سب رونق افروز تھے۔

روز جمعہ ۲ شہر مذکور وقت عصر سائیس اور ملنگون سے دو پیسے کی مٹی کی ناند پر جھگڑا ہوا نوبت کشت وخون پہونچی طرفین مین مجروح ومقتول ہوئے کوتوال کے سپاہی اور رسالہ بختاور سنگھ نے آکر تصفیہ کیا بعد اس معرکہ کے بادشاہ بھی سوار ہوکر قیصر باغ تشریف لائے۔

اخراج مولوی حسن بلگرامی

اگر چشم انصاف سے کوئی دیکھے تو لکھنؤ بھی تماشا گاہ عالم ہے اس شہر کی قدر ومنزلت اہل شہر کو کم معلوم ہے مگر وہ لوگ جو دنیا کی خصوصًا بلاد ہندوستان کی سیر وسیاحت کرآئے ہین اور ہر ذرت سے معاشرت کی ہے البتہ جانتے ہین اکثر خوش باشان لکھنؤ کو بی محنت بے مشقت فراغت معاش سے ہوتی ہے اور شہر مین فقط اعتبار ظاہری سے مشہور ہوگئے ہین۔ ازانجملہ مولوی علی حسن بلگرامی بھی شہرہ آفاق ہوئے لوگ انکے بھی نصیب کی قسم کھاتے ہین چنانچہ حکیم بندہ رضا خان کی بدولت نواب مبارک محل کے وثیقے سے پورے روپے علیحدہ ملتے ہین اور اسیقدر نواب مغفرہ علیہ کے نوٹ سے بہمت پہونچا ہے اور یہ مشاہرہ اختیار متولی اور مختار کار سے باہر ہے گورنمنٹ سے بموجب تحریر وصیت علیحدہ ہوکر ملتا ہے میر سید جان بھی ملتے انکے میر منشی نواب گورنر جنرل کی سعی وسفارش سے یہ صورت ہوئی لوگ کہتے ہین کہ انھون نے طریق تحریر وغیرہ تعلیم کیے تھے اسکے بعد نواب سلطانعالیہ بیگم صاحب سے بہت کچھ حاصل ہوا وہ انکی شاگرد

اصول فقہ تعلیم وتلقین احکامات شرعیہ اور دنیہ سے پس پردہ عصمت سے دیا کرتے تھے نواب ممتاز الدولہ کو انکا تسلط و اختیار اندرون و بیرون بہت ناگوار تھا مگر کچھ پس نہیں چلتا تھا بیگم صاحبہ کی بدولت فراغت دنیا تھی حضور عالم سے اور نواب سے بہت خصوصیت ہوگئی تھی آخر یا ستصواب رزیڈنٹ و بحکم بادشاہ وقت فریضہ نماز عصر سلخ شہر رجب ۱۲۶۷ ہجری مطابق یکم جون ۱۸۵۱ء چیراسی دیوان عام سلطانی و سپاہی خدمت مولوی صاحب مین نے دوگوش بینی پیادہ پا میان خاص و عام مولوی صاحب کو شہر کے باہر نکالدیا کئی گاڑیان عیال کے پیچھے روانہ ہوئین وقت روانگی جو کچھ گھر مین تھا عین المال سیاہ ہوا ہر چند جناب عصمت مآب نظر بحقوق تعلیم امور شرعیہ مانع و فراہم ہوئین مگر کچھ اثر نہوا مولوی صاحب نے کانپور سے اپنے بیٹے کو ڈاک مین روانہ کوہ شملہ کیا سیرنشی کو عرضی استغاثہ دی بحکم نواب گورنر جنرل صاحب رزیڈنٹ نے استرداد اسباب کروادیا جسقدر دستیاب ہوسکا۔ بلگرام سے بھی جو کچھ آیا تھا لیکن بیگم صاحبہ نے اوسکا نعم البدل عنایت کیا۔

شادی حضرت سلطان عالم

۴۔ شہر شعبان روز پنجشنبہ ۱۲۶۷ھ مطابق جون ۱۸۵۱ء عروسی حضرت سلطان عالم نبیرہ صاحبزادی حضور عالم سے بشرط و شروط حسب المرضی بادشاہ ہوئی ہر چند حضور عالم کو بلحاظ نواب مخدرہ عظمیٰ اور بظاہر از راہ ہندوستان نہ تھی اس کثرت ازواج مطہرات پر بہت ناگوار تھا مگر اطاعت و فرمانبری بادشاہ و قیام عہدہ وزارت مقدم تھا اور خلاف اسلاف کرام بھی یہ امر تھا خاندان طیموریہ اور اس خاندان عالیشان سے آجتک قرابت چلی آئی ہے خلاصہ سوائے نواب مخدرہ عظمیٰ سب محلات سمائی اور جناب عالیہ شریک عروسی تھین صاحبات محل موجب خوشنودی بادشاہ مثل خواص کام خدمت کرتی تھین بعد چند روز کے نواب مخدرہ عظمیٰ کا رفع ملال حضور عالم سے ہوگیا یہ احوال اسیقدر سلسلہ کتاب کو تحریر کیا گیا بادشاہونکی کثرت ازواج پر موجب استعجاب نہین بہادر شاہ بھی ہر مہینے مین دولہا بنتے تھے سلطان روم کے پانسو جوروہی غریب کی البتہ ایک جورو سے مٹی خراب رہتی ہے اس خاندان مین نواب صفدر جنگ نے کیا سوائے نواب بیگم کے

مدت عمر کسی عورت سے واقف نہوے یا ناصرالدین شاہ طہران اس کثرت سے محرم رہین حالانکہ اہل ولایت ہین۔

شادی مرزا ولیعہد بہادر

کیوان قدر مرزا ولیعہد بہادر کی شادی نواب سرفراز الدولہ کی صاحبزادی سے ہوئی نسبتی بھائی بادشاہ کے ۱۶۔ ذیحجہ روز یکشنبہ ۱۲۶۷ھ مطابق ۱۷۔ اکتوبر ۱۸۵۱ء ساچق روز دوشنبہ خانبندی روز سہ شنبہ ۱۸۔ ماہ مذکور کو برات ۱۹۔ کو رخصت عروس ہوئی بادشاہ لباس شہانی سے موافق دستور زمان قدیم جامہ رنگین تاج شاہی صیغہ میرسج سے اور سب اقربا اور ارکان دولت لباس سے جو ڑے بھاری پہنے ساتھ تھے جلوس سواری بہت پرتکلف ہجوم اہل شہر سے کوچہ و بام بھری ہوی سڑک پر بازار اطعمہ و فواکہات کا تھا یہ جلسہ بھی غنیمت تھا

شادی جنرل صاحب بہادر

شادی مرزا فریدون قدر جنرل صاحب بہادر حضور عالم کی صاحبزادی سے ہوئی ۲۲۔ ذیحجہ روز یکشنبہ مطابق ۱۸۔ اکتوبر سنہ الیہ ساچق و خانبندی روز دوشنبہ برات صبح سہ شنبہ ۲۵۔ ذیحجہ ۲۱۔ اکتوبر ۸ بجے بادشاہ جلوس خاقانی سے مع ارکان دولت و اقربا لباس سرخ پہنے سوار ہوے جب برات گاؤ گھاٹ کے باغ کے دروازے پر پہونچی سب دہین سے رخصت ہوے مرزا ولیعہد مع نوشاہ و بادشاہ داخل باغ ہوے کہ خرم تھا سہ پہر کو رخصت ہو داخل قیر منزل ہوے تین دن تک روشنی وغیرہ کا اہتمام شرف الدولہ سے رہا روز چہارشنبہ ۲۲۔ اکتوبر صاحب رزیڈنٹ مع صاحبان عالیشان بارہ دری فرح بخش مین بہ تقریب ضیافت تشریف لائے۔

انتقال نواب جعفر علی خان

۱۳۔ شوال روز سہ شنبہ ۱۲۶۸ھ مطابق ۱۲۔ اگست ۱۸۵۲ء عماد الدولہ نواب جعفر علیخان

مرشد زادہ آفاق جنت آرامگاہ نے مرض الموت ہیضہ و بائی سے انتقال کیا نواب حسین علیخان اور انکا سگا بھائی اولاد مین تھا اور ایک پوتا خاص محل سگی بہن میر محمد اکبر کمیدان اور محمد اصغر رسالدار مذبان حضور عالم مین ہوے تھے باقی اور خواصین تھین نواب نے بہت سلیقہ سے چھ سات لاکھ روپیہ جمع کرکے اور سکے نوٹ گورنمنٹ سے علی قدر حال سب کے خریدے تھے اور بظاہر کسیطرح کا فساد و خدشہ تو کیا تھا اس انتظام خاص سے سب متعلق شکر گزار تھے اپنے گھر مین اپنی مان کے پہلو مین دفن ہوے عہد دولت حضور عالم مین معرفت میر محمد حسین فاضل بموجب فتواے مجتہد العصر سب متروکہ مرحوم لئی لاکھ روپے کا داخل مہر مسماۃ وزیر بیگم خاص محل ہوا بعد اس ہنگامۂ فساد لکھنؤ کے ایک انکی بی بی مسماۃ حسینی خانم ایک شہزادے کی خدمت مین آئی الہ آباد مین مر گئے وزیر بیگم بھی محتاج نان شبینہ ہو گئین حضور عالم کچھ کفالت کرتے رہے بیبیون کا یہ حال ہوا لونڈیون کا کیا حال ہوا ہوگا اونکی قبرے مین کوئی صاحب بہ کرایہ رہتا ہے اوسے اپنے طور پر درست کر لیا ہے۔

انتقال خاص محل نواب معتمد الدولہ

۲۱۔ شہر شوال روز چہارشنبہ ۱۲۶۷ ہجری مطابق ۲۰۔ اگست ۱۸۵۱ء نواب بیگم خاص محل نواب معتمد الدولہ مرض الموت سفتہ سے مرگئین نواب شیر جنگ کے باغ مین اپنی بیٹی کے پہلو مین دفن ہوئین انکی تنخواہ وثیقہ دو ہزار عطیۂ حضرت خلد مکان اور ساڑھے بارہ سو ترکہ نواب اور ہزار روپے منجملہ وثیقہ بیٹی کے ازراہ حق یاوری بموجب تحریر وصیت نامۂ نواب واژگان شرعیہ مسماۃ پیاری بیگم سگی بھانجی اور امانی بیگم اونکے دو بھائی اولاد میر شاہ علی سگے بھائی مرحومہ پر تقسیم ہوا تنخواہ لونڈی غلام اور خرچ مجالس وغیرہ موقوف برضامندی واژگان رہا مرزا جمشید قدر شناہزادہ بیٹا مرزا آسمان قدر نواس داماد مرحومہ نے چار لاکھ روپے کے قرضے کا دعوی کیا کہ بعد ادائے دین تقسیم وثیقہ ہو لیکن اسکی شنوائی نہوئی ہر چند بہت سے ہاتھ پانوں مارے بامید انشاء اللہ تعالی کوئی عملہ موافق نہ ہوا اگر بحسب ظاہر تحریر یہ علت ترمہ موافق قانون دستخط حکام کاپنور سے ہوئی تھی مگر سب جعل تھا اور وہ بھی بڑا کامل

نواب معتمد الدولہ

کامل اس فن مین تھا سب اپنے معاصرین کو اپنا طفل مکتب سمجھتا تھا خاص محل کے پاسسٹھ ہی لاکھ کا نقد وجنس تھا کئی برس کے عرصے مین سب کا بٹور مین بعیاشی ولغویات لاطائل اور ادیا اور خود بندے سے کستا تھا مین نے چالیس لاکھ اپنے ہاتھون صرف کیا ۱۲۹۲ھ مین مرگئے کربلای نواب امین الدولہ مین دفن ہوئے فقط اوقات ایکسو اکتیس روپیہ حق زوجیت سے ملتا تھا باقی کچھہ ترکہ پدری سے - یہ احوال تو خاص محل سیدہ کا گذرا دوسرا محل نواب مرحوم خرد محل جسطرح فرقہ خاص سے تھین ظاہر ہے امین الدولہ آغا علیخان اپنے بڑے بیٹے کے ساتھ روا رعایات عالیات ہوئین مدت حیات تک مجاور رہین اور غربای مومنین کے ساتھ سلوک کرتی رہین وقت مرگ لاکھ روپیہ بالیوز بغداد کو صفائی نہر حسینی کو دیکر مرگئین روضہ مقدسہ مین دفن ہوئین تمرہ دونون اپنے پوتون آغا علیخان کے بیٹون کو احمد آغا وغیرہ کو دیگئین نیکنام ہوئین تا حین حیات کسینے اونکو بدنام نہین کیا کوئی ہو چلن و رفتار نیک سبکو پسند ہے -

رزیڈنٹ کا ملاقات نواب گورنر جنرل کو جانا

۱۱ - ماہ ستمبر ۱۸۵۱ء مطابق ۱۷ - ماہ صفر روز پنجشنبہ ۱۲۶۸ھ جنرل سلیمن صاحب بہادر نواب گورنر جنرل ارل ڈلہوزی صاحب بہادر کی ملاقات کو مع دفتر فارسی و انگریزی تشریف فرما ہوی نواب محتشم الیہ شملے سے بعد سیر و سیاحت رامپور رونق افروز ہوی نواب محمد سعید خان کے حسن انتظام سے بہت خوش ہوے و بعیدی نواب یوسف علی خان اونکے بیٹے کی منظور فرمائی وہ بھی مطمین ہوے کہ حکومت اس ریاست کی میری اولاد مین رہی دہانے فرخ آباد کمپ فتحگڑھ کانپور سے الہ آباد الہ آباد سے روانہ ہوے سیع الدولہ سنیر شاہی راجہ بختاور سنگھ مہتمم لشکر جو صاحب رزیڈنٹ کے ساتھ تھے فقط راجہ کو نواب گورنر جنرل نے ملازم قدیم جنت آرامگاہ جانکر خلعت سرفرازی دیا روز یکشنبہ ۱۸ - ربیع الثانی مطابق ۱۵ - جولائی ۱۸۵۲ء شام کے وقت صاحب کوٹھی رزیڈنسی مین داخل ہوے - مرزا سعید حضور عالم بہادر ناکہ چار باغ تک استقبال کو گئے اور یا تفاق ایک ہی گاڑی مین تشریف

لائے روز سہ شنبہ ۲۰ - جنرل صاحب بادشاہ کی ملاقات کو آئے سرگذشت سفر حالات رامپور کا
ظہور رہا رخصت ہوئے نواب گورنر جنرل کا پنور سے سیتہ چلے جانا اور اس قرب پر لکھنؤ
تشریف لانا اور سفیر شاہی کا باریاب ملازمت ہونا اور ستم اشکر کا خلعت ہونا موجب تفکر
اور اندیشہ انجام کا سب کو خیال آیا نواب مشتم الیہ کی ملاقات شاہ سے نہ کرنے سے نتیجہ انتزاع
ملک ظاہر ہوا کہ مکنون خاطر یہ تھا پھر کیونکر ملاقات کرتے اور یہ خیال جب بھی اور کسی کو نہ آیا
کہ اپنی ہی فوج و حکام جدھر جاتے ہیں اپنا ہی علاقہ و رعایا کو لے سبب لوٹتے ہیں
ایسے صریح ظلم سے تو باز رکھیں۔

ایک اور جملہ معترضہ یہ ہوا کہ ۱۷ - جمادی الاول ۱۲۶۸ھ روز سہ شنبہ مطابق ۹ مارچ
۱۸۵۲ء صاحب رزیڈنٹ بادشاہ کے پاس تشریف لائے عرضی نواب مصطفےٰ علیخان
بہادر خلعت ارشد حضرت جنت مکان محبوس و مایوس سلطنت مع محضر گواہی ۳۶ اشخاص متضمنہ
رکن رکین سلطنت قدیم وجدید نے دی جو از راہ استعانہ نواب گورنر جنرل کلکتہ بھیجی تھی اور جب
سررشتہ دستخط وغیرہ جو معمول دفتر ہے سب تھا - صاحب رزیڈنٹ پر یہ سب جعل و فریب
کارسازی نسبت مرزا وصی علی خان ثابت ہو گیا اور منوا تر اوھین کا نام لیا چنانچہ نواب
منور الدولہ نواب امین الدولہ سے پوچھا کہ یہ مہر آپ کی ہے عرض کی فی الحقیقہ مہر ہماری ہے مگر
ہم نہین واقف اور نہ خود ہمنے مہر کی بڑے صاحب نے کہا ہمین خوب ثابت ہے کہ
یہ کام فقط وصی علیخان کا ہے اصل حقیقت یہ ہے کہ مہرکن جو مہر کندہ کرتا ہے ایک
نقل اوسکی اپنے پاس رکھ لیتا ہے مرزا صاحب نے اوسی مہرکن کو کچھ دیکر یہ مہرین ثبت
کی تھین اور لطف یہ ہے کہ اوسی مہرکن نے خود بڑے صاحب سے جاکر یہ احوال کہدیا اور
خود کانپور چلا گیا غرض جب اس امر خاص کی تحقیق بموجب تحریر صاحب رزیڈنٹ اہل دفتر کلکتہ
سے ہوئی کئی شخص اس اتہام و فریب سے موقوف ہو گئے مگر مطلب اس مستغیث کا کچھ حاصل
نہوا وجہ اسکی تو ظاہر ہے کہ خدا کو اور ہی پاداش اعمال منظور تھی پھر کسکے حق اور مستحق
ہونے کا خیال کرتے۔

۲۰ - مئی سنہ الیہ مطابق ۱۹ رجب سنہ الیہ کپتان برڈ صاحب اسسٹنٹ رزیڈنٹ بہ سبب خلاف

اور ناموافقت رزیڈنٹ جومت سے نیابین مین ہو رہا تھا روانہ اجمیر ہوے جنرل لوصاحب کی اسسٹنٹ ہوے وقت روانگی بادشاہ کے پاس تنہا بے صاحب رزیڈنٹ خلاف معمول آئے رزیڈنٹ اپنے خلاف ہونے سے ساتھ نہ لائے کپتان ہنر صاحب اجمیر سے انکے مقام پر ہوے

احوال پر اختلال نواب روشن الدولہ اور انکا انتقال

نواب روشن الدولہ محمد حسین خان عرف مرزا نھو - صاحب ہمت مردفیاض سپہر چشم صاحب اقبال بمصاحبت سلاطین اور اپنی گردیدگری مین کامل تھے لیکن جراح و مصرف غافل مآل اندیشی سے شمہ آنکا احوال عبرت الناظرین سمجھ کر لکھا جاتا ہے کہ بعد انتقال اپنے باپ نواب اشرف علیخان بموافقت مرزا حاجی لاکھون کا ترکہ پدری ان دونون کے حصے مین آیا مرزا عباس انکے بڑے بھائی بڑے جان سے رہے اور بہت امارت سے بسر زندگی کی ترکہ منسوب بمہر مادری دے لے کر کر والیا ہر چند جب ازواج اور اولاد مرحوم جنت آرامگاہ کی در دولت پر دادخواہی کو گئے بجوبی سنا اور محول نواب گورنر خیرل لارد مائرا صاحب کی شریعت آوری پر رکھا تھا منجملہ اور سب مقدمات کے اس عرصہ مین اضمحلال ہوگیا یہ مقدمہ بھی رہگیا فضل علیخان اور مرزا حاجی کی بدولت مستحقین اپنے حق سے محروم رہے مین لاکھ روپیہ اپنی دلالی کا لیا چنانچہ امیر مرزا نے طیبہ بیگم سمجھایا کہ پھوپھی صاحبہ یہ سب حقدار اپنے حق سے محروم رہے جاتے ہین ایک لاکھ کی تقسیم مین یہ راضی ہوجائینگے مظلمہ آخرت سے آپین بچ جائیے کسی نے نہ سنا مرزا بہادر علیخان اور اشرف الدین علیخان یہ دونون بھائی بھی دربار مین حاضر رہتے تھے اور صغیر السن بھی تھے اور یہ دونون صاحب لیاقت بھی تھے خصوصًا بہادر علیخان بہت صاحب سلیقہ تھے حضرت خلد مکان بھی بہت چاہتے تھے نواب روشن الدولہ کے مقرب و محرم خاص بڑے مرزا بیٹے مرزا ابھورا کے تھے جتنا ترکہ پدری کئی لاکھ روپیہ کا ہاتھ آیا وہ مہاجنون نے اپنے قرض مین لے لیا اور اخراجات بیہودہ اوسیطرح رہے مگر اپنی یادری قسمت سے نواب معتمد الدولہ سے موافقت کلی حاصل تھی اور یہانتک نواب کی فرمانبری حاضر و غائب کی کہ وجب وثوق اعتماد کلی ہوگیا تھا اسی جہت سے داخل زمرۂ مقربان خاقان

ہوے اور نواب بھی قایم مقام اپنا سمجھتے تھے کسواسطے کہ نواب کو باوجود اس تسلط نام کے بھی بادشاہ کی طرف سے کھٹکا رہتا تھا اور روشن الدولہ دربار میں صبح سے تا وقت استراحت رہتے تھے اور بیاآوری احکام سلطانی کیا کرتے تھے جب مرزا کاظم بھائی مرزا حاجی کے نظامت بیسواڑے سے موقوف ہو گئے تھے کئی مہینے تک نظامت اشرف الدولہ رمضان علیخان کو دی بعد اسکے نواب روشن الدولہ کو نظامت ہوئی انھوں نے بڑے مرزا کے کہنے سے میر عسکر یخان بیٹے میر زین العابدین خان کو اپنی طرف سے مختار کر کے روانہ کیا چنانچہ مرزا کاظم نے ۲۲ لاکھ تحصیل کیے تھے میر صاحب نے ۲۶ وصول کیے اسپر کئی برس کی نظامت سے ۲۲ لاکھ یمین المال اپنے مصرف میں لائے نواب معتمد الدولہ نے معاف کروادیے یمین دن تک روشن الدولہ حاضر نہ ہوے جب طلب ہوے بادشاہ نے معاف کر دیے پھر خلعت نظامت کیا بعد ازاں نظامت راجہ بختاور سنگھ کو دی انھوں نے اپنے بھائی راجہ درشن سنگھ بہادر کو دی اونھوں نے اونسے بھی زیادہ ظلم تعدی سے لیا مگر روشن الدولہ کو زر واجبی موافق اقرار کے دیا مثل مشہور ہے مرغی بیمار و مرید بخور۔ انھیں خصوصیات سے نواب معتمد الدولہ نے نظام الدولہ سید علیخان اپنے بیٹے کی شادی انکی بیٹی سے کی بہت تکلف اور دھوم دھام سے شادی ہوئی کہ آج تک شہر میں زبان زد خلایق ہے اور اس زمانہ میں مثل افسانہ

خلاصہ بعد مفروغی و خرابی معتمد الدولہ نواب روشن الدولہ معطل و خانہ نشین ہوے اور معتوب بادشاہ اور حال عسرت و ضیق معاش اور اخراجات روزمرہ حد سے زیادہ گذرا حالانکہ راجہ بختاور سنگھ اپنی مخیری اور نیک نامی سے پانسو روپے دیے جاتے تھے مگر انکے اخراجات کب وفا ہو سکتے تھے جب منتظم الدولہ وزیر ہوے اپنی ناموری و ہمت سے پانسو روپے مقرر کر دیے تھے اور اپنے دربار کی اجازت دی تھی یہ اوسے اپنی فتوح سمجھے تھے جب نواب منتظم الدولہ موقوف ہوے بسفارس صاحبات محل اور تجویز رکن رکین سے وزیر اعظم ہوے تاج الدین حسین خان جو برہم زن وزارت منتظم الدولہ اپنے خیال خام کیواسطے ہوے تھے وہ بھی سبحان علی خان کی بدولت ناکام رہکر راہی کانپور ہوئی تھی بعد چند روز کے نواب نظام الدولہ کو مزاج اقدس شاہی میں مداخلت کلی ہوئی اور رتق فتق مہمات سلطنت از بسکہ باغ سبز معتمد الدولہ

دیکھ چکے تھے اپنے تسلط سے سب طرف سے رفتہ بندی کرکے حوب ہاتھ صاف کیا خان پیر اور انکی اولاد رشید سے مرجعیت جمیع امور سلطنت متعلق رہی جب خلد منزل نے موافق روایات مشہور قضائے مبرم یا سابق سے اس جہان فانی سے انتقال کیا حضرت فردوس منزل ہوئے نواب خوف ورجا مین تھے بادشاہ کو بدل انکا منسوب رہنا منظور تھا مگر اس شرط سے کہ حضرات کینوہ کو اپنے پاس نہ رکھین لیکن نواب اپنی قسم سے مستوفی ہوے انکی مفارقت گوارا نہ کی ۲۲ لاکھ سرکار شاہی مین دیے، لاکھ عملے کو دیکر نجات پاکر روانہ کانپور ہوے۔

جرنل صاحب محمد حسن خان انکا بیٹا وہ بھی انسے ناراض تھا اور سمجھا کہ یہ اپنے ہاتھ سے اپنے تئین برباد کرینگے مین بھی انکے ساتھ خراب ہوجاؤنگا کینوہ انسے جدا نہونگے دس لاکھ اپنے رسوم جرنیلی وغیرہ لیکر علیحدہ ہوگئے اکبرآباد جاکر قیام کیا اور آجتک اچھی طرحسے بسر کرتے رہے حکام بھی انکے چلن سے راضی رہے عتبات عالیات بھی ہوآئے

خلاصہ کئی برس کے عرصہ مین تقریباً پچاس لاکھ روپیہ صرف کیا تین لاکھ روپے کا علاقہ راجہ رسدھان کے راجہ کا لیا تھا معرفت حضرات کینوہ وہ بھی یہ نقصان ہاتھ سے گیا پشمینہ پوشاک تین لاکھ روپیہ کا خریدا تھا تیس ہزار روپے پر ساہوجی کے پاس رہن ہوا لاکھ روپیہ کی تلوارین مول لی تھین احمد علی خان داروغہ بسفارش کینوہ ہوے تھے گھر مین آگ لگکر کہا وہ تلوارین سب جل گئین نواب امین الدولہ کے پاس ۵ تلوارین آئی تھین اس عاصی نے بھی اونھین دیکھا تھا کلکتہ مین جاکر بکین اسیطرح سب اسباب گھر کا نواب کی غفلت و بے خبری سے تلف یا بخیانت ہوا یا کوڑیون پر بکا محبوبا کسبی جو انکے گھر مین تھی وہ بھی مرگئی پہلے منی کسبی تھی وہ بھی مرگئی ایک بی بی نکاحی فضل علی خان کی بیٹی جسکی بیٹی کی شادی سید علی خان نواب معتمد الدولہ کے بیٹے سے ہوئی ایک حسینی جس سے جرنیل صاحب ہین محبوبا سے مہدی علیخان بیٹا ۱۴ برس کا اور ایک بیٹی تھی ان صدمات اور آلام روحانیسے نواب روشن الدولہ گرفتار مرض الموت ہوے جرنل صاحب باپ کے دیکھنے کو اکبرآباد سے آنے چاہتے تھے کہ مہدی علیخان کو میرے سپرد کرین مین تعلیم و تربیت کرون نمانا آخر ۱۲ شہر

رجب ۱۲۶۹ھ مطابق ۲۳- اپریل ۱۸۵۳ء ۶۰ برس سے کم ہوکر مر گئے سپرد خاک کا پنور کیا پہلی کربلائی لعلی تابوت بھیجنے کی تجویز تھی پھر ممکن نہوا نعش لکھنولائے اونکی ماں کے پہلو مین دفن کیا اب وہ املاک پدری و مقبرہ داخل حصار مچھی بھون ہوگیا بعد اسکے مہدی علیخان اور اونکی بہن مصلح السلطان انجم الدولہ کے پاس آکر رہین حضور عالم نے سو روپے ماہواری مقرر کر دیے مہدی علیخان عارضہ چیچک سے مرگیا بہن کی شادی دپٹی کلب حسین خان سے ہوئی میان عبن نے حق تمک نواب روشن الدولہ ادا کیا یعنی جسقدر اسباب زیور وغیرہ اس صاحبزادی کا انکے پاس رہ گیا تھا واپس دیا اتفاقاً وہ صاحبزادی بھی مرگئی مدفون کربلائے میر خدا بخش مرحوم ہوئی بے اولاد رہی میان عبن ہی دیانت داماں سے مختار خانہ دپٹی صاحب ہین ڈپٹی صاحب دو برس کی رخصت لیکر سیر لندن بھی کرائے ۶ ہزار روپیہ سرکار سے زادراہ بھی پایا خلاصہ امرائے ہندوستان کا ایسا ہی حال اکثر دیکھا ہوتا ہے مال اندیشی نہین جانتے ہین اور دمت فراغت قدر روپے کی نہین کرتے آخر انجام یہی ہوجاتا ہے اس ریاست مین دو وزیرون کے گھر کا قیام فی الجملہ ایک نواب منتظم الدولہ کا دوسرے نواب امین الدولہ مرحوم کا اگرچہ بعض وارثون نے اپنے ہاتھ سے اپنی بربادی وخرابی کی ہے مگر ریاست و املاک سے ابھی تک فی الجملہ نام باقی ہے۔

روبکاری خاص جو بادشاہ نے رفع مظنہ رزیدنٹ کی

اکیدن مسیح الدولہ سفیر شاہی نے رزیدنٹ سے عرض کیا کہ چار آدمی رات کو کوٹھی مین آئے تلنگے نے بندوق ماری وہ باغین باغ سے بھاگ کر چلے گئے اسکا مظنہ آپ کو وصی علیخان کی نسبت ہوا ہی پس بادشاہ اسکی خاص روبکاری اپنے سامنے کیا چاہتے ہین فرمایا بادشاہ کو اختیار ہی ہمین اس روبکاری سے کچھ سروکار نہین غرض حکم بادشاہ سے کپتان بارلو ملازم کپتان آرصاحب جکب جوانس وصی علی خان حضور عالم حاضر حضور ہوے پہلے بادشاہ نے قرآن شریف اپنے ہاتھ مین لے کر فرمایا خدا یا تو شاہد حال ہے کہ کبھی مجھے ایسا مظنہ یا خیال بد ایسے امر باطل کا خاطر مین نہین گذرا و نگذرتا ہے اور نہ گذریگا اور ہرگز ایسا امر گوارا نہ کرونگا اور

اور حاشا مین اس سے واقف بھی نہین اور جو مرتکب ایسے فعل قبیح کا ہوا ہو وہ میری سلطنت کا اور میرا دشمن جان ہے بعد اسکے حضور عالم نے بھی یہی صورت کی اسکے بعد وصی علیخان نے بھی قرآن سر پر رکھکر قسم کھائی بعد اسکے یہ روبکاری لکھی گئی حاضرین نے دستخط اور مہر کیے بریفیٹ کے پاس بھیجدیا لیکن کچھ مفید مطلب نہوا اگر ان چار یارین سے ایک بھی پکڑا جاتا تو کچھ قطعی کھلجاتی اور معتبرین یہ کہتے تھے کہ یہ چال اور رفتار بھی نسبت مرزا صاحب کے تھی کیونکہ وہ اکثر برادران کشمیر کو جمع کرکے عمل پڑھوایا کرتے تھے چنانچہ اوسکا نتیجہ یہ ہوا کہ صاحب رمنہ سلطانی مین کھانے جاتے تھے عربی گھوڑے سے گر پڑے جان بچی مگر بانون پر صدمہ پہونچا روایت زبانی اوسی شخص کے ہے جو شہ یک عمل ہوتا تھا - دوسرے یہ کہ ایک دن بڑے صاحب ہوا کھاکر کوٹھی کے برآمدے مین آترے راجہ بختاور سنگھ سے مخاطب ہوکر کہنے لگے کہ راجہ ہمنے سنا ہے کہ وصی علی اور کوئی مظفر حسین ہے تین لاکھ روپئے ہماری بدلی کے واسطے بادشاہ سے مانگتا ہے ہم چاہتا ہے کہ اگر ایک لاکھ روپیہ ہمین ملجاے تو ہم بہت خوشی سے اپنی ولایت چلا جاے یہ کہکر کوٹھی مین چلے گئے - پس جہان ایسی تدبیرین ہوتی ہون انجام اوسکا کیا ہو واہ صاحبان اولوالعزم -

محبت نامۂ گورنر جنرل بادشاہ کے واسطے

خارج سے یہ قرائن مضمون محبت نامہ معلوم ہوا کہ لارڈ ہیرڈنگ صاحب بہادر کے زمانے مین طریقہ رسل و رسائل محبت نامہ بوجوہ معطل رہا تھا پھر وہ مجدداً جاری کیا یعنی اس مدت ۷ برس کے جلوس شاہی مین کوئی مراتب تسلیم از راہ دولتخواہی اور خیراندیشی انتظام ممالک محروسہ کیواسطے متواتر تحریر ہوئی اور فرمایش صاحب رزیڈنٹ بھی حد سے گذری باوصف ان سب تاکیدات طبع مدار المہام ہوے سلطنت کوئی صورت اصلاح عمل مین نہ لائے لہذا پھر نیازمند باب انتظام امور سلطنت مین گزارش کرتا ہے لہذا مناسب ہے کہ موافق راے صوابدید وحسن تدبیر صاحب رزیڈنٹ مقدمات سلطنت جیسا کہ چاہیے بطریق خاص منضبط ہون کہ موجب فلاح و رفاہ خلایق اور نیکنامی سرکار اور دولتخواہی نیازمند ظاہر ہو

شگونہ تو نکالین بہتر یہ ہے کہ جب تک اونکا رفع بدگمانی سیر بطیر فے ہو چندے آپ کے قریب رہون خلاصہ بعد چند روز کے پھر بسلامت اپنے گھر مین آئے اب صاحبان فہم دیکھین کہ نکتہ مقابل چوٹ ہوئی مگر دار خالی گیا۔

بیلی گارد کے تلنگے سے چھتری چھین لینا بڑے صاحب کا خفا ہونا

ایک دن حضور عالم کی سواری بڑی دور باش سے بیلی گارڈ کی سڑک سے درد دولت پر جاتی تھی ایک تلنگہ بیلی گارد کا تھالی مین جنس طعام رکھے دھوپ مین چھتری لگائے اپنے مقام رسوئی کو جاتا تھا سواری کے لوگون نے خلاف داب ہندوستان سمجھکر اوسے چھتری کو منع کیا سپاہی نے کچھ تامل کیا آخر بعد قیل و قال چھتری اوس سے چھین لی صوبہ دار نے رپورٹ رزیڈنٹ سے کیا حکم ہوا جب ادھر سے سواری وزیر نکلے تم چھتری لگا ؤ جو منع کرے اوسے سونٹے مارو جب یہ خبر حضور عالم نے سنی راہ راست چھوڑ کر طریق خط منحنی اختیار کیا گولہ گنج ہوکر کبھی بسواری بجرہ در دولت پر جانے لگے جب یہ بھی رپورٹ صدر ہوا حکم آیا کہ اپنی چھاؤنی مین سپاہی چھتری لگایا کرے۔

ورود ضریح مبارک کربلائے معلی

۲۶ - شعبان روز پنجشنبہ سنہ ۱۲۷۰ھ مطابق مئی سنہ ۱۸۵۴ء سید مہدی حسن ہندی قدیم ساکن لکھنو تقریبا ۲۰ برس سے مجاور ارض اقدس کربلای معلی تھے اپنا وسیلہ رفاہ و فلاح سمجھکر ایک ضریح خاک پاک دیار سے مول لیکر یا کسی صورت ہاتھ آئی ہو مجتہدین کے خطوط سفارش لیکر دیانت الدولہ کی کربلائے تو تعمیر مین اوترے خطوط سفارش سبکو دیے باتفاق خواجہ سرا ؤن نے ملکر بادشاہ سے عرض کیا کہ فقط آپ کے اقبال سے ایسا امر جدید آپکی سلطنت مین ہوا ہی کسی دوسلطنت مین نہین ہوا اس ضریح کا احترام تو لوازمہ ایمان ہی ہی بادشاہ اونکی باتونکو تہ دلسے سنتے تھے حکم دیا کہ سب ارکان دولت سیہ پوش ہوکر ضریح کی استقبال کو جاؤن چنانچہ حسب الحکم شاہزادی و امرا مرزا ولیعہد بہادر کاظمین تعمیر شرف الدولہ غلام رضا خان اور کربلا مین آکر جمع ہوئے

شہر کی خلقت کو ٹھونیہ سر راہ جمع ہو کر بیٹھی اور عوام الناس نے شہر مین دھوم مچائی جب شام ہو گئی سب اپنے اپنے گھر چلے گئے ضریح کے انتظار مین تھک کر اوٹھ آئے ۹ بجے صندوق مقفل مین ضریح مقدسہ بندر یر شامیانہ مثل تابوت اوٹھاتے ہوے چلے جلوس شاہی بسبب ظلمت بیجا متفرق ہو گیا تھا روشنی بہت کم تھی مرزا وسمید جرنل صاحب اور شاہزادی امراضریح کے صندوق کو سلام کر کے چلے گئے تھے فقط مصلح السلطان اہتمام الدولہ ساتھ تھے آدھی رات کو صندوق در دولت پر پہونچا بادشاہ نے آداب ایمانی سے استقبال دروازے تک کیا اور ضریح باغ کی بارہ دری مین رکھوادیا دوشالہ رومال خلعت سالتمودو پے سید جلال ضریح کو ملے یہ بھی اسقدر مشقت وجانکاہی اور مدت سفر دور و دراز اور سفارش مجتہدین سے حاصل ہوا کوہ کندن اور کاہ برآوردن ہوا اور توقعات جو دل مین سوچتے تھے کچھ نہوے بہت دنون تک خواجہ سراؤن کے پاس آیا کیے پھر کسی نے احوال اوس تابوت سکینہ کا نسنا کیا ہوا اوسمین ضریح مقدسہ تھی کیا صورت ہوئی اسکے بعد دوسرے زوار صاحب ایک ضریح چھوٹی نیوا کر لائے۔ طمع نفسانی سے چاہتے تھے اوسے بیکر کچھ فایدہ اوٹھاوین ہوا ایسی خاک پاک کی چیزین ارض اقدس مین ہر طرح کی بنتی ہین کوئی تبرک سمجھکر لیتا ہے اوسے فائدہ ہوتا ہے۔

اخراج شیخ قطب الدین

شیخ قطب الدین مسبوق الذکر جو شریک کار پروازی مرزا دھی علیخان تھے تقدیر تحل گنگا بخش زمیندار بہٹائی ماہ شوال سنہ ۱۲۷۱ھ مطابق جولائی سنہ ۱۸۵۴ء حکم حضور عالم سے زراہ مصلحت وقت سیر نادر حسین مہتمم روند شہر کے ساتھ روانہ کانپور ہوے یعنی انکی کشتن وبچانش را نگاہداشتن کار خردمندان نیست ہر چند مقدمہ گنگا بخش مین بہت عرق ریزی وجانفشانی وخیرخواہی سرکار کچھ سمجھ کر کی تھی اور امیدوار رفاہ و فلاح کے تھے مگر مقسوم سے زیادہ حاصل نہوا اور نیک نامی خلایق تو ظاہر ہے بعد چند روز کے پھر اپنے مکانون مین آکر رہنے لگے اب مر گئے۔

رخصت جنرل سلیمن صاحب

جنرل سلیمن صاحب نے بہ سبب علالت مزاج بہ تجویز ڈاکٹر صاحب گورنمنٹ سے ۱۵ مہینے کی رخصت طلب کی اور یہ پیام بادشاہ کو بھیجا کہ نیازمند بسبب تبدیل آب و ہوا ایک مہینہ تک چھاؤنی منڈیاؤں مین رہیگا کپتان ہیز صاحب قائم مقام انصرام مقدمات سرکار مین کرینگے ایک مہینے بیشتر سے صاحب نے اسباب متعلق جہاز جوانس تا درکی کوٹھی مین نیلام کو بھیجدیا تھا بعد روانگی وہ نیلام ہوا اور صاحب ۵ - اکتوبر ۱۸۵۴ء مطابق ۱۲ - محرم ۱۲۷۱ھ روز پنجشنبہ شام کو ۷ بجے مع ہمصاحبہ ڈاک مین روانہ میرٹھ ہوئے راہ مین ڈاکٹر صاحب کی تجویز مین کچھ خدشہ گذرا کہ شاید سوافقت کار پردازون سے اسی پرچہ مین میرٹھ سے اخراج لکھنؤ کی تدبیر کی ہو اپنے رفع خلجان سے میرٹھ گئے ڈاکٹرونکو جمع کرکے سوافقت آب و ہوا علالت مزاج بیان کیا باتفاق سبھون نے کہا کہ ہمارے نزدیک آب و ہوائے شملہ تمھارے واسطے اچھی ہوگی بلکہ لکھنؤ کی آب و ہوا اچھی تھی چنانچہ صاحب نے یہ تجویز ڈاکٹرون کی صدر کو لکھی مگر مقبول نہوئی کیواسطے کہ جنرل اوٹرم صاحب عدن سے مقرر ہو چکے ہین بعد انقضاے مدت رخصت البتہ اختیار رہے۔

اس حکمت عملی کو اکثر سمجھے کہ دشمن کمین نے اپنا وقت پاکر یہ صورت صاحب کے اخراج کی نکالی اور مدت رخصت کو صاحب کی خواب پریشان سمجھے اور اپنی کوتاہ اندیشی سے اہل اخبار کلکتہ کو کچھ دیکر افعال کردار صاحب موصوف کو جو مدت رزیڈنسی مین کیے تھے اپنے ذہن ناقص سے مضمون رنگین کرکے چھپوائے نہ سمجھے کہ اونٹ کس کل بیٹھے گا چنانچہ برنڈن صاحب تاجر کو بھی صاحب نے حرکات ناشائستہ دیکھکر شہر سے نکلوایا تھا اونھون نے لندن مین جاکر نالش کی بہت سی خاک اڑائی خاک ہوا۔ صاحب آگرہ اخبار نے سناجان کے باب مین بہت کچھ لکھا بھیجا جنرل لو صاحب کہتے تھے کہ جب ہم کسی کوچے سے نکلتا ہی اکثر کتے دور سے بھونکا کرتے ہین پاس نہین آتے۔ ایسا ہی اہل اخبار بھونکتے ہین ہمین کیا پروا ہی البتہ سرکار سی انھین اجازت عام ہے۔

مرزا وصی علی خان کا کاکوری سے لکھنؤ میں آنا

جب جنرل سلیمن صاحب وارد منزل مقصود ہوئے اور ظاہر کیا کہ کشتی کا لنگر بہا ۱۱ تاریخ شہر صفر روز جمعہ ۹ بجے صبح کو ۱۲۷۱ھ مطابق ۳ دسمبر ۱۸۵۴ء مرزا وصی علی خان شاہزادان ذوجان کاکوری سے حاضر حضور عالم ہوئے بانچ اشرفیاں نذر دیں اور دولت نامہ کے پائدان پر سر رکھکر بہت سا شکر گذار ہوئے اور بالاجمال شکایت نامہ ناانصافی رزیڈنٹ اور اپنا بیچارہ ہونا کیا پھر حضرت تاب جناب بیگم صاحبہ کو نذر دے کر گھر آئے اور کمال فارغ البالی سے اپنے کاروبار میں مشغول ہوئے مجالس غرانذر و نیاز صدق دل سے کی۔ انما یتقبل اللہ من المتقین سے نامل تھی۔

جنرل اوٹرم صاحب کا تشریف لانا

اس مدت رخصت جنرل سلیمن صاحب میں کئی صاحبوں کی خبر آمد شہر ہوئی چنانچہ جارج شیکسپیر صاحب سابق بہادر جنرل اوصاف کی شہرت زیادہ تھی مگر حسب تجویز نواب گورنر جنرل۔ جنرل جیمس اوٹرم صاحب جو ریزیڈنٹی حیدرآباد سندھ سے عدن میں تشریف رکھتے تھے لکھنؤ کے رزیڈنٹ مقرر ہوئے۔ پہلے کلکتہ آکے بعد ملاقات نواب گورنر جنرل روانہ لکھنؤ ہوئے۔ میر الدولہ سفیر شاہی عارضہ دنبل وغیرہ میں گرفتار تھے لیکن کشتی کشتان بذریعہ چھٹی کپتان ہنیر صاحب کانپور گئے۔

۴ تاریخ ماہ دسمبر ۱۸۵۴ء مطابق ۱۲ ربیع الاول روز دوشنبہ ۱۲۷۱ھ نصف شب داخل کوٹھی دلکشا ہوئے۔ تاریخ موافق دستور مرزا ولیعہد بہادر حضور عالم شاہزادی امراجلوس شاہی سے استقبال کو گئے شاہ منزل میں چاپانی فیل خبگی وغیرہ ہوئی بعد اسکے صاحب رزیڈنٹ اور صاحب اسسٹنٹ مرزا ولیعہد حضور عالم کے ساتھ ملاقات بادشاہ کو آئے بعد چند کلمۂ شوقیہ عطر و پان لیکر رخصت ہوئے تھوڑی دیر کوٹھی رزیڈنسی میں ٹھہر کر چھاؤنی منڈیانون میں تشریف لے گئے متوجہ کا غذ خزانہ رزیڈنسی ہوئے باقی سب امور معمول کپتان

میر صاحب پر ہوے۔

چند روز پیشتر کپتان موصوف نے بہ علت ارسال پرچہ پیام آغا علیخان ناظم سلطانپور منشی جانکی پرشاد رزیڈنٹی کو عہدہ سے موقوف کرکے بانکے بہاری محرران دفتر وثیقہ سے بعد رد بکاری منشی معزول مقرر کیا تھا منشی مذکور ڈاک مین روانہ میرٹھ ہوے جنرل سلیمن صاحب سے اپنی چھٹی صفائی لائے مگر مفید مطلب نہوئی کسواسطے کہ صاحب منسوب کو افتیار کلی ہوتا ہی قدامت کام نہین آتی انکے باپ منشی روشن لال نواب امیر الدولہ حیدر بیگ خان کے وقت سے رزیڈنٹی مین نوکر ہوے تھے بہت سے انقلاب اور گرم و سرد رزیڈنٹی کے دیکھے تھے اور اسی نوکری سرکار مین مرگئے۔ بعد اسکے منشی مذکور ملازم سرکار شاہی ہوے۔

تاج الدین حسین خان احسان حسین خان کا آنا پھر شہر سے مع میر تصدق حسین جانا

تاج الدین حسین خان کو جب نواب محمد سعید خان رامپور سے روزگار سے برطرف کیا الہ آباد مین اپنے داماد مظفر حسینخان کے مہمان ہوے انکی بیٹی عجب باخدا اور عابدہ تھی مرگئی جس سے حالت تعشق انھین تھا اس صدمہ روحانی سے اوسکا تابوت لیکر ارادۂ کربلاے معلی کیا تھا واسطہ محل سے اکثر بادشاہ کو عرضداشت باب خیرخواہی مین بھیجا کرتے تھے ایک عرضداشت اس مضمون سے کہ فدوی شکستہ حال و کم استطاعت ہوگیا ہے تمنی زیارات عالیات ہے امید وار ہے جب تک فصل روانگی جہاز ہو دار المومنین مین چند روز آکر بسر کرون۔ بظاہر حضور عالم کو بھی انسے کچھ خدشہ نہ تھا عرضداشت مزین بہ دستخط خاص بعزت تمتر سوار روانہ الہ آباد ہوا احسان حسین خان بھی اپنے ماموں کے ہم سفر ہوکر ڈاک مین چلے ۸۔ تاریخ ماہ صفر روز چہارشنبہ سنہ ۱۲۷۱ھ لکھنؤ مین شاہ پیر محمد کے ٹیلے پر منشی فضل حسین کے گھر مین اترے پریشان حال لکھنؤ جوق جوق جمع ہوکر ملاقات خوانین کو آنے لگے اس خیال خام سے کہ انکے طالع ستارہ نے پھر عروج پہ مشتری کیا ہے حالانکہ مہینا دن تاریخ تینون بدیمن تھے انکی تاثیر اخیر ظاہر ہوگئی اہل مقدور کے خوردہ تصدق خوان طعام ضیافت بھی بھیجے مگر خوانین نظر باضباط ملاقات بہت کم کرتے تھے ایکدن آغا باقر کے امام باڑے مین مجلس کی بہت سے مرثیہ خوان قدیم جمع ہوے

جب شرف ملازمت حضور عالم حاصل کی خلعت دوشالہ رومال پایا تاج الدین حسین خان
ضد ضعف میری عرض کرکے اپنی حاضری تخلیہ کی چاہی اجازت ہوئی جو رطب و یابس
باتین خیرخواہی کی تھین ازراہ دلسوزی گوش گزار کین اپنی طرف متوجہ کیا مرزا وصی علیخان
کو انکے تقرب سے کھٹکا ہوا اتفاقاً میر تصدق حسین صدر اعلی کانپور کے برخصت اخفا مہان
حضور عالم ہوے ہر روز خوان نعمت نوش جان کرتے تھے انکے پاس مصاحب الدولہ وغیرہ
مقربان بادشاہی ہر روز حاضر رہتے تھے اس عرصہ مین حریفان کمین نے ایک شخص مجہول
سے عرضی کیفیت صدر اعلی کی شارع عام سے صاحب جج کانپور کو دلوادی کہ صدر اعلی
نے آپ کے نام سے حضور عالم سے بہت کچھ لیا ہے کہ آپ واسطہ فہمایش صاحب رزیڈنٹ
اونکے واسطے ہون عملہ کچہری کے عرضی کو خوب تیز کرکے صاحب کو سنایا صاحب نے برہم
ہوکر صاحب رزیڈنٹ کو لکھا کہ صدر اعلے کو روانہ کانپور کرین حکم قضا شیم سے صدر اعلی تو
راہی کانپور ہوگئے اور بسبادلہ فتحپور کو ہوگیا اور خوانین کیواسطے لکھا تھا کہ ان لوگون کا
آخراج شہر سے زمان سابق مین بہ بدنامی ہوچکا ہی ہمین تعجب ہی کہ تمنی کیونکر انکار سہنا گوارا کیا
خلاصہ برکت یمن ماہ صفر سے تاج الدین حسین خان قصبہ بجنور کو گئے پھر کاکوری ہوکر
سوہان مین حکیم فرزند علی خان کے مہمان ہوے اوسکے بعد الہ آباد گئے حضور عالم سے نوبت
رخصت بھی پائی احسان حسین خان بھی کاکوری سے ہوکر کانپور گئے حضور عالم نے محض بپاس
یا بخوف خاطر صاحب رزیڈنٹ کچھ احسین مداخلت نہ کی اس خیال سے کہ تازہ وارد ہین مبادا
مثل جنرل سلیمن صاحب انسے بھی وہی صورت بدگمانی پیدا ہو طرح دے گیے مگر سمجھے کہ یہ کارروائی
مرزا صاحب کی تھی اب اونکا وار سنیے کہ مثل کانپور لکھنؤ مین ایک عرضی بڑے صاحب کو راہ
مین دلوادی کہ وصی علی خان کو جنرل سلیمن صاحب نے کس شد و مد سے شہر سے نکلوا دیا
تھا پھر یہ کیون شہر مین آنے پائے اسیطرح ہمارا بھی کچھ تصور نہ تھا لیکن یہ عرضی کچھ مفید
مطلب نہوئی یا خود بڑے صاحب نے طرح دی۔

اجرای احکام عظام بنام حضور عالم بہادر و مصلح السلطان انجم الدولہ

من ابتداء ۱۳ ۔ شہر ذیقعدہ ۱۲۵۱ ہجری سے سال یوم المبارک شروع سال نو قرار پایا ہے

سال مذکور مفصلہ ذیل کا حکم محکم سب فقروں مین ہونچا دین کہ بعد سال ہجری مطابق اوسکے تاریخ وسال موصوف بقید سنہ الیہ اور بعد اسکے سنہ جلوس والا لکھے جاوین

ماہ واجدی - ماہ محمدی - ماہ اختری - ماہ سکندری - ماہ حسینی - ماہ اثنا عشری ماہ امانی - ماہ منصوری - ماہ ثمراتب - ماہ مسعودی - ماہ سلیمان - ماہ نبی -

مرقوم ۲۱ - شہر ذیقعدہ سنہ ۱۲۷۱ھ مطابق ماہ واجدی سنہ احد یوم المبارک مطابق سنہ ۹ جلوس والا فقط شروع سال شہر ذیقعدہ کی وجہ یہ ہے کہ پیدائش بادشاہ اسی مہینے مین ہوئی تھی -

ورود مہاراجہ دلیپ سنگھ و مہاراجہ جیاجی راؤ سندھیہ

ذکر سلاطین

مہاراجہ دلیپ سنگھ بہادر مع ڈاکٹر لوگن صاحب فرخ آباد سے ماہ جنوری سنہ ۱۸۵۴ء مطابق سنہ ۱۲۷۰ھ لکھنؤ مین آئے بہت تھوڑے سے شاگرد پیشہ اور جلوس سواری ساتھ تھا بعد سیر و تماشا مکانات شہر وغیرہ روانہ کلکتہ ہوئے وہانسے بعد ملاقات گورنر جنرل لندن کو گئے آمد و رفت کی سلامی توپ ہوئی ڈاکٹر صاحب کی تلقین سے ولایت مین عیسائی ہوئے کسی پادری کی بیٹی سے شادی ہوئی طفل نابالغ کو جبر مذہب کی ہدایت کرو ہو جائیگا فہمیدہ اور بالغ کا عیسائی کرنا مشکل ہے -

مہاراجہ جیاجی راؤ سندھیہ بہادر والی گوالیار نے مع صاحب رزیڈنٹ جمعیت قلیل سے پہلے فیض آباد اجودھیا کا نہان کیا پھر لکھنؤ آئے صاحب رزیڈنٹ کی کوٹھی مین آتری حضور عالم سے بڑے صاحب نے ملاقات کرائی قیصر باغ دکھانے کو لے گئے بادشاہ کو ناگوار ہوا کہ میرا مکان تماشا گاہ ہنین مگر بخاطر صاحب رزیڈنٹ کئی دن رہکر شہر کو دیکھکر چلے گئے سنہ ۱۸۵۵ء مطابق سنہ ۱۲۷۱ھ

ذکر صاحبان

منصوبی میر منشی رزیڈنٹی

۹ - ماہ مئی سنہ ۱۸۵۵ء منشی بانکے بہاری جعفین کپتان ہینر صاحب کے میر منشی رزیڈنٹی کیا تھا

جنرل اوٹرم صاحب نے بدستور سابق دفتر وثیقہ مین مامور کیا اور منشی تفضل حسین ساکن قصبہ امیٹھی قریب لکھنو بیٹے مولوی عبدالواحد پوتے مولوی فایق کو میر منشی دفتر فارسی کیا آسے رزیڈنسی مین میر منشی غلام قادر خان جائی ہوے جنکا ہزار روپیہ کا مشاہرہ پنشن مادام حیات رہا اور اکثر انصرام کاروبار سرکار مین بہت نکنیام رہے اسکے بعد مرزا باقر علیخان کرنل کالنس صاحب اور پھر جان منٹن صاحب کے میر منشی رہے پھر منشی علی نقی خان جو ۹ لاکھ روپیہ نقد سوائے املاک کے چھوڑ کر مرگئے اونکے تین بیٹے تھے بڑا تپنچہ سے بعلت کبسی مارگیا دوسرا مدقوق ہوکر مرگیا چند روز تک وہ بھی میر منشی رہا صاحب لیاقت تھا تیسرا چھوٹا عیش دنیا مین سب مال و دولت لٹاکر حالت افلاس مین مرگیا املاک داخل حصار بیلی گارد ہوئی پھر منشی التفات حسین خان رکٹس صاحب کے منشی ہوے بہت صاحب ثروت پر غرور اپنے بیٹون کی شادی بڑی عظمت و شان سے کی اپنی مدت خدمت مین ۱۶ لاکھ روپیہ حاصل کیا تھا صاحب اخبار آگرہ نے لکھا تھا کہ میر منشی سرکار سے دو سو روپیہ ماہواری کا ۸ یا ۹ برس تک رہا مین نہین جانتا اسقدر روپیہ اونے کس حساب سے جمع کیا تھا ایک کسبی پر عاشق ہوے قوت جوانی کے واسطے نسخہ لکھا یا تھا وسی مین مرگئے پھر اونکے بھی بیٹون نے وہ مال اور دولت سب لٹاکر مفلس ہوگئے۔

خلاصہ اتنے بہتر کوئی صاحب عزت اور صاحب لیاقت اور صاحب مال تا انتزاع ملک رزیڈنسی مین نہین ہوا سوائے ملازمی سرکار کے یا فائدہ مقدمات کے سکو علی قدر حال سرکار شاہنشاہی سے بھی ملتا رہا اسکا حساب نہین۔

جنرل اوٹرم صاحب اور جنرل سلیمن صاحب سے رسائل و رسائل یومیہ جاری رہا حضور ہا باب انتظام ممالک محروسہ اور خرابیان جو اونکے وقت مین ہوتی رہین اور اشخاص مفسد و باغی و مبا خرابیون کے ہوتے تھے لیکن اسکے بعد یہ خبر مشہور ہوئی کہ جنرل سلیمن نے دو برس کی رخصت طلب کی ہے غالب ہے کہ کانپور سے روانہ کالکتہ ہون اور بعد ملاقات گورنر جنرل ولایت جائین اونھین دو عارضے سلک تھے ایک ذیابیطس دوسرا آشوب چشم چنانچہ جب کلکتہ سے جہاز پر سوار ہوے کئی دن کے بعد مرگئے غریق سمندر ہوے نافہم اونکا عاقبت اندیش سرکار

اودھ کے لکھنؤ میں آنے سے بہت خوش ہوئی تھی کہ خدا نے ہماری دعا مستجاب کی مگر ان ثمرات کو نہ سمجھے جو انھوں نے اپنے تردد سے اوس زمین پر کشتکاری کی تھی کہ یہ اپنی فصل نشو و نما کر کے اپنا ثمرہ دکھلائیگی چنانچہ اونکی بدولت خالی نہ گئی

میلہ قیصر باغ شاہی

۱۲- شہر ذیقعدہ روز چہشنبہ ۱۲۷۱ھ مطابق جولائی ۱۸۵۵ء میلہ سلطانی موافق دستور انتظام سالگذشتہ دیوستہ ہوا ہزار ہا اہل شہر بے فکرے ملازم لباس رنگین فقرا بنے ہوے داخل قیصر باغ ہوے اور قبنا سامان جشن و عیش اور جلوس اور تکلفات تھا حسب الحکم شاہی ہوا۔ فی الحقیقت ایسی کیفیت خاص قابل دید ہے نہ شنید۔ ۱۴ تاریخ میلہ کا خاتمہ ہوا۔ پہلے دن صحبت حال قال مشایخ صوفیہ بھی روبرو بادشاہ ہوئی اور ہر سالک مسالک طریقت اپنے جذب شوق سے اس مجمع عام مین ایک حال سے دوسرے حال مین ہو گیا،

سانحہ حیرت افزاے سید امیر علی شہید جو باعث بدنامی اہل اسلام ہندوستان ہوا نقول کاغذات مقدمات فیض آباد

جو ہندو مسلمان مین بنا ے ہنگام فساد عظیم ہوا آخر نوبت تقاتلہ و مجادلہ پہونچی واقع ۱۲- ماہ ذیقعدہ روز جمعہ ۱۲۷۱ھ مطابق جولائی ۱۸۵۵ء۔

استفتا اہل سنت و دستخط مجتہد العصر سلطان العلما

ماقولکم ایہا العلما شکر اللہ سعیکم۔ اندرین صورت کہ مقتولان فیض آباد کہ خود ہا لہ المسلمان می گویند و بظاہر خالصًا لوجہ اللہ از کفار جنگ کردہ قتل شدند حکم شہادت برایشان درست است یا نہ و بر تقدیر مسلمانانرا در انتقام آن قتال و جدال با لفرہ فرہ باید یا نہ و کسی کہ مسلمانانرا از انتقام کشیدن کفار باز دارد و منع کند در حق او چہ گفتہ آید۔

الاستفتا

جواب- بر حکام اسلام دفع شر کفرہ لئام از اہل ایمان و اسلام لازم است و اللہ اعلم۔

استفتاء مرسلہ اثنا عشری مذہب دستخط مجتہد العصر سلطان العلماء

سوال ما قولہم رحمہم اللہ فی ہذہ المسئلہ اگر در مسجدی اہل اسلام مقیم باشند و در حالت غفلت کہ آنہا در خواب باشند گروہی از اہل کفار عمدۂ عظام یورش کردہ اہل اسلام را کشتند کہ خون آنہا مملو و پر شد و آنہا در مسجد پول کردند و کلام اللہ را پارہ پارہ کردہ زیر پای خود انداختہ و دیگر بے ادبیہا آن سانفتند و جمیع غنیم مجتمع شدہ ہر کسے را از اہل اسلام یا نبد بکشتند و مسلمانان ساکنان آن مقام خویشتن جان و آبروی خود جملگی وطن شد ند پس محاربہ ہمچو کفار مسلمانان دیار و امصار را فرض است یا نہ و اگر کسے درین خبگ از دست کفار کشتہ بشود مصاب خواہد شد یا نہ بینوا توجروا۔

جواب - پناہ بخدائے عزوجل از شر کفار بر حکام اسلام و از اہل ایمان و اسلام رفع شر کفرہ لیام لازم است واللہ اعلم۔

ایضاً - ما قولکم ایہا العلماء رحمکم اللہ کہ وقت ہجوم کفار مشرکین بر مسلمانان و ہدم مساجد و اہانت مصاحف مجیدہ در میان است و اضطراب چون خار بر در مساجد و قتل مسلمانان و دیگر امور خبگ اسلام در اعراض حاکم اہل اسلام پس در ینصورت بر مسلمانان قتل و قمع آنہا واجب است یا نہ و اجازت والدین ہم شرط است یا نہ بینوا توجروا۔

جواب حکام را بتابعیت حاکم دفع کفار از اہل اسلام و اہل ایمان و اجرا حدود بر محاربین مشرکین و قصاص مسلمانان واجب و ہو العالم۔ مہر طغرا

چہ ارشاد میشود در باب کسانیکہ برای خبگ ہنود ان در فیض آباد سیرو مذر یراکہ ایشان اراد انتقام انجمنین بے ادبیہای ہنود ان کہ با قرآن مجید و مسجد نمودہ اند سیار ند خبگ و رفتن ایشان عند الشرع جایز است و ثواب دارد یا ممنوع بینوا توجروا۔

جواب - بدون مشارکت و معاونت حکام عرف یا حاکم شرع تدارک چنین امور صورتے جواز ندارد و ہو العالم۔ مہر طغرا

استفتاء دستخطی اہل سنت - چہ می فرمایند علمای دین اندرین مسئلہ کہ اہل اسلام

باد عاے انیکہ ہنودان مسجد کندیدہ شامل ہکان واعانۂ تجانہ کردہ اند اجتماع غریمت جہاد دارند
و بادشاہ والی ملک کہ اہل اسلام است اقرار تدارک درصورت ثبوت و رفع حجت طرفانی می فرمایند و
ممانعت وہجوم غریمت کہ درضمن تشکل آن دیار خونریزی اہل اسلام است می نماید درینصورت
تعمیل امر سلطان و فسخ غریمت می باید یا نہ بینوا توجروا ہو المصیب۔

جواب ۔ تعمیل امر سلطان و فسخ غریمت می باید واللہ اعلم کتبہ محمد یوسف صحیح الجواب
حررہ محمد رحمت اللہ الجواب صحیح تحریر نمودہ احقر العباد خادم احمد قد اصاب من اجاب کتبہ محمد
سعد اللہ الجواب صحیح الرائے بخشی واللہ اعلم حررہ ابو البرکات المدعو تراب علی عفی عنہ رکن الدین تراب علی

کیفیت

زمان سابق مین اودھ کی بلندی پر جسکا نام ہنومان گڑھی رکھا ہے ایک
مسجد بناے سلاطین ماضیہ تھی ایک فقیر مسلمان اوسکی جاروب کشی کیا کرتا تھا اور پہلوے
مسجد مین بڑا چبوترہ تھا اوسپر عشرہ محرم مین تعزیہ رکھتا تھا بعد ایک مدت کے ایک فقیر ہندو
بھی املی کے نیچے جھنڈی گاڑکر رہا ایک چھوٹی سی کوٹھری بنائی اوسمین بت رکھکر مقام ہنومان
قرار دیا عہد جناب غفران مآب نواب برہان الملک مین بعض ہنود کوتاہ اندیش نے مسجد جو بلندی
مذکور پر تھی اوسے منہدم کردیا تھا فوج قاہرہ سرکاری پہونچی اون کوتاہ اندیشون کو سزای
اعمال دیکر تجانہ کو توڑ بدستور سابق بناے مسجد قائم کی بعد مرور ایام بیراگیون نے پھر تجانہ
بنایا مسجد سے کچھ متعرض نہوے جب تک حکومت پچھم راٹ وغیرہ علاقۂ سرکار سے راجہ
درشن سنگھ بہادر کو ہوا کفار اوس دیار کو قوت و ثروت زیادہ ہوئی اوس مسجد کو گرا کر
مکان گڑھی مین ملالیا اور مسجد واقع رام گھاٹ دریا کو خراب کرکے اوسکے صحن مین اپنے
مسکن بنائے اور اوسکے اندر کوڑا ڈالنے لگے اور سیکڑون مقابل اسلام کو توڑ کر اونکی
اینٹین اور پتھرون سے بڑی شان و شوکت سے تجانے بنائے یہان تک کہ مسجدین پست
اور تجانے بلند ہوگئے۔

کئی مہینے کا عرصہ ہوا کہ غلام حیدر شاہ حمایت وحمیت اسلام سو کئی شخص ہمراہ لیکر بخیال

بنا ہی مسجد ہنومان گڑھی مین رونا ہی تک پہونچا مرزا اعلی علی منصرم کچھ راہ سدراہ ہوئے ہین سے اونھین پھیر دیا اور اونکے دوچار ہمراہیونکو جو قیض آباد پہونچے تھے نائب کوتوال اور کپتان الگزنڈر آرنیٹ کے باہر نکالدیا جب یہ پردۂ اخبار پیشگاہ شاہ جم جاہ گذرا حکم تحقیق مسجد آغا علیخان ناظم اور مرزا منعم بیگ کوتوال کے نام نمرین بدستخط خاص ہوا غلام حسین شاہ پھر کئی اشخاص سے جامع مسجد جو ستیا کی رسوئی مین ہے مقیم ہوا اور کسیکے کہنے سے وہان سے نہ نکلا پھر غلام حسین شاہ لکھنؤ سے کچھ لوگ اپنے ساتھ لیکر اوس مسجد مین پہونچا اور باوصف عدم بضاعت وقلت جماعت کمر ہمت مسجد سے بیراگیون کے نکالنے کی باندھی کپتان آرصاحب مرزا منعم بیگ مرزا اعلی علی نے مسلمانونکو شرکت غلام حسین سے روکا اور بیراگیون کی مدد راجہ مان سنگھ بہادر اور زمیندار گرد وپیش سے جوق جوق پہونچنے لگے یہانتک کہ دس بارہ ہزار آدمی جمع ہوے اور معبد ربا بند کردیا اور غلام حسین کے پاس سوائے چند غربا کے اور کوئی نہ تھا۔

روز جمعہ ۱۲ - شہر ذیقعدہ سنہ الیہ تقریباً دوسو آدمی اہل اسلام سے نماز جمعہ کیواسطے مسجد جامع مین جمع ہوے بیراگی انکا مجمع سنکر بلوا کرکے اونکے سر پہ پہونچے ہمراہی غلام حسین نے قصد باہر نکلنے کا کیا سپاہی کوتوال اور سوار ہمراہی آرصاحب جو رفع شر کو متعین تھے دریافت آئے اور رافع فساد ہوے کپتان موصوف بھی خبر بلوا سنکر وہان پہونچے رفع شر کردیا لیکن مسلمانونکو اس ہنگامہ مین ادائے نماز جمعہ کی نوبت نہ پہونچی دوسرے دن شنبہ کو جان ہرسی صاحب مشارکت کپتان آرصاحب کیواسطے لکھنؤ سے پہونچے اور مسجد کو آکر دیکھا اوسمین دروازہ نہ تھا کہا یہانکا دروازہ لگانا مناسب ہے جس سے حفاظت ہو جاے اور ایک شخص کو ہمراہی غلام حسین سے افہام وتفہیم کو بلوایا اس عرصہ مین غلام حسین کے ساتھی دو تین آدمی محلہ بیگم پورہ مین جاکر جوڑی کواڑی کی اٹھا لائے راہ مین ہنومان گڑھی کی ہندو ذات اونھین گولیون سے زخمی کردیا اونھون نے کواڑی چھوڑ اوپر حملہ کیا پسپا کردیا اس عرصہ مین باران رحمت نازل ہوا ایک ساعت تک جدال وقتال موقوف رہی اوسیوقت ایک کبڑیا ہمراہی غلام حسین کیلئے جو دو دن سے بے آب ودانہ تھے کھانا لایا کپتان آرصاحب اور جان ہرسی نے اپنے سپاہیونکو

بھیجکر کہلا بھیجا کہ تم کمرین کھولکر بہت اطمینان سے جامع مسجد مین بیٹھو باہر نہ نکلو کوئی تمسے تعرض نہ کرسکے گا اُنھونے کمرین کھولکر کھانا کھانے لگے اب زبانی مرزا اعلیٰ علی کے ہے جو مؤلف کتاب وقت روانگی کربلا کہ اوس شب خاص کربلا مین میرے پاس رہے تھے بیان کرتے تھے کہ یہ دونون انگریز اور مین خود اور مرزا نثار حسین مع اپنی سپاہ اور توپ دہان سے ہٹکر بڑی دور درخت کھرنی کے نیچے جا کھڑے ہوے ایک ساعت نہ گذری تھی کہ ہزارون گولر سے نعرہ مارتے آکر مسجد کو گھیر لیا اور رجب علیشاہ فقیر کے کوٹھے سے چڑھکر غلام حسین کے ہمراہیونکو گولیان برسانا شروع کیا اور مسجد مین آکر ۲۶۹ آدمیونکو فوج کیا اور ٹکڑے ٹکڑے کردیے مسجد مین لہو بہنے لگا اور قرآن شریف جو اکثرون کے حمائل تھا پرزے پرزے کرکے مغاد الفاظ پانونن سے روندا اور جلا دیا چنانچہ واسطے تصدیق کے جلے ہوے ورق بھی ملفوف سرکار کیے اور جبکہ حکم سرکار سے چبوترہ جامع مسجد پر تیار ہوا تھا توڑ ڈالا اور دیوار مسجد کو جزائر دیکر چھلنی کردیا نعشین مقتولین کی بے گور وکفن پڑی رہ گیئن دوسرے دن مرزا نثار حسین نے در مسجد ایک گہرا کھدوا کر گل درگل دفن کردیا بعد اُنکے دفن کے بیراگی جوتیان پہنے مسجد مین آئے ہوم کیا سنکھ بجایا بہت بے ادبیان کیین اوسکے قریب قبر خواجہ میٹھے کی قبر شہید سید سالار کی تھی اوسے توڑ ڈالا ظاہر ہے کہ جمعیت بیراگیون کی اسقدر نہ تھی لیکن سیکڑون دوڑ ہی ملازم راجہ مانسنگھ اور پانڈے راجہ کشنت رام اور زمینداران گرد و پیش مدد کو پہونچے دس بارہ ہزار کی کثرت ہوگئی آخر نوبت یہان تک پہونچی باوجودیکہ بیگم پورہ کے رہنے والے نزدیک غلام حسین تھے مگر بروقت معرکہ نہ تھے گھر مین تھے بیراگی اور گوہار کے لوگ گئے اوپر حملے کیے اون بچارون سے جسطرح ہوسکا حفظ ناموس کیا ایک شخص افضل بیگ زخم کھاکر صاحب فراش ہے اور اب محلہ مذکور کے رہنے والون اور مسلمانون نے اثاث البیت گھر مین چھوڑکر مع اہل وعیال قیام فیض آباد اختیار کیا ہے اور اسقدر قوت بیراگیون کو ہوگئی ہے کہ کسی مسلمان کو ہنومان گڑھی سے گذرنے نہین دیتے اور سب اہل اسلام کو ڈراتے اور دھمکاتے ہین یہ حال شورش اور بدعت بیراگیون کا ہے اور ہنومان گڑھی مین مسجد کو بہت سے لوگون نے اپنی آنکھ سے دیکھا ہے بلکہ اوسمین نماز بھی پڑھی ہے اور مظفر سیکڑون برس کا قاضی یار علی ابن الدین قاضی حبیب اللہ کے پاس موجود ہے چنانچہ ایک اوسمین سے

مورخہ ۹ - ذیقعدہ ۱۱۴۹ھ ملفوف بہ کیفیت ہی اور کیا عجب ہے کہ اورنگ عالمگیر شاہ دہلی نے جسکے تعصب مذہبی سے سلطنت دہلی کو ضعف و خرابی ہوئی بیشتر اماکن و معبد مذہب ہنود مین کچھ نہ کچھ مداخلت کی تھی یہان بھی مسجد بنوادی ہو مگر محضر آئندہ سے ثابت ہی کہ زمانہ حال خلد مکان کے عہد مین مسجد نہی ہے دعوی مسجل بہ محضر ہے سالبس اسصورت مین اگر سرکار ابد اقتدار سے بتحقیقات عدالت خسروانی سے تدارک ان سب نزاع ہیراگیون کا اور انکے حامیونکا استیصال کمانبغی سے اور حکم تعمیل و ترمیم مسجدون منہدم واقع گڈھی مذکور کا موافق بناء قدیم نہ ہوگا خدا جانے کہ بیراگی اس بغاوت و شورش سے دلیر ہوکر حال مسلمانون اور توہین اسلام کا کسدرجہ پر کرینگے بلکہ بود و باش اہل اسلام اودھ مین دشوار ہوگی اس تہمت سے سب نالان ہین اور امید تدارک قرار واقعی کی رکھتے ہین - حفیظ اللہ محمد نہال الدین

۱ رضوی قاضی آغا علی - لاریب فیہ ساکن لکھنؤ -

۲ میر رجب علی ساکن اودھ - مسطور المتین بیان واقع ہے -

۳ سید محمد اصغر - بیان واقع ہے - خطیب اور مسجد بابری کا ہونا

۴ محمد حسین - بیان واقع ہی - ساکن صید آباد واقع فیض آباد

۵ عنایت علیخان فاضل - ساکن فیض آباد

۶ میر محمد حسین ذاکر سید الشہدا - ساکن فیض آباد المتخلص بہ لطف -

۷ مرزا محمد سوز خوان - ساکن فیض آباد لاریب فیہ -

۸ میان فرحت علیخان ناظر خرد محل - بیان واقع ہے

۹ مرزا جان نواسۂ نظر علیخان چکلہ دار رئیس اودھ مسطور المتین بیان واقع ہی کہ مسجد ہنومان گڈھی پر ہا رہا اپنی آنکھ سے دیکھی ہے -

۱۰ ابراہیم بیگ ساکن حیدرآباد واقع فیض آباد مسطور المتین واقع ہے

۱۱ میر بخش حسین - مفتی - بیان واقع ہے -

۱۲ سید نصیر الدین - ساکن محلۂ چراغ دہلی -

۱۳ حسین علی - زمیندار محلۂ قصاب نگر اولاد وستی لطف اللہ حیدر سعید اپنی آنکھ سے مسجد دیکھی ہی

۱۴ محمد بخش میر بحر زمیندار محلہ میرانپور متحلات بلدۂ اودھ - بیان واقع ہے
۱۵ سید جعفر علی - بیان راست ہے -
۱۶ سید باقر علی - مسجد اپنی آنکھ سے دیکھی ہے -
۱۷ منور علی - بیان واقعی
۱۸ مرزا محمد حسن صاحبزادۂ خرد محل - بیان واقعی
۱۹ چھیدی ابن نندرام ہندو قوم سیوتی - بارہا مسجد اپنی آنکھ سے دیکھی ہے -
۲۰ محمد مہدی - بیان واقعی
۲۱ میر عابد علی - لاشبہ فیہ -
۲۲ گواہ شد - یوسف خان -
۲۳ گواہ شد محمد علیخان ساکن اودھ - بارہا مسجد اپنی آنکھ سے دیکھا ہے - ۱۰۴ برس کی مسجد تعمیر ہنومان گڈھی -
۲۴ علی مرزا - بیان واقعی -
۲۵ میر محمد علی ساکن فیض آباد مسجد ہنومان گڈھی پر دیکھی ہے اور سمت اور سکے سیات بھی یاد ہے محراب اوسکی نفس بسم اللہ تھے
۲۶ محمد مرزا ولد مرزا اصغر علیخان - بیان واقع -
۲۷ امین الدین حیدر خان بہادر - صاحبزادہ خرد محل
۲۸ محمد مہدی " " " بیان واقعی -
۲۹ میر عابد علی - لاریب فیہ -
۳۰ آغا علی - لاشبہ فیہ -
۳۱ گواہ شد - محمد روشن خان مسجد جامع واقع ہنومان گڈھی کو آنکھ سے دیکھا ہے -
۳۲ علی مرزا - بیان واقعی -
۳۳ سید علی محمد - لاریب فیہ مسجد قضائی ہنومان گڈھی پر آنکھ سے دیکھی ہے -
۳۴ گواہ شد - مرزا علی ساکن اودھ مسجد ہنومان گڈھی پر آنکھ سے دیکھی اور اوسکی سیات بھی یاد ہے -

۳۵ گواہ شد۔ کرم خان ساکن اودھ بیان واقعی۔

۳۶ گواہ شد۔ عبدالکریم۔ ،، ،،

۳۷ دھنی سنگھ چپراسی عدالت فیض آباد۔ قرقی کو حسب الحکم سرکار نیابت منتظم الدولہ مین گیا تھا مسجد کو دیکھا تھا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سابق ازین محمد عاقل درویش نے بمہر محمد عادل و شیخ بہاء الدین فوجدار اور سوانح نگار و واقعہ نگار اور میر محمد صادق کوتوال وغیرہ ارباب عدالت اور اہل خدمات اور اکابر اور اصاغر نے مسجد تیار کی تھی کہ زمان حضرت خلد مکان مین بلندی ہنومان گڈھی پر مسجد درست ہوئی تھی بعد اسکے براگیون نے مسجد مذکور کو مسمار کر کے تجانہ تیار کیا ہے چنانچہ محضر مذکور مع عرضی نظر نبدگان عالی نواب صاحب میز گذرا دستخط خاص فرین محضر ہوا کہ پروانہ فوجدار کے نام لکھا جاوے جب یہ خادم شرع حضور سے داخل بلدہ اودھ ہوا درویش نے محضر دکھا کر نالش کی اس خادم شرع نے وہ محضر اور عرضی خدمت نبدگان عالی مین گذرانی چنانچہ غازیان لشکر ظفر پیکر نے بموجب عرضی بندگان عالی تجانہ مرقوم کو مسمار کر کے بدستور سابق مسجد تیار کر کے رواج دین و اسلام دیا بعد کوچ کرنے فوج کے بعض ہنود منبر و محراب مسجد کو مسمار کر کے چلے گئے موذن نے یہ خبر پہونچائی اس خادم شرع نے دیکھا کہ اس مقدمہ مین سستی دین و اسلام ہوتی ہے بنا بر عبرت روز جمعہ مسجد جامع مین بیٹھکر شہرت دی کہ جس شخص نے مسجد مذکور سے بے ادبی کی ہے اودے بیراگی حاضر کرین تا موافق شرع محمدی اسے تعزیر دیجائے چنانچہ شیخ مکرم نائب رفعت پناہ شیخ بہاء الدین فوجداری کہنے لگے کہ نام مسمار کرنے والے کا معلوم نہین ہوتا لیکن بیراگی قرار داد کرتے ہین کہ سن بعد کوئی گرد مسجد مذکور کے نجائیگا اور ہم بھی مسجد کے ہونے سے دہان خبرداری کرینگے پس یہ خادم شرع اور جماعت مسلمین اٹھکر اپنے گھر چلے آئے اور مینے کہا کہ بیراگی جمعیت خاطر سے اپنے گھر مین آباد رہین مسجد مین دخل نکرین چنانچہ بیراگی اپنے مقام مین آباد ہین اور اراضی و یومیہ وغیرہ ملک املاک پر اپنے قابض اور متصرف ہین اس خادم شرع کو اودے سے مزاحمت نہین جن لوگون نے اور طرح سے از راہ عداوت دینی خدمت نبدگان عالی

مین ظاہر کیا ہے کذب و افترا ہی یہ کیفیت صورتحال ہی۔ تحریر تاریخ نہم شہر ذیقعدہ سنہ ۱۲۴۹ ہجری۔

مواہیر

۱ مفتی شرع محمد ابوتراب - ۱۱۳۵ -
۲ خادم شرع محمد عربی - ۱۱۱۱ للہ الملک الحق المبین علی عبدہ قاضی وزیر ۱۲۶۱ -
۳ مہر قاضی خان مطابق مہر اصل ماخیہ ہے -
۴ خادم شرع رسول اللہ اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم - قاضی محمد فہیم اللہ -
۵ خادم شرع مبین مفتی محمد مبین الدین ۱۱۴۳ - عقد اللسانی رب اشرح لی صدری و یسر لی امری و احلل
۶ نجف شاہ حامد علاء الدین عبدہ ۱۲۶۵ -
۷ خادم شرع مفتی محمد لطف اللہ ۱۱۴۰ -
ذلک الکتاب لاریب فیہ اللہ محمد شاہ بادشاہ غازی لطف فدوی ۱۱۳۸ - ان اللہ یامرکم فی العدل و الاحسان -
۸ محمد شاہ بادشاہ غازی رشید فدوی ۱۱۳۲ - ذلک الکتاب لاریب فیہ -
۹ زنور شرف یافت عنایت علی - بیان واقع -
۱۰ محمد رکن الدین ۱۱۴۳ لاریب فیہ -
۱۱ افضل جلیل پناہ جمیل ہے - " "
۱۲ نور محمد غلام احمدی ۱۱۱۳ ۱۳ سعد الدین محمد ۱۱۴۲ ۱۴ شیخ ابن محمد انصاری - لاریب فیہ
۱۵ میر محمد - بیان واقع -
۱۶ حسن بن آدم جلال ہی لاریب فیہ ۱۷ سکندر خان ۱۱۴۳ بیان واقع -
۱۸ فخر علی - بیان واقع -
۱۹ خاکپای محمد است علی - ذلک الکتاب لاریب فیہ جو لکھا ہے بیان واقع -
۲۰ محی الدین شاہ فخر شاہ فرید واقع کذلک مسطور - بیان واقع -
۲۱ خاکپای نبی مظفر بیگ - بیان واقع ہی ماما لی ذلک کذلک -

[۲۲] حبیب اللہ۔ لاریب فیہ

[۲۳] نعمت اللہ یا حفیظ شک وشبہ نہیں۔

[۲۴] شیخ وزیر علی انصاری۔ بیان واقع ہے۔

نقل کیفیت

نشان فساد فیما بین ہنود ومسلمین بلدۂ اودھ وفیض آباد اور کیفیت مجملی واقعہ جو اس عرصۂ قریب مین خاص اودھ مین واقع ہوا جو شعار سلاطین اہل اسلام اور آثار عمارات مساجد کرام سے اور اظہار جو تھوڑے سے مشائخ عظام رہ قرار بعض ہنود ساکن اودھ سے بایں اختیار وثبوت کو پہونچا یہ ہے کہ بادشاہان سلف نے تمامی معابد ہنود شہر اودھ مین جہان بڑے بتخانے تھے مسجد جامع بجاے بتخانہ مختصر بنوا کر موذن اور جاروب کش مقرر فرمایا تھا چنانچہ عظمت وشوکت مسجد جامع بناے بابر بادشاہ واقع جنم استان یعنی مسقط راس رام پسر راجہ دسرت متصل مکان رسوئی ستیاز دہ رام مذکور سے ظاہر ہے بلکہ رسوئی ستیا زبان جمہور پر جاری ہے شاہد دعا ہے اور علی ہذا القیاس شہادت دیتی ہے ارتفاع شان مسجد واقع مقام رام گھاٹ کنار دریاے سرجو بالفعل بسبب خراب ومتہدم کرنے کفار کے فقط دو مینار اور تھوڑی دیوار باقی رہگئی ہے عہد عدالت مین حضرت جنت مکان کے اوسکی ترمیم کا حکم محکم ہوا تھا لیکن اجل نے امان ندی حکم نافذ نہوا اور مسجد مذکور اوسی دستور پر حصار معابد کفار مین رہی بالجملہ ازین قبیل دوسری مسجد مین مختصر بعض قناتی اور سقفی گنبد وار ہیت سی ہین از انجملہ بابندی ہنومان گڑھی یہ مسجد قناتی نہایت مختصر متصل مندر فقیر تھی جسکے پاس ایک نیم رقبہ اور سب کفار اوسکی پرستش کرتے تھے اور جو ملتا تھا وہ فقیر مسلم جاروب کش مسجد اپنے ہمسایہ کو بانٹ دیتا تھا بعد مدت دراز کے وہ فقیر سایہ دار ہوا بعض حکام ذی اقتدار اوس جوار کے اوسکے معین ومددگار ہوے حوالی مندر مذکور حصار بنا کر ہنومان گڑھی نام رکھا اور فقیر مسلم کو کچھ بطور سالانہ یا ماہواری کرکے مسجد سے خارج کیا اور مسجد کو داخل حصار ہنومان گڑھی کیا چنانچہ مسلمین معتمدین اسے ظاہر کرتے ہین اور عہد جناب عالیہ مرحومہ مین ایک دن یہ طریق سیر وتماشا ہنومان گڑھی

کے میلے پر گئے تھے وقت نماز داخل ہوا اوسی مسجد مین نماز پڑھی تھی اور بیراگیون سے کوئی
متعرض نہوا اور بعض نے ایک مدت تک بعد وفات مرحومہ اسے دیکھا ہے اب اوسکا نشان بھی نہین
ہے کہتے ہین جب وہ فقیر جاروب کش مرگیا بیراگیون نے رفتہ رفتہ داخل مکانات ضلع ہنومان گڑھی
کرکے نابود کردیا ہے جسکا نشان بھی پایا نہین جاتا المختصر اس ماجریکو سنکر غلام حسین شاہ
فقیر نے مسلمانون کو لیکر مسجد بابری مین آیا ۱۶۹ - آدمیونکو تہلکۂ ہلاکت مین ڈالا اب دوگوشہ
بینی سے معلوم نہین کس سمت کو بھاگ گیا اور تفصیل تو رُنے کٹہرے کی جو دو برس پیشتر حکم
حضرت سے مخاطب مسجد کیواسطے بنا تھا اور قتل ہونا مسلمانون کا اور غلبہ بیراگیون کا اور اُنکا
ظلم و بدعت کرنا نسبت جامع مسجد اور قرآن جو مسلمانون کے حمائل تھے کیفیت مولوی نہال الدین
امین اور مولوی محمد حفیظ اللہ داروغۂ عدالت فیض آباد نے جو سرکار مین بھیجی ہے مفصل
ظاہر ہوگا الغرض بیراگی اور گدہار کے لوگ جو قرب جوار راجپوتون کے بھیجے ہوے آئے تھے
کیا کیا ظلم بدعت مسلمانون پر اونھون نے نہین کیے اور اب تک اوسکا فخر و مباہات کرتے ہین بلکہ
اونکے زور و شورش اس حد پر پہونچی ہے کہ جابجا اطراف شہر مین مسلمانونکو راہ چلنا اور
بسلامت نکلنا دشوار ہے اس جہت سے شرفاے شہر اودھ نے گھر چھوڑکر فیض آباد مین
اپنے عزیز و اقارب کے گھر جاکر رہنا اختیار کیا ہے اگر خدانخواستہ سرکار دولتمدار سے
مدد اشرار کفار ظاہر ہوئی منظنہ وقوع غدر تمامی ممالک محروسہ مین ہے - علی ابن محمد الحسینی ۱۲۳۹
نقل عرضی مولوی حفیظ اللہ داروغۂ عدالت عالیہ فیض آباد مورخہ ۲۲ - شہر ذیقعدہ سنہ ۱۲۱۱ھ
مرین شرح کہ غلام حسین شاہ فقیر کئی آدمی لیکر بیراگیون ہنومان گڈھی واقع اودھ کے ساتھ
باظہار ہدم مسجد نزاع رکھتا ہے لہذا فریقین کی طلبی درد دولت پر ہوئی ہے تعین حکم ہونچتا ہے
کہ وہان کے رہنے والون سے تحقیق واقعی اور تفصیلی عرض کرو اظہار ہر ایک کا بافشراک رائے
مولوی نہال الدین لیکر بلا رعایت فریقین کیفیت اس باب مین تاکید فرید جان کر حسب الحکم
عمل لاؤ بعد معرکۂ جدال و قتال فریقین اور مارے جانے ۱۶۹ مسلمانون کے مسجد بابری مین
۹ تاریخ شہر مذکور بر سبیل ڈاک سلطانی شرف ورود فرمائی لہذا باشتراک رائے مولوی
موصوف ساکنین فیض آباد و اودھ سے تحقیق واقعی کرکے کیفیت تفصیلی اونکی گواہی

سے بھی ہے نظر انور رہین گذریگی بعد ملاحظہ کے در باب تدارک ہنومان گڑھی جس مسجد مین مسلمانون کو قتل کیا قرآن شریف کے لے ادبی کی کڑہ مسجد بابری مسجد جامع جو حکم سرکار سے بنا تھا توڑ ڈالا در و دیوار کو بندوق کی گولیون سے چھلنی کر دیا مانع اذان و نماز کے مسجد مین ہوے جو رای جہان آرا اقتضا فرمائے۔ واجب تھا عرض کیا۔ آلہی آفتاب دولت و اقبال تابان و درخشان رہے۔ عرضی بندۂ خاص حفیظ اللہ ۱۲۷۳ - داروغۂ عدالت فیض آباد معروضہ ۲۲ - ذیقعدہ ۱۲۷۱ھ -

نقل اقرارنامہ

مایانکہ مہنت بلرام داس و مہنت کشندا س و مہنت دیبی رام بیراگی چار سید ہہ ہین - غلام حسین وغیرہ نے ہنومان گڑھی مین اظہار مسجد کیا ہے اور اسباب مین فیما بین نزاع واقع ہوئی اس جہت سے پیشگاہ نبدگان سرکار ابد قرار سے واسطے تحقیقات کے اغا علیخان کپتان آرصاحب بہادر اور راجہ مان سنگہ بہادر قایم جنگ مامور ہوے ہین اور لکھے دیتے ہین کہ اگر حاکمان موصوف ازروے تحقیقات ہونا مسجد کا ہنومان گڑھی مین ثابت پہونچائین اور تینون حاکم متفق ہوکر ہمے کہین ہمین بسر و چشم منظور و قبول ہے اور کسیطرح کا عذر نسبت اوسکے نہوگا - بنا برآن یہ چند کلمے بہ طریق اقرارنامہ کے لکھے گئے کہ ثانیحال سند ہو اور عند الحاجت کام آوے -

مرقومہ ۲۶ - ذیقعدہ ۱۲۷۱ھ - دستخط ہندی بلرام داس

نقل اقرارنامہ

مایانکہ مہنت بلرامداس و کشندا س و مہنت دیبی رام بیراگی چار سید ہہ ہین غلام حسین وغیرہ نے دعوی ہونا مسجد کا ہنومان گڑھی مین کیا ہمے نوبت بگاڑ کی پہونچی اور مسمیان جعفر علی محمد حسین شیخ بدھو وغیرہ باشندے اودھ کے بوجہ شراکت غلام حسین رنج پیدا کیا اب نظر رابطہ سابق ہمین اونسے رنج و کدورت نہین رہی اور اب اغا علیخان بہادر راجہ مان سنگہ بہادر قایم جنگ کپتان آرصاحب بہادر درمیان دیکر قسم ہما یر سوامی سے قرار کرتی ہین اور لکھی دیتے ہین کہ بشرط عدم وقوع زیادتی اوسیطرف سے ہم نہا اور صاحبت و فساد نکرا

نزاع لفظی بھی اونسے نہ کرینگے اور ہم بیراگی چار سیدہ خلاف تحریر ہذا عمل نکرینگے اور جسطرح کہ قبل ازمعرکہ فیما بین ہمارے اور جعفر علی مذکور کے راہ و رسم تھا وہی ضبط اب بھی صلح اور راستی سے جاری رکھینگے اور کسیطرح کی بغاوت نہ کرینگے اگر منافی اقرار اور تحریر ہذا کے کرین مجرم اور گنہگار ہوکر جو سرکار سے سزا تجویز ہو اوسکے سزاوار ہین بنا بر آن یہ چند کلمے بطریق صلح کے لکھدیے گئے کہ تا نیاً حال سند ہو اور عند الحاجت کام آوے مرقوم ۲۶ - ذیقعدہ ۱۲۰۲ھ

دستخط ہندی - بلرام داس

سانحۂ یادگار معرکۂ سیّد امیر علی شہید ساکن قصبۂ اٹھیٹی متصل لکھنؤ

جب فساد و ہنگامۂ ہنود و بیراگی اختر گڑھ یا ہنومان گڈھی کا غرباے اہل اسلام سے بڑھا اور بظاہر ثابت و تحقق ہوا کہ رعایت و پاسداری ہنود بطمع دنیا اراکین دولت کو منظور ہے مولوی سیّد امیر علی نبدگی میان کے پوتے ساکن قصبۂ مذکور بستی بھائی شیخ حسین علی کارندۂ راجہ نواب علیخان رئیس محمود آباد بسبب جوشش حرارت اسلام چاہا کہ دفع توہین اسلام کرین چنانچہ پہلے سند یہ بین اہل اسلام نے مولویونکی تحریک سے بعد شورۂ اجماع کر جہاد پر باندھی بعض ناعاقبت اندیش نے منع کیا کہ یہ امر اچھا نہین حاکم وقت اور اعیان عالیشان سے آخر کو مقابلہ ہو جائیگا پھر کچھ نہ بڑیگا عبث عبث توہین اسلام سیکے واسطے ہو جائیگی غرض ایک نے نمانا مولویصاحب کے سر پر اجل تو آگئی تھی جب رکن رکین سلطنت حضور عالم اس امر سے مطلع ہوے شاہ جمجاہ سے عرض کی کہ فدوی ہر چند چاہتا ہے کہ یہ بہدۂ فساد کی حکمت عملی سے موقوف ہو جاے لیکن خانہ زاد سلطنت یعنی خواجہ سرا پردۂ عفلت مین بانی مبانی اس فساد کے ہوتے ہین یعنی مولوی امیر علی ہیر حیدر منشی متوسل بشیر الدولہ کے غریزون سے ہے وہ چاہتا ہے کہ اس آتش فتنہ و فساد کو خوب بھڑکائے اور سفت مین میری بدنامی اور نارسائی ظاہر ہو -

بشیر الدولہ جب اس سے واقف ہوے اپنے رفع الزام کو بواسطۂ منشی مولویصاحب کو بلوبھیجا اور حضرت جنت مکان کے امام باڑہ مین اوذا راجب تک رہے اونکی ضیافت کی اور اپنے ساتھ حضور عالم کے پاس لیگئے اونھون نے سب طرح کے تنبیہ و فرانسے سمجھایا اور چاہا کہ خلعت سرفرازی دیکر رخصت

کرین لیکن مولوی صاحب نے خلعت لیا اور جہاد کا ہاتھ نہ اوٹھایا بلکہ بہت بے لطف گفتگو ہوئی کہ باعث ملال خاطر ہوا بلکہ ازراہ تامل اندیشی چاہا کہ انھین قید کر لیجیے تاکہ طول فساد نہونے پاوے منشی نے بشیر الدولہ سے کہا کہ یہ صورت ہوئی تو پہلے مین گلا کاٹ کر مرجاؤن گا آخر اوسی شب مولوی صاحب کو بسلامت اونکے گھر بھیجا اور اونکا نکلجانا اپنے واسطے بہت غنیمت سمجھے۔

مولوی صاحب نے جمعہ کی نماز پڑھی اور تقریباً ۷۰ آدمی مجاہدین سے روانہ ہوئے ۵ مین ایک فقیر آزاد نے مولوی صاحب سے کہا کہ زنہار نجاؤ لامحالہ مارے جاؤگے مولوی صاحب اس الہام غیبی سے کچھ خوف نہوے جب سرکار مین یہ خبر پہونچی میر مصدر علی کارندہ اہتمام الدولہ حیدر خانجی اور تہور خان کو سنبھو عالم کے مع فوج توپخانہ روانہ کیا کہ جاکر انسداد فتنہ و فساد کرین مگر پہلے بہروی و آمشتی مجھیجا اوسکے بعد تہدید خانجی شیخ حسین علی مذکور اور تہور خان معرکہ اختتام تک واسطہ سوال و جواب رہے اور کوئی دقیقہ فہمایش نچھوڑا آخر بہ سبب قریب ہونے عشرۂ محرم کے عہد و میثاق وعدہ ایک مہینہ کا ہوا کہ اس مدت معینہ مین مسجد گرھی مذکور مین نہ بجاے، تو پھر آپکو اختیار رہے مگر تہور خان نے اپنی جوشش ایمان سے ازراہ سپہ گری یہ کہا کہ اوسوقت ہم بھی آپ کے شریک جہاد ہونگے کسواسطے کہ ہم حضور عالم سے جو اونھون نے وعدہ فرمایا ہے مطمین ہین چنانچہ ۲۴ - یا ۲۵ روز مباہلہ ذیحجہ ۲۴ - محرم ۱۲۴۱ھ تک وعدہ موکد ہوا۔

مولوی صاحب اس مدت معینہ تک سہالی علاقہ راجہ نواب علیخان مین رہے ہر روز رسد جنس غلہ اور تھوڑا خرچ ضروری ملتا رہا اس عرصہ مین یہ خبر دور دراز شہرون مین پہونچی عام جہاد کا شور غافل جاہل سائل بے فکری بے روزگار رفاقت کش آوارہ وطن لوگ شریک مجاہدین ہوے تقریباً بعیت دو ہزار کی ہوگئی رامپور پیلی بھیت کے پٹھان پہلے جمع ہوے اور کئی سو افغان و ایرانی تندھاری کوہی دشتی لباس سیاہ سے آئے علیحدہ سب سے اترے چند روز رنگ برنگ دیکھکر اولٹے پھر گئے بعد اسکے ہر روز لشکر مجاہدین سے بچاس گئے دوسرے دن بچاس اور آگئے اوس مدت مین یہ غلغلہ ساری مملکت ہند مین پھیلا ہر ایک موافق عقیدۂ خاص کی اپنی جگہ مستعد آمادہ ہوا اور بعض رئیس خوف صاحبان عالیشان سے بدل متمنی اور ظاہر متردد و خایف ہوکر ساکت و خاموش رہگئے۔

ایکدن جنرل اوٹرم صاحب شاہ جہاں کے پاس آئے مشروحًا بیان کیا کہ ہندوستان مین درمیان ہندو مسلمان کے فساد عظیم برپا ہوا چاہتا ہے مبادا تو بت کشت خون کی پہونچے ہزارہا بندگان خدا کا ناحق خون ہوجاوے اہالیان سرکار پر اسکا تدارک انتظام واجب ولازم ہے مولوی امیر علی بانی مبانی ایسے شر و فساد کا ہوا ہے اوسے سزا قرار واقعی دینا چاہیے اوسے لکھنؤ سے کیون جانے دیا قید کرنا مناسب تھا حضور عالم نے عرض کیا کہ مین نے اثنای مہنت کو بلوایا ہے کہ وہ در دولت پر حاضر ہون صاحب نے فرمایا شاید وہ بے ضمانت نہ آوین بادشاہ نے فرمایا یہ کیا آپ نے کہا ہماری رعیت نہین ہین پھر کیا سبب نہ حاضر ہونے کا اسکا جواب نرمی دیکر رخصت ہوے ۔

امر عجیب یہ ہے کہ اسی ہنگامہ مین ایکدن کپتان ہنر صاحب نے صحت الدولہ متوسط شاہی سے کہا کہ اس فساد کا بہت جلد بندوبست کیا جاوے کہ حتی المقدور طرفین سے خونریزی نہونے پاوے ورنہ سلطنت پر آفت آجاویگی ۔ چنانچہ بعد اس معرکے کے جب صحت الدولہ کے پاس آئے کہا تم ہمارا پیام بادشاہ وزیر سے جاکر کہدو اجل برد شاہی رسید جب یہ تبلیغ رسالت کی فرمایا ہمین دھمکاتے ہین جب الحکم شاہی بعض موکل گڑھی نہ کور راجہ مان سنگھ کپتان بارلو صاحب کی ضمانت سے در دولت پر حاضر ہوے حضور عالم نے اونھین اپنا مہمان کیا آخر بے خبر اور کوتاہ اندیشون نے بطمع دنیا اپنا کام کیا اور اونھین بسلامت سرکار سے رخصت کردیا اور بظاہر اپنے بچاؤ کی باتین لاطائل ذہنی تراشین اور بادشاہ سے باتفاق ہمزبان ہوکر عرض کیا اور پرچہ پیام بشروحًا رزیڈنٹ کو بھیجا کہ بنائے مسجد منومان گڑھی مین کسیطرح ثابت وتحقیق نہین ہوتی بعد مدایح تنسیم ہر طایفہ زلیقین کو خلاف بجا آوری حکم محکم بروقت سرکشی و متمردی سزاے اعمال دیجاویگی صاحب رزیڈنٹ نے یہ حال صدر کو رپورٹ کیا اور جواب پرچہ پیام یہ بھیجا کہ اہالیان سرکار نے اس بات مین حق انصاف ادا کیا اور ہرگز رعایت مذہبی ملت نہ کی عدل وانصاف حاکم وقت کو یہی چاہیے اور اس مدت حکومت مین کبھی ایسا امر واجبی اور مناسب حال جیسا کہ چاہیے سرزد نہین ہوا

پس اس پرچہ پیام نے خاتمہ کردیا غافلون نے چاہا کہ کسی حیل و فریب سے یہ امر بیت الل مین رہجاے مگر چارہ علاج خود بند کردیا تھا اب مدت وعدہ مولوی صاحب بھی تمام ہوئی بنائے تعمیر مسجد بہ تعویق ہرچند کہ بنائے مسجد بموجب کیفیت مرسلہ اورشاہد اکثر ثقات سے ثابت وتحقیق ہوچکی تھی

چنانچہ بندۂ مؤلف کے بھائی کی بحالی متعین فیض آباد ہوچکی تھی عملداری فرمانبردہ احمد مرحوم مین وہ بھی کہتے تھے کہ ہمنے اوس مسجد کو دیکھا اور جب ہم گڈھی مین گئے صنعت نے ہمین شمعانی دی ہے خلاصہ مولوی صاحب بعد اس عہد و وعدہ تشکی کے مایوس ہوے چار و ناچار مستعد مرگ ہوکر وہانسے بانسہ مین کوچ کرگئے اور وہان سے پھر دریا باد باغ عیدگاہ مین مقام کیا

حسب الحکم سرکار ۵ ضرب توپ فوج تلنگہ و نجیب مع افسران اہل اسلام کپتان بارلو صاحب و حاجی مرزا حسین علی کمیدان بٹالن گلابی یہ سب روانہ ہوے اور حکم محکم ہوا کہ زنہار مولوی صاحب کو آگے بڑھنے نہ دینا اور در زیڈنٹ سے متواتر پیچ پیام آنے لگے کہ جلد انسداد اس فتنہ کا کرو اور حریفون اور چاشت خورون نے بادشاہ سے نسبت خلاف مولویصاحب کی باتین اپنے بچاؤ کی بنا بنا کے کہنی شروع کین اودھ حضور عالم سے خالیف تھے اور متفق تھے اور اپنی جیب طمع بھر چکے تھے پھر کیونکر صاف صاف خدا سے ڈر کر عرض کرتے غرض پندرہ دن تک مولوی صاحب وہین رہے اس عرصہ مین وہ مولوی جو سندیلے مین محرک جہاد خدا ہوے تھے حسب الحکم حضور عالم متفق ہوکر فہمایش کو آگے چاہا کہ مجاہدین کو مرتد کرین اور مسجد عیدگاہ مین گول گول باتین خوف حاکم وقت اور خوف جان و آبرو از راہ موعظہ بیان کین جاہل یہ سنکر سب سے پہلے بگڑے کہ وہ مولو بوتم سب اہل دنیا ہو کل تمنے ہمکو آمادۂ جہاد کیا تھا اب حاکم وقت کے سمجھانے سے ہمین مرتد کرتے ہو اب ہمین فریب ندو یہ فضیلت مال دنیا جاہلون کے ہاتھ سے جاتی رہیگی یہ سنکر عوام سے ڈر کر چپکے چلے آئے۔

پنجشنبہ کو وقت عصر لشکر مولوی صاحب مین نقارۂ کوچ ہوا سب نے کمر باندھی ہتھیار لگائے فوج شاہی بھی ادھر تیار ہوئی توپون مین چہرہ دیکر مہتاب روشن کی لیکن کیسکی جرات سامنے آنے کی نہ پڑی پھاٹک حصار دریا باد بند کردیا تھا مولوی صاحب نے جب اپنے مجاہدین کے رعب سے پھاٹک کھولدیا وہانسے کنار قصبہ متصل بنگلہ ڈاک مولوی صاحب نے مقام کیا سات دن تک وہین رہے جب فوج شاہی نے سبب حرکت پوچھا کہا مقام اول مین قلت پانی اور کثرت عفونت ہوگئی تھی اس سبب سے مقام ثانی اختیار کیا۔

جب مولوی صاحب مسجد عیدگاہ مین تھے نماز جمعہ مین ہزارون آدمی مع افسران فوجی پیچھے نماز پڑہتے تھے جب نماز پڑہکر اپنے لشکر مین آتے تھے کمر تحمل پر باندھتے تھے جب اس حال کا پرچۂ اخبار سرکار مین گذرا حکم ہوا آب و دانہ رسد غلہ مجاہدین پر بند کردو اور ہر عرصہ تنگ ہو جاے مولوی صاحب نے از راہ اتمام حجت ایک عرضداشت منظوم بادشاہ کو بھیجی کہ رسول مقبول نے دو ثقل بزرگ اپنی امت مین چھوڑے ایک عترۃ طاہرہ دوسرے کلام اللہ - عترت پردہ حال گذرا جو چاہا کیا اب فقط کلام خدا باقی رہا تھا اسکی کفار کے ہاتھ سے اودھ کے گھر مین یہ صورت گذری بہت تعجب ہے کہ ایسے عہد معدلت مین اسکا انتظام نہو سکے اس بندہ مسکین نے جبتہً للہ کمر باندھی ہے اوسکی عقوبت مین مستحق ایسی پاداش کا ہوا مگر حیف ہے کہ ارکان دولت نے اپنی طمع نفسانی سے یہ عرضداشت نظر انور مین نہ گذرانی کسواسطے کہ اپنے اظہار سے خود جھوٹے ہوتے جب مجاہدین پر رسد بند ہوئی کئی فاقے گذرے اس کڑی پر بہت سے خارج ہو گئے ناچار ہوکر مولویصاحب نے شیخ حسین علی اپنے بھائی سے کہا الحمد للہ کہ تمنے اور تمہاری فوج نے مثل زمان سابق کئی برس کے بعد آب و دانہ بند کیا ہے جزاک اللہ ایسا جواب دیا کہ ایسا امر مجھسے کبھی نہوگا اسیوقت غلہ ذخیرہ ضروریات چھکڑون پر بار کرکے بھجوادیا اور بہت سی برادرانہ دلجوئی کی جب کثرت لوگون کی بڑھی مولوی صاحب بخوف گرفتاری شریک نماز نہوتے تھے اسکا بھی دغا باز دنیے کچھ عجب نہ تھا تین آدمی محافظت کو ہر وقت تلوارین کھینچے کھڑے رہتے تھے اور ہر شخص کو پاس نجانے دیتے تھے سوائے شیخ حسین علی کے یا کبھی تہور خان جایا کرتے تھے ایکدن شیخ حسین علی نے بعد بہت سی منت و فہمایش کے کمر سے تلوار نکالکر مولوی صاحب کو دی اور پانون پر سر رکھکر کہا کاشکے مجھے آپ اسوقت جان سے مار ڈالیے بہت آفتون سے بچونگا اور اپنی بہن کو اندہ نہ دیکھ سکون گا پھر شیخ حسین علی آئے اور حضور عالم سے عرض حال کیا ارشاد ہوا بہرصورت اس فتنہ و فساد کو بند کرنا چاہئے اب جو قوت تزلزل سلطنت ہے اور بنا مسجد بسہولت وقت مناسب بن ہو جائیگی مولویصاحب ایسے اقوال سرکار کو بے اصل و بفروغ سمجھے کہ جب انسے ایفاے وعدہ نہ ہو سکا تو انسے بناے مسجد کبھی نہو سکے گی اور نہ وقت مناسب ہاتھ آئیگا -

اس عرصہ مین حسب الحکم بادشاہ اور فہمایش حضور عالم سے سلطان العلما نے بھی اسباب مین کچھ

تحریر کیا مولوی صاحب کو پہونچی لیکن اوسے خلاف نفس الامر سمجھے پھر سلطان العلما نے کوئی فتوی بہ تصریح حکم سرکار سے دستخط نہ کیا بلکہ جواب دیا کہ ایک شخص نے غرض نفسانی رفع توہین اسلام پر کمر باندھی ہے اور تن بمرگ دیا ہے سزا سزا اوسکے حق بجانب ہے کیونکہ خلاف شریعت غرائے احمدی بخوف حاکم لکھوں لیکن مقام حیرت یہ ہے کہ تمام ہندوستان میں لکھنؤ دارالمومنین مشہور ہے ایک مسکین ضعیف ونحیف نے ہمت مردانگی کی ہے مقام عبرت ہے علمائے فرنگی محل نے بھی اسی طریق سے تحریر کیا بلکہ راضی ہوئے اس امر پر حاکم وقت کو اپنے شہر میں رہنے دینے کا اختیار ہے کبھی ہم فتوی قتل اس شخص کا نہ دینگے مولوی محمد اصغر کے لڑکے نے بھی فتوی دستخط کیا علمائے ظاہر اہل سنت مثل مولوی حسین احمد غلام جیلانی وکیل عدالت انگریزی مولوی محمد یوسف مولوی فضل حق خیرآبادی مولوی محمد سعید اللہ حج خانہ کعبہ سے مشرف ہوکر آئے تھے اور بعض علمائے گمنام نے بھی محض لطمع دنیا بخوف حاکم حکم فتوی قتل عبارات مختلف سے رنگین کرکے دیا اور بعض علمای شاہجہان آباد نے بھی ایسی حجت دربرہان لکھا یعنی جب اہل اسلام قلیل ہوں اور غلبہ کفار ہو اوسوقت خلاف حکم اولی الامر یعنی حاکم وقت صاحبان عالیشان یا اہل اسلام جو انکی اختیار میں ہوں جہاد حرام ہے پس جو شخص مرتکب ایسے امر کا ہو وہ طاغی و باغی ہے

سراج الدین خان کمیدان بھی بحکم سرکار فہمایش کو گئے اونکے کہنے سے کچھ لوگ بریلی رامپور چلے بھیت کے بزدل ہوکر اپنے گھر چلے گئے اودھنیں بقدر ضرورت کچھ زاد راہ بھی دیا اور کچھ لوگ افغان ولایتی کو ہی بہ مجرد سننے فتوے کے اوٹھ گئے اب مجاہدین متفرق و پریشان ہوکر قریب چھ سو کے تن بمرگ دیکر رہ گئے اونپر فاقے ہونے لگے سوت سب کی نظر میں تھی پچاس روپیہ یومیہ نواب علیخان راجہ محمود آباد اپنے پاس سے اور پچاس روپیہ روز حسین علی اونکے کارندے سبیل کرا کے کفالت مجاہدین کو دیتے تھے میر عباس ہمشیرزادہ میر کجان نامی پیر اک مشہور شہر کوتوال الشکر تھے اونکی معرفت تقسیم ہوتا تھا

غرض ۲۶ تاریخ ماہ صفر روز چارشنبہ مطابق ۷ نومبر ۱۸۵۵ء مطابق ۱۲ ماہ کاتک ۱۲۶۳ف مولوی صاحب نے نماز صبح بہ جماعت پڑھی اور روانہ محمدپور ہوئے اوسوقت تقریباً تین سے آدمی سے زیادہ ہمراہ نہ تھے باقی تتر قطار ایک بعد ایک کے متفرق ہوکر چلے بعد ایک ساعت کے کپتان بارڈ کو یہ خبر پہونچی۔ چار کمپنی دو توپ لیکر پیچھا کیا اور ۳ کمپنی گلابی حاجی مرزا حسین علی تبار ہوئے

اس عرصہ مین مولوی صاحب آٹھ کوس حیات گنج مین پہونچے زوال شمسی قریب تھا ایک باغ مین جانب شمال ٹھہرے منظور تھا کہ بعد فریضۂ ظہر ردولی تین کوس ہے وہان چلکر رہینگے جتنے نمازی تھے وہ مورچال ایک ایک ردولی کو چلا شاہی فوج خانہ دریا باد اور سد راہ کمپنی گلابی جو اسکے کھیت مین بارلو کی کمپنی اور توپین کھیت کے سرے پر بھی اتفاقاً کئی تلنگے اپنی قطار سے بڑھکر راہ پر کھڑے ہوے تاکہ مجاہدین جو ردولی کو جاتے تھے منع کرین اور کپتان بارلو نے خود مولویصاحب کے پاس آکے کہا کہ مولوی صاحب خلاف حکم بادشاہ منشاے صاحب رزیڈنٹ بہادر آپکو آگے جانا مناسب نہین ہے اپنی جماعت کو منع کیجیے اور آپکو بھی مناسب ہے کہ اس غرمیت سے باز رہیے ورنہ ہمکو حکم ممانعت کا ہے مولوی صاحب نے کپتان بارلو صاحب کو ٹھہرکے کہا کہ کافر سامنے سے ہٹ جا ورنہ کوئی جہادی مار ڈالے گا ۔

کپتان بارلو گھوڑا بھگا کے اپنی فوج مین آئے اور حکم دیا کہ آگے بڑھین توخالی توپ اول دغو کر پھر جاوین اور مجاہدین گولیان مارنے لگے لیکن اسّی آدمی مجاہدین سے جوار کے کھیت نے نکلکر دفعۃً توپ پر جا پڑے بندکردی ۔ ہرچند ہر طرف سے گولیان برس رہی تھین مگر مجاہدین دل کھولکر تلوار سے خوب لڑے اور اونکے غول سے صدائے تکبیر بلند تھی کچھ خیال گولیون کا نہ کرتے تھے جب یہ صورت ہوئی بارلو الگ ہوگئے اور گلابی نے پیچھے سے آکر مار ی غرض نیم ساعت مین یہ سب خاک مین ملگئے اور تین توپین خالی جانب مغرب سے چلین کہ جو فرار ہوے

مولوی صاحب اوس باغ مین ۱۷ یا ۱۸ آدمی سے اپنے سجادے پر مشغول نماز تھے تلنگون نے دور سے جمعیت لوگون کی دیکھکر دفعۃً ایک توپ ماری آم کے درخت سے لگ کر بڑا ٹہنہ سر پر نمازیون کے گرا بعد اسکے تلنگے یورش کرکے گولیان مارنے لگے : دوسری طرف سے راجہ شیرسنگھ متعلق گونڈہ کے تعلقہ دار آپڑے سب کا کام بمقابلہ مارکے اور بھگیلون کو تلاش کرکے تلوارون سے تمام کیا مولویصاحب اپنے سجادے پر روبقبلہ گرے اور ابتدا سے یہ بھی اونکی دعا تھی کہ مین کسی مسلمان کے ہاتھ سے نہ مارا جاؤن خدا نے اونکی دعا مستجاب کی باقی نمازی گرد اونکی نعش کے پڑے تھے مثل نبات النعش تلنگون نے دوڑکر بارلو سے کہا کہ مجاہدین کا کام تمام کیا ایک تلنگہ مولویصاحب کا سر کاٹ کرلایا بارلو نے اسیوقت از راہ تحرفتح و فیروزی سمجھکر روانۂ سرکار کیا جب حضور عالم کو

جبر ہوئی حکم کہا یہان کیون سر کولائے اب چاہتے ہو لکھنؤ مین بھی کوئی ہنگامہ برپا ہو دو تلنگے اونٹ سوار لیکر آئے تھے حکم ہوا کہ اس سر کو دھڑ کے ساتھ جاکر بعد ملاحظہ کرانے بڑے صاحب کے دفن کردو یہ ڈرے کہ اگر پھیر کرلیجاوینگے شاید اکوئی مجاہدین اسے دیکھکر چھین لے اور ہمین مار ڈالے بڑے صاحب کو ملاحظہ کراکے معلوم نہین کہان سر کو پھینک سیدھے بادلو کے پاس چلے گئے اسکا سبب تو ظاہر ہے کہ مولوی صاحب متواتر کہتے تھے کہ بیٹے سر راہ خدا مین دیا ہے پھر انکا سر ہم سے کیونکر ملکر دفن ہوتا مگر یہ بات فہم عوام سے باہر ہے اکثر علما نے ایسے مشاہدہ متبہ کے مقام سکوت اختیار کیا تاسی مذہب کو دخل نہ دیا کسواسطے کہ سب نے اونکے مقام و حدت پر نظر کی نہ کثرت پر۔ العلم عند اللہ۔

الغرض تلنگون نے اسلحہ حرب لباس مقتولین سے اوتار کر آپس مین تقسیم کرلیا تین کوس وہان سے محمد پور تھا جاکر مقام کیا مقتولین کی نعش اسیطرح خاک و خون مین غلطان چھوڑ دی نصف روز چار شنبہ سے تا دوشنبہ یہی صورت رہی کسی درندہ صحرائی نے اونکی نعش کو نہ کھایا برخلاف اسکے بعض نعش ہنود جو علیحدہ پڑی تھین اونھین درندے کھاگئے اس حال کو کثرتون نے بچشم ملاحظہ کیا ہے اس لیے بتکلف نہین لکھا جو فی الحقیقت تھا تحریر کیا انکی بیکس نعش کو دن اور سیارون نے بھی نچھوڑی آخر زمیندار مسلمان جو قریب رہتے تھے زن و مرد جمع ہوکر آئے محض خوف خدا سے ہر ایک کو اوسی درخت آم کے نیچے دفن کیا اور حاکم وقت سے نہ ڈرے مولوی صاحب کے پہلو مین اونکے جوان بھتیجے کو دفن کیا جو حالت نماز مین مولوی صاحب کے ہاتھ پر گر پڑا تھا باقی اور مقتولین کو گڈھا کھود کر پیوند زمین کردیا اسکے سوا ہمان جسکی نعش متفرق پڑی تھی اوسے وہین دفن کردیا۔

ایک امر عجیب یہ ہے کہ بعد دو مہینے اس موکے کے جب زمیندار وہان کے گنے کے کھیت کو کاٹتے تھے اوسمین ایک شخص کو دیکھا کہ چار انو اسلحہ حرب لگائے بیٹھا ہے اور ایک بندوق اوسکے ہاتھ مین ہے لیکن گولی سے اوسکا کام تمام ہوچکا ہے اوسکے دیکھنے کو بہت سے زمیندار اور مسافر جمع ہوئے تمام شاہی قدرت خدا دیکھتے تھے اوسے وہین دفن کردیا نواب جعفر علیخان مرحوم فیض آباد سے آتے تھے راہ مین یہ ہنگامہ دیکھکر آئے اور اپنی آنکھ سے اوسے دیکھا اور اس مؤلف کتاب سے

بیان کیا ۱۱۳- آدمی اوسوقت جان سے مارے گئے مجروحین کا حساب نہین اور ایک عجیب امر یہ ہی کہ مجروح خوف جان سے آٹھ یا دس کوس تک بھاگے مردمان راجہ شیر بہادر سنگھ نے بحکم کپتان بارلو صاحب سب چھ سو مجروحین مفرور کو تہ تیغ کیا صرف ایک میر عباس کو توپ شکر بنہار خرابی اپنے گھر پہونچے۔

مادہ تاریخ اور قصائد منظوم اس معرکے کے بہت سے کہے گئے بعد طبع سارے ہندوستان مین مشتہر ہوے ازانجملہ بلغ العلی بکمالہ۔ رسولی مین ایک مجذوب سے مقتولین کے باب مین پوچھا اوسنے جواب دیا دانہ علی ذلک بشہید ۱۲۷۲ ہوتے ہین۔

فوج سلطانی کے مجموع مقتول و مجروح ۱۲۵۰- آدمی۔

میر محمد حسن خان ناظم بہرائچ واسطے اصلاح حال مولویصاحب نواب محسن الدولہ بہادر کیطرف سے ہوے تھے کسواسطے کہ حین حیات مولوی صاحب نے انسے کہا کہ جب تک سرکار سے تعمیر مسجد ہو آپ میرے ہمراہیون کے متکفل اخراجات ضروری رہیے کیا مضایقہ مین توقف کرونگا مگر سرکار کو بلطایف الحیل ٹالنا منظور تھا ایفاے وعدہ کون کرتا اور اپنی خاطر جمع بہرصورت کر چکے تھے انجام کار پر کون نظر کرتا ناظرین چشم بصیرت سے ایسے سوانحات کو دیکھین اسکا انجام بھی سب نے دیکھا۔ جب انقلاب سلطنت ہوا ایک شخص نے دیوان حافظ سے تفاول کیا یہ شعر نکلا

دیدی کہ خون ناحق پروانہ شمع را + چندان امان نداد کہ شب را سحر کند + اور رزیڈنٹ پیشتر ہی خبر دے چکے تھے کہ مولوی کو فساد سے منع نہ کیا تو سلطنت نہ لیجاوینگی۔ تاریخ قتل خود مولویصاحب شہید

بدکرد حق سراپا گوش دارم ؛ می خوب علی در جوش دارم شدہ تاریخ او قبل از شہادت سر سیدان کفن بردوش دارم ۱۲۵۷

نقشۂ معرکہ



جنرل اوٹرم صاحب کا کلکتہ سے آنا انتزاع ملک کا ہونا کانپور سے فوج کا آنا اور عفلت رکن رکین سلطنت وغیرہ سوانحات یادگار زمانہ

سی ام جنوری روز چہارشنبہ سنہ ۱۸۵۶ء مطابق ۲۱ جمادی الاول سنہ ۱۲۷۲ھ کپتان ہیئر صاحب جنرل اوٹرم صاحب کے استقبال کو نانکہ چار باغ تک گئے توپ سلامی کی چلی بعد زوال شمس حضور عالم باطمینان کلی استقبال کو تشریف فرما ہوئے اوسوقت تک کسیطرح کا کھٹکا دہ سوسہ بلکہ گمان بھی پیرامون خاطر نہ تھا اور جو کچھ افواہ خلایق یا دوستان دور دراز سے سنتے تھے اوسے زلل اور افسانہ بار جانتے تھے ہرچند مسافر تجار بمبئی اور عملۂ انگریزی نے بواسطہ خطوط اور بعض نے بامشافہہ خبر پہونچائی اور بعض صاحبان عالیشان نے بتجویز پالیمان پارلیمنٹ والا بیان کی اور اسکی صورت اصلاح امکانی بھی تبائی بے طمع غرض نفسانی کو یا حسبۃ للہ لیکن ان سب کو لغو و مہمل سمجھے اور کسی نے مقربان بادشاہ سے کہا مثل خواب پریشان سمجھکر اڑا دیا۔ غرض ۳۰ جنرل صاحب داخل رزیڈنسی ہوئے پھر سلامی توپ ہوئی اوسوقت صاحب نے حضور عالم سے کہا کل دس بجے ہمارے پاس آؤ اور احکام نواب گورنر جنرل بہادر سے تعین سنائین گے اور فوج سرکاری انتظام ممالک محروسہ کو آتی ہے کسی امین کو اہتمام رسد کو روانہ کردو۔

ایک اور امر تازہ امر یہ ہے کہ جب اجتماع فوج انگریزی کانپور مین مشہور اور زبان زد خاص و عام ہوا بادشاہ نے صاحب اسسٹنٹ سے اس باب خاص مین پوچھا جواب دیا کہ راجہ بینی مادھو آدمیون کے لیئے مقام پرتبش کو جاتا ہے اوسکے اہتمام کو فوج سرکار جمع ہوئی ہے لیکن آپ تشفی رعایا کو اشتہار حکم فرمائین کہ منظنہ فوج کا دل سے جاتا رہے اور درصورت قصور خلاف مجرم سرکار ہوگا اور نیازمند بھی صاحب مجسٹریٹ کانپور کو منادی شہر کو لکھتا ہے غرض اوسیوقت حسب الحکم راجہ جے لال سنگھ اہتمام رسد کو روانہ ہوئے

پنجشنبہ کو حضور عالم گویا خواب غفلت سے بیدار ہوئے معلوم ہوئے تمام رات کس خواب خیال مین گئی اب ہجوم افکار پریشان یا افتادہ خاطر اقدس مین گذرے وقت خاص پر صاحب کے پاس حاضر ہوئے فرمایا نواب گورنر جنرل بہادر نے حسب الحکم صاحبان کورٹ آف ڈائرکٹس یعنی امتہای کمپنی بہادر

۱۲ لاکھ سالانہ مصارف ذات بادشاہ تین لاکھ عملہ و شاگرد پیشہ مجموع پندرہ لاکھ مقرر فرمایا ہے اور تنخواہ اولاد نواب شجاع الدولہ اپنے ذمے لی ہے اور انتظام ممالک محروسہ موافق دستور سرکار کمپنی بہادر ہوگا محبت نامہ بھی انھین احکام کا بادشاہ کو پہونچے گا اور یہ عہدنامہ جدید مجوزہ نواب مقتشم الیہ کے چاہیے کہ اسپر بادشاہ اپنی مہر کمال رضامندی سے فرمائین اور اس بات مین تمھاری بڑی خیرخواہی سرکار مین ہوگی کسواسطے کہ تمھین دخل کلی مزاج بادشاہ مین ہے اسکے جلد دین لاکھ روپیہ کی جاگیر سالانہ نقد یا بدستور قدیم قصبہ مچھریٹہ نسلاً بعد نسل تمھارے واسطے بلیگی وگرنہ درصورت خلاف مجرم سرکار رہوگے ۔

بعد زوال شمسی جس سے نیز اقبال سلطنت پر زوال آیا دستور معظم نے رجعت کی لیکن سمرو پریشان حال ہوکر حقیقت حال مشروحاً بادشاہ سے عرض کی اور نشیب و فراز بہت سا سمجھایا مقربان خواص نے بھی باتفاق ہمزبان ہوکر بخوف حضور عالم بھی صلاح بقای دولت عرض کی بلکہ مہاراج نے اصل مطلب کا راضی نامہ لکھکر نظر انور مین گذرانا اس عرصہ مین جنابعالیہ جنرل صاحب بہادر سگے بھائی رونق افروز ہوے ارکان دولت و مخربان دون ہمت سے خوب واقف ہوے کلمات پرغضب و ردول سے ارشاد کیے اور اس نقش کالحجر کو نقش آب سمجھے ۔

روز جمعہ وقت عصر رزیڈنٹ تشریف لائے احکام صدر کا اعادہ فرمایا یعنی نواب گورنر جنرل بہادر نے بحکم صاحبان کورٹ آف دائرکٹرس باجازت وزیر اعظم سلطنت جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا نظر باتحاد و روابط قدیم اس خاندان عالیشان کے کمال عطوفت و خیرخواہی سے مشاہرہ مذکورۂ بالا مقرر فرمایا اور مجموع باترکالیف شاقہ انتظام نبدوبست ممالک محروسہ بذات خود گوارا کیا ہے بہرصورت پرورش رعایا اور آبادی ملک اور دادرسی مظلومان اور دولتخواہی اور خیراندیشی سرکار مرتکز خاطر مبارک ہے اب حضرت ان تکالیف لاحقہ سے فارغ البال ہوکر شب و روز اپنے عیش و عشرت مین بسر فرمائین اور انصاف شرط ہے کہ بادشاہ دلی جو مالک اصوبہ ہندوستان کا تھا لاکھ روپیہ مقرر ہوا بس آپ کے واسطے سب طرح سے سمجھکر مقرر فرمایا ہے اور اب کوئی مقام افہام و تفہیم باقی نہین رہا کسواسطے کہ جنرل سلیمن نے اپنی مدت منصوبی مین ہر خرد و کل مین کسطرح سے سمجھایا اور ہر امر مین آپ کو اختیار دیکر آپکے دمدمعاون رہے لیکن ایسی خیرخواہی

صاحب ممدوح کو مدار المہام سلطنت محض اپنی طبع نفسانی و فہم نادرست سے برابر پرکاہ بھی نہ سمجھا بلکہ اوسکے خلاف مین کوشش بی فائدہ کرتے تھے اور موافق عہدنامجات پچاس برس کے جو جنت آشیانی کے عہد دولت سے آجتک ہوی وہ سب منسوخ ہوی کسواسطے کہ جب تعمیل اونکے خلاف ہوئی ہمنے تامل و تساہل مین ملتوی رکھا لہذا عہدنامہ جدید مدات چند کا ہے حضرت اپنے استرضای خاطر مبارک سے بلا اکراہ و اجبار مہر خاص ثبت فرمائین کہ مدت دوام تک بقای دولتین مین کسی طرح کا خلاف واقع نہوگا اور طریق روابط اتحاد قدیم و رسوم معاشرت و ملاقات و دستور تعظیم و تکریم بالاتر ایام سابقہ سے طرفین سے عمل مین آئیگا جو موجب خوشنودی خاطر اقدس و مزید اعتبار خاص و عام ہوگا اور درصورت ناراضی اور نامنظوری و ناگواری خاطر ہمایون اس باب خاص مین موجب ملال خاطر مبارک نواب گورنر جنرل بہادر ہوگا۔

جب بادشاہ نے یہ پیام غیر الیتام سنا کمال ضبط و ربط سے فرمایا کہ مین ایسے جبر و ظلم صریح پر ہرگز راضی نہونگا اور کیونکر یہ وبال سلطنت اپنے اوپر گوارا کرون اگر کمال غفلت امور مرجوعۂ سلطنت مدار المہام اور اہالیان سرکار کی نسبت ہے اسصورت مین اوسکی اصلاح اونکے تبدل تغیر سے ممکن ہی نہ یہ کہ اسی لطائف الحیل سے موجب تفویض ممالک محروسہ اور معطلی و بیدخلی محض وارث سلطنت سے ہوجائے نواب گورنر جنرل کے ارشاد سے تعجب ہے کہ مواخذہ ہمارے آبای کرام کا جو مدت دوام سے مکنون خاطر ہوتا چلا آیا ہے وہ سب سے زمانے پر منحصر رکھا تھا مواثیق موثقہ جو سرکارین مین ہوے ہین کیونکر سراسر اونکے اور خلاف عدالت نہوگا ہمارے آبای کرام نے اوسے بہ کمال رضامندی بلا اکراہ قبول کیا اور کبھی سبقت اپنی طرف سے کسی عہدنامہ مرکوز خاطر اہالیان عالیشان ہوا ہر زمانے کو جب چاہا منسوخ کرکے دوسرا داخل کیا ہمارے آبای کرام نے اوسے بکمال رضامندی بلا اکراہ قبول کیا اور کبھی سبقت اپنی طرف سے کسی عہدنامہ کے تبدل و تغیر کی ہی کی بہرحال تابع مرضی صاحبان ممدوح رہی اور ہر وقت مہمات اعانت فوج روپیہ اسباب سامان ضروریات سے مضایقہ نہین کیا اور آپ نقصان لکھا روپیہ کا گوارا کیا کبھی اوسکی شکایت نہین کی اور بعض اقربا اور رعایای سلطنت کی حمایت سرکار نے خلاف اپنی عدالت کے کی اسکے واسطے اپنے حلم و بردباری سے آپکی خوشی اور مرکوز خاطر کو مقدم سمجھا اسکی توضیح بعد معرکہ بکسر جو تحریر نواب شجاع الدولہ سے ہوئی ظاہر ہے

کہ اہالیان سرکار نے ۲۲ لاکھ کا ملک بنارس و جونپور و غازیپور بموافقت مختار الدولہ بروقت جلوس نواب آصف الدولہ لیا جب امیر الدولہ حیدر بیگ خان کلکتہ گئے نواب گورنر جنرل نے بہ طیب خاطر پھیرنا چاہا لیکن خلاف ہمت سمجھے پھر بنارس مین عہدنامہ جبت آرامگاہ سے تقنیف ممالک محروسہ کالیا پھر فردوس منزل سے عہدنامہ لیا مد شصم ٹرھائی ۶ لاکھ فوج کی کنٹنجنٹ مقرر کیے کب کوئی عذر پیش کیا یہ نفوق درجہ بدرجہ ناسخ و منسوخ اہالیان سرکار نے کیا یا ہمارے آبائے کرام نے۔

جناب عالیہ متعالیہ جو اوسوقت شریک صحبت تھین پس چلمن سے بہت سے کلمات آشتی جو مناسب حال تھے فرمائے کہ یہ ٹکڑا زمین کا جو ہمارے قبضہ اختیار مین رہگیا ہے محض عطیہ تعالیٰ جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا ہے گورنمنٹ کی ہمت سے اوسکا چھین لینا بہت بعید ہے کہ خود تاج بخشی کرین وزارت سے مرتبہ بادشاہت دین اب بے صدور قصور خلاف شان و شوکت شاہنشاہی ہے فقط حیلۂ غفلت ٹھہرا کر ایسی ہانت و توہین سے ملک چھین لیوین ہندوستان مین جن ریاستون مین فتنہ و فساد نوبت جدال و قتال پہونچی پھر انکا ملک اونکے وارثون کو دیدیا ہے اور ہمسے باوجود اس اطاعت و فرمانبرداری کے جو مدت دوام سے موئی یہ التفاتی ظاہر ہوا گر امور سلطنت مین غفلت اور عدم توجہی نسبت بادشاہ ہے تو آپ نے پہلے بروقت جلوس امتحان لیاقت و قابلیت کا لیا ہوتا اور اگر نسبت مدار المہام سلطنت ہے پس قصور نارسائی منتظمان سلطنت ہے سو اخذہ سیاست اونکے ذمے ہے اوسکا آپ کو اختیار ہے کوئی بھی انتظام اور اصلاح حال کے حیلے سے کسیکا گھر چھین لیتا ہے انصاف سے دور ہے یا جس سے منظنہ تخریب آپکو ہوا ہو جیسا مہاراجہ جھاؤ لال سے نواب آصف الدولہ کے زمانے مین ہوا تھا ہم اوسے آپ کے حوالے کردین۔

صاحب نے جواب دیا ہمکو مواخذہ جمیع امور کا نمیب سے چاہیے نہ نائب سے جنابعالیہ نے فرمایا کہ جب آپ یا نواب گورنر جنرل ہماری فریاد نہ سنین تو اوسوقت ہم اپنا عرض حال جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا سے کرین اور یہ تاج و عبا خاص عطیۂ عالیہ سے جسے ہم اپنا مزید لفاخر سمجھتے ہین اس امانت سرکار کو سرکار مین دیدیوین جواب دیا کہ ہمین اور نواب گورنر جنرل کو اسمین کچھ دخل نہین

اور یہ تصور نہ فرمائیے کہ بے اجازت صاحبان کورٹ آف وائرکرس اور بے اجازت حکم جناب
ملکہ معظمہ ایسا امر عظیم از خود کیا ہے اگر ورراہی سلطنت انکو اجازت ولایت جانے کی دین
اوسوقت بعد تنقیح کلی البتہ تفویض ملک کا جناب ملکہ معظمہ کو اختیار ہے پھر جناب عالیہ نے ارشاد
کیا کہ اگر آپ واجد علی شاہ سے ناراض ہین تیسرے دوسرے بیٹے خبرل سکندر حشمت کو وارث
سلطنت کیجیے یا مرزا ولیعہد کو اور اجراے امور سلطنت موافق تجویز اور دستور العمل سرکار ہالیان
سرکار سے عمل مین آئے یہ انتہاے کلام جناب عالیہ تھا۔

نواب محذرہ عظمی نے ارشاد کیا کہ سب سے بالاتر یہ ہے کہ مصطفے علیخان جنت مکان
کے بیٹے کو ٹھہرائیے اگرچہ ہماری غیر جنس ہے کہا اونکی مضوبی سے تمھین کیا فائدہ فرمایا اس
نظر سے کہ نام سلطنت باقی رہے اور یہ بدنامی ہمارے نام سے جاتی رہے یہ سنکر خبرل صاحب
رخصت ہوے اگر سرکار کو قید لیاقت ہوتی تو البتہ کچھ نہ کچھ ہو جاتا اور جب لینا ہی منظور ہوا پھر فائدہ
بمرد شہرت ہونے اس خبر وحشت اثر کے محلات معلی اور تمام شہر مین گھر بہ گھر عجب ماتم برپا
ہوا کہ حال شب عاشورہ اور روز عاشورہ ہر ایک کنالہ و فریاد سے ظاہر تھا اور ایک وحشت و ویرانی
در و دیوار سے برس رہی تھی وجہ اسکی یہ تھی کہ سب کو اپنی فلاح اور رفاہ کی جسطرح ادنی تمسک
اور ملازم سرکار شاہی سے ہو جاتے تھے اوس سے قطع امید و یاس کلی ہو گئی تھی یہ نشانیاہ
ترا اضطراب و اضطرار کا ہر قلب مین پیدا ہو گیا تھا مین دن تک کسی نے کچھ نہ کھایا خصوصًا خبرل
صاحب کا جو حال رہا بیان سے باہر ہے۔

خلاصہ اب ہر شخص باخبر یا خواب غفلت سے چونک کر موافق اپنی رسائی فہم و فکر کے یا وہ
لوگ جو حقیقت مین خیر خواہ سلطنت اور مدت عمر تک جانفشانی و دلسوزی سے کارگزاری سرکار مین
مصروف رہے تھے لقدر حوصلہ مستعد اسکے چارہ و علاج کے ہوے چنانچہ بعض اشخاص مشخصہ
اور نامی کو خود سرکار نے طلب فرمایا نواب محسن الدولہ صاحب نواب سورالدولہ بھی حاضر ہوے
اور بواسطہ صحت الدولہ باجازت صاحب رزیڈنٹ شرف الدولہ محمد ابراہیم خان بھی حاضر ہوے
غرض رے خاص و عام و صغیر و کبیر کو فہم و نافہم کی اسپر قرار پائی کہ بادشاہ نے جو مہر راضی نامہ
انکار کیا ہے اوسپر مستقل و قایم رہین اور بنا بر رفع مظنہ و شک و شبہ صاحبان عالیشان اور

ملازمین شاہی کو حکم قطعی ہو پہنچا کہ کوئی شخص ہتھیار نہ باندھے اور توپین جہان جہان ہین چرخ سی گرادیجائین اور درود ولت کے سپاہی گارد اور پہرے کے اپنے اپنے ہتھیار گودام مین داخل کر دین بے اسلحہ فقط چوبدستی سے پہرہ دین یہ اول مرحلہ مرحلۂ رفع خدشہ صاحبان ممدوح ہوا جس خیال سے نظر باحتیاط دو کمپ انگریزی داخل شہر ہوے اس عرصہ مین فوج انگریزی پلٹن گورہ رجمنٹ سوار سالہ ترکسواران ہندوستانی وگورہ توپخانہ اسپی ۱۲ ضرب توپخانہ نرگاوان ۱۲ تقریباً دو کمپ قریب کربلای تال کنورہ میدان مقابل عالم باغ مضرب خیام تھے۔ فوج کہتی تھی کہ ہم راہ دوردراز سے دُبل مارچ کرتے آئے ہین جانتے تھے کہ اگر لڑنیت محاربہ آئیگی تین ساعت تک لوٹ سارے شہر کی ہمین معاف ہونے کا حکم ہوا ہے کہ موجب فیکین ہمارے چار پانچ مہینے کے سفر راہ کا ہوگا اور افسران فوج یعنی صاحب قصر باغ کو قیصر گڈھ جاتے تھی وگرنہ اسقدر فوج کا لانا فعل عبث تھا مگر ازراہ تقدم باحفظ اور کیونکر شبہہ ہوتا جہان فوج شاہی سوا کثرت رعایا کے پچاس ہزار سے کم نہ تھی سوا مردم سپاہ زمیندار و تعلقہ دار اور راجہ ہاے ممالک محروسہ اکثر لوگ شہر کے جو فوج دیکھنے جاتے تھے افسران اہل اسلام اپنا راز نہانی حمیت اسلام بیان کرتے تھے کہ ہمین یقین تھا کہ لکھنؤ بے لڑائی ہاتھ نہ آئیگا اور ہم سب وقت کارزار شریک ہوجائینگے کسواسطے کہ لکھنؤ چراغ ہندوستان ہے اسکے بجھنے سے سارے ہندوستان مین اندھیرا ہوجائیگا مگر افسوس ہے کہ بیان سب نے نامردی کی اور املکارون نے بڑی نمکحرامی کی۔

روز دوشنبہ ۴ فروری کو رزیڈنٹ و کپتان ہیز جنرل وبلا صاحب کمان افسر فوج باتفاق بادشاہ کے پاس آئے محبت نامہ نواب گورنر جنرل کا چند بات بہت توضیح سے لکھا ہوا تھا اور تفصیل مقدمات ماضیہ ابتداے سند شینی جنت آرامگاہ سے تا اس عہد دولت تھی اور ہر امر خرابی ملکی مین عدم التفات سرکار اور بعض الفاظ دربار غفلت اور عدم توجہی بادشاہ مندرج تھی جو سراسر خلاف شان و قرب منزلت اولیاے دولت و سلطنت تھی بادشاہ نے اوسے جب پڑھا بے اختیار ایک آہ دل پر درد سے کھینچکر رومی مبارک جناب کبریا کی کرکے فرمایا خداوندا تو شاہد حال ہے کہ میرا بھروسا جنابِ اور جز مسیح ہین نے وسیلۂ انتظام سی میرا گھر مجھے چھنا جاتا ہے مین کبھی گوارا

نہ کرونگا کہ یہ آبروریزی خاندان سلطنت کی میری جہت سے ہو بعد چند دقیقہ کے جب کچھ افاقہ ہوا ریذنٹ نے ازراہ دلجوئی تسکین خاطر مبارک کہا کہ بخدا ہمارا قلب بھی متحمل نہین ہو سکتا کہ آپکو ایسے صدمۂ روحانی مین دیکھین جب نواب گورنر جنرل نے یہ احکام ارشاد فرمائے تھے میرے قلب کا بھی عجب حال ہوا تھا بہرحال یہ راضی نامہ انگریزی و فارسی مضمون واحد کا حاضر ہے برضا و رغبت اوسپر مہر فرمایئے کہ مینے تفویض ممالک محروسہ سرکار کمپنی انگریز بہادر کو کیا اور شاہرہ محوزہ لبطیب خاطر بلا اکراہ قبول کیا بادشاہ نے ارشاد کیا کہ اگر حکم صدر نسبت بدعملی و بے انتظامی اور عدم وصول تحصیل ہے تفویض ملک مضایقہ نہین ورنہ ازراہ جبر و تعدی نہین ہو سکتا اوسکے بعد ریذنٹ نے کہا کہ سات مکان وسیع شاہ منزل مبارک منزل خورشید منزل سکندر باغ بادشاہ باغ قیصر باغ رمنہ کوٹھی دلکشا واسطے سیر و تفریح قبضہ اختیارات مین رہین گے باقی مجموع املاک قدیم و جدید ہمارے اختیار مین رہینگی جنمین عدالت کچہری قایم مقام ہوگا اور بقدر مۂ خون املاک شاہی ہماری تجویز سے ہوگا۔ آج سے تین دن تک آپ کو اختیار ہے بعد اسکے ہمارے احکام جاری ہونگے غرض اس سوال کا جواب شافی دیا صاحب ساکت ہوے اور راضی نامہ جو بواسطہ دستور معظم ملا تھا اوسے دیا بادشاہ نے فرمایا کہ میری مہر درست ہے لیکن جب مین نے برضامندی مہر کی ہو تو پھر میرے انکار کا کیا سبب ہے اور جب آپ خود ہر امر خوبی کو بالمشافہہ کہتے ہین پس ایسے امر عظیم کو مجھسے کیون نہ پوچھا اور یہ مہلت تین دن کی کیا ضرور ہے آپ کو ہر وقت اختیار ہے پھر صاحب نے کہا اگر بموجب ہماری رضامندی کے کیجیے گا ہم وہ امر کرینگے جو باعث مزید مسرت اور سبب استقلال و بقاے سلطنت دوام ہوگا اور اگر ناراضی ہماری منظور ہے شاید قیام لکھنؤ بھی دشوار ہو جاے بلکہ فیض آباد مین سکونت ہو جنابعالیہ نے ارشاد کیا جو خرابی اس گھر کی تمھاری بدولت ہوتی تھی ہو چکی اس سے بدتر اور کیا ہوگا اب قیام اس شہر اور دوسرے کا اور جو چاہو دونون برابر ہین اس سے زیادہ ہماری آبروریزی کیا ہوگی اور جبر صریح اس سے زیادہ کیا ہوگا کہتے ہین کہ شاید جنرل سہار اس کیفیت خاص سے واقف نہ تھے اور نہ جواب سوال زبان اردو سمجھے بظاہر سبب کوفت چہرے سے ظاہر ہوتا تھا بعد اسکے رخصت ہوے جب در دولت پر پہونچے گارد نے دستی سلامی دی

جابجا پہرون کو بے اسلحہ دیکھکر متعجب ہوے مصلح السلطان سے پوچھا عرض کیا بادشاہ نے آمد فوج سے رفع خدشہ صاحبان ملازمین اور رعایاے شہر سے مخالفت ہتھیار باندھنے کی فرمائی ہے اور توپین بھی اسیواسطے چرخ سے گروادی ہین۔

روز پنجشنبہ ۷۔ فروری اول صبح سے ایک ہلاطم عظیم شہر مین برپا ہوا اور کوچہ و بازار مین رعایا منادی وم صور اسرافیل کی منتظر رہی کوتوال شہر بھی کوٹھی رزیڈنسی مین اسی منادی کو حاضر تھا لیکن منادی موقوف رہی رعایاے شہر خاص بازار سے بیلی گارد تک جمع تھی۔

اس عرصہ مین حسب الحکم قضا شیم بادشاہ حسب الطلب رزیڈنٹ پہلے حضور عالم اپنی تجمل سواری سے داخل رزیڈنسی ہوے اور بعد ملاقات صاحب پھر آئے اسکے بعد مہاراجہ بالکرشن شرن الدولہ غلام رضا خان منصف الدولہ سید باقر صاحب عدالت مرزا علی رضا کوتوال شہر میر ناور حسین معتمد روندا اور اہل خدمت مثل نبدہ علیخان دیانت الدولہ احسن الدولہ اعظم علی بیگ طالب علی وغیرہ حاضر ہوے ہر ایک حاضر ہوکر صاحب سے اپنی خدمت کو عرض کرتا تھا چیف کمشنر ہر ایک کو ہر صاحب کے سپرد کرتے تھے باقی درجۂ دوم کے اہلکارونکو حکم ہوا تم ہر ایک کام اپنے تعلق سے ہوشیار رہو خلاف حکم سرکار نہ کرنا وگرنہ نارسا ٹھہروگے۔ بعد اسکے یہ سب رخصت ہوے۔

روز جمعہ کپتان دسٹن صاحب کوتوالی چوترہ چوک مین آتے اجلاس کیا عملۂ کوتوالی نے موافق طریق ہندوستانی نذرین دکھائین ہر ایک کو انصرام واہتمام کار سرکار کی تاکید کی اور بارہ دری نولکھہ حضور عالم واقع چوک مین کچہری مقرر ہوئی اور ایک کمپنی تلنگہ بھی معین ہوئی مرزا علی رضا کوتوال شہر نے بمقتضاے شرافت اور حمیت سپاہ گری اور مدت قدامت نمکخواری سرکار اور انقلاب رنگ زمانہ دیکھکر چاہا کہ اپنے عہدے سے مستوفی ہوجائین لیکن چیف کمشنر نے بکمال قدردانی انکا استعفا قبول نہ کیا بلکہ دوسو روپیہ اضافہ تنخواہ کیے اور شہر کی کثافت دور کرنے کو حکم دیا اور ۲۵ تھانے ۶ کمان افسر شہر مین تھے دو ہزار سپاہی قدیم وجدید تھے حکم دیا صبح شام سپاہی تیار رہا کرین اور ہر صبح و شام رپورٹ ہر تھانہ پر کیا کرین۔

نقل اشتہار سرکار جو ہر تھانہ پر لگایا گیا اوسے بھی بہ ضرورت عبرت الناظرین کے داخل کتاب کیا۔

الاشتہار

اشتہار گورنمنٹ

واسطے ساکنان ملک اودھ بموجب حکم محکم نبدگان نواب مستطاب معلی القاب نواب گورنر جنرل بہادر دام اقبالہ کے جاری ہوا واقع ہفتم فروری ۱۸۵۶ء مطابق ۲۹ جمادی الاول ۱۲۷۲ھ

بموجب اوس عہدنامہ کے جو ۱۸۱۶ء مین موکد ہوا سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر نے حفاظت بقیہ ملک اودھ کے ایسے سررشتۂ بندوبست کے جاری کرنے کی معرفت اپنے اہلکارون کے جلہ معاندان درونی وبیرونی سے اپنے ذمہ قبول کرکے اور والی اودھ خود ذمہ دار ہوا کہ اسکے باعث سے رفاہ خلایق وحفاظت جان ومال ساکنان ملک اودھ کی حاصل ہوئی چنانچہ ذمہ داری اس عہدنامہ کی رو سے سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر کو عاید ہوئی زیادہ پچاس برس کے عرصہ سے تعمیل اوسکی وعدہ وفائی کی ساتھ علی الاتصال کمال ہوتی رہی اگرچہ سرکار دولتمدار درمیان عرصہ مذکور کے جنگ وجدال مین متواتر مصروف رہی تاہم ملک اودھ کی زمین پر کوئی دشمن بیرونی قدم نہ دھرنے پایا اور کسیطرح کا فساد عظیم تحت اودھ کی پایندازی مین خلل انداز نہین ہوا افواج سرکاری ہموارہ شاہ اودھ کے قرب حضور مین حاضرباش رہی اور جب کبھی بہ نسبت اقتدار بادشاہ کے ناحق کسینے دھمکی دکھلائی تو افواج مذکورہ کی اعانت دینے مین ہرگز دریغ نہین ہوا باوجود اس معاہدہ عظیم واستوار عہدنامہ کے جملہ والیان ملک اودھ کیجانب سے بعکس اسکے علی الاتصال بالکلیہ تساہل وتغافل ہوتا چلا آیا اور جو میثاق واسطے اجراے ایسی سررشتہ بندوبست کے ظہور مین آیا کہ وہ بموجب حفاظت جان ومال رعایا وسکناے ملک اودھ ونتیجہ رفاہ کے ہوے تاہم وہ گویا دیدہ ودانستہ بطور اپنے رویہ کے اس سے انحراف کرتے رہے بہ سبب انحراف اس میثاق کے ممکن تھا کہ سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر اسکے کہین پہلے عہدنامہ مذکور کو ناجایز کردیتی - اور بہ نسبت خبرگیری والیان ملک اودھ کے انکار کرتی معذا ناحال سرکار کمپنی انگریز بہادر کو اجرا ایسے امورات کے جو محل اختیار واقتدار ایک دودمان عالیشان کے ہونتا لہذا اونھون نے اپنی رعایا کی نسبت کیسے ہی احکامات خلاف عدل وانصاف کیے ہون مگر ہموارہ نسبت کمپنی انگریز بہادر کے دوستی ووداد پر قایم رہی تاہم کمپنی انگریز بہادر واسطے

بحالی رعایاے ملک اودھ کے اوس تعدی عظیم و پریشانی سے جو عایدُ حال رعایاے علی الاتصال رہی بکمال کوشش متوجہ رہے بہت برس گذرے کہ گورنر جنرل بہادر لارڈ ولیم بنٹنک نے بنظر اسکے کہ جو جد و جہد واسطے بہتری احوال رعایاے ملک اودھ ہمیشہ ظہور مین آیا تھا اسکی مزاحمت فرض ہوئی جب سررشتہ دربار لکھنؤ مین اطلاع دی کہ ضرور تاً تمام و کمال انتظام ممالک محروسۂ اودھ کو باہتمام اہلکاران سرکار کمپنی انگریز بہادر کے داخل کرنا پڑیگا چنانچہ جو کلمات تنبیہ لارڈ ولیم بنٹنک کیجانب سے ظہور مین آئے اسکو ۸ برس کا عرصہ گذرا کہ لارڈ ہیرڈنگ بہادر نے بذات خود اعادہ کیا اس زمانے مین والی ملک اودھ کو بڑے اصرار کے ساتھ سمجھایا گیا کہ آیندہ ایسا ہی واقعہ وقوع مین آوے یہ بات تمام عالم پر روشن ہوگئی کہ بطور دوستانہ بروقت مناسب تنبیہ دا آگہی دی گئی مگر بہ سبب متمردی و نالائقی و یا سہل انگاری وزرا و یا دشاہان اودھ کے مقاصد دوستانہ سرکار کمپنی انگریز بہادر کا رایگان ہوا پچاس برس کے عرصہ سے زیادہ تک جو صلاح بغرض چشم نمائیہای غضبانہ مع تنبیہات و اعتراضات و تہدیدات متواتر و متوالی وقوع مین آئین اونمین سے کوئی بھی اصلا پذیرا نہوئی اور رعایاے ملک اودھ بیچاری مایوس عہدنامہ کی اصل مثیاق پر عمل نہوا شاہ اودھ کے وعدہ کی تعمیل نہوئی یہ سبب نالائقی و خیانت و تعدی ضلایع و بربادی ہوتی ہے فقط ۔

یہ بات تمام ملک مین مشہور ہی کہ شاہ اودھ مثل اکثر والیان پیشین مالک مذکور کے اس ملک کی مہمات کے انتظام مین کماینبغی مداخلت نہین کرتے ہین ۔ تمام ملک اودھ اختیار حکومت عموماً یا مقربان کمین یا اشخاص جابر و خائن کو جو کارگزاری مین نالایق و درجہ اعتبار سے ساقط ہین تفویض ہوتا ہی محصلان مالگزاری اپنے علاقجات مین سرخودی کے ساتھ حکمرانی کرکے رعایا سے بلالحاظ تعہد سابق یا حال کے جبراً کوڑی پیسے تک مواخذہ کرتے ہین اکثر افواج شاہ اودھ بے ضبط و ربط بسبب بداعمالی بخشیان فوج مشاہرہ سے محروم ہین اور اپنی محنت کیواسطے دیہات کو گویا لوٹنے کے مجاز ہین یہان تک کہ جس ملک حفاظت کے واسطے وہی متعین ہین اوسپر وہی جابر اور قاہر ہوتے ہین غول کے غول ڈاکوون کے علاقہ جات کو غارت کرتے ہین آئین و عدل کا نام و نشان نہین ہی ہتھیار بانہ ہکر خانہ جنگی اور خونریزی راتدن رہتی ہی اور کسی جگہ لحظہ بھر بھی حفاظت جان و مال کی مطلق نہین ہی فقط ۔

اب وہ وقت آیا کہ سرکار انگریز بہادر اور زیادہ متحمل ان برائیون اور خرابیون کی نہین ہو سکتی جنکو بہ سبب تعلق کرنے سرکار کے عہدنامۂ مذکور کی رو سے مضبوطی حاصل ہوتی ہے اور سرکار وہ جرگیری والیان ملک اودھ کے جسکے باعث صرف وہ اقتدار کہ منتج خرابیون مذکور کا ہے بحال و برقرار رہین رکھ سکتے پچاس برس کی تحریر سے بخوبی ثابت ہوا کہ عہدنامہ ۱۸۰۱ء منتج رفاہ و خیریت سکنائے اودھ کے نہین ہوا اور یہ بھی واضح ہو کہ حفاظت سکنای ملک اودھ کی اس تعہدی عظیم سے جو کہ مدت سے لاحق ہے کسیصورت سے ممکن الوقوع نہین ہے بجز اسکے کہ انتظام کلی ملک اودھ مستدام سرکار کمپنی انگریز بہادر کو مفوض ہو اس غرض سے حسب الحکم خاص و استرضائے آنریبل کورٹ آف ڈیرکٹرس کے یہ بات ٹھہری کہ عہدنامہ ۱۸۰۱ء مین کہ اس سے ہر ایک والی اودھ کے انحراف و تجاوز کیا ہے آج کی تاریخ سے تمامہ ناجایز و ساقط ہے چنانچہ واجد علی شاہ بادشاہ اودھ کو واسطے انعقاد ایک عہدنامۂ جدید کے نصیحت کیگئی کہ جسکی رو سے دوام و استدام نظم و نسق ملک اودھ کا بلا اشتراک غیر سرکار انگریز بہادر کو تفویض کیا جاوے و مراتب ضروری واسطے بحالی و برقرار رکھنے منزلت و دولت و توقیر شاہ و اقربائے اونکے ظہور مین آوے معہذا شاہ موصوف نے ایسے عہدنامہ دوستانہ کے انعقاد سے انکار کیا۔

ازانجا کہ شاہ اودھ واجد علیشاہ اشال حیلہ والیان پیشین ملک اودھ کے اس شیوۂ استوار عہدنامہ ۱۸۰۱ء کی تعمیل مین سنگریا سہل انگاریا غافل ہوا جسکی رو سے امرا ایسے تبدد کا اپنے ممالک مین کہ موجب رفاہ و خیریت رعایا کے ہو لازم گردانا گیا ازانجا کہ عہدنامہ جب سے یونہین انحراف ہوا ناجایز و ساقط گردانا گیا اور چونکہ شاہ موصوف انعقاد عہدنامہ سے جو بجای عہدنامۂ سابق ملحوظ تھا منکر ہوا اور چونکہ شرائط عہدنامہ سابق جبکہ بحال تھی بہ نسبت مداخلت ہاے ان کمپنی انگریز بہادر ملک اودھ مین نافع ہین اور بدون ایسی مداخلت کے اجرای شرائط بندوبست شایستہ اس ملک مین ممکن نہین ان وجوہات سے تمام عالم کو واضح و ہویدا ہے کہ سرکار کمپنی انگریز بہادر کو سوا ے دو صورت کے اور کوئی چارہ نہین یا تو ملک اودھ کی رعایا کو ترک کرین اور اونکے ہاتھ پاؤن باندھ کے معرض ظلم و تعدی مین والدین جو کہ ظاہرا سرکار کمپنی انگریز بہادر نے یہ نظر شرائط نصیحت عہدنامۂ مذکور مدت تک روا رکھے یا سرکار موصوف اپنے اقتدار عظیم کو بحق اون لوگونکے

نفاذ کرین جنکی رفاہیت کے واسطے پچاس برس کے عرصہ سے دست اندازی کا دعوہ کیا تھا اور تمام وکمال نظم ونسق وبندوبست ممالک اودھ ہمیشہ کیواسطے اپنے اختیار مین کرلیوین - ان دونون صورتون مین سرکار کمپنی انگریز بہادر نے بلا تامل دوسری صورت کو اختیار کیا ہے لہذا اشتہار دیا جاتا ہے کہ آج کے دن سے نظم ونسق ممالک اودھ بلا شرکت غیرے دوام وستدام بقبضہ اختیار کمپنی انگریز بہادر آگیا ہے سب عامل و ناظم وحکمدار وجملہ نوکران دربار اور سب اہلکاران جوانی وملکی دیوانی وفوجی اور سب سپاہیان دربار اور جملہ ساکنان اودھ کو لازم ہے کہ آیندہ کمپنی انگریز بہادر اہلکارون کی اطاعت وفرمانبرداری کلی کرتے رہین اگر کوئی اہلکار دربار یا جاگیردار ویا زمیندار ویا کوئی دوسرا شخص ایسی اطاعت وفرمانبرداری سے اغماض کرے اگر کوئی مالگزاری دینے مین عذر کرے یا اور کوئی طرح سے سرکار کمپنی انگریز بہادر کی حکومت مین تعرض ومزاحمت پہونچا وے تو شخص مذکور مفسد گنا جائیگا اور مقید بھی کیا جائیگا اور جاگیر یا اراضی اوسکی ضبط سرکار کیجائیگی اور اون لوگونکو جو فوراً بلا تذرتا بعداری سرکار کمپنی انگریز بہادر کی قبول کرینگے عامل ہون یا اہالیان دربار یا جاگیردار یا زمیندار یا سکنائے اودھ سبکو وعدہ کیا جاتا ہے کہ وے حفاظت ولحاظ والتفات اہالیان کمپنی انگریز بہادر کے پاوینگے یا پاتے رہینگے تعین تعداد مالگزاری ازروے انصاف وبندوبست واجبی کے عمل مین آویگا وتدریج تائید آبادانی اور آراستگی ملک اودھ کے جد وجہد برابر ہوتی رہیگی ہر کسیکو بلا طرفداری اصول عدل گستری ہوتی رہیگی جان ومال کی حفاظت کیجائیگی اور ہر ایک شخص اپنے حقوق واجبی پر بلا اندیشہ وبلا دست اندازی کسیکے قابض ومتصرف رہیگا فقط

محررہ شب یازدہم جمادی الثانی سنہ ۱۲۷۲ ہجری -

جواب اس اشتہار سرکار کے اہل اخبار کلکتہ وآگرہ - دلی وغیرہ نے انگریزی فارسی اردو مین متواتر چھاپے اور سب کی نظر سے گذر چکے ہین - بس اتنا ہی لکھنا کافی ہے -

امور مملکت خویش خسروان دانند

تفصیل حکام صاحبان عالیشان ممالک محروسۂ اودھ

قسمت اول کمشنر و سپرنٹنڈنٹ خیرآباد و محمدی
دپٹی کمشنر درجۂ اول۔
۱ جی آف کرسین صاحب۔
۲ تھارن ہیل صاحب۔
۳ کپتان مارٹن ارگس صاحب۔
۴۔ کپتان آر صاحب۔
اسسٹنٹ کمشنر۔
۵۔ گون صاحب۔
۶۔ لفٹنٹ بلاک صاحب۔
۷ لارنس صاحب۔
۸۔ ویسٹیٹ صاحب۔
۹۔ نشر صاحب

قسمت دوم لکھنؤ کمشنر و سپرنٹنڈنٹ۔
دپٹی کمشنر۔
۱۔ میجر نیگ صاحب۔
۲۔ سمن صاحب۔
۳۔ امنوٹر صاحب۔
۴۔ پالک صاحب۔
اسسٹنٹ کمشنر۔
۵۔ کیپر صاحب
۶۔ لفٹنٹ بلاک صاحب۔
۷۔ خبگرا صاحب۔
۸۔ لفٹنٹ اندرسن صاحب۔
۹۔ سوائنٹن صاحب۔
۱۰۔ کپتان کارنگی صاحب سیٹی مجسٹریٹ
۱۱۔ کپتان ویسٹن صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس جنگی

قسمت سوم۔ بہرائچ کمشنر و سپرنٹنڈنٹ۔
۱۔ وینگفیلڈ صاحب۔

ڈپٹی کمشنر
۲- فارہس صاحب -
۳- کپتان ہنبری صاحب -
۴- بائیلو صاحب -
اسسٹنٹ کمشنر -
۵- نیبن صاحب -
۶- کیلف صاحب -
۷- لفٹنٹ کلارک صاحب -

قسمت چہارم فیض آباد کمشنر وغیرہ -
ڈپٹی کمشنر -
۱- کرنل گولڈنی صاحب -
۲ ونس صاحب
۳ کپتان الکزندر آر صاحب -
۴- کپتان برڈ صاحب -
۵- لفٹنٹ ریڈ صاحب -
۶- تھامن ل صاحب -
۷- گرانٹ صاحب -
۸- لفٹنٹ باک صاحب -
۹- اسٹرین صاحب -
۱۰- تھارن برن صاحب مہتمم فیض آباد

چیف کمشنر لکھنؤ خاص - میجر جنرل ہیرجیس اوٹرم صاحب بہادر سی بی چیف کمشنر ملک اودھ ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادر افسر کل -
سکرٹری دفتر کچہری نظامت - آرکوپر صاحب -
فینینشل کمشنر دفتر دیوانی - گبنس صاحب -
مصاحبان وغیرہ نخواہداران اہل وتعلق وپنشن سلطانی وغیرہ سکرٹری
کپتان فلیچر ہنبر صاحب -

عدالت فوجداری	آرکیتان ولیئن صاحب -
دواب وتوشخانہ	آر میجر بنگ صاحب -
جوڈیشل کمشنر عدالت دیوانی	ام سی امانی صاحب -

حکمنامہ مُہر کچہری خاص سلطان عالم

باسم مہدی حسن خان بہادر تحصیلدار سلون وغیرہ تعلقداران و مالگزاران و زمینداران افسران فوج وتھانہ داران وصیغہ داران وسایر رعایا قلمرو سرکار ابد اقتدار در نیولاحب کم سرکار کمپنی انگریز بہادر کارگزاران سرکار موصوف برائے انتظام قلمرو اودھ مامور شدہ دخل خود خواہند کرد لہذا باید کہ بیش ہالیان سرکار رجوع آوردہ بہ تعمیل احکام تمشیہ آدے از مالگزاری و اطاعت رعیت گیتی دانند زنہار مرتکب تمرد و انحراف نشوند و ارباب فوج را میباید بنوعی دیگر دنگہ و فساد ننمانند الا ارباب تدارک اہالی آن سرکار را ہرگونہ اختیارست وہنگامی کہ مابدولت واقبال برائے اظہار حال خود وحصول دولت ملازمت بسامی خدمت کیثر الافاضت اریکہ آرائے سلطنت وحشمت رونق بخش سریر شوکت و عظمت نواب مستطاب معلی القاب اشرف الامرا گورنر جنرل بہادر حلد اللہ ملکہ وگذارش حال بحضور ماہر النور جناب فلک قباب ہلال رکاب کیوان بارگاہ خلایق پناہ سلطانیہ عالم دعالمیان ملکہ رفیع الشان انگلستان لازالت شموس سلطنتہا طالعہ وشوارق دولتہا ساطعہ روانہ دار الحکومت کلکتہ وولایت شویم زنہار ارادۂ ہمراہی نسازند - ۲۷ - جمادی الثانی ۱۲۷۳ھ - مطابق سنہ جلوس والا

حکمنامہ مہر خاص سلطان عالم

بنام افسران فوج تعیناتی وگمکی محالات سلون و مانک پور بہاری باید کہ آنہا بکار خود مستعد باشند ونوعی فتنہ وفساد نسازند وکرامی بی انتظامی شدن نباید وتنخواہ آنہا بوجہ احسن از اصول ایام سرکار کمپنی انگریز بہادر عنایت خواہد شد امیدے از مقام جنبش نسازند -

۲۷ - جمادی الاول ۱۲۷۳ھ سنہ ۱۰ جلوس والا

نقل حکمنامہ قطعات اشتہار حسب الحکم جناب مستطاب معلی القاب نواب اشرف الامرا نواب

گورنر جنرل بہادر خلد اللہ ملکہ سورخہ امروزہ نزد ایشان فرستادہ میشود باید کہ مضامین منشور آنرا بگوش اذعان جا دادہ و فہمیدہ زود بر طبق تحریر کار بند شوند و در علاقجات خود ہستند ساختہ کیفیت تعمیل حکم معلی باتشریح زبان ارسال نمایند فقط

حکمنامہ دستخطی چیف کمشنر بہادر

بنام کل افسران فوج ملازم سرکار جناب بادشاہ اودھ

فردا وقت نوافت دہ گھنٹہ روز در خصوص تنخواہ فوج نوکر سرکار بادشاہی جلسہ کمیٹی بکوٹھی لفٹنٹ سمن صاحب بہادر قرار یافتہ لہذا رقمی میگردد کہ ایشان بیشتر از وقت مذکور آنجا حاضر شوند دیا از دھنپت رای بخشی و نہنسی دھر نائب دنوعی مجوز شورس و پرخاش نگردیدہ بہر نوع مطمئن و مستامل بودہ بدانند کہ ہر قدر کہ زر تنخواہ واجبی بعد مجرائے وصول متحقق خواہد شد از سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر خواہند یافت و مردم جان نثار قابل کار بحال قدیم المنان کہ چہل و پنجاہ سال چاکری بودہ باشند بہ عطای پنشن سرفراز خواہند شد فقط ۱۲- فروری ۱۸۵۶ء

نقل بندبست تحصیل علاقجات گذارندہ مہاراجہ بالکرشن بحضور چیف کمشنر بہادر

نمبر	مقام چکلہ	نام پرگنہ	جمع
۱	باڑی لبوان	۱۱	دولک للوس ہزار عدد
۲	سندیلہ بابگرئو	۱۰	سولک عدد ہزار عدد
۳	شاہ آباد	۰	للوس ہزار عدد
۴	محمدی	۱۲	دولاکھ عدد لاکھ عدد
۵	خیرآباد	۲۲	سے لک ہزار عدد
۶	مرون برکوان	۰	للوس ہزار عدد
۷	رام پور کلان	۰	للوس ہزار عدد
۸	محمود آباد	۰	لک عدد ہزار عدد

نمبر	نام چکلہ	نام پرگنہ	جمع
۹	دیوپلیہ	.	۔۔۔
۱۰	سانڈی پالی	.	۔۔۔
۱۱	بھرواوغیرہ	.	۔۔۔
۱۲	دوہرہرہ	.	۔۔۔
۱۳	سری نگرویل	.	۔۔۔
۱۴	کرواکھیڑا	.	۔۔۔
۱۵	نرپت سنگھ	.	۔۔۔
۱۶	کچھورہ	.	۔۔۔
۱۷	للوری	.	۔۔۔
۱۸	علی مراتب گڈھ	.	۔۔۔
۱۹	بھوانی پرشاد	.	۔۔۔
۲۰	امیرعلی دری سہا	.	۔۔۔
۲۱	پورنچند بدوہہ	.	۔۔۔
۲۲	کھیری گڑھ کنچن پور	.	۔۔۔
۲۳	مترعیہ	.	۔۔۔
۲۴	رسول پور	.	۔۔۔
۲۵	بودھی وغیرہ	.	۔۔۔
۲۶	شاہ پور	.	۔۔۔
۲۷	متولی	.	۔۔۔
۲۸	محمد پور بیکرہا	.	۔۔۔
۲۹	الگاوان	.	۔۔۔

نمبر	نام چکلہ	نام پرگنہ	جمع
۳۰	ماتادین سائر محمدی	۰	۰۰۰
۳۱	راجہ پارہ	۰	۰۰۰
۳۲	پیراسن	۰	۰۰۰
۳۳	بانگرنگرام وغیرہ	۰	۰۰۰
۳۴	اتو پردا	۰	۰۰۰
۳۵	نصف سری نگر	۰	۰۰۰

قسمت دوم شہر لکھنؤ خاص

۱	حیدر گڈھ	۷	۰۰۰
۲	سیدھور	۳	۰۰۰
۳	ہڈیہ بردا	۷	۰۰۰
۴	دیا بادر دولی	۱۰	۰۰۰
۵	دیوا وغیرہ	۵	۰۰۰
۶	بدوسرا	۱	۰۰۰
۷	رسول آباد	۲	۰۰۰
۸	دیہات لکھنؤ	۰	۰۰۰
۹	گورسہای گنج	۳	۰۰۰
۱۰	برول باغ وغیرہ	۰	۰۰۰
۱۱	رام نگر دھمنڈھی	۰	۰۰۰
۱۲	سلیم پور عرف منصور علی	۰	۰۰۰
۱۳	ہردوئی	۳۰	۰۰۰

نمبر	نام چکلہ	پرگنہ	جمع
۱۴	صفی پور وغیرہ	۴	دو لک [illegible]
۱۵	ڈونڈیہ کیڑا	۶	لک [illegible]
۱۶	[illegible]	۰	[illegible]
۱۷	بھوجپور مرادمٹو	۰	[illegible]
۱۸	فتحپور چوراسی	۰	[illegible]
۱۹	باہوکوریا	۰	[illegible]
۲۰	فتحپور حسوہ	۰	[illegible]
۲۱	سمبر بہار	۰	[illegible]
۲۲	جگدیش پور	۰	[illegible]
۲۳	سینڈی	۰	[illegible]
۲۴	سمری	۰	[illegible]
۲۵	تولی	۰	[illegible]
۲۶	بنی بلیہ	۰	[illegible]
۲۷	ادیبا	۰	[illegible]
۲۸	محی الدین پور	۰	[illegible]
۲۹	جملی	۰	[illegible]
۳۰	تتری	۰	[illegible]
۳۱	بکس	۰	[illegible]

قسمت بہرائچ مقام صدر

۱	گوندہ بہرائچ	۰	[illegible]
۲	بہرائچ	۰	[illegible]

نمبر	نام چکلہ	پرگنہ	جمع
۳	املیا	۰	اما لوعہ
۴	بونڈی	۰	صلعہ ۔ للوعہ
۵	دہترپور	۰	حارلہ
۶	تلسی پور	۰	لاعہ
۷	پرسن پور	۰	مدعہ ۔ لاعہ
۸	حام پور	۰	صللعہ ۔ عہ
۹	دہنا لوان	۰	عہ ۔ سار للعہ
۱۰	ایکونہ	۰	لک عہ ۔ سا للوعہ
۱۱	کرنل گنج	۰	عہ ۔ حارلہ
۱۲	اٹا	۰	عہ ۔ لاعہ
۱۳	خالصہ بہرائچ	۰	عہ ۔ سار معہ
۱۴	فخرپور خرپور	۰	مدعہ ۔ امار
۱۵	سائر وغیرہ	۰	مدعہ ۔ سار للوعہ
۱۶	بہور گنج	۰	لعہ ۔ لما عہ
۱۷	کوسراکس	۰	لک عہ للعہ ۔ لارلہ
۱۸	سکھا چند	۰	دولک عہ ۔ سا للوعہ
۱۹	جنگل	۰	سا للعہ
	قسمت چہارم فیض آباد		جمع مرعہ لک مدعہ ۔ سار مدعہ
۱	دلمؤ بریلے	۶	دولک عہ للعہ ۔ مدعہ
۲	سلون	۱۱	سے رلک لعہ ۔ سا مدعہ
۳	سلطان پور	۲۳	عہ لک لعہ ۔ سار

نمبر	نام چکلہ	پرگنہ	جمع
۴	جیامئو	۰	الف ۔ ۔ ۔
۵	سون	۰	۔ ۔ ۔ ۔
۶	کوگیئن	۰	۔ ۔ ۔
۷	سائر فیض آباد	۰	۔ ۔ ۔ ۔
۸	شاہ مئو	۰	۔ ۔ ۔ ۔
۹	خاص پور باندہ	۰	۔ ۔ ۔ ۔
۱۰	سمرتہ پور	۰	۔ ۔ ۔ ۔
۱۱	کھتولی	۰	۔ ۔ ۔
۱۲	چندوکی	۰	۔ ۔ ۔
۱۳	دوست پور	۰	۔ ۔ ۔
۱۴	مامالپور سنیا	۰	۔ ۔ ۔ ۔
۱۵	بودی بنکر	۰	۔ ۔ ۔ ۔
۱۶	دلولی	۰	۔ ۔ ۔
۱۷	جمالپور	۰	۔ ۔ ۔
۱۸	تھویرخورا	۰	۔ ۔ ۔ ۔
۱۹	جائ مئو	۰	۔ ۔ ۔ ۔
۲۰	بی اکرام اشرف	۰	۔ ۔ ۔

اکثر واقفکار سرکار بلکہ وہ لوگ جو دفتر دیوانی واصلباقی سے واقف ہین اس جمع محاصل ممالک محروسہ پر معترض ہین یعنی آخر زمان نیابت نواب امین الدولہ تک ایک کرور ۲۲ لاکھ زر نقد داخل خزانہ ہوا اور محاصل وزیر دیوان وعملہ دفتر دیوانی اور کچہری وزارت کے حقوق بذاتہ اسکے سوا تھے اور چکلہ دارونکا محاصل اور راہ تعلقدارونکی نکاسی اونکے اخراجات سے ظاہر تھی

۱۰ لوگ اب کہتے ہیں کہ محاصل ممالک محروسہ ایک کروڑ ۳۲ لاکھ خرچ ایک کروڑ ۶۲ لاکھ یہ حساب کچھ سمجھ میں نہیں آتا

اشتہار

محکمۂ چیف کمشنر بہادر ملک اودھ ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادر واقع ۲۳ فروری ۱۸۵۶ء مطابق ۱۶ جمادی الثانی ۱۲۷۲ھ

اکثر اشخاص باشندۂ بیت السلطنت لکھنؤ قطعات اراضی و باغات و گنج و اماکنہ و تنخواہ وغیرہ عملیات واقع این شہر سوائے جائداد متعلقہ ہر دو نجات بصیغہ معافی از سرکار جناب بادشاہ اودھ یافتہ اند ظاہرا اسناد سیر و ملک پیش خود داشتہ باشند لہذا اشتہار زادہ میشود کہ جملہ معافیداران اسناد مذکورہ اندرون سیاد یکماہ شہر تاریخ امروزہ بنا بر ملاحظہ اینجانب حاضر سازند و بعد انقضاء مدت مذکورہ اگر کسے سند پیش خواہد آورد دعوی او قابل سماعت و پذیرائی نخواہد بود فقط۔

تفصیل مدات بست گانہ کہ از حضور نواب گورنر جنرل بہادر برای تعمیل چیف کمشنر بہادر حکم دادہ شد

۱۔ برائے مصارف بادشاہ پانزدہ لک روپیہ مقرر شود

۲۔ بر تفویض نامہ از بادشاہ مہر کنانیدہ شود

۳۔ اگر بادشاہ نکند کیفیت عرضدارند از اینجا حکم آن بعمل خواہد آمد

۴۔ بادشاہ در عرصہ دو ماہ اسباب خود برداشتہ خواہند برد

۵۔ بادشاہ در لکھنؤ و شاہجہان آباد نمانند

۶۔ اگر قرب گوالیار خواہند بمانند بعد کمیٹی حکم دہد۔

۷۔ در جائیکہ کلکٹری باشد برائے بادشاہ اختیار است

۸ جملہ اضراب بادشاہ متفرق گردد

۹۔ جملہ اہلکاران شاہی رخصت شوند انچہ مبالغ وصول شود تنخواہ سپاہ دادہ شود

۱۰۔ دادن تنخواہ عملہ تعلق بادشاہ است با سرکار سروکار نیست

۱۱- تا دو سال نبرد بست جرنیلی نماند-
۱۲- بعد دو سال نام زمینداران مندرج کتاب شود-
۱۳- انچہ مبالغ از عملہ وصول گردد تنخواہ سپاہ دادہ شود-
۱۴ جملہ عزیزان واقربایان بادشاہ خارج الوطن شوند-
۱۵ از بادشاہ ولاٹ صاحب ملاقات تخلیہ نشود دربار عام گردد-
۱۶ زر از زمینداران واسامیان وصول کنند-
۱۷ ضامنی جملہ داران گرفتہ آید-
۱۸ اگر از جملہ داران زر وصول نشود جائداد جملہ دار نیلام گردد-
۱۹ نانکار و سیر زمینداران حمایہ ضبط کنند-
۲۰- ہر انتظام کہ شود رفتہ رفتہ شود تا بلوہ نگردد-

ان احکام کا کچھ انجام کار معلوم نہوا-

(ترجمہ چٹھی صاحب چیف کمشنر بنارس بر سبیل تاریخ)

بادشاہ اودھ واسطے استغاثہ کے اور امداد چٹھی پاہداری ورسد وغیرہ کے درخواست سرکار کمپنی انگریز بہادر سے چاہتے ہین اس باب مین جو ارشاد ہو-

(جواب صاحبان کلکتہ)

شاہ اودھ کی خاطرداری اور تکریم ہم سب کو بجان ودل منظور ہے اسواسطے چٹھی سر رشتہ گورنر جنرل بہادر بنام جمیع صاحبان ومحصران کلکٹران عملداری کمپنی بہادر کے جاری کیگئی کہ جب بادشاہ اودھ باضابطہ اور باقاعدہ آئین کمپنی انگریز بہادر عملداری کمپنی بہادر مین قدم رکھین تو ہر ایک مجسٹر اپنے عمل مین پیشوائی کرے اور دہان کی چھاونی مین

۲۱- ضرب توپ سلامی سر ہون اور دہان جو کوٹھی سب سے بہتر ہو شاہ اودھ کی استقامت کو مقرر ہوا اسیطرح جب کلکتہ کے قریب پہونچین گے تو گورنر جنرل بہادر مع جمیع صاحبان عالیشان کے پانچ کوس سے پیشوائی کرکے لاوینگے ۲۱ ضرب سلامی کلکتہ خاص قلعہ شاہی مین مرہونگی پس شاہ اودھ کو آگاہ کرکے مع جلوس شاہی بشریف لائین ہم سب کی خوشی ہے اسکا نتیجہ بخی ظاہر ہوا یعنی کہین نہ توپ چلی نہ پیشوائی

اتفاق رای جمہور واسطے سفر کلکتہ ولندن اور اوسکی تدبیر وتجویز

غرض رائے باصواب جمہور یہ ٹھہری کہ اس صورت مین کوئی چارہ نہین بجز اسکے کہ بادشاہ مع لواحقان ومتعلقان خاص اور تھوڑے سے ضروری شاگرد پیشہ اور اہل خدمت سے روانہ کلکتہ ہون پہلے ازراہ اتمام حجت الماجال نواب گورنر خبرل بہادر سے فرمائین جب وہ بھی نسنین اور اپنے حکم حاکم سے مجبور ہون اوسوقت مع الخیر راہی لندن ہونا بہتر ہے ممکن نہین کہ نقش مدعا کرسی مراد سے حاصل ہو سوا سطے کہ صاحبان کورٹ آف دائرکٹرس اور وزرائے سلطنت کمال انصاف سے پیش آئینگے استرداد وعطیہ اونکے جود وہمت ونیکنامی دنیا سے کچھ دور نہین اور ازرہ جبر صریح راضی نامہ پر مہر کرنا صلاح دولت نہین بشرط استقلال اگر قیام رہے پس خیر خواہان دولت مذکور وانات موافق اپنے حوصلہ فہم وفراست کے متلاشی اون لوگون کے ہوے جو سررشتہ مقدمات دستور العمل انگریزی سے واقف وماہر ونیکنامی رہے ہون اسی وسیلے سے ہمارا رسوخ اور فایدہ بھی سرکار سے حاصل ہو چنانچہ دو چار اشخاص اسکے بیان کیے جاتے ہین۔

حضور عالم نے پہلے حاضر الوقت تاج الدین حسین خان اور احسان حسین خان کو تجویز کیا جو کئی مہینے پیشتر سے مہمان لکھنؤ اور مورد عنایات اور محل اعتماد اونکے تھے احسان حسین خان آداب ملازمت ہوے بادشاہ نے محبت نامہ غیر الیتام اونکو سنایا اور ارادہ سمین جو درج خاطر مبارک مین تھے وہ بھی ارشاد کیے۔ خان نے ادب سے تسلیم کیے اور بعض مقدمات جو قابل گذارش تھے مشروحاً عرض کیے اس عرصہ مین حکیم ابو الحسن بڑے مشاہیر اور نامور ان نمکخوار حضور عالم کے نزدیک معتمد تھے وہ بھی سرحیدان ہو کر ڈاک مین کلکتے گئے بہت سے کاغذ کے گھوڑے دوڑائے جب کہین قدم نہ ٹھہرا ناکام پھر آئے مرشد آبا کی سرکار مین محیط رہے وہین مرحوم ہوئے

بعد اسکے مولوی غلام جیلانی مشاہیر وکلاے عدالت آگرہ وغیرہ جنکو صاحب سکریٹر اعظم سے کچھ تعارف سابق تھا اور حاشیہ مناسب پر مقرر ہو کر کلکتہ گئے بروقت ملازمت صاحب سکریٹر سے عرض کیا مین سفیر شاہ اودھ ہون بجز سننے اس بات کے صاحب نے برجر جواب دیا کہ تم بے اطلاع ہمارے پاس خلاف سررشتہ چلے آئے ہمنے تمھین بخیال تعارف سابق بلا لیا تھا جلد میرے پاس سے چلے

چلے جاؤ چنانچہ صاحب سکریٹر نے جنرل اوٹرم صاحب کو لکھا کہ غلام جیلانی نے ہمسے بہ فریب ملاقات کی غرض وہ بھی مایوس وہ ناکام رہ گئے پھر سرکار شاہی سے دعوی تنخواہ کیا

مولوی سیح الدین خان سیر منشی مغول نواب گورنر جنرل کو یہ سبب روابط قدیم مرزا دعمی علیخان کو حضور عالم نے طلب کیا سات سو کا درماہہ مقرر کیا دو ماہہ پیشگی خرچ ڈاک دیگر روانہ کلکتہ کیا اور دو ہزار روپئے واسطے ضرورت کے بھی ملے اسواسطے کہ تم کوٹھی کرایہ قابل گنجایش لشکر و متعلقان شاہی جاکر لو اور رحال کرایہ جہاز لندن دریافت کرو اور جو حسن رسائی تدبیر سے مناسب حال ہو اطلاع کرد کسواسطے کہ نسبت اور اشخاص کے دستور العمل سے وہان کے واقف ہو اور سابق مین عہدہ جلیلہ پر مامور رہے منشی جب کلکتے پہونچے اپنے دوستان قدیم اور محرم راز سے اظہار حال کیا با تفاق سب کی تجویز ہوئی کہ تمہارا باخفا کلکتہ مین رہنا مناسب نہین پہلے سرہم کونسل مین اپنی اطلاع کرد چنانچہ منشی نے پریوٹ سکریٹری کو چٹھی اپنے حال کی لکھکر بھیجی پھر اونکی ملاقات کو گئے صاحبان کونسل نے اونکے جواب چٹھی مین شامل کیا اور خبرل اوٹرم صاحب کو لکھا اور وہ تحریر نواب گورنر جنرل بہ بطریق اعلام بادشاہ کو بھی حاصل مضمون یہ تھا کہ تشریف آوری شاہ اودھ سمت کلکتہ محض معارضہ اور مطالب مطلوبہ کے واسطے ہے اور جیسا کہ چاہیے عمل مین نہ آوے اور بعض وجوہات سے غالب ہے کہ ملاقات بھی نہو اور بادشاہ کے ساتھ پانسو آدمی سے زیادہ نہون کسواسطے کہ کثرت ملازمین سے احتمال تکلیف ملازمان عالی ہوگا بعد ملاحظہ اس تحریر کے بادشاہ نے کچھ ارشاد نہ کیا کسواسطے کہ کوئی مخاطب نہ تھا۔

منشی نے جب اپنی جواب چٹھی مین تعویق دیکھی پھر درخواست فارسی مین صاحبان کونسل سے کی اوسمین بعض امور جو خلاف دستور چیف کمشنر سے ہوے تھے وہ بھی مندرج کیے تھے اور بجوٹہ کوٹھی کرایہ اور رحال جہاز دخانی کا ارسال دربار شاہی کیا

لور صاحب کمشنر الہ آباد روانہ ولایت ہوے انکے ساتھ مظفر حسینخان کبنوہ اپنا آقا اور محسن حقیقی سمجھکر بندر بمبئی تک گئے اونکا بنگلہ الہ آباد مین حضور عالم نے مغرفت خان مذکور بہ عنایت مول لیا تھا اس خیال سے کہ شاید ولایت مین انسے بھی کوئی صورت نکلے مثل اسکے کہ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہوتا ہے مظفر حسین خان وہان سے رخصت ہوکر چلے ایک نصیحت کی کہ خیر دارہم بادشاہ کی نوکر ہوچکے

خیال نہ کرنا ورنہ خراب ہوگے یہ کب سنتے تھے بدل متمنی ملازمی شاہی کے رہتے تھے ہرچند صاحب نے کئی چٹھیان سفارش اوجین وغیرہ لکھکر دی تھین اور وہان روزگار بھی ہوتا تھا مگر انکو آب وخورش نے مجبور کیا پھر انکا ارادہ کربلا جانے کا بھی تھا کہ بمبئی سے بہت آسان ہے وہان بھی نہ گئے موقوف رکھا خلاصہ حضور عالم نے مامور متوسط ور با صاحب سکرٹر اعظم کیا چند صحبت مین بعض انکے جواب گستاخی سے ناراض ہوے بادشاہ تو پہلے سے انسے کہتے تھے لودر صاحب کی نصیحت ظاہر ہوئی۔

وزیر خان خانہ زاد باوفا حضور عالم دار وغہ دیوانخانۂ وزارت عمل انگریزی سے خلیف ہوکر مبادا اسیطرح کی تالش رعایا شہر مین گرفتار ہوجاؤن تو مفت مین ذلت لاعلاج حاصل ہوگی حسب الحکم دستور معظم اپنا معتمد جان کر مع مبر عنایت اپنے رفیق کے روانہ کلکتہ کیا واکے مین گئے وہان کے جلاسازون سے بچ سکے کسی علت مین دھر لیے گئے سمجھے کہ لکھنؤ سے زیادہ مفت مین بدنامی حاصل ہوگی۔ پانچہزار روپے نذر سپریم کورٹ کے غرت بچائی چندروز شہر کو دیکھکر پھر آئے انکی لیاقت سب سے زیادہ تھی مگر اہل کلکتہ کا کچھ بھلا ہوگیا۔

مولوی خلیل الدین خان کئی برس سے معطل اپنے قصبہ کاکوری مین خانہ نشین تھے بفقط سو روپیہ پنشن سرکار سے پاتے تھے حسب الطلب بادشاہ حاضر حضور ہوے ساری حقیقت حال ارشاد فرماتی اور رہس منزل مین اپنے قرب رہنے کو حکم ہوا

احمد علی خان وکیل عدالت کانپور بواسطۂ احباب خود اور مقربان دربار حاضر حضور عالم ہوے اور ہزار روپیہ خیرات کو ملے اونھون نے اپنی تجویز سے منجز صاحب تاجر مرزاپور کو چاہا کہ عہدہ جلیلہ سفارت پر مامور کرین بعض دانشمندون نے عرض کیا کہ پہلے ایسے شخص غیر کا امتحان کیا جاے کہ وہ بعد دریافت حقیقت حال کے کس طریق سے اور کیونکر جوابدہی مقدمات شاہی کی پیش کرینگے بعد امتحان کے کیا مضایقہ کار پرداز ان سرکار نے اونکا دوہزار روپیہ درماہہ مع اپنے حقوق کے تجویز کیا اور راہی کانپور ہوے اونھون نے جنرل اوبرم صاحب سے اپنی حقیقت حال اور بعض امور جو خلاف سررشتہ سرزد ہوی تھی بیان کیے صاحب نے اونکے سوالات پر کچھ اعتناع نہ کی اور دوستانہ عہدۂ سفارت سے منع کیا ایک ڈاکٹر کانپور بھی انکے شریک حال ہوی تھی منجز صاحب نے ازراہ تجارت چاہا

کہ وارثان پیشوائے بھوپور کے بھی وکیل ہوجاوین پانسو رہا ہہ وہان سے مقرر ہوا ارکان دولت جب کانپور پہونچے حال ایک بام دو ہوا کا معلوم ہوا میان کی سفارت کو برہم کیا احمد علیخان جو صاحب عدالت کانپور سے برخصت آتے تھے حضور عالم نے چاہا کہ اونھین تمن سو روپیہ ماہانہ پر نوکر رکھین کہ وہ اپنے عہدہ قدیم سے ہاتھ اوٹھائین لیکن رنگ ابلکا رونگا دیکھکر اور بعض بزرگان وطن کے سمجھانے سے سمجھانے سے اپنے کانسہ قدیم پر قناعت کرکے چلے گئے سرکار شاہی کی بیرنگی دیکھکر قبول نہ کیا۔

ایک دن جنرل اوٹرم صاحب نے نواب امین الدولہ سے فرمایا کہ آخر بادشاہ نے تمھارا کہنا سمجھانا بھی نمانا انجام کار دیکھا اب تم پھر جاؤ اونھین بخوبی سمجھاؤ کہ بہر صورت راضی نامہ پر مہر کرنے مین سراسر اونکی موجب بہتری کا ہی اوسکے خلاف مین بہت سی قباحتین عاید حال ہوگی غرض طرفہ ماجرا یہ ہے کہ جب ایسے رکن رکین اعظم سے جنرل صاحب ازراہ اتمام حجت ارشاد فرماتے تھے سب اپنی خوف آبرو سے بہت خوب وبجا کہکر چلے آتے تھے کسیکی مجال اور طاقت نہ تھی کہ جواب شافی اونھین دیسکتا اور جب بادشاہ کے سامنے جاتے تھے سب بھول جاتے کہ مبادا تمک حرامون مین شمول ہوجائین کسیکو کچھ بن نہ پڑتا تھا ازین سوا رندہ وزان سو ازندہ ہوتے تھے خلاصہ نواب موصوف چار وناچار حاضر حضور بادشاہ وجنرل صاحب وجنابقاسم ہوکر ادائے تبلیغ رسالت کی لیکن بہ سبب تسلط اغیار کچھہ مفید مطلب نہوا بلکہ سبھون نے یہی خیال کیا کہ تیخم انھین کے بوئے ہوے ہین ہمکا بروز اب ہوا

اس عرصہ مین نواب امین الدولہ پر مادہ غالب گرانی عذر آسمانی باعث انکی عافیت کا ہمیشہ اپنے واسطے بہت متردد رہتے تھے کہ اگر اسوقت خاص مین بادشاہ کا شریک حال نہوگا سو ردطعن وتشنیع خاص وعام ہوگا چاہیے کہ مین نواب منور الدولہ سے بڑھکر کچھہ اپنے حق نمک وقدامت سے ادا ہون تو موجب سرخروئی ہوگا اودھر خوف خبر صاحب کی ناراضی کا لاحق حال تھا چنانچہ اپنی علالت مین اکثر فکر خدا کرتے تھے کہ مجھے یہی حیا یہ عارضہ لاحقہ باعث بیری عافیت کا ہوا کئی مہینے مکان علالت مین رہے آخر انتقال کیا اس اجل نے اونکی عزت رکھلی

اکبر دن خاقان عالیہ نے نواب سعید الدولہ سید عنایت علیخان کو بھی طلب فرمایا اس ہنگام مین

استشارہ چاہا انھوں نے بھی کچھ گول گول عرض کر کے جان بچا کر چلے آئے تماشا یہ ہے کہ سبکو خوف سرکار ین تھا کیونکر ایک سرکار مین مشروحاً عرض کرتے کہ اپنے عہد دولت مین وہ کیا جسکا انجام یہ دیکھا یا دوسری سرکار مین عرض کرتے کہ اگر بے انتظامی آپ کے نزدیک ثابت ہے انتظام جسطرح چاہیے کہ دیجئے یہ صورت گو گھر چھینے کی ہے نہ کہیے یہ کیا مجال تھی کہ سکتے آخر ہیجڑ کینگی سی مجبوریٔ کا حال سبھون نے اودھر گھر کو لوٹ کر لاتے تھے ادھر سبکو جمع کر کے پوچھتے تھے تم سب سے راضی ہوا سکا کیا جواب ہے سوائے حکومت کے

نواب اکرام الدولہ مرزا حسین خان عم نامدار نواب محمدرہ عظمے انے حسب دستور معظم اپنے برادر بسبنی کا یہ حال دیکھا کہ سب کے نزدیک بدنام و انگشت نما ہوے انجام کار سمجھکر بظاہر گانگ و یک جہتی سے ہاتھا دھا لب بشکوہ آشنا کیے اور ان مقدمات سے بری ہو کر شریک شوری خاص نواب مخدرہ عظمی ہوے اونکے نزدیک بھی انکی کنارہ کشی باعث وثوق اعتماد ہوئی اس جہت سے وہ بانی مبانی پیش کرنے نواب منور الدولہ کے ہوے نواب موصوف ازسکہ اپنی دیانت و امانت و نمک حلالی سرکار پر نازان تھے مردانہ وار کمر ہمت باندھ کار فرمائی سلطنت کو بہتر سمجھے اپنی اور قدامت اور خیر خواہی سرکار قدیم کو مقدم سمجھے کہ ہمین دوسری سرکارین وثوق اسی اپنی سرکار کی جہت سے ہوا ہے اگر یہ منزلت اپنی سرکار سے نرکھتے دوسری سرکار کیونکر جانتے اسی جہت سے جنرل اوٹرم صاحب کو انکا یکسو ہونا ناگوار گذرا مگر کھل کر انھین سمجھا نہ سکے۔

ہیجر برڈ صاحب جو جنرل سلیمن صاحب سے بد دماغ ہو کر راجپوتانہ مین گئے تھے وہان سے کسیب برخصت گئے پھر کلکتہ سے کانپور کانپور سے لکھنؤ گھوڑ دوڑ کے واسطے آئے خواجہ سرایان شاہی سے بڑا تعارف تھا بیگم الدولہ کے واسطے سے باخفا بادشاہ تک پہونچے اور بشرط شروط سفارت بادشاہ قبول کی اور اپنے عہدۂ سرکار سے مستعفی ہوے فی الحقیقت اگر چشم انصاف سے دیکھے تو اس صاحب جلیل القدر نے بمقتضای اپنی شرافت و منفعت دینا جو اپنی حکومت مین بہر طریق حاصل کی تھی عجیب کارنمایان کیا اگرچہ دولت مین اپنی اسٹیٹ زمینداری وغیرہ سے منقطع تھے اور بدنامی اپنی سرکار قدیم کا خیال نکیا مگر اس سرکار عالیشان نے انکی بھی قدر کچھ نہ جانی جیسا بیان کیا جائے گا۔

غرض جب یہ تدبیرین ہوچکین رائے عالم آرای باشاہ مین عزم بالجزم سفر وسیلہ الظفر اختیار کیا ہرچند جرنیلان و خزبان سلطنت نے ہرطرح سے اسکا انسداد چاہا جوڑ توڑ شروع کیے - ازانجملہ شرف الدولہ محمد ابراہیم خان کی برآمد جنرل اوٹرم صاحب سے کی کہ بین ازراہ دولتخواہی سرکار سب طرح کے نشیب و فراز سمجھا کر بادشاہ کو مہر راضی نامہ پر راضی کیا مگر آپکے خیرخواہون نے اوسے برہم کردیا جب صاحب نے شکایت خان موصوف سے عرض کی مجھپر افترا ہے مین بے اجازت آپ کے کب بادشاہ کے پاس گیا تھا اور نہ کسی امر مین متمنی تھا جب سے خان مذکور نے بظاہر آمد و رفت شاہی موقوف کی ایسے افترا بے فروغ سے مگر علی اصغر خان و منشی کرم احمد حاضر رہے نواب مخدورہ عظمی نے پانچ ہزار روپے خرچ سفر عنایت فرمائے کلکتہ تک ہمراہ سفر رہے -

الغرض جسدن سے یہ فتنہ و فساد برپا ہوا تھا جناب عالیہ نواب مخدورہ جنرل صاحب مثل نبات النعش محیط دائرہ ذات سلطانی رہتے تھے اور عورات پہرے کو تاکید تھی کہ کوئی شخص غیر بے ہماری اجازت نہ آنے پائے مبادا کسی فریب سے اپنا کام کرجاے اور حضور عالم بھی اپنے مقام خاص سے باہر نہ نکلتے تھے بعد دو دن کے بیگم صاحبہ یعنی بی بی حضور پردہ عصمت کے شرفیاب بادشاہ ہوئین اور بکمال الحاح وزاری سے عدم حضوری حضور عالم عرض کی حضور عالم باجازت حاضر ہوی اور پھر کلمات خیرخواہی و دوراندیشی مہر خاص مین بیان کیے اوسدن سے حکم ہوا کہ تم بھی داخل شوراے خاص ہوا کرو

دو تین دن کے بعد حضور عالم نے بسبب تہدید جنرل اوٹرم عرض کی کہ اب غلام کی عزت و جان مفت برباد ہو جائیگی اگر حضرت مہر نہ فرمائینگے وگرنہ یہ تو اولی اور میرا سا حاضری پہرے والی نے جب تو اولی کو دیکھا چلائی کہ نواب نے اپنا کام تمام کیا یہ مجرد سننے آواز کے دفتہ صاحبات محل چلی آئین اور بنسبت حضور عالم زبان کلمات بے ادبی سب نے کھولی - جناب عالیہ جنرل صاحب مضطربانہ تشریف لائے بادشاہ نے رحمدلی سے صاحبات محل کو کلمات سخت سے منع فرمایا آخر ع رسیدہ بود بلاے ولے بخیر گذشت -

ایکدن جنرل صاحب نے خلوت مین سفر کے باب مین بادشاہ سے عرض کیا کہ یہ بی آبروئی

سلطنت آبای کرام جو نمکحرام اور ناعاقبت اندیشون کے ہاتھہ سے ہو رہی ہے اب نظر خلائق مین ہم خود اپنے تئین سبک و حقیر سمجھتے ہین بنجداز زندگی اپنی بہت ناگوار ہے اب کوئی صورت عافیت اپنے واسطے نہین سوا اسکے کہ ان رعایا امانت خدا سے چشم بستہ ہو کر عتبات عالیات جاکر مجاورت اختیار کرین آئندہ آپ کو اختیار ہے ارشاد کیا کہ بجد امین بھی مجبور ہون اور خلائق ہون کیصورت سے مہر نہ کرونگا اور سفر سے بھی ہاتھہ نہ اوٹھاؤنگا بہرحال تم خاطر جمع رکھو مین نے تمھین اور جناب عالیہ کو اختیار کلی دیا ہے ۔

اسکے بعد مفتاح الدولہ سے ارشاد کیا کہ تم فقط میرے ساختہ پرداختہ ہو تمھارے حقوق نمک خواری آبائی کا یہ ہے کہ اگر مین بھی کسی طریق سے اغوائے مفسدین سے مہر طلب کرون تو نہ دینا عرض کی جب تک غلام مین دم مین ہے خلاف حکم محکم نہ کرونگا اور مہر غلام کے بھی قبضۂ اختیار سے باہر ہے وہ سپرد جناب عالیہ وجرنل صاحب ہے اگر احیاناً ارشاد بھی ہوگا غیر از نوشتہ سند چار صاحبون کے حاضر نہ کرونگا چنانچہ اوسیوقت مہر خاص صندوق مین رکھی گئی اوسپر مہر جنرل صاحب مرزا ولیعہد کی ہوئی ۔

ایک پرچہ پیام چیف کمشنر کو عزم سفر کلکتہ اور اطلاع نواب گورنر جنرل اور حفاظت راہ اور رسد رسانی بھیجا گیا اوسکا جواب آیا کہ نیازمند نے نواب محتشم الیہ کو اس باب خاص مین رپورٹ کیا ہے لیکن مشروط ارقام ہو کہ املکا روں سے کون کون ہمراہ رکاب ہوگا اور جمعیت لشکر کسقدر ہوگی بعد ہفتہ عشرہ دوسرا پرچہ پیام اسی مضمون کا آیا اسکا جواب یہ بھیجا کہ نیازمند اس باب مین محض بے اختیار ہے جب تک کہ کلکتہ سے جواب رپورٹ نہ آئے اور نہ صاحبان حکام کو حکم بھیج سکتا ہون ۔

جب سے یہ ہنگامہ برپا ہوا تھا اکل و شرب انسانی گم ہو گیا تھا مگر بے خبر محافظان دواب سے حیوانات بیزبان کو بھی کئی دن سے خوراک یومیہ میسر نہوئی تھی جب یہ خبر مشروط چیف کمشنر کو پہونچی پرچۂ پیام آیا لہ یہ حیوانات روز و شب کے فاقہ سے مرجائینگے لہذا مناسب ہے کہ جو اونمین سے بہتر ہون منتخب کیے جائین باقی سب کا حکم نیلام دیا جاے دانشمند حاضرین نے چاہا کہ اسکا جواب معقول لکھین لیکن حضور عالم فی الموافق اپنی رعایا کے جواب یہ بھیجا حیف ہے کہ آپکو کمال انصاف و رحم سے حیوانات بیزبان پر رحم آیا لیکن ملازمین اقدس و اعلی پر یہ طرح

رحم نہ آیا کس کس امر کو آپ سے پوچھا ہی جو چاہا وہ کیا اس باب مین بھی آپکو اختیار ہی۔ بس چیف کمشنر
ذی جو پایہ وغیرہ کو حکم نیلام دیا ازین قبیل اب طرفین سی ہر امر مین خلاف ہونا شروع ہوا جو باعث ناگواری طرفین ہوا
سہ شنبہ سی صبح و شام اور زوال شمسی کی بھی توپ بند ہوگئی اس جہت سی کہ توپخانہ مہر کا ضبط ہوا بعد
دو ہفتہ کے توپ صبح و شام و زوال شمسی موافق دستور چھاؤنی انگریزی حسین آباد سے چلنے لگی،

الغرض خاص و عام اس حرکت و سکون سفر سے متردد ہوے حریفون نے ہر روز
ایک نئی تبدیش خود تراشی شروع کی اس خیال سے کہ اگر ہمارے حیلے سے سفر موقوف
ہو جائیگا تو البتہ باعث رسوخ چیف کمشنر بھی ہوگا اور حضور عالم پر بھی بڑی خیر خواہی
ثابت ہوگی چیف کمشنر نے پرچہ پیام بھیجا کہ حضور عالم اور مہاراج اور اہل خدمت
درجہ دوم ہمراہ رکاب نہ جائین گے سوا اسطے کہ باز پرس اور تحقیقات اکثر مقدمات
ضروری اون پر منحصر ہے وگرنہ ہرج کار سرکار ہوگا اسی جہت سے جب
تحریر صافی نامہ دستور معظم کی نواب مخدر عظمی اور اکرام الدولہ کی سفارش و
فہمایش سے پیش ہوئی اوسے جنرل صاحب نے بھی منظور نہ کیا حاصل مضمون یہ
تھا کہ اس مدت عہد معدلت حضور عالم مدار المہام سلطنت نے کوئی امر بیحکم و
مرضی شاہی نہین کیا لہذا اوسکی باز پرس ما بدولت کے ذمہ ہے جب یہ مسودہ قبول
نہ ہوا کئی سطرین دستخط خاص سے مزین فرمائین کہ جو کچھ مدت وزارت مین حضور عالم
نے کیا اوسکی باز پرس کا اختیار ما بدولت کو ہی دوسرے کو اوسکا مواخذہ نہ چاہیے اوسکا
جواب یہ آیا کہ نیاز مند کو جو حکم نواب گورنر جنرل پہونچا ہی اوسکے خلاف تعمیل نہین کر سکتا
غرض اسوجہ سی جب سررشتہ ضمانت حضور عالم نواب محسن الدولہ سی اوساہ جی سی ضمانت مہاراجگی
اس عرصہ مین تار برقمہ سے چیف کمشنر نے صدر کو اطلاع کی کہ بادشاہ واسطے
استنعاتے کے تعمیل سفر لندن کرتے ہین ہمنے حکمت عملی سے ملتوی رکھکر اطلاع کی
اب اجازت اور عدم اجازت مین جیسا حکم ہو۔

اوسکا جواب یہ آیا کہ بادشاہ نے تعمیل حکم سرکار مین از بسکہ فرمانبری اور
عجز ظاہر کیا ہم سرنگون ہوے۔ کسیطرح منع نہ کرو آنے دو فقط

یہ مجرد سنتے اس خبر کے تیاری سفر کی دھوم ہوئی اس عرصہ مین ایک محبت نامہ نواب گورنر جنرل جدید لارڈ کننگ بہادر پہونچا محبت الدولہ نے سر بمہر حضور شاہی گذرانا خلاصہ اوسکا مضمون یہ تھا کہ نواب گورنر جنرل لارڈ ڈلہوزی بہادر روانہ ہوے احوال ماضی ارمک آرائی سلطنت کا منکشف ہوا غالب کہ جو مقتضاے محبت و اتحاد قدیم الایام سے ملحوظ خاطر مہر کارین رہا ہے اوسی طریق سے ہر امر طرفین سے عمل مین آتا رہے فقط

بعد ملاحظہ بادشاہ نے فرمایا کہ باطن مین بدل مسرت حاصل ہوئی مگر بظاہر اگر یورپین جنج سے نہ گرائی جاتین حکم شلک سلامی ہوتا اب یا خلاصی چھاؤنی انگریزی سے یہان آوین یا چھین کشتر خود حکم سلامی اپنے تو پخانے مین دین غرض یہ امر داخل تکلفات ہوکر ملتوی رہا جب رعایا و برایا شہر اور متوسلین شاہی کا طمطراق و تشیع بڑھا ہر شخص کو یقین ہوا کہ سفر مین تامل ہوا اور روز سہ شنبہ سوم رجب بادشاہ مستعد اور آمادہ سفر ہوے شام کو چاہا کہ بادبہاری پر سوار ہون لیکن مقربان خاص نے بمنت و سماجت نحوست یوم سمجھا کر روکا بادشاہ اسوقت برہم ہوکر کسی سے مخاطب نہوے مقام خاص مین تشریف لیگئے۔

تشریف فرمائی بادشاہ سمت کانپور و حالات قیام وہانکے

الغرض پنجم شہر رجب سنہ ۱۲۵۲ھ مطابق ۲- مارچ سنہ ۱۸۵۶ء بادشاہ نے بادبہاری طلب فرمائی حاضرین نے جانا کہ حسب معمول یومیہ دورۂ گشت قیصر باغ ہوگا حضور عالم مضطر باہر ہوکر چلے راہ مین پائبات نے ٹھوکر کھائی دو تین اور مقرب بھی حاضر ہوے ہر ایک کو بچشم دیکھا کسیکو جرأت عرض نہوئی بلکہ سامنے سے ہٹ گئے ۸ بجے ساعت سعد بشتری مین مع جنرل صاحب رفیق افروز بیرج سعادت بادبہاری ہوے اور شمل نیرین ذوجسدین مرکز جادۂ مستقیم سے منزل مقصود کو میل فرمائی راجہ یوسف علیخان ہمنشین برنڈن صاحب کوچ نخچ بخش پر ہوے واسطے کہ اوسوقت کی عنان اختیار اوسکے ہاتھ مین تھی اور کئی دن پیشتر سے اہتمام ڈاک اونکے ذمے ہوگیا تھا اور بکمال خصوصیت و خیرخواہی سی ہمراہ رکاب ہوے تھے ہر چند جنرل سلیمن صاحب نے اوسمین کئی مہینے پیشتر سے شہر کے نکلوایا تھا بشیر الدولہ احسن الدولہ گھوڑون پر سوار تھے

تھوڑے سے ترکسوار اور ملازم پیادہ جلوس سواری مین تھے جب سوار ہونے لگے ڈنکا ہوا
پھر تھوڑی دیر جاکر رفع حاجت فرمایا حضور عالم نے ایک سوار کو دوڑایا کہ غلام کو کچھ عرض ضرور ہے
لیکن وہ سوار گرد سواری تک نہ پہونچ سکا شب جمعہ تو چندی تھی کربلا سے میر غدا بخش مین مین
و سو منات جمع تھے مجلس عزا مین مرثیہ خوان نے پہلے مناقب استغاثہ تصنیف بادشاہ
نیک دل پڑھی عجب حال سب کا ہوا اور شخص بدعا بقای ملک و سلطنت مصروف ہوا —
بادشاہ کی گاڑی کے پیچھے نواب معشوق محل صاحبہ اور چھوٹے جنرل صاحب تھے اوسکے
بعد متفرق صاحبان خاص سیع الدولہ سفیر شاہی بعد ایک دوسرے کے گاڑیون پر چلے شہر سے
شہر کے در دولت سے تا دریاے گنگ پیادہ زبان طعن و تشنیع بیباکانہ کھولے ساتھ رہی
ہر رات رہے اونام مین سواری پہونچی وہان سے عبدالہادی خان قندھاری بھی کئی
سوار دن سے ہمراہ رکاب ہوے کچھ تھوڑی رات رہے کنار گنگ پہونچے بادشاہ خیمہ مین
رفع ضرورت کو تشریف لیگئے دیب تک قفلی پل تیار ہوگئی اول صبح صادق کے پار اترے
برنڈ نصاحب کے بنگلہ مین رونق افروز ہوے ہر چند ناچ گھر اور کئی بنگلے گرد و پیش کے
پیشتر سے خالی ہو چکے تھے خیمہ لشکر سلطانی بھی برپا تھا جب طلوع آفتاب ہوا خبر تشریف
آوری عام ہوئی فوج تخت سلامی کو پریڈ پر آکر جمی بادشاہ نے انعام حسب معمول بھیجدیا
اور سلامی توپ کو منع کیا افسران فوج نے عذر کیا کہ مبادا ہمپر عتاب اپنی سرکار سے ہو
مگر دوسرے دن سلامی ہوئی جب حکم محکم تار برقیہ سے پہونچا کسواسطے کہ ایک ہفتہ پیشتر سے
جرآمد سنکر فوج رہتی تھی بعد انتظار چلی جاتی تھی اسطرحے داخلہ کا یقین نہ تھا۔
روز جمعہ وقت عصر نواب منور الدولہ مع امجد علی خان حکیم میر محمد میر علی منشی یا وعلی
روانہ کانپور ہوے منزل نمبر ۱ روز یکشنبہ شرف ملازمت مین پہونچے جناب عالیہ نواب
مخدرہ عظمی مرزا ولیعہد بہادر اور زوجہ طاہرہ عصمت مآب حضور عنایت الدولہ نواب
سجاد علی خان روانہ ہوے صاحبات محل ناچ گھر مین اترے باقی مصاحب وغیرہ متفرق
بنگلون مین اترے سبکو مبالغت حضوری ہوئی مگر بروقت طلب جب یاد فرمائین
نواب منور الدولہ میجر برڈ صاحب سفیر سفر راسخ الاعتقاد شاہی بروقت خاص

شاہ بیجاد کے [illegible] حاضر ہوا کرین برنڈ صاحب کا اہتمام تھا انھوں نے اپنے حوصلہ سے زیادہ کام کیا تھا ہر وقت بدل مصروف کار و بار رہتے تھے اور حفاظت حراست سلطانی اور بجا آوری احکام میں سرگرم تھے تعالیف ولایت گذرانتے تھے جیمن بادشاہ کا دل ملے۔ شاہزادے نواب ملکہ گیتی صاحبہ کے مرزا دارا اسطوت اور نواب ملکہ عہد صاحبہ کے مرزا سلیمان قدر اور بعض افسر ہائے شاہی اپنی سعادت سمجھکر روانہ ہوئے شاہزادوں کو دو لاکھ روپے زاد راہ سفر دیکر سمجھا دیا تھا اکثر خوشامش اور رئیس شہر بھی ہر ایک وسیلے سے روانہ ہوا تھا مگر شاہزادے فردوس منزل کے نواب یحیی علیخان مرزا عظیم الشان مرزا رفیع الشان نواب محسن الدولہ نواب ممتاز الدولہ بہادر تشریف فرما ہوئے خصوصاً ان دونوں صاحبوں کو حضور عالم سے بھی ایک خصوصیت بلکہ قرابت بھی ہو گئی تھی۔

امیر الدولہ سید مہدی علیخان عرف امیر الامرا اگرچہ خانہ نشین بلکہ معتوب تھے روز بد سمجھکر روانہ ہوئے اور پھر آنے کینیے خبر بھی نہ کی بلکہ بشرط شہر فیابی بواسطہ اپنے ندرانے ٹھہرا گئے تھے احسان حسین خان کو حضور عالم نے دفتر المشا سپرد کر کے روانہ کیا لیکن نواب منو الدولہ کی حمیت سے بیدخل محض رہے۔ ہر چند خان مذکور نے بہت سی تدبیریں اپنی کین لیکن بے سود ہوئیں اور میر منشی قدیم راجہ بہندن لال کے خاندان سے منشی دولت رائے شوق تخلص واسطے جواب دہی کے ساتھ کئے گئے

مدبر الدولہ راجہ جوالا پرشاد بہ ضعف قوی و سن پیری کانپور تک گئے لیکن بادشاہ نے کمال عطوفت و رحم سے بواسطہ مصلح السلطان فرمایا کہ تم تکلیف سفر نہ کرو حسام الدولہ کے پاس حاضر رہو جب بادشاہ کانپور سے تشریف فرما ہونے لگے حسام الدولہ خویش نواب ملکہ گیتی صاحبہ اور بھائی نواب محسن الدولہ کو مختار و معتمم صاحبات معلی اور امور مرجوعہ رطب و یابس اور بجا آوری احکام شاہی کا مختار فرمایا تھا اور کوٹھی خزانہ جواہر خانہ وغیرہ مفتاح الدولہ کے سپرد تھی انھوں نے اپنا قایم مقام اپنے سگے بھائی کنز الدولہ کو ہمراہ رکاب کیا تھا کسواسطے کہ اوسے بہتر کون مستحق و سزاوار ایسے اعماد کا تھا انھوں نے حق نمک ادا کیا مگر ادھین جیسا سنجا ہیے تھا وہ ادا کیا۔

بادشاہ نے قبل از تشریف فرمائی حکم محکم بیگمات و صاحبات محل کو دیا تھا کہ جسے قیام دولت سرے اشاہی منظور نہو اوسے اختیار ہے چلی جائے چنانچہ اکثر مدبختین چلی گئین اور بہت سی ثابت قدم رہین اور بسر ہوحکم قضا شیم سے انحراف نہ کیا بعد اسکے بادشاہ نے صاحبات محل کیواسطے علی السویہ سو روپے ماہواری اکل و شرب و سته ضروری کیواسطے ہر ایک کے مقرر فرمائی انمین سے اکثرون نے قبول نہ کیا کہ ہمارے پاس تصدق حضرت سے بہت کچھ بسر اوقات کرنیکو ہے اور جسدن عملداری سرکار ہوگئی تھی ہر محل نے عمدہ شاگرد پیشہ بیرونی و اندرونی کو تنخواہ سب کی دیکر برطرف کیا تھا فقط بہ ضرورت کچھ لوگ رکھ لیے تھے اس برطرفی مین ہزارہا نوکری مرمحتاج ہوکر حالت یاس مین خانہ نشین ہوے اور ہر گھر مین ماتم برپا تھا۔

اکرام الدولہ مع اپنے بیٹون کے روانہ کانپور ہوے مرزا حاجی کے بنگلے مین اوترے مولوی محمد خلیل الدین خان جو حسب الطلب حاضر ہوے تھے بادشاہ نے رہس منزل مین رہنے کو حکم دیا تھا بعد تشریف فرمائی اپنے وطن مالوف لکھنو چلے آنے وجہ اسکی یہ ہوئی کہ جب ساتھ چلنے کو ارشاد کیا انھون نے عذر کیا عرضداشت کی کہ تین چار ہزار روپے کا قرضدار ہون تنخواہ پیشگی بھی سرکار سے نہین ملی نئی عملداری شروع ہے مبادا کوئی قرضخواہ نالش کردے امیدوار ہون کہ اس سے گلو خلاصی ہوجائے آئندہ ہزار روپے کی تنخواہ مقرر ہو کسواسطے کہ جب کلکتہ مین عمدۂ سفارت پر تھا پانچہزار تنخواہ تھی بادشاہ نے حضور عالم کو عرضداشت تجویز کو عنایت فرمائی اونھون دو ہزار خرچ کے اور تین سو کی تنخواہ تجویز کی خلاصہ پھر کوئی برسان حال نہوا وجہ اسکی یہ تھی کہ حضور عالم انسے صاف نہ تھے اور انکو بھی بدل جانا منظور نہ تھا بہت غنیمت سمجھے اور سب کا انجام سمجھتے تھے میر حسن علی لندنی بھی حسب الطلب نواب منور الدولہ باوجود کبر سنی و ضعف پیری کانپور تک جاکر پھیر آئے۔

شوکت الدولہ نواب محمد خان سفیر معزول شاہی احراجی جنرل سلیمن صاحب کانپور مین تھے اہلکارون نے سفارش سے بجای محمد خلیل الدین خان انھین مقرر کیا اور دو ہزار روپے زاد راہ اور در مابہ انکے واسطے معین ہوا ہر چند بادشاہ نے ازراہ استعجاب مولوی صاحب کو پوچھا کیونے جواب شافی عرض نہ کیا۔

جناب سید نقی مئی سید العلمای مرحوم حسب تجویز اکرام الدولہ و نواب شمس الدولہ مستعد و آمادہ سفر لندن ہوے کہ اسلیے کہ ایسے سفر دور و دراز مین ایسے شخص کا بھی ساتھ ہونا ضرور ہی کہ بروقت تشریف آوری ملک الموت کیطرف سے خراب نہوا اور انشاء اللہ لندن مین تمام رجوع و جماعت ہوگی یہ امر بھی باعث یادگار زمانہ ہوگا لیکن خوبی اعمال موقوف ہی وہ کانپور پہونچکر ایسے علیل ہوے کہ وہین سے احرام جانے کا قصد کرکے مع الخیر پھر اسی منصف الدولہ سید باقر خلف اکبر جناب سلطان العلما پیشتر سے لشکر کانپور مین موجود تھے جب یہ رنگ سفر دیکھا اور امانی صاحب نے شکایت انکے جانیکی تہدید خیال کرکے مراجعت کی دگرنہ اودلوالغرمی مین اونسے زیادہ تھا۔

ادنی ترین رعایاے شہر میان محمد و ناپیز بھی اپنی منفعت فروخت اشیاے ماکول سمجھکر داخل آرد و شاہی ہوے نواب منور الدولہ نے پخت طعام خاصہ انکے سپرد کی۔

نواب معظم الدولہ باقر علی خان مرحوم نواب مجاہد الدولہ بہادر دونون پھوپھا بادشاہ کے کمر ہمت باندھکر روانہ کانپور ہوے بادشاہ نے تکلیف سفر سے منع کیا عرض کیا ہم کسیطرح آپ کی تکلیفدہ نہونگے اور ایسے وقت مین ہاتھ ہمراہی سے نہ اوٹھائینگے بعد اسکے یہ دونون صاحب قبل از روانگی بادشاہ روانہ بنارس ہوے غرض ہر شخص رعایاے شاہی کا یہ حال تھا کہ بہرصورت دامن دولت سے ہاتھ نہ اوٹھائی اور شریک مصیبت سفر تازہ رہی۔

کہتے ہین کہ نوروز کو کانپور مین اٹھارہ من سے زیادہ قند شربت کیواسطے میسر ہوا لوگون نے اس جہت سے نذر نیاز مختلف طعام و شیرینی پردی وہان کے اہل دربار کو تعجب ہوا اور سرکار شاہی کیواسطے دست بدعا ہوے کہ یہ گھر قائم رہی اس قلت لشکر اور عدم رسی رسی ہر شخص موافق اپنی صرفہ بدیات کی مجبور تھا

اس عرصے مین کلکتہ سے خبر آئی کہ ۶- مارچ روز پنجشنبہ جہاز فیروزہ پر پانچ بجے شام کو لارڈ ڈلہوزی صاحب روانہ ولایت ہوے اور نواب گورنر جنرل جدید داخل کلکتہ ہوے چنانچہ اخبار دوربین کلکتہ سے درود نواب محتشم الیہ لکھا جاتا ہی

درود نواب گورنر جنرل بہادر کلکتہ مین

۲۹- فروری ۱۸۵۶ء مطابق ۲۶ شعبان ۱۲۷۲ھ روز جمعہ ۵ بجے شام ڈرائٹ آنریبل جارلس جان وای

گورنٹ کینیگ بہادر فیروز جہاز پر جب مقام اجودھیا پور سے گذرے قلعہ فورٹ ولیم بنگالہ سے توپ سلامی کی چلی پریوٹ سکرٹری ڈیلیٹری گورنر جنرل اور دو مصاحب گورنر جنرل و لون میجر واسطے استقبال ہیولنڈ تک گئے چھاونی خضر پور میں لنگر کیا وہاں سے نواب محتشم الیہ سنو لکھی فنس پر سوار ہوکے چاند پال گھاٹ پر نزول اجلال کیا اوسوقت ۹ توپ پین فیروز جہاز سے چلیں اول اسکے بیشتر گھاٹ پر سکرٹری گورنمنٹ بنگالہ چیف مجسٹریٹ کلکتہ سنر ٹنڈنٹ مرین یعنی مہتمم جہازی اور ماسٹر اٹنڈنٹ و شریف کلکتہ استقبال کو آئے تھے جب نواب گورنر جنرل نے زمین کلکتہ پر قدم رکھا ۱۶ توپ پین چلیں بعد اسکے داخل ایوان گورنری ہوے وہاں بڑے پھاٹک پر لفٹنٹ گورنر بنگالہ اور لب دالان پر نواب گورنر جنرل ڈالہوزی صاحب اور ممبران سپریم کونسل استقبال کو آئے صاحبان نظامت گورنمنٹ اور سب افسران قلعہ اور جنرل اسٹاف ایک طرف دوسری جانب افسران خدمات دارالریاست لباس درباری پر تکلف سے حاضر تھے جب کرسی گورنری پر جلوس سواری چاند پال گھاٹ سے شمالی بڑے پھاٹک تک دوان گورنری کی ترتیب سے دو رویہ قطار بستہ کھڑے ہوے تھے یعنی سپاہی دوسرے باڈی گارڈ تیسرا رجمنٹ چوتھا رجمنٹ ملکہ تیسرا رجمنٹ سپاہیو کا ۳۱ - پیادہ ہندوستانی ۴ - رجمنٹ ۴۳ - لائٹ انفنٹری فسون کلکتہ یعنے محافظان شہر لباس سے آراستہ اسلحہ سے مکمل ماتحت انتظام لفٹنٹ کرنل پال صاحب صف بصف آراستہ تھی جب گھاٹ مذکور سے سواری چلی تھی ایوان گورنری تک دو رویہ سلامی ہوئی اور توپ بعد ایک دوسرے کی چلی جب اس تزک تجمل سے نواب موصوف داخل ایوان ہوے ۶ ساعت ۵ دقیقہ شام پر سو گند معمولی اپنے عہدے کی دیکر کرسی گورنری پر جلوس فرما یا کمانڈر انچیف انس صاحب سپہ سالار افواج ہندوستان عہدہ ممبری زائد کونسل ہند یہ جوزف الگزنڈر وارنہ صاحب اسکوئر منیجر جنرل جان لو صاحب وئی بی جان سیمو پر گرانٹ اسکوئر سپرنٹنڈنٹ عہدہ ممبری دوم و سوم جہازم کونسل ہند پر مامور ہوے پھر حسب دستور اشتہار منصوبی و سغرولی نواب کو گورنر جنرل سابق دیا گیا کہ تا قیام شہر حفظ مراتب بدستور نواب محتشم الیہ کے واسطے رہے۔

نواب گورنر جنرل بہادر بیت تندرست و توانا و قوی القوی ہیں یہ بیٹے لارڈ جان کینیگ کے

ہین وہ ایک زمانے مین وزیر اعظم سلطنت بھی ہوے تھے اونکی مان سومن سے میجر جنرل اسکاٹ کی تھین ۱۷۸۲ء مین کلاسٹر راج برائٹن مین پیدا ہوے ۴۴ برس کا سن ہی پہلے اسکول مقام اٹون مین پڑھے بعد اسکے کالج اکسفرڈ مین کتب علمیہ حاصل کین ۱۸۳۳ء درجہ اول کالج مذکور مین علوم درجہ دوم بفن حساب و ہندسہ مین ترقی کی بعد اس کے لیڈی کیننگ سے کتخدا ہوے وہ بمبئی لارڈ اسٹوٹ دی رالھتی کی ہین پھر کاروبار سلطنت مین مامور ہوے اور بتدریج ترقی کر کے عہدہ سرشتہ ڈاک سلطنت برطانیہ پایا بعد اس کے بہ سفارش لارڈ پامرسٹن اس عہدۂ جلیلہ گورنری پر منصوب ہوے ۔

حالات قیام کانپور و سوانحات لکھنؤ روانگی بادشاہ کانپور کی

بعد تشریف فرمائی بادشاہ خزانہ جواہر خانہ اسباب پر تکلف و بیش قیمت جو جناب ملکۂ معظمہ دام اقبالہ کیواسطے طیار ہوا تھا کپتان کنز الدولہ حفاظت فوج انگریزی مین لیکر لکھنؤ سے روانہ ہوے ایکدن حسب الحکم چیف کمشنر بہادر کانپور سے مسیح الدولہ مصلح السلطان دیانت الدولہ احسن الدولہ شفاء الدولہ آفتاب الدولہ اکرام الدولہ اہتمام الدولہ حیدر حسین خان اہلکار کارخانہ جات سلطانی واسطے ضمانت کے حاضر حضور چیف کمشنر ہوی چنانچہ ۱۲ اشخاص نامی بذریعہ ڈاک حاضر ہوے مگر اہتمام الدولہ بہ علت باقی دس ہزار روپیہ بابت علاقہ کے نہ آئے برنڈ صاحب نے انکی ضمانت کردی اور آئندہ کے حساب واجبی انکے چودہ ہزار سرکار مین فاضل تھے اکرام الدولہ نے حاضر ہونے مین مکث کیا حالانکہ صاحب مجسٹریٹ نے ازراہ عزت و تکریم پہلے ڈپٹی سید ناصر علی کو اونکے لینے کو بھیجا تھا یہ نواب مخدرۂ عظمیٰ کی پاس جاکر بیٹھ رہے چاہا کہ کسی حیلے سے ٹالدیا جاے جب ڈپٹی صاحب تنگ ہو کر چلے گئے حالانکہ انکا اوس دن مہمل تھا مگر حکام سے آئے تھے جب کیفیت مشروحاً صاحب سے بیان کی صاحب نے چپراسی و سوار انکی طلب کو بھیجے یہانتک مجبور ہو کر خود صاحب تشریف لائے اب کیا عذر کرسکتے اوخین اپنے ساتھ کچہری مین لیتے رات کو روبکاری کا حکم دیا رات بھر کچہری مین رہو صبحکو روانہ لکھنؤ ہو لیکن بمنت و عذر بارو سے گھر آئے صبحکو روانہ لکھنؤ ہوے یہ ان صاحبون کی نہم و فراست

تھی وجہ ظاہر ہے کہ خانساماں تھے جو کچھ نوشجان کیا تھا اوسکے واسطے ڈرتے تھے چنانچہ یہی ہوا
پرچہ پیام شاہی چیف کمشنر کو اسی باب خاص مین پہونچا کہ ایک لاکھ ۳۶ ہزار روپے
اندرونے حساب بغیر الدولہ اور مہاراج بالکرشن بہادر بابت باقی علاقہ حضور تحصیل اکرام الدولہ
کے ذمہ نکلا ہے اگر اتنا عملہ کھا گیا ہے اسکا مواخذہ انکے ذمہ ہوا اور اگر ذمے بہادر موصوف
ہے بس مال سرکار ہے اسکے لینے اور نہ لینے کا مابدولت کو اختیار ہے اسقدر تاکید وشدت
نمامت سے کیا فایدہ مشروط کا اسکا سبب لکھیئے
جواب شافی اس پرچہ پیام کا نہ گیا مگر مقابلہ و مواجہ حساب بدستور رہا جب یہ ۱۲ شخص واپس
مین آئے چیف کمشنر کے پاس گئے وہان سے کپتان ہیز صاحب کے پاس حاضر ہوئے پھر ہر ایک
سمن صاحب دپٹی کمشنر کے پاس حاضر ہوا بعد ضمانت وفتار کے پھر کانپور آئے مگر
اکرام الدولہ بہ عملت حساب رہ گئے۔
بعد دو چار دن کے اہتمام الدولہ حیدر حسین خان حسب الحکم بادشاہ لکھنؤ آئے کوتوالی
راضینامہ آدھا شاہی افسران فوج اور سرگروہ ہر فرقہ رعایا شہر سے لیکر چلے گئے
ایکدن منجھلی بیگم صاحبہ خواہر حضرت دستور معظم نواب محترم سے تحسین گنج کو جانے لگین داروغہ
ڈیوڑھی تلاشی لینے لگے سواری کے سپاہیون سے تمسک ہوا حضور عالم نے برہم ہوکر
فرمایا مین انگریزی پہرے بلوا سکتا ہون حسام الدولہ مہتمم ملازمات متردد ہوکر کانپور گئے بادشاہ
سے عرضحال کیا کہ مبادا کوئی صورت خلاف پیدا ہو اچیف کمشنر کے پہرے اسی حیلے سے
ہوجائین اسی باب خاص مین حضور عالم کو دستخط خاص فرین فرماتے پھر آئے
ایکدن فتاح الدولہ کسی امر ضروری کی عرض سے کانپور گئے بعد عرض حال پھر آئے
الحق کہ مبادرمذکور کی نمک حلالی وخیرخواہی وجانفشانی مین کچھ شبہہ نہین جیسا انسے امانت ودیانت
سرکار ہوئی دوسرے سے نہوتی اسی جلد وین سرکارین سے اپنے حق پنشن سے محروم رہے
سبحان اللہ چیف کمشنر نے دستور معظم کو بھیجا کہ دولتسرائے شاہی سے اپنے گھر چلے جاؤ۔
عرض کیا کہ بادشاہ ذی دستور قدیم کو ارشاد کیا ہے حکم ہوا کس سند سے آنھون نے دستخط شاہی جو
معرفت حسام الدولہ آئے تھے اوسے بھیجدیا جسکا مضمون یہ تھا کہ آدمی کو جسقدر راحت وآرام

اپنے گھر مین ملتا ہی دوسری جگہ نہین ملتا لہذا مناسب وقت یہ ہی کہ حسب الحکم تم اپنے گھر چلے جاؤ تین چار دن کے بعد ایک اشتہار شہر مین لگایا گیا کہ فلان تاریخ ۹ بجے دن کو تماشای عجیب رعایای شہر کو دکھایا جائیگا کہ کبھی کسی نے آنکھ سے نہ دیکھا ہو ہر شخص کو ایک توحش ہوا آخر روز سہ شنبہ ۸ اپریل کو دولت سرای شاہی سے پہلے سواری بنس خس مین نواب اختر محل صاحبہ نکلی اوسکے بعد حضور عالم گاڑی دواسپہ نواب ممتاز الدولہ مین سندیل وزارت زیب سر ہر طرف سے جھلملی گاڑی بہدچو بدار چیف کمشنر کوچ بخش پر برآمد ہوئی کئی سوار بھی بحالت کزائی پیچھے کچھ خاص بردار بے اسلحہ لباس کثیف سے گرد و رشاہی سے تحسین گنج تک زبان طعن و تشنیع بیباکان شہر ہر طرف سے بارش بے وقت برسا رہے تھے اگر چوبدار چیف صاحب نہ ہوتا غالب ہے کہ ڈھیلے اور پتھر بھی بجائے اولے برستے۔ العیاذ باللہ۔

پردگیان عصمت و طہارت دستور معظم جو کانپور مین نواب مخدرہ عظمی کے مہمان تھے اس مدت قیام کانپور مین ایک دن شرفیاب پابوس شاہ ہوے کلمات الحاح و زاری حد سے زیادہ عرض کیے کچھ سودمند نہوے آخر بہ مجبوری سرخ کوٹھی کنارہ دریا مین جا کر رہے جب وہان سے لکھنؤ آنے لگے راہ مین شہدون کی زبان طعن سے چین نہ ملا

کوتاہ اندیش و مخربان خاص باتفاق اپنی گھات مین تھے کہ بہت وسوسے واندیشے سفر لندن و کالکتہ کے عرض کر کے خاطر اقدس کو اس سفر سے باز رکھین کانپور سے پھیر لائین تاکہ رسوخ و نیکنامی سرکار انگریزی مین بھی ظاہر ہو لیکن باوصف سننے ان سب اخبار موحشہ کے استقلال سفر کو جنبش نہوئی فی الحقیقت اگر اہل انصاف چشم بصیرت سے دیکھین شاہ جمجاہ جنے ایسی عیش و عشرت سے بسر کی ہو وہ دفعتہً ایسے امراض لاحقہ پر کس موسم تابستان مین ایسے سفر کا متحمل ہوا اور باوجید موہوم اور در حقیقت کافہ انام کیواسطے کہ یہ امانت خدا ہین۔

نواب منور الدولہ نے جب صحبت اغیار کا یہ حال دیکھا اپنی نازک مزاجی اور کھری پن سے بیدل و بد دماغ ہوے اور اپنے فرخ آباد چلے جانے کو بہتر سمجھے اور یقین ہوا کہ یہ بیل کبھی منڈھے چڑھیگی بہت متردد ہوے اور اپنے ارادے پر منفعل تھے لیکن انکے اصحاب شوری نے سمجھایا کہ بے اتمام حجت چلے جانا بھی اچھا نہین بہرحال جو دیکھنا تھا سب دیکھ چکے انجام کار بھی کھل گیا غرض

مشرو حا بادشاہ سے عرض کرکے رخصت ہوجیے اس عرصے مین انکی خوش نصیبی سے مصلح السلطان انکے لینے کو آئے جب شرفیاب ملازمت ہوے بالمشافہہ عرض کیا کہ یہ بار غلام نے محض رضاے خدا اور حقوق نمکخواری قدامت سمجھکر اوٹھایا نہ واسطے طمع دنیا عہدۂ وزارت کو لیا لیکن افسوس ہے کہ مقربان خاص اپنی عادات جبلی و خو کردہ سے اب بھی باز نہین آتے ہرچند کہ یہان تک خانہ بربادی وطن آوارگی کی نوبت پہونچی ارشاد کیا جو تمنے اسوقت کیا اسقدر مجھے چشمداشت نہ تھی حضرت جنت مکان بھی اس سے زیادہ نہ کرتے بہرصورت امر جزئی و کلی مین بتھین اختیار کی اور بیٹے بھی یہ مشقت محض رعایا کو امانت خدا سمجھکر اختیار کیا اور اپنی بربادی ہر طرحسے گوارا کی ہے اب تم جہان لیجاؤ چلونگا تم بھی میرے استقلال مزاج کو دیکھتے ہو جو حضور عالم کیواسطے کیا اب تک اوسی پر قائم ہون اس کے بعد بہت سے الفاظ کسر نفس ارشاد کیے کہ حاضرین کو موجب تسلی ہوا

خلاصہ روز دوشنبہ سلخ شہر رجب مطابق ۷ - اپریل شام کو بادشاہ نے ہلال ماہ شعبان دیکھکر گرد و نک بادبہاری پر سوار ہو سمت الرآباد تشریف فرما ہوے فقرا اور رعایا کی بہت جمع ہوے تھے کچھ اونکو عنایت ہوا سب دست بدعا ہوے اوسوقت گاڑی ڈاک کی دار و گیر مین طرفہ ہنگامہ برپا ہوا تھا کہ خاص برداران سلطانی مین قریب تھا کہ آپسمین صورت فساد برپا ہو نواب صاحب نے تنبیہ کر اس ہنگامہ کو دور کیا -

جناب عالیہ متعالیہ پنس خس مین جنرل صاحب بسبب ناسازی مارضہ لاحقہ صبح سہ شنبہ کو روانہ ہوے ڈاکٹر ہندوستانی بھی اونکے ساتھ تھا باقی صاحبات محل ملازمین بعد ایک دوسرے کے نواب منور الدولہ بعد روانگی سب قافلے کے روانہ ہوے

قبل اندروانگی بکمال لطف و اخلاق عرضداشت مہاراجہ الیشری پرشاد نراین سنگھ بہادر مہاراجہ بنارس حرفت نواب نظر اقدس مین گذری کہ حسب خیر طلب موروثی ہے اور ممنون قدیم اس خاندان عالیشان کا ہے امید و آرزمند خسروانی ہے کہ حضور بنارس مین املاک خیر اندیش مین رونق افزا فرمادین -

شاہان چہ عجب گر بنوازند گدارا

راہ مین الہ آباد تک ہر مقام خاص ہر سامان ضروری درست تھا جب آرا پہونچے بصلاح

برندن صاحب پنچ گھر مین نزول اجلال فرمایا اور معمول تھا جہان بادشاہ گاڑی سے اوترتے تھے پہلے سائر قنات کھنچ جاتی تھی وہان جہ مقام ہوے جب بنارس کو تشریف فرما ہونے لگے صاحب پنچ گھر نے دو ہزار چار سو روپے کرایہ کا دعوی کیا گفتگو مین طول ہوا صاحب نے گاڑی روکنے کو سڑک پر رسی باندھ دی آخر نوبت بعدالت دانشمندون کی بدولت پہونچی کسی دلال کی معرفت چوبیس سو دیکر تصفیہ ہوا اب وہ جو بہتر کوٹھی ہر مقام پر تجویز سرکار ہوئی تھی معلوم نہین اوسکا کونسا سبب نہ ملنے کا ہوا۔

۱۶۔ اپریل روز چہارشنبہ مطابق ۹ شعبان بنارس کی چھاؤنی سکرور مین کوٹھی راجہ صاحب موصوف مین رونق افروز ہوے بیٹے اکرام الدولہ کے کانپور سے اپنی خسرال مین مہمان ہوے تھے اور کانپور سے خرچ ماہواری سرکار شاہی واسطے سفر کے ۱۲ ہزار روپیہ کا ضبط ہو کر نواب مغفرہ عظمی کے محول ہوا تھا کانپور مین اکثر صاحبان عالیشان مشتاق ملاقات شاہی ہوے بلکہ ایک دن لارنس صاحب چیف کمشنر لاہور بھی تشریف لائے لیکن ملاقات نہوئی نواب صاحب استقبال کرکے اپنی کوٹھی مین لے گیے اور عذر عدالت فراج اقدس کیا کہ اکثر کیفیت مزاج جادہ اعتدال سے منحرف ہو کر رہتی ہے۔

نیلام دواب شاہی اور برطرفی فوج شاہی وغیرہ حالات لکھنؤ

چیف کمشنر نے پہلے کاغذ مخرچ کارخانجات سلطانی اور ملازمین شاہی کا جایزہ لیا چنانچہ سب مجموع تراسی لاکھ روپیہ تنخواہ ملازمین و اقربای شاہی کا مع کارخانجات نکلا سوای خرچ ضروریات ذات اقدس و خرید اسباب جدید وغیرہ اور ۷۸ ہزار آدمی سب مجموع ملازم ہر فرقہ و پیشہ و سپاہ کے تھے چنانچہ بعد برطرفی چہارم فوج زمان خلد منزل فردوس منزل حضرت جنت مکان کے ۱۲ ٹیالن نجیب و تانگہ اور ساڑھے تین ہزار سوار سوای ترکسواران سوار و چودہ ہزار عملہ شاگرد پیشہ سلطانی اور کچھ کم دو ہزار سپاہی متعلق چوترہ کوتوالی شہر و ناکجات اور سات ہزار چوپایہ اور دو سو ہاتھی سوار کی مع کشتی کے اور ایک لاکھ کئی ہزار کبوتر اور ایکسو سات تیر اسیطرح اور بہت سی چیزین تھین اور اگر عہد دولت آصفی کا حساب کیجیے تو

اوسکا عشر عشیر بھی نہ تھا دواب جنت آرامگاہ جو متعلق نواب رمضان علی خان کے تھا ۳- سو روپے روز کا تھا اور جب جناب عالی نے انتقال کیا سات ہزار راس گھوڑی گھوڑیان مانگن ٹٹو تھے اس عہد دولت مین دواب یومیہ فقط بارہ سو روپیہ کا رہگیا تھا وہ زائر الدولہ خواجہ مرد تریا کی کے سپرد تھا اوسکے کارندون نے خوب ہاتھ صاف کیا تھا وہ بے خبر محض تھا۔

غرض تمام ممالک ہندوستان مین اشتہار نیلام دواب وغیرہ بقید تاریخ پہونچا خلاصہ وہ حال کم قیمتی نیلام کا لکھا نہین جاتا پہلے اچھے ہاتھی سرکار کمپنی کے واسطے علیحدہ کئے گیے باقی متفرقہ شہر نے پردۂ غفلت آنکھون پر ڈال کے مول لیے تھے اور کیطرح کی حمیت شرافت دیگانگت نکی اکثر ولی کے لوگون نے ازراہ تجارت مول لیے تھے اوسکا ستیاناس ہوا فایدہ کا کیا ذکر ہے کچھ گھر سے دنیا پڑا لاہور کے نیلام کا حال مشہور ہے مگر قصاب لکھنؤ نے گاے بیل سرکاری کے لینے مین عذر کیا کہ ہم قدیم سے چوپائے ہیرونجات سے خرید لاتے ہین مرزا علی رضا کو نواب نے کئی سو کبوتر شاہی مول لیے تھے حیلے سے کہ انشاء اللہ تعالے بادشاہ کو بعد مراجعت نذر دونگا اکثر ہاتھیون کو وقت نیلام سر پر خاک اوڑاتے آنسو آنکھون سے بہتے دیکھا اکثر صاحبون کو شبہہ آشوب چشم ہوا نیلبان نے کہا ہم تیس برس سے نوکر ہین یہ مثل ہمارے خاک اوڑاتے اور روتے ہین پھر زر نیلام کا حکم دیا کہ اگر مشتر دسرکار نہو دے تو بعد تین مہینے کے روپیہ لیا جاویگا لیکن ضمانت اور نشان گھر کا لے لیا تھا غرض دلارام کی کوٹھی مین نیلام اسباب و رمنہ مین نیلام چوپایہ ہو رہا تھا مقام عبرت تھا۔

چیف کمشنر نے مفتاح الدولہ سے فرمایا چوپایہ اور قوشخانے سے جو چیز تحفہ و کمیاب ہو نیلام نہو نے دو آگے خرچ دواب ایک ہزار کئی سو یومیہ کا تھا اب قریب نوے روپیہ یومیہ کا رہگیا ہے مفتاح الدولہ جب کانپور گئے تھے نواب مخدرہ عظمی نے فرمایا کہ اس بقیہ دواب کو خیرات کر ڈالو ہمارے کس مصرف کا ہے غرض کہ اس بقیہ دواب مین وہ گھوڑیان رہ گئی ہین جنکی اصل نسل مین جنت آرامگاہ نے بڑی کوشش سے خانہ زاد بچھیرے پیدا کئے تھے افسران فوج نے اپنے اپنے گھوڑی گھوڑیون کا نیلام مین داخل کیا سرکاری نیلام سے بہت تحفے کم قیمت پر مول لیے۔

چنانچہ نواب منور الدولہ کانپور مین ایک شخص سے ایک گھوڑا نیلام شاہی ڈیڑھ سو روپے کا

مول لیکر ایک صاحب کے پاس بھیجا بہت پسند کیا ہزار روپے اوسکی قیمت دینے لگا اور نواب نے اوس شخص کو صاحب کے پاس بھیجدیا اور کیفیت نیلام سے آگاہ کیا بلکہ گواہ کیا کہ ایسے نایاب گھوڑے مثل مال غنیمت کوڑیون پر نیلام ہوے اسیطرح سے اور اسباب کمیاب کا نیلام حکم سرکار سے ہوا۔

گورنمنٹ نے چالیس لاکھ روپیہ بابت تنخواہ فوج سلطانی اپنے ذمہ لیکر اگر اس سے زیادہ حساب سے نکلیگا سرکار شاہی سے مجرا لیا جاویگا اور اگر اس سے کم تقسیم ہو ہمین اختیار ہے پس ہر رسالہ اور پلٹن کا پہلے جائزہ لیا اسکے بعد حکم سنایا جسے سرکار کمپنی کی نوکری منظور ہو اور قابل محنت و مشقت کے ہو اختیار کرے اوسوقت دو صفین علیحدہ ہوجاتی تھین بہت کم ایسے نکلے جو تنخواہ برطرفی لیکر چپکے اپنے گھر چلے گئے کئی متعہدیون کی اس تقسیم تنخواہ مین خوب بن پڑی ہر چند سرکار نے اسنے پہلے ایک اقرارنامہ بجرم سنگین لیلیا مگر بہرصورت انھون نے اپنا کام کیا اور سپاہ مین جنھے تیس برس سے زیادہ نوکری کی تھی اوسے پنشن ملی باقی انعام ایک مہینے سے تین مہینے تک کا ملا اور سپاہ سے بعد تنخواہ اسلحہ ضرب لے لیے اور وردی سرکاری راجہ ٹھاکر سنگھ کپتان تربیدی کا کچھ تصرف تنخواہ سپاہ ثابت ہوا پابجولان متعہد ہوے پھر کچھ دیکر چھوٹے اب گھر مین بیٹھے چین کرتے ہین۔

احسن الدولہ و بانت الدولہ کے ترکسوارون کے گھوڑے نیلام ہوے منجملہ مجموع سوار شاہی اٹھارہ سو سوار چھانٹ کر تین رسالے کیے اونکے افسر انگریز بقید وردی و قواعد انگریزی حسب دستور اور تین مقام چھاؤنی مقرر ہوے ایکہزار توپ سو توپ آہنی برنجی خرید لکھا روپیہ منتخب ہوکر علیحدہ ہوئین باقی سب کو بیکار سمجھکر حرخ سے گرا کر گولی آہنی دغباری دس آنے سیر بازار مین بکے ہزارہا من باروت پانی مین نکمی جانکر بہادی۔

مرزا علی رضا بیگ کوتوال کے سپاہیونکو حکم ہوا نواب آصف الدولہ کے امام باڑے مین حاضر ہو تقریباً چار سو مسلح حاضر ہوے اوسکے بعد علی رضا بیگ کپتان ہنیر صاحب میجر کارنیگی صاحب سمن صاحب کو ہاتھیون پر لے آتے ہم کمپنی تلنگر دو ضرب توپ جلوہ خانہ امام باڑے مین لی اور اوسیوقت پلٹن حسین آباد اور چھاؤنی منڈیانون سے اور کوتوالی چوک سے طیار ہوتی ہے

پہلے سپاہیون کو حکم دیا تین صف باندھکر روبرو کمپنی کھڑے ہوہ یہ ہمارے کھڑے ہوگئے مگر روح قالب سے سب کی نکلی کہ یہ تقسیم تنخواہ ہے یا قربان گاہ افسرون نے حکم دیا کمپنی بندوق کو بھرے کارنیگی صاحب نے کوتوال کے ساتھ سپاہ کو حکم کیا اپنے سلاح رکھدو پھر تنخواہ لو ورنہ ہم تم سبکو ابھی اوڑا دینگے کوتوال نے عرض کی حضور تھوڑا توقف کرین اور سپاہ سے بمنت اپنی پگڑی اوتار کر کہا واسطے خدا کے میری عزت تمھارے ہاتھہ ہے تمنے میرے باپ کے وقت سے نمک کھایا ہے اپنے ہتھیار حوالہ کردو یہ کہکر تلوار اپنی پہلے صاحب کو دی اور رونے لگے جب یہ حال سپاہ نے دیکھا سبھون نے اپنے اپنے ہتھیار دیدیے باقی جتنے رہے خوف جان سے مسافرخانہ کی دیوار سے کود کے اکثرون کے ہاتھہ اکثرون کے پانون ٹوٹے اکثر مجروح ہوئے سید عرا اپنے گھر پہونچے تنخواہ سے ہاتھہ اوٹھایا یہ فقرہ کوتوال صاحب کا خود تراش تھا کوتوال صاحب سپاہ کی تنخواہ خود نوشجان کر چکے تھے سرکار مین پہلے کہدیا کہ یہ سپاہی برسرفساد ہورہی ہین یہ حیلہ وقت سب ضبط تنخواہ ہوا پھر سپاہ نے داد وبیداد شروع کی کہ سرکار سے تنخواہ دو مہینے کی اور انعام مرحمت ہوتا ہے اور ہماری تنخواہ مختلف چھ مہینے سے ۱۲ مہینے تک کی چاہیے چنانچہ چوتھے کے تلنگون نے بھی پوری تنخواہ پائی ہے اور بحال بھی رہے ہمنے کون سی عدول حکمی سرکار کی ہے جو اپنے اصل حق سے محروم رہے جاتے ہین پھر افسرون نے چاہا عرض کرین کہ آیا دستور سرکار یہی ہے کہ بروقت تقسیم تنخواہ سپاہ کو زیر تفنگ لین اور تقسیم تنخواہ کے بہانے سے بلائین کوتوال نے منع کیا کہ زنہار ایسا حرف زبان پر نہ لاؤ خلاصہ کارنیگی صاحب نے کوتوال کو فقط اونکی تلوار دیکر اور سپاہ کے ہتھیار لیکر چلے گئے اور حکم دیا کہ ہمارے جانے کے ایک ساعت بعد یہ سپاہی اپنے مقام پر چلے جائین زبانی جگناتھ سنگھ کمان افسر تھانہ حیدر گنج تحریر کیا وجہ اسکی یہ تھی کہ تنخواہ جو آپ کھاگئے تھے وہ روپیہ ماہواری سوا کوتوالی کی تھی اپنی تنخواہ جو دو جرمانہ سرکار مین جاتی تھی انکی اونکی بسر اوقات تنخواہ سپاہ یا معاملات شہر اور چوری پر تھے اسکا احوال بھی سب پر ظاہر ہے۔

دوسری صبحکو ہر کمان افسر تھانہ کو حکم کوتوال پہونچا کہ حسب الحکم صاحب تم اپنے بستر اوٹھاکر چلے جاؤ ورنہ گرفتار بلا ہوکر مدت معینہ مین رہے ہو جگناتھ سنگھ کمان افسر تھانہ حیدر گنج نے سر اسمیہ کر

کوتوال کو عرضی کی حکم ہوا کہ جو تین نے حکم دیا ہی وہی کافی ہی اور حضور صاحب مین یہ ظاہر کیا کہ سپاہی سب تھانے شہر کے خالی کرکے چلے گئے اس فریب سے سراسر سرکشی و تمردی غریب سپاہیون کی ثابت ہوجائے چنانچہ تین دن تک تھانے خالی رہے پھر مندمیر نادر حسین اور سلنگے میر فداحسین کے اکثر مقام پر آگئے یہ دوسرا فریب تھا جو سرزد ہوا

بعد ہفتہ عشرے محمود خان کوتوال لاہور ساکن نجیب آکنگ مرزا علی رضا مقرر ہوی دن تھانے شہر مین مقرر ہوے تنخواہ تھانہ دار پچاس روپیہ ہوئی اور بدفعات چودہ سو برقندانز و چوکیدار اور چار روپیہ تنخواہ کے نوکر ہوی اور دستور العمل انگریزی دیا گیا قواعد کرین اور صبح و شام طیار رہا کرین منجملہ عمارات شاہی جلوہ خانہ پہلوے پہلی گارد برابر کرکے صحن وسیع کردیا اور دولتخانہ قدیم نواب اصف الدولہ مین چھاونی توپخانہ و میگزین رکھا اور دیانت الدولہ کے ترکسواردن کے اصطبل مین گورہ بارک اور فیلخانہ قدیم جسمین خاص ہاتھی سواری کے رہتے تھے استبل بنایا اور دونون دروازہ حضرت گنج مملوکہ نواب ملکہ عہد صاحبہ کو وسعت شارع عام کے واسطے توڑ ڈالا جب بیگم صاحبہ نے چین کمشنر سے شکایت کہلا بھیجی ممانعت ہوئی

صاحبان حکام عالیشان نے جابجا ممالک محروسہ کی توپین جو تین تھین بیکار کرکے تحت ثری النار کردین بارود کو نکی سمجھکر پانی مین بہا دیا ممالک محروسہ مین تھانے ہوی اکثر عمال تحصیلدار شاہی بدستور بحال رہے بہت سے نئے نوکر ہوے مگر بیر و نجات کے بہت ملازم ہوی اقساط ممالک محروسہ بارہ کین اوسمین سے ساڑھے چار ۴½ فروری ۱۸۵۶ء تک مال بادشاہ باقی مال سرکار حالانکہ معمول دس قسط کا تھا۔

فوج سوار و پیادہ کو حکم ہوا کہ بے اسلحہ حاضر ہوکر تنخواہ لے ازروی سواحبہ نجیبون کے اور فوج انگریزی طیار رہی بدامنی صورت فساد پیدا ہوا اکثر جا چھاونیون مین سپاہ کا اسباب لٹ گیا زمیندار تعلقدارونکو حکم محکم ہوا کہ اپنی فوج برطرف کردو قلعہ گڈھی خاک مین ملادو اسلحہ حربی توپ بندوق وغیرہ کو دورکر راجہ تلسی پور نے کچھ تمردی کی تھی گرفتار ہوا راجہ مانسنگ بجلت زربانی سرکار ۳۵۰۰ ہزار کچھ دنون روپوس ہوکر بنارس اپنے بھائی کے پاس تمبر روپیہ مین گئے وہان سے کلکتے گئے یا خدا اور فقیر بیراگی بنکر ہاتھ مین ستار لیے درشاہی پر پہونچے مرزا قربان بیگ

سوار کا پہرہ تھا اونھوں نے پہچانا مگر اعتماد الدولہ کو خبر کی بادشاہ تک گئے ناکام پھر آئے اودہ شاہ نے ہر طرح سے منظور نہ کیا اور حکم دیا جو شخص اسطرح سے آئے ہم تک آنے نہ دو۔

فی الحقیقت بادشاہ کے انکار مین کچھ شبہہ نہین اگر کچھ خلاف سرکار منظور ہوتا تو لکھنو سے اوسکی صورت ہو سکتی تھی نہ یہ کہ کلکتہ مین اور اخر ایسے توہمات سے قلعہ مین سرکار نے رکھا تھا باقی زمینداروں سب سرحساب ہو گئے ملک و املاک و دیہات زمینداری جنسے بجبری تھی اونسے بعد تحقیقات اونکے وارثون کو ملی مگر راجہ مذکور بڑے صاحب نصیب خوش اقبال تھے بہر حال خیر خواہ سرکار مین باعزت رہے۔

ہرکارا خبار یک قلم موقوف خبر رسانی ہر گھر محول خاکروبون پر رہی سات سو سقہ آبپاشی بازار نوکر ہوا اور خاکروب ہر گلی و کوچہ کو صاف کیا کرین۔ کوڑا جمع ہو کر باہر اوے کیواسطے لگا کرے اور کثافت شہر جمع ہو کر زراعت کے کام آوے اسکا بھی ایک دفتر مقرر ہوا سپرنٹنڈنٹی مجسٹریٹ

شاہزادہ مصطفی علی بہادر بہرام صولت صاحب عالم صاحبزادہ حضرت جنت مکان

قبل از روانگی کانپور اکیدن حسب الحکم چیف کمشنر والکزنیدر اور ایک اور والکر صحت الدولہ کے ساتھ باجازت بادشاہ سعادت گنج مین شاہزادہ مصطفے علی بہادر کے پاس آئے جب محل سے برآمد ہوے موافق عادت قدیم ننگے سر تھے والکر صاحب پرسان حال ہوے نبض دیکھی کہا آپکو دردسر اکثر رہتا ہے فرمایا نہین پھر کچھ سوال ہمی ہمینی امتحاناً کیے ہر ایک کا جواب شافی دیا کہا اب بصورت صحیح و تندرست ہین لیکن اس مکان مین انقباض خاطر اور تکلیف ہوتی ہوگی اگر چند روز کے قیام چھاؤنی بن کیجیے تو بہتر ہے فرمایا مین ۱۴ برس کے عرصے سے اسی قید کا عادی ہو رہا ہون اب مساوی ہے بعد اسکے خیر یومیہ کو صحت الدولہ سے پوچھا کہا مجھے معلوم نہین شاہزادے نے فرمایا تم وکیل سلطنت ہو معلوم نہین بعد اسکے رخصت ہوے اور کوتوال پر تاکید حفاظت کی چیف کمشنر سے جا کر کیفیت خاص بیان کی۔

دوسرے دن صبحکو کوتوال بدیں لیکر آئے شاہزادہ کو سوار کر کے بڑی امام باڑی کے دروازے پر لا دہانے گاری پر سوار ہو بنگلہ سندیا دن پہاڑ ترے کپتان ہیر صاحب آئے کلمات تشفی

و دبجوئی اور امتحان سواد علم لیکر چلے گئے اور اسباب سامان ضروری اور خاصہ طعام کو حکم دیا بعد دو مہینے کے حکم ہوا اب اپنے مکان کو تشریف لیجائیے اور سوروپے ماہواری مقرر ہوئے بادشاہ کی سرکار سے ۶۰ روپے ہزار خرابی پاتے تھے غرض چیف کمشنر نے رپورٹ صدر کیا آرزوئے حق وراثت پدری کہ حسب سرشتہ یہ اکبر اولاد ہین مگر بنت مکان نے حق تلفی کی منظور بحق رسانی چیف کمشنر کو تھا مگر لائٹ صاحب نے منظور نہ کیا ہونا اور کرنا تو یہ تھا پھر کیونکر حق بمرکز قرار رہتا۔

جنرل اوٹرم صاحب کا لندن روانہ ہونا کلکتے سے

چیف کمشنر از بسکہ سب و روز متصرم و مہتمم کاروبار سرکار رہے دفعۃً مادہ فاسد جانب راست گرا واکثر صاحب نے تجویز تدہین کی اس عرصہ مین حسب الحکم نواب گورنر جنرل ۲۲ اپریل روز چہارشنبہ مطابق ۷ اشہان سنہ ۱۲۷۲ ہجری ۵ بجے شام کو روانہ کالکتہ ہوے اوسی دن حضور عالم بھی ایکساعت تک خلوت مین حاضر رہے اپنی شکرگزاری بیان کی صحت الدولہ باہر رہے بعد اسکے کچھ اشرفیان بطریق ایمان ہندوستانی حمایل گلوکر کے عنایت ہوے بعد ملاقات نواب گورنر جنرل روانہ ولایت ہوے بعد انکی روانگی کے میجر جنرل جان صاحب ممبر دوم کونسل واقف مورفبئی وکلی اودھ روانہ ولایت ہوے شاید مدت ۵ سالہ کونسل ہوچکی ہوگی۔

عملہ دفتر قدیم رزیڈنسی موقوف ہوا اکثرون کی حسب دستور پنشن ہوگئی اکثر شہر سے بفضل مین نوکری کو نہ گئے وگرنہ اضلاع مین بدستور بحال رہتے بلکہ صورت ترقی بھی ہوتی۔

اجارہ افیون ۶۲ ہزار سالانہ پر ہوا افیونی امر بدیہی معارض ہلاکت مین پڑی سوداگنج کے مارواری سرکار مین دس ہزار روپے نذرانہ دیتے تھے کہ نرخ افیون بارہ روپیہ سیر کا رہیگا اور افیون بدستور بکا کریگی مگر سرکار نے منظور نہ کیا تاجر افیون کا بڑا نقصان ہوا غرباکی دعا کی جہت سے اور اب کل مسکرات اودھ تقریباً ڈیڑھ لاکھ کا محصول آتا ہے۔

بادشاہ کا بنارس سے کلکتہ پہونچنا اور رسوانحات وغیرہ

راجہ بنارس کی کوٹھی مین جنخانے اور اشیای ضروری بتکلف سے آراستہ بادشاہ نے ازبسکہ

راہ مین تکالیف شاقہ اوٹھائی تھین فی الجملہ صورت راحت مستعار دیکھی دوسری کوٹھی مین جنابعالیہ جرنل صاحب نواب مخدرہ عظمی رونق افروز تھین تیسرے دن راجہ رامکو اور اونکے بھائی مع مولوی گلشن علی اور چند اہل اسلام سفید عبا بر دوش نواب منور الدولہ کے پاس آئے وہان سے اونکے ساتھ حاضر ہوے سات ہزار پیشکش ضیافت یا نسو تصدق کے حاضر کیے نذر زحمت ہوے اور امیدوار تھے کہ سارے لشکر شاہی کی ضیافت بخت الطعام سے کرین لیکن بادشاہ نے اسے بروقت انشاء اللہ رکھا ہر چند بیشتر سے سامان ضیافت لکڑی گھاس ظروف گلی چارپا ہر قسم کے اجناس غلہ طیار رکھا تھا اور سواریان جتنی اونکی سرکار مین تھین ہر وقت ملازمین شاہی کیواسطے طیار رہتی تھین کہ جب چاہین شہر مین سوار ہوکر جائین اور کئی وارد غہ مہتمم اشیاء ضروری دیوان عام مین حاضر رہتے تھے۔

نواب منور الدولہ اور بیگہ ہمیشہ شایق و مشتاق شکار کے رہتے تھے راجہ کے ساتھ مقام پلکیہ مین تشریف لے گئے تھے ہر چند کہ یہ حرکت اس حال مین مضبوحی تھی ایک جوری گھوڑی کی بہت تحفہ راجہ نے دی بادشاہ راجہ کی حسن خدمات سے اور اونکے حضور قلب ہونے سے بہت خوش ہوے جسدن تشریف فرما ہونے لگے خلعت معمولی عنایت فرمایا راجہ نے ایک مہر ایک اشرفی نذر اور کئی کشتیان تحفہ نہارس گذرانین دوسرے دن معرفت مشیر الدولہ نواب صاحب محل کو نذر بھیجی۔

ہیجر برڈ صاحب سفیر شاہی کانپور سے قبل از روانگی لشکر کلکتہ گئے تھے نہارس مین مثل ہمارے اقبال پھر آئے شرف ملازمت حاصل کی اور از راہ استصواب جو کلکتہ مین اپنے دوستان خاص اور محرم راز سے جو مشورہ صلاح کی تھی مشروحاً عرض کیا وہ کسی پر مفصل نہ کھلا

خلاصہ بادشاہ ۱۹ شعبان روز جمعہ ۱۲۷۲ھ مطابق ۲۵ اپریل ۱۸۵۶ء وقت عصر مرکب وخانی خیرل مگلور سوار ہوے صبح شنبہ روانہ کلکتہ نواب مؤید الدولہ و مخصوصین خاص مقربان صدق شعار و بیشمار ضروری ہمراہ رکاب تھے نواب معظم الدولہ نواب مجاہد الدولہ باقی اور متعلقین اسکان دولت تھے کشتی بجرے کرایہ پر راہی ہوے جنابعالیہ نواب خاص محل اور صاحبات محل ڈاک گاڑی مین بعد ایک دوسرے کے روانہ ہوے خلاصہ نہارس سے صورت انتظام خاص لشکر سلطانی و زینہم

ہوگئی ہر ایک اپنے مرکز عالم خسرخاور سے مثل نبات النعش جدا ہوگیا چنانچہ یہ قافلہ شاہی بعد طی منازل وسیر وسیاحت راہ روز سلخ ۳۰ شعبان مطابق ۶ مئی مقام رانی گنج مین پہونچا وہان سے ریل پر ۸ ساعت کے عرصے مین کٹرہ راجہ بردوان کنارہ دریا بانع سبل گا جیا مین آکر ہنگام ورود سواری صاحبات محل کیواسطے قنات سائر کھیچ جاتی تھی پالکیون مین سوار ہو بہت اہتمام سے داخل مکان ہوتی تھین بعد اسکے یہ تجویز مصلح السلطان پانسو روپیے کرایہ کی کوٹھری لیکر پیشگی ایک مہینہ حسب دستور دیا لیکن جب جناب عالیہ نے ناپسند کی کرایہ داخل تصدق راہ ہوا آخر بصلاح مولوی مہیج الدین خان کوٹھی راجہ بردوان دوچی کھولہ تین کوس شہر سے ہزار روپیہ کرایہ پر سوا مرمت تنکست ورنجت لی۔

مرکب شاہی نے ۷ ماہ مبارکہ روز سہ شنبہ مطابق ۱۳ مئی شام کو زیر کوٹھی مذکور لنگر کیا راہ مین جو مصائب اور صدمات روحانی نادیدہ بسبب شدت موسم تابستان اور طوفان اور جابجا زمین گیری جہاز اور سندربن گنگا ساگر کی کہاڑیون سے آنا کہ قریب خلیج بنگالہ ہے یہ صدمات تحریر وتقریر سے باہر ہین اوسوقت اشخاص مشخصہ کنارے سے جہاز پر جاکر حاضر حضور ہوئے فرمایا دیکھو اس مدت سفر سے ہمارا کیا حال ہوگیا ہے یہ سنکر حاضرین رونے لگے اور اونکی بن بڑی جنھون نے سفر لندن اور سمندر سے ڈراکر نقش کالحجر کردیا تھا بعد اسکے کپتان جہاز کو خلعت فاخرہ عطا ہوا کو حکم انعام فرماکر داخل کوٹھی ہوئے،

تاریخ سفر وسیلۃ الظفر

وحید این برآوردہ سال عجیب — کہ نصر من اللہ وفتح قریب

ایضاً لندن کا سفر تھین مبارک ۱۲۷۲ھ

اسکی تصدیق بروقت پہونچنے لندن کے ہوئی۔

ہمراہیان لشکر ظفر پیکر بھی انواع واقسام مصائب سفر نادیدہ مین حالت سفر مین مبتلا ہوگئے تھے کچھ لباس سرما مصلح السلطان اور اہتمام الدولہ کا غریق رحمت ہوا چوب خیمہ کے گرنے سے کچھ چشم مین زخم بھی پہونچا ایک کشتی خیمہ سرکار کی ڈوبی نواب منتظم الدولہ اور مجاہد الدولہ کا بجرہ طوفانی ہوگیا بعد چند روز کے عجب خستہ حالی سے پہونچے خلاصہ ہر شخص کو موافق اوسکی حیثیت کے

نقصان اور صدمہ ہوا۔

بہت سے صاحبان اولی الحزم متمنی سفارت شاہی ہوئے اور ہر ایک نے نمونہ اپنے باغ سبز کا دکھایا چنانچہ پیٹرسن صاحب منجملہ نامور ان صاحبان کو سیل سپریم کورٹ کلکتہ جو تحریر نقریر میں بہت مشہور تھے پہلے بنوز ہوئی پھر نہ معلوم اس امر میں احسان حسین خان یا جان دستور معظم ہوئے سید حسین شیرازی کانپور سے ہجرت کر کے اس حال سے آئے خان موصوف نے دیکھا کہ نواب مشورالدولہ سے صورت موافقت نہیں ہوتی رفتہ رفتہ نواب خاص محل سے رسائی پیدا کی لیکن نواب سے کوئی صورت نہ ہوئی آخر سوائے اس کے کہ داس فرقہ خاص کی رقتا و کردار سے خوب واقف تھے ہر چند از راہ اپنی قوت بازو می شاد وری تدبیر بہت سے ہاتھ پانوں مارے ان سب کے بعد بیرا دلاد علی المعروف جعلساز مشاہیر لکھنؤ دستور معظم سے دو ہزار روپے زاد راہ لیکر اکرام الدولہ کے سابق کے وسیلے سے نواب خاص محل تک پہونچی سبحان اللہ جہاں الیسا مصالح جمع ہوتا ہے پھر کیونکر مفتاح فلاح حاصل ہو ہر شخص کو اپنا فایدہ مقدم تھا یہی صورت ناکامی کی تھی کہ ادبار ہین سب کی عقل زایل ہوگئی تھی

مولوی مسیح الدین خان اور میجر برڈ صاحب نے جب یہ صورت خاص مقربان سواری خاص کی دیکھی کہ ان صاحبان سفرنادیدہ نے بھاگی رت دریا کلکتہ دیکھکر بجز محیط لندن سے ہاتھ دھو اور خاطر اقدس شاہی مین اپنے خدشے دل کے مرتکز کر دیے اور نواب خاص محل نے صاحب مغفری کے سمجھانے سے بارہ ہزار روپے ماہواری کے صرف سے ہاتھ کھینچا اور منظور خاطر یہ ہو کہ اقربا سے قریبہ سلطنت ہر شخص اپنے کو کفالت نہ اپنے پاس سے کرے یہ طعن و آوازہ نسبت جناب عالیہ وجرنل صاحب تھا انپر بہت شاق و ناگوار گذرا بلکہ صورت خلاف پیدا ہوئی آخر بادشاہ نے تنگ ہوکر یہ خرچ معینہ خزانہ عامرہ تحویل کنز الدولہ سے مقرر فرمایا نواب خاص محل جو بواسطہ اکرام الدولہ صورت موافقت نواب منور الدولہ سے ہوتی تھی اوسکی خلاف ہوتی خان موصوف نے ایک رخنہ بندی تو کی۔

میجر برڈ صاحب طالب اپنے زر معہود کے ہوئے نا فہموں نے نواب خاص محل کو سمجھایا کہ اگر یہ صاحب جلیل القدر بے سند و اسناد کسی حیلے سے اپنی ولایت جا کر مشہور ہو اسکا چارا

علاج کیا ہوگا آخر ایسی گفتگوی بے ربط سے بموجب شکستہ دلی صاحب موصوف ہوا چار ناچار امید وار ایک لاکھ ۳۵ ہزار روپے خالص کے ٹھہرے جسکے بھروسے پر سرکار کمپنی کی نوکری استمراری سے ہاتھ اوٹھایا بہزار خرابی مبلغ مذکور ۲۰ ہزار روپے نواب خاص محل نے بابت رسوم سرکاری کاٹ کر بانی کا سونا کا پنور مین دیدیا تھا وہ مجرا لیا غلامہ صاحب ممدوح جہاز پر روانہ دلایت ہوے صاحب مقدور تھے کچھ محتاج روزگار کمپنی نہ تھے بعد انکے جانے کے حریفون نے مشہور کیا کہ صاحب بھاگ گئے حالانکہ انکی حقیقت خلافت و وفاداری کے معلوم ہوگی جو سوشن ہمپٹن لندن سے ۶ کوس خاص و عام پر ظاہر دیا۔

اب مشورہ خاص یہ ٹھہرا کہ حضرت کی رونق افروزی سے ابتک حکام گورنمنٹ سے کوئی پرسان حال نہوا اب گورنر جنرل کو محبت نامہ بھیجنا چاہیے چنانچہ منشی میر باقر علی نواب منورالدولہ سکریٹر صاحب کے پاس وہ محبت نامہ لیکر گئے جسکا مضمون یہ تھا کہ مابدولت اس مدت مالیشان مین مع اقربای ذریعہ اور چند شاگرد پیشہ سے آوارہ وطن مالوف سے ہو بعد برداشت صعوبات سفر کلکتہ پہونچا بمجرد بے اعتنائی اہالیان سرکار خلاف دستور روابط قدیم سے سراسر باعث استعجاب و موجب تحیر ہوا

اوسکا جواب یہ ہوا کہ نیازمند کو آپ کی رونق افروزی کلکتہ کی خبر نہوئی وگرنہ تعارف معمولی مثل سلامی توپ وغیرہ حسب سررشتہ عمل مین آتا اور وردآپکا خارج کلکتہ ہوا۔ لہذا حکم سلامی دیا جاتا ہے اور سفر لندن کا آپ کو اختیار ہے فی الحقیقت اس سراسیمگی و پشیان خاطری سے وطن مالوف سے نکلنا بسبب آپ کے التفات معایش دوستانہ خبرل اوٹرم صاحب ہوا جو حسب تجویز لوٹسل بحکم صاحبان کورٹ آف ڈرکٹرس سمجھائے گئے تھے اور امورات مجوزہ نواب گورنر جنرل لارڈ ولیم بنٹنک بہادر مین نیازمند کو کچھ مداخلت نہین۔

دوم شوال مطابق ۶ جون مرزا امجد علی خان صاحب صاحبزادی نواب حکیم میر محمد حکیم میر علی بہ سبب علالت مزاج و ناموافقت آب و ہوا بعزمت داخل لکھنو ہوے اب سنئے میر باقر علی کوئی اور بقربان نواب سے وہان نہین اور جتنے مقدمات ہوتے تھے معمول برا نواب تھے صاحبان عالیشان کورنر جنرل نواب بشاشی بہت ناگوار تھی کہ ہماری متوسل ہو کر کیون شریک حال ہوے

اسی حجت سے نواب وسکرٹ سے بھی ملاقات نہوئی ہر چند کہ انھوں نے چاہا مگر نہ ہوئی یہ بھی محبوب تھے کچھ بن نہ پڑتا تھا۔

ارزوی اخبار لندن میل انگریزی معلوم ہوا کہ اہالی لورٹ آف دائرکٹرس نے ایک کاغذ داخل سررشتہ پارلیمنٹ کیا مشتمل حساب قرض ایسٹ انڈیا کمپنی بادشاہ اودھ کا آغاز حساب سنہ ۱۸۱۶ء سے نہایت سنہ ۱۸۵۵ء تک کہ بہ وجوہ مبلغ چار کرور ستر لاکھ ۸۹ ہزار نوے روپیہ بادشاہان اودھ سے بدفعات قرض لیے منجملہ اوسکے ایک کرور بعوض بعضے حدود مفتوحہ ملک نیپال جو بادشاہ کو دیا گیا اور ایک کرور ۹۳ لاکھ ۸۳ ہزار سات سو ۶۵ روپیہ نقد موصول ہوا یعنی سرکار کمپنی نے ادا کیا باقی ایک کرور اسی لاکھ سات ہزار دو سو ۳۵ روپیہ جو دین شاہ اودھ ذمہ کارکمپنی انگریز بہادر رہا بسبب ضبط ہونے سلطنت کے ذمہ سرکار سے ساقط ہوا ماشاءالله

اخبار کلکتہ سے یہ بھی کھلا کہ صاحبان انصاف ولایت متفق الرائے ہین کہ بادشاہ لکھنؤ اپنے ملک مین اختیار کلی رکھتا تھا جو مناسب جانا وہ کیا اگرچہ ہمارے نزدیک وہ غیر مناسب تھا اور درحالیکہ بادشاہ ہمہ تن اطاعت و موافقت سرکار انگلشیہ مین مطیع و منقاد رہا اب احکام ضبطی لکھنؤ کا ہونا اگر سرکار مدعی ہوجاوے تو اسصورت مین ننگ قوم انگریز ہین۔

چیف کمشنر جدید کا آنا اور بعض سوانحات

۸ مئی سنہ ایلیہ مطابق ۲ ماہ مبارک سنہ ایلیہ کالونل کوری جگٹن صاحب بہادر ممبر صدر بورڈ آگرہ قائم مقام جنرل اوٹرم صاحب ۸ بجے صبح کو داخل کوٹھی رزیڈنٹی ہوے تسلک سلامی ہوے تکلفات ظاہری دھوم دھام جتنے تھے داخل رزیڈنٹی تھے وہ سب بادشاہت کے ساتھ گئے

ایک دن چیف کمشنر کپتان ہیرصاحب بر سبیل تفریح قیصر باغ مین تشریف لاتے موافق دستور قدیم منتظر تامجان کے رہے کہ جب گاڑی سے اترتے تھے سوار ہوکر داخل باغ ہوتے مفتاح الدولہ نے عرض کیا تامجان سواری موجود ہے مگر کہار کہان کسواسطے کہ اس زمانہ مین سلطنت سے کوئی خبر بحال نہین رہی حسام الدولہ بھی شریک صحبت ہوے چیف کمشنر نے کہا کہ اسی باغ کو قیصر گڈھ کہتے تھے یہ تو سوم سے بھی نرم ہے غرض کی کہ اسے بادشاہ نے محض اپنی

اور بے ترتیب دیکھکر بہت تاسف کیا اور مفتاح الدولہ سے سبب پوچھا عرض کی یہ حال میجر کارنیگی صاحب کی بدولت ہوا ایک دن سارالتب خانہ فرح بخش کی الماریون مین تہ بتہ تھا باہر نکلوا کر پھکوا دیا فرمایا اب تم اونھین آراستہ کرکے رکھو عرض کی عملہ اسکا سب برطرف ہوگیا جنھین ہزار ہا روپیہ کی تنخواہ ملتی تھی وہ سب برطرف ہوگئے فرمایا کارنیگی صاحب کو اسقدر زیادتی نجا ہیے تھی پھر فرمایا مکان شاہی اسقدر وسیع ہے اگر پہریلی احتیاج ہو ہم بھیجدین عرض کی اگر ضرورت ہوگی عرض کرینگے

روانگی جناب عالیہ جنرل صاحب مرزا ولیعہد بہادر بہ لندن

مختصر یہ ہے کہ جناب عالیہ جنرل صاحب جب سب طرح سے تنگ ہوے اور کوئی صورت قیام الطمینان کی دیکھی بہت افسردہ خاطر ہوے اوچار وناچار غرم بالجزم لندن اختیار کیا جانے کے بہت سے اسباب ہوے اول یہ کہ مداخلت اغیار امور سلطنت مین دوسرے خلاف رائے اراکین تیسرے ناموافقت نواب خاص محل سفر غربت مین چوتھے عبث عبث زیر باری خرچ لابدیات اپنے پاس سے آوارہ وطنی بہرحال لندن جاکر اپنا عرض حال جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا سے بامید موہوم جب وہ سریر آراے سلطنت براہ الیمن ہماری سکستہ حالی کو ملاحظہ فرمائینگی اور درخواے سلطنت رحمدلی سے از روے انصاف عرض کرینگے بس وہ کیونکر اپنی جود ہمت سے استرداد سلطنت مین دریغ فرمائینگی۔

غرض حضرت بسبب شدت حرارت تابستان اور عارضۂ لاحقہ اور کچھ مشاہدہ راہ کے صدمۂ طوفان اور ارکان دولت کے سمجھانے سے اور از راہ مصلحت وقت کہ اگر خدانخواستہ عرض حال مقبول بارگاہ سلطانیہ نہوئی تو درصورت یاس کلی پھر مراجعت ہندوستان کا کچھ لطف نرہیگا بظاہر اسمین ایک پردہ رہنا بہتر ہے یہ سب امور مانع تشریف بری ذات خاص ہوے۔ چنانچہ ایسا ہی حال نواب مرشد آباد کا ہوا کہ جب اپنے مطالب سے ناکام ہوے اب ہندوستان کی مراجعت ناگوار ہے ہرچند اونکی ماں طلب کرتی ہین نہین آتے اودھ ابھی توفیق ہوتی ہو کہ مشاہد مقدسہ کی مجاورت اختیار کرین۔

مرزا ولیعہد بہادر جب ان حالات اندرونی و بیرونی سے واقف ہوے بسبب جوش و خروش شباب جوانی و از راہ اولوالعزمی مستعد سفر و سبیل النظر ہوے پہلے اپنی مادر گرامی سے عرض حال کیا جب مقبول خاطر مقدسہ نہوا بلکہ حرکت طفلانہ سمجھکر فرمایا کہ اگر بادشاہ تشریف لیجاتی تو ہم سب کا جانا ہوتا اب تمھارا جانا فضول ہے خلاصہ یہ کلمات جو محبت مادری سے ارشاد فرمائے مایوس ہوکر نواب کے پاس آئے اپنے رازدلی سے آگاہ کیا نواب اودھنین بادشاہ کے پاس لائے مشروحاً عرض حال بادشاہ سے کیا بادشاہ نے محبت پدری سے ارشاد کیا اور ساجد درگاہ الٰہی ہو احمد اللہ کہ ہماری اولاد بھی صاحب ارادہ و توفیق رفیق فہم سلیم سے متصف ہوئی نواب سے فرمایا تم سامان سفر قرۃ العین درست کرو

کرایہ جہاز دودی کلکتہ سے سویز تک درجہ اول کا فی کس مع خوراک بارہ سو روپیہ درجہ دوم کا چار سو مقرر ہوا چنانچہ مسماۃ بنگال جہاز ٹھہرا ایک سو دس آدمی سب ذکور اناث تجویز ہوے مولوی محمد مسیح الدین خان سفیر شاہی کی ماہواری سات سو فشی نیر رفیع کے تین سو حاجی الحرمین شیخ محمد علی واعظ و ذاکر رفیق خاص جنرل صاحب کے دو سو دو ہزار چار سو پیشگی ملے تھے رنڈ نصاحب مہتمم جلیس الدولہ مصاحب مرزا ولیعہد بہادر دس لاکھ واسطے اخراجات قیام ولایت وغیرہ دہ ہدایاے بیش بہا جو سرکار شاہی سے واسطے جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا ایک پارچہ الماس پر جسکا وزن تین سیر سے کم نہ تھا تبانی مفتاح الدولہ دوسرا ہار یاقوت و مروارید کنگھی پر چہ الماس جو شامل ہدیۂ ولایت مرسلہ حضرت خلد منزل تھی بہت سے مالہ مروارید انگوٹھیاں ہر قسم جواہر کی لباس انگریزی ہدیہ جناب عالیہ مثل سایہ یعنی پیشوا رہبت تکلف تیس ہزار روپیہ کی طیاری کی اور اسباب ضروری سفر جلوس سواری وغیرہ بوجہ سواری جناب عالیہ ایک نامہ شاہی متضمن حال خود جناب ملکہ دوران کیواسطے اور مختار نامہ امور خیر و کلی سپرد جناب عالیہ کیا گیا بادشاہ نے نواب سے بہت مبالغہ سے فرمایا کہ تم مرزا ولیعہد بہادر کے ساتھ جاؤ باعث میرے اطمینان کا ہوگا اور پھر کسیطرح کا خدشہ و خلجان کسی امر کا نہ رہے گا اور شخص سرحساب رہے گا ورنہ بہت سے خدشوں کا احتمال ہوگا نواب نے عذر ہاے پیش کیے آخر بنا بر استخارہ ذات اقدس پنجشنبہ پانچ قعدہ ۱۲۷۰ھ حکم مساعد آیا بلے دل نخواستہ راضی

الغرض ۱۴ شوال روز سہ شنبہ ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۸ جون ۱۸۵۶ء بارہ بجے راکھوجنا بعافیت سوار ہوئین وقت رخصت عجب حشر قیامت محل سے برپا ہوا نعرۂ انفراق والوداع مخدرات اوس پردۂ شب مین محیط کرۂ عالم ہوا تھا ہر ایک کی آنکھ سے مسلسل در اشک رشک دریا بھاگیرت بہ رہا تھا اور ہر دل جل بھنکر کباب ہوگیا تھا قرب وجوار کے رہنے والے سب سوتے سے جاگ اوٹھے تھے ہزار ہا زن ومرد در دولت پر کھڑا ہوگیا تھا اور گردش دور فلکی اور انقلاب زمانہ دیکھکر از خود گم ہوگیا تھا کہ ایسا انقلاب بھی تمام ہندوستان مین کبھی نہین ہوا تھا یہ عورات عالیخاندان شاہی جنھون نے مدت عمر تک صورت دریا نہ دیکھی ہو وہ ایسا دور دراز سفر بنجر دخار سمند اختیار کرین دیکھیے آخر انکا انجام اس سفر کا کیا ہوتا ہی اور کیونکر کہین کہ اہل انصاف ولایت اپنے رحم نہ کرینگے خلاصہ اول صبح جہاز نے لنگر اوٹھایا زیر کوٹھی شاہی گذار بادشاہ فرط بے قراری سے برآمدے مین کھڑے ہوے جنرل صاحب نے ومرزا ولیعہد نے آداب سلام بادشاہ نے خدا حافظ کہکے رخصت کیا طرفین کو عجب صدمہ روحانی ہوا۔

بعض سوانحات کلکتہ ولکھنؤ وآمد رفت اشخاص مشخصہ

شوکت الدولہ نواب محمد خان قافلہ شاہی کے ساتھ راہ خشکی سے کلکتہ پہونچے پہلے وہی قدیہ مسافرین راہ ہوے یعنی دوسرے دن ہیضہ وہائی سے راکھو مرگئے اونکی نعش بیخبری سے رات بھر پڑی رہی جب مولوی میح الدین خان کو خبر ہوئی حمیت اسلام اور اپنے مذہب وملت سے اہل محلہ کو خبر کرکے دفن کیا اسباب کا طالیقہ کردیا کو انغذا سادھری وغیرہ مال سرکار جو اونکے صندوقچی مین تھی میجر برڈ صاحب نے بہت سی رد وقدح کرکے لے لیے اونکے بعد شیخ مصاحب علی خدمتگار قدیم بھی اسی عارضہ سے اونکا ہمبستر ہوا

بندہ علیخان صاحب عنان بادبہاری سلطانی بعد گلو خلاصی خدمات تعلقات اپنے مع امید علی اور اپنے چھوٹی بھائی کے کلکتہ پہونچا بعد شرف ملازمت حسام الدولہ ومفتاح الدولہ کے باب مین بہت جھوٹ سچ دل سے بناکر غرض کیا لیکن چاہ کندہ راچاہ درپیش ہوتا ہی چند روز مین عیش کلکتہ اوٹھاکر ناکام لکھنؤ آیا چند روز بعد نواب سعید الدولہ کی گاڑی پر اوس کے بعد معاذ

مہاراجہ صاحب والی بلرام پور کا نوکر رہا مرگیا۔

۲۹ شوال روز پنجشنبہ مطابق ۳ رجولائی حکیم میر علی منشی منصب علی مع لوازمات طلب کا راہی کلکتہ ہوے مگر حکیم میر محمد اپنی علالت مزاج سے رہ گئے شہر کے بیباکون نے ایک خطاب ذہنی تراشکر نسبت نواب مشہور کردیا یعنی افسر الوزرا ناصح الخاقان دبیر الملک وزیر الممالک نواب گورنر جنرل منور الدولہ احمد علیخان بہادر وزیر ہند۔

سید عبداللہ جابسی مقیم لندن نے عرضداشت بادشاہ کو ارسال کی متربان بادشاہ سمع نظر اقدس سے گزری اس مضمون سے کہ استرداد ممالک شاہی چشمداشت انصاف جناب ملکہ معظمہ کی یقین واثق ہے کہ نواب گورنر جنرل بہادر شرایط مرادات حضور مین بھیجین گے۔ اوسکی منظوری کا آپکو اختیار ہے اسیطرح کی دو تین باتین اپنی گرم بازاری سے بناکر مندرج کین بادشاہ نے صلاح الدولہ کے خطاب کی مہر کندہ کرواکر بھیجی چنانچہ مفتاح الدولہ نے لکھنؤ سے اوسی ڈاک مین روانہ کیا تھا اور یہ سب بے اصل و بے فروغ تھا۔ لندن مین یہان سے زیادہ کامل وطامع جاکر مقیم ہوے ہین۔

انکی حقیقت حال یہ ہے کہ یہ نواسے منشی میر غلام حسین جائسی کے ہین جو رکٹس صاحب کے زمانے مین بسفارش الگزندر صاحب تاجر کلکتہ میر منشی رزیدنٹی ہوے تھے بعد اونکے چلے جانے کے یہ بھی اپنے وطن مین باطمینان جاکر بیٹھے تھے جب کرنل لاکٹ صاحب بضرورت تحقیقات کسی امر خاص کے انھین طلب کیا یہ اوسکے اظہار مین اپنے خوف آبرو سے پنجہ مارکر مرگئے پردہ دری سے بچے سید عبداللہ پہلے محافظ دفتر سفارت کلکتہ تھے بعد اسکے کسی طریق سے کسی صاحب کے ساتھ لندن پہونچے وہان کے رئیس از راہ جوہر شناسی علم باغرت پیش آئے صورت معاش بھی بخوبی نکلی بعد چند روز کے بی بی ولایتی سے جو مین کسی پادری کی بیٹی کسی افسر فوج کی تھی بعد ایجاب مذہب عیسائی شادی ہوئی کسواسطے کہ عقد شرعی بے اختیار کیے مذہب عیسائی پادری نہ پڑھے گا اب انقلاب سلطنت سنکر از راہ رسوخ وخود نمائی دولتخواہی رعایائے ممالک محروسہ سمجھکر یہ صورت پیش کی شاید کہ ہمین بضمیمہ ہیرد پر بال مگر کچھ مفید مطلب نہوا اخبار کلکتہ سے یہ احوال لکھا گیا۔

ایکدن مرزائی صاحب وکیل اور بھائی آغا علیخان ناظم سلطان پور نے چیف کمشنر سے عرض کیا کہ ناظم بسبب علالت مزاج امیدوار حاضر حضوری کے ہین دس سوار جاکر سلطانپور سے لے آئین ناظم سوارون کی آشتی سے لکھنؤ مین پہلے داخل اپنے گھر ہوے جب سوارون نے رپورٹ داخلہ کیا حکم برطرفی ملا اتفاقاً ناظم بھی اوسیوقت سلام کو حاضر ہوے حکم حوالات ہوا پھر حسب سررشتہ مہاجن کی ضمانت سے نجات پائی چند روز تک ڈاکٹر فیرر صاحب سے علاج کیا کہ اسی حیلہ علالت سے قیام لکھنؤ ہو تو بہتر ہے مگر یہ عذر مقبول نہوا بہتر تاکید ہوئی کہ اپنی واصلات کو حکام ضلع کے پاس جاؤ تو بہتر ہے زبانی مرزائی صاحب جو ہر پنجشنبہ کو کربلا مین زیارت کو آتے تھے۔

میر مہدی حسن خان ناظم سلون بہ علت ضمانت لاکھ روپیہ بابت اقساط چار مہینے کے قید ہوے ہر چند عرض کیا کہ ۷۰ ہزار ارسال سرکار ہو چکے ہین ارڈر کاغذ دفتر دیوانی دریافت کیجیے اور زرپائی کو قانون گویون سے دریافت کیا جاے کہ مین نے وصول کیے یا نہین یا زمیندارون کے ذمہ ہین آخر بعد تحقیقات کے چھوٹ گئے۔

مرزا رفیع الشان مرزا عظیم الشان شاہزادے فردوس منزل حسب الحکم چیف کمشنر کئی دن تک متواتر مرزا خورم بخت کے گھر جاکر منتظر طلب ٹھہرے رہے ایک دن چپراسی نے آکر کہا کہ شاہزادون کے پانون مین ہندوستانی جوتہ نہو سادے چمڑے کے بوٹ پشکر آدین یا زاد سے خرید کر حاضر ہوے کپتان پیز صاحب نے ملاقات کرکے ایک کاغذ مہر کرنیکو دیکر رخصت کیا۔

چیف کمشنر نے خصوص تفویض پنشن افسران فوج شاہی و مدرسین مدرسہ وغیرہ نواب گورنر جنرل کو رپورٹ کیا حکم ہوا کہ بقید مدت ملازمی ہر ایک کو پنشن دیجاے چنانچہ صاحب نے افسر اور پیادہ کیواسطے سو روپیہ کی پنشن کی اکثرون کو ملی باقی امیدوار رہے اس عرصے مین بلوۂ فساد ہوگیا یہ سررشتہ درہم برہم ہوگیا جو لوگ امیدوار تھے وہ بھی محروم رہے اور تین مدرسین مدرسہ کو بقید نوکری ملی باقی امیدوار رہے۔

۲۶۔ شہر ذیقعدہ روز سہ شنبہ مطابق ۲۹ جولائی کشتی دخانی اور کئی بجرے سلطانی حسب الطلب بادشاہ گومتی سے روانہ کلکتہ ہوے راہ مین حکام کے حکم سے باحتمال خزانہ و اسباب بیش قیمت رد کے گئے بعد تلاشی حکم ہوگیا جب کلکتہ پہونچے اتفاقاً پہلے نظر اقدس دنپر بڑی بہت خوش ہوے

مرست طلب تھی پانچہزار روپیہ دیکر آراستہ کیا۔

اکیدن حکام نے چاہا کہ درگاہ حضرت عباس مین جو اسباب چاندی سونے کا ہی اوسے بھی ضبط کیجیے مفتاح الدولہ نے عرض کیا تصرف مال وقف جایز نہین مگر ازراہ حکومت اختیار ہے انکے سمجھانے سے بدستور متعلق سرکار رہا

لارڈ ڈالہوزی صاحب گورنر جنرل کا لندن مین پہونچنا

اخبار لندن میل سے دریافت ہوا کہ جب لارڈ ڈالہوزی صاحب لندن پہونچے ۱۴ مئی ۱۸۵۶ء کو صاحبان کورٹ آف ڈیرکٹرس نے موافق طریق متضبطہ روبرو ۶۰ صاحبان شوری خاص واسطے پنشن نواب محتشم الیہ بیان فرمایا چنانچہ لفٹنٹ کرنل سکسن چیرمین نے شکر گزاری اونکی شروع کی کہ جو بابہ انتظام مملکت برطانیہ قبضہ متصرفہ قدیم مین جانب شرق وغرب ہوا تھا اوسیطرح ممالک ہندوستان وسطی مین بھی واقع ہوا چنانچہ ملک پنجاب جو قدیم سے مشہور و معروف اور نظر مفتوحات سے بعید معلوم ہوتا تھا اور فتح وفیروزی ملک پیگو جو باعث مزید جاہ و علاج ہوے اور جتبک باتمام نہ پہونچے بہ طریق پیشینہ می اختیار قدرت سے باہر تھا جو ہمارے مکنون خاطر تھا اور ریاست ناگپور جو بسبب ضعف وسستی وغفلت مغلیہ سے مرہٹون کے ہاتھ آیا تھا بہ سبب نہ ہونے مستحق وراثت کے بالفعل وہ قبضۂ تصرف برطانیہ مین آئی اسی طرح سی مملکت سلطنت اودھ جو بالفعل قبضۂ تصرف برطانیہ مین آئی اور اون ظلمون سے جو مدت دراز سی وہان ہورہے تھی حیات تازہ پائی اور باعث ننگ ضمانت برطانیہ معلوم ہوتا تھا اور گورنمان ضمانت نے متواتر حکام اودھ کو سمجھایا لیکن لارڈ ڈالہوزی صاحب نے ایسے احکام مناسب حال ہو کیے جو پایۂ قبول ومنظور مین پڑے نہ فقط رعایا بلکہ حکام بھی راضی ہوے اور بہ سبب عدم ارتکاب خونریزی کہ ایک قطرہ خون ناحق بھی نہ گرا باعث خوشنودی ورضامندی خاص وعام ہوا پس ان نتیجون سے قطعی خورسندی ممالک باعث تشفی وموجب تسکین ہوئی کہ ملک پنجاب ایک کرور پچاس لاکھ پیگو ۲۷ لاکھ محاصل کا ناگپور ۱۲ لاکھ کا اور بالفعل ملک اودھ بھی ایک کرور پچیس لاکھ کا پس یہ مبالغ ومحاصل ستارہ اور مقبوضہ حیدرآباد سندھ وغیرہ مجموع چار کرور

۲۳ - لاکھ سالانہ کا ہوتا ہی لیکن اگر یہ رائے لارڈ موصوف خبگ وجدال ظاہری مین ہوتی افزونی سلطنت اور انتظام سلطنت اندرونی ونظم ونسق مفید وترقی کا ہوتا اور کام سرسبزی تجارت ایسا ہوتا اور احکام انتظام واسطے حفاظت رعایا کے ظلم سے پہلے اونکے مکنون خاطر ہوتے ازین قبیل نہر زیادہ گنگ جو اونکے عہد دولت مین جاری ہوئی جسکی ابتدا کھودنیکی ماہ اپریل ۱۸۵۴ء سے ہوئی اوسکا پانی ہزارون میل سے سرسبزی زراعت ہوتا ہی اسیطرح نہر ملک پنجاب مین جسمین کشتیان چار سو ۶۵ میل کے فاصلے سے آتی ہین ایضاً راہ سندھ مین نہرین کھدوائین پل بندھوائے اور بہت سے کارنمایان اونکے زمانے مین ہوی اور ہر پریزیڈنسی مین کچہریان تحصیل ماحصل کیواسطے مقرر ہوئین اسیطرح تار برقیہ جو کلکتہ مین ۱۸۵۳ء مین واسطے سہولت خبر رسانی شروع ہوا یکم فروری ۱۸۵۵ء مین اختتام پایا اور تینون پریزیڈنسی باتفاق یکدیگر ۵۰-۳۰۰ میل تک راہ مین گیا اور بہت تخفیف سے ریل روڈ دخانی جاری ہوئی اور مجموع محاصل ممالک محروسہ تقریباً ۲۶ کرور سے ۳۰ کرور تک پہونچا اور ترقی اسکول کالج انگریزی شفاخانہ ہندی وغیرہ کی ہوئی خلاصہ اوس طریق سے معروف ومتوجہ کاروبار سخت ودشوار کے رہے جو دوسرے سے اس بیدار مغزی سے مشکل معلوم ہوتے۔

غرض بعد قیل وقال وظیفہ پنشن پچاس ہزار سالانہ لارڈ موصوف کیواسطے مقرر ہوا اگرچہ رای اکثر صاحبان شوری کی اسکے خلاف تھی بہرتقدیر پنشن سرکار کمپنی نے اپنے انصاف وقدردانی سے مقرر کیا۔

روانگی حضور عالم لکھنؤ سے سمت کلکتہ اور معاودت نواب منور الدولہ

مثل مشہور ہے آب آمد تیمم برخاست بعد روانگی قافلہ لندن نواب منور الدولہ کیطرف سے جو خاطر اقدس مین جگہ تھی وہ صورت نرہی اور بہادر موصوف بھی رنگ صحبت حاضرین ناموافقت نواب خاص محل سے اور شکستگی چشداشت گورنمنٹ سے اگرچہ پردۂ خفی مین تھی اور ناموافقیت آب وہوا سے یہ سب عذرات مقبول کیے ہوے خیرخواہ حضور عالم جو اپنی گھات مین تھے وقت پاکر سخن سازی شروع کی دو سہ حضرات کمینوں کی موافقت نواب خاص محل سے جب سے ابتدا

ابتدا میں موافقت تھی ویسی ہی ناموافقت ان حضرات کی بدولت ہوئی یہ کب دن سے دبتے تھے جب عرائض ہوا خواہوں کے متواتر حضور عالم کے پاس آئے اور ہر ایک نے اپنی حسن سائی بہت بنا کر لکھا اوسوقت امام خان خدمتگار مع عرضداشت مشعر بے قراری مفارقت قدم مبارک شاہی روانہ ہوا پہلے عرضداشت نظر اقدس سے گذری اوسپر اشک رحمت دیدۂ حق بین سے ٹپکے بعد اسکے ایک دن امام خان کا بھی سامنا ہوگیا غرض شقہ خاص طلب حضور عالم صادر ہوا اوسوقت دستور معظم نے سامان طیاری سفر کیا اور ملازمین رفقائے خاص اور خانگی و پیشہ کو تنخواہ پیشگی دی اور اسباب ضروری چھکڑوں پر بار کر کے مع اعظم علی ایجنٹ روانہ کانپور کیا۔

حضور عالم نے چیف کمشنر سے کئی مرتبہ رخصت طلب کی اور شقہ خاص بادشاہی دکھایا منظور نہ کیا آخر نواب نے نواب گورنر جنرل کو عرضی ارسال کی حکم محکم باب عدم مزاحمت سفر صادر ہوا بعد اجازت پھر بہانے سفر باستخارۂ ایمانی پر کسی گئی خلاصہ ۱۲ تاریخ شہر ذیقعدہ روز سہ شنبہ سنہ ۱۲۷۲ مطابق ۵ جولائی حضور عالم مع عیال و لواحقین ملازمین و رفیقان سفر فرودس ۱۹ گاڑی ڈاک اسپی و ۲۰ کرانچی بیل واسطے اسباب ضروری نقد و جنس قسم طلا و نقرہ و بشمینہ وغیرہ ظروف مصرف و خادمان اناثیہ بعد نصف شب روانہ ہوئے

وقت روانگی یہ صورت ہوئی کہ شام سے رفقا و ملازمین در دولت پر حاضر ہوئے حضور خود مہتمم سواری پردگیان عصمت ہوئے ایک گاڑی میں چار سواریان زنانی جب سوار ہو چکتی تھیں ایک رفیق گاڑی کی چھت پر باسلحہ بیٹھتا تھا بعد اسکے خود بدولت گاڑی چار آئینہ پر سوار ہوئے نواب محسن الدولہ نواب جہانزالدولہ بہادر بقبضۂ قرابت تربیتیہ ناکہ چار باغ ہم پہلو شہر کے شہدون نے شام سے دروازہ پر ہجوم کیا تھا پچاس روپیہ مرحمت ہوئے کہ آپسمیں تقسیم کریں وقت وقت سوار کے شور و غل نہ مچانا کچھ منھ سے کلمات بیہودہ نہ کہنا لیکن یہ حریص کب مانتے تھے تاکہ شہر تک بازار میں مثل دیمک پھیلے ہوئے تھے اور شہر کے بے فکرے تماشا بین سر راہ کوٹھوں پر منتظر تشریف آوری تھے جب سواری نکلی شہدے کب اپنی زبان طعن و تشنیع سے باز رہ سکتے تھے غرض جو خدا نے سنوایا سب نے سنا جب کنار گھاٹ دریائے گنگ یہ قافلہ پہونچا

بدستور ہوے لیکن تبرا کوئی نہ کہے کہ باعث فساد ہوتا ہے اور اگر کوئی خلاف حکم کریگا مجرم سرکار ہوگا اور کسیکے ہاتھہ مین لکری بھی نہو دوسرے دن ضعیف اور بڈھون پر رحم کھاکر اجازت دی اور اہل سنت جمع ہوکر شیعون کے امام باڑے مین نجائین اور ہر گھر مین طریق غرا بدستور رہے۔

سمن صاحب ڈپٹی کمشنر اور کارنیگی صاحب نے کئی دن پیشتر مرزا علی رضا کو توال قدیم سے کہا کہ تم موافق طریق قدیم انتظام شہر عشرہ محرم تک کرو انھون نے عذر کیا اور اپنے علاقہ دریا دباد کو چلے گئے حکام نے موافق حکم چیف عشرے کا انتظام کیا۔

امراے لکھنؤ جو کلکتہ مین تھے اپنے گھر لکھہ بھیجا کہ لعرہ واری و مجلس ہر دنی موقوف زنانہ مین موافق رسم کے بجالانا شرف الدولہ غلام رضا خان نے کاظمین کی تیاری روشنی وغیرہ بدستور کی سیلہ سورج کنڈ جو ۴ محرم کو ہوا چاہتا تھا اس سال بھی موقوف رہا اس سبب سے کہ شرف الدولہ نے عرضی دستور کے موافق زبان شاہی دی چیف کمشنر نے اوسے منظور فرمایا کہ موجب خواستہ دلی رعایا شہر ہو دوسری محرم کو مطابق ۳ دسمبر سامان ضیافت صاحبان عالیشان باہتمام مجاہد الدولہ احمد علیخان عرف چھوٹے میان مہتمم امام باڑہ حسین آباد اور محمد نیاہ آتشباز ہوا ارباب نشاط بسبب عشرۂ محرم کے معذور رہے لیکن کتھک ہنود حاضر ہوے امراے لکھنؤ بھی بہت حاضر تھے۔

ایام عشرہ بہر صورت عافیت مین گذرا لیکن شب عاشورہ درگاہ حضرت عباس مین موافق معمول کئی سو آدمی حلقہ زن ہوکر صحن مین صبح تک منتظر علم نکلنے کے رہکر سینہ زنی کرتے تھے ناگاہ کسی گوئیدے نے سرکار مین خبر کی کہ آج رات کو کئی محلے سے لوگ جمع ہوکر بہانہ زیارت علم جاہتے ہین کہ یہان آکر شہر مین بلوہ کردین اس جہت سے بڑا خوف مفتی گنج کے لوگون سے تھا رات بھر سارا دولتخانہ گھرا رہا بڑا بندوبست نگہبانی مومنین اپنے تفرقہ جانے مین خلیفہ رہے بر تمندازون نے درگاہ مین بندوبست کیا کہ تھوڑے آدمی صحن مین ناتمام کرکے جب چلے آدین دو سہ رغول باہر کے جاوے اتفاقاً محلہ مشک گنج کے بہت آدمی جمع ہوکر علم کے تھے آئے چاہا کہ سب داخل صحن درگاہ ہون تھانہ دار نے نبرمی سمجھایا جب سینہ زوری سے جانیکا قصد کیا زیر تفنگ کیا سبکو باہر نکالدیا

متعلقہ صفحہ ۱۹۳ جلد دوم

مرزا برجیس قدر

Mirza Birjis Quader

بہرصورت حسب معمول عام دو گھڑی رات رہی باہر نکالے گئے نکالا
روز عاشورہ انتظام ہوا کہ سارے شہر کے تعزیے فقط میر خدا بخش کی کربلا میں جاویں اگر دو سری کربلا میں لیجائیں گے شاید بخوبی انتظام نہو سکے اور بازار میں خلاف مثل میلہ چہر بکتی تھی عملداری شاہی میں یہ صورت نہوئی تھی اور کسینے سرکار میں ایسے امور کی اطلاع بھی نہ کی دگرہ عجب نہ تھا اسکا انتظام بھی ہوجاتا اسی حجت سے ہزار ہا مومنین نے بعد دفن تعزیہ اپنے گھر زیارت عاشورہ پڑھی کسی گوندے نی کارنیگی صاحب سے خبر کی مع کوتوال شہر میر محمود حسینخان کمیدان برادر نسبتی حضور عالم کے گھر میں چلے آئے اسلحہ حرب جو انھوں نے بخوف آبرو کنوئیں میں ڈالدیئے تھے سب نکلوا کر لے گئے اور ایک اشتہار نامہ بھی انسی احتیاطاً لکھوایا کہ آئندہ کی ٹہلان کے سپاہی کی لگائی ہوئی تھی ۱۷ محرم روز پنجشنبہ مطابق ۱۸ ستمبر میجر کارنیگی صاحب کپتان ہیر صاحب دو کمپنی لیکر آئے نواب محسن الدولہ کا گھر گھیر لیا اور ایک کاغذ جعلی بہ علت اتہام بلوای شہر نواب کو دیا۔
دو سہ روز بعد سمس صاحب ڈپٹی کمشنر کے پاس نواب گئے اظہار حال کیا اور بہرصورت رفع خلجان صاحب کیا کہ میں کبھی مدعی سلطنت کا نتھا اور نہ ہوں ہر خبر کا ایک قرینہ ہوتا ہے آپ خوب دریافت کریں بھر اور تصدقات لاطائل سے کچھ کیا فائدہ تھا جو عبث عبث اپنی عافیت تنگ کرتا غرض ۶ رسیدہ بود بلائے ولی نجگر گذشت ہر صاحب غرت یہ آشوب تازہ دیکھکر اپنی غرت کو ڈرتا تھا ایک تو قحط روزی معاش سے عافیت تنگ تھی دوسرے یہ نیرنگی آشوب سے کچھ نہ بن پڑتا تھا کہ کیا کرے اور کیونکر عافیت حاصل کرے،

باب تیسرا

ہنگامۂ فساد عظیم بلوای عوام ہندوستان و متعدمات حاصل بغاوت نمک حرامان سرکار و انتظام خاص لکھنؤ و ریاست ناپائدار اجمای مرزا برجیس قدر وغیرہ

خلاصہ اکنون سخن از کرب و بلا گویم و گریم۔ جب خبر وحشت اثر فساد فوج کمپ میرٹھ و ہنگامہ فساد شاہجہان آباد ایجنٹ نواب گورنر جنرل سر ہنری لارنس صاحب چیف کمشنر اودھ

پہونچی روز شنبہ ۲۱ - ماہ مبارک رمضان ۱۲۷۳ھ کپتان ہنیر صاحب کارنیگی صاحب کو توال شہر
مع برقندازان سعادت گنج گئے اور نواب مصطفی علی خان کو پنس مین سوار نواب آصف الدولہ کے
امام باڑے مین لیگئے بعد کئی دن کے داخل قلعہ بھی بھون کیا کسواسطے کہ اس مکان کو مزاحم بخت
بہادر سے لیکر مثل قلعہ آراستہ کیا تھا اور ۳۰ ہزار روپے یہ علت مکان اوسنین دیے
تھے اور غرباے شہر کے جتنے مکانات زیر قلعہ تھے سب کو مسمار کر دیا تھا جابجا توپین لگائی تھین
دو توپین بہت بڑی زیر قلعہ گومتی کے پل پر نصب کی تھین حسن باغ مملوکہ نواب محسن الدولہ
باجازت مہولے لیکر ہموار کیا تھا امراے شہر کو حکم دیا کہ بقدر ضرورت سپاہی اپنی حفاظت کو نوکر
رکھ لو سبھون نے تعمیل حکم کیا لیکن شہر مین بمطرمردم جنگ نادیدہ ایک تلاطم بپا گیا تھا غرباے شہر اس
اضطراب ناگہانی سے اپنی فاقہ کشی اور بیکاری کو بھول گئے اور گرانی غلہ سے زیادہ تر موجب ہلاکت
ہوگیا تھا کسواسطے کہ ہر قسم کا غلہ اور سامان جنگ لاکھون روپے کا قلعہ بھی بھون مین جمع ہوکر غلہ
اور کھتے کھود کر رکھا گیا تھا اور زمین نقب و سرنگ کھود کر جابجا پیپے بارود کے رکھوا دیے تھے
اس خیال سے کہ بروقت غلبہ دشمن انمین آگ دیدینگے نواب سرفراز محل ممتاز محل بیچ
محلے سے اوٹھکر شہر مین بہ کرایہ جاکر رہین بھین اولاد ہا حیات محل نواب آصف الدولہ زرمحل
وغیرہ سے اوٹھکر شہر مین رہی تھین دو رجمنٹ گراف کو بھی بھون کے کوٹھے بلند پر لگایا تھا کہ فوج
بیرون کا حال داخلہ معلوم ہو ۳۵ - لاکھ روپیہ خزانہ بیلی گارد سے بھی بھون مین رکھا تھا صاحبان
عالیشان مع عیال و اطفال گورہ اور برقندار کو توالی و پنجہ دستانی گولہ انداز توپ ملازم و اکثر
قدیم ملازم شاہی پانچہزار سے زیادہ جمع ہوے بھی بھون کی نہر سے پانی بھر دیا لیکن قرب دریا
اور رطوبت زمین سے انبار غلہ و اجناس و بارود خراب ہوگئی اس جہت سے نہر رہا روپیکا
نقصان ہوا آخر خزانہ کو وہان بھر بیلی گارد مین لے گئے -

چیف کمشنر نے کوٹھی رزیڈنسی و اطراف و جوانب بیلی گارد کی جتنی کوٹھیان تھین سب کے گرد
دھس باندھکر مثل قلعہ مستحکم کیا اور ہر طرف توپین نصب کین اور دور تک جتنے مکان سامنے
تھے سب مسمار کر دیا اور درخت سامنے کے سب کٹوا ڈالے اور سب صاحبان عالیشان نے
بہان اطفال ملازمین متوسلین نے وہین مقام امن سمجھکر پناہ لی اور گرد ہر کوٹھی کے نقب دیکر

پیسے بارودت کے رکھوا دیے تھے چھ سو تین گورے جنگی چار سو دو صاحب اور اسقدر ربیبان و اطفال شاگرد پیشہ رندی مرد تھے اسلحہ حرب ہر قسم کا کوٹھہ شاہی سے نکلوا کر عموماً سبکو تقسیم کر دیا صاحبات دفتر بھی اسلحہ باندھے تھے قواعد کرتے تھے ہر صاحب محکمہ داخل حصص حصین تھا کچہری سوائے فوجداری سب نبد چھ کمشنر کرنیل دو پیر اور کئی افسر جہاؤنی منڈیاؤن مین رات کو رہتے تھے غلغلہ آمد آمد و تاخت فوج باغی نمک حرام دمبدم پہونچتا تھا

ایکدن چیف کمشنر و کمانڈر فوج نے ہندوستانی افسر وںکو بلوایا اور کمال عطوفت و حمدلی سے سب طرح کے نشیب و فراز و حقوق پرورش سرکار اور اداکا ادنی مرتبے سے درجہ اعلی پر جو تھا سمجھایا کہ اگر سرکار کی روزگار سے تنگ ہوئے ہو تو تنخواہ لو بلکہ اسلحہ حربی جو تمھارے پاس ہے لیکر اپنے گھر چلے جاؤ ہرگز سرکار تمسے سیطرح کا مواخذہ نہ کریگی لیکن اون باغی اور سنگدل نے کسیطرح نمانا ایسا سب پر تسلط شیطان ہو گیا تھا اور بسبب اپنے باطلہ کے کچھ سمجھے ہر چند اس شہر مین اپنے زعم ناقص مین بہت سے وارث ظاہری ریاست تجویز کیے اور بہت سے ہاتھ پاؤن مارے لیکن کسیکی جرأت نہ پڑی ایسے توہمات سے سرکار نے کئی وارث شخصہ کو احتیاط اپنی حفاظت مین رکھا بھائی الحقیقت یہ اونپر احسان کیا تھا اگر باہر رہتے اور فوج باغی سر دم مین آجاتے تو اونکا بھی حال مثل بہادر شاہ یا امراے دہلی ہوتا فتنا عجیب و غریب معرکہ تحیر افزا عالم آرا پیش ہوا تھا پس معلوم ہوا جو وقت ایسا اتفاق اور سب بدل ہو جاینگے پھر کسی سے کچھ بن نہ پڑیگا اور یہ امر موقوف مرضی خدا پر ہے جیسی اوسکی مصلحت ہوگی۔

فساد چھاؤنی منڈیاؤن رجمنٹ ۱۳-۴۸-۱-۷ رسالہ ترک سوار

غرض جب حکام عالیشان نظم و نسق شہر و استحکام قلعہ ہاے جدید و دھس وغیرہ سے بیفکر ہوے ہر چند فوج باغی و ممکحرام کو مناسب نصیحت و پند بشفقت سمجھایا کچھ اثر نہوا بلکہ ساعت بساعت شعلۂ آتش فساد تمام ممالک محروسہ ہندوستان مین پھیلا آخر ۷ تاریخ شب شوال مطابق ۳۰ مئی ۱۸۵۷ء آٹھ بجے تھوڑی سی فوج گورہ و سوار پنجابی کو حکم تاخت ملا کہ دفعتہ مع اسلحہ حرب کے کوٹھون پر جا پڑین تا سپاہ بیدست و پا ہو جاے لیکن بمجرد پہونچنے فوج کے تمام خبردار و ہوشیار

ہوگئے اور نبدوقین لیکر مقابل توپ کے ہوئے جب توپ چلی یہ موافق قواعد کے زمین پر لیٹ کر توپ پر جاپڑے اور طرفین سے گولے چلنے لگے - ساتوین رسالہ کے دو سو سوار بھی انکے شریک ہوگئے برگیڈیر ہاندسن کو نپ اوسوقت بھی کس شفقت پدری سے ان نامردون کو سمجھاتے تھے کہ اب بھی تم اپنی حرکت ناشائستہ سے باز آؤ ہمارے حقوق پر روشنی کو دیکھو اپنی قدر عزت پہچانو تو ایک نامرد نے نہ سنا آخر گولی ماری زمین پر گرے بعد ایک ساعت کے دو تین اور صاحب بھی مجروح ہوے مچھی بھون مین پھر آئے چیف کمشنر اوسوجہ گرچھاؤنی مین کھڑے ہوے تھے خدا نے اپنے گھر کی برکت سے گولے سے بچایا لکھنؤ تشریف لائے

اس عرصے مین سپاہی چھاؤنی مین ہر طرف پھیلے بنگلون کو آگ لگانا شروع کی سب اونگلے جلے اسباب بنگلون کا لوٹا اس لوٹ مین وہان کی رعایا بھی شریک ہوگئی تین ساعت ہنگامہ رہا اور دو پلٹن طیار ہوکر فقط تماشا دیکھا کین اس پلٹن کے شریک محاربہ نہوتین ہنیں جتنی فوج چھاونی مین تھی سب مین پیشتر سے تقسیم ہوچکی تھی کہ تین سو سوار بیرون شہر ناکہ چاندنی سے پہونچے اور ان باغیون پر جا پڑے یہان تک کہ وہ سب سراسیمہ ہوکر بدحواس قیام الدولہ پر چند بخشی کے تالاب پہونچی جہان تک طاقت رہی بھاگے چلے گئے پیچھے پھر کر نہ دیکھا تو مین رہت مین چل نہ سکین رگہنین اور خزانہ جتنا کہ ٹھون مین تھا تلنگون نے لوٹ کر انپے تو سدان بھر لیے تالاب پر پیاسے ہوے مصری وقند جو بنگلون سے لوٹا تھا کھو کھو کر شربت پیا پھر وہانسے سیدھا رستہ دلی کا لیا فوج سرکار نے بھی زیادہ پیچھا نہ کیا خاطر جمع تھی کہ کہان جائینگے راہ سے تو مین لیکر چھاؤنی مین آکر اتو مین فتح کی سرکین -

اس عرصے مین مفسدین دکوتہ اندیش شہر نے طرفہ ہنگامہ برپا کیا اور ستعد شریک سیاہ باغی ہوے چنانچہ محلہ منصور نگر سعادت گنج مشک گنج سے فشان محمدی اوٹھا کر عیش باغ مین جمع ہونا شروع کیا اور سیکڑون نے چھاونی کی راہ لی کہ ہم فوج کے جاکر شریک ہون جب خبر سب کے بھاگنے کی سنی ہر طرف اپنی راہ لی -

منجملہ متمزین اجل بیرسر آغا مرزا ایک شخص مشہور کمبل پوش جو بسفارش حضور عالم بادشاہ کے زرہ پوشون مین نوکر ہوا تھا سب سے زیادہ اجل اوسکی دامنگیر ہوگئی تھی کہ اوسدن صبح سے ہر طرف

لوگون کو غیرت دلاکر برانگیختہ کرتا تھا ہر چند ایک ہفتہ پیشتر ایک خدا ترس نے اسے درد دل سے سمجھایا تھا کہ خبردار زنہار تم کبھی ایسی حرکت نہ کرنا کبھی بستے نہ بن پڑیگی سوا اسکے کہ تم بدولت مارے جاؤ لیکن اوسپر شیطان سوار تھا کب سنتا تھا اور یہی کہتا تھا کہ جو کچھ ہوگا آپ دیکھ لیجیے گا خلاصہ انکے ہمسائے سندیس کرانی محافظ دفتر گنس صاحب فینسیبل کنسٹراڈو رہتا تھا اوسوقت وہ اپنے برآمدے مین بیٹھا ہوا تھا انکو متردد دیکھکر کہا آغا مرزا آج کس ہنگامہ فساد کی فکر مین بھرے ہو اگر ہمارے واسطے ہے عبث یہ تمہارا گمان غلط ہے کچھ تمسے نہ ہوسکے گا آغا مرزا نے جواب بیشرمی دیا وجہ اسکی یہ تھی کہ ایک کتا آغا مرزا کا صاحب نے مار ڈالا تھا صاحب نے بھی جواب سخت دیکر گولی چلائی گولی خالی گئی آغا مرزا اور اوسکے ساتھیون نے گھر مین گھسکے اوسے مار ڈالا گھر کا اسباب لوٹ لیا یہ پہلی بسم اللہ ہوئی جو ٹے خان ایک رنگ پوش ساکن دوگانوان اور عوض علی وغیرہ کے بدمعاش اور ایسے ہی بہت سے سربشورش شامل کیے گیے۔

غرض عیش باغ مین جب تقریباً پندرہ سو آدمی جمع ہوچکا نشان محمدی اوٹھاکر چوک کو چلے اور نواب آصف الدولہ کے امام باڑے کی زیر دیوار ہوکر گاؤگھاٹ کی راہ پر چلے راہ مین مجاہدین غل مچاتے ہوے مجمع عام سے گذرے انمین سے دسو بصورت سپاہ مسلح باقی کسیکے پاس تلوار کسیکے صرف لکڑی اکثرون کے پاس بانس کے ٹکڑے بازار مین جس دوکان سے چاہا جو چیز اوٹھالی دوکاندار بہ سبب کثرت کے منھ دیکھکر رہگئے جس مرد آدمی کو دیکھا جہاد کی ترغیب دینے لگے اکثر آپسمین گالیان دیتے ہنستے ہوے جاتے تھے برقنداز جو پہرے پرتھے اونسے ہتھیار چھین کر آپسمین بانٹ لیے میجر کاپنگی محمود خان کوتوال امام باڑے مین تھے چاہا کہ حسین آباد سے کمپنی بلوا کر انھین روک کر ہنگامہ دین مگر پھر تامل کیا

غرض قریب دوپہر جب شہدے بے سروپا قریب چھاؤنی پہونچے وہان کیفیت ملنگون کے بھاگنے کی سنی شدت حرارت سے سب پیاسے ہوے جان پر آبنی حواس باختہ ہوی بعض کی صلاح ہوئی موسی باغ چلو آخر گاؤگھاٹ اُتر کر حسین آباد آئے دکانون سے ترکاری لیکر کھانی شروع کی تلنگے جو منھین حسین آباد تھی خبر بھی بھجانے لگے کہ یہان نہ ٹھہرو پیچھے اپنے گھر چلے جاؤ یہ اجل گرفتہ انسے بھی بدرشتی پیش آئے ملنگون نے برگشتہ میجر کو خبر کی وہ افسر حسد سے

حکم دیا خالی نبدوق سے دھمکا دو بھاگ جائینگے ان نامردوں نے اونپر یورش کیا تانگون نے پیچھے ہٹکر ایک باڑھ ماری مجروح ہوے مقتول ہوے باقی سب بھاگے بھاٹک حسین آباد کا بند کرلیا آغا مرزا اس قافلے سے پیچھے رہگیا تھا نبدوق کی آواز سنکر جلد آیا اور پھاٹک کھول کنارہ تالاب جا پہونچا قرابین ماری اتفاقاً ایک گولی شانے پر دوسری سینے پر پڑی باحواس پھر کر پھاٹک بند کیا اور پھر کام تمام ہوچکا اور زخم کو اپنی چادر سے باندھ کہین چھپ رہا سب بھاگے اس عرصے مین برقندار بھی آ تلنگون کے شریک ہوگئے اتفاقاً تھانہ دار کی سازش سے کئی برقندار مرزا مہدی چھوٹے بھائی حکیم آغا علی خان کے دروازے پر گئے وہ وہان کھڑے تھے باتہام اجماع مبوش زیر تیغ خون ناحق کیا - دو دن دو رات تک ناکجات تمام شہر اس فساد کی جہت سے خالی رہے تیسرے دن صبحکو کارنیگی کوتوال شہر منصور نگر سعادت گنج مین تحقیقات مفسدین کو آئے اکثرون کو گرفتار کیا لیکن طالب یار خان وغیرہ بانی مبانی مفسدین نہ ملے آغا مرزا بھی بکڑ آئے اور ایک صوبہ دار لچالن مفرور جو برخصت اپنے گھر گیا تھا سیدھا باطمینان داخل چھاؤنی ہوا چاہتا تھا اپنا اسباب لیکر جاتا جاؤن غرض پہلے دن شام کو صوبہ دار اور شیخ کو بھی بھون سے باہر لاکے دروازے کے جلوہ خانہ مین پھانسی دی ایک حلقہ برقندار دوسرا گوروں کا حلقہ محیط جو پھانسی ہوتا تھا اور اونکے افسر کھڑے ہوتے تھے باقی ہزارون تماشائین جسطرح زیر اکبری دروازہ بروقت گردن مارنے جمع ہوتے تھے دوسرے دن عوض بیگ آغا مرزا کئی تلنگون کو پھانسی دی عوض بیگ نے کہا مین عیسائی ہوتا ہون یعنی مذہب نصرانی مین اختیار کیے لیتا ہون مجھکو پھانسی نہ دو نہ سنا اپنی سزاے اعمال کو پہونچا غرض چودہ آدمی پھانسی دیے گئے باقی فیدیونکو تحقیق کرکے چھوڑ دیا اوسکے بعد منادی ہوئی کہ اب سرکار نے تمامیکی تقصیر سے درگذر کرکے معاف کیا آیندہ کوئی قصور ایسا نکرے -

پھر اہل فوج کے واسطے متواتر اشتہار ہوے کہ ہمنے اون سپاہیون کو شامل اولاد کے پرورش کیا تعلیم و تربیت سے محروم تھے آدمی کام کا بنایا دون مرتبے سے اعلی مرتبے پر پہونچایا عزت دی داخل شورے کیا انھون نے اپنی فہم ناقص و زعم باطل سے حقوق سرکار کو ضایع کیا سیر فساد بچاہے مرتکب آبرو ریزی صاحبان جلیل الشان و اطفال عورات بیگناہ کے باعث قتل ہوے

بہت جلد اپنی سزائے کردار اعمال کو پہونچینگے فوج ولایتی جو مندیاس سے بندر بوشہر کو ممت ایران گئی تھی عنقریب سرکوبی متصورین کو پہونچتی ہے یہ بیدار غلط نہ کرین کہ سرکار مین قلت فوج ہے دوسرے اشتہار مین یہ تھا کہ سرکار نے مواخذہ سپاہ سے درگذر کیا لازم ہے کہ فوج بدستور سابق اپنے کام مین مستعد اور سرگرم رہے آیندہ ایسے امور لاطائل کا خیال نہ کرے اور اگر روزگار منظور نہو بسلامت ہر ایک ڈاک مین اپنے اپنے گانون چلا جاے کفالت خرچ راہ سرکار سے ہوگی اور کوئی شخص لفظ نمکحرام مفسد باغی وغیرہ نسبت اُنکے اپنی زبان سے نہ نکالے ورنہ مجرم سرکار رہوگا۔

مگر افسوس ہے ان نمکحرامون نے اپنی قدرنجانی سرکار کی اس عطوفت قدردانی پر درش کا کچھ خیال نہ کیا آخر جہنم واصل ہوے اونکے ساتھ غریبے شہر بھی مفت برباد ہو گئے عزت و آبرو نرہی اور سرکار کے حکم اشتہار پر کسیکو اعتبار بھی نہ کیا جانتے تھے کہ مصلحت وقت سے یہ حکم ہوا ہے خاطر جمع رکھو کہ ہمارے ملک سے کہان جائینگے ہم سمجھ لینگے یہ بھی سچ ہے حاکم سے کیا چارہ۔

نواب رکن الدولہ محمد حسنخان مرشد زادہ جنت آرامگاہ کنار شہر قریب دولتخانہ مہتاب باغ مین گوشہ عافیت سمجھکر رہتے تھے کارنیگی صاحب محمود خان کوتوال نے اونھین سوار کر کے مچھی بھون مین رکھا اونکے سپاہیون سے ہتھیار لیے پھر دار وغہ سے اسلحہ خاص لیکر رسید دیکر چلے آئے اور نواب سے کہا کہ ہمنے یہ امر از راہ مصلحت کیا ہے آپ کو کسیطرح کی تکلیف نہوگی۔

دوسرے دن مرزا حیدر شکوہ مرزا ہمایون شکوہ پوتے مرزا سلیمان شکوہ کے گھر کارنیگی صاحب کوتوال مع برقندازگئے پہلے ہتھیار جو کچھ تھے لیے اور سوار کر کے امام باڑے مین لاتے پھر داخل قلعہ کیا اور نواب وزیر مرزا مرزا کیوان جاہ کے بیٹے کو مہمان امام باڑہ کیا علت ظاہری یہ مشہور ہوئی کہ انکا رسالہ شریک اہل بلوہ تھا انکے گھر مین چھپ رہا تھا جب انسے پوچھا انھونے کہا مجھے معلوم نہین اتفاقاً از راہ نادانستگی اوسیوقت انکے گھر سے نکلا گو نیدے نے بتا دیا اور سب ہتھیار انکے بھی گھر سے لیگئے نواب سلطان عالیہ انکی پھوپھی ذی شان مادر شفیق پرورش کی تھی کہا مین بہت داد بیداد کی کھانا نہ کھایا اوسکی صبحکو کوتوال کو نواب ممتاز الدولہ ذی ایک جوڑی پنچہ کی اور کچھ اور بھی یاوہ کارنیگی صاحب کہان گئی دو دن کے بعد تجویز جدوجہد و خرچ سے نجات پیدا ہوئی بسلامت گھر آئے

راجہ تلسی پور کے اور تعلقداران ملک اودھ کہ جو راسی کوس مربع زیر راج زبردامن کوہ متصل عملداری نیپال واقع تھا بخیال دوراندیشی بہ بھی بلا کے بہ حکمت عملی منصور اس مقام کے کیے گئے بلکہ بہین فوت ہوے اور رانی باغی ہوگئی اور وہ راج اب مہاراجہ سر دیبی سنگھ بہادر کے سی ایس آئی والی بلرامپور کو کہ پیشتر سے یہی حق اعلی لیتے تھے بہ جمیع حقوق لگیا اور علاقہ باسی وسمین والی نیپال نے لیا۔

ہنگامۂ فساد شاہجہانپور وغیرہ وغیرہ از روی اخبار

غرض جب خبر انتقام بادشاہ سرکار فوج باغی کی پھانسی دینے کی جابجا ہر چھاؤنی مین مشہور ہوئی سب کو یاس کلی اپنی زندگی سے ہوئی آتش کینہ فساد دفعۃً مشتعل ہوئی اور ہر چھاؤنی مین دھنگ سے فتنہ تازہ برپا ہوا اور صاحبان عالیشان کا چارۂ علاج ہر طرح سے بند ہوا اب باغیان سرکش مستعد بہ انتقام لینے پر ہوے۔ احوال مختلف ہر چھاؤنی کا بعد اختتام معرکہ ہر صاحب ضلع نے لکھا یا ہے غالب ہے کہ وہ زیادہ تصریح کے ساتھ ہو لیکن لکھنؤ مین جہان جہان سے فوج باغی آکر جمع ہوی اون سے دریافت ہوا بالاجمال سلسلۂ کتاب کے واسطے لکھا۔

شاہجہان پور مین جب بلوہ ہوا سب صاف فوج و نظامت جمع ہو کر ایک جنگلے مین آئے اور مستعد ہوی فی الحقیقت جو حق مردانگی تھا ادا کیا جب پاے استقامت نرہا مضطربانہ بسمت علاقہ پوایان راجہ جگت بخش کے پاس چلے گئے قلعہ مین اور بعض صاحب ہمراہ قصبہ وقریہ کی طرف چلے گئے اکثر تیغ ظلم سے مارے گئے چنانچہ مکس صاحب رزیڈنٹ لکھنؤ کا بیٹا اسی فساد مین مارا گیا جب باغیون نے میدان خالی پایا زر نقد خزانہ خوب لوٹا اور سکے بعد اسباب جو کوٹھی اور کچہری کے بنگلون مین تھا لوٹ کر آگ لگا دی اسمین رعایاے شہر قوم پٹھان اجل گرفتہ شریک ہوگئی اس لوٹ کو مال غنیمت اپنے ایمان سے سمجھے جو صاحب معتدد زمرت دار پٹھان تھے وہ حاکم بن بیٹھے کل کی بادش کی خبر نرہی اور بیباکانہ اپنے مذہب وملت کے خدا و رسول پر افترا کر کے صورت جہاد کی کہ عوام اس جال ایمانی مین جلد پھنس جائینگے۔

محمدی مین فقط دو کمپنی بیس سوار تھے اونھون نے راہ سیتاپور کی لی یہان ۲ پلٹن ایک رسالہ تھا ایک صاحب کا نوکر نقل کرتا تھا کہ رات کو ایک سوار لکھنؤ سے آیا صاحب کمان افسر کو چٹھی دی صاحب نے اوس سے کہا لکھنؤ مین فساد ہوا تم میم صاحبہ کو فلان صاحب کے پاس پہونچا دو حسب الحکم مع میم صاحبہ اوس صاحب کے پاس پہونچا اونھون نے قبول نہ کیا جواب سخت دیا میم صاحبہ کو پھیر لایا اوس نوکر نے شتافانہ صاحب سے کہا آپ نے کیون ایسی باتین کین جسے یہ نوبت پہونچی کہا ہم حکم سرکار سے مجبور ہین بہرحال کارتوس سپاہیون کو تقسیم کرینگے۔

صبحکو فوج سب طیار ہوئی کمان افسر نے سیاہ کو حکم دیا ہمنے خزانہ سرکار تھین بخشا لو اور ہمارے دشمنون سے مقابلہ کرو جب مستعد جنگ دو سرے پلٹن سے ہوے وہ پیشتر سے آپس مین قسم واتفاق کر چکے تھے فوراً بھڑ پڑے اور اپنے افسرونکو زیر تیغ لیکر متوجہ لوٹ اور آتشزنی ہوے اس شقاوت قساوت قلبی سنگدلی بیرحمی کا بیان یا عورات بے گناہ اور اطفال خردسال سے سلوک کیا کس زبان سے بیان ہو سکے اور کیونکر تحریر کیا جاوے کپتان اندرسن نے اپنے رسالہ محاصرہ لکھنؤ مین لکھا ہے واللہ باللہ ایک صاحب کا لڑکا چار برس کا حالت اضطرار مین معلوم نہین کسطرح اپنے ماں باپ سے چھٹکر ایک جنگلے مین رہگیا دو دن اور دو رات ہر کمرے مین گھبرا کر جاتا تھا کبھی ماما کبھی پاپا کہکر چلاتا تھا جب طاقت نہ رہی غش کھا کر ایک کمرے مین گر پڑا اتفاقاً تیسرے دن ایک نامرد ازبلی لوٹ کو داخل ہوا جب نظر اوس ملعون کی اوسپر پڑی لوٹ بھول گیا ایک کندہ بندوق اوسکے سر پر مارا جان بحق ہو گیا بس یہ ملعون ہیبر سپاہی کہتا تھا کہ مین نے ایسا کام کیا ہے اسطرح اور کئی نامرد بیان کرتے تھے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ

غرض بیبیون کی یہ نوبت پہونچی کہ بھوکی پیاسی پابرہنہ کپڑے پھٹے ہوے گرد آلودہ بعض مجروح گودی مین بچے لیے جسطرف چاہا چلین نہ راہ سے واقف جہان آدمی دیکھا خوف جان سے راہ جنگل کی لی صاحبان عالیشان کا یہی حال تھا اگر کسی گانون مین بیبیان اس خراب حالت سے پہونچین زمیندار نے رحم کھا کر رات کو اپنے گھر مہمان کیا جو ماحضر تھا حاضر کیا صبحکو ایک جھکڑے پر سوار کر کے پاسی ساتھ کر لکھنؤ پہونچا دیا بعض صاحب وہان سے جنگل مین ہو کر کہیں چلے گئے وہان سے بنارس پہونچے بعض کئی دن تک زمیندارون کی گڈھیون مین چھپے رہے۔

کرسٹن صاحب کمشنر خیرآباد انکا بنگلہ کنار دریا تھا اوسوقت موکے مین مع میم صاحبہ گھوڑون پر سوار ہوکر لکھنؤ چلے گئے پیچھے سے ملنگون نے بندوق ماری زمین پر گر پڑے میم صاحبہ دوڑ کر صاحب کی نعش سے لپٹ گیئن دفعتہً اونپر بھی گولی پڑی اپنے خاوند سے جا ملین ایک ملنگ نے اپنے بنگلے مین پناہ لی بندوق دشمنونکو کمرے سے مارا کیے جب گولی بارود ہو چکی گھوڑے پر سوار ہوکر لکھنؤ چلے تھوڑی دور جاکر گولی سے وہ بھی زمین پر گر پڑے ایک میم صاحب جمال سراسیمہ ہوکر بنگلے سے باہر نکلی چپراسی سے پوچھنے لگے ہمارا صاحب کہان ہے ناگاہ ایک ملنگ نے گالی دیکر ایک لکڑی ماری دفعتہً ایک سوار دوڑ کر آیا اونھین اپنے گھوڑے پر سوار کر جنگل کو چلا گیا پھر اوسکا حال نہ معلوم ہوا کہ وہ کہان گئی۔

وہ صاحب رائکو ایک زمیندار کے مہمان ہوے پانی پیا اور خشک روٹی کھائی کہنے لگے تین میم ہمسے چھٹکر تمہارے گانون مین آئی ہین تلاش کرو چوکیدار اونکو ڈھونڈھکر ایک دھوبی کے گھر سے لے آیا لیکن اس عرصے مین صاحب گھبراکر لکھنؤ کو چلے گئے بیبیان چوکیدار کے ساتھ بہزار خرابی لکھنؤ پہونچین اکثر میم مجروح نیمجان چھکڑون پر سوار بھوکی پیاسی اس شدت گرما مین لکھنؤ پہونچ جاتی تھین لیکن زبان طعن خوب لارنس صاحب پر کھولتی تھین۔

فوج باغیہ نے خزانہ سرکار سے ۲ لاکھ ۱۲ ہزار روپیہ لیا اوسمین سے کچھ رعایا کے بھی ہاتھ لگا بعد اسکے کدار ناتھ و میر افضل حسین کمیدان کو حاکم خیرآباد کرکے حکم دیا کہ بدستور زمان تم مستعد سرگرم کار سرکار پر رہو بروقت ضرورت امسال رسد غلے سے غافل نہ رہنا۔

فیض آباد پہلے دو کمپنی پلٹنگ انگریزی سے مانڈے پہونچی پھر گورکھپور جون پور سے بھی پلٹین آئی اس ہنگامہ سے دو دن پیشتر گولٹی صاحب کمشنر مع اور حکام نے ہندوستانی افسران فوج کو بلواکے سمجھایا کہ ہمارا مارڈالنا منظور ہے بسم اللہ لیکن اس سے تمھین کیا فایدہ ہوگا اپنا مطلب دلی مفصل ہمسے کہو عرض کی ہم تابعدار سرکار ہین لیکن ہم سپاہی سے مجبور ہین اگر ہم سمجھا ئینگے پہلے ہمین مارڈالینگے بہتر ہے حضور خود اونھین بلواکر سمجھائے جب سپاہ بہادر آئی سب طرح سے سمجھایا لیکن اونپر تسلط شیطان تھا اور خون ناحق مین سرشار ہو چکے تھے جواب بے ادبانہ سخت دیکر چلے گئے سرکار کے عہد و میثاق پر راضی نہوے۔

دوسکی صبح سب صاحب اور میم کو بھی دلکشا مین جمع تھین ایک کمپنی سو سوار چھاونی سے آئے ایک جمعدار دو تلنگے سب کے سامنے آکر کہنے لگے صاحب خزانہ کہان ہے ہمین کنجیان دین صاحب خزانہ نے پھینک دین کہا ہین تم خود گنکر روپیہ دیدو صاحب خزانہ اونکے ساتھ گئے تین لاکھ ۳۰ ہزار گنوا کر توڑے دیدیے صاحب نے کہا ہمین اسمین سے ۵ ہزار دیدو برکات احمد رسالدار نے کہا ۳۰ دیدو باقی سب کرانچی پر رکھ چھاونی لیگئے۔

پھر ایک دن کمشنر صاحب اور حکام مع صاحبان فوج و سیم صاحبات باتفاق چھاونی گئے افسران ہندوستانی سے فرمایا ہم سب ہوجود ہین مار ڈالو یا نکالدو سب افسر راضی ہوے کشتیون پر سوار ہوکر چلے یہ خبر بسلامت نکالدینے کی سپاہ باغی نے سنی جو اعظمگڈھ وغیرہ سے اگر نخاندریا سے زیر ماندہ رہی تھی اور فوج فیض آباد سے کہلا بھیجا کہ تمنے ان سکو جانے دیا ہم پہلے تم سے مقابلہ کرینگے غرض جب کشتیان ٹانڈے پہونچین وہی تلنگے دوڑ پڑے کمشنر نے خود بندوق مار کر دریا مین کود پڑے مرگئے اونکا سگ باوفا بھی اونکے شادریا مین کود پڑا مرگیا واہ رے وفاداری میم صاحبہ بھی دو بکر مرگئین باقی اور صاحبون سے مقابلہ ہوا مارے گئے دوسرے کشتی دوسرے کنارہ کچہاریں تھی کرنل بیلن بول مع میم صاحبہ اور کئی لڑکے لیکر کنارے اتر کر ایک کھیت مین بیٹھ رہے پھر وہان سے میر محمد حسنخان ناظم کو خبر بسلامت پہونچی اسکا ذکر قابل بیان ہے آگے آئے گا۔

احمد اللہ شاہ فقیر رہنے والا مندراج یا دکن کا کئی برس سے لکھنؤ مین کھسیاری منڈی مین رہا کرتا تھا مشہور نقارہ شاہ اتفاقاً کسی ارادے سے فیض آباد گیا سرمین اونرا تھا کسی عنداد سے فساد کیا تھا قید ہوکر بول کی پلٹن مین تھا لیکن اپنے جذب جنون سے الفاظ شدنی اور نقط قتل و غارت بکا کرتا تھا جب ہنگامہ ہوا سپاہ نے فقیر سمجھکر چھوڑ دیا چلے فوج نے چاہا کہ اسے اپنا افسر کرین ہمارا سرپرست ہو لیکن اسکی باتون سے ڈرے کہ ہندو سے بہت بہت بیزار و نفرت رکھتا ہے اکثر انتقام ہنومان گڑھی کو بھی کہتا ہے مبادا اسکی جہت سے پھر ہندو مسلمان مین صورت فساد نکلے اس جہت سے افسر نہ کیا بعد اسکے مرزا عباس پوتے نواب شجاع الدولہ کو تجویز کیا بہ سبب سن پیری وہ بھی نہ ٹھہرے اسکے بعد جب کوئی نہ ٹھہرا حکومت

فیض آباد راجہ مان سنگھ کو دیکر لکھنؤ چلے۔

سلطانپور ۱۵ رسالے مین کرنل فشر صاحب تھے سید برکات احمد رسالدار نے پہلے انھون نے صاحب سے عرض کیا جہان آپ فرمائین ہم آپ کو بسلامت پہونچا دین پھر ہمسے کچھ نہ ہو سکے گا نمک حرام ہو جائینگے سپاہ پر ہمارا اختیار و حکومت نہیگی صاحب جلیل القدر نے خلاف شرافت و شجاعت سمجھکر اسے قبول نہ کیا آخر اپنے بنگلے مین نامردون کے ہاتھ سے مارے گئے اور متواتر کہتے رہے کہ اگر تم بہادر ایک بندوق ہمین دو پھر تماشا اپنی بہادری کا دیکھو کہتے سنا ایک آیا چھوٹے لڑکے کو گود مین لیے جاتی تھی ایک نامرد سوار نے گود سے گرا کر برچھی کی انی سے چھیدا چھید مار ڈالا پھر چھاؤنی مین آگ لگا دی ہر بنگلے کو خوب لوٹا۔

بہت سے مسلمان اس رسالے کے اپنے تعصب مذہب بعلت خون مولوی سید امیر علی آغا علیخان ناظم کی تلاش مین رہے نہ پایا وہ جان بچا کر رودولی مین جا کر چھپے مرزا حیدر مرزائی اونکے دونون بھائی جان بچا کر لکھنؤ آئے یا فیض آباد مین رہے اسکے بعد رسالہ فیض آباد آیا۔

راجہ بہرائچ قید تھا اس ہنگامہ مین بھاگ کر اپنے گھر گیا کئی ہزار گنوار نوکر رکھے صاحب کمشنر نے سبب نگاہداشت پوچھا کہا زر تحصیل ہین سرکار سے معاف ہو جائے یا فوج تحصیل کو ملے ورنہ زمیندار مالگذار روپیہ کیونکر دینگے۔ صاحب سنکر چپ ہو رہے۔

علاقہ سلون مین کرنل بیرد صاحب مع اور حکام فوج مین گھر گئے تھے راجہ ہنونت سنگھ راجہ کالنکر وغیرہ اونھین اپنی حفاظت مین لیگئے اپنی گڈھی مین رکھا ہر چند وہ بدل تشفی صاحب صاحب ممدوح کرتے رہے مگر صاحب بمقتضائے تاثیر وقت خائف رہے آخر بسلامت قلعہ آرہا مین پہونچے اپنی رسید راجہ کو بہت شکر گزاری سے بھیجی اسی حسن خدمت سے راجہ داخل زمرہ خیر خواہان سرکار ہوئے اگرچہ وقت داخلہ فوج اونکا جوان بیٹا مارا گیا یہی سبب تھا کہ محاصرہ بیلی گارد مین زمیندار علاقہ سلون کے نہ آئے عذر کیا اور جب پٹالن سفینہ نے خزانہ سرکار لیا زمینداروں نے مال سرکار سمجھکر مقابلہ کیا طرفین سے قریب ۶۰ آدمی مجروح و مقتول ہوئے۔

بہرائچ مین فوج باغیہ خون ناحق صاحبون سے درگذری لیکن زمینارون نے راہ ندی آجر بطرز دونون پٹالن نے اتفاق کیا اور خزانہ لیکر داخل فیض آباد ہوئین۔

خلاصہ ہر جہاؤنی مین فساد نے نیا رنگ پیدا کیا تھا اور زمیندار مالگزار تمام ممالک محروسہ نے راہزنی اختیار کی تھی بجاے خود حاکم ہو بیٹھے روہ دلی مین تحصیلدار کو مار ڈالا حاکم علیخان کیتھولیہ سو بھان بھاگ کے لیہ آباد چلے گئے اپنی حکمت عملی سے آپ بھی بچے کپتان ولیسٹن صاحب کو بھی بچا یا خزانہ سرکار بیلی گارد مین پہونچایا فی الحقیقت بڑا کام خیرخواہی کا کیا لیکن بعد رفع ہنگامہ فساد کے اونکو پنشن نہ ملی شاید اس جہت سے کہ زمان برجیسی مین وہ وکیل پیشوا بھوراراؤ کے ہوکر دربار لکھنؤ مین حاضر رہتے تھے یا اپنے بچاؤ کی صورت نکالی تھی خود کہتے تھے کہ مین پرچہ اخبار سرکار کو لکھتا تھا چنانچہ کرنل چمبرلین صاحب نے اسکی تحقیقات کو ولایت مین رسٹین صاحب کو لکھا دوسرا جواب آیا مگر کچھ اونسے مفید نہوا اکثر مقام پر تھانہ دار مارے گئے نمبردار جدید سے زمیندار قدیم نے اپنی زمین چھین لی اور درپے انتقام یکدیگر ہوے ۔

کپتان ہیئر صاحب اور کپتان فیر صاحب کا مارا جانا

کپتان ہیئر صاحب بلیٹری سکر ٹر کپتان فیر صاحب نے ازراہ جوانمردی و تہوری نمک حلالی سرکار جانکر والنٹر یعنی ہراول لشکر ظفر پیکر ہوکر چار سو سوار رسالہ کپتان گال صاحب لیکر سیدھا اضلاع شرقی کیطرف لکھنؤ سے روانہ ہوے مین پوری سے جب رسالہ دوراہے پر پہونچا کمان افسر نے حکم دست راست جانیکا دیا سوار ٹھہر گئے دوبارا حکم دیا نہ چلے آخر ایک صوبہ دار مقابل مناصب آیا گالی دیکر تمنچہ مارا امان خان صوبہ دار میجر صف سے نکلکر اوس سے کہنے لگا تو نے میرے افسر کو مارا مین تیرے افسر کو مارتا ہون بعد اسکے سواروں نے افسرون کو قتل کر راہ شاہجہان آباد لی رمضان خان نے کپتان ہیئر صاحب سے مخاطب ہو شکایت لکھنؤ مین گالی دینے کی کرنا تلوار ماری اور باقی سوار کپتان گال سے کہنے لگے کہ ہم آپ کی بدولت نوکر ہوے آپکا نمک کھایا اب بہتر یہ ہے کہ آپ ہم مین سے بسلامت چلے جائیے اور ہمین جانے دیجیے کپتان لڑائی سے منہ پھیر سیدھے لکھنؤ آئے سور وطن دستیاب ہوے نام کٹ گیا اکثر اپنے حال پر رویا کرتے تھے پیشکش کپتان ہیئر صاحب کو عہدہ میجری رسالہ دیا بعد کئی دن کے گال صاحب کئی سو روپیہ دیکر بعد انعام و رخصتی اونکی بہن اونکے ساتھ روانہ الہ آباد ہوے بریلی کی سڑک مین اونسے وہان جاسوسی یا اونکے

سواردن نے پٹھانون کو خبر کردی تمام گئے بعد لکے اودھی رسالے کے دوسو سوار نے اپنی تنخواہ لی اور چھاؤنی سنڈیاؤن مین نماز جمعہ پڑھکر روانہ شاہ جہان آباد ہوے اس رسالہ مین قوم راجگرڈی کے قریب رہتی تھی اپنے بھائیونکو احوال سنکر چلے گئے ۔

منشی رسول بخش قصبہ کاکوری کا پھانسی پانا وغیرہ

زبانی کرم خان صوبہ دار پٹالن نادری اس قصہ کا بیان کرتا ہے کہ ایک دن میر عباس تھانہ دار اودھ ایک حوالہ ار پٹالن مفرد چھاؤنی سنڈیاؤن شام کو حسین آباد کے تالاب پر زیر درخت شہتوت کھڑا سمجھا رہا تھا کہ شل اور پٹالن کے فتنہ و فساد برپا کرنے مین تمھین تامل کیا ہی صوبہ دار نے جواب دیا کہ ہمارا کوئی سر پرست نہین مبادا نوکری ۶۵ روپیہ کی مفت ہاتھ سے جاتی رہی بدنامی و نمکحرامی حاصل ہو اتفاقاً دو سپاہی اور اونکی سرگوشی کان لگاکر سننے لگے صوبہ دار ڈر کر چپ ہو رہا اور اپنے مقام پر چلا گیا اور اودے سے یہ ڈر ہوا کہ مبادا یہ دونون سپاہی میری پلٹن کے ازراہ جاسوسی کمان افسر سے جاکر کچھ کہدین اوسوقت سوا ے پھانسی پانے کے کوئی علاج میرا نہ ہوگا غرض اسی خلجان سے اودنے انشاے راز اپنے ایک دوست سے کیا اودنے کہا کو اسیوقت جاکر صاحب جرنیل سے کردے صاحب نے سنا حکم دیا کہ اگر کل صبحکو وہ دونون پھر آوین ہمارے گونیدے کے ساتھ تو اونکے گھر چلا جانا اودنے کہا اگر نہ آوین تو آفت مجھپر آویگی کہا اس سے مطمئن رہو غرض صبحکو جب وہ دونون اجل گرفتہ آئے اونکے ساتھ مع جاسوس بازار ٹکیٹ راے راجہ بلاس رائے کے مکان مین کوٹھے پر چلے گئے دیکھا کہ منشی رسول بخش کاکوروی اور اونکا بیٹا حافظ میر عباس اور حوالدار اور دو آدمی مجموع بیٹھے ہین منشی نے صوبہ دار سے باتین اطمینان کی کین اور مستعد ہونے برپا کرنے فتنہ و فساد کی شروع کین اور تحریر خطوط بھی دکھلائی بعد ایک ساعت کے کارنیگی صاحب محمود خان کو توال کمپنی تلنگہ برقندازلیکر پہونچے گھر کو گھیر لیا اتفاقاً ہمسائے مین ایک ہندو کی برات بھی اوتری ہوئی تھی من الاتفاق میر خلیل احمد امین زمان شاہی میر بار قرسوداگر کے پاس نیچے بیٹے کا احوال کلکتہ سنکر گئے تھے ضعف سن پیری سے تھک کر منشی کے پاس آکر دم لیا تھا کہ ایک چلم حقہ کی پیکر چلا جاؤنگا غرض اوسوقت

۲۲- آدمی مجرم وغیر مجرم جو وہان تھے دست بستہ قید ہوکر کوٹھی رزیڈنسی مین گئے
واپس حضور صاحبان کمیٹی مفصل سرگذشت بیان کی حکم ہوا منشی اونکا بیٹا حوالدار
تینون پھانسی دیے جائین کارنیگی صاحب نے منشی سے کہا تو مبدء فتنہ فساد اس سنگامہ کا
ہوا ہے برسون تو نے سرکار کا نمک کھایا آبرو روپیہ پیدا کیا اور میر عباس سے کہا تو وہی ہے کہ
لشکر مولوی امیر علی مین جا دیکر بارھی چار ہزار روپے اونسے بہ فریب لیکر بھاگ آیا پھر
فضل علی مفرور کو تو نے اپنے گھر چھپایا پھر ہمسے اجازت لیکر اوسکے قتل کو گیا اور اپنی
بین دنامردی سے پھر کر چلا آیا لکھنؤ مین ہر شخص کو مرغیب فساد ملوہ تیار ہا کر انی سرکار کو مارڈالا
اسی صحبکو یہ ۲۲- آدمی پیادہ رزیڈنسی سے مچھی بھون کو گئے ان چار برائے بعد ایک دوسرے
کے پھانسی پاتی باقی بندھے ہوے سامنے بیٹھے رہے ان سب مین میر خلیل احمد کا بسبب ضعیف
پیری کے بہت برا حال تھا گویا جان قالب سے نکل چکی تھی بعد پھانسی پانے کے اونکی نعش
شاہ پیر محمد کے ٹیلے پر حکم ہوا گڑوادو باقی مجرمین کو حکم امام باڑہ ہوا- صوبہ دار نے روبکاری
مین کہا کہ فقط میرے کہنے سے نوبت یہان تک پہونچی اب مین خدا کو گواہ کرتا ہون کہ اس
ماجرے سے مین بیخبر واقف یہ سب بے گناہ قید ہوے ہین آگے آپ حاکم ہین اختیار ہے اوسکے
اظہار سے براتی بھی چھوٹے اور یہ برات سنکٹا پرشاد نامی قوم کھتری ایک معزز شخص بنارس کی
تھی بنارس کو گئے مگر اونکا اسباب زیور وغیرہ لٹ گیا میر خلیل احمد کو حکم ہوا چوبیس گھنٹہ
کے بعد تم اس شہر سے چلے جاؤ وہ بجنور جا کر رہے- منشی کا اسباب لیا گھر کا نیلام
ہوا- مرزا فرخندہ بخش شاہزادے کے داماد نے دوبارہ دام سے مول لیا کسواسطے کہ
وہ انکی ملک تھا- میر خلیل احمد کربلا گئے وہین انتقال کیا انجام بخیر ہوا-

تھارن ہیل صاحب بلیج آباد سے شکست کھا کر دوسو اردن سے کاکوری مین قاضی
وصی علی خان کے گھر مین ٹھہرے اونکی خدمتگزاری سے بہت خوش ہوے بشرط رجعت حکومت
وتسلط سرکار وعدہ پرورش کیا وہان سے بسلامت لکھنؤ آئے جب بلیج آباد کے لوگون نے
منشی رسول بخش اور حافظ کی خبر پھانسی پانے کی سنی کاکوری مین آکر جمعدار اور دو سرقندازون
کو مار کر چلے گئے جو باغ مین وصی علیخان کے تھانے پر تھے دو آدمی اونکے بھی مارے گئے لیکن تھانہ

بچ گیا دوسرے دن تھارن ہیل صاحب نے منشی رام دیال کو حکم دیا۔ وہی علیخان کو خط بھیجکر بلوا دو جب عذر کرکے نہ گئے دوسرے دن ایک سوار حکمنامہ اونکی طلب کا لایا لکھنو مین روبکاری کو تمنے حکم پہنچا دیا مگر ولسٹن صاحب جو مدت سے ان کے حالسے واقف تھے سینہ سپر ہوکر انھین بچا یا نجات دلوائی اپنے گھر آئے۔

بلوۂ فساد کانپور

فی الحقیقت عجب طرح کی کالی آندھی آئی جسنے تمام کرۂ ہندوستان کو گھیر لیا مجموع دل خلائق کا ایک امر پر ہونا سوائے خالق کے کاریگری نہین ہے کسواسطے کہ روبرو سلطنت سلیمانی ان مورچہ کی ضعیف کی کیا حقیقت تھی یہ مقام غور و تامل اہل بصیرت ہے خلاصہ ۳۰ پچاسن ایک میرا رسالہ کانپور مین تھا اور تونچانہ۔ جب منشی کی خبر پھانسی کی سنی سکو اپنے قصاص لینے کا یقین ہوگیا کچھ بن نہ پڑا سوا اسکے کہ طریق رفتار اپنے اخوان الشیاطین کا اختیار کرین دفعۃً وہان بھی بلوہ کردیا بنگلون مین آگ لگادی اسباب لوٹا صاحبان عالیشان جو دکل چھوٹے بڑے بیبیان دولتی خواہ ہندوستانی عیسائی اطفال کے ساتھ اوسی طریق سے پیش آئے جسکا بیان نہین ہوسکتا بعض بیم صاحب جمال و فور غیرت و شرافت سے کنوؤن مین گر کر مرگئین نعش اطفال اور مقتولین سے بڑا کنوان بھر گیا چار دن تک فوج باغی اپنے افسرون سے لڑی جب مغلوب کیا جنرل ویلر صاحب مع اور افسر اور گورون کے ہوسپتال مین بناکر پناہ لی۔

شہر کے مساجون نے خون سے فوج کو آزوقہ طعام تر و خشک بہت تکلف سے بھیجنا شروع کیا رانا راؤ سپر متبنائے باجی راؤ پیشوا پونہ جو بھوٹر مین رہتے تھے فوج کے ساز سے آگے آیا ہوا تھا حاکم شہر ہوا اسکی منادی ہوئی کئی دن کے عرصے مین دس بارہ ہزار سوار پیدل اہل تونچانہ مثل سہ نبری نوکر رکھے ۲۰ دن فوج باغی ہوسپتال کی فوج سرکار سے لڑتی رہی آخر صاحبان محصورے از بہر مصلحت وقت رانا راؤ سے امان چاہی اسپر راضی ہوئے

صبح کو سب فوج بقایا شہر تماشا بین جمع ہوئی جنرل صاحب نے سفید نشان امان کے گرو دیے اوسوقت صاحبان محصور ادھر اور افسر مع پیشوا جمع ہوکیجا بیٹھے باہم عہد و میثاق قطعی

قطعی ہوا اوسکے بعد ۷۔ کشتیون پر سلحہ حرب اسباب ضروری بار کرکے مع جنرل صاحب وکلکتہ ہوے بالاجی راوسگے بھائی رانا راو نے ارادۂ خیانت اور فسخ عہد کرکے حکم شلک توپ دیا اوسنے منع کیا کہ دغا موافق مذہب کے گنگا سے کرنا اچھا نہین اسکا انجام بہت بُرا ہوگا نمانا جب توپ چلنے لگی اور کشتیان دریا مین بیٹھ گئین ہیبان گود مین بچے لیے صاحب جو کنارہ دیا کشتیون پر سوار ہونے کو باطمینان کھڑے ہوے تھے سبھون نے فریاد وغا بلند کی اوسوقت سپاہ باغی کا قتل کرنا ایک طرف تلوار پڑتی تھی دوسری طرف سے گولیان برستی تھین سینکڑا یاس سے ہر ایک سے ملتجی ہونا ایک ایک سے سہارا اور پناہ ڈھونڈھنا وہ بیان سے باہر ہے ایک سوار رحم سے بچاتا تھا دوسرا گولی مارتا تھا ایک عجیب ماجرا یہ تھا کہ جو کشتیون سے پر دریا مین کودا ڈوب گیا ادھر جو گیا پار اب تھا جنرل صاحب کی کشتی بہ سلامت الہ آباد پہونچی راہ مین فقط دو کشتی کو زمینداروں نے لوٹا۔

نواب محمد علیخان عرف ننھے نواب کے گھر کو فوج نے خوب لوٹا چاہتی تھی مار ڈالین سو پہلے اونھون نے شاید بعض ہیبان اور صاحب کو گھر مین چھپایا تھا لیکن پیشوا نے رئیس امیر جانکر منع کیا آخر بابے نواب معتمد الدولہ کو مالدار اہل وثیقہ سمجھکر لوٹا ہر ایک نے اپنی غرت وجان بچانے کی انسے صورت عافیت دآسنی پیدا کی رعایا شہر کو امان دی خزانہ کلکٹری سے لاکھ روپیہ لیکر فوج کو انعام دیا حکمنامی تحصیلدار و زمینداروں کو بدستور انتظام وحفاظت راہ کے روانہ کیے جب رانا راو اس مدت قلیل مین اپنی غفلت و نااندیشی سے عیش وعشرت ولغویات لاطائل مین مشغول ہوا فوج باغی بیدل ہوئی چاہتی تھی کسی کو اپنا حاکم کرے مگر کوئی نہ ملا۔

فساد خاص لکھنؤ

قبل از پہونچنے فوج باغی نواب گنج مین چیف کمشنر مع ۷ صاحب ۲۰ سوار تلوارین کھینچے آدھی رات کو نواب گنج پہونچی میر عسکری تحصیلدار کو بلاکر فرمایا بازار سے جو کھانے کی چیز ہے لاؤ اور خود کرسی اور مسند پر بیٹھے اور یہ بھی فرمایا کہ ہم جاکر کرنل گنج مین تو پہنچانے کو لے لینگے تحصیلدار نے عرض کیا بیانے چھاؤنی ۷۔ کوس ہے دریا سے کھاگرہ بیچ مین بعد ایک بجے جب کچھ کھا چکے

تھوڑی دور گئے تھے ایک صاحب کو گھوڑے نے گرا دیا اُنکے شانے مین چوٹ آئی زمین پر گر پڑے چارپائی پر دو صاحب دو سوار نواب گنج لے آئے تھوڑی دور اور چلے تھے ایک اور صاحب گھوڑے سے گرے اونکا ہاتھ مجروح ہوا جب کنار دریا پہونچے صبح ہو گئی بے فائدہ آگے جانا پار اُترنا سمجھکر پھر آئے زبانی قربان بیگ جو تحصیلدار کے ساتھ تھے۔

کئی چھکڑے صاحبون کے اسباب کے چھاؤنی سکندرسے نواب گنج کی سڑک مین پہونچے پاسی جو حفاظت کو ساتھ تھے بسبب عدم رسد تنخواہ اسباب چھکڑون سے لیکر چلے گئے۔

ایکدن کپتان ولیئن صاحب نے چاہا کچھ سوار لیکر فوج باغی پر شبخون مارین اپنی ٹوپی دار بندوق کو چھوڑا رنجک چاٹ گئی دوسری ٹوپی چڑھائی وہ بھی خالی گئی شگون بد سمجھکر بندوق ہاتھ سے پھینکدی فسخ عزیمت کیا۔

میر اکبر علی ساکن کنتور نے دو پلٹن سہ بندی نوکر رکھے فوج باغی کے شریک ہو کر نواب گنج کے ایک باغ مین اترے احمد اللہ شاہ فیضی بھی بارادۂ فاسد بادشاہت لکھنؤ فوج باغی کے ساتھ تھا افسرون سے کہنے لگا یہ دونون پلٹن بروقت پہونچے لکھنؤ دغا سے تمپر آ پڑین کیا کروگے پس چاہیے اُنسے عہد و پیمان لیلو ایک گارد تلنگون کا میدان کے بلانے کو گیا اتفاقاً وہ دو ہزار روپے آگے رکھے سپاہ کو چھٹا بانٹ رہے تھے مع زر نقد اونھین گرفتار کرکے لے آئے احوال پوچھ کچھ تامل کیا دو ہرا گاڈ گیا سپاہی اوسوقت بھاگے گارد اُنکا اسباب ہتھیار لیکر پھر آیا آخر قرینے سے معلوم ہوا کہ کسی امرائے لکھنؤ نے میر اکبر علی کہ ہزار روپے واسطے نگاہداشت دو پلٹن لے آئے تھے کہ ہم باغیون کے ساتھ آئینگے اونھین غافل پاکر لوٹ لینگے پھر مفصل احوال کھلا میدان کو سیدھا سمجھکر چھوڑ دیا بات بہت خوب تھی اگر بن پڑتی۔

چیف کمشنر کا قیصر باغ سے بادشاہی کوٹھون سے اسباب لانا

روز یکشنبہ ۱۵ تاریخ ماہ ذیقعدہ ۱۲۷۳ھ مطابق ۲۵ جون ۱۸۵۷ء دوپہر کو چیف کمشنر مع میجر بگ صاحب اور کئی افسر قندار کمپنی گورہ دو توپین لیکر داخل قیصر باغ ہوئے واسطے کہ بادشاہی کوٹھونسے جو اسباب عمدہ اور بیش قیمت کمیاب ہے بجائین اور اپنی حفاظت مین رکھین

سپاہی حبشی جو در دولت پر حفاظت کو باہتمام حسام الدولہ تھے کہا کہ فوج فیض آباد عنقریب ہے اگر
اونھین جلد خبر پہونچے گی چلی آئیگی جبتک انھین ہم روک سکتے ہین اونھون نے کچھ مناسب سمجھکر منع
کیا اور خبردار ایسی حرکت نہ کرنا خلاصہ چیف کمشنر نے مفتاح الدولہ سے جائزہ جواہر خانہ لیکے
۲۲ صندوقچہ جواہر ۳ تاج شاہی مکلل بجواہر کئی کروڑے اشرفی تخت شاہی ہتیار بیش قیمت
بہ کلفت مصرف شاہی مفتاح الدولہ حسام الدولہ صحت الدولہ کو گوردون کے پہرے مین لیکر چلے صاحبہ
محل نے اپنی نادانستگی سے شور واویلا برپا کیا ہے بادشاہ کا گھر لوٹے لیئے جاتے ہین
چیف صاحب نے فرمایا فوج باغیہ کے خیال سے اپنی حفاظت مین لیے جاتے ہین وگرنہ یہان
رکھنے مین احتمال بربادی وغارتگری کا ہے اور کسی سے اسکی حفاظت نہو سکیگی فی الحقیقت
یہ بڑا احسان چیف صاحب نے کیا ورنہ زمان پر جیسی مین یہ سب غارت ہوجاتا اور اگر کچھ بادشاہ
کو بسلامت نہ دیا جاتا ۱۸ - کوٹھیون کی طیاری آرائشکی خاطر خواہ بادشاہ کا ہے کو ہوتی اور
سباب کے نیلام سے منشی صفدر کا کیونکر بھلا ہوتا خلاصہ مفتاح الدولہ سے تحقیقات کو ہنوز
کی مگر ان تینون صاحبونکو اس قید سے توقع نجات نہ تھی گوردن کے پہرے سے گھبراتے تھے
آپس مین بات نہ کر سکتے تھے ایک دوسرے سے علیحدہ بیٹھے تھے آخر جب رات ہوئی بسلامت پھر آئے

معرکہ چنہٹ وخاص لکھنؤ

جب فیض آباد مین ہر چہار دانگ سے فوج باغی آکر جمع ہوئی زرخزانہ سرکار سے مالامال ہوگئی
ہر ایک نے جا بجا سیدھی اپنی گھر کی راہ لے افسرون نے کہا کہ تم علداری سرکار سے کہان بھاگ
کر جاؤگے کسی دوسرے کی عملداری قریب ہی سزائے اعمال مین گرفتار ہوکر ہر ایک کسی
جزیرے کو روانہ کیا جائیگا مناسب یہ ہے کہ اپنا سنگر نہ توڑو کمر ہمت باندھو بادشاہ
ہندوستان کے ظل حمایت مین چلکر رہو کہ مرگ انبوہ موجب عافیت ونیکنامی اپنی حکومت و
اختیار بھی باقی رہیگا پس اکثرون کی مصلحت ٹھہری کہ دلی چلو بعض نے کہا کہ اگر دلی جانا منظور
ہے لکھنؤ ہوکر چلو اور ممالک محروسہ کے جتنے راجہ ہین اون سبکو اپنا شریک کرنا چاہیے -

چنانچہ اکا اتفاق ظاہری دیکھکر ہرایک نے اطاعت کی اور باطن مین متردد رہے اور اپنی حفاظت کو سپاہ گوہار نوکر رکھی۔

راجہ مان سنگھ نے عرضی چیف کمشنر کو بھیجی کہ مین مطیع و فرمانبردار سرکار ہون لیکن ان باغیون سے طاقت مقابلہ نہین رکتا جان تک ممکن ہے اپنی جان و مال سے حاضر ہون کئی ہیم اوصاحب کو ابھی تک چھپایا ہے جیسا حکم ہو دستخط ہوئی کہ تمھاری خیرخواہی ثابت محبوسین جہان چاہین چلے جائین چنانچہ انکی حفاظت مین ہرایک عملداری سرکار مین بسلامت پہونچ گیا فوج بانی نے قرینے سے دریافت کیا کہ راجہ باطن مین سرکار سے موافق ہے کچھ سمجھکر چپ ہورہی کہ یہ زبردست ہین صاحب فوج صاحب مقدور ہین شاید کوئی فساد تازہ برپا ہوجاوے ابھی درگذر کرنا چاہیے جب اختیار کامل ہوگا سمجھ لینگے۔ حکومت فیض آباد کر چلے آئے۔

روز سہ شنبہ ۷ ماہ ذیقعدہ مطابق ۳۰ جون ایک گوئیندہ نے چیف کمشنر سے خبر کی کہ ۷ کمپنی تلنگہ دو توپ اسپی ایک رسالہ علی گنج معہ ہنومان مہابیر مین لکھنو سے دو کوس پر آپہونچا ہے باقی فوج متفرق مع میگزین نواب گنج کو ایک دوسرے کے پیچھے چلی آتی ہے یہ سب تقریباً ۱۵ ہزار ہونگے کسواسطے کہ ۱ رسالہ ہندوستانی پٹالن بول والینٹر دو توپخانہ اسپی و نرگادان ۱۵ رسالہ ۱۲ رسالہ پٹالن ملازم شاہی کپتان میگنس بارلو بنوری آرٹلن گھن گھوڑا ختری بہادری میر فدا حسین کی یہ سب باتفاق آتی ہین چیف کمشنر نے سنکر تجویز کیا کہ ابھی تھوڑی فوج قریب پہونچی ہے قبل از داخل شہر سے روکنا چاہیے چنانچہ تین سو سوار سکھ ۱۲ سو برقندار ۵ کمپنی تلنگہ و گورہ ۱۱ بڑی توپ بیل و اسپی ۵۰ صاحب میجر کارنیگی محمود خان کوتوال باقی کرانی اہل دفتر سب کے سب مسلح کچھ ہاتھیون پر باقی گھوڑون پر سوار پہر رات رہے روزمینی کی چلے جب لوہے کے پل پر پہونچے مسافرون سے حال تعداد فوج پوچھا، وضون نے کما تھوڑی سی قریب باقی کثرت اونکی مثل سیل نواب گنج تک پھیلی ہوئی ہے آخر آپس مین یہ صلاح ٹھہری کہ یہان سے پھر جائین مبادا صورت خلاف پیدا ہوا آخر ازراہ تھوڑی آگے بڑھے دم صبح کو کرال ندی پر پہونچے وہان کچھ قشان فوج بنایا گوئیندے پر ضفا ہوے اونسے غرض کی دس باغ مین باغی آوے ہین کمر بندی کر رہے ہین بس یہ سنتے ہی تین گولے ماری اوسوقت کا حال و اسوار باغی

کہتے تھے اس آمد فوج سے ہم مین دم باقی نرہا تھا ایک دوسرے ہم ملامت کررہے تھے کہ بیان مہابیر مین نشان چڑھانے آئے تھے قریب تھا کہ تلنگون کے پانون اوکھڑ جائین مگر جب یہ تینون گولے سپاہ کے سر سے بسلامت گذرے اسے وہ تنگون سمجھے سب کے دل بہاڑ ہوگئے دفعتہً سوارون نے یمن یسار سے سبقت کی اب زبانی فوج یہ ہے کہ جب ہم مقابل ہوکر آگے بڑھے دیکھا کہ بہک صاحب بگھی پر سوار ہماری طرف چلا آتا ہے سوار ادھر سے جھپٹے اونسے بگھی بھگائی دفعتہً فوج بھگائی دفعتہً فوج جاپڑی باہم ملگئی سرکاری توپ نہ چلنے پائی اب تنگ مغلوبہ ہوگئی صاحبان عالیشان نے جب گھونگھٹ کھایا چاہا کہ اسمعیل گنج مین پناہ لین وہان نہ جاسکے اختلاف رائے ہوا فوج باغی نے گنج کو اپنی پشت پر کیا دہنے بائین پشت سے توپ بندوق چلنے لگی جب پانون نہ ٹھہر سکا اور انتظام فوج بگڑ گیا ہوگل رجعت کیا گورے تلنگون کے پانون گویا زمین گیر ہوگئے باغی آنکر مل گئے لوہے کے پل تک بڑا کھیت پڑا لاش پر لاش گرنے لگی کپتان اندرسن اپنے رسالے مین لکھتے ہین ۱۱۱ گورے جان سے مارے گئے ایک سبب اور بھی ہوا کہ راہ مین کہین مقام ٹھہرنے کا نپایا سوار ملے ہوے دباتے چلے آتے تھے بر قندار اب نمک حرام کہین معلوم دیے بڑی توپین چھٹ گئین گھوڑے مشکل سے اونسے جدا کیے گئے صاحبان عالیشان بگٹٹ گھوڑے پھینکتے مرزا سلیمان شکوہ کے مکان سے دفعتہً حصار وحس ہیلی گارد مین ہو رہے پھر کسینے پیچھا پھر کر نہ دیکھا جو صاحب یا گورہ مجروح تھا مشکل سے پہونچا راہ مین کسیطرح کی کمک نہ پہونچی وگرنہ پل سے باغیون کو تازہ دم ہوکر روک سکتے۔

غرض لوہے کے پل تک سوار پیچھا کرتے چلے آتے جب اسمعیل گنج کیطرف بڑھے ہیلی گارد اور قلعہ مچھی بھون سے توپ منہ پر پڑنے لگی پھر آگے کسیکا قدم نہ بڑھا چتنے نکل سکے شہر مین پھیلے فوج باغیہ اور پلٹن کھاٹ سے داخل عمارات سلطانی ہوئی احمد اللہ شاہ راہ مین بہت سرگرم تھا پانون مین گولی لگی بہت فخر مباہات اپنی تیغ وبہادری کا کرتا تھا رصد خانی کی کوٹھی مین اترا موافق اہل تنجیم غلبہ فوج باغیہ کا یہ تھا کہ لوہے کے پل تک مریخ برج عقرب مین اونکی پشت پر فوج سرکار کی جب لوہے کے پل سے باغی بڑھے انکے منہ پر ہوا پھر کیونکر صورت فتح ہوئی

جب عوام بیلی گارد نے یہ ہنگامۂ شکست سنا اور باہر سے سب کو سراسیمہ داخل ہوتے دیکھا تو با
کو دونوں مورچوں سے چلتے دیکھا ہر شخص اپنی جان بچا کر ہر طرف حصار سے جسطرف سے ممکن ہوا
نکلکر بھاگا جو رہنے والے تھے رہگئے دو ہزار سات سو مجموع سپاہی تھے پانسو گورے چار سو زیادہ
بیم الطفال خرد سال انکے سوا تھے کسواسطے کہ اطراف اضلاع کی میم بناہ سمجھکر لکھنؤ چلی آتی تھیں اسی
طرح صاحبان اضلاع بھی جو پہونچ سکے تھے باقی اہل دفتر کرنی سکہ۔ پنجابی۔ کچھ تلنگے نمک حلال
کچھ سوار کچھ برقندار اور شاگرد پیشہ رنڈی مرد۔ فردور۔ کچھ گھوڑے بیل وغیرہ اوسوقت
عجب طرح کا تلاطم ہو گیا تھا انگاشتی سپاہی جنھین گھر سے بلا کر جابجا مورچون پر مامور کر دیا
تھا وہ سب اپنی جان بچا کر ہر طرف بھاگے۔

محمود خان کوتوال جمعیت برقندارون سے داخل امام باڑہ ہوا پھاٹک مین قفل ڈلوا دیا
برقندار جو لڑنے گئے تھے اونھین نے لکھنؤ عیش باغ مین سوا بندرون کی لڑائی کے دوسری
آنکھ سے دیکھی نہ تھی اس ہنگامہ کو دیکھتے ہی سرخ پگڑی ٹیکے کو پھینک سفید پگڑی رکھ لی جو
گھر سے لے گئے اور تنخواہ انعام پیشگی پا چکے تھے اور سرکار نے بندوق دیکر جنگی مشہور کر دیا
تھا اور جتنے کوتوال کے ساتھ تھے متقاضی تنخواہ پیشگی ہوئے کوتوال نے دم دلاسے مین رکھا
شام کو گھبرا کے قفل توڑ باہر نکلے قریب پانچہزار کے نوکر ہوئے تھے سات روپیہ کی تنخواہ کا ایک
مہینا پیشگی پا چکے تھے ہزار روپیہ تنخواہ کوتوال کے ہوئے تھے خطاب بہادری تمغہ دلاتی
کمر مین باندھنے کو ملی تھی کارنیگی صاحب نے اپنے رفع اشتباہ کو اونسے قسم قرآن شریف لی
تھی اونھون نے برقندارون سے دغا نہ کرنیکی قسم لی تھی قاقہ مستون نے سب طرح سے قبول کیا تھا
کسواسطے کہ ہر ایک اپنے گھر مین ایڑیان رگڑ رہا تھا دو پیسے پر کوئی نوکر نہ کرتا تھا کوتوال نے
پیشتر سے اپنا نقد وجنس خبر اعتماد تھا رکھوا دیا تھا مگر بعد عملداری بھی یہ حال ہونے کا سرکار
پر نہ کھلا کارنیگی صاحب یا منشی تربان علی کا حال کھلا تو کیا ہوا اب دونون چین کر رہے ہین عرض
جب رات ہوئی پشت مسافر خانہ کی کھڑکی سے تبدیل لباس کر کے سنکری محلہ پہنچا تھا اپنے مہاجن
کے گھر آئے دہان سے تیسرے دن نخاس مین اپنی رنڈی کے گھر رہے پھر کویلہ والون کے سر پر ہو کر
رکھ شہر کے ناکے سے ملیح آباد پہونچے کرم خان پٹھان کے مہمان ہوئے۔ ایکدفعہ پوشیدہ کانپور بھی ہو آئے

جانتے تھے کہ جسدن عملداری سرکار ہوئی مین بدستور مامور ہونگا شہر والون سے اپنا انتقام لونگا مگر اصل اوپر ہمیشہ رہی تھی من کی من مین رہی ۔

غرض جب امام بارہ مسافرخانہ سب خالی ہوگیا سرکاری اسباب جابجا پڑا رہگیا تھا کسیکا خون ناحق نہ بہا ہر چند توپ آلات حرب سب جمع تھا پہلے دم صبح شہر کے شہدے لچے جا پہونچے خوب لوٹا جسنے جو پایا لیا اتفاقا ان شہدون مین سے رومی دروازے کے شہدے نے اپنے فرقہ خاص کو گالی دیکر للکارا ابھی تم لوٹ نہ مچاؤ پہلے یہ توپین کھینچکر مچھی بھون پر لگاؤ لڑوا سمین ہم تم سب کا بڑا نام ہوگا کہ ہم سے ناچیز حقیر ذلیل شہر نے کن سلیمان جاہ کا مقابلہ کیا سبھون نے قبول کیا اوجمع ہوکر مستعد ہوگئے اور اہل شہر کو پکارے کہ خبردار میگزین کو کوئی ہاتھ نہ لگائے یہ کہکر ہوئی توپ کو رسی سے جکڑ ایک لاٹھی کا سنبہ بنایا توپ کو سیدھا کرکے مچھی بھون پر لگایا اتفاقا گئی گولہ اندازہ بھی لوٹ کو آئے تھے اونکے شریک ہوگئے دو توپین نقار جانے کے کوٹھی پر لگائین جتنے تخت دو کاندار کے تھے اونکی جھانکیان نہ ائین قدم بقدم بڑھنے لگے اب مچھی بھون سے جو توپ پڑتی تھی خالی جاتی بھی انمین سے کوئی مجروح مقتول نہوا فقط ایک شہدے کا ہاتھ بیکار ہوگیا توپ کے پیچھے پرالگھوٹھار کینے سے الکی توپ کے گولے سنوار مچھی بھون پر پڑتے تھے شب پنجشنبہ کو بعد آدھی رات کے روئی کے اور کپاس بھوس کے آگے رکھکے اونپر آگ لگاکر شور وغل مچاکر دوڑ کر جھٹ پھاٹک سے لپٹ گئے مچھی بھون کے لوگ کہتے تھے انکے اس شور وغل سے ہمنے جانا کہ ہزار آدمی شہر کا لوٹ پڑا ہے پھاٹک گراکر داخل قلعہ ہوجائینگے ۔

اس عرصے مین چیف کمشنر نے ایک گونیدہ کو ہزار ہا روپیہ انعام دیکر ایک چٹھی قلعہ مین بھیجی کہ دو مقام سے لڑائی کا ہونا اچھا نہین بہتر یہ ہے کہ تم سب آج نصف شب کو مع خزانہ و عورات فوج واسپر لیکر بیلی گارد مین چلے آؤ تو بہتر ہے اور اسیوقت دقت چلنے کے سنگ مچھی بھون مین آگ دینا ۔ اہل شہر نے پیشتر سے جب یہ خبر سنگ کی سنی تھی کسی کے ہوش بجا نہ تھے اس جہت سے فرنگی نمک وغیرہ مجا جو دریا کے پار اپنے گھر چھوڑ کر سعادتگنج وغیرہ دور کے محلون مین رہنا اختیار کیا تھا ۔

غرض جب محصورین بھی مچھی بھون چلنے پر مستعد ہوئے پہلے مرزا حیدر شکوہ ۔ ہمایون شکوہ نواب محمد حسن خان راجہ تلسی پور نواب مصطفی علی خان شاہزادے کو ایک گاڑی مین سوار کیا اس شاہزادہ

والا تبار نے جانے مین کچھ تامل کیا بہت چلا کر بات کرنے لگے ازراہ پرخصب اس حجت سے انکی شکین باندھ سنھ پر رومال باندھ دیا تھا یہ زبانی مرزا حیدر شکوہ کے لکھا اب شاید خلاف اپنی شان کے سمجھین غرض حسن باغ کیطرف سے جتنے محصور بن تھے بانتظام حلقہ فوج مین توپین آگے پیچھے رکھے نکلے اور سیم کو توپون کی میٹھون پر بٹھا دیا تھا ایک آن واحد مین شاہزادہ کے مکان کے دروازے سے داخل حصار بیلی گارد ہوگئے دفعتہ ایک توپ چلی تھی ۲۰۰ آدمی تو ملازم گرد اور اسی دغدغہ راہ مین اپنی جانکے خوف بھاگے اوسمین دو چار رضا یا گورے بھی تھے شہر کی گلیون مین پھنس گئے مارے گئے انکے نام مفصل نہین معلوم فوج باغی جابجا مورچہ بندھی سنھ دیکھتی رہگئی بلکہ اوسوقت جو غفلت مین اپنے بستر پر پڑے رہے اور بھوکے چلنے توپ کے سنگ بھی بھون مین آگ دی ایک کورہ شاید اپنی بہادری سے رہگیا تھا فی الحقیقت بڑا کام کیا۔

جب گاڑی مجبوسین کی زیر کوٹھی ضیافت رزیڈنسی ٹھہری کئی گھنٹے تک کسنے خبر نہ لی قریب صبح میجر بنگ صاحب آئے ان سب کو بالاخانے کے کمرے مین لیگئے سب کیواسطے پلنگ بچھوائے بڑی خاطر دلجوئی کی انکے آدمیونکو حکم دیا کہ گودام سے مصرف ضروریات لے آیا اور ادھین سمجھایا کہ یہ امر ہمنے فقط مصلحت سمجھکر کیا ہے ورنہ معلوم ہے کہ تم سب بے گناہ ہو اور یہ بھی کہا کہ اپنے آدمی بھیجکر اپنی اشیاے ضروری کو منگوا بھیجو چنانچہ پہلے نواب محمد حسن خان کا آدمی باہر نکلا وہ کب جاتا تھا بعد اسکے ایک سید ملازم مرزا حیدر شکوہ بہت قسم کھا کر نکلا وہ بھی نہ گیا۔ اب میجر صاحب کو انکی طرف سے شک گذرا کہ شاید کچھ تحریر یہان کی رانا اڈے کے پاس بھیجی ہے اس خیال سے انکے پاس نہ آئے دوسرے دن گورے ان سب کے پلنگ لے گئے بالاخانہ سے نیچے کے کمرے مین آئے وہ حقیقت مین محبس تھا تاریک ونہایت بدبودار۔ کئی دن تک اسی حال مین رہے کوئی پرسان حال نہوا اتفاقاً میجر صاحب گوئی سے مارے گئے ایک اور میجر قائم مقام ہوے وہ اونکے پاس آئے بہت باخلاق پیش آئے پھر ایک صورت راحت پیدا ہوئی جب جنرل اوٹرم صاحب داخل حصار ہوے ایک دن ان سب سے ملاقات کی اور فی کس خرچ دیرھ روپیہ دیے ہر ایک نے اپنا لباس بتکلف درست کیا گورے جو جنرل صاحب مرحوم کا اسکندر حشمت کا گھر لوٹ لائے تھے نیلام سے بکفایت ہر چیز ملی لیکن مقام تاسف یہ ہے کہ اس حالت یاس و گرفتاری مین

بھی ہر یار غار مین موافقت نہ تھی ہر ایک تفاخر و نازا سے اپنے خاندان عالیشان پر کرتا تھا یہ بھی زبانی مرزا حیدر شکوہ کے تحریر کیا خرابی ہندوستان انھین باتون اور آپس کی نااتفاقی سے ہوتی چلی آئی ہے۔

جب مچھی بھون کی سرنگ مین آگ دی سارے شہر مین زلزلہ ہوا جیسا اکبر آباد کی بڑی توپ کے چھوٹنے کا قدما ذکر کرتے ہین ہر شخص خواب غفلت سے چونکا دروازے کی زنجیر چولین ستون سائبان سب اپنے جوڑ سے جدا ہوگئین دھینان تختے مثل پتیون کے آسمان مین ہوا ہوکر اڑنے لگے شیشے کے جھاڑ فانوس جہان آویزان تھے بلکہ امام باڑہ مرزا کیوان جاہ مین جو کربلا میر خدا بخش کے متصل مین کنار شہر کسقدر فاصلے پر ہے وہانکے سب جھاڑ ہلنے لگے چراغ گھرونکے بجھ گئے خاص قلعہ مین جتنے مکان قدیم تھے سب گر پڑے سوائے کوٹھی جدید جو مرزا خورم بخت نے بنوائی تھی گودام مین جتنا ذخیرہ تر و خشک سامان لڑائی مثل ذخیرۂ مور سلیمان جمع کیا تھا سب برباد ہوگیا ایک شاید غفلت یا نشہ کی جہت سے رہگیا تھا جل بھنکر کباب ہوگیا تھا کئی سیم اپنے قافلے سے راہ مین چھٹ گئین ہندوستانیون کے گھر مین آئین وہان سے سرکار مین گئین زبانی کپتان نقاح الدولہ۔

جب صبح ہوئی پہلے شہدے ڈرتے ڈرتے مچھی بھون کے پھاٹک پر پہونچے دیکھا کہ سرنگ کے اوڑنے سے ایک پٹ چول سے اکھڑ کر دوسرے پٹ پر جا پڑا ہے آدمی کے جانے کی راہ ہوگئی ہے شہدے درانہ داخل ہوے پھر مفلس پہنچے شہر کے ہر محلے سے پہونچے خوب لوٹ ہوئی۔ جمعہ کی شام تک بعد اسکے سرکار سے کسی راجہ کے سپاہی آبیٹھے دسوین شہر ذیقعدہ تھی۔

خدا رزیل کے ناخن ندے بعد اسکے شہدے اپنی خیرہ سری سے زیادہ بڑھے دو توپ لیکر مقابل مورچہ بیلی گارد ہوے ایک مورچہ بھم کے تکیہ پر منشی التفات حسین خان کے بنگلے پر لگایا دوسرا درخت املی کے نیچے مقابل اسپتال اور سرگرم آتشبازی ہوے ہر چند لڑائی لڑکون کی از راہ بیہودگی تھی مگر مقام حیرت سبکو تھا اور شہدون کا دماغ اور نشہ جرات آسمان پر چڑھا اور زبان طعن و تشنیع و ظرافت سے سب پر کھولی پھر باجازت سرکار اپنی قوم کے ایک پلٹن بھرتی کی شہر مین جس امیر کے دروازے پر گئے دھمکا کر زر نقد لے اپنی چرندم خورندم کرنے لگے حلوا پوری مٹھائی دکانون سے لیکر کھاتے پھرتے تھے

سب کو لطف و تشنیع دیتے تھے آتشبازون سے باروت مہتاب لیکر جو چاہا کچھ قیمت دیدی پائین باغ کوٹھی اسکول مین ایک انبار گھاس کا تھا اوسمین جاکر آگ لگادی سارا شہر روشن ہوگیا میر باقر علی شاہ پکے پل پر رہتے تھے اونھین بڑے امام بارے کے دروازے پر لاکر تلوار دن سے کچومر کردیا بظاہر اونکا قصور کسی پر نہ کھلا خون ناحق سید کا اپر وبال ہوا ننگی ننگی تلوار ہاتھ مین لیکر گلیون مین پھرتے تھے۔

جب سپاہ لوہے کے پل سے اپار نہ آسکی رمنہ شاہی سے بڑھی کوٹھی مین آئی پہلے جنرل مرزا اسکندر حشمت کے گھوڑے خاصہ سواری کے کھول لیے یاقوت علیخان نواب ناظر نے سپاہیونکو منع کیا تم انسے فراغم ہو صاحبان عالیشان زندہ مردیکا مال اوس کوٹھی مین تھا سب اپنا بہرہ سے گنجیان لیکر صندوق کھولے جو اونمین تھا سب لیا ایک اپنا مورچہ مقابل نقارخانہ دوسرا مظفرالدولہ کے دروازے پر لگایا جب فوج بخش وچتر منزل مین فوج آئی صاحبات محل نے فریاد کا غل مچایا کہا ہم سرکار کی حفاظت کو آگے ہمن تمکو کسیطرح کا خوف نہ کیجیے رات بھر مہمان رہینگے صبح کو چلے جائینگے اور باقی فوج بادشاہ باغ موتی محل کوٹھی مرزا شاہ منزل خورشید منزل مبارک منزل کوٹھی رصد خانہ حضرت گنج میدان دلکشا محمد باغ مین اتری اور چارشنبہ کو گوہر راجہ تعلقدار گرد پیش لکھنؤ داخل ہوئی مثل راجہ نواب علیخان جہانگیر آباد و راجہ بنوا نواسہ راجہ صورت سنگھ چودہری سندیلہ حشمت علی بلیمآباد محمد نسیم خان احمد خان بیٹے فقیر محمد خان رسالدار کے کول ہار سے آکر داخل شہر ہوے اور سرگرم اپنے مورچون پر ہوے۔

جب محسن الدولہ کو خبر داخلہ پہونچی منگل کے دن دوپہر کو نواب مرزا عالیقدر محبوب خواجہ سرا گھوڑون پر سوار کئی خدمتگار سے سعادت گنج قصبہ موہان ہوکر فتحپور چوراسی مین لال شاہ زمیندار کی گڑھی مین جاکر اوترے ہرچند بہت سی تکلیف مالایطاق کئی مہینے تک مثل نبذ زندان اوٹھائی جنبک کہ فتح بیلی گارد نوئی فوج باغی کے شہر سے محفوظ رہے اس جہت سے کہ جنابعالی نے بسبب سفارش جنرل حسام الدولہ فوج کو منع کردیا تھا ہرچند کہ اونھونے کئی مرتبہ دہلا نکے جانے کا ارادہ کیا مرزا عباس قلی بیگ نقل کرتے تھے کہ مین رات کو جسکی صبح فوج داخل شہر ہوگی نواب کے پاس حاضر تھا عرض کی یہ سب خاصہ سواری جو سر راہ بندھی ہین اگر کہین اور جاکر بندھین تو بہتر ہے

کچھ اعتناع نہ کی فرمایا یہ ہنگامہ طفلانہ ہے تھوڑی سی فوج جاکر انکا استیصال کردیگی بلکہ شہر کے باہر اونھین روک لیگی غرض جب احمد اللہ شاہ داخل ممبل نواب ہوا گھوڑے سب کھول کر لیگیا اسیطرح روز چار شنبہ پہلے ۴ تلنگے دو سوار نواب کے دروازہ پر آئے سپاہیون سے کہا پھاٹک کھولدو جب داخل دولتسرا ہوے اونکے ساتھ بچے فاقہ مست شہر فتوحات غیبی سمجھکر لوٹنے لگے جتنا نقد جنس ہاتھ آیا خوب لوٹا اور یہ سب جہیز صاحبزادی حضور عالم تھا نصیب اعدا ہوا اور جس اسباب بیش قیمت کو اوٹھا نہ سکے اوسے توڑکر خراب کردیا شیشہ آلات جھاڑ آئینہ فانوس کو توڑکر سڑک پر پھینکدیا ساری سڑک شیخن دروازہ الماس تراش ہوگئی اور کئی دن پیشتر اس ہنگامہ کے نواب نے تین مکان نواب معین الدولہ کے سعادت گنج مین بہ کرایہ لیکر اوس مین عیال نواب اور عظمت الدولہ معزالدولہ مرزا محمد تقی خان بھانجے مع اپنی والدہ آکر رہے تھے امام باڑہ صفت تھا۔

جب عملداری سرکار ہوئی کارنیگی صاحب آئے جتنا مملوکہ نواب عظمت الدولہ تھا سب لیکر چلے گئے ہر چند تواتر سرکار مین اظہار حال کیا نہ سنا تقریباً گئی لاکھ روپیہ کا سب تھا بہادر موصوف اوسوقت فقط لنگی باندھے بیٹھے تھے کپڑا تک نچھوڑا تھا جب اپنا گھوڑا مامو نصاحب کے ہاتھ نیلام روپے پر بیچا کپڑا نصیب ہوا مامو نصاحب بھی آمین کچھ نہ بولے ورنہ سرکار مین کہہ سکتے تھے۔

نواب منور الدولہ اپنے گھر مین سرد و فخ و شکست بیٹھے ہوے تھے دفعۃً حال شکست لشکر تحریر ہوے پہلے بادرچی ٹولہ مین مرزا منجھلے حسن داماد بہار الدولہ کے گھر مع افضل محل جاکر رہے بعد اسکے میرن صاحبہ عرف محمد مرزا اپنے رفیق قدیم کے گھر رات کو چپکر سعادت گنج مین جاکر رہے افضل محل تنہا قریب بینا بازار غرباے محلہ کے گھر مین رہین بعد تین دن کے ڈولی مین سوار ہو کر چھانکی بیت منت سماجت سے خاطر خواہ مزدوری دیکر مرزا ابوتراب خان کے گھر مین گنبد امجد علیخان کے کہین جاکر چھپے حکیم میر علی میر محمد نمبردار مین پھاٹک بند کرکے بیٹھے تھے اس عرصہ مین تلنگے پہونچے پھاٹک کھلوا داخل ہوے کہنے لگے تلاشی گھر کی دو بیان کوئی بی بی یا صاحب چھپا ہے یا نہین اسنین بہت گفتگو ہوئی اور دست ہمت کو تاہ دیکھکر لوٹ پر مستعد ہوے کچھ اسباب جو باہر تھا لیکر چلے گئے بعد کئی دن کے گھر کے بھید ہی بیرا دھین لے آئے اکثر مقام جو ادھین معلوم تھے بتائے کھودا جو نکالا لیلیا کچھ اوسمین سے اونکو بھی دیا اس مین البتہ زیادہ نقصان ہوا

دلیر الدولہ مرزا حیدر جمعیت ملازمین سے اپنے گھر مین مسلح و مستعد بیٹھے رہے کوئی نہ آیا۔
نواب امین الدولہ کے گھر تلنگے پہونچے ہا گھوڑے اصطبل سے کھول لیے پھر حضور منزل خاص مکان مین آئے اجناز بیدو اسباب مملوکہ اشرف الدولہ تھا سب لیا وہان بہت حفاظت سمجھکر رکھا تھا از انجملہ دو جلد قرآن شریف مطلا خط ولایت تھی اونکا بڑا افسوس ہی معلوم نہین کسکے ہاتھ لگین لیکن لالہ رام چرن احمد علی خان کچھ مانع ہوی مگر کون سنتا تھا صاحبات محل مع کنیزان ماما وغیرہ سر اسیمہ چادرین اوڑھے سیڑک پر نکلین شاہزادہ صغری اپنے داماد کے باغ کو جاتی تھین اشرف الدولہ اونکے آگے تھے تلنگون نے روکا کہا تم کہان بھاگے جاتے ہو اہل بازار نے بہت سمجھایا ۳ - اشرفی لیکر چھوڑ دیا دوسرے دن راجہ منو نواب علیخان کی گوہار آئی جابجا مکانون مین اترے فی الجملہ عافیت ہوئی پھر اپنے مکان مین آئے۔
نواب ممتاز الدولہ پیشتر اس فساد کے اپنے قدیم مکان مین مع اسباب جا کر رہی تھی و رفقاے خاص سے مسلح رہتے تھے کہ دروازہ شارع عام پر تھا اور اپنی نیکنامی و ملایمت طبع سمجھکر شربت کی سبیل بھی کھولی تھی بعد کئی دنکے جب باغیون نے اپنا ایک پارلیمنٹ یعنی کاسٹی مقرر کی افسران فوج سوار و پیادہ و توپخانہ تار اکو بھی مین بیٹھے وکلاے امراے شہر ہوے سب نے داد بیداد غارتگری بیان کی کہ کیا خوب سپاہ بہادر نے جہاد راہ خدا اور حمایت دین حق و حفاظت جان و مال رعایا پر کمر باندھی ہے صاحبان کمیٹی نے بموجب اپنے انصاف نادر کے بہت رحم کھا کر موافق ہر ایک کی درخواست کے گاہ سوار و پیدل ہر ایک کے گھر پر تعین کیا چنانچہ نواب کی ڈیوڑھی پر بھی گاہ سوار و پیدل مقرر کیا اونکا یومیہ خوراک و فرمایشات لوٹ سی زیادہ تھی ایک دن تلنگے عنایت باغ مین آئے کچھ لوٹ کر لیگئے اوسکے بعد مرزا قاسم بیگ داروغہ جا کر بصرف نقرہ دکت روپیہ کی جو غلام حسین داروغہ کے گھر سے ضبط ہو کر آئی تھی اور حضرت علیا منزل نے نواب ملکہ زمانیہ کو عنایت فرمائی تھی اوسے توڑ کر لائے پیشوا لاوگرنہ تلنگون سے بچتی بھی کسکے سوا اور اسباب بھی لے آئے معظم الدولہ نواب باقر علی خان نواب نجابۃ الدولہ کے گھر سے خوب زر سرخ و سفید اسباب لوٹا بلکہ تو شہ خانون سے زیور نقرئی بھی لیلیا۔
نواب ملکہ جہان کا گھر اس لوٹ سے محفوظ رہا اس جہت سے کہ وہ ہر روز ہندو مسلمان کو کھانا

یکوان ٹھاتی بہت کثرت سے بھیجتی تھین کچھ زر نقد بھی بہت دیا خلاصہ اگر تفصیل ہر گھر کی لوٹ کی لکھی جاوی تو ایک دفتر ہو جاوی سپاہ باغی ذکیسی کمر کر کچھ چھوڑا ارباب بھی خاطر خواہ لیا ہوک ہین ہر کاندار دن پر تا کید دکان کھولنے کی کرتے تھے جب وہ کھولتے تھے جو چیز چاہی لیلی کسی کو کچھ خیرات سے دیدیا اسکے سوار عاے شہر پر وانت پھیکر رہ جاتے تھے کہ یہ بڑے خیر خواہ لیا انگریز ہین ہمارے جہاد راہ خدا مین شریک نہین ہوتی خلاصہ ہر گلی کوچہ مین طرفہ ہنگامہ فساد برپا کر دیا تھا اس کے سوا جتنے افسر تھے اکثر ارباب نشاط سے گرفتار ہو گئے تھے بعض لونڈون سے گرفتار ہو گئے تھے

کرانی دفتر انگریزی عیسائی خوشباش ۴۰ قلمبند ہوے اکثر حسب الحکم چیف کمشنر بیلے گارد مین جا کر چھپے بعض وہان رہکر نکل آئے اونکی قضا باہر لائی چنانچہ تامس ہیرسر دفتر زیڈنٹی جسے جنرل سلیمن نے موقوف کیا اور کرنل بیلی صاحب کے وقت سے نوکر ہوے تھے کئی دن بیلی گارد مین رہکر نکل آئے تھے انکا گھر سڑک پر تھا لٹا جب متفرق ہو کر بھاگے بی بی کمین گئی بیٹیان کمین گئین آپ خود کئی دن کے فاقہ سے عیش باغ مین کچھ پکا رہے تھے تلنگے پکڑ لائے روپیہ مانگنے لگے انھون نے میر امام علی رسالدار کے پاس کچھ امانت رکھی تھی اونکے گھر لے گئے اونھون نے تلنگون کے خوف سے انکار کیا گولہ گنج سے جاتے تھے چوک سے کسی مہاجن سے دلوا دین جب آتوجی کی مسجد کے پاس پہونچے کچھ سوار و تلنگے نانبائی کی دکان پر بیٹھے تھے آپسمین اشارہ کر کے گولی ماری دوسرے نے تلوار ماری گر پڑے خاکروب نے پانون مین رسی باندھ نالے مین پھینکا کپڑے اوتار لیے انکی بی بی بیٹیان جب رات کو گھر سے باہر نکلین پہلے اہل محلہ نے جو کچھ پاس تھا لے لیا ہزار خرابی بی بی کی جان بچی بعد فتح بیلی گارد پچاس ہزار کا نوٹ اونکے شوہر کا تھا ملا اوسی پر بسر اوقات کرتی رہین آخر مر گئین مذہب عیسائی اختیار کیا تھا قوم رزیل سے تھے زیور وغیرہ جسکے پاس رکھوایا تھا لوٹ کے بہانے سے گیا ایک بیٹی کسی پٹھان کے گھر مین رہی دوسری بالمن انگریز ملازم محسن الدولہ سے تقریب بیاہی گئی اونسے جلا جلا کر مار ڈالا پوتا بھی کسیکے پاس رہا اوس نے شاید مسلمان کیا مگر مفقود ہے۔

جوزف شائرٹ سگے بھائی سلطان مریم بیگم کا اگرچہ مذہب عیسائی تھا لیکن ہمیشہ سیطرت

ظاہری لباس وغیرہ مثل اہل اسلام تھا حسین بخش کے مکان مین آکر رہے فوج نے گھر لوٹ چھوڑ دیا وہ خوف سے شہر مین روپوش ہوے جوزف جوانس انکا داماد مع اپنی بی بی کو توپ مین قید ہوا اسکے بیٹے کئی برس کے راہ مین چھٹ گئے اوسکی دائی اپنے گھر لے گئی نہرا خرابی ملی اسکے بعد یہ بھی کہین روپوش ہوا۔

لیئل نامے کرانی چند برادر ملازمان دفاتر پل بازار مہاراجہ جھاؤلال برانکی بھی ایک چھوٹی سی کوٹھی اور چند مکان تھے مولوی یحیی نامی ایک ہمسائے سے نہایت اتحاد تھا اور سلوک بھی کرتے تھے اور گھر پر ان سب کی ومردکی وضع مسلمانی رہتی تھی مولوی یحیی نے ان سے کہا کہ چونکہ ہلوگ دلی دوست اور ممنون انواع پرورش آپ کے ہین آپ سب ہمارے زنانخانے مین آرہین ہم کسیکو آپ سے مزاحم نہ ہونے دینگے یہ لوگ باعتبار اتحاد اون اہل فنا کے انکے مکان مین رہ گئے اور اپنا گھر مال اسباب دوست معتمد جانکر اونکو سونپا تھا بلوہ ہوتے ہی مولوی نے مع اپنے بیٹون کے وہ سب اٹھارہ تھے ایک ایک سرکانکر یا غینو کو بنظر فروغ جاوا اپنے دیدیا اور سب اونکے مال و اسباب و مکانات پر بڑی خوشی سے متصرف ہوا ایک لڑکا اونمین سے کیطرح بچا تھا اونسے بعد غدر اپنا بدلا پایا

عملۂ نظامت سرکار جابجا پہلے روپوش ہوا جب فتنہ و فساد بڑھا اور ہر ایک کا تجسس زیادہ ہوا ہر ایک تبدیل لباس و شکل ہوکر شہر سے باہر نکلا قصبات دیہات جنکے دس بارہ کوس پر تھے پیادہ پا ہوکر بھاگے جان بچی منشی رام دیال وغیرہ بیلی گارد مین چھپے بعض نے اپنی جان بچانے کو باہر نجا سکے فوج باغی سے آشتی کی اور باطن مین گونیدہ سرکار رہے کچھ خبرین جھوٹ سچ ملاکر سرکار کیصورت سے بھیجتے تھے اس خیال سے کہ شاید ہمین بیضہ برآرد پر و بال۔ بعد فتح بعض کامیاب ہوے بعض ناکام رہے۔

کتب انگریزی ہزارہا ہر کوچہ و بازار مین مثل خس و خاشاک پڑی رہتی تھین کسیکی مجال تھی اوسے اوٹھا سکے باہتمام انگریزی مارا جاتا تھا خصوصًا کتب خانہ جنرل مارٹن کالج اور ہزارہا سلطانی جلد بھی جلا دیا تالاب مین ڈبوا دیا ایک لڑکا یہودی کا گلے مین اپنے باپ کی نعش سے لپٹا رہا تھا کئی دن تک ہر ایک سے پانی مانگتا رہا کسینے خوف سے نہ دیا آخر وہین سسک کر مر گیا

کپتان سیوبری داماد خبرل مالی آلہ آباد صاحب پنشن دو صد روپیہ بہت قابل تحریر انگریزی مین کئی برس سے مسلمان ہو گئے تھے صاحب رزیڈنٹ کے پاس بھی بلباس ہندوستانی جاتی تھی اگرچہ ناگوار تھا اس شکل سے دیکھنا مگر کچھ کہہ نہ سکتے تھے بہت زبان آور تھے ملنگون نے گرفتار کیا ہر چند چاہا حضر اسلام بھی دکھایا آخر گھر سے مجتہد کے پاس واسطے تحقیق کے لے چلے راہ مین مار ڈالا گھر کئی دن تک لوٹا۔ غرض ایسے سوانحات فلکی کو کہان تک بیان کر سکے دل اہل درد تاب نہ لا سکے گا۔ اعوذ باللہ من شر الکفار ومن غضب الجبار الواحد القہار۔

مسند نشینی مرزا برجیس قدر شاہزادہ حضرت سلطانعالم

خلاصہ احوال تفصیلی مسند نشینی مرزا برجیس قدر جو ملازمین شریک حال سے شروعًا معلوم ہوا ہی یہ ہی کہ جب فوج باغی شہر کی لوٹ سے مالامال ہو چکی اور داد بیداد مظلومان شہر حد سے گذری اور پہلے سے کوئی شخص رعایا شہر سے آزردہ خصوصیت جہاد ایمانی یا بطمع لوٹ فوج باغیہ سے ملا یہ امر بسبب تعصب مذہب کے اوپر بہت ناگوار و شاق گذرا مثل شاہجہان آباد سب شریک ہو گئے تھے وہان اہل تسنن بہت تھے وہ اپنے مذہب سے شریک ہوئے لکھنؤ مین کثرت شیعہ تھی انکے مذہب مین جہاد بغیر امام کے حرام تھا کیونکر شریک ہوتے اور یہان کے اہل تسنن بھی باہمت انکے جہاد خود رائی و خود پسندی سے شریک ہو کے واقف ہو چکے تھے پھر کیونکر شریک ہوتے مگر سپاہ طعنہ زن رہی کہ ہمارے شریک نہوئے خیر بروقت سمجھ لینگے اب متوجہ امر ریاست پر ہوئے کہ کسیکو مستحق ریاست سمجھکر بنام حاکم کرنا چاہیئے کہ فی الجملہ ہم بدنامی سے بچین بلکہ بظاہر نیکنام ہو جائین چنانچہ پہلے راجہ جے لال سنگھ نصرت جنگ بتیارا جہ غالب جنگ کا حسب الطلب فوج حاضر ہوا ادنے افسرون سے اپنے گھر لٹنے کی شکایت کی اوسکی بہت خاطر جمع کی کہ اب وہ چند تمہارا بھلا ہو جائیگا خاطر جمع رکھو خلاصہ پہلے یہ صلاح ٹھہری کہ اولاد نواب سعادت علی خان کو مسند وزارت آبائی پر بٹھانا چاہیے جو اصل اس خاندان مین گذرے ہین مگر رکن الدولہ نواب محمد حسن خان اسی توہمات سے داخل بیلی گارد ہو چکے تھے پھر راجہ سے افسرون نے کہا تم قدیم رئیس نمکخوار سرکار خیر خواہ تمہارا باپ بڑا کارگزار تھا یہ کام دین مذہب کا ہی اسمین جاہی بدل جان

ہر طرحسے کوشش کرو کہ سرانجام ہو اور ایسے منتظم لوگ تجویز کرو کہ جس سے انتظام شہر ہو چنانچہ بصلاح گارد بھیجکر مرزا علی رضا کو تو ال شہر کو سیر نادر حسین صاحب روند کو بلوایا تاکید کی کہ تم بندوبست شہر بدستور سابق کرو اور اوسیطرح مستعد و سرگرم رہو فوج بہادر سے تنخواہ پاؤگی انھون نے کہا کہ سبحان اللہ آپ کی فوج بہادر ایک طرف شہر کو لوٹتی پھرے ہم انتظام شہر کرین جب تک کہ کوئی حاکم قرار نہ پائے پھر کسصورت سے انتظام ہوگا کہا ہم فوج کو منع کر دینگے بعد اسکے ایک دستہ فوج کا دس تلنگے دو افسران کے ساتھ کرکے عہدۂ کوتوالی پر مامور کیا اس خیال سے کہ یہ اکثر اسسٹنٹ ملازم سرکار تھے شاید مصلحتاً ہمسے ملے ہون باطن مین انگریزون سے اس جہت سے محمد قاسم خان کو افسر کلان کیا ایک کمپنی پچاس سوار بھی معتین کیے انھون نے چارونا چار قبول کیا اگر انکار کرتے مارے جاتے اسکے پیشتر شاہ جی آلو الغرمی سے شہر مین بندوبست طفلانہ کر چکے تھے جابجا تھانے بٹھا چکے تھے شہر کے مفاسد محتاج نا عاقبت اندیش نے قبول کیا تھا بقول مرتا کیا نہ کرتا۔ اب تلنگے متعین ہوے جابجا کے تھانے اونکے اوٹھا دیے شاہ جی سخت دست کنکر چکے ہو رہے مگر انکی بساط فوجیدہ تمارا کوٹھی کی اولٹ دی اسباب لوٹ لیا شاہ جی کو زیر چاق کندہ رکھکر نکال دیا وہ تنگے پانون بھاگ کر رگھناتھ سنگھ امراو سنگھ کی پلٹن مین جاکر چھپ رہے۔

غرض پارلیمنٹ مین صلاح ہوئی کہ صاحبو تم بن سرکار بندوبست چاہتے ہو کبھی دنیا مین ایسا نہین ہوا اور اوسکے پیشتر اولاد جنت مکان کو تجویز کیا تھا یعنی نواب ملکہ عہد صاحبہ کے بیٹے مرزا دارا سطوت کو بٹھائیے اونسے نذرانہ ۳ لاکھ روپیہ مانگتے تھے مگر کیا معقول جواب اونھون نے دیا نواب شجاع الدولہ انگریزون سے مقابلہ نہ کر سکے ہمسے کیا ہو سکے گا بحث عبث ہم اپنی عافیت تنگ کرین افسرون نے پھر راجہ سے کہا تم سب طرحسے واقف کار ہو کسی بادشاہ کے بیٹے کو تجویز کرو جو سب طرحسے لائق اور قابل ریاست ہو مثل واجد علی شاہ غافل نہو

چوتھے دن بعد داخلہ فوج جمو کو بہت سویرے صبحکو راجہ نواب خاص محل کی دیوڑھی پر آکر کہنے لگے کہ مرزا نوشیروان قدر بڑے بھائی مرزا وسیع بہادر کے کہان ہین افسران فوج چاہتے ہین اونھین مسند نشین ریاست کرین شمشیر الدولہ داروغہ نے جواب دیا کہ وہ لڑکا

سب طرح سے مغرور ریاست ہے اور بے حکم نواب خاص محل اور بادشاہ ہم کیونکر جرات ایسے امر کی کر سکتے ہین۔

غرض یہ خبر پہلے محمود خان شیخ احمد حسین نے سنی انھون نے راجہ سے مرا جیسی قدر کیواسطے کہا اوسنے جواب دیا فوج کو یہ منظور ہے کہ اگر بالفاق سب بیگمات محلات شاہی راضی ہون تو البتہ ممکن ہے اوسوقت موخان راجہ کو اپنے ساتھ خاص مکان مین لایا میر واجد علی کو بھی بلایا اور سب بیگمات وہان جمع ہوئین ذکر ریاست شروع ہوا بعض نے کہا ہمکو کیا غرض اور مطلب اگر واجد علیشاہ ہوتے تو کیا بمضایقہ تھا بعض نے جواب شافی دیکر ساکت کیا اور سکوت حضرت محل نے سب سے ہاتھ جوڑ کر کہا کہ یہ لڑکا تمھارا ہے جیسا تم سنتاسب حال جانو نواب خرد محل نے از راہ فراست کہا کہ اگر ہم تمھارے راضی نامہ پر مہر کردین کلکتہ مین انگریز واجد علی شاہ کو مار ڈالین تو کیا ہوا اور یہ بھی ہم نہین کہہ سکتے کہ یہ رئیس نہو جیسا تم خود مناسب وقت سمجھو کرو۔ راجہ رخصت ہو کر چلا گیا حضرت محل مایوس ہوئین موخان نے پھر راجہ سے سمجھا کر کہا کہ اگر یہ سب بیگمات مہر نہ کرین بیٹے دوسری صورت نکالی ہے یعنی ایک خط حضرت محل کیطرف سے افسران فوج کی طلب مین بھیجا ہون چنانچہ اوس خط کا جواب یہ آیا کہ ہم کل آئینگے لڑکے کو دیکھین کس لیاقت کا ہے۔

۱۲۔ تاریخ شہر ذیقعدہ یکشنبہ ۱۲۷۳ھ مطابق ۵ جولائی ۱۸۵۷ء اتفاقاً اوسدن بارش بہت سے برس گیا تھا بعد ۲ بجے شام کو افسران فوج راجہ کے ساتھ قصر النجاف مین آکر بیٹھے مرزا رمضان علی خان الملقب مرزا برجیس قدر تاجدار سوائے حضور عالم پر سوار مسند جلوس خبت آرائی پر آکر بیٹھے افسرون نے باتین شروع کین کوئی کہتا تھا لڑکا بہت چھوٹا ہے کوئی کہتا تھا خوبصورت ہے اس سے کیا کام ہوگا کوئی آواز کرنی لگا کہ تم عیش و عشرت سے محو ہو کر غافل نہو جانا ہم تمکو سلطنت دیتے ہین پھر کہنے لگے ہم کئی سوال کرتے ہین اگر وہ مقبول ہون تو ہم رئیس کرین۔

پہلے یہ کہ بادشاہ دہلی کو ہم اس باب خاص مین عرضداشت کرتے ہین بشرط منظوری وہان کے یہ رئیس ہونگے خواہ بادشاہ رکھین یا وزیر تابع فرمان شاہ دہلی رہے۔

دوسرے ہماری تنخواہ دو چند ہو یعنی تلنگہ کو پاتا تھا اب اوسکے ۱۲ ہون۔

تیسرے جو پلٹن رکھی جاوے اوسکا افسر ہماری تجویز سے ہو۔
چوتھے نائب دیوان بھی ہم اپنی تجویز سے کرینگے اوسکی بحالی موقوفی ہمارے اختیار مین رہیگی
اور کوئی امر بے صلاح و تجویز ہماری کورٹ کونسل کے نہونے پائیگا۔
پانچوین جو ہماری تنخواہ سرکار انگریزی مین بڑھی رہ گئی ہے وہ بھی ہم لینگے۔
یہ سب قلمبند ہوئین مہر مرزا برحسب قدر منگائی حکیم حسن رضا لینے گئے مگر اوسوقت پہلا
شگون نیک یہ ہوا کہ اس ہنگامہ مین وہ مہر گم ہوگئی قرار یہ پایا کہ یہ کاغذ چھوڑ جاؤ کل مہر ہوکے
تمھارے پاس پہونچیگا افسرون نے کہا کہ ایک کاغذ کافی نہوگا چاہیے کہ ہر افسر فوج کے پاس اوسکی
نقل رہے چنانچہ مہر مدبر الدولہ دبیر الدولہ اور سب اہلکارون کی ہوئی اوسکے بعد افسر نکلوا دیا گیا پھر
افسرون نے کہا آج ہی رئیس کرو بعض نے کہا کیا جلدی ہے فوج نے کہا کچھ احتیاج نہین ممولیان
کو اوسدن کے رئیس ہونیکا یقین نتھا مگر افسرون نے ایک کھیل طفلانہ سمجھکر اوسیدن کردیا ہر چند
مفتاح الدولہ نے خبا بعالیہ سے عرض کیا کہ آج شب دوشنبہ تمر در عقرب بھی ہے اگر ساعت نیک
جلوس ہو تو بہتر ہے ممو خان نے کہا تم ہمارا مرمین اسیطرح کی حجت ایک شق نکالتے ہو اور دسویہ
ڈالتے ہو بہرحال چند دقیقہ اوسوقت غروب آفتاب مین باقی تھے اہل تنجیم نے کہا پس انکی مدت ریاست
بھی چند دقیقہ رہیگی غرض شہاب الدین اور سید برکات احمد ہ ارسالے کے رسالدار نے اٹھکر نیابت
مرزا یزید قدر کے سر پر رکھی مبارکبادی افسرون نے نذار نذر دکھائی جیسا دستور افسر ہی جہانگیر بخش
صوبہ دار لوہنچانہ فیض آباد نے اوسیوقت اہ توپ سلامی کی سر کی شہر مین ایک غلغلہ منشی ہوا

زائچۂ جلوس

زائچہ حسب تقاطع



زائچہ حسب صورتبندی



اسکا استخراج موقوف علم نجوم پر ہے واللہ اعلم - بفرورت لکھا -

غرض اوسوقت گرمی اس شدت سے تھی کہ مرزا برجیس قدر گھبراکر اوٹھ کھڑے ہوے تا مہمان پرسوار باہر محل آئے تلنگے بجاے سلامی جنگی کارتوس داغنے لگے مرزا برجیسقدر خوف سے داخل محل ہوے آواز بندوق سے ایک تہلکہ پڑگیا تلنگہ سینہ زوری سے چاہتے تھے محل مین چلے جا یمن قاسم خان نائب رسالدار نے پہرہ کردیا اسپر بھی کسینے نمانا نا گہان کمپنی گھنڈی سنگھ صوبہ دار کی کلمات لاطائل بکتی ہوئی کہ کس نے انھین گدی پر بٹھایا ہے ہمارے صوبہ دار کی مرضی نہین مسند نشینی کے وقت ہمارے صوبہ دار کو کیون نہ بلایا ہم اسے بادشاہ نہ کرینگے اور اسی غصے سے اپنا مورچہ بیلی گارد سے اوٹھالیا ہرچند افسرون نے سمجھایا نہ مانا آخر بہت منت وسماجت سے بجھا کر کہا تم خاطر جمع رکھو کل ہم تمھارے صوبہ دار بہادر کو راضی کردینگے پھر شہر مین منادی ہوئی کہ خلق خدا ملک بادشاہ دلی حکم مرزا برجیسقدر کا کاب کوئی کسیکو شہر مین نہ لوٹے وگرنہ سزا پائیگا ادھر یہ منادی ہوئی اودھر بدستور لوٹ پھر شروع ہوگئی دوسرے دن شہر مین یہ منادی ہوئی کہ جو سپاہی سوار پیدل گولہ انداز افسر ملازم شاہی خانہ نشین معطل ہو درد ولت پر حاضر ہو اپنے عہدۂ قدیم پر بدستور بحال و مامور ہوگا اسمین جتنے اہل وثایق وصاحب نیشن قدیم وجدید سب کے سب مسلح موکر درد ولت پر جان نثاری کو حاضر ہوے اگرچہ ہرایک بظاہر محض اپنی جان وآبرو سے آیا کچھ سپاہی جو بیلی گارد سے باہر رہ گئے تھے مثل سپاہ انگلشی وہ بھی بخوف شریک حال ہوگئے چنانچہ افسران فوج جدید وقاعدہ مست سے پہلے ایک اقرارنامہ لیا گیا کہ جب تک تسلط انتظام کلی نہو کوئی تنخواہ سرکار سے نہ مانگے چنانچہ توپخانہ کے لوگ اکثر مورچونپر تامور ہوے انھون نے جابجا توپین قرینے سے لگادین اور دل کھول کے مستعد جانفشانی ہوے اور بڑی توپ نانک متہ کی چار باغ کے توپخانے سے ۴ اجوڑی بیل سے کھینچکر لے آئے گولہ گنج کے مورچہ پر لگائی آپسمین بڑا فخر کیا کہ یہ توپ ہمسے چلی آئی انگریز اسے نہ لاسکے ایک دفعہ دو تین گولے اوس سے مارے اوسکے بعد پھر نہ چلی - شاید اوسکے پرکٹنے سے نکمی ہوگئی تھی -

تجویز نائب و دیوان و تقسیم خدمات وغیرہ و احکام کورٹ

الغرض باب نیابت و دیوان مین کورٹ ہوا کسی نے جنرل حسام الدولہ کا نام لیا کسی نے نواب منور الدولہ کا انکے نام پر سب کتمنا ئے کہ انسے ہمین ابھی سمجھنا ہے نواب شہنشاہ محل نے مفتاح الدولہ سے کہا کہ تم سب طرحسے لیاقت رکھتے ہو اس عہدے کے سزاوار ہو کیون نہین قبول کرتے عرض کی مجھے منظور نہین پھر فرمایا عہدہ جرنیلی قبول کرو تمھارے چچا اقبال الدولہ آگے جرنیل بھی ہو چکے ہین تمسے زیادہ کون واقفکار ہوگا جب اسکا بھی انکار کیا پھر مشورہ پوچھا کہ تمھارے نزدیک کون اس عہدہ کے لایق ہے عرض کی شرف الدولہ محمد باسم خان سے بہتر کوئی اور سزاوار اس عہدہ جلیلہ کا نہین ہے خلاصہ جب کورٹ مین نواب شرف الدولہ کا نام لیا سب نے باتفاق مانا کہ انکی کارگزاری البتہ بہ نیکنامی مشہور ہے جواہر علی خان نے کہا وہ سنی ہے اونکا نائب ہونا اچھا نہین قاسم خان نے تعریف کی خلاصہ صبحکو جب شرف الدولہ آئے ممو خان اسپر بگڑے کہ بے مرضی میری کیون بلایا پہلے مجھسے عہد و میثاق کی مثابت ہو جاے تو کیا مضایقہ اس عرصہ مین سب ملکر گھمنڈی سنگھ صوبہ اول کو لے آئے جو کل خفا ہو گیا تھا بعد عذر معذرت ممو خان سے صفائی ہوئی اور جب عہد و پیمان ہو چکا ممو خان شرف الدولہ کو اپنے ساتھ خاص مکان مین لائے اونھون نے جا بالیہ کو ۱۱ اشرفی نذر دین نواب حسام الدولہ نے اوٹھکر بیگم صاحبہ کے ہاتھ مین رکھدین سید برکات احمد قاسم خان اونکی تعریف کرنے لگے کہ یہ بڑے خیر خواہ سرکار اور کارگزار ہین انسے بہتر کوئی اور ہماری نظر مین نہین سماتا آگے آپ کو اختیار ہے۔

شرف الدولہ نے عرض کیا کہ مین قدیم سے اس گھر کا دولتخواہ ہون کاروبار سرکار بجا لاؤنگا مگر خلعت نیابت نہ لونگا یہ کہکر رخصت ہوے وجہ اسکی یہ تھی کہ اس ریاست و حکومت مستعار کے انجام و مآل کا گو اپنی مآل اندیشی سے خوب سمجھے ہوے تھے کہ یہ سب نقش بر آب و بے ثبات ہے لیکن صورت نجات اور اپنی عافیت بھی نچاہتے تھے اور کمال تشویش سے متردد تھے اور خوف آبرو دوسری سرکار کا غالب جانتے تھے کوئی غدر اور تدبیر کسیطرح کی بن نہ پڑتی تھی دوسرے دن جب حاضر ہوے مرزا رجیسقدر نے خلعت منگوا کر عنایت کیا مجبور ہوے گویا یہ خلعت آخرت تھا۔

خلعت دیوانی مہاراجہ بالکرشن کی یہ صورت ہوئی کہ اونھون نے پہلے بہت سا عذر پیش کیا کسواسطے کہ وہ اور روسے رقم سیاق نسبت نواب کے زیادہ تر خوفناک تھے اور اپنی عافیت اور خوف آبروسے افسران فوج کو بہت کچھ دے چکے تھے اس جہت سے اونکا گھر لوٹ سے بچ رہا تھا مگر جب انکا نہ لینا خلعت دیوانی کا افسر و پیر کھلا سمجھے کہ یہ انگریز سے ملے ہوے ہین خلعت کو ٹالتے ہین پس آج بہر صورت انکو خلعت دینا چاہیے اگر نمانین گھر لوٹ لیجیے یہ خبر مہاراج کے ایک دوست نے مفصل آن کر کہی غرض جب دربار مین آئے افسرون نے کہا یا خلعت دیوانی کو قبول یا انکار کر دہمین صاف جواب دیجیے انھین کچھ بن پڑا سو اخلعت پہننے کے۔

ہمسر خلعت کو توابی مرزا علی رضا بیگ۔ چوتھا میر نادر حسین مہتمم روند کو۔ پانچوان خلعت جرنیلی حسام الدولہ بہادر کو پھر اہل دربار نے مرزا برجیس قدر حضرت محل شہنشاہ محل کو نذر دی۔ منشی کچہری خاص امیر حیدر دارونہ ڈیوڑھیات میر واجد علی ممو خان الملقب علی محمد خان بہادر داروغہ دیوان خاص ہوے بعد چارون کے اور چار خلعت نکلے ایک اخبار ملکی دوسرا اخبار ڈیوڑھیات تیسرا حضور تحصیل چوتھا دیوانخانہ کا واسطے ممو خان کے چنانچہ اخبار ملکی محسن خان داماد نواب شرف الدولہ کو حضور تحصیل محمد یعقوب خان بڑے بیٹے نواب کو اخبار شہر۔ میر واجد علی سے آغا خف نے باصرار تمام اخبار ڈیوڑھیات لیا۔

حکمنامجات۔ تعلقدار زمینداردن کے نام اس مضمون سے جاری ہوکہ ملک آبائی ہمارا خدا نے پھر ہمکو عطا کیا دفع کفار فرنگ اب لازم ہے کہ باہم شریک ہوکر باقیماندگان بیلی گارد کو قتل کرو واد بہادری دو انشاء اللہ تعالی پیشتر سے زیادہ بہ درشن ہوگی انعام وجاگیرات وغیرہ ملیگا بلکہ جو اونکو قتل کریگا نصف جیلو کے علاقے کی معاف ہوجائیگی۔

جرنل حسام الدولہ کو حکم بھرتی ۱۳ پلٹن نجیب کا ہوا کہ فی پلٹن پانسو بچھتر نجیب بھرتی ہون چنانچہ خان علی خان جرنل کے بدلے جائیز دیکھتے تھے اونکی تفصیل یہ ہے۔

خان علی خان دو پلٹن پیارے صاحب بیٹے میر یوسف داروغہ میر صفدر علی۔ ۱۔ محمد تقی خان میر نادر حسین۔ جواہر علیخان۔ بلال۔ اعتماد علیخان۔ قایم علی۔ بہادر مرزا۔ اصغر علی۔ محمد حسن خان پہلے ۳ پلٹن جونکو ہوئین۔ ممو خان نے کئی کمیدان موقوف کرکے اپنے متوسل بھرتی کیے۔

بیلی گارد کے مورچون کا ذکر

غرض چھ دن اور رات تک طرفین سے مینہ گولے اور گولیون کا برستا رہا جمعہ کے دن وقت عصر احمد اللہ شاہ نے دھاوا کیا بیلی گارد کے زیر دیوار پھاٹک پر جا پہونچا اوسوقت محصورین بیلی گارد کہتے ہین کہ اوسوقت ہم سبکو یقین اپنی ہلاکت کا ہوگیا کسواسطے سپاہی گوری منڈلی جتنے مورچون پر تھے کئی دن کے علی الاتصال لڑنے سے تھک گئے تھے ہاتھ پاؤن کی سب کی سکت جاتی رہی تھی خصوصًا ہیم کا حال اضطرار و بیکسی اسوقت کا بیان سے باہر ہے سب کی سب تنخانہ جنرل لو صاحب مین خوف سے جا کر چھپین اور موت ہر ایک کی نظر مین پھر گئی شاہ جی پھاٹک کی آڑ مین اپنے مجاہدین کو پکارا کیے کہ بس اس حملے مین ان سب کا کام تمام ہے مگر کسیکی جرأت قدم بڑھانے کی نہ ہی - دفعۃً ایک بم کا گولا اوپر سے آیا لاچار کہتے ہوے شاہ جی بھاگے بس محصورین کو یقین اپنی فتح و نصرت کا ہوگیا پھر سورجونیر سب کا دل بیٹھا ہوگیا تازہ دم ہوگئے

بعد کئی دن کے فوج باغی نے عذا اپنے صرف میگزین ہمارا ہی کا کیا اگر ہم سب دفعۃً اوڑا دیتے بروقت ضرورت ایسا ہین میسر نہوگا اور نہ کبھی کام بن پڑیگا بہتر یہ ہے کہ ایسے کام سے ہمین باز رہیے بس اب عمدرات بارود پہلوتی کے شروع ہوے اور ہر روز وقت بدکے تلنگے غول کے غول بم مہادیو کہتے جاتے تھے خاص بازار کی دوکانون مین جابجا مقامات امن مین متفرق بیٹھے تھے ڈفلی دایرہ بجا کر بھجن گاتے تھے زبان سے سبکو گالیان دیتے تھے بہت سے جمع ہوکر ڈیوڑھی پر آتے تھے مرزا برجیس قدر کو محل سے بلا کر تلنگے گلے لگاتے تھے کہتے تھے تم کہنیا ہے باپ کیطرح غافل نہوجانا ان اپنے شملہ والون سے ڈرتے رہنا وگرنہ تم خراب ہوجاؤ گے -

ایک دن تلنگے نقیس روپیہ کا اسباب کہین سے لوٹ لاتے مموخان نے لیا سورو پی انعام دی آفرین وشاباش کی اوس لوٹ کو داخل سرکار کیا اسیطرح نواب ممتاز الدولہ کے گھر سے لوٹ کر تقریبًا پچاس ہزار روپیہ کا لائے مموخان کو دیا اور کہا یہ ہمنے شہدون اور گھرون سے لیا ہی اسکا بھی انعام ملا مال خانہ مین رکھوا دیا بعد اسکے نواب قسر بہو صاحبہ کے گھر کا اسباب لائے چند صاحبات محل نے سمجھایا کہ تلنگے پہلے اوکا گھر لوٹ چکے ہین یہ تھوڑے قلیل اوقات بسری کو بچا ہی مموخان نے سنا ندیا

انتقال چیف کمشنر بہادر

جنرل لارنس صاحب چیف کمشنر بہادر اول درجہ قدیم کوٹھی زرینی مین مشغول تحریر تھے صاحب سکرٹر کو کچھ تحریر دکھا رہے تھے قلی باہر سے دوڑی پنکھے کی کھینچ رہا تھا کہ دفعۃً ایک گولہ قلی کے سر سے صاحب کے دونون پانون پر سے ہوکر گوشت اعصاب لیتا چلا گیا باہر گر پڑا اس صدمہ ناگہانی سے تین دن صاحب جیتے رہے آخر ۱۱ جولائی ۱۸۵۷ء کو انتقال کیا گبنس صاحب کو اپنا قایم مقام کرکے کہتے ہین کہ وقت آخر صاحب نے اپنے ملازمین کو بلاکر اپنا چشم دیدہ حیط چاہا اور رخصت کیا گرجا مین دفن ہوے بعد ہفتہ عشرہ آمنی صاحب جوڈیشل کمشنر ایک صبح کو سیر کے لیکتے پھرتے تھے ناگاہ ایک گولی قضا کی آئی مرگئے۔ محصورین بلی گارد کو بڑا صدمہ اور حالت یاس ہوگئی کسواسطے یہ دونون صاحب بڑے مدبر و منتظم تھے میجر بنک صاحب چیف کمشنری گبنس صاحب کو قبول نہ کیا کسواسطے کہ وقت محاربہ صاحب فوج مستحق و سزاوار عمدۂ جلیلہ ہوتا ہے صاحب سول یعنی نظامت نہین ہوتا چنانچہ طرفین سے کئی چٹھیان رد و بدل اس باب خاص مین لکھی گئین آخر گبنس صاحب مصلحت وقت سمجھکر مستوفی ہوے میجر صاحب مستقل ہوے۔

دھاوہ بلی گارد وغیرہ سوانحات

ایک دن مشہور رہا کہ کل یا پرسون فوج باغی بلی گارد پر دھاوا کریگی صاحبان محصور کو زیر تیغ کریگی اور وہان کی زمین کو کھود کر برابر کردیگی اور جب تک یہ نہ کریگی دوسرے کام پر متوجہ نہوگی اپنا کھانا پینا حرام کیا ہے کسواسطے کہ دس دن سے عرصہ سے بلی گارد فتح نہین ہوتا یہ تو ایک گھڑی کا کام ہے جب یہ خبر گوشزد صاحبات محل ہوئی آپس مین کہنے لگین کہ جسوقت یہان سکو قتل کیا جتنے کلکتہ مین ہین اونکی جان کا ہیکو رہیگی ایک نے کہا اوپر کیا موقوف ہے ہم تم بھی نہ بچینگے کسواسطے کہ انگریزونکا حال مثل گھاس کی جڑ کے ہے جتنا کاٹو اتنا ہی بڑھتی ہے غرض نواب محل محمدی بیگم بندی جان نواب سلیمان محل نواب شکوہ محل نواب فرخندہ محل۔ یاسمین محل محبوب محل۔ اور کئی محل سب جمع ہو حضرت محل سے کہنے لگین اور نواب خورد محل

نواب سلطان جہان محل بھی انکی شریک تھین کہا کہ تم سب طرح سے اچھی رہین تمھارا بیٹا بادشاہ ہوا مبارک مگر ہم سب بے وارث ہوتی جاتی ہین کل فوج کا یہ ارادہ سنا ہے اب تمھین انصاف کرو پھر بادشاہ اور محلات وغیرہ جتنے کلکتہ مین ہین زندہ بچین گے یا سب پھانسی دیے جائینگے ایسی سلطنت کو چولہے مین ڈالو خباب عالیہ نے برہم ہوکر جواب دیا معلوم ہوا تم سب ہمارا بھلا چاہتی ہو بلکہ اس سلطنت کے ہونے سے جلتی ہو مختصر یہ کہ اوسوقت ایسمین ایسی جلی کٹی ہوئی کہ خباب عالیہ برجیسقدر کو لیکر اندر کے دالان مین چلی گئین۔

دوسرے دن جب افسرون نے یہ خبر سنی بگڑے کہا یہ سب محلات انگریزون سے ملی ہوے ہین یکبارگی سب جمع ہوکر ڈیوڑھی پر آئے کہ ہمین کچھ عرض کرنا ہی خبا لعالیہ چلمن کی پاس آئین حاضر الوقت نواب شرف الدولہ موخان میر داجد علی مولوی میر مہدی مولوی محمد حسن جواہر علیخان مفتاح الدولہ تھے اور دونا طرف دروازے پر آنے جانے کے مانع کھڑے ہوے افسرون نے عرض کیا یہان کے سب آدمی انگریز سے ملے ہین اوسمین ہماری تمھاری خرابی ہی پھر کہین ٹھکانا نہین اب جسطرح بنتا ہی دھاوا کرکے بیلی گارد مین گھسجائینگے رام چاہے تو کل انگریز نہین ہاتھ آئینگے جب تک بیلی گارد فتح نہ کرینگے تنخواہ نہ پائینگے مگر شربت پانی دھاوے کے وقت پہونچنا ضرور ہے ہمارے برہمن پنڈت اپنے علم نجوم سے کہتے ہین کہ برجیسقدر کی سلطنت کلکتہ تک ہی بڑا صاحب اقبال ہی ابھی نو سال تک گدی پر بیٹھا ہے اوس ساعت سے پچاس برس تک ترقی اقبال ہی زوال نہین خباب عالیہ نے فرمایا جبکے جبکے باتین کرو اور محل بھی یہان موجود ہین اونمین سے انگریز پکڑا جاتا ہی اونھین اونکا قتل ناگوار ہی افسرون نے کہا جو ایسے محل ہون اونھین محل سے نکالدو کسواسطے اونکا دوست ہمارا دشمن ہی فرمایا بعد فتح تدبیر مناسب اونکے واسطے کیجائیگی ابھی موقع نہین ۳۰ جولائی ۵۷ء افسرون کے نام حکم پہونچا کہ سب افسر مع اپنی پلٹن کے کل چار گھڑی رات رہے بقواعد مسکن بستہ بیلی گارد مین جائین اور اپنی اپنی کمپنی کا افسر سپاہ سے آگے وقت دھاوا ہی جو مارا جائے تو پلنگ لاش اپنے عزیز کی نہ اوٹھائے کہا ڈولی لیجائینگے رہین وہ اوسپر اوٹھا لینگے اور چینے مٹھائی کے ٹوکرے وقت دھاوے کے ساتھ رہین مثل بازار ہر چیز موجود رہی

۳۱ جولائی کو سب فوج مع احمد اللہ شاہ فقیر دھاوے کو تیار ہوکر چلی شاہ جی کر آگے نقیب بنتے جاتا تھا

ڈکا ہوتا ہوا جب مورچونپر پہونچے روئی کے گٹھے جا بجا رکھے تھے اونکی آڑ مین دھاوا کیا زنبورکی دیوار بیلیگارد پہونچکر دیوار کھودنے لگے کہ اس راہ داخل ہونگے جب ادھر سے بم کے گولے لگے منھ پر سنے لگا ہزار ہا قیمہ ہوکر جلکر بھاگے بھاٹک پر بیلی گارد کے ہزار ہا آ پڑے سرکارمین دفعۃً ایک ہرکارہ خبر لایا دھاوا بیش ہوگیا سب آلگریز مارے گئے تھوڑے سے گورے ایک مکان مین چھپ کر گولیان مار رہے ہین اسباب سب وہان کا لٹ رہا ہے کوئی تدبیر ایسی ہو کہ اسباب لوٹ سے بچے ارکان دولت یہ خبر سنکر بہت خوش ہوے آپسمین عید سمجھکر گلے ملنے لگے نامرد تلوار پکڑ کر اکڑنے لگے موچھونکو بل دیتے بیلی گارد کو چلے آپس مین مبارکباد دینے لگے کوئی کہتا تھا اوسے کھود کر بڑا تالاب بنا ئیے کوئی ممو خان سے کہتا تھا اسکا فتح باغ بنوائیے گا۔ دوسرا فتح گنج کہتا تھا کوئی کہتا تھا جسِ کُنڈھ نام رکھیئے گا دوسرا بھاگنے کی خبر لایا یہ سنتے ہی تلاطم پڑ گیا ایک دوہرے کے بھاگنے مین اوجھکر کرنے لگا کوئی کوٹھری کوئی چارپائی کے نیچے چھپنے لگا جو جب حکم جناب عالیہ و رواے قیصر باغ کے بند ہوگئے گورون کی سدراہ کو توپین لگائین ملکے بیحساب بیان سے زیادہ مارے گئے بہت سے بھنجلاتے غصہ کرتے گالیان بکتے شہر کو چلے کسیکو گونیہ کسیکو وثیقہ دار کسیکو لوٹنے لگے دکانین سب خاص بازار کی لٹنے لگین سپاہی کوتوالی کے جو حفاظت کو تھے اونھین گونیدہ کہکر قید کردیا نخانے بھیجدیا مٹھائی جو گئی تھی کھاتے جاتے تھے اور کہتے تھے شہر والے سب وثیقہ دار ہین انگریزونکو خبر دھاوے کی پہونچے ہین ہمکو جاوے بھگواتے ہین اگر یہ لوگ رسد وغیرہ بیلی گارد مین نہ پہونچاتے انگریز فاقون سے مرجاتے خیر کل ہم بیلی گارد خالی کروا لینگے کہان جاتے ہین اور طرفہ ماجرا یہ تھا کہ افسر لفظاً ہر لٹنے سے منع کرتے تھے گالیان دیتے تھے اور اپنا حصہ بھی اونسے لیتے تھے۔

جب لوگون نے خبر لوٹ مرزا برجیس قدر سے عرض کی ایک دن سب افسر اور پلٹنگونکو بلوایا آپ گھوڑے پر سوار ہوا تو سب سلامی کی چلی آہستہ آہستہ سمجھانے لگے کہ اے بہادرو ہم تم سے بہت خوش ہین خوب لڑتے ہو مگر ہمین ایک بات کا رنج ہے کہ تم شہر کو لوٹ رہے ہو اسے موقوف کردو ورنہ سب رعایا بددعا کریگی افسرون نے دست بستہ عرض کی جناب عالی اب شہر نہ لٹے گا مانگے جو اوسوقت حاضر تھے کہنے لگے آپ ہمارے پیٹ کی خبر نہین لیتے کہان سے کھائین تنخواہ دو

ورنہ اس سے زیادہ شہر لئے گا اور جو اشرافون کی شکل مین سب خفیہ انگریز سے ملے ہین انکو ہم بیشک پہلے مار ڈالینگے غرض کچھ نہ سنا ۶۔ مہینے تک شہر پر روز لٹتا رہا۔

تعلقدار راجہ جو کمک کو آئے تھے

تعلقدار

سب سے پہلے فوج بدمعاش کے ساتھ خان علیخان شیخ حسین علی کارندہ نواب علی خان محمود آباد سات ہزار کہار سے آئے چکرہ والی کوٹھی مین اترے دربیچے سنگہ تعلقدار ہوتا پرسا پانسو سے بموجب حکمنامہ مذکور منشی محمد حسین قدوائی ۳ سو راجہ اٹونجے کا ۴ سو میر اولاد حسین زمیندار رسید پور ۴ سو سے آئے۔

پھر افسران فوج نے حکمنامہ زمیندار تعلقدارون کو بھیجا کہ جو سرکارین مع اپنی فوج کے حاضر ہوگا زمینداری اوسکے پٹیٹ کو ملیگی فوج ہونچکر اوسلی پیچ و بنیاد کو شادیگی اور جو حاضر ہوگا علاوہ معافی مستمرہ بعد فتح بلی گارد جاگیر پائیگا۔

طلب خزانہ مفتاح الدولہ سے اور لوٹ خانہ نواب علی نقی خان وغیرہ

جنابعالیہ کے پاس زر نقد ۲۴ ہزار روپیہ تھا جب وہ خرچ ہو چکا مفتاح الدولہ سے طلب خزانہ کیا عرض کی مین پہلے عرض کر چکا ہون اور حسام الدولہ ممو خان کو کوٹھہ بھی دکھا دیا ہے خزانے مین سوائے چاندی سونے کے اسباب زر نقد نہین ہے پھر بھی وقت خیر خواہی ہے تمہارے بزرگون سے خیر خواہی ہوتی چلی آئی ہے اگر یہ سلطنت قایم ہے روپیہ بہت سا ہو جائیگا بہتر ہے اسوقت مین کام آؤ خزانہ بتاؤ ورنہ ممو خان بہت تنگ کریگا عرض کی میری جان و مال سب سرکار کا ہے خدا جانتا ہے خزانہ نہین ہے البتہ اسباب چاندی سونے کا قریب ۴ لاکھ کے ہو جائیگا وہ حاضر ہے آئندہ سرکار قید یا قتل کرے بہر صورت مین حاضر ہون پھر جنابعالیہ نے بہت سا سمجھایا آخر گنجیان اونسے لیکر یہ صلاح ہوئی کہ ٹکسال جاری کر دیگر سکہ کے نام کا بڑے کسی واجد علیشاہ کینیے بہادر شاہ کینیے جوان بخت کا نام لیا وہ یہ ہے ؎ نصارا پہ قہر خدائی گرا جوان بخت سلطان دہلی ہوا بعض نے یہ کہا یان سکہ برجیسی چاہیے وہ یہ ہے

سکہ زد بر سیم و زر چون مہر مہر + نیر دین میرزا بر جیسقدر ؛ ایضاً سکہ زد از فضل حق بر اثر
مہر و مہر ؛ اختر سلطان عالم میرزا بر جیسقدر + خلاصہ خوشامد سے بہت سے سکے ہوے مگر
افسر و بنی نمانا کہا کہ سکہ شاہ دہلی کا پڑیگا پھر صلاح ہوئی کہ نہین معلوم وہان کسکا اور کونسا سکہ
پڑا ہے بہرحال قدیم سکہ شاہ عالم کا پڑنا چاہیے پہلے اوسکے مہتمم مفتاح الدولہ ہوے بعد اسکے آغا نجف
کشمیری داروغہ نواب معشوق محل نے ۶ ہزار پر اجارہ لیا نواب معشوق محل کا اسباب فوج اور
اہلکارون نے ملکر خوب لوٹا ۔

جب قلت خرچ روپیہ کی ہوئی شہر مین مالدار گھرتا کے پہلے وزیر خان محمد بخش داروغہ حضور عالم
پکڑ آئے اونپر سختی کی کہ روپیہ بتاؤ جواب دیا کہ تمام گھر نواب کا مانگ نادری اختری لوٹ لیا
ہماری دانست مین اب کچھ نہین ہے غرض یہ دونون قید ہوے پھر گوندے گھر کے بھید کا
خبر لائے کہ ہم نواب کے گھر کا حال خوب جانتے ہین جہان روپیہ ہے ممو خان راجہ جے لال سنگھ
یوسف خان حیدر خان بھائی ممو خان کے مجرے کے ساتھ نواب کے گھر گئے محاسر مین ایک صندوقچی
کو کھدوایا پانچ لاکھ روپیہ نکلا ۔ ہاتھی چھکڑے وغیرہ لیکر آئے جناب عالیہ سے ممو خان اور
راجہ نے عرض کی ہمسے زیادہ کون آپکا خیر خواہ ہوگا ۔ ابھی اس سے زیادہ خیر خواہی کرینگے
بہت خوش ہوے تین تعریف کی خلعت دیا راجہ محروم رہا ممو خان نے گوندے کو ایک کوڑی
بھی نہ دی اپنے غریبون کا وہان بہرہ کر دیا اسمین سب کے سب مالا مال ہو گئے اور نواب
کے متوسلین کا نقد و جنس بھی سرکار مین ضبط ہو کر آیا جسکی تفصیل موجب یادداشت مفتاح الدولہ
یہ ہے مگر بعد فتح کے ان سبکو بھیک مانگتے دیکھا معلوم نہین اس چوری
سرزوری کا روپیہ کیا ہوا ۔

نواب کے گھر کا نقد و جنس وغیرہ ۔ لاکھ

نقد ۴ الک اشرفی مہر طلا ۲۰ سیر ظروف نقرہ وغیرہ ملے جواہرات دولک ۔

متفرقات

اچھے صاحب داماد نواب لک

میر احسان علی خان داروغہ دیوانخانہ نواب ملے

بھلے بیگم خواہر نواب	۔۔۔
محمد بخش دار دغہ ۔	۔۔۔
چندی سہای گرسہای ۔ دیوان و منشی نواب ۔	۔۔۔
اہل شہر سے مدفعات ۔	۔۔۔

خلاصہ یہ روپیہ بہلے خیطر فوج وغیرہ بن بمنت صرف ہونے لگا اور سرکار کو اوسکے بے تکلف ملنے سے بڑی خوشی ہوئی ممو خان کی بھی بڑی قدر اس جہت سے ہوئی کہ مالک سیاہ سفید ہوے اسنے روپے بن خدا کیونکر برکت دیتا

زمیندار تعلقدار ممالک محروسہ مع فوج جو کمک کو آئے

زمیندار تعلقدار اطراف لکنؤ مع فوج گہا حاضر دربار دولت ہوے ۔

راجہ دیبی بخش سنگہ گونڈہ کا راجہ ۔	۳ ہزار
آنندی اور خوشحال وغیرہ زمیندار تعلقدار گونتائین گنج ۔	۲ ہزار
راجہ سکھدرشن زمیندار سمرونہ ۔	۱۰ ہزار
سیجرام بخش زمیندار سمرونہ وغیرہ ۔	۲ ہزار ۲ ضرب توپ
راجہ لال مادھو سنگہ بہادر تعلقدار گڑھا امیٹھی ۔	۵ ہزار ۴ ۔ ضرب توپ ۲ سوار
رانا بینی مادھو بخش سنگہ بہادر ۔ بیسواڑہ ۔	۵ ہزار ۵ ضرب توپ
حشمت علی چودھری سندیلہ ۔	۴ ہزار
سرمنصب علی چودھری رسول آباد ۔	ہزار
رگھناتھ سنگہ تعلقدار کھجورگانون طالقہ ولیوبریلی	۲ ہزار ۴ ضرب توپ
کلیان کا رندۂ تعلقدار نا پارہ	۱۰ ہزار

راجہ مان سنگہ بہادر کو گئی قطعہ حکمنامے اس مضمون سے گئے کہ تم انگریز سے ملے ہو بہت سے انگریز تمنے جہپائے تمام اسباب زر نقد جواہرات اونکا تمہارے پاس ہے فوج بہکار آتی ہے تمہاری بیخ و بنیاد مٹا دیگی ورنہ عاجز سرکار مین حاضر ہو ۔

جواب ۔ راجہ نے معہ وقت ماتا پرشاد اپنے مختار کے کہلا بھیجا کہ کئی شرائط سے حاضر ہوتا ہون پہلے یہ کہ شراکت تلنگون کی سوے مین تنہا بیلی گارد فتح کرونگا دوسرے کوئی تلنگہ بجز دست اندازی کرنے کے واسطے میرے بیغامہ مین بہت سے تلنگے رہتے ہین مجکو یقین اونکی خلش کا ہے تیسرے جتنی فوج ہین الاؤن سرکار اسکا روپیہ اور خرچ دے اسکے سوا دو تین ماہین وقت حاضر ہونے کے خلیے مین عرض کرونگا ۔

حکم ہوا بروقت حاضر ہونے کے موافق تمھاری مرضی کے عمل مین آئیگا قصہ مختصر راجہ سات ہزار سپاہ گوہار معتمد سے حاضر ہوے ۵ ہزار دور ہے راج کمار بڑے بہادر ہوتے ہین فقط تلوار باندھتے ہین اور دو ہزار پانچسو بنجیب وغیرہ زمیندار ساتھ تھے آگے لات حربی مثل توپ کے تھے اوسکی صورت یہ ہے کہ کھار مٹی کو مجوف بناتے ہین وہ جہان پہونچتا ہے پھٹ جاتا ہی بارود بھر کر ایک طرف فلیتہ لگا کر گڑھی پر پھینکتے ہین اوسکے ٹکڑون سے آدمی زخمی ہوجاتے ہین جنیٹ پر آکر ٹھہرے جب فوج اونکے مضمون عرضی اور شرایط سے واقف ہوئی بگڑی بہت بڑ ابھلا کہنے لگی اور کہا کہ اگر بے مرضی وصلاح ہماری آویگا ہم سیدھے دلی چلے جائینگے اور گھنگے کہ جو لوگ انگریز سے ساز رکھتے ہین وہ سب برجیسقدر کے پاس جمع ہین اوسوقت راجہ نے اپنا وکیل امرؤ سنگھ نیپال سنگھ رگھناتھ سنگھ گھنڈی سنگھ کپتانون کے پاس بھیجا ۵ ہزار افسر اور سید رکات احمد رسالہ دار کو جو جرنل فوج تھے بجھوا دیے ۔

پھر کورٹ ہوا آخر حکم یہ ہوا کہ راجہ جے لال سنگھ نے پڑھا کہ اگر آویگا سوائے اطاعت کے دوسرا کیا کرسکتا ہی اوسے بھی کوئی مورچہ دیدیا جائیگا شہر مین آنے دو عرض راجہ اپنی دھوم دھام سے درد ولت پر آئے حاضر حضور خانبالیہ و مرزا برجیسقدر ہوے ۱۱ اشرفی نذر دین خلعت دوشالہ رومال ملا ۔ راجہ نے عرض کیا اگر ارشاد ہو کوئی تیسرا ہو کچھ عرض کرون جنابعالیہ نے کہا موجود میر واجد علی میرے خیرخواہ ہین خلاصہ عرض کیا یہ تلنگے بیلی گارد نہین خالی کرسکتے یہ فقط میدان کی لڑائی جانتے ہین ہلوگ گڑھی خالی کروانے مین مشاق ہین بہتے سیکڑون گڑھی قلعہ خالی کروالی ہین بیلی گارد کی کیا اصل ہی ایکدن مین خالی کروالونگا بشرطیکہ کوئی میرے ساتھ دھاوے کو چلے مگر دو محرکین ہین اول یہ کہ بیلی گارد کے ایک طرف میرا مورچہ ہو دوسرے علاقہ فیض آباد

مجھے ملے یہ باتین از راہ فریب بیگم صاحبہ اور ممو خان کے تلقین اسواسطے کہ یہ ساز انگریزون سے بنا ہے جنابعالیہ نے فرمایا مین اسکا جواب صلاح کرکے دونگی مگر شرط نمکحلالی یہ ہے کہ مستعدی وجانفشانی سے ان کافرون کو قتل کرکے جلد بلیگارد خالی کروالو اسوقت جو کہو گے کرونگی بلکہ اُس سے زیادہ اتنے مین کئی کپتان بھی آگئے راجہ کو خوب ڈانٹا کہ اگر تم یہان آئے ہو اپنا مورچہ سانھ لگاؤ۔ چنانچہ راجہ کا مورچہ شیر دروازہ اور اصطبل شنچہ آہنی پر ہوا۔

حکمنامہ طلبی تعلقداران سانڈی سندیلہ وغیرہ

تین پروانے اس مضمون کے روانہ ہوے کہ بفضل خدا سے بتاریخ بہتر روز نیک بابدولت واقبال نے سندا بائی پر جلوس فرمایا اکثر تعلقدار اطراف وجوانب مع اضراب توپ وسپاہ واسطے قلع قمع انگریزون کے در دولت پر حاضر ہوے لہذا انھین بھی لکھا جاتا ہے کہ کوئی انگریز مع فوج اور بلکار کسی گھاٹ سے تمھارے علاقے مین اترنے پاوے جسطرح سے ہو مقابلہ کرنا اور یقور دیکھنے حکمنامہ ہذا مع فوج وتوپ در دولت پر حاضر ہونا تاکید جانو۔

چنانچہ ایک پروانہ نرپت سنگہ باغی تعلقدار رد ہیا۔ دوسرا ہردیو بخش سنگہ تعلقدار کٹاری پرگنہ سانڈی ضلع ملانوان تیسرے نونا سنگہ تعلقدار راجپور پرگنہ ضلع مذکور کو گیا نرپت سنگہ نے دور دیہ دعوت دس انعام اور عرضی سپاہی کو دیکر روانہ کیا کہ پروانہ کرامت نشانہ حضور مشعر اجلاس فرمائی آیا سرفراز وممتاز کیا اللہ تعالے مبارک کرے اور اوج ارادت دلی بڑھائے کرے خانہ زاد کی گڑھی سے علاقہ انگریزی قریب ہے فقط دریا گنگ درمیان ہے اکثر ہرکارون سے خبر عبور انگریزون کی سنی جاتی ہے خانہ زاد کا آنا مصلحت وقت نہین ہے انشاء اللہ اگر کفار قصد عبور گنگ کرینگے اقبال سرکار سے مقابلہ کرکے قتل کرونگا۔ واجب تھا عرض کیا۔

ہردیو بخش نے ۱۲ روپے دیے تین دن تک سپاہی کو رکھکر رخصت کیا۔ لکھن سنگہ زمیندار بانگر مئو میر غلام حیدر زمیندار غمان پور میر عالم علی زمیندار بانون علاقہ سانڈی بھیکن خان زمیندار بھولی علاقہ سلون وغیرہ حاضر ہوے دیہ اونکی غیر حاضری کی معلوم نہوئی اور بعض راجہ بخل لال ہنونت سنگہ کالے کانکر بابو گلاب سنگہ تعلقدار نرول علاقہ سلطان پور وغیرہ ہمراہ چکلہ داروں کے ہوکر

فوج انگریزی سے خوب لڑے اور بعض راجہ اپنی فوج کو لیکر لکھنو آئے اپنے پاس سے خوراک دیتے تھے بعض کو سرکار سے بھی ملتی تھی اور یہ سب فوج ممالک محروسہ زمیندار تعلقدار راجہ کی ایک لاکھ پچاس ہزار پانچسے تھی اگر درحقیقت اپنی لڑائی سے لڑتے ہوتے بشرطیکہ سپاہ باغیہ موافق ہوتی اور وبال رعایا نہوتا۔

بھیجنا فرمان بہادر شاہ دلی کا اور انتظام کورٹ فوج باغی وغیرہ

۶۔ تاریخ شہر ذیحجہ چارشنبہ کو فرمان بہادر شاہ دلی درجواب عرضداشت سپاہ باغی آیا کہ تمنے مرزا جسقدر کو مسند وزارت پر بٹھایا اچھا کیا مابدولت بہت خوش ہوئے حسب دستور انتوپ سلامی چلی اوسی دن سپاہ کو اپنے افسرونکو کچھ منظمہ سازش جانب مخالف پیدا ہوا اس حیث سے بعد قیل وقال صلاح یہ ہوئی کہ دو سپاہی پیدل سوار دو توپخانہ کے بھی داخل کورٹ ہوا کرین اور ان سب جماعت سے ہر ایشخاص مشخصہ کو اختیار کلی دیا جاے کہ جس باتکو یہ چار یار باتفاق کہین وہ حکم جاری ہو چنانچہ اس اجلاس مین ایک صف مین افسر دوسری مین سپاہی وسط مین جرنل اور نوابصاحب بیٹھے تھے ایک دن صاحبان پارلیمنٹ نے یہ حکم دیا کہ جسوقت حکم جنرل بلی گارد کے خالی کرنیکا ملے ہمین ہزار پانسو بلدا ئیلے اوسکی صبحکو ہم خالی کروالینگے۔ دوسرے یہ کہ جو سپاہی سرکار کے کام پر مارا جاے پہلے اوسکا وارث اوسکے بدلے نوکر ہو اور اگر نہو اوسکے عیال کی کفالت ذمہ کار ہو اور اگر کوئی شہر مین لوٹے حکم کورٹ سے مارا جاے یا اگر رعایا مارے کورٹ سے اسکا موخذہ نہو نوابصاحب اور جرنل نے ان سبکو بطیب خاطر قبول کیا۔

ہر روز گومندے بلی گارد کے طریق مختلف سے پکڑے جاتے تھے اگرچہ تبدیل لباس وضع صورت سے ہوتے تھے اور انگریزی جھنڈے سے چھپاکر اپنے پاس رکھتے تھے اور بہت سے اشتباہ سے بھی گرفتار ہوجاتے تھے اور طمع سے اپنی جان پر کھیلتے تھے۔

۹۔ تاریخ شہر ذیحجہ روز یکشنبہ عیال مرزا علی رضا بیگ کو نواب شہر اور محامد الدولہ میان احمد علی مستمم حسین آباد کے قریب پچاس پنس میانہ ڈولی کے باغ علی گنج سے روانہ ہوی کچھ لوگ گماں

تلنگہ حسین آباد کو توالی سپاہی ساتھ تھے کسی گوندے نے خبر مفصل فوج سے جاکر کہدی پچاس سوار کو حکم ہوا اسکو گرفتار کرکے در دولت پر لے آو جب سوار پہونچے سپاہی جتنے ساتھ تھے صورت دیکھتے ہی بھاگے زنانی سواری کو در دولت پر لائے احمد علی اور کوتوال قید ہوے جب کورٹ مین رو بکاری ہوتی سبب عیال کے باہر بھیجنے کا پوچھا کہ اگر بخوف انگریز کیا تو مرگ انبوہ سے کون سی صورت نجات عافیت کی تمھاری تھی یا درحقیقت تمھین اونسے باطن مین سا ہے اپنے بچاؤ کو حاضر رہتے ہو کچھ جواب شافی نہ دیا اور جب تلاشی اسباب کی ہوئی کچھ مسروقہ سرکار نہ پایا بلکہ جو اسباب ذاتی تھا وہ سب نصیب غازیان فوج ہو گیا دو تین دن کے بعد جنابعالیہ اور نواب کی سفارش سے دونون پھر کام پر بدستور مامور ہوے مگر فوج کو اونسے کھٹکا ہو گیا۔

روانگی سفیر سرکار سمت دلی اور وہانسے لکھنو پھر آنا

جب فوج باغی مسند نشینی مرزا جیسقدر سے مطمین ہوئی اور فرمان شاہ دلی در جواب عرضداشت فوج اس باب خاص مین آچکا افسران فوج اور ارکان دولت مین صلاح ہوئی کہ دلی قدیم سے دارالخلافت ہے لازم ہے کہ کوئی شخص معزز معقول سرکار سے تجویز ہو کر مع عرضداشت اور کچھ ہدیہ بھی لیکر باعزت روانہ ہو چنانچہ جناب عالیہ نے مفتاح الدولہ سے تجویز شخص معقول فرمایا۔ اونھون نے اس فقیر حقیر مولف کتاب سے کہا مین نے کہا مجھے کچھ تماشا دکھانا منظور ہے آپ جاتے ہین تو دیکھون حالانکہ اس سب کا حال کار آپ بھی خوب سمجھتے ہونگے مگر بنظر رفاہ و فلاح میرے یہ امر دوسرا ہے آپکو معلوم ہنین عباس مرزا بیٹے میر احمد کے داماد میرزائی بیگم متصرف جنابعالیہ تجویز ہوے ہین وہی جائینگے چنانچہ یہی صورت ہوئی بسفارش مرزائی بیگم عباس مرزا کو طلب کیا دوشالہ رومال خلعت ہوا اور کہا تمھین معتمد دانا سمجھکر بعہدۂ سفارت شاہ دلی بھیجتے ہین پہلے اونھون نے نظر باسباب ظاہر عذر کیا مگر پھر مرگ انبوہ سمجھکر قبول کیا نواب شرف الدولہ نے بالوپوں پنجدسی عرضداشت لکھوائی۔

حضرت ظل سبحانی خلیفۃ الرحمانی خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ ضد

اس خاکسار عقیدت نماد نے کافران فرنگ کو تیغ بیدریغ کیا چند کفار بدنہاد بیلی گارد مین باقی

ہین وہ بھی مارے جاتے ہین مگر امیدوار عنایت خسروانہ کا ہون کہ جو مہربانی سرکار حضور سے میرے بزرگون کے ساتھ رہی تھی وہی پرورش حضور کو میرے حق مین بھی چاہیے اور کچھ تحفہ واسطے خدام ذوی الاحترام کے کہ لائق حضور نہین ہے مع عرضداشت گذرانتا ہون ؎

گر قبول افتد زہے عز و شرف

تحویل مفتاح الدولہ سے ایک کیسۂ زرین سربمہر مین ایک تاج مرصع عہد حضرت خلد منزل قیمتی ۷ لاکھ مروارید گلوبند جوڑی نورتن سمت دھکدی صمت دستبند مروارید ۷ کنٹھ مروارید گلوبند جمع سمت

ایکسو ایک اشرفی یہ سب سیرو سفیر ہوا اور کہا جب خطاب مرزا برعیسقد کا لاؤگے خلعت ۲۰ پارچہ اور انعام بہت سلاؤگے دو ہزار روپیہ خرچ راہ ملے ۱۲۵ سپاہی پلٹن حیدر خان کمیدان ۲۵ سوار ۲ دوجیراسی ۲ دوچوبدار ۸ ہرکارہ اخبار ۲ شتر سوار ۱۶ اکہار ۴ فراش مع خیمہ وغیرہ یہ سب عملہ سفیر ہوا قدرت اللہ خان بیٹے بندو خان رسالدار جنہین پروانہ شاہ دلی اخبار نویسی لکنو کا آچکا تھا وہ بھی بسفارش نواب ساتھ ہوے ۔

۲۳ تاریخ شہر ذیحجہ سنہ ۱۲۷۳ھ خیرآباد کی راہ سے روانہ ہوے ۲۷ محرم سنہ ۱۲۷۴ھ دلی پہنچے راہ مین ہر منزل و مقام پر خوف لٹنے مارے جانے کا تھا ریندار ہرگانون کا خود غلط ہوگیا تھا راہین سب طرف سے بند قریب مرادآباد بریلی ولیم صاحب کے چھاپے کا بڑا خوف تھا چنانچہ ڈپٹی ولایت حسینخان نے مرادآباد مین اپنے رسوخ و خیرخواہی سرکار انگلشیہ سفیر کو دوستانہ صلاح دی کہ تم ولیم صاحب سے ملاقات کرلو داشتہ آید بکار سمجھا ہوا سکا نتیجہ اچھا ہوگا کیا عجب ہے کہ کوئی صورت اصلاح تمہاری سرکار کیواسطے بھی نکلے سفیر نے جواب دیا کہ یہ خیانت مجھ سے نہ ہوگی مگر وقت مراجعت البتہ مضایقہ نہین کہ اپنی سوکل سے جاکر عرض

غرض ان دونون صاحبان عالیشان سے لڑائی بھاری پر ہو رہی تھی فوج باغی کو ہٹا ہر ہو چکا تھا مستعد بھاگنے پر ہو رہی تھی اہل شہر کو یقین قتل و بربادی کا ہو چکا تھا سپلے شاہدرے مین آترا ایک شخص کو دلی بھیجا جب بادشاہ کو خبر ہوئی کچھ فوج و جلوس کو استقبال سفیر کیواسطے حکم ہوا سفیر بڑی دھوم دھام و تجمل سے راہ مین گدلے گولی سے پہنچکر داخل شہر

اور بہ سبب تعارف لکھنؤ نواب مظفر الدولہ اجل گرفتہ کے گھر اترے یہی بہانہ قتل نواب کا ہوا شہر مین شہرت ہوگئی کہ صوبہ اودھ نے خزانہ بھیجا ہے دربار شاہی آراستہ ہوا ارکان دولت حاضر ہوئے سفیر نے مژدہ خستگی راہ عرض کرا بھیجا بادشاہ دوپہر تک منتظر رہے خلاصہ ہر شخص اپنی طبع نفسانی سے چاہتا تھا کہ دربار شاہی مین تین واسطۂ سفیر ہون آخر نواب زینت محل کے وسیلے سے تخلیے مین ملازمت سفیر ٹھہری اوسدن دربار عام برخاست ہوا تحلسرا مین سفیر داخر حضور ہوا بادشاہ چاندی کی پانگری پر بیٹھے تھے ڈورے کا کرتہ پہنے دوائی اوڑھے سفیر آداب سلام بجالا باندردی عرضداشت اشرفیان نذر کی گذرانین بادشاہ نے پنسل سے عرضداشت نامزد بہ خط خاص فرمائی کہ فرزند ارجمند مرزا جیسقدر بہادر شاہ اودھ آفرین ہو کہ چھوٹے سے سن مین تمنے بڑا کام نام کیا آئندہ بھی سے تمھارے وسطے مہر خطاب بھیجی جائیگی خاطر جمع رکھو جو ملک تمھارا تھا اس سے زیادہ عطا ہوگا بعد اسکے وہ عرضداشت دستخطی عنایت ہوئی رخصت کیا دوسرے ملازمت مین اسباب باقیماندہ تاج وغیرہ سب گذرانا اپنی خوش نصیبی سمجھا عید بھی ہوگئی دگرگونی حرابی ہوئی

شب سہ شنبہ رات بھر فوج انگریزی سے اس کثرت سے منہ بھر کے گولون کا برسا کہ اہل شہر کو یاس کلی ہوگئی دو گھڑی دن چڑھے منگل کو گورون نے کشمیری دروازے سے دھاوا کیا داخل شہر ہوگئے بیگم شمرو کے باغ مین مورچہ کیا چاندنی چوک بھی لے لیا پھر آہستہ آہستہ ہر مقام مین چا ہوئے جب یہ صورت ہوئی فوج باغی نوک دم سی بھاگی اہل شہر نکلے اونکے ساتھ سفیر بھی اپنی جان بچا کر بھاگا - ۲۸ محرم ۱۲۷۴ھ بادشاہ قلعہ سے بمقبرہ ہمایون مین آئے اسکا ذکر تفصیلی حرکہ دلی مین آئے گا -

غرض سفیر لکھنؤ بہزار خرابی بعد طے منازل خوف و بیم بہ سلامت لکھنؤ آئے جنابعالیہ کی حضور مین رسید اسباب مرسلہ دی اور جو کچھ بچا لائے تھے وہ داخل جواہر خانہ ہوا عرض کیا دلی کا خاتمہ ہوچکا موخان نے کہا اسکا ذکر نہ کرو فوج بیدل ہوکر بھاگ جائیگی

قید ہونا نواب منور الدولہ کا اور اونکی رہائی

نواب منور الدولہ کے گھر کا اسباب ظاہری جب تھوڑا بہت معاش لوٹ چکے اور نواب اپنی جان

بچاکر محلے و محلے مکان در مکان چھپتے پھرے بظاہر ہر معاشوں سے جان بچنے کے لالے پڑے
منشی میر باقر علی نے مفتاح الدولہ سے جاکر کہا کوئی صورت نواب کے جان و مال بچنے کی اِن تلنگوں
کے ہاتھ سے نکالیے وگرنہ ہر طرح سے برباد و تباہ ہوے جاتے ہین کب تک انے چھپتے پھرینگے
اور کہان جاسکتے ہین اونھون نے اپنی رحمدلی نیک نہادی نیک نامی سمجھکر سید برکات احمد رسالدار
کو سب طرح سے سمجھا کر کچھ دیکر رضامند کیا جب ظاہر جمع ہوچکی منشی جی سے کہا نواب سے کہیے اپنے
گھر چلے آئیے دوسرے دن بھگکر رسالہ دار کو اپنے ساتھ نواب کے پاس لے آئے پھر نواب
کو در دولت پر لائے جناب عالیہ کو مژدہ دیا خلعت و شالہ رومال مالا بہت سی تشفی فرماکر رخصت
کیا دربار مین مثل اور امراجانے لگے فی الجملہ بظاہر باغیون کی زیادتی شر سے صورت عافیت
معلوم ہوتی مگر خالیف و ترسان انجام سے رہے افسر بھی اپنی گھات مین لگے ہوے تھے
جب رسالدار گولی سے مارا گیا نواب مایوس ہوے کہ جو کچھ دیکر رسالہ دار سے صورت عافیت
کی پیدا ہوئی تھی گئی ۱۲ ذیحجہ روز سہ شنبہ نواب تالیف قلوب سمجھکر بتقریب سوم رسالہ دار مرحوم
مع رفقا با اسلحہ جاکر شریک فاتحہ خوانی ہوے افسران فوج اپنے تعصب مذہب اور دناءت باطن سے
وقت پاکر پہلے ڈھاڑی سے چھیڑ شروع کی تقریر بڑھی آخر افسر کہنے لگے ہمین خوب معلوم ہے
کہ تمھارے مورچہ اسمیعل گنج سے سب کچھ بلکہ ڈالی قلمی آم کی بھی پیٹی گاردین جاتی ہے تمنے اپنے
مورچہ اسیواسطے وہان کیا ہے بظاہر ہمین دھوکا دیتے ہو اسی قیل و قال سے نواب کو گرفتار کر
بذلت پیادہ پا اپنی پلٹن مین لیچلو اوسیوقت اونکی خوش نصیبی سے جناب عالیہ کو خبر پہونچی اپنے
نے آکر کہا انھین اور کہین نہ لیجاؤ در دولت پر لے آؤ جب تک وہان پہونچین راہ مین بہت سی
خلاف پیدا ہوئی منشی جی نے اونکا ساتھ چھوڑا دہ بپا لانش مین آگئے جناب عالیہ نے فرمایا
انھین ہمارے مکان مین رکھو غرض جہان نما کے نیچے مکان مین رہے پہرے تلنگے کے تھے ہر روز
افسران سے گفتگو لا طائل ہوا کرتی تھی لاکھون بانگتے تھے رفقاے جان نثار جو ساتھ تھے سب
بھاگے فقط منشی جی اصحاب غارہ رہ گئے مگر یہ بھی جانتے تھے اگر نواب سے جدا ہوجاؤنگا جان بھی نہ بچیگی
افسر سے کچھ ساز کر لیا تھا وگرنہ لال باغ مین انکا گھر بھی خوب لٹتا نواب افسر انکو جواب اضطراری حرکت
ندبوی سے دیتے تھے منشی اپنی چال سے بناکر جواب دیتے تھے اگرچہ وہ مصلحت آمیز ہوتا تھا

مگر نواب پر شاق گذرتا تھا یہ بھی سمجھتے تھے کہ میری بھلائی کو کہتے ہین نواب شرف الدولہ بھی بظاہر خوف اور باطن مین اپنے کینہ دیرینہ سے طرح دیتے تھے ارکان دولت بھی اونکو ایک رقم سمجھے ہوے تھے فی الجملہ اگر یہ سب رفقا جیسے اوبچی ظاہری بنے گئے تھے اگر مرنے پر کمر باندھتے خوب تلوار چلتی بڑا گھمسان پڑتا۔

ایک دن تلنگون نے بہت سخت سست کہکر روپیہ طلب کیا نواب کی چھاتی پر پلنگ کا پایہ رکھکر تلنگہ چڑھ بیٹھا۔ کہتے تھے ہم تجھے اسی سختی سے مار ڈالین گے سیطرح سے عافیت تنگ کی تھی حالت یاس ہوگئی تھی کہ اسنے جان نہ بچیگی۔ ہرچند تلنگون کو ہر روز بہت کچھ دیا کرتے تھے آخر شرف الدولہ جرنل ہموخان اور چھوٹی امت کو بحساب رسدی دیکر مستعد سفارش جناب قبلہ سے نجات دلوائی۔ نواب نے بود و باش مرزا ابوتراب خان کے گھر مین اختیار کی دوسرے تیسرے دن جناب عالیہ کے سلام کو جاتے تھے۔

جب سپاہ باغی نے مردم آزاری ظلم و تعدی سے ہاتھ اوٹھایا سبکو یقین ہوا کہ کبھی ایسے خالی نہوگا یہ اپنے واسطے فتوحات نئی سمجھکر لوٹا لیتے ہین وگرنہ یہ فوج جنگی تلنگہ سوار نوبچا نہ پچاس ہزار گورہا ممالک محروسہ ایک لاکھ پچاس ہزار پانسو کئی مہینے سے اکٹھی ہوئی ہین ہر منگل کو منگل داخلہ جیٹ دھاوا کرکے رہ جاتے ہین اور ہر جمعہ کو بعد نماز شاہ جی لڑھیا دپر باندھکر رہجاتے تھے اور بدھ کے دن بلی گارد سے دھاوا ہوا کرتا تھا ہزارہا مظلوم بیگناہ کا خون ناحق ہوتا تھا اور ہر روز دھاوے پر ایک نیا غدر و بیش ہوتا تھا کہتے تھے کہ ہم کیا کرین سب انگریز سے ملے ہین اور ہر طرح کی لوٹ سے ہر شخص مالا مال ہو چکا تھا مگر ایک کو نصیب نہ ہوا۔ جب ایک سپاہی مارا جاتا تھا دوسرا اوسکا مال لے لیتا تھا اگر کوئی اپنے گانون چلا راہ مین مارا گیا اگر گانون مین پہونچا زمیندار نے چھین لیا فوج نے چار لاکھ روپیہ زمیندارانہ مسند نشینی ٹھہرایا تھا اگرچہ یک مشت نہ ملا مگر کوٹھے شاہی جو چتر منزل مین تھے جمین اسباب چاندی سونے کا فقط بھرا ہوا تھا مثل حوضہ نالکی پالکی پلنگ مسہری پنجاخہ وغیرہ ہر قسم کا تقریبًا ڈیڑھ کرور کا ہوا اوسے کئی مہینے تک لوٹا کیے سرکاری پہرے کو وقت لوٹ باہر نکالدیتے تھے وہ سب لاکر آپسمین تقسیم کرتے تھے خزانہ سرکار جو ہر ضلع سے

لائے تھے اوسے پہلے آپسمین تقسیم کرلیا اسکے سوا فی تلنگہ ۱۲ روپے سوار ۳۰ روپے کپتان بجاے کرنل پانسو انجینئر رسالدار ہزار روپیہ ماہواری لیا کرتے تھے اسکا حساب کچھ نہین ان وجوہات سے محاصرہ بیلی گارد کا طول محض اپنا فتوحات سمجھتے تھے اور یہ بھی جانتے تھے کہ بعد خالی ہوجانے کے سرکار کی غرض ہمسے کچھ نرہیگی تلنگون کے پاس فقط بندوق توسیدان فسردن کے پاس فقط کرچ کرمین رہ گئی تھی ان بلاؤن کے سوا شہر پر ایک اور آفت سماوی نازل تھی کہ ابتداے ماہ شوال سے وبا بے ہیضہ اس شدت سے ہورہی تھی کہ کبھی پیشتر اسکے نہوئی تھی اور اس ہنگامہ مین کئی سبب سے بڑھگئی تھی ایک کثافت شہر کوچہ و بازار تنگ کے متصل ہوے شہر بیلی گارد سے شہر پر چلی آتی تھی نعش مقتولین چوپایہ مردہ تمازت آفتاب برج اسد اور رطوبت کی بوا اور بے اعتدالی عوام ماکولات مین مکسون کی کثرت یہ سب اسباب ترقی وقیام وبا کے ہوگئے تھے مگر قدرت خدا کو دیکھا چاہیے اور تصور کرنا لازم ہے کہ اگر بالفرض صاحبلوگون مین یہ فوج باغیہ داخل ہوتی غالب ہو کہ ایک کو جیتا نہ چھوڑتی پس جب ایسا خون ناحق کا دریا بہتا اور خدا کی قدرت سے تسلط صاحبان عالیشان ہوجاتا توقع تھی کہ رعایا جیتی بچتی یہ غبار نہ نکلتا اور نبیا شہر کی رکھتے یا برابر زمین کرکے ایسی صورت کرکے کہ کبھی گھاس تک نہ جمتی یہی مصلحت جناب باری تھی کہ محصورین بسلامت نکل گئے خدا نے غریبای رعایا اور بے گناہون پر رحم کھاکر یہ صورت دکھائی اور حکمت وفعل بالغ کو وہی خوب جانتا ہے اب صاحب بصیرت اس امر خاص مین بغور وتامل دیکھین کہ کیا ہوتا ہے۔

گرفتاری مرزا محمد تقی خان نبیرۂ نواب امیر الدولہ حیدر بیگ خان

فوج بدمعاش نے پہلے لوٹ اہل وثایق ومتوسلین سرکار سے شروع کی چنانچہ ۲۷ دیکھو روز دوشنبہ ۱۲۷۳ھ حوزف سائٹ بھائی سلطان مریم بیگم صاحبہ اور حوزف جو ہانس داماد چودہ سب زن ومرد کو مرزا علی رضا کوتوال محمد قاسم نے قید سے چھوڑ دیا وہ دولت خان علی تھانہ دار کے مکان مین جاکر رہے رائن صاحب بھی اوسی مکان مین مجھے پوشیدہ رہے حسین بخش چیلے کے مکان مین تھے تلنگے خوب لوٹ چکے تھے مگر جان سے بچے پھر وہان سے مرزا محمد تقی

کچھ سمجھکر اپنے گھر مین لے آئے تھے منصور نگر مین اور بطبع دنیا قریب اپنے مکان رہنے کو دیا تھا مگر وہ مفلس ہو چکے تھے کچھ اسباب زیور بیچکر بسر اوقات کرتے تھے محمد تقی خان کو بھی کچھ دیتے تھے محمد عسکری انکے بڑے بیٹے نے جو زف سارٹ سے کچھ مانگا جب نملا میر یوسف علی سے جاکر سارا احوال منتھی کہدیا کہ ہمارے محلے مین اگر برا کر چھپے ہین انھون نے موخان سے کہا تلنگے بول کی پلٹن کے اوسکے ساتھ ہوے اتفاقاً محمد تقی خان بھی اوسی مکان مین اگر بیٹھے تھے سبکی شکین باندھ سر چوک ہجوم عام سے در دولت پر لائے انکا بیٹا جانتا تھا کہ میرا باپ بچ جائیگا مگر چاہ گندہ را چاہ در پیش ہونا ہی اسواسطے وہ علیحدہ ہوکر اپنے گھر مین چھپ رہا۔

غرض جب یہ اسیر صف بستہ روبرو جناب عالیہ جاکر کھڑے ہوے تلنگون نے چاہا کہ سبکو گولی سے اوڑا دین مفتاح الدولہ نے عرض کیا کہ جوزف سارٹ جسکے بھائی سلطان مریم بیگم محل حضرت خلد مکان کے ہین حاکم وقت کسی رئیس و عالی خاندان کو قتل نہین کرتا بلکہ حفظ آبرو و ناموس کرتا ہی سارا شہر جانتا ہے کہ یہ مسلمان ہین ہمیشہ سے انکا طریق ظاہری لباس وغیرہ موافق اہل اسلام رہا ہے پھر انکی بی بی کا ہاتھ پکڑکر روبرو جناب عالیہ لے گئے کہ ملاحظہ فرمائیے انکا لباس شل ہندوستانیون کے ہے یا نہین بعد اسکے ہاتھ دستگیری کو جناب عالیہ کے ہاتھ مین دیدیا فرمایا انکی شکین کھولدو قید کرو میر واجد علی کے سپرد کرو اونھون نے ایک مکان مین لیجاکر رکھا یہ بھی غنیمت سمجھے کہ اب حمایت سرکار مین رہنا بہتر ہے وگرنہ شہر مین پھر خراب ہون گے مرزا محمد تقی خان کو مرزائی بیگم نے اپنا عزیز بتاکر چھوڑوا دیا مفتاح الدولہ کے پاس رکن رکین جانکر آیا کرتے تھے موخان کے پاس بھی جاتے تھے بلکہ امیدوار کسی عہدے کے بھی رہے مرزا یہ جسقدر کو ایک تعویذ شل حرز جو اوذخانداني انکے پاس تھا اور مخلص فتح و فیروزی کا خوشامد سے نذر دیکر گلے مین ڈالدیا کہ آپ کی فتح ہوگی ایکدن چھوٹی تلوار نذر دی شاعر تھے قصیدہ بھی اونکی شان مین گذرانا تھا ایکدن عرض کیا میرے پاس کوئی بندوق نہین وگرنہ مین بھی کسی مورچہ پر جاتا مفتاح الدولہ کو کم ہوا مگر نہ ملی۔

میر واجد علی نے ان اسیرون کی جان بخشی کا ایک حیلہ مشہور کیا کہ جوزف جو ہانس بندوق کی ٹوپی بنانا جانتے ہین اوسکی صورت یہ تھی کہ اپنے پاس سے کئی سو ٹوپیان سرکار مین دیا کرتے تھی

کہ یا نکی نبائی ہین اور مکان کرایہ مین اپنی حفاظت مین رکھا ان سب نے اپنی داڑھیان گھادی بھین کرتی شایکی پیش گریبان پہنتے تھے سر پر عمامہ یا دامی ہاتھ مین تسبیح زیتون بڑے دانون والی بہر صورت جان بچی

احوال دلیر الدولہ عرف مرزا حیدر

فوج باغی جاہا کہ مثل نواب منور الدولہ دلیر الدولہ کے بھی گھر کو لوٹیے یہ پہلے باخبر ہوکر اپنے رفقا اور ملازمین تن بمرگ دیکر مسلح گھر مین بیٹھے رہتے تھے ایک مہینے تک خاموش بیٹھے رہے یہ سامان دیکھکر پھر کسکی جرأت نہ پڑی کاشکے منور الدولہ بھی یہی صورت کرتے وہ تو انسے زیادہ شکاری تھے مگر مزاجیت مشکل ہی ہر شخص سے بنین ہو سکتا بعد اسکے حب الطلب سرکار مین گئے چنانچہ ہر روز مسلح مع رفقا جایا کرتے تھے جہان اور امرا اہل وثیقہ صاحبان بیٹھے تھے جنابعالیہ نے انکے واسطے نظام صوبہ الہ آباد تجویز فرمائی تم فوج لیکر جاؤ وہان کا بندوبست کرو انھون نے عدم واقفیت مالی و ضعف قوائے سن پیری در پیش کیا موقوف رہا بعد اسکے جب جنرل اوٹرم صاحب دھاؤ کو آئے اسکے سات دن پیشتر انھین خلعت جرنیلی ٹپالن نجیب ملچکا تھا جب بھی انھون نے عذر کیا تھا کچھ پیش نہ گئی سوا خود بھی کسی مورچہ پر نہ گئے اور نہ کوئی افسر ندر دینے کو آیا بہت غنیمت سمجھے خدا نے بہر حال بچایا

احوال نواب ممتاز الدولہ بہادر

جب فوج باغی لکھنؤ مین آئی نواب ممتاز الدولہ مصلحت وقت سمجھکر عنایت باغ جو گولہ گنج مین قریب بیلی گارد تھا دہاتے اپنے قدیم مکان گنگنی سکل کے تالاب پر مع اسباب جاکر رہے چند روز درویش رہے ملنگون کے شہر سے بچے مگر یہ کب ایسا گھر چھوڑتے عنایت باغ سے کچھ اسباب لوٹ کر لیگئے بعد اسکے نواب نے کچھ خرچ کرکے افسران فوج سے ایک گارد سوار اپنی حفاظت کو متعین کرا لیا خرچ یومیہ اونھین ملتا تھا دروازے پر سبیل شربت قند کی رکھوادی تھی مجاہدین مردان خدا بخوبی سیراب ہو جاتے تھے مرزا قاسم بیگ داروغہ عنایت باغ صرف نقرہ لاکھ روپے کی توڑ کرکے آئے

آخر ملنگوں کے ایک خط علی اسمی آغا محمد حسین شیرازی جو انکے مکان جرنل صاحب مین رہتے تھے یعنی نبھے نواب کانپور سے بھیجا ہے کہ تم مفصل احوال نواب منور الدولہ و ممتاز الدولہ کا لکھو کہ کیونکر ہین اس علت عمل سے نواب ممتاز الدولہ کو الزام دیکر گرفتار بلا کیا اور مرزا محمد حسین کو لوٹ لیا میر واجد علی نواب کے بڑے ساعی ہے جناب عالیہ نے کپتانون سے سفارش کرکے بڑی جد وجہد سے چھوڑوایا جب نواب حاضر حضور جناب عالیہ و مرزا بر احتیاط ہوی دو اشرفی نذر دی نواب سعید الدولہ نے اپنے بیٹے سے بھی نذر دلوائی دو سو روپے چھوٹی ولایتی گھڑی اور ایک تلوار مرزا برجیس قدر کو دی چند روز مین فضل خدا سے جناب عالیہ سے ایسی موافقت ہوگئی کہ ہم پیالہ ہم نوالہ ہوگئے ممو خان کو بڑا اعتبار گذرا جناب عالیہ نے انکی بیٹی کی نسبت مرزا برجیس قدر کی تجویز کی مگر کوئی رسم عرفی مقرر نہوا زبانی تعرف رہا اور سارے شہر پر حال موافقت و نسبت کھلگیا ایکدن کئی انگرکھے کئی رومال تحفہ لائی اور سر روز ایک تحفہ لیکر آتے تھے خالی ہاتھ نہ آتے تھے ممو خان نے انتہای موافقت نا گوار بلکہ خار سمجھکر آنے جانے مین ترقی کیا بلکہ تجویز کیا انکے ساتھ فوج کرکے کمین بھیجدیا چاہیے مگر جناب عالیہ نے نجانے دیا بدستور اپنے پاس رکھا کہ جب ممو خان کو غلش زیادہ بڑھی اور بہت خار حگر کھٹکنے لگا جناب عالیہ کو سمجھایا یہ برروئے ہوا دے ہین انسے بھی کچھ لیجیے وگرنہ مجھسے اب کام چلتا نہین معلوم ہوتا جب نواب کو یہ کھٹکا ہوا انسے بھی راہ رسم دنیا سازی بڑھایا چنانچہ ممو خان جب کچھ علیل ہوے نواب نے جاکر اونکے بازو پر اشرفی باندھی جب اچھے ہوی اپنے گھر بلایا ایک ولایتی بہت عمدہ ایک جوڑی گھوڑے میر واجد علی کو دی اور بہت دنیا داری سے کہا ہمین تم اپنا جانو تمکو ہمارے دشمن جانی ہین انکا کہنا نہ سننا کچھ سوار ہمارے ساتھ کرو ممو خان نے دس سوار تعینات کر دیے بہر صورت بچے۔

فوج انگریزی کا الہ آباد سے پہونچنا شکست رانا راؤ کا ہونا

رانا راؤ پیشوا کانپور اپنی عیش و عشرت ناچ و رنگ مین مشغول تھے اور دس پندرہ ہزار سوار و پیادہ مثل سہ بندی خوگیر کی بھرتی جنگ نا دیدہ فاقدست ٹوٹی ماری کچھ لکھنو کچھ اطراف جوانب کے رکھ لیے تھے فوج جنگی سوار و پیدل و توپخانہ بھی تھا انکی غفلت و حرکات خلاف دیکھکر بیدل و برخاطر ہوچکی تھی بلکہ منظور تھا اگر نبھے نواب یا کوئی اور صاحب حوصلہ اولوالعزم ہاتھ لگجاوی تو اوسے اپنا حاکم

ذکر افغانوں کے

مستعار کرین مگر کوئی نہ ٹھہرا ناگاہ خبر آئی کہ فوج گورہ الہ آباد سے آن پہونچی ہے انکا سبب یہ ہوا تھا کہ قبل از داخلہ کئی سو بیم بچے وغیرہ انکے دام بلا مین گرفتار تھے اور جبتک کسیکو قتل نہ کیا تھا فقط بند زندان مین رکھا تھا اگر اپنی حفاظت مین رکھتے کیا عجب ہے روز بدنہ دیکھتے بلکہ انکیدن ان سب کے لباس کثیف دیکھکر حکم کیا دھوبیون سے انکا لباس سفید دھلوا دو مگر یہ گوئیدون کے ہاتھ ہر طرح سے یا خفا چٹھیان اپنے احوال گذران کی لکھکر بھیجتی تھین چنانچہ ایک دن دو گوئیدے مع چٹھی پکڑے گئے بس یہی ان سب کی قضا کا باعث ہوا بالا راؤ مع فوج خبگی و نوطازم مقابلہ فوج گورہ آنے ہوئے میان رانا راؤ نے جمعجھا کر ان سب اسیران بیگناہ کو بہرا ذلت زیر تیغ لیا اس جبر و ستم پر کہتے اپنی فوج کو ہمارے قتل کو بلایا وگرنہ ہم تمھین قتل نہ کرتے قید مین رکھتے ہم نے حالت یاس مین بہت سا عذر و مجادلہ کیا کسنے نہ سنا اور نہ کوئی انجام کار کو سمجھا کہ قتل عورات و اطفال کس ملت و مذہب مین جایز ہے اور بالفرض اگر قتل بھی ہوتے تو لندن خالی ہوگا اپنی موت یا بابا سے اس سے زیادہ تر مرجاتے ہین یہ بھی نہ سمجھے کہ امیر دوست محمد خان کابل نے کسطرح اپنی حفاظت مین عورات کو رکھا مرد میر محافظ کر دیے تھے اسی طرح اگر یہان بھی صورت شفا کی ہوتی کیسی نیک نامی ہوتی اور صورت نزفاہ بھی حسب دلخواہ ہوتی بس جب صورت نہوئی مکار کے حق بجانب ہوئی جتنا غصہ اسکی یاد اس مین سب کے واسطے کرتی تھا

غرض مابین فتحپور و سرسول سندراجی گوردن سے مقابلہ ہوا ایکساعت تک لڑی ادسلے بعد فوج جدید جنگ نادیدہ پسپا ہوئی اور مرہٹے کبھی میدان کی لڑائی کی قابلیت نہین رکھتے خلاصہ کانپور سے ۱۲ کوس تک فوج ٹھہرتی مقابلہ کرتی بھاگتی چلی آئی اس عرصہ مین بالا راؤ کے بانو مین گولی لگی تو مین چھٹ گئین کانپور مین پہونچکر قدم نہ ٹھہر سکا بجھور کو بھاگے اس بنا پہ کہ وہان سے اپنی ہمقوم لشکر آتے ہین یہان فوج مین تلاطم پڑگیا جانکہ رانا راؤ بھاگ گیا سمجھون نے سیدھی گھر کی بلکہ جو بجھور تک چلے گئے اونھون نے رانا راؤ کا گھر لوٹا ادنے جب یہ صورت فوج کی دیکھی کچھ نہ بن پڑا گنگا سے اوتر کر فتحپور چوراسی مین آکر ٹھہرا وہدھری کے میان جو رئیس فتحپور چوراسی کے تھے

جب فوج مفرور باغی گھر لوٹ چکی ہر گھاٹ سے عبور کرنا شروع کیا اوسوقت گھاٹ پر

ہر شخص پانچ پانچ روپیہ یلان کو دیتا تھا کہ مجھے پہلے اوتار دے کسواسطے کہ یہ سب نامرد فاقہ مست لکھنؤ کی لوٹ سے مالامال ہو چکے تھے جانتے تھے اپنے بچون مین پہونچکر جنیدے آرام سے روٹی کھائینگے مبادا راہ مین لٹ جائین۔

فوج انگریزی کانپور تک پہنچا کرتی چلی آئی جب میدان خالی پایا صوبہ دار کے تالاب آکر مقام کیا احمد علیخان وکیل عدالت کانپور اور کئی مہاجن شہر خبر سنے ہولاگ صاحب کے استقبال کو گئے سڑک پر کھڑے ہوے سلام کیا مہاجنون سے استفسار حال کرکے حکم رسد رسانی کا دیا اوسکی صبح فوج پہونچ گئی رانا راؤ اور بعض بگڑ دنکو لوٹ کر آگ لگا دی از بسکہ گورے تشنگی راہ سے بہت بھوکے تھے اشیاء ماکولات بازار پر کرے اوسکی قیمت بھی دی یہ شکست رانا راؤ ۱۵ جولائی ۱۸۵۷ء کو ہوئی ۱۶ کو صاحبان عالیشان نے بندوبست شہر کانپور کیا بس ہنگامہ یہان سے گرم ہوا جسے پایا بے تحقیق روہکاری بے تکلف پھانسی دیدیا اسواسطے کہ شعلہ نار مقتولین بیگناہ نے جگر جلا دیا تھا کئی ہزار کی نوبت پھانسی کی پہونچی اکثر اپنے تئین بے قصور جانکر رہ گئے بھاگے ہزارون گرفتار ہوکر پھانسی دیے گئے از انجملہ اعظم علیخان تو لوگ باتفاق کہتے ہین بے قصور تھے شریک باغیون کے ہوے تھے اور اپنے بے قصور سمجھکر بھاگے نہ تھے پہلے باشتی جو کچھ لینا تھا لیا نقد و جنس سے بعد اسکے پھانسی دی ہر چند داد و بیداد اپنی بے حرمتی کی کی نہ سنا اب سرکار نے ازراہ عدالت کو اغذ نوٹ جو اونکے عیال کے نام تھے دیے کہ اپنی بسر اوقات کرین۔

فتحپور مین پھانسی شروع ہوئی کسواسطے کہ دہانکی رعایا اور ناعاقبت اندیشون نے اپنی اجل آپ لائی تھی اور چودھری جیسنگھ کے بھی لڑکے مارے گئے۔

بنارس مین پلٹن دالنیئر سی اور فوج سے کچھ فساد ہوا چھاؤنی سکرور مین لیکن راجہ کی جہت سے صورت امان ملی مگر استیصال باغیونکا ہوا اسکے بعد پلٹن لکھنؤ آئی اپنی گروہ باغی سے ملگئی الآباد مین سب سے زیادہ پھانسی ہوئی کہ ایک مولوی نے محمدی جھنڈا اوٹھا کر تمام رعایا کو باغی بنا دیا پہلے حکام فوج قلیل سے قلعہ بند ہوے فوج باغی نے خزانہ سرکاری لوٹکر سیدھی دہلی کی لی دریا باد کے جہان رعایا وغیرہ نے ملکر کچھ خزانہ لوٹا اور پھر جہاد پر کمر باندھ مقابلہ کیا مثل مشہور کمر دریا کھانیکی نشانی نسمجھ ہم کس دھوی سو مقابلہ

سرکار سے کرتے ہین آفر فوج نے قلعے سے نکلکر ان سب کا ستیاناس کر دیا گرد شہر آگ لگادی بعد فسلط ۷ ہزار کو پھانسی دی بعض اولوالعزم اپنی حماقت سے لکھنو کمک لینے کو آئے مگر قضا نے اونھین جانے ندیا کہ مین خود تمھارے پاس حاضر ہون اتنی دور کا ہیکو تکلیف راہ اوٹھا کر آئے بعض لکھنو کے صاحب بھی آمادہ الہ آباد کئے ہوئے بشرطیکہ خزانہ اور فوج سرکار سے ملتی

نقل عجیب

جب کانپور مین ۳ ہزار آدمی نے پھانسی پائی ہزارون بھاگے ہزارون بچ رہے ہر ایک کی صورت نجات مختلف ہوئی از انجملہ بسبیل مذکور ایک سقہ رہنے والا لکھنؤ کا وہ بھی بیکار تھا سب کے ساتھ جاکر نوکر ہوا جب شکست ہوئی ایک شخص کے گھر مین چھپ رہا بعد کئی دن کے صاحبجان نے کہا تم میرے گھر سے چلے جاؤ ایسا نہو کوئی گویندہ سرکار مین خبر کردی مجھی تمھاری محبت سے پھانسی ملیگی یہ سقہ مضطر ہوکر نواب گنج کی سڑک پر جا جاتا تھا اتفاقاً ایک صاحب اکیلا سوار نواب گنج سے آتا تھا اوس سے پوچھا کون ہی کہان جاتا ہی اوسنے کہا لکھنؤ مین میان احمد علی کی سبیل کر بلا پر نوکر تھا فرخ آباد مین میرا بھائی ہے اوسکے دیکھنے کو جاتا ہون کہا تو جھوٹ کہتا ہی تو رانا کا نوکر تھا ہر چند اسنے عذر کیا اوسنے اپنے ساتھ لاکر گورون کے پہرے مین دیا کہا ہم آج کے تیسرے دن تجھے پھانسی دینگے اوسنے کہا میرا قصور کیا ہی کہا تیری قوم مسلمان نے ہماری قوم کے بچونکو بیگناہ مار ڈالا ہے اسنے کہا مین نے تو نہین مارا کہا ہم تمھاری سب قوم کو پھانسی دینگے ایک کو بھی نہ چھوڑینگے اگر تیرے خدا مین کچھ طاقت ہوگی ہماری قید سے چھوڑا لیگا اوسنے کہا بس ہے اب میرا آسرا اور بھروسا یہی ہی غرض اسکی مشکین باندھ کر بگھی کے نیچے درخت کے مٹھا دیا کھانا کھانا پانی کچھ نہ دیا تیسرے دن منہہ نشدت سے برسنے لگا اوسوقت ہوگل کوچ ہوتے گورے سکھ تھے متوجہ تیاری سفر ہوئی اوسوقت سقہ نے منھ اپنا آسمان کیطرف اوٹھایا اوسکے ہاتھ کی رسی ڈھیلی ہوکر گر پڑی یہ بہزار خرابی شیشم کے درخت پر چڑھکر ایک ٹہنے سے لپٹ کر بیٹھ گیا جب گورے اسکے اکر ڈھونڈھنے لگے نہ ملا مایوس ہوکر چلے گئے تھوڑے دیر مین ایک سائیس کسی صاحب کا اوسی درخت کے تھر اپنا سر اوٹھایا اوسے دیکھکر کہنے لگا یہ کوئی بڑی سودائی ہی

یہ کہکر چلا گیا سقہ نے جانا ایسا نہو یہ لشکر مین جاکر خبر کردے اپنے تئین پھیلا کر دوڑتے کرتے اور نواب گنج کو سیدھا بھاگا جھورے کے گھاٹ سے اُترکر اسپار آیا خدا بچا یا جیسا اوس صاحب نے کہا تھا

اسیطرح ایک چپراسی ڈاک انگریزی نقل کرتا ہی کہ جسدن فوج انگریزی داخل کانپور ہوتی تھی مین گوشہ سڑک پر رسوئی تیار کرکے چاہتا تھا کھاؤن کہ دفعتہً ایک صاحب گھوڑا پھیکے میرے پاس آکہنے لگا ہم بہت بھوکا ہے ہمین اپنا کھانا دو مین نے دال روٹی سب اوٹھا دی پانی پیکر مجھسے کہا تاؤ سیم کہان ماری گئین ہمسے کچھ خوف نہ کرو یہ کہکر رونے لگا کہا ہماری سیم بھی ماری گئی ہے مین نے کہا اوسطرف جہان وہ کنوان ہی یہ سنکر صاحب اوسیطرف چلا گیا۔

اولاد نواب معتمد الدولہ

نواب محمد علی خان عرف ننھے نواب کا گھر پہلے فوج باغی نے خوب لوٹا گرفتار کیا۔ چاہتی تھی مار ڈالین بعلت ساز وچھپانے سیم وصاحب کے مگر رانا راؤ نے سردار امیر سمجھکر فوج سے بچایا جب انتظام کانپور ہوا بہزار خرابی بہت سی روپکاری کے بعد چھوٹے اپنی ہمشیرہ سب طرح سب طرح سے ثابت کی وثیقہ بدستور جاری ہوا روانہ عتبات عالیات ہوکر مجاورت اختیار کی بعد کئی برس کے وہین انتقال کیا گھوڑدوڑ کا بڑا شوق تھا ہر سال بمبئی مین آیا کرتے تھے پھر چلے جاتے تھے

نواب دولھا خویش اور بھانجے نواب معتمد الدولہ اس جرم پر دھرے گئے کہ انکے دروازے پر ایک سیم ماری گئی تھی مگر بروقت روپکاری سب اہل بازار نے باتفاق گواہی دی کہ یہ اوسوقت کانپور مین نتھے اور کسیطرح شریک فوج باغی نہین ہوئے غرض جان بچی وثیقہ جاری ہوا

نواب نظام الدولہ سید علیخان اُس ہنگامہ مین لکھنؤ چلے آئے تھے جب کانپور گئے بہزار خرابی بعد کئی برس کے وثیقہ جاری ہوا۔ ایک وجہ اور بھی تھی کہ یہ فرمیشن بھی تھی اس جہت سے اس فرقہ خاص مین طریق حق برادری ایک دوسرے پر بشرط اختیار لازم ہوتا ہے۔

نواب باقر علیخان یہ بھی لکھنو چلے آئے تھے اور سب کے ساتھ جان بچاکر بھاگے تھے بروقت امان لکھنؤ سے گرفتار ہو بسواری اونٹ بہزار ذلت کانپور گئے حاکم عدالت نے بعد روپکاری کے مقید کیا گھر کا اسباب ضبط ہوکر نیلام ہوگیا کئی مہینے تک مقید رہے بہت سی تکلیف اوٹھائی اسی قید مین

انکا بٹیا بھی مرگیا تھے نواب نے چاہا کچھ مین مدد کردن اپنی غیرت سے قبول نہ کیا پھیر دیا اور کسی غریب کے شرمندہ احسان نہوے ایک مہاجن انکا بقدر کفاف یومیہ دیا کرتا تھا۔ امید انشاءاللہ اسی مین اپنی گذران کیا کرتے تھے اور بظاہر صاحب عدالت کے خلاف ہونے سے صورت نجات مشکل معلوم ہوتی تھی آخر احمد علی خان وکیل عدالت اور مینجر صاحب نے ایک صورت نکالی اس عرصہ مین نواب خرد محل نے کربلا سے بجوشش محبت مادری سے ۶ ہزار خرچ کو باب رہائی مین بھیجے بعد کئی مہینے کے ردبکاری کی بحکم صدر کچھ تخفیف زندان ہوئی آخر بے جرمی ثابت ہوئی صاحب عدالت کو بسبب نافہمی مقدمہ الزام ہوا مستحق پانے اپنے وثیقے کے ہوے ایک لاکھ کئی ہزار سب ملے پھر سامان امارت درست ہوگیا خلاصہ پھر مشرف بعتبات عالیات ہوے پھر لکھنؤ آتے اپنے دونون بیٹون کی شادی مرزا حیدر شکوہ شاہزادے کے دونون بیٹیون سے کرکے چلے گئے مزاج مین تمکنت وغرور امارت بہت تھا اور اپنی قابلیت علمی کو سب سے بہتر سمجھتے تھے آخر انتقال کیا دو بیٹے ہین آپسین بہت اتفاق رکھتے ہین ایک صاحب کربلا بھی مشرف ہوآئے صحبت بہت معقول ہے لوگ انکے چلن کی ہر طرح سے تعریف کرتے ہین خلاصہ یہ ہے کہ اس ہنگامہ فساد مین سب برخود غلط ہوگئے تھے تسلط صاحبان عالیشان کا یقین نہ تھا اب جسطرح چاہین بنا کرین

خبر شکست رانا راؤ وغیرہ

آخر ماہ ربیع الاول ۱۲۷۴ھ مطابق ۳۰ - جولائی ۱۸۵۷ء خبر آئی کہ رسالے اور پلٹن کانپور سے بھاگے چلے آتے ہین نانا راؤ نے شکست پائی فوج انگریزی عقب فوج منفرد چلی آتی ہے غالب ہے کہ داخل نواب گنج ہوئی ہو اسکے بیشتر ایک سوار بلیفار کانپور سے چلا آیا سیدھا نواب کے پاس حاضر ہوکر چپکے سے خبر شکست کہی کسیکو یقین نہوا احتمال کذب رہا جب پیچھے اخبار آیا یقین ہوا راجہ جوالا سنگھ نے جناب عالیہ سے عرض کیا غضب ہوا جو فوج تانگہ وغیرہ ناکجات شہر مستعین تھی وہ گورون کی آمد سے مارے ڈر کے بھاگی چلی آتی ہے لیکن جتنی میرے ہمراہی تھی وہ ٹھہر گئی ہین اس صورت مین کیا عجب ہے شام یا صبح کو گورے داخل شہر ہوجائین پس یہ خبر سنتے ہی ایک

تلاطم پڑگیا سبکے دل کانپنے لگے جنرل حسام الدولہ شرف الدولہ کو بلایا مشورہ ہوا لیکن اوقت بدحواسی سے یہ حال تھا کہ کیا کہنا چاہتے تھے منہ سے نکلتا کچھ تھا پھر افسر طلب ہوئے انکے سب سے زیادہ حواس باختہ تھے مگر بظاہر دلجوئی کو کہنے لگے رانا راؤ اور اوسکی فوج نامرد تھی شہر مین نہ آنے پائے ہین کچھ خوف نہین ہم اسی دن کی خوشی منا تے تھے کہ گورے میدان مین ہمارے مقابلے مین آئین جیسا جھپٹ پر مارا ہی اوسیطرح ایک روز مین مارلین گے لوریے بہت تھوڑے ہین لعنت خدا کی فوج جنگی کانپور سے بھاگ آئی نواب اور جناب عالیہ نے فرمایا یہ توسب باتین ہین اب گورے قریب شہر آپہونچے اسکی کیا تدبیر ہے کسیکو اونکے روکنے کو بھیجو خمکھون نے جان چورا کر کہا ہم تو خواہ نخواہ جائینگے مگر یہ نظامت کے لوگ مثل پلٹن نادری اختری بارلو وغیرہ خبر خواہ سرکار ہین انکو بھیجو کہ یہ اپنا کام تو ہمین دکھائین ہماری ہر بات مین برابری کرتے ہین اور مقابلہ اور ۱۲ روپے تنخواہ مانگتے ہین نظامت والون نے کہا کہ تم جیتے رہو تمھارا بہلا نمبر ہے لڑنا تمھارا کام ہے ہمارا کیا جب تم جواب دیدوگے اوسوقت ہم جائینگے ہم اس گھر کے قدیم نمک خوار ہین جان نثار سر فروش ہین غرض اسیطرح کی تکرار کرکے باتین بناتے رہے جاتا کون تھا آخر نصرت جنگ راجہ جوالا سنگھ بجبوری اپنی پلٹن لیکر ناکہ شہر پر گئے اور جابجا باغ حوالی شہر مین لوگ بٹھادیے رات دن رند پھرنے لگی۔ مگر فوج بہادر ایسی غیرت دار تھی اون مین سے ایک بھی نہ گیا کوئی کہتا تھا جنگی جاتین کوئی نظامت۔

ہرکارہ مفصل خبر لایا کہ پلٹن لمبوزن زغل دغل کا شور گلس فداحسین رسالدار دوسرا ترکسوار دنکار نوبچانہ یہ سب قریب شادہ کانپور سے آکر ٹھہرے ہین اور گورے ابھی دریا کے گنگ اسپار نہین آئی ہین اسپر یہ نامرد کہنے لگے بھائیو اگر کل دھاوا کرکے جیلگا رولیلیا اگر نیزونکو مارلیا جان امان سب پھیکا وگرنہ جب اونکی کمک کانپور سے آجائیگی پھر کسی سے کچھ نہو سکیگا افسرون نے جواب دیا ہم حاضر ہین ہمکو کیسطرح اپنی جان عزیز نہین پھر سب نے باتفاق قسم لی۔ مسلمان نے قرآن ہندو نے گنگا برہمن گنگا جل نے آیا مسلمانون نے قرآن اوٹھایا ہندونے گنگا۔

الغرض اوسکی صبحکو دھاوا ہوا ابھی افسر تارے والی کوٹھی مین سب جمع تھے کہ دفعتہ بیلگا رد سے ایک بم کا گولہ آیا کوٹھی کی چھت پر لوٹا افسر کھڑے ہوگئے سر پر پانوں رکھکر بھاگے

اوسوقت تماشائی طعنہ زن ہوے یہ کیسی قسم تھی کہ ہم نہ بھاگینگے معلوم ہوا کل کے دھاوے
پر بھی اسیطرح بھاگو گے دوسرے دن ہر پلٹن و رسالہ اپنی جگہ پر تیار ہوا سید برکات احمد خبر لشکر
باغی مع اپنے رسالے و فوج بیلی گارڈ پر تلے ہوے چلے ہوگل بجتا ہوا تلنگوں نے جاتے
ہی بیلی گارد کو گھیرا ہر طرف سے شاہ جی بھی بڑے سیر سوار ہو کر آتے کہنے لگے یہ دھاوا ناحق
ہوتا ہے جب تک میں نہ کہونگا پیش نہ ہوگا یہ کہکر چلے گئے تلنگے بم مارا دیوکتے ہوے بیلی گارد
پر چلے مگر سوار و توپ خانہ خدا کے فضل سے خاص بازار سے آگے نہ بڑھا کہ دفعتہً توپ دھاوے
کی چلی اور سبھوں سے یہ کہہ رکھا تھا کہ جب توپ چلے سب دفعتہً دھاوا کرین اور سرنگ میں آگ دین
مگر نہ اوڈی اور تلنگے قریب دیوار بیلی گارد جا پہونچے دیوار کھودنے لگے کچھ تلنگے گرد کیطرف
سے کچھ خزانے کیطرف سے آگئے ممو خان کے پاس ہرکارہ خبر لایا دھاوا پیش ہوگیا گوروں
سے سنگینیں چل رہی ہیں خزانے و میگزین پر تلنگوں کا قبضہ ہوگیا سب گورے سمٹ کر اسیر
مرزا ولایتی محل کے بھائی کے مکان میں چھپے ہیں مدد جلد بھیجیے ایک کمپنی بول کی پلٹن کی
اندر ہے اور سب تلنگے بم کے گولوں سے بھاگے چلے آتے ہیں ایک جمعدار اسی پلٹن
کا ممو خان اور شرف الدولہ کو گالیاں دیتا ہوا آیا کہ سب ملے ہوے ہیں ہم کہے جاتے
ہیں وہاں کوئی نہیں جاتا یہاں مسند پر بیٹھے تکیہ لگائے پاد رہے ہیں ہماری کمپنی کے
تلنگے اندر پھنسے ہوے ہیں یہ کہکر روتا تھا معلوم ہوا وہ بھی بھاگ کر آیا تھا اسکا منشا یہ تھا
کہ کچھ روپے اس فریب سے بھیجے اوسوقت میر واجد علی نے بیس روپے اوسے دیے
اور کہا کہ علی محمد خان اور نواب صاحب بھی دھاوا کیوجا دینگے اور مدد بھی جاتی ہی اب تم
بہت لڑ چکے آرام کر رکھاوجا کر یہ سنکر وہ چلا گیا اتنے میں خبر آئی کہ گورون سے تلوار چل رہی
ہے اور صوبہ سنگھ کپتان کے تلنگے اندر ہیں مدد نہیں جاتی بھوکے پیاسے تلنگے لڑ رہے ہیں
نہ باہر نکل سکتے ہیں اور نہ ٹھہر سکتے ہیں اور کہہ رہے ہیں میگزین اور خزانہ ہم مر کر بھی نہ چھوڑینگے
کیکو اسمیں سے حصہ نہ دینگے ہمنے جان دیکر یہ خزانہ لیا ہی بعض کہتے تھے چلو پہلے خزانہ و میگزین لیلو حصہ ملیگا
بعض گالیاں دیتے تھے ہم کیون دین ہم لڑنے کیواسطے ہیں اور ہرکارے دمبدم خبر لاتے تھے
سب گورے مارے گئے تھوڑے سے رہ گئے ہیں وہ ادھر سے گولیاں برسا رہے ہیں ممو خان

خوشی خوشی سے حضرت محل کو خبر دے رہے تھے کہ آج شام تک بیلی گارد خالی ہوا جاتا ہی وگرنہ پہر رات تک تو کچھ فرق نہین جنابعالیہ کو تمام رات نیند نہ آئی اور رنج بھی رہا کہ ہمارے تلنگے اندر پھنسے ہوے ہین دیکھیے کیونکر نکلتے ہین صبحکو میر واجد علی نے اپنے مخبر کو بھیجکر مفصل خبر منگوائی کہ کوئی تلنگا اندر ہے اور نہ کوئی خزانہ تک گیا ہے فقط دیوار خزانہ تک جا پہونچے ہین میر صاحب نے یہ خبر جنابعالیہ سے کہی اونھین بہت تعجب ہوا کہ یہ کیا ماجرا ہے سب جھوٹ و فریب ہے بعد اس تحقیقات کے تلنگون کا اندر جانا بالکل غلط ٹھہرا زخمیون کا پرچہ آیا ۲۲۰ مارے گئے - ۱۵۰ چھپگئین ۱۰۵ اسیر رہے ہین بس اس دھاوے سے تلنگے ایسے بدحواس ہوے جی سے چھوٹ گئے اور کہتے پھرتے تھے جب تک جنرل صاحب مموخان نہ جانینگے ہم اکیلے دھاوا نہ کرینگے ہمین کنوائے دیتے ہین آپ گھر مین چین کر رہے ہین

ایک شخص یہ خبر لایا کہ پلٹن لمبٹون دُفل ہوٹ وغیرہ آمد کانپور کہتی ہے کہ اگر سرکار ہمین طلب فرمائے اور دھاوے پر بھیجے دیکھیے ہم کیا کام کرتے ہین جیقدر شرمندگی سے دھوکا کانپور مین اوٹھایا ہے وہ سب مٹ جائیگا ایک دم مین انگریزونکو قتل کرینگے بیلی گارد لیلیین کے اوسوقت سرکار ہمکو تنخواہ دے یہ بات سنکر جو فوج بیلی گارد سے بھاگی آتی تھی اوسکے کان کھڑے ہوے جنابعالیہ سے آکر عرض کیا ہم سنتے ہین جتنی فوج کانپور سے بھاگ آئی ہی آپنے بلوایا ہے اوسمین دغا ہی کسواسطے ہمنے سنا ہے کہ انگریز نے اونمین اپنی فوج ملا دی ہے کہ تم پہلے بھاگنا فوج از خود بھاگ جائیگی جب وقت پاکر ریاست پر قبضہ کرلینا ایسا نہو وہ پلٹنین انگریز شریک ہون ہم اونھین شہر مین نہ آنے دینگے ہم سبکو مار ڈالینگے اور اگر وہ صاف ہون پہلے ہمسے قسم اقسام کرلین ہمارے پاس آوین یہ بات سنکر سب کے کان کھڑے ہوے جنابعالیہ کو اسقدر اندیشہ و خلجان ہوا کہ مرزا برجیسقدر کا باہر کا نکلنا موقوف کردیا غرض قاسم خان رسالدار ۱۵ ارسے کا اونکے پاس گیا کہا اگر تم صاف ہو پہلے افسرون کے پاس چلو بعد قسم کے شریک حال ہو چنانچہ وہ سب ہوکر تارے والی کوٹھی مین آئے قرآن گنگا اوٹھی کہ ہم بدل وجان تمھارے شریک ہین انگریز سے ہرگز ساز نہین رکھتے پھر وہان سے حضرت باغ مین چاندی والی بارہ دری مین اکر تنخواہ کا کوشش ہوا کہ ہم ۷ روپے تنخواہ تھین دینگے افسران آمد کانپور نے کہا ہم ۱۲ لینگے افسران لکھنؤ نے کہا ہمنے

مسند نشین کیا ہی اسوجہ سے ۱۲ لیتے ہین تمنے ابھی کام نہین کیا اونھون نے کہا ابھی ہم کچھ نہ لینگے بعد فتح کے ۱۲ لینگے اور اگر ہمین نوکر نہ رکھوگے ہم دفعۃً شہر لوٹ لینگے بعد اوسکے اونکا پڑاؤ حسین آباد شیش محل دولتخانہ کوٹھی کلان مین ہوا

نانا راؤ کے وکیل کا مع خط آنا

نانا راؤ کا وکیل آیا ایک خط اس مضمون کا لایا اگر اجازت ہو ہم تمھارے شہر مین آوین جنابعالیہ نے اجازت دی راجہ جے لال سنگھ کلکٹر کو حکم ہوا کہ ۱۲ اونٹ ۲۹ چھکڑے ۱۰ گاڑیان بیس کہیں ہاتھی لیکر فتحپور چوراسی کو جاؤ نانا راؤ جیا سنگھ چوہڑی کی گڑھی سے عین شدت بارش مین معہ عیال شہر کو چلے نصرت جنگ دھوسی وارد دہاتھی ہوئے نقرہ دوشتر سوار سے پیشوائی کو گئے اور بحکم جناب عالیہ دولتخانہ شیش محل مین اوتارا اوسے آراستہ کردیا تھا اور اشطربنجی دس چاندنی دس پلنگ گئی کرسیان شیشہ آلات وغیرہ بقدر ضرورت مع تصویرات بھیجدیا ہ۔ تاریخ شہر ذیحجہ ۱۲۷۴ھ نانا راؤ داخل شہر ہوئے ۱۱ ضرب توپ سلامی ہوئی حسب الحکم میر واجد علی خیر و عافیت مزاج کو گئے دوشالہ رومال خلعت پایا اور کہا ہماری ۲۱ ضرب کی سلامی ہوتی مضایقہ نہ تھا اگر نہ کچھ احتیاج سلامی کی نہ تھی اونھون نے کہا ۲۱ ضرب کی سلامی فقط بادشاہ کیواسطے معمول ہی یہ کیونکر ہوسکتا خلاصہ اسیوجہ سے سلامی موقوف رہی جنابعالیہ نے پھر خلعت تجویز کیا خلعت خانے سے نکلا۔ ۲۵ ہزار روپے دعوت کے اور خلعت اس تفصیل سے قباے زرین شمشیر و سپر مالۂ مروارید دھکدھگی مرصع الماس کنٹھ مروارید نورتن مرصع دستبند مروارید دوشالہ رومال پرتمن زرین کار لبادہ کمربند شال اسپ مع ساز و زین نقرہ ہاتھی ہودج نقرہ اس سب کو پہلے جنابعالیہ نے دیکھ لیا۔

خبر آمد فوج انگریزی کانپور سے

اس عرصہ مین ہرکارہ متعینہ گھاٹ کانپور خبر لایا کہ گورے اگبوٹ مین سوار اس پار دریا کے آئے گھاٹ اپنی فوج کے اترنیکا دیکھکر چلے گئے تدبیر فوج کے اوتارنے مین ہین یہ خبر

سنتے ہی محلات اور فوج باغی مین ایک تہلکہ عظیم پڑگیا جرنل حسام الدولہ کو حکم ہوا کہ تم فوج لیکر گھاٹ پر سدراہ کو جاؤ جرنل بہادر ہر افسر فوج سے کہتے تھے ایک دوسرے پر ٹالتا تھا غرض اسی حیلہ وغفلت مین دن گذرے آخر بہزار خرابی دو توپ خانہ چار پلٹن چلنے پر مستعد ہوئی وہ بھی چلنے مین آج کل کرتی تھی اس عرصہ مین محمد مرزا کمیدان کا تھانہ بشیر گنج مین تھا خبر آئی کہ فوج انگریزی چھ کنار دریا درست کرکے پل باندھکر اُس پار اُترا چاہتی ہے اوسکے روکنے کو جلد فوج جاے تو بہتر ہے چنانچہ خبرل بہادر خود تشریف فرما ہوے مگر نواب حراز الدولہ انسٹمنٹ وکمنڈنگ فوج تھے بجاے اپنے روانہ کیا ہرچند وہ کچھ علیل بھی تھے اور اس سفر مین خیمہ سے باہر نہین نکلے فقط اپنے بھائی کے کہنے سنے سے گئے۔ میر فواحسین کپتان اور اونکے بھائی میر محمد حسین کلکٹر عبدالہادیخان قندھاری رفیق خاص نواب اپنے جوش جہاد ایمانی سے سب سے تیز وتند وجیت ہوکر گئے اتفاقاً ایک دن گھاٹ پر بارش شدت سے ہوئی۔ سپاہ بیسروسامان خوب ابتر ہوئی اُدھر فوج انگریزی نے فرصت پاکر چھ بخوبی باندھلی ادھر سے پہلے ایک بڑی توپ لگائی تھی اوسکے گولے سے چھ نہ بندھ سکتی تھی اور شرف الدولہ اور غلام رضا خان کو حکم رسد رسانی کا ہوا۔ پھر بعد حکم ممو خان امراد مرزا مقرر ہوے

پھر پرچہ اخبار لڑائی کا آیا کہ گھاٹ پر ایک ساعت تک خوب لڑائی ہوئی جب مینھہ شدت سے برسنے لگا فوج پسپا ہوئی مگر اسپر بھی گرتی پڑتی لڑتی ہوئی دہی کی چوکی پر دو کوس گھاٹ سے ہٹتی چلی آئی ایک باغ مین آڑ پکڑکر خوب لڑی پھر مینھہ اس شدت سے برسنے لگا کہ فوج مین کچھ حال نرہا جابجا متفرق ہوگئی اسمین گوری بہت ماری گئے دھاوا کرکے مگر وارہ گانون مین پہونچے پھر اولٹے گھاٹ کو چلے گئے۔

فوج باغی کے جب پانون نہ ٹھہر سکے فوج سب طرف بھاگی جسقدر رہ گئی مع افسر بشیر گنج مین ٹھہری اور جابجا باغات مین اپنا پڑاؤ کیا جراز الدولہ اپنے خیمے مین اُترے جانتے تھے کہ مین بنام اُنکے ساتھ آیا ہون اب لڑائی کا اُنکا کام ہی جائین چاہین نجاہین دوسرے دن ایک گوندے نی فوج سے کہا کہ فوج انگریزی ابھی بڑی دور پڑی ہوئی ہے تم جب تک یہ فراغت اپنی روٹی کیون نہین کرلیتے یہ سب اوسکے فریب مین آکر اور غنیمت سمجھکر نہانے روٹی پکانے لگے اور باطمینان

روئی کر رہے تھے کہ دفعتہً سامنے سے فوج انگریزی نمود ہوئی - آگے پیشیر دکنی سوموبشی رکھے آن پہونچی زیر چھترہ توپ سبکو رکھ لیا افسران جنگ نادیدہ وغیرہ متنظم نے سامنا سڑک کا چھوڑکر کلوپنکو سڑک کے دہنے بائین کھینچا - اس خیال سے کہ ہم دونون طرفسے اونپر مارکرینگے وہان دونون طرفسے پانی سے دلدل ہوگئی تھی پہیے توپون کے جاکر پھنس گئے اور پھنگئین اس عرصہ مین گورے سپر آپہونچے یہ سب سر پر پانون رکھکر بھاگے انسے پہلے سوارون کے پانون اوٹھہ گئے اور چوپڑکے اصطبل مین آکر دم لیا تھوڑی سی فوج انسے ہٹکر کچھ فاصلہ پر آمادۂ کارزار ہوئی جب انلوگونکا یہ حال دیکھا یہ بھی سب ملکر بھاگے نواب جراز الدولہ نے جب یہ حال دیکھا پنس مین سوار ہوا دل دولتسرا ہوے تھوڑی سی فوج خبگی اپنی چال سے دم لیتی ہوئی لکھنؤ پہونچی عبدالہادی خان کے ساتھی جو زیادہ کامل الایمان تھے اپنی حرارت جہاد ایمانی سے سیدھے دلی کو گئے اور یہ خود حاضر حضور نواب ہوے فرمایا خان صاحب تم بھی بھاگے جہاد راہ خدا سے منھ پھیرا چودھری میر منصب علی مع اپنے جان نثارون کے پھر آئے -

زمینداروں کی گمات سب سے پہلے پہونچی لشکر مجاہدین مین آنا جونی انتظام رسد کیلئے چار مکے سیر بھی میسر نہوا انگریز محمد حسین کلکٹر خان علی دس ہزار سپاہ سے نواب گنج مین رہ گئے -

فوج انگریزی نے اونام اجگین مکروارہ اور گانون جو قریب سڑک تھے خوب لوٹا اور قتل و قمع کیا ہرچند غریب رعیت بی جرم سمجھکر ہر گانون مین کچھ رہگئی تھی باقی سب طرف بھاگ گئی تھی جب یہ صورت ہوئی افسرون نے کہا جلد تدبیر اسکی کیا چاہیے وگرنہ شہر ایکدم مین آکر لے لینگے پھر سب منھ دیکھتے رہجائینگے اسکے سننے سے سب بدحواس ہوے دم بخود رہ گئے میر واجد علی نے اونسے کہا تم عجب بات کہتے ہو جسکا جواب دنیا ضرور ہوتا ہے ہم کیا خاک تدبیر کرینگے کسواسطے تم سب جنگی ہو لڑنا لڑانا تمھارا کام ہے اسکی تدبیر تم کرسکتے ہو ہمنے مدت عمر کبھی ہتیار نہین باندھا نہ لڑائی دیکھی اب تم خواہ بھاگو یا لڑو یہ سب عزت تمھارے ساتھ ہے داروغہ نے کہا تم کپتان ہو پانسو پاتے ہو اپنے جنرل فوج کو ساتھ لو یا خود جاؤ لڑو اگر ہم جاوین تمکو کسواسطے نوکر رکھا ہے جسکا جو کام ہے وہی خوب کرتا ہے اسے سنکر افسر بہت بگڑے کلمات بیہودہ اہلکارون کو سنانے لگے -

بعد اسکے خبر آئی کہ گورے نواب گنج تک آکر پھر کانپور کیطرف چلے گئے مگر اوسے مین ٹھہرے ہین وہان دھس بناتے ہین جب وہ بن چکیگا پھر کچھ نہو سکے گا کسواسطے کہ پہلے سے سخت تھا اب اور بھی سخت و دشوار ہوجاویگا حکم ہوا فوج جاوے وہ دھس بنانے نپاوین - الغرض پلٹن اختری نادری صوبہ سنگھ خان علیخان نواب جرار الدولہ تونچانہ میگزین اور سب پلٹن نجیب لیکر روانہ ہوئے شہر سے عالم باغ تک ایک میلہ فوج کا ہوگیا تھا کہ ناگاہ ادھر سے تلنگے ہزاروں شتر قطار اور نجیب شتر بے مہار بھاگے چلے آتے ہین جب عالم باغ مین آکر ٹھہرے ممو خان نے ایک شتر سوار گوردن کی خبر کو بھیجا کہ دیکھو کہان تک آتے اور یہ فوج کہان تک جا پہونچی اگر راہ مین ہو کہنا جلد بشیر گنج پہونچاو سنے عالم باغ مین افسرونکو حکم پہونچایا کہ ابھی یہان سے روانہ ہوجاؤ جواب دیا ہم سب بھوکے ہین جب تک ہمارے پیٹ کی خبر نہ لیجائیگی ہم مرنے نجائینگے ممو خان یا بیگم صاحبہ خود جائین -

بعد اسکے ممو خان کو معلوم ہوا کہ احمد اللہ شاہ فقیر نے فوج سے کہلا بھیجا ہے تم ہمارے نوکر ہو اور بیگم کے حکم سے لڑنے جاتے ہو اگر بیگم حکم لڑنے کا دبتی ہین تنخواہ بھی وہی دینگی اوسوقت ممو خان نے لاچار ہوکر ۲۰ ہزار روپے عالم باغ مین بھیجے میر محمد حسین کلکٹر نے علی الحساب سبکو بھیٹھ تقسیم کردیا دوسرے دن حکم بھیجا کہ فوج جلد بشیر گنج سے روانہ ہو یہان سے بھی فوج تازہ دم ہوکر جائیگی - چنانچہ بعد ۸ دن کے روز چارشنبہ پھر لڑائی ہوئی توپین چھٹ گئین گورے مکر دارکو پھر گئے الغرض اسی طرح لڑائی ہوتی رہی کہ بھاگتے تھے کبھی کچھ لڑتے بھی تھے مگر صوبہ سنگھ کی پلٹن البتہ خوب لڑی اور اس معرکے مین ہزار سے زیادہ مارے گئے -

یہ خبر آئی کہ فوج بہادر ادھر بھاگی اودھ گورے کانپور چلے گئے اس جہت سے کہ ایک راجہ کیطرف سے اتفاقاً آپڑا گورے تھوڑے تھے بھاگ کر چلے گئے یہ خبر سنتے ہی فوج بہادر نیوا لوگون کے پیچھے بھاگنے والون کے آگے مکر دارے کو گئی اسباب جو گورے چھوڑ کر چلے گئے تھے لوٹا دھس کی لکڑی توڑ کر دہی کی چوکی کی طرف یہ کہتے چلے کہ یہ اقبال شاہ دلی اور برجیس قدر ہے کہ گورے از خود کانپور بھاگ گئے بعض کہتے تھے ہمارا اقبال ہے ہمنے اونکو ہٹا دیا بعض کہتے تھے بھیا چلو چلو گورونکو مار کر کانپور سے نکالدو بعض کہتے تھے بھاگے کا پیچھا نہ کرو ایسا نہو کہین وہ چھپے ہون اوٹھکر مارلین غرض وہانسے پھر آگے

کسی کی جرأت نہ پڑی باجے بجاتے مع اون چھ توپ کے جھینگن گورے توڑ کر چھوڑ گئے تھے شہر مین لاف وگزاف بکتے ہوے لائے یہ معرکہ آخر جولائی ۱۸۵۷ع مین ہوا جب بدمعاش اپنے زعم باطل مین بشیر گنج کی لڑائی فتح کرکے آئے پہلے بیلی گارد کے دھاوے کا ارادہ کیا وہی صورت اول پیش آئی چنانچہ مورچہ اسمعیل گنج پر چھ توپ بہت بڑی قریب مسجد پہلوان خان حجام واقع ملاہی ٹولہ تلنگون نے دھس جھانکی باندھکر لگائی اوسکا لقمہ دگولہ بڑا تھا اور مشہور تھا کہ اسی توپ سے بیلی گارد مین بہت حیران وپریشان ہوے یا رہے ہین اوسکا مورچہ بسبب ہونے سیاہ راجہ وزمیندار وغیرہ رنجیون کی جہت سے بہت سخت ہوگیا تھا امجد علی خان بلوچ نے اپنا پڑاؤ میر حسو کے مکان مین کیا تھا اور خبرگیری تمام اپنے مورچہ ہای قریب کی ہردم لیتا تھا نواب علیخان کی گمار کا پڑاؤ لطف علی داروغہ کے مکان مین تھا اونسے تاکید ستعدی وغیرہ بہت پیدا کرتے تھے اور اسی مورچے پر ہمیشہ سپاہی قریب پانسو کے ہر وقت صبح وشام حاضر رہتے تھے اور سبکو یقین تھا کہ یہ مورچہ گوردن کے آنے پر چھوٹیگا ایک دن دس گورے دو صاحب بیلی گارد سے نکلے توپ پر چلے آتے یہ سب کے سب بھاگے کچھ بدحواس ہوکر دریا مین ڈوبے کچھ قریب کے مکانون مین ہتھیار چھوڑ کر چھپ رہے چنانچہ دس آدمی داروغہ مذکور کے مکان مین چھپے تھے کام آئے پھر کسینے ہتھیار نہ پکڑا گورون نے توپ کو توڑ ڈالا تیس گولہ انداز مارے گئے امجد علیخان ساکن سندیلے نے بالپور نخید کے مکان سے آڑ مین گولیان مارین گورے زخمی ہوکر گر پڑے باقی گورے چلے گئے ایک گورے کی لاش مع ٹوپی پڑی رہگئی تھی اوسکا سر امجد علی خان نے کاٹ کر فوراً آکر نواب سے کہا کہ سب بھاگ گئے مگر غلام نے چار رفیقون سے جاکر مقابلہ کیا تلوار چلی حضور کے اقبال سے وہ سب بھاگے یہ سر انگریز کا ہی نواب نے انکی ستعدی وبہادری پر تعریف کی بعد اسکے امجد علیخان نے سرکار سے اپنے نوکردن کو ہتھیار دلوائے اوسی دن شہر مین مچل ہوگیا کہ سب گورے بیلی گارد سے نکل پڑے مجھمہ توپ کو توڑ ڈالا ایک گردہ توپ کا اوٹھا کر لے گئے اب ارادہ قیصر باغ مین آنے کا ہی بس یہ سنتے ہی قیصر باغ مین بھاگڑ پڑی غول کے غول تلنگو نکے اپنا اسباب باندھ بھاگنی لگی جنابعالیہ نے حکم دیا پھاٹک قیصر باغ کے سب بند کردو جب اہین بند ہوئین صاحبات محل سرا کھولکر دعا مانگنی لگین غرض کوئی

بھاگتا تھا کوئی روتا کوئی دعا مانگ رہا تھا کوئی نامرد دل تلوار تول کر بکتا تھا کہ اگر یہاں گورے آئینگے ہم بھی دل کھول کر تلوار کرینگے یہ سب زبانی چنخرچ کر رہے تھے امجد علی خان کو تین ٹپالن نجیب ملین خلاصہ اسیطرح کی لڑائی ہوا کرتی تھی سرنگ بھی اوڑائی جاتی تھی کبھی اودھر سے بھی کبھی مہینہ تک یہی سوانگ رہا پچ ہے لڑنے سے لڑانا مشکل ہے جہان یہ فوج منتظم برسون تعلیم پائی یون غیر منتظم ہو جاے پھر وہانکی حالت کیا کہی جاتی اسی فوج سے تو صاحبان عالیشان نے قسلط تمام ہندوستان مین کیا بلکہ یہی فوج سوا ے ہندوستان کے لڑائی مصر وغیرہ پر بھی گئی تھی دوسرے سب نے ایمان سے ہاتھ اوٹھایا تھا ظلم شدید پر کمر باندھی تھی سب نے ست چھوڑ دی تھی دلی وہ صورت اول باقی نہ رہی تھی ۔

ایکدن تانگون نے محمد خان سے کہا ہمسے اور انگریز سے سرنگ مین خوب باتین ہوئین اسطرح سے ہم سرنگ مین جاتے تھے اوسطرح سے وہ سرنگ لاتے تھے یہانتک کہ ہماری اونکی سرنگ برابر ٹوٹی اونمین ایک دھماکا تھا ہمنے کئی نبدوقین مارین اوسنے نہ لگین اوسنے کہا اے نمک حرامون ہمنے تمکو مثل فرزندون کے پرورش کیا بہت سا روپیہ صرف کیا برسون قواعد سکھائی غرت دی آدمی بنایا تم قاتل ہماری بیم اور بچے سکے ہو ہمنے تمھاری کیا خطا کی تھی مینے جواب دیا بی الحقیقت تم سچ کہتے ہو مگر از راہ انصاف غور کرو کہ ہمنے سرکار کمپنی کے ساتھ جان دی تمام ہندوستانمین جس سے مقابلہ ہوا جو تمنے کہا دیسا ہی کیا صدہا ملک فتح کیے کبھی کچھ غدر نہین کیا اب تم اپنے قول سے پھرے ایمان لینے کے دپے ہوے جبری کے کار کوس ماری خرابی ایمان کی منگوائی ہمپر جبر کیا جب ہمنے یہ صورت دیکھی دستو بیمجبوری ایمان کے واسطے لڑے پس خطا ہماری یا تمھاری ہے اسیطرح گفتگو ہی آخر پانچ چار سے سرنگ کھودنیکو وہ صاحب لیکر چلا گیا ۔

ایکدن ایک شتر سوار پروانہ شاہ دہلی در جواب عرضی مخدوم بخش کپتان لایا اس مضمون سے عرضی تمھاری مشعر قتل کفار فرنگ ملاحظہ اقدس مین گذری مابدولت واقبال بہت شاد ہوے لکھنو کو صاف کر کے کر کے فوراً الہ آباد کو روانہ ہونا توقف نہ کرنا کافرون کے قریب مین نہ آنا یہ سنکر سب توپخانون مین حکم ہوا کہ آج شقہ شاہی آیا ہے ۲۱-۲۱ ضرب توپ سلامی کی چلی یہان تک کہ توپخانہ برجیسے بھی سلامی چلی فوج مین جشن ہر جیمے مین ہو رہا تھا باجے انگریزی بجاتے تھے آپسمین گلے ملتے تھے کہتے تھے فیصلہ سبلی گارد کر کے سیدھے الہ آباد چلے چلو واہ ۔ تو کار زمین را نکو ساختی ؛

یہ باتین تھین کہ پھر خبر آئی گورون نے دوبارہ گنگا کا پل باندھا اگنبوٹ پر سوار اسپار آتے جاتے ہین اور اسپار گورون کا بکٹ کھڑا ہوا ہے راہ گیرون سے مزاحمت کرتے ہین کوئی آنے جانے نہین پاتا توپ اس پار ہماری چھاؤنی مین لگی ہے اوسکا گولہ اوسپار نہین جاسکتا اور جوکمنا مہ نبام کاشی پرشاد عامل ہنڈیہ کے گیا کہ تم جلد جلد وہان پہونچو اور پل باندھنے ندو فوج مقابل مین رکھو وہ ابھی تک نہین آئے بظاہر حیلہ کرتے ہین اس پار فوج کم ہے گورے جب آئینگے مقابلہ نہ کرسکینگے جلد اور فوج روانہ ہو وگرنہ جب گورے ترآئینگے پھر کچھ نہ ہوسکے گا۔

اسبات کا کئی دن کورٹ رہا کوئی کہتا تھا وہ پلٹن جاوے کوئی یہ کہہ رہا تھا اتنے مین پھر خبر آئی کہ بندحسن نامی ساکن موضع عبور علاقہ دہرہرہ کا وکیل بنکر کئی انگریز اور میم اور ایک منشی بطریق تحفہ پکڑلایا ہے اس تفصیل سے ۱۶۔ نومبر ۱۸۵۸ء کپتان پاٹرک آرا دراد نکی میم اور بیٹی مسمی جکسن صاحب مرمونٹ اشارٹ جکسن صوفیہ بیٹی کرسٹن صاحب کمشنر خیرآباد لفٹنٹ جی جی مرجنٹ میجر ای مارٹن وغیرہ ۸۔ آدمی تھے کوئی کہتا راجہ نے خود نہین پکڑا تابعین پکڑلائے ہین اور راجہ ہرپرشاد ناظم نے پکڑکر بھیجدیا ہے اور اپنے بھائی کو ساتھ کردیا ہے بعد کے دریافت ہوا کہ یہ سچ امر ہے جانتی پرشاد اوسکا بھائی پکڑلایا ہے اور وکیل راجہ بہ مجبوری اونکے ساتھ ہے۔

جب محرم ۱۲۷۵ھ مین کئی ڈویلیان بہل میانون مین ۸۔ انگریز مذکور دردولت پر آئے تلنگون نے ہجوم کیا کوئی کہتا تھا ابھی مارڈالو کوئی کہتا تھا یہان کیون لائے وہین مارڈالا ہوتا معلوم ہوا یہ راجہ دھرہرہ انگریز سے ملا ہے غرض معلوم ہوا کہ ایک صاحب آدلی کا رہنے والا کوٹھی شکر کی رکھتا تھا ایک گورہ چارکرسٹان ایک میم ایک مس جکسن چیف کمشنر لکھنؤ کی بھتیجی ہے ان سبکو میر واجد علی دارغہ نے ایک مکان مین اوتارا پہرہ چوکی مقرر کیا پھر کورٹ ہوا میر امداد حسین کپتان میر فدا حسین کا بھائی رگھناتھ سنگھ امراؤ سنگھ کپتان بارلو صاحب نواب ممدوفان میر واجد علی ایک جانب تھے۔ نواب شہنشاہ محل نواب خرد محل فراز راہ فراست و عاقبت اندیشی فرمایا عجیب ماجرا ہی کہ واجد علیشاہ مع اہل وعیال کلکتہ مین قید اور صاحبان عالیشان اونھین عزت و توقیر سے رکھتی ہین تم ان اسیرون کے مارڈالنے کا ارادہ رکھتے ہو اور بدلت قید رکھا ہے بس تم خود قتل واجد علیشاہ چاہتے ہو نواب نے کہا بہتر ہے بالفعل قتل نہ کرو باعزت و آرام رکھو اسے سب افسرون نے بھی قبول کیا اور

حکم دیا مکان عمدہ مین لیجاؤ اور پالنوں کی بیڑیان کٹوادو۔
غرض داروغہ میر واجد علی نے نگینہ والی کوٹھی تجویز کی مرزا حسین علی داروغہ چاہی خانہ کو بلوایا سامان چاے پانی وغیرہ منگوایا اور سب اسباب ضروری انگریزی رکھوادیا تلنگون نے اپنا پہرہ نہ اوٹھایا ہر چند داروغہ اس تدبیر و فکر مین رہا کہ انکا پہرہ اوٹھ جاے یا قایم رہے اسکی بدلی نہوا وہین کچھ دیکر موافق کرلیا چاہا مگر یہ تدبیر نہ بن پڑی تلنگون نے نہ مانا۔
پھر غل ہوا کہ فوج انگریزی نے پل باندھ لیا اترا چاہتی ہی فوج جلد روانہ ہو چنانچہ پلٹن اخیری نادی دُغل گاسُر وغیرہ جو کانپور سے بھاگ آئی تھی اور گھاٹ زمیندار پلٹن بھر مار وغیرہ میر محمد حسین خان علی خان کے ساتھ روانہ ہوئی قریب کنار گنگ ایک لڑائی بھی ہوئی آخر ساری فوج وہانسے بھاگ کر نبی مین آکر تھوڑی سی عالم باغ مین ملی آئی اس خبر سے شہر مین تہلکہ بڑا منادی کی گئی کہ سب رعایا عیسائی کیجائیگی چاہیے کہ سب لوگ عالم باغ مین جمع ہون کافرون کو مارین کسواسطے کہ یہ معرکہ دینی ہے مگر شکر خدا کا کہ اہل شہر سے کوئی نہ گیا مگر افسوس مقام تحیر ہے کہ بعد تسلط سرکار ظالم و مظلوم ایک گھاٹ اترے۔
ایک اور اشتہار دیا گیا کہ سب خاص و عام بگوش ہوش سنین کہ ان کافرون نے جب دلی کو فتح کیا وہان کسیکو جیتا نچھوڑا میرٹھ۔ دلی۔ کانپور وغیرہ مین انکے بچے بیم مارے گئے اسیطرح تمھارے بھی بال بچے مار ڈالے جائینگے پس یہ مقام غیرت ہے کہ اپنی آنکھون کے سامنے عورات بچے ماریجائین ذلیل ہون اے بہادر دیہ گورے پالنو سے زیادہ نہین اگر انھین مارلو پھر تمام عملدار سے رسیو ۱۲۴ اشتہار جابجا شہر مین لگا دیگئے اور پلٹن لول ڈلن بمبر مع توپخانہ روانہ ہوئی۔
جب گورے قریب نواب گنج آپہونچے شدت بارش مین اور ۱۲ بجان جنگلی کی نجیبونکی ۱۲-۱۳-۴- رسالہ روانہ ہوا اور اوسی شدت بارش مین ممو خان جرنل حسام الدولہ یوسف خان ایک گاری پر سوار مع پانسو سوار اردلی فوج کی دیکھنے کو بسمت عالم باغ مین جاکر ٹھہرے ممو خان نے میر واجد علی سے کہا تم بھی چلو اونھون نے کہا مجھے تلنگون کی کالبان سبنا منظور نہین اگر لڑنیکو چلتے ہو چلو مین بھی چلتا ہون اور اگر بھاگنے کو جاتے ہو مین نہین جاتا ممو خان نے کہا مین فوج کا جائزہ لینے کو جاتا ہون آخر وہی ہوا کہ تلنگے جرنل و ممو خان کو ہنرارون گالیان دیتے جاتے تھے یہ انسے چھپکر مسجد مین جا بیٹھے تھے۔

اتنے مین قریب بنی کے توپ انگریزی چلی تلنگے جو ادھر سے گالیان دیتے جاتے تھے وہ بھاگے
ممو خان ادھین گالیان دیکر غیرت دلاتے تھے اوسوقت تلنگے چپکے سر جھکائے چلے جاتے تھے
جب یہ صورت ہوئی ممو خان اور جرنل صاحب اپنے گھر آئے فوج انگریزی نے قریب بنی مقام کیا
اور اس فوج نے بھاگ کر عالم باغ مین پڑاؤ کیا۔
اس خبر سے شہر مین قیامت برپا ہوگئی رعایا مایوس ہوگر بھاگنی لگی تلنگے سب سے پہلے بھاگنے پر مستعد ہوئے جانباز
نے رانکو افسر تلنگو بلایا پھر کورٹ ہوا صبحکو ڈنکا شاہ فقیر ۱۲ رسالے نجیب زمیندار وغیرہ سب مع فوج انگریزی
کو چلے جب پہونچے لڑائی ہونے لگی طرفین سے توپ چلتی تھی صبح سے پہر دن چڑھے تک برابر کا مقابلہ
رہا۔ جب شاہ جی اور ۱۲ رسالے نے دھاوا کیا کئی کرانچیان ایکجا کھڑی تھین اونپر سوار جا پڑے
گر کر انچیون کے جو لوگ تھے بھاگے سوارون نے لوٹ شروع کی۔ کرانچیان کھولنے لگے کئی
گورے آڑ مین کھڑے تھے گولیان مارنے لگے دو تین سوار گرے سب کے پانون اوٹھ گئے
شاہ جی ایک نالہ پر کھڑے تھے اوسمین گر پڑے سوار بھاگ کر عالم باغ مین آئے گوروں نے پیچھا کیا مگر
زمیندار اور تلنگون نے روکا بول کے تلنگے خوب لڑے تقریبًا پانچسو تلنگے سوار مارے گئے مگر مورچہ قایم رہا۔

قتل اسیران عیسائی و ممود خان کوتوال وغیرہ

قبل از روانگی فوج باغی جب عالم باغ کو جانے لگی اوسی دن در دولت پر قربانی ۲۵ یا
۲۷ اسیر دن کی ہوئی جمین کئی میم اور صاحب اور ممود خان کوتوال وغیرہ تھے ان سب کو
رسی سے باندھ جلوخانے مین لائے پہلے ایک باڑھ ماری اوسکے بعد زمین مع بدن رنگ گیا
ایک شخص کہتا ہے اونمین ایک میم دلایتی عجب صاحب حیا تھی کہ جب اوسکے سلے کا دامن
ہوا سے اوڑتا تھا جھک کر اپنی ساق پا کو ڈھانک لیتی تھی از انجملہ اس گلہ قربانی مین ایک
سیٹھ بھی اسیر دام بلا ہو کر آئی تھی اوسکی گولیان مارین ایک نہ لگی سب اوچٹ گئین ہر چند اوسنے
داد بیداد کی کہ مین سیدہ ہون اور بیگناہ قتل نہ کر ایک زندہ تلوارین مار کر گرا دیا درجہ شہادت پہونچی
قربانی متعدین دربار افسوس ادھر تمی فوج مین دس بھی سیہ تھے جو گولیان اثر نکرین اور سبکو قتل کر تے

محمود خان کوتوال کو ۲۵ محرم ۱۲۷۴ھ مطابق ۲ ستمبر کنول ہار سے مع اونکے ہمراہی میرنادر حسین صاحب روند جاکر پکڑ لائی ہاتھی پر سوار سر چوک تشہیر کرتے در دولت پر لائی وہ بھی شریک انھین اسیرون کے تھی اور یہ ایک بھجان کے گھر جاکر چھپے تھے دو بھائی تھی ایک ذی بطبع زر دنیا سرکار مین خبر کی محمود خان تو متعصب مذہب تھا شہر کے شیعون کا دشمن جانی تھا اور اپنی حکومت مستعار مین بہت سی ذلتین دی تھین اور بے فحش منھ سے کوئی بات نہ کرتا تھا اپنی حکومت پر نازان تھا اور بہت سا مال دنیا شہر سے ہر طرح لوٹا تھا مگر اس روز بد کی خبر نہ تھی انکا حال بہت چھپ چکا ہے انکا انتظام اسی دنیا مین ہو جاتا ہے۔

محاربہ عالم باغ و داخلہ فوج انگریزی شہر مین و مکانات شاہی وغیرہ مین

غرض ۲ تاریخ شہر صفر روز چارشنبہ ۱۲۷۴ھ مطابق ۲۲ ستمبر ۱۸۵۷ء بعد دو ساعت زوال شمسی سے جنرل اوٹرم صاحب جنرل ہوے لاک صاحب جنرل نیل صاحب بہادر سے پارہ ہوے کے میدان مین فوج باغی سے مقابلہ ہوا ادھر کثرت سپاہ مجموع جنگی دنو ملازم گمار بعض زمیندار راجہ تعلقدار وغیرہ سوار پیدل تو بچانہ ناکہ چار باغ سے عالم باغ اور میدان جنگ تک تقریباً ۴۰ ہزار سب تھے طرفین سے پہلے بڑے زور شور سے توپ چلنے لگی جب جنرل اوٹرم قریب پہونچے دھاوا کیا توپ ادھر سے ادھر سے سست ہنکر چلنے لگی ۵ بجے عالم باغ تک پہونچے کہ دفعتہً ابر سیاہ نے سارے آسمان کو گھیر لیا اندھیرا ہو گیا بڑے زور شور سے مینھ برسنے لگا کل تھل سب بھر گئے توپ طرفین سے چلتی رہی پس پیا نے تلنگے اور سوارونکے پانون اوٹھے سب بھاگے اور نواب اور ممو خان اور جتنے افسر تھے سب نے میدان سے ہنکر ناکہ چار باغ لیا اور ہراساں ہو کر راجہ مان سنگھ بہادر کو بلوایا و جمعیت ۸ یا ۹ ہزار سے آئے مقابلہ کیا نوبت تلوار پہونچی گورے بھی مارے گئے ادھر بھی قریب دو ہزار کے جان سے گئے جب قریب غروب آفتاب ہوا اور ظلمت ابر سے ہر طرف اندھیرا چھا گیا اور مینھ بھی نہ تھما فوج انگریزی مین ہو گل قیام فوج ہوا میدان وسیع مقابل عالم باغ کنوسی جلا پور کربلا الماس علیخان تک احاطہ فوج کیا اور باطمینان ہر طرف بکٹ کھڑے ہو گئے۔ خیمے برپا ہوے رات بھر شبخون سے محفوظ رہے۔

شام تک ہزارون نجیب سوار جنگی تو ملازم خبگ نادیدہ کربلای میر خدانخش سے کنارہ نہر ہوکر سیدھے اپنے گھر کو چلے کسواسطے ناکہ چار باغ پر توپ لگی تھی اور حکم قطعی تھا جو ادھر سے بھاگ آئے اوڑادو۔ جنابعالیہ نے راجہ مان سنگھ بہادر کو اس جانفشانی و جان نثاری پر خطاب فرزندی دیا خلعت دوشالہ رومال اور ملبوس خاص اپنا ڈوپٹہ عنایت کیا اونکی بہادری کی بہت تعریف کی اور فرمایا بعد فتح بہت روپیہ جاگیر دیکر خوش کرونگی اونھوں نے عرض کی کہ مین قدیم نمک خوار اس سرکار کا ہون مین بھی چاہتا ہون کہ روبرو حضور تصدق ہوجاؤن اور حق نمک سے ادا ہون اوسی دن شام کو گورون نے دھاوا کرکے عالم باغ لیلیا راتکو فوج بھی وہان رہی یہان کی فوج جتنی وہان تھی سب بھاگ کر باہر نکل آئی اور یہ وہی عالم باغ ہے جسے فوج پھر نہ لے سکی بہت دنون تک ہاتھ پانون مارے۔

۵۔ صفر جمعہ ۱۰ بجے جب حاضر کھا چکے فوج تیار ہوئی دو بجے ایک لیت چار باغ ساکھو کے جنگل کیطرف گیا جسکے ساتھ جنرل اوٹرم صاحب تھے دوسرا سدھانا کہ چار باغ کو کئی سو موضی پیشرو رکھے یہان جنرل حسام الدولہ صراط مستقیم چار باغ پر مع رفقائے خاص و رافسران فوج جنگی سوار و پیدل لیے بیٹھے تھے اور سپاہی کئی دن کے فاقے سے مورچے باندھے ہوئے تھے جتنے پونڈون کے کھیت دونون طرف نہر کے تھے سب صاف کرڈالے تھے ہر سپاہی کا پیٹ پھول مشک ہوگیا تھا جب کھیت والون نے بہت سی داد بیداد کی جرنل بہادر نے بڑی ہمت فرماکر تین سو روپے اونھین عنایت فرمائے غرض یہ سب اجتماع کثیر اوس ناکہ کو ناکہ سوزن سمجھکر بیٹھے تھے اور جانتے تھے کہ ہم ہزارون سے اور اس تنگ کوچہ سے کیونکر بسلامت کوری سمجھکر نکل جائینگے اسیطرح امین آباد تک دونو طرف کے کوٹھہ مکان پر سر راہ سپاہ اور افسران نامردی سے بھرے ہوئے تھے اور مقامات امن سمجھکر بیٹھ رہے تھے کہ جب فوج ادھر سے آئیگی دونون طرف سے مار پڑیگی اور دوڑی توپین ناکہ پر پل کیطرف لگائی تھین ایک پر میر نجف علی داروغہ توپخانہ دوسرے پر مرزا امام علی بیگ صوبہ دار توپخانہ اپنے اسلحہ حرب سے مستعد کھڑے تھے کہ دفعۃً سامنے سے نبرن گورو کا نمود ہوا ادھر سے دونون توپین چلین گوری موافق اپنے قواعد کے رنجک کے ساتھ زمین پر لیٹ گئے گولے اوپر سے گذر گئے اور بعد فیر کے گوری مثل عقاب جھپٹ پڑی تیسری حملے مین مثل بادصرصر

توپوں پر آپہونچے گولا انداز سب بھاگ گئے مگر یہ دونوں افسر اپنی تہوری سے نہ ہٹے داد مردانگی دیکر مارے گئے گوروں نے توپونکو کھینچکر نہر مین گرادیا۔ جرنل ہیوٹ نے جب یہ حال دیکھا تو محمد بخش سوا ہوسید دو لشکر کو تشریف لے گئے افسرون نے بھی اپنی راہ لی باقی سب فوج ہر طرف منتشر ہوگئی گورے پہلے عدم بلدیت راہ سے عیش باغ کی سڑک پر چلے غلام حسین کی مسجد پر نبی بخش خان سگے بھائی ہادی حسنخان زمیندار بھٹوا متوا اپنے جان نثار سرفروشون سے وہان تھے مقابلہ ہوخوب تلوار چلی طرفین سے خون ناحق خدا کے گھر مین بہا آخر وہین لڑ بھڑکر سب مارے گئے ایک نام کردیا تجمل حسین خان اونکے بھائی زخمی ہوکر بچے اس معرکے مین پانسو ادھر کے مارے گئے اور سوا ادھر کے بس شہر مین تلاطم ہوگیا بازار مین دوکانین بند ہوگئین رعایا نے اپنے گھر کے دروازے بند کرلیے پھر گورے گھبراکر عیش باغ سے سڑک آمین آباد پر آئے تیلیون کو مارا انکلون نے دونون طرف سے گولیان ماریں مگر وہ چپکے ٹولی باندھے چلے جاتے تھے اتفاقاً اودھ سے محمد خان گھوڑے پر سوار ننگی تلوار ہاتھ مین کھینچے کئی سو سوار کمک کو آتے تھے ہرچند فوج گورکھا سامنے توپ بھی لگائی بہت سا دھمکایا گالیان بھی دین ایک نہ سنا سب کے پانون اوکھڑ گئے گورون نے جب بھیر سوارون کی دیکھی گھبراکر تونچانے کیطرف چلے محمد خان نے اونکا پیچھا کیا اکثر گورے ہاتھیون پر تھے گولیان مارتے جاتے تھے جب گورے برف خانے کے پل کے قریب دوراہے حسین گنج پر پہونچے جنرل اوٹرم صاحب دوسری بزن سی برہیری پورن دارو غہ سا کھو کے جنگل سی چلے آتے تھے وہان دونون بزن نے ملکر قندھاری بازار کی راہ لی برف خانیکو آگ لگادی راہ مین جو سامنے آیا شکار کیا رعایا نے چھپکر ڈھیلے پتھر مارے گورون نے مسجد فدا حسین کپتان مین پہونچکر کھانا کھایا تھوڑے سے توشخانہ سلطانی مین گئے جتنے شتر جانور وغیرہ تھے سب کو مار ڈالا نبی بخش دارو غہ کو گولی ماری ایک مادہ شیر نے گولیان کھا کر زخمی کیا بھاگی چلی گئی فوج باغی کے سوارون نے اپنے گھوڑے چھوڑ دیے سیگزین خزانہ سب وہین رہگیا گورون نے آگ لگائی پھر چوپڑ کے اصطبل مین آتے جتنی چھاؤنی تھی سبکو جلادیا بہت سی سوار ملنگے گھبراکر دریا مین ڈوبے ایک کشتی عبور پر اس کثرت سے چڑھے کہ اپنے ساتھ سبکو لے ڈوبے راجہ مانسنگ سپاہ نے ہرکارہ سی سنکر ساکھو کے جنگل کی راہ لی تھی اس خیال سی کہ اکیلے لڑنے مین

بڑا نام و نمود ہوتی ہی جب راہ مین مقابلہ ہوا خوب لڑے پچاس گورے حضرت گنج کے پورب پھاٹک سے آئے نواب ملکہ عہد کے خاص برداروں نے داراب علیخان نواب ناظر کے حکم سے دونون طرف کوٹھون پر چڑھکر خوب منھ گولیون کا برسایا پچھم کا پھاٹک بہت استحکام سے بند کردیا تھا گورے وہان سے اولٹے پھرے خوب مار پڑی پھر حضرت مکان کے امام باڑے مین آئے سمجھے کہ بڑا پھاٹک یہی درشاہی ہے ایک توپ بھی پھاٹک پر تھی لولہ انداز بھاگ گئے تھے مفتاح الدولہ نے اپنے اردلیون کو حکم کیا توپ پر کیل لگادو پیٹی کو گھسیٹ لاؤ جب گورے مقبرے مین آئے ایک شخص نے کہا کہ یہ قبرستان ہے مردے گڑے ہین قصر سلطانی آگے ہے گورے وہان سے باہر نکلے کچھ اس توپ کا خیال نہ کیا اوٹرم صاحب نے فرمایا کہ ہم آج بیلی گارد مین جاکر کھانا کھائینگے۔ کئی ساعت تک موتی محل مین ٹھہرے پھر دھاوا کیا کچھ گورے چترمنزل مین آئے ایک پلٹن نجیب وہان بھی تھی بھاگی کچھ سپاہی دریا مین ڈوبے کچھ ہر جگہ چھپ رہی یہان بھی قریب دوسو کے مارے گئے

بارگاہ سلطانی سے گولے پڑ رہے تھے جنگی سب بھاگے مگر بشیر الدولہ کے دروازے پر ایک گوکھاڑی کا لڑکا خدا بخش نام اور ایک سپاہی نوملازم توپ کو کھینچکر اور ایک خلاصی نے ملکر توپ مارنی شروع کی جب چینی بازار سے آتے تھے اوسی طرف مارتے تھے جو چوٹ کے اصطبل سے آتا تھا اوسے نشانہ کرتے تھے یہان تک گراب مارے کہ گورونکو آنے نہ دیا پھر گورون نے پشت سے آکر توپ کو لیلیا دردولت پر دو توپین تھین اونکے پیادون مین کیلین ٹھوٹک دین اور وہ لڑکا بھاگ کر بچگیا پانچ نجیبون نے بڑی جرأت سے مقابلہ کیا وہ بھی مارے گئے ایک صاحب قریب دردولت مارا گیا غرض ہر طرف ہر مکان شاہی مین ہنگامہ کارزار گرم تھا سب گورے رمنہ شاہی سے مکانات شاہی مین پھیل گئے بہ ۲۵ ماہ ستمبر ۱۸۵۷ء تھی کہ خبر اوٹرم اور جنرل ہویلاک صاحب بہادر داخل بیلی گارد ہوئے محصورین کو راتکو گونیے سے آمد داخلہ معلوم ہوچکی تھی دوسو سب کا مارے خوشی کا عجب حال تھا کوئی شکر خدا بجالاتا کوئی آپسمین مصافحہ گورے جا بجا ناچتے تھے باجے بجاتے تھے۔

مفتاح الدولہ کہتے ہین کہ مین بروقت داخلہ فوج انگریزی مقبرۂ جنت آرامگاہ کے کوٹھے

جھپکا تماشاے قدرت خدا کر رہا تھا تقریباً تین سو گورے دو توپین آگے تین افسر گھوڑون پر
دو کالی کرتی ایک سرخ کرتی پہنے سب سے آگے سکسن باندھے دونون طرف بیگاری شاگرد
پیشہ وغیرہ رسن بستہ ایک دوسرے سے ملے ہوے قدم باقدم کس الطمینان سے
چلے آتے ہین پیچھے کرانچیان میگزین گولیان مجردین کے واسطے تھین اور جلوخانے
کے کوٹھے سے دونون طرف سے مینھ گولیونکا برس رہا تھا مگر گورے صاحب سر
جھکائے بندوق ہاتھ مین لیے چلے جاتے تھے جب مقابل دردولت پر پہونچے ۳
گولے مارے دیوار جلوخانہ پھٹ گئی اوسوقت سبکو یقین داخلہ قیصر باغ
ہوگیا ارکان دولت جناب عالیہ کو سمجھاکر محلسرا سے چولکھی مین لیگئے کہ مقام امن ہے
خلاصہ احوال روز جمعہ تازوال روز سہ شنبہ جوگذرا قابل بیان نہین اگر خبرل اوٹرم جس طرح
بیلی گارد کو جاتے تھے بعدان تین گولون کے قیصر باغ مین چلے آتے اوسی دن میدان خالی
اور فتح کرچکے تھے مگر معلوم نہین کیا وجہ تھی اور کس حکمت سے یہ خیال نہ گذرا خلاصہ قیصر باغ مین
سوا ۶۰۰ آدمی اور سپاہی کے دوسرا نتھا صاحب محل سر و پا برہنہ باہر نکل پڑے ہرچند جناب عالیہ
نے منع کیا کہنے نہ مانا اور نہ سا پردہ کہان رہا تھا پھر جناب عالیہ نے صاحب علی خزانچی سے فرمایا کہ
برجیسقدر کو سوار کرکے موٹے کپڑے پہنا کر اپنے گانون اودیہ مین لیجاؤ نواب نے منع کیا
کہ ابھی مناسب نہین ہے سب بیدل ہوجائینگے جناب عالیہ سر کھولے دعا مانگ رہی تھین کہ خدا
ہم بیگناہون کو تو خوب جانتا ہے تو ہی ہمین اس آفت سے بچائیگا صاحبات محل کوئی اپنے
داروغہ سے سواری منگا رہی تھی کہ ہم بھاگ کر کہین چلے جائین اوسنے کہا سواری کاکسے ہوش
ہے اور کہار کہان ہین کوئی کہتا تھا سر و پا برہنہ شہر کے باہر نکل چلو کوئی غش مین پڑی تھی کوئی سکتے
سے حیران تھی انمین سے بعض بیلے سے نکلکر پانچ کوسی گانو مین رہی تھین غرض ہر طرف سے آہ و فریاد
و بکا کی دھوم مچی تھی ممو خان کوتوالیان کو نے دیتی تھین کہ خدا اسے غارت کرے اسنے ہم سبکو
تباہ اور غارت کروایا کوئی دل کھول کر جناب عالیہ کو طعن و تشنیع کر رہی تھی کوئی آپس مین
گلے ملکر رو رہی تھی جناب عالیہ نے مضطر ہوکر محبوب خواجہ سرا کو حکم دیا کہ سب بیگمات بھاگی جاتی ہین
انکو تلاش کرو اور باقی جو رہگئی ہون وہ گھر کے باہر نجانے پاوین جب ہم بھاگینگے ہمارے ساتھ

چلین اور اس امر مین سب حیران تھے کہ اسدن گورے قیصر باغ مین نہ آئین جہان میدان سب طرح سے خالی ہوا اور اوسدن چلے آوین جہان ہزارون ہون چنانچہ اوس دن خان علی خان وغیرہ سے تلوار چلی ہی ظاہر ہی مفتاح الدولہ کہتے ہین جب مین نے دیکھا کہ قیصر باغ بالکل خالی ہی اوسوقت ملا پور کے راؤ کو بلوا بھیجا اوسکی سپاہ کے جابجا پہرے کر دیے۔

دوسری صبحکو تین توپین چوپنی بازار کے پھاٹک پر تھین گولہ انداز سب بھاگ گئے تھے مگر ایک لڑکا ہوان سید زادہ فقط اپنی تہوری سے توپ کے تخت کے نیچے چھپکر رہگیا تھا اور توپ بند چھوڑ دیا ہوا تھا جب گورے سامنے آئے نواب بھی کمال دلیری سے مع اپنے جان نثاران خاص کوٹھے سے اوتر کر اون توپون پر آکر کھڑے ہوے تھے اوس لڑکے نے تینون کو واغا برابر سے چلین دفعتہً چھرے سے کئی گورے گر پڑے سکن ٹوٹا اولئے موتی محل کو پھر گئے اوسوقت ایک ہلکی سی گولی نواب کی بازو پر لگی نواب نے دوشالہ رومال اوس سید کو دیا اور آپ پنس مین سوار ہو دولتسرا پہونچے یہ امر گاہ باشد کہ کودک نادان مین حساب کیا جاتا ہے،

جنرل اوٹرم صاحب نے گونیدے سے فرمایا کہ ہمین نیا راستہ بیلی گارد کا بتا دو وہ ناواقف تھا شیر دروازے سے ہو کر لیچلا اور زخمیون کو منشی ہدیال کے مکان مین چھوڑا جنرل آگے آگے گھوڑے پر سوار پیچھے گورے سکن باندھی چوپنی بازار سے منگل سین کی کوٹھی کے نیچے ہو کر چلے عجب کام دلیرانہ و مردانہ کیا کہ باوجود راہ تنگ دونون طرف سے گولی برس رہی تھی کسی جگہ نہ رکے سیدھے بخط مستقیم چلے گئے۔ فی الحقیقت بہادری و جوانمردی میدانون کی یہی ہوتی ہی۔ جب قریب مکان عظیم اللہ خان پہونچے کپتان بارلو کی پلٹن کا مقابلہ ہوا اوسکا وہین مورچہ تھا خوب لڑائی ہوئی دو سو تلنگے پچاس گورے مارے گئے جب جنرل بہادر بیلی گارد کے پھاٹک پر پہونچے آواز بلند پکارے خبردار گولی نہ مارنا ہم اوٹرم ہے آپہونچا یہ سنکر گورون نے جھٹ پٹ کس سرعت سے مٹی ہٹا کر ایک پٹ کھولا جنرل بہادر داخل بیلی گارد کس شان و شوکت سے ہوی اوسوقت محصورین کی خوشی کیا بیان ہو تازہ جان سب مین آئی باجے بجنے لگے شادیانون کے سبھون نے باتفاق کھانا کھایا اور حیرت یہ ہے کہ کسی صاحب کے گولی نہ لگی چنانچہ محصورین کہتے تھے کہ جسدن جنرل الارنس صاحب مارے گئے عجب طرح کا سناٹا تھا گویا سارا احاطہ ماتم سرا ہو گیا تھا اور سبکو یاس

اور افسردگی ہوگئی تھی اوسکے عوض روز داخلہ جنرل بہادر گویا صبح نوروز اور روز عید اضحی کے لوگون مین طاقت اور ایک ولولہ پیدا ہوگیا تھا۔

اوسیدن مورچہ جو ظفر الدولہ کے مکان کیطرف اور کوٹھی کارنیگی صاحب مین تھا بیلی گارد سے دھاوا ہوا اوٹھ گیا چترمنزل مین عمل ہوگیا صبح کو جونرن اوٹرم صاحب کے ساتھ سے موتی محل مین رہگیا تھا اوس سے گولی چلنے لگی۔ ۹ بجے نواب شرف الدولہ در دولت پر ایک جانب اوتر کر کھڑے ہوے توپ منگوائی اودھ گورون نے توپ لگائی طرفین سے گولے چلنے لگے ایک بم کا گولہ توپ پر گرا گولہ انداز زخمی ہوے باقی بھاگ گئے نواب ازراہ بہادری آگے بڑھے گورے دوپہر کے ہونے سے ٹھہر گئے نواب کے زخمی ہونے سے فوج کو بہت ہراس ہوا قیصر باغ کے لوگ مارے دہشت کے بن مارے مرگئے دن بریہ لڑائی رہی اودھ مرزا ولی کوٹھی سے گوری مارتے تھے دروازہ کی توپ سے ایک ہوٹ انگریزی ٹوٹ گیا قریب اصطبل شاہی میدان مین رہگیا ایک توپ قریب قریب موتی محل کے ٹوٹ گئی ہوٹ کو تلنگے صوبہ سنگھ کے اوٹھالائے بجیب دوسری توپ کے لانے کی فکر مین تھے جب جھپٹ کر قریب توپ کے جاتے تھے گورے گولی مارتے تھے کوئی تدبیر نہ ٹہرتی تھی عجب تماشا ہورہا تھا اسیطرح رات بھی گذری صبدن خبرل اوٹرم صاحب دو لاکھ فوج جنگی بنظامت تعلقدار راجہ کے بیچ مین سے داخل بیلی گارد ہوے تقریباً دس ہزار بدمعاش دریا مین ڈوبکر مرگیا بیس ہزار سوار و پیدل رعایا شہر سے بھاگ کر دس کوس جاکر دم لیا اور سب کو یہی خوف تھا کہ فوج انگریزی ہمارا پیچھا کرتی چلی آتی ہے۔

فوج انگریزی مجموع مکانات شاہی مین مثل بسل پھیل گئی مثل مرزا والی کوٹھی موتی محل قیصر باغ فرح بخش بارہ امام امام باڑہ قدسیہ محل کمرہ سرراہ خواب عالیہ کوٹھی منگل سین۔ امام باڑہ مظفر الدولہ حسن علیخان کوٹھی عظیم اللہ خان اصطبل سنجہ آہنی اور مکانات جو ملے ہوے تھے جب گورے چنی بازار سے پھرے ایک سپاہی نجیب نو ملازم نے جرأت کرکے ایک صاحب کو برابر سے تلوار لگائی گھوڑے گر پڑا سر و سکا کاٹ کر علی محمد خان کے پاس ہدیۃً لایا داد ۲۔ اشرفی انعام دیا کمیدان صاحب نے اپنا حق سمجھکر لیلیا جب رد بکاری ہوئی سپاہی نے داد بیداد کی انصاف یہ ہوا کہ کمیدان کی تنخواہ سے کاٹ کر اسے دیدیا۔

گرفتاری صاحبزادہ ہاے جنرل مرزا سکندر حشمت

گورے جب جنرل مرزا سکندر حشمت کی دیوڑھی پر آئے سپاہیون نے میلے پھاٹک بند کرلیا تھا جب جلو جانے مین آئے طرفین سے گولی چلنے لگی صاحب میر دارو غہ خواجہ سرا حبشی محمد مرتضی خان حکمت الدولہ کا بیٹا میر صفدر علی میر نواب مخدوم بخش تمندار وغیرہ یہ سب بلند رفیق جنرل صاحب مارے گئے اپنے حق نمک سے ادا ہوے مگر تین آدمی دریا کے کنارہ کی کوٹھری مین چھپ رہے تھے جان سے بچے تین دن تک بے آب وطعام رہے جب باہر نکلے دیامین کو دبڑے گولیان ہر طرف سے پڑنے لگین یہ تیر کر اوس پار ہوے ایک گولی بھی نہ لگی سپاہیون کے مورچے برد ھرے گئے دردولت پر آئے بعد تحقیقات چھٹ گئے باقی سپاہی بھاگ کر دریا مین گرے گورے داخل محاصرہ ہوے دونون شاہزادے اور صاحبزادی اور سینہ صبیہ لاڈو خانم داروغہ محل اور خواص یہ سب ۲۴ گھنٹے تک بیکسی جان سے نہ مارا جنرل اوٹرم صاحب کے سپرد کیے اونھون نے شاہزادونکی بہت تشفی دلجوئی فرماکر کوپر صاحب کے سپرد کیا اونھون نے کارنیگی صاحب کے حوالے کیا انھون نے میجر گنبس صاحب کے خانساماں کے گھر مین بغیر پہرہ رکھا اب سرکار عالی کی ہمت مردانہ اور رحم رعایا پروری کو دیکھا چاہیے اور حفظ خاندان رئیس عدل وانصاف کو بخلاف سلوک فوج باغی اور اہلکاران جدید سرکار برجیسی ۔

غرض یاقوب علیخان نواب ناظر روتے ہوے جنابعالیہ کے پاس آئے عرضحال کیا جنابعالیہ نے میر واجد علی سے ارشاد کیا کہ راجہ مانسنگھ سے جاکر کہو اسکی کچھ تدبیر کرین داروغہ نے کہا کہ ابھی راجہ نے شیر دروازہ پر سے دھاوا کیا تھا اونکے سو آدمی مارے گئے بڑی جرات وبہادری کرچکے ہین اب بہت خستہ وپریشان ہورہے ہین اسوقت کیونکر جائینگے اور کیا تدبیر کرسکتے ہین فرمایا ہم حکم پہونچادو جب راجہ سے کہا جواب دیا مجھسے کیا ہوسکتا ہے نہین معلوم دھین تھا کیا یا مارو الا اب کس کی مجال ہے جو وہان سے لاوے ۔

جب عورات کے سمجھانے سے شہزادون نے کھانا نہ کھایا آخر لاڈو خانم اور دوسری باجازت بادشاہ کھانا لینے کو کامین بورجون سے بچکر جنابعالیہ کے پاس آئین مفصل سرگذشت بیان کی کسی نے نہ سنا

لاڈو خانم سیدھی اپنے گھر جا کر بیٹھ رہی ایک مہری کمر ہمت مردانہ باندھکر کھانا لیگئی دوسری خوف سے نہ گئی حسینہ صبشن کو حکم ہوا تم بھی اپنے گھر جاؤ جواب دیا میں نے ان شاہزادون کو پالا ہے انکے پاس رہونگی یہ قصور خبرل بہادر کے خاص محل کا تھا اگر وہ اپنے پاس شاہزادون کو رکھتین کا میکو یہ آفت آتی مگر سگی ماں نہ تھین آپ سوار ہوکر چلی گئین اپنے ساتھ انکو کیون نہ لیگئین۔

جب دوسری رات موتی محل مین ہوئی خبرل اوٹرم نے حکم دیا تھوڑے آدمی ہین مع رسد و میگزین واسباب سب بیلی گارد مین چلے جائین حسب الحکم جنیے گورے تھے بیلی گارد مین چلے گئے سپاہ بہادر نے جب یہ حال دیکھا اور سنا کہ فضل الٰہی سے رات بخوبی کٹ گئی اور ابھی تک سب قیصر باغ مین بچے ہوے ہین باوجود اس اقل قلیل سپاہ خاص بردار اور کچھ لوگ راجہ مانسنگھ اور راجہ گوربخش سنگھ کے بھرشل ٹڈی کے آگرے اور جہالت سے اور جہالت سے عذرات بارد پیش کیے جنابعالیہ اور ارکان دولت نے مصلحتاً طرح دی اس خیال سے کہ موجب شکستہ دلی کا ہوگا اس معرکہ مین ۱۱ افسر اودھ کے مارے گئے اپنے حق نمک سے ادا ہوے باقی مجروحین اور متقولین کا حساب نہین اور بعض امراے معزول خانہ نشین بھی بعد دریافت خبر وانیست وقت سہ پہر اپنی سگھڑھلائی سے حاضر حضور جنابعالیہ ہوے اور سپاہ بہادر پھر بدستور اپنے مورچون پر قائم ہوئی اور مقابلہ عالم باغ کا کبھی خیال نہ کیا کہ وہی ناکہ کا پنور ہے بلکہ اکثر یہ کہتے ہین کہ وہ میدان مین ہے اوسے کھڑے کھڑے لے لینگے البتہ بیلی گارد کا مشکل ہے کہ وہ شہر مین ہے مگر تعجب اس امر کا ہے کہ سب مورچون سے بھاگ گئی تھی قیصر باغ مین سوا ۶۰۰ آدمی کے دوسرا نہ تھا۔ صاحبان عالیشان نے کیون ایسے وقت مین غفلت کی کچھ مفصل معلوم نہین یا جنابعالیہ کو توفیق ہوئی اوسوقت خود بیلی گارد مین چلی جاتین یا خود اوٹرم صاحب کو بلوا بھیجتین کیا خوب بات ہوتی مگر بشرطیکہ مموخان انپر تسلط نہوتا تو کیا عجب ہے کوئی صورت نکلتی۔

۶۔ تاریخ ماہ صفر سنہ الیہ ۲۲ ستمبر ۱۸۵۷ء شاہ جی کو خبر ہوئی کہ گورے بیلی گارد مین چلے گئے خود دیکھ وتنہا اٹھا کہا تم سب یہان ٹھہرو مین اکیلا دھاوا کرونگا اپنی کرامات آج دکھا کر انکو بھگا دونگا یہ کہکر موتی محل مین گیا مکان خالی ملیگا گورہ زندہ نتھا مگر ایک مردہ گورے کا ملا اوسکا سر کاٹ لیا جب فوج نے سنا کہ شاہ صاحب نے اکیلے دھاوا کیا پیچھے سے پہونچی شاہ جی کے ہاتھ مین وہ سر تھا

لا فرنی بڑھ بڑھ کے کرتے لگا کر دیکھو جب اپنا ارادہ ہوگا اسیطرح بیلی گارد کو بھی خالی کرا دونگا فوج مین چرچا
شاہ جی کی کرامات کا ہونیلگا اعتقاد ضعفا سست ایمان کا دو چند ہوگیا ملنگے مثل حماد یو دنڈوت کرنے
لگے سوار اپنا خلیفہ ایمانی جاننے لگے باہم یہ چرچا ہوتا تھا کہ اگر شاہ جی نہوتا گورون نے شہر لیلیا تھا اب کچھ نہو سکیگا
بس تین سو گورے باقی تھے اور یہی دلی کا پنو فتحپور وغیرہ مین پھیلے پھرتے تھے وہ بھی چیر منزل مین بند ہوئے شاہ جی
اقرار کیا ہے کہ کل کے دھاوے مین سب گورون کو مارلونگا پس گورے اور انگریز اسی رات کو مہان ہن کل سب مارے جائینگے
دوسرا بولا شاہ جی نہین کوئی اوتار پیدا ہوا ہے اسپر کوئی گولہ گولی اثر نہین کرتی غرض اسیطرح کی تعریف مین
وہ دن گذرا اونکا دماغ عرش پر پہونچا لاف زنی زیادہ پڑھی جاہل مذاہب دنڈوت سجدے پر جھکے
کپتان رسالدار نی نذر دی قدم پر سر رکھا شاہ جی نے اپنے ولولہ جوش و خروش مین یہ شعر پڑھا ؎

چون شود در عمد ایمان جزو بدعت را رواج — شاہ غربی بہر قتلش خوش عنان پیدا شود
در میان این و آن گردد بسے جنگ عظیم — قوم عیسی را شکست بیگمان پیدا شود

یعنی وہ شاہ غربی مین ہون انکے قتل کو پیدا ہوا ہون میرا کوئی ہمسر نہین برجیسقدر کیا اصل ہی شاہ
دلی میرے رتبہ سے کم ہے مجکو حکم الہی میرے ہاتھ یہ فرقہ نصارا تباہ مین انکی بیخ و بنیاد مٹا دونگا مین
ظل اللہ خلیفۃ اللہ فی ارض اللہ ہون کلکتہ لندن مین جاکر لڑون گا شاہ دہلی نے نمانا اوسکی سلطنت پھر
گورون کے حوالے کردی اب پھر اپنی عرضی میرے حضور بھیجی ہے پھر کچھ قسمت اوسکی اچھی ہی پھر جیدار کو
حکم دیا موخان کے پاس جاؤ ابلاغ حکم پہونچاؤ کہ اب آنکھین کھول کر ہوش مین آؤ اسقدر بیہوش نہو جاؤ
آج تمھاری فوج اور زمینداروں سے کچھ نہو سکا مین نے چار آدمیون سے موتی محل
چھین لیا اگر تم چاہتے ہو سر گورون کے بوٹ سے بچے اور بیلی گارد ہاتھ آجاوے
تو پین اسپی پانچ ہزار روپیہ نقد دعوت فقرا بھیجدو - یہ جیس قدر میری اطاعت
کرے - آج رات کو بیگم میری بیعت کرے اور درصورت عذر کل گورون کو قیصر باغ مین
بلالون کا اور اس لونڈے کو ریاست سے اوٹھا دونگا جیدار نے موخان سے جاکر
کہا شدہ یہ خبر جناب عالیہ تک پہونچی اونھون نے مفتاح الدولہ شرف الدولہ
موخان - میرواجد علی کو بلایا سب نے کہا شاہ جی کوئی امام نہین یہ سب باتین
کفر و الحاد کی ہین اپنا مذہب جعلی فقط دھوکا کرتا ہی کیفیے کہا خیر فقیر ہے چیز سے بدہ

درویش بر امیر واجد علی نے کہا ایسی باتون سے یہ اور سرچڑھیگا کہتا ہے کہنے دو پھر مہاراجہ مان سنگھ اور ہرملپٹن کے کپتان سے مشورہ کیا بعض نے کہا جو وہ کہے کرو دلی ہے بعض نے کہا اوسکی اصل کیا ہے اوسے ہٹنے بتایا ہے رام نے چاہا تو کل ہم دھاوا کرینگے جبر منزل بیلی گارد کو خالی کروالینگے ایسی باتون سے نہ ڈر و غرض ابلاغ حکم دھاوے کا جاری ہوا کہ ایک طرف گوبارہ دوسری جانب سوار تیسری جانب تلنگے چوتھی طرف سے ہون چنانچہ اوسوقت حکمنامہ اس مضمون کے جاری ہوے کہ صبح کو تیاری دھاوے کی ہو افسر اپنے اپنے لشکر پر چلے گئے

دو گھڑی رات رہی افسر مع اپنے ہمراہی مورچون پر گئے چار طرف سے دھاوے کا غل کردیا کہ جبر منزل بیلی گارد کو گھیر لیا ہے مگر جب ادھر سے مار پڑنے لگی منہ پھیر گیا کچھ گورے نواب عالیہ کے کمرے سرراہ سے خاص بازار کی جانب گولیان مارتے تھے اور سفر مینا کے سپاہیون نے رات بھر کے عرصہ مین اوسکے نیچے سرنگ تیار کی تھی بارود اوسمین رکھ چکے تھے دفعتہ سرنگ کو آگ دی مع کمرہ گورے اڑ گئے ایک دھنی کمرے کی سید میر کمیدان کے لگی - مرگئے افسرون مین اپنا نام کرگئے محمد سعید خان ملازم برجیس قدر ماری گئے اور بہت سے آدمی کام آئے گورے بھاگے تلنگون نے پیچھا کیا دو گورون نے بندوق ماری نامرد باغیون نے بے گولی کھائے اپنا حال غیر کیا مورچے چھوڑ کر بھاگے گورون نے اوسی راہ سرنگ پر اپنا مورچہ قایم کیا -

جب لال بارہ دری کیطرف بنجیبون نے دھاوا کیا لال جی ممدا مین کمیدان نواجہ سرا نے افسرون مین بڑا کام کیا کہ راہ کی مصیبت جیس کر بارہ دری لیلی پہلے گورے بھاگے پھر دھاوا کیا لال جی ایسا بہادر مارا گیا اوسکی نعش اوٹھانے پائے ہمراہی بھاگ گئے اونکے غریزے نعش اوٹھانیکا ارادہ کیا وہ بھی کام آیا کمیدان کی جورو پانسو روپے نعش اوٹھانے پر دیتی رہی ایک کی ہرات نہ پڑی گورون نے پہلے بارہ دری لیلی منجیب بھاگے دھاوا بیش نہ کیا کچھ سپاہی تہ خانے کی آڑ پکڑ کر رہ گئے تھے بہت سے مارے گئے اوسدن بھی بڑا کھیت ہوا گورے تقریباً ۵۰ تلنگے منجیب پانسو مارے گئے افسر جلیل القدر بھی کام آئے دھاوا پھر آیا -

الغرض اسی صورت سے ہر روز گویا گھر مین لڑائی ہوا کرتی تھی تیسرے دن بہت سے لوگ فوج انگریزی سے بھاگ آئے تلنگے اونھین گونیدہ کہکر تلنگے اونھین گونیدہ کہکر پکارے جب اونسے پوچھا کہنے لگے عالم باغ مین اب

رصد نہین رہی اسواسطے ہم بھاگ کر نکل آئے ایک اومنن گونیدہ بھی پکڑا گیا ایک چٹھی انگریزی جوف پر کے قلم مین لاکھ سے نبداو سکے پاس تھی عالم باغ لیے جاتا تھا ایک شخص نے اوسے پڑھا مضمون یہ تھا کہ ہمنے پہلے راستہ سامنے بیلی گارد کے پل پر ہوکر آنے کا لیا مگر بدمعاشون کا بہت مجمع تھا دونون طرف سے مارتے تھے اوسوقت ہمنے دہنی طرف کی راہ گونیدے کے ساتھ لی حضرت گنج سے داخل ہوتی محل ہوے وہان سے جب بیلی گارد کو چلے راہ مین بڑی لڑائی ہوئی ایک بڑا جنرل کئی صاحب بہت سے گورے مارے گئے سب مجموع پانسو کام آئے جنرل اوٹرم زخمی ہوے اونکے بازو مین گولی لگی ہڈی بچی وہ چھٹی ممو خان نے میر واجد علی کو دی اور چوبدار کو حکم دیا کہ اس گونیدے کی ناک کٹوا کالا منھ کرکے گدھے پر سوار کرشہر کرو چوبدار نے قاسم خان کو ابلاغ حکم کیا وہ افسر کوتوالی تھا عمل مین لایا ولایت حسین منشی جنرل اوٹرم کا عالم باغ سے رسد لینے کو نکلا تھا پاسی پکڑ لائے انکی بھی ایک پلٹن بھرتی ہوچکی تھی ممو خان نے اونسے احوال پوچھا کہا ۲ ہزار گورے جنرل اوٹرم الہ آباد سے لائے مین بھی واسطے پیٹ کے چلا آیا ممو خان نے کہا یہ اصل گونیدہ ہے کل پانسو گورہ تھا یہ فقط تمہارے ڈرانے کو زیادہ کہتا ہی اسکا کالا منہ کرکے گدھے پر سوار کرشہر کرو میر واجد علی داروغہ نے کہا انکا اظہار مین لیلون پھر آپ کو اختیار رہے داروغہ نے اونکی شکل شرافت پہچانکر نرمی اونسے کہا اتنی گوری نہ بتاؤ ورنہ حیرانی مین پڑوگے اونھون نے کہا مجھ کیا معلوم تھا مین پانسو ہی کم بتاتا مگر سچ یہ ہی کہ فوج انگریزی پیچھے سے اور آتی ہے اور یہان مشہور یہ ہوا ہی کہ جنرل اوٹرم مارے گئے غلط ہی وہ مع فوج داخل بیلی گارد ہوی میر واجد علی نے موافق مرضی ممو خان قلت گورون کی خبر ل بہادر کا مارا جانا لکھوا کر انھین تشہیر سے بچایا۔

خبر ل حسام الدولہ طلب نواب معین الدولہ اور جرنیلی مظفر علی خان

جب خبر ل حسام الدولہ معرکہ عالم باغ سے چلے آئے افسران فوج نے جنابعالیہ سے اونکی شکایت کی حضرت محل نے آزردہ ہوکر بہت کلمات سخت فرمائے وہ سنکر اپنے گھر بیٹھ رہے دربار مین نہ آئے جنابعالیہ نے نواب معین الدولہ میر عنایت علی تاہے حضرت جنت مکان کو طلب فرمایا وہ کبھی

کبھی بخوف جان و مال دربار مین آیا کرتے تھے ممو خان نے عمدہ جرنیلی کو اونسے کہا اونھون نے انکار کیا جواب دیا معلوم ہوا تم بدخواہ سرکار ہو کیون دو مہینے تک اپنے گھر بیٹھے رہے مرزا برجیسقدر کو نذر دینے بھی نہ آئے انھون نے کہا مین اقربای شاہی سے ہون بے طلب نہ آیا جب طلب کیا حاضر ہوا ممو خان نے کہا سرکار نے تمھارے واسطے پہلے دارونگی تونچانہ تجویز کی تمنے انکار کیا کہ میرے لایق یہ عہدہ نہین ہی اب سرکار نے جرنیلی تجویز کی ہی اس سے زیادہ کونسا عہدہ بالاتر ہے کیون انکار کرتے ہو خلعت لو اونھون نے کہا کچھ احتیاج خلعت نہین اور نہ تنخواہ کی ضرورت ہی بہرحال اسیوقت مہر جرنیلی حسام الدولہ سے طلب ہو کر انکے سپرد ہوئی بمجبوری بخوف کام کرنے لگے کہ اسی حیلہ سے جان و مال بچے اور شکل فوج نجیب سنگھ شاگرد پیشہ جو آتی تھی گنگا پرشاد متصدی حسام الدولہ دکھاتا تھا یہ دستخط مسل کر دیا کرتے تھے کبھی کبھی حاضر حضور جناب عالیہ بھی ہوتے تھے مگر کچہری مین ہر روز جاتے تھے نواب شرف الدولہ سے انے خلاف سلطنت سا لقہ چلا آتا تھا کبھی صفائی سے بناؤ نہ بنا صورت نفاق باطنی چلی گئی آخر شرف الدولہ نے تنگ ہو کر جناب عالیہ سے عرض کی کہ کار جرنیلی بہت ابتر ہے اسکی تدبیر مناسب ہو تو بہتر ہے فرمایا جو مستعد اور صاحب لیاقت لایق جرنیلی ہو اوسے مقرر کرو معین الدولہ اوسکی نیابت مین کام کرینگے نواب نے مرزائی بیگم مقرب خاص کو محل مین گانٹھ کر مصطفےٰ علیخان اپنے بھانجے کو ۱۲ بارہ کا خلعت جرنیلی دلوایا وہ کاروبار کرنے لگے معین الدولہ کبھی اونکی کچہری نہ گئے ہر چند جناب عالیہ نے سمجھایا نا ناعرض کیا مجکو تمنا اور احتیاج روزگار کی نہین ضعیف ہو گیا ہون کبھی کبھی فقط سلام کو حاضر ہونے کا امیدوار ہون اسیوجہ سے وہ اپنے بیٹون اور کسی رفیق یا امیدوارون مین سے کسیکو دربار مین نہ لیگئے اور نہ ایک کوڑی تنخواہ کی لی کسواسطے انجام سب کا خوب سمجھے ہوے تھے فی الحقیقت عجب حالت ضیق مین تھے کچھ نہ بن پڑتا تھا۔

ایک دن جنرل منصوب وقت صبح بود علی شاہ کے تکیے پر کنار شہر گئے اوس فوج کے دیکھنے کو جو دلی سے بھاگ کر آئی تھی فوج مین سلامی توپ کی ہوئی کربلای میر خدا بخش اور الماس علیخان مین جتنی مقابلہ عالم باغ پڑی ہوتی تھی سبھی کہ گویا اس ناکے سے شہر مین داخل ہوے سب کے سب بھاگنے پر مستعد ہوے جب مفصل ہرکارون سے سنا جان مین جان آئی۔

غرض جب اس سلامی کا پرچہ سرکار مین آیا پچاس روپیہ جرمانہ توپخانہ والون سے ۔ اشرفی جنرل سی تعلیما لین پھر کورٹ مین چارجرل تجویز ہوے کہ وہ کمانڈر انچیف کے اسسٹنٹ سوار پیدل توپخانہ مین رہین چنانچہ بنام نواب جراز الدولہ دلیر الدولہ معین الملوک وغیرہ مقرر ہوے مگر اجراے احکام ایک سی نہو بنام آیم سرکہ عالم باغ سے تمام شہر مین راجہ بانگہ بہادر کی لڑائی کی بڑی شہرت ہوگئی اکثر تعلقدار کہتے تھے ہمارے سپاہی بہت مارے گئے کسیکا نام ایسا ہم مین سے نہوا راجہ فقط ایک مورچہ عالم باغ پر گئے نام اونکا مشہور ہوا سرکار سے خطاب فرزندی بھی ملا پس ہر تعلقدار جو یا اپنے نام ونمود کا ہوا کوئی تنہا ہو کر نہ لڑا جس سے نام ہوتا ۔

پہونچنا کمانڈر انچیف کا کانپور سے عالم باغ مین وغیرہ سوانحات

۹ نومبر کو سر کالن جی سی بی کمانڈر انچیف کانپور سے گنگا کے اس پار اترے منزل بمنزل آگرہ مین ۷ کوس لکھنؤ سے خیمہ کیا اونکے ساتھ فوج اس تفصیل سے تھی ۔

۸ توپین کپتان میل برگیڈیر توپخانہ ۔

۱۰ ۔ اسپی ۶ میدانی بھاری توپخانہ شاہی

۹ ۔ رسالہ گوردن کا ۔ ۸ ۵۳ ۷۵ ۹۳ رجمنٹ پیدل

۲ رجمنٹ تلنگہ پنجابی ۔ سائی پرز مینرس تھوڑے یہ سب ۲۷۰۰ پیدل اور ۷۰۰ سوار پنجابی ہندوستانی ۔

۱۴ ۔ نومبر روز شنبہ ۱۸۵۷ء مطابق ۲۵ ربیع الاول ۱۲۷۴ھ داخل عالم باغ ہوے کئی ہزار اونٹ کرانچی چھکڑے کئی سو ہاتھی ساتھ تھے اونام بشیر گنج ۔ نواب گنج نبی مین جا بجا تھانے بٹھاتے آئے اور تار برقہ بھی جا بجا درست کر دیا راہ مین جتنے گانون قریب سڑک تھے خوف سے دہان کی رعایا بھاگ گئی تھی

جب خبر آمد کمانڈر انچیف بہادر آئی کہ اس کثرت سی فوج ظفر موج اور سامان میگزین وغیرہ قریب لاکھ آدمی کی جمعیت سی چلے آتے ہین فوج کو حکم ہوا آگے بڑھکر روکے ادھر سے بڑھنے نہ دی

یہ سنتے ہی راجہ مادھو سنگھ بہادر تعلقدار گڑھ ایٹھی دو ہزار سپاہی اپنے لیکر بطور دھاوے کے جا پہونچے اور فوج باغیہ ابھی کوچ نہ کرنے نہ پائی تھی کہ بنی اور فیروز گنج کے میدان مین لال مادھو سنگھ سے لڑائی شروع ہوئی سرکار مین خبر آئی کہ لال مادھو سنگھ نے دو بنرن گوروں کے کاٹ ڈالے بڑی بہادری کی ایک بنرن رہ گیا ہے وہ پیچھے ہٹ گیا ہے وہ بھی مارلیا جاتا ہی کوئی امر ہراس کا نہین ہے۔

الغرض یہ خبر سنتے ہی بہت تحسین و آفرین کی اندر باہر دھوم مچی اور دراصل وہان یہ حال گذرا کہ کسی گانون مین آڑ پکڑکر راجہ کے لوگون نے لڑنا شروع کیا تھا گورون نے چارطرف سے گھیر لیا راجہ مادھو سنگھ جماعت قلیل سے راہ بجبور سے بھاگ کر چلے گئے بعض کہتے تھے یہ غلط ہے وہ لڑرہے ہین بعض کہتے تھے وہ غیرت سے مرگئے پھر خبر آئی کہ ۵۰ آدمیون سے اپنے گھر گئے ہین اگر سرکار سے کمک نہ جائیگی کسیطرح زندہ نہ آسکین گے یہ خبر سنتے ہی راجہ مان سنگھ بہادر نے ازراہ دوستی ہرکارے خبر کو بھیجے اثنای راہ مین دیکھا کہ راجہ دو تین آدمی سے چلا آتا ہی وہ لوگ راجہ مانسنگھ کے مکان پر لے آئے مادھو سنگھ نے قسم کھائی کہ جب تک مین گورونکو نہ مارلونگا نہ کھانا کھاؤنگا نہ پانی پیونگا۔ آخر بھون نے سمجھایا کہ اگر کھانا نہ کھاؤ دودھ پی لو جب طاقت ہوگی تلوار کیکے زور و قوت سے لگاؤ گے غرض نجالت سے دو دن تک کچھ نہ کھایا وجہ اسکی یہ تھی کہ ایسی مار پڑی تھی جسکے رعب اور خوف سے حواس درست نہ تھے اوپر والے کہتے تھے کہ پھر لڑنیکو جاؤ تو گا سب گورونکو مارلونگا مگر بعد اسکے پھر جنبش بھی نہ کی سچ تو یہ ہی کہ جو زمیندار تعلقدار سب سے پہلے آیا خوب لڑا دوبارہ لڑنے سے جی چورایا معلوم ہوا کہ گورے عالم باغ سے اور کمک کو پہونچے توپین چین لین پھر تلنگی داخل شہر اور کمانڈر انچیف عالم باغ مین داخل ہوے۔

تھوڑے سے گورون نے جاکر قلعہ جلال آباد مین دخل کیا وہان پلٹن نجیب سہ بندی تھی اپنی جان بچاکر نکل گئی گورونے کئی دن تک قلعہ مین دھس باندھنے کی تیاریکی پھر معلوم نہین کس مصلحت سے موقوف رہی۔

ہر روز ممو خان کو خبر پہونچتی تھی کہ آج گورے دو سو کل تین سو داخل عالم باغ ہوتے جاتے ہین اس خبر پر نواب اور ممو خان نے اشتہار جاری کیا کہ جو سر انگریز کا لاوے سو روپے انعام پاویگا

اور گوروں کے سر کاٹ لاؤ اور حکم دیا کہ جتنے پل پختہ نہر پر ہیں سب گرا دیے جائیں اور نہر پر باندھنے باندھو اور پلٹن نجیب و تلنگہ کو حکم دیا کہ گرد باغات عالم باغ میں اپنا پڑاؤ کر کے مورچہ قایم کرو۔

محاربہ دھاوا عالم باغ فوج کا جانا فوج انگریزی کا محمد باغ و دلکشا سے آنا

۱۵۔ ربیع الثانی روز یکشنبہ سنہ الیہ کئی رسالے خبگی ٹپالن تلنگہ و نجیب نظامت ملازم قدیم و جدید کلکٹر راجہ جے لال سنگھ کے کر آئے کربلائے میر خدا بخش الماس علیخان باغ دار و غہ عاشق علی نواب خاص محل مصلح السلطان اور جو باغ قریب تھے اور مرزا مہدی علیخان کے باغ میں جو پارہ کے گانوں میں ہے اور کنار شہر پشتہ باندھ رندکشی کی اور جابجا توپیں لگائیں۔

۱۶۔ روز دوشنبہ صبحکو فوج باغی تیار ہو کر کنوسی جلال پور کے میدان میں مقام عالم باغ جا کر ٹھہری ہوئی تھوڑے گورے ادھر سے دو توپ اسپی لیکر نکلے دو ساعت تک دور سے کچھ رد و بدل ہوا کی آخر ناکام پھر آئے ۱۷۔ سہ شنبہ کو ادسی طرح پھر سامنا کیا فی الجملہ بسبب کل کے اچھے رہے اور گورے بھی حد سے زیادہ نہ بڑھے اب قرینے سے معلوم ہوا کہ فوج انگریزی کو تاکہ کربلا سے داخلۂ شہر منظور نہیں کو اسطے کہ بیلی گارد تک شہر سے گذرنا مشکل ہو جائیگا۔

۲۵۔ ربیع الثانی سنہ الیہ مطابق ۹۔ نومبر عیسوی فوج انگریزی عالم باغ سے دلکشا ہو کر بیلی گارد کوٹھی شاہی سے یا شارع عام سے جاے ایک سوار خبر لایا کہ گورے بڑھتے آتے ہیں فوج باغی پیچھے ہٹی آتی ہے راجہ ہانسنگھ نے تصدیق خبر کو اپنا ہرکارہ بھیجا وہ بھی خبر لایا پس فوج بہادر بھاگتی چلی آتی ہے یہ سنکر راجہ نے بھی اپنا سامان چلے جانے کا کیا درد دلت پر تلاطم ہو گیا مموخان نے ہرچند فوج کو مع افسر روانہ کیا مگر جو گیا خدا کے فضل سے اپنا بھاگ لیکر آیا ایک اور ہرکارہ خبر لایا کہ محمد باغ گوروں نے لیا وہاں کی فوج سب بھاگ آئی اور جہاں انگریزی تلنگے ہیں وہ سب گنجہ شہر کو بھی لگائیں جب گورے انکی طرف بڑھے انکی صورت دیکھکر بھاگے کوئی سانسنے نہ ٹھہرا یقین ہے دوپہر تک یہاں اور شہر میں گورے داخل ہو جائیں یہ سنکر مموخان نے مجاہد اللہ و احمد علی خان عرف چھوٹے میاں کو بلوا کر کہا کمبخت نصیر آباد جو دلی سے آیا تمھارے سپرد ہی تم اوسکے افسر ہو پہلے وہ لوگ سات روپیہ کی تنخواہ پر راضی نہ تھے اب اونسے ۱۲ روپے کا

اقرار کیا ہے چار ہزار واسطے چنبے کے دیکر جلد روانہ کرو احمد اللہ شاہ سے بھی دھاوے کو کہلا بھیجا اونہون نے بھی جواب دیا میرے سپاہی بھی بھوکے ہین دو ہزار اونھین بھی بھیجدو وہ بھی چلین اس عرصہ مین گورے میدان دلکشا مین آپہونچے مقابلہ ہوا مجد علیخان نے پانچ آدمیون سے دھاوا کیا بڑی بہادری کی جب نوبت تلوار و سنگین پہونچی یہ سب مارے گئے احمد اللہ شاہ اور احمد علی نے بھی دھاوا کیا پیش نہ گیا اوسوقت تلنگون نے کہا یہان کے کارتوس مین بھوسی بھری ہے اور بدلے گراب کے گرنج بھر رہے ہین یہ سبب ہے کہ سب اہلکار انگریز سے ملے ہین جو توپ ہم مارتے ہین اونپر کچھ اثر نہین کرتی اذکی توپ سے ہمارے سب سپاہی مرے جاتے ہین۔ اوسیوقت در دولت پر آکر داروغہ میر داجد علی کو گھیرا اونھون نے اپنی حکمت عملی سے ٹالا وہ سپاہی جو دلی سے آتے تھے چپکے چلے گئے پھر ممو خان کو گھیرا بھوسی گرابون مین کنے بھری ہے تبا دو اونھون نے میر محمد علی کارندہ کاظم علی داروغہ میگزین کو تبایا محمد علی جو گراب بناتا تھا اوسکا سامنا کر دیا اور کہا دستور گراب بنانے کا یہ ہے کہ اوس مین بھوسی پرتی ہے تلنگون نے کہا یہ سب جھوٹ ہے تم سب انگریز سے ملے ہو ہم تم سب اہلکارونکو مار ڈالینگے غرض پھر جناب عالیہ کے حضور گئے ممو خان کو اپنے ساتھ لیے گئے اور گالیان دیکر کہا یہ انگریز سے ملا ہے اور سب اسکے کارندے اوسوقت روبرو جناب عالیہ نواب رد بکاری ہوئی ممو خان کو بجایا اور کہا جسپر تمھارا شبہہ ہو اوسے مار ڈالو تلنگون نے میر محمد علی اور ایک متصدی جو گراب بنواتا تھا مشکین باندھ سڑک پر لیجا کر مار ڈالا اس امر مین تلنگون کا گمان غلط نہ تھا یہ کارروائی اپنی عاقبت اندیشی سمجھکر کرتے تھے کہ اگر عمل انگریزی ہو جائیگا ہم اسی خیر خواہی کو پیش کرینگے۔

بعد اسکے احمد اللہ شاہ نے اسپر اور لون مرچین لگا تیز کیا کہ یہ گولے اور گراب آر صاحب کے بنواتے ہین جسے سع دو صاحب تین سیم ایک مس کے ساتھ متولی کے راجہ لونا سنگھ نے بھیجا ہے مار ڈالو وہ چاہتا ہے ہماری شکست ہو جاے انگریز کی فتح اور اہلکار بیحد معزز اوسکے ساز کیا چاہتے ہین اسیواسطے آر صاحب وغیرہ کو جان سے نہین مارا بلکہ راحت آرام سے رکھا ہے اپنے بچاؤ کے واسطے چنانچہ تلنگے بگڑ کر صاحبان موصوف کے تلاشی در دولت پر آتے۔

مشورہ بچانے اسیران فرنگ کا پھراونکا قتل ہونا

قبل از داخلہ فوج انگریزی ہمراہ کماندر انچیف بہادر دیوان انت رام وکیل راجہ مانسنگھ اور داروغہ میر واجد علی مین مشورہ ہوا کہ جب تلنگے بھاگینگے غصہ مین اگر یہ وہ ضعیف سمجھکر آر صاحب وغیرہ کو ضرور مار ڈالینگے پس کوئی تدبیر ایسی کیا چاہیے کہ قیصر باغ سے اونھین نکالدو وجہ اسکی یہ ہے کہ جب آر صاحب کی پلٹن ستین علاقہ راجہ بہادر تھی دیوانجی سے کمال خصوصیت سے دوستی ہوگئی تھی اس جہت سے ازراہ حق دوستی اور اپنی شرافت سے ہمہ تن متوجہ اونکی رہائی کے ہوے تھے مگر تدبیر تقدیر سے کبھی پیش نہین جاتی - غرض یہ دونون ممو خان کے پاس گئے اور کہا تمکو آر صاحب کا مار ڈالنا یا بچانا منظور ہے جواب دیا حتی الوسع بچانا میر واجد علی نے کہا کہ اس مکان سکونت مین تانگون نے صاحب کو دیکھ لیا ہے ایسا نہو کہ زبردستی چھینکر لیجا کر مار ڈالین دوسری جگہ رکھنا چاہیے ممو خان نے کہا اسمین جو تم مناسب سمجھو اوسوقت داروغہ نے نجیب جوہرے پر تھے کہا کہ تمکو ہم ستوستور روپے دینگے اونکو دوسرے مکان مین لیچلو وہ راضی ہوے اور دیوان انت رام سے یہ صلاح ٹھہری کہ جب قیصر باغ سے یہ نکل آوین تم گڑھی شاہ گنج مین انھین بھیجدو وہان سے الہ آباد کو - چنانچہ داروغہ نے مال اندیشی سے اپنے عیال کو پہلے نکالدیا اور پانسو آدمی راجہ کے قریب اسام باڑہ نواب ملکہ زمانیہ آکر کھڑے ہوے اور یہان دو ڈولیان تیار کین اسباب بھی لدچکا فقط اسیرون کے سوار ہونے کی دیر تھی بیچ خان سپاہی ساکن خیرآباد نے کہا شاید راہ مین کوئی تلنگا یہین لوگون کے ہم ڈولیون کے ساتھ نہ جائینگے اور اونسے خفیہ جاکر ممو خان سے یہ ماجرا کہدیا کہ آر صاحب کی تدبیر نکالنے کی ہوچکی ہے آپ سے ازراہ خیرخواہی عرض کیا ہے کہ اس بے حیا نے تلنگون سے جاکر یہ راز کہدیا ممو خان نے کہلا بھیجا تم کیا کر رہے ہو تلنگے سب برائے ہوتے ہین ایسا نہو اسی حیلے سے ہم تم سب کو زیر تیغ لے ڈالین اونھون نے جواب دیا کہ تمہارے بموجب تمہارے اجازت کے انھین قیصر باغ سے علیحدہ رکھنا چاہا ہے ممو خان نے کہا آج ملتوی رکھو کل لیجانا بعد اسکے شاہ جی کو مفصل یہ خبر پہونچی اوسنے تلنگے بول پلٹن کو بھیجدیے اونھون نے آکر نبد وقین ممو خان اور شرف الدولہ پر رکھدین اور کہا آر صاحب کہان ہے داروغہ

میرو امجد علی منصور نگر مین نواب خرد محل کے پاس اسی بندوبست کو گئے تھے وہ تو اوسوقت اپنی قسمت سے بچگئے اور جنابعالیہ اور نواب نے بھی اس امر مین بُری کہدی مگر شاہ جی نے نہ سنا کہ ایسی رعایتون سے فتح مین دیر ہوتی چلی جاتی ہی غرض اوس دن تلنگے صبح سے آئے تو آخر آر صاحب وغیرہ کو شاہ جی کے پاس لیگئے صاحب موصوف نے جاناکہ تلنگے آپہونچے آپ اوس مکان سے ازراہ تہوری باہر نکل آئے شاہ جی نے آر صاحب سے کہا تم تندرست اور بہت تیار ہو کچھ قید مین تکلیف نہین ہوتی وگرنہ دُبلے ہوجاتے اور مکان بھی سب طرح سے میر کرسی اسباب سے آراستہ تھا تمھین کون اسطرح کے آرام سے رکھتا تھا اوسکا نام بتاؤ صاحب نے کہا مین نہین جانتا لیکن ایک مشہور داروغہ اور جمعدار تھا وہ اکثر میرے پاس آیا کرتا تھا تلنگون نے کہا بہتری ہے سچ بتاؤ وگرنہ ہم تمکو مار ڈالینگے غرض جب قریب تارے والی کوٹھی پہونچے اور شاہ جی بھی متواتر یہی کہتے گئے آخر ایک تلنگے نے صاحب کے بازو مین گولی ماری اور کہا اب بھی خیر ہے تم نام اوسکا بتاؤ تمھین ہم چھوڑ دینگے وگرنہ مار ڈالینگے صاحب نے کہا مین مطلق نہین جانتا خلاصہ چارون صاحبون کو محاذی صحن کوٹھی قریب سڑک شارع عام واقع دروازہ سیاہ تپلی قیصر باغ کے مار ڈالا کپتان آر صاحب اوسوقت بڑی بہادری سے کلمات سخت تلنگون کو کہتے جاتے تھے وہ بیچارا ظالم ابھی ایک گولی مار کر ٹھہر جاتے تھے کہ انھین بہت سی تکلیف زخم ہوا آٹھ گولیان کھاکر گرے اوسکے بعد ۳ دن تک میرو امجد علی کی تلاش رہی وہ روپوش ہوگئے تھے دیوان انت رام چھپکر جان بچاکر بھاگے قیصر مین پھرتے پھرتے انکین عیش باغ پہونچے جہان راجہ بہادر کے لوگون کا پڑاؤ تھا راجہ صاحب بھی سیدھے چلے گئے تھے ورنہ تدبیر یہ ہوچکی تھی کہ ایک وقت خاص مین یہ سب کہارون کی ڈاک مین شاہ گنج روانہ ہوجاتے اور غیر متعارف گومتی کے گھاٹ سے اوترتے چنانچہ دو سو روپیہ کی کشتیان بھی عبور کو مول لے چکے تھے اور شاہ گنج تک برابر ڈاک کہار اور سپاہ کی بٹھا دی تھی بلکہ اوس سے زیادہ تدبیر کی تھی کہ بایسیون سے عقب کوٹھی نواب روشن سنگھ دلوا کر ان اسیرونکو بے تکلف نکال لیجائین مگر اجل نے رازدانی کو کھولدیا مگر اوس نیکی و حق خدمت کا ثمرہ بقدر مقسوم قلیل یا کثیر سرکار سے پنکنامی و عشائر غت حاصل ہوا چنانچہ دیوانجی کو اس جلد مین ۱۲ گاؤن معاف ہوئے اور نام نیک خیرخواہی سرکار مین مندرج کتاب اور زبان زد حکام ہوا۔ میرو امجد علی ذی بانسو روپیہ کی

اشرفی شاہ جی کے پاس اور ایک عرضی بھیجی کہ تمھارے تلنگے ناحق درپے میری جان کے ہو گئے ہین چاہتے ہین کسی حیلہ سے مار ڈالین محض مجبور بہتان کرتے ہین بغیر آپ کی عنایت کے میرا بچنا دشوار ہے امیدوار ہون ایک پروانہ امان عنایت ہوا وسکے وسیلے سے میری جان بچیگی شاہ جی نے پروانہ بھیجا پھر آکر اپنے کاروبار مین مشغول ہوے پھر تلنگے متعرض نہوے شاہ جی نے بہت اسباب روپیہ اشرفی ہر طرح سے لیا مگر نہ اونکا خرچ معلوم ہوا اور نہ ادسکا قیام کسی کے پاس معلوم ہوا سب منظلے اپنی گردن لیگئے

محاربات مکانات شاہی

جب فوج انگریزی میدان دلکشا مین پہونچی رانکو پورن داروغہ کے مکان مین ٹھہر کر پشتہ اور پل نہر کا باندھکر صاحبکو نواب مبارزالدولہ کے مکان پہونچی جو کچھ وہان رہگیا تھا لوٹا اور نواب پیشتر اس ہنگامہ کے شہر مین چلے گئے تھے گانون اور محلے جو قریب نہر تھے سب مین آگ لگادی سارا شہر روشن ہو گیا تھا اور باغی ہر مورچے سے کچھ لعنت بھیج رہے تھے اور بندوق کی گولی آتی تھی اور ہر جگہ غالب ہوتے جاتے تھے۔

جب صبح ہوئی نئی شرک جو گورون نے قریب خورشید منزل بنائی تھی تلنگون سے لڑائی شروع ہو گئی جب گورون نے سکندر باغ لینے کا ارادہ کیا خورشید منزل سے گولے اور گولی کی مار پڑنے لگی سکندر باغ مین اور شاہ نجف مین دو ہزار تلنگے نجیب سکہ ٹھرے تھے باڑھ بندوق کی اور موتی محل سے گراب توپ کا پڑنے لگا مگر گورون نے بڑی بہادری سے سکندر باغ کو گھیر لیا اور پھاٹک سے اندر باغ کے دھاوا کیا تلنگے جب گھر گئے راہ کسیطرف سے بھاگنے کی نپاتی حوض مین گر گر کر مرگئے اور جو دیوار سے پھاند کر نکلے مارے گئے مگر بڑا کھیت پڑا ۱۲۲ فسر ہندوستانی جان سے مارے گئے ۲۴۵ زخمی تیم جان بچے انمین سے تھورے زندہ رہی باقی مرگئے اور ۲ نومبر سے ۸ تک ۱۰ افسران سے اور ۲۳ زخمی ہوے اور کماندر انچیف بھی زخمی ہوے اور جنرل ہیل صاحب کے بھی گولی لگی۔

پھر فوج انگریزی چوپڑ کے صحیل پہونچی حضرت گنج نہ گئی اس جہت سے کہ دھاوے کے سپاہی ہر طرف

بہت ہوشیار تھے احمد الدین شاہ بھی اپنی سیاہ سے دور دور لڑتا رہا حضرت گنج مین ٹکڑا اگوٹ کا اوسکے دہنے ہاتھ مین لگا زخمی ہوکر بھاگے پھر گورے لڑتے فوج باغی کو بھگاتے موتی محل تک آئے جنرل اوٹرم بہادر نے اپنی فوج سے بیلی گارد سے دھاوا کیا موتی محل تک میدان صاف کر دیا بسطح کر ڈالے کو جھاڑ ڈالے ہین مورچے باغیون کے اوٹھ گئے جب چتر منزل مین آئے ادھر سے کمانڈر انچیف ہویلاک صاحب بہادر فوج سے گڑھ بھڑ کر پہونچے دونون جنرل سے ملاقات ہوئی اوسدن بھی عجیب معرکہ طرفین سے ہوا اور چتر منزل سے دلکشا تک کمانڈر انچیف کے لشکر کا پڑاؤ پڑا نصرت باغ کو کھود کر سڑک لب دریا نچائی کر ایک درجہ مابین فوج بخش اور چتر منزل دریا مین رہتا تھا ہموار زمین دوسرا درجہ ہوگیا اور تختے واسطے بچاؤ گولہ قیصر باغ کے ہموار کر دیے تین توپین بھاکی بانہ بھکر موتی محل مین لگائین اور گراب مارنا شروع کیا پھر میدان قیصر باغ تک کوئی نہ ٹھہر سکا گولے بم کے موتی محل اور پارکی کوٹھی سے قصر باغ مین علی الاتصال آنے لگے فوج باغی جو ہر طرف پھیلی ہوئی تھی جابجا متفرق ہوکر گوشہ امن ڈھونڈھنے لگی۔ صاحبان عالیشان کو منظور یہ ہوا کہ بچون اور میم کو بیلی گارد سے نکال کر بیجاوین گورے ایک دفعہ یورش کرکے دردولت پر آئے پکار کے کہنے لگے پھاٹک کھولو ہم آپہونچا ایک توپ دروازے پر لگی تھی اوسکے گولندار بھاگ گئے اتفاقاً بیشیر الدولہ کی دوکانون مین ایک بھٹیارا رہگیا تھا ایک شخص اور بھی راہی پیدا ہوگیا یہ حال دیکھکر وہ توپ جو بیشیز سے بھری ہوئی تھی اوسے دور کر مہتاب دی دفعہ سامنے سے گورے کر گئے ان دونون نے پھر چھرہ توپ مین دیکر داغدیا اسفلک کا کچھ خیال نہ کیا ناواقف تھے حرارت آگے سے توپ چل گئی خود بچ گئے تیسرے چھرے مین گورون کے منہ پھر گئے اس عرصے مین حضرت گنج سے ایک پلٹن جو سب کے پہلے دلی سے آئی تھی آپہونچی اونسے پیچھے سے کمر ہائی گورے سیدھے رمنہ مین چلے گئے

دوشنبہ کو جب نواب نے یہ حال باغیون کا دیکھا اپنے جان نثارون سے نشان محمدی قیصر باغ سے اوٹھاکر بقصد جہاد ایمانی باہر نکلے ہندو مسلمان کو غیرت دلائی کہ جنے حمیت غیرت مذہب ہو اسوقت مین اپنی جانکو عزیز نہ کرے جب باہر کے جلوخانے علم لیے آئے فہرا فہرا فیلسل من عبادی الشکور ایک بھی نہ تھا بلکہ جتنے تھے سب جنرل صاحب کے دولتخانہ کی کھڑکی سے سیدھے سر جھکائے

باہر چلے گئے کسیکے پیچھے پھر نہ دیکھا آخر ہزاروں گالیوں کے چھرے پڑنے لگے وہ سب سنتے چلے گئے کسیکے کانوں پر جوں بھی نہ رینگی۔

جب صاحبات محل نے غازی مردوں کا یہ حال دیکھا پا برہنہ سر سیمہ پریشان حال دامن پھرے پائچوں کے اپنی تہلی کمروں سے محکم باندھی ہوئے باخفیف مثل پاندان وغیرہ اشیاء بیش قیمت بقدر تحمل وقت بدا و ٹھائے ہر شخص سے پوچھتی تھیں کیوں بھائی جب گورے محل میں آئینگے ہم کس دروازے سے کس طرف کو جائینگے جناب عالیہ نے اوسوقت حالت یاس میں مرزا برجیس قدر کو تبرکاً پوشاک سبز پہنائے اور اپنے حاضرین سے کلمات یاس فرماتی تھیں کہ ہمین فوج خونخوار چھوڑ کر چلی گئی پھر ارکان دولت نے تجویز کیا کہ اگر جناب عالیہ یہان سے شہر مین جاکر کسی مکان مین رہین تو بہتر ہے مگر خود جناب عالیہ نے ثابت قدم رہنا باہر کے پھاٹک مین قفل دلوا دیا اور سبکو یقین ہوا کہ اوسوقت صاحبات محل قیصر باغ سے باہر نکلین بے شبہ فوج باغی سب کے سب گھر والے کے گھر کو لوٹ لینگے ایک تنکا نہ چھوڑینگے۔

غرض صبح دوشنبہ سے شام چارشنبہ تک حالت سکرات رہی سہ شنبہ کو علی محمد خان نے پھر علم اوٹھایا اور قرآن شریف کو مثل خبگ صفین باوسین باندھکر اوٹھایا ایکساعت تک کلمات یاس فہمائش سے کہتے رہے کوئی مسلمان تعظیم قرآن کو بھی اوٹھا آخر آبدیدہ ہوکر قرآن اور علم کو بجرے مین رکھدیا سب کے دماغ مین خلل آگیا تھا کہ اونمین سے کوئی انجام کار کو نہ سمجھا اگر یہ سب فوج مطیع حاکم وقت ہوتی اور عدل و انصاف سے پرورش رعایا سے ہاتھ نہ اوٹھاتی تو کیا عجب ہے کہ یہ روز بد دیکھتی ع دشمن نتوان حقیر و بیچارہ شمرد۔

یہ خبر بھی مشتہر ہوئی کہ گورے جو موتی محل سے بم کا گولہ برسا رہے تھے جنرل صاحب نے حکم دیا تھا کہ اس مقام پر گولے لگانا اگر قیصر باغ خالی ہوجائے بہتر والا وست بردار ہوجانا اسکا شاہد حال خود گورؤں کا کلام ہے کہ انھوں نے پکار کر یہان کے سپاہیون سے کہا کہ ہماری بات یاد رکھو کل ۱۰ بجے ہم قیصر باغ مین حاضری کھائینگے یا اپنی ولایت چلے جائینگے اسکو سنتے ہی صاحبات محل کو یاد آیا اب قدرت خدا کو دیکھا چاہیے کہ بم کے گولون سے دوار و دولتخانہ قدیم مثل کھربال ہوگئی تھی اور قیصر باغ مین ہر مکان پر مینھ برس رہا تھا ہوا مین تھوڑا بلند زمین سے رہ کر پھٹ جاتا تھا اور

آدمیون کے مجمع مین گرپڑتا تھا زمین مین دھنس جاتا تھا یا کوٹھے کی چھت یا دیوار پر گرتا تھا مگر اس کثرت بارش مین فقط ۷ - آدمی مجروح اور دو جان سے گئے باقی کسیکو صدمہ نہ پہونچا اگر گوندیے انگریزی ہر روز ہر طریق سے پکڑے جاتے تھے قید ہوتے تھے زر نقد روپیہ اشرفی اونکے پاس ہوتا تھا چھین لیتے تھے اور اکثر کو تلنگے جھنجھلا کر گولی مار دیتے تھے ایک گوندے کو چترمنزل مین خلاف شاہدہ صاحبان عالیشان جو دوربین سے دیکھ رہے تھے تکذیب خبر پر گولی سے مارڈالا اسے لوگ کرامات سمجھے تھے یعنی اونسے خبر دی کہ قیصر باغ مین بہت شمردہ لوگ رہ گئے ہین اور سب بھاگے جاتے ہین اور چترمنزل کی کوٹھی سے بہت سے لوگ سبز پوش ہر مقام پر دوربین سے نظر آتے ہین یہ اسرار غیبی تھا کسواسطے کہ مفتاح الدولہ بھی کہتے تھے کہ فی الحقیقت مجموع ۶ - آدمی سب رہ گئے تھے واللہ اعلم -

تلنگے سوار بھاگ کر عیش باغ آعامیر کی سرایلچ آباد - گشائین گنج پہونچے - احمد اللہ شاہ بھاگ کر نواب علی نقی خان کے مکان گاؤگھاٹ مین گئے باقی تلنگے شہر سے دس پندرہ کوس نکل گئی شاہجی نے اسباب بارہ دری نواب پر قبضہ کیا اور فقیری بڑھا کر نواب سے کہنے لگا سب قتل قتل - بعد اسکے انگریز قتل - مطلب یہ تھا کہ مین صاحب کرامات ہون فوج نے برجیسقدر کو باوشاہ کیا سمجھے نہ کیا پہلے سب فوج قتل بعد اسکے رہا یا کہ میرے شریک دین نہوئی - برجیسقدر نے میری سعی کی بعد اسکے مین اپنی کرامات سے سب گورے اور انگریز سے قتل کردیتا جو میرے شریک ہوتے وہ بچ جاتے اگر کوئی افسر یا تلنگہ شاہ جی سے کہتا تھا کہ آپ دھادیکو چلین نماز کرتا تھا جب برجیسقدر اور اسکی مان میرے قدم پر سر رکھیگی بعت کریگی اوسوقت جاکر سبکو ایک دم مین قتل کردونگا واد - تو کارے زمین رانکو ساختی -

جب فوج انگریزی نے تارہ والی کوٹھی لے لی قیصر باغ سے فوج بھاگی محلات محلی مین تلاطم پڑگیا بنا بعالیہ نے اوسوقت مرنے پر کمر باندھکر سید الشہدا کا ماتم حلقہ عورات مین شروع کیا جب نواب نے یہ حال سنا علم لیکر باہر آئے اور کہا جسے مرنا ہو میرے ساتھ چلے اوسوقت قیصر باغ مین تقریباً دو سو آدمی تھے اونمین دو سو مرنیکو تیار ہوئے میر مصدر علی نے نواب سے عرض کی کہ علم سید کے ہاتھ مین پڑا جاہتا ہے میر رضا علی اپنے وکیل کو آگے کیا کہ یہ سید ہی سہا دیتے ہی چنانچہ علم نواب

لیکر سر فدا علی کو دیا وہ پچیس تیس قدم آگے بڑھا جاتا تھا نواب مع اپنے جان نثار پیچھے چلے جاتے تھے بشیر الدولہ کے مکان کی طرف سے ارادہ دھاوے کا کیا ادھر سے گراب توپ چلی پھر کسیکا آگے قدم نہ بڑھا بھاگنا شروع کیا نواب بھی مع اپنے یارغار پھر کر چلے آئے

جناب العالیہ نے اپنی سواری دربیسقدر کی منگوائی تیاری بھاگنے کی کی اوسوقت ممو خان اور افسرون نے سمجھایا کہ ہم تھوڑی دیر مین فتح کیے لیتے ہین آپ کیون گھبراتی ہین آپکے چلے جانے سے سبکو ہراس ہوجاویگا گھر سب لٹ جائیگا پھر کوئی تدبیر نہ بن پڑیگی۔

صاحبان عالیشان نے ایک نشان جو قریب چینی بازار نصب کیا تھا اوسے فوج باغی نے لیلیا تھا کچھ نجیب متبرہ جنت آرامگاہ مین رہگئے تھے اور گورے بم کے محل مین متصل چلے گئے تھے چنانچہ، بم کے گولے محل مین ٹوٹنے باغی کا شمار نہین اوسی رات کو ہرکارہ خبر لایا کہ متبرہ کے نیچے سرنگ آتی ہے جتنے سپاہی مورچہ متبرہ پر تھے وہ سب بھاگے آتے ہین بلکہ سب بھاگ گئے نیری مہدی اوستاد احمد حسین اتالیق بتصدیق خبر کو گئے زیر قدم کھٹ کھٹ کی آواز سنکر بھاگے محمد قاسم رسالدار ۵ رسالہ کو حکم ہوا کہ وہ بھی گئے اب یقین سرنگ کے آنے کا ہوگیا پھر سائی برس سپنرس کے سپاہیون نے اوس سرنگ کو کاٹ دیا گورے نے ادھر سے بندوق ماری ادھر سے مانگون نے گولیان ماریں دونون گرپڑے محل مین ہل چل پڑگئی رات بھر بم کے گولے برستے رہے ہوتی محل کے سامنے جو انگریزی توپین لگی تھین اونسے فوج باغی نما نماک مین دم ہوگیا تھا ادھر قیدی وغیرہ مورچہ بناتے تھے ایک دم مین گر جاتے تھے توپین ادھر سے بھی جھانکی باندھکر لگائی تھین ایک دو ہی جھنکار دو سہ کا لاکھپو تیسرا کالاناگ۔ چوتھی کوہ لرزان۔ انکا گولہ بھی برابر سے چلا کیا مگر انگریزی گولہ انداز آواز پر گولہ مارتے تھے چنانچہ ایک گولہ انداز نے شست باندھکر ایسا گولہ لگایا کہ دردولت کی چھت پر سیاہ تصویر تھی اوسکا ہاتھ اڑ گیا صبح کو ہرکارہ خبر لایا کہ گورون نے تارہ والی کوٹھی سے بی محمد قاسم یعقوب خان کو حکم ہوا کہ تم جاؤ کوٹھی کو چھڑاؤ اگر یہ کوٹھی نہ چھوٹی پھر کسی سے بچ نہ ہوسکے گا سب کارخانہ درہم برہم ہوجائیگا اگر اسمین کوشش کروگے بہت سا انعام پاؤگے چنانچہ صبح سے خوب لڑائی رہی پھر خدا جانے کیا ہوا گورے از خود کوٹھی چھوڑ کر چلے گئے جب باغیون نے بالکل قبضہ کرلیا اوسوقت گورون دھاوا کرکے باغیونکو گھیر لیا ایک

بعض کہتے ہین کہ ہیضہ وبائی ہوا بہرصورت اس صاحب عالیشان کے مرنے سے صاحبان عالیشان کو بڑا صدمہ ہوا بڑے بہادر خیرخواہ دلسوز سرکار تھے اور سرفروش جناب نواب ملکہ معظمہ دام اقبالہا انکی بی بی کیواسطے ہزار پوند سالانہ یعنی دس ہزار روپے پنشن مقرر فرمائے اور انکے بیٹے کپتان ہنری مارٹن ہویلاک جو اپنے باپ سے خوبیون مین کم نہین پنشن سالانہ دو ہزار پوند مقرر ہوا فوج مین میجر اور مرتبہ امارت مین بارنٹ ہوے از روے اخبار۔

روز دوشنبہ ۵۔ ربیع الثانی مطابق ۲۹۔ نومبر ۱۸۵۷ء قبل از طلوع افتاب سپاہی جو مقابل بیلی گارد مورچے پر تھے اونھون نے موافق معمول گولیان مارین اُدھر سے جواب نہ آیا بلکہ ایک سناٹا معلوم ہوا پہلے حیران تھے مگر کسیکی جرات آگے قدم بڑھانے کی نہ پڑی ایک دو سپاہی کا منھ دیکھنے لگا استخبال سے شاید کہ پلٹنگ صفحہ باشد آخر ایک پاسی ترہی نواز جرات کرکے جا کودا۔ وہان پہنچکر ترہی بجائی بس یہ آواز صدا منادی سنتے ہی جتنے نامرد تھے سب مورچون سے نعل بچاتے مثل مور بلغ بیلی گارد مین پہلے اور رعایا شہر محتاجین ناامید دستیابی قسمت آزمائی سمجھ کر کٹنے لوٹنے لگے ہرچند وہان سوا پس خوردہ اور فضلہ اسباب کے کچھ نرہا تھا مگر اونکے نزدیک یہ بھی داخل غنومات غیبی تھا۔ گودامون مین غلہ نکہ ناقص کیہ دن سے پڑا رہگیا تھا وہ سب مال مفت سمجھکر لوٹا تو مین چھوٹی بڑی جابجا مورچون پر بازمین مین گاڑکر ناقص کرکے چھوڑ گئے تھے ہر پلٹن کے سپاہی نے پہچان کر اوٹھالین اور کیسی خوشی سے لے گئے جیسے گویا آپ لڑکر میدان سے آئے تھے ہزارون گولے گولیان شیشہ کی اور سلین لین اور کئی آلات غیر متعارف ڈاک گھر مین تھی یہ سب اصل سرکار کے لکھنؤ سے صندوق بارود اور بم کے گولے نکالنے لگے اس احتمال سے کہ شاید روپیہ ہوگا لطیفہ یہ ہے کہ ایک تلنگہ بم کا گولہ اپنے دونون پانون مین رکھکر رکھائی سے توڑنے لگا اتفاقاً چوٹ سے لوہے کی آگ دی دفعتہً وہ پھٹا پہلے وہ تلنگہ کرہ نار مین اور گیا اور کئی آدمی پاس کے زخمی ہوے۔ بڑے صندوق چوبی تہ خانے مین سامنے برآمدے کے اور بہت سے ٹاٹ کے بورے پیسون کے بھرے ہوے دیکھ روپیہ سمجھکر آپسمین لڑنے لگے جیب پیسے دیکھے بانٹ لیے باغین باغ مین اسباب چوبی وغیرہ کمد و فضول جان کر جلا گئے تھے اوسکا خاکستر دو تک دورہ مین دیکھا اور ہر کوٹھی مین متفرق اسباب چوبی مینز کرسی۔ کوچ تپائی۔ الماری شیشہ آلات ظروف چینی مسی آہنی ٹن جو رہگیا

تھا وہ سب لٹا ہزارون کتابین انگریزی لیتن فی من ایک روپیہ آتشبار اور منباریون فی پیلین دو تین لاشین جابجا پڑی تھین اور احاطہ گرجا مین مقتولین کی قبرین تھین ایک بڑی سرنگ سمت شمال جانب دریا پہلوے کوٹھی رزیڈنسی سے اور آکر چلے گئے تھے وہ فقط جلکر رہگئی تھی بلکہ پہلے بیشتر سپاہی جو لوٹ کو دوڑے جاتے تھے ۱۵ آدمی اوسکے اوڑنے سے اوڑ گئے تھے اوسی کوٹھی سلطانی جو جہتر منزل فرح بخش وغیرہ مین تھی سپاہ باغی نے شمول بیلی گارد کر کے لوٹنا شروع کیا ہرچند سرکاری لوگون نے منع کیا ایک نے نہ سنا مثل خیمہ پشمینہ و شیشہ آلات ظروف چینی مسی نقرہ طلا وغیرہ مفتاح الدولہ نے جاکر کہا کہ یہ مال سرکاری ہے کیون لوٹتے ہو گولی مارنے کو مستعد ہوے۔

جب فوج باغی کوٹھون کا اسباب بھی لوٹ چکی رزیڈنسی کی کوٹھیون کے کھودنے پر مستعد ہوئی کئی مہینے تک وہانکی لکڑی کھود کر جلائی شہر کے تماشہ مین خیرخواہان سرکار و صاحبان دنیقہ و نیشن جو قید جوق کئی مہینے جتنی کوٹھیان اور مکان احاطہ رزیڈنسی مین تھی سب گولے اور گولیون سے غربال ہوگئی تھین مگر کوٹھی گنیس صاحب میجر پائن اور ایک درجہ کوٹھی بخشی علی خان فی الجملہ لایق سکونت معلوم ہوتا تھا اور ہر کوٹھی کے جلوخانے مین وسعت اور گنجایش ہزار ہا آدمی کی تھی بشرطیکہ سامان رسد وغیرہ خراب نہ جاتا اور گرد ہر کوٹھی کے خندق و سرنگ بھی دی تھی غرض صاحبان فہم کے نزدیک مقام عبرت ہے کہ اسی احاطہ رزیڈنسی مین ایک دن نواب منتظم الدولہ کے چھاتے اور حقہ کی ممانعت میڈک صاحب نے کی تھی اور زمان سابق مین اسی احاطے سے مرزا وزیر علیخان نواب ناظر محمد تحسین علیخان نکل نہ لیجا سکے تھے آج اوسی احاطے کی یہ صورت مثل خرابہ دکھلائی معلوم نہین کل کونسی صورت دکھائیگا ۵ مہینے تک صاحبان عالیشان مع کثرت میم و اطفال وغیرہ اس بند زندان مین رہے اور پھر کس عظمت و شان بہادری سے لاکھون مین سے بہ سلامت نکلے چلے گئے ۔ ؎

این کار از تو آید و مردان چنین کنند

رکن الدولہ نواب محمد حسنخان ۱۲ صفر ۱۲۷۴ھ مطابق نومبر ۱۸۵۷ء مرض اسہال سے جیل مین مرگئے اور زیر درخت برگد برابر قبر شہید مرد گرگئے اونکی قبر بیلداردن نے پورب دیکھ کھودی تھی فوج باغی نے اوسے دفینہ خزانہ سمجھکر کھود ڈالا تھا لاش کفن مین نظر آتی تھی کئی دن تک

قبر کھلی رہی اہل شہر نے قرنیے سے پہچانا تھا اوسکے بعد اونکی اولاد نے بنوادی اونکا پنشن بھی سرکار سے جاری ہوا مرزا حیدر شکوہ کہتے تھے کہ نواب کو ہیضہ ہوا تھا دو تین دن مین فی الجملہ طبیعت ٹھہر گئی تھی صاحب ہستم سے یخنی حلوان کو طلب کیا تھا اونھون نے ایک ران بیل کی بھیجدی مین نے منع کیا کہ از براے خدا اسکی یخنی نہ بنوانا نمانا اوسی گوشت کی یخنی پی بعد چند دقیقہ کے کہنے لگے ہین و آسمان مجھے زرد معلوم ہوتا ہے آخر ہلاک ہوے۔

راجہ بلسی پور بیمار تھے وہ اپنی قضا سے دلکشا مین مرگئے اوسی صبح کو گنگا دین ہرکارہ بلیگارد کے خالی ہونے کی خبر سرکار مین لایا تھا کہ جتنے مکانات شاہی ہین سب سے فوج انگریزی جلی گئی ہے ممو خان نے اوسے روپے انعام دیے میر واجد علی مقبرۂ جنت آرامگاہ پر گئے دیکھا کہ ہزار دن آدمی بیلی گارد کو لوٹ رہا ہے۔

نانا راؤ نے قبل از داخلہ فوج انگریزی ہرکارے مقرر کیے تھے کہ جب فوج بیلی گارد سے اسطرف بڑھے مجھے خبر کرنا اور اپنا اسباب چھکڑون پر بار کرکے مستعد بھاگنے پر ہو رہے تھے۔

اوسی دن ناعاقبت اندیش غافلون سے اخبار مختلف مشہور ہوے کوئی ممو خان کوئی جنابعالیہ سے عرض کرتا تھا انگریز خوف سے بھاگ گئے اب کبھی لکھنؤ کا ارادہ نہ کرینگے جنرل لیگ صاحب نے اسیطرح قلعۂ بہرت پور کو چھوڑ دیا تھا کوئی کہتا تھا ایک چھٹی جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا کی ولایت سے آئی کہ بہ مجرد دیکھنے حکم چھٹی کے لکھنؤ کو چھوڑ دو کوئی کہتا تھا نانا راؤ فوج لیکر کانپور گیا ہے اسواسطے یہان سے چلے گئے کوئی کہتا تھا معجزہ ہوا افواج سبز پوش غیبی کے دیکھنے سے چلے گئے خوشامد سے کہتے تھے سب جنابعالیہ پر تائید خدا انگریز پر قہر خدا ہے اب کبھی دھر کا رخ نہ کرینگے یہ اقبال حضور ہے اب چین سے سلطنت کیجیے۔

تیسرے دن یہ خبر آئی کہ خرل مارٹن کی بیبیون کے پاس لاکھون کا جواہرات بیش بہا ہی اور اب وہان سے جمع کرکے لیے جاتے ہین اگر کوئی سد راہ ہووے سب مال چھین لاوے ممو خان نے سب افسران فوج باغی سے کہا جو یہ اسباب اور سونا لوٹکر لاوے چہارم اسباب اوسکا ہی سوا اسکے انعام کے اوسوقت منشی گلاب رائے منشی ستیل سنگھ اجیٹن پلٹن نادری جو بطور سکھدیال تھانہ دار کے ساتھ ہے اوسنے عرض کی کہ اگر ستیل سنگھ کو حکم ہووے فوراً تعمیل حکم کرکر

کرنیگا جب اوسے یہ حکم پہونچا وہ ۴ کمپنی ایک کمپنی کچھ سوار ایک توپ لیکر چلے تین طرف گیا دو اونٹ مادہ گاؤ پچاس بھیڑین پکڑ لائے اور ظاہر کیا کہ مین نے انگریزون کو مارا گورے لاشین اوٹھا کر لے گئے باقی جو ملا لے آیا اب پھر جاتا ہون ایک دوشالہ ایک دل پانسو روپیہ نقد اور جو اسباب لاتے تھے اونکو دیا گلاب راے اپنے اجیٹن کی بڑی سبادی لیہ رہا تھا حالانکہ وہ اسباب رعایا کا لوٹ لائے تھے یا خود مول لے لیا تھا۔

جب یہ خبر عام ہوئی کہ نانا راؤ نے کانپور پھر لے لیا اور یہان آیا چاہتے ہین عالم باغ سے بھی تھوڑے سے گورے چلے گئے ہین ارکان نود دولت نے یہ صلاح کی کہ اب عالم باغ کو خالی کر لیجے کسواسطے کہ فوج انگریزی مع اسباب اور بیبیون کے آلہ آباد گئی ہے چند گورے زخمی بیمار سکھ وغیرہ اکیسو کئی شمار مین رہگئے ہین پھر قصد کانپور کا کرنا کہ وہ ملک قدیم ہے ہاتھ سے نجانے پاوے ابلاغ حکم بنام تعلقدار زمیندار اطراف اضلاع جونپور بریلی۔ رسول آباد وغیرہ جاری ہوا کہ فضل خدا سے بیلی گارد فتح ہو چکا چند چند انگریز گورے جان بچائے مع جواہرات وزر خطیر لیکر کانپور کیطرف بھاگے ہین جو انکو زندہ یا سر لائیگا جاگیر وخلعت وانعام بہت سا پائیگا اور ایک سال کا بیبا بھی معاف ہوگا

نانا راؤ دولت خانہ مین اوترے تھے اونھون نے نگاہداشت فوج شروع کی چنانچہ فوج سفرورد ہلی وغیرہ مُرار کا کمپ نوکر رکھکر قریب دو ہزار یہان آئے تھے اور صرف تنخواہ وغیرہ اس روپیہ پر تھا کہ قریب لاکھ کے جواہر رہن اور فروخت لکھنؤ کے مہاجنون کے ہاتھ ہوا تھا اور دو بڑی توپین اور کچھ فوج اس سرکار سے طلب کی جب نہ ملی ناخوش ہوے اور اکثر اونکی سپاہ نے شہر مین لوٹ شروع کی اوسوقت سرکار سے حکم پہونچا کہ تمھاری فوج شہر کو لوٹتی ہے اسے شہر سے باہر رکھو اونھون نے جواب دیا ہماری تمھاری دونون لوٹتی ہے یہ بات خلاف طبع سرکار ہوتی اسکا کورٹ ہوا کہ آج اُنھون نے یہ بات کہی ہے ایسا نہو کل کوئی فتور ریاست مین ڈالین انکار ہنا مناسب نہین افسرون نے کہا اوسکی کیا اصل ہے نکال دیے جائینگے مگر مہان سرکار ہین یہ امر خلاف ریاست ہے اس بہت سے یہ امر ملتوی رہا

نقل عجیب سانحۂ خاص شہر

جب فوج انگریزی نہر ہی سے داخل مکانات شاہی ہوئی رعایا غربا جو وہان رہتی تھی سب بھاگ کر شہر مین جابجا جا کر رہی اتفاقاً ایک غریب اپنے مکان مین رہگیا تھا دن کو گورون کے ڈر سے باہر نہ نکلا قریب شام گھر سے باہر نکل کر گیا ۴ گورے اوسکے گھر مین چلے آئے عورتین ایک دالان مین کھانا پکاتی تھین گورون نے دیگچی سے خشکا۔ روئی۔ گوشت ساگ دال اپنی کرتہ کے دامن مین رکھا ایک کونڈے مین گرم گرم پیچ چاولون کی تھی اوسے ایک گورا اوٹھا کر مُنھ لگا کر پینے لگا کہ دفعۃً فوج مین ہوگل ہوا گورے دوڑے چلے گئے اوس گورے کی پاکٹ ہمیانی گرپڑی گھر کی بی بی نے اوسے اوٹھا لیا ۱۲۔ اشرفی اور کئی روپے تھے شکر خدا بجالائی جب گھر کے میان آئے اونکے ساتھ رات کو شہر مین آئی۔

اسیطرح ایک شخص شام کو حضرت گنج سے چلا آتا تھا دو تلنگون نے اوسے گونیدہ کہکر پکڑ لیا ہرچند اوسنے داد و بیداد کی فسانہ مختصر یہ کہ دو روپے پر تصفیہ ہوا ایک روپیہ اوسکے پاس تھا دیا دوسرے دینے کو گولہ گنج لیچلا جب غلیم اللہ خان کی کوٹھی کے نیچے پہونچے ایک تلنگے کے گولی لگی گر پڑا دوسرا اوٹھانے کو جھکا اوسے دوسری لگی اوسنے دونون کی کمر سے ۱۲ اشرفی کئی روپے لے لیے اور بندوق دونون کی لیکر اپنے گھر آیا صبح کو نخاس مین ۶ روپے کو بندوق بیچا اور اپنے گھر آکر چین سے رہا۔ ایک دن گورے گھبرا کر بیلی گارد سے نکلے نواب ممتاز الدولہ کے عنایت باغ مین آئے جو سامنے آیا نشانہ تفنگ کیا ایک نیل گاؤ کئی بط لیکر باہر نکلے فیلخانہ زرینہ سی کئی دوکاندار مارے پھر شاہ پیر جلیل کے ٹیلے پر بیٹھکر راہ گیرونکو گولی مارنے لگے۔

اکیدن گورے گولہ گنج مین چلے آتے دوکاندار بھاگے انکی دوکان سے جو چیزین کھانیکی تھین لیکر بازاری گنجن کی مسجد پر بیٹھکر نوشجان کین آپسمین ہنسنے لگے میان محترم کے گھر سے بہت مرغ نکلی پکڑ لائی مجبو بعلیخان نواب ناظر اپنے گھر مین رہ گئے تھے مسلح رہتے تھے مارے گئے۔

نجیبون کی پلٹن جسکا پڑاؤ نواب ممتاز الدولہ کے عنایت باغ مین تھا گوروں کے آنے سے دنکو بھاگ جاتی تھے رات کو پھر اپنے پڑاؤ پر آکر رہتے تھے اکیدن سپاہیون نے اسباب فراش خانہ وغیرہ پر

ہاتھ صاف کیا اسکی سرکار مین نالش ہوئی آخر نواب نے اسی الزام سے اودن کے کمیدان کو موقوف کروا دیا۔

اس عرصہ مین جناب عالیہ نے ارکان دولت کے سمجھانے سے رحم کھاکر نواب منیر الدولہ کو قید سے چھوڑ دیا دوسرے دن افسر پھر پکڑ لائے لیکن بسلامت گھر آئے دوسرے تیسرے دن خالیق وترسان ہوکر دربار جناب عالیہ مین سلام کو آیا کرتے تھے اور مرزا ابوتراب خان اپنے داماد کے گھر مین رہتے تھے۔

کواغذ نوٹ سرکار جنکے پاس تھے اکثرون کے کارندون کے بہکانے سے فی صد دس بیس روپے پر بیچے کلکتہ مین لکھنو اور جہان جہان فساد ہوا تھا وہانکے نوٹ لینے کی سرکار سے ممانعت ہوگئی تھی اسپر بھی بہت سے مہاجن لکھنو کے اسکی خرید مین ساہوجی بنگئے اور مالک محتاج ہوگئے۔

جنرل اوٹرم صاحب کا سمت کانپور والہ آباد بیبیون کے ساتھ جانا

جب جنرل اوٹرم صاحب قافلۂ بیلی گارد لیکر کانپور پہونچے اوسوقت تاتیا اوَ نے گوالیار سے مع فوج کمپ مار کانپور پہونچکر دوسرا ہنگامہ برپا کیا تھا اور گولہ طرفین سے چل رہا تھا دھس کو گھیر لیا تھا بیبیان یہ حال دیکھکر بہت پریشان ہوئین کہ عجیب ماجرا ہوا ایک بلا سے خدا نے نکالا دوسری بلا مین پڑے اوسوقت بیبیون کو اس پار دریا کے اوتارا دیا یہ خبر سنکر رانا راؤ نتھور چوراسی پہونچے وہان لوگ جمع کرکے مع فوج شیوراج پور کے گھاٹ اترے جو قریب کانپور ہے۔

کمانڈر انچیف نے اپنی فوج کے کئی برن کیے ایک پورب۔ دوسرا پچھم۔ تیسرا مقابل مین رکھا جب مقابلہ دونون برن مین ہوا پہلوسے مارنا شروع کیا تاتیا راؤ تاب مقابلہ نہ لاسکا مع فوج مار بھاگا اوسکا ذکر کچھ تفصیل سے اپنے مقام پر آئیگا غرض جب ہر طرف فوج بھاگی رانا راؤ قریب پانچہزار سپاہ کے یہ خبر سنتے ہی بھاگ گئے صاحب سنگھ چودھری کی گڑھی مین آئے اور فتحپور مین پڑے رہے اور کمپ مار مع بخت خان سپہ سالار مین تو ہین اور پلٹن وغیرہ

مع ایک توپ لکھنؤ آیا رانا راؤ نے محبت نامہ مرزا جیسیقدر کو لکھا کہ ہمارے تمھارے کچھ غیریت نہین ہماری فوج بھاگ کر یہان آئی ہے اونسے توپین لیکر نہین بھیجدو اس امر پر سرکار مین شور ہوا کہ توپین کسیطرح دینا مناسب نہین ہے کسواسطے کہ اوسے قوت ہو جائیگی اسکا جواب گیا کہ ہمارے تمھارے کچھ مغایرت نہین ہے آپ یہان آئیے متفق ہوکر عالم بلغ پر دھاوا کرکے انگریزون کو مارلین بعد اسکے فوج کشی کانپور پر ہو تمھارا قبضہ وہان کر دیا جاے گا اس جواب سے رانا راؤ منغص ہوا اور شیوپور مین ۶ ہزار فوج نوکر رکھی۔

قاسم خان رسالدار ۵ رسالہ جو فوج مفرور مرار کے لینے کو فرخ آباد لیا تھا وہان کی ریاست بھی فوج باغی کی بدولت خاک مین مل چکی تھی بروقت مراجعت رانا راؤ نے اپنی اسی ناخوشی خاطر کی ارادہ اونکے روکنے کا کیا کہ مقابلہ کرکے توپین چھین لین مگر خان مذکور نے سخت گفتگو کی اور مستعد مقابلہ ہوا رانا راؤ نے طرح دی خان مع فوج ہمراہی داخل لکھنؤ ہوا کمپ مرار مین ۱۲ ہزار تلنگے ۶۰ توپین تھین یار والی کوٹھی مین پڑاؤ ہوا اور رہ سپرد عبدالہادی خان قندھاری رسالدار ہوا اور سکا مورچہ قلعۂ جلال آباد مین مقرر ہوا

بعد اسکے جب شہر مین لوٹ ہونے لگی اور چودھری مہاجنون پر ممو خان نے تاکید کی کہ مہاجنون نے دس روپے سیکڑہ نوٹ مول لیے ہین اور یہ لوگونکو دم دیتے ہین کہ کلکتہ مین بھی انگریز نہین ہین اور کلکتہ مین بدلنے پر اسی روپے پر بیچ لیتے ہین انکو بہت فایدہ ہوتا ہے کرور روپیہ اونسے لینا چاہیے ورنہ سب کو لوٹ لیا جائیگا جب سب مہاجن جمع ہوے غدر کیا کہ روپیہ نہین ہے جب کسیطرح سے مفر نہ دیکھا قریب لاکھ روپے کے سب نے ملکر دیا مگر اسپر بھی تاکید طلب زر چلی گئی اہل وثایق سے بھی روپیہ طلب ہوا اور جنابعالیہ کا حال یہ تھا کہ تمام کوٹھون مین گرد قنات لگاکے اور محلون مین بھی خود چلی جاتی تھین جو روپیہ چاندی سونا اسباب ہاتھ لگتا تھا مکان مین بھیجدیا کرتی تھین اور باہر شہر کے بھی ممو خان یوسف خان وغیرہ نے لوٹ مچا رکھی تھی غرض رعایاے شہر ہر طرح سے لوٹی گئی جسکی تفصیل حسقدر زبانی یاد تھی نہ مندرج ہے

۱- آغا علی خان ناظم آغا حسن خان کے سگے بھائی۔ ۲ لک

۲- قیام الدولہ بخشی راجہ شیر جنگ متوفی اشرفی ممے زر نقد لک۔ جواہر۔ ۲ لک

۳ دیوان چھیدی لال مع جواہر۔	لک
۴۔ منشی جانکی پرشاد نقد و جنس۔	ست
۵۔ منشی راجہ کندن لال۔	ست
۶۔ مسیح الدولہ	ست
۷۔ حسین آباد مع چاندی سونا۔	۷ لک
۸۔ خلق مصاحب خاص سلطان عالم۔	۶۰ ست
۹۔ آغا علیخان پسر انجم الدولہ۔	۴۰ ست
۱۰۔ انجم الدولہ۔	لک ۴۰ ست
۱۱۔ رفیق الدولہ۔	لک ۶۰ ست
۱۲۔ مہاجنان لکھنو بطور رسدی۔	لاکھ لک
۱۳ بشیر الدولہ مہاراجہ بالکرشن کے بیٹے سے ۷ لک طلب وصول نوٹ۔	ست
۱۴۔ بیجا نہ کیا نخھ مل وغیرہ دلالون کے پاس جمع رہے۔	۶۰ ست
۱۵۔ اہل حرفہ شل گوٹے والے تمباکو والے بنگ فروش باقی اور رعایا شہر۔	۱۰ لک
۱۶۔ آمدنی ملک ہمگی۔	۱۶ لک ۶۰ ست
۱۷۔ اسباب کوٹھہ جات سلطانی نقد و طلا وغیرہ۔	۱۵ لک ۶۰
۱۸۔ بشیر الدولہ۔	۶۰ ست
۱۹ دیانت الدولہ۔	۶۰ ست
۲۰۔ احسن الدولہ۔	۴۰ ست
۲۱۔ داروغہ عاشق علی۔	۶۰ ست
۲۲۔ یاسمن محل۔	۶۰ ست
۲۳ فخر محل۔	۶۰ ست
۲۴۔ بدر عالم۔	۵۰ ست
۲۵۔ معشوق محل۔	۵ لک

۲۶- خاص محل	معہ لک
۲۷- دلدار محل	صہ لک
۲۸- دلدار محل	دو لک
۲۹- خورد محل	ممہ
۳۰- سلطان محل	ممہ
۳۱- خورشید محل	دمہ
۳۲- ملکہ جہان	دمہ
۳۳- تاج محل	لک
۳۴- مونس سلطان	دمہ
۳۵- اچھے صاحب مصاحب خاص محل	مہ
۳۶- منجھو صاحب مصاحب ملکہ کشور	مہ
جمع	ملہ لک مہ

جب یہ صورت ہوئی آخر تنگ ہوکر اکثر مہاجن و رعایاے شہر اس ظلم و ستم سے احمد اللہ شاہ کے پاس فریاد کو گئے کہ ہمپر یہ جور و ظلم ہو رہا ہے اگر راہ صاف ہوتی کہین اور چلے جاتے اگر نواب سے نالش کرتے ہین جواب دیتے ہین کہ ممو خان کے کام مین مجھے کچھ دخل نہین اگر اونکے پاس جاتے ہین کوئی شنوائی نہین کرتا بجز طلب زر کے اب کہان سے روپیہ لاوین پہلے تلنگون نے لوٹا اب خود سرکار لوٹتی ہے فقیر نے جواب دیا کہ اگر کوئی نوکر ممو خان۔ یوسف خان کا دوڑ لائے جسکے مکان پر وہ فوراً ہمین خبر دے یہان سے تلنگے جاکر گرفتار کرا لینگے اور سپہ سالار نے پچاس ہرکارے مخبری کو نوکر رکھے کہ جب کسی رعایا کے مکان پر دوڑ جاؤ فوراً خبر کرو چنانچہ تین دن یا ایک مہینے تک یہی صورت رہی کہ جب کہین دوڑ جاتی تھی تلنگے پکڑ لاتے تھے اور یوسف خان خود تلنگون کو دیکھکر بھاگ جاتا تھا آخر ممو خان نے فوج سے صلاح کی کہ یہ تو عملہ اچھا نہین شاہی مقدمات ملکی مین دخل دیتے ہین تحصیلدار وغیرہ اپنے طور پر مقرر کرتے ہین انکے اخراج یا قتل کی تدبیر کیا چاہیے کسواسطے کہ الی بخش اپنے منشی کو بہرام گھاٹ پر واسطے تحصیل زر محصول ٹھون کے

روانہ کیا ہے اسواسطے تم سے صلاح کیجاتی ہے کہ تم اپنی فوج لیجاکر زندہ یا شاہ جی کا سر لاؤ چنانچہ
احمد علی دارونغہ حسین آباد مع اپنے کمپ اور کئی ضرب توپ لیکر گئے جہان شاہ جی اوترے
ہوے تھے اور سنے بھی توپین لگاوین اور حکم دیا کوئی آوے تم بھی مار دو اندر نہ آنے دو جب افسران
نے اندر جانے کا قصد کیا شاہ جی نے روکا اسمین ۵ گھنٹہ تک لڑائی توپ بندوق کی طرفین سے
رہی کسی افسر کو حوصلہ دھاوے کا نہ ہوا غرض گیارہ دن تک محاصرہ کرکے شاہ جی کا دانہ پانی بند کیا
رسد اندر پہنچانے پاتی تھی بعد اسکے تلنگے جو محاصرہ کیے ہوے تھے افسروں سے منحرف ہوکر رات
کو شاہ جی شیش محل دولتخانہ قدیم مین لائے دو دن تک وہان ٹھہرے پھر موضع متصل گڑھی کنورہ
اور کنوسی پر گیا موخان نے فوج سے کہا ہم تمھاری تنخواہ نہ دینگے یہ تمنے بہت برا کیا اسپر تھوڑے
سے تلنگے اور سوارون نے نوکری چھوڑ دی اور شاہ جی کو وہان سے چکردانی کوٹھی مین لیگئے
شاہ جی کا ارادہ فیض آباد جانے کا ہوا

تقرر تحصیلدار و عمال ملک فرخ آباد پر

ایک دن سورہ خاص ہوا سب اہلکار جمع ہوکر کہنے لگے بر جبیقدر بادشاہ ہین اور
تفضل حسینخان نواب فرخ آباد مرد لڑے ہے رانا راؤ بھی واہی ہے کانپور فرخ آباد اس ملک
اودھ مین شامل تھا وہان کسی تحصیلدار کو بھیجنا چاہیے اگر وہ از خود ندین قتل و قمع کرکے
لینا چاہیے چنانچہ خان علیخان تحصیلدار نظامت تجویز ہوے اور ایک کمپ کامل مع ۵ ضرب توپ
اونکے ساتھ ہوا ۱۴۰ پیادہ کا خاصت پاکے روانہ ہوے اونکے ساتھ ۱۰ ہاتھی ۳۰ اونٹ دس چھکڑے
ایک خیمہ دو جوبدار دس چپراسی مقرر ہوے جب وہ سانڈی پہونچے ہردیوبخش تعلقدار کنتاری کو
طلب کیا وہ ابتدا سے بلوے سے شریک رنجٹ راحت صاحبان عالیشان ہراہرمین رہے تھے اور
احوال لکھنو کا معرفت اپنے وکیل کے مفصل معلوم کرتے رہے تھے خان مذکور نے سرکار مین
عرض کیا یہ تعلقدار انگریزون سے ملا ہے اور بہت سی میم و انگریز فرخ آباد کو موضع کھسوہ اپنے
دیہ زمینداری مین چھپائے ہین اونکی حفاظت کو شیونگہ لالتا بخش اپنے چچا کو مقرر کیا ہے

اور ہر طرح سے اُنکا مددگار ہے اور تمام مال واسباب انگریزونکا اپنی حفاظت مین رکھا ہی اونکا وکیل قدیم لکھنؤ سے سارا احوال مشروحًا ہر دیوبخش کو لکھتا رہتا ہی فدویکو بے آدمیون کے نزدیک رہنا خالی از نقصان نہین لہذا اوسکا وکیل گرفتار کیا جاوے اور اوسکا ترک واجب اور لازم ہی اور قصد خانہ زاد کا پہلے اوسکے قتل وقمع کا ہی بعد اسکے قدم آگے رکھونگا یہان سے حکم ہوا بہتر چنانچہ جب فوج تعلقدار مذکور پر گئی اونھون نے لڑنا مناسب نہ جانا کچھ روپیہ خان علی خان اور محمد مرزا چکلہ دار سانڈی کو نذرانہ دیکر رفع شر کیا

قسط استعمار میر محمد حسن خان ناظم غصبی گورکھپور اور اونکی شکست

میر محمد حسین خان ناظم گونڈہ وبہرائچ زمان شاہی کی قسط استعمار گورکھپور پر محض یاوری اقبال ہوا مگر افسوس یہ ہی کہ وہ اپنی قدر ومنزلت نہ سمجھے اور نہ انجام کار کا خیال کیا اونکی خود پسندی اونھین خراب کیا اصل صورت یہ ہوئی کہ جب لکھنؤ مین ہنگامۂ فساد بھانسی واہتمام وانتظام مفسدین اور تحقیقات ہرہانی سبائی سبد فساد اور صاحب ارادے اور اولوالعزم کے شروع ہوے میر مذکور خائف وترسان ہوکر لکھنؤ سے باہر نکلے کہ مبادا کوئی مجھے بھی جاسوس سرکار مین کسی حیلے سے گرفتار کرادے لہذا مناسب وقت یہ رہت بہتر ہے چنانچہ جب مانڈے پہونچے وہان اپنی اولوالعزمی اور جالاکی سے مہاجنون سے ازراہ معاملہ یا کچھ دھمکا کر روپیہ لیکر کئی سو سپاہی نوکر رکھکر گورکھپور کا میدان خالی دیکھکر چلے اور وہان کی رعایا ہمیشہ سے غریب اور کمزور رہی ہی اور جب سے عملداری سرکار ہوئی ہی کئی پشت سے ہتھیار حربے کے نام بھی بھول گئے ہین بلکہ یہاکا دستور یہ ہی کہ جتنے آلات قلبہ رانی کشتکاری کے ہین دن کو کام کرکے شام کو شمار کرکے سپرد تھانہ کردیتے ہین غرض پہلے ناظم ڈک ڈوی اپنی گانون مین کنارہ دریا جارہے اتفاقًا جب بول کی پلٹن نے فیض آباد مین بلوا کیا تھا کرنل نیتھ صاحب مرد پیر مع اپنی میم اور تین بچون خردسال مع ایک خدمتگار کسی حکمت سے بدمعاشون سے بسلامت پار دریا کے اور ترکے ارہر کے کھیت مین چھپ کر بیٹھے تھے سبحان خان نامی یکہ سہ بندی ملازم ناظم ادھر سے گذرا چاہتا تھا صاحب کو تپنچہ مارے اسواسطے کہ سرکار سے

موافق اشتہار کے انعام پائیگا ناگاہ میر علی حسین داروغہ اور میر احمد علی ناموں میر مہدی حسین خان نے یہ ماجرا دیکھکر ناظم سے بیان کیا وہ ایک باغ مین بیٹھے ہوے تھے حکم کیا اوس یکہ کو جلد میرے پاس پکڑ لاؤ اور صاحب کو اپنے ساتھ لے آؤ اون دونون نے سبحان خان کو بہت سخت سست کہکر وہان سے ہٹایا صاحب سے کہا آپ کو ناظم بلاتے ہین ہمارے ساتھ چلیے صاحب سمجھے کہ کوئی نواب ہے جسنے ہمین بلایا ہے غالب ہے کہ وہ اپنی ناہوری سمجھکر ہمین قتل کریگا غرض صاحب ناظم کے پاس آئے سیم اور بچونکو علیحدہ چھوڑا اتفاقاً صاحب نے دیکھا کہ ناظم اور میر مہدی حسینخان دونون بیٹھے ہوے ایک تلوار کو تھوڑا میان سے کھینچکر دیکھ رہے ہین اوسوقت زیادہ یقین قتل ہوگیا جب قریب آئے اپنے ہاتھ باندھ بہت خوف سے کہا ہمارے واسطے کیا آپ نے حکم دیا ہے ناظم نے کرسی منگوائی کہا آپ بیٹھیے اور اوس تلوار کو صاحب کے ہاتھ مین دیکر کہا ہم چاہتے ہین کہ اس تلوار ولایتی کو تھوڑا اوتروا ڈالین آپ کے نزدیک کیا مناسب ہے صاحب نے کہا ہماری ولایت اسکی قیمت سات سو روپے سے کم نہین ہے اگر اوتاری جائیگی بالکل خراب ہوجائیگی ناظم نے تلوار کو اپنے گھر بھیجدیا صاحب کی جان مین جان آئی بعد اسکے ناظم نے ایک پیالہ مین سیویان اور دودھ جو اوسوقت تیار تھا منگوا کر صاحب کو دیا اور سیم کو بھی بھیجا صاحب نے کہا کہ یہ ہم بڈھون کے کھانے کی چیز ہے بعد اسکے ناظم نے صاحب سے کہا آپ ہمارے پاس باطمینان تمام رہیے کسیطرح کا اندیشہ نہ کیجیے ایک مکان خاص رہنے کو دیا اور کپڑے ہندوستانی زنانے مردانے بھجوا دیے اور جتنا سامان مہمانی ممکن ہوسکا مہیا کردیا فی الجملہ تسکین خاطر صاحب ہوئی مگر باطن مین خایف و ترسان بھی رہے کہ دیکھیے انجام کیا ہوتا ہے بعد سات دن کے زمیندار و تعلقدار گرد و پیش نے ایک ہنگامہ برپا کیا کہ ناظم نے انگریزونکو چھپایا ہے اور دغے موافقت رکھتا ہے ناظم نے ازراہ عاقبت اندیشی لوگون کے رفع الزام کے واسطے رانکو ایک شخص کو سیم صاحب کے بڑے لڑکے کو صاحب کے بچھا کر اپنے گھر سے نکالدیا اور پکار کر کہا مجھپر سب کو شبہہ والزام تھا مین نے سب کے سامنے صاحب و میم کو اپنے گھر سے نکالدیا جہان چاہین چلے جائین اب کوئی مجھپر اتہام نہ کرے تھوڑی دور جاکر وہ دونون شخص انگریزی اوتار کر چلے آئے اوسکے بعد ناظم نے صاحب سے کہا کہ اب آپ جہان فرمائین ہم ایکو بسلامت پہونچادین صاحب نے کہا ہماری ایک بچی اعلم گڑھ دوسری گورکھپور رہتی ہے بھجوا دیجیے

جواب آیا کہ ہمین کمین کے چنانچہ جب جواب باصواب آیا ناظم نے پالکیون مین سوار کرا اپنے سپاہیون کی حفاظت مین قریب اعظم گڈھ پہونچا دیا وہان سے بسلامت اعظم گڈھ پہونچکر چٹھی شکریہ ناظم کو بھیجی اور پانچہزار روپیہ انعام - ناظم نے دو پانچہزار روپیہ پھیر دیا اور کہلا بھیجا کہ ہمین اس روپیہ کی کچھ احتیاج نہین -

جب اس کیفیت خاص اور ناظم کی جانفشانی سے برڈ صاحب ڈپٹی کمشنر گورکھپور مطلع ہوے انسے کہلا بھیجا کہ سات لاکھ روپیہ ہمارے خزانے مین موجود ہے تم یہان چلے آؤ اسے لیکر سارے علاقے مین اپنا بندوبست کرو -

بہرحال سرکار سے مطمین ہے اونکو اس ثروت ناپائدار بے ثبات دنیا کا ایک نشہ بے فروغ ہوگیا تھا اوسکا جواب کچھ بے اعتنائی سے لکھ بھیجا اوسوقت صاحب موصوف کے ایک خدشہ پیدا ہوا کہ شاید یہ ہمسے حالت نہین جب ناظم نے پانچہزار سپاہ کی جمعیت سے گورکھپور کو کوچ کیا خلیل آباد دس کوس وہان سے پہونچے برڈ صاحب مضطر ہوکر ۶ ہزار فوج اور کراچی خزانہ لیکر راہی اعظم گڈھ ہوے راہ مین مقابلہ ہوا فوج ناظم غالب آئی برڈ صاحب خزانہ چھوڑکر ۳ کوس شکر سے ہٹکر جا پڑے سپاہ کم حوصلہ ناظم خزانہ کی کراچیون پر گری کہ پہلے اس روپے کو غازی مردون پر تقسیم کرلین کہ یہ حق غازیان ہے اور دشمن کمین سے مطمین ہوگئے صاحب انکی چشم غفلت سُن ایک آن واحد مین آپڑے بڑا کشت وخون ہوا - ۶ سو سپاہی ناظم مارے گئے صاحب مع خزانہ اور نعش مقتولین لیکر چلے گئے - ناظم یکسوار فوج انگریزی مین گھر گئے کسی طرف راہ گریز گاہ نپائی فوج انگریزی نے بھی مطلق نہ پہچانا ورنہ اوسوقت انکا کام تمام تھا غرض جب فوج انگریزی خزانہ لیکر اپنے لشکر مین آئی ناظم ہزار خرابی اپنی فوج کذائی سے آکر ملے -

جب وہان سے گورکھپور مین آئے یہان میدان خالی ہوگیا تھا رعایا غریب بھی انھون نے اپنا بندوبست کیا جیلخانے کے نبدھو دنکو چھوڑ دیا اونکے پانون کی بیڑیان کٹوادین انھون نے کہا ہم سب آپکے پسینے پر اپنا لہو گرائینگے اونمین سے اکثر تو کبھی تھے سیکڑون قاتلین خانہ بچے سوتی اونی بنتے تھے جو شخص جس کام کو جانتا تھا اوسی پر مامور ہوا جیلخانے مین سیکڑین رکھا مجموعہ ۸ یا ۱۰ ہوگئی تھین اور ۲۵ ہزار بندوقچی نوکر رکھے اور کئی سو سوار ۲۶ ہزار روپیہ یومیہ

چھٹہ سپاہ و خیرات و عمیر پر تقسیم کیا جاتا تھا۔ شیشہ آلات۔ ظروف چینی۔ چاہی پانی اور کھانے کی
فرش قالین اسباب چوبی ہزار ہا کتب انگریزی جو ہر صاحب کی کوٹھی مین تھا جھکڑ دن پر بار کر کے
فیض آباد بھیجا ادسمین سے کچھ ناظم کے گھر یا راجہ مانگہ لوٹ کر اپنے گھر لے لیگئے باقی جتنا اسباب تھا
سب لٹا مگر بعد رفع فساد بھی اسقدر اسباب کا کسین نشان بھی نہ ملا معلوم نہین کہان گیا کسکے پاس
گیا رعیت کچھ تھی سب نے روپیہ تحصیل بے منت دیا جب ناظم نے عرضی سرکار پر جیسی مین بھیجی خلعت
سرفرازی مع خطاب مقرب الدولہ عنایت ہوا سیکڑون شرفا معتمد جین لکھنو فاقہ مست جا پہنچے
ہر ایک کو خدمت وہی حضرات مغلیہ مغلوک کا لی لمبی ٹوپی سر پر رکھ ولایتی کمر مین باندھ دھمکے
یہ فرقہ خاص خدا سے ایسا دن چاہتا تھا موافق دستور ولایت ہر کو شمشیر سکہ نباش خود ناظم
ناظم نے انھین بہت عزت سے نسبت ہندوستانیون کے رکھا حالانکہ مقدمہ معرکہ بکسر نواب شجاع الدولہ
بھی مشہور معروف تھا اور تیاری میگزین و قاعدہ دوھس کی ہونے لگی ہزار مزدور کی روئی ہوئی
اب ناظم کا نشہ اقبال حد سے زیادہ خلل دماغ سے بڑھا اور اپنی صحبت مین اکثر کہتے تھے
کہ صاحب شمشیر اپنی قوت بازو سے صاحب تخت تاج ہو گئے ہین خدا نے حالت یاس مین
میرے واسطے ایسی صورت نکالی ہے اس عرصہ مین متواتر چاہا کہ وکیل مہاراجہ سر بگ
بہادر وزیر اعظم و سپہ سالار ملک نیپال سے کوئی صورت موافقت نکلے مگر نہوئی
اب اوسی یاوری اقبال نے صورت ادبار پیدا کی کہ فوج باغی اور جتنے فرقہ نوملازم
تھے سب نے باتفاق رعایاے غریب و مظلوم پر دست تعدی دراز کیا آخر عریانے حالت
یاس یمن رجوع حاکم منتقم حقیقی سے کی ہر چند ناظم نے اسکا بند و بست ختنا ممکن تھا کیا
ایک نے نہ سنا۔

جب و نیگفیلڈ صاحب کمشنر بہادر بہرائچ نے یہ حال دیکھا اور راجہ درگبجے سنگھ بلرام پور کی
سے فوج باغی کے ہاتھہ سے مع چند صاحب نجات پاکر بانسے گئے ۳۲ لوس گورکھپور سے اور
مہینے بھر تک مہمان راجہ رہے بہت احسان مند ہوے از انجملہ ایک خیر خواہی و نمک حلالی راجہ
کی یہ تھی کہ مدت بلوے مین کاغذ نوٹ خرید کر کے بابت زاقساط سرکار الہ آباد کیے اس جہت سے
زیادہ تر وثوق اور مقبولی اور معزز سرکار بنبراول مین ہوے اور بظاہر شراکت فوج باغی کو

بلطائف الحیل مال دیا اور جب کوئی راجہ طعنہ زن ہوتا تھا کہ تم رعایائے شاہی تھے شامل اور و سنکے شریک حال نہوے جواب شافی دیا کہ بادشاہ جسکے ہم ماتحت تھے اوسنے ابتداے عملداری انگریزی مین ہمین سپرد سرکار گورنمنٹ کرکے حکم قطعی دیا کہ زنہار سرکار غیر سمجھکر کسی طرح کی بغاوت نہ کرنا پس ہمنے سرکارین کی فرمانبرداری کی اسکا حال گبنس صاحب نے اپنی کتاب مین مفصل لکھا ہے مگر وکیل راجہ بھی دربار بربھبی مین دریافت حال کو حاضر رہتا تھا۔

خلاصہ جب گورکھپور مین یہ ظلم رعایا غریب پر ہوا اور اسکی داد بیداد اور راجہ نیپال تک پہونچی مہاراجہ جنگ بہادر مختار کار سپہ سالار سے صورت استعانت قرار پائی وجہ اوسکی یہ ہوئی کہ مہاراج جنگ بہادر کئی برس اسکے پیشتر لندن جاکر وہان دستور سلطنت سے خوب واقف تھے اور مہمان مغز جانکر سرکار سے بہت عزت و توقیر ہوئی تھی اونکے جانے کی کیفیت اکثر اخبار کلکتہ مین چھپی ہے غرض دو کمپ تلنگہ مع توپخانہ لے کر شریک حال سرکار دولتمدار رہیے اوعہدہ پیمائش حدود اندوہ ملک اودھ مع نقد وجنس لوٹ وغیرہ سرکار سے اونکا مقرر ہوچکا تھا چنانچہ دینگفیلڈ صاحب کمشنر بہرائچ اور برڈ صاحب کلکٹر گورکھپور کے پیشتر سے پانچ افسر جان نثار مہاراجہ بلرام پور مع دوسو جوانمردان دلسوز نہایت جری و سرفروش اونکی محافظت کو اور ہر طرح مدد دہی کو ہر وقت و بہر حال اونکے شریک کوشش و ہمراہ تھے مع کمپ مہاراجہ جنگ بہادر گورکھپور سے مقابلہ واسیمال فوج باغی شروع کیا ہر کیف جب ناظم کی فوج کذائی سے مقابلہ ہوا کئی جگہ تھوڑا سا بت حرکت نذبوجی سے لڑے پھر بھاگے ناظم قلعے مین آتے وہان بھی نہ ٹھہر سکے ہر چند اوسنے کچھ درست کیا تھا بس ایک تلاطم حشر برپا ہوا جتنے ملازم تھے سب لوٹ پر جھکے ناظم ہاتھی پر سوار دریا کے پار اترے کنارہ دریا تک فوج جنگ بہادر پیچھا کرتی چلی آئی اور شہر کی رعایا جو ظالمون کے ہاتھ سے جلی ہوئی تھی اسنے کوٹھون سے پتھر مارتی تھی الناس کے حواس کھو دیے تھے بھاگنا مشکل پڑا تھا ہزارون دریا مین ڈوب کر مرگئے سیکڑون اس کثرت سے کشتیون پر سوار ہوے کہ سکوے ڈوبے ہزارون روپے کا مال ذاتی ہر شخص کا جو لکھنو سے لیگئے تھے چھکڑے اونٹ پر بار رہگیا تھا جان تھا وہین رہا دونون طرف دریا کے لاشون کا ستھراؤ ہوگیا تھا تیسرے چوتھے دن جان بچاکر فیض آباد

دو گوش دیک بنی سے پہونچا راہ مین زمینداروں نے شکار کیا ناظم ٹوک وتوے مین آئے وہان بھی نہ ٹھہر سکے ٹانڈے آئے۔

جب خبر شکست سرکار مین پہونچی نادر مرزا وثیقہ دار سرکار دولتمدار بجہت میر دوست علی کے بھائی ناظم چار پلٹن تلنگہ جنگی ایک رسالہ توپخانہ مع راجہ مان مانسنگھ بہادر اپنی کمک کو لیکر روانہ ہوے کہ فیض آباد سے سامان جنگ درست کرکے استیصال فوج انگریزی و نیپالی کرینگے وہان راجہ کے ورغلانے سے فوج نے تنخواہ مانگی گھیر لیا کئی دن تک ناظم گرفتار رہے آخر ہزار خرابی کچھ لے دیکر صورت معاملہ ٹھہری اور تیاری امروز فردا مین رہے جتبکہ کہ کام تمام ہوگیا بھگیلون نے سیدھا راستہ اپنے گھر کا لیا کئی دن تک ناظم مع نادر مرزا شریک حال جناب عالیہ بونڈی مین جاکر ہوے جب یہان بھی شکست ہوئی سب کے ساتھ بہاڑ کیطرف بھاگے جب کوئی صورت نہ بن پڑی اور سرکار سے مطلق امان بخشی ہوئی اوسوقت منفرد ہوکر مایوس ہوکر ذیل امان سرکار ہوے اوسوقت میر مہدی حسن خان ناظم۔ میر دوست علی بھی حاضر ہوکے اپنی خیر خواہی کرنل صاحب مذکور سے بیان کی۔ کلکتہ سے اونکی چٹھی بھی آئی بعد تحقیقات کے کئی مہینے روزگاری بعد لکھنو سے نجات پاکر روانہ ہوے ہر چند حکام اودھ سے انکی رہائی بہت دشوار تھی مگر اوسیقدر نیکی انکے کام آئی وگرنہ پھانسی سے ہرگز نہ بچتے یا اور کوئی جلاے وطن کی ہوتی کرنل صاحب سینہ سپر ہوے اور نواب گورنر جنرل کو اونکے باب مین بہت کچھ لکھا۔

میر مہدی حسن خان کے واسطے اوس جلدوے وحسن سلوک کے دوسو روپیہ ماہواری کا پنشن مقرر ہوا مگر حکم محکم یہ بھی ہوا کہ مع میر محمد حسن خان جاکر اپنے وطن مین رہو کہین اور نجانا۔ نادر مرزا کیواسطے کمشنر طلبی کیا جب نہ آئے وثیقہ دائمی ضبط سرکار ہوا پھر آنے و درخواست وثیقہ کی روبکاری کلکتہ مین ہوئی۔ استحقاق ثابت مگر انکی بے جرمی مبین ثابت۔ نادر مرزا کی تقصیر یہی تھی کہ انگریزون کی جان یا خطا تو شاید بخش بھی دون مگر اون ہندوستانیون کی جان بخشی ہرگز نہ کرونگا جو کسیطرح انگریزون کی سازش مین مشتبہ بھی ہونگے لہذا پھر نمانا آخر نوبت بولایت پہونچی وہان بھی وہی صورت حاصل ہوئی مایوس ہوکر رام پور گئے نواب فی کتنی برس تک

انکی خدمت کی بہت عزت سے رہے جب رخصت لیکر لکھنؤ آئے انتقال کیا انکی بہن نا کتخدا جوان ہوگئی تھیں اودھوں نے دعوی کیا انگریزی سرکار نے التفات بھی کیا مگر ناد رمرا تی لکھدیا کہ یہ ہمسے باقی تھیں انکا حصہ بھی اجرا نہوا۔ ضبط رہا۔

وھا و اعالم باغ

ارکان دولت اور افسران فوج باغی نے کورٹ کیا کہ کل دھاوا کرکے عالم باغ کو لیلو ہندو مسلمان بے قرآن شریف اور گنگا و ٹھاکر صبحکو نواب میان احمد علی بڑی تجمل سے مع اپنے جان نثار فوج ناکۂ کربلا سے ہاتھی پر سوار جلالپور زیر دیوار کربلا پہونچے وہان سے تا مجان پر سوار ہوکر حلقہ جان نثاران تھا توپ کے مورچے پر پہونچے خوشامد کرنیوالوں نے تعریف بہادری کی شروع کی اور ہر قدم پر زیادہ الفاظ خوشامد کہتے جاتے تھے اور بیشقدمی کو روکتے تھے کہ ہم آگے نہ بڑھنے دینگے ہم جان نثار و نخاص تماشا سرفروشی کا دیکھیں اور باطمینان اپنا بچاؤ منظور تھا کہ ہم نشانہ گلہ ہوجائیں۔

غرض جب ادھر سے صف سپاہ آراستہ ہوکر مقابل عالم باغ کھڑی ہوئی ادھر سے ایک کمپنی و توپ چند سوار باہر نکلے طرفین سے کئی دقیقہ تک گولی گولہ چلتا رہا جب ادھر سے سواروں نے دھاوا کیا کئی سوار گرے ادھر کے سوار بڑھے ادھر کے بھاگے توپ بھی بند ہوگئی ۱۱ بجے نواب خص کی نیس پر سوار کربلا کے دروازے تک آئے پھر وہان سے ہاتھی پر سوار ہوکر دولتسرا پہونچے تلنگے۔ سوار۔ جو میدان سے پھرا ہلکاروں کو نام بنام گالیاں دیتے ہوئے اپنے ڈیرا پر پہونچے نواب معین الدولہ بھی مع جماعت مومنین احاطہ کربلا میں سبیل پر بیٹھے رہے جب غازیان نبرد پھرے نواب کو اپنی حاضری دیکر گھر گئے ہزارہا دن خوانچہ والے مالولات تر و خشک لیے بلک برف والے بھی باندی برف کی لیے مورچے پر پکارتے پھرتے تھے یہ حال دیکھکر تلنگے تعجب کرتے تھے کہ دلی سے تیسری فاقہ سے نکلے جھٹانک بھر آٹا میسر نہوا یہان ہر مورچے پر بازار لگا رہتا ہے خدا یار خان خیر خواہ سرکار انگریزی میر واجد علی کے پاس نوکر تھا اودھوں نے سیم اور صاحبوں کی خدمت کو مقرر کردیا تھا اوسنے فوج باغی کے ۳ سو جوڑے جوتے تولایا جب بھاگی تھی

اور اونکا نیلام کیا پھر اونھین نے مول لے لیا۔

دوسرے دھاوے مین جب فوج باغی لپسیا ہوکر چلی خدا یار خان نے نالہ کربلا پر سپیل سنگ کی رکھی تھی جو بھاگ کر پہونچا خوب شربت پی کر اپنے پڑاؤ پر گیا اوسکی ہمت پر بہت متعجب ہوتا تھا اور تعریف کرتا تھا یہ جواب دیتا تھا یہ تمھاری جوتیون کا صدقہ ہے یعنی جبکا مین نے نیلام کیا ہے۔

جب صاحبان عالیشان کا قیام مستقل عالم باغ مین دیکھا اوسکا دھاوا ابھی کئی مرتبہ پیش نہ کرسکی اہالیان سرکار کو یہ خیال ہوا کہ مبادا صاحبان عالیشان اسطرف کے آنے کا قصد کرین لہذا مناسب ہے کہ قیصر باغ سے کوٹھی خبرل مارٹن اور کربلای تال کوٹھے کے پل تک دھس خندق اور کوچہ بندی ہوجاے تو بہتر ہے اور دروازون پر برج نہین اور جو مکان سرراہ ہون اونمین رندنبین میر عابد سوسل موخان استاد اونکے لڑکون کے اونکو کلیدانع سنہری منڈی حضور تحصیل بھی ہوئی تھی وہ میر عمارت اس کے ہوی چنانچہ ایک خندق جیتر سنگھ کی کوٹھی سے ظہور بخش کی کوٹھی تک دوسری چوکھی سے روشن علی خان کی مکان تک تیسری بگھی خانے سے ظہور بخش تک جانب شرق قیصر باغ سے سڑک خاص بازار تک چوتھی دروازہ کوٹھی قیصر پسند جانب مغرب ایک واسطے سرنگ کاٹنے کوٹھی منگل سین کے نیچے بصلاح پلٹن سائیپرس میرس یعنی سپہر کہ اگر سرنگ بھی آوے تو آنے نپاوے اور درگا سنگھ کپتان اس پلٹن نے کئی سرنگ مخفی نکالی تھین کہ جب کوئی انگریز مع فوج آوے اڑا دیا جاوے اپنے نزدیک یہ گویا سکندری بنواتی تھین حالانکہ ہزار ہا روپیہ اسمین صرف ہوا اور اسسے کچھ نہو سکا۔

تفصیل سرنگ

۱۔ سرنگ جانب دروازہ چینی بازار
۲۔ زیر دروازہ کوٹھی تارے والی
۳۔ طرف مکان بشیر الدولہ
۴۔ جانب دروازہ لال بارہ دری
۵۔ جانب دروازہ تاج بیگم۔

۶ - جانب مکان انجم الدولہ -
۷ - جانب مکان روشن علی خان -
۸ - طرف دروازہ رکاب گنج -
۹ - طرف پل آہنی -
۱۰ - طرف پل پختہ -
۱۱ - عقب بیلی گارد سرنگ کھودی پھر اوسے پاٹ دیا -

غرض یہ سنگین مع باردت تیار ہوچکین حکم ہوا جہان جسکا بہرہ ہے وہان خندق دبیں بیچ رندو یکر تیار ہون اوسکا روپیہ سرکار سے ملیگا چنانچہ ہر پلٹن کے کپتان نے تعمیل حکم کیا افسر اور تلنگے یہ لاف زنی کرنے لگے کہ اب فقط پانسو گورہ عالم باغ مین ہے ہمارا کیا کرسکتا ہے اگر پانچ لاکھ آوے اوسے بھی کچھ نہو سکیگا رایسے دھس وغیرہ تیار ہوگئے ہین اور اس تیاری مین معرفت میر عابد علی ایک لاکھ ستر ہزار اور چالیس ہزار معرفت رسالدار اور کپتان مولا زم خرچ ہوا اسمین بھی خوب خرد برد ہوئی -

لطیفہ یہ ہے کہ ایک سیاہی پلٹن بول نے اظہار کیا کہ من ہنومان ہون عالم باغ کو فتح کرونگا اوسنے اپنا نام بجرنگ بلی مشہور کیا کہنے لگا مہابیر نے مجھے خواب مین کہا ہے کہ تو ہی سب گورون کو مارگا اور برجیس قدر جہان ہے وہان درخت پر ایک جھنڈی لگادے گورے کبھی وہان نہ آئینگے غرض اوسنے دوارکا داس کے باغ مین مقام کیا اوسکی سواری بڑی دھوم سے نکلنے لگی ایک دن اوسنے ہر پلٹن سے ایک ایک کمپنی لے کر دھاوا کیا اتفاقاً عالم باغ کے دروازے پر پہونچ کر زخمی ہوا تلنگے سرکار مین روتے آئے کہ ہنومان جی عالم باغ مین پہونچ گئے گورون نے مارلیا اوسکی ٹوپی اوس جھنڈی پر رکھدی آخر معلوم ہوا وہ گونیدہ تھا اس فریب سے جھنڈی نشانہ بم کے گولے کے واسطے لگادی تھی فی الحقیقت اوسی مقام پر گولے برستے تھے -

اسیطرح ارکان دولت نے کئی بنیٹ بنارس کے نوکر رکھے اونھین قیصر باغ کے مقام وزارت کے پیچھے ایک مکان رہنے کو دیا جہان وہ حساب کیا کرتے تھے انھون نے بھی ایک

جھنڈی ایک تعویذ باندھکر لٹکائی تھی اوسی نشانے پر گولے آتے تھے آخر اوس جھنڈ کیوں ہاں سے اوتار لیا وہ بھی درحقیقت گونیدے کامل تھے مگر میان اسپر بھی کسینے کچھ خیال نہ کیا ایکدن ہرکارہ خبر لایا کہ فوج فرخ آباد کی بھاگ گئی اور فیروز شاہ نجت خان رسالدار بھی مع فوج کمپ بھاگا فتح علی کے تالاب پر پہونچا ہے ممو خان اور جنا بعالیہ نے میر مہدی داغنے اخبار ملکی کو بلاکر کہا کہ کمپ نجت خان ایسا قریب پہونچا تمنے خبر نہ کی ہم کیا جانین کہ یہ فوج غنیم ہے یا ہمارے شریک ہونیکو آیا ہے ایسی غفلت اچھی نہین ہزار ہا روپیہ اخبار پر کیون خرچ ہوتا ہے پھر افسرونکو بلوا کر کورٹ کیا بموجب تجویز و مشورہ نجت خان کو حکم ہوا کہ تم شہر مین نہ آؤ وہین ٹھہرو تمھارے حق مین بہتر ہے مگر وہ کب سنتا تھا اپنا کمپ لیے چلا آیا نشۂ غرور مین مست ہو رہا تھا اوسکے کمپ مین ۵ ہزار تلنگے ۵ ضرب توپ ایک ہوٹ - چوبیس نبی میگزین ۵ ہاتھی ۳ سو عورات اشراف رعایاے دلی و فرخ آباد اسپر تھین صنمین سے بہت سی اوسنے بیچ ڈالی تھین بعد تین دن کے جناب عالیہ نے نجت خان کو بلوایا مثل اور افسرون کے اوس سے قسم لی فرمایا ۷ روپیہ مہینا یا فتح عالم باغ تھین ملے اور بعد فتح ۱۲ او سے قبول نہ کیا جواب دیا کہ ہم موافق دلی کے تنخواہ لینگے اور اگر نوکر نہ رہینگے شہر کو لوٹ لینگے کئی دن تک اسکا جھگڑا رہا آخر جناب عالیہ نے فرمایا تمنے دلی مین کیا کیا جو یہان کروگے بلکہ یہان بھی تمھاری جہت سے فوج بدل ہوکر تمھارے پیچھے بھاگے گی - اسکا پھر کورٹ ہوا افسرون نے بھی وہی تجویز کیا مگر جب شہر کی لوٹ کو تناسب دم کھا رہے غرض فوج کو رومال کا خلعت ۵ ہزار دعوت کے ملے انکا موچہ قلعۂ جلال آباد پر ہوا اس عرصے مین دو سو راتکر نجت خان سے خفا ہوکر مع دو ضرب توپ علیحدہ ہوکر چکدوانی کوٹھی مین جاکر اوترے اور کہا ہم اسکی اطاعت نہ کرینگے اور نہ سرکار کی نوکری بلکہ چلے جاوینگے -

دھاوا جنرل اوٹرم صاحب عالم باغ سی

ایکدن جنرل اوٹرم صاحب نے عالم باغ سے دھاوا کیا کپتان امراؤ سنگھ اور افسران کی پلٹن کے مورچے متصل گانون بھدرک زیر قلعہ جلال آباد تھے اونکی توپ لیگئے فوج مین تلاطم

پڑا ہمت سے بھاگ کر شہر مین آئے اونکی برطرفی کا حکم ہوا اونکے عوض اور بھرتی ہوے اس
مین اور پلٹنون کے تلنگے اور مظفر علی خان ہاتھی پر سوار ہوکر گئے جب یہ پہونچین گورے
تو مین چھین کر عالم باغ لیجا چکے تھے۔

پھر گورے قریب مسجد دیہ بھدرک نظر آئے اور قریب ۵ ہزار کے فوج ادھر کی سب جمع تھی
اونکے دیکھتے ہی ان سب کی روح قبض ہوئی بھاگے جنرل بہادر نے محمد باغ مین آکر دم لیا
وہان سے گھر چلے آئے اوسکے چوتھے دن پھر کوچ ہوا قسم ہوئی ممو خان بھی فوج کے
ساتھ دھاوا کیو چلے پہلے محمد حسین کمیدان پلٹن جعفری کے سر کا بھیجا اوڑ گیا خون ناحق ممو خان
پر ہوا بس یہ دیکھتے تلنگے بندوق جو تیان چھوڑ کر بھاگے یہی صورت تیون طرف کے دھاوے
کی ہوئی کہ گراب اور بم کے گولے سے کوئی نہ ٹھہر سکا دو سو تلنگے مارے گئے اس سے
زیادہ زخمی ہوے۔

جنرل اوٹرم صاحب نے پھر دھاوا کیا طرفین سے بندوق چلی ۵۰ آدمی مارے گئے
فوج بہادر بھاگی۔ بخت خان جاکر ایک غار مین چھپ رہا ایک ہوٹ چوبیس پنی ایک توپ
ایک چھوٹا گردہ گورے چھین کرلے گئے یہان تلاطم ہوگیا کہ گورے آتے ہین جسطرح بچے بوڑھے
ہوے کے نام سے ڈراتی ہین۔ جنابعالیہ نے جنرل بہادر سے کہا تم یہان کیا کرتے ہو گورے
آپہونچے ابھی تم جاؤ عرض کیا بہت خوب مگر اپنی جان بچا کر بیٹھ رہی یہ سب احوال اگرچہ سراسر
بھوج ہے مگر فقط سلسلہ کتاب کی جہت سے لکھا گیا بطور روزنامچہ کے یہ کیسی لڑائی اور رنیوالے
کیسے اور کیسے حاکم وقت جمع ہوے ہین کچھ خیال مین نہین آتا کئی مہینے تک روز نئے نئے
پیش ہوے اور امتحان رنیوالونکا متواتر ہوا اور کچھ نہ سمجھے۔

پھر خبر آئی بخت خان مارا گیا دوبارا پھر خبر آئی زندہ ہے مگر توپون کے چھن جانے سے
اپنا گلا کاٹے ڈالتا ہے ممو خان نے وزیر خان اپنے سالے اور امداد حسین خان داماد کو بھیجا
جب اوس کمبخت کو لے آئے جنابعالیہ نے فرمایا تم خوب لڑے اپنی توپونکا بیچ نہ کردین تمکو اور دونگی
اوسنے کہا دلکی حسرت دلمین رہی اگر مجھے توپین بلجائین ابھی عالم باغ خالی کروالون۔ اوسکو
حمقا اور خوشامد خورون نے کہا کہ غفلت سے توپین گئین پھر ممو خان نے پلٹن والون سے

توپین دینے کو کہا کسی نے نہ دین۔

ایکدن پرچہ اخبار ملکی آیا کہ تمام زمیندار گردہ پیش عالم باغ یا قریب کانپور کے سب انگریزون سے ملگئے ہین اونکے پاس حاضر رہتے ہین اوسوقت سکبوتر دھوا پھریہ صلاح ٹھہری کہ کوئی ایسی تدبیر کرین کہ سب زمیندار گرد و پیش کے اونسے ناموافق ہوجائین پس تدبیر یہ ہی کہ جو قیدی بہ علت گونیدہ گری ساکنان نواح عالم باغ گرفتار ہین اونھین چھوڑ دو کہ اگر انگریز دیکھین گے وہ زمینداردن سے کھٹک جائینگے اور اگر زمیندار دیکھینگے وہ باطن مین ناخوش ہوکر وقت اپنا پاکر بھاگ جائینگے۔

ابلاغ حکم واسطے زمیندار اطراف عالم باغ نبی بتھر اسول آباد وغیرہ

عرضیان تمھاری ملاحظہ مین گذرین جو تمنے اطاعت و فرمانبرداری اور شراکت کفاران فرنگ کی واسطے جانبری کی مصلحتاً لکھی ہی اور وقت مقابلہ سرکار کے بہت خیرخواہی کروگے جب حضور سے یہ کرنا شروع کرینگے پہلا کر کے سکبو قتل کر کے حاضر حضور ہوگے اسبات کو دریافت کر کے حضور کو بہت خوشی ہوگی شاباش طریقہ دنیداری اور رعایاگیری کا یہ ہی کہ یہ ہی کہ جس حیلے سی ہو سکے گا کافرون کو تہ تیغ کرنا بہرصورت خاطرجمع رکھو کہ جب عملداری سرکار بخوبی ہوجائیگی تمھین جاگیر اور بہت سا روپیہ ملیگا مگر اپنے کام سی غافل نہونا اور ہر وقت اپنے تئین مورد عنایات و مراحم خسروانی سمجھنا یہ کہکر بچاس قید بعجات گونیدہ گری جو محبس مین تھے بچاس قطعہ دیکر چھوڑ دیا اور مطلب اہلکار سرکار اور اس چھوڑنے اور ابلاغ حکم سے یہ تھا کہ اگر یہ مہادو پکڑ لینگے زمیندار دونکو پھانسی دینگے اور زمیندار دیکھ لینگے خیال ایمان آجائیگا تو شاید بردقت لڑائی ایسا کرینگے اور پاس لحاظ ادھر کا رہیگا اور کسیکو پھانسی ہوتی باقی زمیندار انکو یہ خیال ہوگا کہ ہمنے ساز کیا انھونے یہ کیا پھر اوسوقت بھر جائینگے تمام مطلب حاصل کیا

پہونچنا شاہزادہ فیروز شاہ

فیروز شاہ شاہزادہ مع دوسو سوار پانسو پلٹن گہمرہی بخت خان سے شہر مین آئی سلطان بہوت

محل حضرت خلد منزل مین بسبب قرابت کے فروکش ہوے سلطان بہو صاحبہ نے مارے خوف کے جناب عالیہ سے کہلا بھیجا کہ مین محتاج ہون مجھسے انکی خدمت کیا ہو سکے گی سرکار سے دوسرا مکان انکے رہنے کو ملے تو بہتر ہے اس جہت سے ایک اور مکان علیحدہ انکے قریب تجویز ہوا ۵ ہزار دعوت کے آئے کئی دن کے بعد مرزا بلاقی داماد شاہ دہلی اور مرزا کوچک سلطان بیٹے بہادر شاہ کے مکہ گنج مین آئے انکے استقبال کو مولوی میر مہدی آتالیق نواب جراز الدولہ نواب ممتاز الدولہ بہادر گئے ۵ شرفیان نذر دین مولوی نے دو دین اونکو قیصر باغ مین لاتے پانسو روپے دعوت کے اور کئی کشتی پوشاک پارچہ سفید کی خاص عالیہ نے دی چتر منزل رہنے کو ملا پھر مشہور ہوا کہ انکا رہنا متصل درودولت اچھا نہین یہ صاحب حوصلہ اولوالعزم ہین ایسا نہو تخت شاہی پر بیٹھ جائین اس خیال سے ۴ کمپنی تلنگہ بحیلہ حفاظت بطور نظر بند متعین کین اور تلنگے سوار جو انکے ساتھ آئے تھے اونھین نوکر رکھا ۔

احوال متفرق اہلکار اور امیران دربار برجیسی وغیرہ

جب فوج باغی داخل لکھنو ہوئی پہلے لوٹ نظامت کی پلٹنون سلطانی نمک حرامون نے شروع کی کسواسطے کہ یہ گھر کے بھیدی تھے شہر کے ہر وضیع و شریف و کوچہ محلہ سے واقف تھے جب بڑے آدمی اور روپے والون کے گھر تاکے ہر ایک نے مضطر ہوکر ایک صورت اپنے بچاؤ اور حفظ آبرو کی نکالی از انجملہ شرف الدولہ غلام رضا خان عرف راے جگنا تھا اپنے گھر واقع نال دروازہ مین دروازہ بند کرکے بیٹھے اور خان علیخان کو بلاکر ۵ سو روپے دیے دو سوار اپنی حفاظت کو متعین کروائے مگر فوج باغی کب مانتی تھی اونکا گھر لوٹنے کو آئی اونھون نے بھاٹک نہ کھولا تلنگون نے کہا محمود خان کوتوال اور انگریز انکے گھر مین چھپے ہین بے تکلف گولیان مارنی شروع کین انکے سپاہی بھی زمین سے گولیان مارنے لگے کئی تلنگے مارے گئے جب یہ خبر پلٹن اختری اور بول مین پہونچی اوسی وقت دونون پلٹن تیار ہوکر گھر کھودنے کو آئین ۔ غلام رضا نے معرفت اپنے وکیل کے ہزار روپیہ سید برکات احمد رسالہ دار کو بھیجے اور کہلا بھیجا کہ آپ میری جان اور آبرو بچائیے اور احمد اللہ شاہ کے پاس نذر اور ایک تاج بھیجا رسالدار نے

روپیہ دیکر ملنگون کو منع کردیا رفع شر ہوگیا ۔

بعد ایک مہینے کے غلام رضا خان کسی چال سے ممو خان تک اور میر واجد علی سے ملے ۵ ہزار ممو خان ہزار روپے میر واجد علی کو دیے ممو خان نے خلعت گنجیات دیا کہ بسبب بے انتظامی کے شہر مین رسد غلہ کی کم آتی تھی غلہ گران ہوگیا تھا پھر چند روز مین ممو خان اور غلام رضا خان ہم پیالہ و ہم نوالہ ہو گئے ہر روز ذرا اچھا کھانا پکوا کر لاتا تھا اور نواب کے ساتھ دسترخوان پر نوشجان ہوتا تھا جب گورے بنیر گنج مین آئے غلام رضا نے امراؤ مرزا کو اپنا کاردہ کرکے رسد رسانی فوج کو بھیجا اونھون نے تقسیم رسد سے ملنگون کے بہت سے کھانے غلام رضا نے ازراہ خیرخواہی سرکار پندرہ ہزار روپیہ کا غلہ اپنے پاس سے خرید کر بھروا دیا ۔

جب جنرل اوٹرم نے اخیر دھاوا کیا کسیطرح سے رسد نہ پہونچ سکتی تھی سبھون نے انکار کیا مگر غلام رضا خان نے اقرار کرکے بخوبی رسد پہونچائی فی الحقیقت یہ بڑا کام جان جوکھم کا تھا مسلمانون کو نان جیری ہندون کو پوری مٹھائی پہونچائی اور دس ہزار کا غلہ قیصر باغ مین اگینہ والی بارہ دری کے نیچے بھروا دیا وہ کسیکو کھانا نصیب نہوا اوسے گورے سکھ وغیرہ نے نوشجان کیا ۔

خلاصہ باوجود مجتمع ہونے اسقدر فوج جنگی زمیندار تعلقدار ممالک محروسہ کے بیلی گارد کسیطرح خالی نہ کرسکے آخر مہاراج بالکرشن نے نظر بہ خیرخواہی سرکار انگریزی تعلقداران کو کلہ سے رخصت کروادیا اس حیلے سے کہ اگر یہ لوگ اپنے علاقے پر نجائینگے رعایا سے وصول زر تحصیل کینگے پھر ہوگا بظاہر تعلقدار شرمندہ لوگ اپنے گھر چھوڑ کر چلے گئے مگر اسکا جواب صاف یہ ہے کہ ان کئی مہینے کے مقابلے سے کیا اونسے ہوسکا تھا کہ اب اونکے رہجانے سے توقع ہوتی عجب قدرت خدا ہے کہ گوہر زمیندار اور مقابلۂ جنگ انگریزی واہ ۔

غرض جب اہالیان سرکار تھکے اور مضطر ہوے آخر صلاح یہ ہوئی کوئی تدبیر ایسی کیجاے کہ سب انگریز بیلیگارد مین بن ہاے مرجائین کوئی شخص ایسا ہو جو وہان جاکر سب کنوون مین زہر ڈالدے کسی نے اقرار جانے کا نہ کیا مگر شہدون کے افسر نے کہا یہ کام ہمارا ہے سکھیا ہمین عنایت ہو ممو خان نے پانچ سیر سنکھیا شہر سے تلاش کرکے اور غلام رضا خان سے بجبر رنگو اکر

انکو دی انھوں نے اکر کہا ہمارے شہد نے جاکر اپنا کام کر آئے موخان و مبدم خبر منگواتے تھے کہ انگریز جیتے ہین یا مر گئے۔ مگر متواتر خبر آتی تھی کہ ابھی زندہ ہین ایسے مدبران ریاست ہوے تھے واہ۔

جنرل اوٹرم صاحب کو اسیران فرنگ کا احوال معلوم ہونا

خلاصہ جب اسیران فرنگ مرسلۂ راجہ لونا سنگھ محمدی سے آئے میر واجد علی نائب و مختار مدار المہام دیوان عام علی محمد خان کے سپرد ہوے جسطرح سے قتل آر صاحب مین بیان کیا گیا اور بقیہ کا بچنا فقط قدرت خدا سے ہوا اگر نہ جب آر صاحب کو لے گئے انکو کیونکر چھوڑ جاتے بہرحال انکی صورت زبانی انت رام یہ ہوئی کہ پہلے میر واجد علی کو بھی نسبت کی خبر نہ تھی کسواسطے کہ انجام کار کا یہ حال معلوم نہ تھا فی الحقیقت سکو نشہ اس ثروت و حکومت کا ہے دنیای دون کا ہوگیا تھا انکدن سے ایک دوست نے ازراہ عاقبت اندیشی سمجھایا کہ تم کس فکر و اندیشہ نشۂ غفلت مین سو رہے ہو اگر کسی صورت سے ان اسیرونکو بچاؤ گے صورت عافیت نجات و رفاہ فلاح نیک نامی خیر خواہی سرکار انگریزی حمیت حاصل ہوگی ورنہ تمپر سے زیادہ آفت آئیگی ہمنے تمکو خبر کردی ہے خبردار رہو اگرچہ اسوقت بظاہر بہت مشکل اور جان جوکھم معلوم ہوتا ہے میر مذکور نے رنگ دربار دیکھکر علی محمد خان اور جناب عالیہ کو سبطرح سے کشایش و فراز سے اور گرم و سرد سے سمجھایا کہ اگر یہ اسیر بچ جائینگے کیا عجب ہے کہ بادشاہ کی بھی اسی بہانے سے خلوہ کلکتہ سے رہائی ہوجاوے اور یہ امر کچھ جدید نہین ہے نواب شجاع الدولہ کی دو صاحب اسیر کو بڑی عزت سے رکھکر قید سے رخصت کردیا تھا یہی مراجعت و ثوق شفاعت دینکنامی کا ہے

امیر دوست محمد خان کابل نے جو اسیران فرنگ سے سلوک کیا ظاہر ہے بس یہ ہے کہ نواب شہنشاہ محل جناب عالیہ سے لڑکر شہر مین کسی مکان مین اوٹھہ جائین یہ بیبیان انکے ساتھہ چلی جائین اس پردے مین اپنا افشاء راز نہونے پاتے گا ورنہ کسیصورت سے انکی جان ورنہ حمایت کرنیوالون کی بچیگی چنانچہ انکدن جناب عالیہ و شہنشاہ محل سے خوب لڑائی ہوئی کہ خاص و عام کو پتہ پیدا زانتک مشہور ہوگئی اور انکا خفا ہوکر قیصر باغ سے اوٹھنا پڑ گیا اوسکی بھی شاہنشاہ محل

سلطان محل خورد محل دلارا محل دریا محل وغیرہ مع اسباب باغ سے اٹھکر قریب اکبری دروازہ آنحامرزا عاقل کے مکان مین بہ کرایہ جاکر رہین یہ محبوسین بھی انھین کے پردے مین بسلامت چلی گئین جب بیبیون سے میر واجد علی نے بھور قلب رجوع کی کہ آیا تمہارے واسطے صورت سفینۃ النجات آپ کی بدولت متصور ہے یا نہین ہم امیدوار جلد دے ہل خدا الاحسان کے ہین انھون نے جواب دیا کہ ہم تمہارے اور ان صاحبات محل کے بہت احسانمند ہین جتنا ہمسے ممکن ہوگا ہم تمھارے واسطے اور ان صاحبات کے واسطے قصور نہ کرینگے لیکن اب مناسب ہے یہان سے کسی اور مکان مین لیجاکر رکھو ایسا نہو یہ مین شہر ہے بدمعاشون کا ہنگامہ فساد زیادہ ہوجاوے پھر وہان سے منصور نگر مین اکبر علیخان کے مکان مین اکر رہین اور سوفت بیبیون نے چٹھی اپنی سرگذشت کی اور نرم صاحب کو ایک گونیدے کے ہاتھ بھیجی کہ تو اس نشان کے تبلانے سے مورچہ انگریزی سے بہ سلامت گذر جائیگا چنانچہ جب وہ چٹھی نرم صاحب کے پاس پہونچی اوس گونید کو رخصت کیا رات کو ایک گونیدہ فقیر بنا ہوا اوسکا جواب لایا اور اوسی سے رسل رسائل یومیہ اخبار عجیبی و شہر میر واجد علی کی جہت سے جاری ہوا اور دربار کی حاضری اپنے عذرات بارد و علالت مزاج سے کم کردیے اودھر سے مایوسی ہوتی ادھر سے امید۔

غرض جب جنرل اور نرم کو قید ہونا اور زندہ رہنا بیبیون صاحبات کا مفصل معلوم ہوا معرفت دیوان انند رام وکیل راجہ مان سنگھ کہلا بھیجا کہ اگر یہ اسیر بچ جائینگے تمھین سرکار سے انعام زر روپے کا ملے گا اور جاگیری تمھاری اور متعلقان کی ہوگی انند رام نے عرض کیا کہ اگر آپکے اس ارشاد کا اوقین یقین نہ ہو فرمایا اوسکی عرضی لاؤ ہم پروانہ دینگے عرض میر صاحب نے عرضی لکھی کہ ملاحات واجد علیشاہ مجھسے تعلق ہین امیدوار ہون جو تمہارے ساتھ ہو سب کی جان بخشی ہو اور خدا چاہے تو آپ کی امانت بسلامت آپ تک پہونچے جب یہ عرضی گذری حسب المعروضہ پروانہ آیا اور یہ بھی فرمایا کہ اس جان بخشی کے سوا لاکھ روپیہ انعام ملے گا اور اسکے دینے مین ہرگز تساہل نہوگا بشرطیکہ میم صاحبات کی جان بچاؤ گے۔

جب انند رام نے پروانہ دیا ہوش جاتے رہے اور کہنے لگے دیکھ لین یا کچھ سن لین کہ تم اسے چھپاؤ کل میرے مکان پر مجھے دینا۔

اکیدن میصاحبات نے کہا اس مکان سے کسی اور مکان وسیع مین لیجا کر رکھو ہم یہان جگہ
ہین چنانچہ آر صاحب مقتول کی بی بی بیٹی اور مس جکسن صاحبہ قیصر باغ کے گوشۂ عافیت مین
رہ رہی تھین محمد بیگ کمیدان کے سپاہی کچھ اذیت دیتے تھے اونکے بدلے پہرہ پر تلے والونکا
مقرر کیا تھا بعد قتل آر صاحب تین دن تک اوسی کنجۂ قفس مین بے آب و دانہ رہی تھین کسیکے
خبر نہ تھی کسواسطے جو شہ تک تھے اونکو اپنی جان کی پڑی تھی جب ایک سپاہی نے اوپر رحم کھاکر
عیش باغ مین اطلاع رام سے جاکر یہ اسرار زبانی میرصاحب سمان لیا اونھون نے کچھ میوہ مصری
روپیہ بھیجا اور بہت سی تشفی کہلا بھیجی کہ ہم کبھی ایسی غفلت نہ کرینگے اور اوس سپاہی کو بھی
کچھ دیا اور پھر کر بہت باندھ مستعد اونکی رہائی کے ہوے دربار مین میرواجد علی کو
ہمراز سمجھکر یہ تدبیر نکالی یعنی مس آر کو بیمار خود ساز بنایا اور صحت الدولہ سید مبلخان کو
بھی موافق کرلیا اوسکا نام عباسی رکھا اور میرواجد علی نے اوس لڑکی کو سمجھا دیا کہ جب خان
یا کوئی اور آوے تم اوسوقت اپنی شکل اور حالت بیمارون کی بنالینا چنانچہ حکیم صاحب نے
بموجب مشورہ محمود خان سے جاکر کہا کہ عباسی ایسی بیمار ہے کہ کل تک بھی بچتی نظر نہین
آتی محمود خان نے علاج کو کہا میرواجد علی نے اننت رام سے وعدہ کیا کہ اسے کسی حکمت سے نکال کر
عالم باغ بھیجدینا مناسب ہے دوسرے دن میرواجد علی نے معرفت حکیم صاحب
محمود خان سے کہلا بھیجا کہ وہ لڑکی جو کل بیمار تھی آج مرگئی ہمنے اوسے دفن کروادیا
کہا بستر کیا جب اننت رام اوس لڑکی جنازہ اپنی حکمت عملی سے بناکر قیصر باغ سے نکلے اوسکے
پیچھے ہاتھی پر چھپاکر خوشی خوشی رسم اپنے ہمراہیون کے لے چلے جب چھٹ پر پہونچے دفعتہ
پچاس سوارون نے آکر گھیر لیا پوچھا کون ہو کہان جاتے ہو اوسوقت ذیلدار کے حواس
باختہ ہوے ہوش اوڑ گئے مگر اوسیوقت اوس لڑکی کو ہوشیاری سے اپنے لحاف
مین لپیٹ مثل گاؤ تکیہ بناکر اپنے کہار معتمد کو پھینک کر دیا فی الحقیقت وہ بڑا نمک حلال
تھا بھیونے کے ساتھ اپنی بغل مین دبا کر کنارۂ راہ سے لے گیا پھر یہ ہاتھی سے اوترے
قصبہ مختصر بعد بہت سی گفتگو کے پچاس اشرفی اون سوارونکو دیکر نجات پائی وہان سے جلد گروہ کو چلے کہ آج
مقام دین پہونچ جاوین اوسرات کو اوس لڑکی کے طبیعت سنبھل ہوئی افسوس بیسود ہی محنت و مشقت بیجا ہوئی نہین معلوم

اوسپر کیا گذری زندہ ہو یا راہ مین گرفتار ہو گئی عجب حالت سکرات مین رہی دوسرے دن وہ کہار باوفا
نظر آیا پہلے اپنی امانت کو پوچھا اوسنے کہا کوس بھر کسی گانون مین اوسے بسلامت چھوڑ آیا ہون
اور خدا نے راہ مین ہر آفت سے بچایا یہ اوسیوقت جاکر لائے کھانا کھلایا پھر خبر اوسکے ماں
احوال کی عرضی لکھی اوسکا جواب نیکنامی وکمال عنایت سے بھیجا بعد فتح وہ لڑکی اپنی ماں سے ملی
فی الحقیقت دیوانجی نے بڑا کام جان جوکھم کا بڑی بہادری وخیرخواہی سے کیا صوفیہ بیٹی مہر بس
کی کرسٹن صاحب کمشنر خیرآباد قید فقیر باغ مین ہیضہ وباتی سے مرگئی تھی اوسی کہین دفن کردیا تھا

سالگرہ مرزا برجیسقدر

ہر روز تازہ بتازہ ایک پھول پھولتا تھا عجیب ماجرا ہے کہ عالم باغ مین لڑائی بیلی گارد
مین سر روز دنیاد ھاوا کیا جاتا ہے ہر طرف مورچہ بندی ہو رہی ہے یہان سرکار مین مرزا برجیسقدر
کی سالگرہ کی تیاری ہو رہی چنانچہ جناب عالیہ پولکھی سے اپنے قدیم مکان سے متصل مکان
شیرالدولہ تشریف لائین آراستگی مکان کو حکم ہوا کہ سب محلات اور شاہزادونکو بلاؤ سب مہمان
ہوی بڑی روشنی ہوئی نواب ممتازالدولہ ممو خان میرزا جد علی فوج کے سب کپتان رسالدار لوگ جو
والے حاضر تھے جناب عالیہ نے فرمایا مین نے منت مانی تھی کہ مع فوج درگاہ حضرت عباس مین جاؤنگی
دولت ومشیران خاص نے کہا ہرگز یہ صلاح وقت نہین کہ آپ یہان سے قدم باہر نکالین ایسا نہو یہ
خبر انگریز سنکر دھاوا کرکے داخل قیدباغ ہو جائین پھر فوج بہادر اوسے نہین کیونکر روکے گی اس حجت
سے جانا درگاہ کا موقوف بروقت رہا۔

پہر رات گئے گیارہوین برس کی سالگرہ دیکھی جناب عالیہ نے فرمایا مین جناب ہون سے پہلے
صاحبات محل مجھے نذر دین سمجھون نے اسپر بڑے قہقہے مارے آئے اور کہا کہ اگر تم بادشاہ کی ماں ہو
تو کیا مضایقہ یہان نذر دینے مین کچھ تامل نہین یہ بات تو دمنی بڑی گرمی سے کہی آخر سمجھون
نے برجیسقدر کو بطریق رونمائی اپنا بچہ سمجھکر دو دو تین تین اشرفیان دیکر گلے لگایا ناچ ہونے لگا
اسی جلسے مین نواب خود محل کے ساتھ یہ بیان اسپر بھی لباس ہندوستانی بنے ہوے تھے

مہندی لگائے شریک محفل ہوئین ۔

مرزا برجیسقدر باہر برآمد ہوے پہلے نواب شرف الدولہ نے نذر دی اوسکے بعد غرنیا قربا اہلکار افسران فوج نے نذر دی خلعت ہونے لگے عبدالرحیم قوم قصاب داروغۂ جوہر خانہ جو بعد مغروبی مفتاح الدولہ ہوا تھا صاحب علی خزانچی قوم جولاہے کوئی چودھری باغبان جس نے پھولون کا سہرا بنایا تھا میر کاظم علی داروغہ میگزین جو آتشبازی لایا تھا اور اوسکے وکیل یوسف خان داروغہ توپخانہ جنہے ۲۱ فیر سلامی کی چھوڑوائی تھی محمد پناہ آتشباز کو وہ آتشبازی لایا تھا ہر ایک کو دوشالہ رومال ملا اوسوقت لوگون نے عرض کیا کہ عجیب ماجرا ہے کہ پہلے خلعت بڑے اہلکارونکو دینا مناسب تھا اوسکے بعد چھوٹی امت کو غرض رات بھر خوب جلسہ رہا محلات کو کھانا تک نہ ملا سجھون نے اپنے گھر سے منگوا کر کھایا یا بازار سے یہ خوبی انتظام تھی کشمیریون نے یہ غزل گائی ؎ غیر تو مہتاب ہی پر جیسقدر + گوہر نایاب ہی پر جیسقدر + اوہر تقدیر نے یہ حسب حال پڑھا ۔ چھوٹتا ہی تجسے اب یہ لکھنؤ + جشن شادی خواب ہی پر جیسقدر + دو پہر دن تک یہ صحبت رہی سہ پہر بوسب رخصت ہوے جنابعالیہ بھی چولکھی مین تشریف لائین ۔

خبر شکست میر مہدی حسن خان وغیرہ

غرہ رجب ۱۲۷۴ھ کو خبر آئی کہ جنگ بہادر کماندار انچیف گورکھا اور فوج گورہ نے سنگرامپور سے اکر میر مہدی حسن خان ناظم سلطان پور سے لڑائی کی وہ تھوڑے پسپا ہوے فوج انگریزی پاٹنہ کو چنپور بندھوے تک چلی آئی راجہ حسین علی خان خوب لڑا زخمی بھی ہوا تاب نہ لاسکا راہ گریز اختیار کی موخان نے حکمنامجات بنام راجہ مادھو سنگہ تعلقدار گڑھ امیٹھی کو اس مضمون کے بھیجے کہ تم ازراہ نمک حلالی سدراہ فوج نہوے معلوم ہوا تم سازر کھتے ہو اور حکمنامے سب کے حاضر ہوے کو اجرا ہوے سبکو یہان کا حال اول مرحلے مین بخوبی کھل چکا تھا بالفاق ہمزبان ہوکر یہ جواب دیا کہ ہم اپنی اپنی حدود پر حتی الوسع روکنے مین ہرگز قصور نہ کرینگے چنانچہ گوربخش سنگہ تعلقدار رام نگر دھمنڈیری حشمت علی عامل سندیلہ وغیرہ انمین سے کوئی حاضر نہوا اور فوج انگریزی کاندو کے مارے تک لڑتی چلی آئی اس بیچ مین ہر جگہ اُنکا ڈٹکر لڑائی بھی ہوئی بھر امیٹھی اور گوشائین گنج مین پہونچے

اور موضع دھرہرہ مین مصاحب علی زمیندار سے لڑائی ہوئی دوسرے دن اوس نے معہ خان سے آکر اپنی تلوار کی اور کہا چودہری مسمام علی سلیم پور میر صفدر علی عامل حیدرگڑھ قمرالدین حسین عامل گشائینگنج وغیرہ توپ پر حیدرگڑھ مین بڑی بہادری سے مارے گئے اور بینے باوجود ہونے توپ کے ایسا معرکہ کیا اگر میرے پاس توپ مین تین ایک کونچھوڑتا معہ خان نے دو توپین میگزین دو پلٹن بخیب خلعت ۱۱ پانچ چکلہ داری گوشائینگنج حیدرگڑھ وغیرہ دیکر حکم دیا کہ ان ثلاثہ کو جاتی ہی زندہ لانا یا سر بھیجدینا اور جو فوج اوسکے سدراہ ہو نا کہتے ہین کہ امانی صاحب نے میر مہدی حسنخان ناظم سلطان پور کو باخفا پیام بھیجا کہ اگر فوج سرکار کی آنے کی راہ مین تم مانع نہوگے اور جدا نہوجاؤگے تمھین سرکار سے پچیس ہزار روپیہ کا دینا سلگا بندبست ملے جائیگا انھون نے اوسوقت کے نشہ نخوت مستعار ہی اوسپر کچھ اعتنا نہ کی بلکہ احتمال عجز کیا اور بعض کہتے ہین فی الحقیقت پہلوتہی کی اسپر انکا دوسو ماہواری کا پنشن سرکار سے ہوا واللہ اعلم۔

خبر شکست فرخ آباد و بریلی

فرخ آباد مین یہ صورت ہوئی کہ جب فوج انگریزی کانپور سے پہونچی فوج جنگی نے ساتھ کیا بعد کئی دن کے ردوبدل کے بھاگے گودام سرکار مین طاقہ ہر قسم بانات مخمل کاشانی وغیرہ اسباب تھا لوٹا توپین لیکر اوس پار اوترے اور لکھنؤ پہونچکر عیش باغ مین پڑاؤ کیا جتنی بانات مخمل وغیرہ لائے تھے رعایا کے ہاتھ کوڑیون پر بیچی۔ نواب تفضل حسین خان رئیس فرخ آباد وہ بھی گرفتار دام فوج باغی ہوئے تھے آخر کچھ نہ بن پڑا مایوس ہوکر اپنکو مع عیال و اسباب ضروری اسپار دریا کے اتری سیدھے بریلی کو گئے ایک گونیدی نے اوسیوقت اونکی کوٹھی مین جاکر آگ لگادی لکھا روپیہ کا اسباب جلکر خاک سیاہ ہوگیا صبحکو فوج سرکار نے جاکر شہر کا بندوبست کیا رعایا سے پہلے ہر قسم کے ہتھیار لیلیے تھے پھر کئی لاکھ لیکر سبکی جان بخشی کی نواب تفضل حسینخان بریلی گئے وہان سے خفا ہوکر بندی مین جاکر شریک حال قافلہ منرو لکھنؤ ہوئے جب سرکار سے امان مطلق ملی سیکے ساتھ یہ بھی آئی نواب کے عیال فرخ آباد گئے اور بکاری تحقیقات کی نواب کو حکم ہوا قلمرو سرکار کے ملک سے نکلجائین چنانچہ بحفاظت سرکار مقیم مکہ معظمہ ہوئے جنرل ہیرو صاحب کی بدولت سے کہ اسی جہت سے وہ درجۂ اعلیٰ سے اپنے کچھ دنون کم ہوگئے پھر اوسی درجے پر ہوکر

چیف کمشنر اودھ ہو کر بسبب علالت مزاج ولایت گئے ۔

انتظام بریلی کی صورت ہوئی کہ نواب خان بہادر خان مدت تک عہدۂ جایلہ مکار پر ڈپٹی یا صدر اعلیٰ رہے سررشتۂ اہتمام سے واقف تھے تحصیل ملک بخوبی جاری رہی موقع جنگی خزانہ میگزین لوٹ و قتل کر کے دلی چلی گئی تھی اونھین نمک حرام سرکار سمجھکر نہ رہنے دیا اونکے بدلے ہمقوم اپنے پٹھان رہیلے پہلی بھیت کے رکھے جو ہمیشہ سے نامی بھاگنے کے تھے اپنے نزدیک سپاہی سمجھکر رکھا فوج انگریزی جونپنی تال پہاڑ سے اتری مقابلہ ہوا کئی مرتبہ شکست بھی دی فی الجملہ میدان اونھین کے رہا جب مراد آباد اور ملک اودھ سے فوج پہونچی دس ہزار کی جمعیت سے بھاگ کر مع عیال ملک اودھ مین آئے ہزار کا خون ناحق ہوا اور اپنی بربادی اپنی نادانی سے کی اگر صاحبان عالیشان سے موافقت باطنی کرتے غالب ہے کہ بصورت خرابی کی نہوتی ہرچند نواب یوسف علیخان رامپور نے ازراہ بہادری دوستانہ سمجھایا لیکن نشہ بگ دماغ سے نہ اترا نواب محبت خان کی اولاد نشیدار سرکار دولتمدار لکھنو کس عمرت و آرام سے تھی فوج باغی کے ہاتھ سے تنگ ہو کر اور ازراہ حق برادری فی الجملہ روٹی کا بھی سہارا سمجھکر بریلی گئی دہلی کا رنگ حکومت دیکھکر ان سب کے نشے ہرن ہو گئے اگرچہ پہلے خان بہادر خان نے اپنا سر تک ریاست سمجھکر بعزت استقبال کر کے داخل شہر کیا اپنا مہمان ناخواندہ سمجھا اور بالمن مین متوسل سرکار جانکر کھٹکا رہا اپنے شوری خاص مین نہ داخل کیا اور نہ بخوبی صاف ہوئے تا مدت قیام صورت نان خشک بھی پیدا نہوئی بلکہ ازین سوا ماندہ وازان سوراندہ ہوئی جب سب کے ساتھ شہر سے بھاگے حکیم محمد حسنخان طبیب معقول بہت نیک بخت شاگرد رشید حکیم مرزا محمد علی اپنی شامت اعمال و قضا سے گورون سے مارے گئے ۔ باقی قافلہ بہزار خرابی لکھنو پھر آیا بعد تحقیقات و ردنگاری کے سرکار سے کچھ پنشن تا دام حیات ہو گیا داد و فریاد سرکار سے بہت کی کالکہ مین بھی بعض نے جاکر عرضحال کیا صورت اول پیدا نہوئی

حکایت کپتان ہیرڈنگ صاحب

ایک سوار صاحب فہم رسالۂ کپتان ہیرڈنگ صاحب نقل کرتا ہے کہ قبل از داخلہ فوج باغی ایکدن

صاحب نے مجھپر بڑی عنایات کی اور نہر فوج کا پنور و فیض آباد پوچھنے لگے مینے کہا جو کچھ ہے آپ بھی سنتے ہین مین بھی سن رہا ہون کہا ہم تمسے ایک بات پوچھتے ہین بشرطیکہ سچ کہو اب ہم اس معرکہ درپیش مین کیا صورت کرین مین نے کہا یہ امور سلطنت ہین جیسا حکام اپنی مصلحت وقت سمجھین لیکن مین گستاخانہ عرض کرتا ہون کہ بظاہر سارا ہندوستان دشمن جان و مال سرکار ہوگیا ہے اسصورت مین جو سرکار کا خیرخواہ معتمد و وارث ریاست ہر مقام ہو اوسکا ملک اسے دیدیجے اور آپ مع عیال و اطفال سیدھے کلکتہ چلے جائیے جب تک کہ ولایت سے کمک پہونچے یا ہندوستان مین کسی معتد کی فوج حرار آپکے شریک ہو جائے یا ایسی قوم نوکر رکھیے جس سے انتظام بسہولت ہوسکے پھر اپنے دشمنونکی سرکوبی کیجیے اس صورت مین غالب ہے کہ مین خونریزی نہوا در یہ ہنگامہ از خود موقوف ہوجائے اور اگر غصہ و غضب سے کام فرمائیے گا و مظلوم کے مساوی کرنے سے اعتبار سرکار جاتا رہیگا پھر اصلاح و آبادی ممالک محروسہ بے تالیف مشکل پڑیگی اور اگر یہان کے حکام پر چھوڑ دیجے گا تو ایسا انتظام کبھی نہوسکیگا بلکہ میدان خالی دیکھکر ہر سردار و حاکم آپسمین نفاق و تباہ سے کٹ مرینگے اور پھر تنگ و کمزور ہوکر آپ سے بالتمی حمایت و اعانت کے ہونگے کیا تمھاری رائے صائب ہے اور اکثر ہمارے صاحبون کے نزدیک بھی طرح دینا مناسب ہے لیکن گنیس صاحب فینانشل کمشنر کی رائے اسکے خلاف ہے کہتا ہے جب ولایت سے ہماری فوج آئیگی ہم دفعۃً سارے ہندوستان کو زیر و زبر کردینگے اسیواسطے بیلی گارد مین سامان آذوقہ کئی مہینے کا جمع کیا ہے دیکھیے کیا ہوتا ہے۔

حکایت جنرل لارنس صاحب

اسیطرح ایک مرد جہاندیدہ جو قافلہ شاہی کے ساتھ لندن بھی آئے تھے مدرس سے بیمار ہوکر پھر آئے اونسے ایکدن جنرل لارنس صاحب کو عرضی اس مضمون کی دی کہ میری عمر اسی برس سے زیادہ کی ہوچکی ہے نظر پیش آمد فساد ہندوستان جو کچھ میری عقل ناقص مین آیا ہے عرض کرتا ہون بشرطیکہ حکام عالیشان بغور تامل انصاف سے سنین کہ ایسے ہنگامۂ فساد مین اگر اہالیان سرکار مصلحت وقت سمجھکر واجد علیشاہ کو بدستور بحال فرمائین جتنی رعایا اودھ ہے

کبھی سرنا اوٹھائیگی کسواسطے کہ بنگال احاطہ فوج مین تلنگے نصف سے زیادہ رعایا اودھ ہین تلنگون کی سرکوبی کو کافی ہونگے فقط مقابلہ شاہ دہلی رہجائیگا یہ انسے بھی ممکن ہی اور آپکی فوج بھی ساتھ ہوگی دوسبب سے ایک تو یہ کہ یہ سانحہ ناپیدا فتہ آپکے مین دوسرے مخالف مذہب ہی کہ انجام کار بسہولت ہوجاے ورنہ بظاہر بڑی خرابیان اور نقصان سرکا اور بدنامی متصور ہی کسواسطے کہ مقابلہ محض جاہل اور کور باطن و ناعاقبت اندیش نافہمون سے ہوگا عرضی کو پڑھکر فرمایا تمکو کسنے بھیجا ہی عرض کی کہ قسم ہے اوس خدا کی جسنے مجھے پیدا کیا فقط جو کچھ میری عقل ناقص مین گذرا اُسے گستاخانہ عرض کیا کہ آپ خود دریافت نہ کیجئے کانو کرنہ متوسل ہون فقط خوشیاش شہر ہون فرمایا بعد تین مہینے کے اسکے جواب کو میرے پاس آنا چنانچہ صاحب نے اوس عرضی کو روانہ کونسل کلکتہ کیا بعد ہفتہ عشرہ کے یہ ہنگامہ فساد برپا ہوا

معرکۂ عالم باغ

۲۲- رجب کو دوسری فوج نے عالم باغ سے نکلکر قبل از وافلہ فوج سلطان پور جو لڑنی چلی آتی تھی قریب کوٹھی دلکشا و محمد باغ مورچے قائم کیے اس طرف سے بھی فوج جمع ہوکر گئی لڑائی ہونے لگی گوروون نے محمد باغ کو ہر چار طرف سے گھیر لیا بجنب تلنگون کے مورچہ پر گوروں نے ایسا مارا کہ کشتون کے پشتے کردیے اکثر باغ کے کنوون مین گر کر مرگئے۔

ایک دن فوج انگریزی قلعہ جلال آباد سے نکل کر بجنور پہونچی جو قلعے سے ایک کوس ہے فوج باغی جو وہان تھی پہلے مقابلہ کیا بعد اسکے بھاگی گوروں نے قصبہ مین جاکر مرغ انڈا بکری بھیڑ اور سامان کھانے کا لیکر چلے آئے وہان کے رئیس عورات اطفال کو لیکر پیادہ پا ساگھو کے جنگل سے ہوکر گرتے پڑتے امین آباد کی دو کانون مین آکر پڑے جنکو اہل شہر سے کچھ تعارف تھا اونکے گھر جاکر مہمان ہوے۔

ایک دن گورے قلعے سے ۸ کوس بمسوارے مین جاکر رسد غلہ وغیرہ قیمت دیکر لاتے وہان کے عامل اور زمیندار کو بھی پکڑ کر عالم باغ مین حیف کمشنر کے سامنے لے گئے مقید ہوے دوسرے دن اقرار نامہ رسد رسانی دیکر نجات پائی۔

نیچے چھپ کر جو قریب قریب قرابت عالم باغ تھے راکھور سر پہونچاتے تھے ۶ سیر روپیہ کا آٹا بیچکر چلے آتے تھے اسیطرح اور غربا جان جوکھم کرکے ماکولات وغیرہ کانپور سے لاکر بیچتے تھے بعض جھوٹ سچ پرچہ اخبار بھی دیتے تھے اسی رسوخ سے اکثر ذکا بھلا بھی ہوگیا سرکار سے کام بھی ملا۔

ایک دن کچھ مجروح گورے کرانچی چھکڑے پر سوار بنی کے ٹوٹے پل پر چھ باندھکر سلامت کانپور چلے گئے میں اتر چھار سالہ حبیکا پڑاؤ کربلا سے میر خانسامان میں تھا ایک دن کئی سے سوار تیار ہوکر بنی گئے وہان کے تھانہ دار اور کئی برقندار کو مارا گودام سرکار میں جو کھانے کی چیز مٹھائی وغیرہ ملا لوٹا تار برقیہ کو جابجا سے توڑا ایک صاحب کئی سوار دن سے سڑک پر ملا سوار بھاگ گئے اوس صاحب کو مار کر اوسکا سر سرکار میں بڑی بہادری سے لیکر گئے۔ اوسکی کرچ کرتی افسرون نے لے لی اوسنے کہا میرے قتل کرنے سے کیا لندن خالی ہوجائیگا میرے پاس اشرفیان ہین لیلو نمانا کہا بعد تمھارے قتل کے سوا ہماری کون لے لیگا تمھارے ہاتھ سے لینا کیا ضرور ہے۔

روز شنبہ ۱۹۔ رجب مطابق ۶ مارچ فوج انگریزی دلکشا سے پل باندھکر اوسپار چنہٹ کے اوتری جانب جنوب گورون نے مورچہ باندھا فوج باغی نے قریب کوٹھی جنرل مارٹن مورچہ قایم کیا توپ چلنے لگی اور ایک مورچہ نجف خان نے چکر والی کوٹھی کی طرف لگایا اور اپنے نصف کمپ سے اجریا میں مورچہ کیا یوسف خان ممو خان کے بھائی کو حکم ہوا تم اپنی فوج لیکر کمک کو جاؤ شرف الدولہ غلام رضا کو حکم رسد رسانی کا ہوا اوسیوقت خوانچے والے ماکولات تر و خشک لیکر جا پہنچے طرفین سے خوب لڑائی ہونے لگی۔ اس عرصہ میں فوج انگریزی جو سلطانپور سے آئی تھی وہ بھی شریک معرکہ ہوئی نواب شرف الدولہ ہاتھی پر سوار ہو مع فوج دھاوے کو چلے کوکراں پر مقابلہ ہوا ایک بم کا گولہ نواب کے ہاتھی سے ہوا ایک رسالدار ہمراہ رکاب میں گرا مرگیا نواب یہ ساخہ دیکھکر گھر کو پھرے فوج نے بھی اپنی راہ لی مگر ایک صاحب کا سر فوج کے ہاتھ آگیا اوسے بہ تفاخر زیب دروازہ اکبری کیا احمد اللہ شاہ فقیر جو چکر والی کوٹھی میں اکثر رہا تھا اوس نے بھی نکل کر مقابلہ کیا اپنا مورچہ کلکرال پر قایم کیا فوج باغی سے

کہنے لگا نواب ملا ہوا ہے اسواسطے چلا گیا پھر ساری فوج کے پانوں اوکھڑ گئے اب تمھین لازم ہے کہ آج اپنا مورچہ یہان رہنے دو کل ہم دھاوا کرینگے اور جسے ہمارا ساتھہ دینا منظور ہو اچھا اچھا گرانڈیل جوان الگ ہوجاؤ چنانچہ ایسی دو پلٹن الگی جداکین اونھین اپنی کوٹھی کے قریب رکھا اور سب سے قسم نہ بھاگنے کی لی۔

جب یہ خبر سرکار مین پہونچی اہلکارون سے مشورہ ہوا کہ یہ لڑائی فتح کریگا مانگون کی شراکت سے بڑی قوت پکڑ جائیگا ریاست مین فساد ڈالیگا پس جتنی فوج اوسکے پاس ہے طلب کرنا چاہیے یہ بھی اقبال صاحبان عالیشان کا تھا کہ آپسمین ہر روز بلکہ ہر وقت ایسے فساد چلے جاتے تھے اگر احیاناً ایک نباتا تھا دوسرا اپنی بدنفسی سے بگاڑ دیتا تھا غرض نصف شب کو چوبدار طلب فوج کو گیا کہا تم برجیسقدر رکے نوکر ہو یا شاہ جی کے فوج نے کہا کہ ہم برجیسقدر رکے نوکر ہین چوبدار نے کہا حکم سرکار زبانی موخان یہ ہے۔ کہ اسیوقت ہمارے پاس چلے آؤ سب اوسکے ساتھہ چلے آئے اونکا مورچہ گرد قیصر باغ کے ہوا۔

شاہ جی یہ حال دیکھکر مضطر ہوئے جتنے تلنگے اونکے ساتھہ رہگئے تھے اونکا پہرہ گرد کوٹھی کردیا مجکو فوج انگریزی نے دھاوا کیا کوٹھی پر بم کے گولے مارے شاہ جی مع اصحاب بھاگ کر شہر مین سرائے معتمد الدولہ مین اترے کچھ زخمی بھی ساتھ تھے اوسے بمنزلہ قلعہ سمجھے گلیون مین چھوٹی توپ لگادی پہرے کھڑے کردیے۔

گورون نے دریا گومتی پر پل باندھکر ایک برن اوسپار اوتارا اجریاؤن کا مورچہ لیلیا دوسرے برن نے موضع بھولی علی گنج چاندگنج مین عمل کیا اور اوسیدن بادشاہ باغ واقع رمنہ سلطانی لیلیا پلٹن دہنے بائین مع بہادر علی مخدوم بخش کپتان جنگا پڑاؤ وہان تھا یہ سب اسباب چھوڑکر بھاگے گورون نے وہ لوٹ کر توپین بم کی لگاوین اوسیدن تقریباً آٹھسو آدمی جان سے گئے زخمیون کا شمار نہین ممکن اوسوقت بدحواس ہوکے تھوڑے والنٹیر لیکر دھس پڑا کر کھڑے ہوے دیکھا گورونکا اسباب چکردانی کوٹھی سے بادشاہ باغ کو چلا آتا ہے سوار دن کو بلاکر پرا جایا حمید اللہ خان جو بریلی سے آیا تھا بڑا بہادر مشہور تھا اوسے حکم دیا کہ تم سوار اپنے ساتھہ لیکر جاؤ پھر پکار کر کہا کون کون اونکے ساتھہ جاتا ہے جو بہادر ہو جاوے

کسینے کچھ جواب نہ دیا شیخ احسان اللہ بیگ شریک ہمراہی شیخ فضل علی ڈاکو نے کہا ہم ادنکے ساتھ جائینگے مگر جداگانہ ممو خان نے کہا بسم اللہ انکے ساتھ اور سوار جائینگے پھر ۱۲ رسالہ کے سوار جمعدار قاسم خان کے ساتھ ہوے گھوڑون کی باگین لین کوئی نہ پہونچا سب گر ڈہوکر رہگئے فقط اوستے حاکم گورد ہین پہونچکر ۴ تینچے خالی کیے کئی آدمیون کو مار کر پھر آیا زخمی بھی ہوا فوج باغیہ مین واہ واہ کی دھوم مچی اور جو کام اودنے کیا وہی شیخ احسان اللہ بیگ نے بھی کیا ممو خان نے دونونکو دوشالہ اور مال دیا

گوردن نے ۸ توپین بم وسیل کی بادشاہ باغ سے قیصر باغ اور دلکشا گنج کیطرف سے لگا کر شام سے مارنا شروع کی جب قیصر باغ مین گولے برسنے لگے فوج بہادر نے بھاگنا شروع کیا پھر فوج انگریزی نے دھاوا کر کے اسطرف پل آہنی کے مورچہ لگایا بعد اسکے کربلا نصیر الدین حیدر سے امام باغ تک اپنا عمل کرلیا بہت سی رعایا اور سپاہ کی بیگناہ ماری گئی مگر توپین نواب علی خان کے امام باغ مین لگی تھین اونکی فوج کا پڑاؤ بھی اسطرف تھا ٹھہرنے نہ دیا۔

سانحہ حیرت افزاے فوج باغی

۵ - رجب روز شنبہ ۱۲۷۴ھ مطابق ۲۰ فروری پلٹن گرائی کے تلنگے کی بھیانی سے سو روپے مین سے ۶ روپے کم ہوے ایک لڑکے کو چوری کی علت سے پکڑ کر ممو خان کے پاس روبکاری کو لائے حکم ہوا اس لڑکے کے وارث سے جاکر یہ روپیہ لیلو اونسے کہا میرا باپ مرزا بنیاد علی بیگ محلہ اشرف آباد مین رہتا ہے میرے ساتھ چلو دلوا دون بیس تلنگے مسلح اونکے ساتھ آئے میر صاحب کمیدان کے بیٹے سے گھر کا پتا پوچھا بنیاد علی بیگ کا کون سا گھر ہے بتایا جب باہر آئے ماجرا بیان کیا انھون نے کہا حاشا مین اس سے واقف نہین گفتگو بڑھی آخر مرزا کو گرفتار کر کے لیچلے مرزا علی حسن جوان رعنا یہ ماجرا سنکے اسکے شیر بچہ تلوار لیکر چلا جب تھانہ پل اشرف آیا دیکھتا ہے کہ جوش جرات اجل گرفتگی اور محبت پدری سے پکارا مجھے میرے باپ کے بدلے لیجاؤ سپاہی ڈرے ایسا نہو پیچھے سے شیر بچہ دانعدے دفعۃً کئی تلنگے پھر بڑے باقی اونکو لیکر آگے بڑھے اس جوانمرگ نے شیر بچہ کو آگ دی نہ چلا گھبرا کر نالے کیطرف چلا تلنگون نے جھپٹ کر

وہین اوسکا کام تمام کیا بعد ایکساعت کے چارپائی پر نعش گھر مین آئی حشر ماتم برپا ہوا اسے کس زبان سے بیان کیا جائے شام کو پہلوی مرزا عباس قلی بیگ مرحوم کے دفن ہوے باپ بھی چھوڑ کر آئے شریک دفن ہوے ایسے خون ناحق شہر مین بہت سے ہوے انصاف کون کرتا جہان ایسے ظالم سبدین سفاک جمع ہوے ہون شرفا و نجبای شہر نے اپنے گھر سے باہر نکلنا موقوف کردیا تھا لاحول ولا قوہ الا باللہ

مہاراجہ بالکرشن دیوان کا مرنا راجہ بہاری لال کو خلعت ہونا

۱۰ ار شہر رجب ۱۲۱۲ھ مطابق ۲۵ فروری مہاراجہ بالکرشن مرض اسہال سے مرگئے یہ اپنی وضع اور استقلال مزاج اور فہم سے اس زمانے مین بہت غنیمت تھے اور خیرات و مبرات سے ہندو بیراگی فقیر دور دور سے آکر عشرت باغ مین برسات تک انکے مہمان رہتے تھے پچاس ہزار سے زیادہ اونکی مہمانی مین صرف ہوتا تھا بعد دسہرے کے سب چلے جاتے تھے اور اپنے سیاق پیشہ متصدی گری مین بہت ہوشیار تھے سارا ملک محروسہ نوک زبان یاد تھا اور ہر سلطنت مین ذریعہ انکا محتاج اور رسوخ و وقعت و قدامت رہا اور عیش دنیا بھی ایک ضبط اوقات سے کیا اس انقلاب سلطنت کے ہوجانے سے زیادہ تر آلام روحانی اوٹھایا اور اپنی سرکار سے کھٹکا بھی باز پرس کا جاتا رہا اور اپنی آبرو کی حمیت سے باغیون سے روپیہ بھی غریزہ نہ کیا اور سلطنت پر صبی مین ارس عدیکو یا کراہ بمجبوری قبول کیا اور گوہاز زمینداران ممالک محروسہ انھین کی صلاح سے اپنے اپنے علاقے پر چلی گئی تمام کچھ رہ گئی تھی در پردہ سرکار انگریزی کیواسطے کی تھی اگر جیتے رہتے کیا عجب تھا اسکا ثمرہ بھی اوٹھاتے غرض جب سرکار مین خبر ہوئی پہرے بجہاۓ حفاظت گھر پر آۓ راجہ بہاری لال کو خدمت واصلباتی تھی سراسیمہ ہوکر نواب سے عرض حال کیا آنھون نے نظر قدامت و سررشتہ موروثی و خیرخواہی و نمک حلالی بہت تاسف کرکے پہرے برخاست کردیے اگرچہ مہاراج جہان گذشتہ کے دشمن دانا مگر منصف تھے جب نود دولت اہلکار زبطہ دنیا و اخذ زر سمجھا یا دو خاص بردار چپراسی دیوان عام بجہاۓ حفاظت رہنے دیے جب رسومات مذہب سے فراغت ہوئی ۱۷ رجب پنجشنبہ کو راجہ بہاری لال کو خلعت دیوانی ۲۲ پارچہ ملا

اور خلعت و اصلباتی راجہ تیز کرشن مہاراج کے بیٹے کو دیا رسوم خدمت جو زمان معتمد الدولہ رای دولت رای کی بدولت پیشکش سرکار مقرر تھا وہ بھی دیا معروف کاروبار متعارف ہوجان بھی بچی گھر بھی لٹنے سے بچا بعد فتح و تسلط سرکار مہاراجہ اور راجہ تیز کرشن سے بگڑی دونون علیحدہ ہوگئی جب حکام سے مہاراجہ مہاری لال کو صفائی زمان ماضیہ حاصل ہوئی سرکار سے ۱۱ ہزار روپے خرچ کو ملے اینده کو امیدوار پروش کیا عہدہ اکسٹرا اسسٹنٹی تجویز ہوا انھون نے قبول نہ کیا مگر حکام کو بدل اونپر رعایت منظور ہوئی اور ارزوئے انصاف محرک حق دیوانی زمان گذشتہ راجہ تیز کرشن سے ہوی پہلے جاہا کہ آپس مین تصفیہ ہوجاوے نہوا آخر نوبت بعدالت پہونچی بعد خرچ اخراجات و حقوق وکلای عدالت دو سو ماہواری تصفیہ ہوا گذری ملی تا مدت حین حیات راجہ تیز کرشن و یا کرین خیر نونکا دسکے بعد تیز کرشن کا حال بسبب آوارگی مزاج اور خرچ لغویات نوبت بہ گدائی پہونچی مضطر ہوکر جے نگر بھی ہوآئے مکان خاص بازار کا نشان نرہا بھوانی گنج اور گاؤ خانے مین مکان وسیع بنوایا تھا بک گیا ۱۸ الاکھ روپے کے نوٹ سرکاری مہاراج جہان گذشتہ کے پاس تھے سوای مالیت خانہ وغیرہ اونکا بھی نشان نرہا کسان گئی اور کیونکر خرچ ہوا ب شاید راجہ دگبجے سنگھ کچھ کفالت نعمت لایموت کرتے ہین انکی گھر کی دولت کا سبکو تعجب ہے کسی کی فہم مین نہین آتا۔

فوج انگریزی کا دریا کے پار جانا اور ہنگامہ قتل ہر طرف ہونا

۲۰۔ رجب کو گورے ہاتھیون پر سوار مع توپ اور گارد سوارون سے دریا کے پار اوترے سپاہ باغی ہر طرف سے دوڑی اور ہر جگہ پر رک کر بھاگی۔ رعایا بھاگ کر شہر مین اسپار آئی۔

تفصیل فوج انگریزی ہمراہی کمانڈر انچیف

۵ فصلریہ۔ ۱۳ لائٹ انفنٹری۔ ۱۹۔ ۲۰۔ ۲۳۔ فصلریہ۔ ۲۵۔ ۳۶۔ ۸۔ ۴۲۔ ہائی لنڈرس یعنی کوہی ملک اسکاٹلنڈ کے رہنے والے یعنی گھنگرے والی۔ ۵۴۔ ۶۰۔ رائفل

۶۰-۶۴-۷۸ ہائی لنڈرس-۸۲-۹۳-ہائی لنڈرس ۹۷ رائل ہارنس ملڑی ٹرین ۲۶ ہزار نیپالی ہمراہی جنگ بہادر سمگرین وغلۂ لشکریان - ۲۰ ہزار اونٹ ۵۰۰ ہاتھی ۸ ہزار کرانچی چھکڑا ۸ ہزار کمار ڈولی وغیرہ یہ سب فوج قاہرہ جابجا ملک مین متفرق ہوگئی تھی اور پنجابی پلٹن اور رسالون کا حساب نہین معلوم اور جب سے داخل ملک اودھ ہوے اور جتنے ہر جگہ راہ مین مورچون پر یا میدان مین مارے گئے یا زخمی ہوے اونکا حساب نہین - ۲۲ رجب روز شنبہ کوکب مریخ جلاد فلک قتال عالم برج عقرب مین طالع تھا بحساب نجوم قبل از طلوع آفتاب ساعت مریخ مین ہنگامہ کارزار طرفین سے جوش وخروش مین آیا پہلے گورون نے چاہا کہ بادشاہی رمنہ سے نکل کر مثل سابق در دولت پر چلے آوین لوہے کے پل سے مگر جب حیدرآباد ماہ نگر مین پہونچے آگ لگانا شروع کیا سپاہ بانگی جو پکے پل اور لوہے کے پل پر تھی رعایا اوس پار کی شہر مین جانے کی مانع ہوتی کہ باعث ہراس رعایا یہ شہر کا ہوگا بادشاہ باغ سے جب گورے نکلے راجہ منوا کے لوگ سد راہ ہوے طرفین سے مارے گئے تین تو مین گورے بادشاہ باغ مین نہ لیجا سکے آخر کو گورے مردانگی سے باہر نکلے دو تلنگون کی گولی سے گر پڑے باقی چار دونون نعش کو توپ پر باندھ مثل برق جہندہ باغ مین کھینچکر لے گئے اسطرف دریا کی جتنی توپین ٹرین پر تھین چلنے لگین سپاہ بنگی اور افسران فوج کا در دولت پر ہجوم ہوا چودھری حشمت علی بحکم سرکار ۶ یا ۶ ہزار گوہار سے سمت مندو بانون گئے تھے راہ مین لڑائی ہوئی گورے پسپا ہوے کچھ سیکڑین ہاتھ لگا پھر سب بھاگے بہت سے سوار دریا مین ڈوبے پیدل اسقدر کشتیون پر سوار ہوے کہ سمبھولے ڈوبے۔

گکرال کے میدان مین پانسو سوار مسلح صف بستہ کھڑے ہوے تھے دفعۃً ۶ - انگریز نے اون پر گھوڑے اوٹھائی جتنے نامردبصورت سپاہی نیکر دھوکی کی ٹی کھڑے ہوے تھے سب نوک دم بھاگے کئی تلنگے مین ویسا سے نکل آئے اونمین سے تین گولی سے گرے اونکے سرکاٹ لائے۔

اسیطرح ایک صاحب نے جنرل مارٹن کی کوٹھی کے مورچہ پر دلکشا سی گھوڑا دوڑایا ایک توپ پر پہونچا ہاتھ مین جا بک تھا کئی توپ پر مارے گولہ انداز بھاگ گئے ایک بڈھا کھڑا رہگیا صاحب نے کہا صد آفرین تو بڑا سپاہی ہے اب یہ توپ ہماری ہے اتفاقاً ایک تلنگے نے کمین سے گولی

گولی ماری کرپڑا اسکا سر کاٹ لیا شام کو طرفین سے لڑائی مورچون کی بند ہوئی۔

۲۴۔ رجب پنجشنبہ پہر رات رہے سے طرفین سے پھر لڑائی ہونے کے پل پر موضع جعفری پلٹن خوب کا تھا خوب لڑا کورون کو پل سے ادھر آنے نہ دیا اوسوقت فوج انگریزی موسیٰ باغ کو چلی کھیلے گانون سے پار اتری ایک پانی کے تھالے کو گہرا سمجھکر پھرے ایک تعلقدار کی گوہا نالے مین تھی وہان سے نکلکر ایک بارگھ ماری دوسری طرف چودھری کی گھارنے گورے پسپا ہوکر پکے پل پر آئے سپاہی سب بھاگے ایک تلنگہ توپ پر رہگیا اپنے ساتھیون کو پکارا اے نمک حرامون کہان بھاگ کر جاؤگے یہ کہکر اوسنے آپ توپ کو متاب دی اتفاقاً وہ گولہ انگریزی پٹی پر کرا آگ لگ گئی اس عرصے مین تلنگے جو بھاگے تھے سمٹ کر پھر آئے گورے پیچھے ہٹکر یا منسمنڈی کے گھرون مین گئے لوٹا جو سامنے آیا پر غضب ہوکر گولی ماری غریب اپنے گھرون سے کچھار دریا مین چھپکر بیٹھے تھے اونھین پکڑ کر اپنے پشیر دکیا جب توپ چلی پہلے نشانے مین اوڑے بعد اسکے گورے شاہ جی کے باغ کربلاے مریم مکانی جا لال کے باغ مین چلے گئے بعض مرد سپاہی اپنی جہالت سپاگری سے نکلکر لڑے مارے گئے گھر لٹ گیا کنار دریا دھوبی کپڑے دھورہے تھے جب گورے گاؤگھاٹ سے پھرے ۶۰ کو گولیون سے مارا اونکے بیل جو فربہ تھے اذکا شکار کرکے لے گئے ۲۵۔ رجب روز جمعہ قبل طلوع آفتاب پھر لڑائی شروع ہوئی وقت عصر ایک صاحب یکہ سوار ادسپار دریا کے زیر درخت کے دوربین سے دولتخانہ قدیم کے سیش محل کو دیکھ رہا تھا اسطرف نہارہا تھا شبین شہر جمع تھا کنار دریا ایک رسالہ تیار کھڑا تھا اونمین سے ایک شہسوار نے پرے سے نکل سوارون سے کہا تم مین سے کون ایسا ہی جوادسپار جاکر اس صاحب کا سر لاے سب چپ ہورہے اوسنے پکار کر کلمہ شہادت پڑھ زیر بند گھوڑیکا کاٹ دریا سے مثل عقاب صاحب کے سر پر پہونچکر پہلے گولی گھوڑیکو ماری صاحب نے دونالی بندوق سر کی سوار نے گھوڑیکا دی پر لگایا جب دونون نال خالی ہوچکے اوسنے تمنچہ مارا صاحب گر پڑے اس عرصے مین کئی سوار انگریزی صاحب کی کمک کو پہونچے پھر اوسنے طمنچہ کے سر لی اپنے سر کی بچاؤ سے نیکی اوسیطرح اوس پار چلا آیا واہ واہ کی بڑی دھوم مچی اون سوارون نے بھی پکار کر اسکی بہادری کی تعریف کی اور کہا اگر ایسی بہادری ہمارے لشکر مین کرتا افسر کلان ہوجاتا۔

قیصر باغ مین فوج کا داخل ہونا جناب عالیہ کا نکلنا

۲۶- رجب روز شنبہ بھر طرفین سے لڑائی شروع ہوئی دوپہر کو گورون نے ناکہ چار باغ سے چاہا کہ امین آباد سے چلے آئین ہر طرف سے فوج جمع ہو گئی نہ آنے پائے

۲۷- رجب روز یکشنبہ دوپہر کو گورے پہلے امامبارہ حبت مکان مین آئے کچھ باغی مقام امن سمجھکر وہان چھپے رہے تھے بعض مکان کی چھت کو بارود سے اوڑا دیا اوسکے گرنے سے گئی آدمی دبکر مر گئے پھر وہان سے بیشیر الدولہ کے امام باڑہ اور اصطبل سے ہوکر سیدھے قیصر باغ کے دروازے پر آئے اس پھاٹک کے سامنے بڑا دھس دیکر خندق کھودی تھی برج بناکر اوسمین توپین لگاتی تھین پہلے گولہ اندازہ بھاگے توپین بھری تھین کاشکے اوپھین داغ کر اڑ جاتے ممو خان نے جب یہ خبر سنی متعدبر گ ہوکر اپنے جان نثارون سے اوٹھ کھڑے ہوے لیکن معشوق محل کے مکان سے کسی نے آگے قدم نہ بڑھایا آخر مایوس ہوکر پھر آئے۔

وقت صبح شرف الدولہ حاضر حضور خبا لجالیہ ہوے یہی صلاح یہ ہوئی کہ اب خبا لجالیہ کا یہان سے نکلنا مناسب ہے نواب تاجمان پر سوار ہوے اپنے گھر پہونچے قیصر باغ مین سب نے پہنچکے پھاٹک پر باغ کے جو نواب روشن الدولہ کی کوٹھی کیطرف ہے ہجوم کیا پھاٹک مقفل تھا تلنگون نے گولیان مارکر اوسے کھولا مثل کبوتر دفعۃً سب کے سب بھڑ بھڑاکر باہر نکلے ہر طرف اوڑ گئے میر واجد علی کو داخلہ فوج انگریزی کا معلوم ہو چکا تھا صبحکو خبا لجالیہ سے کہنا یہ واشارہ بہت سا سمجھایا اوسکا جواب بڑے استقلال سے دیا ممو خان کو اپنی خوبی فہم سے نشہ اوسیطرح کا تھا یہ سوار ہوا اپنے گھر چلے آئے۔

خبرل اوٹرم صاحب مع صاحبان کوٹھی خبرل مارٹن مین جلسۂ کمیٹی مین تھے کہ دفعتہ خبر پہونچی کہ سیر صاحب دو کمپنی گورون کی لیکر دلکشا سے پہلے دیوار رمنہ توڑکر حیات بخش کی کوٹھی مین آئے وہان سے سیر فدا حسین کپتان کے مکان مین ہو قیصر باغ تک جا پہونچے اور اونکے آگے سے کچی دیوارین مکانون کی بناتی پر سن سنیرس گراتے چلے جاتے تھے جب گورے باغ کے پھاٹک پر پہونچے کلاڑون سے پھاٹک توڑ داخل باغ ہوے ہر روش پر پھیلے چاندی کی

بارہ دری کے صحن مین نشان فتح گاڑ دیا افسر بارہ دری مین کرسی پر بیٹھے فوری دھوم مچاتی فوج
سنگھ وغیرہ رمنہ اور مقبرۂ جنت آرامگاہ سے داخل ہوئی ہر طرف نہل اور شور و غارت ہونا شروع
ہوا اس لوٹ مین ہزارہا ملازم نمک حرام ہو کر لگے صاحبات محل مین قیامت برپا ہوئی لیکن عجب
بات خدا داد ہے کہ اگر گوری اوسیوقت سیدھے مکان فرحت افزا مین قریب چولکھی چلے آتے کیا
عجب ہے اوسیوقت جناب عالیہ برجیس قدر مع صاحبات محل سب کو گرفتار کر لیتے قصہ مختصر تھا مگر
اتفاقاً خان علی خان اوسیوقت کئی ہزار سپاہ سے داخل باغ ہو گئے تاکہ بو دعلی شاہ پر کسی کو بھیج
کے بھگانے سے تھوڑی دیر رک رہے تھے بہرحال گوروں کے باغ مین خوب گھمسان ہوا ہر
چمن پر نہر خون جاری تھی ہر طرف لاش کا انبار تھا گورے سمٹ کر سنگین بارہ دری مین ہوئے
تھے پیچھے سے جنگ بہادر کی فوج نے آکر باڑھ ماری سیکڑون گر پڑے آخر سب بھاگے
خان بھی زخمی ہوئے۔

جناب عالیہ مراسمہ پریشان حال پیادہ پا مع صاحبات محل اور شاگرد پیشہ غول عورات
ملازمین باغ کے کوٹھونپر سے گھسیاری منڈی کے پھاٹک سے باہر نکلین حلقہ عورات
صف بستہ اونکے پیچھے برجیس قدر ایک سید کی گود مین کندھے سے چمٹے ہوئے اور غالیچہ اور
چاندنی رفع احتمال کو ڈالے ہوئے جنے راہ مین قافلۂ ناموس شاہی کو دیکھا بے اختیار
پیٹنے اور رونے لگا یہ انقلاب زمانہ تھا بہرحال گلیون مین گرتی پڑتی ٹھوکرین کھاتی ہر قدم
پر الجھتی ہوئی ٹیلہ شاہ پیر جلیل سے گذر کے پل مولوی گنج پر پہونچین جواہر علی خان نے
اپنی پینس کہار آگے سے وہان بھیجدیے تھے قریب زوال شمسی جناب عالیہ مع برجیس قدر
اوسی پینس مین سوار ہوئین باقی اور صاحبات محل وہان سے متفرق ہو گئے اس عرصہ مین
کچھ سوار تلنگے شاگرد پیشہ تلاشی سواری ہر طرف سے جمع ہو کر ساتھ ہوئے یحییٰ گنج نحاس
چوک ہو کر نبل دروازے مین غلام رضا خان کے گھر مین اوترین یہ مرد عاقبت بین
تھا کچھ انجام کار سمجھکر عرض کیا یہان سے گوری سمت قریب ہین خدانخواستہ کوئی صورت خلاف
پیش آنے باعث رسوائی غلام ہو پھر وہان سے نواب شرف الدولہ کے گھر گئین وہان بھی یہی سوچ
پیدا ہوا کہ شاید نواب بنا رسوخ سمجھکر صاحبان عالیشان کو بلا کر گرفتار کروا دین حالانکہ یہ سب خیال خام تھا

مگر اضطرار نواب سے ایسی نمک حرامی کبھی نہوتی چنانچہ انھوں نے تین مرتبہ اپنی حکومت مستعار مین عرضی اپنے حال کی لکھی اور پھاڑ ڈالی خبا بعالیہ وہان سے محلسرائے حسین آباد مین گئین وہان سے پھر غلام رضا کے مکان مین مگر رات کو ساہ جی کے مکان مگر رات کو ساہ جی کے مکان قدیم مین رہتی تھین شام تک جتنا عملہ شاگرد پیشہ تھا سب جمع ہوگیا موخان محلسرائے حسین آباد مین رہے اور یہان چوک تک پہرے حفاظت کے کھڑے ہوے تھے۔

پیام جنرل اوٹرم صاحب جناب عالیہ کو

زبانی اہلکاران دربار برعیسی یہ ہے کہ پہلے قیصر باغ مین جنرل اوٹرم صاحب نے پیام معرفت مرزا علی رضا کو توال بواسطۂ شرف الدولہ خبا بعالیہ کو بھیجا کہ ممالک محروسہ سرکار سے موافق عہد دولت نواب شجاع الدولہ ملیگا بشرطیکہ لڑائی موقوف کردہم ان باغیون کے نکالنے کی تدبیر کرینگے اور مسافران لندن وکلکتہ کو بھی بلوا دینگے یہان خود غلط ایسی بات کب سنتے تھے بعض اسے فریب وخدع سمجھے۔ بعض نے جانا کہ اب یہ مغلوب ہو چکے ہین جب ایسی باتین کرتے ہین خدا نے چاہا تو ہم اونھین نکالے دیتے ہین اسکا جواب معقول نہ گیا اسی شش وپنج مین رہے یہ وہی صورت ہوتی ہوتی جسطرح قبل ازمعرکہ بکسر صاحبان عالیشان نواب شجاع الدولہ سے کہتے تھے کہ آپ ہمسے صوبہ عظیم آباد لیجیے مگر قاسم علیخان کے شریک نہوئے وہان مشیر کار اور معتمدین خاص نواب مرزا علیخان نواب سالار جنگ نواب مدار الدولہ تھے وہ کب سنتے تھے اسے بھی عجز سمجھے تھے بعد اسکے دوسرا محبت نامہ غلام رضا کے مکان مین آیا مضمون اسکا یہ آیا کہ خیر اب ہم زمان واجد علیشاہ بدستور سابق تمھین تمھارا ملک دینگے نہ لڑو جہان ہو اوسی مکان مین رہو جب ہم فوج باغی کو بھگا ئین تم نہ بھاگنا اوسی مکان مین رہنا تیسرا پیام آخری اوسوقت آیا جب خبا بعالیہ مہمان خانہ نواب تھین کہ اب سرکار سے تمھین صرف ۲۵ ہزار روپیہ دیا جاویگا اور چیرا سی جو حکمنامہ لایا تھا اوسنے زبانی کلمات تشفی حسب الحکم صاحب کہے اور کئی مرتبہ بھی لکھکر آتے تھے کہ انپر اپنی مہر کرکے بھیجدو اوسوقت موخان اور ارکان دولت نے سمجھکر اسکا جواب دیا کہ بروقت تقابلہ ومقاتلہ ہمیشہ سے خدع وجھوٹ طرفین سے جائز ہے بعد اس عہد

عہد و میثاق کے ہمین بے فوج سمجھکر مثل سنا جان گرفتار کرکے لیجائین اگر صاحبان عالیشان کو یہی منظور ہے تو حسب سررشتہ اپنے اس اقرار کو تحریر فرماتین انجیل خدا پر مہر کردین اور بادشاہون کی اوسپر گواہی بھی مثل بادشاہ مصر وغیرہ جو ہمارے واسطے سند کامل ہو اسکا جواب مرزا علی رضا نے دیا سبحان اللہ کل دھاوا ہوگا یہ امر تمام باقی از عراق آج آپ چاہتے ہین فیصل ہوجاوے مصر اور ولایت کے بادشاہ کیا آپ سے قریب ہین گویا نواح لکھنؤ مین ہین ممو خان نے کہا اگر گواہ بعد المشرقین پر ہین جنگ بہادر تو شریک حال ہے وہ اپنی گواہی اور ذمہ آنریوں قسم کردے کیا مضایقہ یہ سند بھی ہمارے واسطے کافی ہوگی بعد اسکے سوال و جواب طرفین سے قطعی موقوف ہوا مرزا علی رضا بھی مایوس ہوکر اپنے گھر چلے آئے سمجھے کہ بظاہر اب ہم سبکی اجل دامنگیر ہے دیکھیئے اس آفت سے خدا کیونکر بچاتا ہے ۔

اوسکی صبحکو شہر مین منادی ہوئی کہ رعایا بدحواس و پریشان ہو سب گورے مارے گئے تھوڑے قیصر باغ مین ہین وہ بھی تمام ہوے جاتے ہین مگر اس منادی پر کسیکے کان پر جوں بھی نہ رینگی ۔

شب سہ شنبہ حسین آباد مین مفتاح الدولہ اور حکیم حسن رضا نے اپنے ایک دوست کو بلاکر مہر طفر اخبگ بہادر کی دکھائی اور کہا ممو خان نے کئی افسر معتمد اسکی تصدیق کو بھیجے ہین خدا چاہے تو یہ صورت نجات اچھی نکلی ہے مگر پھر جو اوسی روز سہ شنبہ تک دریافت کیا تو اصل محض بلکہ سراسر جعل و فریب تھا ۔

غرض صبحکو فوج باغی نے ہر طرف سے جمع ہوکر گاؤ گھاٹ سے دھاوا کیا اور لاف زنی کرتے چلے کہ ہم آج گورون کو مارے لیتے ہین قیصر باغ بھی خالی کروائے لیتے ہین دگر کسیکو سنھہ نہ دکھائینگے جب یہ خبر خبالیہ نے سنی کہ فوج نے دھاوا کرکے بادشاہ باغ لیلیا چار دیوار بھی چھین لین اب کوئی دم مین قیصر باغ بھی خالی ہوا جاتا ہے اسپر بڑی خوشی ہوئی پھر خلاف اسکے خبر آئی کہ گورون نے دھاوا کیا ساری فوج ہر طرف بھاگی مورچے سب چھوٹ گئے بڑا امام باڑہ بھی لیلیا جامع مسجد کے گلدستے اور امام باڑے کے کوٹھے سے گورے قصاب کے پل تک گولیان لگاتے تھے اب قریب ہے کہ داخل حسین آباد ہوجائین ۔

احمداللہ شاہ نے تلنگے سوار جمع کرکے فیروز شاہ سے کہا تم پکے پل سے دھاوا کرو مین پیچھے سے کرونگا وہان بھی خبگ بہادر کی پلٹن سے خوب تلوار چلی جب اونکی اور کمک آئی شاہ جی بھاگ کر نخاس مین آئے گورے چوک مچھلی والی بارہ دری - اکبری دروازہ تک پھیل گئے پھر شام سے رات بھر ہم کے گولون کا مینھ برستا رہا مگر قدرت خدا سے شہر مین دو تین آدمی ضایع ہوے - آگ بھی کیکے گھر مین نہ لگی اور اگر کہین لگی بھی جلد بجھ گئی خلاصہ رعایا شہر بیگناہ پر ہر طرح آفت ہے باوجودیکہ امین سے کسی نے مقابلہ نہ کیا بسبب دلی کے کہ وہان سب رعایا نے جہاد ایمانی پر کمر باندھی تھی آخر سب کے سب بحال تباہ بے حواس و مضطر ہوکر بے اسباب مال دزر شمال مورو بلغ جانب مغرب ناکۂ شہر کاکوری کاکمر آباد - کسمنڈی کی راہ لی وہ دن وہ رات کچھ قیامت سے کم نہ تھی - شاہ جی گھبرا کر ہر ناکے سے فوج کو لاتے تھے کیکے پانون نہ ٹھہرتے تھے اور گورے کے نام سے بھاگتے تھے حالانکہ سب صاحب ہتھیار اور کارزار ہندوستان دیکھے ہوے تھے اسکے سوا گلیون سے کٹے شہر کے معلوم نہین کہان چھپ رہے تھے کوئی پرندہ آسمان پر نظر نہ آتا تھا ہر کوچے سے وحشت برستی تھی اور خون ناحق کی بو آتی تھی اور عورات پردہ نشین کو پردہ کیا کب ہوش رہا تھا دار مسلح آگے عورات چادر اوڑھے پیچھے چلی جاتی تھین -

جناب عالیہ کا شہر سے نکلنا

روز سہ شنبہ ۲۹ - رجب ۱۲۷۳ھ مطابق ۱۶ - مارچ ۱۸۵۷ء قریب شام جناب عالیہ مع برجیقدر حالت یاس کلی مین پنس مین سوار ہوئین چار توڑے اشرفی کچھ جواہر پیش بہا زبانی زبانی مفتاح الدولہ اور کئی دن پیشتر نکلنے قیصر باغ سے ممو خان کے کہنے سے زنانہ کردا کے آپ جواہر خانے مین آکر کنجیان مفتاح الدولہ سے لیکر جتنے صندوق تھے باقیماندہ سب لیگئی تھین اوسمین سے کچھ ملا باقی معلوم نہین کیا ہوا اور ممو خان نے کسے دیا جسکی قسمت کا تھا لیگیا اور آج تک کسی کے پاس اوسکا نشان بھی نہ رہا اگر کسی کے پاس ہوتا غالب ہے کہ ہر طرح سے کھلجاتا یا گوندی کب اس سے غافل رہتے - غرض ناکہ عالم باغ سے سواری نکلی حلقہ عورات گرد و پیش تھا ممو خان گھوڑے پر میر مہدی مع اپنے عیال احمد حسین حکیم حسن رضا صاحب عدالت یہ سب پیادہ پا کچھ سوار تلنگے

بھی ساتھ تھے صبکو بھراون پہونچین اب اسوقت بھی اگرچہ سوار انگریزی پہونچے تب بے تکلف گرفتار کر لیتے اسکا سبب نہین معلوم حکام نے کیون اسکا خیال نہ کیا اور ایسی خبر عظیم سے کسوجہ سے غفلت کی راجہ مردن سنگھ رئیس ارنے بہت تمردی سے ایک چوپال رہنے کو دیا اور خود حاضر ہوا جناب عالیہ بہت بہوکی تھین کھلانے کو کہلا بھیجا جب پک چکے کا بھیجدیا جائیگا اور پھر گستاخانہ کہلا بھیجا ہم تمکو کیونکر جگہ دین اور شریک ہون تم ہر جگہ مثل مینڈک اچھلتی پھرو گے اوپر پیچھے انگریز تیر مثل سپاہ لعراتے پھرینگے خلاصہ باری ہوکر خیرآباد پہونچین ہر پرشاد ناظم قسمت اول خیرآباد مولوی عماد الدین عرف مولوی محمد ناظم بسوان بڑی جوسندیلہ مین لڑتا رہا اور بڑی مشکل سے مارا گیا بہ مجرد سننے خبر آمد جناب عالیہ تین کوس سے استقبال کیا بڑی دھوم نقارہ و نشان جلوس سواری سے مرزا نبدہ علی بیگ کے امام باڑے مین اوتارا راہ مین فقرا کو دو ہزار خیرات کیے جب داخل شہر ہوتین تو پین سلامی کی چلین۔

وہان صلاح یہ ٹھہری کہ بریلی کو چلین اکثرون کا رجحان یہ ہوا کہ ابھی اپنے ممالک محروسہ مین توقف مناسب ہے کسواسطے کہ سالے کہ نکوست از بہارش پیداست + جب اور گریزگاہ نہ رہیگی اور کہین پناہ نہ ملیگی ملک غیر مین مجبوری چلے جائینگے بعد اسکے محمود آباد راجہ نواب علیخان کے گھر مین مہمان ہوتین پھر بھوپی راجہ منوا کی گڑھی مین رہین وہان وکیل راجہ ہردت سنگھ سواتی حاضر ہوا عرض کی ہم آپ کے بہرحال شریک و فرمانبردار ہی مین رہین احتمال راجہ منوا کا انگریزون سے ساز کا ہی پھر وہان سے وہان سے وکیل کے ساتھ داخل بونڈی ہوئے اور متوجہ انتظام ممالک محروسہ اور حکمرانی چند روز مین جتنے لکھنو سے بھاگے تھے اندرونی و بیرونی مع سپاہ جنگی سب جمع ہوگئے اور ملازمین قدیم و جدید مع بیگمات عمالات اور امرا اور رعایا وغیرہ آپہونچے اور جتنے اہل حرفہ تھے اور اہل بازار مع اجناس از خود جمع ہوئے مثل لکھنو چوک آباد ہوگیا اسکے سوا زمیندار اور تعلقداروں نے بے طلب زر تحصیل بھیجنا شروع کیا ایسی صورت بے منت کسی متسلط سلطنت مین ہوتی تھی اس زر تحصیل کی عدم رسی پر کیا کیا لڑائی اکثر ضلع مین رہا کرتی تھی اس امر مین سب کو استعجاب تھا کہ ایسے وقت اضطرار و مایوسی و قطع امید مین اسقدر آمدنی ملک کا بے منت پہونچنا غرض اس مدت قیام مین جتنا سامان امارت شاہی تھا

اور اسباب لوازمۂ ریاست سب طرح کا موجود ہوگیا تھا بلکہ اکثرون کے پاس جو اسباب سلطانی کسی طریق سے ہاتھ آگیا تھا اونھون نے بے طلب سرکار مین دیدیا اور بظاہر ہر شخص اپنے واسطے اس مرگ انبوہ کو صورت عافیت متصور سمجھا تھا اور پھلی مصیبتین جو لکھنؤ یا میان راہ ہر طرح سے پائی تھین دل سے بھلا دی تھین اور بازار مثل چوک لکھنؤ ہوگیا۔

حکام عالیشان بندوبست وانتظام شہر اور لوگون کی روبکاری و دار و گیر قصاص مین مصروف تھے اور معرکہ سندیلہ اور نواب گنج بریلی شاہجہانپور دربیش تھا اور ایام برسات سے ندی نالے مانع راہ تھے اور خاطر جمع تھی کہ ان سب کی منتہای گریز گاہ کوہ شمالی ہے وہان کا حاکم جنگ بہادر ہمسے موافق ہے یہان ان سب کوتہ اندیشون کا اوسیطرح کا نشہ پر غرور و پر غلط ہوگیا تھا کبھی اصلاح حال آشتی صاحبان عالیشان کا خیال بھی نہ آیا فوج خفگی اور آپس کا نفاق خود رائی خود بینی بدتدبیری

انتظام ممالک محروسہ و محاربات اکثر مقام

راجہ بینی مادھو بخش نظامت بیسواڑے مین مستعد و سرگرم قتال و جدال رہے سلون مین شیخ فضل عظیم خان بدستور بحال رہے میر مہدی حسن خان نظامت سلطان پور مین مقرب الدولہ منتظم الملک میر محمد حسن خان بہادر شمشیر جنگ نظامت گورکھپور مین اور انتظام الدولہ ممتاز الملک خان علی خان بہادر ذوالفقار جنگ جلدوی معرکہ تیمر باغ مین اعلی قسمت اول خیر آباد محمدی سانڈی پالی شاہ آباد مین مولوی محمد سندیلہ خاص مین اس شرط پر گئے تھے کہ یا فتح کر دکھلایا مارا جاؤنگا چنانچہ اس معرکے سے منہ نہ پھیرا پانچ ہزار مرنے والے سرفروش ساتھ تھے دلاور مردانگی دیکر خوب لڑ بھڑ کر نام کر گئے کونیا صاحب اسی معرکے مین زخمی ہوے اور جبتک معرکہ سندیلہ رہا شہر کے ناکہ حیدر گنج جدید پر توپ خانہ اور فوج سرکار ہوشیار و تیار رہی۔

یوسف خان بھائی ممو خان کے سپہ سالار فوج ہوکر گئے کئی راجہ اونکے ساتھ تھے نواب گنج مین فوج انگریزی سے مقابلہ ہوا راجہ بلبھدر سنگھ جہلاری بعد قتل و قمع بڑے نام و نمود سے اسی لڑائی مین مارا گیا جب اس راجہ کے گھر مین بیٹا پیدا ہوا تھا خوشی کی تو پین چلین فوج

توپ کی آواز سنکے بھاگی محمو خان نے رانی سے اسکا جرمانہ لیا جب مفصل حال ہوا۔ لوگون نے جناب قدسیہ کو سمجھایا اوسکے عوض رانی کو خلعت بچنے کے واسطے جوڑی کرے وغیرہ کی بھیجی یوسف خان کو صاحب معرکہ نے چٹھی امان دی اس جہت سے بسلامت چلے آئے اسکے بعد ہردت سنگھ سوائی کے پھر پانون نہ ٹھہر سکے بھاگے۔

نظامت بہرائچ مین ناظم حسین خان تجمل حسین خان زمیندار بھٹوا مئو راجہ دیبی بخش گونڈہ مین گلاب سنگھ راجہ بروا۔ درشن سنگھ راجہ مہونا۔ نرپت سنگھ راجہ رہیہ۔ رانا مادھو بخش بہادر چودھری معاصب علی۔ انندی کورمی۔ جوت سنگھ راجہ چردا۔ یہ سب ہر جگہ لڑے ہیں جب تاب مقابلہ نہ لاسکے بھاگ کر بوندی مین جمع ہوے۔ پس اگر انصاف سے دیکھئے زمیندارون کی گہار کہان اور مقابلہ کسکی فوج سے ہوا۔

مہر دار اور اہلکار ہمراہی جناب عالیہ۔ مقرب الدولہ۔ مفتاح الدولہ۔ رانا بینی مادھو بخش ہنومنت سنگھ کاظم کانکر۔ راجہ دیبی بخش۔ راجہ ہردت سنگھ سوائی۔ راجہ جوت سنگھ چردا۔ گلاب سنگھ نرپت سنگھ درنجے بھیا جی چلاری۔ کلن خان مختار رانی نان پارہ۔ رانی تلسی پور وغیرہ حاضر تھے۔

اشتہار امان جناب ملکہ معظمہ واسطے خاص و عام کے

حکام عالیشان نے ازراہ مصلحت وقت اشتہار امان مطلق غیر مفید واسطے خاص و عام کے جناب ملکہ معظمہ ام اقبالہا نے جاری کیا جتنے بھگیلے بیدل و مایوس حالت یاس کلی مین ہو چکے تھے اور خدا سے ایسا دن امان کا چاہتے تھے بواسطہ بدفعات حاضر حضور کمانڈنگ فوج ہوے بعد اسکے لکھنؤ مین چھپ رہنے بربادی کی ملازمت حاصل کی اور اکثر اپنی روبکاری کو اوسی شہر کو روانہ ہوے یعنی قضیہ زمین بر سر زمین۔

نواب تفضل حسینخان رئیس فرخ آباد۔ شیخ فضل عظیم۔ میر مہدی حسن خان۔ سر غلام حسین خان مقرب الدولہ کے عباد علی خان بھائی نواب علیخان۔ کاظم حسین خان۔ جرنل اسمعیل خان۔ قاضی عنایت علی خان برگیڈیر بعد انکے گروہ متوسطین و متعینین جو داخل لالہ لہولاد و لالہ لہولا

تھے یعنی شمار مین نہ ادھر نہ ادھر تھے اور نہ سرکار کو اونکا کچھ خیال تھا بیرو رحاضر ہونے لگے ۔
نواب انور الدولہ عرف نادر مرزا صاحب وثیقہ بہو بیگم صاحبہ مخدومہ سرکار پر بھی حاضر نہوے معلوم
نہین کس خواب و خیال مین تھے بعد از خرابی بصرہ آئے طالب وثیقہ ہوے وکیل ہائیکورٹ
مین لیا آخر نوبت بولایت پہونچی سبھون نے بایں آجرا مبلغ خطیر سنواتی بہت سے ہاتھ پانون
مارے خاک اوڑائی کچھ نہوا آخر انتقال کیا اسکے وثیقہ کے عدم اجرا مین سکو بہیرت ہی نسبت عدالت مکار
رمیان بیرونی جو اپنا بچاؤ سمجھکر رفاقت و ہمراہی خبالجالہ مین ہوگئی تھی مرزا کوچک سلطان بہائی
بہادر شاہ دلی نانا راؤ ۔ بالا راؤ پیشوا نواب محمود خان نجیب آبادی ۔ احمد اللہ خان شفیع
خان نجیب آبادی ۔ مظہر علیخان رئیس کاسونہ ۔ ولی داد خان رئیس بالاگڑھ سمدھی
بہادر شاہ ۔ غلام قادر خان رئیس شاہجہان پور ۔ عنایت اللہ خان رئیس پیلی بھیت وغیرہ

پہونچنا کماندر انچیف کا بھاگنا جناب عالیہ کا کوٹ مین

غرض جب کماندر انچیف جنرل کلائیو بہادر فوج قاہرہ لیکر بہرائچ سے لڑتے بھڑتے
بونڈی پہونچے فوج جنگی مع زمیندار تعلقدار دو ساعت تک خوب لڑی جب فوج انگریزی
نے دھاوا لیا نہ ٹھہر سکی حدود نیپال جنگل مین ہر طرف متفرق ہوگئی ہر طرف جنگ بہادر نے اپنی حدود دیہ
اور جابجا گھاٹیون پر پہرے بٹھا دیے تھے مگر اس تعاقب مورو ملخ کو نہ روک سکے طرح دی گئی اوسوقت
جناب عالیہ تھک کے تلسی پور کی گڑھی اچوا مین دو تین دن تک رہین وہان سے ساری پہاڑ سی ہوکر نئی کوٹ
مین پہونچین جو کوہ ٹبول پر ہی جہان نواب آصف الدولہ کی اتبک بارہ دری بنی ہوئی ہے ۔
جب جناب عالیہ سنا پیچھے آگے چلین جنگ بہادر کا خط کپتان نرنجن مانجھی کی معرفت اسمضمون کا آیا
کہ آپ انگریزون سے صلح کیجیے یا یہان کا رہنا اختیار کیجیے ہمسے توقع اپنے شریک حال ہونے کی یا
کسیطرح کی اعانت و امداد کی نہ رکھیے گا کیونکہ ہم انگریزون سے کسیطرح کا مقابلہ نہین کر سکتے
یا کسی اور طرف چلی جائیے آپ کو اختیار ہی ممو خان نے اسکا جواب دیا کہ نہمین صلح منظور ہے
اور نہ تمہارے ملک مین قیام منظور ہی اور نہ کسی طرف جائین گے ہمین ہم انگریزون سے

لڑینگے اور نہ کچھ تمھارے بھروسے پر اونسے بگاڑا ہے یہ بات کپتان کو بہت ناگوار گذری کیا
ہم اسیطرح اپنی سرکار مین کہلا بھیجتے ہین بعد اسکے جواب یہ آیا کہ اُدھر سے انگریز ادھر سے
ہم تمھین مارینگے تم ہمارے ملک سے نکلجاؤ اور رسد کی بھی ممانعت کردی بعد اسکے جب صورت
آشتی ہوئی اجازت رسد رسانی مگر شراکت سے از روے نمایش انکار کیا۔
پہلے جناب عالیہ پنیس مین سوار تہانیسر کوٹ روانہ ہوئین اور کیتھل جانے کی اجازت ملی
بلکہ جبنے سینہ زوری سے جانے کا قصد کیا تھا سپاہیون نے نجانے دیا آخر سب منہ دیکھکر
وہین رہ گئے دوسرے دن جناب عالیہ کی سفارش سے جتنی عورات لڑکے ہر امیر راجہ کے
ساتھ سے فقط اونھین اجازت ہوئی۔
مرزا جسیقدر کے ساتھ کپتان نرنجن مانجھی اور ایک سردار ہت پیر ساہی ورمفتاح الدولہ
تھے پہلے تانگھن پر سوار ہوکر چلے پہار پر نہ چل سکے کپتان کے کہنے سے ہاتھی پر سوار ہوئے پیچھے
کپتان اور مفتاح الدولہ اوسی ہاتھی پر بیٹھے کیواسطے کہ ہاتھی پہاڑ پر بہ نسبت اور سواری کے
چلنے کا مشاق ہوتا ہے راہ مین مرزا جسیقدر کو پیاس کی شدت ہوئی کپتان کی نازگیان
تھین کھائین فی الجملہ تسکین ہوئی پھر وسوسہ یہ گذرا کہ مبادا کپتان دغا سے کہین اونکیواسطے
سواری بے اختیار ہے مگر مفتاح الدولہ نے زرگری مین کہا اگر خدانخواستہ ایسا
امر ہوگا میرے پاس تمنچہ ہے کافی ہوگا آپ مطمین رہین پھر وہان سے مفتاح الدولہ کے واسطے
مقام صدرۃ المنتہی تھا کپتان نے کہا تمھین آگے جانے کی اجازت ہماری سرکار سے
نہین ہے ہم نہین لیجا سکتے مگر ایک صورت سے کہ جناب عالیہ اور جسیقدر سے علیحدہ ہو
یہان رہو تمھاری صورت معاش بھی ہماری سرکار سے ہوجائیگی یہ اونھون نے گوارا نکیا چار
وناچار حالت یاس مین وہین سے رخصت ہوے۔
ممو خان نے کپتانون سے اپنی نخوت وغرور سے گفتگو بہت نامناسب کی تھی وگرنہ کیا
عجب تھا اونکے واسطے بھی اجازت ساتھ جانے کی ہوجاتی یہ فوج جنگی کے ساتھ رہی جب
فوج شکست کھاکر کھبراکر پہار پر چڑھنے لگی تو سو گھوڑے سوار دن کے گر گر مرگئے سیکڑون اونٹ
مع بار عظیم گر گر مرگئے پہلے جب مقابلہ دامن کوہ مین ہوا فوج خوب لڑی جب فوج نے بھاگ کر پہاڑ پر

قصد چڑھنے کا کیا صدر ملک نیپال سمجھ کر فوج انگریزی آگے نہ بڑھی وگرنہ اوسیدن بدمعاشوں کا کام تمام ہوجاتا بلکہ بھاگنا مشکل پڑتا۔

اجمالی منشی میر قربان علی اور میجر کارنیگی صاحب سٹی مجسٹریٹ

منشی میر قربان علی ساکن دھام پور نگینہ کا احوال من الشمس ہے اور میجر کارنیگی صاحب سٹی مجسٹریٹ ان دونوں نے خوب لکھنؤ میں جھاڑ و دیدی صاحبان اخبار نے کچھ کچھ احوال چھاپا مگر مرغی بیمار کم بخور۔ خلاصہ جب منشی مذکور اور میجر صاحب بولایت جل خریدلوٹ رو بکاری ٹوپی کمشنر میں دھرے گئے میجر صاحب بالمینان تمام تشریف فرمائے ولایت ہوئے جرمن کے رہنے والے تھے یہاں کے رہنے والوں کو احوال ولایت کشمیر وغیرہ ظاہر ہے پھر کلکتے میں بامید ترقی عہدہ جلیلہ آئے اور اضلاع لکھنؤ میں بھی مامور ہوئے منشی جی بعد روانگی میجر صاحب اپنے وطن مالوف میں بادشاہت کر رہے تھے طاؤس بیگم منجملہ شاہی اونکے ساتھ لکھنؤ سے چلی گئی تھی خلاصہ بعد ثبوت جرم ۷ برس کی قید منشی کے واسطے تجویز ہوئی جیلخانہ الہ آباد میں گئے جب اونھوں نے اپیل کیا ۳ برس اور بڑھے دس برس ہوئے میجر صاحب کی تحقیقات کو کئی صاحب امین لکھنؤ آئے انکا تفاص منحصر بولایت رہا نوکری سرکار سے ترک ہوئی اگر ایسا صاحب متمول نوکری سے برطرف ہوجاے اوسے نوکری کی کیا پرواہے۔

اب سنتے ہیں کہ کسی صاحب کی رعایت و پرورش سے منشی جی کیواسطے بہت سی تخفیف عذاب ہوگئی ہے کپڑے بدلتے ہیں پلنگ پر سوتے ہیں فی الجملہ موافق جیلخانہ قیدیوں پر حکومت بھی ہے طاؤس بیگم بھی کئی مرتبہ اونکی خدمت میں مستفید ہوئی کئی لاکھ کے گانوں زمینداری نگینے میں مول لیے ہیں جب سرکار سے قرقی اونکے گھر کی نقد و جنس کی ہوئی ۲۲ لاکھ کا تخمینہ ہوا تھا بس اسی حساب سے اونکے نیب کا بھی ہوسکتا ہے۔ عیان راچہ بیان۔ لکھنؤ کی بربادی کو ہزاروں بن گئے مگر دیکھا چاہیے۔ یہ بیت المال کیونکر سرسبزی کرتا ہے۔

مراجعت کمانڈر انچیف لکھنؤ مین

کمانڈر انچیف سپہ سالار فوج بوندی سے لکھنؤ داخل ہوے رمنہ سلطانی اس پار دریا کے مقیم ہوی باقی فوج کو سرحد ملک پر جا بجا چھوڑ آئے جنرل ہیرو صاحب بہادر اس معرکے مین نسبت اوّ حکام کے بہ سبب ایمان دینی رئیسون کے اور اونکے حفظ مراتب سی پیش آنے کے بہت نیک نام ہوی خصوصاً تفضل حسین خان رئیس فرخ آباد کی جان وعزت فقط صاحب ممدوح کی امان سی بچی وگرنہ دائرہ حلقۂ پھانسی سی کبھی باہر ہوتے حکام صدر کو اسی باب خاص مین بہت مناظرہ رہا بعد تنقیح تمام صاحب بہادر کا ایک درجہ پایۂ منزلت سے ترقی کا گھٹ گیا بعد چند روز کے پھر اپنی منزلت پر آ رہے چیف کمشنر لکھنؤ ہوکر بہ سبب عارضۂ لاحقہ ولایت کا جانا بہت ناگوار ہوا کسواسطے کہ وہ قدرشناس شہر و شہر تھے اور ولایت پہونچکر مستعفی ہوی یہ بھی تاثیر زمین لکھنؤ ہے کہ جو ایسا حاکم ہوا دے قیام منوسکے جسطرح اکثر ایسے صاحب آئے پھر بہت جلد چلے گئے۔

داخلۂ فوج انگریزی شہر مین بہ تسلط رعایا کا شہر سے بھاگنا شاہ جی کا نکلنا

۳۰۔ سلخ رجب روز چارشنبہ فوج انگریزی نے پہلے چاہا کہ عالم باغ سے گذھی کنوا رہو ناکہ حیدر گنج سے داخل شہر ہوجاے پلٹن جنگ بہادر عیش باغ سے احمد اللہ شاہ سہرے معتمد الدولہ سے فوج لیکر عیش باغ مین جا پہونچا خوب تلوار چلی کئی سو بھوئیہ مارا گیا آخر باغ سے اونھون نہ دیا وہ سب سمٹ کر کنار شہر آئے اودھر سے فوج انگریزی آتی تھی ہان بھی شاہ جی دل کھول کر لڑے فوج انگریزی کو نہر سی اسپاہ اوترنے نہ دیا شاہ جی کی طرف سے تین چار توپ بھی چلی جب فوج انگریزی نے دھاوا کیا پہلے حملہ یورش مین سوار بھاگے وجہ اسکی یہ بھی تھی کہ تین دن رات سے حقیقت مین سوار ہر طرف دوڑتے رہے اور خود شاہ جی بھی فوج کو گھیر کر لاتے تھے سب سے بہیت تازہ لی تھی بہت سخت سست کہکر غیرت دلائی تھی قتل وقمع سی ڈرایا تھا مگر ادن نامردون کے واسطے گوز پر گوز تھا پہلے مقابل ہوے اوسکے بھاگے

اسی طرح اس معرکے سے پندرہ سو سوار شہر کی طرف بھاگے تھے حیدر گنج نوبستہ ہو کر سعادت گنج پہونچے بعد اسکے شاہ جی پھر درگاہ حضرت عباس مین آئے ایک مورچہ قایم کیا دوسرا سعادت گنج کی لال کوٹھی پر اور توپ بڑھکر ترا ہے پر لگائی۔

بھوٹیون نے میدان خالی پاکر حد ہے ستی کے باغ مین اپنا پڑاؤ کیا جب رات کو بہت بھوکے ہوے ایک ہندو فقیر اوس باغ مین رہتا تھا اوس سے جنس کھانے کی مانگی اوسنے ایک ہندو رستوگی مہاجن جو اوسکے پاس آکر چھپا تھا وہ اشرف اباد اپنے گھر لے آیا اور جو جنس گھر مین تھی اوسکو دی یہ اپنی جان بچاکر گھر آنا غنیمت سمجھا پھر پھر عیش باغ سے حیدر گنج۔ نوبستہ۔ سعادت گنج تک مینھ گولیون کا رعایا پر برستا رہا ہر گھر پر رشک چاندماری ہوگیا اگرچہ بہت کم رعایا اپنے گھر مین رہ گئی تھی۔

غرہ شعبان پنجشنبہ کو گورے۔ چوک۔ فرنگی محل۔ نخاس۔ کاظمین۔ منصور نگر تک پھیل گئے اور مورچہ کاظمین کربلاے دیانت الدولہ دلی دروازہ مین قایم کیا ایک مورچہ سڑک سے گھنٹہ بیگ کی گڑھیا پر قایم کیا مقابل درگاہ حضرت عباس چنانچہ جب کونیا صاحب مورچون پر آئے شاہ جی نے ٹہکر سعادت گنج لال کوٹھی پر مورچہ قایم کیا دونون طرف سے گولیان برس رہی تھین اس عرصے مین گورے رعایا کے کوٹھون پر سے ہو کر ہر گھر مین دوتر کر لوٹنے لگے سر آغا میر باقر علی رسالدار ملازم شاہی کا گھر سر دیوار کر بلا تھا کونیا صاحب مع دو افسر کوٹھے پر سے اترے پوچھا تم باغی ہو عرض کی ہم رعایاے سرکار ہین ایک گھوڑا میر باقر علی کا پسند کر کے لے لیا اوسکی قیمت دینے لگے اونھون نے نہ لی اس عرصے میر آغا کے ایک گولی زیر ناف لگی جان بچی اتفاقاً قدرت خدا سے اوسیوقت جراح بھی مل گیا ہزار خرابی صحت ہوتی کونیا صاحب پر انکی بیکسی و غربت ثابت ہوتی پہرہ گورے کا انکے گھر پر کر دیا کہ لٹنے نپائے مگر بعد فتح سرکار ہیچ کار نیگی صاحب مع ناظر کوتوالی انکے گھر مین چلے آئے سارا اسباب گھر کا لوٹ کر لے گئے بہت سی داد و بیداد کی کون سنتا تھا اکا ایک گھر بنیا بازار مین تھا وہ مسمار ہو کر داخل دھس قلعہ بھی بھون ہوا دوسرا گھر اشرف آباد مین تھا نصف سے زیادہ داخل سڑک شارع عام ہوا فقط بارہ دری باقی رہ گئی ہے۔

دوسری شعبان روز جمعہ دوپہر تک یہ ماجرا رہا آخر گورے کوٹھون سے داخل درگاہ حضرت عباس ہوے سب بھاگے قریب عصر شاہ جی کو زبردستی دو مرید بغلون مین ہاتھ دے کر محبوبگنج تک پیادہ لے آئے وہان سے گھوڑے پر چڑھے کچھ سوار تلنگے مرید خاص جو اصحاب غار تھے ہاتھیون پر سوار ناکہ موسی باغ سے لڑتے ہوے نکلے پیچھے فوج انگریزی تعاقب مین قریب شام شاہ جی کسمنڈی کے نالے کے اوس پار ہوے وہان سے فوج انگریزی پھر آئی رعایاے غریب جو شہر سے جان بچاکر نکلی تھی مابین فوج انگریزی اور شاہ جی آگئی کچھ مرد گئی کسی طرف بھاگ نہ سکی وہین جل بھن کر رہ گئی اتفاقاً جو کسی طرح بھاگ کر بچا اوسنے پیچھے پھر کر اپنے ساتھی کو دیکھا ماں سے بچے خاوند سے جورو چھٹ کر رہ گئی جب جان بچی ہر ایک کا نام لے کر پکارتے پھرتے تھے اسمین شب تاریک ہوگئی صحرا مین ٹھوکرین کھاکر رہ گئے العیاذ باللہ۔

رعایاے شہر کا یہ حال ہوا کہ جب سب کو اپنے قتل و بے عزتی کا یقین ہوگیا کسیکو کچھ نہ بن پڑا سوواے اسکے کہ شہر سے بھاگین ہر محلہ و کوچہ بکوچہ قیامت برپا تھی عورات پردہ نشین میان ہجوم بلواے عام آگے آگے اونکے وارث پیچھے قافلہ عورات اطفال خردسال گود مین لیکر نکلین فوج انگریزی نے شہر کو تین طرف سے گھیر لیا تھا سوواے سمت مغرب کے وہ ناکہ نئے حیدرگنج اور موسی باغ کا تھا اور ہر طرف سے بم کا گولہ برس رہا تھا مگر فضل خدا یہ تھا کہ ایک گھر نہ جلا اور نہ کوئی آدمی جان سے گیا اور قتل رعایا قتل عام مین خلاف رائے صاحبان عالیشان ہوا افسران فوج چاہتے تھے کہ ایک کو جیتا نہ چھوڑین مگر جنرل اوٹرم اور نواب گورنر جنرل بہادر کے نزدیک درگذر کرنا بہتر تھا اور خبگ بہادر بھی قتل عام پر راضی نہ تھا مگر جو مقابلہ کرے اسی جبت سے رعایاے بے گناہ کی جان بچی اور بروقت تحقیقات مجرمین پایۂ قصاص مین آئے مگر گورون کے اسپر بھی نہ ہوسکے آیا جسے گھر مین پایا مارا بعض نے گھر لوٹا جان بچائی عورات صاحب عزت اور لڑکیان بن بیاہی گورون کی صورت دیکھتے ہی کنوئون مین گرکر مرگئین بعض جیتی نکلین بعض تمام ہوگئین۔ نہرے مین بم کے گولے سے سلطان دولھا داماد نواب منور الدولہ مرگئے میر محمد زکی نوجوان اجل گرفتہ پوتا حکیم نبدہ حسین خان مرحوم باورچی ٹولے مین کرائی گئے

حویلی مین تھا جب بھوئیے گھر مین آتے - اپنی جہالت وحماقت سے اوسمین تینچہ مار بیٹھا انھوں نے اوسکا قصہ کردیا نعش کو بہزار خرابی اوس ہنگامے مین تو اب ملکہ جہان کے باغ مین معلوم نہین کسطرح سے دفن کردیا اب نشان قبر بھی مُرک کی جہت سے معلوم نہین ہوتا -

فتح وفیروزی صاحبان عالیشان باقبال

۳ - شعبان روز شنبہ جب صاحبان عالیشان آشوب شہر سے مطمین ہوا اور فتنہ خالف بدمعاش سے شہر پاک ہوا فتح وفیروزی نصیب اولیای دولت ہوئی منادی عمل سرکار کمپنی انگریز بہادر ہوئی ۱۵ دن تک شہر برابر لٹا سوائے نال دروازے کے جہان مہاجن رہتے تھے اور سعادت گنج بھی لوٹ سے بچا شاید کوئی صورت عافیت مہاجنون نے نکالی ہو یا خود سرکار کو اونسے درگذر منظور ہوئی ہو اور بہت کم محلے شہر کے لوٹ سے بچے مگر سکھ نیپالی گوروون سے کوئی جگہ محفوظ نرہی تھی یا کوئی صاحب کی بدولت امیر اور شرفا کے گھر بچ گئے - اور اس مدت غارتگری مین صاحبان فوج بھی کمربستہ رہے اور جب کوئی شخص صاحب کے پاس داد وبیداد لوٹ کی کرتا تھا خود سوار ہوکر چلے جاتے تھے منع کرتے تھے چنانچہ درگاہ حضرت عباس مین کئی سو عورات پردہ نشین جاکر چھپی تھین گوروون کے ہاتھ سے بہت آبروریزی ہوئی بعد اسکے صاحب نے ہر ایک کو سوار کرکے ہر ایک کے گھر بھیجدیا اور ایک ایک روپیہ کرایہ بھی ہر ایک کو دیا کئی سو دھوبی شہر کے مع بارچہ شست و شود رگاہ مین آکر چھپے تھے وہ سب کپڑے لئے اسباب درگاہ کا سب لٹا علم سونے کے ایک مہاجن نے گوروون کے ہاتھ سے روپیہ تولہ خریدے اور اسباب بھی اسیطرح سے بکا الا علم خاص درگاہ جو وزن مین تیرہ سیر تھا دھات کا اوسے سب درگاہ سے نکلتے دیکھا کہ صحن مین زیر درخت توت تک آیا پھر کسنے اوسکا نشان نہ دیکھا شرف الدولہ غلام رضا خان نے اوسکی بڑی کوشش کی کہتا تھا کہ مین ہزار روپیہ دونگا جسنے یا ہولاوے مفتاح الدولہ بھی دینے کو راضی تھے مگر مطلق اوسکا احوال نہ معلوم ہوا کہ کیا ہوا کون لیگیا کسکے پاس رہا اگر کسیکے پاس ہندوستان مین ہوتا البتہ مشہور ہوجاتا - واللہ اعلم -

احمد اللہ شاہ جب باڑی پہونچا پھر جمعیت مجاہدین چاشت خور جمع کرکے مستعد جنگ وجدال کے ہوا - نواب ممتاز الدولہ نواب معین الدولہ سے خاطر خواہ زر خرچہ جہاد لیکر چھوڑ دیا بعض امرا نے بخوف غارتگری شاہ جی کا پیالہ بھی پیا بیعت بھی کی جب محمدی پہونچا اپنا سکہ جاری کیا فیروز شاہ شاہزادے سے اسی امر پر بگاڑ ہوا جب اپنی جوشش و ولولے سے تنہا اجل پوائے مین لیگئی اپنی نخوت غرور سے تنہا مع دو تین سوار کے گیا بت بھوسہ اپنی کرامات کا رکھتا تھا جو کی گڑھی کے دروازے پر جاکر ٹھہرا ہوا پھاٹک بند تھا نہ کھولا سخت گفتگو اپنے ولولے سے کرنی لگا چمارنے رندے سے گولی ماری گر پڑا راجہ نے سرکاٹکر سرکار مین بھیجا بڑی خیر خواہی ثابت ہوئی انعام وجاگیر فراخور حال ملی لشکر کذائی جو گئی کوس کے فاصلے پر تھا بادہوائی ہوگیا زر کثیر و اسباب غارتگری جو اس مدت مین ہاتھ آیا تھا اوسکا کہین پتا نہ لگا -

خاص بیان راہ قصبہ کاکوری

۲ - شعبان روز جمعہ ناکہ نئے حیدر گنج مبارک باغ نواب منور الدولہ اور باغ معتمد الدولہ مملوکہ دیوان بہادر شنگہ مین کئی دن سے ہزارہا شہر فابنجائے شہر مع عیال واطفال بیشمار سامان جاکر رہی رات بھر ناکہ شہر سے ہزارہا آدمی کی قطار تا صبح منقطع نہوئی ایکساعت رات باقی تھی کہ ہزارہا نکلکر راہی کمنڈی اور کاکوری ہوا اہل فوج سب کے سب کمنڈی گئے بعض نے راہ کاکوری لی ناکے سے باغات قصبہ تک ہزارہا زن و مرد مثل سیل دریا چلے جاتے تھے اکثر عورتیں تازہ داماد افتان وخیزان اپنی ساس نند کے حلقے مین ہاتھ پانوں مین مہندی بھاری جوتہ پہنے بہت مرد وزن اپاہج لونڈیون کی بیٹھ پر سوار ہزارہا ہتھیار بند مگر خبگ نادیدہ عورات ہر قدم پر ٹھوکرین کھا کھا کر بڑے پائچون مین گر گرا دبکھگر گرتی تھین اور سب کے خیال مین کاکوری مقام امن وامان تھا کسواسطے کہ ردسا قصبہ سے شہر کے بہت سے لوگونکو تعارف تھا تخمیناً ۸ بجے ہونگے کہ دفعۃً کاکوری سے آواز بندوق کی آئی سبکے کان کھڑے ہوئے مگر بخوف خیال نہوا آپسمین اسکا چرچا کرنے لگے کہ دفعۃً ایک باڑھ چلی اور کھیت والے اپنے گانون مین پکارتے چلے

کہ فوج گورہ آپہونچی۔ قصبہ مین قتل وغارت ہورہا ہی بس یہ سنتے ہی ایک قیامت ہوگئی ہزارہا آدمی کا سیل مثل فوج سمندر تلاطم مین آیا ہر طرف شور وفریاد الغیاث برپا تھی۔ ایکدوسرے کو پکارتا تھا اکثر جاہل ہتھیار نبد آگے آگے پیچھے قافلہ عورات تھا آپس مین کہنے لگے کہ ان عورات کو ہم یہان مار ڈالین مگر آگے چلین بعض فہمیدہ نے کہا اس خون ناحق کرنے سے کیا فائدہ یہان ادہر کے کھیت مین چلتی تھین اور ہر کھونٹی سی اوجھکر گرتی تھین خلاصہ دو ساعت تک اوس میدان مین یہی صورت رہی جب لوگ ہر طرف متفرق ہوگئے میدان خالی ہوا اور فوج گورہ نے قبضہ سے ہوکر ایک نالہ پر پڑاو کیا ادھر کوئی نہ آیا سب کی جان مین جان آئی اگر ایک برن اس حشر مین چلا آتا بڑی لوٹ ہوتی اور سیل خون بہتا۔

معرکۂ غارتگری خاص قصبۂ مذکور

جب رعایا شہر شہر فابجنبا امر امحلات مع مجتہد العصر سلطان العلما وغیرہ کا کوری پہونچے ہر گھر وضیع وشریف احاطۂ خرابہ احاطہ مسجد خانہ باغ مین آدمی مثل دیمک کے بھر گئے وہان کے رئیسون نے بھی خدا ترسی رحمدلی یا لعارف شہر سے کسیطرح کی چشم پوشی نہ کی سبکو اپنا مہمان کیا کئی دن تک غلہ بسبب کثرت ازدحام خلایق کے بمشکل میسر آیا لیکن یہ بھی رئیسون کے خیال مین آیا کہ ان شہر والون کی بدولت ہمپر بھی خواہ مخواہ کچھ آفت اویگی چنانچہ جناب مجتہد العصر مع اپنے اہل بیت دخیل خانہ مولوی محمد خلیل الدین خان ہوے تھے لیکن عجب حال سراسیمگی و پریشانی سے کہ قلب مومن اونکا حال دیکھکر ضبط نہین کرسکتا تھا اتفاقاً بعض زوجہ خاص سے اپنے قافلے سے بجبت داخلۂ برن گورہ بخوف ایک کھیت مین چھپے رہی تھین کسیکو خبر نہوئی کہ اونکی خبر کو گھر سے باہر نکلے۔ آخر میر محمد حسین اونکی نسبتی بھائی بہزار منت وسماجت کہاران ڈولی لیکر اونکے تجسس کو چلے یہان جناب مجتہد کا عجب حال وصدر دحانی تھا آخر بسلامت پایا اور لے آئے کہارونکو انعام دیا۔

ایک اور بھی سبب اس قصبہ کی خرابی کا ہوا تھا کہ جب فوج انگریزی کسی قریے سے گذرتی تھی وہان کا زمیندار استقبال کرکے کمان افسر کو نذر دیتا تھا عرض حال کرکے امان پاتا تھا کمان افسر

پوچھتا تھا کوئی فوج باغی سے تمھارے گانون مین ہے یا نہین چنانچہ جب فوج عالم باغ سے اس قصبہ مین آئی کوئی نہیں استقبال کو نہ گیا محض بخوف وہ سمجھے کہ از راہ تمردی حاضر نہوے بلکہ رعایا شہر اور باغیون کو اپنے قبضے مین رکھا ہے۔

خلاصہ جب بنان داخل قصبہ ہوا ۵۔ یا ۶۔ آدمی اس قصبے کے مارے گیے لشکر نے باہر بستی کے ندی پر جاکر پڑاؤ کیا اوسوقت قاضی وصی علیخان وغیرہ لشکر مین جا کر حاضر ہوے کمان افسر نے شکایت کی تم بڑے باغی ہو ضرور ہو پہلے ہماری خبر نہ لی اب آئے ہو جب ہم تمھارے سر پر آپہونچے اس غضب سے قاضی صاحب نظر بند ہوے لکھنؤ آئے بعد کئی مہینے کے بڑی تحقیقات اور روبکاری سے نجات پائی۔

۳۔ شعبان روز شنبہ لشکر سے گورے سگہ وغیرہ بستی مین لوٹ کو آئے نقی یاور خان۔ احمد علی خان وکیل عدالت کانپور محمد خلیل الدین خان کے گھر کو خوب صاف کیا مگر ہر ایک گھر کا حفظ ناموس کیا اوسوقت کیا عجب تھا کہ اکثر رئیس بمقتضاے غیرت لڑکر مارے جاتے صاحبان لکھنؤ جتنے تھے اونکے آنے سے سبھون نے اپنے ہزار ہا روپے کی قیمت کے ہتھیار تاباب کنوؤن مین کوٹھون پر زمین مین کھیت باغ مین پھینک کر گاڑ دیے تھے صندوقچی۔ پاندان مسی۔ زیور۔ زر نقد رکھکر جا بجا مرہلے مین گاڑ دیے تھے چنانچہ بعد فتح برس دن تک ہتھیار سب قسم کے اس بسی سے چھکڑون پر بار ہوکر داخل سرکار ہوے۔

احمد علی خان وکیل مذکور کو حکم قطعی پھانسی کا دیا گیا تھا اس حیث سے کہ رانا بینی مادھو کے دربار مین حاضر رہتے تھے عجب مصیبت مین پھنسے تھے کہ مہینون اپنے سایے سے ڈرتے رہے اور اپنی نجات سے یاس کلی ہوچکی تھی اپنے مرشد کے گھر چھپے رہے انھون نے بھی اپنا حق بڑی ادا کیا جب فتح سرکار ہوئی میجر صاحب انکا بڑا دوست تھا جسکا ذکر باب سفارت مین ہوچکا وہ انکی واسطے عدالت مین سنیہ سپرد ہوا اپنے ساتھ باغرت صاحب جج کانپور کے پاس لیگیا اور بڑی شدومد سے روبکاری کی اور صفائی دلواکر بدستور پھر عہدہ قدیم پر بحال کروایا انھون نے بعد انتقال تراب علیشاہ کئی ہزار صرف کر کے اونکا مقبرہ بنوادیا

میر محمد نقی فاضل حاجی الحرمین زائر ائمہ معصومین ع شاگرد رشید جناب مرزا علی صاحب محدث

اسی قصبہ مین گوروں کے ہاتھ سے مارے گئے اور میر ہادی بولے سے ظفر الدولہ کے مارے گئے میر صاحب کی نعش کو جلا دیا بعد اس معرکے کے اونکی قبر نا کے پر ایک باغ مین بنوا دی ہے وجہ اسکی یہ ہوئی کہ گوروں کے نزدیک علما ریش دراز صورت متشرع محرک جہاد جہال ہوے یہ نہ جانتے تھے کہ مذہب شیعہ زمان غیبت امام مین جہاد حرام ہے ۔

امان سرکار واسطے خاص و عام اور رعایا کا شہر مین آنا

۴ - شنبان روز یکشنبہ سے لکھنؤ مین منادی امان ہوئی قتل و غارت رعایا سوقوف ہوا حکم عام ہوا کہ رعایا اپنے گھر مین آباد ہون اور جو نہ آئیگا اوسکا گھر ضبط ہو کر نیلام ہوجائیگا پہلے مدت امان داخلہ شہر ۹ ماہ اپریل تک دی اور متواتر اشتہار دیا کہ جسکے گھر مین اسلحہ بیلیگا یا اسلحہ حرب ہو داخل سرکار کریگا پھر باغیون کیواسطے اور جو لوگ شہر سے نکل کر کہی نشرل چلے گئے تھے مدت امان اوسکین ایک مہینے کی ہوئی اور حکمنامے معرفت کپتان آرصاحب زمیندار تعلقدار وغیرہ کے حاضر ہونے کے جاری ہوے خبر ل خبگ بہادر مع اپنی فوج کے رد آ فیض آباد ہوے مال غنیمت جو اونکی فوج نے لوٹے اسکا حساب و شمار نہین ہو سکتا بعد اسکے جنرل اوٹرم صاحب روانہ کلکتہ داخل ممبران سپریم کونسل ہوے رایٹ مانٹ گومری صاحب چیف کمشنر اودھ ہوے میجر کارنیگی سی مجسٹریٹ انتظام کیا منشی میر زبان علی منشی قدیم بدستور سابق بحال ہوے احمد یار خان تھانہ دار حسین آباد اور بابو محمود خان کوتوال مقتول کوتوال شہر مارش صاحب ڈپٹی کمشنر ایبٹ صاحب اسپیشل کمشنر فاٹ سائٹ صاحب سکرٹر نظامت کپتان بنجن سن صاحب ملیٹری سکرٹر خزانچی کیمبل صاحب جوڈیشل کمشنر اور فینانسل بھی یعنی دیوانی اور عدالت دونون کپتان ولسیٹن صاحب اور اکثر صاحب روانہ ولایت ہوے ولیم صاحب صاحب فرزانہ ہوے ۔

اہل وثایق اور صاحبان پنشن جدید جو کئی منزل شہر سے چلے گئے تھے بعد حکم امان پہلے عرایض ارسال کیے اور بموجب حکم نامہ سرکار ہر ایک تبدیج داخل شہر ہوا صاحب سرشتہ ہر ایک کی روزگاری بہ تحقیقات ہوئی سارٹیفکٹ امان ملا اور ہر ایک سے جرمانہ بقدر حال لیا گیا جب سلطان العلما کا کوری سے گھبرا کر قصبہ موہان مین چلے گئے عیال اور متعلق کو

غلام صفدر خان کے گھر مین چھوڑ گئے جب عرضی کی حکم داخلہ شہر ہوا کئی مہینے تک املاک قدیم ضبط سرکار رہی بعد خرابی بصرہ ایکدن محکمۂ کارنیگی صاحب مین گئے مکان قدیم ملا لیکن بیت المال اور کتب خانہ ہزارہا جلد کا نملا۔ مرزا وصی علیخان کے بھائی نے نیلام مین سات سو روپے پر مول لیا خاطر خواہ بیجا بڑا نفع ہوا بعد اسکے سرکار سے ۸ سو روپیہ ماہواری کا پنشن دائمی نسلاً بعد نسل مقرر ہوا رجوع مسائل شرعیہ اثنا عشریہ انھین سے متعلق ہوئے سید نقی صاحب بیٹے جناب سید العلما کئی مہینے سے وطن مالوف نصیر آباد مین جا کر رہے تھے بعد فتح آئے سجد تحسین علیخان مین جمعہ جماعت درست ہونے لگی مقام استعجاب یہ ہے کہ جب جناب مجتہد العصر سلطان العلما نے مقلدین راسخ الاعتقاد سے اپنی بمقدوری اور بعدم شرکت بدمعاشان کا استشہاد چاہا چند فقرے مومنین نے حسبۃ اللہ اوسپر مہر گواہی کی امر آدوی الاقتدار اگرچہ اپنے حال مین گرفتار تھے سب نے پیلوتہی کی بلکہ بعض امرا جو خیر خواہ اور معتمدین سرکار تھے اور کیفیت واقعی بیان کر سکتے تھے سمجھا سکتے تھے لب بہ مہر رہے واہ

شرف الدولہ غلام رضا خان بہ علت کارفرمائی سرکار جیسی ۱۱ دن تک تارہ والی کوٹھی مین مقید ہو کر حالت سکرات مین رہے یقین پھانسی ہونے کا ہو چکا تھا لیکن اوکا عمل خیر کام آیا گورے کاظمین مین اونھین مارے ڈالتے تھے جب اونھون نے دہائی کارنیگی صاحب کی دہی جان بچی مگر مشکل سے نجات پائی اور پھر ای یاوری قسمت سے سرکار سے مستاجری اور کارفرمائی پر سرفراز ہوئے جب کاظمین گورون سے خالی ہوا پھر اوسکی تیاری انکی مجلس صبحگاہی بدستور ہونے لگی عشرۂ محرم مین درگاہ حضرت عباس بھی اونکی ضمانت سے کھلی فی الجملہ اوسکی تیاری بھی کی اسباب سب لٹ گیا۔ علم خاص جس سے بناے درگاہ ہوئی تھی اوسکا کہین نشان نہ ملا امیر الدولہ میر مہدی نے کچھ شیشہ آلات وغیرہ بے مصرف جانکر درگاہ مین چڑھا دیا اب باجازت بادشاہ پیارے صاحب نبیرۂ نواب علیخان مرحوم کو دیا اس جہت سے کہ اونکی حقیقی بہن منجملہ محلات بادشاہ تھین اب وہ بھی مرگئین کلکتہ مین حوالہ نیاز درگاہ ہوئی ہے پیارے صاحب کے اختیار مین ہے وہ تیاری اور نذر نیاز جو عہد دولت مین ہوتی تھی

اوسکا شمہ بھی نہین ہے

صاحبان پنشن شاہی کی روبکاری ہوئی بعد تحقیقات اور منت سماجت اور موافقت اہلکارون سے بھر تنخواہ سبکی خزانے سے جاری ہوئی اکثرون کی زبر تجویز رہی بعض کی صدر سے نامنظوری آئی بعد کئی مہینے کے موافق دستور ولایت انگلستان باہتمام منشی رامدیال اکسٹرا اسسٹنٹ رعایا کے گھر پر ایک روپیہ سے چار روپیہ تک اور اہل پیشہ پر تین روپئے سالانہ تجویز ہوکر تحصیل ہوا یہ امر جدید رعایا پر بہت شاق گذرا مگر حکم حاکم سمجھکر ہر طرح دینا پڑا البتہ سنہ ۱۸۶۲ء سے محصول مکانات موقوف ہوا اور بعد دو برس کے دوسرا انکس بھی موقوف ہوگیا۔

موقوفی متاجری سرکار کمپنی و عملداری سلطانیہ

کئی مہینے کے بعد متاجری عملداری سرکار کمپنی انگریز بہادر الزام فساد ہندوستان سے تجویز ارباب پارلیمنٹ ولایت موقوف ہوئی ہرچند حقوق قدامت اسکا متلزم تھا سلطانیہ ہوئی چنانچہ ایک دن حسب الحکم سرکار روسا و امرا رعایا شہر سب مچھلی والی بارہ دری چوک مین جمع ہوے اشتہار جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا پڑھا گیا حکام نے سب کی اطمینان کی کسیکو جرأت کلام سوئی مگر جواب معین الدولہ نے کہا کہ ہم سب رعایا سرکار دولتمدار مطیع و فرمان بردار مگر ستمدیدہ مظلوم واجب الرحم ہین فقط ممنون مرحمت و آبرو کے امیدوار ہین بروقت عدالت حکام نے کلمات تشفی فرماکر رخصت کیا۔

ایک دن ایک رات فرح بخش کنار دریا عملداری سلطانیہ کا جشن ہوا شرف الدولہ غلام رضا خان نے اپنے امام بارہ واقع گھڑیالی مین جہان ۸ محرم کو حاضری حضرت عباس علیہ السلام ہوا کرتی تھی ضیافت صاحبان عالیشان فوج و نظامت کی بڑا کھانا اور خوب ناچ و رنگ صحبت شراب ہوئی وقت رخصت ہار گوٹہ دیکر رخصت کیا فقط چیف صاحب اس جلسہ مین نہ تھے بعد اسکے وہ امامباڑہ وغیرہ مسمار ہوکر داخل دھس قلعہ ہوا

پھر ساہ جی نے اپنے باغمین اسیطرح ضیافت سبکی کی اوسکے بعد راجہ بانسنگ نے جنرل کلائیڈ صاحب بھی اس جلسہ مین شریک ہوے پھر کسینے حوصلہ ضیافت نہ کیا اگرچہ پہلے شاہزادے امرا اسپر آباد

آمادہ ہوے مگر پھر موقوف رکھا۔

آراستگی شہر

الدولہ کی

حکام عالیشان صفائی و آراستگی شہر پر متوجہ ہوے چنانچہ بیلی گارد کا جتنا احاطہ محیط گیا تھا دھس جھانکیان جتنی کوٹھیان جو مثل خرابہ اور کثرت گولون سے مثل غربال ہوگئی تھین اون سب کو دو ہی طرح پر بمقرر رکھا تیاری اور آراستگی کو مناسب وقت نہ جانا بظاہر عبرت الناظرین رکھا ایک کمپنی کورہ رہتی ہے افتادہ زمین پر باغ درخت جنگلی یا پھول کے لگوا دیے ہین ہر طرف سے سڑک آمد رفت کردی ہے بیلی گارد سے تا دلکشا میدان صاف کرکے ہر طرف سڑک دونون طرف درخت صبح و شام آبپاشی مقرر ہے ہر نالہ و نشیب پر پل بنوا دیے ہین جب دلکشا کو مرمت طلب دیکھا مسمار کردیا حیات بخش و ارالشفا۔ ظہور بخش نور بخش رصدخانہ سلطانی خورشید منزل کنکر والی کوٹھی میر ابوالقاسم خان کی کوٹھی حضرت گنج مکانات نواب ملکہ عہد امام باڑہ نواب جراز الدولہ۔ مبارک منزل شاہ منزل موتی محل لوٹھی دلارام حاضری باغ بادشاہ باغ۔ سکندر باغ۔ چتر منزل فرح بخش بارہ دری سرراہ اندراسن۔ مقبرہ جنت مکان۔ جنت آرامگاہ سیڑھی کوٹھی مکان خبرل مرزا سکندر حشمت کوٹھی نواب روشن الدولہ۔ چولکھی قیصر باغ۔ امام باڑہ غلام حسین بشیر الدولہ احسن الدولہ دیانت الدولہ۔ کوٹھی عنایت باغ۔ نواب مبارز الدولہ اسکے سوا بہت سی کوٹھیان بن گئی ہین۔ اکثر اسمین سے سراج الدولہ و راجہ تعلقدار وغیرہ نے مول لین اور نو تعمیر بھی کین چنانچہ بادشاہ باغ جو راجہ بختاور سنگھ کے اہتمام مین ۵ لاکھ مین تیار ہوا تھا ۳۵ ہزار روپیہ لو راجہ کپورتھلہ نے مول لے لیا اور راجہ سے کو آراستہ اور درست اپنے طور پر کیا دلارام کی کوٹھی بھی کسی راجہ نے خریدی قیصر باغ راجہ اور تعلقدارون کو تقسیم ہوکر ملا اوسکی مرمت جسمین جو رہے درست کردے پولکھی حضرت سلطان عالم نے اعظم الدولہ سے چار لاکھ کو لی جب نیلام ہوا ساہ جی نے ۱۲ ہزار کو لی اون سے نواب مرزا نے چالیس کو خریدی ایک کوٹھی جو اسمین تھی راجہ منوا نے لی۔ غرض گولہ گنج سے جانب مغرب صورت شہر قدیم باقی ہے اور جانب مشرق مثل چھاؤنی اور شہر ہای انگریزی ہے

کئی گرجے بہ تکلف تیار ہوئے ہین - مکان فرنیشن تیار ہوا ہے نواب ممتاز الدولہ - نواب صادق علی خان وغیرہ شے عجیب وغریب بھیجکر فرنیشن ہوگئی درجے طے کیے ہین اپنے برادران ایمانی کی بہت تکلف سے ضیافت کی جتنے مکان خام وغیرہ تھے سب مسمار کردیے کوٹھیون کی دیوار احاطہ موقوف کردی کہ مانع ہوا ہوتی ہے وسعت مکان مین گھاس لگادی کہ بعد برسات بک جاتی ہے موتی محل کے پاس مرزا کی کوٹھی تھی اوسے مسمار کرکے دریا پر ایک پل پختہ تیار کیا ہے دریا کے دولت خانہ قدیم سے تا موتی محل دونون کنارون کو ماہی پشت ڈھال رکھا ہے کہ دریا مثل نہر ہوگیا ہے ایک ریل کا پل زیر دلکشا بنوا دیا ہے - چار باغ قدیم مین اسٹیشن ریل بہت تکلف سے بنا ہے - ریل کی تین دفعہ آمد ورفت ہوتی ہے ایک فیض آباد - دوسری کانپور تیسری بریلی مراد آباد کی آمد ورفت ہوتی ہے - اسٹیشن پر مثل بازار ہر خیر ماکولات وغیرہ ملتی ہے مسافرین سب دست بدعا رہتے - دلکشا اور محمد باغ کی جانب ۲۲ گاٹون ہموار زمین کرکے چھاؤنی فوج دوکمپ کی تیار کی ہے شارع عام کی سڑک کے دونونطرف درخت لگادیے ہین جسکے سایہ سے بہت آرام چلنے والونکو ملتا ہے کئی سو خاکروب نوکر ہے سب سڑکونکو دونون وقت صاف کرتے ہین کنار دریا کے سڑک جو حسین آباد تک ہے دونون وقت آب پاشی ہوتی ہے امام باڑہ آصف الدولہ کو حصن حصین کیا اور سب طرح سے آراستہ ہے ۱۵ سو فٹ تک گرد قلعہ کے میدان کردیا ہے وہان سے دو سڑک بہت وسیع کی ہین ایک کربلائے نال کٹورے عالم باغ تک دوسری چار باغ تک دونون سڑک کانپور سے ملی ہین مکان بادلی حسین نواب مبارک محل رہتی تھین اوسمین میگزین قلعۂ مچھی بھون کو بھی شامل کردیا ہے، امام باڑے کے گرد کے جتنے مکانات عالیشان اور محلے تھے تا حسین آباد داخل حصار قلعہ ہوئے بیچ محلہ سنگی محل حسن باغ وغیرہ جتنی عمارات عالیشان میان حصار تھی سب ہموار زمین ہوتی چوک گول دروازے سے حد حصار ہوئی - نواب محسن الدولہ کا مکان دھس سے باہر تھا بچا امام باڑہ تراحسن رضا خان مسجد حسین جمعہ جماعت ۷۰ یا ۸۰ برس تک ہوتی ہموار زمین ہوگئی منیا بازار مین قبر شاہ منیا فقط رہگئی اور قبرین قدیم داخل حصار ہین امام باڑہ آغا باقر خان کھدکر برابر ہوگیا مرزا حیدر شکوہ شاہزادے نے انجنیر صاحب کی اجازت سے قطعۂ زمین آمام باڑہ

لیکر وسط مین ٹن کا بنگلہ بنوا دیا اس جہت سے کہ مرزا کام بخش اونکے باپ وہان دفن تھے جب وہ روانہ کربلاے معلی ہوے اونکے بیٹے سے ایک مہاجن نے نیلام کروا کر اپنے قرضہ مین لے لیا دریا کے اوسپار بھی جو داخل حصار پرگنہ سے سب کھدر گئے زمین چھاؤنی منڈیاؤن راجہ ہنر کرن نیلام مین ۲۳ ہزار روپیہ کو خریدی اگر اسکا تردد کرتے باطمینان اوسکے محاصل سے بسر اوقات کرتے انکی بدمعاشی سے بک گئی ایک مہاجن نے لی ہے حسین آباد کی شکست ریخت کی پھر تیاری ہوئی اوسکی تولیت نواب محسن الدولہ نواب ممتاز الدولہ کو سرکار سے ملی مصارف امام بارہ پنجتنی جاری ہوا مگر انکے اختیار سے ہر کچہری مین عمارہ نگاری کشمیری کھتری ۔ قصباتی مامور ہوے اہل شہر بہت کم ۔ ہزارہا ہر طرف چلے گئے مالیتی محتاجی بے اسبابی سے رہ گئے ۔ عمارت سرکار مین گنجایش ہزارہا مزدور کی ہوتی ۔ اکثر اہل دثاین باجانت سرکار روانہ عتبات ہوے صفائی سے فی الجملہ کثافت نسبت سابق کے بہت کم ہوئی وسعت سڑکون سے اور اکثر محلون کے کھلنے سے فی الجملہ شہر کھل گیا وبا کی بھی وہ شدت نہین ہوتی ۔

قتل نواب شرف الدولہ محمد ابراہیم خان

۲۷ رجب روز سہ شنبہ جب جناب عالیہ سوار ہوئین پہلے شرف الدولہ کے گھر مین اترین فرمایا تم بھی میرے ساتھ چلو اب کسیطرح مین نہین ٹھہر سکتی عرض کی حضور تشریف فرما ہون غلام بھی فوج جمع کر کے حاضر ہوتا ہے اثر فیان نذر کی دیکر رخصت ہوے اقربا اور مقربان نواب سے کہا آپ نے ایسے وقت یہ عذر لنگ کیا سمجھکر جواب دیا کہ فوج باغی ہر شخص مجھ متوسل سرکار جانتا ہے اور ارکان دولت کی بھی موافقت کا حال ظاہر ہے بس یہی حیلہ سازش ان بیباکون کیواسطے کافی ہے میرے نزدیک اپنے گھر مین رہنا بہتر ہے اگر سرکار گرفتار کریگی مین اپنی مجبوری ہر امر مین ظاہر کرونگا جو کچھ مجھپر گذرا ہے بس میرا جانا بھی باعث ثبوت حق بجانب ہو جائیگا اور اگر مین چلا جاتا دوستی اور خیر خواہی باغیون کی ثابت ہوتی ۔

اس عرصے مین رات کے دس بجے عبدالباسط خان آکر کہنے لگے حضور تشریف فرما نہون تو مین مع عیال جاتا ہون نواب نے ۳ ہزار روپے دیکر رخصت کیا بعد اسکے مع حاضرین صحبت مین

بیٹھے تھوڑی دیر مین محلسرا سے سنہ زنانہ مین استراحت کو گئے بم کے گولے شام سے برس رہے تھے اتفاقاً ایک گولہ اوسی کوٹھی کی چھت پر گرا بیبیان سر و پا برہنہ باہر نکلکر صحن خانہ مین کھڑی ہوئین منشی قدرت اللہ نے کہا اب یہان ٹھہرنا مناسب نہین کہین اور چلیے جواب دیا تمھارے گھر مین اگ لگی ہے جلد جاکر خبر لو۔ منشی کہتے ہین کہ جب اپنے گھر گیا کسیکو نہ پایا معلوم ہوا کہ بم کے گولے کے خوف سے گھبراکر چلی گئی ہین بعد اسکے چاہا کہ کچھ مال و دنیا سے لین کمرہ مین ایسا گرد و غبار بھرا تھا کہ اندھیرے سے اندر جانا مشکل تھا مایوس ہوکر باہر نکلا چراغ جلاکر چاہا کہ پھر جائین دیکھا کہ نواب تن تنہا مسہری دروازے پر کھڑے ہین اونکے پیچھے قافلہ عورات جمع ہے مجھسے فرمایا چلو مین نے عرض کیا ۴ ہزار روپیہ بحول مین موجود ہے ایک ایک توڑہ ہم سب اوٹھا لینگے کہا ایسے وقت مین خدا پر بھروسا کرنا چاہیے غرض اسی صورت سے گلیون سے ہوکر شاہ گنج مین میر معین کمیدان کے گھر آئے پھر رات رہے حسن جان قمر الدولہ کے بیٹے کو بلواکر کہا کہ داروغہ عاشق علی سے جاکر کہو کہ اپنے عیال کے ساتھ میرے لواحقین کو بھی لیتے جاؤ کسواسطے کہ وہ کہار نوکر رکھ چکے ہین عرض کیا اونکا مزاج جانتے ہین اگر حضور خود تشریف لیچلین اور اونسے فرمائین تو بہتر ہوگا نواب اونکے ساتھ اکیلے چلے آئے اور کہار منت داروغہ سے کہا اونھون نے بدرشتی جواب سخت دیا کہ ہم تمھاری رفاقت مین تباہ اور برباد ہوگئے یہانتک ہماری نوبت پہونچی اور میرے عیال پہلے جا چکے ہین اوسوقت نواب عجب حالت یاس مین مایوس ہوکر پھر شاہ گنج مین آئے بیبیان اونکے آنے کے بیشتر گھبراکر موسی باغ کے نالے سے کسی گاڑون مین چلی گئی تھین اوسوقت نواب زیادہ مضطرب ہوئے آمروہان سے کشمیری محلے سے ہوکر چلے اس عرصے مین صبح صادق ہوتی جب چوراہے پر پہونچے اتفاقاً وہان حضرت عباس کیطرف سے کئی ٹلنگے چلے آتے تھے اونکے برابر سے گذرے نواب کی ہیئت کذائی دیکھکر کہنے لگے یہ کوئی بڈھے کہین جاتا ہے نواب نے یہ سنتے ہی قدم کو تیز کیا پیچھے سے ایک ٹلنگے نے بندوق ماری نواب زمین سے لپٹ گئے اوسکے بعد دوڑکر رفیق الدولہ کی سبیل کے نیچے دروازہ سے جاکر لپٹ گئے دروازہ بند تھا پھر کرانال کا تپنچہ ہاتھ مین تھا مارا آگ نہ ہی اور پھنکدیا اسمین چادر سر سے گر پڑی ٹلنگون نے پہچانا کہا وادیہ تو ہمارے بھاگ نواب ہین

پکڑ کر موسی باغ شاہ جی کے پاس لے گئے شاہ جی انھین فتوح غیبی سمجھے ایک چھوٹے ٹٹو پر سوار کیا لیکن جب وہ ٹٹو بار وزارت نہ اوٹھا سکا توپ کی پیٹی پر بٹھا کر اپنے ساتھ درگاہ لے گئے لاکھ روپیہ زر نقد طلب کرنے لگا نواب نے کہا دو لاکھ دونگا بشرطیکہ میرے ساتھ آدمی کر دو فقیر نے کہا تو خیر خواہ نصاری ہے اب بھی اونسے ہاتھ نہین اٹھاتا جانتا ہے گورے سارے شہر مین پھیل گئے ہین میرے آدمی کو اپنے ساتھ لیجا کر کٹوا دیگا خود اونکی حفاظت مین بھیجے گا نواب نے کہا مین مجبور ہون تمھین اختیار ہے۔

خلاصہ روز جمعہ ۲ شعبان جب کارنیگی صاحب گورنے لیکر کوٹھون پر سے ہو کر داخل درگاہ ہوے شاہ جی بھاگے وہ ظالم جو نواب کے سر پر ننگی تلوار لیے کھڑے تھے اونھون نے دوڑ کر پوچھا کہ اس الکبیر کیا حکم ہوتا ہے کہا مار ڈالو جب وہ دونون نامرد ازلی بھرے نواب نے غایت علی خدمت گار کو بازو سے جوشن جلد اتار دیے کہا یہ میری نشانی میرے گھر پہونچا دینا اوسنے خوف سے انکار کیا کہا دیکھو وہ میرے قاتل آپہونچے یہ کہکر پہلوے ممبر نماز کو کھڑے ہوے ایک نامرد نے بندوق دوسرے نے تلوار ماری مقام سجدہ پر گر پڑے سسک رہے تھے اس عرصہ مین کارنیگی صاحب آئے عنایت علی سے پوچھا یہ کسکی نعش ہے کہا نواب شرف الدولہ محمد ابراہیم خان کی کارنیگی صاحب نے خاکروبون کو حکم دیا سب لاشونکو اٹھا کر صاف کرو۔ غرض باوجہ خانہ درگاہ مین ایک گڑھے مین مع اور نعش مقتولین پیوند خاک کر دیا۔

جب عنایت علی نے نواب کے عیال کو یہ خبر پہونچائی قافلۂ عورات مین شور ماتم برپا ہوا خصوصًا انکی بیٹی ناکتخدا نے اپنا سر پھوڑ ڈالا۔ پھر اسیطرح روتی پیٹتی کسندی پہونچی وہان کی خبر آباد عبد الباسط خان کوری مین رہ گئی تھی جب سرکار سے اشتہار امان جاری ہوا اشرف الدولہ غلام رضا خان نے اپنی نیک نہادی سے اپنا خط مع حکمنامہ امان بھیجکر سبکو شہر مین بلوایا اعانت وکفالت اونکے خرچ کی بھی کی۔ صد آفرین اوسکی ہمت عالی پر مقدمات ماضیہ جو فیمابین گذرے تھے اونپر صلواۃ بھیجی۔

جب ولیم صاحب نے نواب کے بیٹون سے روبکاری مین کہا تمھارا باپ متوسل سرکار تھا رسل رسائل کیون موقوف کر دیا تھا۔ جواب دیا اسکی بازپرس اگر دفسی ہوتی غالب ہے کہ جواب کافی

دیتے ہم اونسے بہتر نہ عرض کر سکینگے پھر مظفر علیخان سے کہا تم جنرل فوج ہوا تھا جواب دیا کہ جسطرح باغیان سرکار نے بادشاہ وزیر بنایا تھا مجھے جنرل کر دیا تھا اگر آپ بخوبی دریافت فرمائیے کہ کسی معرکے مین مینے میر میدان ہو کر کسی کا خون ناحق نہین بہایا ہم سب بت اونکے اختیار حکومت مین تھے جو چاہا کیا ہم ہر طرح بے بس رہے ۔

غرض بعد روبکاری کے انکا رپورٹ پنشن معافیہ کیا گورنمنٹ نے منظور نہ کیا املاک شہر رہنے کو ملی ۔ کچھ ووٹ شاید بسبب اوقات کو رہ گئے ہین سر طرح سے برباد ہوے وکالت حسین آباد جو نسلاً بعد نسل مقرر ہوتی تھی عدالت سپریم کورٹ مین نالش ہوئی کچھ شنوائی نہوئی تو بیت امام باڑہ نواب محسن الدولہ نواب ممتاز الدولہ کو اور وراثت مقرر فرمائی

قطعۂ تاریخ قتل نواب شرف الدولہ محمد ابراہیم خان ۲ شعبان ۱۲۷۴ھ

شیخ بہادر علی شجاع شاعر ہندی

شرف الدولہ فلک مرتبہ ہمنام خلیل — صاحب خلق و حیا مصدر فیاض جلیل
چون بدرگاہ ضیا بار جناب عباس — شد قتیل ستم لشکر غدار دلئیم
ماند بے گور و کفن جسم شریفش بر خاک — شد روان روح لطیفش سوے فردوس نعیم
آہ آہ آہ شہدا راز عنایات خدا — کفن از حلہ بود غسل ز آب تسنیم
زمزم کعبہ ازین واقعہ شد چشم پر آب — پشت محراب دوتا گشت ازین رنج عظیم
بدل چاک رقم کرد شجاعت تاریخ — شد سیہ پوش حرم از الم ابراہیم

جب شاہ جی خیر آباد پہونچے وہان بھی نواب کے عیال کی تلاش کی لیکن نہ پایا

بعض احوال مختلف بعد معرکہ لکھنؤ

جب حضرت سلطان عالم نے کلکتہ مین اپنے صاحبات محل کا احوال لوٹ و غارت کا سنا دو لاکھ روپے اور زیور مع تحایف ہر ایک کیواسطے عنایت فرمایا ۔ یہان اوسیطرح ہر ایک شاہزادہ مصطفےٰ علیخان مرزا حیدر شکوہ ہمایون شکوہ عالم باغ سر میر فدا حسین کپتان سے

مکان مین مقیم رہے بعد کئی مہینے کے جب اطمینان کلی سب طرف سے ہوا مصطفی علیخان رخصت کیا اپنے مکان سعادت گنج مین آئے دس ہزار خرچ کو ملے جس سے سامان سرکار کچھ درست ہوا ۸ سو روپیہ ماہواری اونکے بیٹے کے نام مقرر ہوے اب شاید چھ سو سے زیادہ پاتے ہین حضرت سلطان عالم کی سلطنت مین فقط ۶۰ روپے ماہواری ہزار خرابی ملتے تھے ۷۰ پہرے کی قید مین رہتے تھے جب حکام عالیشان نے بہت سمجھایا اونکے عذرات بارد کے جواب شافی دیے ۔ اوسدن سے تاج یا کلاہ تاج نما زیب فرق مبارک ہوا انکے بڑے بیٹے کی شادی نواب ممتاز الدولہ کی صاحبزادی سے ہزار خرابی ہوئی ہے صاحبزادی صاحبہ ثقیہ مرزا حمید رشکوہ ہمایون شکوہ شاہزادے بسلامت اپنے گھر آئے ہزار روپے ماہواری کا پنشن سلطانی خزانے سے جاری ہوا ۔ انھون نے ۶ ہزار روپے ماہواری قدیم تنخواہ کا سرکار مین دعوی کیا جو انکے جد امجد کو ہمیشہ سے ملتے تھے کوا عذاستاد مع خطوط نواب گورنر جنرل پیش کیے آخر نوبت بولایت پہونچی اس خیال سے کہ بیلی گارد مین مقید از راہ حفظ رہے ہین ۔ اس عرصے مین مرزا حمید رشکوہ روانہ کربلای معلی ہوے مشہد مقدس مین جاکر انتقال کیا بعد اسکے سرکار سے پانسو ماہواری اضافہ ہوے متعلقان جد امجد پر اور انکے عیال پر بھی عدالت سرکار سے منقسم ہوے اگر دہ جیتے ہوتے ہزار روپے مہینہ مین ۶ سو آپ لیتے تھے چار سو مین سبکو تقسیم کرتے تھے اس پانچسو کو بھی خود لیتے اون کی حین حیات تک گھر کی بارت فی الجملہ صورت تھی اب بڑے بیٹے جو مرزا ولیعہد کہلاتے تھے داماد سراج الدولہ ہین انھین کے ایک مکان مین رہتے ہین مکان منتی گنج اور زمین امامباڑہ آغا باقر خان بسبب بدچلنی اور قرض کے مہاجنون کے ہاتھ آیا ۔

جنرل مرزا سکندر حشمت کا شہزادہ وغیرہ سپرد دار وغہ میرزا جد علی ہوے تھے میرزا مذکور امانت حضرت سلطان عالم کلکتہ جاکر پہونچا آئے زیر ظل وامان عم نامدار پرورش پاتے ہین

۱۵ ماہ فروری ۱۸۵۹ء مطابق ۱۱ رجب روز سہ شنبہ ۵ بجے شام کو مانٹ گریفیتھ صاحب چیف کمشنر بہادر سمت لاہور تشریف فرما ہوے صبح چارشنبہ ۱۲ رجب ۱۶ فروری ونیگفیلد صاحب کمشنر بہادر بہرائچ چیف کمشنر لکھنؤ ہوے روز شنبہ کو دربار کیا پھر دورہ نظامت بسواڑہ مین تشریف لیگئے

اکثر صاحب جو بیلی گارد مین محصور رہے خدمات سرکاری پر مامور ہوے علی قدر حال سبکو انعام ملا مکان بھی بدلے اونکی املاک کے ملا تلافی مال واموال غارت بھی ہوئی چنانچہ جیکب جو ہانس کو ایک لاکھ بیس ہزار روپیہ ملا انھون نے گرجہ بنوایا مطبع اخبار کیا کئی کوٹھیان بنوائین کئی برس تک دوکان خوب چمکی جب مر گئے اپنے گرجے مین دفن ہوے نسبتی بھائی اونکے مختار کار ہوے کئی مہینے کے بعد سب گیا گذرا ہوا بیٹی کو ایک کوٹھی دی تھی وہ مع اپنی مان اوس مین رہتی ہی کونیا صاحب بیلی گارد سے نکلکر بڑا کام جانبازی کا کیا تھا ۲۵ ہزار روپے انعام ملے مگر نسبت علو ہمت سرکار دے کم سمجھکر روانہ ولایت ہوے ۔ رئیس صاحب نے انکا احوال بہت تفصیل سے لکھا ہی اب مختصر یہ ہے کہ صاحب مع کنوجی لال دوبہرا نکو ہندوستانی لباس سپاہیانہ پہن ہندوستانی ہتھیار لگاکر پہلے خبرل اوٹرم صاحب کے پاس گئے اور بخیال احتیاط اپنی بی بی کو بھی خبر نہ کی ۔ رخصت ہو سورج کنڈ کے تالاب کے مورچے سے نکلے دہان سے پکے پل چوک سے ہوکر بلا کے کینن کنارے کینن نہر من اوتر کر بدشواری تمام مورچون سے گذرے دریا پر کر پار چلے سیدھی راہ نبی کی لی جہان کمانڈر انچیف کا لشکر تھا میان راہ کئی گانون سے مشکل سے گذرے ہندوستانی جوتے سے پانون مین چھالے پڑ گئے انسے لہو بہنے لگا بہزار خرابی جب لشکر مین اسی حالت سے روبرو خبرل بہادر پہونچے بڑی تعظیم عزت سے پیش آئے دوپہر کو عالم باغ سے ایک پتنگ اوڑا کر علامت معینہ سے اہل بیلی گارد کو اپنے سلامت پہونچنے سے آگاہ کیا ورنہ سبکو یقین انکے مارے جانے کا ہو چکا تھا ۔ اس سرفروشی سے سرکار سے ۲۵ ہزار روپیہ انعام ملا ۔ معرکہ سندیلہ مین مولوی محمد کے مقابلے مین زخمی بھی ہوے پھر نواب گنج ستیاپور مین ڈپٹی کمشنر یا اسسٹنٹ رہ کر روانہ ولایت ہوے امیدوار عہدۂ جلیلہ ہوے ۷۵ ہزار روپے انعام دہان ملے پھر اودھ مین آکر کمشنر ہوے اونکی رحمدلی سے رعایا بہت شکر گذار ہے ۔

راجہ جے لال سنگھ کا پھانسی پانا

راجہ جے لال سنگھ نصرت جنگ بٹیار راجہ غالب جنگ درشن سنگھ بہت قابل صاحب لیاقت تھا

اور اپنی قابلیت سے خدمت کلکٹری اور اہتمام ممالک محروسہ اور انتظام شہر کو اکثر مقرر ہوتا تھا اس ہنگامہ فساد مین بھی اوسی عہدے پر بدمعاشان سرکار اور دربار نے منصوب کیا تھا اور فوج باغی ہر امر مین بسبب قدامت اور واقفکاری کے راجہ سے صلاح و مشورہ کر لیتی تھی جب شہر سے سب کے ساتھ یہ بھی بھاگے جب اشتہار امان سرکار سے ہر خاص و عام کو اپنے گھر آنے کا ملا - یہ بھی داخیل سرکار ہوے اور اپنے گانون پر قابض و متصرف ہوے کہتے ہین میجر برووس صاحب چیف پولیس کے دیبی پرشاد سررشتہ دار کی عداوت سے یا بہ علت طلب زر دینار و بکاری کپتان آر صاحب کے قتل مین پھر دھر دیے گئے کئی مہینے تک اشد مضائب مین قید رہے اپنے جینے سے تنگ آ گئے خلاصہ موافق تحریر رپورٹ صاحب چیف پولیس حکم صدر قطعی انکے پھانسی دینے کا آیا - داروغہ میر واجد علی اور میر حسو کہتے ہین کہ ہمنے کیفیت انکی مابین خود و خدا سرکار سے کہی واللہ علم - بہرصورت جب خون ناحق ثابت ہوا یکم اکتوبر روز دوشنبہ ۱۸۵۹ء مطابق ۲ - ربیع الاول ۱۲۷۶ھ اسیر کو در دولت پر اوسی مقام پر لائے جہان پیٹرک آر صاحب کو قتل کیا تھا اب وہان اونکی لاٹ بہت تکلف سے بنوادی ہے پتھر پر تاریخ وغیرہ کندہ ہے حسب دستور سٹی مجسٹریٹ آئے - ہزارہا تماشہ بین شہر جمع تھا راجہ نے اپنے ہاتھ سے پھانسی ڈالی - جب تختہ کھینچ کیا کام تمام ہو گیا دیڑھ روپیہ کا کفن دیکر دہن برابر لاٹ کے خاک مین ملا دیا اب دونون کا مرافع بڑی عدالت مین ہو رہے گا - استعجاب سبکو یہ ہے کہ کارفرما پر کبھی حکم قصاص جاری نہین ہوتا وگرنہ پہلے صاحب حکم کو قتل کرنا چاہیئے فاعتبروا

رونق افروزی نواب گورنر جنرل اور کماندر انچیف بہادر

رایٹ انریبل سی جی لارڈ کیننگ بہادر اور کلائڈ صاحب کماندر انچیف بہادر ۲۲ اکتوبر روز شنبہ ۱۸۵۹ء مطابق ۲۴ - ربیع الاول ۱۲۷۶ھ ۵ بجے صبحکے رونق افروز شہر ہوے ہزارہا تماشابین شہر اور حکام عالیشان نظامت و فوج لباس وردی پر تکلف پہنے اسلحہ حرب سے آراستہ ناکہ چاربانغ پر استقبال کو گئے - ۶ بجے پہلے کماندر انچیف بہادر اور اون کے مضائب سوار بگھی پر آئے سر ہوپ گرانٹ اور ونیگفیلڈ صاحب چیف کمشنر اور کئی افسر

منتظر آمد نواب محتشم الیہ پل کے اسطرف کھڑے ہوے تھے اسوقت سلامی توپ ہوئی اوسکے بعد ۶ - گھوڑے کی کھلی ہوئی گاڑی مین لاٹ صاحب اونکے پہلو مین لیڈی کوئیز نمود ہوئین لاٹ صاحب سب طرف بکشادہ پیشانی ملاحظہ فرماتے جاتے تھے جب پل پر آئے سبزے عربی گھوڑے پر سوار ہوے سر چارج کیمبل صاحب جو ڈیشل کمشنر ہم پہلوی لیڈی صاحبہ ہوے -

جلوس سواری یہ تھا آگے دوسرا ڈریگون گارڈ پہلا ترپ پنجاب ۶ توپ اسی ۳۵ رجمنٹ پیدل شاہی کا ونگ - پہلا رسالہ پنجاب پہلا رجمنٹ پیدل سکھ ۳۵ رجمنٹ پیدل شاہی کا ونگ اونکے پیچھے کنٹوٹر ماسٹر اور کئی افسر پھر باڈی گارڈ دگوٹے کی تی پگڑی کلغی لگی سر پر باندھے اونکے پیچھے چوبدار جلوس وغیرہ نواب محتشم الیہ کے دست راست کماندیات دست چپ چیف کمشنر سر ہوپ گرنٹ بیڈن صاحب سکریٹر اعظم اونکے پیچھے گارڈی لیڈی صاحبہ اونکے ساتھہ اسسٹنٹ جنرل اسسٹنٹ کیوٹر ماسٹر برگیڈ میجر اور صاحبان نظامت اور قلعہ کے صاحبان فوج ۱۲ ہاتھی ایک ہودج نقرئی پر تکلف اوسکے بعد باڈی گارڈ دوسرا ڈریگون پہلا رسالہ سکھہ ۲۲ رجمنٹ شاہی توپین اسپی اور ہیلون کی ۳، رجمنٹ شاہی پیدل دوسرا برگیڈ پلٹن ریفل رسالہ متعلق لکھنؤ -

سڑک پر اہتمام دو رباش برقندار پولیس تھا - سواری سڑک جدید مچھی بھون سے ہوکے نکلی اسی واسطے اس سڑک کا نام کیننگ روڈ رکھا سڑک کے دونون طرف اہل شہر کا ہجوم تھا سب نے سلام کیا لاٹ صاحب نے سر پر ہاتھہ رکھا پوساک سفری پہنے تھے مچھی بھون سے توپ سلامی کی چلی جب ہیلی گارڈ کے پاس پہونچے تیسری سلامی ہوئی چتر منزل بارہ دری شارع عام پر اکثر ارکان دولت راجہ تعلقدار سوار اسپ صف بستہ کھڑے تھے جب قریب آئے سبھون نے گھوڑدن سے اوترکر سلام کیا قریب کوٹھی دلکشا اقربائے شاہی نے پرا باندھکر سلام کیا - رخصت ہوے - لاٹ صاحب داخل خیمہ ہوے پھر توپ سلامی چلی -

دربار خاص نواب گورنر جنرل بہادر

۲۴ اکتوبر سنہ الیہ مطابق ۲۶ ربیع الاول سنہ الیہ بہنجے دن کو دربار خاص ہوا چنانچہ ۱۴ - اشخاص معزز افسران شاہی منتخب ہوے خیمہ عالیشان نصب تھا فرش قالین عمدہ اوسکے طول مین کرسیان دو رویہ سرے پر سنہری مسند اوسپر کرسی پر تکلف کارچوبی رکھی مسند کے پہلو دو اور کرسیان اونکے پیچھے علم چوبدار وغیرہ دست بستہ کھڑے ہوے خاندان شاہی حسب الحکم لباس دربار پر تکلف پہنے پہلے درخیمہ پر جاکر کھڑے ہوے چیف کمشنر نے صحت الدولہ سے پہلے مرزا تمر قدر مصطفی علیخان نواب محسن الدولہ کو بمراتب خلوت مین بلالیا پھر باہر نکلے بٹین صاحب سکرٹر نے ۷ شاہزادون کو لیجاکر دہنی بٹھایا - سمسن صاحب ڈپٹی سکرٹر نے درجہ دوم کو جسکے نام فرد مین تھے فاٹ سائمنٹ صاحب سکرٹر چیف کمشنر نے درجہ سوم کو جس مین نواب ممتاز الدولہ وغیرہ تھے صاحبان نظامت لکھنؤ دست چپ کرسیون پر گارد گورون کا احتشام کو کھڑا ہوا - پولیس کے افسر اہتمام کر رہے تھے چیف کمشنر نے لباس اہل دربار کو بنظر تامل دیکھا سب کا لباس موافق دربار شاہی تھا لباس انگریزی کی سب کو ممانعت تھی وگرنہ اکثر صاحب بتفاخر پہنکے جاتے صحت الدولہ نے نواب وزیر مرزا نام فرد شاہزادون سے نکالڈالا تھا جب اُنکو خبر ہوئی کرنل ایبٹ صاحب کے پاس اپنی تحریرات صدر زمان حضرت خلد منزل بھیجدی - صحت الدولہ پر چشم نمائی ہوئی درجہ شاہزادون مین نام قایم ہوا انکا ہر شخص شاکی رہا - امام علی خان آفتاب علی خان کا لباس پر تکلف جیسا چاہیے نہ تھا کس واسطے کہ زردار بھی تھے چیف کمشنر نے نواب محسن الدولہ سے پوچھا یہ اسی طرح دربار شاہی مین آتے تھے کہا اسی صورت سے چپ ہو رہے نواب ممتاز الدولہ نے بہ تفاخر چاندی کی کرسی لاٹ صاحب کے واسطے بہت تکلف کی بنوائی تھی چیف کمشنر بہادر خلاف مرتب سمجھکر مانع ہوے اور کچھ الفاظ زمان برجیسی کے بھی از راہ طعن فرمائے -

خلاصہ جب ساڑھے چار بجے نواب گورنر جنرل بہادر برآمد ہوے توپ سلامی کی چلی سلامی ہوئی - یعنی خدا جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا کو سلامت رکھے سب تعظیم کو کھڑے ہوگئے دہنی طرف

بیڈن صاحب سکرٹر بائین طرف کمانڈر انچیف بیٹھے مصاحبان خاص آکر بیٹھے جب توپ چل چکی بیڈن صاحب بموجب تحریر فرد اسم نویسی مرزا قمر قدر کے پاس آتے روبرو لیگئے شاہزادے نے باداب شاہی چھوٹے ہاتھ سے جھک کر تسلیم کی لاٹ صاحب نے کمال شفقت سے ہاتھ ملکر موافق اونکے قد کے جھک کر مصافحہ کیا بعد اسکے مصطفے علی خان مرزا دارا سطوت محمد علی مرزا سلیمان قدر حسن علی شاہزادہ جنت مکان اونکے بعد مرزا خرم بخت یحیی علیخان مرزا یحیی علیخان مرزا عظیم الشان محمد تقی مرزا رفیع الشان نقی علی مرزا شاہزادۂ فردوس منزل ہر ایک اوسیطرح روبرو گیا پھر اپنی کرسی پر آکر بیٹھا نواب محتشم الیہ سب سے اوسی طرح پیش آئے۔

بعد اسکے سمن صاحب اونھٹے نواب محسن الدولہ۔ داماد فردوس منزل نواسۂ خلد مکان جنکی خیر خواہی سرکار میں اس ہنگامۂ فساد میں حکام عالیشان پر ثابت ہے عظمت الدولہ خویش حضرت سلطان عالم۔ نواب سرفراز الدولہ داماد جنت مکان نواب امتیاز الدولہ مغز الدولہ نظام الدولہ۔ اقتدار الدولہ۔ غضنفر الدولہ۔ حرز الدولہ۔ حشمت الدولہ۔ مرزا ابوتراب خان محمد نقی خان سگے بھانجے نواب محسن الدولہ وغیرہ ان سبکی نیم قد تعظیم ہوکر مصافحہ کیا۔

اسکے بعد درجۂ سوم فاٹ سائیٹ صاحب سکرٹر چیف کمشنر اوٹھے۔ نواب ممتاز الدولہ مرزا بیدار بخت پسر مرزا خرم بخت۔ جلیل الشان۔ مرزا محمد اکبر علی پسر مرزا عظیم الشان۔ نواز مرزا شاہ مرزا بہادر مرزا بیٹے مرزا ہمایون بخت سعید الدولہ۔ محمد زکی علی خان احمد حسین خان۔ کلب حسین خان۔ پسر نواب کلب علی خان۔ امام علی خان۔ افتاب علیخان۔ امیر الدولہ علی حسین شمس الدولہ پسر نواب رکن الدولہ محمد حسن خان اقتدار الدولہ بیٹے نواب کاظم علیخان محمد مقیم خان پسر شارق الدولہ اکبر علیخان عم نواب محسن الدولہ۔ محمد عباس داماد رکن الدولہ مرزا علی خان پسر محتشم الدولہ محمد سلیمان مرزا پسر عطفر الدولہ زکی الدولہ پسر اقتدار الدولہ صمصام الدولہ ابوالحسن خان پسر جراز الدولہ مجید الدولہ پسر حشمت الدولہ یہ سب اوسیطرح آگئے گئے اور ہر ایک سلام کرکے اپنی کرسی ٹکٹ پر جاکر بیٹھا کسواسطے کہ یہ سب پوتے نواسے شاہی درجۂ سوم کے تھے ایک نبگالہ مغربین نبگالہ مرشد آباد سے لاٹ صاحب کے ساتھ آیا تھا وہ بھی داخل زمرہ کرسی نشینان تھا اور خرید خلعت

وغیرہ عطیہ اوسکی معرفت ہوے تھے اہل دربار کی کرسیان آگے بچھی تھین بعد اسکے لاٹ صاحب اٹھکھڑے ہوے کچھ ارشاد کیا سکرٹر صاحب نے اوسکا ترجمہ سبکو سنایا کہ تم سب حفاظت وحمایت جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا مین ہمیشہ سے اور تمھارے خاندان عالیشان سے ایک روابط قدیم چلا آیا ہے بہت تمھاری عزت وتوقیر سرکار کرتی ہے اور کریگی پس لازم ہے کہ تم بھی سرکار کی خیرخواہی نمک حلالی فرمانبرداری مین مستعد ومستعد رہو۔

مرزا دارا سطوت نے کچھ طول سے بیان شکریہ جاہا اپنی تقریر مین خود اولکھے سکرٹر صاحب نے روک دیا نواب محسن الدولہ نے فقط ایک ہی کلمۃ الخیر پر خاتمہ کیا کہ ہم پچاس برس سے خیرخواہی کار کرتے چلے آتے ہین آجتک ہمسے کوئی امر خلاف نہین ہوا نمک خوار سرکار ہین سکرٹر صاحب نے ان سب کا ترجمہ کیا بعد اسکے کشتی سنہری گوٹے کے ہار کی۔ عطر۔ سنہری گلوریان پان کی ہین لاٹ صاحب نے درجۂ اول کو اپنے ہاتھ سے عنایت فرمائین نمبر دوم کو سکرٹر صاحب نے نمبر سوم کو فائٹ سائیٹ صاحب نے دیے ہار جب ملے اپنے ہاتھ مین لیکر پھر ایک نے پہن لیا سب رخصت ہوے۔ دربار برخاست ہوا۔ سلامی بانڈ اور توپ ہوئی۔

دربار عام نواب محتشم الیہ

۲۶۔ اکتوبر روز چہارشنبہ مطابق ۲۸۔ ربیع الاول ۱۲ بجے دوپہر دن سے پہلے اہل وثایق صاحبان پنشن راجہ تعلقدار معززین رئیس شہر جناب سلطان العلما سید تقی صاحب بیٹے جناب سید العلمای مرحوم خیمہ گورنری سے بہت دور اپنی سواری سے اتر کر بیٹھے ایک ہجومی مجسٹریٹ کوتوال شہر اور افسران پولیس نے اکر انتظام واہتمام کیا سبکی سواری کو بہت دور ہٹا دیا سوار دنکو حکم قطعی دیا کہ کسیکو گاڑی پر سوار نہ آنے دو بعد اسکے جو بدار آکر سبکو لے گیا ہر ایک درخیمے پر اپنا ٹکٹ دکھا اپنی کرسی ٹکٹ پر بیٹھ جاتا تھا اکثر بڈھے آدمی صاحب وثیقہ خوبی حواس خمسہ سے ٹکٹ برات اپنے گھر بھول آئے تھے بچانے پائے بعض ندراندہ فوج کی بڑھنے سے عمداً ٹال گئے اونکے واسطے حکم قطعی ہوا کہ کبھی دربار مین حاضر نہون پیش از دربار کسی انگریز گاڑی پر سوار جاتے تھے چلے جاتے مین سوار دنے منع کیا جب نہ مانا طرفین سے

خوب چوٹ چلی آخرگاری سے اوتر کر گئے بعض صاحب اس اہتمام سے میان راہ سے پھر گئے مدرکی اشرفی تین سے کم ۹ سے زیادہ نہ تھین اسکے بعد پھر کچھ زیادہ ہوگئی تھین اسکے بعد پھر کچھ زیادہ ہوگئی تھین سب اہل دربار ۲۵ تھے بیٹھنے سے سلسلہ انتظام کرسیونکا درہم برہم ہوگیا تقدم مؤخر ہوگئے جب نواب گورنر جنرل بہادر رونق افروز ہوے اوسی طرح سلامی توپ و باندھ ہوئی چیف کمشنر بہادر فرد اسم نویسی سے ہر ایک کو سلام کرواکے نذر دلواتے جاتے تھے اوسوقت دو تین راجہ کو خلعت پر تکلف بیش قیمت مرحمت ہوا۔ باقی سب کشتیان خلعت کی فائنسائیٹ صاحب لیگئے حکم دیا کہ آج دیر ہوگئی کل سب کے فہرست کر ہر ایک کے خلعت بھیجائین بعد اسکے دربار برخاست ہوا۔

شب جمعہ کو روشنی آتشبازی پر اکھانا ہوا دلارام کی کوٹھی سے چترمنزل تک یہ سب تیاری آراستگی بہ تکلف انتظام سے تھی۔ ۲۹۔ اکتوبر روز شنبہ مطابق غرہ ربیع الثانی نواب گورنر جنرل بہادر تشریف فرماے کانپور ہوے۔

کمانڈر انچیف بہادر اپنے لشکر مین رہگئے نواب گورنر جنرل کو اہل شہر نے ہزارہا عمدہ ضیافتین پرسبل ڈاک گذرانین جب سررشتہ ہر ایک کو جواب آئے گا۔ اولاد طیموریہ حاضر دربار نہوئی چیف کمشنر نے مرزا حیدر شکوہ شاہزادے کی دلجوئی اور خاطر ہت کی کسواسطے کہ بے قصور تھے اور ہیلی گارد بحفاظت سرکار رہے تھے۔

گرفتاری علی محمد خان عرف ممو خان

مختصر یہ ہے کہ جب جناب عالیہ داخل منڈے کوٹ ہوئین ممو خان پہلی صحبت مین کپتان جنگ بہادر سے گفتگو نامناسب کرچکے تھے اس جہت سے موقوف باغی حوالی کوہ جنگل مین رہے بعد اسکے جناب عالیہ کے پاس بمردن و مرد ملازم شمردہ باجازت جانے پائے جب خبر ہوئی کہ جنگ بہادر جناب عالیہ کی ملاقات کو آیا چاہتے ہین مرزا برجیسقدر خود سوار ہوکر چلے داخل خیمہ ہوے کرسیو پر بیٹھی جنگ بہادر اس سبقت کے بہت شکرگزار ہوے مرزا برجیسقدر نے کہا کہ آج ہم کس حال سے آپ کے پاس پہونچے اب آپکو اختیار ہے اور مرزا مراد جان حاضر رہین گے

جنگ بہادر نے مرزا امراؤ جان سے بہت فریب و فراز و دنیا ہم از راہ تہدید تفہیم سمجھا کر یہ صورت ٹھہرائی کہ جناب عالیہ اور مرزا بر جیسقدر باطمینان تمام اور آرام یہان تشریف رکھین مگر فوج بدمعاش جو نمکحرام اپنی سرکار کی ہوئی ہے کسیکو یہان رہنے نہ دینگے اور آنے نہ دینگے کسواسطے کہ فیمابین سرکار انگریز بہادر اور ہمارے روابط دوستی اور یکجہتی دلی ہے ہم اونکو دشمنون کو اپنا دشمن اور دوست کو اپنا دوست سمجھتے ہین اپنے قلمرو ملک مین نہین رکھ سکتے۔

ممو خان شادان و فرحان مع فوج باغی چلے اس اطمینان سے کہ جناب عالیہ نے میرے واسطے اجازت لی ہوگی سان راہ ایک گھاٹی پر بم بہادر بھائی مہاراجہ جنگ بہادر کے مع ایک پلٹن پڑے ہوے تھے مانع راہ ہوکر فقط ممو خان کو ملوا بھیجا یہ باطمینان چلے گئے جب ملاقات ہوئی کہا تم یہان ٹھہرو۔ ہم جنگ بہادر کو لکھتے ہین جب حکم آئے گا جائیے گا غرض بظاہر نظر بند اور باطن مین مقید کیا جب مہاراجہ جنگ بہادر خود تشریف لائے غرت ملاقات کی اور پوچھا آپ نے کسی صاحب یا میم کو اپنے ہاتھ سے مارا ہے کہا حاشا کبھی مجھسے ایسا امر نہین ہوا یہ سنکر جواب دیا تم مطمئن رہو یہ باتین کر رہے تھے کہ بل صاحب کمان افسر تھوڑی فوج سے کسی پہاڑی قریب پر تھے لباس عربی پہنے تشریف لائے خانصاحب کو لیکر روانہ لکھنؤ ہوے۔

فوج باغی جب بن سر کی ہوگئی فوج انگریزی سے مقابلہ کیا کئی ساعت تک لعنت بھیج لڑکر سب کو خبگل کو بھاگی پہاڑ پر کسی نے جانے نہ دیا کسواسطے کہ ہر گھاٹی پر فوج باغی کی عجب شکل جنگلی بن مانس کی بن گئی تھی کسی کے پاس کپڑا درست نہ تھا فقط بندوق تلوار تو سب ان سنگین رہ گئی تھی کوئی یہ نہ کہہ سکتا تھا کہ یہ کبھی ملازم رہے تھے سکھن رسالدار وغیرہ بھی گرفتار ہوے۔ ۲۱۔ جمادی الاول روز شنبہ سنہ ۱۲۷۶ ہجری مطابق ۷ دسمبر سنہ ۱۸۵۹ء یہ اسیر داخل جیلخانہ لکھنؤ ہوے موافق دستور ایک کرتہ رنگین ایک کملی ایک بوریہ فی کس ملا۔ سب جدا جدا قید ہوے۔

جب ممو خان کی روبکاری ہوئی بہت صاف صاف جواب ثانی دیے بہت سی چھٹیان بھی

صاحبون کی جو واسطہ اور بواسطہ ملی تھین دکھائین اپنی حفاظت بیبیون اسیر قیصر باغ کی بیان کی کہ میر واجد علی میرا نائب تھا میرے مشورے وحکم سے کوئی امر اونسے ازخود سرزد نہین ہوا تعجب انصاف سرکار سے ہے کہ اس لاکھ روپے کے انعام کا مین مستوجب تھا یا وہ نمانا صد اونسے سے جیلخانہ سی فوج بخش کے کمرے مین آرام رہنے لگے سرکار سے کئی روپیہ خرچ یومیہ بھی مقرر ہوے۔ کئی خدمتگار بھی خدمت کو رہنے لگے کئی مہینے تک روبکاری رہی آخر تجویز پھانسی ہوئی جب مرافعہ اپیل جارج کیمبل صاحب جوڈیشل کمشنر نے حکم پھانسی منسوخ کرکے حکم دریا شور دیا جزیرہ نندمین کو جو نزدیک کلکتہ ہے روانہ ہوے۔ میان راہ جہاز سے اتر کر کہین بھاگے تھے پکڑے گئے حکم دائم الحبس ہوا کہتے ہین اوسی جزیرے دوکان بسر اوقات کوکی تھی اب شاید وہین مر گئے۔

ذکر اجمالی جناب عالیہ ومرزا برجیسقدر

ایک مصور انگریز ایک صاحب بحکم سرکار مرزا برجیسقدر کی تصویر کھینچنے کو نئے کوٹ مین گئے ان صاحبون نے ملاقات کی بآداب شاہی تصویر کھینچی اور کہا حکم سرکار یہ ہے کہ آپکو فیض آباد یا لکھنو جہان رہنا منظور ہو اختیار ہے تنخواہ فراخور حال ملے گی اور وہی تعظیم و احترام شاہانہ عمل مین آئیگا مگر کثرت ملازمین آپ کے پاس نہونے پائینگی اگر آپ تشریف لیجائینگے ہمارا بھی موجب نیکنامی و تفاخر ہوگا۔

جناب عالیہ نے جواب دیا کہ جب کسیکو نوکر نہ رکھ سکینگے وہ روپیہ کس مصرف مین آئیگا مجھے رہنے مین یہان کیا قباحت ہے آیندہ خدا کو اختیار ہے۔ اوسکے بعد وہ صاحب رخصت ہوے اور تصویر سرکار مین آئی۔ جنگ بہادر نے عرض کیا کہ یہان سے آپ کا جانا آپکی مرضی پر موقوف ہے ہم کبھی اس امر خاص مین دخل نہ دینگے اور نہ اسکے خلاف ہمسے ہوگا آپ باطمینان تمام رہے کسی طرح کا اندیشہ نہ کیجئے جو لوگ کہ نام آوران لکھنؤ تھے چلے آتے سوائے مرزا آبی بیگم جنے مرزا برجیسقدر کو پرورش کیا تھا سو اب وہ بھی وہین مرگئین معتبرین کہتے کہ پانسو روپیہ ماہواری راجہ کی سرکار سے ملتا ہے۔ مرزا برجیسقدر اب صاحب اولاد ہوے ہین۔ اکثر رویا کرتے ہین اور تمنی

اور متمتی لکھنو کے ہین مگر اب کون پوچھتا ہے پیشتر جو کچھ ہونا تھا ہوا

گرفتاری نواب خان بہادر خان بریلی

زبانی مرزا امراؤ خان یہ ہے کہ نواب بہادر خان رئیس و حاکم مستعار بریلی کسی پہاڑ کے جنگل مین ۱۱- آدمیون سے چھپے بیٹھے تھے کسی گونیدے نے جاکر خبر کی جنگ بہادر کے پاس آئے اونسے مقدمہ خون پوچھا بہت سی تشفی کی ہیبل صاحب کے سپرد کر دیا انھون نے چاہا کہ اپنے تئین ہلاک کرین صاحب نے کہا کہ ہمنے تمھین امان دی ہے خاطر جمع رکھو جب لکھنو مین روبکاری ہوئی کرنل بیرو صاحب نے پوچھا تمنے مدت تک سرکار کا نمک کھایا عہدہ جلیلہ پر مامور رہے اس سن پیری مین کیون ایسی سرکار عالیشان سے بغاوت کی جواب دیا تمنے ہمارا ملک آبائی چھین لیا تھا تمھاری فوج نے تمھارا سامنا کیا جب تم بھاگے تمھارے باغیون نے ہمین تمام مستحق ریاست سمجھکر حاکم ریاست کر دیا ہم اسے عنایت خدا سمجھے کہ اپنے حق کو پہونچے جہان تک ہو سکا بچایا اب تمھارے قابو مین آئے اختیار ہے صاحب نے کہا جب عملداری سرکار ہوئی پھر تمنے ملک کو بخوشی کیون نہ دیا کہا طمع نفسانی نے نچایا ہم سرکار بھی یون کیسکو ملک دیتی غرض لکھنؤ سے حکم ہوا کہ تمھاری روبکاری خاص بریلی مین ہوگی چنانچہ سوار پیدل کے پہرے مین مقید ہوکر بریلی گئے حکام نے بعد روبکاری پھانسی تجویز کی حکم سنایا اور یہ بھی کہا کہ ہم اپنی تجویز لفٹنٹ گورنر کو لکھتے ہین جیسا وہ حکم دین عرض کیا میرے سب اظہار بھیجدیجیے انکا ایک گواہ بھی بھاگ گیا دوسرا حوالات مین رہا قصہ مختصر آخر حکم پھانسی آیا سو بھاوم جوا کا نائب تھا اوسے بھی پھانسی ملی اوسے شاہ جی نے خوب لوٹا تھا جب وہ بریلی سے بھاگ کر ملک اودھ مین آیا تھا ایک دوست بریلی کا کہتا تھا جب نواب کو چوک مین پھانسی کو لائے خلقت شہر کی تماسے کو جمع تھی صاحب کمشنر مع اور صاحبان عالیشان بھی آئے تھے نواب سے اور صاحب کمشنر سے خوب تقریر ہوئی جب صاحب کمشنر خاموش ہوے نواب نے کہا اب دیر لگانا کیا ضرور ہے حکم حاکم مرگ مفاجات ہے حسب دستور جلاد نے نواب کی مشکین باندھکر پگڑی اوتارنے کو پوچھا منع کیا فرمایا ایک ہاتھ اکا کلکٹر صاحب دوسرا اور صاحب تھام لے یہ فرما کر چلا کر روئی اور

سوار ہوکر جلد چلے گئے جب پھانسی دے چکے ورثۂ نواب نے نعش طلب کی جواب دیا کہ تم اسے شہید بناکر قبر پر میلہ کیا گرد کے ہماری باعث تکلیف ہوگا بعد اسکے قلعہ مین گرو ادیا اونکے عیال کی بسر اوقات کو کچھ سرکار سے مقرر ہوگیا ہے۔

اسیران فرنگ کا بچنا اور رسوخ میرواجد علی کا ہونا

فکر کرکے سنبھلین ۵۲

جب گورے قریب کوٹھی جنرل مارٹن محمد باغ پہونچے داروغہ میرواجد علی نے اون بیبیون امیر کو جو فوج باغی کے ہاتھ سے محض قدرت خدا سے بچ رہی تھین نواب محسن الدولہ کے مکان واقع گھیرہ ہالی مین بھیجدیا تھا پلٹن نادری کے تلنگے قیصر باغ سے بھاگ کر وہین اپنے پڑاؤ کو آئے سپاہیون نے کہا یہان محلات واجد علی شاہ اور عیال داروغہ میرواجد علی ہین ہم نہ اترنے دینگے تلنگون نے نمانا ایک چپراسی نے داروغہ کو خبر کی اونھون نے جلد بیبیون کو نال دروازہ مین چودھری جگناتھ کے مکان مین بھیجدیا بعد دو دن کے گورون کے مکان نواب محسن الدولہ واقع مینا بازار پر آکر گولیان مارنی شروع کین خصوصاً جس مکان مین یہ بیبیان تھین متصل گولیان آنے لگین۔ وہان سے محلہ منصور نگر مین جہان نواب خرد محل سلطان محل اور بہت سی عورات محل تھین بھیجدیا نواب خرد محل نے احتیاطاً بیبیونکو علیحدہ کوٹھے کے کمرے مین رکھا اور اپنے ہاتھ سے کھانا وغیرہ لیجاکر کھلایا کرتی تھین اسواسطے کہ مبادا کسی ماما لوندی کو خبر ہوجاے۔

جب احمد اللہ شاہ نے درگاہ حضرت عباس مین آکر مورچہ کیا وہ قریب منصور نگر متصل سکونت صاحبات محل تھا میرواجد علی نے بیبیون سے ایک چٹھی لکھوائی یعنی ہم میرواجد علی داروغہ کے مکان مین ہین یہان بھی بدمعاش چارونطرف سے گھیرے ہوے ہین جو صاحب اس چٹھی کو دیکھے فوراً مع فوج آکر ہمکو یہان سے لیجاے داروغہ نے ایک شخص کو ۲۰ روپے دے کر مع چٹھی بھیجا۔ راہ مین قریب اکبری دروازہ دو افسر نیپالی ملے وہ چٹھی دیدہ دو کمپنی اپنی لیکر آئے۔

نواب خرد محل نے بیبیون کیواسطے کشتی بھاری پرتکلف اور سادے لباس کی منگوائین اور

کچھ زیور۔ بیبیون نے لباس سادہ پہن لیا اور ایک طوق گلوبند و بجلیان کانون کی اور جہانگیریان دستی لے لین اور داروغہ کی پنس مین سوار ہو رخصت ہوئین فقط ایک گارد پلٹن حفاظت کو رہ گیا بعد اسکے بدمعاشون نے باخبر ہو کر گھر کو گھیر لیا داروغہ نے پھاٹک پر قفل لگا دیا کہ مبادا یورش کر کے داخل ہون سبکو قتل کرینگے اور گارد کو کوٹھے پر چڑھا دیا کہ سب طرف گولیان مارو بدمعاش سمجھے کہ یہان فوج ہے مرک رہی یورش نہ کر سکے داروغہ کو یہ خیال گذرا کہ اگر سرکار سے کمک نہ آئی یہ بدمعاش کیونکر باز رہینگے۔

جب بیبیان لشکر خبگ بہادر مین پہونچین اپنا احوال خبرل سے کہا وہانسے دو پلٹن اور کئی صاحب اس مکان پر آئے اور سیوقت صاحبات محل اور عورات کو سوار کر کے لشکر مین جہان بیبیان تھین پہونچا دیا خبگ بہادر نے علیحدہ خیمے مین ان سبکو اوتارا۔ بہت خاطرداری کی۔ ہزار روپے دعوت کے بھیجے میم نے خبگ بہادر سے داروغہ کی ملاقات کروائی۔ بعد اسکے کماندر انچیف سے ملاقات کی اونھون نے محلات کی بہت تشفی کی۔

تیسرے دن داروغہ معرفت آر صاحب جنرل اوٹرم صاحب کے پاس حاضر ہوے صاحب نے کھڑے ہو کر انکا مزاج پوچھا بہت تسلی کی فرمایا لاکھ روپیہ سرکار سے تمھین انعام ملیگا اور ایسی پرورش ہوگی کہ تمھارے وہم وخیال سے باہر ہو داروغہ نے محلات کیواسطے عرض کیا کہ جاگیر و تنخواہ نوٹ وغیرہ سب اونکو ملین اور بہرصورت اونکی رعایت کیجاوے پھر آر صاحب سے فرما کر اونھین ایک چٹھی لکھکر دی یعنی تباکید اکید حکم دیا جاتا ہے کہ کوئی شخص فرقۂ سپاہ سے میر واجد علی داروغہ کے مکان پر نجاوے اور جو اونکے متعلق ہون اونکو بھی نہ ستاوے کسواسطے یہ خیرخواہ اور متوسل اور حفاظت انگریز بہادر مین ہوے ایک چٹھی بنام افسران گورہ دی کہ جہان آر صاحب کہین پہرہ گورون کا مقرر کرین پھر محلات کو لشکر خبگ بہادر سے مع اسباب وغیرہ گولہ گنج مین محترم اور محبوب خواجہ سراؤن کا مکان آر صاحب نے خالی کروا دیا وہان جا کر رہے پہرۂ گورہ کر دیا۔

بعد تین دن کے میر واجد علی مرزا قمر قدر بیٹے سلطان عالم کو لیکر خبرل اوٹرم صاحب کے پاس گئے صاحب نے حسب معمول تعظیم و تکریم کی اور بہت سی کلمات تشفی ارشاد کیے اور فرمایا محلات

اور ملکہ جہان کو تمھارے سپرد کیا اور سبکی داروغگی دی اور نواب خاص محل کی ماں کو بھی تم اپنے پاس رکھو اور شہزادے کو گود مین لیکر بہت پیار کیا اور وعدہ لیا تمھاری تنخواہ بھی ہوجائیگی پھر رخصت کیا۔

میر واجد علی کے پانون مین گھوڑے سے گرنے مین چوٹ آئی تھی اس جہت سے چیف کمشنر کے پاس بنجا سکے صاحب بہادر کلکتہ تشریف فرما ہوے مونٹ گومری صاحب رونق افروز ہوے منشی رام دیال تحصیلدار نے اس اہتمام سے کارنیگی صاحب سے کہا کہ داروغہ نے اور محلات باغیہ کو بھی اپنے گھر مین چھپایا ہی بس چاہیے کہ اونکے گھر پر دوڑ جاہی سب اسباب گھر سے لوٹ لائے صاحب نے کہا تم دوڑ لیجاؤ مگر اونکے گھر پر نہ لیجانا موجب بدنامی کا ہوگا کسواسطے کہ چٹھی جنرل اوٹرم صاحب اونکے پاس ہی تحصیلدار نے کہا کوئی نہ پوچھیگا میرے ذمہ ہے چنانچہ ایک دن ولیم صاحب مارٹنس صاحب کپتان اور خود تحصیلدار مع ایک کمپنی گورہ آئے داروغہ اور جتنے آدمی اوس مکان مین تھے سب کو قید کرلیا دوسرے دروازے سے گوری نواب خرد محل سلطان محل کے مکان مین بیباک چلے گئے بہت سا اسباب اوس مکان کا لوٹ لیا کارنیگی صاحب نے آکر کہا حکم چیف صاحب یہ ہی کہ انکا اسباب کسیطرح لوٹنا نچا ہیے لنکے اسباب پر مہر کرلو ہم نواب گورنر جنرل کو لکھتے ہین جیسا حکم آئیگا عمل کیا جائیگا گوری جو لوٹ رہی تھی اونپر خفا ہوکر کچھ اسباب ظاہری اونسے چھین لیا اور جو پہلے سے لے چکے تھے اونکے پاس رہا میر واجد علی نے چٹھی جنرل اوٹرم کی دکھائی ولیم صاحب نے تشفی کی مگر محلات مین جاکر خاکروبن وغیرہ سے تلاشی کرواکے سب اسباب نکالدیا سب محلات احاطہ فقیر محمد خان مین گئے وہان بھی پہرہ رہا۔

دوسرے دن کارنیگی صاحب چٹھی چیف کمشنر لائے بہت تشفی کی پہرہ گوردن کا اوٹھالیا اسباب پر مہر کرکے لوتوالی مین رکھوادیا۔

جب میر واجد علی چیف کمشنر کے پاس گئے بڑی خاطر کی نواب گورنر جنرل کو چٹھی لکھی وہانسے حکم استرداد اسباب آیا اور چیف کمشنر نے بھی وہی حکم دیا کہ اوٹرم صاحب نے داروغہ کو چٹھی دیکر معاف کیا ہی یہ داخل لوٹ نہین فوج نے اسکی اپیل کی کہ یہ حق سپاہ ہی ہم نہ مینگے مگر پھر از راہ پرورش

مفتاح الدولہ محمود علیخان

Muftuhoo doulah.

یکم نومبر ۱۸۵۸ء محلات لواسباب ملا میرواجد علی کو سرکار سے لاکھ روپیہ انعام ملا انھوں نے ایک دوست کے سمجھانے سے نوٹ کرالیا اس جہت سے نہ اصل پر ۷ ہزار بابت تنوفیر بڑھے بہت سے دیہات زمینداری خرید کیے صاحب نصیب ہین ہر وقت مین اچھے رہے

معرکۂ اختتام راجہ بینی مادھو بخش اور بالاجمال احوال مفتاح الدولہ

راجہ بینی مادھو بخش بہادر تعلقدار نظامت بیسواڑہ اپنی بات پر مستقل و ثابت قدم رہا سرکار انگریزی سے کسیطرح رجوع نہ کی اور جناب عالیہ کی رفاقت سے ہاتھہ نہ اوٹھایا اگرچہ وہ اس کوہ مین رہ گیا تھا اور اونکے ساتھہ جانے کی کسیکو اجازت نہ ملی مجبور تھا آخر کئی سو آدمی ہمراہیون سے فوج سرکار سے لڑکر بڑی بہادری سے مارا گیا اور اپنے علاقے تنے بھی مع عیال مردانہ وار ہوکر چلا گیا تھا چنانچہ بعد رفع ہنگامہ کے سرکار انگریزی سے اوسکے متعلقین کی بسر اوقات کو کچھ علاقہ ملا ہی باقی قرق ہوکر تقسیم ہوگیا۔

مفتاح الدولہ کا احوال یہ ہی کہ جب جناب عالیہ کی رفاقت سے اور مرزا برجیسقدر کے ساتھ سے میان راہ بمجبوری رخصت ہوے سمدھیہ پہاڑ پر کمنڈنگ فوج کے پاس آئے سپرنڈنٹ خیرالدین احمد خان ہوکر متعینہ ہوے اظہار دیکر پہرے مین روانہ فیض آباد ہوے اور ایک کاغذ لکھکر افسر پہرے کو دیا فیض آباد مین سراسفورڈ صاحب وٹی کمشنر نے روبکاری کی الماس علی خان کا مکان رہنے کو ملا اور حکم دیا کہ بے ہماری اجازت کہین نہ جانا پھر میجر برروس صاحب چیف آف پولیس کے پاس حسب الطلب گئے فرمایا دورے کو ہمارے ساتھہ چلو اور تم قدیم نمکخوار اپنی سرکار کے ہو اپنی عرضی لکھکر جناب عالیہ کو بابو ابھیچرن عرض کی میری کیا مجال ہی اور وہ کونکر میرے لکھنے سے چلی آئینگی تمانا آخر عرضی اس مضمون کی لکھوائی کہ جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہ نے سب کو امان دی قصور معاف کیا ہی ازانجملہ آپ کا بھی قصور معاف ہوا آپ بے تکلف تشریف لائیے کسیطرح کا اندیشہ نہ کیجیے سرکار سے آپکے فراخور حال تنخواہ مقرر ہوجائیگی جہان چاہیے رہیے گا لکھنؤ کیا عجب ہی صورت قیام خاص اودھ مین ہوجاے اس عرضی کو اپنے گومنیدے کے ہاتھہ جناب عالیہ کے پاس روانہ کیا مگر وہان سے کچھ جواب نہ آیا مہینے بھر تک صاحب کے ساتھ دورہ پر رہے

جب چٹھی چیف کمشنر در جواب براسفورڈ صاحب کے پاس گئی اوسی صورت لکھنؤ آئے
گلسان ارم مین کارنیگی صاحب دپٹی کمشنر نے روبکاری کی عملدرآمد اونکے واسطے جیلخانہ
تجویز کیا گجراج سنگھ نے کہا یہ عزت دار ہین وہان انکا بھیجنا مناسب نہین اگر جائینگے تو ہمارا
پگڑی جائینگی گھڑی بھر مین وہان سے رہائی پاجائینگے مفت مین بدنامی ہوگی منتظر حکم
چیف کمشنر رہنا چاہیے چنانچہ اوسیوقت حکم چیف کمشنر آیا کہ انھین چھوڑدو جہان چاہین جائین
عرض کی ہم کہان جائین ہمارے مکان سب کھدگئے حکم ہوا انکا اسباب مٹرک پر پھینکدو
غرض وہان سے افتان وخیزان فرنگی محل مین اپنے نسبتی بھائی کے مکان مین آئے
بعد اجازت حکام اور چٹھی صفائی کرنیل ایبٹ صاحب روانہ کلکتہ ہوے حضرت سلطان عالم
کو بھی انسے ملال خاطر اس سنگدلۂ فساد کی جہت سے اور کچھ پیشتر سے بعض کے لگانے بجھانے
سے ہوگیا تھا مگر بگواہی صاحبات محل صفائی حاصل ہوئی اور موافق حصہ رسدی ملا مین
ہمراہی انکے بھی واسطے ذلیفہ شاہی مقرر ہوا کچھ روپیہ بھی تیمم مکان کو ملا انکے سامنے جواہرات
اور اسباب سلطانی جو چیف کمشنر نے انکی تحویل سے قبل از داخلۂ فوج باغی اپنی حفاظت
سے کلکتہ بھیجا تھا وہ بھی انکے مقابلے سے سرکار سے ملا اور بدستور قدیم انکے سپرد ہوا
جب لکھنؤ سے صحت الدولہ وغیرہ کلکتہ گئے اپنے رسوخ وخیرخواہی سے میجر ہرسی
صاحب کو انام بدمعاشان لکھنؤ لکھوا دیے تھے ازانجملہ انکا بھی نام نامی اوسمین
شامل کردیا جب میجر صاحب نے متواتر اسکی روبکاری کیطرح انھین چٹھی صفائی نہ ملی۔ فقط
عشرہ مبشرہ وہان رہگیا بادشاہ نے انسے فرمایا کہ مین تم سے کسی طرح ناراض نہین مگر جب
صفائی نہ ملیگی مین اپنے پاس نہین رکھ سکتا مجھے مصیبت اور صدمات قید قلعہ یاد ہین
چار وناچار پھر لکھنؤ آئے جب یہان کے حکام سے عرض حال کیا وہی جواب صاف
پایا یا اسی جہت سے انکو پنشن سرکار سے نملا بلکہ مفسدین کے ہاتھ سے گھر مین رہنا مشکل تھا
حکام کو اونکی طرف سے گمان خزانہ دفینہ کا ہے یعنی انکو معلوم ہے اپنی خیرخواہی سے نہین
ہرچند انھون نے سب طرح سے عرض کیا مگر یہ مطلق فاسد حکام سے نہ گیا خلاصہ
سرکارین سے یہ ناکام رہے۔

قصیدہ حضرت سلطان العالم واسطے نواب گورنر جنرل بہادر کے

جب حضرت سلطان العالم رونق افزا قلعہ کلکتہ ہوئے تھے ایک قصیدہ نواب گورنر جنرل بہادر کی شان میں انشا فرما کر بھیجا تھا اوسکی نقل بھی عبرت الناظرین سمجھکر مندرج کتاب کی ہے یہ بھی صورت انقلاب زمانہ ہے وہ قادر ذوالجلال ریاض دولت واقبال اریکہ آرای سلطنت وحشمت رونق بخش سریر شوکت وعظمت بآبہای سحاب عنایت خویش مدام شگفتہ وخندان ومخضر زمان دارد۔

بعد بر ضمیر منیر بتجلی نظیر مخفی ومحتجب نماند مخلص دیرینہ چند شعر در مدح ذات بابرکات آن ستودہ صفات انشا نمودہ برای ملاحظہ عالی ارسال میدارد۔ ع گر قبول افتد زہی عز وشرف

قصیدہ در بحر ہزج مثمن سالم

مشیر خاص شاہنشاہ انگلستان بحر وبر — تمھیں فرمان روای ہند ودستور معظم ہو
وزیر صاحب تدبیر وباتوقیر وباہمت — قلم دار وقلم کش تاج بخش فرق عالم ہو
سپہ سالار وسالار سپہ آصف منش خاتم — بڑے جنرل بہادر صاحب سیف اوقاتم ہو
نگین باقی ہی نام پاک سی کیا ایسہ روشن ہی — سپہر جاہ ومہر چرخ ومہر اسم اعظم ہو
ارسطو رای کسری عدل رستم تن نوشیروان تر — بہادر اور جری ہو اور مغز اور مکرم ہو
سمن بر ہو سہی قد ہو وزیر ملک عالم — جہان پرور کرم گستر کرم کن ہو معظم ہو
کرو میدان مین ادنی پیزار کو زہ پشت اوسکو — نگاہ قہر سی دیکھو جو رستم ہو وہ بیدم ہو
جہاندار وجہان بخش وفلک رخش وملک خادم — تم ایسے عبد ہو عیسی نفس ہو رشک خاتم ہو
ہلال ومہر ماہ وکوکب وخور نجم ومہتاب — تم قدر دہ مدد رو حنیای شمس عالم ہو
سپہر رفعت داوج سماء ونور ہندستان — عقیل ونکتہ فہم ونکتہ سنج وبدر عالم ہو
سریر آرای ہفت اقلیم وحکم شاہ انگلستان — سنان دست سلطان جہان ہو رشک ضیغم ہو
ظفریاب ومنظفر ہو ظفر کردار وفاتح ہو — علمدار جنود عدل وہمت مہر عالم ہو
نہایت فکر مین تھا مدح خوان تسکو کہ یکبارہ — ندای ہاتف غیبی سنی تو آج ختم ہو

دہن یہ مطلع خوش جوش کلک فلک سے ٹپکا | عجب کیا ایسے مطلع کا صلہ تحسین ہر دم ہو

مطلع

سکندر جاہ وہ یکتا دس نوشیروان عالم ہو | ارسطو فہم و افلاطون منش حاتم سی ہم جم ہو

در صفت شمشیر

وہ شمشیر مصفا ہو کہ جوہر جسکے انجم ہین | وہ دھارا دسکی ہو جیسے تار کا صابون کی دم ہو

جہانین سرکشون کے حق مین سم کا کام کرتی ہو | مطیعون کے لیے نہر لبن کی دھار ہر دم ہو

غضب سے گر کھنچے میدانین وہ حد ہو کر تلہز | نضیع ہونہ جن ہونے پری ہو وہ نہ آدم ہو

تمہاری کرج کا سایہ صبا پر گر پڑے جائے | ہوا کی جان کو دوڑا اسی تلوار کا سم ہو

نکل آئے میان سے وقت رزم خنگ و شبدم | نہ ٹھہرے سامنے کوئی تہمتن ہو کہ رستم ہو

جو قبضہ ہو سوہج کا تو پھل دست سخا جو ہو | سراب کہکشان چرخ اس قبضے پہ ہر دم ہو

اگر تو کھینچ لے گھوڑی پہ دسکو ہی فلک حشمت | تری کرج فرنگی کی سر افلاک تک خم ہو

عدو دن کیلئے بجلی کا کام دس سے عیان ہو وی | غیر ہونکی دعا دست سیف صاف ہر دم ہو

مخبر خبر ان مثال گل رہین چلتی رہین سمن | الم پر موالم بدخواہ دولت کا یہ عالم ہو

دلا اک مطلع خوش وصف توسن ہین رقم کرتا | جو جوش مدحت ممدوح ہی ذرہ نہ وہ کم ہو

مطلع

چھلاوہ یا پری یا حور یا صرصر ہوا دم ہو | ادب ہین وہ زمستان کا م ہین مجلی کا عالم ہو

کہے گر شہسوار اوسکو کہ ناپ ساری عالم کو | مجال اتنی نہین گر اک قدم وہ حکم سے کم ہو

بس اک سرپٹ ہی اوسکا ہند چین و مغرب و شمالی | فرنگستان ہو دم دشام ہیا ایمن و دیم ہو

وہ آہو چشم ہی اور کان جیسے آم کی پھانک | ہر اک آنکھ ایسی جیسے نشہ اک بوتل کا ہر دم ہو

وہ سم جیسے ہرن کے کھرہ دشت دل ربا صورت | کہ جیسے سو دقت رقص سر بدوم سی باہم ہو

جو لیلو ہاتھ مین پانی نہ چلتی دقت وہ چھلا | اشارہ ہو تو پھلکے چار جا مہ چرخ کا خم ہو

فنا اک لات سی اوسکی عدو کے خستہ تن ہو وے | کسانون کی زمین کیواسطے سم دانہ ہر دم ہو

در صفت گاڑی

لگی ہین گھوڑیان دسمین کہ پریان پکشا دہ ہین — وہ گاڑی ہی سواری کی کہ جیسے چرخ اعظم ہو
دلا اک مطلع خوش مدح فیل خوش ہین انشاء کر — الا ای کلک لکھنے مین نہ تو اسوقت کچھ کم ہو

مطلع در صفت فیل

سیاہی رات کی ہاتھی کی رنگت ہی کہین کم ہو — جو چارون بھٹیان اوسکی بہین تو اڑتک نم نہ ہو
فلک کوہ و شکوہ گنبد اخضر سیر صورت — وہ سونڈ ایسی کہ جیسے زلف لیلی کان پر خم ہو
وہ خرطوم اوسکی اسود ہی گھٹا سا دنکی جیبی ہو — مقابل مین عدو کے اژدہا جسطرح سے خم ہو
وہ دندان اوسکے جیسے شمع کافوری اندھیرے مین — و یا ظلمات کے رستے مین دو انور ین ہاہم ہو
بلندی اوسکی ایسی ہی کہ جیسے چرخ کی عظمت — سیاہی ایسی جیسے شک تاتاری کا عالم ہو

در عرض حال خود

ترا مین کمترین اک مدح خوان ذات انور ہون — ترے لطف و عنایت کا نہ سایہ مجھ سے اب کم ہو
جو دامن تیرا پکڑا ہی تو پوری دستگیری کر — کدھر جاؤن کہون کس سے جو میرا کام ہر دم ہو
جو مارو کچھ نہین چارہ جلاؤ معجزہ ہی یہ — ہمارے حق مین عیسیٰ ہو نہین اوسے کچھ کم ہو
زن و فرزند اسباب و ریاست مال و زر دولت — نثار راہ ذی شوکت ہوا اب دل کو کیا غم ہو

مطلع

اعانت چرخ کی اسوقت مین کیون نہ حاتم ہو — مرا ہر ہر مو ہوا رطب اللسان نواب اکرم ہو
یہ چھوٹے چھوٹے بچے نخی جانین بچ گئین بیشک — یہی ہی آرزو مجھ پر عنایت اب نہ یہ کم ہو
بتقدم سب پہ ہی میری رہائی بخیطا ہو نہین — الٰہی تیرا اسکہ مہر و مہ پر بھی مقدم ہو
ولے شاہ اودھ دیتا ہی تجھکو یہ دعا ہر دم — دعای اخیر نا چار مین تاثیر ہر دم ہو
ہری حکم و حکومت ملکہ عالم کی دنیا مین — وزیر ملکہ انگلنڈ ہر دم شاد خرم ہو

ایام جمیت و کامرانی و بہجت و شادمانی مدام بکام باد

غرض جب بادشاہ نے یہ قصیدہ انشا فرمایا فی الحقیقت مرثیۂ حوال ہی اور اوسکا بھیجنا نواب گورنر جنرل بہادر کو منظور خاطر اقدس تھا نواب خاص محل سے مہر خاص طلب فرمائی نامناسب اور خلاف رتبۂ شاہی سمجھکر عذر فرمایا کہ یہ درپردہ گدائی ہی اس قدر تو ہین اپنے ہاتھ سے کرنا کیا ضرور ہی صبر سب سے بہتری بادشاہ نے میجر ہربرٹ اور کرنل کونیا صاحب سے فرمایا آپ اسیوقت محل مین جاکر میری مہر لے آئیے جب دونون صاحب تشریف لائے فرمایا بموجب حکم نواب گورنر جنرل ہم ماموہین تعمیل حکم بادشاہ مین بہتر یہ ہی کہ مہر عنایت فرمائیے اسوقت مجبور ہوکر دی

جب قصیدہ نواب گورنر جنرل نے ملاحظہ فرمایا حکم ہوا جو بادشاہ طلب کرین بے تامل بھیجدو چنانچہ دو لاکھ روپے طلب ہوئے بادشاہ کو صاحبات محل کا فساد مین لٹنا معلوم ہوچکا تھا وہ روپیہ لکھنؤ مع تحایف بھیجا اور حسب الحکم ہر ایک کو ملا۔

بعد رفع ہنگامۂ فساد اکثر صاحبات محل مع مرزا قمر قدر کلکتہ گئے بعض حسب الحکم بادشاہ پھر لکھنؤ آئے سرکار سے نوٹ جاگیر ہر ایک کو ملی بدستور زمان شاہی جاری ہوی ہر ایک صاحب مختار ہی بادشاہ کسی کے مزاحم حال نہین ہوے سب دست بدعا خیر ہین۔ نواب گورنر جنرل نے ازراہ علو ہمت نسبت بادشاہ کیا تھا جسقدر بادشاہ طلب کرین لیکن بعض اہلکار کم ہمت اور مقربان خاص نے خیر خواہی سے عرض کیا مبادا یہ یہ روپیہ تنخواہ معینہ سے بروقت وصول وضع کیا جاے اسلیے اسیقدر زر مطلوب پر قناعت فرمائیے۔

باب چوتھا

قافلہ سیلانی راہی لندن ابتداے روانگی کلکتہ تا مراجعت مرزا ولی عہد کلکتہ مین

۱۳۔ شوال شب چہارشنبہ ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۸۔ جون ۱۸۵۶ء جہاز دخانی مسماۃ بنگال پر قافلہ شاہی سوار ہوا۔ ۱۴۔ روز چہارشنبہ ۱۹۔ جون وقت ۷ بجے گارڈن سے ریچہ سے جہاز نے

لنگر اوٹھایا حضری مین جاکر لنگر کیا رات وہین گذری شدت ہوا اور تلاطم حرکت جہاز سے حال عورات ہندوستانی نادیدگان سفر کا دگرگون ہوا ہر ایک کا مادہ فاسد ہیجانین آیا حق بجانب ہے اول یہ کہ خلاف موسم بے ضرورت کوئی صاحب بھی عازم ولایت نہین ہوتا بلکہ بیشتر سے تفتیۂ مزاج کرلیتے ہین کہ مادۂ فاسد سے باعث فساد نہو مگر یہ امور وافقیت اور اطمینان سے ہوتے ہین اسمین یہ قافلہ مجبور تھا روز روانگی لکھنؤ جو صدمہ ہوا ایسا ہی ہاون روح پیش آیا کہ وطن مالوف سے چھوٹے ایسے روز بدکی کا ہے کو خبر تھی جو بیبیان کبھی لکھنؤ کے دریاچۂ گومتی مین سوار بحکومت نہوئی ہون وہ دفعۃً صورت بحر محیط دیکھین واعجباہ۔

غرض وہ شب اوسی اضطراب وکرب مین گزری صبحکو جہاز نے لنگر اوٹھایا خلیج بنگال سے داخل آب سیاہ ہوا کہ سوائے سطح آب اور آسمان کے کچھ نظر نہ آتا تھا۔ ۱۸۔ شوال روز یکشنبہ بعد دوپہر داخل احاطۂ مدراس ہوا۔ جناب عالیہ اور جنرل صاحب کا حال ایسے مشاہدات نادیدہ سے دگرگون ہوا چاہا کہ فسخ عزیمت فرمائین کسواسطے کہ جان ہے تو جہان ہے لیکن ملازمین کی فہمایش سے چار و ناچار تامل کار سمجھکر راضی برضا ہوئے اور بیبیان ولایتی جو جہاز مین تھین اونکے دیکھنے سے بھی فی الجملہ تسکین خاطر و اطفائے ثائرہ حرارت ہوا مگر مرنا و سیدھ بہاو کا مزاج بسبب قوت شباب جوانی جادۂ اعتدال سے منحرف نہوا بلکہ ان سب شاہدات کو تماشائے عالم سمجھتے تھے۔

۲۲۔ شوال وقت صبح جہاز مرامذیب سیلان مین پہونچا تین دن تک انتظار جہاز مین مین رہا چوتھے دن ۹ بجے جہاز آیا ۸ بجے ۲۴ کو لنگر اوٹھایا۔ ۷ شہر دیقعدہ کو عدن مین پہنچا اتفاقاً منساخا کروب قافلہ شاہی دفعۃً جہاز سے سمندر مین گر پڑا گورون نے فوراً ریسان جہاز سے پھینکدین جہاز کو بخشی کیا یعنی روکا۔ کپتان نے دوربین سے دیکھا سیاہی سر کے بالون نظر آئی اور ایک میل سے زیادہ نکل گیا تھا گورے چھوٹی کشتی مثل بادصرصر لے کر پہونچے ایک ساعت کے بعد جہاز پر رسی سے باندھکر کھینچتے تھے کہ دفعۃً رسی ٹوٹ گئی پھر ڈوب گیا سارجن اور گورے پانی مین کود پڑے اوسے زندہ جہاز پر لائے جناب عالیہ نے خوش ہوکر ہزار روپیہ انعام دیا کپتان نے اونھین گورون خواص کو دیدیا اوسیدن شام کو عدن سے

لنگر ڈاوٹھایا ۱۵۔ ذیقعدہ شنبہ کو بعد ۱۰ بجے سویز پہونچے۔

جب چھوٹے دودی پر قافلۂ شاہی سوار ہوا تھوڑی دور چلا اتفاقاً خاصدان جسمین ۲ عدد جواہر بیش بہا نذر جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا تھے میان نیلم کے آدمی کی بغل سے سمندر مین گر پڑا کنارے پہونچکر جلیس الدولہ حاجی توکل میان نیلم۔ نواب مہدی قلیخان۔ میان الماس کپتان برنڈن کشتی پر سوار غوطہ خور لیکر گئے بہت سے ہاتھ پانون مارے نپایا۔ ناکام پھر آئے اخبار کلکتہ سے اسکے خلاف سنا گیا کہ یہ سب فریب تھا واللہ اعلم۔

سوئز کے پنج گھر پن پچاس روپیہ یومیہ کرائے مین حاکر اترے ۱۶۔ ذیقعدہ یکشنبہ کو دو گھڑی مین پانسو روپے کرائے کا گھر لیکر اترے اس مسافت کا فاصلہ ۲۴ کوس ہے ۱۹ ذیقعدہ یوم چارشنبہ ابراہیم پاشا کے مکان مین اڑھائی سو روپیہ کرایہ دیکر اترے دس دن تک مصر مین رہے مقام متبرکہ مشہور حسینؓ یعنی بموجب ایک روایت کے سر مقدس جناب سید الشہداء دفن ہے دوسرے مزار جناب زینب خاتون مزار محمد بن ابی بکر جو حاکم مصر تھے جناب عالیہ وہان تشریف لے گئین۔ مجلس عزا کی۔ ایک جگہ اکاون روپے دوسری جگہ پچیس روپے نذر چڑھائے۔ رات کو مراجعت کی داخل مصر ہوئین۔

شیخ محمد علی ذاکر دہم واعظ

شیخ محمد علی ذاکر و واعظ رفاقت جنرل صاحب مین گئے تھے لکھنؤ مین اپنے عیال کو نواب معین الدولہ کے سپرد کر گئے تھے خود ناقل تھے کہ جب ایام حج خانہ کعبہ قریب پہونچے مین نے اپنے نفس پر ملامت کرکے خیال کیا حیف ہے کہ تو خانہ کعبہ سے پشت کرے اور منہ سمت لندن یہ لوگ باصید استرداد اپنی سلطنت کے جاتے ہین تو کس امید شفاعت عیسوی پر جاتا ہے اسکے سوا راہ مین کچھ صورت خلاف مزاج بھی گذری تھی بہرحال جناب عالیہ اور جنرل صاحب سے عرض کیا مجھے رخصت حج ہے ایام حج قریب ہین آپ کے واسطے بخضوع قلب اوقات خاص اور مقامات خاص مین دعا مانگوں دو سو روپے نان راہ عنایت ہوئے سویز سے رخصت ہوئے دو ہزار روپیہ لکھنؤ مین پائے تھے۔

حاجی صاحب سوئز سے چھوٹی کشتی پر مسافروں کے ساتھ روانہ ہوے راہ مین پہاڑ سے ٹکر کھا کر کشتی ڈوبنے لگی تین سو تیس آدمی دفعتہً غریق رحمت ہوے حاجی صاحب نے وقت ڈوبنے کے ایک صرہ زر نقد کمر سے کھول ناخدا کو دیا اوسنے اپنے ساتھ چھوٹی کشتی پر سوار کر لیا بہزار خرابی کنارے پہونچے اوسوقت وہ روپیہ تصدق جان ہوا اور یہ بھی سب کے ساتھ ڈوبتے وہان سے اونٹ پر سوار ہو تین دن مین مدینہ منورہ پہونچے پھر وہان سے آگے ایک تاجر دوست قدیم کے ساتھ حج کو گئے بعد فراغ عدن مین آئے جہاز سوئز سے آیا سات سو روپیہ کرایہ دیکر کلکتہ آئے شرف ملازمت خاقانی حاصل کی ساری کہانی سفر تبصیح بیان کی پھر لکھنؤ آئے عیال سے ملے اکیسوین امام باڑہ غفران مآب مین مجلس عزا کی سونپین جمع ہوے اپنی ساری داستان منزل بمنزل بیان کی ۔

غرض قافلہ شاہی نے مصر مین جا مقام کیے فی الحقیقت خستگی راہ ہوئی عباس پاشا مصر قافلہ شاہی کے آنے سے مطلع ہوا مولوی مسیح الدین خان سے ملاقات ہوئی منظور خاطر ہوا کہ شاہزادون سے ملاقات کیجیے اور طریق ضیافت و مہمانی فراخور حال ہو لیکن مہمان کے خدشہ توہمات سے مناسب وقت نجانا بلکہ وہان کے بالیوز کو کچھ صدشہ گذرا تھا رفع کیا گیا ۔

۲۹ ذیقعدہ وہان سے پانچ بجے ریل پر سوار ہو شام کو سکندریہ مین پہونچے یہ مسافت تیس کوس کی ہے صرف خواجگی تا بکارروانسرا مین اترے ۴ ذیحجہ چہارشنبہ بعد دوپہر ڈاک سے چلے ۴ بجے جہاز اندس پر سوار ہوے دسی دن جرات علیخان میر اولاد علی ہرمزجی پارسی وغیرہ مع مرسلہ خزانہ خریج ہو پہنچکر ہمراہ رکاب ہوے ۷ ذیحجہ شنبہ کو بعد ۱۰ بجے مالٹہ مین لنگر کیا خوبی حسن عمارات عالیشان شہر قابل دید تھی لیکن اس شہر مین ہر شے ہر قسم کی بہت خوب ہے لیکن گران صدسے زیادہ چار گھڑی رات گئے وہان سے لنگر اوٹھا کر ۱۳ ذیحجہ ۱۲۷۱ روز جمعہ جبرالٹہ مین پہونچے یہان عمارات عالیشان کو پہاڑ دن کو تراش کر بنا یا ہے اور رنگ برنگ کی گلکاری اور نقش کالنجر کھودے ہین نسبت مالٹہ کے یہان ہر قسم کو ارزان پایا ۳ دن کے بعد یہان سے چلے اس دریا مین طوفان عظیم اوٹھا سب کو یقین غرق ہو چکا تھا باری فضل خدا سے نجات پائی ۲۰ اگست مطابق ۱۸ ذیحجہ سنہ الیہ

۵ بجے شام کو لنگرگاہ سوتھمپٹن یعنی جنوب لندن پہونچے یہ دونون بندرگاہ جنوبی و شمالی لندن واقع ہین اس شہر مین تجارت خاص ابریشم قالین وغیرہ ہوتی ہے ۷۳ کوس کا فاصلہ لندن سے راہ خشکی ہے ریل پر ۳ گھنٹے مین لندن پہونچتے ہین۔

منشی میر رفیع منشی میر حسن کے بیٹے ملازم جنت آرامگاہ ضعیف البنیان اکثر لکھنؤ مین بھی ضعف قویٰ سے رہتے تھے وقت روانگی کربلا مین جب اس مولف کتاب سے ملاقات ہوئی کہا کہ تم قصد سفر لندن نہ کرنا تمھارے قویٰ بہت ضعیف ہین صدمات جہاز راہ دور دراز اٹھا سکوگے بلکہ اپنے بیٹے میر محمد شفیع کو بھیجدو تو مناسب ہے وہ جوان ہے متحمل شقت ہوجائیگا خیال مین نہ آیا لین سورو پیدا ہمہ کا لالچ کیا پہلا خط سیلان سے آیا کہ مرض اسہال ہوگیا ہے امید حیات منقطع ہوچکی ہے آخر ۱۲ ذیحجہ ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۵ اگست بنام عبداللہ مین جہاز پر انتقال کیا بعد غسل و کفن جہاز کے رو کا چھوٹی کشتی پر نعش کو رکھکر بغرض رحمت کردیا جنرل صاحب کو انھون نے وصی کیا تھا بادشاہ نے میر محمد شفیع کو سرفراز کیا خطاب دیا کچھ دنون ملازمین جدید دعا گو رہے صاحبات محل لکھنو کی تقسیم تنخواہ انکی انتظام مین رہی اب کلکتہ مین حاضر حضور ہین۔

واضح جنابعالیہ سوتھمپٹن مین اخبار لندن میل ۲۶ اگست سنہ الیہ ۱۸۷۵ ذیحجہ سنہ الیہ یہ سب احوال لندن مع مولف کتاب نے ارزی خطوط لندن جو مسیح الدین خان اپنے عم نامدار محمد خلیل الدین خان کو بھیجتے تھے نبدیکو وہ خطوط دکھا دیتے تھے یہی نہین لکھا اور خود مسیح الدین خان نے کتاب لکھی ہے اوسمین سب احوال بہ تصریح تمام ہے،

اخبار مین لکھا ہے کہ جہاز مین جہان جناب عالیہ اور عورات پردہ نشین تھین سب طبقہ نبد تھا کہ شخص نامحرم نہ جانے پائے دو تین مرتبہ گانیکی آواز آئی غالب ہے کہ مرثیہ پڑھا ہے

سکندریہ سے جناب عالیہ جہازدہ دی پر سوار ہوتین عجیب معاملہ پیش آیا کہ تندی و شدت ہوا سے
اوستو جہاز کو تلاطم تھا جناب عالیہ اپنے لباس سے اولجھکر سطح جہاز پر گر پڑین ۔ صاحبون نے چاہا کہ
دوڑکر اعانت کرین لیکن بہ سبب رسم ہندوستان کے خواجہ سرا مانع ہوے بہزار خرابی
عورات کی اعانت کرین لیکن بہ سبب رسم ہندوستان کے خواجہ سرا مانع ہوے بہزار خرابی
عورات کی اعانت سے خاص کمرے مین داخل ہوئین اس قافلے مین کئی نشیان دفتر
مشغول اپنی تحریر کتابت مین تھی جب جہاز سے صندوق بار لنارے اترے پرمٹ پر گودام مین رکھے
گئے جنھین پیشتر سے خالی کر رکھا تھا اور حسب الحکم گورنر خزانہ جناب ملکہ معظمہ اسباب کو بہت اعتیاط
سے اوتارا محصول پرمٹ نہ لیا فرش خواب و اسباب باورچی خانہ کنت سے تھا ایک مسخرہ بھی
انکے ساتھ تھا جس سے سب ہنستے تھے ۔ نوکر شاگرد پیشہ حقہ پیتے آپسمین غل مچاتے تھے اس عرصے
مین بوجہ سواری جناب عالیہ کے نکلنے مین کچھ دیر ہوئی اس حیثیت سے منظور ہوا کہ پالکی مین
سوار ہوکر آخرین گاڑیون پر سوار ہون جو کنارے کھڑی تھین جب ۳ بجے دوگاڑیان بہت
عمدہ چار گھوڑون کی حسب الحکم کوتوال شہر آئین اہل شہر مشتاق سواری ہزارون جمع ہوے کنار دریا
سے جہان گاڑیان کھڑی تھین فرش قالین بچھا دیا تھا جہاز کے آگے خواجہ سرا ارکان دولت
صف بستہ قاعدے سے کھڑے ہوے جب سامان جلوس سواری ہوچکا قنات پردہ
کی جس سے فقط عکس و صورت ملفوف پارچہ مثل عورات مصر معلوم ہوتا تھا انکے پانون مین
جراب نہ تھی لیکن جوتے مغرق بھاری سنہرے زیب پاتھے خوب چمکتے تھے جب گاڑیون پر
سوار ہونے لگین ایڑیان نظر آئی تھین قرینے سے معلوم ہوا کہ یہ دونون بیبیان مقرب
خاص ہین جب گاڑی مین سوار ہوچکین اوٹ پردے کو جلد جہاز سے اتارا دونو طرف پردہ کیا
اسمین بوجہ سواری نمودار ہوا رسیون سے باندھ کشتی پر اتارا نیلے رنگ کا مغرق بوجہ کا پردہ تھا
سرخ بڑا چھاتہ مغرق پہلوی بوجہ مین تھا اوسمین وہ عصمت مآب پردہ نشین تھی جسپر کبھی نظر نامحرم
نہ پڑی تھی چوبدار عصاے نقرہ و طلا ارکان دولت باداب شایستہ پیش پیش جلوہ سواری مین تھے
وسوقت اہل شہر تمنی عکس ظل جنابعالیہ کے رہگئی خواجہ سرا ملازمین بدستور ہند سرگرم اہتمام تھی
سیکو گاڑی کے پاس آذ دیتی تھی پھر اوسیطرح کر دو گاڑی کی پردہ کیا جسمین وہ ہماے اوج اقبال شرف بر

سعادت مین جلوہ افروز ہوئین اوسوقت سب خاص و عام نے باتفاق چلاکر لفظ حرا کہا جسے حالت مسرت و سرور مین کہتے ہین ایک شخص غیر کو تخت بخش پر جا بیٹھا اوسے اوسیوقت اتار دیا میجر برڈ صاحب نے عرض کیا انڈر وصاحب کو تو ال شہر سلام کرتے ہین حضور چھابلی ہاتھ سے ہاتھ نکالکر موافق رسم ولایت مصافحہ فرمایئے بعد اسکے مصافحہ راہ طے کرکے رائیل یارک ہوٹل یعنی سرا مین داخل ہوئین کارداسرائے ولایت بہت عمدگی سے آراستہ ہوتی ہین جسمین امرا سلاطین اترتے ہین گھر سے زیادہ آرام ملتا ہے نہ مثل سرائے خراب ہندوستان۔

اسکے بعد انڈر وصاحب اور امرائے ہندوستان جو کئی برس سے ہر ایک اپنی دادخواہی کو گیا تھا استقبال شاہزادون کے لیے جہاز پر گئے جنرل صاحب مرزا ولیعہد سے ملاقات ہوئی پھر جہاز سے اوترکر گاڑی پر سوار ہوئے میجر برڈ صاحب اوسی گاڑی مین پیشرو بیٹھے جنرل صاحب تماشائے خلق پر کم متوجہ ہوے مرزا ولیعہد کا قد مورون تقریبًا ۵ فیٹ ۱۶ - انچھ کاتن لانمر ۱۸ برس سے زیادہ سن شباب نہین معلوم ہوتا تھا۔ گندم گون۔ روشن چشم۔ صاحب ذہن و ذکا معلوم ہوتے تھے اونکے عم نامدار جوان قوی ہیکل پوشاک دونون کی بہت عمدہ شاہانہ جواہر بیش بہا پہنے تھے خلایق انکی تشریف آوری کی منتظر تھی متعجب ہوکر سبھون نے حرا کہا مرزا ولیعہد عدم واقفیت سے چپ و راست دیکھنے لگے جنرل صاحب نے متبسم ہوکر موافق دستور ہندوستان ہاتھ سلام کا پیشانی پر رکھا پھر داخل سرا ہوے۔ راہ مین خواص مگس ران تھے نہان بھی اوس سے زیادہ کثرت اژدحام تھی میجر برڈ صاحب دونون شاہزادونکو سرا کے کوٹھے پر لے گئے سب سے مخاطب ہو داستان اودھ بزبان شیرین بیان کیا یہ امر خاص اس تصریح سے کسی ہندوستانی سے نہ ہوسکتا۔ الحق کہ وہ اپنے حق خیرخواہی سے ادا ہوے۔

بیان میجر برڈ صاحب

ایہا الناس۔ مین ملکہ معظمہ جناب عالیہ متوالیہ اور جنرل صاحب مرزا ولیعہد کیطرف سے کہتا ہون کہ یہ حضرات تمھارے بہت ممنون و مشکور ہوے جو تم اس خوبی سے پیش آئے اور کمال مسرت دی کہ تمنے حرا کہا لیکن تم پوچھوگے کس سبب سے انکا آنا ولایت برطانیہ مین ہوا اور اپنی ولایت

کو کیون چھوڑا اسکا جواب باعث تمھارے وفور تاسف وحیرت کا ہوگا پس ایہا الناس اپنے
دل مین تصور کرو کہ سن شریف جناب عالیہ معظمہ تقریبًا ۶۰ برس کا ہی اپنی ولایت مین کمال عیش
وعشرت سے رہتی تھین اس مدت عمر مین کبھی انکی کف پای مبارک رفتار سطح زمین سے
آشنا نہین ہوے تھے کیطرح کا خیال مین نہ لائین پانچ ہزار کوس کی مسافت راہ طے کرکے
مع اپنے بیٹے پوتے کے محض طلب انصاف اہل برطانیہ کبری سے آئی ہین اور یہ خاندان
عالیشان اودھ مرافعہ اپیل کو آیا ہے کہ سرکار کمپنی انگریز بہادر نے انکا تخت سلطنت لیلیا
ہے اسواسطے انھون نے جلاے وطن اختیار کیا اور صاحبان عالیشان سے متوقع انصاف و
تحقیقات ہین یعنی دریافت فرمائین کہ کس سبب سے سرکار کمپنی نے قلمرو اودھ کو لیکر اپنے
ممالک محروسہ سے شامل کرلیا ہی اور مجھے زیادہ تر افسوس اسپر آتا ہے کہ اہلکاران سلطنت
جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہ نے بھی ایک طرح کی اجازت فرمائی دیکر شریک اس امر خاص کے
ہوے ہین تسے کوئی امر چھپا نہ رکھونگا اور بڑی بات جو سرزد ہوئی ہے مطلع کرونگا پس مین
مدعی تحقیقات وانصاف ہوا ہون کسواسطے کہ سالہا دراز سے درمیان سرکار کمپنی انگریز
بہادر اور اس خاندان عالیہ کے روابط اتحاد و دوستی وثوق یکجہتی چلا آیا ہی اب اسے
سرکار کمپنی نے اس خاندان شاہی سے ممالک محروسہ لے لیا ہے باوجودا سکے کہ اڈوکیٹ جنرل
بہادر اپنے اشتہار مین خود مقر اس بات کے ہین کہ یہ خاندان عالیشان اقوام انگلشیہ سے
ہمیشہ صادق الوداد رہا ہی پس جانو کہ یہ سرکار عالی کس طریق پر رہی جسوقت کہ ملک گوالیار
کی لڑائی درپیش ہوئی اور جب معرکۂ ملک پنجاب ہوا اور یہ وہ وقت تھا جسکے فتح ہونے
مین دغدغہ تھا اور نرخ کو اعتبار نوٹ سرکار کمپنی کس مرتبہ گھٹ گیا تھا اور یہ سب ریاستین ہندوستان
کی مستعد و آمادہ سرکار کمپنی سے پھر جانے کی ہوچلی تھین اوسوقت داروگیر مین شاہ اودھ نے
اپنے ترکسوارون کے گھوڑے سرکار کمپنی کو دیے اور فوج کو بھی اجازت کمک کی دی یہ مخصوص اسوقت
مین ہوا اسکے سوا جب کوئی مہم عظیم پیش آئی ہی سرکار شاہ اودھ نے مبالغ زرکثیر خرچ کرکے اعانت
وامداد سرکار کمپنی کی کی ہی اور یہ مصارف ہزارہا روپیہ کا تھا بلکہ کرورون کا ہوا ہی چنانچہ اب تک سرکار کمپنی
دو کرور پچاس لاکھ روپے سرکار اودھ کی ترجمندار ہی پس مقام انصاف ہی کہ بڑا ایسی سلوک خصوصیات کی تخت سلطنت

ایسے دوست صادق کالے لیوے لیکن تم مستفسر ہوگے کہ کس حیلہ وحجت ظاہری سے لے لیا جواب دیتے ہین کہ رعایاے ملک اودھ سالہاے دراز سے حکام اودھ کے جبر وتعدی مین تھی اُنکی عافیت ونجات کے واسطے ہمنے لے لیا ہے۔ ایہا الناس اے میرے ہم شہریو فرض کرو کہ اگر بادشاہ فرانس یا کوئی اور بادشاہ جو سلطنت انگلستان سے زبردست ہو اشکنی عہد کرے اور تخت وتاج ملکہ معظمہ وام اقبالہا لے لیوے اس بہانے سے کہ اونکے ملک مین بے انتظامی ہوئی تم گوارا کروگے بلکہ تم اُسکا جواب دوگے کہ ہم آپ سمجھ لینگے اور تصور کرو کہ اگر کوئی تمھاری گھر مین مداخلت کرے یا کوئی ہمسایہ زبردست تمھارا گھر اگر چھین لے آیا اِسے گوارا کروگے سب نے باتفاق جواب دیا نہین۔

بعد اِسکے میجر برڈ نے کہا ایہا الناس تمنے حفاظت دوا ضلاع کو چک ترکستان کیواسطے خون اپنا حلال جانا اسواسطے کہ جور وبدعت سے روسیون کے اور اِسپر کرورہا روپیہ خرچ کیا اسی طرح کب گوارا کروگے کہ سرکار کمپنی انگریز بہادر بادشاہت اودھ کو لیوے اور مملکت اودھ ملک بلجیم سے زیادہ نہین ہے جو بادشاہ وہانکا چاچا ہماری ملکہ معظمہ کا ہی سبھون نے جواب دیا نہین پھر صاحب نے کہا آیا تم اس جبر صریح کا انصاف نہ کروگے مین تمسے چشمداشت انصاف رکھتا ہون اور یہ خاندان عالیشان تمسے اعانت وامداد چاہتا ہے پس اگر تمھین اعانت وامداد منظور ہے میرے ساتھ ۳ مرتبہ حرّا کہو خلاصہ سبھون نے حرّا کہا اور اس داستان پسندیدہ سے بہت متعجب اور معقول ہوے میجر صاحب نے یہ داستان زمان سلطنت حال بیان کی اگر مقدمہ راجہ چیت سنگھ بنارس یا اعانت جنگ بیگوا اور نیپال لارڈ مائرا صاحب بیان کرتے تو اس سے زیادہ استعجاب ہوتا مگر اب جو نتیجہ انجام کار ہوا کیا فائدہ تھا اگر اسکا فی الحقیقت انصاف ہوتا تو حرّا کہنا صادق آتا۔

میر جعفر علیخان بہادر رئیس سورت مرزا علی اکبر خان بہادر اُنکے منشی حیدر جنگ بہادر مندرا سی حافظ صدر الاسلام مندرا سی مولوی غلام خان وکیل ناگپور سید ابراہیم ناگپوری یہ سب لندن سے شاہزادون کی ملازمت کو آئے تھے جنابعالیہ سراکے درجۂ اول کے کمرے مین تشریف رکھتے تھے چاردن طرف اوٹ پردے کے تھے بالاخانہ کی راہ اونھین کمرون کے دروازون سے تھی۔ چنانچہ رات کو لوگون نے ملازمت چاہی لیکن اوٹ کے حائل ہونے سے راہ نپائی اور ایسی پردہ داری

کی تھی کہ اگر دروازے کمرے کے کھلجاتے تو بھی کچھ نظر نہ آتا - پس جناب عالیہ نے لوگون کیواسطے اپنی تکلیف گوارا کی اور اجازت جانے کی دی آگے قنات کا پردہ کرلیا اور جھلملیان دن رات بند رہتی تھین دروازہ پر خواجہ سرا سرگرم حفاظت رہتے تھے اور بعض اوقات محلدارین باہر آتی جاتی تھین اہل شہر اس قرینے کے دربار ہندوستانی سے بہت متعجب ہوتے تھے اور ہر وقت گرد مکان کے ہجوم عام رہتا تھا سب ملازم دوشالہ پوس نظر آتے تھے اور قہوہ خانہ ملازمین خالی کردیا تھا اندر کے کمرون مین مغرزین رہتے تھے نوکر چاکر دن بھر بازاردن مین پھرتے تھے - میوہ جات مرغ وغیرہ فواکہات مول لیتے تھے بٹوون مین روپیہ رکھتے تھے -

۲۲ - اگست مطابق ۲۱ - ذیحجہ روز شنبہ مشہور ہوا کہ صاحبان عالیشان جو معززین ہین اور بیم شاہزادون و جناب عالیہ سے ملاقات کو آئینگے دروازہ پر مجمع انبوہ خلایق ہوا لیکن سوائے زمیندار جاگیردار اور امرا اور رؤسا اولایت دوسرے کو اجازت حضوری نہوئی اور جب ۳ بجے دنکو دربار قرار پایا اور ۴ بجے ملاقات جناب عالیہ اسمین کثرت لوگون کی عمارت کے سامنے بہت سی ہوگئی اور پردگیان عصمت کے دروازہ بخط فارسی انگریزی لکھکر لگادیا کہ گورے اندر داخل نہون چوبدار عصاے سنہری روپہلی لیکر اہتمام کو کھڑے ہوے برنڈن صاحب راجرس صاحب مترجم حاضر ہوے اور سوائے امرا کے کسیکو اجازت داخلی نہوئی اور دربار بالاخانے پر ہوا کیواسطے کہ شاہزادے وہین تشریف رکھتے تھے اور ملازمین زینے پر کھڑے ہوے صاحبون کی رہنمونی کیواسطے

جب ۳ بجے میجر برڈ صاحب شاہزادون کے پاس گئے اوسوقت دونون شاہزادے کمرے خاص مین ٹہل رہے تھے مرزا ولیعہد کالبادہ کارچوبی طلاے مغرق سرخ رنگ کا جبرل صاحب کا آبی رپہلی تاج شاہانہ مکلل بجواہر سر پر شمشیر ولایتی مغرق پر تکلف زیب کمر تھی خواصہ سراے حبشی پیچھے کھڑے تھے جو صاحب داخل ہوتا تھا میجر صاحب اوسکا نام لیتے تھے وہ کمال تہذیب سے سلام کرکے دوسرے کمرے مین جاکر بیٹھتا تھا جب سب بیٹھ چکے شاہزادے آکر دنگل پر بیٹھے اور صاحب کرسیون پر اس مجمع مین آرل آف ہارڈوک اور اونکی لیڈی یارک وے کونٹ لیسٹن ڈمرل اس گف سر جارج میل سر جارج جنرل پالک امراے لکھنؤ جو زمان جنت مکان رزیڈنٹ تھے اور اونکی لیڈی وغیرہ شرفیاب ملازمت ہوئی جنرل صاحب و جنرل پالک مین باتین ہندوستانی

شروع ہوئین اور صاحب کمال غور سے سنتے تھے بعد تھوڑی دیر کے شاہزادے اوٹھ کھڑے ہوے اور بہت اخلاق سے پیش آئے صاحبان عالیشان بھی اوسی تعظیم و تکریم سے موافق دستور سر جھکاکر رخصت ہوے پھر اوسکے بعد اور صاحب آئے اوسی طریق سے ملاقات کی رخصت ہوے شاہزادون کے بشرے سے تہذیب اخلاق ظاہر تھی

۴ بجے ۳۰ سیم اوس شہر کی حاضر خدمت خبابعالیہ ہوئین مرندن صاحب کی بی بی اور ایک سیم جو مدت تک کانپور مین رہی تھی یہ دونون مترجم تھین جب سیم آئین جناب عالیہ ڈنگل پر بیٹھین ۸ - اور خواص عورات مقربہ لباس فاخرہ پہنے دوشالے بھاری اوڑھے تھین لباس جناب عالیہ سب سے زیادہ عمدہ زیب گوش ہوش ربا و بیبلیان تھین اپنے بیٹے اور پوتے سے بہت اشبہ تھین اور حسن صورت بہت اخلاق سے سیم سے پیش آئین لیڈی ہارڈوک سے فرمایا افسوس ہی کہ مین تم سے انگریزی مین بات نہین کرسکتی یہ صحبت بھی ربع ساعت تک رہی اسعرصہ مین دونون شاہزادے بھی آکر شریک صحبت ہوے اور اپنی مانکے پہلو مین بیٹھے -

تین حکیم پانچ منشی ساتھ تھے - شاعر نے حسب حال وقت خاص خوب کہا ہے

رسید مژدہ کہ ایام غم نخواہد ماند ؎ چنان نماند و چنین نیز ہم نخواہد ماند

اگر بچشم غور انصاف کیجیے تو ایسی صحبت بھی لندن مین قابل دیدگار ہی مگر افسوس ہی کہ اسکا انجام کار نہوا

سوتھمپٹن سے روانہ ہونا لندن مین پہونچنا

قافلہ شاہی ۳۰ اگست وقت شب مطابق ۲۸ دیسمبر شنبہ کو ریل پر سوار داخل لندن ہوا اوسی اہتمام سے پردہ داری سواری ہوئی - اہل شہر نے ہجوم کیا ہر چند چاہا کہ دیکھین لیکن کوئی دیکھنے نپایا جب سڑ سے چلنے لگے لوگون نے مثل دستور ہند سر پر ہاتھ رکھا خدا حافظ کہا

ایک گاری درجہ اول ۲ - درجہ دوم باقی دو اور درجہ سوم کی تھین ۱۱۰ - آدمی ساتھ تھے پانسو صندوق بارہ ہزار روپیہ کرایہ وایٹ صاحب مہتمم سڑ کو دیا جو داخل ہارلی ہوس جو شارع عام ہے مقام قیام ڈیوک برنسوک ہی دس ہزار روپے کرایہ سالانہ کا لیا اور یہ الفرد ہوس محلہ رجنٹ جو اوس سے عمدہ دس ہزار سالانہ کا تھا نا لیا نا پسند ہوا ہوگا مرزا وسعید خبر لے صاحب کو کسی نے نہ دیکھا اگرچہ

صحن خانہ مین چہلقدمی کیا کرتے تھے پس و اخلۂ شہر ۳۱- اگست کو ہوا ملازمین مترجم کے ساتھ
بازار مین اسباب خریدتے پھرتے تھے دن بھر آپس مین غل مچاتے تھے مثل اپنے شہر کے
یہ نہ سمجھے کہ تمام شہر تہذیب سے بھرا ہوا ہے دپٹی مرزا عباس بیگ صاحب کہتے تھے کہ ہمنے
اپنی مدت قیام لندن مین کسی بچے کی رونے کی آواز مہین سنی پکارنا اور چلانا کیسا انتظام ہے
اب تعجب اور مقام حیرت یہ ہے کہ قریب لندن وہ اہتمام باحتشام گذرا جاہے تھا کہ
شہر خاص پایۂ تخت شاہی مین اوس سے زیادہ ہوتا مگر ہوا کوئی استقبال کو نہ نکلا اسکے سبب بہت
سے خیال مین آتے ہین کہ حکام نے استقبال مناسب وقت نجانا ہو دوسرے ہجوم بردی کی توضیح و
تشریح جسکی تصدیق خاص و عام نے باتفاق کی اور رعایاے خاص شہر و آراستہ مزاج سب ہین
اور منصف ہین کسی پر کوئی جبر و ظلم صریح گوارا نہین کرتے تیسرا سبب یہ تھا کہ جناب ملکہ معظمہ
دام اقبالہا اور اکثر اعظم ارکان سلطنت باہر چلے گئے تھے اسیطرح اور بھی سبب باطنی ہوے
ہون واللہ اعلم یہ امور سلطنت ہین اسکے سوا بہ سبب قرب عشرہ محرم جناب عالیہ اور
جنرل صاحب کو بھی جلدی منظور تھی چنانچہ مولوی مسیح الدین خان نے متواتر عرض
کیا کہ پہلے حضور ناکہ شہر مین ٹھیرین فدوی داخل شہر ہو کر حکام کو بطریق مناسب تکلیف
استقبال دون اور یہ امر کچھ دشوار نہین اگر صاحبان عالیشان کی چھٹیان میرے
پاس ہین بہرحال منظور خاطر نہوا اور ایک اور امر ہوا کہ بعض مشیران نافہم کی صلاح سے ایک
خط اپنے احوال کا صاحبان کمپنی کے پاس بھیجا جلیس الدولہ اوسے لیکر گئے پھر منشی نے
عرض کیا کہ پہلے صاحبان کمپنی کے پاس خط بھیجنا مناسب حال نہین اور اگر یہی منظور ہے تو اوسے
جوابکا انتظار کیجیے غرض اب خلاف آرا اور آپس کا خلاف ہونا شروع ہوا اقبال نے بیان سے پہلوتہی کی

بعض حالات کلکتہ و لندن بطریق اجمال

بعد پندرہ دن کے روانگی قافلہ شاہی کے جب جہاز مسماۃ ہندوستان سویز کو جانے لگا
پانچ شخص لندن کی بھیجنے کی تجویز ہوئی ایک میر اولاد علی منجملۂ مشاہیر لکھنؤ جنہون نے اپنا
خطاب فرزند علیخان لوگون کے رفع اشتباہ اور رفع مغلطہ خاص کیواسطے مشہور کیا تھا دوسرے

جرأت علی خان جو بسبب ناک کے چشم زخم سے قافلے کے پیچھے رہ گئے تھے تیسرے باقر علی بھائی نامی
جہاز جو تھی شیخ علی امجد مردمشن جہاندیدہ خواجہ سراؤں کی تجویز سے پانچویں ہرفرجی پارسی بادشاہ نے
رفع خدشہ خاطر اقدس کو منشی میر باقر علی معتمد نواب منور الدولہ کو امین سمجھکر بعض حقیقت کو
جہاز پر بھیجا کہ تم جاؤ بچشم خود دیکھو اون لوگون کو کون کون اشخاص مشخصہ سے ولایت کو جاتا ہے
اسکی وجہ یہ تھی کہ فقط میرا ولاد علی کا جانا منظور خاطر نہ تھا کسواسطے کہ اونکے کردار سے خوب
واقف تھے غرض منشی جی نے جہاز پر جاکر شیخ کہتے تھے کہ خود مجھ سے اور میان جرأت
سے میر صاحب کو پوچھا میں نے جواب دیا میان تو نہیں ہیں یعنی جہان ہم ہیں منشی جی نے
دم کھا رہے حالانکہ اونکو کپتان جہاز سے حسب الحکم شاہی دریافت کرتا تھا اور میر صاحب
سبکو بمنت سمجھا چکے تھے کہ از براے خدا میرا نام نہ بتانا وگرنہ میرا سارا کام بنا بنایا جائیگا
خلاصہ ایسے امور سے درگذر کرنا بہتر ہے غرض بعد کئی دن کے شیخ جی میان جرأت بیان
میان کو شدت خارش نے جان سے تنگ کیا شیخ جی قریب مرگ پہونچے لندن سے منزل
مراسوئز سے بہزار خرابی کالکتہ آئے وہان سے ناکام بمبار لکھنؤ جیتے پہونچے میان
جرأت اچھے ہوکر مع شریک چاریا جسطرح مذکور ہوا داخل قافلہ سلطانی ہوے۔

جب حال صحبت اغیار مولوی سیح الدین خان نے یہ دیکھا نوے روپیہ کرایہ کا گھر
لیکر علیحدہ رہے اور اپنی آبرو عزت کو دور کہ بادشاہ نے مجھے مختار معاملات فرمایا ہے
مقتضاے شرافت و ایمان یہ ہے کہ بدل و جان نمک حلالی نیکنامی سے ہمراہ کو بجالاؤں اب
حال صحبت کا یہ ہوگیا ہے مبادا میرے واسطے کوئی صورت الزام بدنامی کی پیدا ہو لہذا ایسی صحبت
سے کنارہ کرنا بہتر ہے مگر پہلے عرض حال کرنا بادشاہ سے مناسب ہے اور ابھی میرے پاس خرچ
اسقدر ہے کہ کالکتہ پہونچ جاؤں پس اگر چند روز میں یہ خرچ ہوچکا تو اس سفر غربت میں کیا کرونگا
خلاصہ ان وسوسون سے بادشاہ کو عرضداشت ارسال کی اس عرصہ میں سید بزرگ صاحب فی انی جد
جد سے باگ رد کی سید عبداللہ بھی کنارے رہے اسکے پیشتر یہ بھی داخل صاحبان کو نسل ہوئے تھے بلکہ وہیں
رہتے تھے بعد اسکے کچھ ایسا سبب ہوا کہ گھر سے باہر ہوے جلیس الدولہ بھی الگ ہوگئے ان کے بدلے
میر جعفر علیخان نواب سورت کے داماد پیش ہوے انکا حال سبھی شخص واقف تھا جنرل صاحب

جب یہ حال دیکھا باعث توحش خاطر ہوا اور فرمان بادشاہ متواتر احکام مختلف کے پہونچنے
لگے اس سے اور زیادہ تحیر ہوتا تھا مرزا ولیعہد بہادر سے بھی لوگون کی جہت سے امر خلاف
ہونے لگے خلاصہ بہر صورت عافیت تنگ ہوئی لیکن جنرل صاحب از بسکہ جناب عالیہ کی اطاعت
حد سے زیادہ بشکل جنبت مکان کے کرتے تھے بجز سکوت کے نہ فرماتے تھے آخر کار مشروحہ بالا
عرضحال بادشاہ کو لکھا اور رفتہ رفتہ صورت نفاق خانگی بھی پیدا ہوئی اور اختلاف
مشیران قدیم وجدید کھل گیا حاسدین اور منافقین جو درکمین اپنی گھات مین لگے ہوے
تھے وہ شماتت کرنے لگے ایسے مقدمات کی زیادہ توضیح کی کچھ احتیاج نہین کسواسطے کہ
اسی اختلاف نے لکھنؤ سے لندن دکھایا بعد اسکے جنرل صاحب نے میسح الدین خان
کی سبت دلجوئی فرمائی اور عرضداشت ان سب حالات اور کیفیت ملازمین اور صلاح کار
اور مشیران خاص کی بادشاہ کو روانہ کی اور تکالیف خرچ لابدیات کو بھی لکھا - مرزا ولیعہد بہادر
نے ہدایا تحفہ حضرت کو ارسال کیے اور باقر علی اور ہرمزجی پارسی کالکتہ پھر آئے -

فرمان وحکمنامجات بادشاہ لندن کو

جب متواتر عرضداشت مختلف نیرنگی احوال کی نظر اقدس سے گذری ہر ایک کو فرمان
حکمنامہ تاکید بلیغ روانہ ہوا اور جواب کتاب بلیو یک جنرل سلیمن صاحب مشعر خرابی و
بانتظامی سلطنت بہ تصریح لکھی تھی بھیجا چنانچہ ایک جلد بر تکلف خطاب ملکہ معظمہ دام اقبالہا کی
واسطے مع محبت نامہ جسکا مضمون ظاہری یہ تھا کہ بعد حمد و نعت موافق دستور زمانہ شاہانہ
و بیان شکریہ اس سلطنت نسبت اسلاف کرام اس خاندان اور کچھ احوال انتزاع سلطنت
ایسٹ انڈیا کمپنی انگریز بہادر کا بہ تجویز لارڈ ولزلی صاحب برطبق احوال مظنون صاحبان
رزیڈنٹ لکھنؤ اور بربادی وخرابی مال واسباب خانگی اور تباہی اور پریشانی رعایا و
رئیسان شہر اور آوارہ وطن ہونا اپنا اپنی اس بیسر سامانی سے اور سست علالت مزاج خود کلکتہ
مین رہجانا اور جناب عالیہ جنرل صاحب مرزا ولیعہد بہادر کو استغاثہ کو بھیجنا اور جواب بلیو یک جب
صاحبان پارلیمنٹ اور ارکان دولت بنظر انصاف ملاحظہ فرمائین یہ سب توضیح تمام لکھا گیا

ایک فرمان اردو مین خبرل صاحب کو اس مضمون سے کہ تمھارے ساکت وخاموش رہنے سے اور عدم توجہی نسبت مرزا ولیعہد بہادر اور بعض مردم عوام کا شوری خاص مین داخل ہونا اور اشارات بعض مقدمات خاص سے سراسر باعث استعجاب وحیرت کا ہوا لہذا لازم ہے کہ حسب الحکم مذا جو تصریح لکھا ہی بجا لاین اور جو لوگ غیر معتمد ہین اونھین حلدروانہ کلکتہ کردیا بدولت کو جو کچھ مناسب وقت تھا وقت روانگی سب طرح سے تمھین بخوبی سمجھا دیا ہی اور مرزا ولیعہد بجاے تمھارے فرزند کے ہن کو اسطے کہ بھتیجے اور بیٹے مین کچھ فرق نہین اور غالب ہی کہ وہ بھی ازراہ سعادتمندی تمھاری فرمانبرداری سے باہر نہونگے کہ سراسر موجب میری خوشی کا ہی جواب کتاب بلیو بک بہت تصریح وتوضیح سے لکھکر بھیجا ہی چاہیے کہ موافق تحریر مقدمات مندرجہ کے ہر مقدمہ کو انجام پہونچانا اور اگر احیانا کسی مقدمۂ خاص مین جوابدہی سے عاجز ہوا وے حضور اقدس پر محول رکھنا۔ یہان سے اوسکا جواب شافی جائیگا۔

محبت نامہ اور ایک جلد کتاب جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہ کو بھیجی ہی وزیر اعظم کے واسطہ سی گذرانا اور ایک جلد خود وزیر اعظم کو اور ایک شاہزادہ پرنس کو دینا اور تین سو جلد اور بھیجی ہین جسے قابل اور مشتاق دیکھنا دینا۔

ایک انگریز جلیل القدر خاندان عالی مترجم زبان فارسی دار دو کمال متدین اور امین مقرر کرو جو اپنی طرف سے کسی طرح کا دخل وتصرف نہ کرسکے اور ہم لاکھ روپے جو آگے بھیجے ہین واسطے مصارف لابدیات روزمرہ کے اوسکے صرف بجا کا خیال رہے فقط۔

ایک عریضہ اردو مین جناب عالیہ کو کہ آپ بہر صورت مالک ومختار ما بدولت ہین اور توضیح بعض مقدمات کی تھی۔

ایک فرمان مرزا ولیعہد بہادر کیواسطے مشعر اطاعت وفرمانبرداری خبرل صاحب ملاقات عمائد ولایت مین۔

حکمنامہ مولوی صبح الدین خان کو کہ تمھاری بیدلی اور برخاستہ خاطری سی باعث استعجاب خاطر اقدس ہوا لازم ہی کہ سب مقدمات کو حسب الحکم بقوانین منضبط بکمال دیانت وامانت غیرخواہی تحکمانی سی بجا لاکر مستعد بجا آوری احکام عظام رہین اور کسیطرح کا خدشہ اپنے دل مین نکرو

تم سے بہرحال اطمینان خاطر ہمایون ہے۔

ایک حکمنامہ جلیس الدولہ کو اور مولوی نورالدین احمد کو تاکید و ترتیب کو افدات اور مستعد ہونے کارو بار سرکارین فقط۔ ۱۲۔ ربیع الثانی ۱۲۵۳ھ روانہ ولایت ہوا۔

بعد روانگی جناب عالیہ بادشاہ ذی محبت نامہ نواب گورنر جنرل بہادر کو بھیجا کہ مابدولت اقبال نے بہ سبب علالت مزاج سفر دریا شور مناسب نہ سمجھا کلکتہ مین رہنا بہتر جانکر جناب عالیہ جنرل صاحب مرزا ولیعہد بہادر کو بمنزلہ ذات خود سمجھکر بہ جماعت ہمراہی قلیل روانہ ولایت کیا ہے لازمۂ محبت یہ ہے کہ جو مقتضائے صفقت قدیم اس سلطنت عالیہ کا چلا آیا ہے اگین سلطنت باحسن طریق پیش آئینگے کہ موجب تسکین شکستہ دلون کا ہوگا۔

نواب گورنر جنرل بہادر نے اسکا جواب بکمال تہذیب بھیجا کہ نیازمند کو روانگی اقرباے تربیہ اوس والا دودمان سے مطلق آگاہی نہین ہوئی لہذا بموجب ایما شریف حکام سلطنت ولایت کو درباب حفظ مراتب و پاسداری بخوبی لکھا جاتا ہے کسیطرح کی تکلیف نہوگی۔

کہتے ہین کہ قبل از روانگی جناب عالیہ اس خیال سے محبت نامہ نہ بھیجا کہ شاید کسی حیلہ ظاہری سے روانگی منزل مقصود مین توقف ہوجاتا۔

جبدن سے حضور عالم کلکتہ شرفیاب بابوس شاہی ہوے حو مقتضاے تدابیر امکان بشری تھا عرقریزی اور جانفشانی سے قصور نہ کیا لیکن چارۂ تدبیر بشری بہرحال تقدیر سے مجبور ہے خلاصہ دستور معظم نے محض اپنی حسن رسائی ظاہر و باطن سے بعض ہواخواہان روابط ظاہری اور تعارف کارآمدنی اکثر حکام عالیشان کلکتہ سے پیدا کیے اور صاحب سکرٹر اعظم اور نواب گورنر جنرل بہادر سے بمقام خلوت مین ملازمت بھی حاصل کی اور بالفعل بعد رہائی قلعہ ہر ہفتہ مین صاحب سکرٹر کے پاس جانا لازم پڑا ہے بے اجازت سرکار کہین جابھی نہین سکتے وہی صورت فہمایش جنرل اوٹرم صاحب بادشاہ سے رہی اور سب طرح کے نشیب و فراز دنیا سے بتوضیح عرض کیا لیکن مرتبۂ عبودیت مرضی اقدس سے بالاتر نہین ہوتا اس جہت سے معذور ہوکنارہ کش ہوے منشی صفدر کشمیری منصرم کاروبار سلطانی ہوے اور آخرکار ذوالفقار الدولہ وغیرہ کی سفارش سے بادشاہ نے راضی نامہ دیا اور لاکھ روپیہ ماہواری پر راضی ہوے

سبحان اللہ وہی انبوہ رنگ کھلا ہے ع - امور مملکت خویش خسروان دانند
مثل مشہور ہے جو دیتے تھے وہی دو -

حضور عالم نے آقا حسن خان جدید الاسلام مسمی موہن لال سابق قوم کشمیر ساکن شاہجہان آباد کو معززین و معتمدین گورنمنٹ جان کر ولایت بھیجنے کو تجویز کیا کہ یہ معرکہ کابل و قندھار مین سرکار مین بہت نیک نام اور لندن بھی گئے ہین اکابرین سلطنت سے روابط بھی رکھتے ہین دستور ولایت سے خوب واقف ہین ہزار روپیہ ماہوار پنشن سرکار سے پاتے ہین لیکن طرفین سے کئی سبب سے یہ صورت نہ ہوئی -

جنرل محمد حسن خان بیٹے نواب روشن الدولہ کے اکبر آباد سے کلکتہ پابند منصب سفارت شاہی گئے کہ اپنے ایام خانہ نشینی مین زبان انگریزی سے واقف ہوئے تھے اور حکام نزدیک بھی اونکا طریق رفتار نسبت ہندوستانیون کے فی الجملہ پایہ اعتبار مین تھا لیکن بادشاہ نے بخیال مقدمات ماضیہ حضرت خلد منزل مناسب وقت نجانا اس جہت سے نوبت ملازمت بھی نہوئی ناکام پھرے ۱۵ سو روپیہ کی زیرباری سفر کے آنے جانے مین ہوئی زبانی میر محمد رضا داروغۂ جنرل صاحب -

نظام الدولہ سید علیخان بیٹے نواب معتمد الدولہ کے کانپور سے کلکتہ فقط اپنے خلوص محبت سے گئے تھے ایک دن سید حسین سپر معلوب شاہی کو بخوبی سے اپنی گاڑی مین سوار ہوکر جاتے تھے کہ داخل در دولت ہون دربان نے منع کیا کہ آپ کیواسطے حکم حاضر ہونے کا نہین ہے گفتگو ہوئی آخر بد دماغ ہوکر پھر گئے حضور عالم سے رخصت ہوکر کانپور چلے آئے ہرچند بادشاہ نے فرمایا کہ اونکے واسطے ممانعت نہین تھی لیکن وضعداری پر کام فرمایا پندرہ ہزار کے عبث زیر بار ہوے -

نواب باقر علیخان تیسرے بیٹے نواب معتمد الدولہ نے بشیر الدولہ مرزا فدا حسین خان منجم سلطانی کی معرفت چاہا کہ کچھ رسوخ حسن خدمت سرکار نواب خاص محل جہا مین کیجے چنانچہ انکی معرفت کچھ نذر دخت طلا بہ قیمت مناسب نسبت اورون کے ہوا دو سو روپیہ اونکو بھی تکلیف خرچ سمجھکر دیے اور بعد تشریف فرمائی بادشاہ کلکتہ پھر راہ راہ سفر دیگر روانہ کلکتہ ہوے جب ناکام پھر آئے

انسے ملاقات بھی نہ کی مرزا صاحب لکھنؤ کے بعد اس ہنگامۂ فساد لکھنؤ پھر ارادہ کلکتہ کیا کئی مہینے تک بنارس مین مولوی گلشن علی مہتمم سرکار راجہ بنارس رہے پھر کلکتہ پہونچے اندنون کہ بادشاہ قلعہ مین تشریف رکھتے تھے مصلح السلطان نے عرضحال کیا پنشن سلطانی مقرر ہوا ہر روز اپنے گھر مین مجلس کرتے رہے ایک دفعہ پانچہزار روپیہ بھی سرکار سے عنایات عالیات جانے کو ملا مگر اتفاق نہ ہوا وہین انتقال کیا۔

پھر عہدۂ جلیلہ سفارت حضور عالم نے مظفر حسین خان کمبوہ کو خلاف مرضی بادشاہ مقرر کیا چند روز ماموریے ایکدن صاحب سکریٹر اعظم کو کوئی کلمہ گستاخانہ جواب مین دیا ناگاہ گذرا منعزول ہوے اونکو لوڈ رصاحب کمشنر الہ آباد نے وقت رخصت دوستانہ سمجہایا تھا کہ تم مطمین رہو اسے غنیمت جانو بادشاہ کے روزگار کے متمنی نہو نا خراب جاؤگے انکو طمع نفسانی کب چھوڑتی تھی حضور عالم نے خود ارادہ لندن بھی کیا تھا لیکن بادشاہ نے انکی مفارقت اپنے سفر دور دراز کی گوارا نہ کی بلکہ کیا عجب تھا اونکو اجازت گورنمنٹ سے نہ ملتی کسواسطے کہ کلکتہ سے باہر بے اجازت نہ جا سکتے تھے اور بالفرض اگر جاتی بھی تو اور دن سے کیا ہوا تھا جو انسے ہوتا۔ انجام کار تو یہ ہوتا تھا جو ہوا ویسا پیسا پینی پھر اوٹھا

حاجی توکل کا لندن سے کلکتے آنا اور محبت نامہ گورنر جنرل بہادر

حاجی توکل خواجہ سرا حبشی ہمراہی جناب عالیہ سے حسب الحکم مع شقۂ خاص جناب موصوفہ کلکتہ پہونچے باریاب شرف ملازمت ہوے خلوت مین عرضحال ولایت مشروحًا بیان کیا جو تحایف ولایت لائے تھے گذرانے نواب خاص محل صاحبہ کو دیے باقی کوئی احوال مفصل نہ کہا کہ کیون آئے پھر وہ لکھنؤ مین آئے۔

۲۴ جمادی الثانی مطابق ۲ فروری روز جمعہ محبت نامۂ نواب گورنر جنرل بہادر حسب مشتہا حضور شاہ مین گذرا حاصل مضمون یہ تھا کہ قبل ازین در باب مکانات چترمنزل وغیرہ تحریر فرمایا تھا کہ برقندار کو تواتی نے بہت تشدد سے ۶ ساعت مین مکانات شاہی کو خالی کروالیا جو مختص قیام صاحبات محلات تھا اور مطلق رعایت حفظ ناموس شاہی کی نہ کی اوسکا جواب

ملتوی رہا اب واگذاشت اور برخاست پہرہ بعض مکانات خاص سے کیے اور اوسی مجبت نامہ
مین تمھاری ملاقات شاہی بھی بطریق زمان ماضیہ بشرط منظوری خاطر مندج تھی اوسکا
جواب عذر علالت مزاج اقدس کیا بعد اسکے بہ فہمایش منشی امیر علی خان بطریق دوستانہ اور
راہ بے تکلفی نے ہوے اور تین لاکھ روپیہ شاید سرکار سے بہ علت مکانات دیے گئے اب انقباض
قبضہ سرکار مین ہین۔

خطوط ولایت سے سبب اس تحریک استیاق ملاقات کا معلوم کہ صاحبان کورٹ
آف دائرکٹرس نے تجویز کیا تھا اگر بادشاہ اور نواب گورنر خبرل بروقت ملاقات تصفیہ اکثر
متدمات خاص کا بے مداخلت ومشارکت غیر کے ہو تو بہتر ہے مگر یہ صورت نہوئی چنانچہ
مظفر حسین خان نے بھی بصلاح حضور عالم صورت ملاقات ٹھہرائی تھی لیکن بادشاہ نے کسیطرح
نمانا اسمین گفتگوی گستاخانہ بادشاہ سے بالمشافہہ ہوئی آخر کنارہ کش ہوے۔

مصلح السلطان انجم الدولہ اپنے بیٹے کی شادی کو جو میر یوسف علی خان کی بیٹی یعنی اونکی
بھانجی سے ٹھہری تھی بادشاہ سے رخصت طلب ہوے اور اسکے سوا اپنی مانکا دیدار آخری
منظور تھا مگر حسب الحکم فسخ عزیمت کیا اور اس باب خاص مین کچھہ مرحمت بھی ہوا آخر اپنے مختار
کو لکھا کہ تم امر ضروری سے ذراغت کر لو میرا آنا نہوگا۔ یہان اونکی ماں حسرت دیدار مین
مرگئین اور بیٹی بھی بعد شادی کے مرگئی خلاصہ جس ملازم خاص نے درخواست لکھنؤ کے آنے
کی کی بالطبع ناگوار خاطر اقدس ہوتا تھا اور جو آیا پھر نہ گیا چنانچہ شفاء الدولہ مصاحب خاص سبب
علالت مزاج رخصت ہوکر لکھنؤ آئے پھر نہ گئے سبب بھی ایسا ہوا تھا اہتمام الدولہ حیدر حسینخان
باجازت لکھنؤ آئے تھے پھر نہ جا سکے بخیال اپنی خانہ بربادی کے جب بادشاہ قلعے
سے مع الخیر دولتخانۂ مقیم مین تشریف لائے ان دونون نے عرضداشت شرف قدمبوسی کی حکم نہ ہوا۔

اخبار لندن میل ہی

مختار شاہی کا صاحبان کورٹ آف دائرکٹرس کے پاس حاضر ہونا اور ملاقات

دونون شاہزادون کی صاحبان موصوف سے اور اونکا شاہزادون کے گھر آنا اور احوال جو خطوط لندن سے معلوم ہوا

۱۱- اکتوبر ۱۸۵۶ء دنکو ایک بجے مرزا سکندر حشمت جنرل صاحب مرزا ولیعہد بہادر قصر بلوری شاہی اجلاس جلوس خاص جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا مقام سیڈنہم مین تشریف فرما ہوے ۸ گاڑیان سواری خاص اور ملازمین کے واسطے منگوائین نواب جعفر علیخان نواب مہدی علی خان خویش نواب احمد علی خان رئیس رامپور دو منشی ۴ خواجہ سرا باقی جلوس سواری ضروری کثرت اہل شہر سے بڑا ہجوم ہوا تماشاے عجیب سمجھکر سب جمع ہوے۔

اس مکان عالیشان کی رفعت وعظمت ونقش ونگار بوقلمون صفائی وشفافی جسے دیکھکر آئینہ کو حیرت آجاے اور زیب وزینت وآرایش اور آراستگی موزون ہر قسم کے لوازمات سے بتکلف تمام جسکے مشاہدہ سے حیرت واستعجاب ہو کبھی کسینے کہانی یا قصہ خیالی مین بھی ایسا پرستان کا رستانی نہ دیکھا ہوگا اور نہ سنا ہوگا زمان مانیہ مین شعر مشہور شاہجہان آباد کے واسطے لکھا تھا وہ محقق ایسے مکان کے شایان ہے اور اوسکی مجموع خوبی وصنعت قابل دیدہ نہ سنیدہ ہر چیز کا بیان زبان حال سے ممکن نہین ؎

ترا دیدہ و یوسف را شنیدہ شنیدہ کے بود مانند دیدہ

خلاصہ فرش پشمینہ قالین گشمیر جسکے وسط مین نقطہ بالدکار زردوزی تھا جنرل صاحب کو ازراہ آداب ایمانی پانون رکھنے سے تامل تھا ایک بڑی نہر آب اوسکے صحن مین جاری اوسکی خوبی بیان سے باہر ہے اس طلسم دنیا کے دیکھنے سے شاہزادونکو کمال تفریح و مسرت حاصل ہوئی اتفاقاً جنرل اوٹرم صاحب سے بھی وہین ملاقات ہوئی بر بنا فصاحب کیواسطے سے تعارفات ظاہری طرفین سے ہوئی ایک رفیق مرزا ولیعہد کہتے تھے کہ ایکدن جنرل اوٹرم صاحب اکیلے چھتری ہاتھ مین لیکر مکان پر آئے جسکو کہلا بھیجی کہ اوٹرم جسنے تمھارا ملک لیا حاضر ہے جب سامنے گئے مثل دستور ولایت شاہزادہ سمجھکر کھڑے رہے کرسی پر نہ بیٹھے ہر چند فرمایا کہ مثل ملاقات لکھنو پیش آنا چاہیے مگر قبول نہ کیا بعد اسکے مرزا ولیعہد نواب مہدی علیخان

بام قصر پر گئے وہان تماشاے اراضی وسماوی دونون دیکھکر مراجعت فرمائی۔
مدت طول خلاف زمان مافیہ جو پارلیمنٹ کو ہوئی جناب ملکہ معظمہ شکار کو تشریف فرمائی
تھین یہان جنرل صاحب مولوی میر الدین خان برنڈن صاحب بسبب وجوہات سابق
الذکر حالت سکوت مین تھے منتظر حکم شاہی اس عرصہ مین فرمان شاہی محررۂ ۱۱ ربیع الثانی
مطلب ہونیکا حریف سنکر گوشہ نشین مین جاکر بیٹھے اختیار کلی جنرل صاحب و مولوی صاحب
کو ہوا اب بنا کارا و مشورہ یہ ٹھہرا کہ صاحبان کورٹ آف وائرکٹرس سے عرضحال مشروحًا کرنا چاہئے
کہ حجت تمام ہوا و رانکا پہلے مکنون خاطر و مافی الضمیر دریافت کرنا بہتر ہے کسواسطے کہ بعد انفصال بھی
انھین کے تحت حکومت و اختیار مین رہیگا بظاہر راہ راستی و صورت آشتی باقی رہیگی
چنانچہ ایکدن میجر صاحب مولوی صاحب انکے پاس گئے صاحبان عالیشان کمال اخلاق و
پاسداری سے متوجہ حال ہوے انھین تعارفات کی باتون مین مستفسر اختیار کرنے ایسے سفر دور و دراز
کے ہیے مولوی صاحب نے جواب دیا کہ نظر بوثوق مواثیق فیمابین سرکارین عالیتین جو مدت ممتد سے نقش کالنجر
تھا لیکن تجویز اہالیان سرکار دولتمدار سے وہی نقش کالنجر بالفعل نقش برآب معلوم ہوتا ہے جو بنظر
عالم باعث تحیر و استعجاب کا ہوا کہ انتزاع ممالک محروسۂ شاہی آیا کس طریق مواثیق ماضیہ سے
ہوا ہے چنانچہ بروقت استفسار صاحب رزیدنٹ لکھنؤ نے جواب صاف دیا کہ فقط حکم قطعی نواب نزہت
سے تعمیل اسکی نہین ہوئی ہے اسکے بعد بادشاہ حالت اسیری و بیسر سامانی مین مع عیال خاص
اور جماعت قلیل ملازمین ہمراہ رکاب سے شدت حرارت موسم تابستان مین جلاے وطن اختیار
کرکے کلکتہ تشریف لائے نواب گورنر جنرل نے وہی جواب فرمایا کہ ہمنے حسب الحکم صاحبان
کورٹ آف وائرکٹرس اور انھون نے باستصواب رکن رکین سلطنت ایسا حکم قطعی جاری کیا ہے
اب میرے حیطہ قدرت اور امکان سے باہر ہے اور قطع نظر اسکے بالاتر سب سے یہ ہوا کہ جو لوازمات
تعارفات معمولی قدیم سے چلے آتے تھے خلاف رتبہ و قرب منزلت اس خاندان عالیشان
کے اہالیان سرکار سے ظاہر ہے وہ بیان سے باہر ہین پھر کیونکر موجب استعجاب جمیع وابستگان
سرکار دولتمدار نہ ہو جبوقت کہ ورود کلکتہ ایک ادنی ملازم سرکار شاہی کا نسبت زمان ماضیہ
مقابل کیا جاے تو نظر عالم مین نسبت ایک اور ہزار کے بھی نہ ٹھہرے گی پس ایسے آلام و مصائب

روحانی سے اس شدت حرارت تابستان مین مزاج شاہی زیادہ تر جادۂ اعتدال سے منحرف ہوا ان وجوہات سے کچھ نہ بن پڑا سوا اسکے کہ خود کلکتہ مین قیام فرماتین اور جناب عالیہ جنرل صاحب مرزا ولیعہد کو اپنا جانشین وقایم مقام ووارث سمجھکر تھوڑے سے ملازمین سے روانہ ولایت فرمایا بس پہلے آپکی حضور مین عرضحال ضرور ہوا کہ آیا مدت دراز سے اس سرکار شاہی خلاف عہدنامجات ماضیہ آج تک کونسا امر سرزد ہوا جو باعث انتزاع ممالک محروسہ ہوا۔

جواب ہمنے بھی وقدرے سلطنت کے حکم سے یہ امر کیا ہے خان موصوف نے عرض کیا کہ اگر مطابق مدششم عہدنامہ فردوس منزل اہالیان سرکار کرتے تو البتہ اتنا مقام شکایت ہوتا جواب دیا کہ ہم نے اس عہدنامہ ہوا ہو تو ارشاد فرمائیے یا وہی عہدنامہ سابق چلا آیا ہے اور وہ عہدنامہ ہوا ہو تو ارشاد فرمائیے یا وہی عہدنامہ سابق چلا آیا ہے اور وہ عہدنامہ نہ تھا جو بابت ۱۶ لاکھ روپے دفعہ دوم درخواست حضرت فردوس منزل ہوا اور سے اہالیان سرکار نے محض پاس خاطر ہمایون بہ طریق قرض مومہ قبول فرمایا ہے عرض اسی گفتگو خاص سے صاحبان موصوف نے تامل فرمایا مختارنامہ طلب کیا اور بعد مطالعہ تحریر مختاری کو منظور فرمایا بعد اسکے شاہزادون کی ملاقات کا ذکر ہوا کہ موجب تشفی شکستہ دلون کا ہوگا جواب دیا کہ اگر ہم پہلے سبقت ملاقات کرینگے موجب توہین سلاطین متفقہ مین ہوگا لیکن اگر وہ پہلے تشریف لاوین خلاف اخلاق نہوگا اور ہماری ولایت کا دستور بھی یہی ہے پھر ہم اونکے مہمان ہونگے عرض کی کیا مضایقہ خلاصہ بڑی عزت واحترام سے پیش آئے اور ہر سوال کا جواب شافی بکشادہ پیشانی دیکر رخصت کیا۔

خان موصوف نے یہ کیفیت خاص جنرل صاحب سے عرض کی اور تاریخ دن وقت خاص ملاقات تعین ہوا دوسرے دن صاحبان موصوف نے ایک جلد کتاب بلوبک جنرل سلیمن صاحب جسمین خرابی وانتظامی ملک اودھ مندرج تھی بھیجدی مع چٹھی انگریزی۔ یہان مخرب اور حریفون نے آتش افروزی کی کہ پہلے سبقت ملاقات آپکی شان ومنزلت کے خلاف ہے مرزا ولیعہد کے فرمانے سے جنرل صاحب کو بھی تامل ہوا۔ ہرچند خان موصوف نے بہت سمجھا

و سماجت سے عرض کیا منظور خاطر نہوا آخر ناچاری عرض کی کہ اب بنائے مقدمہ ہاتھ سے جاتی ہے اور مشقت و عمر عزیزی سب میری برباد ہوئی جاتی ہے مین نے صاحبان موصوف سے وعدہ کیا ہے ان نمازدن کے لگانے بجھانے سے کارسرکار ابتر و خراب ہو جائیگا اور اونکی غرض یہ ہے کہ مین صاحبون کے نزدیک ساقط الاعتبار ہو جاؤن خیر صاحب نے فرمایا مبادا سبقت ہماری ملاقات سے اسقدر ہمارا احترام نہو تو موجب ہماری شکستہ دلی کا ہوگا عرض کی یہ ذمہ غلام کا ہے جیسا چاہیے ویسا ہی احترام سے پیش آئینگے خلاصہ بعد سکے بنا یہ ٹھہری کہ اس تاریخ معینہ کو موقوف کرواد ردن اور وقت مقرر کر و خانہ موصوف نے بھیجی صاحبان موصوف کو عذر علالت مزاج خیر صاحب بھیجی کہ بعد افاقہ کلی مزاج عرض کیا جائیگا - ۱۶ فروری روز جمعہ ۱۸۵۵ء خیر صاحب مرزا ولیعہد ملازمین خاص سے بجلوس تمام ہری ہوس سے سوار ہوے ۵ گاڑیان اور تھین پہلی مین مولوی میح الدین خان میجر برڈ صاحب سوار ہوکر اندیہ ہوس کو چلے راہ مین کثرت تماشائیون کی بہت تھی —

جب گاڑی شاہزادون کی اندیا ہوس کے پھاٹک پر پہونچی کئی صاحب پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ اندیہ ہوس کے استقبال کو آئے سی آف شیپ اپرڈ پریوٹ سکرٹری چیرمن کمرۂ دربار مین لے گئے کرنل سکیس چیرمن دربار اردی منگلس ایم پی ڈپٹی چیرمن وغیرہ ممبر مثل سر ہنری رالنسن - کرنل الفیٹ شیپ برڈ صاحب - کپتان السٹوک پرنسپ صاحب الیٹ میگنان صاحب منتظر شاہزادون کے تھے صاحبان عالیشان بعد مبادلۂ سلام شاہزادون سے بنگلگیر ہوے ممبران دربار پہلے والان مین لیے گئے جہان مالک دربار بیٹھے تھے مناسبت کرکے بٹھلایا بعد اسکے میوزیم یعنی عجائب خانے مین سب باتفاق گئے جہان اجسام جانوران ہندوستان زمان قدیم شل کالاصل تھے اور تصویرین شاہنشاہ فرانس و ملکۂ فرانس جو چند روز سے از راہ ہدیہ آئی تھین اور تصویرین خاندان سلطنت اودھ ابتدا سے تا زمان حال اسکے بعد داخل کمرۂ لطافت ہوے جہان تیاری ضیافت اقسام اطعمہ و فواکہات میوہ جات وغیرہ کمال حسن تکلف سے آراستہ تھی بیٹھے صاحب فصحای لندن سی سبر جیمس ملول سکرٹری کورٹ آف دائرکٹرس رکنس صاحب ڈپٹی سکرٹری اور امرای عظام سب جمع تھے بعض فواکہات شاہزادون نے

بخاطر میزبانون کے کمال احتیاط سے میل فرماتے بعد ۳ بجے کے رخصت ہوئے

۱۹ - ماہ مذکور کو شاہزادے مع ملازمین خاص سر رفٹر رائے کلے کی ملاقات کو بگادی مین تشریف لے گئے بعدا سکے رایٹ آنریبل بی ملٹرکٹس صاحب کو طلب فرمایا دوسرے دن چیرمن ڈیرکٹس ایسٹ انڈیا کمپنی شاہزادون کی ملاقات کو آئے اور طریق ضیافت بہت تکلف سے ہوا -

خطوط ولایت سے معلوم ہوا کہ جب شاہزادے تشریف فرما تھے صاحبان سکریٹر نے راہ مین استقبال کیا اور چیرمن نے پھاٹک سے اور جب گاڑی فرودگاہ پر پہونچی سب صاحب نے باہر آکر استقبال کیا اور حسب دستور ٹوپی اتاری کھڑے رہے جب تک شاہزادے گاڑی سے اترے اوسوقت چیرمن ہم پہلوے مرزا ولیعہد اور ڈپٹی چیرمن جنرل صاحب کے پہلو باقی اور صاحب بعض آگے باہتمام اور سہبری کو مقام اجلاس تک لے گئے غرض کمال احتشام و احترام سے جو فراخور اس خاندان کے تھا بلکہ زیادہ تصور سے پیش آئے اور خوبی اور آراستگی اور زیب و زینت مکان اور شیشہ آلات اور گلدستہ قمقمون اور آئینہ اور میز کرسی ڈنگل - کینچ طلائی و نقرئی اور سب لوازمات موزون اور مناسب سر مقام کے جو بیان سے باہر ہے دیکھنے سے تعلق ہے -

صاحبان عالیشان نے پہلے میجر صاحب سے پوچھا کہ مولوی سیح الدین خان انگریزی مین بات کرسکتے ہین کہا کہ تحریر ترجمے سے عاجز نہین مگر بولنے سے کم ربط ہے اس سے بہت خوش ہوے فرمایا ہم مین سے اکثر صاحب زبان فارسی عربی سے واقف ہین خلاصہ پہلے ہر صاحب سے بغلگیر ہوے پھر معانقہ معمولی ہوا پہلے حال سفر اور کیفیت سواری جہاز اور معمولات راہ کا ذکر ہوا شمہ حال پرسی دوستان قدیم جس سے زیادہ ترموجب شگفتگی خاطر شاہزادون کا ہوا بعدا سکے مکان میوزیم مذکور مین سب گئے کہتے ہین کہ دور احاطہ مکان خاص کا ایک میل سے کم نہ تھا اور آراستگی اسکی نسبت پہلے مکان کے ہزار بیمد تھی اور تصویرات سلاطین ماضیہ اور تصویرین خاندان عالیشان اودھ کی اور کتب عربی و فارسی - عربی قلمی - عجائب روزگار سے اقالیم ہند مین کسینے نہ دیکھی ہون اور کمرہ ضیافت مین مولکات میوہ جات تر و خشک گلدستہ مرصع کا روبان حضا

تکلیف وہ حاضری کے ہوئے انتظام نشست علی قدر مراتب ملازمین خاص موقوف مرتبی مبارک شاہزادوں
پر تھی - چیرمن دیسطرح دونون شاہزادون کے پہلو مین مولوی صاحب پہلوی مرزا ولیعہد بہادر
صاحبان عظام نے ازراہ دانشمندی خان موصوف سے کہا کہ تم مختار بادشاہ بیجا ہے بادشاہ صدر
مین بیٹھو یہ خلاف دستور ہین اسمین یہ متردد ہوے کہ شاید ناگوار شاہزادون کے ہو اور توقف کی
معلوم ہوا کہ مرزا ولیعہد بہادر سے علیحدہ بٹھانا منظور ہے شاید گفتگوے معاملہ بلاواسطہ غرض رفع
خاطر کرکے یہ اپنے طور پر گنج میز پر بیٹھے لیکن پہلے سے سمجھا دیا تھا کہ فقط لفظ استرداد ملک پر آپ
منحصر کیجیے گا خلاصہ باتین تعارفات کی شروع ہوئین ملازمین بہ طبیعت دلیغمی مشغول خورش
میوہ جات ہوے اور شاہزادے بھی بپاس خاطر کمال احتیاط اور پرہیز سے نواکہات مطبوع
نوش فرمانے لگے بعد اختتام صحبت کمرۂ خلوت مین سب صاحب گئے گفتگوے انتزاع ملک
شروع ہوئی اور خان موصوف نے ابتدا اور انتہاے مقدمات بخوبی گذارش کیے صاحب
ساکت و خاموش رہے جواب شافی نہ دیا بلکہ ادسکے خلاف سنکر کہنے لگے کہ خانصاحب تم
بہت تیز و تند ہو گئے ہو عرض کی آیا خلاف واقعہ یا خلاف مروب و منزلت دیگر نہ انصاف شرط
ہے کہ واسطے کہ اول مرحایہ طے فرمائیے کہ اگر بعد عرض حال مقدمات ہمارا قصور ثابت ہو تو
ہم جب ہو رہین اور اگر نسبت اہالیان سرکار ہو تو معترف ہون اسصورت مین البتہ احتیاج تالیف
کی پڑیگی پس خواہ نخواہ مرافعہ طرفین محول پارلیمنٹ ہوگا اسکے بعد صحبت برخاست ہوئی شاہزادے
فرحان و شادان پھر آئے خلاصہ صورت مقدمہ ایک طریق سے براہ راست چلی آتی ہے

۲۱ جنوری کو صاحبان عالیشان مہمان دولتسراے شاہزادون کے ہوے لوازمۂ
مہمانی و خاطرداری حد سے بیان زیادہ ہوا - ہرچند کہ بی سروسامانی و غریب الوطنی سے خاطر
خواہ موافق مرضی ممکن نہوا لیکن طعام ہندوستانی سے جو ہر قسم کے موجود تھے صاحبان
موصوف کو بہت لذت چاشنی ہند حاصل ہوئی بہت خوش خرم لطف صحبت اوٹھاکر رخصت
ہوے بعد اختتام صحبت کمرۂ خلوت مین بعض صاحب و مختار شاہی اور شاہزادے رفیق
افروز ہوے کہنے لگے جنرل سلیمن نے ایکو کئی خط نسبت بادشاہ لکھی ہین انمین سے کئی ہمیں
بھی ثابت و متحقق ہین لہذا ۵۰ لاکھ روپیہ سالانہ نذرات بادشاہ کو اور عمل ۵ کوسی کو دیکھو بطور

یا گیر ۵ لاکھ روپے سالانہ کا تجویز کیا ہے عرض کیا اس آپکے ارشاد کو کچھ سند اور نیز اطمینان موکلون کے واسطے لازم ہے پس اُسی وقت موافق اقرار صاحبان عالیشان یہ تحریر ہوئی مختار شاہی نے اودھ سے پارلیمنٹ مین بھیجدیا اور وزرائے سلطنت کو بھی گذرانی یعنی اظہار مدعیون سے ہے الحمدللہ کہ ہمارے موکلون کی بے قصوری کلی ثابت و ظاہر ہے اسے وزرائے سلطنت اور اہل انصاف نے بھی مستحسن جانا۔

جنابعالیہ نے بضرورت خرچ لابدیات یا مناسب وقت سمجھکر ایک ہار جواہر دو لاکھ روپیہ کو لونٹ ایم ڈیمارنی کے ہاتھ بیچا اونھون نے اپنی عروسی کو لیا۔ یہ خبر لندن میل اخبار سے معلوم ہوئی

۳۱ - جنوری کو جلیس الدولہ نواب مہدی قلی خان - جرأت علی خان کو اونکے نوکرون نے کھانے مین زہر دیکر کھلایا ۱۶ - آدمی بہزار خرابی مرکر بچے کہتے ہین کہ یہ فکر برعکس ہوئی مثل چاہ کندہ را چاہ در پیش ہے - جب تسلط و اختیار کلی جنرل صاحب کا ہوگیا اور مختار شاہی بھی روبراہ ہوے میر اولاد علی مذکور مایوس و ناکام ہوکر ایک عورت ملازم جنرل صاحب سے آشنائی کرکے کلکتہ آئے حاضر حضور دستور معظم ہوے پچاس روپیہ ماہواری مقرر کرنے لگے راضی نہوے اس خیال سے جو کلکتہ مین مین اون کے دو سو مجھے سفر لندن سے اتنے مگر بیگم صاحبہ حضور عالم کی کبھی کبھی کچھ کفالت خرچ فرماتی تھین مگر بہ نسبت لکھنؤ کے بہت تکلیف سے گذرتی ہے - شاید وہین انتقال کیا - زمان حکام حتمامین البتہ صورت فلاح رہی -

اوسی اخبار مین یہ بھی مندرج تھا کہ لارڈ دالہوزی صاحب اوسی علالت و ناسازی مزاج مین اب تک صاحب فراش ہین - واکر سمسن صاحب اونکے معالج ہین اولی بیٹیان ریتا ہین اس حیث سے اندین گورنمنٹ مین جوابدہی کو آنا جانا بیٹھنا محکمۂ پارلیمنٹ مین دشوار ہی جب تک کہ صحت کلی نہو جنرل سلیمن صاحب بھی بسلامت ولایت نہ پہونچے انکی گھر پہونچکر یہ صورت ہوئی - دعاے غرباے مومنین لکھنو خالی نہ گئی -

خلاصہ اجلاس پارلیمنٹ ہوا مگر بخوست تقدیر رعایا اودھ سے پہلے مقدمۂ جنگ چین اور ہنگامہ فساد بندر بوشہر ایران درپیش ہوا بعد قیل و قال تنازع کلی میان صاحبان ہوس آف کامنس

واقع ہوا اور رائے سلطنت و رعایا و مؤکلان و اکثر ممبران نے اسے کئی وجوہ سے اچھا جانا باقی تمامی رعایا غیر مستحسن و خلاف جان کر اظہار اپنی رائے کا کیا اور رائے سلطنت رعایا ملکر اس اجماع کو موقوف کر کے تجویز اجماع جدید کی حالانکہ حسب قانون بعد ۷ برس کے یا ۵ برس مین حکم شاہی سے امنائے ہوس آف کامنر موقوف ہو کر نئے بھرتی ہوتے ہین پس ان ممبران خاص و عام نے مشہور کیا کہ ہمین چار سبب سے خارج جھیلن ہم اپنے نزدیک اصلاح حال و نیک نامی و عدم زیر باری سرکار سمجھتے تھے - اول لڑائی چین بنگالہ بھی کسواسطے کہ ہمین وہان کی تجارت سے منفعت کلی حاصل تھا چار کرور کی مصری وچای وہان سے آتی ہی اور اسی قدر افیون وغیرہ ہم وہان لیجا کر بیچتے ہین - دوسرے جنگ ایران سواے اسکے کہ کئی برس تک لڑین نقصان عظیم اوٹھاوین اور پھر صلح کرلین کسواسطے کہ لینا آسان مگر تسلط تمام مشکل اسکے سوا اور سلطنت کے والی کب راضی ہونگے کہ ہم دوسرے کی سلطنت چھین لین تیسرے وہ امور جو خلاف مذہب و ملت کسیکے ہون اونکا جاری کرنا اچھا نہین کہ باعث ناراضی خاص و عام بدنامی سلطنت ہے چوتھے نفع قلیل موہوم پر مملکت اودھ کا لینا خلاف عہد و میثاق اور سبب ساقط الاعتباری سرکار ہے -

خلاصہ تجویز اجماع جدید مین ایکسو کئی آدمی زیادہ نسبت سابق مشخص ہوے غالب ہے کہ آخر مئی مین اجلاس جدید ہو دیکھا چاہیے کہ رائے صواب اس اجماع امت کی مقدر خاص اودھ مین کیا پڑتی ہی آیندہ مین درچہ نمایم و فلک درچہ خیال - شورے خاص و عام بہت خوب ہے لیکن رائے سلطنت کو بہر صورت اختیار ہے -

بادشاہ کا اور حضور عالم وغیرہ کا قلعہ مین جانا وغیرہ

۷ شہر شوال سنہ ۱۲۷۳ھ مطابق سنہ ۱۸۵۷ء جب ڈاک انگریزی بند ہوئی خبر کلکتہ بالکل مسدود ہوگئی ارکان دولت شاہی اور صاحبات محل مضطر ہوے بہت سے وسوسے اور خیالات ہر ہر ایک کو گذرنے لگے آخر قاصد بطور زنانہ تبدیل لباس سے روانہ کلکتہ ہوے اور یہ بھی متواتر سنا گیا کہ گورنمنٹ نے بمنظنہ ہو کر لحاظ باحتیاط پلٹن متعلقہ قلعہ اور بارکپور سے ہتھیار لیلی سپاہی فقط گزشی

پہرہ دیتے ہین اور جتنے صاحب ہین فوج کے خوف سے رات کو جہاز دن پر استراحت کرتے ہین
اور جتنے جہاز ولایتیاے دور دراز کے لنگر گاہ مین ہین وہ سب باہر نہین جا سکتے ہین
سواے جہاز دودی یا ڈاک سرکار کے۔

اب مرثیہ حال مصیبت حضرت سلطان عالم سنا چاہیے کہ آخر ماہ ذیقعدہ بفصل اول
کلکتہ کھلا کہ ماہ مبارک مین مزاج اقدس بہت ناساز ہوگیا جب شافی حقیقی ذی شفای کلی عطا فرمائی
اخیر ایام عذر مین غسل صحت فرمایا ملازمین کو خلعت وانعام ملا مدہ ونیاز دسترخوان وغیرہ
ادھی شب ہوا مگر یہ کسی خیراندیش کے ذہن ناقص مین نہ گذرا کہ مبادا اس جشن شاہی سے
حکام عالیشان کے خیال مین گذرا ہو کہ بظاہر حیلۂ صحت ہی اور باطن مین ہمارے غدر و فساد کا
جشن شادی کیا ہی سب اپنے خواب غفلت مین بیہوش و بے خبر رہے اسکے سوا اور کئی امر
ایسے ہوے جس سے سرکار کو مظنہ بد ہوا اوسکی تدبیر مناسب وقت بھی جو عمل مین
آئی چنانچہ بجرہ وخانی مال بادشاہ جو لکھنو سے پہونچا تھا بادشاہ نے پانچہزار روپیہ خرچ کرکے
درست کروایا تھا حضور عالم اوسپر اکثر سوار ہوکر تفریحاً کیلا کا جیہ تک جایا کرتے تھے ایک
خیراندیش نے عرض کیا ایسے وقت فساد مین آپکا متواتر اتنی دور جانا اچھا نہین مبادا
سرکار کو اخمال آپکے نکلجانے کا ہو دوسرے کہ قراین سے ہمین دریافت ہوتا ہی کہ کیا عجب ہے
ہم سب چند روز کیواسطے نظر بند ہو جائین پس مناسب اور صفاے قلبی مقتضی اسکی ہی کہ آپ
خود نواب گورنر جنرل سے عرض کیجی کہ اس شورش ہنگامۂ فساد سے جو سارے ہندوستانین برانگیختہ
ہو رہا ہے ایسا نہو کیصورت اقدام سے الزام سرکار نسبت ہمارے ہو لہذا مناسب یہ ہی کہ ہم چندے
تا رفع ہنگامہ آپکے قریب کسی کوٹھی مین آکر رہین تو بہتر ہی۔ یہ بھی حضور عالم نے اور خود بادشاہ
نے گوارا نہ کیا فرمایا دیدہ دانستہ از خود قید فرنگ مین اپنا پھنسانا کیا ضرور ہی اور خلاف
ہماری شان و منزلت کے بھی ہے اسکے سوا نواب مخدرۂ غظمی ذی کئی لاکھ روپیہ بنگال بنک مین
دیا تھا پہلے خود قصد روانگی لکھنو کیا تھا پھر اپنے دیوان ٹیکیت رائے کو اوسکے زر منافع لینے کو بنگ
مین بھیجا کہ مجھی ضرورت اپنے ملازمین کی تنخواہ کی ہے اس سے ثابت ہوا کہ لکھنو جاکر تقسیم تنخواہ
بدمعاشان سرکار کرینگی۔ خلاصہ جیہ لیے اسباب ظاہری اپنی نافہمی اور بداقبالی سے پیدا ہوا

تو عقلاے صاحب فہم کیونکر نہ اسکے سد باب کی تدبیرین یا اوسیطرح غافل بیٹھے رہین چنانچہ
بشیر الدولہ مرزا فدا حسین خان نجومی کہتے تھے کہ ہندوستانی افسران فوج نے مجھے عرضداشت
بادشاہ کی لاکر دی مگر بادشاہ نے تبا کید و تہدید فرمایا کہ زنہار انسے امور رکیک و فساد بھرے
سامنے پھر ذکر نہ کرنا مین بیان سرکار کی قید مین ہو کر ایسی حرکت کردن اپنے گھر مین جب تھا
کبھی مجھے ایسا خیال فاسد نہ گذرا بیان ایسی حرکت کا مرتکب ہون۔

غرض ۲۳ ماہ شوال ۱۲۷۳ھ مطابق ۱۸۵۷ء پہلے سرکار نے یہ انتظام کیا کہ
شہر کلکتہ سے کوئی شخص باہر نہ نکلنے پاوے اور جو جاے تلاشی لے لو قریب صبح صادق
تھی کہ فشکریان شاہی نماز گزار متوجہ و مشغول نماز اور اکثر مسجد گاہی ہوا چاہتے تھے اور اکثر
خواب غفلت یا عیش و راحت مین غلطان اپنے اپنے بستر آرامگاہ پر ہو رہے تھے کہ ناگاہ
دو ٹیالن گورہ ۴ سو برقنداز نے احاطہ خاص کوٹھی کو ہر چہار طرف سے گھیر لیا ۱۲ توپین بڑے
پھاٹک پر اور چار چار اور دونون پھاٹک پر لگا کر مہتاب ہر توپ پر روشن۔ میجر ہیرٹ
صاحب ٹون میجر کونیا صاحب قلعدار نے تکلف بیباکانہ داخل کوٹھی ہو کر درجۂ اول
کوٹھی مین کرسی نشین ہوے اور تین حمازخبگی سمت دریا لگا دیے اوپر ہر توپ پر مہتاب
روشن تھی بادشاہ غسل کر کے مشغول نماز تھے کنز الدولہ مصلح السلطان کمر مین ولایتی
لگائے آئے بادشاہ سے صورت حال عرض کی بادشاہ نے بعد فریضہ نماز تبدیل پوشاک
فرمائی حمایل قرآن شریف کو حمائل کیا تلوار دھوپ دست مبارک مین لیکر فرمایا میجر صاحب کو
بلا لو میجر صاحب بہ کمال نمایش غرور سامنے آئے اسکا سبب یہ تھا کہ اسکے پیشتر کبھی بادشاہ
نے انسے ملاقات نہ کی تھی فقط مصلح السلطان کے پاس آکر خبر خیریت پوچھکر چلے جاتے تھے
اب اس حکومت پر آئے کہا حکم نواب گورنر جنرل یہ ہے کہ آپ چندے قلعہ مین ہماری
حفاظت مین رہے تو بہتر ہے فرمایا مجھ اسیر بے گناہ پر کس جرم پر یہ قید جدید ہوتی ہے
بیان بھی تو مین تمھاری قید مین تھا سنو یہ قرآن ہمارا ایمان ہے ہم بقسم شدید بدل
کہتے ہین کہ بجز اطاعت و فرمانبرداری سرکار ز نہار ز نہار کوئی امر فاسد متصور کبھی نہ تھا اور
نہ ہی جو دشمن سرکار ہوا دسے اپنا دشمن جان و مال و آبرو جانتے ہین خیر اب اگر یہی منظور ہے

بسم اللہ حکم حاکم لیکن جہاز پر سوار نہ ہونگا میجر صاحب نے ایک سوار کو حکم دیا نواب گورنر جنرل
کی جلد گاڑی لاؤ بادشاہ سوار ہوے میجر صاحب اور لون میجر رو برو بیٹھے نواب مجاہد الدولہ پھوپھا
بادشاہ کے مسلح پہلو مین بیٹھے ایک افسر انگریز نے چاہا مین بھی پہلو مین بیٹھون نواب نے منع
کیا ترک ادب ہے کہنے لگا پھر کہان بیٹھون کتا کوچ بخش پر ایک خواص نے چاہا گاڑی کے
پیچھے لٹکتا ہو یا دیانت الدولہ نے کہا آج یہ مقام ہم غلامون کا ہے میر نواب مخاطب عشرت الدولہ
جوان نورسیدہ ملازم مجاہد الدولہ بھی اونکے برابر جا کھڑا ہوا بادشاہ نے وقت سوار ے
کنز الدولہ سے فرمایا ہماری جان اب تمھارے اختیار مین ہے او مصلح السلطان سے
فرمایا میرے گھر سے خبردار غرض کچہ سوار جلو سواری مین ہوے قلعے کے مکان مجوزہ مین
داخل ہوے راحت السلطان کربلائی خدمت گذار شاہی بیتاب و بے قرار ہو کر قلعہ کے
دروازے پر پہونچی گورد نے روکا شگین سے دھمکایا اس عورت مرد سیر نے جواب بہت
سخت دیے کہ تم خود یہان اپنی جان دینے کو آئے ہن دھمکاتے کیون ہو گولی مارو مین
ہرگز یہان سے نہ سرکون گی غرض درانہ بادشاہ کے پاس چلی گئی امین الدولہ بھی افتان و خیزان پہونچی
اسوقت بادشاہ کے پاس فقط ۱۶ آدمی حاضر رہے بعد کئی دن کے ۲۴ آدمی ہر خدمت کو اجازت ہوئی بتفصیل حدیث
حضور عالم نماز فریضہ پڑھکر پوشاک بدل باہر برآمد ہوے احسان حسین خان مع احمد علیخان
منشی میرن خان رفیق قدیم یہ سب جہاز پر سوار ہوے میرن جان سے تلوار مانگی انھون نے
جھنجھلا کر دریا مین پھینکدی توپ مین ڈانٹ دیکر احسان حسین خان کو اوسکے سامنے کھڑا
کیا پوچھا ہم کس جرم و خطا پر اسکے سزاوار ہوے ہین کہا اگر بادشاہ قلعہ کے جانے مین لگت
کرتے ہم تم سبکو حواس احاطے مین تھے توپ سے ہر چہار طرف سے اوڑا دیتے رضینا بقضا
بسکہ حالت سکرات مین رہے ۱۲ سو آدمی مجموع اوسوقت احاطۂ کوٹھی مین تھے سوے اصاحبات محل وغیرہ
جب بادشاہ سوار ہوگئے فوج مع توپ اپنے مقام پر پھر گئی لیکن جتنے آدمی باقی رہے کوٹھی
مین شمار کر کے لکھے اور ہر روز ان سب کا جائزہ لیا جاتا تھا معلات مین ہر طرف قیامت کبری
ہوئی۔ شاگرد پیشہ خوف جان سے ہر طرف کی دیوارین پھاندگے اور تبدیل لباس
فقیر بنکر ہر طرف کو چلے گئے کئی مہینے مین راہ غیر متعارف سے ننگے ہو کے پیادے افتان و
خیزان لکھنؤ پہونچے انمین سے بہت سے راہ مین گرفتار ہو کر کلکتے گئے قید ہوے میر ایک کیواسطے ایک

مدت ہوئی تھوڑے سے آشنے پھانسی بھی ہوئے صاحبات محل مین عجب کہرام مچا تھا اور حالت یاس و بیم مین تھی کہ دیکھئے اب کس بلا مین گرفتار ہوتے ہین کوٹھیان ماتم سرا ہوگئی تھین اسکے بعد بیجر صاحب نے سب کے نام کتاب مین درج کیے کہ انکے سوا کوئی آدمی غیر باہر سے نہ آنے پاوے اور جائیزہ ہر ایک کا ہوتا تھا شام کو جہاز دریا کیطرف اکر لنگر کرکے تمام شب رہتا تھا سبھون نے خوف سے اپنے ہتھیار دریا مین پھینکدیے تھے -

جب وہ یوسف کنعان زندان مصر یعنی داخل قلعہ ہوا گورے اور ہر افسر نے زبان طعن و تشنیع کھولی اور شکایت قتل قمع زن و مرد و اطفال جو ہر مقام ہندوستان مین ہوئی تھی اور اپنے زعم باطل مین فقط انکا باعث سمجھے ہوئے تھے اپنے دل سوختہ کے پھپھولے پھوڑے تھے خلاصہ ۸ پہر تک طعام خاصہ بادشاہ تک نہ پہونچا آخر مصلح السلطان نے بیجر صاحب سے کہا کہ حسین کو آب و طعام نہ دینا آپ کے خلاف قانون بھی نہین ہے جب حکم نواب گورنر جنرل ہو خوان طعام گئے گورے نے تلاشی کیواسطے ہاتھ کھانے مین ڈالدیا بادشاہ نے بکمال غیظ وہ وہ خاصہ نوشجان نہ فرمایا خوان پھر آئے - مصلح السلطان نے پھر صاحب سے کہا کہ اب ۱۲ پہر گذرنے مین حکم ہوا گورون کے سامنے خواص بادشاہ تلاشی طعام لیا کرین -

احسان حسین خان کو کمرۂ قید مین آٹھ دن تک کھانا نصیب نہوا فاقہ کیا ہے بیر کا گورہ کہتا تھا جتنے ستہ ضروری ہین سب بیرک سامنے کردو اسوقت مین جب بیڈن صاحب سکرٹر اعظم اور صاحب قلعہ نے دو سہ کمرے کی اجازت دی لیکن سب سے زیادہ یہ امر عجیب ہوا کہ بیجر صاحب اور سکرٹر صاحب نے انسے پوچھا کہ تم راجہ مانسنگ کے بادشاہ کے پاس آنے سے واقف ہو ہمسے کہو وگرنہ تمھارے واسطے بہت بُرا ہوگا اسمین سب طرح سے زمین آسمان جھکائی سکین نبدو پھانسی ذیعرہ سنی بھی دُریا عرض جانا مجھی مطلق نہین معلوم اور قتل منظور ہے ہم بھی موجود ہین پھر دیر کرنا کیا ضرور ہی ہم اپنی جان سے ہاتھ دھوکر آئے ہین غرض متواتر اسی خبر کی تصدیق چاہی دہی جواب صاف دیتے گئے بظاہر غالب ہے کہ یہ خبر باعث بلائے ناگہانی ان سب کیواسطے ہوئی ہو دوسرا سبب شاید یہ ہو کہ بیجر صاحب سے بادشاہ سے ملاقات ہوتی تھی اور بادشاہ نے کانپور سے صاحبون کی ملاقات سے کنارہ کیا تھا چنانچہ چیف کمشنر نیچاب لارنس صاحب بھی

کانپور مین ملاقات بادشاہ سے چاہتے تھے نہوئی عذر ناسازی مزاج کہا گیا کمشنر صاحب کو بہت ناگوار ہوا اب بحکومت آنے لگے بہرحال کسی مخبر مفسد نے میجر صاحب کو یہ خبر پہونچائی ایسے ہدشے اور دو سو سے جب گذرے میجر صاحب نے نواب گورنر جنرل سے عرض حال کیا کہ بغاوت و سرکشی سپاہ باغی کی ظاہر ہے ایسا نہو کہ بادشاہ معذور کو لیجا کر اپنا سررشتہ بنا دین پھر ہمسے کچھہ نہ ہو سکے گا لہذا اگر چندے قیام بادشاہ قلعہ بین ہو تو بہتر ہے نواب معظم الیہ نے باستصواب رائے میجر صاحب اسے منظور کیا تھا از راہ مال اندیشی اور خارج سے اکثر معتبرین لکھنو کو بھی راجہ کا جانا فقیر نکلنا اور بادشاہ کے پاس جانا اور عدم منظوری بادشاہ بخوبی معلوم ہوئی تھی - زبانی اون کے بعضون نے بچشم خود دیکھا

غرض بعد کئی دن کے فتح الدولہ مرزا محمد رضا برق مقرب خاقان مرزا جعفر اونکے بھائی شریک حال ملازمین شاہی ہوئے بعد کئی مہینے کے جب عوارض لاحقہ سے اونکا حال غیر ہوا مردہ بدر زندہ ہو کر کوٹھی موچی کھولہ مین آئے دو تین دن کے بعد مر گئے میر احمد سود اگر کے باغ مین دفن ہوئے جب لکھنو سے چلے تھے اکثر دوستون سے ازراہ تعفل کہتے تھے کہ ہماری مشت استخوان مشتاق خاک کلکتہ سوری سی بہرحال اپنے حقوق ولی نعمی سے ادا ہوئے بادشاہ نے اونکا درماہہ اونکے عیال کیواسطے مقرر کر دیا تھا بعد اسکے اونکی بی بی نے بھی انتقال کیا اب سوای مرزا جعفر کے کوئی نہین رہا مرزا آغا جان اونکے بڑے بھائی تھے بھی وہین انتقال کیا لکھنو کی املاک امام باڑہ وغیرہ بہت دعا مانگ مانگ کر بنوایا تھا وہ بھی گیا گذرا اسکے بعد انیس الدولہ عذر بار بار کر کے کوٹھی قیام مین چلے آئے دیانت الدولہ نامو فقت نواب مجاہد الدولہ سے اور کم انتفاتی بادشاہ سے اور اپنی سنہ زوری سے بتوفیق جبری راہی عتبات عالیات ہوئے بعد شرف زیارت پھر کلکتہ آئے بارباب شرف ملازمت ہوئے جب مر گئے اونکی نعش بر سبیل ریل لکھنؤ آئی اپنی کربلا مین مدفون ہوئے - کئی لاکھ کے نوٹ گورنمنٹ کے تھے کچھہ تلف ہوئے اونکا وصی دار اب خواجہ میر اتھا اوسکے اختیار مین کربلا تھی ہر مہینہ کی پانچوین کو مجلس غم ابھی مقرر ہے میر خورشید علی نفیس تخلص بیٹے میر انیس مرحوم کے پڑھتے ہین کچھہ اونکے واسطے بھی ملتا ہے کربلائی راحت السلطان بھی رخصت ہو کر روانہ مشہد مقدس ہوئی - ہزار روپے اوسے عنایت

ہوے اب پارلیمنٹ قدیم سلطانی برہم ہوئی دوسری جدید برپا ہوئی ذوالفقار الدولہ میر محمد سجاد بھائی نواب نشاط محل حاضر حضور ہوے مرزا کاظم علی سواروں مین نوکر تھے اتفاقاً قلعے مین ملازمین حاضرین سے ایک دوا ساز کی احتیاج ہوئی اور یہ خبر کوٹھی قیام قدیم مین مشہور ہوئی مرزائی مذکور نے بنظر تجدد آشنائی دلی سے کمر ہمت باندھ اور رنگ آبنائے زمانہ دیکھکر اس سیری کو مفتاح فلاح سمجھکر شرفیاب خدمت سلطانی ہوے انجام کار خدا نے انکے ارادہ صادق مین برکت دی طبیب الدولہ بھی قلعے سے چلے آتے تھے اس حیلۂ شرعیہ سے کہ مجھے قلعہ مین رہنے کو استخارہ منع آتا ہے مسیح الدولہ بروقت ضرورت بدستور سابق حاضر ہوتے رہے جب تک کہ صحیح رہے آخر اپنے عارضہ مزمنہ سے انتقال کیا میر احمد سوداگر کے باغ مین دفن ہوے بشیر الدولہ سب سے پہلے مر چکے تھے خلاصہ سبکو یہ گمان تھا بلکہ بمنزلہ یقین کہ یہ قید دنیا سے بیانسے نجات تا حین حیات معلوم نہین دیتی اس قید کو قید وزیر علیخان سمجھے ہوے تھے اس مدت قیام قلعے مین مزاج اقدس اعلی بسبب اختلاف آب و ہوا و ترددات صبح و مسا جادہ اعتدال سے منحرف ہوا بجز قلعہ خیار گدھ ہوئی اور شاید سوا رہنے کو تبدیل ہوا کو کوکہا ہو مگر بادشاہ نے منظور نہ کیا محض تفریح بعض کتابت منظوم جو صاحبات محل کو بواسطہ میجر صاحب سے خطاب فرمایا چنانچہ بدفعات ۶ لاکھ لیے اوسمین سے کچھ صاحبات لکھنو کو مع تحالیف بھیجے علی قدر حال سبکو تقسیم کیے مگر اس بلوۂ فساد سے صاحبات محل کا یہ حال ہوا جسطرح شیرازہ جلد کتاب ٹوٹکر متفرق ہوکر ہر کس و ناکس کے ہاتھ پڑجاتا ہے بادشاہ نے اپنے عطیۂ عالیہ کو کچھ خیال نہ کیا مبدء فیاض سے بخل ممتنع ہوتا بہرحال سب دعاگوے حشمت و اقبال شاہی رہتے ہین اور اپنی جاگیر مین بسر اوقات کرتے ہین۔

نواب دلدار محل کا کلکتہ مین انتقال ہوا ۲۵ ہزار روپے تعمیر مقبرہ کو عنایت ہوے منظور تھا کہ تابوت کربلاے معلے روانہ کرین مگر اتفاق نہ ہوا۔

احسن الدولہ خواجہ سرا جسوقت کہ بادشاہ داخل قلعہ ہوے یہ بھی عوارض عارضی سے قافلہ شاہی کے پیچھے رہ گئے راہی کربلاے معلے ہوے وہین اب تک مجاور ہین اندوختہ سرکار شاہی سے بسر اوقات

کرتے ہین خلاصہ ایک ہفتہ عشرہ تک سب طرح کی تشدد و سختی رہی جب نالش سپرم کورٹ
مین ہوئی حکام نے عذر مصلحت وقت پیش کیا بعد اسکے صورت عافیت تبدیج و
بفیض جود ہمت ہونے لگی پہلے بہت دنون تک جب روندگورون کی افسر کے
ساتھہ پہرہ بدلنے آتی تھی سنگین جھوکر ہر ایک کو جگاتی تھی تم سوتا ہے یا مرگیا اوزات
شاہی کیواسطے نام زندان کیا کم تھا اگرچہ بند در بند تھے مصلحت وقت سے منادالله
اگر اختیار مین بدمعاشان سرکار کے آتے بعد فتح کیا صورت ہوتی یہ بھی مصلحت خدا اور
بقای نام خاندان تھا اور قطع نظر ادب تکلیف دے اگ قلعہ مین نہین لیجا سکتے تھے اس
جہت سے حاصہ طعام مین کیفیت آب سرقہی اور ہر افسر اور گورہ ہر ایک کو کس چشم غضب
سے دیکھکر رہ جاتا تھا یعنی اس خیال سے ہماری قوم کی قتل و قمع خود انکی قید سے ہوئی ہے
آخر رفتہ رفتہ بعد تحقیقات اوز ظہور حال تنبیہ ہوئی چنانچہ پہلے بھی کونسل ہوئی کہ بادشاہ اور وزیر کو
خدانخواستہ جو کچھ منظور ہو کیجیے تین مرتبہ باتفاق جمہور بھی مشورہ تجویز ہوا مگر خداوند عادل نے
سے ہونے ندیا یہ زبانی اون معتمدین کے ہے جو قلعے مین شریک حال تھے۔

نواب مجاہد الدولہ امین جلیس منتظم زندان مقرب خاص ہوے ہزار روپیہ ماہوار
ملتا تھا اور رفع زیر باری کو ایک مرتبہ ۲۲ ہزار عنایت ہوے اتفاقاً گنجوست
ایام سے قول بزرگان صادق آیا نزدیکان رابیش بود حیرانی وہی تقرب بی تکلفی
باعث حجاب نظر رحمت ہوئی اور آثار و دلاین سے یہ بھی سمجھے اس عرصہ مین انکا جوان
بیٹا داماد نواب معظم الدولہ لکھنؤ یہ سب اسباب برخاستہ خاطری کے ہوے آخر مہینے
کی رخصت لیکر قلعے سے اپنی کوٹھی مین رہنے لگے

جب میدان مقربان شاہی سے خالی ہوا ذوالفقار الدولہ الک الدولہ مرزا کاظم
سبوق الذکر بایہ تفوق پہونچے انکی جہت سے امر خیر یہ ہوا کہ سو مومنین محتاجین و ادب
کے واسطے علی قدر حال وظیفہ شاہی مقرر ہوا کہ باعث افتتاح و انجام مرام ہوا چنانچہ
منشی میر محمد شفیع اون سبکو تنخواہ دیا کرتے تھی جب ہندوی کلکتہ سے آتی تھی آخر برکت
دعاے مومنین سے بادشاہ قلعہ رونق افروز کوٹھی قیام ہوے بعد اسکے نظر تخفیف یہ سب

موقوف ہوے اور پھر کوئی مقربان شاہی سے محرک نہیں امر خیر کا ہوا اور نواب مجاہد الدولہ
کے قلعہ سے نکلنے سے ایک مہینہ کے عرصے مین بادشاہ تشریف لائے بطاہر ساری محنت اور
حسن خدمت و رفاقت کا ثمرہ جاتا رہا مالک الدولہ کو ۲۵ ہزار روپے انعام مرحمت ہوے تھے
مگر انھون نے نہ لیے موقوف بروقت رکھا بادشاہ نے اسے امتحاناً ہر ایک کی مرضی پر رکھا
مگر حال دنیا اور اہل دنیا کا دیکھکر خاطر اقدس کو زیادہ تر باعث افسردگی اور تاسف کا ہوتا تھا
یعنی ہر شخص بظاہر حالت یاس و مایوسی سمجھکر بلا تکلیف اکمل سمجھے کنارہ کش ہوا ہے مگر مصلح السلطنت
انجم الدولہ محض اپنے خلوص ارادت و عقیدت خاص سے یکتا رہے رفاقت شاہی سے ہاتھ
نہ اوٹھایا اور لکھنؤ مین جیسی اونکے گھر کی بربادی ہوئی ظاہر ہے بعد اطمینان کلی اپنے بیٹے کی
شادی کرنے لکھنؤ آنے بعد انقراض کلکتہ گئے وہین انتقال کیا باغ زور کرشنہ گانون وغیرہ
لکھنؤ مین باقی ہے بیٹے کو تنخواہ باپ کی سرکار شاہی سے ملتی ہے۔

اب حیرت افزا مقدمۂ مظفر حسین خان یہ ہے جسے بگوش ہوش سنا چاہیے اور قدرت
قدرت خدا کو دیکھیے مثل مشہور ہے سخی کی ناؤ پر دن چڑھتی ہے السخی حبیب اللہ ولو کان
فاسقا جب پروردگیان عصمت مآب دستور معظم دونون صاحبزادون کی بسبب سے مرشد آباد
مین فراغت کرکے روانہ کلکتہ ہوے راہ مین حکم سرکار گوش ہوش خان مین پہونچا کہ جہان
ملین گرفتار کیے جائین اور بے تامل مارچ اعلے پھانسی پر اس دار دنیا سے پہونچین اسکا
سبب یہ ہوا کہ سرکار کو گمان قوی یہ ہوا کہ فساد تمام ہندوستان مین جس سے ہماری ساری فوج
نے بغاوت پر کمر باندھی۔ جواب بلیوبک جنرل سلیمن صاحب کا خوانین نے لکھا غرض اسی
حالت اضطرار دیاس کلی مین متحیر تھے اتفاقاً ایک خضر راہ مین جانب اللہ پیدا ہوا کہ تم جلد
ریل پر سوار ہوکر چندن نگر فراس ذرا کی عمل شاہنشاہ فرنس مین چلے جاؤ وہان کوئی صورت
گرفتاری پیدا نہوگی اور بحر ہر پرا نکا متلاشی تھانہ وار آیا اوسے کچھ دیکر رضامند کردیا خلاصہ
جب وہان گئے پہلے وہان کے قاضی سے ملاقات کی اوسکے ساتھ وہانکے گورنر کے
پاس جاکر اپنی سرگذشت بیان کی اس آفت ناگہانی سے آگاہ کیا اور موافق وہان کے
قانون کے ایک کوٹھی ۱۲ سو روپے کی مول لی اوسکا کٹ لا امان پاکر اوس گھر مین جا بیٹھے

جب یہ خبر کلکتہ مین پہونچی صبحکو بہت سویرے سکرٹر اعظم مع توپ و کمپنی لیکر سرحد پر اپنی آکر کھڑے ہوے یہان گورنر کے پاس ۴ پہرے تلنگے کے تھے وہ بھی تیار ہوا اپنی حد پر کھڑے ہوے گورنر تنہا جاکر پرسان حال ہوے کہا کہ سرگروہ باغی ہمارے ملک کا مع اسلحہ حرب تمھارے شہر مین آکر ٹھہرا ہے اوسکے سبب سے ہمارے سب زن و مرد قتل بے گناہ ہوے ہین ہم اوسے گرفتار کرکے لیجائینگے جواب دیا اوسکے پاس اسلحہ حرب نہین ہے اور ہمارا ملک رعیتی اوسنے پایا ہے اور زنہار قدم اپنی حد سے نہ بڑھانا وگرنہ ان ہماری ولایت سے دور نہین ان ہمارے چالیس تلنگون کو جبل تن ابدال سے کم نہ سمجھنا عرض اسمین بہت گفتگو ہوئی آخر سکرٹر تنہا خان موصوف کے گھر مین تلاشی اسلحہ کی یہان سب کے پاس آلات بیاض ربانی تھے اور جو کچھ تھے کوٹھے پر پھینکدیے تھے صاحب تلاشی لیکر چلے گئے خالصہ جی کی جان بچی باطمینان رہنے لگے بعد اسکے اکثر صاحب کلکتہ اپنی سرحد پر کھڑے ہوکر انھین دم دیتے تھے یہ بھی جواب درست مردانہ وار نڈر رہوکر دیتے تھے جب کلکتہ مین سب کو نجات ملی یہ بھی ٹکٹ عدم مزاحمت گورنر لیکر مردانہ وار داخل کلکتہ ہوے خلاصہ ع دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست ۔ یہ کیفیت اونکی زبانی مندرج ہوئی یہ لوگ ہمیشہ تاحین حیات صاحب ارادہ رہے قانع نہوے حالانکہ اونکی اوقات کو علاقہ جو خریدا تھا وہ کچھ کم نہ تھا سرکار نواب مرشد آباد مین جو صورت گذری ظاہر ہے ۔ رامپور چند روز کیواسطے گئے وہان کے نواب سے نہ بنی آخر احسان حسین خان نا تفاقی مظفر حسین خان سے کربلاے معلی کے بعد شرف زیارت وہین انتقال کیا ۔

مظفر حسینخان نے سنہ ۱۲۹۲ھ مین انتقال کیا اوسی علاقے پر جو جائداد تھی اولاد ازواج پر سہم شرعی جاری ہوا اب اولاد سبحان علیخان مین فقط رضا حسین خان ذاکر خدمت خوان باقی ہین

ملاقات جناب عالیہ ملکہ معظمہ دام اقبالہا سے حسب تحریر خطوط لندن

اب لندن کی کہانی سنا چاہیے کہ صورت ملاقات جناب عالیہ ملکہ معظمہ ٹھہری کہ جناب عالیہ لباس مصری یا عربی سے تشریف لے چلین مگر وہ صاحب جا خر حضور جناب ملکہ معظمہ متل کالنجر حسب دستور رہینگے باقی کوئی اور صاحب سوے اعورات کے نہوگا چنانچہ جناب عالیہ مع مقربان خاص

جنرل صاحب مرزا ولیعہد بہادر مولوی مسیح الدین خان سفیر شاہی بہ تکلف گاڑی مین
سوار ہوکر چلے جب گاڑی جناب عالیہ مقام فرودگاہ خاص پر پہونچی ۸ میم جو زبان ہندوستانی
سے واقف تھین استقبال کو آئین بعد ادائے سلام شاہانہ مقام خاص مین لیجاکر بتکلف
کرسیو پر بٹھایا آب آرامشی دریب درنیت اس دولتسرائے شاہی کی اور ہر کمرۂ خاص
کی کس زبان سے بیان کیجاے جس سے سننے والونکا موجب تسکین ہوا اور خلعہ خوش
نظارہ بڑھے بعد چند دقیقہ کے انمین سے ایک میم نے حضور جناب ملکہ کو خبر کی ملکہ دولت
لباس سادہ غیر تکلف سے رونق افروز ہوئین اور بعد ادائے سلام نہایت بخش کرسی عدالت
ہوئین جناب عالیہ نے اشرفیان نذر کی گذرانین دو صاحب حاضر الوقت پشت خمیدہ
مقابل جناب ملکہ کھڑے ہوے جنرل صاحب آداب سلام زانوے ادب تہ کیے بجالاے نذر دی پشت
دست پر اپنے بوسہ دیا چاہتے تھے کہ جناب ملکہ نے کمال عطوفت سے مصافحہ فرمایا یہی صورت
ہر زادی عہد کیواسطے ہوئی سفیر شاہی ہم پہلوے شاہزادون کے بیٹھے شروع کلام دریاے
شور سے ہوا فرمایا تم کبھی جہاز پر سوار ہوے ہو عرض کی ہمارے شہر مین ایک بہت چھوٹا دریا
گومتی ہے کبھی اوسمین اتفاق سواری کا نہین ہوا جب بیان صدمات جہاز اور تکلیفات
کا ہوا بہت ترحم اور تاسف کیا پھر ذکر مکانات ولایت ہوا کہ اگر نہ دیکھے ہون مین حکم دکھانے
کا دون اوسکے بعد فرمایا تمہارے دس اولاد ہین بعض اونمین سے گہوارے سے نہین نکلے لیکن
پرنس آف ویلس یعنی ولیعہد ابھی لڑکا ۱۳ برس کا ہے اگر اجازت ہو تمہارے سامنے آوے عرض
کی بسم اللہ مین بھی مشتاق ہون کئی میم جاکر لے آئین جناب عالیہ نے اپنی گودی مین بٹھالیا
بہت پیار فرمایا اور فرط محبت سے اپنے گلے کا ہار اونمین پہنایا اتفاقاً وسط ہار مین ایک
عطردان مرصع بھی تھا جناب ملکہ نے پوچھا عرض کی اسمین عطر رکھتے ہین اور بروقت رخصت دوست
حسب معمول عطر اسمین سے دیتے ہین پس اسوقت جناب ملکہ کے خیال مین گذرا شاید یہ لوگ
بسبب خستگی راہ کے رخصت ہوا چاہتے ہین فرمایا تمھین بہت تکلیف ہوئی تھوڑی دیر استراحت
کرکے جانا یہ ملاقات اجمالی ہوئی بعد ہفتہ عشرے کے تفصیل حال ملاقات ہوگی بس تا مساعدت
ایام نافرجام تھی کہ صورت ملاقات بہ فردای قیامت ٹھہری بعد استراحت کے وہی میم نے

مشابعت گاڑی تک کی۔

آٹھوین دن کے بعد یہ حضرات منتظر وعدۂ سلطانیہ۔ چون روزہ دار گوش ہوش پر رہی کہ
دفعتہً اخبار فساد ہندوستان کوچہ بکوچہ کالشمس شائع ہوی اور اہل شہر مین ایک تلاطم عظیم برپا
ہوگیا اور خاص و عام کو اس قلب فلے سے ایک چمک اور شماتت ہوگئی یعنی یہ فساد سب انھین
کی بدولت ہوا ہے اور ان حضرات کو بھی عجب طرح کا ہراس اور مایوسی پیدا ہوتی کہ ولایت غیر
مین اسحالت سے بسی بے اختیاری مین دیکھیے ہم غریب الوطنون پر کیا گذرتی ہے اور
انجام کار کیا ہوتا ہے۔ سن درچہ خیالیم و فلک درچہ خیال۔

انتقال جنابعالیہ و خبر صاحب شہر پارس مین وغیرہ سوانحات

خلاصہ جنابعالیہ بہت متفکر و متردد ہوئین کہ اب بظاہر حارہ کار و علاج معلوم کہ حصول سلطنت
دینا کا یہ حال دیکھا معلوم ہوا مشیت خدا نہین اور بالفرض اگر اسکا حصول بھی ہوتا تو جو اسکے
مستحق ہین اونھین ہوتا لہذا مناسب ہے کہ اب چلکر دولت امانی حاصل کیجیے یعنی ملک فرنس سے
ہوکر از راہ مصر مشرف بہ حج خانہ کعبہ ہوجیے بظاہر اس خدشہ فتور سے بھی نجات متصور ہے
معہود و خاص سے تشریف فرما ہوہین جب پارس مین پہونچین آلام روحانی سے علالت مزاج بڑھی
آخر ۲۶ تاریخ شہر جمادی الثانی سنہ ۱۲۷۳ھ مطابق سنہ ۱۸۵۷ء انتقال فرمایا اور سیتو نار برقی
سے خبر وفات لندن پہونچی جنرل صاحب مرزا ولیعہد بہادر مع ملازمین مرکب دودی سے تشریف
لائے یہان کے حکام نے حکام لندن کو کہلا بھیجا کہ یہ غریب الوطن خاندان شاہی کے
ہماری سلطنت مین انتقال کیا ہمین ہر حال مین رعایت و پاسداری اپنے نام کی مناسب
ہے یہانسے کچھ جواب شافی نہ گیا مگر وہان کے وزرائے سلطنت اور شاہنشاہ نے نام
نمود و بلند نامی سمجھکر موافق دستور کے بڑے تکلف اور دھوم سے اوٹھایا کہ قابل یادگار
ہے وزرائے سلطنت ارکان دولت اغزا رئیس شہر ہزار بلباس سیاہ ساتھ ہوچند قدم خبر
صاحب پیادہ چلے تھے جب شدت ہم دغم سے طاقت نہ رہی وزیر اعظم نے اپنی گاڑی مین
بٹھالیا پھر اور سب بھی گاڑیون پر سوار ہوئے ہزار ہا رعایا شہر پیادہ ساتھ تھی ہزارون آدمی کو ٹھونیر

کالے رومال نجم کے موافق اپنے دستور کے ملاقی تھین اور سفیر سلطان روم کے صحن مسجد مین
مع تابوت دفن کیا یعنی سپرد خاک تا مدت معینہ کی مگر کسینے اسکی فکر نہ کی کہ وہان سے کسی امکنہ
شہر قم مین لیجا کر دفن کرتے اور یہ جگہ بھی کچھ قدرت خدا سے ملی وگرنہ معلوم نہین کیا صورت
ہوتی سارے شہر پارس کے خاص و عام یہ ماجرا دیکھکر تاسف و افسوس کرتے تھے اور
جنرل صاحب پر جو صدمہ تھا اوسکا کیا بیان ہو۔

جنرل صاحب کو اس صدمہ روحانی سے شدت عارضہ مرسنہ زیادہ ہوئی مختصر یہ کہ ۱۱
تاریخ شہر رجب سنہ الیہ کو انتقال فرمایا اسیطرح انکے بھی جنازے کو باہتمام شاہانہ اوٹھایا بلکہ
حسرت و تاسف سبکو اس مرگ ناگہانی کا زیادہ ہوا اونکو بھی آغوش مادر گرامی مین دفن
کیا شہنشاہ نے چاہا کہ انکی عورات کو تقریب ماتم پرسی مین بلوائین تاضمناً مرزا ولیعہد سے بھی
ملاقات ہو بلکہ یہ دل منظور تھا کہ جناب ملکہ سے انکے باب مین بخوبی سفارش کرین اور
بطریق دوستانہ ازراہ ملبند نامی سمجھائین لیکن انکے مشیران خاص نے اسے مناسب وقت
نجانا اس خیال سے کہ ہم متوسل سلطنت انگلشیہ کے ہین مبادا اونکو ہمارا یہ فعل سلطنہ
خلاف پیدا ہوا لہذا ہمکو بہرحال اونکی اطاعت چاہیے عذر ظاہری کہلا بھیجا کہ موافق دستور
ہند چالیس دن تک صاحبان ماتم کہین نہین جاتے انشاء اللہ بعد مرور ایام حاضر ہونگے
اسعرصہ مین ایک صاحبزادی دوسالہ ۴ برس کی جنرل صاحب کی اوسنے بھی وہین وفات پائی
وہ بھی وہین مدفون ہوئی۔

جب یہ خبر وحشت اثر حوادث ناگہانی کلکتہ مین گوش ہوش حضرت سلطان عالم پہونچی وہ کس زبان سے
بیان کیا جاوے ایسی مصیبت عظیم کو قلب بشری مشکل سے متحمل ہوسکتا ہے مگر بجز صبر و شکر کیا چارہ ہے
مرزا ولیعہد بہادر نے تصرف مال عم نامدار چاہا مولوی سیف الدین خان نے عرض کیا حضور
مالک و مختار ہین اگر پہلے حضرت کو عرض کیا جاوے تو بہتر ہے یہ فہمایش ناگوار خاطر ہوئی حواشی
نے اوسپر اور حاشیہ لگایا اگر تو بات باطلاع عدالت ہوئی مولوی صاحب نے تحریر بادشاہ اپنی متعلقی
کی پیش کی اور ۳۰ ہزار روپیہ بعین المال عدالت مین جمع کر دیا بادشاہ کو عرضداشت کی
و تحفظ خاص نہرین ہوئی کہ امور سفارت مین تمھین اختیار بابدولت نے دیا ہے مرزا ولیعہد سے

ناگوار خاطر سمجھکر پھر پارس مین تشریف لائے شاہنشاہ نے پھر اونسے ملاقات چاہی اونھون نے اپنے مشیرون سے مشورہ چاہا بالاتفاق تجویز یہ ہوئی کہ اپنے ایجنٹ سرکار سے بذریعہ تار برقی اس صلاح کو پوچھیے تو بہتر ہے اونسنے جواب بھیجا کہ ہم اس امر خاص مین کچھ نہین کہہ سکتے اگر تمھاری ملاقات ہوجاتی تو باعث بھلائی کا تھا کچھ قباحت یہ سنکر مولویصاحب نے عرضحال مرزا ولیعہد بہادر شخص واسطہ سے کہدیا کہ ہم جس سلطنت کے متوسل قدیم ہین فیمابین اونکے اور تمھارے صفائی قلبی نہین لہذا ملاقات نہ کرینگے جب مرزا ولیعہد نے یہ پیام کہلا بھیجا بہت سے کلمات عتاب خان موصوف کو فرمائے اور اپنے پاس آنے سے منع کردیا اور شہنشاہ کو بھی اسکا بہت ملال ہوا چنانچہ پیشتر اسکے ہر روز مرزا ولیعہد ہوا کھانے کو جاتے تھے شاہنشاہ سے صاحب سلامت ہوتی تھی بہت اشتیاق دلی پایا جاتا تھا اور سنہ ۱۸۸۹ء سے جب اونکی گاڑی کو دیکھتے تھے دوسری طرف تشریف لیجاتے تھے اور اپنا منہ پھیر لیتے تھے بعد اسکے مرزا ولیعہد بہادر عازم ہندوستان ہوئے داخل سفر ہوئے اور ولایت سے سب مترو کہ خبرل صاحب روانہ کلکتہ کیا اور ایک تاج مرصع تلوار ولایتی اور موتیونکا لباس اپنے واسطے رکھ لیا جب سے مصر ارادہ کلکتہ کیا ایک خیرخواہ نے مفصل لکھ بھیجا کہ ابھی آپ مصر مین توقف فرمائین تو بہتر ہے مبادا ایسا نہو خدانخواستہ مثل بادشاہ سیلان مین پہونچکر حفاظت صاحبان عالیشان مین ہوجائین اس حجت سے دہن چندے توقف کیا۔

رونق افروزی بادشاہ قلعے سے کوٹھی موچی کھولے مین

کئی مہینے سے خبر برآمد حضرت قلعہ سے مشہور ہو رہی تھی جب خطوط کلکتہ آتے تھے پہلے اون اخبار کو غلط العوام جانتے تھے کیواسطے کہ بظاہر بجز فقط بھروسا خدا پر تھا یہ نہ سمجھے تھے کہ یہ محض ازراہ مصلحت کیا ہے اور خود بادشاہ کے صبر بے بسی بے اختیاری کا حال تو ظاہر ہے کبھی اختیار و حکومت مین کسیطرح کا خیال یا منظہ بدگمانی خاطر اقدس مین نہین گذرا اس مین بھی کچھ مصلحت جناب باری تھی اور فوج باغی سے کچھ ڈر نہ تھا کہ مثل دلی یا لکھنؤ انکے واسطے بھی کچھ کرتی اگرچہ اسباب ایسے ہوئے تھے مگر تقدیر نے نچاہا خلاصہ دعا منظور مان درجہ اجابت پر

پہونچی اور متواتر ولایت سے حکم رہائی آیا آخر ۹ - جولائی روز شنبہ ۱۸۵۹ء مطابق دیجہ ۱۲۷۵ھ بعد چار بجے حضرت سلطان عالم مع ملازمین خاص و شاگرد پیشہ و حضور عالم قلعے سے سوار ہوکر کوٹھی مذکور مین رونق افروز ہوا دسمدن بھی عجب دوگانہ عید ہوا سب نے سجدات شکر ادا کیے پہلے ساہ جی کے گماشتے نے حاضر ہوکر ایکسو ایک روپیہ تصدق اور ۱۰۱ اشرفی نذر گزرانی اور ۱۱۱ اشرفی حضور عالم کو دین اوسی تار برقیہ سے خبر رونق افروزی ساہ جی کو پہونچی اتوار کے دن سید نقی صاحب چھوٹے بیٹے سید العلما نے تار برقیہ سے صدق و کذب خبر کو دریافت کیا منگل کے دن خود روانہ کلکتہ ہوے مورد عنایات خسروانی ہوے پھر لکھنو اپنے عیال کو لینے آئے ۱۷ - ربیع الاول کو مع عیال روانہ ہوے ۶ ہزار روپیہ عنایت ہوے کچھ ظیفہ بھی مقرر ہوا کئی مہینے تک ناموافقت آب و ہوا سے اور بعض امور کی ناگواری سے پھر چلے آئے -

مفسدین کلکتہ نے باتفاق اپنے ابنائے جنس بواسطۂ نواب معشوق محل صاحبہ مطلب برآری پر ۳ لاکھ روپیہ کا نوٹ اوسکی ضمانت مین لیا تھا جب یہ خبر مفصل اخبار مین چھپی لاٹ صاحب نے محبت نامہ بھیجا کہ جنہے یہ جعل کیا ہو اسے سرکار سے سزا شنگین ملے اوسکا جواب کیا آیا کہ یہ مقدمہ معرفت عورات ناقص العقل ہمزد ہوا ہے اگلی تقصیر اردہ ہین اس کلمۂ انصاف سے نواب محتشم الیہ بہت خوش ہوے اور وہ نوٹ پھر گیا -

بادشاہ نے قلعہ مین یہ سبب تکلیف خرچ معرفت میجر سر برصاحب ۶ لاکھ روپیہ بھروا لیا تھا جب لاکھ روپیہ کا پنشن جاری ہوا سرکار سے تقاضا ہوا اور پنشن کو اپنے نزدیک روز رہائی قلعہ ٹھہرایا اور بحساب شاہی ابتدے عملداری سرکار سے تھا غرض بادشاہ نے یہ جبر عطیۂ سرکار بھی قبول کیا اور اس لاکھ روپے کا بھی خرچ حسابی ٹھہرا تھا اس خیال سے کہ مصارف زائد و فضول ہونے پاوے کسواسطے کہ باعث تکلیف بادشاہ ہو کا میجر صاحب اسکے متہم رہین مگر بادشاہ نے اسباب مین محبت نامہ بہت شد و مد سے بھیجا آخر محول مرضی مبارک پر رہا اسکا انجام کار بھی منشی صفدر کے اہتمام سے کھلا گورنمنٹ نے فی الحقیقت اسمین انصاف قرار واقعی کیا اور آئندہ کو اسکا سد باب کر دیا آخر سرکار سے وزیر السلطان منشی امیر علیخان مقرر ہوے بہت

غنیمت ہوا وگرنہ سارے کلکتہ کے ذمہدار ہوجاتے حاکم کو چاہیے کہ اپنے مداخل و مخارج پر خود متوجہ رہے دوسرے کے بھروسے پر نہ رکھے۔

یہ ایک جملہ معترضہ بر سبیل مذکور نہ بانی مفتاح الدولہ جب یہ کلکتہ مین حاضر حضور تھے کہ ایکدن میجر صاحب تشریف لائے بر سبیل مذکور پہلے کہا آج سے چوتھے دن مرزا ولی عہد بہادر داخل کلکتہ ہونگے اور نواب گورنر جنرل بہادر معرفت خگ بہادر مرزا جیسی قدر کو اماں رکھتے ہین ۱۵ لاکھ سالانہ اونکا اور ۵ لاکھ سالانہ جناب عالیہ اور ۴ لاکھ نانہاراؤ کا مقرر کرتے ہین چاہیے کہ اسپر راضی ہون اور یہ ہنگامہ فساد موقوف کرین اسکا جواب کچھ آدھ سے نہ آیا دیکھیے کیا منظور ہے نواب خاص محل نے پس چلمن سے دیا جو شخص آپ کے کمر آئے قید ہو جاتا ہے اور سب طرح سے برباد ہوا دسکا لاکھ روپیہ اور جو مقابلہ و سرکشی کرے اوسکے واسطے اسقدر انصاف شرط ہی جواب دیا وہ صاحب شمشیر ہے اب سنتے ہین کہ مرزا جیسقدر اپنے حال پر روتے ہین اور متمنی لکھنو ہین اب کون سنتا ہے یہ زبانی اون لوگون کے ہے جو اونکے پاس سے آئے ہین امرائے ہند کا ہمیشہ سے یہی حال رہا ہے نواب شجاع الدولہ سے تصور کرنا چاہیے کہ صوبہ عظیم آباد بمنت دیتے ہین مصالحہ کیجیے اسیطرح جنرل اڈرم صاحب معرفت مرزا علی رضا جو کچھ کہلا بھیجا کب کسینے سنا۔

سرکار شاہی سے محبت نامہ گیا کہ جنرل اڈرم صاحب نے ۵ لاکھ روپے نذر کیے تھے اوسمین قید حین حیات نہ تھی بعد ان سب خرابی و بربادی کے یہان آپ کے پاس آنے سے یہ دوسری صورت تخفیف نکلی موافق قانون عدالت نسلاً بعد نسل جاری ہے غرض بہت تصریح سے لکھا گیا اور وہ راضی نامہ جسے پہلے طلب کرتے تھے وہ گیا اب اخبار سے معلوم ہوا کہ صاحبان پارلیمنٹ نے اسے جبری سمجھکر قبول نہ کیا اب پھر جو پارلیمنٹ کھلے دیکھا چاہیے کیا انصاف ہوتا ہے۔ مولوی صبیح الدین خان کو عہدۂ سفارت سے محض بخوشی خاطر نواب گورنر جنرل موقوف کیا اور تجویز مرزا ولی عہد بہادر علی اکبر خان شیرازی ٹھہرے اور پندرہ کروڑ کی نالس پارلیمنٹ مین چاہتے ہین جسکا سو ۱۰۰ لاکھ روپے ماہواری ہوتا ہے اسمین سے دس کروڑ بابت قرضہ زمان شاہ حال جسکی تفصیل مفصل معلوم نہین اگر دعوے پیش ہو دیکھا چاہیے اسکا انصاف کیا ہوتا ہے اور

مشہور ہوا تھا کہ مرزا ولی عہد بہادر اسی امید موہوم پر پھر روانہ ہونگے تا انیکہ اونکا انتقال ہوگیا اور یہ کہانی رہ گئی۔

داخلہ مرزا ولی عہد بہادر کلکتے مین

۲۷۔ ماہ صفر روز دوشنبہ ۱۲۷۶ھ مطابق ۲۹ ستمبر ۱۸۵۹ء ۱۱ بجے گاردن ریچ پر جہاز دودی نے لنگر کیا جب یہ مژدہ جاوید مسیح مبارک پہونچا فرط مسرت سے بے قرار ہوکر سبکو حکم استقبال ہوا پہلے مصلح السلطان وکنز الدولہ نے جاکر ندر دی پاک سفیر ہوائی مبارک الدولہ سید سجاد علیخان مرزا محمد عسکری خان بیٹے مرزا رفیع الشان کے یہ بھی بالغرض کالکہ گئے تھے اور ملازم بھی حاضر ہوئے مرزا محمد عسکری خان کو غیر سمجھکر مصلح السلطان نے سبب درود باطنی بیان کیا کنار دریا سب ہجوم تھا پہلے جہاز سے جتنے مسافر تھے سب اتر گئے جہاز دودی سلطانی کو حکم ہوا جب دو بجے جہاز سے مرزا محمد عسکری خان کی کشتی کرایے پر لی مرزا ولیعہد بہادر باہم ہوکر گھاٹ سے اترے بڑے خبرل کے صاحبزادون نے ندر دی گلے لگایا دوسرے خبرل مرزا فریدون بخت نے ندر دی کمال محبت سے اونکے گلے ہاتھ والد یا پھر مع ان تینون شاہزادے کے گاری پر سوار ہوئے سوار سلطانی جلوۂ سواری مین تھے بڑی دھوم دھام سے قریب ۴ بجے داخل کوٹھی ہوئے بادشاہ اودھ وقت نواب خاص محل کے پاس تھے شرف ملازمت والدین حاصل ہوئی دولت شام اپنے خاص محل مین داخل ہوئے صبح گئی سلامت آئے مشیت ایزدی مین کسیکو دخل نہین لندن مین غریب الوطن جانکر اکثر ملازمین نے خیرہ سری کی از راہ نمکحرامی بہت سا نقصان دیا قلیل من عبادی الشکور رہ گئے مثل نواب مہدی علی خان اور اشخاص چیدہ بہار النسا ملازمین جنابعالیہ مع اپنے مخصوصین راہی حج خانہ کعبہ ہوئے بعض ملازمین نے اپنی نمکحلالی سے آپکا دامن دولت نہچھوڑا مترو کہ شرعیہ جنابعالیہ مرحومہ کو حاضر حضور بادشاہ کیا اکثر صاحبان ولایت مشتاق ملاقات مرزا ولیعہد بہادر ہوتے ہین مگر بسبب محجوبی بادشاہ از راہ اطاعت تامل کرتے ہین گفتگوی زبان انگریزی سے بسبب مغائرت صاحبان زبان معاف ہوگئی ہے

انکے لب ولہجہ سے بہت خوش ہوے بلکہ متعجب ایک دن ملاقات کو تشریف لے گئے تھے
فی الجملہ کچھ خلاف دستور پیش آئے تھے مقبول کیا اور نامدت قیام ولایت کبھی دعا نکا
وجیہ نوش نہ فرمایا صاحب مقدور تھے محتاج مجبور نہ تھے اور اگر کبھی اتفاق ضیافت ہو
فواکہات پر اکتفا فرمائی دوسرے یہ بھی بہت تعجب ہے کہ اس عالم شباب مین جانب خلاف
متوجہ ہوے حالانکہ اکثر غربا وہان کے خالی نہین پھرے ہین مثل میر حسن علی لندنی یا ہولوی
محمد اسمعیل سفیر شاہی بعض آپ کے ملازمین نے وہین سکونت اختیار کی صاحب عیال
بھی ہوگئے ہین لکھنو سے پہلے پہل جو لندن گئے میر حسین گئے وہ صاحب علم تھے اوسکے
بعد میر عبد العلی جالیسی خلیل مرزا محمد علی خطرات میر حسن علی یہ زمان سابق کا حال ہے کہ
۷ چاند سمندر مین دیکھکر داخل لندن ہوتے تھے اب ایک مہینے سے کم مین مسافت راہ
ریل و جہاز دخانی سے رہگئی ہے اور غالب ہی چند روز مین اس سے بھی کم مسافت رہجائے
مگر ان سب جانیوالون سے راجہ رام موہن رائے بہادر بہت فضیلت علمی رکھتے تھے آج یک تنگالہ
مین ایسا کوئی نہین اس کمال کے ساتھ ۱۲ زبان کے علم مین بحث و مناظرہ علمی کر سکتے
تھے ہنوز وہین زندہ ہونا انھین کی بدولت موقوف ہوا بموجب شاستر ایمانی کے محمد اکبر شاہ بادشاہ
دہلی کے وکیل ہوکر گئے تھے اور اگر جیتے رہتے البتہ بہت سی صورت فلاح بادشاہ کے واسطے
نکالتے مگر پارلیمنٹ کے بند ہونے سے جب ملک فرنس مین گئے مرگئے اور یہ امر خود اپنی
نمود و نام کی راہ سے لیا تھا نہ کچھ طمع دنیا سے کسواسطے کہ محتاج نہ تھے۔

خلاصہ احوال سلطنت ہندوستان

دار الخلافت شاہجہان آباد تواریخ انگریزی سی ریز صاحب کی کتاب

مشہور ہی کہ امیر تیمور تزاقی کرتے تھے اور مطیع بادشاہ بلخ و بخارا تھے اتفاقاً ۲۳ بنی فاطمہ کو
قید ترکمان سی نجات دی بادشاہ نے عتاب کیا اسے مقابلہ ہوا یہ غالب آئی تب انیکہ نوبت سلطنت
پہونچی خواب مین جناب سولخدا نے ۲۳ خرمی انھین عنایت فرمائی دسی ۲۳ سلطنت تھی جسپر خاتمہ
ہوا رطب تھے وہ شاداب ابتدا سے انتہا تک رہتے ہین اور فرما پہلے شاداب پھر خشک ہو جاتا ہی اور اسکا

سوائے تحریر تاریخ انگریزی ہے اسیطرح خواب صوبہ اودھ بھی کہتے ہین۔
ہندوستان کے ۲۲ صوبے دارالسلطنت صوبہ شاہجہان آباد دہلی ۲۴۰ میل کا طول
اور تقریبًا ۲۰۰ میل کا عرض جانب شمال لاہور ملک پنجاب جنوب اکبرآباد اجمیر شرق
مملکت اودھ اور بہت بلند پہاڑ حایل ہندوستان شمالی ہین جانب غرب لاہور و اجمیر
اور موافق تحقیق ابوالفضل یہ صوبہ داخل اقلیم سوم ہے اور خاص دریا گنگا و جمن
انکے سرچشمے اسی صوبے مین ہین اس صوبے کی آب و ہوا معتدل ہے اور برسات مین
اکثر زمین سیلاب ہوجاتی ہے اور بعض مقام مین ۳ فصلین پیدایش غلے کی ہوتی ہین۔
۸ سرکارین ہین۔ دلی بداون کمون۔ سنبھل۔ سہارنپور ریواری حصار فیروزآباد
سرہند ان سرکارون مین ۲۳۲ پرگنے ہین اور زمین روے مساحت جغرافیہ ۱۶۔۸۔۴۶۵
۲۸ بیگہہ ہے مجموع آمدنی ۵۵۵۔۶۱۸۔۶۰۱ دام۔
سنہ ۱۸۱۴ء مطابق سنہ ۱۲۳۰ھ تمام ملک شرقی جمن اور مقامات جو گرد شہر اور بہت سے
مقام شمال شرقی تحت حکومت سرکار دولتمدار انگریزی آگئے اور مقامات جنوبی متعلق رؤسا
متوسلین سرکار سو صوف ہین مثل ماچھری۔ راجہ الور۔ راجہ بھرت پور اور اور حکام کی
ریاسین جو بالفعل خود مختار مگر باطاعت و حکومت سرکار ہین اور ملک شمالی و غربی دریاے
جمن و جنوب دریاے ستلج متعلق سرداران سکہ وغیرہ بیشتر تھا اور انکی جانب غرب گویا مانع
اور حایل مداخلت سرکار ہین اسکے سوا فوج نظامت لدھیانہ فیروزپور مین رہتی ہے اور اس
صوبے مین ضلع بریلی قدیم ملک روہیلکھنڈ شامل ہے اور اور خاص شہر بھی مثل بریلی سرہند
سہارنپور انوپ شہر۔ میرٹھ۔ حصار سرہند۔ پنیالہ۔ بداؤں اور ضلع حال کمون جو قریب ۹
میل طول اسیطرح عرض مین ہے بالفعل متعلق سرکار ہوا ہے اس صوبے کے آدمی بصورت
زور آور ہنود یا اہل اسلام اور سکہ وغیرہ ملے ہوے ہین اور قدیم شہر دلی تقریبًا
۲۰ میل کے دور مین ہے جسکے بالفعل خرابہ سے ظاہر ہوتا ہے اور دلی جدید شاہجہان آباد
ہے جسے شاہجہان بادشاہ نے سنہ ۱۶۳۱ء مطابق سنہ ۱۰۴۱ھ کنار جانب غرب دریاے
جمن واقع ہے ۷ میل کے دور مین بنوایا ہے اسکے محیط شہر پناہ ہے اسکے دروازے عالیشان

سنگی ہین مابین شہر و بازار جسے چاندنی چوک کہتے ہین امرا و سلاطین کے خانہ عالیشان بنے ہین مسجد جامع اور مسجد نواب روشن الدولہ ہے اور اس زمانے مین از ہنگامۂ فساد عمارات عالیہ بہت خوب بنتی تھی ہر چند سارے شہر کے بازار سوا دو بازار کے بہت تنگ ہین دارالامارت بھی جانب کنار غربی ہے تین طرف سے دیوارین سنگ سرخ کی ہین جسکا قریب ایک میل ہے جہانگیر بادشاہ کی سلطنت مین نواب علی مردان خان دریا جمن سے کرنال سو میل کے فاصلے سے نہر آب شیرین شہر مین لائے و زمان مداخلت افغان اور ایرانیون تک جاری رہی بعد اسکے بالکل خشک ہو کر بند ہو گئی تھی ۱۲۲۵ھ مطابق ۱۸۱۰ء سرکار نے پھر اسے صاف و درست کر دیا جسکا آجتک چشمہ فیض جاری ہے سارا شہر اور اطراف سرسبز و شاداب رہتا ہے اسکے آب شیرین سے سب سیراب ہوتے ہین ۔ غرض بلد شمالی ۲۶° ۵۰' ۳۰" ۔ طول بلد شرقی ۸۱° ۰' ۰" سے فاصلہ کلکتہ سے ۹۷۶ میل ہے ۔

دلی کے راجہ اور موروثین اہل اسلام نے بنیاد اسکی ابتدا ۱۱۸۳ء مطابق ۵۸۰ھ مضبوط تحریر کی ہے یعنی سلطان محمود غزنوی نے اسے لیکر غارت کیا لیکن بعد عہد و پیمان پھر راجہ کو واگذاشت کر دیا تھا اور سلسلۂ ریاست پہلے قوم افغان سے شروع ہوا اور انکی سلطنت لشکر کشی شاہ بابر بیٹے تیمور لنگ تک برقرار رہی اور یہ بادشاہ بادشاہ شمالی و مغربی ہندوستان کو برباد کی سلطنت چنگیز خان ہلاکو تک تعلقہ دی دیتے رہے

نمبر	سنہ ہجری		سنہ عیسوی
۱	تاج الدین بیٹھا	۶۰۷	۱۲۱۰
۲	آرام شاہ		۱۲۱۰
۳	شمس الدین التمش		۱۲۱۰
۴	فیروز شاہ	۶۳۳	۱۲۲۹
۵	ملکۂ دوران سلطان رضیہ		۱۲۳۵
۶	بہرام شاہ	۶۳۷	۱۲۳۵
۷	علاء الدین مسعود شاہ	۶۴۰	۱۲۴۲

نمبر		سنہ ہجری		سنہ عیسوی	
۸	ناصر الدین	۶۶۴		۱۲۴۴	
۹	غیاث الدین بلبن	۶۶۴		۱۲۶۵	
۱۰	کیقباد	۶۸۰		۱۲۸۶	
۱۱	فیروز شاہ خلجی	۶۸۸		۱۲۸۹	
۱۲	سکندر ثانی	۶۹۰		۱۲۹۵	
۱۳	شہاب الدین عمر	۷۱۶		۱۳۱۶	
۱۴	مبارک شاہ	۷۱۷		۱۳۱۷	
۱۵	تغلق شاہ	۷۲۱		۱۳۳۱	
۱۶	سلطان محمود	۷۲۵		۱۳۳۵	
۱۷	فیروز شاہ ثانی	۷۵۲		۱۳۵۱	
۱۸	ابو بکر شاہ	۷۹۲		۱۳۹۸	
۱۹	ناصر الدین محمود شاہ	۷۹۶		۱۳۹۳	

اسی سلطنت مین تیمور لنگ نے ۱۳۹۸ء مطابق ۸۰۱ھ عبور دریائے اٹک کیا دہلی کو غارت کیا اور سلطنت قوم افغان ۱۴۱۳ء مطابق ۸۱۶ھ تک تمام ہوئی اور ۱۴۰۵ء مطابق ۸۰۸ھ مین تیمور لنگ نے ۷۱ برس کے سن مین انتقال کیا۔

۱	دولت خان لودی	۸۱۶		۱۴۱۳	
۲	خضر خان	۸۱۷		۱۴۱۴	
۳	مبارک شاہ	۸۲۴		۱۴۲۱	
۴	محمود شاہ ثانی	۸۳۶		۱۴۳۳	
۵	علاء الدین ثانی	۸۵۰		۱۴۴۶	
۶	بہلول لودی	۸۵۴		۱۴۵۰	

ان دونون سلطنت مین ریاستین ہندوستان کی منقسم ہوئین کسواسطے کہ حکام دکن

گجرات مالوہ جونپور بنگالے نے اپنے تئین بنام نامی بادشاہ کیا اور صوبجات بھی مختلف الام اور حکام کے ہاتھ پڑے جو بظاہر وقت سے انداہ سرکشی و اطاعت بادشاہ ولی کرنے لگے فی الحقیقت بہ سبب ضعف سلطنت کے ہر صوبہ دار اپنی سرکشی سے خود مختار ہو گیا سلطنت سے اسکا انتظام نہو سکا الا صوبہ دار صوبہ اودھ نے اسپر تین کرور سے زیادہ روپیہ خرچ کرکے اپنا اختیار رکھا ہے حالانکہ کئی مرتبہ یہ صوبہ بھی صوبہ دار کے ہاتھ سے جا چکا تھا پھر گورنمنٹ کی زمینداری خریدی اسکا احوال کتب تواریخ میں مندرج ہے اور ارباب ثقات جانتے ہیں

۷ سکندر بن لودی	۹۲۴	۱۴۸۸
اسی بادشاہ نے	۹۲۲	۱۵۱۶

۱۵۲۶ء مطابق ۹۳۲ھ سلطان بابر سے شکست کھائی اوسی سال بابر نے دلی کو لے لیا بس ابتداے سلطنت مغلیہ حفظہ شروع ہوئی۔

۱ ظہیر الدین محمد بابر۔ ۹۔ جون سلطنت پر متمکن ہوا۔ سلطنت ۴ سال ۹۳۶-۵۳۰

۲ نصیر الدین محمد ہمایون ۲۸ دسمبر ۲۵ سال		۱۵۳۰
شیر شاہ سے شکست کھائی	۹۳۸	۱۵۳۱
۳ ابو الفتح جلال الدین محمد اکبر ۱۷۔ فروری ۴۹	۹۶۴	۱۵۵۶
امرکوٹ میں پیدا سنہ مذکور میں شہنشاہ	۹۴۹	۱۵۴۲
اکبر آباد میں انتقال	۱۰۱۴	۱۶۰۵

بادشاہان مغلیہ اور افغان میں یہ بادشاہ سب سے بڑا گذرا اوسکا وزیر ابو الفضل تھا جو ۴۷ برس کے سن میں راہزن کے ہاتھ سے مارا گیا۔

۴ ابو المظفر نور الدین محمد جہانگیر ۱۷۔ اکتوبر ۲۲	۱۰۱۴	۱۶۰۵
۵ شہاب الدین محمد شاہجہان غازی ۳۱	۱۰۳۷	۱۶۳۸
۶ ابو المظفر محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر		
۲۴ فروری ۵۵	۱۰۶۸	۱۶۵۸
انتقال ۲۱ فروری	۱۱۱۹	۱۷۰۷

شاہ عالم اکبر بڑا بیٹا زہر سے ہلاک ہوا۔

۷ اعظم شاہ شہید۔ چند ماہ

۸ ابوالمظفر قطب الدین بہادر شاہ ۲۳۔ فروری ۱۱۹۶ ۱۷۰۷

۹ معز الدین جہاندار شاہ ۱۱۔ جنوری سلطنت سے خارج ہوکر مارا گیا چند ماہ
۱۱۲۴ ۱۷۱۳

۱۰ محمد مخرخ سیر شہید ۱۱۔ جنوری مارا گیا ۷ سال ۱۱۳۱ ۱۷۱۹

۱۱ رفیع الدرجات شمس الدین ابوالبرکات ۸۔ جنوری۔ طفل ۴ ماہ
۱۱۳۱ ۱۷۱۹

۱۲ رفیع الدولہ شاہجہان ثانی ۲۶۔ اپریل طفل ۳ ماہ ۱۱۳۱ ۱۷۱۹

۱۳ ابوالفتح ناصر الدین محمد شاہ ۱۲۔ اکتوبر ۲۰ سال ۱۱۳۲ ۱۷۲۰

۱۷۳۵ء ۱۱۴۸ھ مرہٹوں نے ایسی یورش اور ترقی کی کہ شہر پناہ دلی کو جلا دیا
نادر شاہ ۹۔ مارچ ۱۷۳۹ء مطابق ۱۱۵۲ھ داخل شہر دلی ہوا۔ ۴۔ اپریل بعد
قتل و غارت اموال دلایت کو پھر گیا۔

۱۴۔ ابوالنصر احمد شاہ ۲۰۔ اپریل ۶ سال۔ ۱۱۶۱ ۱۷۴۹

خارج سلطنت اور اندھے ہوگئے ۱۱۶۴ ۱۷۵۳

۱۵۔ عزیز الدین عالمگیر ثانی ۲۹۔ نومبر ۱۱۷۳ ۱۷۵۹

مارے گئے اور اسی سال احمد شاہ ابدالی داخل دلی ہوا ۱۱۷۳ ۱۷۵۹

۱۶ کئی مہینے تک شاہجہان سلطنت سے خارج ہوا ۱۱۷۳ ۱۷۵۹

۱۷۔ جلال الدین مرزا عبداللہ علی گوہر شاہ عالم ثانی ۴۸ ۱۱۸۵ ۱۷۷۱
الہ آباد سے بحفاظت سرکار کمپنی داخل دلی ہوئے کور ہوئے ۱۲۰۳ ۱۷۸۸

غلام قادر روہیلے کے ہاتھ سے جسنے بہت سے اشخاص خاندان تیموریہ کو قتل و غارت
کیا بعد کئی مہینہ کے مہاجی سندھیہ کی اعانت سے بدترین عذاب سے بعد قشہیر کے مارا گیا۔
۱۱۸۴-۷۰ء تک تصرف و اختیار مرہٹہ کا سلطنت دلی مین رہا۔ جب جنرل لیک صاحب

۱۱- ستمبر ۶ میل کے فاصلے شہر سے فوج مرہٹہ کو شکست دی ۱۲- ماہ مذکور لود اخل شہر ہوئے جب سے آجتک صوبہ مذکور اختیار رود حکومت سرکار دولتمدار مین ہے اگرچہ پشیر ہنگامہ فساد ذی جو فوج بدمعاش سرکار نے کیا فقط بنام سلطنت مغلیہ رہی تھی

انتقال علی گوہر		۱۲۲۱	۱۸۰۶
۱۸ ابوالناصر معین الدین محمد اکبر شاہ ثانی ۳- دسمبر ۳۴		۱۲۲۱	۱۸۰۶
۱۹ ابوالمظفر بہادر شاہ ثانی تخت سلطنت پر جلوس		۱۲۵۷	۱۸۴۰
مرزا دارا بخت ولی عہد بہادر بادشاہ ۱۵ صفر عارضہ درم جگر سے انتقال کیا درگاہ خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی مین دفن ہوے		۱۲۶۵	۱۸۴۹
انتقال بہادر شاہ رملون قید سرکار		۱۲۷۹	۱۸۶۲

ایضاً جدول بادشاہان شاہجہان آباد بہ تفصیل تمام

نام بادشاہ ولدیت - امیر تیمور امیر طراغ ازادلاد چنگیز خان ہلاکو

تاریخ ولادت - ۲۵ شعبان سہ شنبہ سنہ ۷۳۶ ھ سنہ ۱۳۳۵ ع -

محل ولادت مقام جلوس - شہر مروارخط ش شہر بلخ

تعداد عمر روز جلوس - ۳۵ سال ۲۷ یوم

تاریخ مدت جلوس - ۲۲- شوال سنہ ۷۷۱ ھ چارشنبہ سنہ ۱۳۶۹ ع

مرض الموت تاریخ وفات - تپ محرقہ ۷ یوم ۱۷- شعبان سنہ ۸۰۷ ھ چہارشنبہ سنہ ۱۴۰۵ ع

محل دفن مدت عمر مدت سلطنت - سمرقند - ۷۱ سال ۱۱ شہر - ۲۰ یوم ۳۵ سال ۱۰ شہر - ۲۵ یوم -

۲- نام ولدیت - جلال الدین میران شاہ ابن تیمور

تاریخ ولادت محل ولادت - پنجشنبہ ۱۴- ربیع الثانی ۷۶۵ - ۱۳۵۴ سمرقند

مقام جلوس تعداد عمر روز جلوس - میان سمرقند و آذربایجان ۳۸ ۳ ۴

مدت جلوس مرض الموت وفات - ۱۷- شعبان ۸۰۷ ۱۴۰۵ در شکار [illegible]

محل دفن مدت عمر و سلطنت تبریز ۳۱ ۱۰۰۷ ۱۴ - ذیقعدہ ۸۱۰ ۱۴۰۷
۲۲ ۷۳

۳ - سلطان محمد مرزا ابن میران شاہ -
۲ - ذیحجہ ۹۷۸ ۱۳ نامعلوم
مقام جلوس سمرقند تعداد عمر جلوس - ۹ سال - ۲ شہر ۲۴ یوم
تاریخ جلوس - ۲۴ - ذیقعدہ ۸۱۱ھ ۱۴۰۹ء مرض الموت عارضہ جسمانی
تاریخ وفات محل دفن - ۳۰ ذیحجہ ۸۵۵ھ ۱۴۵۱ء خطکش مدت عمر ۵۵ سال
مدت سلطنت - ۴۵ ۵۱

۴ - سلطان ابوسعید مرزا ابن سلطان محمد مرزا
۱۲ - رجب ۸۳۰ ۱۴۱۷ سمرقند
مقام جلوس تعداد عمر جلوس ۲۵ سال ۳۰ - ذیحجہ ۸۵۵ - ۱۴۵۱ -
مرض الموت تاریخ وفات محل دفن - درجنگ حسین بیگ گرفتار شدہ
شہید شد ۱۲ - رجب شنبہ ۸۷۳ ۱۴۶۷ نواح سمرقند
مدت عمر مدت سلطنت - ۴۳ سال ۱۷ ۳ ۱۴

۵ - عمر شیخ مرزا خلف چہارم سلطان ابوسعید ۳۰ - ذیحجہ ۸۶۰ ۱۴۵۵ سمرقند -
مقام جلوس تعداد عمر جلوس - ولایت اندجان فرجانہ ۱۲ ۶ ۳
تاریخ جلوس مرض الموت تاریخ وفات - دوشنبہ ۱۲ - رجب ۸۹۹ھ ۱۴۹۳ء
از بام کبوترخانہ افتاد و مرد ۱۴ - رمضان دوشنبہ ۸۹۹ھ ۱۴۹۳ء
محل دفن مدت عمر مدت سلطنت - سمرقند ۳۸ ۴۸ ۲۶ ۱ ۲۲

۶ - ظہیرالدین محمد بابر بادشاہ ابن سلطان عمر شیخ مرزا خلف مکانی ۶ - محرم ۸۸۸ھ
۱۴۸۳ء ولایت فرجانہ خطکش -
تعداد عمر روز جلوس تاریخ جلوس - ۱۱ ۱۸ ۱۹ سہ شنبہ ۲۵ رمضان ۹۳۷ھ
مرض الموت تاریخ وفات محل دفن - تپ ۶ - جمادی الاول ۹۳۷ - ۱۵۳۰ - کابل

۱۴۸۵ - مدت عمر مدت سلطنت - ۹ ۴ ۷ ۳۷ ۷ ۱۱ -

۷ - بادشاہ نصیر الدین محمد ہمایون ابن بابر شاہ جنت آشیانی -

ولادت محل ولادت مقام جلوس ۱۴ ذیقعدہ ۹۰۳ ارک شہر کابل آگرہ

تعداد عمر روز جلوس تاریخ جلوس - ۲۳ - ۴۶ - ۶ - جمادی الثانی ۹۳۷ - ۱۵۳۰

مرض الموت تاریخ وفات محل دفن - از بام افتاد ۱۳ ربیع الاول ۹۶۳ ۵۵۵۹

محل دفن مدت عمر مدت سلطنت - مقبرہ ہمایون دلی ۴۹ ۹ ۴ ۲۵ ۱۰ ۵ -

۸ - محمد اکبر شاہ بادشاہ عرش آشیانی یکشنبہ ۸ - رجب ۹۴۹ - ۱۵۳۲ - امرکوٹ سندھ

تعداد عمر روز جلوس تاریخ جلوس مقام جلوس - ۱۳ ۸ ۲۸ جمعہ ۳ - ربیع الثانی

۹۶۳ - ۱۵۵۵ - کلانور -

مرض الموت تاریخ وفات محل دفن - عارضۂ جسمانی ۱۲ - جمادی الثانی مقبرہ

سکندریہ ۱۰۱۴ - ۱۶۰۵ قریب آگرہ

مدت عمر مدت سلطنت - ۱۱۶۴ ۷ ۵۱ ۹۲

۹ - نور الدین محمد جہانگیر بادشاہ جنت مکانی -

۷ - ربیع الاول ۹۷۷ھ ۱۵۶۵ - فتحپور سیکری - اکبر آباد -

مدت عمر روز جلوس تاریخ جلوس - ۲۳۷ ۲۷ یکشنبہ ۱۴ جمادی الثانی

۱۰۱۴ - ۱۶۰۵ -

مرض الموت تاریخ وفات محل دفن - ضیق النفس یکشنبہ ۲۸ - صفر ۱۰۳۷

۱۶۲۷ باغ نور جہان واقع لاہور

مدت عمر مدت سلطنت - ۵۹ ۱۱ ۱۱ ۲۲ ۸ ۱۴

۱۰ - محمد شہاب الدین شاہجہان بادشاہ فردوس آشیانی

ولادت لاہور لاہور - پنجشنبہ سلخ ربیع الاول -

مدت عمر روز جلوس ۳۷ ۲ ۲۲

تاریخ جلوس دوشنبہ ۲۲ - جمادی الاول ۱۶۲۷ - ۱۰۳۷ -

مرض الموت	وفات	محل دفن	مدت عمر	مدت سلطنت

دردگردہ تپ محرقہ ۲۶- رجب دوشنبہ ۱۱۶۷- ۱۷۵۳- اکبرآباد- روضہ تاج گنج

۶۷ ۶۴ ۲۰ ۴۲

۱۱- محی الدین اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ خلد مکانی-

۲۵- ذیقعدہ یکشنبہ ۱۰۲۸ ۱۶۱۸- صوبۂ گجرات نواح اکبرآباد-

۳۹ ۶ ۵ غرۂ جمادی الثانی ۱۰۶۸ ۱۶۵۷

عارضۂ جہانی- جمعہ ۲۸- ذیقعدہ ۱۱۱۹ ۱۷۰۶ دکھن اورنگ آباد مقبرہ زین العابدین شاہ

۹۰ ۳ ۵۰ ۲۸-

۱۲- اعظم شاہ بن عالمگیر شاہ ۱۲- شعبان ۱۰۶۳ ۱۶۵۲ دکن متصل اورنگ آباد

۵۵ ۳ ۲۶- ۴- ذیحجہ ۱۱۱۸- ۱۷۰۶ درجنگ بہادر شاہ کشتہ شد ۸- ربیع الاوّل

۱۱۱۹ ۱۷۰۷- مقبرۂ ہمایون بادشاہ دلی-

۵۵ ۶۷ + ۳- شہر ۱۰

۱۳- بہادر شاہ شاہ عالم خلد منزل سلخ رجب ۱۰۴۳ ۱۶۳۳ دکن کابل

۵ ۶ ۷ ۲ ۱۰- محرم ۱۱۱۹ ۱۷۰۷ عارضۂ جہانی ۱۸ محرم ۱۱۲۴ ۱۷۱۲

بدرگاہ خواجہ قطب الدین ۸۰ ۲ ۱۸ ۵ + ۸

۱۴- معزالدین جہاندار شاہ بن بہادر شاہ بادشاہ

غرۂ شوال چارشنبہ ۱۰۷۲ ۱۶۶۱ دکن لاہور

۵۲ ۳ ۱۸ ۱۸ محرم روز جمعہ ۱۱۲۴ ۱۷۱۲ فرخ سیر در قید کشت-

۲۹- محرم ۱۱۲۵ ۱۷۱۳ مقبرۂ ہمایون بادشاہ

۵۳ ۳ ۲۵ + ۱۱ ۵

۱۵- فرخ سیر بادشاہ پسر عظیم الشان بہادر شاہ شہید مرحوم

غرۂ محرم پنجشنبہ ۱۰۹۸ ۱۶۸۶ دکھن نواح اکبرآباد

۲۶ ۱۱ ۳۳ ۲۳ ذیحجہ جمعہ ۱۱۲۴ ۱۷۱۳ سید حسین علیخان اسیر کردہ کشت-

۹- رجب ۱۱۳۱ - ۱۷۱۵ - مقبرۂ ہمایون بادشاہ ۳۲ ۹۲ ۳ ۹۳ -

۱۶ - ابوالبرکات شمس الدین پسر رفیع الشان بن بہادر شاہ رفیع الدرجات -

۱۷- رمضان ۱۰۸۳ ۱۶۷۲ دہلی اکبرآباد -

۴۷ ۶ ۲۳ ۹- ربیع الثانی ۱۱۳۱ ۲۶ ۱۷- تپ محرق ۱۹- رجب ۱۱۳۱ ۱۷۱۸ مقبرۂ ہمایون ۴۷ ۱۰ ۳۱ + ۹۳

۱۷- رفیع الدولہ پسر رفیع الشان بن بہادر شاہ

۲۰- رمضان ۱۰۸۳ ۱۶۷۲ نواح اکبرآباد - اکبرآباد -

۴۷ ۲ + ۶- رجب ۱۱۳۱ ۱۸ ۱۷ غلبۂ کوکنار ۱۷ ذیقعدہ ۱۱۳۱ ۱۷۱۸ مقبرہ ہمایون ۴۸ ۱ ۲۸ ۲۸ ۲۸۲ -

۱۸ - روشن اختر محمد شاہ بادشاہ بن جہاندار ابن بہادر شاہ فردوس آرامگاہ

۲۴- ربیع الاول ۱۱۱۴ ۱۷۰۲ غزنین - کھراولی موضع اکبرآباد مکردہ ۱۷ ۴۷

۱۷- ذیقعدہ ۱۱۳۱ ۱۷۱۸ -

عارضۂ جسمانی ۲۷- ربیع الثانی ۱۱۶۱ ۱۷۴۸ درگاہ نظام الدین

۴۷ ۱ ۴ ۲۹ ۱ ۱۰ -

۱۹- ابوالنصر مجاہد الدین احمد شاہ بن محمد شاہ بادشاہ

۱۷- ذیحجہ ۱۱۳۸ ۱۷۲۵ شاہجہان آباد پانی پت -

۲۲ ۴ ۱۳ غرۂ جمادی الاول ۱۱۰۶ ۱۶۹۴

بسبب کشیدن میل در چشم ۱۰- شعبان سہ شنبہ ۱۱۶۷ ۱۷۵۳

مقبرۂ ہمایون ۲۸ + ۲۳ ۳۰ ۳ ۱۰ -

۳۰ - محمد غریب الدین عالمگیر ثانی بن مغز الدین جہاندار شاہ عرش منزل -

غرۂ محرم ۱۰۹۹ ۱۶۸۷- صوبۂ ملتان دلی -

۶۸ ۱۰ ۱۰- شعبان ۱۱۶۷ - ۵۳ ۷

از قلعۂ فیروز آباد افتاد و مرد ۱۸- ربیع الثانی ۱۱۷۳ - ۱۷۵۹ -

مقبرۂ ہمایون ۱۷ ۲۷۴ ۸۸۵

۲۱- علی گوہر شاہ عالم بادشاہ عالمگیر ثانی فردوس منزل

۲- جمادی الاول ۱۱۳۱ ۱۸ ۱۷ دلی

کھتولی متصل عظیم آباد ۴۲ + ۳ ۴- جمادی الاول ۱۱۷۳ ۱۷۵۹-

عارضۂ جسمانی ۷- رمضان بدرگاہ خواجہ قطب الدین ۹۰ ۶۴ ۴۸ ۳۴-

۲۲- ابوالنصر معین الدین محمد اکبر شاہ بادشاہ عرش آرامگاہ بن شاہ عالم

۲۸- رجب ۱۱۷۳ ۱۷۵۹- ریحان مکن پور- دارالخلافت شاہجہان آباد-

۴۸ ۹۱ ۷- رمضان ۱۲۲۱ ۱۸۰۸

اسہال و درم ۷- جمادی الثانی ۱۲۵۳- ۱۸۳۷-

بدرگاہ خواجہ قطب الدین برابر والد خود ۸۰ ۳۱ ۱ ۲۰

۲۳- ابوالمظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ ثانی ۱۳ ۱۲ ۳۷ ۱۸-

شاہجہان آباد ایضاً ۷۳ سال- ۱۲۵۳ ۱۲۷۹ ۱۸۶۲

رنگون ۹۹ سال ۲۶ سال-

یہ ۲۲ سلطنت موافق خواب امیر تیمور لنگ درست ہے واللہ اعلم

من ابتدائے سنہ ۷۱۰ھ ۱۳۰۹ء لغایت سنہ ۱۲۷۹ھ و ۱۸۶۲ء

مجموع پنجصد و ہشت سال ہوتے ہین-

پانچوان باب

فساد عظیم بلوائے عام شاہجہان آباد تا خاتمہ اور مرزا ابوالمظفر سراج الدین بہادر شاہ کا رنگون جانا انتقال زبانی رئیسان شہر آنجا ہر صاحب ضلع کے احوال فساد بلوہ کے جو جہان ہوا لکھوا دیا چنانچہ مرزا نوشہ صاحب اسد اللہ خان غالب مرحوم نے کچھ منظوم کیا اس جہت سے اس مؤلف کتاب نے بھی مشمول فساد لکھنؤ سے شہر

سے دریافت کرکے لکھا ہے ہر گلے را رنگ و بوے دیگر است +

تمام ہندوستان مین دو صدی کے عظیم بلوۂ فساد و ناگہانی کے ہوے ایک دلی اور لکھنؤ کے واسطے کہ یہ دونون پایہ تخت سلطنت تھے باقی فساد بے بنیاد ہوا ایسا قیام کہین اور نہین ہوا ہر چند دلی مین کئی مرتبہ اسطرح کا فساد و قتل غارت ہوا مثل نادر شاہ اور احمد شاہ ابدالی وغیرہ مین انقلاب ہوا مگر یہ رنگ انقلاب اور تھا اور نہ یہ صورت خاص گذری اور لکھنؤ ہمیشہ امن و امان مین رہا۔

خلاصہ سال بھر پہلے اس ہنگامہ عام کے گورنمنٹ سے کارتوس جنگی آئے کہ فوج مین تقسیم ہون ہندو مسلمان سپاہ نے اوسکے استعمال مین تامل کیا اس جہت سے کہ اون کارتوس مین چربی سوّر اور گاے کی لگی تھی چنانچہ اصل یہ مادۂ فاسد چھاؤنی بارکپور کلکتے سے پیدا ہوا جسطرح اکثر وبا ے عالمگیر پہلے کلکتے سے شروع ہوتی ہے وہ یہ کہ ایک دن جمعدار کے دو تلنگے دریا پر نہا رہے تھے اتفاقاً گیسر اشخص بھی اونکے برابر نہا کر اپنی دھوتی کو جھٹکنے لگا جسطرح ہندو دھوتے ہین اوسکی چھینٹین اون تلنگون پر پڑین بہت خفا ہوکر کچھ سخت سست کہ بیٹھے اوسنے کہا سبحان اللہ ان بوندون سے اتنی احتیاط کرتے ہو کل جنگی کارتوس جو ولایت سے آتے ہین کیونکر کاٹوگے جنپر چربی گاے اور سوّر کی لگی ہے اس عرصے مین دو اور سپاہی چھاؤنی کے آگئے رفع شر ہوگیا اور وہ بھی چار چھاؤنی کا تھا راہ مین سپاہیونکو چربی کے نام سے کھٹکا ہوا پہلے اوسکی تحقیق صدق و کذب کو دریافت کیا کہ مبادا خلاف ہو تو خجالت ہوگی پس جب خوب ثابت ہوگیا کہ فی الحقیقت دونون چربی بھینس اور سوّر کی ہے اسے مہاسر خلاف مذہب و ناسب سمجھکر باخفا ہر چھاؤنی ہندوستان مین افسرونکو لکھ بھیجا بالاتفاق سب نے سنکر انکار کیا اور مستعد فساد ہوے چنانچہ برگیڈیر چھاؤنی مین پہنچکر کے حکم تعمیل صدیدکا دیا سنا یا باتفاق ہندو مسلمان نے عذر کیا کہ ہمنے برسون سے سرکار کا نمک کھایا سر فروشی کے واسطے نہ ایمان دینے کو افسرون نے کچھ اعتنا نہ کیا جوابدیا کہ ہم البتہ حکم گورنمنٹ بجالاینگے اتفاقاً گمانہ رائفیں بھی وہان تھے کچھ انتظام نہ کرسکے۔

نوک کی پلٹن کی ۵ کمپنی چٹگاؤن، ورہ۔ اس چھاؤنی مین تھی اونسے اسی اسلحہ حربیہ کا

دیا اور اپنی تنخواہ لیکر گھر کی راہ لی۔ حکام نے کچھ اسپر بھی اعتنا نہ کی بلکہ اونکا عفو جرائم کیا اسکے بعد ۳ پلٹن بدلے کو اضلاع غربی کو چلین اونکے پیچھے پلٹن گورے کو حکم ہوا کہ راہ مین فرصت وقت پانا اونکو سزا دینا تا اور دنکو عبرت ہوجاوے اور افسر ہندوستانی جو وہان سے چلے وہ اپنی موشک دانی سے غافل نرہے یعنی اگر کوئی ہمارا سر پرست متحق ریاست ٹھہرے تو فساد یا تفاق کردیجیے لیکن سب سے جواب صاف پایا جب یہ خدشۂ فساد سرکار کو ہوا قلعۂ کلکتہ مین تلنگون سے اسلحہ حرب لے لیے فقط بندوق کے گز بھرے کورہنے دیے اور بادشاہ کو بھی انھین توہمات سے قلعہ مین رکھا نواب دہلی کے نقل کرتے تھے کہ مین جنرل صاحب کی ملاقات کو گیا کہنے لگے ہم آپ سے اکثر ایک بندوق کی تعریف کیا کرتے تھے اب اوس قسم کی بندوق ولایت سے آئی ہے ۱۵ سو گز پر اوسکی گولی جاتی ہے غالب ہے کہ اب ہماری پلٹن مین احتیاج توپ کی نہو لیکن افسوس یہ ہے کہ ہماری فوج اوسکے استعمال مین کارتوس پر راضی نہین ہوتی اوسپر گندہ بردزہ گاے اور سور کی چربی کا لگا ہے نواب نے جواب دیا کہ میرے نزدیک بہتر یہ ہے کہ پہلے گورے استعمال کرین جب انکا رفع خدشہ جاتا رہیگا سپاہی بھی خواہ مخواہ استعمال کرینگے جنرل صاحب نے کہا ہمنے سب طرح سے اسکی تصریح سرکار مین کی اور لکھی منظور نہین خیر ہم جانتے ہین کہ ہماری اجل اس فوج کے ہاتھ مقدر ہوئی ہے مجبور ہین جب فوج ولایت سے آئیگی انکا استیصال کریگی۔

خلاصہ جب چھاؤنی میرٹھ مین کمان افسر نے تیسرے رسالۂ ترکسوار کو حکم کارتوس کے کاٹنے کا دیا یا تفاق ہندو مسلمان نے انکار کیا اور عذر کیا نہ سنا ایکدن چاہا کہ سبکو توپ سے اڑادین اتفاقاً جب رسالہ تونچانہ سے گذرا ایک خلاصی نے سمجھا دیا کہ پریڈ پر نہ ٹھہرنا سیدھے چلے جانا نہین حکم قطعی پہل چکا ہے یہ سنکر رسالہ ساکت وخاموش اپنی لین کو چلا گیا ایک صوبہ دار نطفہ حرام ست سے شر کینہ رکھتا تھا فرصت وقت پاکر اپنا رسوخ دکھانے کو اپنے افسر سے کئی سپاہیون چغلی کہائی کہ یہ مفسد ومتوی سب کے ہین انھین پہلے قید کرلیجیے پھر سب درست ہوجائینگے دوسرے دن صوبہ دار نے پریڈ پر اپنے دانت سے کارتوس کاٹکر سبکو دکھایا تاکہ سب پر حجت تمام ہو سپاہیون نے جواب دیا کہ یہ ہمارے دین سے نکلگیا ہے اوسوقت

کمان افسر نے شہر سواروں کو جیلخا نے مین بھیجدیا اور حکم دیا کہ انکے پانوں مین بیڑی الدو صاحب جیلخا نے نے کہا کہ ازراہ خدا ترسی کہ مسودست اتنی بیڑی تیار نہین - اور کہنے لگا معلوم ہوا افسرون کی قضا دامنگیر ہوتی ہے دوبارہ حکم بھیجا کہ بڑیان لوہے کی سلاخ کی کاٹ کر نچھا دو - بعد اسکے تین دن تک ان اسیرون کے آب و طعام کی کچھ فکر نہ ہوئی

۹ - مئی روز شنبہ ۱۴ - ماہ رمضان ۱۲۷۳ھ حسب الحکم کمان افسر اسیرونکو حکم دیا کہ پا بجولان پریڈ پر لاؤ بذلت تا اور دنکو عبرت ہو اور پھر کوئی سرتابی حکم نہ کرے جب اسیران اس صورت سے گذرے چھاؤنی کی بازاری رنڈیون نے باقی مسالے کے سپاہیونکو گالیان دیکر غیرت دلائی اور خوب لون مرچین لگا کر مردنبایا الکزون کے منہ پر تھوک دیا کہ تمسے ہم رنڈیان بہتر ہین کیون تلوار باندھکر اپنی تین مردنبایا ہے وا سے پر یہ سنکر سبکو ایک جوش حمیت و غیرت از حد ہوا دوسرے دن یکشنبہ ۱۵ - ماہ مبارک بعد دوپہر کے جب نماز ظہر پڑھ چکے اس سے کے تیسرے ترب نے چولین مین تھے کمر باندھ مسلح ہوکر باہر نکلے اور چھاؤنی قتل و غارت اور بنگلون کو آگ لگانا شروع کیا اور ساری فوج نے اسیر اتفاق کیا اور صاحب جیلخانے کو اوسی وقت باغرت بسلامت چھاؤنی سے نکالدیا اور انکے احسان مند ہوئے پلٹن ریفل گورہ ۵ رسالہ لانسر تو بخانہ گورہ دمدمے مین مع صاحبان چلے گئے اور بہت متحیر اور متعجب ہوئے کہ اس انتظام و اہتمام پر یہ صورت ہوئی جسکا کبھی خیال بھی نہ تھا خلاصہ یہ شام تک ہنگامۂ قتل و غارت رہا اور نامردان ناعاقبت اندیش نے جو کسیطرح نہ کرنا تھا وہ کیا یعنی اطفال بے گناہ خردسال - عورات بے گناہ یا جسے عیسائی جانا قتل کیا پھر دونون پلٹن پہلی بیسوین اون سٹ گیارھوین سوارون کے شریک ہوتین شہر مین جاکر روزے سے اور اپنی جاہ بدنفسی کی دوڑ دھوپ سے تھک گئے تھے بازارمین ماکولات پر جھکے رعایاے شہر نے بھی حاضر موجود کو مجاہدین راہ خدا سے موافق اپنے عقیدے کے حاضر کیا اور خوف جان و مال سے اپنے گھر کے دروازون کو بندکر لیا آدھی رات تک جب کھانے سے فراغت ہوئی دلی کو چلے اونکے

پیچھے کئی کمپنی سائپرس میرس گئی تھوڑی دور جاکر پھر آئی صاحب کشنر میرٹ نے چٹھی اس سانحہ کی سائمن فریزر صاحب کمشنر دلی کو لکھکر بھیجی - اتفاقاً وقت شب صاحب ممنور بھی چٹھی کو اپنی پاکٹ مین رکھ لیا یہ بڑی غفلت بداقبالی سے ہوئی وگرنہ پل پر اسکا انتظام کرتے سوار کیونکر دفعتہً چلے آتے -

۱۶ - تاریخ ماہ مبارک ۱۱ مئی اول دم صبح ایک سوار دلی مین سمن برج کے جھروکے کے نیچے سے جہان بادشاہ بیٹھتے تھے پوچھا میر فتح علی خان داروغہ تخت شاہی کہان ہے یہ اوسوقت چبوترہ لب دریا خضری دروازے کے آگے ہی نماز پڑھ رہے تھے جواب دیا کیا کام اونسے ہے کہا مین حکم فوج لایا ہون جلد بادشاہ سے عرض کرو کہ ہمنے سب صاحبان فوج و میرٹ کو قتل و غارت کیا ہے اب یہان کے صاحبون کے استیصال کو آئے ہین اگر بادشاہ ہمارے شریک دین ہوگا تخت پر بٹھائینگے وگرنہ ابھی ہم تماشا دکھلادینگے کہا بہت خوب مین ابھی بادشاہ سے جاکر عرض کیے دیتا ہون اوسکے بعد وہی سوار وہان سے شہر مین پھر آیا -

ایک سوار اور لاہوری دروازہ سے قلعہ مین آیا اور دلی دروازے سے باہر جاکر دو کمپنی جو قلعہ مبارک مین متعین تھین اور کمپنی جو میگزین اور خزانے پر کشمیری دروازے مین تھی ان چارون کو در غلاکر اپنے ساتھ چھاؤنی وزیر آباد اور راجپورہ مین لیگیا اور تینون پلٹن مائپ رن سٹ و انفنٹری رہنے اور توپخانہ اسپی کو اپنے ساتھ لایا اس عرصہ مین ۹ بجے بادشاہ نے قلعہ معلی مین بدستور دربار عام کیا ابھی تک اہل شہر اور حکام کو اس سانحہ سے خبر نہ تھی جب وہ سوار چلا گیا میر فتح علی نے تسبیح خانے مین جاکر معین الدولہ عمدۃ الامرا صفدر جنگ سید ذوالفقار الدین حیدر نظارت خان بہادر و ذوالفقار جنگ عرف حسین مرزا اور میر اشرف علی فوجدار خان سے کہا جواب دیا کہ ایسے امور کو زبان پر لانا نہ چاہیے کہ باعث سراسر ذلت و خرابی کے ہین اوس سوار نے نشے مین ایسی بات کہی ہوگی -

اس عرصہ مین دو سو چالیس ترکسوار میرٹ آن پہونچے اور دریا کے پل کے دونون بنگلے کو آگ لگادی داروغہ پل نے صاحب مجسٹر سے خبر کی تھوڑے سوار پل پر رہے باقی سمن برج کے نیچے دریا کے کنارے سب کے سب غل مچاکر وہی پیام اول کہنے لگے بادشاہ نے اسوقت کپتان

ڈکلس قلعدار کو بلوا کر فرمایا یہ کیسا شور و غل تم اپنی فوج کا سنتے ہو کیا کہہ رہے ہین کپتان اور احترام الدولہ حکیم احسن اللہ خان اور سیف الدولہ مرزا غلام عباس خان وکیل شاہ یہ تینون قبیح خانے مین آئے سوار ونکو جواب دیا کہ کیون گھبراتے ہو جو کہتے ہو وہ ظاہر ہو جائیگا سوارون نے کہا اگر دروازہ کھول کر آجاؤ ہم تمھین ابھی قتل کرتے ہین ہم تمھاری قوم کے قتل کو آئے ہین کپتان نے ازراہ جرات چاہا دروازہ کھول ادنھین جواب دے مگر ان دونون نے سمجھا کر منع کیا اور اپنے مکان کو چلے آئے

رعایا شہر نے یہ حال دیکھکر اپنے گھر کے دروازے بند کر لیے یمین الدولہ سائمن فریزر صاحب ایجنٹ اور کمشنر شہر پاور لیصاحب ڈاکٹر صاحب اپنی کوٹھی سے مع رسالہ اردلی قلعہ مین آکر قلعدار کے مکان مین ٹھہرے اثنائے راہ مین اوس رات کی چٹھی کو پڑھا سیف الدولہ سے فرمایا بادشاہ کی توپ اور گولہ انداز میگزین کو جلدلاؤ انھون نے دیوان خاص مین ہر چند تلاش کی نہ پایا ناکام پھر کر عرض کیا کہ بروقت سواری بادشاہ کارتوس سرکار سے گنکر ملتے تھے اسوقت کہان۔

اس عرصے مین سوار جابجا متفرق ہو کر قلعہ کے دروازے کے کھولنے کے تجسس مین پھرتے تھے کہ ناگاہ ایک شخص گنسام نے راج گھاٹ کے دروازے کو جسمین قفل نتھا اور نہ کوئی پاسبان تھا کھولدیا پس دفعۃ سوار داخل قلعہ ہوے دریا گنج کے چھاؤنی کے بنگلونکو آگ لگانی شروع کی اور دیسی قتل کرنا شروع کیا تلنگے جو قلعہ کے دروازون پر تھے اونھون نے ان چارون صاحبون پر جو مع تین میم کے مارڈالا قزیر صاحب نے چاہا کہ وہان سے نیچے اوترین ایک سوار نے بندوق ماری گر پڑے عبدالقادر خان ولایتی مردسودائی ملازم محبوب علیخان وہان رہتا تھا سوار کی تلوار لیکر صاحب کے پیٹ مین ماری اس عرصے مین قلعہ کے سب دروازے بہت متحکم بند دیے میگزین مین صاحب سم اطفال تقریبًا ڈیڑھ سو تھے مشہور حویلی داراشکوہ مین جمع ہو گئے تھے سوارون نے دریا گنج سے دونون تومین سلامی بادشاہ لیکر سڑک کے سنگرزے بھر کر میگزین پر مارے صاحب جو مکان میگزین مین تھے خلاصی سے پیپہ باروت کا لیکر لال پیارے کے بچے بچھوا دیا ہندوستانی کو وہان سے باہر نکالدیا آگ دیکر سکوا دیا اونمین ایک مرد پیر تھا

کہنے لگا کہ خود ہلاک کرنا بہتر ہے اوس سے کہ ہم ان سب کتوں کے ہاتھ سے بذلت مارے جائین لیکن فصیل شہر جو فیما بین میگزین اور دریا تھی پانسو تماشین اوسپر تماشے کو کھڑے ہوے تھے وہ سب ہوائے آسمان مین تنکے ہوکر اڑے اور یہ سب چار سو سے زیادہ نہ تھے تلنگے میگزین مین جاکر اسلحہ حرب لوٹنے لگے قریب گرجہ پہونچے دو افسر آگے سے چلے آتے تھے اسطرف سے دو سوار جاتے تھے صاحب نے حکم فرمایا سپاہیون نے ہوا آسمانی چھوڑی دونون سوارون نے زمین پر تیغ دھر لیا اس عرصے مین لباس صاحب سول جج شہر بھی برسوار کرنال کو چلے گئے جان شکیف صاحب ایجنٹ مجسٹر شہر بہادر گنج پہونچے نواب معین الدین حسین خان تھانہ دار نے گھوڑا اپنے کپڑے دیکر روانہ کیا افسران توپخانہ اور ماپٹ کی پلٹن کے بیشتر یا بعض سمت کرنال پانی پت اگرہ چلے گئے اس عرصے مین دونون پلٹن میرٹھ کی بھی پہونچین اب سپاہی ملکر ہر طرف صاحبون کی تلاش مین دوڑنے لگے مرد عورت بچے کو جہان پایا مار ڈالا گھر کو لوٹ کر آگ لگا دی بنک مین ۱۲ لاکھ روپیہ تھا لے لیا کوتوالی کا بھی یہی حال کیا شرف الحق کوتوال شہر بھاگا کیسے گھر مین چھپ رہا شہر کے تھانہ کو لوٹا آگ لگا دی فانوس جو سڑک پر بازارون مین نصب تھین توڑ ڈالین غرض دوپہر تک طرفہ ہنگامہ قیامت برپا تھا۔

اس عرصے مین مرزا ظہیر الدین بہادر عرف مرزا مغل بادشاہ کے بیٹے جو نواب شرافت محل صاحبہ سیدہ سے تھے مسجد سنہری جو قریب چبوترہ کوتوالی ہے جب نماز ظہر پڑھ چکے حسب الحکم بادشاہ شہر مین منادی امن وامان دی اور معین الدین حسن خان کو کوتوال شہر کرکے داخل قلعہ ہوے اور پانچ لاکھ روپیہ جو خزانہ مین تھے وہ بھی لوٹ لیے پھر سب فوج جمع ہوکر دیوان خاص و عام مین آئی قریب شام بادشاہ تخت پر سوار محل سے برآمد ہوے فوج سے فرمایا مین مرد فقیر نہ پیسہ نہ فوج میرے پاس پھر کیون میرے پاس آتے ہو گوالیار۔ جیپور۔ حیدرآباد کشمیر۔ جاؤ وہان یہ تینون چیزین ہین انھین پانچ پلٹنون سے مقابلہ انگریز کیا چاہتے ہو کچھ سمجھ مین نہین آتا معلوم نہین کیا سمجھے ہو فوج نے عرض کیا کہ سب فوج ہندوستان کی حرارت دین سے انگریزون سے پھر گئی ہے اب ہم سب جان نثارون کی مصلحت یہ ہوئی کہ حضور کی اطاعت کرکے استیصال نصاری کرین بادشاہ نے فرمایا تمھین اختیار ہے خیر مین بھی شریک حال ہون

بعد اسکے بادشاہ داخل محلسرا ہوے آدھی رات لو توپخانہ چھاؤنی سے قلعہ مین آیا
۲۱ توپ سلامی کی چلی۔

بموجب درخواست سپاہ بادشاہ نے شاہزادونکو افسر سوار و پیدل و توپخانہ کیا بجاے
کمانڈر انچیف مرزا مغل کرنل پلٹن والنیر ماپٹ مرزا خضر سلطان کرنل پلٹن پہلی مرزا عبداللہ کرنل
پلٹن الکزندر مرزا سہراب ہندی عرف مرزا نیڈو کرنل پلٹن رن سٹ مرزا بختاور شاہ کرنل
رسالہ مرر الفرت الملک عرف مرزا ابوبکر بیٹے مرزا فتح الملک ولیعہد متوفی مادہ تاریخ رواں
اس سانحہ کا تیز ہونچا مرزا اسد اللہ خان غالب نے کہا۔

سہ شنبہ ۱۷۔ ماہ مبارک ۱۲ اسی بادشاہ نے شقہ خاص خواجہ نجش شتر سوار کے ہاتھ کوان
صاحب لفٹنٹ گورنر آگرہ کو بھیجا کہ تمھاری فوج باغی نے بیحد مجھے گرفتار بلا مزہ کیا ہے آمادہ
جدال و قتال ہے اور مابدولت سے اسکا دفع کرنا غیر ممکن جو مناسب جانو اسکا علاج کرو مین
مجبور ہون۔ گورنر نے شقہ لیکر اسے ٹھہرایا اور نقل شقہ سب راجپوتانے مین بھیجدی۔

بادشاہ سر روز موافق معمول دربار کرنے لگے تلنگے اکثر صاحبونکو چھپ کر جا بجا رہ کے
تھے پکڑ لاکر حکم قتل چاہتے تھے بادشاہ رحمدلی سے حکم قید دیتے تھے تیسرے پہر کو سوار ہوے چاندنی
چوک مین جو روپے و باغ بیگم ہے تھوڑا ٹھہرے افسرونکو حکم کیا کہ شہر کے تینون دروازون پر
دو دو کمپنی متعین ہون اور سلامی بادشاہ بدستور ہوا کرے۔

۱۸۔ ماہ مبارک تک ۵۲ صاحب و میم و اطفال قید ہو چکے تھے جب سپاہ نے حکیم احسن اللہ
خان محبوب علی خان پر یورش کی کہ تم اب تک خیر خواہی نصاری سے ہاتھ نہین اوٹھاتے
ان قیدیون کو ابتک زندہ رکھا ہے ہمین دیدو ورنہ تمھین اور بیگم صاحبہ کو مار ڈالینگے مرزا مغل نے
فرمایا دستور ہماری سرکار کا یہ ہے کہ محبوس کو جان سے امان دیتے ہین سپاہ نے کچھ خواہ دیا ادا دون
دونو پر اتہام سازش سے تشدد آخر جب معین الدولہ نے سمجھایا سپاہ نے کہا کہ اگر یہ دونون قرآن
اوٹھالین تو ہم دست بردار ہو جائین غرض اونکے اطمینان کیواسطے بحضوری قرآن اوٹھا کر
اپنی جان بچائی تب سپاہ نے کہا کہ اگر تم ہمسے صاف ہو گئے ہو ان قیدیونکو کیون نہین چھوڑتے
حکیم صاحب گھبراتے بادشاہ نے عرض کیا ہر چند شاہزادون نے بہت سمجھایا اون ظالمون نے

نمانا آخر دن اسیر فنکو چوک مین جہان فرخ سیر بادشاہ کو مارا تھا دونون توپ لیون لاہوری دروازہ قلعہ اور نقار خانہ دیوان خاص کے بیچ مین بٹھا کر گولیون سے گرا دیا اس مجمع مین ایک شخص اہل شہر سے بھی مارا گیا پھر نعش مقتولین جھکڑ و نپر لدوا کر دریا مین بہا دی اور دوصاحب جو تہ خانہ کوٹھی راجہ کشن گڈھ مین محصور تھے لڑ رہے تھے اونھین پکڑ کر توپ سے اوڑا دیا اور شاہزادہ جنھین اپنا افسر کیا تھا انھون نے ہر ایک کو خلعت منصوبی لوایا اور مرزا جوان بخت بیٹا بادشاہ کا جو نواب زینت محل بلکہ دوران سے تھا اوسے خلعت وزارت نیابت بادشاہ دلوایا۔

۱۹۔ تاریخ کو سپاہ باغی و نمکحوار نے طمع خام سے چاہا کہ شہر کے روپیہ والون سے باتہام سازش انگریز ذلیل کرین روپیہ بھی لین پہلے اعتماد الدولہ سید حامد علیخان کا گھر تاکا کچھ اسباب کوٹھی کا لیکر میر صاحب کو قید کر کے نقد و جنس کی پرسش کر رہے تھے جب یہ خبر مرزا نصرت خبگ وزیر شاہ کو پہونچی بہت جلد آئے سپاہ کو کوڑے مار کر گھر سے نکالدیا سید کی جان بخشی کی۔

وقت عصر حکیم احسن اللہ خان محبوب علیخان کو اپنے خرچ یومیہ کے واسطے گھیر البعد قیل و قال فی سوار ایکروپیہ چار آنہ پیدل مقرر کروائے اسیطرح ہر افسر کا یومیہ مقرر ہوا پھر حکم بادشاہ ہوا کہ موافق دستور قدیم جتنے امرا اور رئیس شہر ہین ہر صبح کو دربار شاہی مین حاضر ہوا کرین اس عرصے مین مدکمپنی سا پہرس مینرس سب طرف سے جمع ہو کر آئی آگ جو میگزین مین لگی تھی رفتہ رفتہ قریب لوٹہ بان پہونچی ۵۔ لاکھ بان وہان رکھا تھا حکم ہوا پہلے آگ بجھاؤ پھر سب بان کو ٹیلہ مجنون سے نکالکر کوٹھہ جورا بھورا مین رکھدو۔

فورٹ صاحب کلکٹر گرگانوان خزانہ تحصیل کو ہرسرو گڑھ مین رکھوا کر چلے گئے تھے جب سپاہ نے شاہ۔ کمپنی تلنگا اور سوار میر نواب بیٹے میر تفضل حسین وکیل کمپنی اور گلاب خان صوبہ دار ۳۔ رسالے جا کر لے آئے خزانہ بادشاہی مین داخل کیا ۳ لاکھ ۳۵ ہزار تھا۔

اب رعایا شہر پہ سپاہ بازار مین خرید کرنے کم قیمت دینے پر ایک ہنگامہ برپا ہوا۔ نوبت بکشت و خون پہونچی اسمین ایک ترپ ملازم مہاراجہ جیاجی راؤ سندیہ کا مرا ملازم ہوا اوسی حساب سے اسکا بھی یومیہ مقرر ہوا اور اردو مین فرخ شاہ احمد علیخان بہادر خسر بادشاہ کے رہنے کو حکم ہوا اب افسرون نے تجویز کیا کہ شاہزادون کی افسری موقوف کر کے لارڈ کو مامور

کیجیے میر نواب نواب محمد خان نائب مرزا خضر سلطان ماپٹ کی بلٹن کے افسر تھے رہتک
کے خزانہ لینے کو گئے چار لاکھ کئی ہزار لے آئے

۲۹ - کو مرزا خضر سلطانی نے دو سو مذہب عیسائی جو کوتوالی مین قید تھے اونپر رحم
کھایا اور بعد تلقین کلمہ اسلام ظاہری چھوڑ دیا ایک اور امر تازہ یہ ہوا کہ مانگنون نے
مسجد جامع کے جوتے والون سے ایک ہنگامہ برپا کیا نوبت کشت وخون پہونچی تھی مرزا
مغل شاہزادے گئے بعد مار پیٹ کے مانگنونکو کوتوالی مین قید کیا اس سے فی الجملہ تخفیف
عذاب ظلم رعایا کی ہوئی اور موجب عبرت فوج اوسی شام کو ہلال ماہ شوال نظر آیا۔

خلاصہ صاحبان فوج و نظامت اور سیم ایسے وقت و نفرنا گہانی مین لاچار پریشان
بیہوش و بیحواس سراسیمہ و مضطر کچھ سوار باقی پیادہ لباس ولیدہ پا برہنہ افتان خیزان
راہی چھاؤنی کرنال آگرہ ہوے اور جنکے پانون مین رنجیر اجل پڑ گئی تھی چھاونی مین
شہر کی گلیون مین جابجا اکثر محلون مین چھپ رہے تھے شہر سے نہ جاسکے اونھین ظالمون نے
ڈھونڈھ ڈھونڈھکر مارا کئی سیم ور سیدہ بہت قابل ہوکر ولایت سے تازہ وارد تھین وہ ناکام
دنیا سے گئین ایسے احوال کی توضیح و تفصیل مین قلم اور ہاتھ دونون کانپتے ہین کیونکر اوسکو
کسطرح سے بیان کیجیے سراسر حیرت و تنبہ الغافلین ہے اگر چشم بصیرت ہو تو یہ مقدمہ بھی
شامل حال فوج بنی امیہ نظر آتا ہے کہ جب فوج سلطنت سے منحرف ہوئی اپنی سرکشی سے
بہت سا فساد برپا کیا اور ہر قبیلہ و طایفہ کو محرک تخت نشینی کیا لیکن ہر شخص مثل صولت و ہیبت
قصاری سلطنت بنی امیہ در رہا تھا اخر بعد تجسس کے ہاشم پوتے حضرت عباس عم رسولخدا
صلعم کو منتخب کیا اور اونھین سب طرح سمجھا کر تخت نشین خلافت کیا مگر سلطنت بنی عباس
قدرت خدا سے ایسی چمکی کہ لوگ اوس سلطنت کو بھول گئے اوسکے بعد چنگیز خان ہلاکو خان کا بھی
استیصال کلی کیا غرض دنیا مین کچھ نئی بات نہین ہوتی بن بڑنا شرط ہے۔

عید کو بادشاہ سوار ہوکر عیدگاہ نہ گئے قلعہ مین مسجد چوبی مین نماز پڑھی لیکن مرزا مغل
مرزا خضر سلطان اور بیٹے بادشاہ کے مع فوج نواب حسن خان اور رد سا شہر بڑی دھوم دھام
سے گئے ابھی ان سب نے نماز نہ پڑھی تھی کہ بادشاہ نے تخت سلطنت پر جلوس فرمایا اطراف کی ندا

لگنے لگے اتنے مین ایک غبار گرد سمت میرٹھ سے اوٹھا لوگون نے کہا دیکھو پاردریا فوج انگریزی آپہونچی بس ہل چل پرگئی شاہزادے داخل قلعہ ہوے آخر معلوم ہوا بنجارہ رسد غلہ لاتا ہے پھر قریب شام ایک گونیدے نے خبر دی کہ فوج میرٹھ سے آتی ہے۔

دوسری تاریخ شوال مشہور ہوا کہ جان لارنس صاحب چیف کمشنر لاہور اور رائٹ صاحب تفحص احوال کو شہر مین باغ مقبرہ روشن آرا بیگم کے اترے ہین مرزا خضر سلطان فوج لیکر گئے سوے منبر اور اسباب چاے پانی کے کچھ نہ دیکھا اور ایکطرف چوبی زینہ دیوار سے لگا رہگیا تھا ہر چند تلاش کی نہ پایا۔

ایک دن بادشاہ دربار عام مین تھے کہ ایک فقیر تمت باندھے کھاروے کا کرتہ پہنے سر پر کچھ کپڑا بندھا ہوا لوہے کا پشت خار ہاتھ مین تسبیح خانہ کے دروازے پر قریب لال پردہ پہونچکر کہنے لگا مجھے خلوت مین کچھ بادشاہ سے کہنا ہے دربانی بادشاہ سے خبر کی حکیم احسن اللہ خان کو حکم ہوا تم جاکر مطلب پوچھو فقیر نے کہا مین حمایل رابعہ چکہاری کا ہون تم سے سیاحت اختیار کی ہے راجہ نے یہ ہنگامہ سنکر عرض خاص کیواسطے مجھے بھیجا ہے امیدوار ہون حاضر ہونیکا حکیم نے کہا تم شام کو میرے گھر آنا جب فقیر لال پردے سے چلا ملنگہ باغی جو پہرے پر تھا اوسنے پہچانکر کہا یہ سپاہی لارنس صاحب کا ہے جو معرکہ کابل مین محمد اکبر خان کا سائیس بنکر نوکر رہا تھا بادشاہ کے لوگون نے کہا بلکہ تیرا گمان غلط ہوگیا انکی پیٹھ پر ایک زخم تیر اور دو زخم گولی کے ہین اگر یہ ہون تو مین سچا ہون اسکا بدن ورنگ خلاف رنگ اور صاحبون کے ہے سپاہی نے چاقو سے صاحب کی جلد بدن کو چھیلا جلد سفید نکلی اوپر روغن ملا تھا جب کرتہ بزور اتروایا تینون نشان ٹھیک پاے فقیر نے کہا مین انگریز نہین ہون لیکن مین ان دونون صاحب کا پتا بتاتا ہون سپاہیون نے پوچھا کیا قدر سیا باغ مین لاؤ جہان ترپ گوالیار کا پڑا ہوا تھا وہان سے فقیر نے چاہا کہین اور لیجاوے سپاہی نے نمانا آخر لاہوری دروازے پر لاکر قتل کیا،

تیسری تاریخ مفصل خبر پہونچی کہ فوج انگریزی میرٹھ سے غازی الدین نگر کو ہیبت زدہ پڑی ہے اس عرصے مین کوئل سے بھی ۵ کمپنی بعد قتل و غارت آپہونچی بادشاہ نے اوسوقت شاہزادے حکیم احسن اللہ خان محبوب علیخان کو جمع کیا اور قرآن شریف درمیان رکھکر قسم

لی کہ کوئی شخص فوج باغی کیساتھ انگریز سے لڑنیکو نجاوے مرزا نصرت الملک عرف مرزا ابوبکر نے اس اجماع سے خارج ہوکر عرض کیا کہ ہم سب اسیر فوج باغی ہوچکے ہین کیونکہ یہ عہد شیاق بحال رہیگا اس عرصے مین فوج مستعد مقابلہ انگریزون کے ہوئی کہا کہ ایک شہزادی کو ہمارے ساتھ کردو مرزا مغل جو کماندر انچیف ہوے تھے انکار کیا کہ اس خفیف مقابلے پر جانا خلاف دستور ہے لیکن مرزا حضر سلطان نے نواب محمد حسن خان اپنے نائب کو مرزا ابوبکر کے ساتھ ہمراہ سیاہ کردیا شام تک اسی لڑائی کی تدبیرون مین رہی چوتھے دن صبحکو مرزا الٰہی بخش خسر مرزا فتح الملک ولیعہد متوفی نے پہونچکر حکم دیا کہ شہر مین جہان بیل پاؤ لے آؤ بعد اسکے تین بڑی توپین ۹ - اسی نصف فوج کو دیکر پھرون رہی ندی کے اس پار لڑائی شروع ہوئی میرٹھ کی پلٹن کے گورے شدت گرمی سے پانی مین گر پڑتے تھے اور پھر نکل کر بندوق مارتے تھے شام کو مرزا ابوبکر پھر ایک ایسی توپ کو انگریزی فوج نے چھین لیا اور سب فوج مع توپ حواس باختہ پھر آئی لیکن پلٹن سائیرس منیرس اپنے مورچے پر قائم رہی اور ایک توپ کا گولہ انگریزی میگزین پر ایسا مارا کہ بہت بارود راہی کرہ نار ہوگئی اور صبح تک کم کم لڑائی قائم رہی صبحکو اور فوج کمک کو گئی فوج انگریزی نے دفعۃً دھاوا کیا تینون توپون مین کیلین ٹھوک کر بیکار کردیا پھر لڑائی شروع ہوئی - شام کو فوج انگریزی مع ان تینون توپ کے سمت غازی الدین نگر گئی اور فوج باغی شہر کو پھر آئی - اس لڑائی مین تھوڑے سے زخمی ہوے باقی جان سے گئے اور فوج انگریزی سے تین سے سو بچے باقی ہلاک ہوے -

کماندر انچیف السن صاحب سہارنپور سے داخل چھاؤنی کرنال ہوے اور حکم فوج کے لام باندھنے کا دیا اور خود بسبب الزام ممبران کونسل کے زہر کھا کر مر گئے اب یہان داخلہ فوج باغی ہر طرف سے شروع ہوگیا اور پلٹن لوکیر لشکر مت دو توپ جو سکندر صاحب کے رسالہ سے مع خزانہ چار لاکھ روپیہ یا نسی کے اور بلند شہر سے خزانہ بتحصیل کئی لاکھ کا لیکر پہونچی اور یہ سب خزانہ ۷ لاکھ ہوا فیروز پور سے کئی کمپنی پلٹن لائٹ مائرا بے اسلحہ حرب آکر شریک باغیون کے ہوئی میگزین کی لوٹ کے شہیار مل گئے حکیم احسن اللہ خان نے بندوبست و انتظام شہر کیا جا بجا تھانے اور برقندز بٹھائے اور فیض اللہ خان کو کوتوال شہر کیا -

۸ تاریخ جب یہ خبر آئی کہ فوج انگریزی کرنال سے آپہونچی یہاں سے بھی فوج گئی پہلے امتحان استحکام فصیل شہر کیواسطے توپین ماریں اس عرصے مین رسالہ بھی مین پوری سے آپہونچا جنے راہ مین کپتان ہینر صاحب وغیرہ کو مارا تھا ۱۲ تاریخ افسران فوج اور شاہزادے شہر کے باہر گئے بمجونیر سورچال پہلے قریب باغ شالہ مار دباغ جنرل اختر لونی صاحب مورچے قائم کیے دوسری پہاڑی پر جہان فریزر صاحب کی کوٹھی تھی اور مہاراجہ بابا بہدر رائو رہتے تھے تیسرے سیاہ برج جو فصیل شہر ہے اور یہان تینون جگہ فوج بھی مقرر کی۔

۱۴ تاریخ شام کیوقت عرضی مرسلہ رسالہ چہارم جسے صاحبان عالیشان نے حکمت عملی سے بھیجا تھا بادشاہ کو گذری کہ کل صبحکو سرکہ جنگ درپیش ہے جنے فی سبیل اللہ لکر جہاد پر باندھی ہے فوج شاہی کی جانب راست سے ہم آئینگے چاہیے کہ مجاہدین ہمپر گولی نہ ماریں یہ مضمون کیکسی سمجھ مین نہین آیا بلکہ کسنے یہ کارسے بھی آگاہ نہ کیا قضانے سب کی آنکھون مین پردہ ڈالدیا تھا خلاصہ اول صبح تھی کہ فوج انگریزی ائی پورے سرے باونی پر پہونچی لڑائی شروع ہوئی داہنی طرفسے رسالہ گورڑہ کا لباس کابلی سفید پوش عمامے سر پر نمودہوے اور مجاہدین للکارے کہ اے بھائی ایمانی بمقتضاے حمیت اسلام ہم بھی آپہونچے جھون نے جوابدیا کہ البسم جب گولی کی زد پر پہونچے دفعتہً برابر گولے مارے دھاوا کیا صدہا مجاہدین گرے باقی موافق قاعدہ پیادہ ہوکر شہر مین آئے فوج انگریزی نے پہاڑی پر اکر اپنا مورچہ قایم کیا اور ۱۷ توپ لڑائی سے لے گئے اور دونون طرفسے ہزارہا مارے گئے اودسوقت افسران فوج انگریزی نے مشورہ کیا کہ اسی دار دگیر سے شہر پر یورش کرنا چاہیے لیکن جنرل فوج نے مناسب نجانا اور فوج باغی نے سیاہ برج سے قریب المورے دروازے کے توپ مارنا شروع کیا ہر روز تلنگے شہر سے باہر جاکر پہاڑی پر دھاوا کرتے تھے دن بھر لڑکر شام پھر آتے تھے مورچون سے متواتر توپ چلتی تھی رات کو نہرارو قت راہ گھاٹی کی بند کردیتے تھے صبحکو اوسی فوج انگریزی پر یورش کردیتی

اس عرصے مین کمپ نصیرآباد پلٹن دو سیکڑون ایک توپخانہ اپہی تین سو ترکسوار جودپور لنسرم پہونچے پہلے دن آرام کیا دوسرے دن خزانہ جو اپنے ساتھ لائے تھے جامع مسجد پر اکر اوس مین سے نصف نقد اور مساکین شہر کو بانٹا اور مقابلہ کو گئے سرے باونی تک ۶ لوس لڑ بھڑ اکر

پہونچے اور انگریزی اونٹ پکڑ کر اپنے محاذ کیا پہر رات تک لڑتے رہے فوج انگریزی ٹھائی کے پل پر پہونچی رسد بندی اوسوقت مینھ شدت سے برسنے لگا بیگم اور اودھ کا توپخانہ تھا ہو چکا بعد اسکے طرفین سے لڑائی موقوف ہوگئی دوسرے دن پھر سبکی کنپ لڑا اور پھر کو پھر آیا۔ اسی لڑائی مین کرنل اوبیجر صاحب زخمی ہوے۔

اسکے بعد کنپ جلندر ۳ پلٹن سے داخل شہر ہوا اور بخت خان صوبہ دار توپخانہ بریلی ۴ پلٹن ۶ رسالہ ہندوستانی ایک توپخانہ اسی بریلی بعد قتل و غارت اور سرفتنی خان بہادر خان پہونچا اور راہ مین بابو گڑھ سے پانسو بھیڑے لے لیے تھے بادشاہ سے ملازمت کی اور موافق اپنی درخواست کے خطاب لارد ملکی سے سرفراز ہوا۔

مولوی سرفراز علی ساکن جونپور پیر بخت خان اس فتنہ و فساد کا بانی مبانی تھا اونکا خطاب امام المجاہدین ہوا اجل گرفتہ اہل اسلام جو گرد پیش سے آکر جمع ہوے تھے تقریباً ۶ ہزار ہوے تھے دو آنہ یومیہ خوراک مولوی کے ہاتھ سے پاتے تھے لیکن جب مولوی نے تصرف وغبن شروع کیا کم ہونے لگی بخت خان دو ہفتہ تک لڑا اس حیث سے کہ خود افسر کل کہلاتا تھا اور تلنگے کہتے تھے کہ تو ہم مین سے ہے یہ افسری کل رسوا شاہزادون کے تجھے زیب نہین دیتی چاہیے کہ پہلے تو ہمین اپنا تماشا دکھلا پھر ہمین افسری کر اس ولولے مین فوج انگریزی و مدسہ فریزر صاحب کی کوٹھی کے نیچے باندھا بڑی توپین لگائین جب بخت خان مستعد ہوکر چلا ٹھائی کے پل اور تیلی واڑے سے آگے بڑھنے نہ پایا دو دن تک خوب لڑا اسکے بعد پھر آیا اپنی افسری پر قائم رہا۔

جھانسی سے ۳ توپین ۱۴ رجمنٹ ہندوستانی رسالہ ۳ کمپنی شیخ فیض علی رسالہ دار کے ساتھ جو کپتان کہلاتا تھا آیا انکے ین یہ رسالہ پیادہ ہوکر صنوبر خان رسالدار کیساتھ نہر پر پایا بات کر خبر کی کہ ہمین پہونچا اونکی ہیم کو مارا صد بار لوٹکر پھر آیا کہتے ہین کہ اسی طعن و تشنیع کی غیرت سے وہ خبر زہر کھا کر مر گیا کمپنی پنج ۶ ہزار سوار و پیدل ۱۲ توپ اسی ۶ کمپنی کے اور ۶ الور کے راجہ سے لی تھین ہمراہ جیاجی مہاراج قوم راٹھور سردار ان الور سے مع افسران غوث محمد خان ہرانسگھ سدھا سنگھ اور نواب امراؤ بہادر بیٹے نواب مظہر علیخان جنکے بزرگ رئیس کامونہ قوم راجپوت تھے ہزار جرار

سپاہی لیکر آنے شروع یا ب ملازمت شاہی ہوئے غرض اسیطرح ہر روز داخلہ فوج باغی شہر مین ہوا کرتا تھا کہ یہ سب ۲۲ بلٹن ۸ ہزار سوار خبگی ۵ - توپخانے جمع ہو گئے اور توپخانہ میگزین شہر جسمین ۳ سو ضرب توپ بھی وہ حساب سے باہر ہے پس اگر یہ سب باتفاق حرارت دین اور باطاعت ایک کے لڑتے ظلم نہ کرتے تو البتہ کیا عجب ہے کچھ ہوتا -

بازار خاص کے کاریگرون نے بندوق کی ٹوپیان بنائین اونپر نام وبی کھودا اور بادشاہ کو گذرانین اس عرصے مین بادشاہ نافرمانی وخودسری سپاہ سے بہت تنگ ہوے آخر لباس گیروا فقرا پہنا اور شرمندہ ہو کر اس فرقہ کا سوچنے لگا جنکو سازو موافقت انگریزون سے ہو گیا تھا اونھون نے کمر مستحکم باندھی جانفشانی سرکار مین سرگرم ہوے اور افسران فوج نے یہ تجویز کیا کہ الی پور کی چھاؤنی کے پیچھے سے اور ہرطرف سے جو کچھ ہو مردانہ وار دھاوا کر کے بھاگتی گوے لین اس جہت سے کنپ نیچ اور بخت خان نجف گڑھ چلا گیا اور نزدیک پہونچا مگر وہان سے قدم آگے نہ بڑھ سکا دوسرا کنپ پل وجھیل کے اوسطرف جا کر ٹھہرا رات کو ہاڈسن صاحب ۳ - بلٹن گورہ ۳ ہزار سوار ۱۸ - توپین بلغار سے لیکر پہونچے فوج سے مقابلہ کیا اوسوقت بخت خان مع اپنے کمپ مثل اپنے بخت کے بھاگا اور کنپ نیچ کی توپین جھیل کی دلدل مین پھنسکر بیکار ہو گئین فوج انگریزی نے دھاوا کیا قریب تین ہزار کے اس سپاہ مجروح ومقتول ہوے اور جو زندہ رہے، دو دن کے بعد آہستہ آہستہ خرابی افتان وخیزان شہر مین پہونچے اور ہر روز مثل ٹوپی کے بارود بھی بنتی تھی خرچ مورچال فصیل ۲ - یا ۳ - من کا تھا اور ہر روز کے دھاوے مین ۷۰ من یا ۸۰ من صرف ہوتی تھی شام کو بارود طیار کر کے داخل قلعہ کرتے تھے

ایکدن جہان بارود بنتی تھی سہ پہر تک نوبت اوٹھانے کی نہ آئی تھی کہ آفت سماوی اور بار سپاہ سے آگ لگ گئی سارے چار سو آدمی جل بھنکر رہ گئے سپاہ کو مظنہ سازش حکیم احسن اللہ خان کا صاحبان عالیشان سے تھا اس آتش افروزی سے یقین ہو گیا کہ اسکا بانی مبانی وہی ہے اس اتہام سے اونکا گھر لوٹکر آگ لگا دی عورات کو نہایت ذلت گھر سے باہر نکالدیا اتفاقاً اوسوقت حکیم صاحب حاضر حضور بادشاہ تھے یہ حال عرض کیا ارشاد کیا مین بھی جلتا ہون نقار خانہ تک سواری پہونچی تھی کہ عبدالصمد خان رسالدار ملازم شاہی نے عرض کیا کہ اگر حضور آگے بڑھینگے تو ہم خانہ

سب کے سب مار جائینگے اسصورتمین مرحمت بہتر ہی بادشاہ دہان سے پھر دروازہ دیوان خاص و دیوان عام کے بند ہوجائے بادشاہ اور حکیمصاحب درگاہ پنجر صاحبین جو داخل محل ہے بیٹھے شاہزادون اور افسرونکو طلب فرمانے جمع ہوکر درشاہی پر پہونچی کہا حکیمصاحب کو ابھی ہمین دیدو ورنہ ہم سبکو مار ڈالینگے پھر بعد از خرابی بصرہ اور ذلت تجویز یہ ہوئی کہ حکیم صاحب کو اپنے پھرے مین مثل مجرمون کے رکھو اور ایک شاہزادہ بھی ہر وقت حکیمصاحب کے پاس رہا کرے۔ تین دن تک یہی حال رہا بعد اسکے کچھ تخفیف عذاب ہوئی کہ ایک گارد حکیم صاحب کے اردلی مین رہا کرے اور سوائے پیشہ طبابت کسی اور مرمین دخل نہ دیا کرین بعد اسکے حکیمصاحب کو شاہزادے کے ساتھ اور افسران فوج جلوس سیاہ سے ہاتھی پر سوار کر قلعے مین لیگئے اور تحبس اسباب لوٹ کا کرکے قبضہ مین سکا دہ دیدیا اس عرصے مین عرائض رئیسان قرب وجوار مثل مقام مجھرہ وغیرہ باوصف سازش صاحبان عالیشان فوج بانگی کے درے بادشاہ کو گذرین چنانچہ نذر نواب یوسف علی خان رئیس رامپور ایک سو ایک اشرفی معرفت نجت خان باجازت وصلاح صاحبان عالیشان اور نذر خان بہادر خان رئیس قدیم بریلی وحاکم مستعار ہمدست محمد اکبر خان بیٹے نواب یعقوب علیخان رئیس دلی ایکسو ایک اشرفی گھوڑا مع ساز نقرہ اور ہاتھی مع عرضداشت متضمن استدعائے خلعت وخطاب صوبہ داری ملک گذری چنانچہ خلعت وخطاب مرحمت ہوا اور تلنگون نے جانے دیا کہ باعث توحش سپاہ ہوگا

سفیر مرزا برجیسقدر کا آنا اور لکھنؤ پھر جانا

سید عباس مرزا حاجی وزائر بیٹے میر احمد کے داماد ملازمین اناث خبا بعالیہ دیجہ پین ۱۲۷۳ھ ہجری سامان سفارت ضروری سے خیرآباد سے شاہجہان پور۔ بریلی۔ مرادآباد وغیرہ بہزار خرابی طے مسافت راہ کرکے ۱۹ محرم ۱۲۷۴ھ شاہ درے قریب دلی پہونچے راہ مین ہر منزل مین قتنہ و فساد دیکھا مسافر لوٹے جاتے تھے کہین مقام امن وامان نتھا دو تین جگہ نوبت کشت وخون پہونچی تھی لیکن اسکے ساتھ بھی بہت سے مسافر ملکر ایک قافلہ ہوگیا تھا زمیندار ہر گانون کا خود غلط ہوگیا تھا اور بنبر لہ بادشاہ ہوگیا تھا حال عشرۂ محرم مثل زمان قدیم دیکھا اور بے انتظامی حکام جدید کی حد سے

زیادہ ہوگئی تھی مراد آباد میں ولایت حسین خان ڈپٹی مغرور دل سے ملاقات ہوئی انھوں نے
خوف راہ سے ڈرایا اور ساز و موافقت دیا۔ صاحب نما پر برانگیختہ کیا آواز راہ مال اندیشی موکل
دلی کو باز بچہ طفلان سمجھا یا سفیر نے بمقتضائے اپنی شرافت نمانا کہ میں اپنی سرکار کا امین ہوں
امانت سے بعید ہے مگر لکھنؤ پہونچکر یہ سب تشنیع و فراز ہوسکتا ہوں دے صرحبہ سنبھل
پہونچے اکثر ہمراہی امیدوار خدمت ملازمی سفیر کا قدیم جو ساتھ تھے بہت سے اوبین سے
چلے گئے کہ بادا ہم دونوں طرف سے جاتے ہیں۔

خلاصہ سفیر نے ایک خط نواب ناظر حسین الدولہ بہادر عزت حسین مرزا نواب مظفر الدولہ بہادر
مقتول کلہ قضا کو لکھا حکم شاہی سے جلوس سوار دیا دہ مظفر الدولہ نواب بخت خان کے
نواسے کے ساتھ آیا بڑی دھوم دھام سے داخل شہر ہوئے مظفر الدولہ کے گھر میں اترے
حکم شاہی دلگشا میں اترنے کا ہوا تھا مگر کثرت سپاہ کی جہت سے وہاں نہ اترے شام کو جو دار
سلطانی شقہ خاص لایا کہ معرفت میر احمد علی خان سفیر لکھنؤ (جو) سعودات کریں کہ وہ حال لکھنؤ
سے خوب واقف ہیں پندرہ روپیہ چوبدار کو دیکر بہر امنت زحمت کیا صبحکو خوبلدار شاہی عون خاصہ
اردلی لایا دو پہر امنت و ساعت پچاس دیکر گلوخلاصی باقی روز جمعہ سب اہل دربار منتظر تھے
سفیر دو پہر تک حاضر دربار رہے لیکن سفیر نے ملازمت میر عابد علیخان قبول نہ کی عذر سخت کیا
کہلا بھیجا اہل دربار نے جلکر دربار میں مشہور کر دیا کہ عدم حضوری سفیر باعث ملال شاہی ہوئی
دو دن کے بعد نواب احمد قلیخان فرح جاہ ذریعہ اعظم اور نواب نیت محل صاحبہ کیواسطے سے ریوڑ شب
ملازمت ٹھہری نواب مظفر الدولہ کو حکم ہوا کہ تم سفیر کو اپنے ساتھ لاؤ اور اہل دربار بھی سب حاضر
تھے جب حاضر تھے جب سفیر دیوان خاص میں پہونچا بادشاہ نے محل معلی میں بلایا وہاں
اشخاص مشخصہ حاضر تھے بادشاہ چاندی کی پلنگری پر بیٹھے تھے دوپٹے کا کرتہ گلے میں تھا سفیر دو
آداب سلام بجالائے عرضداشت گذرانی فرمایا میں نے جسقدر کا نام شاہی ایمن رمضا نعلی نام لکھا تھا
عرض کی خلاف واب شاہی تھا فرمایا وہ فرزند دلبند میرا ہے اور کمال شفقت سے سفیر کے شانے
پر ہاتھ رکھکر خطاب سفیر الدولہ فرمایا اور ارشاد کیا کہ بیٹے تاج بخشی کی یہ آداب بجالا ذانیکسوا میں
اشرفی نذر تاج مرصع ۵ ہزار کی قیمت کا ہاتھی حوضہ نقرہ جھول کارچوبی دو گھوڑے ساز نقرہ اور

نذر جناب عالیہ دست بند مرصع نگینہ الماس نواب زینت محل صاحبہ کو دیکر رخصت ہوے اور انپی یاوری قسمت سے رسید بھی اس سب نذر کے ساتھ اوسیوقت ملگئی روز دوشنبہ نخوست ایام کی تدبیر مین گذری صبح سہ شنبہ کو سفیر مع اپنے رفقاے سفر بیٹھے تھے کہ دفعۃً توپ چلی لوگ متحیر ہوے بعض نے کہا فوج خبگی نے شاید فریزر صاحب کی کوٹھی لیلی یہ کہہ رہے تھے کہ غاخلہ ہنگامہ قیامت کبریٰ شہر مین برپا ہوا کہ ابھی گورے کشمیری دروازے سے سیاہ برج سے داخل شہر و کوتوالی و مکان بنک اور گرجہ ہوے اور ہر شخص کو نشانہ گولی کا کر رہی ہین اور فوج خبگی و مجاہدین درعایاے شہر قلعہ کو کسیطرح نے نکلنے نہین دیتے سفیر نے مضطر ہوکر حال بادشاہ پوچھا کہا وہ ابھی تک قلعہ مین ہین بعد کئی ساعت کے شہرت ہوئی کہ انگریزون کو مار کر شہر سے نکالدیا یا سفیر نے چاہا قلعہ مین جاکر شاہزادے کو بھی ندر دین لیکن اس سانحے سے پریشان ہوکر کچھ نہ بن پڑا کنپ بنج و بریلی صوبہ دار افسر بخش اللہ خان کے ساتھ تین منزل تک چلے آئے اوسکے بعد نہرار نہرار لکھنو پہونچے اپنی ساری کہانی بیان کی رسید اسباب سے بچے دگرد اہلکاران نو دولت سے جان نہ بچتی اسیر بھی ۱۶ مہینے تک رد بکاری مین رہے کسی میم کی حفاظت رکھنے سے بچ گئے دگرد نواب مظفر الدولہ فقط مہمانی سفیر سے کلہ اجل کھائین اور یہ سفیر ہوکر بچ جائین

اختتام معرکۂ دلی اور فتح فیروزی اولیاے دولت اور سیاست اور انتقام اہل شہر وغیرہ

الغرض اس مدت مین خزانہ جو فوج ہر جگہ سے لوٹ کر لائی تھی اور جتنا شہر کے مہاجنون وغیرہ سے لیا تھا عید الضحی تک سب تمام ہوا تلنگے چھٹ پوئیہ سے مایوس ہوکر برجہاتہ خاطر ہوے اور لکھنو کی خبر تسلط سنکر مستعد روانگی ہوے سوارون نے یہ تجویز کیا کہ اب انگریز سے مقابلہ مشکل ہے مناسب یہ ہے کہ ہم ہر جا طرف جا پیشہ قزاقی اور راہزنی اختیار کرین جسطرح آگے پڈاری وغیرہ کرتے تھے اس حبت سے لڑنے مین تندہی کرنی چھوڑ دی تھی عذرات بارد و حیلہ سازی اتہام سازش صاحبان نسبت ہر ایک کے کرتے تھے رات کو کینے جامع مسجد کے دروازے پر ایک اشتہار لگا دیا کہ صاحبان عالیشانکو کسیکے مذہب و ملت سے کچھ غرض نہ تھی یہ کارتوس خبگی فقط ترقی بندوق کو بنتے تھے کہ پھر اصطباح توپ

کی پلٹن مین نہ ہے حاشا اوسپر سور اور گاے کی چربی نہین لگائی جس مفسدنے یہ فساد اور آگ لگا ہے اہل اسلام کو اسمین کیا دخل نہ ہے یہ نافہم نہ سمجھے اور حقوق سرکار اور اپنی قدامت کو ضائع کیا نمک حرامی پر کمر باندھی مستعد لڑائی اور جہاد کے ہوے اور اونکے خلاف قوم سکھہ سوے ملنگون کے باوصف اپنے خلاف مذہب ہونے کے ہمسے برخلاف اور مقابلہ نہ کیا بلکہ سرکار محمد معاون رہی یہ اشارہ راجوتانہ کی نسبت ہے اور قوم سکھہ کیطرف اس صورت مین مواخذہ اہل اسلام سے ہے لہذا حکم قطعی دیا جاتا ہے کہ بروقت فتح شہر کے سب اہل اسلام کو قتل کرینگے اور شہر کو مثل خرابہ کردین گے جسکا نام ونشان بھی باقی نہ رہے۔

فی الحقیقت اس اشتہار سے اہل اسلام مستعد مرگ ہوے دگرنہ پیشتر اسکے کیسکا ایسا ارادہ اہل شہر سے نہ تھا کہ سرکار ہماری لہو کی پیاسی ہوگئی ہے معلوم ہوا جان کسیکو سے نہ بچیگا خصوصاً جہال اہل اسلام زیادہ تر مستعد لڑائی ہوے اور مولوی احمد سعید شاہ غلام علی کے نواسے مجتہد اہل سنت وہ جامع مسجد مین علم جہاد کے اونھانے کے باعث ہوے اور اہل اثنا عشری شریک اس جہاد کے نہوے کسواسطے کہ انکے مذہب مین غیبت امام مین جہاد حرام ہے اس جہت سے اہل سنت جلکر کہتے تھے کہ پہلے جہاد شیعون پر کرنا چاہیے اسی سبب سے عشرہ محرم مین مجالس عزا باہر کی موقوف کردی تھی بلکہ بادشاہ سے کہا کہ پہلے اس بدعت کو موقوف کرادو تبھی بادشاہ نے جوابدیا کہ مثل تراویح ماہ مبارک رمضان یہ امر بھی داخل بدعت حسنہ ہے اور اسکے باعث ہمارے اسلاف کرام ہوے ہین ہم کبھی ایسا حکم خلاف نہ دینگے چنانچہ مولوی محمد یہ اس سنگامہ مین مجالس عشرہ بدستور کیے گئے۔

مختصر حال اختتام معرکہ یہ ہے کہ ابتدے انتہا تک ۲۱ - لڑائیان طرفین سے ہوئین اور بمورچہ پنیر ۱۵ - شوال سے ۲۷ محرم ۱۲۷۴ھ تک دونو طرف سے توپ بندوق کے چھرے برستے رہے آلپین ایکساعت بھی توقف نہ کیا تھا اور اس کثرت بارش مین اہل شہر سے زیادہ مجروح و مقتول نہین ہوے اور فوج انگریزی کی تفصیل داخل اخبار تھی اور مورچال پر ۶۰ توپ برابر دونو طرف سے جاتی رہین کہ زمین لرز جاتی تھی اور ہزارہا گھر مابین کشمیری اور کابلی دروازہ چھلنی ہوگئے تھے اس مدت جاوس مستعارین باغواے افسران فوج باغی ہر طرف شقہ شاہی اعانت و کمک

کے واسطے روانہ کیے تھے کہ تم ہمارے شریک حال ہو چنانچہ راجہ بتیا نے صاحبان عالیشان کے سمجھانے سے دریافت بطون بادشاہ کو عرضداشت کی نجف خان نے گذرانی دستخط خاص ہوئے کہ ہمین انصاف کا استیصال کلی منظور ہے ہر چند حکیم احسن اللہ خان اس سند دستخطی کے مانع ہوئے کہ کیسے دوست سے خصومت کرے مگر نجف خان کب مانتا تھا اودھین جھرک دیا کہ تم سے ساز نصاریٰ بنین جانا اور سیوا دفعت اور کے سر پر دھر کے روانہ کر دادی وہی سرکار کو حجت والزام ظاہری ہو گئے اگر انصاف کیجیے بادشاہ بہر صورت مجبور و بے اختیار تھا یہ امر غیبی کے سامنے ہوا مندرج کتاب کیا

خلاصہ روز دوشنبہ ۱۴ محرم وقت صبح تیلی واڑے سے فوج راجہ کشمیر نے دھاوا کیا نجف خان بیسیا ہوا سنجھائی کے پل سے فوج انگریزی نے کمپ قصیر آباد پر یورش کی توپین رسکین بعد سکے فوج باغی کی مطلع صاف ہو گیا کشمیری دروازے اور سیاہ برج سے فوج انگریزی داخل شہر ہوئی تین برن کیے ایک پھاٹک حبش خان لال کنوئین پر گیا وہ قریب لاہوری دروازہ پہونچا سب کے پہلے مرزا نادر شاہ شاہزادے نے تلوار کھینچی نواب امراؤ بہادر بھی ساتھ ہوئے بڑی بہادری سے زخمی ہو کر گھر آئے بعد تین دن کے مر گئے خضر سلطان نے ولی عہد کے باہر باغیچۂ خواب میر درد مین گرداد یا۔

دوسرا برن تریولیہ سے شہر کے کوتوالی چبوترے مین پہونچا قلعے سے فوج باغی نے ایک توپ سے مقابلہ لیا لاہوری دروازے سے بھی توپ چلنے لگی۔

تیسرا برن دریبے سے سمت مسجد جامع کیا صحن مسجد مین پہونچکر قتل اہل اسلام شروع کیا مرنین سے خوب گھمسان ہوا اس حصے مین گورے جا بجا شہر کی گلیون کوچے مین پھیل گئے درودہ توڑ کر ہر گھر مین گئے عورات غریب سے جو چاہا کیا اسیمین سیکڑون عورات سے جہان تک ہو سکا کنوئین مین گر کر مر گئین پھر گھر کا مال اسباب لوٹکر آگ لگا دی اور جہان زندہ مرد کو پایا مار ڈالا جب یہ حال اہل شہر نے دیکھا کہ اب جان عزت دونون نہین بچتین خوب دل کھول کے ۹ بجے سے ۱۲ بجے تک یہی حال رہا کہ ہر طرف لاشون سے گلیان بھر گئین اور لہو مثل پانی برسات کے بہنے لگا بعد سکے فوج انگریزی تھوڑی فصیل پر تھوڑی گلی کوچے مین اور گھر سے ہوئے مکانون مین جو درمیان کشمیری اور کابلی دروازے کے بم کے گولون سے خالی پڑے تھے وہان جا کر ٹھہری اور شہر فتح ہو کر امان

اجمیری دروازے سے جتنے بھاگ گئے تھے عیال و اطفال کے ہاتھ مکر کر بیابان مرگ ہوے اور گھر مین جتنا اسباب تھا چھوڑ دیا فوج انگریزی نے سیاہ برج سے شہر پر گولہ برسانا شروع کیا اور فوج باغی کا بھی اسباب لٹنے لگا اس مین جو فوج انگریزی کے ہاتھ لگ جاتا تھا مارا جاتا تھا اور جو باغیون کا آجاتا تھا اوسکی بھی وہی صورت ہوتی تھی بادشاہ قلعے کے دروازے بند کر کے بیٹھ رہے فوج باغی عازم لکھنؤ ہوئی اہل اسلام غرباے شہر حالت یاس کلی مین کلمہ شہادت پڑھ رہے تھے فقط ہنود شہر بچ جاتے تھے چشم انصاف رحم رکھتے تھے فوج نے چاہا کہ بادشاہ کو بھی اپنے ساتھ لیکر بھاگے مگر بادشاہ نازان اپنی بجرمی بقصوری بے بسی پر ساکت و خاموش بیٹھے رہے کسواسطے کہ اہالیان سرکار و دلتمدار کو عادل اور منصف سمجھتے تھے فوج کیسے جانے سے انکار کیا وگرنہ کیا عجب تھا یہ بھی کسی امن کوہ ثمالی مین جا بسے بچ جاتے دوسرے دن حکیم احسن اللہ خان وغیرہ جو خیر خواہ گورنمنٹ ہو گئے تھے اونکو معتمد و نمک حلال سمجھکر اونکے دام فریب مین آگئے تھے آگے تقدیر مین جو تھا وہ ہوا۔

منگل کو یہ صلاح ٹھہری کہ آج بادشاہ پہاڑی پر چلتے ہین یا راہ مین تارے جاتے ہین اور صاحبان عالیشان سے اپنا عرض حال کرتے ہین غرض کچھ لوگون سے تھوڑی سی سپاہ سے بادشاہ سوار ہو کر لال ڈگی پر پہونچے وہان سے چاہتے تھے پہاڑی پر جادین بعض اہل دربار جو ساتھ تھے اپنے زعم ناقص مین حکام کو ساقط الاعتبار سمجھکر مانع ہوے نجانے دیا شام تک وہین ٹھہر کر پھر قلعہ مین داخل ہوے

بدھ کی صبحکو بادشاہ مع نواحقین متعلقہ ملازمین اور رعایاے شہر مقبرہ ہمایون مین ۳ کوس پر ترتیب درگاہ شاہ نظام الدین چلے گئے دو دن تک امید و بیم مین رہے اتوار کو ہلال ماہ صفر ہوا فوج باغی سے جتنا اسباب اٹھا سکا لے لیا باقی کو جلا دیا مجروحین کو نیمجان سکرات مین چھوڑ کر شہر سے نکلکر بادشاہ سے عرض کیا حضرت بھی ہمارے ساتھ چلین حکیم احسن اللہ خان نے کہا بادشاہ نہین بھاگتا۔ فی الحقیقت بادشاہ کو یقین واثق تھا کہ انکے واسطے سے صفائی حکام سے حاصل ہو جائیگی اور معیت فوج مین سراسر ندامت و خرابی یہان کے ٹھہرنے مین بظاہر امیدنان خشک متصور ہے لیکن سفر رنگون سے خبر نہ تھی۔

اس عرصے مین فوج باغی سدھی راہی لکھنؤ ہوئی بادشاہ نے خفہ جنرل ہادس صاحب کمنڈر فوج کو لکھا کہ تم بندوبست سے مطمین ہوکر مابدولت کو اطلاع کرو دوشنبہ کو جنرل ہیوٹ سوسوار مولوی رجب علی خان کے ساتھ بادشاہ کے لینے کو بھیجے مولوی صاحب نے دو روپے نذر دیے بادشاہ ہوادار پر سوار ہو چکے تھے پھر پالکی انگریزی پر سوار ہوے مرزا جوان بخت شاہزادہ نواب زینت محل نواب تاج محل حکیم احسن اللہ خان مرزا قیصر شکوہ میر فتح علی نوجدار خان اور اشخاص نامی وغیرنامی برسب ۹۶ شمار مین تھے حلقہ سوارون مین چلے قریب دلی دروازے جنرل نے بادشاہ کو اکر سلام کیا داخل شہر ہوے اور سب نواب زینت محل کے مکان مین رہے بادشاہ کی پالکی نقارخانہ سے قریب دیوان عام رکھی گئی افسران انگریزی نے زبان طعن وتشنیع لبخش کھولی گویا سارے بخارات بادشاہ پر نکالے ایک ساعت تک یہ مینہ برستا رہا جتنے بخارات نکالے شل مشہور مردہ بدست زندہ بعد اسکے ایک صاحب نے اپنا ہاتھ بادشاہ کی ران پر مارا غلام عباس نے اوسے اوٹھا کر زمین پر دے مارا دو تین صاحب نے ملکر اوس باوفا کو مار ڈالا وہ اپنے حق نمک سے ادا ہوا شام کو بادشاہ کو نواب زینت محل کے مکان مین لے گئے جو قریب لال کنوان ہے اصطبل مین قید کیا ۵۔ آدمی خدمت کو مقرر کیے باقی اسیرون کو حکیم احسن اللہ خان کے مکان مین بھیجدیا اور بیگم صاحبہ کی خدمت کو وہ عورتین مقرر کین اور ایک پلٹن گورہ گھر کو گھیرے رہی دوسرے دن وقت سہ پہر مرزا الٰہی بخش سوسوار لیکر مقبرۂ ہمایون مین گئے مرزا مغل مرزا خضر سلطان مرزا ابوبکر شاہزادون سے کہا بادشاہ تمہارا خیرخواہ ہے تمھین بلایا ہے اور کچھہ نہ کہا کسواسطے گھر کے بھیدی اور ابتدا سے معرکہ سے خیرخواہی سرکار پر کمر باندھی تھی غرض یہ شاہزادے اجل گرفتہ رتھہ پر سوار حلقہ سوارون مین چلے جب قریب جیلخانہ پہونچے جنرل ہاڈسن بہادر وہان کھڑے تھے سامنے بلوا کر کپڑے اوتروا کر پھر اوسی رتھہ پر سوار کیا اور اپنے ہاتھہ سے تین تین گولیان بمقام قلب پر مارین اور شہرگ کو سنگین سے چیر دیا اور اوسیطرح چوترہ کوتوالی مین جاکر نعشون کو زمین پر ڈالدیا بعد تین دن کے وہان سے خواجہ باقی باللہ کے گاہ مین گرادیا محفوظ رکھی ہر بلا سے رعایاے شہر کو کشمیری دروازہ سے مرد اور بچون کو باہر نکالدیا لاہوری دروازے سے پیدل جو انکو نکالکر زیر تیغ لیا رعایاے شہر جو حوالی شہر مین پڑی ہوئی تھی لوٹ لیا کچھ کچھورا اسمین ہزارون فاقہ

ورشدت جاڑے سے مرکر رہگئے اسکے بعد منادی ہوئی کہ کوئی داخل شہر نہو بعد چند روز کے ہنود کو بعد غارتگری مال واسباب اجازت شہر مین رہنے کی ملی اور جوانان شہر اہل اسلام جو باہر رہ گئے تھے سب کو گرفتار کر کے تحقیق احوال دفعۃً پھانسی دیدی اسیطرح جو شہر سے دو تین منزل کے فاصلے پر تھے گرفتار کر کے پھانسی دی جب قافلہ معلی مین داخل ہوا اکثر شاہزادے جو مقتضائے حمیت وغیرت اپنے ناموس سے رہ گئے تھے خوب دل کھولکر لڑ بھڑ کر مارے گئے اونکی شاہزادیان دریاے جمن مین گرکر غریق رحمت ہوئین۔

خلاصہ ۲۷ ہزار اہل اسلام نے پھانسی پائی سات دن تک برابر قتل عام رہا اوسکا حساب نہین اپنے نزدیک گویا نسل طیمور کو نرکھا مٹا دیا بچون تک کو مار ڈالا عورات سے جو سلوک کیا بیان سے باہر ہے جسکے تصور سے دل دہل جاتا ہے غرض سانحہ رستخیز عالم ظاہر تھا اور فوج باغی سے آٹھ ہزار مارے گئے فوج انگریزی سے مشہور ہے ۱۸ سو صاحبان فوج و نظامت اور ۵ ہزار گورے ۲۵ ہزار ہندوستانی یہ سب مارے گئے۔

خرچ یومیہ بادشاہ پانچ روپیہ یومیہ مقرر ہوکے پھر بادشاہ کو اوس مکان سے قلعے کے مکان نظامت مین رکھا آخر ماہ مارچ ۲۸ چہارشنبہ ۱۲۷۵ھ مطابق نومبر ۱۸۵۸ء سرانجام فوج انگریزی چھ سوار گورے ایک تو پخانہ بادشاہ کو مع ۱۶ آدمی زن و مرد روانہ رنگون کیا اس تفصیل سے نواب زینت محل صاحبہ نواب تاج محل صاحبہ خیراً باقی ظہوراً باقی مرزا جوان بخت شاہزادہ مرزا شاہ عباس بیٹے بادشاہ کے مرزا قیصر موسوم بغلام قیز پرستار شاہ مرزا سلیمان شکوہ کے بیٹے جنھون نے مرزا الہی بخش سے بڑی سنت سماجت سے بنام پرستاری شاہ لکھوا دیا فی الحقیقت یہ امر بھی ہر ایک سے نہین ہوسکتا کہ ایسے بڑے وقت مین کسیکا ساتھ دے دینا بھلے اور بڑے سے خالی نہین ہوتی نواب شاہ بادی بی بی مرزا جوان بخت کی اور انکی ساس اور سسرے مرزا عبداللہ بادشاہ کے بیٹے کی بی بی جو خیراً باقی سے ہین احمد بیگ امداد باسط علی وغیرہ چنانچہ ایک دوست نے کانپور مین اسصورت سے دیکھا ایک پنس مین بادشاہ گیروے لباس سے ۲۵ گورے گرد دو اور پنس دو تین گرانمایہ زنانی مردانی آٹھ روپیہ یومیہ مقرر تھے اب سنتے ہین چھ سو روپیہ ماہواری بادشاہ ۲۰ روپیہ یومیہ اور تین سو کا ایک شخص مہتمم سرکاری آٹھ کہار ایک گاری پنج سو روپیہ ماہواری سرکار سے مقرر ہوکے پھر بجور

کبوتروں کے بادشاہ کو بھیجے تھے حکام رنگون بہت محبت سے پیش آتے ہین شاہزادے اکثر ہوا کھانے گاڑی پر جاتے ہین - فاعتبروا یا اولی الابصار -

خلاصہ بعد ان سب آلام روحانی کے ۹۹ برس کے سن مین بعد سلطنت ۲۶ برس ۱۲۷۹ھ مطابق ۱۸۶۲ء روز یکشنبہ انتقال کیا مدفون خاک رنگون ہوے -

قطعۂ تاریخ

چو در دہلی بہ حسب مہر یزدان — بسان اہرمن شد فوج گمراہ
سراج الدین بہادر شاہ کان بود — ز اخلاف تمر خان شاہ ذیجاہ
یکے پیرے نزارے فقر کیشے — بنام اندر جہان آباد بدشاہ
مراورا باغبان خواند مذلسلطان — قبولش کرد الا بامد اکراہ
ولے آن بے مران وخشک مغزان — ز قبر کورہ ہا وحکم اللہ
پریدند از سر این دست یکسر — ز خشم باد صرصر چون پر کاہ
روان آنہمہ از تن روان شد — بدان شان کز غزو شیر رویاہ
ازین بس شاہ بد تقدیر وغمدہ — بدید آن انچہ یوسف دید در چاہ
ببردندش ز دہلی سوے رنگون — وز آنجا برد اجل اورا چو ناگاہ

ندا در داد ہاتف بہر سالش
بہادر شاہ از دنیا برفت آہ

احوال جاگیرداران متعلقۂ دہلی

نواب عبدالرحمن خان رئیس جھجر مالک جاگیر دس لاکھ روپیہ کے دو سو سوار اپنے نوکر کنپ اگر نیہی کے ساتھ کر دیتے تھے اور چالیس ہزار اشرفی مدد خرچ صاحبان عالیشان پہاڑی پر بھیجے تھے اور بدل خیر خواہ سرکار و دلتدار رہے اور فوج باغی نے تین مرتبہ بواسطہ شقہ بادشاہ پانچ لاکھ روپیہ طلب کیا ایک کوڑی ندی -

جرنل عبدالصمد خان ملازم نواب موصوف دوسو سوار سے فوج باغی سے ملگیا تھا باقی فوج بھی بدل شراکت فوج باغی چاہتی تھی اس جہت سے نواب مجبور تھے چنانچہ روز غدر جہان ٹھکیفصاحب انجیٹ مجسٹریٹ دلی بھاگ کر جھجر گئے اور نواب خوف سیاہ سے کہ مبادا امر خلاف پیش آوے اور باعث روسیاہی ہو جاوے بظاہر چندان باتفات پیش نہ آئے یا بوسواری اور دس روپیہ دیکر روانہ کرنا کیا بعد فتح فیروزی شہر صاحب موصوف لشکر سیاہ لیکر ریواری گئی تلا رام جنے وہان فساد برپا کیا تھا خبر آمد صاحب سنکر بھاگ کر کوہسار میوان مین روپوش ہوگیا بعد اسکے صاحب داخل جھجر ہوئے نواب کو بلا بھیجا یہ تنہا دوسوار اردی سے گئے صاحب نے پہلے کنجی قلعہ کی نواب سے لی اور کہا عبدالصمد خان کو مع اسلحہ سیاہ ہمارے پاس آوے وگرنہ تمھین پھانسی دینگے نواب نے اسی مضمون کا رقعہ لکھہ بھیجا لیکن خان مذکور پانسو سوار سے بھاگ کر چلا گیا صاحب چھاؤنی مین آپ چلے گئے اور سیاہ سے اسلحہ حرب لے لیا اور سپاہی جو بستر ہمایہ برتھے مار ڈالا اور شہر کو حکم لوٹ دیا اور کروڑ روپے کی دولت نواب کے گھر سے لی اور چند روز نواب کو قلعہ دلی مین قید رکھکر پھانسی دی اوسدن انتظام شہر بہت کیا تھا مقام تاسف یہ ہے کہ اوسوقت مان نواب کی نہین معلوم کسطریق سے روتی پیٹتی گرتی پڑتی اپنے بیٹے کے مقتل پر پہونچی دیکھا کہ پھانسی مین لٹکتا عالم سکرات مین تڑپ رہا ہے اوسوقت عجب نالہ وفریاد سے چلا کے بیٹے کی نعش سے لپٹ گئی اور اپنی آغوش مادری مین لیکر یہان تک چلا روئی آخر بیدم ہوکر زمین پر گری یہ حال دیکھکر جتنے صاحب وہان جمع تھے بے اختیار رونے لگے اوزبردستی بیٹے کی نعش سے چھوڑا نواب بہادر خبگ خان رئیس بہادر گڈھ جو اس ہنگامہ فساد مین چپکے بیٹھے رہے اونھین گرفتار کیا ہزار روپیہ ماہیہ مقرر کرکے روانہ لاہور کیا اور دو تین لاکھ روپیہ اونکے گھر سے لیا۔

راجہ ناہر سنگھ راجہ بلب گڑھ جو روز فساد شہر مین تھے جب یہ ہنگامہ دیکھا بھی ہر سوار ہو بلب گڑھ آئے مسٹر وصاحب کرانی ممتاز کار راجہ اوسوقت راجہ کے ساتھ آیا تھا تین مہینے تک روسے پوشیدہ جب فوج نے خبر پائی اکر پکڑ لے گئی مار ڈالا اس اتہام سے راجہ کو پھانسی دی کہ تمنے کیون اوسے نہ بچایا قریب ۲۰ لاکھ کا نقد وجنس راجہ کے گھر سے نکلا۔

نواب احمد علیخان رئیس فرخ نگر کو بے تکلف پھانسی ملی گھر لوٹ لیا سبب ظاہری یہ تھا کہ اونکے

چچا غلام محمد خان نے فرخ نگر کے واسطے دعوی کیا تھا اور نواب نے بعد ثبوت حقیت اپنے تھوڑا روپیہ سپاہ باغی کو دیکر نجات پائی۔

نواب اکبر علی خان رئیس پانڈوڈی جنکے پاس روزفسا دنورٹ صاحب کلکٹر گورکھپور سے عیال بھاگ کر گئے تھے بی بی کو نواب کے پاس چھوڑ کر آپ کرنال چلے گئے تھے جب انگریزی پہاڑی پر پہونچے اور سرکشی زمیندار دن سے امینت راہ ہوئی نواب نے اونکی بی بی اور لڑکون کو لباس ہندوستانی پہنا رتھ مین سوار کر بسلامت گھر پہونچا کر پھر آئے تھے غلام فخرالدین خان بدمعاش شہر جو کمشنر صاحب کی سفارش سے تحصیلدار علاقہ کورٹ قاسم ہوا تھا بعد ارسال زر تحصیل خزانہ شاہی مین جمعیت پچاس سوار اپنے علاقہ سے پھر آتا تھا جسدن پانڈوڈی مین پہونچنے لگا محمد نقی خان بڑے بیٹے نواب کو راہ مین گرفتار کر کے پانچ لاکھ روپے مانگنے لگا جب نواب کو خبر پہونچی حکم کیا کہ انھین مار دو میرے بیٹے کو لے آؤ چنانچہ یہی ہوا کہ اون پچاس مین سے ایک کو جیتا چھوڑا۔ محمد نقی خان کو بسلامت لے آئے فخرالدین خان بھاگ کر ریواری پہونچا اور تلارام دہانکے رئیس کو اپنے ساتھ لے نواب کا گھر لوٹا آگ لگا دی نواب راتکو مع عیال بھجیر چلے گئے اور بعد پھر نے مفسدین کے پھر اپنے مقام پر چلے آئے سرکار سے اونسے کسیطرح کی باز خواست نہوئی۔

نواب امین الدین خان ضیاء الدین خان بیٹے نواب احمد بخش خان کے جاگیردار لوہارو اس زمانہ مین اپنے گھر چپکے بیٹھے رہے تھے مگر حسب الطلب بادشاہ کبھی کبھی دربار جاتے تھے بعد فتح سرکار بھاگ کر دوجانا مین گئے بروقت امان پھر داخل شہر ہوئے چند روز مقید رہے آخر بعنایت خان لارنس صاحب چیف کمشنر بہادر رہائی پائی جاگیر بھی ملی لیکن چھ لاکھ روپیہ فوج سرکار نے انکے گھر سے لیے۔

نواب حسین علیخان بہادر رئیس دوجانا اپنے مقام مین رہے تھے اتنک بدستور بحال ہین اور جتنا اس معرکے مین ممکن تھا نیکی سے ہاتھ نہ اوٹھایا۔

امرای قدیم وجدید شاہی

محبوب علیخان مختار سرکار بمنزلہ وزیر مدت سے مرض فالج مین گرفتار تھے اس سبب سے مین گئے

اونکی جگہ بمصنام المدولہ فرخ جاہ پوتے شاہ ولی خان وزیر احمد شاہ ابدالی درانی نواب احمد قلیخان بہادر بیٹے نواب عباس قلیخان مرحوم جو کلکتے سے آکر لکھنو مین مرگئے تھے باپ نواب نیت محل صاحب کے مقرر ہوے بنام کاردبار وزارت کرتے رہے اس زمان فساد مین ازراہ تامل اندیشی بھاگ کر جھرگئے وہان کے رئیس نے گرفتار کرکے سرکار انگریزی مین بھیجدیا اور بعلت عدم ارتکاب سل و رسائل سرکار مقید ہوے بمقتضاے غیرت زہر کھاکر مرگئے اور بعض یہ کہتے ہین کہ ہیضہ وبائی ہوا قدم رسول مین دفن ہوے لاکھ روپیہ کا گھر ضبط سرکار رہوا —

حکیم احسن اللہ خان مقرب خاص بادشاہ کو فراج بادشاہ ہین مداخلت کلی تھی فیجر و معتمد سرکار صاحبان عالیشان تھی انھونے سرکار سے تین وعدے کیے تھے ایک یہ کہ بادشاہ کو فوج باغی کیسا تھ جانے ندونگا دوسرے شاہزادونکو گرفتار کردونگا تیسرے دفتر سرکار شاہی کو سرکار مین پہونچا دونگا چنانچہ انھونے ان تینون کی تعمیل کی اس علیحدگی مین اے اداحقوق ولینیمی کے دوسو روپے روزمرہ کا پنشن مقرر ہوا ،

معین الدولہ عمدۃ الامرا صفدر الملک سید ذوالفقار الدین حیدر نظارت خان بہادر ذوالفقار جنگ عرف حسین مرزا نیشاپوری اولاد مرزا یوسف بھانجے نواب سعادت خان برہان الملک بسبب علو خاندان عہدۂ نظارت پر مامور تھے بادشاہ کی خواصی مین مبتلے تھے انکے بڑے بھائی نواب مظفر الدولہ ناظر الملک مرزا سیف الدین حیدر خان سیف جنگ کیطرح حکا سرشتہ سرکار شاہی مین نرکھتی تھی لیکن بسبب سلسلہ قدامت اکثر حاضر حضور دربار شاہی ہوتے تھے اس ہنگامہ فساد مین دونون بھائیون کو کسیطرح کی مداخلت نہوئی بلکہ عرض کلمہ حق فوج باغی سے خوف جان و آبرو رکھتے تھے اور اپنے مذہب تشیعہ سے بھی سبکی نظر مین خار تھے لیکن سفیر مرزا برجیسقدر لکھنو کے تعارف سے انکے گھر مین اترا مگر جسوقت کہ سرکار مین قصور سفارت سفیر ثابت ہوا ہوا نکی نیر بانی کا کیا قصور مگر یہ کہ حکم حاکم

خلاصہ بعد خرابی شہر حسین مرزا راہی بانی پت ہوے جب سب طرح سے لٹے کئی مہینے تک حیران و پریشان رہے آخر کرتے پڑتے زمان فتح لکھنو پہونچے جب اشتہار امان جناب ملکہ دوران عادل زمان شہرہ آفاق ہوا وسیم صاحب قاسم وثیقہ و منشی سے اظہار حال کیا دعوے وثیقہ کیا جب انکا رپورٹ سرکار مین کیا انکی مقصودی ثابت ہوئی لیکن بسبب انکے عہدۂ جلیلہ اور تقرب بادشاہ کے اجراے وثیقہ مین تامل ہوا جب نواب گورنر جنرل بہادر نے اکثر زمینونکی املاک شہزادہ حکم قیام شہر

یہ بھی مع عیال راہی وطن مالوف ہوے۔

لیکن سید مظلوم مظفرالدولہ کا احوال جگر خراش ہے کہ قلم اپنی تحریر سے عاجز اور ہاتھ بھی قاصر ہے خلاصہ جب یہ دلی سے بھاگے اپنی والدہ مادری کی جہت سے الور گئے ۳۰۔ شاہزادے اولاد تیمور رہیا اور ۲۰ تلنگے ملازم اوسی ریاست کے اور اکثر رئیس شہر بھی وہاں تھے مجرم سرکار متلاشی مجرمین وہاں پہونچے ان محتاجین نان سبیہ سے طمع زر کیا کچھ نہ پایا امید موہوم کل پر کب مانتے تھے اسی اتہام جرم سے یہ سب اسیر روانہ دلی ہوے راہ میں فورٹ صاحب کالکٹر گرگانواں نے بے ثبوت تحقیقات و اظہار حال حکم صاحب کمشنر بہادر احمد مرزا اکبر خان بخشی میر خان تفضی خان جاگیردار ضلع ملول کا بیٹا امیر خان کا ان سب کو فشانہ تفنگ اجل کیا اور مظفرالدولہ کو اتہام ظاہری سفیر لکھنو سے کہ تمنے بحکم بادشاہ کیوں اپنے گھر میں اوتارا تھا مار ڈالا۔

ذوالفقارالدولہ محمد نجف خان عرف آغا سلطان نواسہ نواب نجف خان مرحوم جو قدیم سے سررشتہ بخشیگری پر مامور تھے اور اس فساد میں کیطرح شریک باغیان ہوے تھے دفتر مفقود الخبر ہیں و اللہ عالم کہاں گیے کیا ہوا۔

کپتان دلدار خان اولاد مجدالدولہ بہادر کپتان قدیم شاہی اونکی بھی کچھ خبر معلوم نہیں نائب کپتان میر نواب اگرچہ شریک معرکہ تھا لیکن کرنال کے رہنے سے جو بعد فتح گیا گرفتار ہوا پھانسی دیا گیا۔

سیف اللہ عرف مرزا غلام عباس وکیل بادشاہ اولاد سید صلابت خان کہ بعد اس بنگامہ کے پھر بھی وکالت بادشاہ کورٹ میں کی کوئی امر معقول قرار نہ پایا اور بادشاہ کیواسطے جو ہوتا تھا ہوا وہ اب تک شہر میں موجود ہیں اونکے باپ عطاء اللہ خان جاگیر و تنخواہ پر قابض ہیں

رائے مکند لال پشکار تقسیم تنخواہ شاہی بسبب سازش و حمایت سرکار موجود۔

محمد قدرت اللہ خان میڈو خان رسالدار سرکار شاہ اودھ کا بیدار وقعہ فانسامانی پشتراش بنگامہ فساد کے رخصت لکھنؤ پا گئی تھی میان شورش فساد دلی گیر بعد فتح پھر لکھنؤ چلے آئے وہاں سے بھاگ کر قطب نگر وغیرہ میں سرگرداں ہو فتحپور بیوہ میں حاضر حضور کمندگ فوج ہوا مان پائی بعد چند روز سرگردانی کے لکھنو میں گئی میر نجان قلعدار گرچہ شریک فساد نہ تھا لیکن بخوف آبرو مفقود الخبر ہو گیا۔

میر اشرف علیخان فیلبان شاہی خطاب فوجدار خان بادشاہ کے ساتھ داخل شہر ہوے
مہمان حکیم احسن اللہ خان ہو کر سرکار سے اخراج بلد کا حکم ہوا پانی پت پہونچے وہان تین
برس کی قید کا حکم ہوا۔
میر یوسف علی خان مفتی قلعہ اس ہنگامہ کے بعد پانی پت گئے۔
مکند لال عرف جامہ پوس میر منشی بادشاہ اجراے اشتہار امان جناب ملکہ دوران تک
شہر مین چھپے رہے بروقت اظہار مفید ہوے سراسر خلاف تحریر اشتہار واقع ہوا۔
میر نواب بیٹے میر تفضل حسین وکیل حوضخانہ انگریزی فوج کے ساتھ آگئے تھے اور مرزا
ابوبکر کے کارفرما تھے جے پور سے پکڑ آئے اپنی سزا کو پہونچے۔
عبدالصمد خان رسالدار قدیم شاہی جو اوس معرکے مین معطل اپنے گھر بیٹھے رہے وقت
شب داخلہ شہر جوان زبردست خوش ظاہر دیکھکر مارڈالا۔
مرزا محمد حسن خان بیٹے نواب ارتضی خان اس ہنگامہ مین مرزا اخضر سلطان کے نائب
تھے اور سرکار انگریزی سے دوسو روپیہ کا پنشن قدیم سے پاتے تھے پھانسی دیدیے گئے
کہتے ہین فی الحقیقت انسے اکثر امور بدنامی و ناعاقبت اندیشی سرزد ہوے جسکی سزا کو پہونچے
حکیم عبدالحق ملازم قدیم سرکار شاہی سرکار راجہ بلبب گڑھ مین بسبب مختار کار نے ہدحصو
دولت دینا گیا تھا اور زمان معرکہ مین نگاہداشت رسالہ اور ایک پلٹن نجیب کی بادشاہ سے
اجازت لی تھی شریک لڑائی بھی رہے تھے بھاگ کر فرخ نگر گئے وہان سے گرفتار ہوآئے سزا کو پہونچے

رؤسای شہر دہلی

میان نظام الدین نبیرہ مولوی فخرالدین صاحب کالے صاحب کے بیٹے پیر برحق بادشاہ
ہرچند کہ شریک معرکہ تھے لیکن جب فوج داخل ہوئی بخوف آبرو حیدرآباد دکن چلے گئے
بدھن صاحب نبیرہ میان نظام الدین عرف کوڑا شاہ صوبہ دار دہلی کے بھرتپور تک
پہونچنے کی خبر لی۔ نواب حسن علی خان بیٹے نواب نجابت خان رئیس جھجر کی باوصف عدم شرکت کہ
بسبب حاضر نہونے دربار شاہی کے مطعون خلائق ہوکر بھاگے اور بصورت گماشتہ لکھی چند سیٹھ تھہرے باقی ماجرا

کے پاس گوالیار گئے وہاں بھی صورت امان نپاکر دھولپور مین روپوش ہوے بعد اجرا اشتہار امان جناب ملکہ معظمہ گرفتار ہوا کر ابا د گئے کپتان جارون صاحب کمشنر اگرہ اور کپتان ایبٹ کمشنر کپتان قدیم دہلی جو انکے دوست تھے ساعی رہائی ہوے اور حکام دہلی معترض ہوے کہ بروقت اشتہار اظہار حال کیون نہ کیا اس حجت سے دہلی طلب ہوے۔

نواب محمد علیخان نبیرہ اسمعیل خان والی بہادر گڈھ باوصف عدم شراکت ہنگامہ فساد لیکن انکے قریب مکان مولوی امام بخش صہبائی مدرس مدرسہ دہلی رہتے تھے اور اہل محلہ بسبب جرمی کے اپنے اپنے گھرونسے باہر نہین گئے تھے ایک بے حیا نے نوکر مولوی لبیب سازو موافقت اپنی قوم کے ٹکٹ امان لایا تھا ایک دن یہ مردک قرابتی قوم مین لڑا لوگ اسکے مدعی کی فریاد سنکر مرد کو پہنچے اسنے گھبراکر بندوق داغی گوروں نے اور سنتے ہی توپ لاکر محلہ کرلیا سبکو خاک برابر کردیا۔

ناصرالدولہ نواب ناصرالدین حسن خان مجسٹریٹ صاحب کوہ منصوری پر تھے اسی وجہ سے ٹکٹ امان لایا تھا اور شہر سے باہر نہوے تھے دوسرے دن وقت داخلہ فوج اوسنے ٹکٹ اور کاغذ جاگیر کو لیکر حاضر حضور کمشنر دہلی ہوے اور اظہار اپنی خیرخواہی کا کیا جواب پایا کہ کنارہ دریا جاکر کھڑے ہو اپنی جاگیر پاؤ گے ایک بندوق ماری گر پڑے فی الحقیقت مقتضاے انصاف اور نمک حلالی آقاے ولی نعمی قدیم یہی تہا۔

مولوی صدرالصدور دہلی صدرالدین خیرخواہ اور متوسل سرکار ہمیشہ خبر خیرخواہی سے ہاتھ نہ اٹھایا باغیون نے تجرو تعدی کا غذجاد پر انکے مہر کروائی تھی اس مطلب مین گرفتار ہوے گھر کا اسباب ضبط ہوا لیکن بعد خرابی کے نجات پائی۔

نواب مصطفےٰ خان میاد رئیس جہانگیرآباد باوصف ہمراہ ہونے اور حمایت سرکار کے بلند شہر سے گرفتار ہو میرٹھ پہونچے ایک برس قید رکھ چھوٹے۔

میان امیر خوشنویس کامل اوستاد بادشاہ صاحبقران مرد پیر نوے برس کے اوسے گوروں نے روپیہ مانگا دو مرتبہ موافق مقدور کے دیا تیسری دفعہ ندیا باہر نکلے مارے گئے۔

قاضی محمد فیض اللہ خان زمان بلوے مین بعد نواب معین الدین خان کے چند روز کیواسطے

کوتوال شہر ہوتے بھاگے بلب گڑھ سے پکڑے آئے پھانسی پائی۔
حافظ داؤد بیٹے معلم بادشاہ کے اس ہنگامہ مین گھر سے باہر نکلے مارے گئے۔
نجم الدولہ دبیر الملک مرزا اسد اللہ خان بہادر نظام جنگ غالب تخلص اولاد ہنگ ذرا نیاز
اوستاد بادشاہ فن شعر مین اس معرکہ مین بسلامت رہے لیکن اجل بھی درپے تھی ایک رسالہ
بھی اپنے طرز کلام پر اس معرکہ خاص کا چھپوایا حکام بالطائف الحیل اذکا پنشن سرکاری موقوف
کردیا بعد سکے نواب یوسف علیخان رئیس رامپور خدمت کرتے رہے تا اینکہ دلی مین انتقال کیا
حکیم محمود خان غلام مرتضی خان غلام اللہ خان عبد الحکیم خان اولاد حکیم شریف خان
بسبب توسل راجہ تیندر سنگھ بہادر پٹیالہ سب آفات شہر سے محفوظ رہکر پٹیالے گئے
نواب غلام حسین خان کے بیٹے بروقت داخلہ فوج شہر سے چلے گئے تھے جیتے بچے۔
نواب یعقوب علیخان جسدن داخلہ فوج سرکار ہوا شہر سے درگاہ قطب صاحب کو جاتے
تھے راہ مین گوجر راہزنون نے نالہ مجاہد پور مین مع اونکے بڑے بیٹے قطب علیخان کے
مار ڈالا موسی خان شہر سے بھاگ کر الور گئے وہان سے قید ہو دلی آئے چھوٹ گئے
امین الرحمان گرفتار ہو کر دلی پہونچے پھر احوال معلوم نہوا۔
مولوی جعفر علی مدرس اول مذہب شیعہ کو مولوی نظیر حسین نے یہ علت کرنے غارت
اسباب مدرسہ کے گرفتار کروادیا بعد تحقیقات و معتبر ثبوت جرم نجات پائی۔
مولوی محمد باقر نے ٹیلر صاحب مہتمم مدرسہ دہلی کو اپنے گھر مین چھپایا جب شورش ہنگامہ ہوا
اپنے گھر سے نکالدیا لوگون نے بتا تبلایا محلے کا چپراسی ڈرا مار ڈالا اور کاغذ نوٹ ایک لاکھ ۹۰ ہزار
روپیہ کا اونکی پاکٹ سے نکال لیا جب فوج سرکار آئی مرسن صاحب کے آگے وہ چپراسی
خاکی پہنے گیا کہا مین مولوی رجب علیخان کا آدمی ہون فرمایا تو نے وردی بغیر حکم سرکار
کیون پہنی مگر کچھ غرض رکھتا ہے اوسوقت اوسنے عرض حال کیا جب تلاشی لی وہ کاغذ نوٹ
لیلیا اور گولی ماردی۔
اولاد حکیم زکی اللہ خان شہر سے بھاگی حویلی بالم مین گئی سعید اللہ خان حکیم سعید الدین خان
اونکے نواسے کیلیے بھاگ کر بیت پور پہنچے وہان سے گرفتار ہو دلی آئے مع حسام الدین خان برکے

بیٹے کے مارا گیا۔

حکیم امام الدین خان بسبب علاج بادشاہ زمان اسیری مین سب آفات سے محفوظ رہے درگاہ خواجہ صاحب مین مقیم ہوے۔

میر جلال الدین خوشنویس خط نسخ اوستاد بادشاہ مع اپنے بیٹون کے پہلے پانی پت گئے بعد اسکے رام پور پہونچے۔

بدرالدین علیخان مہر کند خاص جناب ملکہ معظمہ عادل دوران دلی مین رہے۔

مولوی مدرس اول مدرسہ دہلی کرانہ بھاگ کر گئے وہان سے گرفتار ہو آئے۔

شاہ احمد سعید نواسے غلام علی شاہ مجتہد اہل سنت موحد و بانی مبانی جہاد قبل از داخلہ فوج سرکار مقیرہ نواب صفدر جنگ مین چاکر رہے انکا مرید جانثان خان رسالدار ساکن سدھنہ ٹکٹ اور پروانہ راہداری سرکار سے لیکر دیا مولوی حیدر علی کے ساتھ کابل گئے۔

شاہزادہ محمد عظیم بیٹا جہان اختر شاہزادہ ڈھیا شاہزادہ نجیر بن احمد شاہ درانی سپرد مندئ ضلع رہتک مین تھا اور پلپن باغی کو کبر کے ساتھ شہر مین ہونچکر مشغول جہاد رہا تھا جب حکام نے اوسکے عیال کو قید کر ہانسی بھیجا بادشاہ سے کچھ فوج لیکر رہتک کو لیلیا تھا جب بادشاہ کاشقہ پہونچا پھر آیا اوسیدن حضور شاہی مقبرہ ہمایون مین گیا جسدن فوج باغی دلی سے روانہ متھرا ہوئی وہ بریلی سے بوندی گیا قافلہ جنابعالیہ کے ساتھ رہا

نواب حامد علیخان نے پہلے جبر تل چھاؤنی کی بیٹی اور ایک صاحب کی بی بی کو اپنے گھر مین چھپایا تھا فوج باغی یہ خبر سنکر دوڑ لائی گھر لوٹ لیا اوسوقت اوس بی بی کو کہین بھیجدیا تھا اور خیال ہر روز دربار شاہی فرزند علی اپنے بھتیجے کے ہاتھ مولوی رجب علیخان مہتمم اخبار سرکار کے پاس ہر سہ صباح جرنل فوج کے ملاحظہ کو بھیجا کرتے تھے اور دیہات اپنی پور اور نواب کنج پرست متعلق زمینداری اپنی وطن قدیم عقب پہاڑی سے غلہ رسد وغیرہ ضروریات محاصرین سرکار کو بھیجا کرتے تھے

جب فوج سرکار داخل شہر ہوئی یہ ایک دن پیشتر شہر سے نکلکر برف خانہ مین جاکر ٹھہرے تھے
بعد امان سرکار حسب الطلب ہڈسن صاحب کے پاس حاضر ہوے لاکھہ روپیہ کا نوٹ دیا
جب اجازت صاحب نے دی مع اپنے عیال واقربا روانہ برست ہوے اور جو شخص روسا
شہر سے شریک باغیون کے نہ تھا انکی اجازت سے داخل انکے قافلہ کے ہوا اور جو محتاج
سواری و خرچ کا تھا اوس سے کچھ دریغ نہ کیا اور بالمینان کلی اپنی حمایت اور سفارش سے نکالدیا
اور یہ سب زن و مرد قریب دس ہزار کے جمع ہو گئے تھے اور خود شہر مین جاکر رہے لیکن
انکی عیال عالیہ بیگم صاحبہ اور امراؤ بیگم صاحبہ سابق مع اپنے ہمراہیون کے برست مین رہے
باقی جتنا قافلہ جمع ہوگیا تھا ہر طرف کو چلا بعد دو تین دن کے میر حامد علیخان کے تعاقب
آئے مولوی کرنال چلے گئے ۔

۱۹ صفر ۱۲۷۴ھ مطابق ۱۸۵۸ء قبل از نماز صبح رچرڈ صاحب کلکٹر کرنال دو سو
سوار سے آئے میر حامد علیخان کا گھر گھر لیا اور جتنا مال اسباب دولت تھی تقریبًا ۹ لاکھ روپیہ
کی سب لوٹ لیے یہان تک کہ عورات کے سر سے چادر بھی نچھوڑی چنانچہ ایک شخص باغی
جو شریک اس لوٹ کے تھا پانی پت مین وقت تلاشی خانہ ایک مالہ مروارید اور ایک گھنگھرو نکلا
جسکی قیمت ارض بازار اسی ہزار روپیہ تجویز ہوئی تھی فی الحقیقت واقعکار اصل بنیاد اس
دولت واسباب کی خوب جانتے ہین کہ یہ سب مال سرکار شاہ اودھ تھا کسواسطے کہ اصل حقیقت
اعتماد الدولہ میر فضل علیخان اور میر حامد علیخان کی معلوم ہے اور یہ مجموع ثروت مال دنیا فقط
۹ مہینے کی وزارت سے حاصل ہوئی تھی خلاصہ بعد اسکے میر حامد علیخان میر نواب عباس مرزا یوسف
مرزا محمد وزیر مرزا اور ۲۲ ملازمین کو قید کرکے پیادہ کرنال لیگئے وہان سے شکرم پر سوار کرکے دلی
بھیجا اور باقی عورات کو زندان دلمن مین رہنے دیا کہتے ہین کہ یہ سب مصائب الام روحانی اور
گرفتاری بلاہاے آسمانی فقط سازش و حمایت ہڈسن صاحب کمنڈر فوج کی جہت سے ہوئی کہ سندرس
صاحب کمشنر دلی سے اور صاحب سے کچھ بغض باطنی ہوگیا تھا اور بعد فتح دہلی جب ہڈسن صاحب شریک محرک
عالم باغ لکھنؤ ہوے جسدن دلکشا سے دھاوا کرکے حضرت گنج کو جاتے تھے کنار سڑک گئے انکی قبر
عالم باغ مین ہے اس حیثیت سے یہ وسیلہ ظاہری سید صوف منقطع ہوچکا تھا غرض بہت دنون تک قید

رہے دو آنہ یومیہ خوراکی سکو ملتی رہی عورات بنی فاطمہ محتاج نان شبینہ موہین موسم سرما مین کہین سے ایک قنات کہنہ میسر ہوگئی تھی اوسکے ٹکڑے کرکے سکو بجائے لحاف و رضائی ہوئی تھی بعدہ مرور سخت ایام سب قید سے چھوٹے اوسکے بعد سید موصوف سے انتقال کیا خانہ فقیر سے خانہ وزیر آباد ہوکر پھر خانہ فقیر ہوگیا وگرنہ مدت عمر تک انکی بامارت بسر ہوتی فاعتبروا۔

اطراف دنواح دہلی مین قوم بھوات اور گوجر نے اس بلوے مین فرصت وقت پاکر موافق دستور زمان قدیم راہزنی اختیار کی تھی تلا رام جاٹ انکا سرگروہ تھا خلاصہ ہر ایک باغی اپنی سزائے کردار کو پہونچا۔

احوال فیروز شاہ شاہزادہ

یہ بیٹے مرزا ناظم بخت نواسے فرخ سیر بادشاہ دہلی کے ہین انکا احوال یہ ہے کہ قبل از معرکہ ہندوستان روانہ حج بیت اللہ ہوئے تھے وقت مراجعت جب اندور پہونچے خبر ہنگامۂ فساد سنکر وہین ٹھہرے جب حکم سرکار انکی گرفتاری و قتل کا پہونچا بھاگ کر گوالیار آگئے راہ مین کنپ مرار ملا طالب انکی ہمراہی کے ہوئے اونھون نے جواب صاف دیا بعدہ اسکے عملداری دھولپور بن پہونچے وہان کے تحصیلدار سے لاکھ روپیہ لیا جب خبر شکست دہلی سنی عازم اکبرآباد ہوئے اور اپنی جمعیت قلیل سے کئی سو مرد ولایتی کو ہی جنھون نے رجواڑے کی نوکری چھوڑ بہ نیت جہاد ایمانی اور طمع محاصل دنیا رفاقت انکی اختیار کی تھی محاصرہ آگرہ کیا ایکدن خبگ و جدال مین گذرا آخر نوبت بشمشیر پہونچی پھر کچھ بن نہ پڑا ساری فوج مجاہدین بھاگی ہرچند صاحبان عالیشان پہلے سے قلعہ مین جاکر رہے تھے تھوڑی سی فوج سے انکا سامنا کیا تھا مگر آتش افروزی اور بربادی غرباے شہر کو بہت تھی خلاصہ وہان سے اوسی جمعیت قلیل سے میوات پہونچے وہان سے شیخ فضل علی رسالدار رجب کی معیت اور جنرل عبدالصمد خان کے ساتھ ہوکر فرخ آباد شاہجہانپور ہوتے ہوئے داخل لکھنؤ ہوئے یہان انکا بہت احترام کیا گیا پہلے سلطان بہو صاحبہ کے مکان مین بسبب قرابت کے اترے پھر دوسرے مکان مین گئے جب فوج باغی لکھنؤ سے بھاگی شاہزادہ سرسمیہ ہو جمعیت قلیل اور ایک توپ سے بریلی پہونچے خان بہادر رئیس بریلی نے اجازت شہر ندی مراد آباد گئے وہان

کا ناظم چچا خان بہادر خان کا تھا اودھ سے کہلا بھیجا بہتر ہے کہ یہاں سے چلے جاؤ شاہزادے نے عذر دستگی
راہ کیا اور کہا ہم افطار روزہ مبارک کرکے کل نجیب آباد چلے جائینگے آج یہاں رہنے دو
قبول نکیا ایک پلٹن رسالہ توپین بھیجدین مقابل انکے خیمے کے توپین لگادین مولوی
احمد اللہ خان ساکن نبگالہ رفیق خاص کیا گولا اندازون کو سب طرحسے سمجھا کر ترغیب جہاد دیا انہنے
دی جب شاہزادے نے توپونکو دیکھا اپنے ساتھ کی توپ کو آگ دی مولوی صاحب اوسوقت بھاگ
گئے یہ کہتے ہوے کہ تمھارا بچنا مشکل ہے فوج آپہونچی تمسے بھی جہان تک بھاگا جائے چلے جاؤ گولہ
انداز مولوی صاحب کے اس فسون سے بے سر ہو گئے توپون کو چھوڑ کر بھاگ گئے رسالدار و
پلٹن بھی اونکے ساتھ چلی گئی شاہزادے کے ہمراہیون نے جاکر تین ہاتھی ایک چاندی کے حوضے
۱۶ میگزین دو ہزار روپیہ نقد لے آئے اور باقی لشکر کا اسباب انکے ساتھیون نے لیا شہر مین
اپنی منادی کی اور نگاہداشت فوج شروع کی قصاب جولاہے اسیطرح فرقہ خاص کے قریب
دو ہزار کے جمع ہو گئے - دو دن تک یہ حکومت ناپائدار رہی چوتھے دن ۷ ہزار فوج رام پور
کا ظلم علیخان بھائی نواب یوسف علیخان بہادر کے لیکر آئے کچھ لڑائی ہوئی فتحیاب ہوے پانچوین
دن کچھ فوج سنبھل سے ملازم رام پور آئی تھی مجاہدین کی نمایش سے توپین چھوڑ کر بھاگ گئی چھٹے
دن فوج انگریزی نجیب آباد رام پور سے پہونچی تینون نے شہر کے کوٹھون پر چڑھکر ڈھیلے پتھر
مارنا شروع کیا تمام دن اسی حال مین گذرا شام کو قصاب جولاہے بھاگ گئے شاہزادہ
اوسی اپنی جمعیت قلیل سے بریلی آیا اوسوقت خان بہادر خان نے بڑا احترام کیا اور استقبال
کرکے آپ خواصی مین بیٹھے شہر مین لے آئے اس عرصے مین فوج انگریزی تین طرف سے بریلی
خان موصوف نے تکلیف انتظام لڑائی کی دی شاہزادے نے قبول نہ کیا جب یہ خبر پہونچی کہ کل
معرکہ لڑائی درپیش ہوگا رانا راو پیشوا نواب تفضل حسین خان رئیس فرخ آباد رات کو روانہ
خیر آباد متعلقہ نظامت اودھ ہو گئے خان بہادر خان کی مجموع فوج نامزاطین دونون سردار دن
کے ساتھ روانہ ہوئی اور راہ چوڑے کی لی صبح کو شاہزادے کا مقابلہ فوج انگریزی سے ہوا نجیبہ کے
پل پر اسطرف کے کہتے ہین جب توپ تلوار پہونچی طرفین سے بندوق بند ہو گئی جب تلوار
و سنگین چلنے لگی جب شام ہو گئی اور خبر پہونچی کہ خان بہادر خان مع اپنے عیال سیدھے

پیلی بھیت کو گئے پھر انکے قدم نہ ٹھہر سکے گھبرا کر شاہجہانپور آکر شریک معرکہ احمد اللہ شاہ ہوئے فوج صاحبان عالیشان داخل شہر ہوئی قتل و غارت شروع ہوا رعایا غریب سب طرف بھاگی جو جہاں ملا مارا گیا حکیم محمد حسن خان اجل گرفتہ پوتے نواب محبت خان کے اس ہنگامہ مین مارے گئے انکا افسوس سب کو ہوا جب شکست شاہجہان پور کی ہوئی شاہزادہ داخل محمدی ہوا یہان شاہ صاحب کی کم سپاہ نے مدعی سلطنت ہفت کشور ہوکر اپنا سکہ جاری کیا تھا ؎

سکہ زد بر ہفت کشور خادم محراب شاہ	حامی دین محمد احمد اللہ بادشاہ

اور نشہ غرور سخوت جو دماغ مین سما گیا تھا شاہزادے سے بھی طالب بیعت و فرمانبرداری مثل اور خادمون کے ہوا شاہزادہ اونکی اس حرکت ناپسندیدہ سے خفا ہوکر سندیلے مین آیا تھانہ سرکاری کو لوٹ کر اپنا تسلط کیا اور اکثر اضلاع تھانجات بالگرامو یصفی پور وغیرہ کو لوٹا غارت کیا پرسات بھر اسی ردوادش مین گذرا جب سندیلے سے شکست کھائی خیرآباد آئے وہان کے ناظم ہرسہائے کو مولوی محمد ناظم بسوا باڑی کو واسطے مدد راجہ گلاب سنگھ راجہ پرتاپ بھیجا اور خود خان علیخان ناظم کل خیرآباد کے پاس چلا گیا غرض اسیطرح ہر ضلع و مقام مین آگ لگاتے گذرے اور فوج سرکار سے بھی مقابلہ کیا مگر کہین پاے ثبات نہ ہا محمود آباد مین آیا وہان رنگ فوج باغی و نامردی کا دیکھکر مستعفی ہوا سب افسرون کو جمع کیا کہا مین نے تن بمرگ دیا ہی جسے مرنا ہو میرا ساتھ دے دگر نہ اختیار رکتا ہی چلا جاتے کہتے ہین کہ اوسدن شاہزادے پر فاقہ گذرا تھا آخر ۴۰ سو سوار رجمنٹ ۱۲ مع ظریف خان رسالدار اور ڈاکر وزیر خان باقی سوار ضبگی متفرق قریب ہزار آدمی کے توپ جمع ہوکر روانہ باڑی ہوا باقی فوج از راہ نامردی رفاقت خان علیخان مین رہ گئی۔

جرنل اسمیل خان قاضی عنایت علیخان برگنڈیر چند سوار باغی سے اطاعت سرکار دولتمدار انگریزی اخبار کے اور بموجب اشتہار امان جناب ملکہ معظمہ خاصر حضور کمنڈر فوج ہوے اور بعد پانے امان کے اپنے اسلحہ حرب سپرد سرکار کرکے اپنے وطن چلے گئے۔

شاہزادہ باڑی سے سیدھا میدان ہوکر بسلامت کنارہ دریاے گنگ پہونچا اور فوج سرکار نے بھی تعاقب نہ کیا وگرنہ کیا عجب ہے گھاٹ تک پہونچنا مشکل پڑتا اتفاقاً کشتیان غلہ کی فرخ آباد سے آکر گھاٹ پر تھین اونکا غلہ خالی کروا کے مع اپنے ہمراہی بلبور کے گھاٹ سے بسلامت پار اتر گیا

ملاحون کو دو سو روپے انعام دیے پھر فوج مکن پور درگاہ مدار و حوالی آنا وا وغیرہ لوٹتی ہوئی شیر پور کے گھاٹ دریاے جمن سے اوتر گیا راہ مین اکثر مقام پر لڑائی بھی ہوئی خوب بہادری سے لڑا اور بسلامت نکلا چلا گیا کئی برس تک حوالی جنگل جے پور بیکانیر یا دامن کوہسار دکن مین سرگردان رہا وہان قوم بھیل بھی شریک ہوگئی آخرکار اٹک دریا اوتر کابل کی ہوکر داخل ملک ایران ہوا وہان سے رہبری پاکر داخل ملک روسا ہوا۔ کہتے ہین کہ وہان اپنی جماعت قلیل سے بخوبی بسر کرتے ہین وہان سلطنت سے بجہت ناموری کچھ کفالت ہوتی تھی باقی ارادے سب خواب خیال ہوگئے ہین انکی اولوالعزمی و شجاعت سرکار پر ثابت کیا عجب تھا اگر بہشتی اونکے واسطے کچھ کفالت ہوجاتی رہتی جسطرح زمان ماضیہ مین لارڈ مائرا صاحب نے صاحبان اولی العزم کو کچھ ملک حکومت بسر اوقات کیواسطے دیکر سرکا کونیکنام کیا مثل نواب امیر خان ہولکر وغیرہ مگر یہ کہیے کہ وہ زمانہ اور تھا۔ حکام کی نیت بخیر تھی اب اور صورت ہے۔ آئندہ دیکھا چاہیے۔

واللہ علی کل شئ قدیر

اجمالا معترضہ ریاست و حکومت نواب برہان الملک مین جسقدر خزانے مین روپیہ جمع تھا دونادرشاہ کو دو کرور دیا گیا جس سے قیام و استقلال صوبہ داری ہوا۔

۲۔ زمان نواب صفدر جنگ مین اگر نواب بیگم صاحبہ کچھ اعانت نہ کرتین صوبہ اودھ مین کیونکر آنا ہوتا۔

۳۔ زمان نواب شجاع الدولہ قحط زر تھا اگر نواب بہو بیگم صاحبہ اعانت نہ کرتین چالیس لاکھ گورنمنٹ کو کہان سے دیے جاتے۔

۴۔ زمان نواب آصف الدولہ نائب عملہ سرکار رکھاتا تھا مگر بہ نمک حلالی سرکار کو نہ نگاڑتا تھا۔

۵۔ زمان مستعار نواب وزیر علیخان کچھ گھر سے اوٹھا۔

۶۔ زمان نواب سعادت علیخان تا مدت سند نشینی سے ۴ کرور اس نصف ملک کی تقسیم سے جمع ہوے اگر دوسرا نصف بھی رہتا غالب کہ اس سے زیادہ جمع ہوتے سوا ے محاصلات عملہ سرکار کے۔

۷ ۔ زمان حضرت خلد مکان مین وہی خزانہ صرف ہونے لگا مگر دس کرور باقی رہ گئے تھے
۸ ۔ زمان حضرت خلد منزل مین صفائی خزانہ سابق و محاصل حال ملک بالکل ہوگئی نائبان و عملہ سرکار نے کھایا مگر بہت نمک حرامی سے گھر کو بگاڑا ۔
۹ ۔ منا جان دو ساعت نجومی بیٹھے ۔
۱۰ ۔ حضرت فردوس منزل نے ایک انتظام و ضبط سلطنت کیا مگر بحال خبر رسی ۔
۱۱ ۔ عہد حضرت جنت مکان مین وہی اندوختہ سلطنت تھا جو بہت خبر رسی سے صرف کیا گیا اور کچھ رہ گیا ۔
۱۲ ۔ حضرت سلطان عالم کی سلطنت مین بالکل صفائی بلکہ خزانہ خالی ہوگیا فقط

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنۃ کہ جلد دوم کتاب نادر العصر موسوم بہ سوانح سلاطین اودھ حسبین مسلسل حالات جزو کل حضرت سلطان عالم واجد علی شاہ خلد آرامگاہ بادشاہ اودھ مع حالات غدر و دیگر سوانح زمانہ مسطور ہین اور ہر ایک امیر شاہی کی تصویر اسکے احوال کے ساتھ نصب ہے، ایسی نادر تاریخ آج تک نہین ہوئی جو سالہا سال کی مشقت مین مستجمع کمالات صوری و معنوی سید کمال الدین حیدر صاحب الحسنی الحسینی المشہدی طوس طبسی المعروف بہ سید محمد میرزا ئر صاحب نے حسب ایمای صاحب والا شان ہنری ایلیٹ صاحب بہادر سکرٹری اعظم گورنر جنرل کشور ہند کے بڑی تحقیقات سے تالیف و تدوین فرمائی چنانچہ سابق ازین یہ کتاب موصوف بہ تصحیح حضرت مصنف حسب ارشاد فیض بنیاد گردون جناب جناب ہز اکسلنسی مہاراجہ دبگجے سنگھ صاحب بہادر کے سی ایس آئی والی ریاست بلرام پور و تلسی پور وغیرہ دو بار مطبع منشی نول کشور صاحب موسوم بہ اودھ اخبار واقع بلدۂ لکھنؤ مین حلیہ طبع سے محلّی ہوئی اور اب باصرار شائقین مطبع منشی نول کشور واقع کانپور مین بسرپرستی سعلی القاب عالیجناب منشی پراگ نرائن صاحب بھارگو مالک مطابع دام اقبالہ بار سوم کہ حقیقت مین بار اول ہی ہے ماہ نومبر ۱۸۷۸ء بصد حسن و خوبی زیور طبع سے آراستہ ہوئی

تاریخ طبع از مؤرخ کامل منشی بھگوان دیال صاحب عاقل ایجنٹ مطبع ہذا

تاریخ سلاطین اودھ طبع چو گردید	درخواست خریداری او گشت ز ہر جا
عاقل بنوشتم زپئ سالِ نسیمی	تاریخ سلاطینِ اودھ ہست چہ اولیٰ
	۱۹۰۰

تاریخ طبع از ابو ناظم مولنا محمد حامد علی خان صاحب حامد شاہ آبادی مصحح مطبع ہذا

اودھ مین جو گذرے ہین نواب نامی	انھین سب کی کیفیت اس مین ہے لکھی
مؤلف نے تقسیم دو جلد مین کی	کہ اک دوسری جلد ہے ایک پہلی
چھپی بھی یہ اس مطبع نامور مین	ہر اقلیم مین دھوم ہے جسکی گیاہی
ہوا طبع کے سال کا مجھسے فرمان	دم فکر حامد بفضلِ الٰہی
لکھا مین نے یون مصرعۂ سالِ ہجری	اودھ کی یہ تاریخ چھاپی ہے اچھی
	۱۳۲۵

التماس اس کتاب کے دونون جلدین مطبع منشی نولکشور لکھنؤ مین زیادہ صحت کے ساتھ چھپین اور اب دوسری مرتبہ دو جلد مطبع ہذا مین چھپین امید ہے کہ ناظرین دونون مطبع مین سے جو چاہین منگا لین قیمت دونون جلد کی ۱۲ روپیہ ہے محصول ڈاک علاحدہ پڑیگا ۱۲